اشعۃ اللمعات

شرح مشکوٰۃ

تصنیف منیف

عارف باللہ شیخ محقق حضرت مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اردو ترجمہ و حواشی

حضرت علامہ مولانا محمد سعید احمد نقشبندی مدظلہ العالی

ناشر

فرید بک سٹال

اردو بازار

لاہور

مَا آتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَہٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَہُوْا صَدَقَ اللّٰہُ الْعَظِیْم

جو کچھ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمہیں دیں
اُسے لے لو اور جس سے منع کریں اس سے باز رہو (القرآن الحکیم)

جلد پنجم

اشعۃ اللمعات

شرح مشکوٰۃ

تصنیف منیف :-

عارف باللہ شیخ محقق حضرت مولانا شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ

اردو ترجمہ و حواشی

علامہ محمد عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی

جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور

ناشر

فرید بک سٹال ۳۸۔ اردو بازار ◎ لاہور (پاکستان)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کتاب : اشعۃ اللمعات اردو ترجمہ و شرح مشکوٰۃ شریف
شارح : شیخ محقق حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ
ترجمہ حواشی و تعارف شارح : محمد عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی
ناشر : فرید بک سٹال ۳۸ / اردو بازار لاہور
کتابت : محمد نعیم خوشنویس، حضرت کیلیانوالہ ضلع گوجرانوالہ
پروف ریڈنگ : مولانا حافظ محمد شاہد اقبال
مطبع : رومی پرنٹرز ۱۰/۲۲ ریٹی گن روڈ، ہجویری پارک لاہور
سال اشاعت : یکم جنوری ۱۹۹۳ء
تعداد : ایک ہزار
ہدیہ : -/۲۲۵ روپے

ملنے کا پتہ

فرید بک سٹال ۳۸ اردو بازار لاہور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فہرست

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر	حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	حرفِ آغاز	٥١		زیارتِ قبور	٦٨
	شیخ عبدالحق محدث دہلوی	٥٣		زیارت روضۂ انور	٦٩
	حیاتِ مبارکہ	٥٤		توسل اور استعانت	"
	تحصیلِ علوم	٥٥		شفاعت	٧٠
	بیعت و خلافت	٥٧		محفل میلاد	"
	تصانیف	"		ایصالِ ثواب	٧١
	شیخ محقق علیہ الرحمۃ کا وصال	٥٩		عرس	"
	شیخ محقق کی دینی اور علمی خدمات	"		مزارات پر گنبد اور عمارات بنانا	٧٢
	علم حدیث کی تشریح اور ترویج	٦١		قادریت	"
	عقائد	٦٣		مسلک	"
	علم مصطفےٰ	٦٥		کتاب	٧٥
				جہاد کا بیان	"
	اختیار و تصرف	"		جہاد کی تعریف	"
	حاضر و ناظر	٦٦		پہلی فصل	٧٦
	جسم بے سایہ	٦٧	١١ ٣٦	مجاہدین فی سبیل اللہ کے لیے جنت	"
	دیدار الٰہی	"		غازی اور روزے دار جنت میں	"
	حیات انبیاء کرام و اولیاء عظام	٦٨		عرش کی اضافت رحمٰن کی طرف	٧٧
	سماع موتی	"		لفظ فردوس کا معنیٰ	"

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
٣٦١٢	مجاہد کی مثال روزہ دار و شب بیدار کی سی ہے	٧٧
	مجاہد کا کھانا پینا، سونا عبادت ہے۔	//
٣٦١٣	مجاہد کے لیے اللہ تعالیٰ کی ضمانت۔	//
	مجاہد کو دنیا میں غنیمت اور آخرت میں ثواب ملتا ہے۔	٧٨
	مجاہد سب سے پہلے جنت میں داخل ہوگا۔	//
٣٦١٤	شہید راہ خدا میں بار بار قتل ہونے کی تمنا کرے گا۔	//
٣٦١٥	مجاہد کا اسلامی سرحد پر پہرہ دینا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے۔	٧٩
	حضرت سہل بن سعد مدینہ طیبہ میں وصال فرمانے والے آخری صحابی ہیں۔	//
	رباط کا معنی	//
٣٦١٦	راہ خدا میں صبح و شام چلنا دنیا و مافیہا سے بہتر	//
	غدوۃ اور روحۃ کا معنی۔	٨٠
٣٦١٧	راہ خدا میں ایک دن گھوڑا باندھنا مہینے کے روزوں اور رات کی نمازوں سے بہتر ہے۔	//
٣٦١٨	مجاہد فی سبیل اللہ کو آگ نہیں چھوئے گی۔	//
	حضرت ابو عبس انصاری صحابی کا تذکرہ	//
	جہاد سے مراد حج، علم اور کسب حلال کی کوشش بھی ہے۔	٨١
٣٦١٩	کافر اور اس کا قاتل کبھی بھی آگ میں جمع نہیں ہوں گے	//
	جہاد اور مجاہد کی فضیلت	//
٣٦٢٠	لوگوں میں بہترین شخص مجاہد فی سبیل اللہ ہے۔	//
	ہیعۃ اور فزعۃ کا معنی	٨٢
٣٦٢٠	دشمن کے خلاف جہاد اور نفس و شیطان کے مقابلہ کے لیے مجاہدہ کا لفظ بولا جاتا ہے۔	٨٢
٣٦٢١	مجاہد کی مدد کرنے والا بھی مجاہد ہے۔	//
	حضرت زید بن خالد صحابی کا تذکرہ	//
٣٦٢٢	مجاہدین کی بیویوں کی فضیلت و حرمت۔	٨٣
	مجاہدین کی بیویوں کے ساتھ خیانت کرنے والے کا عمل۔	//
٣٦٢٣	راہ خدا میں ایک اونٹنی دینے والے کے لیے سات سو اونٹنیاں ہوں گی۔	٨٤
	خطام کا معنی	//
٣٦٢٤	مجاہد اور اس کا خلیفہ ثواب میں برابر ہیں۔	//
٣٦٢٥	جہاد قیامت تک کے لیے ہے۔	٨٥
	حضرت جابر بن سمرہ حضرت سعد بن ابی وقاص کے بھانجے تھے۔	//
٣٦٢٦	قیامت کے دن مجاہدین کے خون سے کستوری کی خوشبو پیدا ہوگی۔	//
	ثعب اور شعب کا معنی۔	٨٦
٣٦٢٧	شہید قیامت کے دن دنیا میں بار بار واپس جانے کی تمنا کرے گا۔	//
٣٦٢٨	راہ خدا کے شہید زندہ ہیں اور رزق پاتے ہیں۔	//
	حضرت مسروق تابعی کا تذکرہ۔	٨٧
	شہدا دوسری بار شہید ہوں تو کیا دگنا ہی ثواب پائیں گے؟	٨٨

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	شہداء کی روحیں جنتی پرندوں کے پوٹوں میں ہیں کا مطلب	۸۸
	عقیدۂ تناسخ کا رد۔	۸۹
	شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا قول کہ پرندوں کے اجسام انسانی اوصاف رکھتے ہیں۔	″
۳۶۲۹	جہاد فی سبیل اللہ اور اللہ تعالیٰ پر ایمان افضل ترین اعمال ہیں۔	۹۱
	راہ خدا میں جہاد۔	″
	ہر چیز کا کفارہ ہے سوائے حقوق العباد اور قرض کے۔	″
۳۶۳۰	راہ خدا میں جانا قرض کے علاوہ ہر چیز کا کفارہ ہے۔	″
	امام سیوطی کا قول کہ سمندر کے شہداء اس سے مستثنیٰ ہیں۔	″
۳۶۳۱	قاتل اور مقتول پر اللہ تعالیٰ ہنستا ہے۔	″
۳۶۳۲	طالب شہادت، شہداء کے مراتب تک پہنچتا ہے۔	۹۲
	حضرت سہل بن حنیف انصاری صحابی کا تذکرہ۔	″
۳۶۳۳	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا خبر غیب دینا کہ حارثہ فردوس اعلیٰ میں ہے۔	۹۳
	حضرت ربیع بنت براء صحابیہ کا تذکرہ۔	″
	اشعۃ اللمعات کی عبارت۔	″
	صحابہ کا عقیدہ کہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم غیب جانتے ہیں۔	۹۴

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	فردوس اعلیٰ اور اوسط جنت۔	۹۴
۳۶۳۴	صحابی رسول نے شوق شہادت میں کھجوریں کھانا ترک کر دیں۔	″
	جنت کی وسعت اور فراخی کی مثال۔	۹۵
	حضرت عمیر انصاری صحابی کا تذکرہ۔	″
	صحابہ کا شوق شہادت حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے۔	۹۶
۳۶۳۵	شہداء کی اقسام۔	″
۳۶۳۶	بڑے اور چھوٹے لشکر۔	۹۷
	سریہ اور غزوہ میں فرق۔	″
	غنیمت حاصل کرنے والے مجاہد اور نہ حاصل کرنے والے مجاہد کے ثواب میں فرق۔	″
۳۶۳۷	جہاد کی طلب نہ کرنے والا منافقت کی موت مرے گا۔	۹۸
	منافقین جہاد سے پیچھے رہ جاتے ہیں	″
۳۶۳۸	مجاہد وہی کہلائے گا جو خالصتاً اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے جہاد کرے۔	″
۳۶۳۹	طالب جہاد عذر کی بناء پر جہاد میں شریک نہ ہو تو بھی مستحق ثواب ہے۔	۹۹
	غزوۂ تبوک حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری غزوہ۔	″
۳۶۴۰	خدمت والدین جہاد سے افضل ہے۔	۱۰۰
	والدین کی خدمت نفلی عبادات سے افضل ہے بخلاف فرائض نماز، روزہ، حج و زکوٰۃ کے۔	″

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
٣٦٤١	جہاد کے لیے نکلنے کا حکم۔	١٠١
	فتح مکہ سے قبل ہجرت فرض تھی۔	//
	جہاد، دار کفر اور فتنہ سے فرار۔	//
	طلب علم یا مساجد ثلثہ کی زیارت کے لیے نکلنا فرض کفایہ یا مستحب ہے	//
	دوسری فصل	//
٣٦٤٢	میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ جہاد کے ذریعے لوگوں پر غالب رہے گا۔	//
	حضرت عیسیٰ علیہ السلام آخری فرد دجال سے جہاد کرنے والے ہوں گے۔	١٠٢
٣٦٤٣	مجاہد کی اعانت نہ کرنے والے کے ساتھ حادثہ۔	//
٣٦٤٤	مال، جان اور زبان کے ساتھ جہاد کا حکم۔	//
	بتوں کی مذمت اور کافروں کو برا بھلا کہو۔	١٠٣
٣٦٤٥	سلام پھیلاؤ، کھانا کھلاؤ اور سروں پر تلوار مارو۔	//
٣٦٤٦	سرحد اسلام کی حفاظت کے لیے بیٹھنے والے کا عمل قیامت تک بڑھتا رہتا ہے۔	//
	حضرت فضالہ بن عبید انصاری صحابی کا تذکرہ۔	١٠٤
٣٦٤٧	بکری کا دودھ دوہنے کے وقت کی مقدار میں جہاد کرنے والے کے لیے جنت واجب ہے۔	//
	حدیث کا مطلب و مفہوم۔	١٠٥
٣٦٤٨	راہ خدا میں خرچ کرنے والے کے لیے سات سو گنا ثواب ہے۔	//
	حضرت خریم بن فاتک صحابی کا تذکرہ۔	١٠٦
	کم از کم ثواب دس گنا ملتا ہے زیادہ کی حد نہیں۔	//

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
٣٦٤٩	بہترین صدقہ راہ خدا میں خیمے کا سایہ ہے۔	١٠٦
٣٦٥٠	خوف خدا میں رونے والا دوزخ میں داخل نہ ہوگا۔	١٠٧
	شُحّ، شحیح اور بخل میں فرق۔	١٠٨
٣٦٥١	دو آنکھوں کو آگ نہیں چھوئے گی۔	//
٣٦٥٢	اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد ستر سال نماز پڑھنے سے افضل ہے۔	//
	گوشہ نشینی کی نسبت لوگوں میں رہنا افضل ہے۔	١٠٩
٣٦٥٣	ایک دن کفر کی سرحد پر رہنا ہزار دن کی عبادت سے بہتر ہے۔	//
٣٦٥٤	تین شخص جنت میں سب سے پہلے داخل ہوں گے۔	١١٠
	عفت اور عفیف کا معنیٰ۔	//
٣٦٥٥	افضل عمل کون کون سے ہیں؟	//
	حضرت عبداللہ بن حبشی صحابی کا تذکرہ۔	١١١
	ہجرت کسے کہتے ہیں!	١١١
	اللہ کی راہ میں اپنی جان مال اور ساز و سامان سے جہاد۔	١١٢
	ایمان شک کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتا۔	//
	افضل اعمال کی احادیث میں تطبیق۔	//
٣٦٥٦	شہید کے لیے اللہ تعالیٰ کے ہاں چھ فضیلتیں ہیں۔	//
	"دُفعۃ" اور "دَفعۃ" کا معنیٰ۔	١١٣

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	بہشتی عورتوں کا نام حور ہے۔	۱۱۳
۳۶۵۷	جہاد کے زخم کے بغیر اللہ تعالیٰ سے ملنے والے۔	″
۳۶۵۸	شہید کو بوقت شہادت چیونٹی کے کاٹنے جتنی تکلیف ہوتی ہے۔	۱۱۴
۳۶۵۹	شہید کا خون اور خوفِ خدا میں بہنے والے آنسو اللہ تعالیٰ کو پسند ہیں۔	″
۳۶۶۰	حج، عمرہ اور جہاد کے علاوہ دریائی سفر کی ممانعت۔	۱۱۵
۳۶۶۱	دریا میں ڈوبنے والے کے لیے دو شہیدوں کا اجر۔	۱۱۶
	بعض فقہاء کا دریائی سفر سے منع کرنا۔	″
	حضرت عمر فاروق نے دریائی سفر کی ممانعت کے قول سے رجوع فرمایا۔	۱۱۷
۳۶۶۲	شہید کی قسمیں۔	۱۱۸
۳۶۶۳	مجاہد کا جہاد سے واپس آنا بھی جہاد ہی ہے۔	″
	قفل اور قافلہ کا معنی۔	″
۳۶۶۴	غازی کی امداد کرنے والے کے لیے دوہرا ثواب۔	۱۱۹
۳۶۶۵	معاوضہ لے کر جہاد کرنا۔	″
۳۶۶۶	معاوضہ لے کر جہاد کرنے والے کے لیے دنیا و آخرت میں کوئی ثواب نہیں۔	۱۲۰
	حضرت یعلیٰ صحابیٔ رسول کا تذکرہ۔	۱۲۱
۳۶۶۷	دنیا کے مال و متاع کا طلبگار مجاہد ثواب سے	

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	محروم ہے۔	۱۲۱
۳۶۶۸	جہاد کی دو قسمیں۔	″
۳۶۶۹	صبر اور امید اجر کے ساتھ جہاد کرنا۔	۱۲۲
۳۶۷۰	تعمیل حکم کرنے والے کو مقرر کرنا چاہیے۔	۱۲۳
	تیسری فصل	۱۲۴
۳۶۷۱	جنگ کی صف میں کھڑا ہونا ساٹھ سال کی نماز سے بہتر ہے۔	″
	حَنِیفَۃ اور مُسَامِحَۃ کا معنی۔	۱۲۵
	جہاد کو صدقہ پر فضیلت ہے۔	″
۳۶۷۲	جہاد میں دنیا کی معمولی چیز کے حصول کا ارادہ کرنے سے بھی ثواب نہیں ملتا۔	″
۳۶۷۳	مجاہد کو جنت میں سو درجات ملیں گے ہر دو کے درمیان زمین و آسمان جتنا فاصلہ ہوگا۔	۱۲۶
۳۶۷۴	جنت تلواروں کے سائے کے نیچے ہے۔	۱۲۷
۳۶۷۵	شہیدوں کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں۔	″
۳۶۷۶	مومن دنیا میں تین قسم کے ہیں۔	۱۲۸
۳۶۷۷	شہید کے علاوہ کوئی جان بھی دنیا میں آنے کا ارادہ نہیں کرے گی۔	۱۲۹
	اُدن اور رابیٹوں سے مراد شہری اور دیہاتی ہیں۔	۱۳۰
۳۶۷۸	نبی، شہید اور چھوٹا بچہ جنت میں ہیں۔	″
	زندہ درگور بچیاں جنتی ہیں۔	۱۳۱

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
٢٦٧٩	مجاہد کے لیے ہر درہم کے بدلے سات ہزار درہم کا ثواب ہے۔	١٣١
	بعض روایات میں سات لاکھ درہم بھی آیا ہے۔	١٣٢
٢٦٨٠	شہید چار قسم کے ہیں۔	//
	عمامہ کے علاوہ سر پر ٹوپی پہننے کا ثبوت۔	١٣٣
٢٦٨١	انبیاء کرام کو شہید پر درجۂ نبوت میں فضیلت ہے۔	١٣٤
	حضرت عتبہ بن عبد السلمی صحابی کا تذکرہ۔	١٣٥
	مُمتَحَن کا معنی۔	//
	مرتبۂ نبوت کے علاوہ تمام مراتب و کمالات شہداء کو حاصل ہوں گے۔	١٣٦
	مُمَصمَصَۃٌ اور مُصَفَّقَۃٌ کا معنی۔	//
٢٦٨٢	فاسق فاجر مجاہد کا جنازہ حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑھایا۔	//
	ابن عایذ صحابی رسول کا تذکرہ۔	١٣٧
	مُردوں کو اچھائی کے ساتھ یاد کرنا۔	//
	باب	١٣٨
	آلۂ جہاد کے تیار کرنے کا بیان۔	//
	پہلی فصل	//
٢٦٨٣	کافروں کے لیے قوت تیار کرنے کا حکم۔	//
	قوت تیار کرنے کے بارے میں ائمہ کے ارشادات۔	١٣٩

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
٢٦٨٤	فتح روم کی خبر۔	١٣٩
	تیر اندازی کا حکم۔	//
٢٦٨٥	تیر اندازی کو چھوڑ دینے والا ہم میں سے نہیں۔	//
٢٦٨٦	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم تیر اندازوں کے ساتھ ہیں۔	١٤٠
	حضرت سلمہ بن اکوع صحابی کا تذکرہ۔	//
٢٦٨٧	حضور اکرم سر مبارک اٹھا کر تیر نشانے پر گرتا دیکھتے۔	١٤١
	ابو طلحہ نے حنین کے دن بیس کافروں کو قتل کیا۔	//
٢٦٨٨	برکت گھوڑے کی پیشانی کے بالوں میں۔	
	برکت کا معنی۔	//
٢٦٨٩	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک انگلیاں گھوڑے کی پیشانی کے بالوں میں۔	١٤٢
٢٦٩٠	راہِ خدا میں جانے والے جانور کی خدمت کا ثواب۔	//
	گھوڑے کا کھانا پینا، پیشاب اور لید کرنے کا ثواب۔	//
٢٦٩١	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑے میں شکال کو ناپسند فرماتے تھے۔	١٤٣
	شکال کا معنی۔	//
٢٦٩٢	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گھڑ دوڑ کروائی۔	//

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	حفیاء اور ثنیۃ الوداع جگہ کے نام ہیں۔	۱۴۴
۳۶۹۳	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری سے آگے اپنی سواری کرنا صحابہ کو ناپسند تھا۔	//
	دوسری فصل	۱۴۵
۳۶۹۴	ایک تیر کے بدلے تین افراد جنت میں جائیں گے۔	//
	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حضرت سعد بن ابی وقاص کو خود تیر پکڑاتے تھے۔	۱۴۶
۳۶۹۵	مجاہد بننا اور مجاہد کی مدد کرنا اس میں بہت مرتبہ ہے۔	۱۴۷
	حضرت ابو نجیح صحابی رسول کا تذکرہ۔	//
۳۶۹۶	تیر، گھوڑے اور اونٹ کے علاوہ سبقت نہیں ہے۔	۱۴۸
	سَبَق، نَصْل اور خُفّ کا معنی۔	//
	مقابلے میں شرط لگانا جائز ہے۔	۱۴۹
۳۶۹۷	دو گھوڑوں کی دوڑ میں تیسرے کو شامل کرنا جائز ہے یا نہیں۔	//
	دو چیزوں کے مقابلے میں اگر تیسرا آدمی مقررہ شدہ چیز بطور انعام دے تو یہ جائز نہیں۔	۱۵۰
	موجودہ ریس خالصتاً جوا ہے۔	//
۳۶۹۸	گھوڑ دوڑ میں جانور کو ڈانٹ ڈپٹ کرنا ممنوع ہے۔	۱۵۱
	حضرت عمران بن حصین صحابی رسول کا تذکرہ۔	//
	جَلَب اور جَنَب کا معنی	//

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۳۶۹۹	بہترین گھوڑے کی نشانی۔	۱۵۱
	حضرت ابو قتادہ صحابی کا مختصر تذکرہ۔	۱۵۲
	اَقْرَح، اَرْثَم اور اَدْہَم کا معنی۔	//
۳۷۰۰	سرخ رنگ، سفید پیشانی اور سفید ہاتھ پاؤں والا گھوڑا پسند کرو۔	//
۳۷۰۱	سرخ اور سفید گھوڑوں میں برکت۔	۱۵۳
۳۷۰۲	گھوڑوں کی دموں، پیشانیوں اور گردنوں کے بال نہ کاٹنے کا حکم۔	//
	مَذَاب اور دِفْء کا معنی۔	//
۳۷۰۳	گھوڑوں کی پیشانیوں میں ہاتھ پھیرنا سنت ہے	۱۵۴
	اعجاز، کفال اور قلادہ کا معنی۔	//
	گھوڑوں کی گردنوں میں ہار ڈالنے کا مقصد۔	//
۳۷۰۴	گدھے کا گھوڑی کے ساتھ اختلاط ممنوع ہے۔	//
۳۷۰۵	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے خچر پر سواری فرمائی اور اس کی نسل بڑھانے سے منع فرمایا۔	۱۵۵
۳۷۰۶	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تلوار کا دستہ چاندی کا تھا۔	۱۵۶
۳۷۰۷	حضور کی تلوار کا دستہ سونے چاندی کا	//
	محدثین کی اس میں رائے۔	۱۵۷
۳۷۰۸	حضور کے بدن اقدس پر دو زرہیں۔	//
	حضرت سائب بن یزید صحابی کا تذکرہ۔	//
	اسباب کا اختیار کرنا توکل کے منافی نہیں۔	//
۳۷۰۹	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے جھنڈوں کا رنگ۔	۱۵۸
	رَایَۃ اور لِوَاء کا معنی۔	//

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
٣٧١٠	حضور کا دھاری دار چار کونوں والا جھنڈا۔	١٥٨
٣٧١١	مکہ میں داخل ہوتے وقت آپ کا جھنڈا سفید تھا۔	١٥٩
	تیسری فصل	″
٣٧١٢	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گھوڑوں کو پسند فرماتے تھے۔	″
٣٧١٣	عربی کمانوں کے ذریعے دین میں قوت پیدا ہوگی۔	″
	باب	١٦٠
	آداب سفر کا بیان۔	″
	پہلی فصل	١٦١
٣٧١٤	حضور جمعرات کو غزوہ کے لیے نکلتے۔	″
	پیر اور جمعرات کو سفر کرنے کا اختیار۔	″
	مہینے کے سات دن منحوس ہیں۔	١٦٢
٣٧١٥	رات کے وقت تنہا سفر کرنے کی ممانعت۔	″
٣٧١٦	فرشتے، کتے اور گھنٹی سے بھاگتے ہیں۔	″
	رُفقۃ کا معنی۔	١٦٣
٣٧١٧	گھنگرو شیطان کے باجے ہیں۔	″
	مزامیر کا معنی۔	″
٣٧١٨	اونٹ کے گلے میں گھنگرو لٹکانے کی ممانعت۔	″
٣٧١٩	خوشحالی اور قحط سالی میں جانور پر سفر کرنے کا حکم۔	١٦٤
٣٧٢٠	ضرورت سے زیادہ سواری اور زاد راہ خروج کردو۔	١٦٥

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
٣٧٢١	سفر سے جلد واپس گھر لوٹنے کا حکم۔	١٦٦
٣٧٢٢	اہل بیت کے بچے حضور انور کا سفر سے واپس آنے پر استقبال کرتے۔	″
	حضرت عبداللہ بن جعفر صحابی کا تذکرہ۔	١٦٧
٣٧٢٣	حضرت صفیہ حضور کے ساتھ سوار ہوئیں۔	″
٣٧٢٤	آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اہل خانہ کے پاس چاشت یا شام کے وقت آتے۔	″
٣٧٢٥	طویل غیر حاضری کی وجہ سے رات کے وقت گھر نہ آؤ۔	١٦٨
٣٧٢٦	عورتوں کے ہدایات۔	″
	اِسْتِحْدَاد، مُغِيبَة اور شَعِثَة کا معنی۔	″
٣٧٢٧	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اونٹ یا گائے ذبح کی۔	١٦٩
٣٧٢٨	حضور سفر سے واپسی پر مسجد میں دو رکعت نماز ادا فرماتے تھے۔	″
٣٧٢٩	مسجد میں دو رکعت نماز پڑھنے کا حکم۔	″
	دوسری فصل	١٧٠
٣٧٣٠	آپ صلی اللہ علیہ وسلم لشکر یا دستہ دن کے ابتدائی حصہ میں روانہ فرماتے۔	″
	حضرت صخر بن وداعہ صحابی کا تذکرہ۔	″
٣٧٣١	رات کے وقت سفر آسان ہوتا ہے۔	″
٣٧٣٢	کم از کم تین افراد سفر کے لیے روانہ ہوں۔	١٧١
٣٧٣٣	تین افراد سفر میں ایک کو امیر بنالیں۔	١٧٢
٣٧٣٤	چار ساتھیوں کو حضور نے پسند فرمایا۔	″

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	بارہ ہزار کا لشکر قلت کی بنا پر مغلوب نہیں ہوگا۔	١٧٢
٣٧٣٥	حضور دورانِ سفر کمزوروں کے پیچھے رہتے۔	١٧٣
٣٧٣٦	قافلہ والوں کو اکٹھے پڑاؤ کرنا چاہیے۔	//
	حضرت ابو ثعلبہ صحابی کا تذکرہ۔	١٧٤
٣٧٣٧	دورانِ سفر سواریوں کی قلت ہو تو کیا کرے	//
	حضرت ابو لبابہ انصاری صحابی کا تذکرہ۔	//
٣٧٣٨	جانوروں کی پشتوں پر کھڑے ہونے کی ممانعت۔	١٧٥
٣٧٣٩	کسی منزل پر پہنچ کر پہلے نوافل ادا کرنے چاہئیں۔	//
٣٧٤٠	جس کی سواری ہو وہی سوار ہونے کا زیادہ حق دار ہے۔	١٧٦
٣٧٤١	کچھ اونٹ اور کچھ گھر شیطانوں کے لیے ہوں گے۔	//
	حضرت سعید بن ابی ہند تابعی کا تذکرہ۔	١٧٧
	فخر و غرور اور دولت مندی کے اظہار کے لیے اونٹ اور گھروں کو رکھنا شیطان کو خوش رکھنا ہے۔	//
٣٧٤٢	دوسروں کے لیے جگہ تنگ کرنے کی ممانعت۔	١٧٨
٣٧٤٣	سفر سے واپسی رات کے ابتدائی حصہ میں ہو۔	//
	رات کو سفر سے جلدی آنے کی حکمت۔	١٧٩

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	تیسری فصل	١٧٩
٣٧٤٤	سفر میں رات کو سونے کے آداب۔	//
	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم دائیں پہلو پر آرام فرماتے تھے۔	//
٣٧٤٥	صبح کے وقت سفر پر روانگی کی فضیلت۔	١٨٠
	حضرت عبداللہ بن رواحہ شاعر صحابی ہیں۔	//
	جمعہ کے دن بوقت صبح سفر کا آغاز نماز جمعہ ادا کرنے سے بہتر ہے۔	//
٣٧٤٦	جس قافلے میں چیتے کی کھال ہو سفر کے فرشتے اس کے ساتھ نہیں رہتے۔	١٨١
٣٧٤٧	سفر میں بہترین شخص مسافروں کی خدمت کرنے والا ہے۔	//
	حضرت سہل بن سعد انصاری صحابی کا تذکرہ۔	١٨٢
	مردانِ راہِ خدا، خدمت سے بلند مقام تک پہنچتے ہیں۔	//
	باب	١٨٣
	کافروں کو فرمان لکھنا اور انہیں اسلام کی دعوت دینا۔	//
	پہلی فصل	//
٣٧٤٨	شاہ روم کو دعوت اسلام کا پیغام۔	//
	روم، فارس، حبشہ، ترک، قبط، مصر، حمیر اور ہندوستان کے بادشاہوں کے القابات۔	١٨٤
	شاہ حبشہ نے ابوسفیان سے حضور انور کے بارے میں پوچھا	١٨٥

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	ارتبیلین کا معنی۔	۱۸۵
۳۷۴۹	شاہ ایران نے حضور انور کا گرامی نامہ پھاڑ دیا۔	۱۸۶
	حضرت عبداللہ بن حذافہ صحابی رسول کا تذکرہ	״
	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی سلطنت کو پارہ پارہ کرنے کی دعا کی۔	״
۳۷۵۰	شاہ نجاشی پر حضور انور نے غائبانہ نمازِ جنازہ پڑھائی۔	۱۸۷
	حضور اکرم کے فرمان کو اصحمہ نجاشی نے اپنی آنکھوں سے لگایا۔	״
۳۷۵۱	جہاد میں شہرہ کی ممانعت۔	۱۸۸
	سلیمان بن بریدہ ثقہ تابعی کا تذکرہ۔	۱۹۰
	جنگ سے حاصل شدہ مال کو غنیمت اور بغیر جنگ کے حاصل شدہ مال کو فیٔ کہتے ہیں۔	۱۹۱
۳۷۵۲	دشمن سے ملاقات کی آرزو نہیں کرنی چاہیے۔	۱۹۲
	حضرت عبداللہ بن ابی اوفی صحابی کا تذکرہ۔	״
	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اکثر جنگ کی ابتداء ظہر کے وقت کی۔	۱۹۳
۳۷۵۳	حضور صلی اللہ علیہ وسلم اذان کے وقت جنگ سے ہاتھ روک لیتے۔	״
۳۷۵۴	دن کے ابتدائی حصے میں جنگ نہ ہوتی۔	۱۹۵
	حضرت نعمان بن مقرن صحابی کا تذکرہ۔	۱۹۶
	دوسری فصل	״
۳۷۵۵	دن کے ابتدائی حصہ میں لڑائی نہ کرنے کا سبب۔	״

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۳۷۵۶	سورج نکلتے وقت، زوال کے وقت اور غروب کے وقت لڑائی سے اجتناب۔	۱۹۶
۳۷۵۷	مسجد یا مؤذن کی آواز سن کر قتل و غارت چھوڑ دو۔	۱۹۷
	حضرت عصام مزنی صحابی سے صرف یہی ایک حدیث مروی ہے۔	۱۹۸
	تیسری فصل	״
۳۷۵۸	حضرت خالد بن ولید کا ایرانیوں کی طرف مکتوب۔	״
	ابو وائل ثقہ تابعی کا تذکرہ۔	۱۹۹
	الملأ کا معنی۔	״
	باب جہاد میں جنگ کرنے کا بیان۔	״
	جہاد، غزو اور قتال کا معنی۔	״
	پہلی فصل	۲۰۰
۳۷۵۹	شہید جنت میں ہوگا۔	״
	اُحد پہاڑ کا تذکرہ۔	״
۳۷۶۰	غزوۂ تبوک کے لیے تیاری کا حکم۔	״
	وَرّیٰ، تَوْرِیَہ کا معنی۔	۲۰۱
۳۷۶۱	جنگ مکر و فریب ہے۔	۲۰۲
۳۷۶۲	غزوہ میں انصاری عورتیں زخمیوں کی مرہم پٹی کرتیں۔	״
	موجودہ نرسنگ کا طریقہ کار جائز ہے۔	״
۳۷۶۳	حضرت ام عطیہ صحابیہ نے سات غزوات میں شرکت کی۔	۲۰۳

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
٣٧٦٤	عورتوں اور بچوں کے قتل کی ممانعت۔	٢٠٣
	شیخ فانی، اپاہج اور نابینا کو قتل نہ کیا جائے۔	//
٣٧٦٥	عورتوں، بچوں اور بوڑھوں سے اگر خطرہ ہو تو انہیں بھی قتل کیا جائے۔	٢٠٤
	حضرت صعب بن جثامہ صحابی کا تذکرہ	//
٣٧٦٦	جو کوئیرہ کے بارے میں حضرت حسان کا شعر	//
٣٧٦٧	جنگجوؤں کا قتل اور بچوں کو قید کرنا۔	٢٠٥
	عبداللہ بن عون تابعی کا تذکرہ۔	٢٠٦
٣٧٦٨	دشمن کے قریب آنے پر محتاط انداز میں تیر چلانا۔	//
	حضرت ابو اسید انصاری صحابی کا تذکرہ۔	٢٠٧
	دوسری فصل	
٣٧٦٩	لڑائی کے لیے رات کے وقت تیاری کرنا۔	//
	تبیت الجیش کا معنی۔	//
٣٧٧٠	کافروں کے حملہ کے وقت مسلمانوں کے کوڈ ورڈز۔	//
	حضرت مہلب تابعی کا تذکرہ۔	٢٠٨
٣٧٧١	مہاجرین وانصار کے کلمات کی نشانی۔	//
٣٧٧٢	حضرت ابوبکر صدیق کی معیت میں لشکر کا خفیہ لفظ۔	//
٣٧٧٣	بوقتِ جنگ آواز نکالنا ممنوع۔	//
	حضرت قیس بن عبادہ صحابی کا تذکرہ۔	٢٠٩

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
٣٧٧٤	مشرکین کے بوڑھوں کا قتل۔	٢٠٩
	"شرخ" کا معنی۔	//
٣٧٧٥	مقام اُبنیٰ پر صبح کے وقت حملہ	٢١٠
٣٧٧٦	جب تک کافر سر پر نہ آ جائیں، تلواریں نیام میں رہیں۔	//
٣٧٧٧	عورت اور مزدور کے قتل پر پابندی۔	//
	حضرت رباح بن ربیع صحابی کا تذکرہ۔	٢١١
٣٧٧٨	مالِ غنیمت میں خیانت نہ کرنا۔	//
٣٧٧٩	بدر کے دن حضرت حمزہ، علی اور عبیدہ بن حارث کا مقابلہ عتبہ، شیبہ اور ولید کے ساتھ	٢١٢
	حضرت عبیدہ بن حارث صحابی کا تذکرہ۔	٢١٣
٣٧٨٠	مسلمانوں کا گروہ میدانِ جنگ سے بھاگنے والا نہیں۔	٢١٤
	تیسری فصل	
٣٧٨١	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف والوں پر منجنیق نصب فرمائی۔	٢١٥
	باب	
	قیدیوں کے حکم کا بیان۔	٢١٦
	پہلی فصل	//
٣٧٨٢	پابند سلاسل جنت میں لائے جانے والوں سے خدا راضی ہوتا ہے۔	//
٣٧٨٣	جاسوس کو قتل کرنے کا حکم۔	٢١٧
٣٧٨٤	جاسوس کو پکڑنے والے کے لیے انعام۔	//

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۳۷۸۵	حضرت سعد کا اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق فیصلہ۔	۲۱۸
	حضرت سعد بن معاذ صحابی کا تذکرہ۔	۲۱۹
	کسی معزز شخصیت کے استقبال کے لیے کھڑا ہونا۔	″
	حضرت سعد کے جنازے میں ستر ہزار فرشتے شریک ہوئے۔	۲۲۰
۳۷۸۶	سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا نظر رحمت فرمانے کا انوکھا طریقہ۔	″
	حضور انور کا حضرت ثمامہ کے باطن میں تصرف فرمانا۔	۲۲۱
	حضرت ثمامہ کا اہل مکہ کو جواب۔	۲۲۲
۳۷۸۷	حضرت جبیر بن مطعم کے حالات۔	۲۲۴
	مطعم بن عدی کا حضور پر احسان۔	۲۲۵
۳۷۸۸	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی (۸۰) کفار کو زندہ پکڑ لیا۔	۲۲۶
۳۷۸۹	بدر میں سرداران قریش کا قتل اور سرکار دو عالم کا ان سے خطاب۔	۲۲۷
	سماع موتی کا ثبوت۔	۲۲۹
	مردوں کو دنیا اور اہل دنیا کا پتہ ہوتا ہے۔	۲۳۱
	اہل قبور سے استمداد اور وسیلہ کا ثبوت۔	۲۳۲
	حیات انبیاء حقیقی اور دنیا جیسی ہے۔	۲۳۳
۳۷۹۰	صحابہ کرام نے خوشدلی سے غلاموں کو واپس لوٹا دیا۔	۲۳۴
	مروان بن حکم کا تذکرہ۔	۲۳۵
	حضرت مسور بن مخرمہ کم عمر صحابی کا تذکرہ	″
۳۷۹۱	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے قبیلہ ثقیف کے قیدی کو رہائی دی۔	۲۳۶
	قبیلہ ثقیف کے حالات۔	۲۳۷
	نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حقیقت حال سے آگاہ تھے۔	۲۳۸
	دوسری فصل	-
۳۷۹۲	حضور صلی اللہ علیہ وسلم پر حضرت خدیجہ کا ہار دیکھ کر رقت طاری ہوگئی۔	″
	حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تذکرہ۔	۲۳۹
	ابو العاص کی رہائی اور اسلام قبول کرنے کا واقعہ۔	۲۴۰
۳۷۹۳	اہل بدر کی گرفتاری اور بعض کا قتل۔	۲۴۱
۳۷۹۴	عقبہ بن ابی معیط کے قتل کا حکم۔	″
۳۷۹۵	صحابہ کرام کو شہادت کی پیشگی اطلاع دی گئی	۲۴۲
	غزوہ احد میں ستر صحابہ کے شہید ہونے کی پیشگوئی	۲۴۳
	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ شہادت کو پسند کرتے تھے۔	″
۳۷۹۶	موئے زیر ناف بلوغت کی نشانی ہے۔	۲۴۴
۳۷۹۷	اللہ تعالیٰ کے آزاد کیے ہوئے غلام۔	۲۴۵
	تیسری فصل	۲۴۶
۳۷۹۸	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا حضرت خالد بن ولید	

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	کے کام سے برأت کا اظہار۔	۲۴۶
	حضرت خالد بن ولید پر قصاص کا حکم نہیں۔	۲۴۷
	باب الامان	۲۴۸
	امن دینے کا بیان	//
	پہلی فصل	
۳۷۹۹	حضور نے فرمایا جسے ام ہانی نے پناہ دی اسے ہم نے پناہ دی۔	//
	حضرت ام ہانی صحابیہ کا تذکرہ۔	۲۴۹
	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چاشت کی آٹھ رکعتیں ادا کیں۔	۲۵۰
	دوسری فصل	
۳۸۰۰	مسلمان عورت کی امان سب مسلمانوں کی امان ہے۔	//
۳۸۰۱	امان دے کر قتل کرنا بد عہدی ہے۔	//
	حضرت عمرو بن الحمق صحابی کا تذکرہ۔	۲۵۱
۳۸۰۲	کسی قوم سے معاہدہ کرنے کے بعد تبدیل یا بد عہدی نہیں کرنی چاہیے۔	//
۳۸۰۳	قاصد اگر ایمان کا اظہار کرے تو اسے واپس بھیج دیا جائے۔	۲۵۲
	حضرت ابو رافع صحابی کا تذکرہ۔	۲۵۳
۳۸۰۴	شریعت میں قاصدوں کا قتل منع ہے۔	//
	حضرت نعیم بن مسعود صحابی کا تذکرہ۔	۲۵۴
۳۸۰۵	جاہلیت کی قسم اور عہد و پیمان کو پورا کرو۔	//
	تیسری فصل	۲۵۵

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۳۸۰۶	کسی ایلچی کو قتل نہ کرنا سنت ہے۔	۲۵۵
	باب	۲۵۶
	غنیمتوں کی تقسیم اور ان میں خیانت کا بیان۔	//
	پہلی فصل	
۳۸۰۷	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کے لیے مال غنیمت پاک اور حلال ہے۔	//
۳۸۰۸	قاتل مجاہد کے لیے مقتول کافر کا سامان بطور غنیمت ہے۔	//
۳۸۰۹	مال غنیمت سے آدمی کے لیے ایک حصہ اور اس کے گھوڑے کے لیے دو حصے۔	۲۵۹
	امام ابو حنیفہ کے نزدیک سوار کے لیے دو حصے مقرر ہیں۔	۲۶۰
۳۸۱۰	عورتوں کو مال غنیمت سے بغیر معین کیے کچھ مال دیا جائے۔	//
	یزید بن ہرمز تابعی کا تذکرہ۔	۲۶۱
۳۸۱۱	صحابی رسول کی مدینہ طیبہ کی طرف رخ کر کے مدد کے لیے فریاد۔	//
	رضخ کا معنی۔	۲۶۳
۳۸۱۲	حضور بعض لشکریوں کو زائد انعام بھی دیتے تھے۔	//
	نفل و نافلہ کا معنی۔	۲۶۵
۳۸۱۳	حضور نے مسن اونٹ بطور انعام دیا۔	//
۳۸۱۴	نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رومیوں کا بھاگتا	

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	ہوا غلام واپس کر دیا۔	۲۶۵
۳۸۱۵	بنو ہاشم اور بنو مطلب کو پانچواں حصہ دیا گیا۔	۲۶۶
	حضرت عثمان غنی اور جبیر بن مطعم چوتھی پشت، عبد مناف پر حضور سے جا ملتے ہیں۔	//
۳۸۱۶	نافرمان گاؤں والوں سے خمس اللہ و رسول کے لیے باقی مال غنیمت ہے۔	۲۶۷
۳۸۱۷	اللہ تعالیٰ کے مال سے ناحق کھانے والوں کے لیے آگ ہے۔	۲۶۸
۳۸۱۸	قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا اظہار بیزاری۔	//
	قیامت کے دن حضور گنہگاروں کی شفاعت فرمائیں گے	۲۷۰
۳۸۱۹	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غیب کی خبر بتائی۔	//
۳۸۲۰	کرکرہ غلام آگ میں ہے۔	۲۷۱
۳۸۲۱	مجاہدین دارالحرب میں غنیمت میں سے بقدر ضرورت کھا پی سکتے ہیں۔	//
۳۸۲۲	حضرت عبداللہ بن مغفل کے پاس چربی کی تھیلی اور حضور کا مسکرانا۔	//
	دوسری فصل	۲۷۲
۳۸۲۳	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت کو سابقہ امتوں پر فضیلت۔	
۳۸۲۴	حضرت ابوطلحہ نے بیس کافروں کا سامان حاصل کیا۔	//
۳۸۲۵	مقتول کا سامان مجاہد قاتل کے لیے ہے۔	// ۲۷۴

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۳۸۲۶	حضرت عبداللہ بن مسعود کو ابو جہل کی تلوار بطور انعام ملی۔	۲۷۴
۳۸۲۷	حضور نے ایک صحابی کو منتر پڑھنے کی اجازت دی۔	۲۷۵
	حضرت عمیر اور حضرت ابی اللحم دو صحابیوں کا تذکرہ۔	//
۳۸۲۸	خیبر کی غنیمت اہل حدیبیہ میں تقسیم کی گئی۔	۲۷۶
	حضرت مجمع بن جاریہ صحابی کا تذکرہ۔	۲۷۷
	سوار اور پیادہ کی تقسیم کے بارے میں امام ابوحنیفہ کا مؤقف۔	//
۳۸۲۹	حضرت حبیب بن مسلمہ کو تہائی حصہ بطور انعام دیا۔	//
	حضرت حبیب بن مسلمہ کا تذکرہ۔	//
۳۸۳۰		۲۷۸
۳۸۳۱	سرخ گھوڑے میں دینار۔	//
	حضرت ابوالجویریہ ثقہ تابعی کا تذکرہ۔	۲۷۹
۳۸۳۲	خیبر کی غنیمت سے حضرت ابوموسیٰ اشعری کو بھی حصہ ملا۔	۲۸۰
	حضرت ابوموسیٰ اشعری کی کشتی حبشہ کے ساحل پر۔	//
۳۸۳۳	صحابہ کو اپنے ساتھی کی نماز جنازہ پڑھنے کا حکم	۲۸۱
	یزید بن خالد تابعی کا تذکرہ۔	//
۳۸۳۴	مال غنیمت اکٹھی کرتے وقت کچھ چھپا کر رکھنا	

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	حضور کی ناراضگی کا سبب ہے۔	۲۸۲
۳۸۳۵	مال غنیمت میں خیانت کرنے والے کا سامان جلا دیا گیا۔	۲۸۳
۳۸۳۶	خائن کو پناہ دینے والا بھی اسی کی مثل ہے۔	//
۳۸۳۷	تقسیم سے پہلے مال غنیمت کو خریدنا منع ہے۔	//
۳۸۳۸	مالِ غنیمت بیچنے کی ممانعت	۲۸۴
۳۸۳۹	اپنے حق کو حاصل کرنے میں مٹھاس اور برکت ہے۔	//
	حضرت خولہ بنت قیس صحابیہ کا تذکرہ۔	//
۳۸۴۰	ذوالفقار نامی تلوار۔	۲۸۵
	ذوالفقار کا معنی۔	//
	سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب اور اس کی تعبیر	//
۳۸۴۱	مالِ غنیمت استعمال کر کے واپس لوٹانا۔	//
	حضرت رُوَیفع صحابی کا تذکرہ۔	۲۸۶
۳۸۴۲	کھانا ضرورت کے مطابق لینا۔	//
	محمد بن ابی المجالد تابعی کا تذکرہ۔	//
۳۸۴۳	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے طعام اور شہد سے پانچواں حصہ نہیں لیا۔	۲۸۷
۳۸۴۴	صحابہ دورانِ جنگ اونٹ کا گوشت کھاتے تھے۔	//
	حضرت قاسم تابعی کا تذکرہ	//
۳۸۴۵	غنیمت کی چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی مال غنیمت میں جمع کرا دو۔	۲۸۸
	خیاط اور مخیط کا معنی۔	//
۳۸۴۶	مال فیٔ میں سے خمس نبی کے لیے ہے اور وہ لوگوں پر لوٹا دیا جاتا ہے۔	//
۳۸۴۷	مالِ غنیمت میں سے حضور کچھ بھی نہ لیتے تھے۔	۲۸۹
۳۸۴۸	بنو ہاشم اور بنو مطلب ایک چیز ہیں۔	۲۹۰
	تیسری فصل	۲۹۲
۳۸۴۹	انصار کے دو بچوں نے ابو جہل کو واصل جہنم کیا۔	//
	اضلع کا معنی و مفہوم۔	۲۹۳
	معاذ بن عمرو بن جموح اور معوذ بن عفراء انصار کے دو بچوں کا تذکرہ۔	۲۹۴
۳۸۵۰	قتل کے وقت ابو جہل کی حسرت۔	۲۹۵
۳۸۵۱	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پوری جماعت میں سے ایک شخص کو حصہ نہیں دیا۔	۲۹۶
	ایمان دل کی تصدیق کا نام ہے۔	۲۹۷
	اسلام عمل صالح اور تعمیل احکام کا نام ہے۔	//
۳۸۵۲	بدر میں حضرت عثمان غنی کو غنیمت سے حصہ ملا۔	//
	حضرت عثمان حضرت رقیہ بنت رسول کی تیمارداری کے لیے مدینہ میں رہے۔	۲۹۸
۳۸۵۳	مال غنیمت میں دس بکریاں ایک اونٹ کے برابر ہیں۔	//
	حضرت رافع بن خدیج صحابی کا تذکرہ۔	//

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۳۸۵۴	سابقہ انبیاء کی امتوں کے لیے غنیمتیں حلال نہیں تھیں۔	۲۹۹
	سورج حضرت یوشع علیہ السلام اور حضرت علی کی نماز عصر کے لیے روکا گیا۔	//
۳۸۵۵	جنت میں صرف اہل ایمان داخل ہوں گے۔	۳۰۱
	باب	۳۰۲
	جزیہ کا بیان	//
	پہلی فصل	۳۰۳
۳۸۵۶	حضور انور نے ہجر کے مجوسیوں سے جزیہ نہیں لیا۔	//
	حضرات بجالہ اور جزء بن معاویہ تابعین میں سے ہیں۔	//
	حضرت احنف بن قیس اجلہ تابعی کا تذکرہ۔	۳۰۴
	مُحرَم کا معنی۔	//
	دوسری فصل	۳۰۵
۳۸۵۷	حضرت معاذ بن جبل یمن کے قاضی۔	//
	معافری یمنی کپڑے کی ایک قسم ہے۔	//
	جزیہ کی تقسیم میں آئمہ کا اختلاف۔	۳۰۶
۳۸۵۸	ایک زمین میں دو قبلے درست نہیں۔	//
۳۸۵۹	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دومہ کے بادشاہ سے جزیہ پر صلح کی۔	۳۰۷
۳۸۶۰	عشر یہود و نصاریٰ پر ہے۔	//
۳۸۶۱	اپنا حق جبراً چھین لو	۳۰۸
	تیسری فصل	//

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۳۸۶۲	جزیہ کی مقدار۔	۳۰۹
	حضرت اسلم ثقہ تابعی کا تذکرہ۔	//
	باب	۳۱۰
	صلح کا بیان	//
	پہلی فصل	..
۳۸۶۳	معاہدہ حدیبیہ اور اس کے نتائج۔	//
	حدیبیہ مکہ سے بارہ میل کے فاصلے پر گاؤں کا نام ہے۔	۳۱۵
	حدیبیہ میں صحابہ کی تعداد میں اختلاف اور تطبیق	//
	تمدہ اور بلیلہ کا معنی۔	۳۱۶
	سہیل بن عمرو کا تذکرہ	۳۱۷
	معاہدہ حدیبیہ کے بعد اگر عورتیں مسلمان ہو کر آئیں تو ان کا حکم۔	۳۱۸
	ابو بصیر اور ابو جندل کا واقعہ۔	۳۱۹
	مشرکین مکہ نے معاہدہ سے رجوع کر لیا۔	//
۳۸۶۴	مشرکین مکہ کے ساتھ صلح کی شرائط۔	۳۲۰
	حضرت عمر فاروق پر صلح نامہ کی شرائط گراں گزریں۔	۳۲۱
	معاہدہ کی حکمتیں حضور کے سوا کوئی نہیں جانتا تھا۔	//
۳۸۶۵	جو شخص مدینہ سے بھاگ کر مکہ والوں کے پاس جائے گا وہ مسلمان نہیں ہوگا۔	//
۳۸۶۶	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کو بیعت کیا۔	۳۲۲

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	عورتوں کی بیعت کا طریقہ مردوں کی بیعت سے مختلف ہے۔	۳۲۳
	دوسری فصل	
۳۸۶۷	مشرکین نے دس سال تک جنگ نہ کرنے پر صلح کی۔	//
	عُیَیْنَہ اور اشکال کا معنی۔	۳۲۴
۳۸۶۸	معاہدہ کرنے والے پر ظلم نہ کیا جائے۔	//
	صفوان بن سلیم جلیل القدر تابعی کا تذکرہ۔	۳۲۵
۳۸۶۹	حضور ہماری جانوں سے زیادہ ہم پر مہربان۔	//
	حضرت امیمہ بنت رقیقہ صحابیہ کا تذکرہ۔	۳۲۶
	تیسری فصل	۳۲۷
۳۸۷۰	حضرت علی نے لفظ رسول اللہ مٹانے سے انکار کر دیا۔	//
	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے لکھنے کے بارے میں اختلاف علماء	۳۲۹
	ابو الولید باجی کا موقف کہ حضور اکرم کا لکھنا معجزہ ہے۔	۳۳۰
	باب	۳۳۱
	یہودیوں کو جزیرۂ عرب سے نکال لینے کا بیان۔	//
	پہلی فصل	
۳۸۷۱	زمین اللہ اور اس کے رسول کی ہے۔	//
۳۸۷۲	حضرت عمر فاروق نے یہودیوں کو جلا وطن کیا۔	۳۳۲
۳۸۷۳	مشرکین کو جزیرۂ عرب سے نکال لینے کا حکم۔	۳۳۴

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۳۸۷۴	جزیرۂ عرب میں مسلمانوں کے سوا کسی کو رہنے کا حکم نہیں۔	۳۳۵
	دوسری فصل	
	ایک زمین میں دو قبلے نہیں ہوں گے۔	//
	تیسری فصل	
۳۸۷۵	حضرت عمر نے یہود و نصاریٰ کو خیبر سے تیماء اور اریحا کی طرف نکال دیا۔	//
	تیماء اور اریحا جگہ کا نام۔	۳۳۷
	باب	//
	فیئے کا بیان	//
	پہلی فصل	
۳۸۷۶	فیئے میں سے ایک چیز حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے مخصوص تھی۔	//
	حضرت مالک بن اوس صحابی کا تذکرہ۔	۳۳۸
	اموال فیئے اموال غنیمت کی طرح تقسیم نہیں کیے جاتے	//
	حضور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج کو ایک سال کا خرچ عطا فرما دیتے تھے۔	۳۳۹
۳۸۷۷	بنو نضیر کے اموال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو عطا فرما دیے گئے۔	//
	دوسری فصل	۳۴۰
۳۸۷۸	مال فیئے میں سے شادی شدہ مرد کو دو حصے اور غیر شادی شدہ کو ایک حصہ دیا جاتا۔	//
۳۸۷۹	آپ ہر چیز تقسیم فرما دیتے تھے۔	۳۴۱

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۳۸۸۰	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سکے عورتوں میں تقسیم فرما دیجیے۔	۳۴۱
۳۸۸۱	حضرت عمر فاروق مال فیئے کتاب و سنت کے مطابق تقسیم فرمایا کرتے تھے۔	۳۴۲
	مال فیئے کی تقسیم حفظ مراتب کے لحاظ سے	"
۳۸۸۲	صدقات فقراء و مساکین کے لیے ہیں۔	۳۴۳
	اموال فیئے میں حضرت ابوبکر صدیق مساوات کے قائل ہیں۔	۳۴۴
۳۸۸۳	حضرت عمر فاروق کا استدلال کہ حضور نے تین چیزیں اپنے لیے منتخب فرمائیں۔	"
	فدک خیبر کے گاؤں کا نام ہے۔	۳۴۵
	انصار کے لیے حضور اکرم نے دعائے خیر فرمائی۔	۳۴۶
۳۸۸۴	حضرت عمر بن عبدالعزیز نے فدک کا مسئلہ حل فرما دیا۔	"
	بنو نضیر، فدک اور خیبر کے اموال حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ملکیت تھے۔	۳۴۸
	اموال فیئے میں حضرت علی اور حضرت عباس کا اختلاف۔	۳۴۹
	نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور ابوبکر صدیق کے فیصلے کے مطابق حضرت عمر کا فیصلہ۔	"
	امہات المومنین نے بھی حضور کی وراثت سے حصہ مانگا۔	۳۵۰
	انبیاء کرام اپنے پیچھے جو مال چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے۔	۳۵۱
	حضرت فاطمۃ الزہراء نے باغ فدک سے حصہ مانگا۔	"
	مسئلہ فدک کے بارے میں اختلاف اور مکمل تفصیل۔	۳۵۶
	شیعوں کا اس بارے میں غلط پروپیگنڈہ۔	۳۵۸
	شیعہ علماء کا اعتراف حقیقت	۳۶۰
	کتاب شکار اور ذبح کی ہوئی چیزوں کا بیان۔	۳۶۳
	پہلی فصل	
۳۸۸۵	کتے کے شکار کا حکم۔	"
	حضرت عدی بن حاتم صحابی رسول کا تذکرہ۔	۳۶۴
۳۸۸۶	سکھائے ہوئے کتے کا شکار۔	۳۶۵
	موقوذۃ کا معنی۔	"
۳۸۸۷	اہل کتاب کے برتنوں کو استعمال کرنے کا حکم۔	۳۶۶
	حضرت ابوثعلبہ خشنی صحابی کا تذکرہ۔	"
۳۸۸۸	اپنے تیر سے شکار کیے ہوئے کو کھاؤ۔	۳۶۷
	ینتن کا معنی۔	"
۳۸۸۹	شکار کیا ہوا جانور تین دن کے بعد بھی مل جائے تو اسے کھا لو۔	۳۶۸
۳۸۹۰	بسم اللہ پڑھ کر گوشت کھانے کا حکم۔	"
۳۸۹۱	غیر اللہ کے نام پر ذبح لعنت کا سبب ہے	۳۶۹
	حضرت ابوالطفیل صحابی کا تذکرہ۔	"
	قرائب اور کنائز کا معنی۔	۳۷۰

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	لعنت کی قسمیں۔	۴۷۰
۳۸۹۲	جو چیز بھی خون جاری کرے سوائے دانت اور ناخن اس کا ذبیحہ جائز ہے۔	//
	ہڈی کے ساتھ ذبح کرنا جائز ہے۔	۴۷۱
	ذبح کی دو قسمیں۔ اختیاری و اضطراری۔	۴۷۲
۳۸۹۳	پتھر سے ذبح کی ہوئی بکری حلال ہے۔	//
۳۸۹۴	تیز چھری سے ذبح کرنے کا حکم۔	۴۷۳
۳۸۹۵	جانور کو باندھ کر قتل کرنا منع ہے۔	۴۷۴
۳۸۹۶	ذی روح کو نشانہ بنانے والے پر لعنت	//
۳۸۹۷	اور ممانعت	//
۳۸۹۸	چہرے پر مارنے اور داغنے کی ممانعت۔	۴۷۵
۳۸۹۹	گدھے کو داغنے والے پر لعنت۔	//
	انسان یا جانوروں کے چہرے پر داغنا بالاتفاق ممنوع ہے۔	//
۳۹۰۰	حضرت عبداللہ بن ابی طلحہ کو حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے گھٹی دی۔	۴۷۶
۳۹۰۱	جانوروں کے کانوں میں نشان لگانا جائز ہے۔	۴۷۷
	دوسری فصل	
۳۹۰۲	اللہ تعالیٰ کا نام لے کر پتھر یا لکڑی سے ذبح کرنا جائز ہے۔	//
۳۹۰۳	جانور کو ران میں نیزہ مار کر ذبح کیا جا سکتا ہے۔	۴۷۸
	ابو العشراء تابعی کا تذکرہ۔	//
۳۹۰۴	شکاری کتا اگر شکار میں سے کھائے تو اسے نہ کھاؤ۔	۴۷۹
۳۹۰۵	تیر سے شکار کیا ہوا جانور اگر درندہ نہ کھائے تو حلال ہے۔	//
۳۹۰۶	کلب مجوس کا شکار منع ہے۔	۴۸۰
۳۹۰۷	یہودیوں، عیسائیوں اور مجوسیوں کے برتنوں کو دھو کر ان میں کھانا پینا جائز ہے۔	//
۳۹۰۸	عیسائیوں کے کھانے کے بارے میں سوال۔	//
	حضرت قبیصہ تابعی کا تذکرہ	۴۸۱
	تخلّج اور تکوّج کا معنی۔	//
۳۹۰۹	جانور کو باندھ کر تیر کا نشانہ بنانا ممنوع ہے۔	۴۸۲
	مجثّمہ اور مجثوم کا معنی۔	//
۳۹۱۰	کن جانوروں اور پرندوں کا گوشت کھانا منع ہے؟	//
	حضرت عرباض بن ساریہ صحابی کا تذکرہ۔	۴۸۳
	ذی ناب، مخلب اور خلیسہ کا معنی۔	//
۳۹۱۱	شریطۃ الشیطان کے کھانے کی ممانعت۔	۴۸۴
	شریطۃ الشیطان کا معنی۔	//
۳۹۱۲	جانور کے پیٹ کے بچے کا ذبح۔	//
	ائمہ کا اس میں اختلاف۔	//
۳۹۱۳	// //	۴۸۵
۳۹۱۴	چڑیا اور اس طرح کے جانور کے ذبح کا طریقہ۔	//

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
٣٩١٥	زندہ جانور کے عضو کو کاٹ کر کھانا منع ہے۔	٣٨٦
	حضرت ابو واقد لیثی صحابی کا تذکرہ۔	//
	حبتٌ اور الَیاتٌ کا معنی۔	//
	تیسری فصل	٣٨٧
٣٩١٦	جانور کے گلے سے خون بہانا ہی ذبح کرنا ہے۔	//
	حضرت عطاء بن یسار تابعی کا تذکرہ۔	//
٣٩١٧	دریائی جانور بغیر ذبح کے، ذبح کا حکم رکھتا ہے۔ ائمہ کی ابحاث۔	٣٨٨
	باب کتے کا بیان	//
٣٩١٨	بغیر ضرورت کے کتے پالنے کی سزا۔	//
٣٩١٩	کتے پالنے کی وجہ سے ثواب میں کمی۔	٣٩٠
٣٩٢٠	کتے مارنے کا حکم۔	//
٣٩٢١	شکاری یا محافظ کتے کا حکم۔	٣٩١
	دوسری فصل	//
٣٩٢٢	کالے سیاہ کتے کو قتل کر دو۔	//
٣٩٢٣	جانوروں کا لڑانا منع ہے۔	٣٩٢
	مرغے، کتے، اونٹ، بیل، تیتر، بٹیر اور دوسرے جانور لڑانا حرام ہے۔	//
	باب ان جانوروں کا بیان جن کا کھانا حلال ہے اور جن کا کھانا حرام ہے۔	٣٩٣
	اختلاف ائمہ اور مذہب حنفی۔	٣٩٤

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	پہلی فصل	٣٩٤
٣٩٢٤	نوکیلے جانور کا کھانا حرام ہے۔	//
٣٩٢٥	پنجوں والے پرندے کھانا منع ہے۔	//
٣٩٢٦	پالتو گدھوں کا گوشت حرام ہے۔	٣٩٥
٣٩٢٧	گھوڑوں کے گوشت کی اجازت ہے۔	//
	گھوڑے کے گوشت کے مباح ہونے میں ائمہ کی تفصیلی بحث۔	//
٣٩٢٨	وحشی، جنگلی گدھے کا گوشت جائز ہے۔	٣٩٨
٣٩٢٩	خرگوش کا گوشت کھانا جائز ہے۔	//
٣٩٣٠	گوہ کا گوشت کھانے کا حکم۔	٣٩٩
	ضبٌّ کا معنی۔	//
٣٩٣١	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم گوہ کے گوشت کو پسند نہیں فرماتے تھے۔	//
٣٩٣٢	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مرغ کا گوشت تناول فرمایا۔	//
٣٩٣٣	ٹڈی کے گوشت کا حکم۔	٤٠١
	محدثین کی وضاحت۔	//
٣٩٣٤	مردہ مچھلی حلال ہے۔	//
	جیش الخبط جہاد کا نام ہے۔	٤٠٢
	عنبر یا دابۃ العنبر مچھلی کا نام ہے۔	//
٣٩٣٥	مکھی کے ایک پر میں شفا ہے۔	٤٠٣
٣٩٣٦	گھی میں چوہیا گر جائے تو اس کا حکم۔	٤٠٤
	اس مسئلہ میں ائمہ کا اختلاف۔	//
٣٩٣٧	سانپ کو مارنے کا حکم۔	//

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	طُفیۃ اور ابتر زہریلے سانپوں کے نام ہیں۔	۴۰۵
۳۹۳۸	سانپ کو تین دن کی مہلت دو۔	//
	صحابہ کا عقیدہ کہ حضور مردے کو زندہ کر سکتے ہیں۔	۴۰۷
۳۹۳۹	گرگٹ کو مارنے کا حکم۔	۴۰۹
	وَزَغ کا معنی۔	//
	گرگٹ نار نمرود کو تیز کرنے کے لیے پھونکیں مارتا تھا۔	//
۳۹۴۰	گرگٹ کا دوسرا نام چھوٹا فاسق ہے۔	۴۱۰
۳۹۴۱	گرگٹ کو پہلی ضرب میں مارنے سے سو نیکیاں ملتی ہیں۔	//
۳۹۴۲	چیونٹیاں اللہ کی تسبیح کرتی ہیں۔	//
	چیونٹیوں کو مارنے یا نہ مارنے کے بارے میں حکم۔	
	دوسری فصل	
۳۹۴۳	رقیق گھی میں چوہیا گر جائے تو اسے پھینک دو، گھی پاک کرنے کے تین طریقے۔	//
۳۹۴۴	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کوتج پرندے کا گوشت کھایا۔	۴۱۲
۳۹۴۵	نجاست کھانے والے جانور کے گوشت اور دودھ استعمال کرنے کی ممانعت۔	//
	اس بارے میں ائمہ کا اختلاف۔	۴۱۳
۳۹۴۶	گوہ کا گوشت کھانے کی ممانعت۔	//
۳۹۴۷	بلی کھانے اور بیچنے کی ممانعت۔	//
۳۹۴۸	پالتو گدھوں اور خچروں کے گوشت کا حکم۔	۴۱۴
۳۹۴۹	گھوڑوں گدھوں کے گوشت کی ممانعت۔	//
۳۹۵۰	معاہدہ کرنے والوں کے اموال حلال نہیں ہیں۔	۴۱۵
۳۹۵۱	امت مسلمہ کے لیے دو خون اور دو مردے حلال ہیں۔	//
۳۹۵۲	سمندری تیرنے والا مردار حرام ہے۔	۴۱۶
	ابو الزبیر تابعی کا تذکرہ۔	//
	یہ حدیث امام اعظم ابو حنیفہ کی دلیل۔	//
۳۹۵۳	ٹڈی اللہ تعالیٰ کا بڑا لشکر ہے۔	۴۱۷
۳۹۵۴	مرغ نماز کے لیے اطلاع دیتا ہے۔	//
	حضور تہجد کے لیے مرغ کی آواز پر اٹھتے۔	//
۳۹۵۵	مرغ کو گالی دینا منع ہے۔	//
۳۹۵۶	سانپ کو حضرت نوح اور حضرت سلیمان علیہما السلام کے عہد کا سوال کر کے کہو، ہمیں تکلیف نہ پہنچا۔	۴۱۸
	حضرت عبدالرحمن بن ابی لیلی تابعی کا تذکرہ۔	//
۳۹۵۷	سانپ کو چھوڑنا نہیں چاہیے۔	//
	سانپ کے بدلہ لینے کے ڈر سے اسے چھوڑنا نہ چاہیے۔	۴۱۹
۳۹۵۸	ہم نے سانپوں سے صلح نہیں کی۔	//
	سانپ اور انسان کے درمیان فطری دشمنی ہے۔	//
۳۹۵۹	تمام قسم کے سانپوں کو قتل کرنے کا حکم۔	۴۲۰

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۳۹۶۰	چاہ زمزم کی صفائی اور سانپ۔	۴۲۰
۳۹۶۱	تعضیب سانپوں کو چھوڑنے کا حکم۔	″
	تعضیب کا معنی	۴۲۱
۳۹۶۲	برتن میں مکھی گر جائے تو اسے پوری طرح ڈبو کر نکالو۔	″
۳۹۶۳	مکھی کے ایک پر میں زہر دوسری میں شفاء۔	″
۳۹۶۴	چار جانوروں کے قتل کی ممانعت۔	۴۲۲
	تیسری فصل	۴۲۳
۳۹۶۵	اللہ تعالیٰ کا نبی حلال و حرام کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔	″
	اشیاء میں اصل اباحت ہے۔	″
	اولیاء اللہ کے نام جانور وقف کرنا حرام نہیں۔	۴۲۴
۳۹۶۶	گدھوں کے گوشت کی ممانعت۔	″
	حضرت زاہر صحابی کا تذکرہ۔	″
۳۹۶۷	جنات کی تین قسمیں ہیں۔	۴۲۵
	باب	″
	عقیقے کا بیان	″
	عقیقے کا معنی	″
	پہلی فصل	۴۲۶
۳۹۶۸	لڑکے کی طرف سے عقیقہ کرکے اذیت دور کرو۔	″
۳۹۶۹	حضور صلی اللہ علیہ وسلم بچوں کو گھٹی دیا کرتے تھے۔	″

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	تحریک اور تحنیک کا معنی۔	۴۲۷
۳۹۷۰	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور چبا کر عبداللہ بن زبیر کو گھٹی دی۔	″
	حضرت عبداللہ بن زبیر مشہور صحابی کا تذکرہ۔	″
	نفل کا معنی۔	″
	دوسری فصل	۴۲۸
۳۹۷۱	لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری عقیقہ۔	″
	حضرت ام کرز صحابیہ کا تذکرہ۔	″
	پرندوں کو انڈوں پر برقرار رکھنے کا مطلب۔	۴۲۹
۳۹۷۲	لڑکے کا ساتویں دن عقیقہ کیا جائے اور نام رکھا جائے۔	″
	مُرتَھَنٌ اور رہینۃ کا معنی۔	۴۳۰
	یُدَمّیٰ اور تَدمِیَہ کا معنی۔	۴۳۱
۳۹۷۳	حضرت امام حسن کی طرف سے ایک بکری کا عقیقہ	″
	عقیقہ ایک بکری کے ساتھ بھی ہوسکتا ہے۔	۴۳۲
۳۹۷۴	حضرات حسنین کریمین کی طرف سے عقیقہ۔	″
۳۹۷۵	جس کے ہاں بچہ پیدا ہو وہ جانور ذبح کرے۔	″
	لفظ عقیقہ سے کراہت۔	۴۳۳
۳۹۷۶	حضرت امام حسن کے کان میں حضور انور نے اذان دی۔	″
	بوقت پیدائش بچہ کے کان میں اذان دینا سنت ہے۔	″

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	وقتِ پیدائش اذان اور بوقت موت نماز جنازہ۔	۴۳۴
	تیسری فصل	
۳۹۷۷	جاہلیت کے عقیقہ کی رسم کا طریقہ۔	//
	عقیقہ کے لیے مخصوص دن۔	//
	کتاب کھانوں کی قسموں کے بیان میں	۴۳۵
	پہلی فصل	//
۳۹۷۸	حضور اکرم نے کھانا کھانے کا سلیقہ بتایا۔	//
	حضرت عمرو بن ابی سلمہ صحابی کا تذکرہ۔	۴۳۶
	کھانے کی ابتداء میں بسم اللہ پڑھنا واجب ہے یا سنت۔	//
۳۹۷۹	شیطان اپنے لیے کھانا حلال کرتا ہے۔	//
۳۹۸۰	اللہ تعالیٰ کا نام لے کر گھر میں داخل ہونا اور کھانا کھانا۔	۴۳۷
۳۹۸۱	دائیں ہاتھ سے کھانے پینے کا حکم۔	۴۳۸
۳۹۸۲	شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا پیتا ہے۔	//
۳۹۸۳	حضور تین انگلیوں سے کھانا تناول فرماتے اور اپنا ہاتھ چاٹتے۔	//
	حضرت کعب بن مالک صحابی کا تذکرہ۔	//
۳۹۸۴	انگلیوں اور پلیٹ کے چاٹنے کا حکم۔	۴۳۹
۳۹۸۵	کھانا کھانے کے بعد اپنا ہاتھ خود چاٹے یا کسی کو چٹا دے۔	//
۳۹۸۶	شیطان کھانے کے وقت حاضر ہو جاتا ہے۔	۴۴۰

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	لقمے کو پلید چیز لگ جائے تو اس کا حکم۔	۴۴۰
	شیطان کے لیے لقمہ چھوڑنے کا مطلب۔	//
۳۹۸۷	ٹیک لگا کر کھانے کی ممانعت۔	۴۴۱
	حضرت ابو جحیفہ صحابی کا تذکرہ۔	//
	علامہ جزری کا قول۔	//
	جدید ریسرچ انگلیاں چاٹنے کے بارے میں۔	//
	تکیہ لگا کر بیٹھنے کی تین اقسام۔	//
۳۹۸۸	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے میز پر کھانا نہیں کھایا۔	۴۴۲
	آپ نے کبھی چپاتی تناول نہیں فرمائی۔	//
۳۹۸۹	بھنی ہوئی بکری اور چپاتی۔	۴۴۳
۳۹۹۰	حضور کے زمانۂ اقدس میں آٹا بغیر چھلنے گندھا جاتا تھا۔	۴۴۴
۳۹۹۱	حضور نے کھانے میں کبھی عیب نہیں نکالا۔	۴۴۵
۳۹۹۲	مومن ایک آنت سے کھاتا ہے۔	//
	آدمی کی سات آنتیں ہوتی ہیں۔	۴۴۶
۳۹۹۳	دو آدمیوں کا کھانا تین کے لیے کافی ہوتا ہے۔	۴۴۷
۳۹۹۴	چار آدمیوں کا کھانا آٹھ کے لیے کافی ہے۔	//
۳۹۹۵	تلبینہ بیمار کو راحت بخشتا ہے۔	۴۴۸
	تلبینہ اور مجمّۃ کا معنی۔	//
۳۹۹۶	جو کی روٹی اور شوربے میں کدو۔	//
	حضرت انس رضی اللہ عنہ حضور کے خادم صحابی	۴۴۹
	مرق اور حوالی کا معنی۔	

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۳۹۹۷	بکرے کا کندھا آپ نے تناول فرمایا۔	۴۴۹
۳۹۹۸	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم حلوا اور شہد پسند فرماتے تھے۔	۴۵۰
	مومن حلوے کو پسند کرنے والا ہے۔	۴۵۱
۳۹۹۹	سالن کی جگہ سرکے کے ساتھ روٹی تناول فرمائی۔	″
۴۰۰۰	کماۃ اور اس کا پانی آنکھ کے لیے شفاء ہے۔	۴۵۲
	کماۃ کا معنی۔	″
۴۰۰۱	ککڑی کے ساتھ تر کھجور کھانا۔	۴۵۳
	قثاء کا معنی۔	″
	ایک سے زیادہ کھانوں کو جمع کرنا جائز ہے۔	″
۴۰۰۲	پیلو کے پھل سے سیاہ کالے دانے چننے پسندیدہ ہیں۔	″
	بکریاں چرانے میں عاجزی آتی ہے۔	۴۵۴
۴۰۰۳	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جلدی جلدی کھجوریں کھائیں۔	۴۵۵
۴۰۰۴	اپنے ساتھیوں سے اجازت لے کر زیادہ کھجوریں کھاؤ۔	″
	رزق کی فراوانی کے وقت زیادہ کھانے استعمال کرنا جائز ہے۔	۴۵۶
۴۰۰۵	جس گھر میں کھجوریں ہوں وہ بھوکے نہیں رہتے۔	″
۴۰۰۶	عجوہ کھجوروں کے فوائد۔	″

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۰۰۷	عجوہ کھجور میں شفاء ہے۔	۴۵۷
	عالیہ مسجد قباء کی جانب جگہ کا نام ہے۔	۴۵۸
۴۰۰۸	ہماری خوراک صرف کھجوریں ہوتیں۔	″
۴۰۰۹	حضور کے اہل بیت گندم کی روٹی سے دو دن سیر نہیں ہوئے۔	۴۵۹
۴۰۱۰	حضور کے وصال کے وقت کھجور اور پانی۔	″
	تُوُفِّیَ کا معنی۔	″
۴۰۱۱	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ردی کھجوریں بھی بہت کم ہوتیں تھیں۔	۴۶۰
	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو نقد فاقہ پسند تھا۔	″
۴۰۱۲	حضور لہسن استعمال نہیں فرماتے تھے۔	۴۶۱
	لہسن حرام نہیں ہے۔	″
	فرشتے ناپسندیدہ بو کو مکروہ جانتے تھے۔	″
۴۰۱۳	لہسن کھانے والا ہم سے الگ رہے۔	″
۴۰۱۴	اپنا کھانا ناپ لیا کرو برکت ہوگی۔	۴۶۳
۴۰۱۵	کھانے سے فراغت کے بعد یہ دعا پڑھنی چاہیے۔	۴۶۴
۴۰۱۶	ایک بار کھانا کھانے سے اللہ راضی ہوتا ہے۔	″
	دوسری فصل	۴۶۵
۴۰۱۷	اللہ کا نام لے کر کھانے سے شیطان داخل نہیں ہوتا۔	″
	بسم اللہ ترک کرنا کھانے میں بے برکتی کا سبب ہے۔	۴۶۶
۴۰۱۸	کھانے کی ابتداء میں اگر کوئی بسم اللہ	

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	پڑھنی بھول جائے تو درمیان ہی پڑھ لے۔	۴۶۶
۴۰۱۹	آخری لقمے تک بسم اللہ پڑھ لے۔	//
۴۰۲۰	کھانے سے فارغ ہونے کے بعد کی دعا۔	۴۶۷
۴۰۲۱	کھانا کھا کر شکر کرنا، روزہ رکھ کر صبر کرنے والے کی طرح ہے۔	//
	روزہ رکھنے کا اجر و ثواب	۴۶۸
	حضرت سنان بن سنہ صحابی کا تذکرہ۔	//
۴۰۲۲	حضور انور کھانے پینے کے بعد یہ دعا پڑھتے۔	۴۶۹
۴۰۲۳	کھانے سے پہلے اور بعد میں وضو باعث برکت ہے۔	//
۴۰۲۴	وضو کا حکم نماز کے لیے۔	۴۷۰
	وضو بطور وجوب نماز کے لیے ہے۔	//
۴۰۲۵	ثرید کھانے کے درمیان میں برکت نازل ہوتی ہے۔	۴۷۱
۴۰۲۶	حضور اکرم ٹیک لگا کر نہیں کھاتے تھے۔	۴۷۲
۴۰۲۷	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں روٹی اور گوشت تناول فرمایا۔	//
	حضرت عبداللہ بن حارث صحابی کا تذکرہ۔	۴۷۳
	کھانے کے بعد ہاتھ نہ دھونے کا سبب۔	//
۴۰۲۸	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دستی کا گوشت پسند تھا۔	
	گوشت دانتوں سے نوچ کر کھانے کا فائدہ۔	//
۴۰۲۹	گوشت چھری سے کاٹ کر نہیں کھانا چاہیے۔	۴۷۴
	اعاجم کا معنی۔	۴۷۴
۴۰۳۰	چقندر اور جو کے آٹے سے کھانا تیار کرنا۔	۴۷۵
۴۰۳۱	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو کھرچن پسند تھی	۴۷۶
	تفل کا معنی۔	//
۴۰۳۲	پیالے میں کھانا اور چاٹنا باعث مغفرت ہے۔	۴۷۷
	حضرت نبیشہ صحابی کا تذکرہ۔	//
۴۰۳۳	رات کو چکنائی والے ہاتھ دھو کر سونے کا حکم	//
۴۰۳۴	حضور کا محبوب کھانا روٹی، کھجور اور مکھن کا ثرید تھا۔	۴۷۸
۴۰۳۵	روغن زیتون کھاؤ اور جسم پر ملو۔	//
	زیتون میں برکت ہے۔	۴۷۹
۴۰۳۶	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خشک روٹی اور سرکہ تناول فرمایا۔	//
۴۰۳۷	حضور نے جو کی روٹی کھجور کے ساتھ تناول فرمائی۔	//
۴۰۳۸	سات عجوہ کھجوریں گٹھلیوں سمیت کوٹ کر بیماری کے لیے شفا ہے۔	۴۸۰
۴۰۳۹	حضور تربوز کھجور کے ساتھ کھایا کرتے تھے۔	۴۸۱
	اس کے فوائد۔	۴۸۲
۴۰۴۰	پرانی کھجوروں سے کیڑے نکال کر کھانا۔	//
۴۰۴۱	پنیر چھری سے کاٹ کر بسم اللہ پڑھ کر کھایا کرو۔	//

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۰۴۲	گھی، پنیر اور پوستین کے بارے میں سوال۔	۴۸۳
	ان کی علت و حرمت کے بارے میں سوال کا جواب۔	۴۸۴
۴۰۴۳	حضور کی پسندیدہ غذا۔	//
۴۰۴۴	پکا ہوا لہسن کھانا جائز ہے۔	۴۸۵
۴۰۴۵	آپ کے آخری طعام میں پیاز شامل تھا۔	۴۸۶
	کچے پیاز کی ممانعت ہے پکے کی نہیں۔	//
۴۰۴۶	حضور نے مکھن اور چھوہارے پسند فرمائے۔	//
۴۰۴۷	حضور نے حضرت عکراش کو کھانے کا طریقہ سکھایا۔	۴۸۷
	آگ پر پکے ہوئے کھانے کے بعد وضو کا طریقہ۔	۴۸۸
۴۰۴۸	بیمار کے لیے نرم غذا۔	//
۴۰۴۹	عجوہ کھجور اور کھمبی طعام میں شفاء ہے۔	۴۸۹
	تیسری فصل	۴۹۰
۴۰۵۰	بکری کا بھنا ہوا گوشت۔	//
	حضرت مغیرہ بن شعبہ صحابی کا تذکرہ۔	//
	بڑی مونچھوں کو کاٹنے کا حکم۔	۴۹۱
	نماز کی اطلاع ملتے ہی کھانا پینا ترک کر دیا جائے	//
۴۰۵۱	کھانے کی ابتداء حضور اکرم سے ہوتی۔	۴۹۲
۴۰۵۲	آپ نے زیادہ طعام کھانے والے غلام کو نہ خریدا۔	۴۹۳
۴۰۵۳	سالن کا سردار نمک ہے۔	۴۹۴
۴۰۵۴	جوتے اتار کر کھانے میں راحت ہے۔	//

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۰۵۵	کھانا ڈھانپ کر رکھنے میں برکت ہے۔	۴۹۴
۴۰۵۶	پیالہ اپنے چاٹنے والے کے لیے دعا کرتا ہے۔	۴۹۵
	باب	۴۹۶
	ضیافت کا بیان	//
	پہلی فصل	
۴۰۵۷	معاشرے کے حقوق کی تعلیم۔	//
۴۰۵۸	مہمان کی عزت کی تعلیم۔	۴۹۷
	مہمان اور ضیافت تین دن تک۔	۴۹۸
۴۰۵۹	قوم کو مہمانوں کی عزت اور حق ادا کرنا چاہیے۔	
۴۰۶۰	سرور کون و مکاں اور حضرت ابوبکر و عمر کی ایک انصاری کے ہاں دعوت۔	۴۹۹
	بھوک کی شدت کی بناء پر ابوبکر و عمر اپنے گھروں سے باہر نکلے تھے۔	۵۰۱
	دوسری فصل	۵۰۲
۴۰۶۱	ہر مسلمان پر محروم مہمان کی امداد لازم ہے۔	//
۴۰۶۲	جو تمہاری مہمانی نہ کرے تم اس کی مہمان نوازی کرو۔	۵۰۴
	ابوالاحوص جشمی تابعی کا مختصر تذکرہ۔	//
۴۰۶۳	حضرت سعد کی حضور سے محبت کا انوکھا انداز۔	۵۰۵
	حضرت سعد بن عبادہ انصاری صحابی کا تذکرہ۔	۵۰۶
	حضرت سعد نے حضور کو منقی پیش کیا۔	//
۴۰۶۴	مومن اور ایمان کی مثال۔	//
۴۰۶۵	حضور کے پیالے کا وزن جسے چار مرد اٹھاتے تھے۔	۵۰۸

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۰۶۶	اکٹھے کھاتے ہیں برکت ہے۔	۵۰۹
	وحشی حبشی کا تذکرہ۔	//
	تیسری فصل	۵۱۰
۴۰۶۷	کھجور کا گچھا اور ٹھنڈے پانی سے حضور کی ضیافت۔	//
۴۰۶۸	دستر خوان سے سب لوگ اکٹھے فارغ ہوں۔	۵۱۲
۴۰۶۹	حضور اکرم صحابہ کے ساتھ آخر میں فارغ ہوتے۔	۵۱۳
۴۰۷۰	کھانے کی طلب ہو تو جھوٹ نہ بولنا چاہیے۔	//
۴۰۷۱	اکٹھے کھانا کھانے میں برکت رکھی ہے۔	۵۱۴
۴۰۷۲	آدمی اپنے مہمان کو گھر کے دروازے پر رخصت کرے۔	//
۴۰۷۳	جس گھر میں مہمان کھانا کھائے وہاں بھلائی پہنچتی ہے۔	//
	باب	۵۱۵
	حالت اضطرار میں کھانے کا بیان۔	//
	اس باب میں پہلی اور تیسری فصل نہیں ہے۔	//
	دوسری فصل	//
۴۰۷۴	اضطراری حالت میں مردار حلال ہے۔	//
۴۰۷۵	کس حالت کو پہنچے تو مردار کھاسکتے۔	۵۱۶
	جہاں سبزی، دودھ میسر ہو تو مردار حلال نہیں۔	//
	اس بارے میں آئمہ کی بحث	۵۱۷

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	باب	۵۱۹
	مشروبات کا بیان	//
	پہلی فصل	//
۴۰۷۶	پانی تین سانس میں پینا سنت ہے۔	//
۴۰۷۷	مشکیزے کے منہ سے پانی پینا منع ہے۔	۵۲۰
۴۰۷۸	مشکیزے کا منہ الٹ کر پانی پیا جاتے۔	//
	مشکیزے کو منہ لگا کر نہ پینے کی وجہ۔	//
۴۰۷۹	کھڑے ہو کر پینا منع ہے۔	۵۲۱
۴۰۸۰	بھول کر کھڑے ہو کر پینے والا قے کر دے۔	//
۴۰۸۱	زمزم کھڑے ہو کر پینا سنت ہے۔	//
۴۰۸۲	وضو کا بچا ہوا پانی کھڑے ہو کر پینا سنت ہے۔	۵۲۲
	کھڑے ہو کر پانی پینے کے بارے میں محدثین کی بحث۔	//
۴۰۸۳	رات کے باسی پانی میں بکری کا دودھ مکس کر کے حضور اکرم نے پیا۔	۵۲۳
۴۰۸۴	چاندی کے برتن میں پینا جہنم کی آگ پیٹ میں اتارنا ہے۔	۵۲۵
	جرجرہ کا معنی۔	//
	سونے چاندی کے برتن میں کھانا پینا حرام ہے۔	//
۴۰۸۵	سونے چاندی کے برتن اور ریشم و دیبا دنیا میں کافروں کے لیے ہیں۔	۵۲۶
۴۰۸۶	بکری کے دودھ میں پانی ملا کر پینا	//

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	پہلے دائیں جانب والے کو ترجیح دی جائے۔	۵۲۶
۴۰۸۷	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے دائیں جانب والے بچے کو پہلے عطا فرمایا۔	۵۲۷
	کم عمر صحابی نے اپنا حق دینے سے انکار کر دیا۔	۵۲۸
	دوسری فصل	۵۲۹
۴۰۸۸	چل پھر کر کھانا پینا۔	″
۴۰۸۹	کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر کھانا۔	۵۳۰
۴۰۹۰	برتن میں سانس لینا یا پھونک مارنا منع ہے۔	″
۴۰۹۱	اونٹ کی طرح ایک ہی سانس میں نہ پیو۔	۵۳۱
۴۰۹۲	پانی پینے کا سنت طریقہ۔	″
۴۰۹۳	پیالے کے سوراخ سے پینے کی ممانعت۔	۵۳۲
	ثلمۃ کا معنی۔	″
۴۰۹۴	حضور کے منہ لگائے ہوئے حصے کو صحابیہ نے تبرکاً کاٹ کر الگ کر لیا۔	″
	تبرکات کی تعظیم کا ثبوت۔	۵۳۳
۴۰۹۵	حضور انور کا پسندیدہ مشروب ٹھنڈا پانی۔	″
۴۰۹۶	کھانے اور دودھ پینے کے بعد کی دعا۔	″
۴۰۹۷	حضور کے لیے سقیا چشمے سے میٹھا پانی لایا جاتا تھا۔	۵۳۴
	تیسری فصل	″
۴۰۹۸	سونے چاندی کے برتن میں کھانے پینے کی ممانعت کا سخت حکم۔	″

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	باب	۵۳۵
	کشمکش وغیرہ کے مشروبات کا بیان	″
	نقیع اور نبیذ کا معنی۔	″
	پہلی فصل	۵۳۶
۴۰۹۹	حضرت انس کے پیالے سے حضور انور نے شہد، نبیذ، پانی اور دودھ نوش فرمایا۔	″
۴۱۰۰	حضور اکرم کے لیے مشکیزے میں نبیذ۔	″
۴۱۰۱	حضور اکرم ایک دفعہ تیار شدہ نبیذ تین دن تک استعمال فرماتے۔	۵۳۷
۴۱۰۲	اگر مشکیزہ نہ ملتا تو پتھر کے برتن میں نبیذ تیار ہوتی۔	″
۴۱۰۳	جن برتنوں میں نبیذ بنانا منع ہے۔	۵۳۸
	دبا، مزفت اور ادم کا معنی۔	″
۴۱۰۴	ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔	۵۳۹
	دوسری فصل	″
۴۱۰۵	امت کے کچھ لوگ ضرور شراب پیئں گے۔	″
	شراب پینے میں حیلے سازی۔	۵۴۰
	تیسری فصل	″
۴۱۰۶	سبز کوزے کے نبیذ کی ممانعت۔	″
	سفید کوزے میں بھی نہ پیو۔	″
	باب	۵۴۱
	برتنوں کو ڈھانپنے کا بیان	″
	پہلی فصل	″
۴۱۰۷	رات کی ابتداء میں بچوں کو گھر سے باہر نکلنے کی ممانعت۔	″

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	رات کو برتن ڈھانپ کر رکھنے کا حکم۔	۵۴۴
	چوہیا کو مارنا درست ہے۔	//
۴۱۰۸	برتنوں کو ڈھانپ کر رکھنا چاہیے۔	۵۴۵
۴۱۰۹	رات کو آگ بجھا کر سویا کرو۔	۵۴۶
۴۱۱۰	آگ بندوں کی دشمن ہے سونے کے وقت اسے بجھا دیا کرو۔	//
	دوسری فصل	۵۴۷
۴۱۱۱	رات کے وقت کتوں کے بھونکنے اور گدھوں کے رینگنے کی آواز سے اللہ کی پناہ مانگو۔	//
۴۱۱۲	چوہے رات کو چراغ کی بتی کھینچ لاتے ہیں۔	۵۴۸
	کتاب	۵۴۹
	لباس کا بیان	//
	پہلی فصل	
۴۱۱۳ الف	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو دھاری دار یمنی کپڑا پسند تھا۔	//
	حِبَرَۃ کا معنی۔	//
۴۱۱۳ ب	آپ نے سیاہ بالوں کی اونی چادر زیب تن کر رکھی تھی۔	//
	مِرْطٌ مُرَحَّل کا معنی۔	۵۵۰
۴۱۱۴	حضور نے تنگ آستینوں والا رومی جبہ زیب تن فرمایا۔	//
	جُبَّہ دیبار کا معنی۔	//
۴۱۱۵	حضور کا پیوند لگا کمبل اور موٹا تہبند۔	۵۵۱
۴۱۱۶	آپ کا بستر مبارک رنگے ہوئے چمڑے کا تھا۔	//

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۱۱۷	آپ کے تکیہ مبارک میں کھجور کے پتے۔	۵۵۱
	حضور کو جو لباس بھی میسر ہوتا پہن لیتے۔	۵۵۲
۴۱۱۸	حضور اپنی چادر کے کنارے کے ساتھ سر مبارک ڈھانپ کر تشریف لائے۔	//
	سر ڈھانپنا ایمان کا لباس ہے۔	۵۵۳
	معتکف سر ڈھانپ کر جمعہ کے لیے مسجد سے باہر آئے۔	//
۴۱۱۹	گھر میں تین بستر ہوں	۵۵۴
۴۱۲۰/۴۱۲۱	ازراہ تکبر اپنی چادر گھسیٹنے والے پر اللہ تعالیٰ نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔	۵۵۵
۴۱۲۲	متکبر چادر گھسیٹنے والے کو زمین میں دھنسا دیا گیا۔	//
۴۱۲۳	تہبند کا ٹخنوں سے نیچے ہونا اہل نار کا فعل ہے۔	۵۵۶
	جو کپڑا بھی لٹکانے کے حکم میں ہے وہ اسبال ہے جو کہ ممنوع ہے۔	//
۴۱۲۴	بائیں ہاتھ سے کھانا، ایک جوتے میں چلنا اور ایک کپڑے میں لپٹنا منع ہے۔	۵۵۷
	اشتمال صماء کا معنی۔	//
	احتباء کا معنی۔	۵۵۸
۴۱۲۵	دنیا میں ریشم پہننے والا آخرت میں ریشم سے محروم ہوگا۔	//
۴۱۲۶	//	//
۴۱۲۷	سونے چاندی کے برتنوں میں کھانے پینے	

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	اور ریشم و دیبا پہننے کی ممانعت۔	۵۵۹
۴۱۲۸	دعائی دار چادروں کے آپ نے ڈوپٹے بنوا دیے۔	//
	نوا طلم فاطمہ کی جمع ہے حضرت علی کے گھر کئی فاطمائیں جمع تھیں۔	۵۶۰
۴۱۲۹	ریشم کا لباس پہننے کی ممانعت۔	//
۴۱۳۰	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے جبے کو ریشم کی پٹی لگی ہوئی تھی۔	۵۶۱
	طیالسیہ کسروانیہ جبۃ	//
	حضرت اسماء نے حضور کا جبہ نکال کر لوگوں کو دکھاتی تھی۔	۵۶۲
۴۱۳۱	حضرات زبیر اور عبدالرحمان کو ریشم پہننے کی اجازت۔	۵۶۳
	تملل کا معنی۔	//
	ریشم کے تانے بانے کا حکم۔	۵۶۴
۴۱۳۲	عصفر سے رنگے ہوئے کپڑے کفار کے کپڑوں کی جنس سے ہیں۔	//
	عصفر کے رنگے ہوئے کپڑوں کے بارے میں علماء کا اختلاف۔	۵۶۵
	دوسری فصل	۵۶۶
۴۱۳۳	حضور کا پسندیدہ کپڑا قمیص تھی۔	//
۴۱۳۴	حضور کی قمیص کی آستینیں ہاتھ کے جوڑ تک تھیں۔	//
	حضرت اسماء بنت یزید صحابیہ کا تذکرہ۔	//
۴۱۳۵	حضور انور قمیص دائیں جانب سے پہنتے۔	۵۶۷
۴۱۳۶	مومن کے تہبند باندھنے کا پسندیدہ طریقہ۔	//
۴۱۳۷	قمیص اور عمامہ نیچے چھوڑا جاتا ہے۔	۵۶۸
	حضرت سالم کا مختصر تذکرہ۔	//
۴۱۳۸	صحابہ کرام کی ٹوپیاں سر سے چپکی ہوئی ہوتیں تھیں۔	//
	ٹوپی پر عمامہ پہننا حد فاصل ہے۔	۵۶۹
۴۱۳۹	عورت تہبند ٹخنوں کے نیچے تک لٹکائے۔	//
۴۱۴۰	حضور کی قمیص کے بٹن کھلے تھے۔	۵۷۰
	حضرت معاویہ بن قرہ تابعی کا تذکرہ۔	//
	صحابی رسول کی حضور سے عقیدت کا طریقہ۔	//
۴۱۴۱	سفید کپڑے پہننا سنت ہے۔	۵۷۱
۴۱۴۲	عمامہ کا کنارا کندھوں کے درمیان لٹکائے	//
۴۱۴۳	حضور نے حضرت عبدالرحمن کو عمامہ بندھوایا۔	۵۷۲
	عمامہ باندھنے کی سنت پر بے شمار احادیث۔	//
۴۱۴۴	ہمارے اور مشرکوں کے درمیان فرق۔	//
	ٹوپیوں پر عمامے باندھنا ہے۔	۵۷۳
۴۱۴۵	عورتوں کے لیے سونا اور ریشم حلال ہے۔	//
۴۱۴۶	نیا کپڑا پہن کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا۔	//
۴۱۴۷	کھانا کھانے کے بعد اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنا۔	۵۷۴
۴۱۴۸	دولت مندوں کی ہم نشینی سے بچنے کی ہدایت۔	۵۷۵
۴۱۴۹	کپڑے کا پرانا ہونا ایمان سے ہے۔	۵۷۶
۴۱۵۰	دنیا میں شہرت والا کپڑا پہننے والا آخرت میں ذلت والا کپڑا پہنے گا	//

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۱۵۱	جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی وہ اسی میں سے ہے۔	۵۷۷
۴۱۵۲	قدرت کے باوجود زیب و زینت کا کپڑا پہننا ترک کرنا۔	״
	فتنے سے بچنے کے لیے تیاری کرنا۔	۵۷۸
۴۱۵۳	اللہ تعالیٰ کی نعمت کا اثر بندے پر ہو۔	۵۷۹
۴۱۵۴	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے کپڑوں اور جسم کی صفائی کا حکم فرمایا۔	״
۴۱۵۵	مالدار ہونے کے باوجود اچھے کپڑے نہ پہننا ناشکری ہے۔	۵۸۰
	ابوالاحوص تابعی کا مختصر تذکرہ۔	۵۸۱
۴۱۵۶	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سرخ کپڑے پہننے والے کے سلام کا جواب نہیں دیا۔	״
۴۱۵۷	مردوں کی خوشبو میں بو ہے رنگ نہیں۔	۵۸۲
	لباس کے بارے میں حضور اکرم کی تعلیم۔	״
۴۱۵۸	دس چیزوں کی ممانعت۔	۵۸۳
۴۱۵۹	سونے کی انگوٹھی، قسی کپڑے پہننے اور گدے پر سونے کی ممانعت۔	۵۸۴
۴۱۶۰	ریشم اور چیتے کی کھالوں پر سوار ہونے کی ممانعت۔	۵۸۵
	خزّ اور نِمار کا معنی۔	۵۸۶
۴۱۶۱	سرخ گدے کی ممانعت	״
۴۱۶۲	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے سبز کپڑے زیب تن کیے۔	۵۸۷

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	حضرت ابو رمثہ صحابی کا تذکرہ۔	۵۸۸
	حضور انور کے سر اقدس اور داڑھی مبارک میں چودہ سفید بال مبارک۔	״
	آپ کی پاک زلفوں کو مہندی کا رنگ دینا۔	״
	محدثین اور فقہاء میں آپ کے بالوں کی رنگت پر اختلاف۔	۵۸۹
۴۱۶۳	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سرخ دھاری دار چادر اوڑھ رکھی تھی۔	״
۴۱۶۴	دو موٹے کپڑے حضور اقدس کا لباس۔	۵۹۰
۴۱۶۵	آپ کسم رنگے کپڑے کو ناپسند کرتے تھے۔	۵۹۱
	کپڑے کو ضائع نہیں کرنا چاہیے۔	״
۴۱۶۶	خطبہ منیٰ میں حضور اقدس کے زیب تن سرخ دھاری دار چادر۔	۵۹۲
۴۱۶۷	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے سیاہ چادر زیب تن فرمائی۔	۵۹۳
۴۱۶۸	آپ چادر کو جسم اطہر پر لپیٹ لیتے۔	״
	اِجتباء اور مُعَذَّبَہ کا معنی۔	״
۴۱۶۹	عورتوں کو باریک کپڑے کے نیچے کوئی دوسرا کپڑا لگا کر پہننا چاہیے۔	۵۹۴
۴۱۷۰	عورتیں اوڑھنی کو ایک بل سے اوڑھیں۔	۵۹۵
	تیسری فصل	״
۴۱۷۱	حضور اقدس نے عبداللہ بن عمر کا تہبند نصف پنڈلیوں تک اونچا کروایا۔	״
۴۱۷۲	تکبر کی بنا پر تہبند لٹکانے سے اللہ تعالیٰ	

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	نظر رحمت نہیں فرماتا۔	۵۹۶
۴۱۷۳	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تہبند باندھنے کا طریقہ۔	״
۴۱۷۴	حضور انور کا فرمان، عمامے ضرور باندھو۔	۵۹۷
	لوگوں میں بدعملی کی انتہا۔	״
۴۱۷۵	حضرت اسماء کے باریک کپڑوں سے حضور انور ناراض ہوتے۔	۵۹۸
	باریک کپڑے پہن کر حتیٰ کہ دوپٹہ اوڑھ کر جس سے سر کے بال نظر آئیں نماز نہیں ہوتی۔	״
۴۱۷۶	حضرت علی نے نیا کپڑا پہن کر اللہ کا شکر ادا کیا۔	۵۹۹
۴۱۷۷	حضرت عمر نے نیا کپڑا پہن کر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔	״
۴۱۷۸	حضرت عائشہ نے حفصہ بنت عبدالرحمٰن کا باریک دوپٹہ پھاڑ دیا۔	۶۰۰
۴۱۷۹	مدینہ کی دلہنیں حضرت عائشہ کے کپڑے پہنتی تھیں۔	۶۰۱
۴۱۸۰	دیباج کی قبا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فوراً اتار دی۔	۶۰۲
۴۱۸۱	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے خالص ریشم کے کپڑوں سے مردوں کو منع فرمایا ہے۔	۶۰۳
	ائمہ کا تانے بانے میں اختلاف۔	״
۴۱۸۲	نقش و نگار والی چادر صحابی رسول نے اوڑھ رکھی تھی۔	״
۴۱۸۳	تکبر و فضول خرچی سے جدا رہو۔	۶۰۴
۴۱۸۴	حضور کا فرمان دو چیزوں سے بچو۔	״
۴۱۸۵	بہترین کپڑے قبروں اور مسجدوں میں حاضر ہونے کے لیے سفید ہیں۔	״
	باب	۶۰۵
	انگوٹھی کا بیان	״
	پہلی فصل	
۴۱۸۶	حضور انور نے چاندی کی انگوٹھی میں محمد رسول اللہ کندہ کروایا۔	״
	انگوٹھی کا نگینہ ہتھیلی کی طرف رکھنا سنت ہے۔	۶۰۶
۴۱۸۷	ریشمی و سرخ لباس اور سونے کی انگوٹھی پہننے اور رکوع میں تلاوت قرآن کی ممانعت۔	۶۰۷
۴۱۸۸	سونے کی انگوٹھی مرد کے لیے جہنم کی آگ کا انگارہ ہے۔	״
۴۱۸۹	حضور انور نے انگوٹھی پر اپنے نام مبارک کی مہر بنوائی۔	۶۰۸
	مہر میں نام مبارک محمد رسول اللہ کی ترتیب۔	۶۰۹
	خلافت عثمانی میں وہ مہر کنویں میں گر گئی تلاش بسیار کے بعد بھی نہ ملی۔	״
	سرکار دو عالم کی انگوٹھی میں راز تھا۔	۶۱۰
۴۱۹۰	حضور کی انگوٹھی اور نگینہ چاندی کا تھا۔	״
۴۱۹۱	حضور انور نے انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہنی۔	״
۴۱۹۲	حضور اکرم نے انگوٹھی کس انگلی میں پہنی؟	״

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۱۹۳	حضرت علی کو درمیانی یا اس کے ساتھ والی انگلی میں انگوٹھی پہننے کی ممانعت۔	۶۱۰
	چھنگلی میں انگوٹھی پہننا ائمہ حنفیہ وشافعیہ کے نزدیک مستحب ہے۔	۶۱۱
	دوسری فصل	
۴۱۹۴	حضور اکرم کی سنت دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا۔	//
۴۱۹۵	حضور اکرم نے بائیں ہاتھ میں بھی انگوٹھی پہنی۔	//
۴۱۹۶	ریشمی کپڑا اور سونا مردوں کے لیے حرام ہیں۔	//
۴۱۹۷	چیتے کی کھالوں پر سواری اور سونا پہننے کی ممانعت۔	۶۱۲
	مُقَطَّع کا معنی وتفسیر	//
۴۱۹۸	پیتل کی انگوٹھی میں بتوں کی بو۔	۶۱۳
	لوہے کی انگوٹھی جہنم کا لباس۔	۶۱۴
	عورت کے لیے لوہے کی انگوٹھی کا جواز۔	//
۴۱۹۹	دس خصلتیں ناپسندیدہ ہیں۔	//
	خَلُوق کا معنی	۶۱۵
	رِکاب کا معنی	//
	دم پھونک مارنے کا ثبوت۔	۶۱۶
	جاہلیت کے منکوں اور ہڈیوں کو گلے میں ڈالنے کی ممانعت۔	//
	عَزل الماء کا معنی۔	۶۱۷
۴۲۰۰	جھانجھ کے ساتھ شیطان جہاں گھنٹی ہو وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔	۶۱۷
۴۲۰۱	حضرت عائشہ نے جھانجھ پہنی ہوئی بچی کو اپنے سے دور کر دیا۔	..
۴۲۰۲	عرفجہ بن اسعد کی سونے کی ناک۔	//
۴۲۰۳	سونے کی انگوٹھی، زنجیر اور کنگن مرد کے لیے آگ ہے۔	۶۱۹
۴۲۰۴	عورت کے لیے بھی سونے کی ممانعت کا حکم۔	۶۲۰
۴۲۰۵	عورتوں کو بناؤ سنگھار کے لیے سونا پہن کر ظاہر کرنے کی ممانعت۔	۶۲۱
	عورتوں کے سونا پہننے کے بارے میں وضاحت۔	//
	تیسری فصل	۶۲۲
۴۲۰۶	زیور اور ریشم مرد کے جنت میں ہیں دنیا میں اس کی ممانعت۔	//
۴۲۰۷	حضور انور نے انگوٹھی بنوا کر پہنی پھر الگ کر دی۔	//
۴۲۰۸	لڑکوں اور بچوں کو سونا پہننا منع ہے۔	۶۲۳
	باب	//
	جوتوں کا بیان	//
	پہلی فصل	
۴۲۰۹	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بغیر بالوں والے جوتے پہنے۔	//
۴۲۱۰	حضور انور کے مبارک جوتوں کے دو تسمے تھے۔	۶۲۴

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	قبال کا معنی	۶۲۴
	اعلیحضرت نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے نعلین شریفین کا نقشہ مرتب فرمایا۔	″
۴۲۱۱	کثرت سے جوتے پہننے کا حکم۔	۶۲۵
۴۲۱۲	جوتے میں پہلے دایاں پاؤں پہنے۔	″
۴۲۱۳	ایک جوتا پہن کر چلنے کی ممانعت۔	۶۲۶
۴۲۱۴	لباس اور جوتے پہننے کا طریقہ۔	″
	دوسری فصل	۶۲۷
۴۲۱۵	حضور انور کے مبارک جوتوں کے دو تسمے	″
۴۲۱۶	کھڑا ہو کر جوتا پہننے کی ممانعت۔	″
۴۲۱۷	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک جوتا پہن کر بھی چلے۔	″
	ممانعت وموافقت والی حدیثوں میں تطبیق۔	۶۲۸
۴۲۱۸	جوتے اتار کر بیٹھنا سنت ہے۔	″
	آج کل کے طور طریقے جوتا پہن کر کھانا پینا بیٹھنا اور سونا۔	
۴۲۱۹	حضور اقدس کی خدمت میں نجاشی نے دو سیاہ موزوں کا جوتا بطور ہدیہ بھیجا۔	۶۲۹
	باب	″
	کنگھی کرنے کا بیان	″
	پہلی فصل	۶۳۰
۴۲۲۰	حضرت عائشہ حضور انور کے سر مبارک پر کنگھی کرتی۔	″
۴۲۲۱	پانچ فطرتی چیزیں۔	″

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۲۲۲	مشرکین کی مخالفت کرنے کا حکم۔	۶۳۱
۴۲۲۳	مونچھیں تراشنے، ناخنوں کے کاٹنے کا حکم۔	″
۴۲۲۴	یہود ونصاریٰ بالوں کو رنگتے نہیں۔	۶۳۲
	فقہاء کی رنگنے کے بارے میں بحث	″
۴۲۲۵	حضرت ابو قحافہ کے سفید بال تبدیل کرنے کا حکم۔	″
	حضرت ابو قحافہ خلیفہ اول ابوبکر صدیق کے والد صحابی رسول کا تذکرہ۔	۶۳۳
	سیاہ خضاب کی ممانعت۔	″
۴۲۲۶	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پیشانی سے بالوں کی مانگ نکالی۔	″
	مانگ نکالنے کی تشریح۔	۶۳۴
۴۲۲۷	بالوں کے بودے رکھنے کی ممانعت۔	″
	قزع کا معنی	۶۳۵
۴۲۲۸	تمام سر کو مونڈنا چاہیے۔	″
۴۲۲۹	مخنث بننے والے مردوں اور عورتوں پر لعنت۔	۶۳۶
	مخنث کا معنی۔	″
۴۲۳۰	مردوں اور عورتوں کو ایک دوسرے کی مشابہت اختیار کرنے پر لعنت۔	″
۴۲۳۱	بالوں کو دوسرے بالوں کے ساتھ ملانے اور وشمہ لگانے کی ممانعت۔	″
	واصلہ اور وشمہ کا معنی۔	۶۳۷

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۲۳۲	چہرے کے بال اکھیڑنے والی عورتوں پر حضور نے لعنت فرمائی۔	۶۳۷
	"قلع" کا معنی۔	۶۳۸
۴۲۳۳	آنکھ کی تاثیر حق ہے۔	۶۳۹
۴۲۳۴	حضور انور نے اپنے بال چپکائے۔	۶۴۰
	"مُلَبِّدًا" کا معنی۔	//
۴۲۳۵	مرد کو زعفران لگانا منع ہے۔	//
۴۲۳۶	حضرت عائشہ حضور کو خوشبو لگاتیں۔	//
۴۲۳۷	حضرت ابن عمر لوبان کی دھونی لیتے۔	۶۴۱
	دوسری فصل	
۴۲۳۸	مونچھیں ترشوانا سنت ابراہیم علیہ السلام ہے۔	//
۴۲۳۹	حضور انور اپنی مونچھوں کو پست کیا کرتے تھے۔	//
۴۲۴۰	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی داڑھی کو چوڑائی اور لمبائی سے لیتے تھے۔	//
	داڑھی کے بارے میں آئمہ فقہاء کا موقف۔	۶۴۲
	حضور کا ہمیشہ کا عمل و امر امت پر واجب	۶۴۳
	داڑھی شعائر اسلام سے ہے۔	۶۴۴
	داڑھی منڈانا عورت سے مشابہت اختیار کرنا ہے۔	۶۴۵
۴۲۴۱	مرد خلوق نامی خوشبو نہ لگایا کریں۔	۶۴۶
۴۲۴۲	جس آدمی نے خلوق نامی خوشبو لگائی اس کی نماز قبول نہیں ہوتی۔	۶۴۷
۴۲۴۳	علاج کے لیے بھی خلوق خوشبو نہیں لگانی چاہیے۔	//
۴۲۴۴	مرد اور عورتوں کی خوشبو میں فرق۔	//
۴۲۴۵	حضور اقدس کپی میں سے خوشبو لگاتے۔	۶۴۸

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	"سُکّہ" اور "خلطہ" خوشبو کے نام۔	۶۴۸
۴۲۴۶	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر کو کثرت سے تیل لگاتے۔	//
	"قِنَاع" کا معنی	۶۴۹
۴۲۴۷	حضور انور کے چار گیسو	//
۴۲۴۸	حضور سرور عالم کی مانگ حضرت عائشہ صدیقہ نکالتی تھیں۔	//
	"فَرْق" اور یا "فُرُوخ" کا معنی۔	//
۴۲۴۹	کنگھی کبھی کبھی کرنی چاہیے۔	۶۵۰
	کنگھی ایک دن چھوڑ کر کی جائے۔	//
	"ترجّل" اور "تسریح" کا معنی۔	//
۴۲۵۰	آسودگی میں زیادتی نہیں کرنی چاہیے۔	۶۵۱
	"اِرْفَاہ" اور تواضع کا معنی۔	۶۵۲
۴۲۵۱	اپنے بالوں کی عزت کرو۔	//
۴۲۵۲	مہندی اور کتم بہترین چیز ہے۔	//
	"کَتَم" کا معنی۔	۶۵۳
۴۲۵۳	آخر زمانے کے لوگوں کی خصلت کی خبر	//
۴۲۵۴	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم داڑھی مبارک ورس اور زعفران سے رنگتے۔	۶۵۴ //
	حضور "سبتی" جوتے پہنتے تھے۔	۶۵۵
۴۲۵۵	مہندی سے بال رنگنا اچھا ہے۔	//
۴۲۵۶	بالوں کی سفیدی دور کرو۔	۶۵۶
۴۲۵۷	سفید بال مسلمان کا نور ہیں۔	//
۴۲۵۸	بڑھاپا مسلمان کے لیے نور ہوگا۔	۶۵۷

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۲۳۲	چہرے کے بال اکھیڑنے والی عورتوں پر حضور	
	نے لعنت فرمائی۔	۶۳۷
	"قنبع" کا معنی۔	۶۳۸
۴۲۳۳	آنکھ کی تاثیر حق ہے۔	۶۳۹
۴۲۳۴	حضور انور نے اپنے بال چپکائے۔	۶۴۰
	"متلبدًا" کا معنی۔	〃
۴۲۳۵	مرد کو زعفران لگانا منع ہے۔	〃
۴۲۳۶	حضرت عائشہ حضور کو خوشبو لگاتیں۔	〃
۴۲۳۷	حضرت ابن عمر لوبان کی دھونی لیتے۔	۶۴۱
	دوسری فصل	
۴۲۳۸	مونچھیں تراشنا سنت ابراہیم علیہ السلام ہے۔	〃
۴۲۳۹	حضور انور اپنی مونچھوں کو پست کیا کرتے تھے۔	〃
۴۲۴۰	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی داڑھی کو چوڑائی	
	اور لمبائی سے لیتے تھے۔	〃
	داڑھی کے بارے میں آئمہ فقہاء کا مؤقف۔	۶۴۲
	حضور کا ہمیشہ کا عمل دوام امت پر واجب	۶۴۳
	داڑھی شعائر اسلام سے ہے۔	۶۴۴
	داڑھی منڈانا عورت سے مشابہت اختیار	
	کرنا ہے۔	۶۴۵
۴۲۴۱	مرد خلوق نامی خوشبو نہ لگایا کریں۔	۶۴۶
۴۲۴۲	جس آدمی نے خلوق نامی خوشبو لگائی اس کی	
	نماز قبول نہیں ہوتی۔	۶۴۷
۴۲۴۳	علاج کے لیے بھی خلوق خوشبو نہیں لگانی	
	چاہیے۔	
۴۲۴۴	مرد اور عورتوں کی خوشبو میں فرق۔	
۴۲۴۵	حضور اقدس کپی میں سے خوشبو لگاتے۔	۶۴۸

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	"لخلخہ" اور "غالیہ" خوشبو کے نام۔	۶۴۸
۴۲۴۶	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اپنے سر کو کثرت	
	سے تیل لگاتے۔	〃
	"قناع" کا معنی	۶۴۹
۴۲۴۷	حضور انور کے چار گیسو	〃
۴۲۴۸	حضور سرور عالم کی مانگ حضرت عائشہ صدیقہ	
	نکالتی تھیں۔	〃
	"فرق" اور "یا فوخ" کا معنی۔	〃
۴۲۴۹	کنگھی کبھی کبھی کرنی چاہیے۔	۶۵۰
	کنگھی ایک دن چھوڑ کر کی جائے۔	〃
	"ترجل" اور "تسریح" کا معنی۔	〃
۴۲۵۰	آسودگی میں زیادتی نہیں کرنی چاہیے۔	۶۵۱
	"ارفاہ" اور "تواضع" کا معنی۔	۶۵۲
۴۲۵۱	اپنے بالوں کی عزت کرو۔	〃
۴۲۵۲	مہندی اور کتم بہترین چیز ہے۔	〃
	"کتم" کا معنی۔	۶۵۳
۴۲۵۳	آخر زمانے کے لوگوں کی خصلت کی خبر	〃
۴۲۵۴	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم داڑھی مبارک	۶۵۴
	ورس اور زعفران سے رنگتے۔	〃
	حضور "سبتی" جوتے پہنتے تھے۔	۶۵۵
۴۲۵۵	مہندی سے بال رنگنا اچھا ہے۔	〃
۴۲۵۶	بالوں کی سفیدی دور کرو۔	۶۵۶
۴۲۵۷	سفید بال مسلمان کا نور ہیں۔	〃
۴۲۵۸	بڑھاپا مسلمان کے لیے نور ہوگا۔	۶۵۷

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	سوال اور اس کا جواب	۶۵۷
۴۲۵۹	زوجین ایک برتن سے غسل کر سکتے ہیں۔	//
۴۲۶۰	بالوں اور چادر وغیرہ کا لٹکانا منع ہے۔	۶۵۸
	حضرت ابن الحنظلیہ صحابی کا تذکرہ۔	//
۴۲۶۱	رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حضرت انس کے سر کے بال خوش طبعی سے پکڑتے تھے۔	۶۵۹
۴۲۶۲	حضور نے بچوں کے سر حجام سے مونڈوائے۔	//
۴۲۶۳	عورتیں ختنہ کرنے میں مبالغہ نہ کریں۔	۶۶۰
	حضرت ام عطیہ انصاریہ صحابیہ کا تذکرہ۔	//
۴۲۶۴	حضرت عائشہ نے عورتوں کو مہندی کے خضاب کی اجازت دی۔	۶۶۱
	شافعیہ کا استدلال کہ مہندی کی خوشبو نہیں۔	//
۴۲۶۵	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہند بنت عتبہ کو بیعت نہیں کیا۔	//
	ہند بنت عتبہ صحابیہ کا تذکرہ۔	۶۶۲
۴۲۶۶	عورت اپنے ناخنوں کو مہندی سے تبدیل کرتی ہے۔	//
۴۲۶۷	بال گوندنے اور گدوانے والی پر لعنت۔	۶۶۳
۴۲۶۸	زنانہ لباس پہننے والے مردوں پر لعنت۔	//
۴۲۶۹	عورتوں کو مردوں جیسا لباس اور جوتے پہننے پر لعنت کی سزا۔	۶۶۴
	ابن ابی ملیکہ تابعی کا تذکرہ۔	//
۴۲۷۰	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے حسنین کریمین کو پہنائے ہوئے چاندی کے کنگن اتروا دیے۔	//

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	عصب اور عاج کی تفسیر میں اختلاف۔	۶۶۶
۴۲۷۱	اثمد سرمہ بینائی روشن کرتا ہے۔	۶۶۷
	تین تین سلائیاں سرمہ کی لگائی جائیں۔	//
۴۲۷۲	حضور صلی اللہ علیہ وسلم سونے سے پہلے سرمہ لگاتے تھے۔	۶۶۸
	لُدُود، سُعُوط، حجامت اور مشی کا معنی۔	//
۴۲۷۳	مردوں اور عورتوں کا حمام میں داخل ہونا منع ہے۔	۶۶۹
۴۲۷۴	عورتیں خاوندوں کے گھروں کے علاوہ کہیں اور اپنے کپڑے نہ اتاریں۔	//
۴۲۷۵	عجم کی زمین میں حمام ہوں گے۔	۶۷۰
۴۲۷۶	تہبند کے بغیر مرد حمام میں نہ جائے اور نہ ہی اپنی بیوی کو اجازت دے۔	۶۷۱
	محدثین کا نقطہ نظر۔	۶۷۲
	تیسری فصل	//
۴۲۷۷	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے سر کے بالوں کو خضاب نہیں لگایا۔	//
	حضرت ثابت بنانی مشہور تابعی ہیں۔	۶۷۳
۴۲۷۸	حضرت ابن عمر نے اپنی داڑھی کو صفرہ رنگ کے ساتھ رنگا۔	//
	شارحین کا اس مسئلے میں اختلاف۔	//
۴۲۷۹	حضرت ام سلمہ نے حضور کا رنگا ہوا بال بطور تبرک رکھا ہوا تھا۔	۶۷۴
	عثمان بن عبداللہ کا تذکرہ۔	۶۷۵
۴۲۸۰	مخنث کو مقام نقیع کی طرف نکال دیا گیا۔	//

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	مخنث کسے کہتے ہیں؟	۶۷۵
۴۲۸۱	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ولید بن عقبہ کو خلوق لگنے کی بنا پر نہیں چھوا۔	۶۷۶
	ولید بن عقبہ کا تذکرہ	//
۴۲۸۲	اپنے سر کے بالوں کی تیل لگا کر خدمت کیا کرو۔	۶۷۷
۴۲۸۳	سر پر تھوڑے سے بال (دبودی) پڑھالینا یہودیوں کا طریقہ ہے۔	//
۴۲۸۴	عورتوں کے لیے سر کے بال مونڈنے کی ممانعت۔	۶۷۸
۴۲۸۵	بکھرے بالوں کو درست کرنے کی ہدایت۔	//
۴۲۸۶	اپنی چیزوں کو پاکیزہ رکھو۔	۶۷۹
۴۲۸۷	ختنہ میں پہل کرنے والے پیغمبر ابراہیم علیہ السلام	۶۸۰
	اولیات حضرت ابراہیم علیہ السلام۔	۶۸۱
	باب	۶۸۲
	تصویروں کا بیان	//
	پہلی فصل	
۴۲۸۸	کتے اور تصویر والے گھر میں فرشتے داخل نہیں ہوتے۔	//
	شارحین کی تفصیل۔	//
۴۲۸۹	حضور علیہ السلام کو جبرئیل علیہ السلام کے نہ آنے سے غمزدہ کر دیا۔	۶۸۳
۴۲۹۰	تصاویر توڑ دی جاتیں۔	۶۸۵
	تصالیب کا معنی۔	//

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	گردن میں تانت لٹکانا عیسائیوں کا مذہبی نشان۔	۶۸۵
۴۲۹۱	آپ نے تصاویر والے تکیے کو بھی ناپسند فرمایا۔	//
۴۲۹۲	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تصاویر والے پردے کو پھاڑ دیا۔	۶۸۷
	مختلف احادیث میں تطبیق۔	//
۴۲۹۳	باریک اور تصاویر والی چادر۔	۶۸۸
۴۲۹۴	سخت ترین عذاب والے لوگ۔	//
۴۲۹۵	سب سے زیادہ ظالم کون ہے؟	۶۸۹
۴۲۹۶	تصاویر بنانے والے عذاب میں ہوں گے۔	//
۴۲۹۷	تصویر بنانے والا عذاب میں ہے۔	۶۹۰
۴۲۹۸	چھپ کے لوگوں کی بات سننے کا عذاب۔	۶۹۱
۴۲۹۹	نردشیر کھیل خنزیر کے گوشت کی مانند۔	//
	دوسری فصل	۶۹۳
۴۳۰۰	تصویر والا پردہ لٹکنے کی بنا پر جبرئیل علیہ السلام داخل نہیں ہوئے۔	//
۴۳۰۱	آگ کا ٹکڑا تصویر بنانے والوں پر۔	۶۹۴
۴۳۰۲	شراب، جوا اور ڈھول حرام ہے۔	//
۴۳۰۳	جوار سے تیار شدہ شراب حرام ہے۔	۶۹۵
۴۳۰۴	نردشیر کھیل اللہ تعالیٰ کی نافرمانی ہے۔	//
۴۳۰۵	کبوتر باز شیطان ہے۔	//
	کھیل کود میں بے مقصد وقت ضائع کرنا شیطانی عمل۔	//
	دورِ حاضر کی بدترین کبوتر بازی۔	۶۹۶

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	تیسری فصل	۶۹۶
۴۳۰۶	ہاتھ سے تصاویر بنانے والے کو کہا جائیگا کہ اس میں روح ڈال۔	〃
	سعید بن ابوالحسن کا تذکرہ۔	۶۹۷
۴۳۰۷	نیک آدمی کی قبر پر مسجد اور تصاویر بنانے والی بدترین قوم۔	۶۹۸
	کَنِیسَۃ کا معنی۔	〃
۴۳۰۸	سب سے زیادہ عذاب کا مستحق نبی کا قاتل۔	۶۹۹
۴۳۰۹	شطرنج مجوسیوں کا جوا ہے۔	۷۰۰
۴۳۱۰	بدکردار لوگوں کی کھیل شطرنج ہے۔	〃
۴۳۱۱	شطرنج حق کے خلاف ہے۔	〃
۴۳۱۲	جہاں کتا ہوتا وہاں حضور نہیں جاتے تھے۔	۷۰۱
	کتاب	۷۰۲
	دواؤں اور دعاؤں کا بیان	〃
	طب اور رُقی کا معنی۔	〃
	پہلی فصل	۷۰۳
۴۳۱۳	اللہ تعالیٰ نے ہر بیماری کی شفا بھیجی ہے۔	〃
۴۳۱۴	ہر بیماری کے لیے دوا ہے۔	〃
۴۳۱۵	شفا تین چیزوں میں ہے۔	〃
	مِحجَم کا معنی۔	۷۰۴
	تین چیزوں سے امراض مادیہ کے علاج کی طرف اشارہ ہے۔	〃
۴۳۱۶	زخم کو داغ لگانا۔	۷۰۵
	اَلکَحَل کا معنی۔	〃

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۳۱۷	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد کے زخم کو داغا۔	۷۰۵
۴۳۱۸	طبیب نے حضرت ابی بن کعب کی رگ کاٹ کر داغ لگایا۔	۷۰۶
۴۳۱۹	کلونجی میں ہر بیماری کی شفا ہے۔	〃
	شونیز کا معنی۔	〃
۴۳۲۰	دست آنے کی صورت میں شہد سے علاج۔	۷۰۷
	شہد بدہضمی اور فاسد مادہ پیٹ سے باہر نکال دیتی ہے۔	〃
	طب نبوی کا فائدہ قطعی اور یقینی ہے۔	۷۰۸
۴۳۲۱	بہترین علاج پچھنے لگانا اور قسط بحری۔	۷۰۹
	قُسط بحری کا معنی۔	〃
۴۳۲۲	بچوں کے گلے پڑ جانے کا علاج۔	〃
	عُذرہ کا معنی۔	〃
۴۳۲۳	عود ہندی میں سات شفائیں۔	۷۱۰
	دَغر، عِلاق اور ذات الجنب کے معانی۔	〃
۴۳۲۴	بخار دوزخ کی بھڑاس ہے۔	۷۱۱
	بخار کی گرمی کو ٹھنڈے پانی سے دور کرنے کا حکم۔	۷۱۲
	صفراوی بخار کا علاج۔	〃
۴۳۲۵	نظر بد، ڈنک پھنسیوں کا علاج۔	۷۱۳
	حُمَۃ اور نَملَۃ کا معنی۔	〃
۴۳۲۶	نظر بد سے دم کروانے کا حکم۔	۷۱۴
۴۳۲۷	نظر بد شدہ کنیز کو دم کروانے کا حکم۔	〃

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	"شفعۃ" کا معنی۔	۷۱۴
۴۳۲۸	جاہلیت کے دم کی ممانعت۔	۷۱۵
۴۳۲۹	شرک والے دم کی ممانعت۔	//
	حضرت عوف بن مالک صحابی کا تذکرہ۔	۷۱۶
	جن طبعی طور پر انسان دشمن ہیں۔	//
	آیات شفاء سے دم پھونک۔	۷۱۷
۴۳۳۰	نظر کا لگنا حق ہے۔	۷۱۸
	نظر تقدیر پر سبقت لے جاتی ہے۔	//
	نظر کا تریاق ٹوٹکے سے۔	//
	نظر بد کی حقیقت و کیفیت۔	۷۱۹
	محدث اعظم رحمۃ اللہ علیہ کا مقولہ اچھی بری نظر کے بارے میں۔	//
	دوسری فصل	۷۲۰
۴۳۳۱	اللہ تعالیٰ نے دوا میں شفاء رکھی ہے۔	//
۴۳۳۲	اللہ بیماروں کو کھلاتا پلاتا ہے۔	//
۴۳۳۳	لال کی بیماری کا علاج داغنے سے۔	۷۲۱
۴۳۳۴	ذات الجنب کا علاج۔	//
۴۳۳۵	زیتون اور ورس سے علاج	۷۲۲
۴۳۳۶	سنا میں ہر بیماری کا علاج ہے۔	//
	حضرت اسماء بنت عمیس صحابیہ کا تذکرہ	//
	شبرم، سنا کا معنی۔	۷۲۳
۴۳۳۷	بیماری اور دوا اللہ تعالیٰ نے نازل کی ہے۔	//
	حرام چیزوں اور شراب سے علاج کی ممانعت۔	۷۲۴
۴۳۳۸	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے پلید دوا سے منع فرمایا۔	//

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۳۳۹	سر درد کا علاج پچھنے سے۔	۷۲۴
	حضرت سلمیٰ کا تذکرہ۔	۷۲۵
۴۳۴۰	زخم پر مہندی سے علاج۔	//
۴۳۴۱	سر کی مانگ اور کندھوں پر پچھنے۔	۷۲۶
۴۳۴۲	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے ران پر پچھنے لگوائے۔	//
۴۳۴۳	فرشتوں کی حضور انور سے امت کو پچھنے لگوانے کی استدعا۔	//
	حجامت سے مراد خون نکلوانا ہے۔	۷۲۷
۴۳۴۴	مینڈک کو دوا کے لیے قتل کی ممانعت۔	//
۴۳۴۵	گردن کی رگوں پر پچھنے۔	۷۲۸
۴۳۴۶	۱۷، ۱۹ اور ۲۱ تاریخ کو پچھنے۔	//
۴۳۴۷	ان تاریخوں میں پچھنے لگوانا شفاء ہے۔	۷۲۹
	اطباء کا فارمولا۔	//
۴۳۴۸	بدھ کے دن پچھنے نہ لگوانے کی حکمت۔	//
۴۳۴۹	بدھ یا ہفتے کو پچھنے لگوانے سے برص کی بیماری۔	۷۳۰
۴۳۵۰	ہفتے یا بدھ کو پچھنے لگوانے کا نقصان۔	//
۴۳۵۱	شفاء من جانب اللہ۔	۷۳۱
	تمائم، تولہ کا معنی۔	۷۳۲
۴۳۵۲	نشرہ شیطانی کام ہے۔	۷۳۳
	نشرہ کا معنی	//
۴۳۵۳	تریاق پینے، تعویذ گلے میں ڈالنے اور شعر کہنے میں کوئی حرج نہیں۔	//

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	شعر کہنے کا مطلب۔	۷۳۴
۴۳۵۴	توکل سے بیزار شخص۔	۷۳۵
	حدیث کی شرح	//
۴۳۵۵	تعویذ سے اللہ تعالیٰ پناہ۔	//
۴۳۵۶	دم نظر بد اور زہریلے جانور کے ڈسنے کے علاوہ نہیں ہے۔	۷۳۶
۴۳۵۷	نکسیر کا دم	//
	حضرت جبرئیل نے اللہ تعالیٰ کے نام سے دم سکھایا۔	۷۳۷
۴۳۵۸	اولاد جعفر کو نظر بد جلد لگتی ہے۔	//
۴۳۵۹	نملہ کا دم سکھانے کی ترغیب۔	//
	شفاء بنت عبداللہ صحابیہ کا تذکرہ۔	۷۳۸
	نملہ کا معنی پھنسیاں	//
	عورتوں کو لکھنے پڑھنے کی اجازت۔	//
۴۳۶۰	حضرت سہل بن حنیف بیہوش ہوکر گر پڑے۔	۷۳۹
	ابوامامہ بن سہل بن حنیف صحابی کا تذکرہ۔	۷۴۰
	نظر بد کا وضو سے علاج۔	//
۴۳۶۱	سورۂ فلق اور ناس سے دم	۷۴۲
۴۳۶۲	مغربون لوگوں میں جن شراکت رکھتے ہیں۔	//
	انسانوں میں شیطان کی شراکت کا مطلب اور وجوہات۔	۷۴۳
	تیسری فصل	۷۴۴
۴۳۶۳	معدہ بدن کا حوض ہے۔	//
۴۳۶۴	بچھو کے ڈسنے کا معوذتین سے دم۔	۷۴۶

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۳۶۵	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بال مبارک پانی میں بھگو کر بیماری کے لیے پلائے جاتے۔	۷۴۶
۴۳۶۶	کھمبی کے پانی سے آنکھوں کا علاج۔	۷۴۸
	کھمبی اللہ کے عطیات میں سے ہے۔	//
۴۳۶۷	ہر مہینے میں تین دن صبح کے وقت شہد چاٹنے کا فائدہ۔	۷۵۰
۴۳۶۸	شہد اور قرآن میں شفاء ہے۔	//
۴۳۶۹	زہریلی بکری کا گوشت۔	۷۵۱
۴۳۷۰	ناشتے پر فصد کروانا عقل زیادہ کرتا ہے۔	۷۵۲
۴۳۷۱	۱۷ تاریخ، منگل کے دن فصد لینا۔	۷۵۳
	باب	۷۵۴
	اچھی اور بری فال کا بیان۔	//
	فال کا معنی۔	//
	پہلی فصل	
۴۳۷۲	بری فال کچھ چیز نہیں۔	۷۵۵
۴۳۷۳	بیماری اڑ کر نہیں لگتی۔	۷۵۶
	مختلف متعدی بیماریوں کا تصور۔	//
۴۳۷۴	بیماری خود بخود دوسرے کو نہیں لگتی۔	۷۵۷
	خارش بھی ایک دوسرے سے نہیں لگتی۔	۷۵۸
۴۳۷۵	بیماری کا متعدی ہونا، الو، چاند کی منزل اور صفر کچھ نہیں۔	//
۴۳۷۶	صفر اور صورت کچھ نہیں۔	۷۵۹
	غول کا معنی	//
۴۳۷۷	کوڑھی کو حضور نے بیعت کر لیا۔	۷۶۰

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	جذوم سے بھاگنا نہیں چاہیے۔	۷۶۰
	دوسری فصل	۷۶۱
۴۳۷۸	اچھی فال اور اچھا نام۔	〃
۴۳۷۹	بدفالی مشرکوں کا فعل۔	۷۶۲
	تطلق، العیافۃ اور جبت کا معنی۔	〃
۴۳۸۰	بری فال شرک ہے۔	۷۶۳
۴۳۸۱	حضور نے کوڑھی کو اپنے ساتھ کھلایا۔	۷۶۴
۴۳۸۲	الو، بیماری کا خود بخود لگنا اور نحوست۔	〃
	حضرت سعد بن مالک مشہور صحابی کا تذکرہ۔	۷۶۵
	طیرۃ کا معنی۔	〃
۴۳۸۳	یا راشد، یا نجیح کے مقدس الفاظ۔	۷۶۶
۴۳۸۴	حضور برا شگون نہیں لیتے تھے۔	〃
۴۳۸۵	قبیح حویلی کو چھوڑنے کا حکم۔	۷۶۷
۴۳۸۶	ابین زمین کی وبا سخت ہے۔	۷۶۸
	قرف کا معنی۔	۷۶۹
	وبا سے بھاگنا ممنوع وگناہ ہے۔	〃
۴۳۸۷	فال کسی مسلمان کو سفر سے نہ روکے۔	۷۷۰
	باب	۷۷۱
	کہانت کا بیان	〃
	پہلی فصل	
۴۳۸۸	دور جاہلیت کا کام کاہنوں کے پاس جانا۔	〃
۴۳۸۹	کاہن کچھ نہیں۔	۷۷۳
۴۳۹۰	فرشتے بادل میں اترتے ہیں۔	۷۷۴
۴۳۹۱	کاہن اور نجومی کے پاس جانے والے کی نماز	

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	چالیس دن تک قبول نہیں ہوتی۔	۷۷۵
۴۳۹۲	ستاروں سے حساب لگانا ایمان نہیں ہے۔	۷۷۶
۴۳۹۳	اللہ تعالیٰ آسمان سے بارش کی صورت میں	
	برکت نازل فرماتا ہے۔	۷۷۷
	دوسری فصل	۷۷۸
۴۳۹۴	علم نجوم جادو کا حصہ ہے۔	〃
۴۳۹۵	کاہن کے پاس آنا اللہ کی کتاب سے برات	
	ہے۔	〃
۴۳۹۶	شیاطین چوری چھپے فرشتوں کی باتیں	
	سن کر کاہنوں کو بتاتے ہیں۔	۷۷۹
۴۳۹۷	ستارہ ٹوٹ کر گرنے کا عقیدہ۔	۷۸۱
۴۳۹۸	ستاروں کے تین فائدے۔	۷۸۳
۴۳۹۹	نجومی، کاہن اور جادوگر کافر ہیں۔	۷۸۵
۴۴۰۰	چاند کے سبب بارش برسنے کا عقیدہ	
	کفر ہے۔	۷۸۶
	رجم کا معنی۔	〃
	کتاب	۷۸۷
	خوابوں کا بیان	〃
	پہلی فصل	۷۸۹
۴۴۰۱	اچھی خوابیں نبوت کا حصہ ہیں۔	〃
	مبشرات کا معنی۔	〃
۴۴۰۲	اچھی خوابیں نبوت کا چھیالیسواں حصہ۔	۷۹۰
	پانچ اشکال اور ان کے جوابات۔	۷۹۱
	رؤیا کے مراتب و تنبیہ۔	۷۹۳

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۴۰۳	حضور انور کو خواب میں دیکھنا۔	۷۹۴
۴۴۰۴	جس نے مجھے دیکھا اس نے صحیح دیکھا۔	۷۹۵
	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی صورت اختیار کرنے کی شیطان کو طاقت نہیں۔	
	سرکار دو عالم کی سدیت کے بارے میں آئمہ محققین کے اقوال۔	۷۹۶
۴۴۰۵	حضور کی خواب میں زیارت کرنیوالا بیداری میں بھی زیارت کرے گا۔	۷۹۹
۴۴۰۶	اچھی خواب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں۔	۸۰۱
۴۴۰۷	ناپسندیدہ خواب دیکھ کر بائیں جانب تین بار تھوکو۔	۸۰۲
۴۴۰۸	خواب تین قسم کے ہیں۔	۸۰۳
	خواب میں بیڑی کا دیکھنا دین میں ثابت قدمی ہے۔	۸۰۴
۴۴۰۹	اپنے آپ کو خواب میں سر کٹا دیکھنا شیطانی خواب ہے۔	۸۰۷
۴۴۱۰	ترکھجوروں کی تعبیر دنیا کی بلندی ہے۔	۸۰۸
۴۴۱۱	کھجوروں والی زمین مدینہ طیبہ۔	۸۰۹
	یمامہ اور ہجر دو شہروں کے نام۔	۸۱۰
	مدینہ کو یثرب کہنے کا کفارہ۔	۸۱۱
	شہر مدینہ کے کئی اور بھی نام ہیں۔	″
۴۴۱۲	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس زمین کے خزانے۔	۸۱۲
	صنعاء یمن اور یمامہ دو شہر۔	۸۱۳
۴۴۱۳	عثمان بن مظعون کے بہتے ہوئے چشمے کی تعبیر	۸۱۴
	حضرت عبدالوہاب متقی کی حکایت	۸۱۵
۴۴۱۴	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خواب اور اس کی تعبیر۔	″
	نماز سے فراغت کے بعد نبی رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کا صحابہ کی طرف رُخ انور پھیرنا۔	۸۲۰
	دوسری فصل	۸۲۲
۴۴۱۵	اپنے خواب کسی دوست یا دانا شخص کو بتاؤ۔	″
۴۴۱۶	ورقہ بن نوفل کو حضور انور نے سفید لباس میں دیکھا۔	۸۲۴
	ورقہ بن نوفل کا تذکرہ۔	۸۲۵
	ورقہ نے توراۃ سے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی تصدیق کی تھی۔	″
۴۴۱۷	خواب میں حضور اکرم کی پیشانی پر سجدہ اور تعبیر	″
	تیسری فصل	۸۲۶
۴۴۱۸	حضور انور صحابہ سے خواب کے بارے میں پوچھتے۔	″
	حضور اکرم نے اپنی خواب بیان فرمائی۔	۸۲۷
۴۴۱۹	بہت بڑا جھوٹ۔	۸۳۰
۴۴۲۰	سحری کے وقت کا خواب سچا ہوتا ہے۔	″
	کتاب آداب کا بیان	۸۳۱

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	باب	۸۳۲
	سلام کا بیان	//
	پہلی فصل	//
۴۴۲۱	اللہ تعالیٰ نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا۔	//
	حدیث کا معنی اور مطلب۔	۸۳۳
	ذِرَاعٌ، نَفَرٌ اور یُحَیُّونَکَ کا معنی۔	۸۳۴
۴۴۲۲	کونسا اسلام بہتر ہے۔	۸۳۵
۴۴۲۳	مسلمان کے مسلمان پر چھ حقوق۔	۸۳۶
۴۴۲۴	مومن آپس میں سلام کر کے محبت بڑھاتے ہیں۔	۸۳۷
۴۴۲۵	سوار پیدل چلنے والے کو سلام کرے۔	۸۳۸
۴۴۲۶	چھوٹا بڑے کو سلام کرے۔	//
۴۴۲۷	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بچوں کو سلام کیا۔	//
۴۴۲۸	یہودیوں، عیسائیوں کو سلام نہ کرو۔	۸۳۹
۴۴۲۹	یہودی جیسا لفظ بولیں ویسا ہی انہیں لوٹاؤ۔	//
۴۴۳۰	اہل کتاب کو صرف وعلیکم کہو۔	۸۴۰
۴۴۳۱	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کو یہودیوں نے السلام علیکم کہا اور حضرت عائشہ نے غصے سے جواب دیا۔	//
۴۴۳۲	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مخلوط مجلس میں سلام کہا۔	۸۴۲
۴۴۳۳	راستے کا حق سلام کر کے ادا کرو۔	۸۴۳
۴۴۳۴	راستے کا حق بھولے ہوؤں کو راستہ بتانا ہے۔	۸۴۴
۴۴۳۵	مظلوم کی مدد کرو۔	//
	دوسری فصل	۸۴۵
۴۴۳۶	ایک مسلمان کے دوسرے پر حقوق	//

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۴۳۷	السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ میں تیس نیکیاں۔	۸۴۵
۴۴۳۸	ایک شخص نے سلام کے ساتھ وَمَغْفِرَتُہٗ کا اضافہ بھی کیا۔	۸۴۶
۴۴۳۹	سلام میں ابتدا کرنے والا اللہ تعالیٰ کے قریب ہے۔	۸۴۷
۴۴۴۰	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین کو سلام فرمایا۔	۸۴۸
۴۴۴۱	ساری جماعت سے ایک شخص کا سلام کہنا کافی ہے۔	//
۴۴۴۲	یہود و نصاریٰ کے سلام کا طریقہ۔	۸۴۹
۴۴۴۳	درخت، دیوار اور پتھر حائل ہو جانے کی صورت میں دوبارہ سلام۔	//
۴۴۴۴	کسی کے گھر جاؤ تو انہیں پہلے سلام کہو۔	//
۴۴۴۵	اپنے گھر والوں کو سلام کہنا برکت ہے۔	۸۵۰
۴۴۴۶	گفتگو کا آغاز سلام سے کرو۔	//
۴۴۴۷	دور جاہلیت کا سلام۔	۸۵۱
۴۴۴۸	سلام بھیجنے والے اور پہنچانے والے کو سلام کا جواب۔	//
۴۴۴۹	خطوط میں سلام کا طریقہ۔	۸۵۲
۴۴۵۰	خط لکھنے کے بعد مٹی چھڑک دو۔	۸۵۳
۴۴۵۱	قلم کان پر رکھنے کا حکم۔	//
۴۴۵۲	سریانی زبان سیکھنے کا حکم۔	۸۵۴
۴۴۵۳	کسی مجلس میں جاتی آتی مرتبہ سلام کہو۔	۸۵۵
۴۴۵۴	راستوں میں بیٹھنے والوں میں بھلائی نہیں۔	//
	تیسری فصل	۸۵۶

Scanned By Marfat.com

Downloaded From
Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۴۵۵	بوقت پیدائش حضرت آدم علیہ السلام کی چھینک اور اللہ تعالیٰ کی تعریف۔	۸۵۶
	ید قدرت کا معنی۔	۸۵۸
۴۴۵۶	عورتوں کو سلام۔	۸۶۰
۴۴۵۷	بازار سے گزرتے وقت ہر چھوٹے بڑے کو سلام کیا جائے۔	//
۴۴۵۸	سلام کرنے میں تحمل سے کام لینا۔	۸۶۲
۴۴۵۹	سلام میں پہل کرنا تکبر کو دور کرتا ہے۔	۸۶۳
	امام ابو یوسف کے شاگرد کا واقعہ۔	//
	کن مواقع پر سلام نہیں کہنا چاہیے۔	//
	باب	۸۶۴
	اجازت مانگنے کا بیان	//
	پہلی فصل	۸۶۵
۴۴۶۰	کسی کو گھر سے بلانے کیلئے تین مرتبہ آواز دی جائے۔	//
۴۴۶۱	حضرت عبداللہ بن مسعود کو گھر میں آنے کی اجازت۔	۸۶۶
۴۴۶۲	کسی کے دروازے پر دستک دے کر اپنا تعارف کرایا جائے۔ میں میں نہ کہا جائے۔	//
۴۴۶۳	اجازت ملنے پر گھر میں داخل ہو۔	۸۶۷
	دوسری فصل	۸۶۸
۴۴۶۴	بغیر سلام کے نہیں ملنا چاہیے۔	//
۴۴۶۵	قاصد کے ساتھ آجانا ہی گھر میں داخل ہونے کا اجازت نامہ ہے۔	۸۶۹

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۴۶۶	دروازے کے عین سامنے کھڑے ہو کر آواز نہ دینی چاہیے۔	۸۷۰
	تیسری فصل	//
۴۴۶۷	اپنی والدہ سے اجازت لے کر ان کے کمرے میں داخل ہو۔	//
۴۴۶۸	صبح شام داخل ہونے والا کھنکار کر داخل ہو۔	۸۷۱
۴۴۶۹	سلام نہ کرنے والے کو داخل ہونے کی اجازت نہ دو۔	۸۷۲
	باب	//
	مصافحہ اور معانقہ کا بیان	//
	پہلی فصل	۸۷۳
۴۴۷۰	صحابۂ کرام ایک دوسرے سے مصافحہ کیا کرتے تھے۔	//
۴۴۷۱	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن کو چوما۔	
	دوسری فصل	۸۷۵
۴۴۷۲	مسلمان آپس میں مصافحہ کرتے ہیں تو ان کی بخشش ہو جاتی۔	//
۴۴۷۳	مسلمان بھائی سے ملنے کا طریقہ۔	//
۴۴۷۴	مریض کی عیادت کا طریقہ۔	۸۷۶
۴۴۷۵	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے زید بن حارثہ کو گلے لگایا۔	//
۴۴۷۶	حضور انور نے ابو ذر کے ساتھ معانقہ کیا۔	۸۷۷
۴۴۷۷	مہاجر سوار کو خوش آمدید۔	۸۷۸
	رحّب کا معنی۔	//
۴۴۷۸	حضرت اسید بن حضیر نے حضور اکرم سے قصاص	

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	کا مطالبہ کیا۔	۸۷۹
۴۴۷۹	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے جعفر بن ابی طالب کی آنکھوں کا بوسہ لیا۔	۸۸۰
۴۴۸۰	جعفر بن ابی طالب کو حضور نے گلے لگایا اور خوش ہوئے۔	۸۸۱
۴۴۸۱	صحابہ کرام نے حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ پاؤں چومے۔	//
۴۴۸۲	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت فاطمہ لخت جگر رسول ایک دوسرے کا ہاتھ چومتے۔	۸۸۲
	سَمْتٌ اور ہَدْیٌ کا معنی۔	//
۴۴۸۳	حضرت ابوبکر نے اپنی بیٹی حضرت عائشہ کے رخسار پر بوسہ دیا۔	۸۸۳
۴۴۸۴	آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے بچے کو بوسہ دیا۔	//
	تیسری فصل	۸۸۴
۴۴۸۵	حسنین کریمین کو حضور نے اپنے ساتھ چمٹا لیا۔	//
۴۴۸۶	آپس میں مصافحہ کرو، کینہ ختم ہو جاتا ہے۔	//
۴۴۸۷	دوپہر سے پہلے کی چار رکعت ادا کرنے کا ثواب لیلۃ القدر جتنا۔	۸۸۵
	مسلمان بھائیوں کا مصافحہ گناہوں کا کفارہ ہے	//
	باب	۸۸۶
	تعظیم کے لیے کھڑے ہونے کا بیان	//
	پہلی فصل	
۴۴۸۸	حضور کا انصار کو فرمان اپنے سردار کے لیے اٹھو۔	//
	اہل علم و فضل قیام تعظیمی کو جائز کہتے ہیں۔	۸۸۷
۴۴۸۹	کوئی کسی کو اس کی جگہ سے نہ اٹھائے۔	۸۸۸
۴۴۹۰	اپنی جگہ کا حق دار کون ہے۔	۸۸۹
	دوسری فصل	//
۴۴۹۱	صحابہ کرام کو حضور سے بڑھ کر کوئی محبوب نہ تھا۔	//
	علامہ طیبی کا فرمان۔	//
۴۴۹۲	لوگ میرے لیے کھڑے نہ ہوں۔	۸۹۰
۴۴۹۳	عجمیوں کی طرح تعظیم نہ کیا کرو۔	//
	احادیث کا معنی اور تطبیق۔	//
۴۴۹۴	حضرت ابوبکر صدیق کا کسی شخص کی خالی کردہ جگہ پر بیٹھنے سے انکار۔	۸۹۱
۴۴۹۵	حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت مبارکہ۔	//
۴۴۹۶	دو اشخاص کے درمیان بیٹھنے کی ممانعت۔	۸۹۲
۴۴۹۷	// // //	//
	تیسری فصل	۸۹۳
۴۴۹۸	حضور انور کے ساتھ ہم بھی کھڑے ہو جاتے۔	//
۴۴۹۹	مسلمان بھائی کا حق کہ اسے بیٹھنے کی جگہ دو۔	//
	باب	۸۹۴
	بیٹھنے، سونے اور چلنے کا بیان	//
	پہلی فصل	//
۴۵۰۰	حضور کا صحن کعبہ میں بیٹھنے کا طریقہ۔	//
	اِحْتِبَاء کا معنی۔	//
۴۵۰۱	گدی کے بل لیٹنے کا جواز۔	۸۹۵

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۵۰۲	پاؤں اٹھا کر دوسرے پاؤں پر رکھنے کی ممانعت۔	۸۹۵
۴۵۰۳	چت لیٹنے کی ممانعت۔	//
	احادیث میں تطبیق	//
۴۵۰۴	دو چادروں میں تکبر سے چلنے کا انجام۔	۸۹۶
	دوسری فصل	۸۹۷
۴۵۰۵	تکیے کے ساتھ ٹیک لگانا۔	//
۴۵۰۶	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کا مسجد میں بیٹھنے کا طریقہ۔	//
۴۵۰۷	عجز و نیاز کی حالت میں حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹھنے کا طریقہ۔	//
	قرفصاء کا معنی۔	۸۹۸
۴۵۰۸	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جگہ پر فجر کی نماز کے بعد چار زانو بیٹھے رہتے۔	//
۴۵۰۹	حضور حالت سفر میں رات کو دائیں کروٹ لیٹتے اور دائیں کروٹ لیٹنے کا فائدہ۔	//
۴۵۱۰	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر انور میں بستر بچھایا گیا۔	۸۹۹
۴۵۱۱	پیٹ کے بل لیٹنے کی ممانعت۔	۹۰۰
	سونے کی چار قسمیں۔	//
۴۵۱۲	پیٹ کے بل لیٹنے سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے۔	۹۰۱
۴۵۱۳	گھر کی چھت پر سونے کے لیے دیواروں کا ہونا ضروری ہے۔	//

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۵۱۴	جس چھت میں آڑ نہ ہو اس میں سونے کی ممانعت۔	۹۰۲
۴۵۱۵	حلقے کے درمیان بیٹھنے والا لعنتی ہے۔	۹۰۳
۴۵۱۶	وسعت والی مجلس سب سے بہتر ہے۔	//
۴۵۱۷	متفرق نہ بیٹھنا چاہیے۔	//
۴۵۱۸	کچھ حصہ دھوپ اور کچھ سائے میں ہو تو وہاں سے اٹھ جائے۔	۹۰۴
۴۵۱۹	عورتیں مردوں کے پیچھے اور راستے میں ایک طرف ہو کر چلیں۔	۹۰۵
	عورتوں کے کپڑے چلتے ہوئے دیواروں کے ساتھ لگتے۔	//
۴۵۲۰	مرد عورتوں کے درمیان نہ چلے۔	۹۰۶
۴۵۲۱	بعد میں آنے والا مجلس کے آخری کونے میں بیٹھے۔	//
	تیسری فصل	۹۰۷
۴۵۲۲	مغضوب لوگوں کی طرح بیٹھنے کی ممانعت۔	//
۴۵۲۳	پیٹ کے بل لیٹنا اہلِ نار کا طریقہ ہے۔	۹۰۸
	باب	//
	چھینک اور جمائی کا بیان	//
	پہلی فصل	
۴۵۲۴	اللہ تعالیٰ کو چھینک پسند اور جمائی ناپسند ہے۔	۹۰۹
۴۵۲۵	چھینک آنے پر الحمد للہ کہے، سننے والا جواب دے۔	۹۱۰

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۵۲۶	چھینک آنے پر الحمد للہ کہنے والے کا جواب یرحمک اللہ سے دیا جاتا ہے۔	۹۱۱
	تشمیت کا معنیٰ۔	″
۴۵۲۷	جسے چھینک آئے وہ اللہ تعالیٰ کی حمد کرے۔	۹۱۲
۴۵۲۸	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے چھینک کے جواب میں یرحمک اللہ کہا۔	″
	حضور انور نے زکام کی حالت میں چھینک کا جواب نہیں دیا۔	″
۴۵۲۹	جمائی کے وقت منہ پر ہاتھ رکھنا سنت ہے۔	۹۱۳
	دوسری فصل	″
۴۵۳۰	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم چھینکتے وقت چہرۂ انور ڈھانپ لیتے۔	″
۴۵۳۱	چھینکنے والا الحمد للہ اور سننے والا یرحمک اللہ کہے۔	۹۱۴
۴۵۳۲	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم یہودیوں کی چھینک کا جواب نہیں دیتے تھے۔	″
۴۵۳۳	چھینک کا جواب اچھے الفاظ میں دو۔	۹۱۵
	چھینک کے موقع پر مقررہ وظائف اور دعائیں۔	۹۱۶
۴۵۳۴	چھینک والے کو تین دفعہ جواب دو۔	″
۴۵۳۵	تین سے زائد مرتبہ چھینک زکام ہے۔	۹۱۷
	تیسری فصل	″
۴۵۳۶	حضرت ابن عمر کا قول۔	″

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
	باب	۹۱۸
	ہنسنے کا بیان پہلی فصل	″
۴۵۳۷	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پورا منہ کھول کر نہیں ہنستے تھے۔	″
۴۵۳۸	حضرت جریر کو دیکھ کر حضور مسکرا دیتے۔	۹۱۹
۴۵۳۹	حضور انور نماز فجر کے بعد اسی جگہ تشریف فرما رہتے حتیٰ کہ سورج نکل آتا۔	″
	دوسری فصل	۹۲۰
۴۵۴۰	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر کوئی تبسم فرمانے والا نہیں۔	″
۴۵۴۱	صحابہ کے دل میں پہاڑ سے بڑھ کر ایمان۔	″
	بلال بن سعد تابعی کا تذکرہ۔	۹۲۱
	باب ناموں کا بیان	۹۲۲
	پہلی فصل	″
۴۵۴۲	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، میرے نام پر اپنے نام رکھو، میری کنیت پر نہیں۔	″
۴۵۴۳	میں قاسم ہوں، تمہیں تقسیم کرتا ہوں۔	۹۲۳
	ابوالقاسم کنیت نہ رکھنے کی وجہ۔	″
۴۵۴۴	اللہ کے ہاں محبوب ترین نام۔	۹۲۴
۴۵۴۵	رباح، یسار، نجیح، اور افلح نام نہ رکھو۔	۹۲۵
۴۵۴۶	یعلیٰ، برکۃ، افلح، یسار اور نافع نام نہ رکھو۔	۹۲۶
۴۵۴۷	قبیح ترین نام شہنشاہ ہے۔	″
۴۵۴۸	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے برّہ نام تبدیل فرمادیا۔	۹۲۷

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۵۴۹	برّہ نام کو جویریہ میں بدل دیا۔	۹۲۷
۴۵۵۰	عاصیہ نام بدل کر جمیلہ رکھ دیا۔	۹۲۸
۴۵۵۱	حضرت منذر کا نام حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھا۔	//
۴۵۵۲	حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میرا عبد اور میری کنیز نہ کہو۔	۹۲۹
۴۵۵۳	مومن کا دل کرم ہے۔	۹۳۰
	عنب کا معنی۔	۹۳۱
۴۵۵۴	"زمانے کی محرومی" نام نہ رکھو۔	//
۴۵۵۵	زمانہ اللہ تعالیٰ ہی ہے۔	۹۳۲
۴۵۵۶	یہ نہ کہو "میرا نفس خبیث ہوگیا۔"	//
	دوسری فصل	۹۳۳
۴۵۵۷	حاکم اللہ تعالیٰ ہے۔	//
	ابو شریح کنیت حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھی۔	۹۳۴
۴۵۵۸	اَجدع شیطان کا نام ہے۔	//
۴۵۵۹	قیامت کے دن تمہیں، تمہارے اور تمہارے باپوں کے ناموں سے بلایا جائے گا۔	//
۴۵۶۰	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا نام مبارک اور کنیت اکٹھی نہ رکھو۔	۹۳۵
۴۵۶۱	اگر میرا نام رکھو تو میری کنیت نہ رکھو۔	//

حدیث نمبر	مضامین	صفحہ نمبر
۴۵۶۲	آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس عورت اپنے نومولود کا نام، آپ کے نام اور کنیت کے ساتھ لے کر حاضر ہوئی۔	۹۳۶
۴۵۶۳	حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نام اور کنیت کے ساتھ نام رکھنے کی اجازت۔	۹۳۷
۴۵۶۴	حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت انس کی کنیت بسری کے نام پر رکھی۔	//
	بسری کا نام حمزہ۔	//
۴۵۶۵	حضور انور برا نام تبدیل فرما دیتے تھے۔	۹۳۸
۴۵۶۶	حضور اکرم نے اَصرم نام بدل کر زرعہ رکھا۔	//
	وہ نام جنہیں تبدیل کیا گیا۔	۹۳۹
۴۵۶۷	آدمی کی بری سواری۔	//
۴۵۶۸	اللہ تعالیٰ چاہے اور فلاں چاہے یہ نہ کہا کرو۔	۹۴۰
۴۵۶۹	منافق کو سردار نہ کہو۔	۹۴۱
	تیسری فصل	۹۴۲
۴۵۷۰	حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حزن نام بدل کر سہل رکھا۔	//
۴۵۷۱	اپنے نام انبیاء کے ناموں پر رکھا کرو۔	
	اچھے اور برے نام۔	۹۴۳

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حرفِ آغاز

نحمدہٗ ونصلی و نسلم علیٰ رسولہ الکریم وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ اجمعین

اللہ تعالیٰ کا بے پایاں احسان اور کرم ہے کہ اس نے اپنے فضل و کرم سے امام اہلِ سنت، شیخ الاسلام شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالےٰ کی مشکوٰۃ شریف کی شہرۂ آفاق فارسی شرح اشعۃ اللمعات کے اردو ترجمے کی پانچویں جلد مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔ رب کریم جل شانہ کے اس احسانِ عظیم کا جتنا بھی شکر ادا کیا جائے کم ہے، دعا ہے کہ محض اپنے لطف جمیل سے ترجمہ کی باقی دو جلدیں بھی مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ چوتھی جلد ماہ ربیع الاول، اکتوبر ۱۴۱۰ھ/۱۹۸۹ء میں چھپ کر قارئین کے ہاتھوں میں پہنچ گئی تھی، بحمدہٖ تعالیٰ اب پانچویں جلد پیش کی جا رہی ہے۔ قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اس کارِ عظیم اور گراں کی تکمیل کیلئے دعا فرمائیں۔

اشعۃ اللمعات کے ترجمہ کا آغاز اہلِ سنت و جماعت کے مایہ ناز عالم فاضل جلیل حضرت علامہ مولانا محمد سعید احمد نقشبندی رحمہ اللہ تعالیٰ سابق خطیب جامع مسجد حضرت داتا گنج بخش علی ہجویری قدس سرہٗ نے کیا تھا، ۲۴ ربیع الثانی ۱۷ دسمبر، ۱۴۰۷ھ/۱۹۸۶ء کو ان کا وصال ہوگیا تو اہلِ سنت و جماعت کے نامور ناشر جناب سید اعجاز احمد مالک فرید بک سٹال اردو بازار لاہور نے برادر دینی و ایمانی مولانا الحاج محمد منشا تابش قصوری مدرس جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور و خطیب جامع مسجد ظفریہ مریدکے، کے مشورے سے یہ اہم ذمہ داری راقم کے ناتواں کندھوں پر ڈال دی، یقیناً یہ میری خوش قسمتی تھی کہ مجھے اللہ تعالیٰ کے حبیب، سید الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث مبارکہ کی خدمت کا موقع دیا گیا، ورنہ یہ سعادت بزور بازو تو حاصل نہیں کی جا سکتی۔

خوشا مسجد و مدرسہ، خانقاہے
کہ در وے بود قیل و قالِ محمد

یہ ایک لافانی حقیقت ہے کہ انسانیت کی کامیابی و کامرانی کا راز اللہ تعالیٰ کی اطاعت و فرمانبرداری اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سرورِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع اور پیروی میں مضمر ہے ۔

بحق دل بند و راہ مصطفےٰ رو

احادیث مبارکہ کی شرح اور ترجمہ لکھنے اور شائع کرنے کا مقصد یہی ہے کہ اللہ تعالیٰ کے حبیب کرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعلیمات زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچائی جائیں تاکہ مسلمان ان تعلیمات پر عمل پیرا ہو کر دنیا و آخرت میں سرخروئی اور سرفرازی حاصل کریں ۔

حضرت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ کی اولاد امجاد میں سے جناب ضیاء الحق سوز حکیم مقیم دہلی کی فرمائش پر راقم نے حال ہی میں ایک مقالہ سپردِ قلم کیا ہے جس میں شیخ محقق کے سوانح کی حیاتِ مبارکہ، عقائد اور احوال و آثار کا مختصر جائزہ پیش کیا ہے، یہ مقالہ پیشِ نظر جلد کی ابتدا میں شامل کیا جا رہا ہے ۔ امید ہے کہ قارئین اسے پسند کریں گے ۔

متعدد کتابوں کے مصنف اور مترجم مولانا علامہ مفتی محمد خاں قادری فاضل جامعہ نظامیہ رضویہ لاہور اور خطیب جامع مسجد رحمانیہ ، شادمان لاہور اس کارِ خیر میں راقم کے ساتھ تعاون کرنے پر تیار ہو گئے ہیں اور یہ ایک نیک فال ہے اُمید ہے کہ ان کے تعاون سے یہ کام جلد پایۂ تکمیل تک پہنچ جائے گا ۔ اللہ تعالیٰ انہیں دارین میں جزائے خیر عطا فرمائے اور دینِ متین کی بیش از بیش خدمات کی توفیق عطا فرمائے ۔ پیشِ نظر جلد کی تبییض فاضل نوجوان مولانا حافظ محمد شاہد اقبال خطیب جامع مسجد حضرت ابوبکر صدیق ، بازار حکیماں ، اندرون بھاٹی دروازہ لاہور نے کی ہے ۔ اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر عطا فرمائے ۔

فرید بک سٹال لاہور کے مالکان ، اشعۃ اللمعات اور دیگر کتبِ حدیث کے تراجم اور دیگر اسلامی و اعتقادی لٹریچر شائع کرنے پر تمام اہلِ اسلام کے شکریے کے مستحق ہیں ، اللہ تعالیٰ انہیں دنیا و آخرت میں رحمتوں اور برکتوں سے مالا مال فرمائے ۔ آمین

محمد عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی

۸ ؍ ذوالحجہ ۱۴۱۲ھ

۱۰ ؍ جون ۱۹۹۲ء

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ العزیز

شیخ الاسلام، امام اہل سنت، شیخ محقق

اللہ تعالیٰ کی عادت کریمہ یہ رہی ہے کہ انسانیت کو شرک وکفر اور گمراہی سے نکالنے کے لیے انبیاء کرام بھیجے گئے فکر انسانی صدیوں کے ارتقاء کے بعد جہاں پہنچتی ہے اللہ تعالیٰ کی بھیجی ہوئی مقدس ہستیوں نے لمحوں میں وہاں پہنچا دیا، اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات امور آخرت اور عالم کے حادث یا قدیم ہونے کے بارے میں بڑے بڑے فلسفیوں اور دانشوروں نے کیا کیا موشگافیاں نہ کیں؟ لیکن وہ اپنے وابستگان دامن کو دولت یقین فراہم نہ کر سکے۔ انبیاء کرام علیہم السلام کے چند کلمات نے سامعین کو وہ یقین عطا کیا جس کی بنا پر وہ جان تک قربان کرنے کے لیے تیار ہو گئے اور دنیا وآخرت کی سعادتیں حاصل کر گئے۔

سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس پر سلسلۂ نبوت ختم ہو گیا، آپ کے بعد کوئی نیا نبی نہیں آئے گا البتہ پیغام جدوجہد اور مشن کو جاری رکھنے کے لیے امت مسلمہ کے جلیل القدر افراد آگے بڑھے اور انہوں نے نہ صرف دعوت وارشاد کا کام پورے ولولے اور لگن سے کیا بلکہ دین متین کے مقدس چہرے سے گرد وغبار صاف کرنے میں تمام صلاحیتیں بھی صرف کر دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے۔

إِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَبْعَثُ لِهٰذِهِ الْأُمَّةِ عَلٰى رَأْسِ كُلِّ مِائَةِ سَنَةٍ مَنْ يُّجَدِّدُ لَهَا دِيْنَهَا (ابوداؤد)

بے شک اللہ تعالیٰ اس امت کے لیے ہر صدی پر ایسے شخص کو بھیجے گا جو اس کے دین کی تجدید کرے گا۔

علماء اسلام نے مجدد کے لیے جو شرطیں بیان کی ہیں یہ ہیں۔

- وہ علوم ظاہرہ اور باطنیہ کا جامع ہو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

- اس کے درس و تدریس، تصنیف و تالیف اور وعظ و تذکیر سے نفع عام ہو۔
- سنت کی اشاعت و ترویج اور بدعت کے خاتمے کے لیے کوشاں ہو۔
- ایک صدی کے آخر اور دوسری صدی کے آغاز میں اس کے علم کی شہرت ہو اور لوگ دینی مسائل میں اس کی طرف رجوع کرتے ہوں۔

پھر یہ ضروری نہیں ہے کہ ہر صدی میں ایک ہی مجدد ہو، گزشتہ صدیوں میں سے ہر صدی میں ایک سے زیادہ مجدد ہوئے ہیں۔

ملک العلماء مولانا ظفر الدین بہاری (والد ماجد ڈاکٹر مختار الدین احمد علی گڑھ) فرماتے ہیں:۔

مجدد مائۃ حادی عشر (گیارہویں صدی کے مجدد) یعنی الف ثانی، امام ربانی حضرت شیخ احمد سرہندی فاروقی (متولد ۱۰ محرم ۹۷۱ھ، متوفی ۲۸ صفر ۱۰۳۴ھ) اور صاحب تصانیف کثیرہ شہیرہ زاہرہ و باہرہ حضرت شیخ علامہ عبدالحق محدث دہلوی (متولد ۹۵۸ھ، متوفی ۱۰۵۲ھ) اور میر عبدالواحد بلگرامی صاحب "سبع سنابل" (متولد ۹۱۵ھ، متوفی ۱۰۱۷ھ) تھے۔[۱]

آئندہ صفحات میں گیارہویں صدی کے مجدد، پاسبان دین مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم)، علوم دینیہ کے نامور مبلغ اور ناشر، دینی حمیت و غیرت کے پیکر، امام المحدثین، شیخ محقق حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالےٰ کے دینی اور ملی کارناموں کا مختصر جائزہ پیش کیا جائے گا۔ ان شاء اللہ العزیز۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس سے پہلے حضرت کی حیات مبارکہ کا مختصر تذکرہ پیش کر دیا جائے۔

حیات مبارکہ

۹۵۸ھ	۱۰۵۲ھ
۱۵۵۱ء	۱۶۴۲ء

امام اہل سنت شیخ عبدالحق محدث دہلوی، شہر دہلی ۹۵۸ھ/۱۵۵۱ء میں پیدا ہوئے، ان کے آباؤ اجداد میں سے آغا محمد ترک بخاری سلطان محمد علاء الدین خلجی کے زمانے میں بخارا سے ہجرت کر کے دہلی میں وارد ہوئے اور بلند و بالا مناصب پر فائز رہے۔ بخارا سے ہجرت کے وقت متعلقین اور مریدین کی ایک جماعت ان کے ہمراہ تھی۔[۲]

آپ کے والد ماجد شیخ سیف الدین دہلوی شعر و سخن کا ذوق رکھنے والے عالم اور صاحب حال بزرگ تھے،

---

[۱] محمد ظفر الدین بہاری، ملک العلماء، چودہویں صدی کے مجدد اعظم (جامعہ اشرفیہ، مبارکپور) ص ۲۲۔۲۲۔

[۲] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق: تکملہ اخبار الاخیار (مطبع مجتبائی، دہلی) ص ۲۸۹۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلسلۂ عالیہ قادریہ میں شیخ امان اللہ پانی پتی کے مرید اور خلیفۂ مجاز تھے[1]
حضرت شیخ نے تکملۂ اخبار الاخیار میں ان کے متعدد ملفوظات نقل کیے ہیں، چند ایک ملاحظہ ہوں۔

۱۔ مجھے ان لوگوں پر حیرت ہے جو مخلوق کے لیے کام کرتے ہیں تاکہ ان کے نزدیک اہمیت حاصل کریں، کام کا تعلق اللہ تعالیٰ سے ہے، مخلوق سے کیا کام؟

۲۔ جب دیکھا جاتا ہے کہ علما اور فضلا جاہ و عزت اور کثرت اسباب کے حاصل کرنے اور مال و دولت کے جمع کرنے میں مخلوق خدا کے ساتھ الجھتے ہیں اور لڑائی تک پہنچ جاتے ہیں، تو میں شکر کرتا ہوں کہ میں نے زیادہ نہیں پڑھا اور اکابر میں سے نہیں ہوا۔

۳۔ شیخ محقق فرماتے ہیں کہ مجھے والد گرامی نے کئی دفعہ فرمایا کسی شخص کے ساتھ علمی بحث میں جھگڑا نہ کرنا اور کسی کو تکلیف نہ دینا، اگر تمہیں معلوم ہو جائے کہ حق دوسری جانب ہے تو قبول کر لینا، ورنہ دو تین بار کہنا اگر نہ مانیں تو کہنا کہ بندہ کو اسی طرح معلوم ہے، جو کچھ آپ کہتے ہیں وہ بھی ہو سکتا ہے، جھگڑا کس بات کا؟

۴۔ اگر تمہیں اپنے پیر اور استاد سے محبت اور عقیدت ہو تو اس سلسلے میں کسی سے لڑائی نہ کرو اور تعصب اختیار نہ کرو، یہ محبت کا کام ہے، جسے محبت نہ ہو وہ کیا کام کرے گا؟ فائدہ بزرگوں کی عقیدت، محبت اور پیروی میں ہے ہم جو جنگ کرتے ہیں وہ اپنے نفس کے لیے ہے نہ کہ بزرگوں کے لیے۔

۵۔ طریقت کے بہت معاملات ہیں، جنہیں اس راہ کے اصحاب ہمت ادا کرتے ہیں، حقیقت کا اصل کام یہ ہے کہ ہر وقت اس حقیقت کو پیش نظر رکھے کہ اللہ تعالیٰ تمام اشیاء کے ساتھ ہے۔ ایک لحظہ بھی اس خیال سے غافل نہ رہے، دست در کار و دل بایار[2]

شیخ محقق نے نہ صرف ان کی نصیحتوں کو عمر بھر یاد رکھا بلکہ ان پر عمل پیرا رہے۔

شیخ سیف الدین دہلوی، ۲۷ رشعبان ۹۹۰ھ ۱۵۸۲ء کو پاس انفاس میں مشغول تھے، اسی حالت میں رحمت حق کی آغوش میں پہنچ گئے۔

تحصیل علم

حضرت شیخ محقق کو اللہ تعالیٰ نے ابتدا ہی سے علم سلیم اور فہم و دانش کا وافر حصہ عطا فرمایا، حافظہ حیرت انگیز

---

[1] خلیق احمد نظامی، حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی ..... ندوۃ المصنفین دہلی ص ۲۷، ۶۶

[2] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق، تکملہ اخبار الاخیار فارسی (مجتبائی، دہلی) ص ۳۰۲۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حد تک قوی تھا، خود فرماتے ہیں کہ

دو اڑھائی سال کی عمر میں دودھ چھڑائے جانے کا واقعہ مجھے اس طرح یاد ہے جیسے کل کی بات ہو[1]

والد ماجد نے ظاہری اور باطنی تربیت پر بھرپور توجہ دی، دو تین ماہ میں قرآن پاک پڑھا دیا پھر شیخ عبدالحق علوم دینیہ حاصل کرنے لگے۔

جب عربی نصاب اور منطق و کلام کی کتابوں تک پہنچے تو ماوراء النہر[2] کے دانشوروں کے پاس حاضر ہوئے اور سات آٹھ سال دن رات محنت کرکے علوم دینیہ حاصل کیے۔ شیخ نے اپنے اساتذہ کے نام نہیں لکھے، ذوق و شوق اور علمی انہماک کا یہ عالم تھا کہ ہر روز اکیس بائیس گھنٹے پڑھنے اور مطالعہ میں صرف کرتے، اپنی محنت شاقہ کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔

اگر اتنا ذوق و شوق مولا تعالیٰ کی طلب اور باطن کی ریاضت میں ہوتا تو معاملہ کہاں تک پہنچتا[3]

ذکاوت و فطانت کا یہ عالم تھا کہ دوران سبق عجیب عجیب بحثیں اور مفید باتیں ذہن میں آتیں، اساتذہ کے سامنے پیش کرتے تو وہ کہتے۔

ہم تم سے استفادہ کرتے ہیں اور ہمارا تم پر کوئی احسان نہیں ہے[4]۔

سترہ سال کی عمر میں اس وقت کے مروج علوم سے فارغ ہو گئے۔ بعد ازاں ایک سال میں قرآن پاک یاد کر لیا۔ فارغ التحصیل ہونے کے بعد کچھ عرصہ درس و تدریس میں مشغول رہے۔

شیخ محقق ۹۹۶ھ ۸۸۔۱۵۸۷ء میں حجاز مقدس پہنچے، ۹۹۹ھ/۱۵۹۰ء تک وہاں قیام کیا، اس دوران حج و زیارت کے علاوہ مکہ مکرمہ میں شیخ عبدالوہاب متقی کی خدمت میں حاضر ہو کر علمی اور روحانی استفادہ کیا، مشکوٰۃ شریف کے علاوہ تصوف کی کچھ کتابیں پڑھیں، اسی اثناء میں شیخ سے اجازت لے کر مدینہ منورہ حاضر ہوئے، ۲۲ ربیع الثانی ۹۹۷ھ سے آخر رجب ۹۹۸ھ تک وہاں قیام کرکے سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نوازشہائے بے پایاں سے فیض یاب ہوئے، شیخ محقق فرماتے ہیں۔

---

[1] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق، ص ۳۰۰۔

[2] نہر سے نہر جیحون مراد ہے، ماوراء النہر سے مراد وہ شہر ہیں جو اس نہر کے شمال میں واقع ہیں مثلاً بخارا، سمرقند، نسف، اسبیجاب، خجند، خوارزم اور کاشغر وغیرہ ۱۲ شرف قادری نقشبندی۔

[3] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق، اخبار الاخیار فارسی ص ۳۰۲

[4] ایضاً ص ۳۰۲

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اس فقیر حقیر نے حضرت بشیر نذیر صلی اللہ علیہ وسلم سے جو انعام واکرام کی بشارتیں پائی ہیں ان کی طرف اشارہ نہیں کر سکتا[1]

بیعت وخلافت

حضرت شیخ محقق کو بچپن ہی سے عبادت و ریاضت کا بے حد شوق تھا، جوں جوں عمر میں اضافہ ہوتا گیا یہ شوق بھی بڑھتا گیا یہاں تک کہ اپنے زمانے کے اولیائے کاملین میں شمار ہوئے۔ ابتداءً والد ماجد کے دست مبارک پر بیعت ہوئے پھر ان کے ایماء پر سلسلۂ عالیہ قادریہ میں حضرت موسیٰ پاک شہید ملتان (م ۱۰۰۱ھ) کے دست اقدس پر بیعت ہوئے اور ان کے فیوض و برکات سے مستفید ہوئے، مکہ معظمہ میں حضرت شیخ عبدالوہاب متقی رحمہ اللہ تعالیٰ سے بیعت کی، ارشاد و سلوک کی منزلیں طے کیں اور شیخ نے انہیں چار سلسلوں چشتیہ، قادریہ، شاذلیہ اور مدنیہ کی اجازت عطا فرمائی۔ شیخ محقق ہندوستان واپس آئے تو باوجودیکہ سلسلۂ قادریہ میں بیعت اور خلافت رکھتے تھے، سلسلہ نقشبندیہ میں عارف کامل حضرت خواجہ محمد باقی باللہ رحمہ اللہ تعالیٰ کے دست حق پرست پر بیعت ہوئے۔ محمد صادق ہمدانی نے کلمات الصادقین میں لکھا ہے کہ شیخ محقق نے حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی کے روحانی اشارے پر بیعت کی تھی[2]

تصانیف

حضرت شیخ محقق نے اپنی حیات مبارکہ کا اکثر وبیشتر حصہ تصنیف و تالیف میں بسر کیا۔ ان کی تصانیف دنیا بھر میں قدر و منزلت کی نگاہ سے دیکھی جاتی ہیں، فنی اعتبار سے ان کی تصانیف درج ذیل عنوانات کے تحت آتی ہیں۔

۱۔ تفسیر	۲۔ تجوید	۳۔ حدیث	۴۔ عقائد
۵۔ فقہ	۶۔ تصوف	۷۔ اخلاق	۸۔ اعمال
۹۔ منطق	۱۰۔ تاریخ	۱۱۔ سیر	۱۲۔ نحو
۱۳۔ ذاتی حالات	۱۴۔ خطبات	۱۵۔ مکاتیب	۱۶۔ اشعار[3]

حضرت شیخ محقق کی تصانیف کی تعداد ساٹھ ہے، چند مشہور تصانیف کے نام درج ذیل ہیں۔

---

[1] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق: اخبار الاخیار فارسی ص ۳۰۴۔

[2] خلیق احمد نظامی: حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی ص ۱۳۷۔

[3] ایضاً، ایضاً ص ۱۶۰۔ نوٹ: جناب نظامی صاحب نے ۹ پر فلسفہ و منطق کا شمار کیا ہے، حالانکہ فلسفہ میں ان کی کسی تصنیف کا ذکر نہیں کیا۔ قادری

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱۔ اشعۃ اللمعات، مشکوٰۃ شریف کا فارسی میں ترجمہ اور شرح، چار جلدوں پر مشتمل ہے، اردو میں اس کے ترجمہ کی شدت سے ضرورت محسوس کی جا رہی تھی، چنانچہ مولانا محمد سعید احمد نقشبندی رحمہ اللہ تعالےٰ نے پہلی دو جلدوں کا ترجمہ تین جلدوں میں کیا، ان کی علالت اور پھر وصال کے سبب یہ کام راقم کے ذمہ لگا۔ راقم نے چوتھی اور پانچویں جلد مکمل کر لی ہے، ترجمہ کی دو جلدیں مزید ہوں گی۔ یہ سب کام فرید بک سٹال لاہور کے زیر اہتمام ہو رہا ہے۔

۲۔ لمعات التنقیح فی شرح مشکوٰۃ المصابیح (عربی) مشکوٰۃ شریف کی عربی شرح جس کی چار جلدیں طبع ہو چکی ہیں۔

۳۔ شرح سفر السعادۃ (فارسی)

۴۔ مدارج النبوۃ (فارسی) سیرت طیبہ کی اہم ترین اور لافانی کتاب۔

۵۔ اخبار الاخیار (فارسی) ہندوستان کے علماء اور مشائخ کا مستند تذکرہ۔

۶۔ جذب القلوب الی دیار المحبوب (فارسی) تاریخ مدینہ کے نام سے اس کا ترجمہ چھپ چکا ہے۔

۷۔ زبدۃ الاسرار (عربی) مناقب سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ، تلخیص بہجۃ الاسرار۔

۸۔ زبدۃ الآثار (فارسی) زبدۃ الاسرار کا ترجمہ مع اضافات۔

۹۔ تکمیل الایمان (فارسی) اسلامی عقائد اور مسلک اہل سنت وجماعت۔

۱۰۔ شرح فتوح الغیب (فارسی) سیدنا شیخ عبد القادر جیلانی رحمہ اللہ تعالیٰ کی تصنیف فتوح الغیب کی شرح۔

۱۱۔ ماثبت بالسنۃ (عربی) بارہ مہینوں کے اسلامی معمولات، کتاب وسنت اور طریق اسلاف کی روشنی میں۔

پروفیسر خلیق احمد نظامی نے ڈاکٹر زبید احمد کے حوالے سے شیخ محقق کی تصانیف میں الاکمال فی اسماء الرجال کا بھی ذکر کیا ہے اور ساتھ ہی یہ بھی کہا ہے کہ فہرس التوالیف میں اس کا ذکر نہیں ہے، حالانکہ الاکمال، امام ولی الدین، صاحب مشکوٰۃ کی تصنیف ہے اور مشکوٰۃ شریف کے آخر میں چھپی ہوئی عام دستیاب ہے۔

رسالہ ضرب الاقدام:

پیر عبد الغفار کشمیری ثم لاہوری نے ۱۳۴۹ھ میں پانچ رسائل کا مجموعہ شائع کیا تھا ان میں ایک رسالہ ضرب الاقدام بھی ہے، اس کی ابتدا میں لکھا ہے۔

رسالہ ضرب الاقدام من تصنیف
زبدۃ المحققین شیخ عبد الحق دہلوی
رحمہ اللہ تعالیٰ علیہ

اس رسالے میں حضرت شیخ محقق نے صلوٰۃ غوثیہ کا ثبوت اور جواز پیش کیا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شیخ محقق رحمہ اللہ تعالیٰ کا وصال

۲۱ ربیع الاول ۱۰۵۲ھ/ ۱۶۴۲ء کو آسمان علم و معرفت کا نیر درخشاں احادیث نبویہ کا عظیم شارح، دین اسلام اور مقام مصطفےٰ کا محافظ اور مسلک اہل سنت کا پاسبان دنیا والوں کی نگاہوں سے روپوش ہو کر دہلی کے ایک گوشے میں محو استراحت ہوا۔ رحمہ اللہ تعالیٰ وقدس سرہٗ

شیخ محقق کی دینی اور علمی خدمات

حضرت شیخ محقق نے اپنی طویل زندگی دین اسلام کے تحفظ اور اس کا پیغام عام کرنے اور مقام مصطفےٰ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی حفاظت کرنے میں صرف کر دی، دین متین کے خلاف اٹھنے والے نئے نئے فتنوں کی بھرپور سرکوبی کی، مسلک اہل سنت وجماعت کی شاندار ترجمانی کی۔

اس دور میں مہدوی تحریک عروج پر تھی جس کا آغاز سنت کی ترویج اور بدعت کے خاتمے سے متعلق تھا، بعد ازاں مہدویت کا تصور اس سطح تک جا پہنچا کہ دین اسلام کے قطعی عقیدے ختم نبوت سے ٹکرا گیا، اس تحریک کا بانی سید محمد جونپوری کہتا تھا کہ ہر وہ کمال جو حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حاصل تھا مجھے بھی حاصل ہو گیا ہے فرق صرف یہ ہے کہ وہ کمالات وہاں اصالتاً تھے اور یہاں تبعاً ہیں، اتباع رسول اس درجہ کو پہنچ گئی ہے کہ امتی، نبی کی مثل ہو گیا ہے۔ علامہ ابن حجر مکی، حضرت علی متقی، اور شیخ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے اس تحریک کی شدید مخالفت کی اور مقام مصطفےٰ کے تحفظ کا فریضہ انجام دیا۔

پروفیسر خلیق احمد نظامی کہتے ہیں۔

اگر سولہویں اور سترہویں صدی کی مختلف مذہبی تحریکوں کا بغور تجزیہ کیا جائے تو یہ حقیقت واضح ہو جائے گی کہ اس زمانہ کا سب سے اہم مسئلہ پیغمبر اسلام کا صحیح مقام اور حیثیت متعین کرنا اور برقرار رکھنا تھا۔

تصور امام، عقیدۂ مہدویت، نظریہ الفی (دین اسلام کی عمر صرف ایک ہزار سال ہے ۱۲ ق ن) دین الٰہی یہ سب تحریکیں پیغمبر اسلام کے مخصوص مقام اور مرتبہ پر کسی نہ کسی طرح ضرب لگاتی تھیں۔

شیخ عبدالحق کا سب سے بڑا کارنامہ یہ ہے کہ انہوں نے پیغمبر اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کے اعلیٰ وارفع مقام کی پوری طرح وضاحت کر دی اور اس سلسلہ کی ہر ہر گمراہی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

پر شدت سے تنقید کی۔[1]

یہ وہ دور تھا کہ علماء بد عتوں کی سرپرستی کرتے تھے اور فسق و فجور کی حوصلہ افزائی کرتے تھے، صوفیاء کے نام نے طریقت کو شریعت سے الگ کر کے تصوف کا حلیہ بگاڑ دیا تھا، ایسے علماء اور مشائخ کی بیہودگیوں نے اکبر بادشاہ کو دین سے برگشتہ کر دیا تھا، ورنہ بقول شیخ محقق ایک وقت وہ تھا کہ

بادشاہ اتباع شریعت اور عبادت کا پابند تھا، مشائخ کا بہت عقیدت مند تھا، ایک وقت تک خطبہ بھی خود پڑھا کرتا تھا۔[2]

پھر ایسا برگشتہ ہوا کہ دن بدن دین سے دور ہوتا چلا گیا، بقول ملا عبدالقادر بدایونی ارکان دین اور اسلامی عقائد مثلاً نبوت، کلام، وحی، مبداء الٰہی وغیرہ کا تمسخر اڑایا جانے لگا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر صراحتہً اعتراضات کیے جانے لگے، کسی کی مجال نہ تھی کہ دیوانخانے میں اعلانیہ نماز ادا کرے، چار وقت سورج کی عبادت کی جاتی، ماتھے پر قشقہ لگایا جاتا، اسلامی تعلیمات کے خلاف کتے اور خنزیر کی نجاست کا حکم کالعدم قرار دے دیا گیا اور ان کی زیارت کو عبادت کا درجہ دیا گیا۔

ظاہر ہے ان حالات میں عقائد اور اعمال کے ہر گوشے میں بگاڑ کا پیدا ہونا قدرتی امر تھا، شیخ محقق نے دینی دینی تعلیمات کو فروغ دے کر اس زہر کا تریاق فراہم کیا، شیخ نے اکبر کے انتقال پر نواب سید فرید مرتضیٰ خاں کے ذریعے جہانگیر کو تاریخی خط لکھا جس کی ایک ایک سطر سے دین اور ملت اسلامیہ کا درد ٹپکتا ہوا محسوس ہوتا ہے اس خط میں شیخ محقق نے دنیا کی بے ثباتی، عدل و انصاف کی اہمیت، مقام نبوت اور اتباع شریعت ایسے مسائل پر کھل کر گفتگو کی ہے تاکہ جہانگیر اپنے پیش روکی گمراہیوں کا مرتکب نہ ہو، اس کے علاوہ شیخ نے اکبری دور کے دیگر امراء سلطنت کو بھی خطوط لکھے اور امراء کی دینی عزت کو جوش دلایا۔

امام ربانی مجدد الف ثانی اور شیخ محقق دونوں ہم عصر بھی ہیں اور پیر بھائی بھی، تجدید اسلام، احیاء سنت اور اماتت بدعت کے سلسلے میں دونوں کا ہدف ایک ہے، البتہ طریق کار دونوں کا اپنا اپنا ہے۔

پروفیسر خلیق احمد نظامی لکھتے ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ دونوں نے ایک ہی بات کہی ہے، لیکن مختلف انداز میں، مجدد صاحب کے یہاں انقلابی جوش، سخت گیری اور ''برہم زن'' کے نعرے ہیں تو شیخ محدث کے یہاں بھی ماحول سے سخت

---

[1] خلیق احمد نظامی، پروفیسر : حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی ص ۲۷۲
[2] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق، رسالہ ضرب الاقدام (مطبع نامی گرامی اسلامی) ص ۲۷۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نفرت اور احیارسنت کا بیز معمولی جذبہ ہے۔ مجدد صاحب کی طرح وہ ڈنکے کی چوٹ پر بات نہیں کہتے لیکن کہتے وہی ہیں جو مجدد صاحب نے کہا ہے[1]

دربار اکبری کے مشہور شاعر اور بے نقط تفسیر سواطع الالہام کے مصنف فیضی کے شیخ محقق سے گہرے تعلقات تھے۔ فیضی کے خطوط پڑھنے سے پتہ چلتا ہے کہ اسے شیخ سے کتنی عقیدت و محبت تھی، شیخ اگر چاہتے تو فیضی اور ابوالفضل کے ذریعے دربار اکبری میں بڑے سے بڑا دنیاوی اعزاز حاصل کر سکتے تھے، لیکن انہوں نے فقر و فاقہ اور گوشہ نشینی کی زندگی اختیار کی اور ان کے فقر غیور نے کسی طرح گوارا نہ کیا کہ عظمت اسلام پر حرف آئے فیضی جیسا علامہ اور مخلص دوست جب صراط مستقیم سے بھٹک گیا تو اس کی فرمائش کے باوجود شیخ نے اس سے ملنا پسند نہ کیا۔

فہرس التوالیف میں شیخ محقق نے جس قدر تند و تیز تبصرہ فیضی کے بارے میں کیا ہے کسی دوسرے معاصر کے بارے میں نہیں کیا، غیرت ایمان کا ابوان کے قلم سے ٹپکتا ہوا محسوس ہوتا ہے، فرماتے ہیں۔

> فیضی اگرچہ فصاحت و بلاغت اور کلام کی پختگی میں ممتاز روزگار تھا، لیکن افسوس کہ اس نے کفر اور گمراہی کے گڑھے میں گر کر بدبختی کا نشان اپنے حالات کی پیشانی پر لگایا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ملت اور دین والوں کے لیے اس کا اور اس کی منحوس جماعت کا نام لینے سے بھی پرہیز ہے، اللہ تعالیٰ ان پر رجوع فرمائے اگر وہ مومن ہیں[2]

علم حدیث کی تشریح اور ترویج

علم حدیث شمالی ہند سے تقریباً ختم ہو چکا تھا جب اللہ تعالیٰ کی توفیق سے شیخ محقق نے علوم دینیہ خصوصاً علم حدیث کی شمع روشن کی، انہوں نے درس و تدریس اور تصنیف و تالیف کو ایک مشن کے طور پر اپنایا تو ہندوستان کی فضائیں قال اللہ تعالیٰ اور قال الرسول کی دلنواز صداؤں سے گونج اٹھیں۔

حضرت شیخ محقق کی تصانیف کا ذکر اس سے پہلے کیا جا چکا ہے، ان کے خاندان کی حدیثی خدمات کا مختصر تذکرہ ذیل میں پیش کیا جاتا ہے۔

شیخ نورالحق بن شیخ محقق (متوفی ۹ رشوال ۱۰۷۳ھ) نے چھ جلدوں میں بخاری شریف کی شرح تیسیر القاری

---

[1] خلیق احمد نظامی، پروفیسر، حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی ص ۳۰۲۔

[2] ایضاً ایضاً ص ۲۴۳۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کے نام سے فارسی میں لکھی، انداز وہی ہے جو شیخ محقق کا اشعۃ اللمعات میں ہے۔ شرح شمائل ترمذی لکھی جس کا قلمی نسخہ رامپور کے کتب خانہ میں موجود ہے۔

شیخ نورالحق کے پوتے شیخ سیف اللہ بن شیخ نوراللہ نے شمائل ترمذی کی شرح اشرف الوسائل کے نام سے لکھی، شیخ نورالحق کے دوسرے پوتے شیخ محب اللہ نے صحیح مسلم کی شرح منبع العلم کے نام سے لکھی، شیخ محب اللہ کے فرزند اکبر حافظ محمد فخرالدین نے حصن حصین کی شرح، فارسی میں لکھی، حافظ محمد فخرالدین کے صاحبزادے شیخ الاسلام محمد، دہلی میں صدرالصدور کے عہدہ پر فائز رہے، انہوں نے بخاری شریف کی شرح چھ جلدوں میں لکھی جو تیسیر القاری کے حاشیہ پر چھپی ہوئی ہے۔

شیخ الاسلام محمد کے صاحبزادے شیخ سلام اللہ نے موطا امام مالک کی شرح، شرح محلی بمل اسرار الموطا دو جلدوں میں لکھی، اس کے علاوہ شرح ترمذی لکھی، شیخ سلام اللہ کے صاحبزادے شیخ محمد سالم نے رسالہ نورالایمان اور رسالہ اصول الایمان لکھا[1]

غرض یہ کہ شیخ محقق اور ان کے خاندان نے علوم دینیہ اور حدیث شریف کی جو خدمات انجام دی ہیں وہ آب زر سے لکھنے کے قابل ہیں۔

پروفیسر خلیق احمد نظامی لکھتے ہیں۔

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے جس وقت مسند تدریس بچھائی اس وقت شمالی ہندوستان میں حدیث کا علم تقریباً ختم ہو چکا تھا، انہوں نے اس تنگ و تاریک ماحول میں علوم دینی کی ایسی شمع روشن کی کہ دور دور سے لوگ پروانوں کی طرح کھنچ کر ان کے گرد جمع ہونے لگے، درس حدیث کا ایک نیا سلسلہ شمالی ہندوستان میں جاری ہو گیا، علوم دینی خصوصاً حدیث کا مرکز ثقل، گجرات سے منتقل ہو کر دہلی آگیا، گیارہویں صدی ہجری کے شروع سے تیرہویں صدی کے آخر تک علم حدیث پر جتنی کتابیں ہندوستان میں لکھی گئی ہیں۔ ان کا بیشتر حصہ دہلی یا شمالی ہندوستان میں لکھا گیا ہے۔ یہ سب شیخ عبدالحق کا اثر تھا[2]

شیخ محقق کی دینی خدمات کے بارے میں چند تاثرات ملاحظہ ہوں۔

مولوی فقیر محمد جہلمی، علامہ غلام علی آزاد بلگرامی کے حوالے سے لکھتے ہیں۔

---

[1] خلیق احمد نظامی، پروفیسر : حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی ۲۲۴ - ۲۵۸

[2] ایضاً ، ص ۴۳

باون سال کی عمر میں ظاہر و باطن کی جمعیت سے مُکنَت (قدرت) حاصل کر کے تکمیل فرزندان و طالبان میں مشغول ہوئے اور نشر علوم خصوصاً علم حدیث شریف میں ایسی طرز سے جو ولایت عجم میں کسی کو علمائے متقدمین و متاخرین سے حاصل نہ ہوا تھا، ممتاز و مستثنیٰ ہوئے اور فنونِ علمیہ خصوصاً فن حدیث میں کتب معتبرہ تصنیف کیں جن پر علمائے زمانہ فخر کرتے اور ان کو اپنا دستور العمل جانتے ہیں اور اہل دانش خواص و عوام دل و جان سے ان کے خریدار ہیں۔[1]

نواب صدیق حسن خاں بھوپالی لکھتے ہیں:۔

ہندوستان جب سے فتح ہوا اس میں علم حدیث نہیں تھا، بلکہ کبریت احمر کی طرح کمیاب تھا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ہندوستان کے بعض علماء مثلاً شیخ عبدالحق ترک دہلوی، متوفی ۱۰۵۲ھ اور ان جیسے دوسرے علماء پر اس علم کا فیضان کیا، شیخ وہ پہلے عالم ہیں جو ہند میں علم حدیث لائے اور یہاں کے لوگوں کو بہترین انداز میں یہ علم سکھایا، پھر یہ منصب ان کے صاحبزادے شیخ نورالحق متوفی ۱۰۷۳ھ نے سنبھالا (ترجمہ)[2]

شیخ محقق کی تصانیف پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

شیخ کی تمام تصانیف علماء کے نزدیک مقبول اور محبوب ہیں، علماء انہیں شوق سے پڑھتے ہیں اور واقعی وہ اس لائق ہیں، ان کی عبارات میں قوت، فصاحت اور سلاست ہے، کان انہیں محبوب رکھتے ہیں اور دل لطف اندوز ہوتے ہیں (ترجمہ)[3]

مولوی فقیر محمد جہلمی لکھتے ہیں:۔

آپ کی فضیلت اور تنقید حدیث میں کوئی موافق و مخالف شک نہیں کر سکتا، مگر وہ جس کو اللہ انصاف سے ناآشنا کر دے یا تعصب کی پٹی آنکھوں پر باندھ دے۔ اعاذنا اللہ منہا۔[4]

عقائد

اہل سنت و جماعت کے عقائد، کتب کلام مثلاً شرح عقائد، تمہید ابو شکور سالمی، المعتقد المنتقد اور

---

[1] فقیر محمد جہلمی: حدائق الحنفیہ، مکتبہ حسن سہیل، لاہور ص ۴۳۰

[2] صدیق حسن خاں بھوپالی: الحطہ (طبع لاہور) ص ۱۲۰-۱۲۱

[3] ایضاً ص ۲۱۴

[4] فقیر محمد جہلمی، مرحوم: حدائق الحنفیہ ص ۴۳۰

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تکمیل الایمان وغیرہ میں بیان کیے گئے ہیں، دور آخر میں کچھ مسائل کو نزاعی بنا دیا گیا ہے۔ ذیل میں ہم اس امر کا مختصر سا جائزہ لیتے ہیں کہ شیخ محقق نے ان مسائل کے بارے میں کیا کہا ہے؟ اختصار کے پیش نظر صرف ترجمہ پر اکتفا کیا جا رہا ہے۔

شیخ محقق کو حضور سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گہری والہانہ عقیدت و محبت تھی جو ہر مسلمان کو ہونی چاہیے، مدینہ منورہ کے احترام کے پیش نظر وہاں ننگے پاؤں پھرتے تھے[1] سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کا ذکر آتا ہے تو شیخ پر ایک وجدانی کیفیت طاری ہو جاتی ہے اور ان کا قلم حدود شریعت میں رہتے ہوئے اپنی جولانیاں دکھاتا ہے۔

شیخ محقق نے سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں ایک نعت پیش کی تھی۔ اس کے چند اشعار ملاحظہ ہوں۔

ثنائیش گو، دے چوں نیست ایفائش ز تو ممکن — بایں یک بیت مدحش را علی الاجمال اکتفا کن

محال او راجدا از بہر شرع و حفظ دیں — دگر ہر وصف کش میخواہی اندر مدحش انشا کن

خدایم در غم ہجر جمالت یا رسول اللہ — جمال خود نما رحمے بجان زار شیدا کن

جہان تاریک شد از ظلم سیہ کاراں — بیا و عالمے را روشن از نور تجلی کن

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نعت کہو، لیکن چونکہ تم اس کا حق ادا نہیں کر سکتے، اس لیے یہ ایک شعر پڑھ کر آپ کی اجمالی تعریف پر اکتفا کرو۔

حکم شریعت اور دین کی حفاظت کے پیش نظر سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خدا نہ کہو، اس کے علاوہ آپ کی تعریف میں جو وصف چاہو تحریر کر دو۔

یا رسول اللہ! میں آپ کے جمال اقدس کے ہجر کے غم میں پریشان ہوں، اپنا دیدار عطا فرمائیں اور محب صادق کی جان پر رحم فرمائیں۔

سیاہ کاروں کے ظلم سے دنیا تاریک ہو گئی ہے، آپ تشریف لائیں اور نور تجلی سے جہان کو روشن فرمائیں۔

کہتے ہیں کہ جب شیخ تیسرے شعر پر پہنچے تو رقت طاری ہو گئی اور زار و قطار رونے لگے۔

خود شیخ محقق کا بیان ہے کہ انہیں چار مرتبہ خواب میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی۔[2]

---

[1] خلیق احمد نظامی، پروفیسر: حیات شیخ عبدالحق محدث دہلوی ص ۱۱۲

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

علم مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم

حدیث شریف میں ہے "فَعَلِمْتُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ" شیخ محقق اس کا ترجمہ اور شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :۔

پس میں نے جان لیا وہ کچھ جو آسمانوں اور زمین میں ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ تمام جزئی اور کلی علوم اور ان کا احاطہ حاصل ہو گیا[1]

مدارج النبوۃ کے خطبہ میں فرماتے ہیں :۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ذات الٰہی کی تمام شانوں، اللہ تعالیٰ کی صفات کے احکام، افعال و آثار کے اسمار کے جاننے والے اور تمام ظاہر و باطن اور اول و آخر علوم کا احاطہ کیے ہوئے ہیں اور "فَوْقَ کُلِّ ذِیْ عِلْمٍ عَلِیْمٌ" کا مصداق ہوئے ہیں[2]

ایک دوسری جگہ فرماتے ہیں۔

حضرت آدم علیہ السلام کے زمانے سے لے کر پہلی دفعہ صور پھونکنے تک جو کچھ دنیا میں ہے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر منکشف کر دیا گیا یہاں تک کہ اول سے آخر تک تمام احوال آپ کو معلوم ہو گئے، آپ نے بعض احوال کی خبر، صحابہ کرام کو بھی دی[3]

ان تصریحات سے ظاہر ہو گیا کہ حضرت شیخ محقق کے نزدیک اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر قیام قیامت تک کے تمام احوال اور ذات باری تعالیٰ کی شیون اور صفات کا علم عطا فرمایا، اسی وسیع ترین علم کو علم ماکان و مایکون کہا جاتا ہے۔

اختیار و تصرف

صحیح مسلم شریف کی حدیث میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ربیعہ بن کعب اسلمی رضی اللہ عنہ کو فرمایا، سَلْ (مانگو) حضرت شیخ محقق نے اس کی شرح میں اللہ تعالیٰ کے خلیفہ اعظم صلی اللہ علیہ وسلم کی قدرت اور

---

[1] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق: اشعۃ اللمعات فارسی (مکتبہ نوریہ رضویہ، سکھر) ج ۱ ص ۳۳۳۔
[2] ایضاً مدارج النبوۃ فارسی (ایضاً) ج ۱ ص ۲
[3] ایضاً ج ۱ ص ۱۴۴۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اختیارات بیان کرتے ہوئے سماں باندھ دیا ہے:

مطلقاً فرمایا مانگو، کسی خاص مطلوب کی تخصیص نہیں فرمائی۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تمام معاملہ آپ کے دست اقدس میں ہے جو چاہیں جسے چاہیں اپنے پروردگار کی اجازت سے دے دیں۔

فَاِنَّ مِنْ جُوْدِکَ الدُّنْیَا وَضَرَّتَھَا

وَمِنْ عُلُوْمِکَ عِلْمَ اللَّوْحِ وَالْقَلَمِ

دنیا و آخرت آپ کی بخشش کا ایک حصہ ہیں، اور لوح و قلم کا علم آپ کے علوم کا بعض ہے۔

اگر خیریت دنیا و عقبیٰ آرزو داری

بدرگاہش بیا و ہر چہ می خواہی تمنا کن

اگر تو دنیا و آخرت کی خیریت کی آرزو رکھتا ہے تو ان کے دربار میں آ، اور جو چاہتا ہے آرزو کر لے[۱]

ایک دوسری جگہ لکھتے ہیں :-

جن و انس کے تمام ملک اور ملکوت اور تمام جہان، اللہ تعالیٰ کی تقدیر اور تصرف سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احاطۂ قدرت و تصرف میں تھے[۲]

حاضر و ناظر

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روضۂ مقدسہ میں تشریف فرما بعطائے الٰہی تمام جہان کا مشاہدہ فرما رہے ہیں جہاں چاہیں تشریف لے جا سکتے ہیں، اسی مطلب کو حاضر و ناظر کے عنوان سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

حضرت شیخ محقق فرماتے ہیں۔

اس کے بعد اگر یہ کہیں کہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسد اقدس کو ایسی حالت اور قدرت بخشی ہے کہ آپ جس جگہ چاہیں بعینہٖ اُس جسم مبارک کے ساتھ یا جسم مثالی کے ذریعے تشریف لے جائیں، خواہ آسمان پر یا زمین پر، اسی طرح قبر میں یا قبر کے علاوہ، اس کا احتمال ہے، جب کہ ہر حال میں روضۂ مبارکہ کے ساتھ خاص نسبت برقرار رہتی ہے[۳]

---

[۱] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق ، اشعۃ اللمعات فارسی ج ۱ ص ۳۹۶

[۲] ایضاً ج ۱ ص ۴۲۲ [۳] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق : اشعۃ اللمعات ج ۲ ص ۴۵۰

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

سلوک اقرب السبل میں فرماتے ہیں :-

علمائے امت کے کثیر مذاہب اور اختلافات کے باوجود کسی ایک شخص کا اس مسئلے میں اختلاف نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تاویل اور مجاز کے شائبہ کے بغیر حقیقت حیات سے دائم و باقی ہیں، اور اعمال امت پر حاضر و ناظر طالبان حقیقت اور بارگاہِ رسالت کی طرف متوجہ ہونے والوں کے لیے فیض رساں اور مُربی ہیں[1]

اس کے علاوہ مدارج النبوۃ فارسی ج ۱ ص ۶۲۱ اور اشعۃ اللمعات فارسی ج ۱ ص ۴ پر بھی یہ مسئلہ بیان کیا ہے :-

جسم بے سایہ

مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں :-

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا سایہ زمین پر نہیں پڑتا تھا، کیونکہ زمین جائے کثافت اور نجاست ہے، دھوپ میں بھی آپ کا سایہ نہیں دیکھا گیا۔ اسی طرح علماء نے بیان کیا ہے، تعجب ہے کہ ان بزرگوں نے چراغ کی روشنی میں سایہ نہ ہونے کا ذکر کیا ...... چونکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم عین نور ہیں اور نور کا سایہ نہیں ہوتا[2]

دیدار الٰہی

اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں :-

مختار یہ ہے کہ دنیا میں بھی اللہ تعالیٰ کا دیدار ممکن ہے، لیکن بالاتفاق واقع نہیں ہے، ہاں حضور سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے شب معراج واقع ہے[3]۔

---

[1] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق ، سلوک اقرب السبل بالتوجہ الی سید الرسل (در اخبار الاخیار) ص ۵۵۔

[2] ایضاً ، مدارج النبوۃ فارسی ج ۱ ص ۱۱۸

[3] ایضاً ، اشعۃ اللمعات فارسی ج ۴ ص ۴۲۴

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حیاتِ انبیاءِ کرام و اولیاءِ عظام

مدارج میں فرماتے ہیں:

انبیاء کرام علیہم السلام کی حیات علماءِ ملت کے درمیان متفق علیہ ہے اور کسی کا اس میں اختلاف نہیں ہے کہ وہ زندگی شہداء اور فی سبیل اللہ جہاد کرنے والوں کی زندگی سے کامل تر اور قوی تر ہے، ان کی زندگی معنوی اور اخروی ہے اور انبیاء کرام کی زندگی حسی اور دنیاوی ہے اس بارے میں احادیث اور آثار واقع ہیں[1]

نیز ملاحظہ ہو اشعۃ اللمعات فارسی ج ا ص ۵۷۴۔

جذب القلوب میں فرماتے ہیں:۔

بعض مشائخ نے کہا کہ میں نے چار اولیاء کرام کو پایا کہ وہ قبروں میں اسی طرح تصرف کرتے ہیں جس طرح ظاہری حیات میں کرتے تھے یا اس سے زیادہ[2]

اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں:۔

انبیاء کرام حیاتِ حقیقی دنیاوی سے زندہ ہیں اور اولیائے کرام حیاتِ اخروی معنوی سے[3]

سماعِ موتیٰ

جذب القلوب میں فرماتے ہیں:۔

تمام اہل سنت وجماعت کا عقیدہ ہے کہ تمام اموات کے لیے جاننے اور سننے والے ادراکات ثابت ہیں[4]

زیارتِ قبور

تمام مومنوں کی قبروں اور ان کی روحوں کے درمیان ایک دائمی نسبت ہے جس کی بنا پر وہ زیارت

---

[1] عبد الحق محدث دہلوی، شیخ محقق ، مدارج النبوۃ فارسی ج ۲ ص ۴۷ ۲
[2] ایضاً ، جذب القلوب فارسی (طبع لکھنؤ) ص ۲۱۳
[3] ایضاً ، اشعۃ اللمعات ج ۲ ص ۴۰۲
[4] ایضاً ، جذب القلوب فارسی (نولکشور، لکھنؤ) ص ۲۰۱-۲

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کرنے والوں کو پہچانتے ہیں اور انہیں سلام کہتے ہیں، اس کی دلیل یہ ہے کہ زیارت تمام اوقات میں مستحب ہے۔[1]

زیارت روضۂ انور

جذب القلوب میں ہے :-

حضرت سید المرسلین صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت افضل سنتوں اور مؤکد مستحبات میں سے ہے، اس پر علماء دین کا قولی اور فعلی اجماع ہے۔[2]

توسل اور استعانت

جذب القلوب میں فرماتے ہیں :-

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا مانگتے ہوئے کہا، تیرے نبی کے طفیل اور ان انبیاء کے طفیل جو مجھ سے پہلے ہوئے، اس حدیث سے وصال سے پہلے اور اس کے بعد دونوں حالتوں میں توسل ثابت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ظاہری حیات مبارکہ ہیں اور دیگر انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے وصال کے بعد، جب دیگر انبیاء کرام علیہم السلام کے وصال کے بعد توسل جائز ہے تو سید الانبیاء علیہ وعلیہم الصلوٰۃ والسلام سے بطریق اولیٰ جائز ہوگا، بلکہ اس حدیث کی بنا پر بعد از وصال اولیاء کرام سے توسل کا قیاس کریں تو بعید نہیں ہے، ہاں اگر حضور سید الرسل صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت پر دلیل قائم ہو جائے تو قیاس درست نہ ہوگا، مگر دلیل کہاں ہے؟[3]

اشعۃ اللمعات میں فرماتے ہیں :-

امام غزالی نے فرمایا کہ زندگی میں جس ہستی سے مدد طلب کی جاتی ہے ان کے وصال کے بعد بھی ان سے مدد طلب کی جائے گی۔[4]

---

[1] عبد الحق محدث دہلوی، شیخ محقق : جذب القلوب فارسی (نولکشور، لکھنؤ) ص ۲۰۶

[2] ایضاً : ص ۲۱۰

[3] ایضاً : ص ۲۲۱

[4] ایضاً : اشعۃ اللمعات فارسی ج ۱ ص ۷۱۵

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اشعۃ اللمعات فارسی جلد سوم میں تفصیلی گفتگو کے بعد فرماتے ہیں :۔

منکرین کی خواہش کے برعکس اس جگہ کلام طویل ہو گیا، کیونکہ ہمارے زمانے کے قریب ایک فرقہ پیدا ہو گیا ہے جو اولیاء اللہ سے استمداد کا منکر ہے، اور ان کی طرف توجہ کرنے والوں کو مشرک اور بت پرست قرار دیتا ہے۔ اور جو منہ میں آتا ہے کہہ دیتا ہے[1]

شفاعت

ایک حدیث کی شرح کرتے ہوئے فرماتے ہیں :۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر فاسقوں اور گناہگاروں نے دنیا میں اہل اطاعت و تقویٰ کی کوئی امداد اور خدمت کی ہو گی تو آخرت میں اس کا نتیجہ پائیں گے اور انکی شفاعت اور امداد سے جنت میں جائیں گے[2]

امام ابن ماجہ کی روایت کردہ حدیث میں ہے کہ قیامت کے دن تین گروہ شفاعت کریں گے۔ انبیاء پھر علماء پھر شہداء۔ اس کی شرح میں فرماتے ہیں۔

ان تین گروہوں کی شفاعت کی تخصیص ان کی فضیلت و کرامت کی زیادتی کی بنا پر ہے، ورنہ تمام اہل خیر مسلمانوں کے لیے شفاعت ثابت ہے۔ اس سلسلے میں مشہور حدیثیں وارد ہیں، خواہ گناہوں کی بخشش کے لیے ہو یا درجات کی بلندی کے لیے، اور شفاعت کا انکار بدعت اور گمراہی ہے، جیسے کہ خوارج اور بعض معتزلہ کا مذہب ہے[3]

محفل میلاد

مدارج النبوۃ میں فرماتے ہیں :۔

ابولہب نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت پر خوشی اور مسرت کا اظہار کیا، اللہ تعالیٰ نے اس کی بدولت اس کے عذاب میں تخفیف فرما دی اور سوموار کے دن اس سے عذاب اٹھا لیا،

---

[1] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق : اشعۃ اللمعات فارسی ج ۳ ص ۴۰۲

[2] ایضاً : ج ۴ ص ۴۰۵

[3] ایضاً : ج ۴ ص ۴۰۸

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

جیسے کہ احادیث میں آیا ہے، اس جگہ میلاد منانے والوں کے لیے دلیل ہے جو سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کی رات خوشی مناتے ہیں اور مال خرچ کرتے ہیں، ابولہب جو کافر تھا اور اس کی مذمت قرآن پاک میں نازل ہوئی اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت باکرامت پر خوشی منانے اور اپنی کنیز کا دودھ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے صرف کرنے پر جزا دی گئی، مسلمان جو محبت اور سرور سے مالا مال ہے اور اس سلسلے میں مال خرچ کرتا ہے اس کا کیا حال ہوگا؛ لیکن یہ ضروری ہے کہ عوام کی پیدا کردہ بدعتوں مثلاً گانے، حرام آلات کے استعمال اور منکرات سے خالی ہو، تاکہ طریقۂ اتباع محرومیت کا سبب نہ ہو[1]

ایصال ثواب

تکمیل الایمان میں فرماتے ہیں:۔
مُردوں کے لیے زندوں کی دعاؤں اور بہ نیت ثواب صدقہ دینے میں اہلِ قبور کے لیے عظیم نفع ہے، اس سلسلے میں بہت سی حدیثیں اور آثار وارد ہیں، نماز جنازہ بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے[2]
اس کے علاوہ اشعۃ اللمعات فارسی ج ۱ ص ۷۹۷ ملاحظہ ہو۔

عرس

ماثبت من السنۃ میں فرماتے ہیں:۔
مغرب کے بعض متاخرین مشائخ نے فرمایا کہ جس دن اولیاء کرام بارگاہِ عزت اور مقامات قدس میں پہنچتے ہیں، اس دن باقی دنوں کی نسبت زیادہ خیر و برکت اور نورانیت کی امید کی جاتی ہے۔ اور یہ ان امور میں سے ہے جنہیں علمائے متاخرین نے مستحسن قرار دیا ہے[3]

---

[1] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق : مدارج النبوۃ فارسی ج ۲ ص ۱۹
[2] ایضاً : تکمیل الایمان فارسی (طبع لکھنؤ) ص ۷۷۔ ۷۶
[3] ایضاً : ماثبت من السنۃ عربی، اردو (طبع لاہور) ص ۲۲۴۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مزارات پر گنبد اور عمارت بنانا

شیخ محقق فرماتے ہیں:-

آخر زمانہ میں چونکہ عوام کی نظر ظاہر تک محدود ہے، اس لیے مشائخ اور اولیاء کے مزارات پر عمارت بنانے میں مصلحت کو دیکھتے ہوئے کچھ چیزوں کا اضافہ کیا تا کہ وہاں اسلام اور اولیائے کرام کی ہیبت و شوکت ظاہر ہو خصوصاً ہندوستان میں جہاں دشمنان دین ہنود اور دوسرے کافر بہت سے ہیں، ان مقامات کی شان و شوکت سے وہ لوگ مرعوب اور مطیع ہوں گے، بہت سے اعمال، افعال اور طریقے ایسے ہیں جو سلف صالحین کے زمانے میں ناپسند کیے جاتے تھے اور بعد کے زمانوں میں پسندیدہ قرار دیے گئے[1]

قادریت

حضرت شیخ محقق کو اگرچہ دوسرے سلاسل میں بھی بیعت و خلافت حاصل تھی لیکن ان پر نسبت قادریہ کا اس قدر غلبہ تھا کہ وہ سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہٗ کی نسبت ہی کو اپنے لیے طرۂ امتیاز قرار دیتے تھے فتوح الغیب کی فارسی میں شرح لکھی تو احتراماً اس کی ابتدا میں اپنا نام نہیں لکھا، اس بات کا تذکرہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

اس حقیر کے نام کے ذکر کی کیا حیثیت اور مجال ہے کہ اس جگہ ذکر کیا جا سکے[2]

اخبار الاخیار میں متعدد ہندوستان کے مشائخ کرام کا تذکرہ ہے، لیکن شیخ محقق کا حسن عقیدت دیکھیے کہ انہوں نے سب سے پہلے سیدنا غوث اعظم شیخ سید عبدالقادر جیلانی کا تذکرہ کیا ہے۔

مسلک

شیخ محقق مسلک اہل سنت و جماعت کے امام ہیں، ان کے عقائد کا مختصر جائزہ گزشتہ صفحات میں پیش کیا گیا ہے، حضرت شیخ کے عقائد اور معمولات وہی ہیں جو حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی کے ہیں، تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مسلک امام ربانی طبع لاہور از مولانا محمد سعید احمد نقشبندی، یہی عقائد و معمولات شاہ ولی اللہ محدث دہلوی

---

[1] عبدالحق محدث دہلوی، شیخ محقق: شرح سفر السعادۃ فارسی (مکتبہ نوریہ رضویہ سکھر) ص ۲۷۲

[2] ایضاً، شرح فتوح الغیب فارسی (طبع لکھنؤ) ص ۴۲۴

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کے ہاں ملتے ہیں، الفضل المبین کی بازیافت از حکیم سید محمود احمد برکاتی میں تفصیل دیکھی جا سکتی ہے، یہ مقالہ رضا اکیڈمی لاہور نے حال ہی میں طبع کیا ہے۔

علماء دیوبند اگرچہ شیخ محقق کا نام احترام سے لیتے ہیں تاہم وہ اپنے مکتب فکر کا تعلق ان سے قائم کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں۔

مولوی انور شاہ کشمیری کے صاحبزادے مولوی انظر شاہ کشمیری، استاذ تفسیر دارالعلوم دیوبند کا ایک اقتباس ملاحظہ ہو جس میں وہ خاموشی کی زبان میں بہت کچھ کہہ گئے ہیں۔

> ایک عرصہ تک میرا خیال یہ رہا کہ دیوبند کو اپنا تعلق حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی سے کیوں نہ قائم کرنا چاہیے غالباً ہندوستان میں اپنی مخصوص نوعیت کے اعتبار سے حدیث کے سلسلہ میں ان کی خدمات کچھ کم وقیع نہیں، شروح حدیث میں شاہ صاحب مرحوم کے قلم سے جو کچھ جواہر پارے تیار ہوئے ہیں انہیں تو جانے دیجیے ان کے صاحبزادہ شیخ نورالحق کی شرح بخاری بھی ایک زمانہ میں معروف و متداول رہی، اس خانوادہ کی خدمات علماء ولی اللّٰہی کے کنبہ کی طرح اگرچہ جلیل و وقیع نہیں[1] تاہم حدیث و قرآن سے ہند کو واقف کرنے میں شیخ عبدالحق مرحوم کا بھی بہر حال حصہ ہے۔
>
> پھر یہ رائے بھی بدل گئی، اول تو اس وجہ سے کہ شیخ مرحوم تک ہماری سند ہی نہیں پہنچتی، نیز حضرت شیخ عبدالحق کا مزاج کلیۃً دیوبندیت سے جوڑ بھی نہیں کھاتا، غالباً میری بات بہت سوں کو چونکا دینے والی ہو، مگر اس موقع پر میں ایک جلیل اور صاحب نظر عالم کی رائے میں اپنے لیے پناہ ڈھونڈتا ہوں، سنا ہے کہ حضرت مولانا انور شاہ کشمیری مرحوم فرماتے تھے کہ شامی اور شیخ عبدالحق پر بعض مسائل میں بدعت و سنت کا فرق واضح نہیں ہو سکا۔ بس اسی اجمال میں ہزار ہا تفصیلات ہیں جنہیں شیخ کی تالیفات کا مطالعہ کرنے والے خوب سمجھیں گے۔[2]

نبی اکرم صلی اللّٰہ علیہ وسلم کے علم شریف کی وسعت کی نفی کرنے کے لیے شیخ محقق کا نام ناجائز طور پر استعمال کیا گیا، مولوی خلیل احمد انبیٹھوی لکھتے ہیں۔

> اور شیخ عبدالحق روایت کرتے ہیں کہ مجھ کو دیوار کے پیچھے کا بھی علم نہیں۔[3]

---

[1] چاند کے چہرے پر گرد و غبار ڈالنے والی بات ہے۔ ۱۲ اشرف قادری نقشبندی

[2] انظر شاہ کشمیری، مولوی: نقش دوام، ماہنامہ البلاغ (شمارہ ذی الحجہ ۱۳۸۸ھ) ص ۴۹

[3] خلیل احمد انبیٹھوی: براہین قاطعہ (کتب خانہ امدادیہ، دیوبند) ص ۵۵

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

حالانکہ شیخ محقق نے تصریح کی ہے کہ

این سخن اصلے ندارد و روایت بداں صحیح نشدہ[1]

اس بات کی کوئی بنیاد نہیں ہے اور اس کی روایت بھی صحیح نہیں ہے۔

علاوہ ازیں شیخ نے یہ بات بطور حکایت نقل کی ہے، روایت ہرگز نہیں کی حکایت و روایت میں زمین و آسمان کا فرق ہے جیسے کہ اہل علم پر مخفی نہیں۔

بجا طور پر کہا جا سکتا ہے کہ بریلی، بدایوں، خیر آباد اور رامپور کے علماء یعنی علماء اہل سنت ہی شیخ محقق کے جانشین اور ان کے مسلک کے امین ہیں۔ امام احمد رضا بریلوی ایک جگہ چند اکابر ملت اسلامیہ کا ذکر کرنے کے بعد ان الفاظ میں شیخ محقق کا ذکر کرتے ہیں۔

شیخ شیوخ علماء الہند، محقق فقیہ، عارف نبیہ مولانا شیخ عبد الحق محدث دہلوی وغیرہم کبرائے ملت و عظمائے امت، قَدَّسَنَا اللّٰہُ تَعَالٰی بِاَسْرَارِھِمْ وَاَفَاضَ عَلَیْنَا مِنْ بَرَکَاتِھِمْ وَاَنْوَارِھِمْ[2]

اللہ تعالیٰ شیخ الاسلام، امام اہل سنت، شیخ محقق، شاہ عبد الحق محدث دہلوی قدس سرہ العزیز کی تربت انور پر بے شمار رحمتیں نازل فرمائے، ان کی اولاد امجاد اور تمام اہل سنت و جماعت کو ان کے علمی ورثے کی حفاظت اور اشاعت کی توفیق عطا فرمائے اور ان کی تصانیف مبارکہ کے ذریعے احناف کے باہمی اختلاف کا خاتمہ فرمائے۔ آمین بجاہ سید الانبیاء والمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

محمد عبد الحکیم شرف قادری نقشبندی
جامعہ نظامیہ لاہور

۱۸ شوال ۱۴۱۲ھ
۲۲ اپریل ۱۹۹۲ء

---

[1] عبد الحق محدث دہلوی، شیخ محقق: مدارج النبوۃ فارسی (سکھر) ج ۱ ص ۷
[2] احمد رضا بریلوی، امام: مجموعہ رسائل حصہ دوم (مدینہ پبلشنگ کمپنی، کراچی) ص ۱۰۹

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

كِتَابُ الْجِهَادِ

۲۸۵- جہاد کا بیان

الجہد جیم پر زبر اور پیش دونوں پڑھ سکتے ہیں، طاقت اور مشقت، جہاد جیم کے نیچے زیر اور مجاہدہ دشمنوں کے ساتھ جنگ کرنا (قاموس) غالباً جنگ کا ارادہ کرنا، اس کے لیے نکلنا اور قوت و طاقت کا صرف کرنا مراد ہے۔ کیونکہ حضرت مؤلف اس کے بعد ایک باب لائے ہیں "جہاد میں جنگ کرنا" اس جگہ سے معلوم ہوتا ہے کہ جنگ کے بغیر بھی جہاد ہوتا ہے، کافروں کے ساتھ جہاد فرض کفایہ ہے، ہاں اگر جنگ کا اعلان عام ہو تو فرض عین ہو جاتا ہے۔ سمندر کا جہاد خشکی کے جہاد سے افضل ہے، قاموس میں ایک حدیث لائے ہیں کہ بہتر ین شہداء اصحاب وکف ہیں یعنی وہ حضرات جنہیں کشتی پانی میں پھینک دے، امام سیوطی، جمع الجوامع میں حدیث لائے ہیں کہ اللہ تعالیٰ سمندر کے شہداء کی روحیں خود قبض فرماتا ہے اور ملک الموت کے سپرد نہیں فرماتا، مشکوٰۃ شریف میں بھی ڈوبنے والے کی فضیلت میں احادیث آئیں گی۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۳۶۱۱ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَ اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَ صَامَ رَمَضَانَ كَانَ حَقًّا عَلَی اللّٰهِ اَنْ یُّدْخِلَهُ الْجَنَّةَ جَاهَدَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَوْ جَلَسَ فِیْ اَرْضِهِ الَّتِیْ وُلِدَ فِیْهَا قَالُوْا اَفَلَا نُبَشِّرُ النَّاسَ قَالَ اِنَّ فِی الْجَنَّةِ مِائَةَ دَرَجَةٍ اَعَدَّهَا اللّٰهُ لِلْمُجَاهِدِیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ مَا بَیْنَ الدَّرَجَتَیْنِ كَمَا بَیْنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ فَاِذَا سَاَلْتُمُ اللّٰهَ فَاسْئَلُوْهُ الْفِرْدَوْسَ فَاِنَّهٗ اَوْسَطُ الْجَنَّةِ وَ اَعْلَی الْجَنَّةِ وَ فَوْقَهٗ عَرْشُ الرَّحْمٰنِ وَ مِنْهُ تَفَجَّرُ اَنْهَارُ الْجَنَّةِ

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

پہلی فصل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لایا اور اس نے نماز قائم کی اور رمضان کے روزے رکھے[1] تو اللہ تعالیٰ کے فضل پر لازم اور ثابت ہے کہ اسے جنت میں داخل فرمائے خواہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرے یا اس زمین میں بیٹھا رہے جس میں وہ پیدا ہوا ہے صحابۂ کرام نے عرض کی کہ ہم لوگوں کو خوش خبری نہ دیں؟ فرمایا: بے شک جنت میں سو درجے ہیں جو اللہ تعالیٰ نے مجاہدین فی سبیل اللہ کے لیے تیار کیے ہیں۔ دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہے جتنا زمین و آسمان میں[2]، جب تم اللہ تعالیٰ سے مانگو تو فردوس کی دعا کرو کیونکہ وہ درمیانی[3] اور بلند ترین جنت ہے، اس کے اوپر اللہ تعالیٰ[4] کا عرش ہے اور اسی سے جنت کی نہریں پھوٹتی ہیں[5]۔

(بخاری)

[1] خاص طور پر نماز قائم کرنے اور رمضان کے روزے رکھنے کے ذکر میں اشارہ ہے ان کی عظمتِ شان کی طرف، نیز اس لیے تخصیص کی کہ یہ تمام مسلمانوں پر فرض ہیں، بخلاف زکوٰۃ اور حج کے کہ سب پر واجب نہیں ہیں۔ صرف ان لوگوں پر واجب ہیں جو صاحبِ مال ہیں اور استطاعت رکھتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۲ یعنی ہاں! خوشخبری دے دو کہ اہل ایمان نمازی اور روزے دار، ضرور جنت میں داخل ہوں گے اور دوزخ کی آگ سے نجات پائیں گے، لیکن جنت کے بہت سے دوسرے درجات اور فضائل ہیں جو جہاد اور راہِ خدا میں شہادت سے حاصل ہوتے ہیں، لہٰذا جہاد کے ذریعے انہیں حاصل کرنے کی کوشش کرو۔

۵۳ یعنی افضل اور عمدہ ترین جنت ہے، وسط بہترین چیز کو کہتے ہیں۔

۵۴ عرش کی اضافت، رحمٰن کی طرف اس بنا پر ہے کہ عرش اور رحمت میں خصوصی تعلق ہے، جیسے عرش نے تمام اجسام اور عالم محسوس کے تمام اجزاء کا احاطہ کیا ہوا ہے، اللہ تعالیٰ کی رحمت نے تمام اجسام اور ارواح، محسوسات اور معقولات کا احاطہ کیا ہوا ہے، خواہ وہ عرش ہو یا اس کے علاوہ۔

۵۵ فردوس مشتق ہے فَرْدَسَہٗ سے جس کا معنی وسعت اور عظمت ہے۔

۳۶۱۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ الصَّائِمِ الْقَائِمِ الْقَانِتِ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَا يَفْتُرُ مِنْ صِيَامٍ وَّلَا صَلٰوةٍ حَتّٰى يَرْجِعَ الْمُجَاهِدُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے کا حال اس شخص کی طرح ہے جو روزہ دار، شب بیدار اور اللہ تعالیٰ کی آیتوں کے ساتھ قیام کرنے والا ہو، نہ روزے سے تھکے اور نہ نماز سے[۱] یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والا واپس آجائے (صحیحین)

۱ اگرچہ مجاہد کے عمل میں فتور اور وقفہ پیدا ہو جاتا ہے، بعض اوقات وہ کھانے، سونے اور ایسے ہی دوسرے کاموں میں مصروف ہوتا ہے، لیکن وہ اس شخص کے حکم میں ہے جس کی عبادت میں کوئی وقفہ نہیں ہوتا اور مجاہد کی ہر حرکت اور آرام پر ہمیشہ ثواب لکھا جاتا ہے، اس جگہ قنوت کا ذکر نہیں کیا، کیونکہ وہ قیام میں داخل ہے۔

۳۶۱۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْتَدَبَ اللّٰهُ لِمَنْ خَرَجَ فِيْ سَبِيْلِهٖ لَا يُخْرِجُهٗ اِلَّا اِيْمَانٌۢ بِيْ وَ تَصْدِيْقٌۢ بِرُسُلِيْ اَنْ اَرْجِعَهٗ بِمَا نَالَ مِنْ اَجْرٍ

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا! اللہ تعالیٰ نے اس شخص کے لیے ضمانت دی ہے جو اس کے راستے میں نکلا[۱] اور اس کے نکلنے کا سبب صرف یہ ہے کہ وہ مجھ پر ایمان رکھتا ہے اور میرے رسولوں کی تصدیق کرتا ہے[۲] کہ میں اسے حاصل

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَوْ غَنِیْمَۃٍ اَوْ اُدْخِلَہُ الْجَنَّۃَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ہونے والے ثواب یا غنیمت[۳] کے ساتھ واپس کردوں گا یا اسے جنت میں داخل کردوں گا[۴]۔ (صحیحین)

[۱] جہاد کے لیے۔

[۲] یعنی اللہ تعالیٰ کے لیے اور اس کی رضا حاصل کرنے کے لیے، نہ کہ دنیا کی طلب کے لیے اور ریاکاری کے طور پر۔

[۳] اسے صرف ثواب آخرت ملتا ہے یا غنیمت، بعض روایات میں وَغَنِیْمَۃٍ واؤ کے ساتھ آیا ہے، کیونکہ غنیمت، ثواب کے منافی نہیں ہے۔

[۴] یعنی ان لوگوں کے ساتھ جو پہلے پہل، حساب اور عذاب کے بغیر جنت میں داخل ہوں گے یا یہ مطلب ہے کہ اگر مجاہد شہید ہو جائے اور واپس نہ آئے، پس اسے موت کے بعد قیامت کے دن سے پہلے جنت میں داخل کردوں گا جیسے فرمایا: اَحْیَاءٌ عِنْدَ رَبِّھِمْ۔

۳۶۱۴ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوْلَا اَنَّ رِجَالًا مِّنَ الْمُؤْمِنِیْنَ لَا تَطِیْبُ اَنْفُسُھُمْ اَنْ یَّتَخَلَّفُوْا عَنِّیْ وَلَا اَجِدُ مَا اَحْمِلُھُمْ عَلَیْہِ مَا تَخَلَّفْتُ عَنْ سَرِیَّۃٍ تَغْزُوْا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَوَدِدْتُّ اَنْ اُقْتَلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ ثُمَّ اُحْیٰی ثُمَّ اُقْتَلَ ثُمَّ اُحْیٰی ثُمَّ اُقْتَلَ ثُمَّ اُحْیٰی ثُمَّ اُقْتَلَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر یہ مجبوری نہ ہوتی کہ کچھ مومنوں کے دل اس بات سے خوش نہیں ہوتے کہ ہم سے پیچھے رہیں اور انہیں سوار کرنے کے لیے ہم سواریاں نہیں پاتے، تو ہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے کسی لشکر[۱] سے پیچھے نہ رہتے، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں ہماری جان ہے! ہمیں یہ بات محبوب ہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیے جائیں، پھر زندہ کیے جائیں، پھر قتل کیے جائیں پھر زندہ کیے جائیں، پھر قتل کیے جائیں پھر زندہ کیے جائیں پھر قتل کیے جائیں[۲]۔ (صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ سریۃ سین پر زبر، را کے نیچے زیر اور یا شدد ا ہر لشکر کا ایک حصہ ــــــــ یعنی ہم جو ہر لشکر اور فوج کے ہمراہ، کافروں کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے نہیں جاتے ۔ اس کا سبب یہ ہے کہ اگر ہم ہر لشکر کے ساتھ جنگ کے لیے جاتے تو لازمی طور پر سواری اور دیگر ضروری سامان نہ ہونے کے سبب مسلمانوں کی ایک جماعت پیچھے رہ جاتی اور ہم سے جدا ہو جاتی ۔ ہمارے پاس اتنی سواریاں نہیں ہوتیں کہ سب کو ان پر سوار کریں ۔ اور اپنے ساتھ لے جائیں ۔ اور مسلمان جنگ میں شریک نہ ہونے اور ہم سے جدا ہونے کے سبب خوش نہیں ہوں گے اور اس بنا پر حسرت و یاس کا شکار ہو جائیں گے اور ان کے دل شکستہ اور مغموم ہو جائیں گے ۔ ورنہ ہمارے دل میں جہاد کی اس قدر محبت ہے کہ ہمارا دل چاہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں بار بار شہید کیے جائیں اور بار بار زندہ کیے جائیں جیسے کہ اس کے بعد فرمایا ۔

ؔ یعنی ہماری آرزو ہے کہ ہمیں ہر دفعہ نئی زندگی دی جائے اور بار بار شہید کیا جائے ۔ تاکہ ہر بار نیا ثواب حاصل کریں ۔

۳۶۱۵/۵ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا عَلَيْهَا ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک دن اسلامی ملک کی سرحد کا پہرہ دینا ، دنیا اور جو دنیا پر ہے ؔ اس سے بہتر ہے (صحیحین)

لہ سہل بن سعد ساعدی انصاری ، مدینہ منورہ میں رحلت فرمانے والے آخری صحابی ہیں ۔

ؔ دنیا کا ساز و سامان ــــــــ ربط کا معنی ہے باندھنا ۔ رباط دشمن کی سرحد کی حفاظت کرنا ، مناسبت یہ ہے کہ پہرے کے لیے سرحد پر گھوڑے باندھے جاتے ہیں

۳۶۱۶/۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَغَدْوَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایک صبح یا ایک شام چلنا دنیا اور اس میں موجود چیزوں سے بہتر ہے ۔ (صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ۔ غدوۃ نقطے والی غین پر زبر۔ دن کے ابتدائی حصے میں چلنا۔ سفر کرنا۔ رَوحۃ۔ را پر زبر، دن کے آخری حصے میں سفر کرنا۔

۳۶۱۷ وَعَنْ سَلْمَانَ الْفَارِسِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ رِبَاطُ یَوْمٍ وَّ لَیْلَۃٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ خَیْرٌ مِّنْ صِیَامِ شَھْرٍ وَّ قِیَامِہٖ وَاِنْ مَّاتَ جَرٰی عَلَیْہِ عَمَلُہُ الَّذِیْ کَانَ یَعْمَلُہٗ وَاُجْرِیَ عَلَیْہِ رِزْقُہٗ وَاَمِنَ الْفَتَّانَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک دن اور رات، اللہ تعالیٰ کی راہ میں گھوڑا باندھنا، ایک مہینے کے روزوں اور رات کی نمازوں سے بہتر ہے اور اگر وہ فوت ہو جائے تو اسے اس عمل کا ثواب ملتا رہے گا جو وہ کیا کرتا تھا۔ اسے اس کا رزق[1] دیا جائے گا اور فتنے میں ڈالنے والے[2] سے محفوظ رہے گا۔ (مسلم)

سلہ جنت کا کھانا اور پانی۔

سلہ عذاب قبر کے فرشتے۔ یا دجّال یا شیطان سے۔ ——— اَمِنَ، اَمْنٌ سے صیغہ معلوم ہے، ایک روایت میں اُوْمِنَ مجہول کا صیغہ ہے جس کا معنی ہے بے خوف کیا گیا۔ فَتّان، فا پر زبر، تا مشدد، ایک روایت میں ہے۔ فُتّان فا پر پیش، فاتن کی جمع۔

۳۶۱۸ وَعَنْ اَبِیْ عَبْسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اغْبَرَّتْ قَدَمَا عَبْدٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَتَمَسَّہُ النَّارُ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابو عبس[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ایسا نہیں ہے کہ کسی بندے کے دونوں پاؤں، اللہ تعالیٰ کی راہ میں غبار آلود ہوں پھر اسے آگ چھوئے۔ (بخاری)

سلہ ابو عبس بے نقطہ عین پر زبر، با ساکن اور بے نقطہ سین۔ انصاری صحابی ہیں۔ ان کا نام عبدالرحمٰن بن جبر ہے۔ جیم پر زبر اور با ساکن۔ جاہلیت میں ان کا نام عبدالعزّٰی تھا۔ غزوہ بدر اور دیگر تمام غزوات میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر رہے ۳۴ھ میں ستر سال کی عمر میں مدینہ منورہ میں وصال ہوا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱۵؎ یہ کنایہ ہے راہ جہاد میں کوشش کرنے سے، اس جگہ (شانِ جہاد میں) مبالغہ ہے کہ جب راہ جہاد میں قدموں کا غبار آلود ہونا، آگ کے چھونے سے مانع ہے تو خود جہاد کا کیا حال ہوگا؟
عام طور پر فی سبیل اللہ سے جہاد کی کوشش مراد لی جاتی ہے۔ بعض اوقات حج، علم اور رزق حلال کی کوشش بھی مراد لی جاتی ہے۔

۳۶۱۹ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَجْتَمِعُ کَافِرٌ وَّ قَاتِلُهٗ فِی النَّارِ اَبَدًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کافر اور اس کا قاتل کبھی بھی آگ میں جمع نہیں ہوں گے ۱؎۔ (مسلم)

۱؎ یہ خوشخبری خاص طور پر اس شخص کے لیے ہے جو کسی کافر کو جہاد میں قتل کرے۔ کہ وہ ہرگز دوزخ میں داخل نہیں ہوگا۔ اور اصل میں یہ جہاد کی فضیلت کا بیان ہے۔ کیونکہ جو شخص جہاد کرے گا، غالب یہ ہے کہ وہ کسی کافر کو قتل کرے گا اور جو شخص جہاد کرنے اور اپنی پوری کوشش صرف کر دے اور کسی کو قتل نہ کرے۔ اس کی جزا بھی جنت ہے۔

۳۶۲۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنْ خَیْرِ مَعَاشِ النَّاسِ لَهُمْ رَجُلٌ مُّمْسِكٌ عِنَانَ فَرَسِهٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یَطِیْرُ عَلٰی مَتْنِهٖ کُلَّمَا سَمِعَ هَیْعَةً اَوْ فَزْعَةً طَارَ عَلَیْهِ یَبْتَغِی الْقَتْلَ وَ الْمَوْتَ مَظَانَّهٗ اَوْ رَجُلٌ فِیْ غُنَیْمَةٍ فِیْ رَاْسِ شَعَفَةٍ مِّنْ هٰذِهِ الشَّعَفِ اَوْ بَطْنِ وَادٍ مِّنْ هٰذِهِ الْاَوْدِیَةِ

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ لوگوں میں سے ان کے لیے بہترین زندگی والا وہ شخص ہے۔ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں اپنے گھوڑے کی لگام پکڑتا ہے۔ اس حال میں کہ اس کی پشت پر اڑا جاتا ہے ۱؎، جب بھی کوئی خوفناک یا طلب امداد کی آواز ۲؎ سنتا ہے تو گھوڑے کی پشت پر اڑ کر پہنچ جاتا ہے۔ وہ قتل یا موت کو ان جگہوں میں تلاش کرتا ہے جہاں ان کا گمان ہوتا ہے ۳؎ یا اس شخص کی زندگی بھی جو پہاڑوں کی ان چوٹیوں میں سے کسی چوٹی ۴؎ پر یا ان وادیوں میں سے کسی وادی میں چند بکریوں کے ساتھ رہتا ہو۔ نماز قائم کرتا ہو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يُقِيْمُ الصَّلٰوةَ وَ يُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَ يَعْبُدُ رَبَّهٗ حَتّٰى يَاْتِيَهُ الْيَقِيْنُ لَيْسَ مِنَ النَّاسِ اِلَّا فِيْ خَيْرٍ.

زکوٰۃ دیتا ہو، اور اپنے رب کی عبادت کرتا ہو یہاں تک کہ اسے موت[6] آ جائے، وہ لوگوں میں سے نیکی ہی میں ہے[7]۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ) (مسلم)

[1] یعنی گھوڑے پر سوار ہو کر تیزی سے دوڑنا ہے۔

[2] ہیعۃ وہ آواز اور دشمن کا شور جو ڈرا دے ——— فزع کا معنی اصل میں ڈرنا ہے۔ اس جگہ اس کا اثر مراد ہے کہ فریاد اور استغاثہ ہے۔

[3] یعنی مرنے سے ڈرتا نہیں ہے اور اس سے بھاگتا نہیں ہے۔ بلکہ اسے طلب کرتا ہے۔

[4] شعف نقطوں والا شین اور بے نقطہ عین، دونوں پر زبر، پہاڑ کی چوٹی۔

[5] اگرچہ بکریاں نصاب کو پہنچ گئی ہوں۔

[6] یقین، موت کا نام ہے کہ اس کا آنا یقینی ہے۔

[7] کہ لوگوں کو اپنے شر سے محفوظ رکھتا ہے اور اپنے آپ کو ان سے بچا کر رکھتا ہے۔ نیکی میں ان کے ساتھ شریک ہے نہ کہ شر میں، اس حدیث کا حاصل مطلب، دین کے دشمنوں کے خلاف جہاد اور نفس و شیطان کے مقابلہ کے لیے مجاہدہ اور خواہشوں اور لذتوں میں ڈوب جانے سے اعراض کی ترغیب ہے، اور اس بات پر تنبیہ ہے کہ اگر لوگوں سے میل جول رکھے تو دین کی تائید اور شریعت کی تقویت کے لیے ہو، ورنہ علیحدگی اختیار کرے اور گوشہ نشین ہو جا۔ اس حدیث میں میل جول کی نسبت، گوشہ نشینی کا افضل ہونا معلوم ہوتا ہے، اس مسئلے میں اختلاف ہے۔ (کہ دونوں میں کیا افضل ہے؟)

اصل دارومدار فوائد اور فائدہ رسانی پر ہے۔ احیاء العلوم میں اس مسئلے پر تفصیلی گفتگو کی گئی ہے۔ اور راقم الحروف (شیخ محقق)، نے بھی اس کتاب (احیاء العلوم) کے عادات والے چوتھائی حصے کے ترجمے میں تفصیل بیان کی ہے۔

۳۶۲۱ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَقَدْ

حضرت زید بن خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے غازی کو ساز و سامان فراہم کیا تو اس نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

غَزَا وَمَنْ خَلَفَ غَازِيًا فِيْ اَهْلِهٖ فَقَدْ غَزَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جہاد کیا[۲] اور جو غازی کا اس کے اہل وعیال میں خلیفہ بنا[۳] اس نے جہاد کیا۔ (صحیحین)

[۱] زید بن خالد مشہور صحابی ہیں، ۷۸ھ، عبد الملک کے دور میں کوفہ میں اور بعض علماء نے کہا کہ حضرت امیر معاویہ کے آخری دور میں ان کا وصال ہوا۔

[۲] یعنی وہ غازی کے حکم میں ہے اور جہاد کے ثواب میں شریک ہے۔ تجہیز، دلہن، مسافر اور مردے کا ساز و سامان تیار کرنا۔

[۳] اس کے بعد ان کے معاملات کی دیکھ بھال کرتا رہا۔

۳۶۲۲/۱۲ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُرْمَةُ نِسَاءِ الْمُجَاهِدِيْنَ عَلَى الْقَاعِدِيْنَ كَحُرْمَةِ اُمَّهَاتِهِمْ وَمَا مِنْ رَجُلٍ مِّنَ الْقَاعِدِيْنَ يَخْلُفُ رَجُلًا مِّنَ الْمُجَاهِدِيْنَ فِيْ اَهْلِهٖ فَيَخُوْنُهٗ فِيْهِمْ اِلَّا وُقِفَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَيَاْخُذُ مِنْ عَمَلِهٖ مَا شَاءَ فَمَا ظَنُّكُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجاہدین کی عورتوں کی حرمت ابیٹھنے والوں[۱] پر ان کی ماؤں کی حرمت کی طرح ہے[۲]۔ بیٹھنے والوں میں سے جو شخص کسی مجاہد کا اس کے اہل میں خلیفہ بنتا ہے۔ پھر ان میں خیانت کرتا ہے۔ تو اسے مجاہد کے سامنے کھڑا کیا جائے گا وہ اس کے عمل میں سے جو چاہے گا لے لے گا۔ تمہارا کیا گمان ہے[۳]؟ (مسلم)

[۱] جو جہاد کے لیے نہ جا سکے۔

[۲] اس امر کے بیان میں مبالغہ مقصود ہے کہ بیٹھنے والوں کو مجاہدین کی عورتوں کے ساتھ اختلاط سے اجتناب کرنا چاہیے۔ یعنی چاہیے کہ ان کی عورتوں میں خیانت نہ کریں۔ بری نظر سے نہ دیکھیں۔ اور انہیں اپنی ماؤں کی طرح حرام جانیں

[۳] کیا وہ مجاہد اس کی کوئی نیکی بھی چھوڑے گا۔؟ یا یہ مطلب ہے کہ اس خیانت کے باوجود اللہ تعالیٰ کے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے؟

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کیا تمہیں اس جزا کے دینے میں شک ہے؟ یا یہ مطلب ہے کہ اس شخص کے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے؟ جسے اللہ تعالیٰ نے یہ عزت و منزلت عطا فرمائی ہے اور اسے اس فضیلت کے ساتھ خاص فرمایا ہے۔ اس کے بعد اسے مزید عزتیں عطا فرمائے گا۔

۳۶۲۳ ۱۳ وَعَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدِ نِ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ بِنَاقَةٍ مَخْطُوْمَةٍ فَقَالَ هٰذِهٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَكَ بِهَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ سَبْعُ مِائَةِ نَاقَةٍ كُلُّهَا مَخْطُوْمَةٌ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو مسعود انصاری[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص ایک اونٹنی لایا جس کی ناک میں نکیل[۲] ڈالی ہوئی تھی اور اس نے کہا یہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہے[۳]۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اس کے بدلے تمہارے لیے سات سو اونٹنیاں[۴] ہوں گی جن میں سے ہر ایک کی ناک میں نکیل ہوگی[۵]۔

(مسلم)

[۱] ابو مسعود انصاری مشہور صحابی ہیں۔
[۲] خطام پہلے حرف کے نیچے زیر، اونٹ کی ناک میں ڈالی جانے والی مہار جس کے ذریعے اسے قابو کیا جاتا ہے۔
[۳] یعنی میں اسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں بطور صدقہ دیتا ہوں۔
[۴] تمہیں سات سو اونٹنیوں کا ثواب ملے گا۔
[۵] جیسی اس اونٹنی کی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض اوقات ثواب میں اس حد تک اضافہ کر دیا جاتا ہے کہ سات سو گنا تک پہنچ جاتا ہے۔ خصوصاً ایسا عمل جو جہاد کے لیے کیا جائے۔

۳۶۲۴ ۱۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بَعْثًا اِلٰی بَنِیْ لِحْیَانَ مِنْ هُذَیْلٍ فَقَالَ لِیَنْبَعِثْ مِنْ كُلِّ رَجُلَیْنِ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قبیلہ ہذیل کے بنی لحیان[۱] کی طرف ایک لشکر[۲] بھیجا اور فرمایا۔ ہر دو مردوں میں سے ایک اٹھے اور جائے[۳] اور ثواب ان دونوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَحَدُهُمَا وَ الْاَجْرُ بَيْنَهُمَا۔ — کو ملے گا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ) — (مسلم)

لہ بنی لحیان لام کے نیچے زیر، اس پر زبر بھی آئی ہے۔ قبیلہ ہذیل ہا پر پیش، ذال پر زبر کی ایک شاخ۔

لہ بعث عین ساکن، اس پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں، وہ لشکر جو کسی جگہ بھیجا جائے۔

لہ یعنی ہر قبیلے کے آدھے افراد روانہ ہوں۔

لہ یہ اس صورت پر محمول ہے کہ بیٹھنے والا، مجاہد کا خلیفہ بنے۔ اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا۔

۳۶۲۵ / ۱۵ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنْ يَّبْرَحَ هٰذَا الدِّيْنُ قَآئِمًا يُّقَاتِلُ عَلَيْهِ عِصَابَةٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر بن سمرہ لہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا یہ دین ہمیشہ قائم رہے گا، مسلمانوں کی ایک جماعت اس لہ پر جہاد کرتی رہے گی، یہاں تک کہ قیامت قائم ہو جائے۔

(مسلم)

لہ جابر بن سمرہ سین پر زبر اور میم پر پیش، مشہور صحابی اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بھانجے ہیں۔ ان کی والدہ خالدہ بنت وقاص ہیں۔

لہ دین کے قائم رکھنے کے لیے۔

۳۶۲۶ / ۱۶ وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُكْلَمُ اَحَدٌ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَنْ يُّكْلَمُ فِىْ سَبِيْلِهٖ اِلَّا جَآءَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ جُرْحُهٗ يَثْعَبُ دَمًا اللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ وَ الرِّيْحُ رِيْحُ الْمِسْكِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کوئی شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں زخمی نہیں کیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے کہ اس کے راستے میں کون زخمی کیا گیا ہے۔ مگر وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے گا کہ اس کا زخم، خون اگل رہا ہوگا۔ جس کا رنگ، خون ایسا اور خوشبو، کستوری ایسی ہوگی۔

(صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵ کلم پہلے حرف پر زبر، زخمی کرنا، کلوم اور کلام زخموں کو کہتے ہیں۔ ــــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم۔
۶ ثعب تین نقطوں والی ثاء پر زبر، بے نقطہ عین، اور آخر میں ایک نقطے والی باء، پانی کا جاری کرنا۔ مثعب پہلے حرف پر زبر، پرنالہ۔

۳۶۲۷/۱۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ اَحَدٍ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يُحِبُّ اَنْ يَرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا وَلَهٗ مَا فِي الْاَرْضِ مِنْ شَيْءٍ اِلَّا الشَّهِيْدُ يَتَمَنّٰى اَنْ يَرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا فَيُقْتَلَ عَشْرَ مَرَّاتٍ لِمَا يَرٰى مِنَ الْكَرَامَةِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جنت میں جانے والا کوئی شخص اس بات کو پسند نہیں کرے گا کہ وہ دنیا میں واپس چلا جائے اور زمین کی تمام چیزیں اس کی ہوں، سوائے شہید کے، وہ دنیا کی طرف واپسی اور دس مرتبہ قتل کیے جانے کی آرزو کرے گا، اس عزت اور ثواب کی بنا پر جسے وہ دیکھے گا۔

(صحیحین)

۳۶۲۸/۱۸ وَعَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ سَاَلْنَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ عَنْ هٰذِهِ الْاٰيَةِ وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا بَلْ اَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ (الْاٰيَةَ) قَالَ اِنَّا قَدْ سَاَلْنَا عَنْ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَرْوَاحُهُمْ فِيْ اَجْوَافِ طَيْرٍ خُضْرٍ لَهَا قَنَادِيْلُ مُعَلَّقَةٌ

حضرت مسروق[۱] سے روایت ہے کہ ہم نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے اس آیت کے بارے میں پوچھا۔ اللہ کی راہ میں قتل کیے جانے والوں کو ہرگز مردہ گمان نہ کرو، بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں۔ رزق دیے جاتے ہیں۔ (الآیۃ) انہوں نے فرمایا، ہم نے اس کے بارے میں[۲] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا تو آپ نے فرمایا ان کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں ہیں، ان پرندوں کے لیے قندیلیں[۳] ہیں جو عرش کے ساتھ معلق ہیں۔ وہ جنت کے جس حصے میں چاہیں چرتے ہیں پھر ان قندیلوں میں آکر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بِالْعَرْشِ تَسْرَحُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ شَاءَتْ ثُمَّ تَاْوِيْ اِلٰى تِلْكَ الْقَنَادِيْلِ فَاطَّلَعَ اِلَيْهِمْ رَبُّهُمْ اِطِّلَاعَةً فَقَالَ هَلْ تَشْتَهُوْنَ شَيْئًا قَالُوْا اَيَّ شَيْءٍ نَشْتَهِيْ وَنَحْنُ نَسْرَحُ مِنَ الْجَنَّةِ حَيْثُ شِئْنَا فَفَعَلَ ذٰلِكَ بِهِمْ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ فَلَمَّا رَاَوْا اَنَّهُمْ لَنْ يُّتْرَكُوْا مِنْ اَنْ يُّسْاَلُوْا قَالُوْا يَا رَبِّ نُرِيْدُ اَنْ تَرُدَّ اَرْوَاحَنَا فِيْ اَجْسَادِنَا حَتّٰى نُقْتَلَ فِيْ سَبِيْلِكَ مَرَّةً اُخْرٰى فَلَمَّا رَاٰى اَنْ لَّيْسَ لَهُمْ حَاجَةٌ تُرِكُوْا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

قیام کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ نے ان پر جلوہ گری کرکے[۵] فرمایا: تم کوئی چیز چاہتے ہو؟ انہوں نے عرض کیا: ہم کس چیز کی آرزو کریں؟ جب کہ ہم جنت کے جس حصے میں چاہتے ہیں چرتے ہیں، ان سے تین مرتبہ یہی پوچھا گیا۔ جب انہوں نے دیکھا کہ وہ مانگنے سے چھوڑے نہیں جائیں گے[۶]، تو انہوں نے کہا اے ہمارے رب! ہم چاہتے ہیں کہ ہماری روحیں ہمارے جسموں میں لوٹا دی جائیں[۷]، یہاں تک کہ ہمیں دوسری بار تیری راہ میں قتل کیا جائے، جب اللہ تعالیٰ نے دیکھا کہ ان کی کوئی حاجت نہیں ہے[۸]۔ تو انہیں چھوڑ دیا گیا[۹]۔

(مسلم)

۱؎ مسروق عظیم تابعی اور جلیل القدر فقہا میں سے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال سے پہلے اسلام لائے، صدر اول یعنی خلفاء اربعہ، حضرت ابن مسعود، ام المؤمنین حضرت عائشہ اور دیگر صحابہ سے ملاقات کی۔ حضرت ابن مسعود کے ساتھ خصوصی تعلق رکھتے تھے۔ بچپن میں انہیں اغوا کر لیا گیا تھا۔ بعد میں دستیاب ہو گئے تھے، اسی دن سے ان کا نام مسروق پڑ گیا، نوافل اس کثرت سے ادا کرتے تھے کہ ان کے پاؤں سوج جاتے، اور حج کے لیے جاتے تو سجدے کے علاوہ کہیں نہ سوتے۔ (یعنی نوافل ادا کرتے کرتے سجدہ ہی میں سو جاتے ۱۲ قادری)

۲؎ اس آیت کی تفسیر

۳؎ جو گھونسلے کی حیثیت رکھتی ہیں۔

۴؎ خاص عنایت کے ساتھ ان پر خصوصی تجلی فرمائی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۵ یعنی انہیں معلوم ہوگیا کہ اللہ تعالیٰ کی مراد یہ ہے کہ وہ ضرور کوئی چیز مانگیں۔
۵۶ اور ہمیں دنیا میں بھیج دیا جائے۔
۵۷ کیونکہ پہلی بار شہید ہونے پر انہیں عظیم ثواب مل چکا ہے۔ اگر دوسری بار شہید ہوئے تو بھی ایسا ہی ثواب ملے گا۔ اور اس کی حاجت نہیں ہے، کیونکہ شہداء کا ثواب ایک ہی ہے، اور وہ انہیں حاصل ہو چکا ہے۔
۵۸ انہیں اس بات کی تکلیف نہیں دی گئی کہ ضرور کچھ مانگیں۔

سوال: اگر دوسری مرتبہ شہید ہونے پر بھی اجر و ثواب ملتا ہے تو ان کے اس مطالبے کا کیا فائدہ ہے؟ کہ ان کی روحیں ان کے جسموں میں لوٹا دی جائیں تاکہ وہ دوبارہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں شہید کیے جائیں، شارحین نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ اس کلام سے شہداء کا مطلب اس نعمت کا شکریہ ادا کرنا ہے جو اللہ تعالیٰ نے انہیں عطا فرمائی ہے، درحقیقت روح کے لوٹائے جانے کا سوال نہیں ہے، یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ ممکن ہے کہ ان کے خیال میں آیا ہو کہ دوسری مرتبہ شہید ہونے کی جزاء، استعداد اور مناسبت کے قوی ہونے کے سبب، پہلی بار کی نسبت بہتر اور زیادہ کامل ہوگی۔ لیکن اللہ تعالیٰ کو اپنی عادت کریمہ کے مطابق علم تھا کہ دوسری شہادت کی جزا بھی ایسی ہی ہوگی، اس لیے دوسری شہادت کی حاجت نہیں ہے، یہی وجہ تھی کہ اس کے بعد ان سے نہیں پوچھا گیا۔

البتہ یہ سوال باقی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی زیارت، تمام نعمتوں سے زیادہ عظیم اور کامل ہے، تو شہداء نے اس نعمت عظمیٰ کا سوال کیوں نہیں کیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا دیدار، موقوف ہو اس کی کامل استعداد پر اور یہ استعداد صرف قیامت کے دن حاصل ہوگی، اس لیے اللہ تعالیٰ نے اس استعداد کے حاصل ہونے کے وقت تک ان کے دل اس آرزو سے پھیر دیے، یا انہیں یہ علم عطا فرما دیا کہ اللہ تعالیٰ کا دیدار قیامت سے پہلے نہیں ہوگا۔

۱۲ (قادری)

اسی طرح بعض شارحین نے کہا ہے، یہ بھی ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مراد یہ ہو کہ یہ لوگ جسمانی خواہشات اور لذتوں کا اگر مطالبہ کریں تو وہ بھی انہیں دے دی جائیں۔ لیکن انہوں نے رضا و قناعت اور شکر گزاری کے طریقے پر عمل کرتے ہوئے ان نعمتوں پر اکتفا کیا جو انہیں حاصل ہو چکی تھیں۔

تنبیہ:

شارحین فرماتے ہیں کہ شہیدوں کی روحوں کو پرندوں کے پوٹوں میں اس طرح نہیں رکھا گیا کہ وہ ان بدنوں سے متعلق ہیں اور ان کے لیے مدبر ہیں۔ جیسے روحیں بدنوں کے لیے مدبر ہوتی ہیں جیسے دنیا وی بدنوں میں تھا، بلکہ انہیں بدنوں میں اس طرح رکھا گیا ہے جیسے موتی اور جواہرات صندوقوں میں رکھے جاتے ہیں، یہ انہیں جنت میں لانے کے لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تعظیم اور اعزاز کا ایک طریقہ ہے، روحیں پرندوں کے پوٹوں میں ہیں، پرندے جنت کے مختلف مقامات پر جاتے ہیں تو روحیں، جنت کی خوشبوئیں محسوس کرتی ہیں، اس کے انوار کا مشاہدہ کرتی ہیں اور اس سے لطف اندوز ہوتی ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے قرب مقرب فرشتوں کی نزدیکی اور بلند ترین جنت کے حصول سے خوش حال ہوتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی یہی مراد ہے۔ یُرْزَقُوْنَ فَرِحِیْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ انہیں رزق دیا جائے گا، اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے انہیں جو کچھ دیا اس پر وہ خوش ہوں گے۔

بعض لوگوں نے اس حدیث سے تناسخ (آواگون) پر استدلال کیا ہے، اور بعض لوگوں نے کہا کہ یہ تو شہداء کا مرتبہ گھٹانے اور تنقیص کے مترادف ہے کہ ان کی روحوں کو انسانی جسموں کی بجائے حیوانی جسموں سے متعلق کر دیا گیا ہے، ہماری تقریر سے یہ اعتراض اور تناسخ کا استدلال دونوں ختم ہو جاتے ہیں (کیونکہ روحوں کے لیے وہ پرندے، ہیلی کاپٹر کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ایسا نہیں ہے کہ وہ روحیں جو انسانی جسم سے متعلق تھیں اب حیوانی جسم سے متعلق ہو گئی ہیں۔

۱۲ قادری)

بعض شارحین نے کہا کہ ہو سکتا ہے شہیدوں کی روحیں درجہ کمال حاصل کرنے کے بعد، اللہ تعالیٰ کے حکم سے سبز پرندوں کی صورت اختیار کر گئی ہوں، اور انہیں وہ ہیئتیں اور شکلیں حاصل ہو گئی ہوں۔ جیسے بعض اوقات فرشتے انسانی صورت میں آجاتے ہیں۔ یہ شکلیں ان اجسام کی نہیں ہیں جن سے یہ روحیں متعلق ہیں۔ بلکہ وہی روحیں، انسانی اجسام کی صورت میں سامنے آجاتی ہیں۔ لیکن یہ توجیہ، ظاہر حدیث کے خلاف ہے، کیونکہ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ان کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں ہیں۔ فافہم۔

راقم حروف، بندہ مسکین، عبدالحق بن سیف الدین کہتا ہے ہو سکتا ہے کہ وہ ابدان، انسانی بدنوں کے اوصاف کے حامل ہوں۔ اگرچہ وہ سبز پرندوں کی صورت میں ہوں، لیکن ان کے اوصاف نہ رکھتے ہوں۔ کیونکہ صورتوں اور شکلوں کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔ بلکہ ہو سکتا ہے ——— اور اللہ تعالیٰ ہی بہتر جانتا ہے۔ ——— کہ وہ اجسام انسانوں کی صورت رکھتے ہوں۔ اور انہیں پرندے اس اعتبار سے کہا گیا ہو۔ کہ وہ ایک جگہ سے دوسری جگہ اڑ کر جاتے ہوں، نہ کہ قدموں پر چل کر جیسے کہ دنیا میں انسان کی عادت ہے، لہذا شہیدوں کی تنقیص اور ان کے مرتبے کی کمی لازم نہیں آتی، رہا تناسخ (آواگون) کا وہم تو وہ باطل ہے کیونکہ یہ اجسام وہ نہیں ہیں جن میں روحیں قیام کریں گی۔ حتیٰ کہ اس سے حشر و نشر کی نفی لازم آئے۔

جیسے کہ تناسخ کے قائلین کہتے ہیں، بلکہ روحوں اور جسموں کا یہ تعلق اس وقت تک ہے جب تک وہ روحیں قیامت اور حشر کے قائم ہونے سے پہلے جنت میں رہیں گی۔ اسی لیے ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ یہ روحیں پرندوں کے پوٹوں میں ہوں گی یہاں تک کہ جب اللہ تعالیٰ قیامت کے دن، جسموں کو زندہ فرمائے گا تو ان روحوں کو ان کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جسموں کی طرف لوٹا دے گا۔

۳۶۲۹/۱۹ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَامَ فِیْھِمْ فَذَکَرَ لَھُمْ اَنَّ الْجِھَادَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَ الْاِیْمَانَ بِاللّٰہِ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَرَاَیْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ یُکَفَّرُ عَنِّیْ خَطَایَایَ فَقَالَ لَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَعَمْ اِنْ قُتِلْتَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَ اَنْتَ صَابِرٌ مُّحْتَسِبٌ مُّقْبِلٌ غَیْرُ مُدْبِرٍ ثُمَّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَیْفَ قُلْتَ فَقَالَ اَرَاَیْتَ اِنْ قُتِلْتُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ اَیُکَفَّرُ عَنِّیْ خَطَایَایَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَ اَنْتَ صَابِرٌ مُّحْتَسِبٌ مُّقْبِلٌ غَیْرُ مُدْبِرٍ اِلَّا الدَّیْنَ فَاِنَّ جِبْرَئِیْلَ قَالَ لِیْ ذٰلِکَ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صحابہ کرام میں کھڑے ہو کر فرمایا کہ بے شک جہاد فی سبیل اللہ اور اللہ تعالیٰ پر ایمان، افضل ترین اعمال ہیں ایک شخص نے کھڑے ہو کر عرض کیا یارسول اللہ! یہ فرمائیں کہ اگر میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کر دیا جاؤں تو کیا میرے گناہ مجھ سے دور کر دیے جائیں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں! اگر تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں اس حال میں قتل کر دیے جاؤ تو تم قتل پر صبر کرنے والے، ثواب پر نظر رکھنے والے، آگے بڑھنے والے ہو اور پیٹھ پھیرنے والے نہ ہو، پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم نے کس طرح کہا تھا؟ انہوں نے عرض کیا کہ یہ فرمائیں کہ اگر میں اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کر دیا جاؤں تو کیا میرے گناہ مجھ سے دور کر دیے جائیں گے؟ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ہاں! جب کہ تم صابر، طالب ثواب، آگے بڑھنے والے ہو اور پیٹھ پھیرنے والے نہ ہو، سوائے قرض کے، کیونکہ جبرئیل امین علیہ السلام نے مجھے یہی کہا ہے۔

(مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱؎ حضرت ابوقتادہ مشہور انصاری صحابی ہیں۔

۲؎ یعنی خطبہ ارشاد فرمایا۔

۳؎ ایمان تو ظاہر ہے کہ مطلقاً تمام اعمال سے افضل ہے، اور جہاد، اعلاء کلمۃ اللہ، دشمنان دین کے قلع قمع اور جانوں کی قربانی کے اعتبار سے دین کے اعمال میں سے ارفع و اعلیٰ اور اکمل ہے۔

۴؎ اور ڈھانپ دیے جائیں گے؟

۵؎ یہ قتل، کفارہ بن جائے گا۔

۶؎ یا تو یہ آگے بڑھنے والے کی تاکید ہے یا یہ مطلب ہے کہ تم کسی وقت بھی پیٹھ پھیر کر بھاگنے والے نہیں ہو۔

۷؎ اور کیا کہا تھا؟

۸؎ انہوں نے اپنی بات دہرائی۔

۹؎ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بھی اپنا جواب دہرایا ——— دوبارہ یہ ارشاد فرمانے کا مقصد تاکید ہے اور ساتھ ہی استثناء ذکر کرنا مقصود، جیسے کہ اس کے بعد فرمایا۔

۱۰؎ ان چیزوں کے علاوہ جو قرض کی بنا پر لازم آتی ہیں۔ مثلاً جھوٹ اور وعدہ خلافی وغیرہ کہ یہ گناہ معاف نہیں ہوتے۔ اگرچہ تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کر دیے جاؤ، علامہ تورپشتی نے فرمایا، قرض سے مراد اس جگہ مسلمانوں کے وہ حقوق ہیں جو شہید کے ذمے سے متعلق ہیں۔ خلاصہ یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد، ہر چیز کا کفارہ بن جاتا ہے۔ سوائے حقوق العباد کے۔

۱۱؎ یہ تمام بات جو گزری، اس امر میں ہے کہ قرض معاف نہیں کیا جاتا۔

۳۶۳۰ / ۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْقَتْلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ يُكَفِّرُ كُلَّ شَيْءٍ اِلَّا الدَّيْنَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیا جانا قرض کے علاوہ ہر چیز[1] کا کفارہ بن جاتا ہے۔ (مسلم)

۱؎ ہر چیز یعنی ہر گناہ کا، سوائے قرض کے، امام سیوطی نے بیان کیا کہ سمندر کے شہید اس سے مستثنیٰ ہیں کہ ان کی شہادت، قرض کا بھی کفارہ بن جاتی ہے۔

۳۶۳۱ / ۲۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ یَضْحَکُ اللّٰہُ تَعَالٰی اِلٰی رَجُلَیْنِ یَقْتُلُ اَحَدُھُمَا الْاٰخَرَ یَدْخُلَانِ الْجَنَّۃَ یُقَاتِلُ ھٰذَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَیُقْتَلُ ثُمَّ یَتُوْبُ اللّٰہُ عَلَی الْقَاتِلِ فَیُسْتَشْھَدُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ایسے دو آدمیوں سے ہنستا ہے[1] کہ ان میں سے ایک دوسرے کو قتل کرتا ہے اور وہ دونوں جنت میں داخل ہونے ہیں[2]، یہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتا ہے اور قتل کر دیا جاتا ہے[3] پھر اللہ تعالیٰ قاتل[4] پر رحمت کے ساتھ رجوع فرماتا ہے۔ اور وہ شہید کیا جاتا ہے۔

(صحیحین)

۱؎ یعنی راضی ہوتا ہے اور اپنی رحمت کا رخ ان کی طرف کرتا ہے، بعض شارحین کہتے ہیں کہ یَضْحَکُ سے مراد یہ ہے کہ ان پر رحمت کی بارش برساتا ہے، کہا جاتا ہے کہ بادل ہنسا، جب کہ کثرت سے بارش برسائے۔
۲؎ چونکہ اس کلام کے مفہوم میں غرابت تھی، اس لیے خود اس کی وجہ بیان فرمائی۔ (جیسے کہ اس کے بعد فرمایا)

۳؎ اور وہ جنت میں داخل ہوتا ہے۔
۴؎ جو کہ کافر تھا، چنانچہ وہ ایمان لے آتا ہے۔

۳۶۳۲ وَعَنْ سَھْلِ بْنِ حُنَیْفٍ[1] قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ سَاَلَ اللّٰہَ الشَّھَادَۃَ بِصِدْقٍ بَلَّغَہُ اللّٰہُ مَنَازِلَ الشُّھَدَآءِ وَاِنْ مَّاتَ عَلٰی فِرَاشِہٖ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت سہل بن حنیف[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے پوری سچائی کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے شہادت طلب کی، اللہ تعالیٰ اسے شہداء کے مراتب تک پہنچا تا ہے۔ اگرچہ وہ اپنے بستر پر ہی فوت ہوا ہو[2]۔

(مسلم)

۱؎ حضرت سہل بن حنیف انصاری صحابی ہیں۔ جنگ بدر اور اس کے بعد دیگر غزوات میں بھی شریک ہوئے اور احد میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ثابت قدم رہے۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مصاحب تھے اور حضرت علی نے انہیں مدینہ منورہ میں خلیفہ مقرر کیا۔ بعد ازاں انہیں فارس کا والی بنا دیا۔ ۳۸ھ کوفہ میں وصال ہوا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور براء بن مالک حضرت انس کے بھائی اور عظیم القدر صحابی ہیں، کتاب القصاص میں ان کا اور ان کی پھوپھی ربیع بنت نضر کا ذکر گزر گیا ہے۔ نضر حضرت انس اور براء کے دادا ہیں (نسب یوں ہے انس بن مالک بن نضر ۱۲ قادری)۔

حضرت انس، ان کے والد مالک اور براء تینوں مشرف باسلام ہوئے (اور شرف صحابیت پایا ۱۲ قادری)

ؑ کہ اس کا کیا حال ہوا؟ (صحابہ کا عقیدہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا میں تشریف فرما ہوتے ہوئے عالم برزخ میں پیش آنے والے حالات جانتے ہیں۔ تبھی تو انہوں نے سوال کیا، اور سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انکار نہیں فرمایا بلکہ فرمایا کہ انہیں فردوس اعلیٰ ملی ہے ۱۲ قادری)

ؑ تیر غرب نقطے والی غین پر زبر، راء ساکن اور اس پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں، وہ تیر جس کا مارنے والا معلوم نہ ہو۔

ؑ یعنی اگر وہ بہشت میں نہ ہو (اس جملے میں ماں کی ماتا واضح طور پر جھلک رہی ہے، کیونکہ وہ صاف لفظوں میں نہیں کہہ سکیں کہ اگر وہ بہشت میں نہ ہو یا اگر وہ دوزخ میں ہو ۱۲ قادری)

ؑ اور اپنی طاقت، رونے میں صرف کروں اور اتنا روؤں جتنا کہ میری طاقت میں ہو۔

ؑ یعنی جنت میں عظیم درجات ہیں۔

ؑ فصل کی ابتداء میں گزرا ہے کہ فردوس، اعلیٰ اور اوسط جنت ہے، اور ہو سکتا ہے کہ فردوس میں بھی مختلف درجات و مراتب ہوں۔

۳۶۳۴/۲۳ وَعَنْهُ قَالَ انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَصْحَابُهٗ حَتّٰى سَبَقُوا الْمُشْرِكِيْنَ اِلٰى بَدْرٍ وَ جَآءَ الْمُشْرِكُوْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُوْمُوْا اِلٰى جَنَّةٍ عَرْضُهَا السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ قَالَ عُمَيْرُ بْنُ الْحُمَامِ بَخٍ بَخٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَحْمِلُكَ عَلٰى قَوْلِكَ بَخٍ بَخٍ

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کرام روانہ ہوئے[۱]۔ یہاں تک کہ مشرکین سے پہلے بدر میں پہنچ گئے[۲]، اور مشرکین بھی آ گئے، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس جنت کی طرف اٹھو[۳]، جس کی وسعت آسمانوں اور زمین جیسی ہے[۴]۔ حضرت عمیر بن حمام[۵] نے کہا واہ واہ[۶] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تمہیں واہ واہ کہنے پر کونسی چیز ابھارتی ہے[۷]، انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! خدا کی قسم! صرف یہ امید کہ میں بھی جنت والوں میں سے ہو جاؤں[۸]، فرمایا:

قَالَ لَا وَ اللّٰہِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِلَّا رَجَآءَ اَنْ اَکُوْنَ مِنْ اَھْلِھَا قَالَ فَاِنَّکَ مِنْ اَھْلِھَا قَالَ فَاَخْرَجَ تَمَرَاتٍ مِّنْ قَرَنِہٖ فَجَعَلَ یَاْکُلُ مِنْھُنَّ ثُمَّ قَالَ لَئِنْ اَنَا حَیِیْتُ حَتّٰی اٰکُلَ تَمَرَاتِیْ اِنَّھَا لَحَیٰوۃٌ طَوِیْلَۃٌ قَالَ فَرَمٰی بِمَا کَانَ مَعَہٗ مِنَ التَّمْرِ ثُمَّ قَاتَلَھُمْ حَتّٰی قُتِلَ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

تم جنت والوں میں سے ہو، راوی (حضرت انس) فرماتے ہیں کہ انہوں نے اپنے ترکش[۶] میں سے کچھ کھجوریں نکالیں اور کھانے لگے، پھر کہا کہ اگر میں اپنی کھجوریں کھانے تک زندہ رہا تو یہ طویل زندگی ہے[۷] راوی کہتے ہیں کہ انہوں نے وہ کھجوریں جو ان کے پاس تھیں پھینک دیں پھر مشرکوں سے جنگ کی یہاں تک کہ شہید ہو گئے[۸]

(مسلم)

[۱] یعنی غزوہ بدر کے موقع پر۔

[۲] یعنی مشرکوں کے پہنچنے سے پہلے میدان بدر میں پہنچ کر اتر پڑے۔

[۳] اور جلدی کرو۔

[۴] مقصد جنت کی وسعت اور فراخی کا بیان ہے، لہذا اس چیز سے تشبیہ دی کہ مخلوق کے علم کے مطابق اس سے زیادہ وسیع و عریض کوئی چیز نہیں ہے۔ یعنی جنت میں داخل ہونے کا سبب، مشرکین کے ساتھ جہاد ہے، جنت کی طرف اٹھنے سے مراد عمل کرنا ہے۔

[۵] عُمیر، عین پر پیش، میم پر زبر اور یا ساکن بن الحمام حا پر پیش، اور میم مخفف، انصاری ہیں۔ اور بدر کے شہداء میں سے ہیں۔

[۶] بَخٍ بَخٍ با پر زبر اور نقطے والی خا ساکن، اس پر تنوین بھی پڑھ سکتے ہیں، یہ ایسا کلمہ ہے جو تعجب، مدح اور رضا کے مقام پر بولا جاتا ہے، اس کلمے کی تکرار مبالغے کے لیے ہے۔ جیسے فارسی میں کہتے ہیں زہے زہے (اور اردو میں واہ وا ۱۲ قادری)

[۷] غالباً نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیال فرمایا کہ حضرت عُمیر سے یہ قول سوچے سمجھے بغیر صادر ہوا ہے۔ جیسے کہ کوئی شخص از راہ مزاح اور گپ لگانے کے لیے کوئی بات کہہ دے، یا قتل اور جان دینے کے خوف اور اسے عظیم اور بعید سمجھتے ہوئے ایسی بات کہہ دے، حضرت عُمیر نے اس قسم کے احتمالات کی اپنی ذات سے نفی کی (جیسے کہ اس سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

آگے بیان ہوا۔ ۱۲ق)

۵۸ مجھے شوق ہے کہ میں جنت میں جاؤں اور اس کا ثواب حاصل کروں۔

۵۹ قرن قاف پر زبر، اس کے بعد را، اور آخر میں نون، چمڑے کا ترکش جس میں لکڑی نہ ہو، یا لکڑی کا ترکش جس میں چمڑہ نہ ہو۔

۶۰ یہ مشرکوں سے جنگ اور جان کی بازی لگا دینے کے شوق اور بے تابی کا مظاہرہ ہے۔

۶۱ حضرت عمیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بدر کے دن انصار میں سے شہید ہونے والے پہلے صحابی ہیں۔ (بے شک یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معجزہ ہے کہ صحابہ کرام کے سینے اس تیقن سے معمور فرما دیے کہ شک و شبہ کی کوئی گنجائش ہی نہ رہی اور طلب جنت کے لیے ان کی بے تابی اس حد کو پہنچ گئی کہ وہ چند لمحات کی تاخیر بھی برداشت نہ کر سکے۔ ۱۲ قادری)

۳۶۳۵ – ۲۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا تَعُدُّوْنَ الشَّهِیْدَ فِیْكُمْ قَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ قُتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِیْدٌ قَالَ اِنَّ شُهَدَآءَ اُمَّتِیْ اِذًا لَقَلِیْلٌ مَنْ قُتِلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِیْدٌ وَمَنْ مَاتَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَهُوَ شَهِیْدٌ وَمَنْ مَاتَ فِی الطَّاعُوْنِ فَهُوَ شَهِیْدٌ وَمَنْ مَاتَ فِی الْبَطْنِ فَهُوَ شَهِیْدٌ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے درمیان شہید کسے شمار کرتے ہو[۱]؟ صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیا جائے وہ شہید ہے، فرمایا: تب تو ہماری امت کے شہید تھوڑے ہوں گے[۲]۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیا گیا وہ شہید ہے۔ جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں مر گیا[۳] وہ شہید ہے، جو شخص طاعون (پلیگ) میں مر گیا[۴] وہ شہید ہے۔ اور جو شخص پیٹ کی بیماری[۵] میں مر گیا وہ شہید ہے۔

(مسلم)

۱ وہ کونسی حالت ہے؟ جس کی بنا پر رتبہ شہادت حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اور شہید کون ہے؟

۲ یعنی شہید صرف وہ نہیں جو تم نے بیان کیا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے بغیر اس کے کہ اسے قتل کیا گیا ہو۔

ےے اس بیماری کے سبب نہ بھاگے، اپنی جگہ صبر کرے اور مر جائے تو وہ شہید ہے ـــــــــــ طاعون کے معنی کی تحقیق اور اس کے احکام دوسری جگہ بیان کیے گئے ہیں، اور تحقیق یہ ہے کہ اس جگہ طاعون کا معنی وبا اور مرض عام ہے۔

ھے خواہ وہ اسہال (دست) ہوں یا کوئی دوسری بیماری، پس وہ شہید ہے ـــــــــــ یہ سب گروہ، اُن ثوابوں اور درجات میں شریک ہیں جن کے شہدا مستحق ہیں، یہ مطلب نہیں کہ تمام احکام میں ان کے ساتھ شریک ہیں۔

۳۶۳۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ غَازِيَةٍ أَوْ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْا فَتَغْنَمُ وَتَسْلَمُ إِلَّا كَانُوْا قَدْ تَعَجَّلُوْا ثُلُثَيْ أُجُوْرِهِمْ وَمَا مِنْ غَازِيَةٍ أَوْ سَرِيَّةٍ تُخْفِقُ وَتُصَابُ إِلَّا تَمَّ أُجُوْرُهُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہیں ہے کوئی بڑا چھوٹا[۱] لشکر جو دنیا میں جہاد کرے اور غنیمت حاصل کرے مگر انہوں نے دنیا میں دو تہائی ثواب حاصل کر لیا ہے[۲]، اور نہیں ہے کوئی بڑا چھوٹا لشکر جو مال غنیمت حاصل نہ کر سکے[۳] اور مصیبت[۴] کا نشانہ بنے مگر ان کے ثواب مکمل ہو گئے ہیں[۵]۔ (مسلم)

لے سَرِیَّۃٌ سین پر زبر، را کے نیچے زیر اور یا مشدد، لشکر کا وہ حصہ جو جنگ کے لیے بھیجا جائے۔ غزا بڑا لشکر بھیجنا، علماء سیرت کی اصطلاح کے مطابق لفظ غزوہ اس جگہ استعمال کرتے ہیں جہاں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بنفس نفیس شریک ہوئے ہوں اور سریہ اس جگہ استعمال کرتے ہیں جہاں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خود شریک نہ ہوئے ہوں، لغت کے اعتبار سے لفظ غزوہ دونوں کو شامل ہے۔

ےے کیونکہ انہیں غنیمت بھی حاصل ہے اور سلامتی بھی، باقی رہا ایک تہائی یعنی غزوہ اور دشمنان دین کے ساتھ جنگ اور اس کے ارادے کا ثواب، وہ قیامت کے دن حاصل کریں گے، اس تقریر کے مطابق جو صحیح سالم رہا اور اس نے مال غنیمت نہ پایا تو اس نے ایک تہائی حاصل کر لیا اور دو تہائی حصے باقی رہ گئے۔

ےے تخفق تا پر پیش، خا ساکن، فا کے نیچے زیر، اور آخر میں قاف، اِخْفَاقٌ سے مشتق ہے۔ غازی یا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شکاری کا غنیمت یا شکار کے بغیر رہنا اور تلاش کرنے والے کا ناکام واپس لوٹنا۔
ؔ قتل یا زخم کے ساتھ۔
ؔ اس کے ثواب کے تینوں تہائی ہر صورت میں باقی رہ گئے۔ بہرصورت دشمنانِ دین کے ساتھ جنگ کا ارادہ کرنا اور اعلاء کلمۂ حق کی نیت، اجر و ثواب سے خالی نہیں ہوتی۔ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِیْنَ، اللہ تعالیٰ نیکو کاروں کا اجر ضائع نہیں فرماتا۔

۳۶۳۷/۲۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّاتَ وَلَمْ یَغْزُ وَلَمْ یُحَدِّثْ بِهٖ نَفْسَهٗ مَاتَ عَلٰی شُعْبَةٍ مِّنْ نِّفَاقٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اس حال میں مرگیا کہ نہ تو اس نے جہاد کیا اور نہ ہی اس کے بارے میں اپنے دل میں سوچا[1] وہ منافقت کی ایک قسم پر مرے گا[2]۔ (مسلم)

[1] یعنی جہاد کا ارادہ اور اس کی آرزو نہ رکھی اور اپنے دل میں نہ کہا کہ اے کاش میں غازی ہوتا۔ اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرتا اور شہید ہوتا۔ بعض شارحین نے کہا ہے کہ مطلب یہ ہے کہ ہمیشہ جہاد کے لیے نکلنے کا ارادہ رکھے اور ظاہر کے اعتبار سے اس کی نشانی یہ ہے کہ جہاد کے آلات اور سازوسامان تیار رکھے جیسے کہ ارشاد ربانی ہے۔ وَلَوْ اَرَادُوا الْخُرُوْجَ لَاَعَدُّوْا لَهٗ عُدَّةً یعنی اگر جہاد کے لیے نکلنے کا ارادہ رکھتے تو تحقیق اس کے لیے سازوسامان تیار کرتے۔

[2] کیونکہ وہ منافقوں کے ساتھ ایک گونہ مشابہت رکھتا ہے، منافقین جہاد سے پیچھے رہ جاتے تھے۔ شعبۃ۔ پہلے حرف پر پیش۔ شاخ، شگاف، پیالے کے شگاف کو جوڑنا۔

۳۶۳۸/۲۸ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِلْمَغْنَمِ وَ الرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِلذِّکْرِ وَ الرَّجُلُ یُقَاتِلُ لِیُرٰی مَکَانُهٗ فَمَنْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کی کہ ایک شخص، غنیمت کے لیے جنگ کرتا ہے[1] ایک شخص ناموری کے لیے جنگ کرتا ہے[2]۔ اور ایک شخص اس لیے جنگ کرتا ہے کہ اس کا مقام دیکھا جائے[3] تو کون اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہے؟[4] فرمایا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَاتَلَ لِتَكُوْنَ كَلِمَةُ اللّٰهِ هِيَ الْعُلْيَا فَهُوَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جو اس لیے جنگ کرے کہ اللہ تعالیٰ کا کلمہ ہی بلند ہو[۵] وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں ہے[۶]۔ (صحیحین)

[۱] جو چاہتا ہے کہ دولت حاصل کرکے مالدار ہو جائے۔

[۲] وہ چاہتا ہے کہ لوگ کہیں کہ فلاں شخص نے اللہ تعالیٰ کے دین کا کام کیا ہے اور یہ سمعہ سین پر پیش نمائش ہے۔

[۳] دین کی راہ میں بہادری اور مردانگی میں اس کا مقام و مرتبہ دیکھا جائے۔ ـــــــ مُرٰی یا پر پیش، راء پر زبر، ایک روایت میں یا کے پیش اور راء کی زبر کے ساتھ بھی آیا ہے، یعنی تاکہ لوگوں کو اپنا مقام دکھائے اور یہ ریا ہے۔

[۴] اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں کون مجاہد ہے؟

[۵] جس کی جنگ اس لیے ہو کہ اللہ تعالیٰ کا دین، کفر کے دین سے سربلند ہو۔

[۶] وہ اللہ تعالیٰ کے لیے اس کی راہ میں جہاد کرنے والا ہے۔

۳۶۳۹ (۲۹) وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَعَ مِنْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ فَدَنَا مِنَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ اِنَّ بِالْمَدِيْنَةِ اَقْوَامًا مَا سِرْتُمْ مَسِيْرًا وَلَا قَطَعْتُمْ وَادِيًا اِلَّا كَانُوْا مَعَكُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِلَّا شَرِكُوْكُمْ فِي الْاَجْرِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ قَالَ وَهُمْ بِالْمَدِيْنَةِ حَبَسَهُمُ الْعُذْرُ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم غزوہ تبوک[۱] سے واپسی پر مدینہ منورہ کے قریب ہوئے تو فرمایا: بے شک مدینہ طیبہ میں کچھ جماعتیں ایسی ہیں کہ تم نے جو سفر بھی کیا اور جس وادی کو بھی طے کیا وہ تمہارے ساتھ تھے اور ایک روایت میں ہے[۲] کہ وہ اجر میں تمہارے ساتھ شریک[۳] ہوئے، صحابۂ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! باوجودیکہ وہ مدینہ منورہ میں ہیں[۴] فرمایا: اس کے باوجود کہ وہ مدینہ طیبہ میں ہیں[۵]۔ انہیں عذر نے[۶] روک دیا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ وَرَوَاهُ مُسْلِمٌ عَنْ جَابِرٍ)

(بخاری) امام مسلم نے یہ حدیث حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی۔

۱؎ تبوک ایک زمین کا نام ہے جو شام اور مدینہ منورہ کے درمیان ہے اور یہ غزوہ، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا آخری غزوہ تھا۔

۲؎ دل، ہمت اور دعا کے ساتھ، اگرچہ وہ بظاہر تمہارے ساتھ نہ تھے، تاہم وہ ثواب میں شریک ہیں۔ اگرچہ تمہیں زیادہ فضیلت حاصل ہے اور یہ بھی اس صورت میں ہے کہ وہ معذور نہ ہوں۔

۳؎ اس عبارت کی جگہ کہ وہ تمہارے ساتھ ہیں۔

۴؎ شیر گوار ار کے نیچے زیر ہے۔

۵؎ یعنی باوجودیکہ وہ مدینہ منورہ میں ہیں، جنگ کے لیے نہیں نکلے اور اس سے پیچھے رہے وہ کس طرح ہمارے ساتھ اور اجر میں ہمارے ساتھ شریک ہوں گے؟

۶؎ پھر بھی اجر میں تمہارے ساتھ شریک ہیں۔

۷؎ مثلاً بیماری، پیدل ہونا، سازو سامان کا نہ ہونا وغیرہ، اس حدیث سے کار خیر کی نیت اور اس کے فوت ہو جانے پر افسوس کی فضیلت کا بیان ہے۔

۳۶۴۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَأْذَنَهُ فِي الْجِهَادِ فَقَالَ أَحَيٌّ وَالِدَاكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَفِيْهِمَا فَجَاهِدْ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر جہاد کی اجازت طلب کی، آپ نے فرمایا: کیا تمہارے والدین زندہ ہیں؟ عرض کیا: جی ہاں[۱]! فرمایا: پس تم ان دونوں میں جہاد کرو[۲]۔ (صحیحین)

وَفِيْ رِوَايَةٍ فَارْجِعْ إِلَى وَالِدَيْكَ فَأَحْسِنْ صُحْبَتَهُمَا)

اور ایک روایت میں ہے کہ اپنے والدین کے پاس واپس جاؤ اور اچھی طرح ان کی صحبت اختیار کرو[۳]۔

۱؎ میرے والدین زندہ ہیں۔

۲؎ یعنی ان کی خدمت میں جہاد کرو، مطلب یہ کہ تمہارا ان کی خدمت میں حاضر رہنا بھی جہاد کا حکم رکھتا ہے اور یہ اس صورت میں ہے کہ جہاد نفلی ہو، نماز، روزہ، حج اور باقی نفلی عبادات کا بھی یہی حکم ہے۔ بخلاف فرض کے (کہ والدین کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

خدمت کے لیے اسے ترک نہیں کیا جا سکتا ۱۲ قادری)
ے۵ ان کی خدمت کرو اور ان کا حق ادا کرو۔

۳۶۴۱/۳۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَوْمَ الْفَتْحِ لَا هِجْرَةَ بَعْدَ الْفَتْحِ وَلٰكِنْ جِهَادٌ وَّنِيَّةٌ وَّإِذَا اسْتُنْفِرْتُمْ فَانْفِرُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فتح مکہ کے دن فرمایا، فتح کے بعد ہجرت فرض نہیں ہے[1] لیکن جہاد اور جہاد کی نیت ہے، اور جب تمہیں جہاد کے لیے نکلنے کو کہا جائے تو نکلو[2]۔ (صحیحین)

ے۱ فتح مکہ سے پہلے مکہ مکرمہ سے ہجرت فرض عین تھی، بلکہ جس جگہ بھی کوئی شخص دار الکفر میں اسلام لے آتا اس کے لیے وہاں سے ہجرت فرض عین تھی، کیونکہ مدینہ منورہ میں اہل دین، کمزور اور تعداد میں کم تھے، لہٰذا ہجرت فرض کی گئی تاکہ ان سے مدد حاصل کی جائے، مشرکوں کا زور ٹوٹے اور مسلمان فتنوں میں واقع ہونے سے بچیں، نیز اس لیے کہ وہ مسلمان پوری آزادی کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی عبادت کر سکیں ۱۲ اق)
جب مکہ معظمہ فتح ہو گیا تو علت زائل ہو گئی، اس کے باوجود، جہاد، دار کفر یا فتنہ سے فرار یا طلب علم یا تین مسجدوں (مسجد حرام، مسجد نبوی، مسجد بیت المقدس ۱۲ اق) کی زیارت کے لیے اپنے وطنوں سے جدا ہونا قیامت کے دن تک مستحب ہے، کبھی علم دین حاصل کرنے کیلئے مسلمانوں کی ایک جماعت کا نکلنا فرض کفایہ ہو جاتا ہے۔ جیسے قرآن مجید میں فَلَوْلَا نَفَرَ مِنْ كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوْا مسلمانوں کی ہر بڑی جماعت سے ایک چھوٹا گروہ دین کا فہم حاصل کرنے کے لیے کیوں نہیں نکلا؟
ے۲ یعنی جب امیر جہاد کے لیے نکلنے کا حکم دے تو نکلو اور اس کی اطاعت کرو۔ ——— خلاصہ یہ کہ ہجرت کی فرضیت ساقط ہو گئی، لیکن جہاد کی فضیلت باقی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۳۶۴۲/۳۲ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ اُمَّتِيْ يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ ظَاهِرِيْنَ عَلٰى مَنْ نَاوَاهُمْ حَتّٰى يُقَاتِلَ اٰخِرُهُمُ الْمَسِيْحَ الدَّجَّالَ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، میری امت کا ایک گروہ ہمیشہ اس حال میں حق پر[1] جہاد کرتا رہے گا، کہ ان لوگوں پر غالب رہے گا جو اسے دشمن رکھیں گے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یہاں تک کہ اس گروہ کا آخری فرد مسیح دجال سے جنگ کرے گا۔

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ) (ابوداؤد)

۱؎ عمران بن حصین حا پر پیش، صاد پر زبر، مشہور صحابی ہیں۔

۲؎ اور دین کی سربلندی کے لیے۔

۳؎ اس سے مراد حضرت عیسٰی علیہ السلام ہیں ــــــــــ مسیح، دجال کا نام ہے کیونکہ اس کی ایک آنکھ مسلی ہوئی ہے۔ یا اس لیے کہ وہ تمام زمین کا گشت کرے گا لیکن جب اسے مسیح کہا جانے لگا تو مسیح دجال کہا جائے گا، جب کہ حضرت عیسٰی علیہ السلام کو مطلق مسیح کہا جاتا ہے۔

۳۶۴۳ / ۳۳ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَّمْ یَغْزُ وَلَمْ یُجَھِّزْ غَازِیًا اَوْ یَخْلُفْ غَازِیًا فِیْ اَھْلِہٖ بِخَیْرٍ اَصَابَہُ اللّٰہُ بِقَارِعَۃٍ قَبْلَ یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ۔

حضرت ابو امامہ۱؎ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے جہاد نہیں کیا، نہ ہی کسی غازی کو سازوسامان فراہم کیا۲؎ یا کسی غازی کے اہل و عیال میں نیکی کے ساتھ خلیفہ نہ ہوا۳؎۔ اللہ تعالٰی اسے قیامت کے دن سے پہلے سخت حادثہ۴؎ پہنچائے گا۔

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ) (ابوداؤد)

۱؎ حضرت ابو امامہ باہلی، مشہور صحابی ہیں۔ رضی اللہ تعالٰی عنہ۔

۲؎ یعنی اگر کوئی شخص خود جہاد نہ کرے تو سازوسامان سے غازیوں کی امداد کرے جس کے ذریعے وہ جہاد کریں۔

۳؎ غازی کے بعد اس کے اہل و عیال کی رعایت اور حفاظت نہ کی۔

۴؎ قارعۃ زمانے کی سختی، قیامت کا نام۔

۳۶۴۴ / ۳۴ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاھِدُوا الْمُشْرِکِیْنَ بِاَمْوَالِکُمْ وَاَنْفُسِکُمْ وَاَلْسِنَتِکُمْ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ تم اپنے مالوں۱؎، جانوں۲؎ اور زبانوں۳؎ سے مشرکین کے ساتھ جہاد کرو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ) (ابو داؤد، نسائی، دارمی)

لہ کہ جہاد میں اپنے مال خرچ کرو۔

سلہ کہ جہاد میں اپنی جانکی بازی لگا دو اور شہید یا زخمی ہو جاؤ۔

سلہ کہ کافروں کے بتوں کی مذمت کرو، ان کو برا بھلا کہو، ان کے دین باطل کا جھوٹا ہونا ثابت کرو، ان کی شکست اور رسوائی کی دعا کرو، ان کو قتل اور قید سے ڈراؤ، مسلمانوں کے لیے فتح اور غنیمت کی دعا کرو اور مردانِ میدان اور بہادروں کو جنگ پر ابھارو۔

۳۶۳۵/۳۵ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَفْشُوا السَّلَامَ وَأَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَاضْرِبُوا الْهَامَ تُوْرَثُوا الْجِنَانَ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سلام پھیلاؤ لہ، کھانا کھلاؤ اور سروں پر تلوار مارو، جنتوں کے وارث بنائے جاؤ گے۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ) (ترمذی) انہوں نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

لہ واقف اور ناواقف کو سلام کہو، یا یہ مطلب ہے کہ بلند آواز سے سلام کہو تاکہ وہ شخص سن لے جسے سلام کہا گیا ہے۔

سلہ کافروں کے سروں پر اور انہیں قتل کرو۔ ——— ہامۃ میم کی تخفیف کے ساتھ، سر، اس کی جمع ہام ہے۔

سلہ اور ان میں داخل کیے جاؤ۔

۳۶۳۶/۳۶ وَعَنْ فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُلُّ مَيِّتٍ يُخْتَمُ عَلَى عَمَلِهِ إِلَّا الَّذِيْ مَاتَ مُرَابِطًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَإِنَّهُ يُنْمٰى لَهُ

حضرت فضالہ بن عبید لہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر مردہ اس عمل پر ختم کر دیا جاتا ہے جو اس نے کیا ہے سلہ سوائے اس شخص کے جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں مرابط سلہ مرا، اس کے لیے اس کا عمل قیامت کے دن تک نشوونما دیا جاتا ہے اور وہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَمَلُهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَ يَأْمَنُ فِتْنَةَ الْقَبْرِ۔ — فتنہ قبر سے محفوظ رہتا ہے۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ — (امام ترمذی، ابوداؤد)

وَ رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ) عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ۔ — اور امام دارمی نے یہ حدیث حضرت عقبہ بن عامر سے روایت کی۔

سلہ فضالہ فا پر زبر، نقطے والا ضاد مخفف بن عبید میں پر پیش، انصاری صحابی ہیں، پہلے پہل احد میں حاضر ہوئے، بیعت رضوان میں شامل ہوئے پھر خیبر میں حاضر ہوئے۔ اس کے بعد شام چلے گئے اور دمشق میں مقیم ہو گئے۔ حضرت امیر معاویہ جب صفین گئے تو ان کی طرف سے دمشق کے قاضی بنے اور امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں ۵۳ھ میں وصال ہوا۔ یہی زیادہ صحیح ہے۔

سلہ یعنی مرنے کے بعد اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے۔

سلہ مرابط وہ شخص ہے جو کافروں سے جنگ کرنے کے لیے اسلام کی سرحد پر بیٹھا ہوا ہو، مشتق ہے ربط قلب سے یا ربط خیل سے (یعنی اس نے اپنی تمام تر توجہ اسلامی سرحد کی حفاظت کے لیے صرف کر رکھی ہے یا جہاد کے لیے اپنا گھوڑا باندھ رکھا ہے) ۱۲ قادری۔

۳۶۴۷ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ فَقَدْ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَ مَنْ جُرِحَ جُرْحًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ نُكِبَ نَكْبَةً فَاِنَّهَا تَجِيْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَغْزَرِ مَا كَانَتْ لَوْنُهَا الزَّعْفَرَانُ وَ رِيْحُهَا الْمِسْكُ وَ مَنْ خَرَجَ بِهٖ خُرَاجٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِنَّ عَلَيْهِ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس شخص نے اونٹنی کے دودھ دوہنے کے وقفے کی مقدار[۱] اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا۔ اس کے لیے جنت واجب ہو گئی اور جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں زخمی کیا گیا[۲] یا جسے تکلیف[۳] پہنچائی گئی تو وہ زخم اس حال میں آئے گا جیسے کہ وہ دنیا میں تازہ ترین تھا[۴] اس کا رنگ[۵] زعفران کا اور خوشبو کستوری ایسی ہو گی اور جس کے جسم پر اللہ تعالیٰ کی راہ میں پھنسی[۶] پیدا ہو گی۔ تو بے شک اس پر شہیدوں کی مہر ہے[۷]

طَابِعَ الشُّهَدَآءِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ النَّسَآئِيُّ) (امام ترمذی، ابوداؤد، نسائی)

۱۵ شارحین کہتے ہیں کہ اس وقفے سے مراد یا تو صبح و شام دوہنے کا درمیانی وقفہ ہے، کیونکہ اونٹنی کا دودھ ان دو وقتوں میں دوہا جاتا ہے، یا ایک وقت میں دو مرتبہ دوہنے کا درمیانی وقفہ مراد ہے، کیونکہ عادت یہ ہے کہ ایک مرتبہ اونٹنی کا دودھ دوھ کر اسے چھوڑ دیتے ہیں تاکہ تھنوں میں دودھ اتر آئے۔ پھر دوبارہ دوہتے ہیں۔ ظاہر یہ ہے کہ یہی دوسرا مطلب مراد ہے۔ اسی میں مبالغہ ہے۔ نیز صبح سے شام تک جنگ نادر بلکہ مشکل ہے۔ صراح میں ہے فواق فا پر پیش، اونٹنی کے دو مرتبہ دوہنے کا درمیانی وقفہ، یہ ہوتا ہے کہ کچھ دیر بچے کو چوسنے کا موقع دیتے ہیں تاکہ دودھ اتر آئے، پھر دوبارہ دوہتے ہیں۔

قاموس میں ہے فواق دو مرتبہ دوہنے یا ہاتھ کے کھولنے اور پستان پر رکھنے کا درمیانی وقفہ۔

۲۵ جرح جیم پر زبر، زخمی کرنا۔ اور اگر اس پر پیش ہو تو اس کا معنی زخم ہے۔

۳۵ صراح میں ہے نَكْبَةٌ نون پر زبر، تکلیف، تکلیف پہنچانا۔ نکبات پہلے دونوں حرفوں پر زبر، جمع قاموس میں ہے۔ نكبة مصیبت، اس کا استعمال اس زخم میں کیا جاتا ہے جو انگلی پر پتھر وغیرہ لگنے سے پیدا ہو جاتا ہے۔

۴۵ یعنی جیسے کہ وہ دنیا میں تر و تازہ اور شدید ترین تھا صراح میں ہے غزر، نقطے والی غین اور زا کے ساتھ، زیادتی، زیادہ ہونا۔

۵۵ یعنی اس زخم کے خون کا رنگ زعفرانی ہوگا۔

۶۵ خراج نقطے والی خا پر پیش، آخر میں جیم، زخم، خون آلود ہونا۔

۷۵ طابع با پر زبر، بمعنی مہر، ایک لغت کے مطابق با کے نیچے زیر بھی پڑھ سکتے ہیں، اس جگہ شہیدوں کا نشان اور ان کی علامت مراد ہے تاکہ معلوم ہو جائے کہ اس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں کوشش کی ہے اور جہاد کیا ہے۔ پس اسے مجاہدوں والی جزا دی جائے گی۔

۳۶۴۸ وَعَنْ خُرَيْمِ بْنِ فَاتِكٍ [۱] قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَنْفَقَ نَفَقَةً فِيْ سَبِيْلِ اللهِ كُتِبَ

حضرت خریم بن فاتک [۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ [۲] میں کوئی چیز خرچ کی تو اس کے لیے سات سو گنا ثواب

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَهٗ بِسَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ۔ لکھا جاتا ہے سے

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ) (ترمذی، نسائی)

سلہ خریم لفظ والی خار پر پیش، راو پر زبر۔ بن فاتک پہلے فار، پھر تار مکسورہ، صحابی ہیں، غزوہ بدر میں اپنے بھائی سبرہ سین پر زبر، بار ساکن بن فاتک کے ساتھ حاضر ہوئے، بعض محدثین نے فرمایا۔ فتح مکہ کے دن اپنے بیٹے ایمن بن خریم کے ساتھ اسلام لائے، پہلا قول زیادہ صحیح ہے، فاتک ان کے دادا کا نام ہے، ان کے والد کا نام اخرم بن شداد بن فاتک ہے، ان کا شمار شامی اور بقول بعض کوفی صحابہ میں ہے۔

سلہ اس سے مراد جہاد ہے۔

سلہ نیک کاموں کا ثواب دس گنا سے کم نہیں ہوتا، البتہ زیادہ ہوتا ہے سات سو گنا بلکہ اس سے بھی زیادہ جہاں تک اللہ تعالیٰ چاہے، اور ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرنے کا ثواب سات سو گنا سے کم نہ ہوتا ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۶۴۹/۳۹ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الصَّدَقَاتِ ظِلُّ فُسْطَاطٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَ مِنْحَةُ خَادِمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ طَرُوْقَةُ فَحْلٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بہترین صدقہ، اللہ تعالیٰ کی راہ میں خیمے کا سایہ ہے سلہ اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں خادم کا عطیہ ہے سلہ یا اللہ تعالیٰ کی راہ میں ایسی اونٹنی دینا ہے جو نر اونٹ کی سواری کے لائق ہو سلہ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) (ترمذی)

سلہ جو کسی کو فراہم کیا جائے یا مجاہدین کے لیے لگایا جائے کہ اس کے سائے میں بیٹھیں ——— فسطاط فار پر پیش، سین ساکن، بڑا خیمہ۔

سلہ یعنی خادم، مجاہدین کے حوالے کر دے تاکہ ان کی خدمت اور اعانت کرے ——— منحۃ میم کے نیچے زیر، نون ساکن، اصل میں اس کا معنی ہبہ اور عطیہ ہے، اس کا عام طور پر استعمال دو معنوں میں ہوتا ہے :۔

۱۔ بغیر عوض کے منفعت کا مالک بنانا، اس شرط کے ساتھ کہ وہ چیز مالک ہی کی رہے گی۔

۲۔ کسی کو اونٹنی دی جائے کہ تم کچھ عرصہ اس کا دودھ پی لو، کیونکہ عرب کے زیادہ تر عطیات اسی قسم کے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

پھر وہ چیز مالک کو لوٹا دی جائے گی، اونٹنی کے ماسوا میں بھی اس کا استعمال ہوتا ہے، مثلاً درخت یا خادم کے پھلے کو بھی منحہ کہہ دیتے ہیں۔

سے یعنی کسی کو اس غرض کی اونٹنی دے کر نر اونٹ اس کے ساتھ ملاپ کر سکے، خلاصہ یہ کہ سواری کے لیے کسی کو فی سبیل اللہ اونٹنی دی جائے۔

۳۶۵۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَلِجُ النَّارَ مَنْ بَکٰی مِنْ خَشْیَةِ اللّٰهِ حَتّٰی یَعُوْدَ اللَّبَنُ فِی الضَّرْعِ وَ لَا یَجْتَمِعُ عَلٰی عَبْدٍ غُبَارٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَ دُخَانُ جَهَنَّمَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ) وَ زَادَ النَّسَائِیُّ فِیْ اُخْرٰی فِیْ مَنْخِرَیْ مُسْلِمٍ اَبَدًا وَ فِیْ اُخْرٰی لَهٗ فِیْ جَوْفِ عَبْدٍ اَبَدًا وَ لَا یَجْتَمِعُ الشُّحُّ وَ الْاِیْمَانُ فِیْ قَلْبِ عَبْدٍ اَبَدًا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا وہ شخص آگ میں داخل نہیں ہوگا جو اللہ تعالیٰ کے خوف سے رویا، یہاں تک کہ دودھ پستان میں لوٹ جائے[۱]، اور کسی بندے پر اللہ تعالیٰ کی راہ میں غبار اور جہنم کا دھواں جمع نہیں ہوگا[۲]۔

(ترمذی)

امام نسائی نے ایک دوسری روایت میں یہ اضافہ کیا کہ یہ غبار اور دھواں کبھی بھی کسی مسلمان کے دو نتھنوں[۳] میں جمع نہیں ہوں گے۔ ایک اور روایت میں ہے کہ کسی بندے کے پیٹ میں کبھی جمع نہیں ہوں گے[۴]، اور کسی بندے کے دل میں بخل[۵] اور ایمان ہرگز جمع نہیں ہوں گے۔

لے یہ ایک ناممکن امر پر معلق کرنا ہے، کہ پستان سے دودھ دوھ لیا جائے، پھر وہ واپس چلا جائے۔

ہے جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں غبار آلود ہو جائے وہ دھوئیں سے آلودہ نہیں ہوگا۔ مطلب یہ کہ مجاہد دوزخ میں نہیں جائے گا۔

سے منخر میم اور خا دونوں کے نیچے زیر، ان دونوں پر زبر بھی آئی ہے، قاموس میں ان دونوں پر پیش بھی بتایا ہے، ناک کا سوراخ۔

سے یہ بھی امام نسائی کی ایک روایت میں ہے۔

ھے شح شُحّ بخل بعض نے کہا اس کا معنی ہے وہ بخل جس کے ساتھ حرص بھی ہو، یہ بھی کہا گیا ہے کہ بخل بعض

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

چیزوں میں ہوتا ہے اور شح تمام چیزوں میں، نیز بخل مال میں اور شح مال اور نیکی میں ہوتا ہے۔

۳۶۵۱/۴۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنَانِ لَا تَمَسُّهُمَا النَّارُ عَيْنٌ بَكَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَعَيْنٌ بَاتَتْ تَحْرُسُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دو آنکھوں کو آگ نہیں چھوئے گی ایک وہ آنکھ جو اللہ تعالیٰ کے خوف [1] سے روئی اور دوسری وہ آنکھ جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں رات بھر پہرہ دیتی رہی [2]۔ (ترمذی)

[1] اور اس کے عذاب کے ڈر سے۔

[2] یعنی مجاہدوں کو کافروں کے شر سے محفوظ رکھنے کے لیے پاسبانی کرتی رہی اور بیدار رہی۔

۳۶۵۲/۴۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ مِنْ اَصْحٰبِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِشِعْبٍ فِيْهِ عُيَيْنَةٌ مِنْ مَّاءٍ عَذْبَةٍ فَاَعْجَبَتْهُ فَقَالَ لَوِ اعْتَزَلْتُ النَّاسَ فَاَقَمْتُ فِيْ هٰذَا الشِّعْبِ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَفْعَلْ فَاِنَّ مَقَامَ اَحَدِكُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَفْضَلُ مِنْ صَلٰوتِهٖ فِيْ بَيْتِهٖ سَبْعِيْنَ عَامًا اَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَكُمْ وَيُدْخِلَكُمُ الْجَنَّةَ اُغْزُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک صحابی ایک پہاڑی راستے [1] میں گزرے جس میں میٹھے پانی کا چھوٹا سا چشمہ [2] تھا۔ وہ چشمہ انہیں پسند آیا، انہوں نے کہا کاش میں لوگوں سے الگ ہو کر اس گھاٹی میں قیام کر لیتا، انہوں نے یہ بات، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی [3]۔ تو آپ نے فرمایا، ایسا نہ کرو [4] کیونکہ تم میں سے ایک شخص کا اللہ تعالیٰ کی راہ میں ٹھہرنا، افضل ہے اس سے کہ وہ اپنے گھر میں ستر سال نماز پڑھے، کیا تمہیں یہ بات محبوب نہیں کہ اللہ تعالیٰ تمہیں بخش دے اور جنت میں داخل کرے [5]، تم اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرو [6] جس نے اونٹنی کے دودھ دوہنے کے درمیانی وقفے کی مقدار، اللہ تعالیٰ کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

راہ میں جنگ کی اس کے لیے جنت واجب ہو گئی۔
(ترمذی)

لے شعب شین کے نیچے زیر: پہاڑ کے درمیان راستہ، پہاڑ کے درمیان شگاف اگرچہ راستہ نہ ہو۔

لے بعض نسخوں میں ہے: غیبہ غُیَیْضَةٌ نقطے والی غین اور ضاد کے ساتھ، جنگل۔ شارحین نے فرمایا کہ یہ روایت صحیح نہیں ہے۔

لے یہ ترجمہ اس وقت ہے جب ذُکِرَ فعل معروف کا صیغہ ہو، اگر فعل مجہول کا صیغہ ہو تو ترجمہ ہوگا ۱۲ ق) یہ بات نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی گئی۔

لے کہ اس گھاٹی میں قیام کرو اور لوگوں کے ساتھ رہنے کو ترک کر دو۔

لے اس جگہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ اس حدیث کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ لوگوں سے الگ تھلگ رہنے اور کسی گھاٹی میں عبادت کرنے سے مغفرت حاصل نہیں ہوتی۔ اسی لیے تو فرمایا کہ کیا تم نہیں چاہتے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں بخش دے اور جنت میں داخل کرے ۱۲ قادری۔

اس کا جواب علامہ طیبی نے یہ دیا کہ اس زمانے میں جہاد واجب تھا اور واجب کو چھوڑ کر نفل میں مصروف ہونا گناہ ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اسے کامل مغفرت اور جنت میں اولین سابقین کے ہمراہ داخل ہونے پر محمول کیا جائے۔

یہ حدیث اس بات کی دلیل ہے کہ گوشہ نشینی کی نسبت لوگوں کے ساتھ رہنا افضل ہے خصوصاً نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانِ سعادت نشان میں، ہاں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ مبارکہ کے بعد بعض اوقات فتنے اور ابتلاء کے خوف سے، گوشہ نشینی افضل قرار پائی ہے۔

لے کافروں سے، اللہ تعالیٰ کی راہ میں۔

۳۶۵۳/۴۳ وَعَنْ عُثْمَانَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رِبَاطُ يَوْمٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ يَوْمٍ فِيْمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَنَازِلِ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک دن کفر کی سرحد پر رہنا اور اس جگہ گھوڑے باندھنا، اس کے علاوہ دوسری منزلوں میں ہزار دن کی عبادت سے بہتر ہے لے۔
(ترمذی، نسائی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱؎ اور یہ اس شخص کے بارے میں ہے جس پر سرحد کی حفاظت واجب ہے، کیونکہ اس کا کسی دوسرے کام میں مصروف ہونا گناہ ہے، اگرچہ وہ مسجد ہی میں ہو کر اسے بھی رباط فرمایا گیا ہے۔[۱]

۳۶۵۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عُرِضَ عَلَیَّ اَوَّلُ ثَلٰثَةٍ یَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ شَهِیْدٌ وَّ عَفِیْفٌ مُّتَعَفِّفٌ وَّ عَبْدٌ اَحْسَنَ عِبَادَةَ اللّٰهِ وَ نَصَحَ لِمَوَالِیْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)	حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ مجھ پر وہ تین شخص پیش کیے گئے۔ جو جنت میں پہلے داخل ہوں گے[۱]۔ (۱) شہید۔ (۲) وہ پارسا جو اپنے آپ کو پارسائی کا پابند رکھے[۲]۔ (۳) وہ غلام جو خوب اچھی طرح اللہ تعالیٰ کی عبادت کرے اور اپنے آقاؤں کی خیر خواہی کرے[۳]۔ (ترمذی)

۱؎ انبیاء کرام اور ان کے اصحاب کے بعد، گویا حکم کیا جائے گا کہ تین تین افراد ہیں، ان تین قسموں کے افراد پہلے آئیں گے، اور یہ تین اشخاص نہیں ہیں بلکہ جماعتیں ہیں، ایک روایت میں ہے اَوَّلُ ثُلَّةٍ یَدْخُلُوْنَ ثُلَّۃٌ تین نقطے والی ثاء پر پیش اور لام مشدد، جماعت اصل میں بکریوں کے بڑے ریوڑ کو کہتے ہیں۔

۲؎ عفت، پارسائی، اور حرام سے باز رہنا۔ عفیف پارسا، تعفف کا معنی ہے پارسائی میں تکلف کا مظاہرہ کرنا اور اپنے آپ کو زبردستی اس پر قائم رکھنا اور اس میں مبالغہ کرنا، تورپشتی نے فرمایا: عفیف اس شخص کو کہتے ہیں جو حرام چیز سے پرہیز کرے اور متعفف وہ کہ مانگنے سے پرہیز کرے۔

۳؎ اور ان کی خدمت کرے۔

۳۶۵۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُبْشِیٍّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَیُّ	حضرت عبد اللہ بن حبشی[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سا عمل افضل ہے؟ فرمایا:

۱؎ یہ اس صورت میں ہے کہ جہاد فرض عین ہو چکا ہو یا اسلامی سرحد پر بہت خطرہ ہو، وہاں سے مسلمانوں کے ہٹ جانے سے اسلامی ملک خطرہ میں پڑ جائے، امن و سکون کے حالات میں دوسری منازل اس سے افضل ہو سکتی ہیں۔ لہٰذا یہ حدیث اس حدیث کے خلاف نہیں ہے جس میں ارشاد ہوا کہ نماز کے بعد نماز کا انتظار اور مسجد میں حاضری کی پابندی پر رباط ہے پر رباط ہے پر رباط ہے ۱۲ مرآۃ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ طُوْلُ الْقِيَامِ قِيْلَ فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ جُهْدُ الْمُقِلِّ قِيْلَ فَاَيُّ الْهِجْرَةِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ هَجَرَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ قِيْلَ فَاَيُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ جَاهَدَ الْمُشْرِكِيْنَ بِمَالِهٖ وَ نَفْسِهٖ قِيْلَ فَاَيُّ الْقَتْلِ اَشْرَفُ قَالَ مَنْ اُهْرِيْقَ دَمُهٗ وَ عُقِرَ جَوَادُهٗ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ) وَ فِىْ رِوَايَةِ النَّسَائِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اِيْمَانٌ لَّا شَكَّ فِيْهِ وَ جِهَادٌ لَّا غُلُوْلَ فِيْهِ وَ حَجَّةٌ مَّبْرُوْرَةٌ قِيْلَ فَاَيُّ الصَّلٰوةِ اَفْضَلُ قَالَ طُوْلُ الْقُنُوْتِ ثُمَّ اتَّفَقَ فِى الْبَاقِىْ۔

قیام[۲] کا طویل ہونا، عرض کیا گیا کہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ فرمایا، فقیر کی طاقت[۳]، عرض کیا گیا کون سی ہجرت افضل ہے؟ فرمایا۔ اس شخص کی ہجرت جو اللہ تعالیٰ کی اس پر حرام کی ہوئی چیزوں کو چھوڑ دے[۴]۔ عرض کیا گیا کونسا جہاد افضل ہے؟ فرمایا، اس شخص کا جہاد جس نے اپنی جان اور مال کے ذریعے کافروں سے جہاد کیا[۵]، عرض کیا گیا، جہاد میں کس طرح قتل کیا جانا زیادہ فضیلت والا ہے؟ فرمایا: اس شخص کا قتل کیا جانا جس کا خون بہایا گیا اور اس کے گھوڑے کی ٹانگیں کاٹ دی گئیں[۶]۔ (ابوداؤد) امام نسائی کی ایک روایت میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا گیا کہ کون سا عمل افضل ہے؟ فرمایا: وہ ایمان جس میں شک نہ ہو[۷]۔ وہ جہاد کہ اس سے حاصل ہونے والی غنیمت میں[۸] خیانت نہ ہو، اور وہ حج کہ بارگاہ الٰہی میں مقبول ہو[۹]۔ عرض کیا گیا کہ کونسی نماز افضل ہے؟ فرمایا: وہ نماز جس میں قیام[۱۰] طویل ہو، باقی حدیث میں امام ابوداؤد اور نسائی متفق ہیں[۱۱]۔

[۱] عبداللہ بن حبشی حا پر پیش، با ساکن، تین نقطے والا شین اور یا مشدد، صحابی ہیں اور اہل حجاز میں شمار کیے جاتے ہیں۔ مکہ معظمہ میں قیام پذیر ہوئے۔

[۲] یعنی نماز میں۔

[۳] یعنی وہ صدقہ جو فقر اور احتیاج کے باوجود فقیر مشقت اور کوشش کے ساتھ دے، صراح میں ہے۔ اِقلال کم کرنا، نادار اور درویش ہونا، اٹھانا۔ اس کا بیان کتاب الزکوٰۃ میں باب افضل الصدقۃ میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

گزر گیا ہے۔

ﷺ یعنی اگرچہ ہجرت کا معنی دار الکفر سے دار الاسلام کی طرف نکلنا ہے، لیکن نفس کی حرام خواہشات کو ترک کر کے، طبیعت کے وطن سے باہر نکلنا اس سے زیادہ فضیلت رکھتا ہے، بلکہ دراصل پہلی قسم کی ہجرت کی حقیقت بھی یہی ہے، اس کی تفصیل کتاب الایمان کی ابتداء میں گزر چکی ہے۔

ﷺ یعنی اپنا مال اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کیا اور اس سے غازیوں کو سازو سامان فراہم کیا، اور جان کے ذریعے جہاد یہ کہ خود کافروں سے جنگ کی اور زخمی یا شہید ہوا۔

ﷺ یعنی ایسی جنگ کی کہ خود شہید ہو گیا اور گھوڑا بھی کام آگیا۔ یہ جنگ کی شدت اور اس میں ثابت قدمی کی انتہا ہے ——— جواد تیز رو گھوڑا۔

ﷺ یہ اشارہ ہے دین کے کمال اور ایمان کے مقتضیات میں یقین کی قوت کی طرف، ورنہ ایمان شک کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتا۔ پھر زیادہ فضیلت والا ہونے کا کیا مطلب؟ ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ ایمان سے غلبہ ظن مراد ہو اور شک کا معنی لغوی مراد لیا جائے جو ظن کو شامل ہوتا ہے، یہ معنی مراد نہ ہو کہ دونوں طرفین برابر ہوں۔

ﷺ حج مبرور کا معنی کتاب الحج میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

ﷺ اس جگہ قنوت کا معنی قیام ہے، خضوع و خشوع کے معنی میں بھی آتا ہے۔

ﷺ کونسا عمل افضل ہے؟ احادیث میں مختلف اعمال کا بیان کیا گیا ہے۔ ان احادیث میں تطبیق یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر جگہ وہ عمل بیان فرمایا جو سائل کے حال کے مناسب تھا۔ تو جس شخص میں تکبر اور سختی کا کسی حد تک نشان پایا اسے فرمایا کہ افضل عمل تواضع اور نرم مزاجی ہے مثلاً سلام کا پھیلانا، نرم انداز میں گفتگو کرنا اور اگر اس میں بخل اور خست کا کوئی حصہ پایا تو فرمایا کہ افضل عمل، جود و سخا ہے مثلاً کھانا کھلانا اور اگر عبادت میں سستی ملاحظہ فرمائی تو جواب دیا کہ افضل عمل، رات کو نماز پڑھنا ہے جب کہ لوگ سو رہے ہوں، پس مطلب یہ ہوا کہ سائل کے حق میں فلاں عمل افضل ہے، یا مطلب یہ ہے کہ یہ عمل، ان اعمال میں سے ہے جو افضل ہیں، ایسی ہی گفتگو دیگر مقامات میں بھی گزر چکی ہے۔

۳۷۵۶ وَعَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلشَّهِيْدِ عِنْدَ اللّٰهِ سِتُّ
۳۶

حضرت مقدام بن معدی کربؓ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شہید کے لیے اللہ تعالیٰ کے پاس چھ فضیلتیں ہیں (۱) اسے پہلی دفعہ ہی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

خِصَالٍ يُغْفَرُ لَهٗ فِيْ اَوَّلِ دُفْعَةٍ وَّ يُرٰى مَقْعَدَهٗ مِنَ الْجَنَّةِ وَ يُجَارُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ يَأْمَنُ مِنَ الْفَزَعِ الْاَكْبَرِ وَ يُوْضَعُ عَلٰى رَأْسِهٖ تَاجُ الْوَقَارِ اَلْيَاقُوْتَةُ مِنْهَا خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَ مَا فِيْهَا وَ يُزَوَّجُ ثِنْتَيْنِ وَ سَبْعِيْنَ زَوْجَةً مِّنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ وَ يُشَفَّعُ فِيْ سَبْعِيْنَ مِنْ اَقْرِبَائِهٖ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

میں ہی بخش دیا جاتا ہے، اسے جنت میں اس کا مقام دکھا دیا جاتا ہے ؎ (۲) اسے عذاب قبر سے پناہ دی جاتی ہے (۳) بڑے خوف ؎ سے محفوظ رہتا ہے (۴) اس کے سر پر عزت کا ایسا تاج رکھا جائے گا کہ اس کا ایک یاقوت دنیا و مافیہا سے بہتر ہے (۵) بہتر جنتی حوروں ؎ کے ساتھ اس کا نکاح کیا جائے گا۔

اور (۶) اس کے ستر رشتہ داروں میں اس کی سفارش قبول کی جائے گی۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

۱؎ معدی کرب راء کے نیچے زیر۔

۲؎ صراح میں ہے دُفعۃ دال کی پیش کے ساتھ، وہ بارش جو یکدم آجائے، دفع دال کی زبر کے ساتھ بارش کا ایک مرتبہ آنا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ لفظ اصل میں بارش کے لیے ہے۔ خون اور اس جیسی چیزوں میں اس کا استعمال بطور تشبیہ اور استعارہ ہے۔ حدیث میں زبر اور پیش دونوں کی روایت آئی ہے، زبر کے ساتھ زیادہ مشہور اور پیش کے ساتھ زیادہ واضح ہے، یعنی خون کا پہلا قطرہ گرتے ہی شہیدوں کو بخش دیا جاتا ہے۔

۳؎ روح کے نکلنے کے وقت۔

۴؎ اس سے مراد دوزخ کی آگ کا عذاب ہے یا اس وقت کا خوف جب لوگوں کو آگ کے سامنے پیش کیا جائے گا، یا جب آگ میں داخل ہونے کا حکم دیا جائے گا، یا اس وقت کا خوف جب موت کو ذبح کیا جائے گا اس وقت کفار آگ سے نجات پانے سے مایوس ہو جائیں گے۔

۵؎ حور بہشتی عورتوں کا نام ہے، یہ حوراء کی جمع ہے اس کا معنی ہے وہ عورت جس کی آنکھ کی سفیدی بھی گہری ہو اور سیاہی بھی، صراح میں ہے۔ حور پہلے دونوں حرفوں پر زبر، آنکھ کی سفیدی کا گہرا سفید ہونا اور سیاہی کا گہرا سیاہ ہونا۔ عِیْنٌ، عین کے نیچے زیر، یہ جمع ہے عَیْنَاءُ کی، کشادہ چشم

۳۶۵۷/۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ لَقِیَ اللّٰہَ بِغَیْرِ اَثَرٍ مِّنْ جِہَادٍ لَقِیَ اللّٰہَ وَ فِیْہِ ثُلْمَۃٌ ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا! جو شخص جہاد کے نشان کے بغیر اللہ تعالیٰ سے ملے گا[۱]، وہ اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملے گا کہ اس میں رخنہ ہوگا[۲]۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

[۱] اور اس کی بارگاہ عزت میں جہاد کی نشانی کے بغیر ملے گا، یعنی اس کے جسم میں زخم یا تھکاوٹ نہیں ہوگی اور اس نے مال خرچ نہیں کیا ہوگا اور مجاہدین کے لیے سازوسامان تیار نہیں کیا ہوگا۔

[۲] علامہ طیبی نے نقل کیا ہے کہ جہاد شامل ہے جہادِ کفار اور جہاد نفس و شیطان کو، اس کی تائید حضرت [illegible] رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آئندہ حدیث سے ہوتی ہے۔

۳۶۵۸/۴۸ وَعَنْہُ رض قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الشَّہِیْدُ لَا یَجِدُ اَلَمَ الْقَتْلِ اِلَّا کَمَا یَجِدُ اَحَدُکُمْ اَلَمَ الْقَرْصَۃِ ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالنَّسَائِیُّ وَالدَّارِمِیُّ وَ قَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شہید قتل کی اتنی ہی تکلیف پاتا ہے جتنی کہ تم میں سے ایک شخص چیونٹی[۱] کے کاٹنے کی محسوس کرتا ہے۔ (ترمذی، نسائی، دارمی۔) امام ترمذی نے فرمایا: یہ حدیث حسن غریب ہے۔

[۱] صراح میں ہے قرص انگلیوں سے چٹکی لینا، اور سرخ رنگ کے کاٹنے والے کیڑے کا کاٹنا۔ علامہ طیبی نے فرمایا: یہ اس شہید کے بارے میں ہے جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں جان دینے سے لطف اندوز ہوتا ہے۔ اور اس کی روح اس سے خوش ہوتی ہے (طیبی) یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ موت کے بعد حاصل ہونے والی لذت و راحت کے مقابلے میں، شہید کو قتل کی جو تکلیف ہوتی ہے۔ اس کی حیثیت ایسی ہے جیسے چیونٹی کاٹ لے، اس لیے چاہیے کہ وہ بعد میں حاصل ہونے والی لذت پر راضی اور خوش ہو۔

۳۶۵۹/۴۹ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ شَیْءٌ اَحَبَّ اِلَی

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کو دو قطروں اور دو نشانوں سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہِ مِنْ قَطْرَتَیْنِ وَ اَثَرَیْنِ قَطْرَۃُ دُمُوْعٍ مِّنْ خَشْیَۃِ اللّٰہِ وَ قَطْرَۃُ دَمٍ یُّھْرَاقُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَ اَمَّا الْاَثَرَانِ فَاَثَرٌ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَ اَثَرٌ فِیْ فَرِیْضَۃٍ مِّنْ فَرَآئِضِ اللّٰہِ تَعَالٰی (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَ قَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

زیادہ کوئی چیز محبوب نہیں ہے ایک تو اللہ تعالیٰ کے خوف سے بہنے والے آنسو کا قطرہ اور دوسرا اللہ تعالیٰ کی راہ میں بہایا جانے والا خون کا قطرہ[1] لیکن دو نشان تو ایک اللہ تعالیٰ کی راہ میں لگنے والا زخم کا نشان ہے[2] اور دوسرا اللہ تعالیٰ کے فرائض میں سے کسی فرض کا نشان ہے[3]
(ترمذی) انہوں نے کہا ہے کہ یہ حدیث غریب ہے۔

[1] قطرہ پانی وغیرہ کا ٹپکنا۔

[2] شارحین نے اسی طرح تفسیر کی ہے اور اگر چلنے کے دوران پاؤں کے نشان سے تفسیر کی تو بھی درست ہے۔

[3] مثلاً وضو میں تری کا باقی رہنا، نمازیں چہرے ماتھے کا نشان، روزے میں منہ کی بو، حج کے راستے میں گرد آلود ہونا۔ گرمی میں ماتھے کا پھٹ جانا اور وضو سے ایڑی کا پھٹ جانا وغیرہ۔

۳۶۶۰/۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَرْکَبِ الْبَحْرَ اِلَّا حَاجًّا اَوْ مُعْتَمِرًا اَوْ غَازِیًا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَاِنَّ تَحْتَ الْبَحْرِ نَارًا وَّ تَحْتَ النَّارِ بَحْرًا۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دریا پر سواری نہ کرو، مگر اس حال میں کہ تم حج یا عمرہ یا اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والے ہو[1] کیونکہ سمندر کے نیچے آگ ہے اور آگ کے نیچے دریا ہے[2]
(ابوداؤد)

[1] یعنی عاقل کو چاہیے کہ اپنے آپ کو خوف اور ہلاکت کی جگہوں میں نہ ڈالے، مگر کسی دینی کام کے لیے جس کے ذریعے اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کرے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حج، عمرہ یا جہاد کے لیے دریا کا سفر کرنا جائز ہے۔ دوسری حدیثوں میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اس کی فضیلت آئی ہے۔ مثلاً بہترین اور افضل شہداء وہ ہیں جن کی کشتی دریا میں الٹ گئی۔ اسی طرح صاحب قاموس نے مادہ وکف میں بیان کیا ہے۔ علامہ سیوطی نے بیان کیا کہ بعض روایات میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی روحوں کو فرشتے کے واسطے کے بغیر قبض فرماتا ہے۔

۲ بعض شارحین نے فرمایا کہ یہ حدیث ظاہر پر محمول ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔ قرآن مجید میں وَالْبَحْرِ الْمَسْجُوْرِ (اور سلگائے ہوئے سمندر کی قسم!) اسی پر محمول ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ دریا سے ڈرانا اور اس کی سواری میں بڑے خطرے کی نشان دہی مقصود ہے۔ کیونکہ سمندر کی سواری کرنے والا اپنے آپ کو یکے بعد دیگرے آنے والی آفتوں اور ہلاکتوں کے لیے پیش کرتا ہے۔

۳۶۶۱ / ۵۱ وَعَنْ اُمِّ حَرَامٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْمَائِدُ فِي الْبَحْرِ الَّذِيْ يُصِيْبُهُ الْقَيْءُ لَهُ اَجْرُ شَهِيْدٍ وَالْغَرِيْقُ لَهُ اَجْرُ شَهِيْدَيْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ام حرام رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کا دریا میں سر چکرائے[۱] اور اسے قے لاحق ہو جائے اس کے لیے ایک شہید کا اجر ہے اور ڈوبنے والے کے لیے دو شہیدوں کا اجر ہے[۲]۔ (ابوداؤد)

۱ کشتی کے کلبلانے اور مضطرب ہونے کی وجہ سے جس کا سر چکرائے، اور دل متلائے۔

۲ یہ اس صورت میں ہے کہ اس کا کشتی پر سوار ہونا جہاد، حج، طلب علم اور صلہ رحمی وغیرہ کے لیے ہو اور اگر تجارت، اپنی بقا اور اہل وعیال کے اخراجات کے لیے ہو اور سمندر کی سواری کے بغیر حاصل نہ ہو تو اس کا بھی یہی حکم ہے۔ اللہ تعالیٰ نے کشتیوں کی سواری، دریا کے مسخر کرنے اور اس کے ذریعے منافع حاصل کرنے کو اپنے احسانات میں سے شمار کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام نے حبشہ کی ہجرت اور جہاد کے لیے دریا کا سفر کیا ہے۔

بہت سے علماء، اولیاء اور اتقیاء نے حج کے لیے دریائی سواری کے ذریعے سفر کیا ہے۔ بعض فقہاء دریائی سفر سے منع کرتے ہیں اور اسے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالنا قرار دیتے ہیں۔ یہ اور ایسی ہی دوسری حدیثیں ان کے خلاف دلیل ہیں۔ اس سفر کو راستے کے پر امن ہونے کے خلاف قرار دینا مردود ہے، کیونکہ اس معاملے میں غالب کا اعتبار ہے اور اس میں شک نہیں کہ غالب سلامتی ہی ہے اور کشتیوں کی حیثیت خشکی کی سواریوں ہی کی ہے، خصوصاً جنگلوں اور پہاڑوں میں، جہاں خطرے کا احتمال ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ نے خشکی کی طرح سمندر میں بھی سواریاں بنائی ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ہلاکت کا خوف وہم ہے۔ عقل حکم کرتی ہے کہ دونوں قسم کی سواریاں اسباب عادیہ میں سے ہیں۔

سیدی احمد بن زروق جو مغرب کے اکابر علماء و مشائخ میں سے ہیں۔ حزب البحر کی شرح میں فرماتے ہیں:

عوارض سے قطع نظر آج سمندر کی سواری کے جائز ہونے میں اختلاف نہیں ہے۔ اگرچہ سلف کی نظر اس مسئلے میں مختلف ہے۔ اور یہ پانچ حالتوں میں ممنوع ہے۔

۱۔ یہ سفر کسی فرض کے ترک کرنے یا اس کے نقص کا سبب بنے، کشتی میں سوار ہونے سے جس کا سر چکرائے اور وہ نماز چھوڑ دے تو امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کے بارے میں فرمایا ہے: افسوس اس شخص پر جو نماز بھی ترک کرے گا۔

۲۔ ایسے ناموافق موسم میں سفر کرے کہ اس میں ہلاکت کا خوف غالب ہو۔

۳۔ خطرہ ہو کہ دشمنان دین قید کر لیں گے اور تسلط حاصل کر کے جان و مال پر قبضہ کر لیں گے، برخلاف اس کے کہ ان کے ساتھ معاہدہ ہو اور مسلمان طاقت و شوکت رکھتے ہوں۔

۴۔ سمندر کا سفر کرنے سے دشمنان دین کے احکام قبول کرنے پڑیں (راستے میں کافروں کی حکومت ہو۔ ۱۲ ق)۔ ان کے سامنے ذلیل ہونا پڑے اور ان کے غیر شرعی افعال دیکھنے پڑیں۔ بعض مشائخ نے دشمن کے علاقے میں تجارت کے لیے جانے پر یہ حکم جاری کیا ہے۔ مذہب کا مشہور مسئلہ یہ ہے کہ یہ سفر جائز تو ہے لیکن مکروہ ہے، علماء و صالحین کا سمندری سفر اسی پر مبنی ہے، وہ حج اور دیگر واجب امور کے حاصل کرنے کے مقابل اس سفر کی قباحتوں کو معمولی قرار دیتے تھے۔

۵۔ سوار ہونے سے بے پردگی کا خطرہ ہو، مثلاً عورتیں چھوٹی کشتی میں سوار ہوں جہاں پردے کا انتظام نہ ہو۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عمرو بن عاص کو فرمایا: دریا کے سفر کی کیفیت بیان کرو انہوں نے بتایا مخلوق کی بڑی تعداد، کمزور مخلوق (کشتی) پر اس طرح سوار ہو جاتی ہے جیسے کیڑے ٹکڑے لکڑی پر چڑھ جاتے ہیں۔ حضرت عمر نے فرمایا،

اگر حج اور جہاد نہ ہوتا تو اس پر سوار ہونے والے کی گردن پر درّہ مارتا، اس کے بعد حضرت عمر نے اس قول سے رجوع فرمالیا۔ اسی طرح کا واقعہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو پیش آیا۔ اس کے بعد سمندری سفر شروط مذکورہ کے ساتھ جائز قرار پایا۔ اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے توفیق ہے (شیخ ابن مرزوق کا کلام ختم ہوا) بحمدہ تعالیٰ آج جہاز رانی کے سلسلے میں بڑی ترقی ہو چکی ہے جتنے خطرات صحابۂ کرام کے دور میں تھے آج اتنے نہیں ہیں، اگرچہ بالکل ختم نہیں ہوئے۔ بالکل ختم تو خشکی کی ٹریفک میں بھی نہیں ہیں۔ بحری جہازوں میں بے پردگی کا خطرہ بھی نہیں ہوتا اس لیے کسی مسلمان کے لیے حج پر جانے کے لیے یہ خطرات عذر نہیں بن سکتے ۱۲ ق)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۶۶۲/۵۲ وَعَنْ اَبِیْ مَالِكِنِ الْاَشْعَرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ فَصَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَمَاتَ اَوْ قُتِلَ اَوْ وَقَصَهٗ فَرَسُهٗ اَوْ بَعِيْرُهٗ اَوْ لَدَغَتْهُ هَامَّةٌ اَوْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهٖ بِاَيِّ حَتْفٍ شَآءَ اللّٰهُ فَاِنَّهٗ شَهِيْدٌ وَّاِنَّ لَهُ الْجَنَّةَ.

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابو مالک اشعری۱ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں نکلا۲ اور مر گیا یا قتل کیا گیا، یا اس کے گھوڑے، یا اونٹ نے اسے پٹخ دیا۳، یا اسے کسی زہریلے کیڑے۴ نے کاٹ لیا۔ یا وہ اپنے بستر پر مر گیا، جس موت سے بھی اللہ تعالیٰ نے چاہا، تو وہ شہید ہے، اس کے لیے جنت ہے۔

(ابوداؤد)

۱؎ ابو مالک اشعری، انہیں ابو مالک اشجعی بھی کہتے ہیں اور ان کے نام میں اختلاف ہے۔

۲؎ اور اپنے وطن سے جدا ہوا ـــــ صراح میں ہے فصل جدا کرنا اور جدا ہونا۔

۳؎ اور اس کی گردن توڑ دے ـــــ وقص کوٹنا، توڑنا۔

۴؎ ہامّۃ میم مشدد، ہر زہریلا جانور، اس کی جمع ہوامّ ہے۔ اسی طرح سامّۃ ہے میم مشدد کے ساتھ، حدیث میں ہوامّ اور سوامّ دونوں کا ذکر واقع ہے، بعض نے یہ فرق کیا ہے کہ ہامّۃ وہ جو ہلاک کر دے اور سامہ وہ جو ہلاک نہ کرے جیسے بچھو اور بھڑ۔

۳۶۶۳/۵۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَفْلَةٌ كَغَزْوَةٍ.

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجاہد کا جہاد سے واپس آنا۱ جہاد کی طرح ہے۔

(ابوداؤد)

۱؎ قفل پیش سے قاف پھر فا سفر سے واپس آنا، قافلہ سفر سے واپس آنے والا گروہ، سفر کی ابتدا میں اس گروہ کو نیک فالی کے طور پر قافلہ کہتے ہیں۔ یعنی جائے اور خیریت سے واپس آئے۔ شارحین نے اس حدیث کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ مجاہد کی وطن کی طرف واپسی اس کے جہاد کے لیے روانہ ہونے کے حکم میں ہے، یعنی اہل وعیال کی طرف

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

واپسی کا ثواب، جہاد کے لیے جانے کے ثواب کی طرح ہے، جیسے حج میں بھی اسی طرح کہا گیا ہے، بلکہ جہاں بھی عبادت کے لیے جائیں اور واپس آئیں، کیونکہ واپس آنا جانے کا ثمرہ ہے، اس حدیث کے دیگر مطالب بھی بیان کیے گئے ہیں جو شرح (لمعات) میں مذکور ہیں۔

۳۶۶۴/۵۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْغَازِيْ اَجْرُهٗ وَلِلْجَاعِلِ اَجْرُهٗ وَاَجْرُ الْغَازِيْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اُن ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: غازی کے لیے اس کا ثواب ہے اور غازی کی مالی امداد کرنے والے کے لیے اس کا اور غازی کا ثواب ہے[1]۔ (ابو داؤد)

[1] مالی امداد کرنے والے کے لیے دو ثواب ہیں:۔

۱۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں مال خرچ کرنے کا ثواب۔

۲۔ اس غازی کے جہاد کا سبب ہونے کا ثواب، جعل سے مراد غازی کے لیے سازوسامان مہیا کرنا اور اس کی امداد ہے۔ یہ نہ صرف جائز ہے بلکہ باتفاق علماء بڑی فضیلت کا عمل ہے۔ اور اگر جعل سے مراد اجرت ہو تو اگرچہ بعض علماء کے نزدیک جائز ہے اور اس کی رخصت ہے، لیکن اجر و ثواب کا سبب نہیں ہے۔ لہٰذا پہلا مطلب ہی صحیح ہے، شرح میں اس جگہ تفصیلی گفتگو کی گئی ہے۔

۳۶۶۵/۵۵ وَعَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَتُفْتَحُ عَلَيْكُمُ الْاَمْصَارُ وَسَتَكُوْنُ جُنُوْدٌ مُّجَنَّدَةٌ يُّقْطَعُ عَلَيْكُمْ فِيْهَا بُعُوْثٌ فَيَكْرَهُ الرَّجُلُ الْبَعْثَ فَيَتَخَلَّصُ مِنْ قَوْمِهٖ ثُمَّ يَتَصَفَّحُ الْقَبَآئِلَ يَعْرِضُ نَفْسَهٗ عَلَيْهِمْ مَنْ اَكْفِيْهِ بَعْثَ كَذَا اَلَا وَذٰلِكَ الْاَجِيْرُ اِلٰى اٰخِرِ قَطْرَةٍ مِّنْ

حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب تم پر کئی شہر فتح کیے جائیں گے، اور بہت سے لشکر مجتمع[2] ہوں گے، تم پر ان لشکروں میں شمولیت کے لیے دستے مقرر کیے جائیں گے پس ایک شخص جہاد کے لیے بھیجے جانے کو ناپسند کرے گا اور اپنی قوم سے بھاگ جائے گا[3]، پھر وہ دوسرے قبیلوں کو تلاش کرے گا، اور اپنے آپ کو ان کے سامنے پیش کرے گا۔ کہ میں فلاں بھیجے جانے والے دستے کے لیے کفایت

دِمِہٖ

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

کردی ہے؟ خبردار ہو کہ وہ اپنے خون کے آخری قطرے تک ۵ مزدور ہی رہے گا۔

(ابوداؤد)

لے ابوایوب مشاہیر صحابہ اور اکابر انصار میں سے ہیں۔

ے۲ مُجنَّۃ میم پر پیش، جیم پر زبر اور نون مشدد۔

ے۳ تاکہ جہاد کے لیے نہ جانا پڑے۔

ے۴ اور اس کی طرف سے میں یہ بوجھ اٹھا لوں، یعنی مجھے معاوضہ دے اور مزدور بنا لے تاکہ میں اس کی جگہ لشکر میں شمولیت کی مشقت برداشت کر لوں، مطلب یہ ہے کہ یہ شخص معاوضے اور مزدوری کے بغیر محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے جہاد کرنے کے لیے راضی نہیں ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے حال کی قباحت بیان کرنے کے لیے فرمایا کہ وہ تمام عمر مزدور ہی رہے گا۔ اور جہاد پر اسے ثواب نہیں ملے گا۔

ے۵ یعنی قتل کیے جانے اور مرنے تک، مقصد بطور مبالغہ یہ بیان کرنا ہے کہ اسے جہاد کا ثواب نہیں ملے گا۔ وہ صرف مزدور ہے، اسے فقط طے کردہ مزدوری ملے گی اگرچہ جنگ میں کام آگیا۔

۳۶۶۶ وَعَنْ یَعْلَی بْنِ اُمَیَّۃَ قَالَ اٰذَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِالْغَزْوِ وَاَنَا شَیْخٌ کَبِیْرٌ لَیْسَ لِیْ خَادِمٌ فَالْتَمَسْتُ اَجِیْرًا یَکْفِیْنِیْ فَوَجَدْتُ رَجُلًا سَمَّیْتُ لَہٗ ثَلٰثَۃَ دَنَانِیْرَ فَلَمَّا حَضَرَتْ غَنِیْمَۃٌ اَرَدْتُّ اَنْ اُجْرِیَ لَہٗ سَہْمَہٗ فَجِئْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَذَکَرْتُ لَہٗ فَقَالَ مَا اَجِدُ لَہٗ فِیْ غَزْوَتِہٖ ھٰذِہٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اِلَّا دَنَانِیْرَہٗ

حضرت یعلی بن امیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جہاد کا اعلان فرمایا۔ میں اس وقت معمر بوڑھا تھا۔ میرا کوئی خادم نہ تھا۔ میں نے ایک مزدور تلاش کیا جو میرے لیے کافی ہو، تو مجھے ایک شخص مل گیا۔ میں نے اس سے تین دینار طے کیے، جب مال غنیمت حاضر ہوا تو میں نے ارادہ کیا کہ اس کا حصہ دے دوں، پس میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر واقعہ عرض کیا تو آپ نے فرمایا۔

میں اس کے لیے اس جنگ میں، دنیا اور آخرت میں سوائے ان طے کردہ دیناروں کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الَّتِیْ تُسَمّٰی۔ | کچھ نہیں پاتا ہے۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ) (ابوداؤد)

سلہ یعلی یا اور لام پر زبر بن امیہ صحابی ہیں۔ فتح مکہ کے دن اسلام لائے، حنین، طائف اور تبوک کے غزوات میں حاضر ہوئے، حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے نجران کے عامل تھے، اہل حجاز میں شمار کیے جاتے ہیں، صفین میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ہمراہی میں شامل ہوئے اور شہید ہوئے۔

سلہ مطلب یہ ہے کہ وہ غنیمت اور ثواب آخرت سے محروم ہے، محدثین نے فرمایا کہ یہ اس مزدور کے بارے میں ہے جو خدمت کے لیے ہو، جس شخص کو جہاد کے لیے معاوضے پر شامل کیا گیا ہو اس کے لیے غنیمت میں سے حصہ ہے اگرچہ اسے ثواب نہیں ملے گا۔ علامہ طیبی اور بعض دوسرے علماء نے یہ قول احناف کی طرف منسوب کیا ہے ہمیں ہدایہ اور بعض دوسری کتابوں میں یہ قول نہیں ملا۔

۳۶۶۷/۵۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَجُلٌ یُّرِیْدُ الْجِهَادَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَهُوَ یَبْتَغِیْ عَرَضًا مِّنْ عَرَضِ الدُّنْیَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا اَجْرَ لَهٗ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! ایک آدمی اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کا ارادہ کرتا ہے اور وہ دنیا کے مال و متاع[1] کا بھی طلب گار ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اس کے لیے کوئی ثواب نہیں ہے۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ) (ابوداؤد)

سلہ عرض راء پر زبر اور سکون دونوں جائز ہیں، مشہور روایت کے مطابق زبر ہے۔

۳۶۶۸/۵۸ وَعَنْ مُّعَاذٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْغَزْوُ غَزْوَانِ فَاَمَّا مَنِ ابْتَغٰی وَجْهَ اللّٰهِ وَ اَطَاعَ الْاِمَامَ وَ اَنْفَقَ الْکَرِیْمَةَ وَ یَاسَرَ الشَّرِیْکَ وَ اجْتَنَبَ الْفَسَادَ فَاِنَّ نَوْمَهٗ وَ نَبْهَهٗ

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جہاد دو قسم کے ہیں، جس نے اللہ تعالیٰ کی رضا طلب کی، امام کی اطاعت کی،[1] منتخب[2] چیز خرچ کی، ساتھی سے نرمی کی[3] اور فساد سے بچا[4] تو اس کا سونا اور جاگنا[5] سب موجب ثواب ہے۔ لیکن جس نے فخر۔ کے لیے[6] اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَجْرُ کُلُّہٗ وَ اَمَّا مَنْ غَزَا فَخْرًا وَّ رِیَاءً وَّ سُمْعَۃً وَّ عَصَی الْاِمَامَ وَ اَفْسَدَ فِی الْاَرْضِ فَاِنَّہٗ لَمْ یَرْجِعْ بِالْکَفَافِ۔	لوگوں کو سنانے کے لیے جہاد کیا، امام کی نافرمانی کی اور زمین میں فساد پھیلایا تو وہ ثواب کے ساتھ نہیں لوٹا ۵۸
رَوَاہُ مَالِکٌ وَّ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَآئِیُّ	(مالک، ابوداؤد، نسائی)

۵۱ اور ثواب آخرت طلب کیا۔

۵۲ جس طرح اس نے حکم کیا اسی طرح بجالایا۔

۵۳ جان اور مال

۵۴ یاسَرَ، یُسْر سے مشتق، باب مفاعلہ سے فعل ماضی کا صیغہ ہے۔

۵۵ قتل کرنے، لوٹنے، ویران کرنے میں شریعت کی حد سے تجاوز نہ کیا اور خیانت نہ کی۔

۵۶ یعنی اگرچہ سویا بھی ہو اس کا سونا بھی باعث ثواب ہے ـــــ نبہ اکثر نسخوں میں نون کی زبر اور بار کے ساتھ تصحیح کی گئی ہے، بعض نسخوں میں بار کو ساکن قرار دیا گیا ہے۔ قاموس میں ہے نُبہ پیش کے ساتھ، دانائی، نیند سے اٹھنا۔

۵۷ یعنی شہرت اور ناموری کے لیے۔

۵۸ یا یہ مطلب ہے کہ وہ جہاد سے برابر سرابر نہیں لوٹا، کہ نہ ثواب ہو اور نہ گناہ، بلکہ اس حال میں لوٹے گا کہ گناہ ثواب پر غالب ہوگا۔

۳۶۶۹/۵۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّہٗ قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَخْبِرْنِیْ عَنِ الْجِھَادِ فَقَالَ یَا عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَمْرٍو اِنْ قَاتَلْتَ صَابِرًا مُّحْتَسِبًا بَعَثَکَ اللّٰہُ صَابِرًا مُّحْتَسِبًا وَّ اِنْ قَاتَلْتَ مُرَائِیًا مُّکَاثِرًا	حضرت عبداللہ بن عمرو ۵۹ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا یارسول اللہ! مجھے جہاد کے بارے میں بتائیے ۶۰، فرمایا: اے عبداللہ بن عمرو! اگر تم نے صبر اور امید اجر کے ساتھ جنگ کی تو اللہ تعالیٰ تمہیں صابر اور امیدوار ثواب اٹھائے گا ۶۱ اور اگر تم نے ریاکاری اور زیادتی کی حرص ۶۲ کے ساتھ جہاد کیا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَعَثَكَ اللّٰهُ مُرَائِيًا مُكَاثِرًا يَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو عَلٰى أَيِّ حَالٍ قَاتَلْتَ أَوْ قُتِلْتَ بَعَثَكَ اللّٰهُ عَلٰى تِلْكَ الْحَالِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ)

تو اللہ تعالیٰ تمہیں ریاکار اور زیادتی کا حریص بنا کر اٹھائے گا۔ اے عبداللہ بن عمرو! تم جس حال میں جنگ کرو گے یا قتل کیے جاؤ گے، اللہ تعالیٰ تمہیں اسی حال پر اٹھائے گا۔ (ابوداؤد)

۱؎ عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

۲؎ کہ کس طرح جہاد کیا جائے تو باعث ثواب ہوگا۔

۳؎ تمہیں اسی صفت پر اٹھائے گا اور اس کا اجر عطا فرمائے گا۔

۴؎ یعنی لوگوں پر فخر کرے اور کہے کہ میں مال، لشکر اور پیروکاروں میں تم سے زیادہ ہوں، یا یہ مطلب ہے کہ لوگ تمہیں کہیں کہ وہ مال و اسباب میں زیادہ ہے، مطلب یہ کہ اگر ناموری، شہرت اور مال و اسباب کے لیے جہاد ہو۔

۵؎ اور اس کی سزا دے گا۔

۶؎ شعر

ہر چہ در دنیا خیالت آں بود
تا بدر راہ وصالت آں بود

دنیا میں تمہیں جس چیز کا خیال ہوگا، ہمیشہ اسی سے ملاقات رہے گی۔

$\frac{۳۶۷۰}{۲۰}$ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ أَعَجَزْتُمْ إِذَا بَعَثْتُ رَجُلًا فَلَمْ يَمْضِ لِأَمْرِيْ أَنْ تَجْعَلُوْا مَكَانَهٗ مَنْ يَمْضِيْ لِأَمْرِيْ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ فَضَالَةَ وَالْمُجَاهِدُ مَنْ جَاهَدَ نَفْسَهٗ فِيْ كِتَابِ الْإِيْمَانِ۔

حضرت عقبہ بن مالک ۱؎ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم عاجز ہو کر جب ہم کسی شخص کو کسی کام پر بھیجیں اور وہ ہمارے حکم کو جاری نہ کرے تو تم اس کی جگہ اس شخص کو مقرر کرو جو ہمارے حکم کی تعمیل کرے ۲؎۔ (ابوداؤد)

حضرت فضالہ ۳؎ کی وہ حدیث جس میں ہے کہ مجاہد وہ ہے جو اپنے نفس سے جہاد کرے کتاب الایمان ۴؎ میں ذکر کر دی گئی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

[1] عقبہ عین پر پیش، قاف ساکن بن مالک لیثی صحابی اور اہل بصرہ میں شمار کیے گئے ہیں۔

[2] یعنی اگر ہم ایک شخص کو حکم دیں اور کسی کام سے بھیجیں اور اس سے وہ کام نہ ہو سکے، تم اس کی جگہ کسی دوسرے کو بھیج دو، جو بھی کام ہو، خواہ حکومت ہی ہو، مقصد کام کا کرنا ہے جو بھی کرے، یہ نہ کہو کہ اس کام کا حکم تو فلاں کو دیا، دوسرا وہ کام کیسے کرے۔

[3] فضالہ فا پر زبر۔

[4] کتاب الایمان اس کتاب کی ابتدا میں مذکور ہے، مصابیح میں یہ حدیث کتاب الجہاد میں بھی بیان کی گئی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۳۷۶۷/۲۱ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ سَرِيَّةٍ فَمَرَّ رَجُلٌ بِغَارٍ فِيْهِ شَیْءٌ مِّنْ مَّآءٍ وَّ بَقْلٍ فَحَدَّثَ نَفْسَهٗ بِاَنْ يُّقِيْمَ فِيْهِ وَ يَتَخَلّٰى مِنَ الدُّنْيَا فَاسْتَاْذَنَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّیْ لَمْ اُبْعَثْ بِالْيَهُوْدِيَّةِ وَلَا بِالنَّصْرَانِيَّةِ وَلٰكِنِّیْ بُعِثْتُ بِالْحَنِيْفِيَّةِ السَّمْحَةِ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَغَدْوَةٌ اَوْ رَوْحَةٌ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا

تیسری فصل

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم لشکر کے ایک دستے[1] میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے، ایک شخص ایک غار[2] کے پاس سے گزرا جس میں کچھ پانی اور سبزی تھی، اس شخص نے دل میں کہا کہ وہیں قیام کرلے اور دنیا سے الگ تھلگ رہے، انہوں نے اس سلسلے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی[3]، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہمیں نہ تو یہودیت کے ساتھ بھیجا گیا اور نہ عیسائیت کے ساتھ، لیکن ہمیں آسان ملت[4] کے ساتھ بھیجا گیا، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں ہماری جان ہے اللہ تعالیٰ کی راہ میں[5] صبح یا شام نکلنا دنیا و مافیہا سے بہتر ہے[6]۔ اور تم میں سے ایک شخص کا جنگ کی صف میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَ لَمَقَامُ اَحَدِکُمْ فِی الصَّفِّ خَیْرٌ مِّنْ صَلٰوتِہٖ سِتِّیْنَ سَنَۃً۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ)

کھڑے ہونا ساٹھ سال کی نماز سے بہتر ہے[۸] (امام احمد)

۵۱ سریۃ سین پر زبر، را کے نیچے زیر، یا مشدد، لشکر کا ایک دستہ، پانچ افراد سے تین یا چار سو افراد تک۔

۵۲ غار، پہاڑ میں پست زمین، یا مطلق پست زمین۔

۵۳ اگر اجازت ہو تو وہاں قیام کرلیں۔

۵۴ جو رہبانیت اور مشقت اختیار کرتے ہیں، لوگوں سے میل جول اور ہر لذت کو ترک کر دیتے ہیں۔

۵۵ حنیف اسلام کی طرف مائل، عربوں کے نزدیک، حنیف وہ شخص ہے جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کے دین پر ہو، اصل میں حنیف کا معنی میلان کرنے والا ہے یعنی باطل سے حق کی طرف میلان کرنے والا۔ السمحۃ نرم اور آسان، جس میں سختی اور درشتی نہیں ہے، مسامحۃ معاملہ میں نرمی اختیار کرنا، تسمیح نرم رفتار سے چلنا اور سختی کے بعد چوپلے سے نرمی برتنا۔

۵۶ یعنی دین کے دشمنوں کے ساتھ جہاد میں۔

۵۷ یعنی اگر وہ شخص دنیا اور اس کے مال و اسباب کا مالک ہو جائے اور رہتی دنیا تک اس میں تصرف کرے ایک وقت تو دنیا نے ختم ہونا ہی ہے، بلکہ اگر اسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ بھی کر دے، کیونکہ صدقہ کے ثواب پر جہاد کو فضیلت ہے۔ اور ظاہر یہ ہے کہ اس جگہ غَدْوَۃٌ اور رَوْحَۃٌ سے مراد مطلق زمانہ ہے یعنی ایک لمحہ اور ایک ساعت، غَدْوَۃٌ اور رَوْحَۃٌ کا ذکر بطور محاورہ ہے۔

۵۸ بعض شارحین نے فرمایا کہ نماز کی صف مراد ہے، مقصود منفرد کی نماز سے نماز با جماعت کی فضیلت بیان کرنا ہے، لیکن حدیث کا پہلا حصہ پہلے معنی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ (کہ جنگ کی صف مراد ہے)۔

۳۷۶۲/۶۲ وَعَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ غَزَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ وَلَمْ یَنْوِ اِلَّا عِقَالًا فَلَہٗ مَا نَوٰی (رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

حضرت عبادہ بن صامت[۵۹] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا اور صرف ایک رسی[۶۰] کا ارادہ کیا تو اس کے لیے وہی چیز ہے جس کا اس نے ارادہ کیا[۶۱] (نسائی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱ـ حضرت عبادہ بن صامت، اکابر صحابہ اور نقبا انصار میں سے ہیں۔
۲ـ اونٹ کا پاؤں باندھنے والی رسی۔
۳ـ یعنی اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے کے علاوہ کسی چیز کا ارادہ کرنا اگرچہ وہ معمولی اور حقیر ہی ہو اخلاص کے منافی ہے۔ اس میں مبالغہ ہے کہ غنیمت پیش نظر نہیں ہونی چاہیے۔ اور اغراض دنیاویہ کے شائبہ کے بغیر خالص نیت کی ترغیب دی گئی ہے۔

۳۶۷۳/۶۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَّضِیَ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّ بِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّ بِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا وَّجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ فَعَجِبَ لَهَا اَبُوْ سَعِیْدٍ فَقَالَ اَعِدْهَا عَلَیَّ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعَادَهَا عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ وَ اُخْرٰی یَرْفَعُ اللّٰهُ بِهَا الْعَبْدَ مِائَةَ دَرَجَةٍ فِی الْجَنَّةِ مَا بَیْنَ كُلِّ دَرَجَتَیْنِ كَمَا بَیْنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ قَالَ وَ مَا هِیَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَلْجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ۔ اَلْجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ۔ اَلْجِهَادُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ کے رب[۱] اسلام کے دین[۲] اور محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رسول ہونے پر راضی ہوا اس کے لیے جنت واجب ہو گئی۔ حضرت ابو سعید خدری کو یہ کلمات بہت پسند آئے[۳]، انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ کلمات مجھے دوبارہ بیان فرمائیں، آپ نے دہرائے، پھر فرمایا: ایک دوسری خصلت ہے جس کی بدولت اللہ تعالیٰ بندے کو جنت میں سو درجے بلند فرمائے گا، ہر دو درجوں کے درمیان اتنا فاصلہ ہوگا جتنا زمین اور آسمان کے درمیان ہے، عرض کیا یا رسول اللہ! وہ کونسی خصلت ہے، فرمایا، اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد۔ (مسلم)

۱ـ اور یقین رکھے کہ اللہ تعالیٰ اس کا پروردگار ہے۔
۲ـ اسے وثوق ہو کہ اسلام میرا دین ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ﷺ کیونکہ یہ کلمات کامل بشارت اور مسرت کے حامل ہیں۔

۳۶۷۴/۶۴ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَبْوَابَ الْجَنَّۃِ تَحْتَ ظِلَالِ السُّیُوْفِ فَقَالَ رَجُلٌ رَثُّ الْھَیْئَۃِ فَقَالَ یَا اَبَا مُوْسٰی اَنْتَ سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ ھٰذَا قَالَ نَعَمْ فَرَجَعَ اِلٰی اَصْحَابِہٖ فَقَالَ اَقْرَأُ عَلَیْکُمُ السَّلَامَ ثُمَّ کَسَرَ جَفْنَ سَیْفِہٖ فَاَلْقَاہُ ثُمَّ مَشٰی بِسَیْفِہٖ اِلَی الْعَدُوِّ فَضَرَبَ بِہٖ حَتّٰی قُتِلَ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تحقیق جنت کے دروازے تلواروں کے سایوں کے نیچے ہیں[1]، پس ایک فرسودہ[2] شکل والے آدمی نے اٹھ کر کہا اے ابوموسیٰ! کیا آپ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا؟ انہوں نے کہا ہاں[3]! تو اس شخص نے اپنے ساتھیوں کے پاس جا کر کہا میں تمہیں سلام کہتا ہوں[4]۔ پھر اس نے اپنی تلوار کا میان[5] توڑ کر پھینک دیا اور تلوار لے کر دشمن کی طرف بڑھ گیا، اس نے یہاں تک تلوار چلائی کہ شہید ہوگیا۔

(مسلم)

ﷺ گویا ہر تلوار کے نیچے جنت کا ایک دروازہ ہے، یہ معرکہ جہاد میں حاضر ہونے سے کنایہ ہے۔
ﷺ رث تین نقطوں والی ثاء کے ساتھ، پرانا۔
ﷺ میں نے یہ بات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنی ہے۔
ﷺ بطور الوداع
ﷺ جفن جیم پر زبر اور فاء ساکن۔ نیام

۳۶۷۵/۶۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَصْحَابِہٖ اِنَّہٗ لَمَّا اُصِیْبَ اِخْوَانُکُمْ یَوْمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کو فرمایا: جب احد کے دن تمہارے بھائی شہید ہو گئے۔ تو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أُحُدٍ جَعَلَ اللّٰهُ أَرْوَاحَهُمْ فِي جَوْفِ طَيْرٍ خُضْرٍ تَرِدُ أَنْهَارَ الْجَنَّةِ تَأْكُلُ مِنْ ثِمَارِهَا وَ تَأْوِي إِلَى قَنَادِيلَ مِنْ ذَهَبٍ مُعَلَّقَةٍ فِي ظِلِّ الْعَرْشِ فَلَمَّا وَجَدُوا طِيبَ مَأْكَلِهِمْ وَ مَشْرَبِهِمْ وَمَقِيلِهِمْ قَالُوا مَنْ يُبَلِّغُ إِخْوَانَنَا عَنَّا أَنَّا أَحْيَاءٌ فِي الْجَنَّةِ لِئَلَّا يَزْهَدُوا فِي الْجَنَّةِ وَ لَا يَنْكُلُوا عِنْدَ الْحَرْبِ فَقَالَ اللّٰهُ تَعَالَى أَنَا أُبَلِّغُهُمْ عَنْكُمْ فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالَى وَ لَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ أَمْوَاتًا بَلْ أَحْيَاءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُونَ إِلَى آخِرِ الْآيَاتِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

اللہ تعالیٰ نے ان کی روحیں سبز پرندوں کے پوٹوں میں رکھ دیں[1]، وہ پرندے جنت کی نہروں پہ اترتے ہیں، جنت کے پھل کھاتے ہیں اور عرش کے سائے میں لٹکی ہوئی سونے کی قندیلوں میں رہائش رکھتے ہیں، جب احد کے شہیدوں نے بہترین کھانے، مشروب اور رہائش گاہیں پائیں تو انہوں نے کہا کہ ہمارے بھائیوں کو ہمارے بارے میں کون اطلاع دے گا؟ کہ ہم زندہ ہیں تاکہ وہ جنت میں بے رغبتی اور جنگ میں سستی کا مظاہرہ نہ کریں[2]۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میں انہیں تمہارے بارے میں خبر دیتا ہوں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی اللہ کی راہ میں قتل کیے جانے والوں کو مردہ گمان نہ کرو بلکہ وہ اپنے رب کے ہاں زندہ ہیں۔ رزق دیے جاتے ہیں۔

(آخر آیت تک)

(ابوداؤد)

[1] اس کی تحقیق اور تفصیل پہلی فصل میں، حضرت مسروق کی حدیث میں گزر گئی ہے۔

[2] اور جہاد ترک نہ کر دیں۔

۳۶۷۶/۶۶ وَعَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُؤْمِنُونَ فِي الدُّنْيَا عَلَى ثَلٰثَةِ أَجْزَاءٍ الَّذِينَ

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن دنیا میں تین قسم کے ہیں (۱) وہ جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لائے۔ پھر شک میں نہ پڑے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا وَ جَاهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالَّذِيْ يَاْمَنُهُ النَّاسُ عَلٰى اَمْوَالِهِمْ وَ اَنْفُسِهِمْ ثُمَّ الَّذِيْ اِذَا اَشْرَفَ عَلٰى طَمَعٍ تَرَكَهٗ لِلّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ.

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

اور اپنی جانوں اور مالوں سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا[1] (۲) وہ شخص جس سے لوگ اپنے مالوں اور اپنی جانوں پر امن میں ہوں[2]

(۳) وہ کہ جب طمع کے قریب پہنچے[3]، تو اسے اللہ تعالیٰ کے لیے چھوڑ ہی دے[4]

(احمد)

[1] اس جماعت نے کامل ایمان اور تہذیب نفس کے ساتھ ساتھ مخلوق کو نفع پہنچایا اور انہیں پاک کیا، یہ لوگ مرتبے کے اعتبار سے اکمل واشرف اور اعلیٰ ہیں۔

[2] یعنی وہ اگرچہ لوگوں کو نفع نہیں پہنچاتے اور ان کی بھلائی کا کام نہیں کرتے، لیکن انہیں نقصان بھی نہیں پہنچاتے، شرانگیزی نہیں کرتے، لوگوں کے ساتھ میل جول نہیں رکھتے اور ان سے کوئی لالچ نہیں رکھتے۔ جیسے کہ کہتے ہیں مصرع "مراز خیر تو امید نیست بد مرساں" مجھے تم سے بھلائی کی امید نہیں ہے، تم نقصان نہ پہنچاؤ۔

[3] اور اس کے دل میں آئے کہ لالچ کرے۔

[4] اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے چھوڑ دے، یہ گروہ اگرچہ لوگوں کے ساتھ میل جول رکھتا ہے اور قریب ہوتا ہے کہ لالچ کرے اور لالچ کے دائرے میں واقع ہو جائے، لیکن اللہ تعالیٰ اسے حرص کے جال میں واقع ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔ یہ قسم، پہلی دو قسموں سے کم مرتبہ ہے۔ اس کے بعد دوسری قسمیں ہیں جو لائق اعتبار اور قابل توجہ نہیں ہیں۔ اس حدیث کی اس انداز سے یہ شرح اس فقیر حقیر (شیخ محقق) کے خیالات کا نتیجہ ہے۔

۳۶۷۷/۶۲ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ عَمِيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ نَفْسٍ مُسْلِمَةٍ يَقْبِضُهَا رَبُّهَا تُحِبُّ اَنْ تَرْجِعَ اِلَيْكُمْ وَ اَنَّ لَهَا

حضرت عبدالرحمٰن بن ابی عمیرہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی مسلمان جان جسے اس کا رب قبض کرے[2]۔ ایسی نہیں ہے جو تمہاری طرف لوٹنے[3] کو پسند کرے، اس حال میں کہ اس کے لیے دنیا و ما فیہا ہو، سوائے شہید کے[4]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الدُّنْیَا وَ مَا فِیْهَا غَیْرُ الشَّهِیْدِ قَالَ ابْنُ اَبِیْ عَمِیْرَةَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ اُقْتَلَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اَحَبُّ اِلَیَّ اَنْ یَکُوْنَ لِیْ اَهْلُ الْوَبَرِ وَ الْمَدَرِ (رَوَاهُ النَّسَآئِیُّ)

ابن ابی عمیرہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیا جانا زیادہ محبوب ہے۔ اس سے کہ اُون اور اینٹوں والے میرے مملوک ہوں۔ (نسائی)

سلہ عبدالرحمن بن ابی عمیرہ عین پر زبر، میم کے نیچے زیر، یا ساکن، صحابی ہیں، بعض محدثین کے نزدیک ان کے صحابی ہونے میں نظر ہے۔ ــــــــ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سلہ۲ یعنی اسے موت سے ہمکنار فرمادے۔

سلہ۳ دنیا میں واپس آنے۔

سلہ۴ اسے یہ بات محبوب ہے کہ دنیا میں واپس آئے اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیا جائے، کیونکہ وہ ثواب شہادت کے عظیم درجات کا مشاہدہ کر چکا ہے۔

سلہ۵ اُون والوں سے مراد بادیہ نشین ہیں جو اُون کے بنے ہوئے خیموں میں رہتے ہیں اور اینٹوں والوں سے مراد شہری اور دیہاتی ہیں جن کے مکان پتھر، اینٹ، اور ڈھیلوں سے بنے ہوئے ہوتے ہیں، مطلب یہ کہ تمام دنیا والوں کا مالک ہونے سے شہادت زیادہ محبوب ہے۔

۳۶۷۸/۶۸ وَعَنْ حَسْنَآءَ بِنْتِ مُعَاوِیَةَ قَالَتْ حَدَّثَنِیْ عَمِّیْ قَالَ قُلْتُ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فِی الْجَنَّةِ قَالَ النَّبِیُّ فِی الْجَنَّةِ وَ الشَّهِیْدُ فِی الْجَنَّةِ وَ الْمَوْلُوْدُ فِی الْجَنَّةِ وَ الْوَئِیْدُ فِی الْجَنَّةِ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت حسناء بنت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ مجھے میرے چچا نے بیان کیا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ جنت میں کون ہے؟ فرمایا: نبی جنت میں ہے۔ شہید جنت میں ہے، چھوٹا بچہ[1] جنت میں ہے اور وہ بچہ جنت میں ہے جسے زندہ دفن کر دیا گیا[2]۔ (ابوداؤد)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ حستاء حا پر زبر، سین ساکن بنت معاویہ جو تمیم طبقے سے تعلق رکھنے والی مقبول تابعیہ ہیں، اپنے چچا اسلم بن سلیم صحابی سے روایت کرتی ہیں۔
لہ۲ خواہ مومن کا بچہ ہو یا کافر کا اسی طرح شارحین نے کہا ہے۔
لہ۳ اس سے زندہ درگور کی جانے والی بچی مراد ہے، جیسے کہ کافروں کی عادت تھی کہ لڑکیوں کو زندہ دفن کر دیتے تھے، بعض لوگ لڑکوں کو بھی بھوک اور تنگی کے وقت زندہ دفن کر دیتے تھے۔ ممکن ہے کہ خاص طور پر ان چار اقسام کا ذکر اس لیے کیا گیا ہو کہ پہلی دو قسمیں فضیلت اور شرافت کی حامل ہیں اور آخری دو قسمیں عمل اور کمائی کے بغیر جنت میں داخل ہوں گی۔

۳۶۷۹/۶۹ وَعَنْ عَلِيٍّ وَ اَبِي الدَّرْدَاءِ وَ اَبِي هُرَيْرَةَ وَ اَبِي اُمَامَةَ وَ عَبْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ وَعَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو وَ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ وَ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ كُلُّهُمْ يُحَدِّثُ عَنْ رَّسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ اَنَّهٗ قَالَ مَنْ اَرْسَلَ نَفَقَةً فِيْ سَبِيْلِ اللهِ وَ اَقَامَ فِيْ بَيْتِهٖ فَلَهٗ بِكُلِّ دِرْهَمٍ سَبْعُ مِائَةِ دِرْهَمٍ وَّ مَنْ غَزَا بِنَفْسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ وَ اَنْفَقَ فِيْ وَجْهِهٖ ذٰلِكَ فَلَهٗ بِكُلِّ دِرْهَمٍ سَبْعُ مِائَةِ اَلْفِ دِرْهَمٍ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ وَ اللهُ يُضَاعِفُ لِمَنْ يَّشَاءُ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت علی مرتضیٰ، ابوالدرداء، ابوہریرہ، ابوامامہ، عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن عمرو، جابر بن عبداللہ اور عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہم سب سے[1] روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ بھیجا اور خود اپنے گھر میں مقیم رہا[2]۔ تو اس کے لیے ہر درہم کے بدلے سات سو درہم ہیں۔ اور جس نے خود اللہ تعالیٰ کی راہ میں جنگ کی اور اس کی رضا کے لیے[3] خرچ کیا تو اس کے لیے ہر درہم کے بدلے سات ہزار[4] درہم ہیں۔
پھر یہ آیت تلاوت فرمائی۔
اللہ تعالیٰ جس کے لیے چاہتا ہے ثواب زیادہ کرتا ہے۔ (ابن ماجہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لے ان آٹھ مشہور صحابہ سے روایت ہے۔
لے اور جہاد کے لیے نہیں گیا۔
لے یا اس جانب خرچ کیا جس کا اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے اور اس سے راضی ہے۔
لے بعض نسخوں میں سات لاکھ درہم ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ثواب کا اضافہ سات سو میں بند نہیں ہے، بلکہ اس سے بھی زیادہ ہوتا ہے۔ دوسری فصل میں حضرت خریم بن فاتک کی حدیث میں اس کی طرف اشارہ گزر چکا ہے۔

۳۶۸۰ وَعَنْ فُضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الشُّهَدَآءُ اَرْبَعَةٌ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ جَيِّدُ الْاِيْمَانِ لَقِيَ الْعَدُوَّ فَصَدَّقَ اللّٰهَ حَتّٰى قُتِلَ فَذٰلِكَ الَّذِيْ يَرْفَعُ النَّاسُ اِلَيْهِ اَعْيُنَهُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ هٰكَذَا وَرَفَعَ رَاْسَهٗ حَتّٰى سَقَطَتْ قَلَنْسُوَتُهٗ فَمَا اَدْرِيْ اَقَلَنْسُوَةَ عُمَرَ اَرَادَ اَمْ قَلَنْسُوَةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَرَجُلٌ مُّؤْمِنٌ جَيِّدُ الْاِيْمَانِ لَقِيَ الْعَدُوَّ كَاَنَّمَا ضُرِبَ جِلْدُهٗ بِشَوْكِ طَلْحٍ مِّنَ الْجُبْنِ اَتَاهُ سَهْمٌ غَرْبٌ فَقَتَلَهٗ فَهُوَ فِي

حضرت فضالہ بن عبیدلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ شہید چار قسم کے ہیں (۱) عمدہ ایمان والا مومن مرد اس نے دشمن لے سے ملاقات کی اور اللہ تعالیٰ کی تصدیق کی لے یہاں تک کہ وہ قتل کیا گیا، یہ وہ شخص ہے۔ جس کی طرف لوگ قیامت کے دن اس طرح اپنی آنکھیں اٹھائیں گے لے، اور اپنا سر اٹھایا لے، حتے کہ ان کی ٹوپی گر گئی لے،
راوی کہتے ہیں کہ مجھے معلوم نہیں کہ میرے استاد نے حضرت عمر کی ٹوپی مراد لی یا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی لے۔
(۲) سرکار دو عالم نے فرمایا: بہترین ایمان والا مومن مرد، اس نے دشمن سے اس طرح ملاقات کی کہ بزدلی لے کی وجہ سے اس کی یہ حالت ہو گئی کہ گویا اس کی جلد میں خاردار درخت کا کانٹا چبھ گیا ہو اسے انجانا لے تیر لگا اور اسے قتل کر دیا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الدَّرَجَۃِ الثَّانِیَۃِ وَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ خَلَطَ عَمَلًا صَالِحًا وَّ اٰخَرَ سَیِّئًا لَقِیَ الْعَدُوَّ فَصَدَّقَ اللّٰہَ حَتّٰی قُتِلَ فَذَاکَ فِی الدَّرَجَۃِ الثَّالِثَۃِ وَ رَجُلٌ مُّؤْمِنٌ اَسْرَفَ عَلٰی نَفْسِہٖ لَقِیَ الْعَدُوَّ فَصَدَّقَ اللّٰہَ حَتّٰی قُتِلَ فَذَاکَ فِی الدَّرَجَۃِ الرَّابِعَۃِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَ قَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)	تو وہ دوسرے درجہ میں ہیں[۶] (۳) وہ ایماندار مرد ہے جس نے اچھے اور برے ملے جلے عمل کیے[۱۰] اس نے دشمن کا سامنا کیا۔ اور اللہ تعالیٰ کی تصدیق کی[۱۱] حتیٰ کہ قتل کیا گیا تو وہ تیسرے درجے میں ہے (۴) وہ ایماندار مرد جس نے اپنی ذات پر ناروا تصرف کیا[۱۲] دشمن سے ملاقات کی اور اللہ تعالیٰ کی تصدیق کی، یہاں تک کہ قتل کیا گیا، تو وہ چوتھے درجے میں ہے[۱۳] (ترمذی) انہوں نے کہا کہ یہ حدیث حسن، غریب ہے۔

لہ فضالہ بن عبید عین پر پیش، انصاری صحابی ہیں۔ ان کے حالات دوسری فصل کے ابتداء میں گزر گئے ہیں۔

۲ہ یعنی کافروں۔

۳ہ اپنے عمل اور بہادری سے، اس نے جہاد کیا، صبر کیا اور اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید رکھی، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے مجاہدوں کی صفت، صبر اور طلب ثواب بیان کی ہے اور اس کی خبر دی ہے جب اس نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ سے ثواب کی امید کرتے ہوئے صبر کیا تو اس نے اس خبر میں اللہ تعالیٰ کی تصدیق کی۔

۴ہ اس کے مقام کی بلندی اور عظمت کی وجہ سے۔

۵ہ یہ بیان کرنے کے لیے کہ لوگ اپنی آنکھیں اس طرح اٹھائیں گے۔ اور اوپر کی طرف اشارہ کیا۔

۶ہ زیادہ سر اٹھانے کی وجہ سے۔

۷ہ یعنی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سر اٹھانے کی کیفیت بیان کی تو ان کی ٹوپی گر گئی یا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی۔ پہلے معنی پر محمول کرنا زیادہ مناسب ہے۔

۸ہ اور خوف کی وجہ سے ——— طلح طا پر زبر، بڑے کانٹوں والا ایک درخت، یہ کنایہ ہے خوف کی وجہ سے جسم پر بالوں کے کھڑے ہو جانے اور جسم کے اکڑ جانے سے۔

۹ہ جس کا مارنے والا معلوم نہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ف۱۰ اور پہلے درجے سے کم مرتبہ ہے ۔

ف۱۱ اور اس کا ایمان پہلی اور دوسری قسم ایسا عمدہ نہیں ہے، قرآن مجید میں ایسے لوگوں کے بارے میں فرمایا۔ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنی رحمت کے ساتھ ان کی طرف رجوع فرمائے ۔

ف۱۲ صبر کیا اور بہادری اختیار کی ۔

ف۱۳ حد سے تجاوز کی اور معصیت اختیار کی ۔

ف۱۴ اور سب سے کم درجہ رکھتا ہے ______ اس تقسیم کا حاصل یہ ہے کہ شہید یا تو متقی اور بہادر ہے اور یہ پہلی قسم ہے یا متقی تو ہے لیکن بہادر نہیں ہے اور یہ دوسری قسم ہے یا بہادر ہے لیکن متقی نہیں ہے اور اس کی دو قسمیں ہیں، ایک وہ جس کے اعمال اچھے اور برے، ملے جلے ہیں، وہ معصیت کار ہے لیکن حد سے متجاوز نہیں، اور ایک وہ ہے جو فاسق ہے اور حد سے متجاوز ہے۔ ان تمام قسموں میں اللہ تعالیٰ کی تصدیق حاصل ہے سوائے دوسری قسم کے، اس تقریر سے معلوم ہو گیا کہ اللہ تعالیٰ کی تصدیق سے مراد صبر پر قائم رہنا اور طالبِ ثواب ہونا ہے جس کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے مجاہدوں کو موصوف کیا ہے اور ان کے اس وصف کی خبر دی ہے، اجر و ثواب کے وعدے کی تصدیق مراد نہیں ہے کہ وہ تو دوسری قسم میں بھی حاصل ہے، حالانکہ اس قسم میں تصدیق کا ذکر نہیں ہے ۔

۳۶۸۱/۱۷ وَعَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدٍ السُّلَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْقَتْلٰى ثَلٰثَةٌ مُؤْمِنٌ جَاهَدَ بِنَفْسِهٖ وَمَالِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ قَاتَلَ حَتّٰى يُقْتَلَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ فَذٰلِكَ الشَّهِيْدُ الْمُمْتَحَنُ فِيْ خَيْمَةِ اللّٰهِ تَحْتَ عَرْشِهٖ لَا يَفْضُلُهُ النَّبِيُّوْنَ اِلَّا بِدَرَجَةِ النُّبُوَّةِ

حضرت عتبہ بن عبد سلمی ف۱ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، مقتول تین قسم کے ہیں۔ (۱) وہ مومن جس نے اپنی جان اور مال کے ساتھ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا، جب اس نے دشمن کا سامنا کیا تو جنگ کی یہاں تک کہ قتل کیا گیا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں ف۲ فرمایا۔ وہ آزمایا ف۳ ہوا شہید ہے، اللہ تعالیٰ کے خیمے میں اس کے عرش کے نیچے ف۴، انبیاء کرام کو ان پر صرف درجۂ نبوت میں فضیلت ہو گی ف۵۔ (۲) وہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَ مُؤْمِنٌ خَلَطَ عَمَلًا صَالِحًا وَّ اٰخَرَ سَیِّئًا جَاهَدَ بِنَفْسِهٖ وَ مَالِهٖ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ اِذَا لَقِیَ الْعَدُوَّ قَاتَلَ حَتّٰی یُقْتَلَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْهِ مُمَصْمِصَةٌ مَحَتْ ذُنُوْبَهٗ وَ خَطَایَاهُ اِنَّ السَّیْفَ مَحَّاءٌ لِّلْخَطَایَا وَ اُدْخِلَ مِنْ اَیِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَ وَ مُنَافِقٌ جَاهَدَ بِنَفْسِهٖ وَ مَالِهٖ فَاِذَا لَقِیَ الْعَدُوَّ قَاتَلَ حَتّٰی یُقْتَلَ فَذَاكَ فِی النَّارِ اِنَّ السَّیْفَ لَا یَمْحُوا النِّفَاقَ۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ)

مومن جس نے اچھے اور برے مخلوط عمل کیے[۱] اس نے اپنی جان و مال سے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا، جب دشمن کا سامنا ہوا تو جنگ کی یہاں تک کہ قتل کیا گیا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں فرمایا، یہ شہادت محو کرنے والی ہے[۲]. اس نے اس کے گناہ اور خطائیں مٹادیں، بے شک تلوار خطاؤں کو مٹانے والی ہے، اور اسے جنت میں داخل کیا جائے گا جس دروازے سے وہ چاہے گا۔ (۳) منافق نے اپنی جان اور مال سے جہاد کیا، جب دشمنوں سے ملا تو اس نے جنگ کی یہاں تک کہ قتل کیا گیا تو وہ آگ میں ہے بے شک تلوار منافقت کو نہیں مٹاتی[۳]

(دارمی)

ؔ۱ عتبہ عین پر پیش اور تا ساکن بن عبد عین پر زبر اور با ساکن السلمی صحابی ہیں۔ ان کی کنیت ابو الولید ہے، اہل حمص میں شمار کیے جاتے ہیں، کہتے ہیں کہ ان کا نام عتلہ تھا عین پر زبر، تا ساکن، اس پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں اس کے بعد لام۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا نام عتبہ رکھ دیا۔

ؔ۲ اس مومن مجاہد کی تعریف میں۔

ؔ۳ اس مجاہد کا تجربہ کیا گیا ہے کہ یہ جہاد پر صبر کرنے والا اور مشقتوں کو برداشت کرنے کی طاقت رکھنے والا ہے، نہایہ میں ہے ممتحن مہذب اور مصفا، جیسے چاندی کو ممتحن اس وقت کہتے ہیں جب آگ کے ساتھ اسے صاف کیا گیا ہو، آیت مبارکہ اُولٰٓئِكَ الَّذِیْنَ امْتَحَنَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ لِلتَّقْوٰی کی تفسیر میں کہا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں کا تجربہ کیا ہے۔ انہیں نرم کیا ہے اور ان کو خلوص اور تقویٰ کے لیے پسند کیا ہے۔ امتحان علم اور معرفت کا سبب ہے۔

ؔ۴ یعنی اللہ تعالیٰ کی بارگاہ اور مقام قرب میں، جیسے کہ حدیث شفاعت میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہونے کی اجازت طلب کروں گا، چنانچہ مجھے اجازت دی جائے گی، پس میں سجدہ میں چلا جاؤں گا۔ آخر حدیث تک۔

ف۵۔ یعنی نبوت اور اس سے متعلق کمال کے علاوہ تمام مراتب و کمالات، ان شہیدوں کو حاصل ہوں گے اس جگہ یہ وہم نہ کیا جائے کہ یہ شہداء، انبیاء سے ایک مرتبہ، یعنی مرتبۂ نبوت میں کم ہیں، کیونکہ نبوت کے کمالات بے حد و حساب ہیں، اور ولایت کے مراتب اس سے نیچے ہیں اور کمالاتِ نبوت کے مقابل محسوس ہی نہیں ہوتے، تعرّف یہ ہے کہ اولیاء کرام قدس اللہ اسرارہم کے کمالات کی نسبت، کمالات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کے ساتھ وہ ہے جو ٹپکنے والے قطرے کی پانی سے بھرے ہوئے مشکیزے سے ہے، کم نظر لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ ایک قدم اور ایک مرتبہ انبیاء کرام سے نیچے ہیں۔ حالانکہ انہیں کمالاتِ نبوت کا تصور بھی نہیں ہوتا۔ گمراہی اور کجروی سے اللہ تعالیٰ کی پناہ!

ف۶ اور وہ خالص متقی نہیں ہے۔

ف۷ مُمَصْمِصَۃٌ پہلے میم پر پیش، دوسرے پر زبر، پہلا صاد ساکن، تیسرے میم کے نیچے زیر، پاک کرنے والی، بے نقطہ صاد اور نقطے والے ضاد کے ساتھ دونوں طرح روایت ہے، اور دونوں کا ایک ہی معنی ہے بعض شارحین نے کہا مصمصۃ بے نقطہ صاد کے ساتھ زبان کے کنارے سے اور نقطے والے ضاد کے ساتھ پورے منہ کے ساتھ (کسی چیز کو حرکت دینا) جیسے وضو میں کلی کرنا اسے مضمضہ کہتے ہیں، برتن وغیرہ کے دھونے کو کہتے ہیں۔ مضمضہ ذنوب، گناہوں کا مٹا دینا۔

ف۸ اگرچہ اس نے جنگ کی اور مارا گیا۔

ف۹ بخشش کے لیے ایمان ضروری ہے، اس کے علاوہ سب بے کار ہے۔

ایمان چو سلامت بلب گور بریم

احسنت ازیں چستی و چالاکی ما

جب ہم قبر تک ایمان سلامت لے جائیں تو ہماری چستی اور مستعدی پر آفرین۔

۳۶۸۲ (۴۲) وَعَنِ ابْنِ عَائِشٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنَازَةِ رَجُلٍ فَلَمَّا وُضِعَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَا تُصَلِّ

حضرت ابن عائش رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مرد کے جنازے کے ساتھ نکلے۔ جب جنازہ رکھا گیا تو حضرت عمر بن خطاب نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس پر نماز نہ پڑھیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ رَجُلٌ فَاجِرٌ فَالْتَفَتَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى النَّاسِ فَقَالَ هَلْ رَاٰهُ اَحَدٌ مِّنْكُمْ عَلٰى عَمَلِ الْاِسْلَامِ فَقَالَ رَجُلٌ نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَرَسَ لَيْلَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَصَلّٰى عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ حَثٰى عَلَيْهِ التُّرَابَ وَ قَالَ اَصْحٰبُكَ يَظُنُّوْنَ اَنَّكَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ وَ اَنَا اَشْهَدُ اَنَّكَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَ قَالَ يَا عُمَرُ اِنَّكَ لَا تُسْئَلُ عَنْ اَعْمَالِ النَّاسِ وَلٰكِنْ تُسْئَلُ عَنِ الْفِطْرَةِ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

کیوں کہ یہ فاسق مرد ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے لوگوں کی طرف توجہ فرمائی اور فرمایا: تم میں سے کسی نے اسے اسلامی عمل کرتے ہوئے دیکھا ہے؟ ایک شخص نے عرض کیا ہاں یارسول اللہ! اس نے ایک رات اللہ تعالٰی کی راہ میں پہرہ دیا تھا، رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اس پر نماز پڑھی[2] اور اس پر مٹی ڈالی[3]۔ اور فرمایا: تمہارے ساتھی گمان کرتے ہیں کہ تم اہل نار میں سے ہو اور میں گواہی دیتا ہوں کہ تم اہل جنت میں سے ہو۔ اور فرمایا: عمر! تم سے لوگوں کے اعمال کے بارے میں نہیں پوچھا جائے گا۔ لیکن تم سے فطرت[4] کے بارے میں پوچھا جائے گا۔

(شعب الایمان، امام بیہقی)

۱ ابن عایذ یا اور نقطے والے ذال کے ساتھ، ابن عایذ متعدد صحابی ہیں۔ قیس بن عایذ اور منذر بن عایذ اللہ تعالٰی بہتر جانتا ہے کہ اس جگہ کون سے صحابی مراد ہیں؟ چونکہ تمام صحابی عادل ہیں، اس لیے ان کی جہالت، نقصان دہ نہیں ہے ۱۲ قادری،

۲ ان کی نماز جنازہ پڑھنے کے لیے

۳ ان کے دفن کے وقت۔

۴ یعنی دین اسلام کے بارے میں علامہ طیبی نے اس کلام کا مطلب بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس کا حاصل یہ ہے کہ اے عمر! ایسے مقام میں مُردوں کے بُرے اعمال کی خبر نہ دو، بلکہ ان کے اچھے اعمال کی خبر دینی چاہیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جیسے کہ ارشاد فرمایا: اُذْكُرُوْا مَوْتَاكُمْ بِالْخَيْرِ۔ اپنے مُردوں کو اچھائی کے ساتھ یاد کرو۔ اصل میں انہیں اس طریقے سے منع کرنا تھا جس پر انہوں نے اقدام کیا تھا، اور اس میت کے فسق و فجور کی خبر دی تھی، کیونکہ اعتبار فطرت اور عقیدے کا ہے، اس کے علاوہ میت نے وہ اسلامی عمل بھی کیا ہے جو اسے کفایت کرتا ہے۔

بَابُ اِعْدَادِ اٰلَةِ الْجِهَادِ

۲۸۶۔ آلۂ جہاد کے تیار کرنے کا بیان

اس باب میں وہ حدیثیں بیان کی جائیں گی جن میں آلۂ جہاد، مثلاً تیر کمان، نیزہ، تلوار، زرہ اور گھوڑا وغیرہ کے تیار کرنے کا ذکر ہے، زیادہ تر احادیث میں تیر اندازی اور گھوڑے کی فضیلت کا ذکر ہے، اس کے علاوہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلوار، جھنڈے اور زرہ کی صفت بھی بیان کی گئی ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۳۶۸۳ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُوْلُ وَاَعِدُّوْا لَهُمْ مَّا اسْتَطَعْتُمْ مِّنْ قُوَّةٍ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو برسر منبر فرماتے ہوئے سنا کافروں کے لیے وہ قوت تیار کرو جس کی تم طاقت رکھتے ہو اور تین بار فرمایا، خبردار! قوت تیر اندازی ہے۔ (مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۱ آپ نے یہ آیت مبارکہ پڑھی۔
۵۲ جس کے تیار کرنے کا تمہیں آیت میں حکم دیا گیا ہے۔
۵۳ مشکات کے بعض نسخوں میں رباط الخیل کا بھی ذکر ہے، بعض نسخوں میں اس پر خط کھینچا ہوا ہے شارحین کہتے ہیں کہ یہ کلمات مسلم شریف میں نہیں ہیں، امام سیوطی نے کہا کہ یہ کلمات ابن منذر کی روایت میں ہیں اور قرآن مجید میں بھی ہیں، اسی طرح درِ منثور میں ہے، زمخشری اور بیضاوی نے قوت کی تفسیر کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہر چیز جس سے جنگ میں طاقت حاصل کی جائے (مثلاً آج کے دور میں ٹینک، جنگی طیارے، طیارہ شکن توپیں، آب دوزیں اور ایٹمی اسلحہ وغیرہ ۱۲ قادری) بیضاوی نے کہا ہو سکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خاص طور پر تیر اندازی کا ذکر اس لیے فرمایا ہو کہ یہ زیادہ قوت والا عمل ہے، کشاف میں ہے کہ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں ستر کمانیں توڑیں۔

۳۶۸۴ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ سَتُفْتَحُ الرُّوْمُ وَيَكْفِيْكُمُ اللّٰهُ فَلَا يَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّلْهُوَ بِاَسْهُمِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ان ہی سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ عنقریب تم پر روم فتح کیا جائے گا اور اللہ تعالیٰ تمہیں کفایت کرے گا، پس چاہیئے کہ تم میں سے ایک شخص اپنے تیروں کے ساتھ کھیلنے سے عاجز نہ ہو۔ (مسلم)

۱ یعنی اہل روم کی جنگ عموماً تیر اندازی سے ہے اس لیے تمہیں تیر اندازی سیکھنا چاہیے، اس کی تیاری اور مشق کرو، تاکہ رومیوں کے ساتھ جنگ کر سکو اور اللہ تعالیٰ تمہیں ان کے شر سے محفوظ رکھے۔ بعض شارحین نے کہا کہ مطلب یہ ہے کہ روم کی فتح کے باوجود تیر اندازی ترک نہ کرو اور اس کی مشق مسلسل جاری رکھو اور اس بات پر مغرور نہ ہو جاؤ کہ روم فتح ہو گیا ہے اب تیر اندازی کی حاجت نہیں ہے، کیونکہ اس کی حاجت دائمی ہے۔ اگرچہ روم کے فتح ہو جانے سے رومی جنگ میں اس کی حاجت نہ رہے، تیر اندازی کو صورت کے اعتبار سے لہو کہا گیا ہے۔ نیز ترغیب مقصود ہے، کیونکہ انسان فطری طور پر لہو کی طرف مائل ہے، جیسے گھوڑے اور اونٹ کی دوڑ کا مقابلہ۔

۳۶۸۵ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ عَلِمَ

ان ہی سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے تیر اندازی سیکھی پھر اسے چھوڑ دیا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الرَّمْیَ ثُمَّ تَرَکَہٗ فَلَیْسَ مِنَّا اَوْقَدْ عَصٰی۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

تو وہ ہم میں سے نہیں[1] یا یہ فرمایا[2] کہ اس نے نافرمانی کی۔ (مسلم)

[1] اور ہمارے طریقہ پر نہیں۔
[2] راوی کو شک ہے کہ دونوں میں سے کونسی بات فرمائی۔

۳۶۸۶ وَعَنْ سَلَمَۃَ بْنِ الْاَکْوَعِ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَلٰی قَوْمٍ مِّنْ اَسْلَمَ یَتَنَاضَلُوْنَ بِالسُّوْقِ فَقَالَ ارْمُوْا بَنِیْ اِسْمٰعِیْلَ فَاِنَّ اَبَاکُمْ کَانَ رَامِیًا وَّ اَنَا مَعَ بَنِیْ فُلَانٍ لِاَحَدِ الْفَرِیْقَیْنِ فَاَمْسَکُوْا بِاَیْدِیْھِمْ فَقَالَ مَالَکُمْ فَقَالُوْا کَیْفَ نَرْمِیْ وَ اَنْتَ مَعَ بَنِیْ فُلَانٍ قَالَ ارْمُوْا وَ اَنَا مَعَکُمْ کُلِّکُمْ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت سلمہ بن اکوع[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم قبیلہ اسلم کی ایک جماعت کے پاس تشریف لائے وہ بازار میں تیر اندازی کا مقابلہ کر رہے تھے[2] آپ نے فرمایا: اے اولاد اسماعیل![3] تیر اندازی کرو کہ تمہارے جد امجد تیر انداز تھے اور ایک فریق[4] کو فرمایا کہ ہم بنو فلاں کے ساتھ ہیں، تو دوسرے قبیلے نے اپنے ہاتھ روک لیے فرمایا: تمہیں کیا ہوا؟[5] انہوں نے عرض کیا ہم کیسے تیر اندازی کریں! جب کہ آپ بنو فلاں (دوسرے گروہ) کے ساتھ ہیں۔ فرمایا: تم تیر اندازی کرو اور ہم تم سب کے ساتھ ہیں۔ (بخاری)

[1] سلمہ سین اور لام پر زبر، ابن الاکوع ہمزے پر زبر، کاف ساکن، اسلمی بیعت رضوان میں شریک ہوئے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم سے صحابہ کرام کی ابتدا میں درمیان اور آخر میں بیعت کی۔ بڑے بہادر اور ماہر تیر انداز تھے، پیادہ یا سواروں سے جنگ کرتے تھے، کہتے ہیں کہ ان ہی سے بھیڑیئے نے گفتگو کی تھی ۷۴ھ میں اسی سال کی عمر میں مدینہ منورہ میں ان کا وصال ہوا۔
[2] سوق بازار، بعض محدثین نے کہا کہ ایک جگہ کا نام ہے، بعض نے کہا کہ ساق کی جمع ہے اس سے مراد تیر ہیں، شرح ابن فرشتہ سے نقل کرتے ہوئے لکھا گیا ہے کہ سوق سین کی زبر کے ساتھ، ایک جگہ کا نام ہے تناضل اور تناضد نقطے والے ضاد کے ساتھ۔ مل جل کر تیر اندازی کا مقابلہ کرنا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۳ یعنی اے عرب!

۵۴ بنی اسلم کے دو قبیلے جو تیر اندازی کر رہے تھے ان میں ایک قبیلے کا نام سے کر سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہم ان کی طرف ہیں۔

۵۵ یعنی جس قبیلے کی طرف نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تھے اس کے مقابل قبیلے نے ہاتھ روک لیے۔

۵۶ تم نے ہاتھ کیوں روک لیے؟۔

۳۶۸۷/۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَتَتَرَّسُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتُرْسٍ وَّاحِدٍ وَّكَانَ اَبُوْ طَلْحَةَ حَسَنَ الرَّمْيِ اِذَا رَمٰى تَشَرَّفَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَنْظُرُ اِلٰى مَوْضِعِ نَبْلِهٖ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابو طلحہ، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک ڈھال کی آڑ لیتے تھے۵۷۔ حضرت ابو طلحہ بہترین تیر انداز تھے، جب وہ تیر چلاتے تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سر اٹھا کر اس جگہ کو دیکھتے تھے جہاں ان کا تیر گرتا تھا۵۸۔ (بخاری)

۵۷ تترس، ڈھال کا آگے رکھنا۔

۵۸ آپ دیکھتے تھے کہ تیر کسے لگا ہے اور کون سا دشمن اس کا شکار ہوا ہے؟ کیونکہ حضرت ابو طلحہ کا تیر خطا نہیں جاتا تھا، حضرت ابو طلحہ تمام جنگوں میں حاضر ہوئے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے تھے کہ ابو طلحہ کی آواز سو مردوں سے بہتر ہے، حنین کے دن انہوں نے بیس افراد کو قتل کیا اور ان کا ساز و سامان حاصل کیا۔

۳۶۸۸/۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْبَرَكَةُ فِيْ نَوَاصِي الْخَيْلِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ برکت گھوڑے کی پیشانی کے بالوں میں ہے۔ (شیخین)

۵۹ مقصود گھوڑوں کی ذوات میں برکت کا ثابت کرنا ہے، پیشانی کا ذکر اس لیے کیا کہ وہ اشرف اور ظاہر و باہر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عضو ہے جیسے آدمی میں پیشانی

۳۶۸۹ وَعَنْ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْوِي نَاصِيَةَ فَرَسٍ بِإِصْبَعِهِ وَهُوَ يَقُولُ الْخَيْلُ مَعْقُودٌ بِنَوَاصِيهَا الْخَيْرُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ الْأَجْرُ وَالْغَنِيمَةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جریر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گھوڑے کی پیشانی کے بالوں کو اپنی انگلیوں سے ایک جانب ہٹاتے ہوئے دیکھا، اور آپ فرما رہے تھے کہ بھلائی قیامت کے دن تک گھوڑوں کی پیشانی کے بالوں سے وابستہ ہے،[1] آخرت میں ثواب اور دنیا میں غنیمت۔ (مسلم)

[1] کیونکہ ان سے جہاد کیا جاتا ہے جس میں دنیا اور آخرت کی بھلائی سب ہے، جیسے کہ اس کے بعد فرمایا۔

۳۶۹۰ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَبَسَ فَرَسًا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ إِيمَانًا بِاللّٰهِ وَتَصْدِيقًا بِوَعْدِهِ - فَإِنَّ شِبَعَهُ وَرِيَّهُ وَرَوْثَهُ وَبَوْلَهُ فِي مِيزَانِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہوئے اور اس کے وعدے کی تصدیق کرتے ہوئے اس کی راہ میں گھوڑا باندھا[1] تو اس کا پیٹ بھرنا، پانی پینا، اس کا پیشاب اور لید، قیامت کے دن اس شخص کی میزان[2] میں ہوگی۔ (بخاری)

[1] اس نیت سے کہ ہو سکتا ہے جنگ چھڑ جائے اور گھوڑا کام آئے، حبس کا معنی منع کرنا ہے، وقف کے معنی میں بھی آتا ہے، گھوڑے کے حبس کا معنی یہ ہوگا کہ وہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں وقف کیا گیا ہے

اللہ تعالیٰ پر ایمان لاتے ہوئے اور اس کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے کہ اس نے نیک کام کرنے کا عمومی اور خصوصی طور پر حکم دیا ہے، اور گھوڑا باندھنے پر عظیم ثواب کا وعدہ فرمایا ہے اس وعدے کی تصدیق کرتے ہوئے جس نے گھوڑا باندھا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے۵ اعمال کے ترازو میں، یعنی یہ چیزیں اس کے اعمال میں داخل ہوں گی اور ان کا ثواب ملے گا۔ شبع شین کے نیچے زیر، باء پر زبر، سیر ہونا، ری راء کے نیچے زیر، یاء مشدد، سیراب ہونا، پیاس بجھانا۔ اس جگہ وہ چیز مراد ہے جس سے بھوک اور پیاس ختم کی جاتی ہے مثلاً گھاس، دانہ اور پانی۔

۳۶۹۱/۹ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ الشِّكَالَ فِي الْخَيْلِ وَ الشِّكَالُ اَنْ يَكُوْنَ الْفَرَسُ فِيْ رِجْلِهِ الْيُمْنٰى بَيَاضٌ وَّ فِيْ يَدِهِ الْيُسْرٰى اَوْ فِيْ يَدِهِ الْيُمْنٰى وَ رِجْلِهِ الْيُسْرٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گھوڑے میں شکال کو ناپسند فرماتے تھے، شکال ۱ یہ ہے کہ گھوڑے کے دائیں پاؤں اور بائیں ہاتھ یا دائیں ہاتھ اور بائیں پاؤں میں سفیدی ہو ۲۔ (مسلم)

۱۵ شکال شین کے نیچے زیر، گھوڑے میں یہ ہے کہ اس کے تین پاؤں سفید ہوں اور ایک رنگ دار ہو یا اس کے برعکس، اس گھوڑے کو اس رسی سے تشبیہ دی گئی ہے جس کے ساتھ چوپائے کے پاؤں باندھے جاتے ہیں، اسی طرح قاموس میں ہے۔ راوی نے ایک دوسرا معنی بیان کیا ہے۔

۲۵ شکال کو ناپسند رکھنے کی وجہ شارع علیہ السلام ہی جانتے ہیں، بظاہر یہ معنی، پہلے معنی کے مخالف ہے جو قاموس سے نقل کیا گیا ہے اور ان دونوں میں تطبیق ممکن ہے کہ شکال کے کئی معانی ہو سکتے ہیں، ایک راوی کا بیان کردہ اور دوسرا وہ جو قاموس میں ہے ۱۲ قادری، نہایہ میں ہے کہ اسے اس لیے مکروہ قرار دیا کہ وہ صورت کے اعتبار سے مشکول ہے (یعنی اس جانور کے مشابہ ہے جس کے ہاتھ اور پاؤں رسی سے باندھے گئے ہوں ۱۲ قادری) اور یہ اچھی فال نہیں ہے، ممکن ہے تجربے سے ثابت ہوا ہو کہ یہ جنس نجیب (اصل) نہیں ہوتی، بعض محدثین نے کہا کہ اگر اس کے باوجود سفید پیشانی والا ہو تو کراہت دور ہو جائے گی۔

۳۶۹۲/۱۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَابَقَ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لاغر کیے ہوئے گھوڑوں میں دوڑ کرائی ۱

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي أُضْمِرَتْ مِنَ الْحَفْيَاءِ وَ أَمَدُهَا ثَنِيَّةُ الْوَدَاعِ وَ بَيْنَهُمَا سِتَّةُ أَمْيَالٍ وَ سَابَقَ بَيْنَ الْخَيْلِ الَّتِي لَمْ تُضْمَرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ إِلَى مَسْجِدِ بَنِي زُرَيْقٍ وَ بَيْنَهُمَا مِيلٌ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حفیاء[۳] سے اس گھوڑ دوڑ کی انتہا ثنیۃ الوداع[۳] تھی، اور ان دو جگہوں[۴] کے درمیان چھ میل کا فاصلہ ہے اور جن گھوڑوں کو لاغر نہیں کیا گیا تھا۔ ان کی ثنیہ سے لے کر مسجد بنوزریق[۵] تک دوڑ کرائی۔ اور ان دو جگہوں کے درمیان ایک میل کا فاصلہ تھا۔
(صحیحین)

۱؎ مسابقت گھوڑ دوڑ میں ایک دوسرے سے آگے نکلنے کی کوشش کرنا۔ اضمار کا طریقہ یہ ہے کہ گھوڑوں کو خوب چارہ کھلاتے ہیں، یہاں تک کہ وہ موٹے اور طاقت ور ہو جاتے ہیں، پھر چارہ اس حد تک کم کر دیتے ہیں کہ وہ زندہ رہیں، انہیں کسی کمرے میں بند کر کے اوپر جل ڈال دیتے ہیں تاکہ گرمی سے پسینہ آ جائے، جب پسینہ خشک ہو جاتا ہے تو ان کا گوشت ہلکا ہو جاتا ہے اور ان کی رفتار میں تیزی آجاتی ہے۔

۲؎ حفیاء بے نقطہ حاء پر زبر، فاء ساکن، الف ممدودہ اور مقصورہ دونوں کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں۔ مدینہ منورہ سے چند میل کے فاصلے پر ایک مقام ہے، حیفاء فاء سے پہلے یاء کے ساتھ بھی آیا ہے۔

۳؎ ثنیۃ الوداع، ایک پہاڑ کا نام ہے، اہل مدینہ سفر کرنے والوں کو وہاں تک رخصت کرتے تھے اسی لیے اس جگہ کو ثنیۃ الوداع کہتے ہیں۔ اسی طرح قاموس میں ہے، علامہ سمہودی نے تاریخ مدینہ میں ایک عجیب وجہ ذکر کی ہے جو ہم نے شرح (لمعات) میں ذکر کی ہے۔

۴؎ یعنی حفیاء اور ثنیۃ الوداع کے درمیان چھ میل کا فاصلہ ہے جس میں دوڑ کراتے تھے۔

۵؎ بنوزریق زاء پر پیش

۳۶۹۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَتْ نَاقَةٌ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُسَمَّى الْعَضْبَاءَ وَ كَانَتْ لَا تُسْبَقُ فَجَاءَ أَعْرَابِيٌّ عَلَى قَعُودٍ لَهُ فَسَبَقَهَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک اونٹنی تھی جسے عضباء کہا جاتا تھا۔ یہ ایسی اونٹنی تھی کہ کوئی اونٹنی اس سے آگے نہیں نکلتی تھی۔ پس ایک بدوی جوان اونٹ پر سوار ہو کر آیا اور اس اونٹنی سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ لَّا يَرْتَفِعَ شَيْءٌ مِّنَ الدُّنْيَا اِلَّا وَضَعَهٗ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

آگے نکل گیا[۵۴] مسلمانوں پر یہ بات[۵۵] بہت گراں گزری، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کے لیے یہ امر ثابت ہے کہ دنیا کی جو چیز بھی بلند ہوگی، اسے پست فرمائے گا۔

(بخاری)

سلہ عضباء عین پر زبر، نقطے والا ضاد ساکن، اس کے بعد با، آخر میں الف ممدودہ، وہ اونٹنی جس کے کان کاٹے ہوئے ہوں یا ان میں شگاف ڈالا گیا ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ وہی مشہور اونٹنی ہے جسے قصویٰ بھی کہتے ہیں یا اس کے ماسوا ہے، ؟ اس میں دو قول ہیں، محدثین کہتے ہیں کہ یہ بابرکت اونٹنی عضباء نہیں تھی، بلکہ اس کے کان پیدائشی طور پر ہی ایسے تھے۔

سلہ قعود قاف پر زبر، جوان اونٹ جس پر پہلی بار سواری کی گئی ہو اور اس نے سواری بننے کی صلاحیت نئی نئی حاصل کی ہو، اس کی عمر کم از کم دو سال اور زیادہ سے زیادہ چھ سال ہے، اس کے بعد اسے جمل کہتے ہیں۔

سلہ دوڑنے میں۔

سلہ اعرابی کے اونٹ کا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اونٹنی سے آگے نکلنا۔

۵۵ اس کی عادت کر رہا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۳۶۹۴ / ۱۲ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُدْخِلُ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ ثَلٰثَةَ نَفَرٍ فِى الْجَنَّةِ صَانِعَهٗ يَحْتَسِبُ فِىْ صَنْعَتِهِ الْخَيْرَ وَالرَّامِىَ بِهٖ وَ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ تحقیق اللہ تعالیٰ ایک تیر کے ذریعے تین افراد کو جنت میں داخل کرے گا (۱)۔ اس کے بنانے والے کو جو اس کے بنانے میں ثواب کی امید رکھتا ہو[۱]، (۲) اس کے چلانے والے[۲] کو اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مُنَبِّلَهُ فَارْمُوْا وَ ارْكَبُوْا وَ اَنْ تَرْمُوْا اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ تَرْكَبُوْا كُلُّ شَيْءٍ يَلْهُوْ بِهِ الرَّجُلُ بَاطِلٌ اِلَّا رَمْيَهُ بِقَوْسِهِ وَتَادِيْبَهُ فَرَسَهُ وَ مُلَاعَبَتَهُ امْرَاَتَهُ فَاِنَّهُنَّ مِنَ الْحَقِّ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ) وَزَادَ اَبُوْ دَاوُدَ وَ الدَّارِمِيُّ وَمَنْ تَرَكَ الرَّمْيَ بَعْدَ مَا عَلِمَهُ رَغْبَةً عَنْهُ فَاِنَّهَا نِعْمَةٌ تَرَكَهَا اَوْ قَالَ كَفَرَهَا.

(۳) اس کے پکڑانے والے[۴] کو، تو تم تیر اندازی کرو اور سواری کرو۔ تمہارا تیر اندازی کرنا مجھے تمہارے سوار ہونے[۵] سے زیادہ محبوب ہے۔ ہر وہ چیز باطل[۶] ہے جس کے ساتھ مرد کھیلے، سوائے کمان سے تیر چلانے اپنے گھوڑے کی تربیت کرنے اور اپنی بیوی سے کھیلنے کے، کہ سب حق ہیں[۷]۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

امام ابو داؤد، اور دارمی نے یہ اضافہ کیا جس نے سیکھنے کے بعد تیر اندازی کو اس سے اعراض کرتے ہوئے چھوڑ دیا۔ تو بے شک اس نے ایک نعمت چھوڑ دی یا فرمایا اس نے نعمت کی ناشکری کی۔

۱ اور اسے سیدھا کرنے والے کو۔

۲ یعنی جو شخص اس نیت سے تیر بناتا ہے کہ اس کے ساتھ جہاد کیا جائے اور اسے اللہ تعالیٰ کی راہ میں چلایا جائے۔

۳ اللہ تعالیٰ کی راہ میں۔

۴ یعنی جو تیر انداز کو تیر پکڑائے، خواہ ابتداءً، یا چلانے سے پہلے یا چلانے کے بعد نشانے کے پاس سے اٹھا کر۔ ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ تیر چلاتے تھے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں تیر پکڑاتے تھے۔ مُنَبِّل، میم پر پیش، نون پر زبر اور بار مشدد کے نیچے زیر، تنبیل سے مشتق ہے، نون ساکن اور بار مخفف، یا مشتق ہے انبال سے، دو روایتیں ہیں (دوسری روایت کے مطابق مُنْبِل پڑھیں گے۔ ۱۲ ق)۔

۵ بعض شارحین نے کہا کہ سوار ہونے سے مراد، نیزہ مارنا ہے۔ مطلب یہ ہوگا کہ نیزہ بازی سے تیر اندازی زیادہ محبوب ہے۔

۶ اور ناجائز ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے اور حقیقت میں لہو میں داخل نہیں ہیں۔

۳۶۹۵ وَعَنْ اَبِیْ نَجِیْحٍ السُّلَمِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ بَلَغَ بِسَہْمٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَھُوَ لَہٗ دَرَجَۃٌ فِی الْجَنَّۃِ وَمَنْ رَمٰی بِسَہْمٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ فَھُوَ لَہٗ عِدْلُ مُحَرَّرٍ وَّمَنْ شَابَ شَیْبَۃً فِی الْاِسْلَامِ کَانَتْ لَہٗ نُوْرًا یَّوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔ رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ وَرَوٰی اَبُوْدَاوٗدَ الْفَصْلَ الْاَوَّلَ وَالنَّسَائِیُّ الْاَوَّلَ وَالثَّانِیَ وَالتِّرْمِذِیُّ الثَّانِیَ وَالثَّالِثَ وَفِیْ رِوَایَتِہِمَا مَنْ شَابَ شَیْبَۃً فِیْ سَبِیْلِ اللّٰہِ بَدَلَ فِی الْاِسْلَامِ۔

۱۳

حضرت ابو نجیح سلمی[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں تیر پہنچایا[۲] تو وہ اس کے لیے جنت میں عظیم درجہ ہے، جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں تیر چلایا[۳] تو وہ اس کے لیے آزاد کردہ غلام کے برابر ہے، اور جو شخص اسلام میں بوڑھا ہوا تو یہ بڑھاپا اس کے لیے قیامت کے دن[۴] نور ہوگا۔ (شعب الایمان، امام بیہقی) امام ابوداؤد نے پہلا حصہ[۵]، امام نسائی نے پہلا اور دوسرا حصہ[۶]۔ اور امام ترمذی نے دوسرا اور تیسرا حصہ[۷] روایت کیا، امام نسائی و ترمذی کی روایت میں اسلام کی جگہ ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی راہ میں بوڑھا ہوا[۸]۔

ل۱ ابو نجیح نون پر زبر، جیم کے نیچے زیر اور یا ساکن السلمی حضرت عمرو بن عبسہ کی کنیت ہے، اسلام لانے والے چوتھے فرد تھے۔ ان کے احوال شریفہ کئی جگہ لکھے جا چکے ہیں۔

ل۲ یعنی کسی کافر کو مارا۔

ل۳ خواہ وہ کافر کو لگا یا نہیں۔ اس توجیہ کے مطابق تیر کا پہنچانا تیر چلانے سے اعلیٰ ہے، انداز کلام یہ ہے کہ پہلے اعلیٰ کا ذکر ہے پھر ادنیٰ کا، یعنی اگر وہ نہ ہو تو اس کا بھی ثواب ہے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تیر پہنچانے سے مراد تیر لے کر میدان جنگ میں جانا ہو، عام ازیں کہ چلائے یا نہ چلائے۔ اور رمی کا مطلب ہو کافروں کی طرف تیر کا چلانا، اس معنی کے اعتبار سے ادنیٰ سے اعلیٰ کی طرف ترقی ہو گی۔ درجہ سے وہ درجہ مراد ہے جو غلام آزاد

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کرنے سے کم مرتبہ ہے۔ آزاد کرنے کا بڑا مرتبہ ہے۔

۵۴ نور کے حاصل کرنے کا ذریعہ ہوگا۔ بعض شارحین نے فرمایا کہ اس جگہ اسلام سے مراد جہاد ہے۔ کیونکہ جہاد، اسلام کا ستون اور اس کا بلند ترین مقام ہے۔ جیسے کہ حدیث میں آیا ہے۔

۵۵ یعنی جس نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں تیر پہنچایا۔

۵۶ ان دو نوں حقوں کا تعلق، تیر کی فضیلت سے ہے۔

۵۷ کہ جس نے تیر چلایا اور جو بوڑھا ہوا۔

۵۸ اس روایت سے ان حضرات کی تائید ہوتی ہے جنہوں نے کہا کہ اسلام سے مراد جہاد ہے۔ جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا۔ اس عبارت میں تصریح ہے کہ تیسرے حصے کو بھی امام نسائی نے روایت کیا ہے، لہٰذا ان کی دو روایتیں ہوں گی۔

۳۶۹۶/۱۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا سَبَقَ اِلَّا فِیْ نَصْلٍ اَوْ خُفٍّ اَوْ حَافِرٍ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ سبقت نہیں ہے مگر تیر، اونٹ یا گھوڑے میں[۱] (ترمذی، ابوداؤد)

۱ سبق بار کی زبر کے ساتھ۔ وہ مال جو گھوڑدوڑ اور تیر اندازی وغیرہ میں جیتنے والے کے لیے مقرر کیا جاتا ہے، اور بار ساکن ہو تو اس کا معنی آگے نکلنا ہے، صحیح روایت میں اس جگہ بار پر زبر ہے اور اگر بار ساکن ہو تو بھی حاصل معنی یہی ہے، سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ سبقت نہیں ہے مگر نصل میں، نون پر زبر بے نقطہ صاد ساکن، تیر، نیزہ اور تلوار کا لوہا، اس جگہ تیر کا پھل مراد ہے یہ تیر اندازی سے کنایہ ہے، خف خار پر پیش، اونٹ کا پاؤں، حافر بے نقطہ حا کے ساتھ، گھوڑے کا سم، مطلب یہ ہے کہ اونٹ اور گھوڑے کے دوڑانے میں سبقت جائز ہے۔

ظاہر حدیث کا مطلب یہ ہے کہ مقابلے میں سبقت لے جانے پر مال لینا جائز نہیں ہے۔ مگر ان تین چیزوں میں، فقہا کی ایک جماعت نے اس پر قیاس کیا ہے اور جو چیز ان کے موافق ہو۔ اور اسے جہاد کے لیے تیار کیا گیا ہو۔ اسے ان کے ساتھ لاحق کیا ہے، مثلاً گدھا اور خچر گھوڑے کے اور ہاتھی اونٹ کے حکم میں ہے، کیونکہ جنگ میں ہاتھی، اونٹ سے زیادہ کارآمد ہے۔

کسی چیز کے مقابلے پر مال کا شرط کرنا جنگ کا ذریعہ ہے اور مال کا مقرر کرنا جہاد کی ترغیب ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

برخلاف اس چیز کے جو جنگ کا سامان نہیں ہے جیسے پرندے اور کبوتر ان میں مقابلہ اور اس پر مال لینا جائز نہیں ہے۔ بعض علماء نے انسانی دوڑ اور پتھر پھینکنے کے مقابلے کو ان تین چیزوں کے ساتھ لاحق کیا ہے کیونکہ یہ بھی تیر کے حکم میں ہیں امام قاضی عیاض نے مشارق الانوار میں کہا کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما مقابلے کو گھوڑوں کے ساتھ خاص کرتے تھے۔

یاد رہے کہ مقابلے میں شرط لگانے کی صورت میں جوئے کا معنی پایا جاتا ہے۔ کیونکہ اس میں ملکیت کو خطرہ ہے اور نفع نقصان میں تردد ہے اور یہی جوئے کا معنی ہے۔ ہاں اگر امام یا تیسرے آدمی کی طرف سے انعام مقرر ہو تو جوا نہ ہوگا۔ مثلاً تیسرا آدمی کہے کہ جو مقابلہ جیت جائے گا میں اسے اتنا انعام دوں گا، یا مقابلے میں حصہ لینے والوں میں سے ایک کی طرف سے انعام ہو، مثلاً ایک شخص کہے کہ اگر تم جیت جاؤ تو میں تمہیں اتنا انعام دوں گا۔ اور اگر میں جیت گیا تو تم مجھے کچھ نہیں دو گے۔ اور اگر دونوں طرف سے ہو مثلاً کہے کہ اگر میں جیت گیا تو تم مجھے اتنا انعام دو گے اور اگر تم جیت گئے تو میں تمہیں اتنا انعام دوں گا۔ یہ جائز نہ ہوگا۔ یہ تو خالص جوا ہے۔ ہاں اگر تیسرا آدمی درمیان میں آجائے تو جائز ہوگا۔ جیسے کہ آئندہ حدیث میں آئے گا۔

۳۶۹۷/۱۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ فَاِنْ كَانَ يُؤْمِنُ اَنْ يُسْبَقَ فَلَا خَيْرَ فِيْهِ وَاِنْ كَانَ لَا يُؤْمِنُ اَنْ يُسْبَقَ فَلَا بَاْسَ بِهٖ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاؤُدَ قَالَ مَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ يَعْنِيْ وَهُوَ لَا يَاْمَنُ اَنْ يُسْبَقَ فَلَيْسَ بِقِمَارٍ وَمَنْ اَدْخَلَ فَرَسًا بَيْنَ فَرَسَيْنِ وَقَدْ اَمِنَ اَنْ يُسْبَقَ فَهُوَ قِمَارٌ۔

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دو گھوڑوں میں گھوڑا داخل کیا[۱] تو اگر اس کے بارے میں اطمینان ہے کہ وہ پیچھے نہیں رہے گا[۲] تو اس میں بھلائی نہیں ہے[۳]، اور اگر اس بارے میں اطمینان نہیں ہے کہ وہ پیچھے رہ جائے گا[۴] تو اس میں حرج نہیں ہے[۵]۔ (شرح السنۃ)

ابوداؤد کی روایت میں ہے کہ فرمایا، جس نے دو گھوڑوں میں تیسرا گھوڑا داخل کیا اور اسے[۶] پیچھے رہ جانے سے اطمینان نہیں ہے تو جوا نہیں ہے اور جس نے دو گھوڑوں میں تیسرا گھوڑا داخل کیا اور وہ پیچھے رہ جانے سے مطمئن ہے تو یہ جوا ہے۔

ف۱ یہ حلال اور جائز کرنے کی صورت ہے، حلال کرنے والا وہ شخص ہے جو اپنا گھوڑا مقابلہ کرنے والے دو گھوڑوں میں شامل کرتا ہے اور انہوں نے دونوں طرف سے شرط لگائی ہوئی ہے، اور یہ کھیل جوا بن چکا ہے تیسرا شخص اپنا گھوڑا اس شرط پر شامل کرتا ہے کہ اگر میرا گھوڑا جیت گیا تو دونوں انعام میں لوں گا اور اگر ہار گیا تو مجھے کچھ نہیں دینا ہوگا۔ یہ کھیل دونوں طرف سے شرط لگانے کی بنا پر جوا تھا۔ تیسرے شخص کے شامل ہونے سے جوا نہ رہا، کیونکہ اب شرط ایک طرف یعنی تیسرے شخص کی طرف سے ہے اسی لیے اسے محلل، حلال کرنے والا کہتے ہیں۔

ف۲ بلکہ اس کے تیز رو اور عمدہ گھوڑا ہونے کی بنا پر یقین ہے کہ وہ جیت جائے گا۔

ف۳ یہ کھیل حلال نہیں ہوگا یا حلال تو ہو جائے گا لیکن کراہت سے خالی نہیں ہے۔ لَاخَیْرَ فِیْهِ اور لَابَأْسَ بِهٖ کا ظاہر اسی معنی کی تائید کرتا ہے۔

ف۴ بلکہ اس کے ہار جانے کا احتمال ہے۔

ف۵ اس کے ذریعے یہ کھیل بغیر کراہت کے حلال ہو گیا۔ غالبًا اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر یقین ہو کہ وہ تیسرا جیت جائے گا۔ اور دونوں کا انعام حاصل کرے گا تو گویا اس شرط کو باقی رکھ رہا ہے جو فریقین کے درمیان تھی، اور اسی کی وجہ سے کھیل جوا بن گیا تھا، اور اگر ہار، جیت دونوں کا احتمال ہو اور یہ تیسرا جیت گیا تو دونوں انعام لے جائے گا اور اگر ہار گیا تو اسے کچھ نہیں دینا پڑے گا۔ لہذا شرط ایک طرف سے ہوئی اور دونوں طرف سے نہ رہی۔

ف۶ گھوڑے یا اس کے سوار کو[1]

---

[1] خیال رہے کہ ان چیزوں میں دو طرف مالی شرائط حرام ہے کہ جوا ہے، لہذا اس کے جواز کی صورت یہ ہے کہ تیسرا شخص مال رکھے اور کہے کہ جو آگے بڑھ جائے اسے یہ مال ملے گا، یہ جائز ہے کہ یہ جوا نہیں، انعام ہے یا فریقین میں سے ایک شخص کہے کہ اگر تو مجھ سے آگے بڑھ گیا تو تجھے اتنا مال دوں گا لیکن اگر میں تجھ سے آگے نکل گیا تو تجھ سے کچھ نہ لوں گا یہ بھی جائز ہے کہ یہ بھی انعام ہے جوا نہیں ہے، باقی کبوتروں، کتوں وغیرہ کے مقابلہ میں یہ بھی حرام ہے کہ بدعت ہے۔ (اشعۃ اللمعات)۔ لہذا اس حدیث کی بنا پر آج کل کی مروجہ ریس وغیرہ جائز نہیں کہ یہ خالص جوا ہے اور حرام ہے، دو طرفہ مالی شرط کے جواز کی ایک صورت یہ ہے کہ تیسرا گھوڑا بیچ میں داخل کر دیا جائے جسے محلل کہتے ہیں۔ اس کا ذکر اگلی حدیث میں آ رہا ہے۔
۱۲ مراۃ المناجیح

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۶۹۸/۱۶ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا جَلَبَ وَلَا جَنَبَ زَادَ يَحْيٰى فِيْ حَدِيْثِهٖ فِي الرِّهَانِ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مَعَ زِيَادَةٍ فِيْ بَابِ الْغَصَبِ)

حضرت عمران بن حصین لے رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، نہ تو ڈانٹ ڈپٹ ہے اور نہ ہی پہلو میں دوسرا گھوڑا رکھنا ہے سے یحییٰ نے اپنی حدیث میں اضافہ کیا کہ گھوڑ دوڑ میں سے (ابوداؤد، نسائی) امام ترمذی نے یہ حدیث کچھ اضافے کے ساتھ باب الغصب میں روایت کی۔

لے حضرت عمران بن حصین اکابر صحابہ میں سے ہیں۔ تیس سال تک مرض میں صبر و شکر کے ساتھ صاحب فراش رہے اس حال میں کہ فرشتے انہیں سلام کرتے تھے۔ ان کے باقی حالات کئی جگہ لکھے جا چکے ہیں۔

سے جلب اور جنب دونوں کے پہلے اور دوسرے حرف پر زبر، کتاب الزکاۃ میں گزرا ہے کہ یہ دونوں لفظ زکات میں بھی استعمال ہوتے ہیں اور گھوڑ دوڑ میں بھی، زکات میں جلب کا معنی یہ ہے کہ صدقہ وصول کرنے والا دور بیٹھ جائے اور صاحبِ مال کو کہے کہ اپنے مویشی اس جگہ میرے پاس حاضر کرو اور جنب یہ ہے کہ صاحب مال اپنی جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ جا بیٹھے اور صدقہ وصول کرنے والے کو مشقت میں ڈالے اور کہے کہ جہاں میں ٹھہرا ہوا ہوں وہاں آجاؤ۔ یہ دونوں صورتیں ممنوع اور مکروہ ہیں۔ (پہلی صورت میں صاحب مال کو اور دوسری صورت میں وصول کرنے والے کو ناروا تکلیف دینا ہے۔

۱۲ قادری)

گھوڑ دوڑ میں جلب کا معنی یہ ہے کہ مقابلے میں حصہ لینے والا اپنے گھوڑے کے پیچھے دوسرا گھوڑا لگا دے اور اسے ڈانٹے اور للکارے تاکہ اس کا گھوڑا آگے نکل جائے۔ (خود پچھلے گھوڑے پر سوار ہو۔

۱۲ ق)

اور جنب یہ ہے کہ دوڑ میں حصہ لینے والے گھوڑے کے پہلو میں ایک دوسرا گھوڑا رکھے، جب پہلا گھوڑا تھک جائے تو دوسرے پر سوار ہو جائے۔ یہ سب صورتیں ممنوع ہیں۔

سے انہوں نے یوں حدیث روایت کی لَا جَنَبَ فِي الرِّهَانِ رہان سے مراد وہی گھوڑ دوڑ کا مقابلہ اور اس پر شرط لگانا ہے۔

۳۶۹۹/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ

حضرت ابو قتادہ لے رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الْخَيْلِ الْاَدْهَمُ الْاَقْرَحُ الْاَرْثَمُ ثُمَّ الْاَقْرَحُ الْمُحَجَّلُ طُلُقُ الْيَمِيْنِ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ اَدْهَمَ فَكُمَيْتٌ عَلٰى هٰذِهِ الشِّيَةِ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین گھوڑا وہ ہے جس کی پیشانی اور ناک سفید ہو[۱]، پھر وہ جس کی پیشانی اور ہاتھ پاؤں سفید ہوں[۲]۔ لیکن دایاں ہاتھ سفید نہ ہو[۳]، پھر اگر سیاہ رنگ نہ ہو تو اسی صفت[۴] کا سرخ رنگ والا ہو۔

(ترمذی۔ دارمی)

[۱] ابوقتادہ، حضرت ابوسعید خدری کے ماں کی طرف سے بھائی اور اکابر صحابہ میں سے ہیں، بیعت عقبہ غزوہ بدر اور دیگر تمام غزوات میں شریک ہوئے۔

[۲] اقرح سفید پیشانی والا گھوڑا، ارثم تین نقطوں والی ثا کے ساتھ، وہ گھوڑا جس کی ناک کی جانب سفیدی ہو، ادہم دال پر پیش، سیاہی قرحہ قاف پر زبر، گھوڑے کے چہرے کی سفیدی جو غرہ سے کم ہو، اسی طرح قاموس میں ہے۔ رثم تین نقطے والی ثا کے ساتھ اور رثمہ را پر پیش، گھوڑے کی ناک کی جانب سفیدی، یا ہر وہ سفیدی جو گھوڑے، خچر اور گدھے کے نچلے ہونٹ تک پہنچے،

[۳] تحجیل گھوڑے اور چوپائے کے ہاتھوں اور پاؤں کی سفیدی۔

[۴] طلق طا اور لام پر پیش، طا کی زبر اور لام کے سکون کو بھی صحیح قرار دیا گیا ہے، وہ گھوڑا جس کا ایک پاؤں سفید نہ ہو۔

[۵] پیشانی اور ناک سفید ہو۔ کمیت گہرے سرخ رنگ والا گھوڑا، بعض شارحین نے کہا وہ گھوڑا جس کا رنگ سیاہی اور سرخی کے درمیان ہو۔ شیۃ شین کے نیچے زیر، یا پر زبر، علامت، بعض علماء نے کہا ہر وہ رنگ جو گھوڑے کے غالب رنگ سے مختلف ہو، بنی اسرائیل کی گائے کے واقعے میں فرمایا، لاشیۃ فیہا (اس کے زرد رنگ میں کوئی داغ نہ تھا۔ ۱۲ ق)۔

۳۷۰۰/۱۸ وَعَنْ اَبِيْ وَهْبِ نِ الْجُشَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِكُلِّ كُمَيْتٍ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ اَوْ اَشْقَرَ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ اَوْ اَدْهَمَ اَغَرَّ

حضرت ابووہب جشمی[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اختیار کرو سرخ رنگ، سفید پیشانی اور سفید ہاتھ پاؤں والا گھوڑا، یا خالص سرخ پنج کلیان[۲]، یا سیاہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مُحَجَّلٍ۔ پنج کلیان

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ) (ابوداؤد، نسائی)

سلہ ابو وہب واؤ پر زبر اور ہا ساکن الجشمی جیم پر پیش، نقطے والے شین پر زبر، جشم بن معاویہ کی طرف منسوب، صحابی ہیں۔ یہ کنیت ہی ان کا نام ہے رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

سلہ شقرہ سرخی اور سفیدی، اشقر سرخ اور سفید، شارحین نے کہا کہ کمیت اور اشقر میں فرق یہ ہے کہ کمیت میں گردن اور دم کے بال سیاہ ہوتے ہیں۔ اور باقی سرخ اور اشقر میں یہ بھی سرخ ہوتے ہیں، اس اونٹ کو اشقر کہتے ہیں۔ جو گہرا سرخ ہو۔ اور آدمی وہ اشقر ہے جس کی سفیدی پر سرخی جھلکتی ہو۔

۳۷۰۱/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُمْنُ الْخَیْلِ فِی الشُّقْرِ۔

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: گھوڑوں کی برکت، سرخ اور سفید گھوڑوں میں ہے۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ) (ترمذی، ابوداؤد)

۳۷۰۲/۲۰ وَعَنْ عُتْبَۃَ بْنِ عَبْدِ السُّلَمِیِّ اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تَقُصُّوْا نَوَاصِیَ الْخَیْلِ وَلَا مَعَارِفَھَا وَ اَذْنَابَھَا فَاِنَّ اَذْنَابَھَا مَذَابُّھَا وَ مَعَارِفَھَا دِفَاؤُھَا وَ نَوَاصِیْھَا مَعْقُوْدٌ فِیْھَا الْخَیْرُ۔

حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ گھوڑوں کی پیشانیوں، گردنوں اور دموں کے بال نہ کاٹو کیونکہ ان کی دمیں، مکھیوں کو دور کرنے کا ذریعہ (مورچھل) ہیں، ان کی گردن کے بال ان کے گرم ہونے کا سبب (کمبل) ہیں اور ان کی پیشانیوں سے خیر وابستہ ہے۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ) (ابوداؤد)

سلہ عتبہ بن عبد سلمی صحابی ہیں، ان کا ذکر کتاب الجہاد کی تیسری فصل میں گزر چکا ہے۔

سلہ معارف، عرف کی خلاف قیاس جمع ہے، جیسے محاسن، حسن کی جمع ہے۔

سلہ اپنے آپ سے۔ مذابّ جمع ہے مِذَبَّۃ کی، میم کے نیچے زیر، وہ چیز جس کے ساتھ مکھیوں کو دور کیا جائے، مشتق ہے ذَبٌّ سے، جس کا معنی دفع کرنا اور بھگانا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ےہ دِثْءُ دال کے نیچے زیر، ثا ساکن اور آخر میں ہمزہ، گرمی، سردی کی ضد، اور دِثار دال کے نیچے زیر اور ساالف ممدودہ، وہ چیز جس کے ذریعے سردی دور کی جائے۔ اسی لیے علامہ طیبی نے اس کی تفسیر کمبل سے کی ہے۔

۳۷۰۳/۲۱ وَعَنْ اَبِیْ وَهْبِ الْجُشَمِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِرْتَبِطُوا الْخَیْلَ وَامْسَحُوْا بِنَوَاصِیْهَا وَاَعْجَازِهَا اَوْ قَالَ اَکْفَالِهَا وَقَلِّدُوْهَا وَلَا تُقَلِّدُوْهَا الْاَوْتَارَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت ابو وہب جشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، گھوڑے باندھو[۱]، ان کی پیشانیوں کے بالوں اور پچھاڑیوں یا فرمایا سرینوں پر ہاتھ پھیرو[۲]، ان کے گلے میں ہار پہناؤ[۳] لیکن تانت[۴] نہ پہناؤ۔

(ابو داؤد، نسائی)

لے یعنی انہیں کھلا پلا کر جہاد کے لیے موٹا کرو۔

ےہ ہاتھ پھیرنے سے مقصد گرد وغبار کا صاف کرنا اور ان کے موٹاپے کا حال معلوم کرنا ہے، اور ہو سکتا ہے کہ اس طرح انہیں انس اور راحت بھی حاصل ہو، اَعْجَاز، جمع ہے عَجُزٌ کی، عین پر زبر، جیم پر پیش، سرین، اکفال، جمع ہے کَفَل کی پہلے دونوں حرفوں پر زبر، اس کا معنی بھی سرین ہے۔

ےہ قلادہ پہلے حرف کے نیچے زیر، گردن بند ہار۔ تقلید گردن میں ہار وغیرہ ڈالنا، گھوڑے کے گلے میں دین کی سربلندی کی نیت سے ہار ڈالنا مستحسن ہے۔

ےہ اوتار یا وتر واؤ کے نیچے زیر، کی جمع ہے، ایک لغت میں واؤ پر زبر ہے۔ کینہ، مطلب یہ ہے کہ جاہلیت کے کینوں کو پورا کرنے کے لیے سواری نہ کرو اور دشمنیوں کو انہیں ہاروں کی طرح لازم نہ بنا دو، یا جمع ہے وتر کی پہلے دونوں حرفوں پر زبر، اس کا معنی ہے کمان کا چلہ، دور جاہلیت کی عادت تھی کہ گھوڑوں کی گردن میں کمان کی ڈوری (چلہ) باندھ دیتے تھے تاکہ انہیں نظر نہ لگے، اس سے منع کر کے تنبیہ فرما دی کہ یہ تقدیر کو ٹال نہیں سکتی۔ یا اس لیے کہ گھوڑے کی گردن کو گھونٹ نہ دے۔ اور کسی شاخ میں نہ پھنس جائے۔ کتاب الطہارۃ، باب آداب الخلاء، حضرت رویفع بن ثابت کی حدیث میں اس کی شرح تفصیل کے ساتھ گزر گئی ہے۔

۳۷۰۴/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدًا مَّامُوْرًا مَا اخْتَصَّنَا دُوْنَ النَّاسِ بِشَيْءٍ اِلَّا بِثَلٰثٍ اَمَرَنَا اَنْ نُّسْبِغَ الْوُضُوْءَ وَاَنْ لَّا نَاْكُلَ الصَّدَقَةَ وَاَنْ لَّا نُنْزِيَ حِمَارًا عَلٰى فَرَسٍ.	بندۂ مامور تھے[۱] ہمیں آپ نے دوسرے لوگوں سے الگ کسی چیز کے ساتھ خاص نہیں فرمایا سوائے تین چیزوں کے (۱) ہمیں وضو کے مکمل کرنے کا حکم دیا[۲]۔ (۲) یہ کہ ہم صدقہ[۳] نہ کھائیں (۳) گدھے کو گھوڑی پر نہ چڑھائیں[۴]۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)	(ترمذی۔ نسائی)۔

۱ جو آپ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے حکم دیا جاتا وہی کرتے اور اپنی طرف سے، اپنی ذات اور طبیعت کے میلان کی بنا پر کسی چیز کا حکم نہ دیتے اور کسی کو یہاں تک کہ اہل بیت کو جو آپ کے قریبی اور خصوصی تعلق رکھنے والے تھے کسی حکم کے ساتھ مخصوص نہیں فرماتے تھے۔

جیسے کہ اس کے بعد فرمایا۔

۲ اس کی تفصیل باب وضو میں گزر گئی ہے۔

۳ اور زکوٰۃ کا مال نہ کھائیں، یہ مسئلہ باب زکوٰۃ میں گزر چکا ہے۔

۴ کہ اس سے خچر پیدا ہو۔ اگر کہا جائے کہ مال صدقہ کھانے کی ممانعت کا خاص ہونا تو ظاہر ہے۔ لیکن وضو کے مکمل کرنے کا حکم اور گھوڑی پر گدھے کے چڑھانے کی ممانعت۔ تمام امت کو شامل ہے۔ خصوصیت کا کیا مطلب؟

اس کا جواب یہ ہے کہ ان دو حکموں کا ان پر واجب اور لازم کرنا مراد ہے یا اس معاملے میں انہیں مبالغے کے ساتھ برانگیختہ کرنا اور تاکید مراد ہے۔ اور یہ امر اس کے مناسب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی تطہیر کا ارادہ کیا ہے۔

محدثین فرماتے ہیں کہ اس جگہ شیعہ پر رد ہے۔ ان کا گمان ہے کہ کچھ علوم اور احکام دوسرے لوگوں سے الگ اہل بیت کے ساتھ خاص ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ یہ مطلب ہو کہ احکام شرعیہ ان کے ساتھ خاص نہیں کیونکہ وہ تو تمام امت کو شامل ہیں۔ ورنہ اگر اہل بیت کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کچھ معارف وحقائق۔ اسرار اور خبروں کے علوم کے ساتھ مختص ہوں تو اس میں بُعد نہیں ہے اور کوئی چیز لازم نہیں آتی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۷۰۵/۲۳ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ اُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ	حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ بَغْلَةٌ فَرَكِبَهَا فَقَالَ عَلِيٌّ لَوْ حَمَلْنَا الْحَمِيْرَ عَلَى الْخَيْلِ فَكَانَتْ لَنَا مِثْلُ هٰذِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ الَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

کو ایک خچر پیش کی گئی[1] جس پر آپ نے سواری فرمائی۔ حضرت علی نے کہا کاش کہ ہم گدھوں کو گھوڑیوں پر چڑھاتے تو ہمارے لیے بھی ایسے جانور[2] حاصل ہوتے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ کام صرف وہ لوگ کرتے ہیں جو علم نہیں رکھتے[3]۔
(ابوداؤد، نسائی)

[1] اسکندریہ کے حاکم مقوقس نے دُلدُل نامی خچر پیش کی تھی۔
[2] یعنی خچر۔
[3] جو نہیں جانتے کہ شریعت کے احکام کیا ہیں؟ اور حکمت کے لائق اور مناسب ترین کیا ہے۔؟ اس حدیث میں گھوڑیوں پر گدھوں کے چڑھانے کی ممانعت ہے۔ بعض حضرات نے کہا کہ یہ نہی کراہت کے لیے ہے۔

$\frac{۳۷۰۶}{۲۴}$ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَتْ قَبِيْعَةُ سَيْفِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِضَّةٍ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلوار کے دستے کا۔ خول[1] چاندی کا تھا۔
(ترمذی، ابوداؤد، نسائی۔ دارمی)

[1] قبیعہ قاف پر زبر، با کے نیچے زیر، یا ساکن، چاندی یا لوہے کا خول جو تلوار کے دستے کے کنارے پر ہوتا ہے، اسی طرح قاموس میں ہے، نہایہ میں ہے وہ چیز جو تلوار کے دستے کے سر پر ہوتی ہے بعض نے کہا وہ چیز جو تلوار کے دستے کے دو پروں کے نیچے ہوتی ہے۔ صراح میں ہے قبیعہ تلوار اور چھری کا جوڑ۔ حواشی میں لکھا ہے کہ تبیعہ فارسی میں اس چیز کو کہتے ہیں جو کسی چیز کے آخر میں لگائی جائے۔ بعض نے اس کا معنی ٹوپی کیا ہے۔

$\frac{۳۷۰۷}{۲۵}$ وَعَنْ هُوْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ جَدِّهٖ مَزِيْدَةَ

ہود بن عبداللہ بن سعد[1] اپنے نانا مزیدہ[2] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمَ الْفَتْحِ وَعَلٰی سَیْفِہٖ ذَھَبٌ وَفِضَّۃٌ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔ فتح مکہ کے دن داخل ہوئے تو آپ کی تلوار پر سونا اور چاندی تھی [۳]۔ (ترمذی) انہوں نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

[۱] ہود ہا پر پیش، واؤ ساکن بے نقطہ دال ہے، عبد اللہ بن سعد مقبول اور چوتھے طبقے سے تعلق رکھنے والے تابعی ہیں۔

[۲] مزیدہ میم پر زبر، زار کے نیچے زیر اور یا ساکن، صحابی ہیں۔

[۳] اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ تلوار کو سونے اور چاندی سے مزین کرنا جائز ہے۔ بعض محدثین نے فرمایا کہ یہ حدیث ضعیف ہے، اس کی سند قوی نہیں ہے۔ اور سونے کے ساتھ مزین کرنا حرام ہے۔ اسی طرح مولانا محمد حنفی نے شرح شمائل میں فرمایا۔ توربشتی نے کہا کہ حضرت مزیدہ کی یہ حدیث دلیل نہیں بنتی۔ کیونکہ اس کی کوئی قابلِ اعتبار سند نہیں ہے۔

بعض محدثین نے فرمایا ہو سکتا ہے کہ چاندی پر سونے کا پانی چڑھایا گیا ہو۔ اور یہ حرام نہیں ہے۔ اس کی تفصیل کتب فقہ میں ہے۔

۳۷۰۸ / ۲۶ وَعَنِ السَّائِبِ بْنِ یَزِیْدَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ عَلَیْہِ یَوْمَ اُحُدٍ دِرْعَانِ قَدْ ظَاھَرَ بَیْنَھُمَا۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت سائب بن یزید [۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اُحد کے دن دو زرہیں زیب تن کر رکھی تھیں، دونوں کو جمع کیا ہوا تھا [۲]۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ)

[۱] سائب بن یزید کم عمر صحابی ہیں۔ ان کی ولادت ہجرت کے دوسرے سال ہوئی۔ حجۃ الوداع کے موقع پر اپنے والد یزید بن سعید کندی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہمراہ سات سال کی عمر میں حاضر ہوئے۔

[۲] دونوں نیچے اوپر پہن رکھی تھیں۔ ایک کو ابرہ اور دوسری کو استر بنایا ہوا تھا۔ یا تظاہر کا معنی تعاون اور باہمی مطابقت ہے، اور یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انتہائی بہادری کی بنا پر تھا۔ کیونکہ جو شخص مردانہ وار میدان میں جائے اور اس کی کارروائی سخت ہو۔ اس کی تیاری اور اس کے ہتھیار بھی اسی تناسب سے زیادہ ہوں گے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اسباب کا اختیار کرنا توکل کے منافی نہیں ہے جب کہ یقین

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اپنی جگہ بحال ہو۔

۳۷۰۹/۲۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ رَايَةُ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَوْدَآءَ وَلِوَآءُهُ أَبْيَضُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بڑا جھنڈا سیاہ اور چھوٹا جھنڈا سفید تھا۔ (ترمذی، ابن ماجہ)

لہ شارحین فرماتے ہیں کہ رایۃ بڑے جھنڈے اور لواء چھوٹے جھنڈے کو کہتے ہیں، بعض نے اس کے برعکس کہا۔ بعض نے کہا کہ رایت وہ جھنڈا ہے جو جنگ کے کمانڈر کے پاس ہوتا ہے، اور لواء وہ جھنڈا ہے جو امیر کے قیام کی علامت ہوتا ہے۔ بہر صورت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس دو جھنڈے تھے، ایک سیاہ اور دوسرا سفید۔

محدثین فرماتے ہیں کہ خالص سیاہ مراد نہیں ہے، بلکہ دور سے سیاہ دکھائی دیتا تھا کیونکہ آئندہ حدیث میں ہے کہ وہ نمرہ کا تھا اور نمرہ اس کمبل کو کہتے ہیں جس میں سیاہ اور سفید دھاریاں ہوں۔ ظاہر یہ ہے کہ اس میں سیاہی غالب تھی، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بعض اوقات سیاہ ہو اور بعض اوقات دھاری دار ہو۔

۳۷۱۰/۲۸ وَعَنْ مُوْسَى ابْنِ عُبَيْدَةَ مَوْلَى مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ قَالَ بَعَثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ إِلَى الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ يَسْأَلُهُ عَنْ رَايَةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَانَتْ سَوْدَآءَ مُرَبَّعَةً مِنْ نَمِرَةٍ۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت محمد بن قاسم لہ کے آزاد کردہ غلام موسیٰ بن عبیدہ لہ کہتے ہیں کہ مجھے محمد بن قاسم نے حضرت براء بن عازب کے پاس، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جھنڈے کے بارے میں پوچھنے کے لیے بھیجا۔ انہوں نے فرمایا۔ آپ کا جھنڈا دھاری دار اونی کپڑے لہ کا چار کونوں والا تھا۔ (احمد، ترمذی۔ ابوداؤد)

لہ محمد بن قاسم ظاہر یہ ہے کہ محمد بن قاسم بن محمد بن ابی بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم مراد ہیں۔

لہ موسیٰ بن عبیدہ، عین پر پیش، بار پر زبر، ان کے قوی اور ضعیف ہونے میں اختلاف ہے۔

لہ نمرہ نون پر زبر، میم کے نیچے زیر، سیاہ اور سفید دھاریوں والا کمبل، جسے بدوی پہنتے ہیں، چیتے کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مشابہت کی بنا پر اسے نمرہ کہتے ہیں۔

۳۷۱۱/۲۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَکَّۃَ وَلِوَآءُہٗ اَبْیَضُ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت جابر[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں داخل ہوئے تو آپ کا جھنڈا سفید تھا۔ (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

[1] حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما انصاری، اکابر اور مشہور صحابۂ کرام میں سے ہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۳۷۱۲/۳۰ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمْ یَکُنْ شَیْءٌ اَحَبَّ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَعْدَ النِّسَآءِ مِنَ الْخَیْلِ۔ (رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بیویوں کے بعد گھوڑوں سے زیادہ محبوب کوئی چیز نہ تھی[1] (نسائی)

[1] بعض شارحین نے فرمایا کہ حدیث شریف حُبِّبَ اِلَیَّ مِنْ دُنْیَاکُمْ میں اگر یہ روایت صحیح ہو کہ آپ نے تین چیزوں کو محبوب قرار دیا تو وہ تیسری چیز جس سے آپ نے سکوت فرمایا وہ گھوڑے ہی ہیں۔ اپنی جگہ یہ بات بیان کی گئی ہے۔

۳۷۱۳/۳۱ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ کَانَتْ بِیَدِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَوْسٌ عَرَبِیَّۃٌ فَرَاٰی رَجُلًا بِیَدِہٖ قَوْسٌ فَارِسِیَّۃٌ قَالَ مَا ھٰذِہٖ اَلْقِھَا وَعَلَیْکُمْ بِھٰذِہٖ وَاَشْبَاھِھَا وَرِمَاحِ الْقَنَا فَاِنَّھَا یُؤَیِّدُ اللّٰہُ لَکُمْ بِھَا فِی الدِّیْنِ وَ

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دست مبارک میں عربی کمان تھی، آپ نے ایک شخص کے ہاتھ میں فارسی کمان دیکھی تو فرمایا: یہ کیا ہے؟ اسے پھینک دو[1]۔ یہ عربی کمان اور اس جیسی کمانیں اور نیزے[2] لازم پکڑو۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے دین میں قوت عطا فرمائے گا اور شہروں میں قبضہ دے گا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يُمَكِّنُ لَكُمْ فِي الْبِلَادِ۔
(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ) (ابن ماجہ)

لہ علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ غالباً اس صحابی نے دیکھا کہ فارسی کمان زیادہ مضبوط اور سخت ہے، اس لیے عربی کمان کی جگہ اسے اختیار کیا، ان کا خیال تھا کہ وہ شہروں کے فتح کرنے اور جنگ میں زیادہ مددگار ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی راہنمائی فرمائی کہ اس طرح نہیں ہے جس طرح تمہارا خیال ہے بلکہ اللہ تعالیٰ دین میں جسے چاہتا ہے امداد دیتا ہے۔ امداد اسی کی طرف سے اور اسی کی قوت وقدرت سے ہے نہ کہ ساز وسامان کی قوت سے۔

۲ہ رماح جمع ہے رُمح کی، قنا قاف پر زبر، قَنَاۃٌ کی جمع ہے، دونوں کا معنیٰ نیزہ ہے، غالباً قنا کی طرف رماح کی اضافت اس کے مکمل ہونے کی طرف اشارہ ہے۔

بَابُ اٰدَابِ السَّفَرِ

۲۸۲- آداب سفر کا بیان

آداب، جمع ہے ادب کی، اور اس کا معنیٰ ہے اس چیز کی رعایت کرنا جو رعایت کے لائق ہے، بعض علماء نے کہا کہ ادب، حسنِ اخلاق کو کہتے ہیں ان شاء اللہ العزیز اس کا معنیٰ کتاب الآداب میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا جائے گا، سفر ضد ہے حضر (مقیم ہونے) کی، سفر کی ترکیب میں ظہور، کشف اور نکلنے کا معنیٰ پایا جاتا ہے، جیسے کہ اسفارِ صبح کہتے ہیں۔ روشنی اور اس کے ظاہر ہونے کو، سِفر سین کے نیچے زیر کتاب کو کہتے ہیں، سفیر فریقین کے درمیان رابطے کو کہتے ہیں۔ سفر کے آداب بہت ہیں، بعض وہ ہیں جن کی رعایت سفر سے پہلے کرنی چاہیے۔ بعض کی دورانِ سفر اور بعض کی رعایت سفر سے واپسی پر کی جانی چاہیے۔ احیاء العلوم (از امام غزالی) ان کے بیان کے لیے کافی ہے، ہم نے بھی احیاء العلوم کے عادات والے چوتھائی حصے کے ترجمے آداب الصالحین اور شرح سفر السعادۃ میں کچھ آداب ذکر کیے ہیں۔ وہاں ملاحظہ کیے جائیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۳۷۱۴
۱
عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ فِيْ غَزْوَةِ تَبُوْكَ وَكَانَ يُحِبُّ اَنْ يَّخْرُجَ يَوْمَ الْخَمِيْسِ ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت کعب بن مالک[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غزوہ تبوک[2] کے موقع پر جمعرات کے دن نکلے، اور آپ جمعرات کے دن نکلنا[3] پسند فرماتے تھے۔
(بخاری)

[1] کعب بن مالک اکابر صحابہ اور شعرائے اسلام میں سے ہیں، غزوۂ تبوک کے موقع پر ان کے پیچھے رہ جانے کا واقعہ، عجیب اور حسین واقعات میں سے ہے۔
[2] تبوک، مدینہ منورہ اور شام کے درمیان ایک جگہ کا نام ہے۔
[3] سفر کے لیے یا جہاد کے لیے۔

جامع الاصول میں، امام ابو داؤد کے حوالے سے حضرت کعب بن مالک کی روایت کردہ حدیث میں ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جہاد کے لیے تشریف لے جاتے تو شاذ و نادر ہی کسی دوسرے دن تشریف لے جاتے ورنہ جمعرات ہی کو سفر کرتے، سنن الغذی کی روایت کردہ ایک حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ پیر اور جمعرات کے دن سفر کرنے کا اختیار ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

علامہ تورپشتی نے ایک مناسبت اور ایک نکتہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ خمیس کا معنیٰ لشکر ہے۔ (عربی میں جمعرات کو خمیس کہتے ہیں ۱۲ ق)، جمعرات کے دن سفر کرنے میں یہ نیک فال ہے کہ جس لشکر کی طرف روانگی ہے اس پر فتح ہوگی نیز جمعرات کا دن بابرکت ہے جس میں بندوں کے اعمال پیش کیے جاتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارادہ کیا کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جہاد ایسا افضل عمل پیش کیا جائے؛ یا اس لیے کہ یہ دن ہفتے کا آخری دن ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

یہ وہ طریقہ ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے مطابق ہے، اصل دار و مدار، اللہ تعالیٰ سے خیر کے طلب کرنے، معاملہ اسی کے سپرد کرتے اور توکل پر ہے سلف صالحین سے بالکل منقول نہیں ہے کہ وہ کسی ساعت کی خصوصیت کی بنا پر احکام کی تعمیل کرتے ہوں۔

امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ کسی شخص نے ان کے پاس کہا کہ فلاں دن جاؤ اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فلاں دن نہ جاؤ، آپ نے فرمایا، اگر میرے ہاتھ میں تلوار ہوتی تو تمہارا سر قلم کر دیتا ہم حضرت ابوالقاسم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں رہتے تھے۔ ہم نے کبھی نہیں سنا کہ فلاں دن سفر کرنا چاہیے اور فلاں دن نہیں کرنا چاہیے۔ وہ جو حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے چاند کے برج عقرب یا محاق میں ہونے کے بارے میں منقول ہے وہ درجہ صحت کو نہیں پہنچا۔

سفر السعادۃ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے ایک قاعدہ منقول ہے جسے کسی نے نظم کر دیا ہے۔ قطعہ

ہفت روز ست نحس باشد در ماہے ۔۔۔ یاد گیرش تا نیفتی در سہ پنج !

سہ و پنج و سیزدہ با شانزدہ ۔۔۔ بست و یک با بست و چار و بست و پنج

مہینے میں سات دن منحوس ہوتے ہیں۔ انہیں یاد کر لے تاکہ تو کسی پریشانی میں مبتلا نہ ہو۔ تین، پانچ، تیرہ، سولہ، اکیس، چوبیس اور پچیس تاریخ۔

اور حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی منقول ہے کہ ان سات دنوں میں کوئی کام نہیں کرنا چاہیے۔ اور سفر بھی نہیں کرنا چاہیے۔ ان دونوں روایتوں کی صحت میں بھی کلام ہے۔

۳۷۱۵/۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي الْوَحْدَةِ مَا اَعْلَمُ مَا سَارَ رَاكِبٌ بِلَيْلٍ وَحْدَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اگر لوگ تنہائی[1] میں وہ چیز جانتے جو میں جانتے ہیں تو کوئی سوار رات کو تنہا سفر نہ کرتا۔[2] (بخاری)

[1] یعنی تنہا سفر کرنے میں۔

[2] کوئی شخص تنہا سفر نہ کرتا۔ اگرچہ وہ سوار ہو، خصوصاً رات کے وقت ۔۔۔۔ بعض شارحین نے فرمایا کہ سوار کی قید اس لیے لگائی کہ سوار کی مشقت زیادہ ہوتی ہے اور اس کا خوف شدید ہوتا ہے۔

۳۷۱۶/۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصْحَبُ الْمَلٰٓئِكَةُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، فرشتے اس جماعت کے ہمراہ نہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رُفْقَةً فِيهَا كَلْبٌ وَّلَا جَرَسٌ. ہوتے جس میں کتا یا گھنٹی ہو۔[1]

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ) (مسلم)

[1] رفقۃ: را پر پیش، یا پیچے زیر اسم سفر، گروہ، جماعت، رفاق را کے پیچے زیر، جماعت، رفیق "ساتھی"، واحد اور جمع دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔ جیسے کہ ارشاد ربانی ہے: وَحَسُنَ أُولٰئِكَ رَفِيقًا اور یہ اچھے ساتھی ہیں اس کی جمع رفقا ہے۔ جب متفرق ہو جائیں تو انہیں رفقہ تو کہا جائے گا رفیق نہیں۔ جرس: پہلے دونوں حرفوں پر زبر، وہ چیز (گھنگرو) جو چوپائے کی گردن یا پاؤں وغیرہ کے پاؤں میں لٹکائی جاتی ہے۔ ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ ناقوس کی طرح اس کی آواز بھی مکروہ ہے، یہ بھی وارد ہوا ہے کہ ہر گھنگرو کے ساتھ شیطان ہے، نیز اس کی آواز ذکر و فکر سے مانع ہے۔ کتے سے مراد وہ کتا ہے جو پاسبانی کے لیے نہ ہو، پہرے اور چوپایوں کی حفاظت کے لیے کتا پالنا مباح ہے، شارحین نے یہ بھی کہا ہے کہ رحمت کے فرشتے مراد ہیں نہ کہ محافظ اور اعمال کے لکھنے والے کہ وہ تو جدا نہیں ہوتے۔

۳۷۱۷ وَعَنْهُ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْجَرَسُ مَزَامِيرُ الشَّيْطٰنِ. ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: گھنگرو شیطان کے باجے ہیں۔[1]

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ) (مسلم)

[1] مزامیر جمع ہے مزمار کی۔ بنسری جس کے ساتھ گایا جائے، زمر اور زمر بنسری کے ساتھ گانا، مزامیر جمع کا صیغہ اس لیے استعمال فرمایا کہ اس کی آواز منقطع نہیں ہوتی۔ گویا اس کی ہر جز مزمار ہے۔ باب العید میں اس کے معنی پر زیادہ گفتگو گزر چکی ہے۔ شیطان کی طرف اس کی اضافت اس لیے کی کہ وہ ذکر و فکر سے روک دیتی ہے۔

۳۷۱۸ وَعَنْ أَبِي بَشِيرٍ الْأَنْصَارِيِّ أَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَعْضِ أَسْفَارِهٖ فَأَرْسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَسُولًا لَا تُبْقَيَنَّ فِي رَقَبَةِ بَعِيرٍ قِلَادَةٌ مِنْ وَتَرٍ أَوْ قِلَادَةٌ إِلَّا قُطِعَتْ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو بشیر انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صحابی کو یہ اعلان کرنے کے لیے بھیجا کہ کسی اونٹ کی گردن میں تانت کا ہار یا فرمایا مطلق ہار نہ چھوڑا جائے مگر یہ کہ اسے کاٹ دیا جائے۔ (صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱ابو بشیر با پر زبر شین کے نیچے زیر الانصاری طویل عمر والے صحابی ہیں، قول صحیح کے مطابق واقعہ حرہ کے بعد وصال ہوا۔

۲وتر پہلے دونوں حرفوں پر زبر، کمان کا چلہ

۳راوی کو شک ہے کہ تانت کا ہار فرمایا، یا مطلق ہار، مراد وہی تانت کا ہار ہے۔

۴اس کا بیان پہلے گزر چکا ہے ظاہراً اس جگہ وجہ یہ ہے کہ اس کے ساتھ جانجھ (گھنگرو) لٹکاتے تھے۔

۲۷۱۹ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَافَرْتُمْ فِي الْخِصْبِ فَاَعْطُوا الْاِبِلَ حَقَّهَا مِنَ الْاَرْضِ وَاِذَا سَافَرْتُمْ فِي السَّنَةِ فَاَسْرِعُوْا عَلَيْهَا السَّيْرَ وَاِذَا عَرَّسْتُمْ بِاللَّيْلِ فَاجْتَنِبُوا الطَّرِيْقَ فَاِنَّهَا طُرُقُ الدَّوَابِّ وَمَأْوَى الْهَوَامِّ بِاللَّيْلِ وَفِيْ رِوَايَةٍ اِذَا سَافَرْتُمْ فِي السَّنَةِ فَبَادِرُوْا بِهَا نِقْيَهَا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم خوشحالی[1] میں سفر کرو تو اونٹوں کو زمین سے ان کا حصہ دو[2] اور جب تم قحط سالی[3] میں سفر کرو تو اونٹوں پر تیزی سے سفر کرو[4] اور جب تم رات کے آخر میں پڑاؤ ڈالو تو راستے سے بچو[5] کیونکہ راستے چوپایوں کی گزرگاہیں اور رات کے وقت حشرات الارض[6] کے ٹھکانے ہیں ایک اور روایت میں ہے جب تم قحط سالی میں سفر کرو تو جلدی سفر کرو اس حال میں کہ اونٹوں کی ہڈیوں کا مغز[7] باقی ہو۔ (مسلم)

۱خصب خا کے نیچے زیر، خوش حالی، یہ جدب کے مقابل ہے جس کا معنی قحط ہے۔

۲یعنی انہیں وقتاً فوقتاً چھوڑتے رہو تاکہ وہ چرتے رہیں اور تیز چلیں۔

۳سَنَۃٌ سال، خاص طور پر قحط والے سال میں بھی اس کا استعمال کرتے ہیں۔

۴اور راستے میں تاخیر نہ کرو تاکہ کمزور ہونے سے پہلے تمہیں منزل تک پہنچا دیں۔

۵یعنی راستے کے درمیان قیام نہ کرو کیونکہ حشرات الارض اور چوپائے رات کے وقت راستوں پر کثرت سے ہوتے ہیں۔

۶مثلاً سانپ اور بچھو وغیرہ ——— تعریس مسافر کا رات کے آخری حصے میں اپنے اور سواری کے آرام اور نیند کے لیے اترنا، لہٰذا باللیل فرمانا تحقیق اور تاکید کے لیے ہے، بعض علماء نے کہا کہ تعریس کسی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بھی وقت اترنے کو کہتے ہیں خواہ رات کے وقت ہو یا دن کو، اس صورت میں رات کا ذکر تقیید کرنے کے لیے ہوگا۔

؎ یعنی ان کے جسم کی طاقت باقی ہو، نِقیٌ نون کے نیچے زیر، قاف ساکن، ہڈی کا مغز۔ بعض اوقات چربی پر بھی نِقیٌ کا اطلاق کر دیتے ہیں ــــــــــ ایک روایت میں نقبھا ہے۔ نون پر زبر، پھر قاف اور اس کے بعد باء۔ دو پہاڑوں کے درمیان راستہ، اور ضمیر زمین کی طرف راجع کی گئی ہے۔

علامہ تورپشتی نے کہا کہ یہ تلفظ کی غلطی ہے، بعض شارحین نے نقب کا معنیٰ اونٹ کے پاؤں کا ہلکا ہونا بیان کیا ہے، کہا جاتا ہے نقب البعیر جب کہ اونٹ کا پاؤں ہلکا ہو جائے، بعض نے پہنے ہوئے جوتے کا پھٹ جانا مراد لیا، ان معانی پر محمول کرنے میں بھی چنداں عمدگی نہیں ہے۔ یہ بھی تلفظ کی غلطی کا نتیجہ ہیں۔ اگرچہ علامہ طیبی نے ان احتمالات کو جائز اور غلطی سے خارج قرار دیا ہے۔

۳۷۲۰ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ فِیْ سَفَرٍ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذْ جَآءَ رَجُلٌ عَلٰی رَاحِلَۃٍ فَجَعَلَ یَضْرِبُ یَمِیْنًا وَّ شِمَالًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ کَانَ مَعَہٗ فَضْلُ ظَھْرٍ فَلْیَعُدْ بِہٖ عَلٰی مَنْ لَّا ظَھْرَ لَہٗ وَمَنْ کَانَ لَہٗ فَضْلُ زَادٍ فَلْیَعُدْ بِہٖ عَلٰی مَنْ لَّا زَادَ لَہٗ قَالَ فَذَکَرَ مِنْ اَصْنَافِ الْمَالِ حَتّٰی رَاَیْنَا اَنَّہٗ لَا حَقَّ لِاَحَدٍ مِّنَّا فِیْ فَضْلٍ (رواہ مسلم)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم ایک سفر میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے کہ اونٹ پر سوار ایک شخص آیا اور اسے دائیں بائیں جانب مارنے لگا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس کے پاس زائد سواری ہو وہ اس پر خرچ کرے جس کے پاس سواری نہ ہو اور جس کے پاس زیادہ زادِ راہ ہو وہ اسے دے دے جس کے پاس زادِ راہ نہ ہو، راوی کہتے ہیں کہ آپ نے مال کی کئی قسمیں بیان کیں؎، یہاں تک کہ ہم نے جانا کہ ہم میں سے کسی کا زائد مال میں کوئی حق نہیں ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱؎ اس لیے کہ وہ اونٹ تھک گیا تھا، یا یہ مطلب ہے کہ وہ شخص اونٹ کی پشت سے دائیں بائیں لڑھک رہا تھا۔ بعض شارحین نے کہا کہ وہ شخص دائیں بائیں نگاہ دوڑا رہا تھا تاکہ اسے اپنی حاجت پوری کرنے کے لیے مطلوبہ چیز مل جائے۔

۲؎ یعنی آپ نے فرمایا کہ جس کے پاس حاجت سے زیادہ فلاں فلاں مال ہو، مثلاً کپڑا، اور سونا وغیرہ تو اسے چاہیے کہ اس شخص پر صرف کر دے جس کے پاس یہ چیزیں نہ ہوں۔

۳۷۲۱/۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلسَّفَرُ قِطْعَةٌ مِّنَ الْعَذَابِ یَمْنَعُ اَحَدَکُمْ نَوْمَهٗ وَطَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ فَاِذَا قَضٰى نَهْمَتَهٗ مِنْ وَّجْهِهٖ فَلْیُعَجِّلْ اِلٰى اَهْلِهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے[۱]، تم میں سے ایک شخص کو اس کی نیند اور کھانے پینے سے روک دیتا ہے[۲] تو جب وہ اپنی حاجت[۳] جس طرح وہ چاہتا تھا پورا کرے تو جلد اپنے اہل کی طرف لوٹے۔ (صحیحین)

۱؎ یعنی عذاب کی ایک قسم ہے۔

۲؎ جس طرح ان چیزوں کا عادی ہوتا ہے اس طرح انہیں حاصل نہیں کر سکتا۔ خاص طور پر نیند اور کھانے پینے کا ذکر ازراہِ شفقت ہے۔ ورنہ سفر میں بہت وظائف طاعت وعبادت رہ جاتے ہیں۔

۳؎ نَہْمَۃ نون پر زبر، ہا ساکن، حاجت، ہمت کا کسی چیز تک پہنچنا اور اس کی حرص کرنا۔ کہتے ہیں فُلَانٌ مَنْھُوْمٌ بِکَذَا فلاں شخص فلاں چیز کا بڑا شائق اور حریص ہے۔

۳۷۲۲/۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ تُلُقِّیَ بِصِبْیَانِ اَهْلِ بَیْتِهٖ وَاِنَّهٗ قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ فَسُبِقَ بِیْ اِلَیْهِ فَحَمَلَنِیْ بَیْنَ یَدَیْهِ ثُمَّ جِیْءَ بِاَحَدِ ابْنَیْ فَاطِمَةَ فَاَرْدَفَهٗ خَلْفَهٗ قَالَ فَاُدْخِلْنَا

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے[۱] کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے تشریف لاتے تو آپ کا اہل بیت کے بچوں کے ساتھ استقبال کیا جاتا[۲]، آپ ایک سفر سے تشریف لائے تو مجھے آپ کی خدمت میں سب سے پہلے پیش کیا گیا، آپ نے مجھے اپنے آگے بٹھا لیا، پھر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ایک صاحبزادے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الْمَدِيْنَةَ ثَلٰثَةً عَلٰى دَآبَّةٍ ـ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

لائے گئے تو آپ نے انہیں اپنے پیچھے بٹھایا۔[۴] پس ہم تینوں ایک سواری پر مدینہ منورہ میں لائے گئے۔ (مسلم)

[۱] عبداللہ بن جعفر قریشی، ہاشمی اور مدنی صحابی ہیں۔ آپ کو اسلام میں پہلے پیدا ہونے کی خصوصیت حاصل ہے حبشہ میں پیدا ہوئے اور ۸۰ھ عبدالملک کے دور حکومت میں مدینہ منورہ میں وصال ہوا۔ اس وقت آپ کی عمر نوے سال تھی، انہیں بحرالجود (سخاوت کا دریا) کہا جاتا تھا، مسلمانوں میں حضرت عبداللہ سے زیادہ سخی کوئی نہ تھا، وہ سخی ابن سخی تھے اور ان کے والد ماجد حضرت جعفر بن ابی طالب بھی بڑے سخی تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت ان کی عمر نو سال تھی۔

[۲] یعنی اہل بیت کے بچوں کو آپ کی خدمت میں لایا جاتا۔

[۳] حضرت امام حسن اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما میں سے ایک۔

[۴] یعنی مجھے پیچھے کرکے انہیں آگے نہ بٹھایا۔

۳۷۲۳/۱۰ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّهٗ اَقْبَلَ هُوَ وَاَبُوْ طَلْحَةَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَفِيَّةُ مُرْدِفُهَا عَلٰى رَاحِلَتِهٖ ـ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ وہ اور حضرت ابو طلحہ[۱] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ (مدینہ منورہ کی طرف) روانہ ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تھیں جنہیں آپ نے سواری پر اپنے پیچھے بٹھایا ہوا تھا۔[۲] (بخاری)

[۱] حضرت انس کی والدہ کے شوہر (سوتیلے والد)

[۲] یہ غزوہ خیبر سے واپسی کے موقع پر تھا، حضرت صفیہ، غزوہ خیبر کی غنیمت میں شامل تھیں۔ پہلے حضرت دحیہ کلبی کو ملیں، ان سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لے کر انہیں آزاد کیا اور اپنے نکاح میں لائے، راستے میں انہیں اپنی سواری پر پیچھے بٹھایا ہوا تھا۔

۳۷۲۴/۱۲ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَطْرُقُ اَهْلَهٗ لَيْلًا وَّ

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت اپنے اہل خانہ کے پاس تشریف نہیں لاتے تھے[۱]، صرف

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

كَانَ لَا يَدْخُلُ إِلَّا غُدْوَةً أَوْ عَشِيَّةً.
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

چاشت یا شام کے وقت تشریف لاتے تھے۔
(صحیحین)

۱؎ یعنی سفر سے واپسی پر
۲؎ یعنی دن کے آخری حصے میں عصر یا مغرب سے پہلے۔

۳۷۲۵/۱۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا طَالَ أَحَدُكُمُ الْغَيْبَةَ فَلَا يَطْرُقْ أَهْلَهُ لَيْلًا.
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، جب تم میں سے کسی ایک کی غیر حاضری طویل[۱] ہو تو اپنے گھر والوں کے پاس رات کے وقت نہ آئے[۲]
(صحیحین)

۱؎ یعنی اس نے طویل سفر کیا ہو۔
۲؎ طرق کا معنی اصل میں کوٹنا ہے، رات کے وقت آنے والے کو طارق اس لیے کہتے ہیں کہ اسے بھی دروازہ پیٹنا پڑتا ہے۔

۳۷۲۶/۱۳ وَعَنْهُ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا دَخَلْتَ لَيْلًا فَلَا تَدْخُلْ أَهْلَكَ حَتَّى تَسْتَحِدَّ الْمُغِيبَةُ وَتَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ.
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم رات کو (شہر میں) داخل ہو تو تم اپنی بیوی کے پاس نہ جاؤ یہاں تک کہ غائب شوہر والی لوہا[۱] استعمال کرے اور پراگندہ بالوں والی کنگھی کرلے[۲]۔
(صحیحین)

۱؎ استحداد کا معنی زیر ناف بالوں کا مونڈنا ہے، اس جگہ غیر ضروری بالوں کا ہر اس طریقہ سے زائل کرنا مراد ہے جس کی عورتیں عادی ہوں، لوہے (بلیڈ وغیرہ) کا استعمال عورتوں کی عادت نہیں ہے۔ مُغِیْبَۃ میم پر پیش، نقطے والی غین کے نیچے زیر، یا ساکن۔ وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو۔
۲؎ شَعِثَۃ شین پر زبر، عین کے نیچے زیر، اس کے بعد تین نقطوں والی ثاء، بکھرے ہوئے بالوں والی، مطلب یہ ہے کہ مرد صبر کرے تاکہ عورت اپنے آپ کو سنوارے اور صحبت کے لیے تیار ہو جائے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۷۲۷/۱۴ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا قَدِمَ الْمَدِيْنَةَ نَحَرَ جَزُوْرًا اَوْ بَقَرَةً۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ان ہی سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ نے اونٹ نحر کیا یا گائے ذبحہ فرمائی۔[1]

(بخاری)

[1] اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب کوئی شخص سفر سے واپس آئے تو سنت یہ ہے کہ طاقت کے مطابق کوئی جانور ذبح کرے۔

۳۷۲۸/۱۵ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقْدُمُ مِنْ سَفَرٍ اِلَّا نَهَارًا فِي الضُّحٰى فَاِذَا قَدِمَ بَدَأَ بِالْمَسْجِدِ فَصَلّٰى فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ جَلَسَ فِيْهِ لِلنَّاسِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت کعب بن مالک[1] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے دن ہی کو چاشت کے وقت تشریف لاتے تھے[2] اور جب تشریف لاتے تو ابتداً مسجد سے فرماتے اس میں دو رکعت ادا فرماتے، پھر لوگوں کی ملاقات کے لیے جلوہ افروز ہوتے[3]

(صحیحین)

[1] حضرت کعب بن مالک مشہور صحابی ہیں۔

[2] اکثر طور پر اسی طرح ہوتا، ورنہ اس سے پہلے گزرا ہے کہ صبح یا شام ہی کو تشریف لاتے تھے۔

[3] تاکہ صحابۂ کرام حاضر ہوں اور شرفِ زیارت حاصل کریں، سفر سے آنے والے کے لیے سنت ہے کہ مسجد میں بیٹھے، خواہ گھر جانے کے بعد یا اس سے پہلے۔

۳۷۲۹/۱۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ فَلَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ قَالَ لِيْ اُدْخُلِ الْمَسْجِدَ فَصَلِّ فِيْهِ رَكْعَتَيْنِ

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں ایک سفر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا، جب ہم مدینہ منورہ آئے تو آپ نے مجھے فرمایا: مسجد میں جاؤ اور وہاں دو رکعت نماز ادا کرو۔[1]

(صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ ظاہر یہ ہے کہ یہ دو رکعتیں تحیۃ المسجد یا یہ سفر کی سنتیں تھیں بعض علماء نے اس سے نماز چاشت کے مشروع ہونے پر استدلال کیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ — دوسری فصل

۳۷۳۰/۱۷ عَنْ صَخْرِ بْنِ وَدَاعَۃَ الْغَامِدِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لِاُمَّتِیْ فِیْ بُکُوْرِھَا وَکَانَ اِذَا بَعَثَ سَرِیَّۃً اَوْ جَیْشًا بَعَثَھُمْ مِنْ اَوَّلِ النَّھَارِ وَکَانَ صَخْرٌ تَاجِرًا فَکَانَ یَبْعَثُ تِجَارَتَہٗ اَوَّلَ النَّھَارِ فَاَثْرٰی وَکَثُرَ مَالُہٗ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت صخر بن وداعہ غامدی لہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی اے اللہ! میری امت کے صبح کے کاموں میں برکت عطا فرما، اور آپ جب کوئی دستہ یا لشکر بھیجتے تو دن کے ابتدائی حصے میں بھیجتے، حضرت صخر تاجر تھے وہ اپنی تجارت کا مال دن کے ابتدائی حصے میں بھیجتے تھے تو وہ مالدار ہو گئے۔ اور ان کا مال بہت ہو گیا۔

(ترمذی، ابو داؤد، دارمی)

لہ صخر صاد پر زبر، خا ساکن، اس کے بعد را، ابن وداعہ۔ واؤ پر زبر بے نقطہ دال مخفف۔ الغامدی نقطے والی غین، صحابی ہیں۔ طائف میں مقیم ہوئے اور اہل حجاز میں شمار کیے جاتے ہیں۔

کہ سفر وغیرہ کام، صبح کے وقت کرنے ہیں۔

۳ یہ حضرت صخر سے حدیث روایت کرنے والے کے الفاظ ہیں، یا خود انہوں نے اپنے آپ کو غائب کے صیغے سے ذکر کیا ہے۔

سکہ سنت کی رعایت کرنے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا کے مقبول ہونے کی وجہ سے، ثروت مال کی زیادتی اور تونگر ہونا۔ اثراء تونگر ہونا۔

۳۷۳۱/۱۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالدُّلْجَةِ فَإِنَّ الْأَرْضَ تُطْوَى بِاللَّيْلِ۔ (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

رات کی تاریکی میں سفر کو لازم پکڑو، کیونکہ رات کے وقت زمین لپیٹ دی جاتی ہے ۲ (ابوداؤد)

۱ دُلجہ رات کے وقت سفر کرنا، اِدْلاج دال ساکن، رات کے ابتدائی حصے میں چلنا۔ اِدِّلاج دال مشدد رات کے آخری حصے میں چلنا۔

۲ سفر آسان ہو جاتا ہے، مسافر خیال کرتا ہے کہ اس نے تھوڑا سفر کیا ہے۔ حالانکہ وہ بہت مسافت طے کر چکا ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ رات کے وقت سفر میں موانع اور مشاغل پیش نہیں آتے۔ اور ایسی علامات اور نشانیاں نظر نہیں آتیں جو سفر کو مسافر کی نظر میں بوجھل کر دیں۔ مطلب یہ ہے کہ صرف دن کے وقت سفر کرنے پر اکتفا نہ کرو بلکہ رات کے کچھ حصے میں بھی سفر کرو، یہ مطلب نہیں ہے کہ دن میں سفر نہ کرو۔ جیسے کہ دوسری حدیثوں میں آیا ہے کہ دن کے ابتدائی اور آخری حصے اور رات کے کچھ حصے میں سفر کرو۔

$\frac{۳۷۳۲}{۱۹}$ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الرَّاكِبُ شَيْطٰنٌ وَّالرَّاكِبَانِ شَيْطَانَانِ وَالثَّلٰثَةُ رَكْبٌ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَالتِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک سوار ایک شیطان، دو سوار دو شیطان ہیں اور تین سوار۔ سواروں کی جماعت ہیں ۱ (مالک، ترمذی، ابوداؤد نسائی)

۱ وہ اس بات کے مستحق ہیں کہ انہیں سوار کہا جائے اس لیے کہ وہ شیطان سے محفوظ ہیں۔ ایک سوار اور دو سواروں کو سفر سے منع فرمایا، کیونکہ ایک سے جماعت فوت ہو جائے گی اور دو افراد کے لیے وقت بسر کرنا مشکل ہو جائے گا۔ دو افراد میں سے ایک اگر فوت ہو جائے یا بیمار ہو جائے تو دوسرا ساتھی بے بس اور مجبور ہو جائیگا اور شیطان خوش ہوگا، مطلب یہ ہے کہ ان کے ساتھ شیطان ہے جو انہیں شر کا حکم دیتا ہے، بطور مبالغہ خود انہیں شیطان فرما دیا۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سفر میں تین افراد کا ہونا ضروری ہے، اور یہ جماعت کی کم از کم تعداد ہے، نیز اگر ایک فرد کسی کام چلا جائے تو باقی دو ایک دوسرے سے انس حاصل کریں گے (اور بور نہیں ہوں گے ۱۲ ق) اور اگر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کام کرنے میں تاخیر ہو جائے تو دوسرا تحقیق حال اور خبر کے لیے چلا جائے گا اور سامان تنہا نہیں رہے گا۔

۳۷۳۳/۲۰ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا کَانَ ثَلٰثَۃٌ فِیْ سَفَرٍ فَلْیُؤَمِّرُوْا اَحَدَھُمْ۔

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاؤدَ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب سفر میں تین افراد ہوں تو چاہیے کہ وہ ان میں سے ایک کو امیر بنالیں[1]

(ابوداؤد)

[1] تاکہ اترنے، سوار ہونے اور ایسے ہی دوسرے معاملات میں اختلاف اور جھگڑا پیدا نہ ہو۔ امیر کو چاہیے کہ ساتھیوں کے ساتھ خیر خواہی، نرمی اور امداد کا رویہ اختیار کرے اور ان کا خادم ہو، جیسے کہ حدیث شریف میں ہے سَیِّدُ الْقَوْمِ خَادِمُھُمْ۔ قوم کا سردار ان کا خادم ہوتا ہے۔ اور جیسے کہ مشائخ کرام کی حکایات میں آیا ہے۔

۳۷۳۴/۲۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ خَیْرُ الصَّحَابَۃِ اَرْبَعَۃٌ وَّ خَیْرُ السَّرَایَا اَرْبَعُ مِائَۃٍ وَّ خَیْرُ الْجُیُوْشِ اَرْبَعَۃُ اٰلَافٍ وَّلَنْ یُّغْلَبَ اِثْنَا عَشَرَ اَلْفًا مِّنْ قِلَّۃٍ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَ اَبُوْ دَاؤدَ وَ الدَّارِمِیُّ وَ قَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین ساتھی چار ہیں[2]۔ بہترین دستے چار سو ہیں اور بہترین لشکر چار ہزار ہیں، اور بارہ ہزار افراد قلت کی بنا پر مغلوب نہیں ہوں گے[3]

(ترمذی، ابوداؤد، دارمی)

امام ترمذی نے فرمایا۔ یہ حدیث غریب ہے۔

[2] اس لیے کہ اگر چار ساتھی ہوں اور ان میں سے ایک بیمار ہو جائے اور اپنے ساتھیوں میں سے کسی کو وصیت کرنا چاہے تو ان میں سے دو گواہ بن جائیں گے۔ اہل علم فرماتے ہیں کہ چار سے پانچ بہتر ہیں۔ اور جتنے زیادہ ہوں اتنے ہی بہتر ہوں گے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

[3] حدیث شریف میں کم از کم تعداد بیان کی گئی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے۲ سریہ لشکر کا ایک حصہ، پانچ افراد سے کر تین یا چار سو تک، ارشاد فرمایا کہ بہترین دستے وہ ہیں جو چار سو افراد پر مشتمل ہوں، کیونکہ یہ سریہ کی اعلیٰ قسم ہے۔
سے۳ یعنی بارہ ہزار افراد اگر مغلوب ہو جائیں تو اس کی وجہ یہ نہیں ہوگی کہ وہ تعداد میں کم تھے، بلکہ اس کا سبب کوئی دوسرا امر ہوگا، مثلاً خود پسندی اور غرور وغیرہ۔

۳۷۳۵/۲۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَلَّفُ فِي الْمَسِيْرِ فَيُزْجِي الضَّعِيْفَ وَ يُرْدِفُ وَ يَدْعُوْا لَهُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دوران سفر چلتے ہوئے پیچھے رہتے تھے[1]، کمزور کو چلاتے[2]، سواری پر اپنے پیچھے بٹھاتے اور ان[3] کے لیے دعا فرماتے تھے۔
(ابو داؤد)

سلہ تخلّف کسی سے پیچھے رہنا۔
سے۲ اور اسے ساتھیوں تک پہنچاتے۔ اِزْجَاءٌ باب افعال سے، پیچھے سے چلانا، ہانکنا۔
سے۳ لشکریوں یا کمزوروں کے لیے۔

۳۷۳۶/۲۳ وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ كَانَ النَّاسُ اِذَا نَزَلُوْا مَنْزِلًا تَفَرَّقُوْا فِي الشِّعَابِ وَ الْاَوْدِيَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ تَفَرُّقَكُمْ فِيْ هٰذِهِ الشِّعَابِ وَ الْاَوْدِيَةِ اِنَّمَا ذٰلِكُمْ مِنَ الشَّيْطٰنِ فَلَمْ يَنْزِلُوْا بَعْدَ ذٰلِكَ مَنْزِلًا اِلَّا انْضَمَّ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ حَتّٰى يُقَالَ لَوْ بُسِطَ عَلَيْهِمْ ثَوْبٌ لَعَمَّهُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابو ثعلبہ خشنی[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کرام جب کسی منزل پر اترتے تو پہاڑی راستوں اور نالوں[2] میں بکھر جاتے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا ان پہاڑی راستوں اور نالوں میں بکھر جانا، شیطان ہی کی طرف سے ہے[3]۔ اس کے بعد صحابہ کرام جب بھی اترتے ایک دوسرے کے ساتھ متصل ہو کر رہتے، یہاں تک کہ کہا گیا اگر ان پر ایک کپڑا پھیلایا جائے تو ان سب پر پھیل جائے۔
(ابو داؤد)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ ابو ثعلبہ خشنی خا پر پیش، شین پر زبر، صحابی ہیں۔ ان کا نام جرثوم ہے جیم اور ثاء پر پیش۔ ان کی کنیت مشہور ہے بیعت رضوان میں شریک ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ان کی قوم کی طرف بھیجا تو وہ لوگ ان کے ہاتھ پر اسلام لے آئے، شام میں مقیم ہوئے اور ۷۵ھ میں وصال ہوا، بعض محدثین نے کہا کہ حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں وصال ہوا۔ اور یہ قول زیادہ مشہور ہے۔

سلہ شعب شین کے نیچے زیر، پہاڑی راستہ، وادی نالہ۔

سلہ وہ تمہیں ایک دوسرے سے الگ تھلگ کرنا چاہتا ہے۔ تاکہ دشمن تم پر غالب آئیں اور تمہیں تکلیف پہنچائیں۔

۳۷۳۷/۲۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كُنَّا يَوْمَ بَدْرٍ كُلُّ ثَلٰثَةٍ عَلٰى بَعِيْرٍ وَّكَانَ اَبُوْ لُبَابَةَ وَعَلِيُّ ابْنُ اَبِيْ طَالِبٍ زَمِيْلَيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَكَانَا اِذَا جَاءَتْ عُقْبَةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَا نَحْنُ نَمْشِيْ عَنْكَ قَالَ مَا اَنْتُمَا بِاَقْوٰى مِنِّيْ وَمَا اَنَا بِاَغْنٰى عَنِ الْاَجْرِ مِنْكُمَا۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بدر کے دن ہم تین تین افراد ایک اونٹ پر تھے، حضرت ابو لبابہ سلہ اور حضرت علی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھی تھے سلہ، جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اترنے کی باری سلہ آتی تو دونوں حضرات عرض کرتے کہ ہم دونوں آپ کی طرف سے پیدل چلیں گے۔ آپ نے فرمایا تم دونوں ہم سے زیادہ طاقت ور نہیں ہو اور ہم تم دونوں کی نسبت ثواب سے زیادہ بے نیاز نہیں ہیں۔ (شرح السنۃ)

سلہ ابو لبابہ انصاری صحابی ہیں اور کنیت کے ساتھ مشہور ہیں۔ ان کا نام رفاعہ ہے۔ راء کے نیچے زیر، ان کے حالات عجیب وغریب ہیں، اس سے پہلے کسی جگہ لکھے گئے ہیں۔

سلہ زمل، ٹھانا۔ زمیل، ساتھی، سواری پر پیچھے بیٹھنے والا۔ اس جگہ باری باری سوار ہونے والا ساتھی مراد ہے، زاملہ وہ اونٹ جس پر سامان اور زادراہ لادا جائے۔

سلہ عقبۃ عین پر پیش، باری۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ک؎ اس جگہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے انتہائی تواضع، ساتھیوں کے ساتھ ہمدردی اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں احتیاج کا اظہار ہے۔

۳۷۳۸/۲۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَّخِذُوْا ظُهُوْرَ دَوَابِّكُمْ مَنَابِرَ فَاِنَّ اللّٰهَ اِنَّمَا سَخَّرَهَا لَكُمْ لِتُبَلِّغَكُمْ اِلٰى بَلَدٍ لَمْ تَكُوْنُوْا بَالِغِيْهِ اِلَّا بِشِقِّ الْاَنْفُسِ وَجَعَلَ لَكُمُ الْاَرْضَ فَعَلَيْهَا فَاقْضُوْا حَاجَاتِكُمْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے چارپایوں کی پشتوں کو منبر نہ بناؤ[1] کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں تمہارے تابع بنایا ہے تاکہ تمہیں اس شہر تک پہنچائیں جہاں تک تم جان جوکھوں میں ڈالے بغیر نہیں پہنچ سکتے تھے[2] اور تمہارے لیے زمین پیدا فرمائی ہے اس پر تم اپنی حاجتیں[3] پوری کرو۔

(ابوداؤد)

ل؎ یہ کنایہ ہے ان پر کھڑے ہونے سے، اور یہ اس صورت میں ہے کہ اس کی حاجت نہ ہو، اور اس سے صحیح غرض متعلق نہ ہو، کیونکہ صحیح روایات سے ثابت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عرفات میں سواری پر کھڑے ہوکر خطبہ ارشاد فرمایا۔

۲؎ یعنی اس سواری کا مقصد یہ ہے کہ تم مقصد تک آسانی کے ساتھ پہنچ جاؤ، لہٰذا انہیں زیادہ تکلیف دینا اور پریشان کرنا جائز نہ ہوگا۔

۳؎ مثلاً کھڑے ہونا، بیٹھنا اور ایسی ہی جو بھی حاجت ہو، چارپایوں پر صرف اتنی سواری کرو کہ تمہیں مقصد تک پہنچا دیں۔

۳۷۳۹/۲۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنَّا اِذَا نَزَلْنَا مَنْزِلًا لَا نُسَبِّحُ حَتّٰى نُحَلَّ الرِّحَالُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب ہم کسی منزل پر پہنچتے تو کجاوے کھولنے[1] سے پہلے نفل نہیں پڑھتے تھے۔

(ابوداؤد)

ل؎ اور اونٹوں کی پشتوں سے آسانی سے پہلے ـــــــ اکثر سُبْحَۃ اور تسبیح کا اطلاق نفل نماز پر آتا ہے۔ بعض شارحین نے فرمایا کہ نماز چاشت مراد ہے جس کا وقت اترنے کے موقع پر رہ جائے۔ اس حدیث

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز فرض کجاوے کھولنے سے پہلے ادا کی جائے گی۔ ممکن ہے یہ اس صورت میں ہو کہ وقت میں گنجائش نہ ہو۔ (یعنی اگر وقت میں گنجائش ہو تو کجاوے پہلے اتار دیئے جائیں تاکہ جانوروں کو آرام میسر آسکے بعد میں نماز پڑھی جائے۔ فرض ہو یا نفل ۱۲ قادری)۔

۳۷۴۰/۲۷ وَعَنْ بُرَيْدَةَ قَالَ بَيْنَمَا رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ مَعَهُ حِمَارٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللهِ ارْكَبْ وَتَأَخَّرَ الرَّجُلُ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا أَنْتَ أَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِكَ إِلَّا أَنْ تَجْعَلَهُ لِي قَالَ جَعَلْتُهُ لَكَ فَرَكِبَ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُدَ)

حضرت بریدہ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پیدل تشریف لے جا رہے تھے کہ ایک شخص آئے جن کے ساتھ گدھا تھا[۲]، انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ سوار ہو جائیں اور خود وہ پیچھے ہو گئے[۳]، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا! نہیں! تم اپنے چوپائے کے سینے کے زیادہ حق دار ہو، مگر یہ کہ تم اگلا حصہ ہمیں دے دو[۴]۔ انہوں نے عرض کیا میں نے آپ کو دیا تو آپ سوار ہو گئے[۵]۔

(ترمذی، ابوداؤد)

۵۱ بریدہ اسلمی بار پیش، مشہور صحابی ہیں۔

۵۲ اور وہ اس پر سوار تھے۔

۵۳ یعنی چارپائے کے سینے سے پیچھے ہو گئے جو سواری کی جگہ ہے۔ اگلا حصہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے چھوڑ دیا کہ آپ اس پر سوار ہو جائیں اور وہ خود پیچھے سوار ہو جائیں۔

۵۴ یعنی صراحۃً ہمیں دے دو۔ ورنہ ان کا پیچھے ہونا۔ اسی مقصد کے لیے تھا کہ سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم آگے سوار ہوں۔

۵۵ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے یہ انتہائی انصاف اور تواضع ہے کہ اس مرد کے پیچھے ہی بیٹھنے پر تیار ہو گئے۔ (نیز دراز گوش پر سواری فرمائی ۱۲ ق) اور سامنے کے لیے ادب کی تعلیم ہے۔

۳۷۴۱/۲۸ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي هِنْدٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حضرت سعید بن ابی ہند[۱]، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ تَكُوْنُ اِبِلٌ لِّلشَّيٰطِيْنِ
وَبُيُوْتٌ لِّلشَّيٰطِيْنِ فَاَمَّا اِبِلُ
الشَّيٰطِيْنِ فَقَدْ رَاَيْتُهَا يَخْرُجُ
اَحَدُكُمْ بِنَجِيْبَاتٍ مَّعَهٗ قَدْ
اَسْمَنَهَا فَلَا يَعْلُوْا بَعِيْرًا
مِّنْهَا وَيَمُرُّ بِاَخِيْهِ قَدِ
انْقَطَعَ بِهٖ فَلَا يَحْمِلُهٗ وَ
اَمَّا بُيُوْتُ الشَّيٰطِيْنِ فَلَمْ
اَرَهَا كَانَ سَعِيْدٌ يَقُوْلُ لَا
اَرَاهَا اِلَّا هٰذِهِ الْاَقْفَاصَ
الَّتِيْ يَسْتُرُ النَّاسُ بِالدِّيْبَاجِ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

کچھ تو اونٹ شیطانوں کے لیے ہوں گے اور کچھ گھر شیطانوں کے لیے ہوں گے۔ لیکن شیطانوں کے اونٹ تو میں نے انہیں دیکھا ہے کہ تم میں سے ایک شخص اپنے ساتھ عمدہ اونٹنیاں لے کر نکلتا ہے جسے اس نے موٹا کیا ہوتا ہے۔ تو وہ ان میں سے کسی پر سوار نہیں ہوتا[2]۔ اور اپنے مسلمان بھائی کے پاس سے اس حال میں گزرتا ہے کہ وہ بے بس ہو چکا ہوتا ہے[3] تو وہ اسے بھی سوار نہیں کرتا[4]۔ لیکن شیطانوں کے گھر تو وہ میں نے نہیں دیکھے، حضرت سعید[1] کہا کرتے تھے۔ میرا گمان یہی ہے کہ وہ یہ پنجرے ہیں جنہیں لوگ دیباج (ریشم) سے ڈھانپتے ہیں۔ (ابوداؤد)

۱؎ سعید بن ابی ہند مشہور ثقہ، صاحب علم اور نیک خصلت تابعی ہیں۔ حضرت سمرہ بن جندب کے آزاد کردہ غلام تھے، ان کی روایت کردہ احادیث قابل اعتبار ہیں۔ ۱۱۲ھ ہشام بن عبدالملک کے دور میں فوت ہوئے۔

۲؎ اور ان پر سوار ہونے کی اسے حاجت ہی نہیں ہے۔

۳؎ کمزوری اور عاجزی کی بنا پر چلنے اور سفر کرنے سے عاجز ہو چکا ہوتا ہے ___ انقطع صیغہ معلوم اور مجہول، دونوں طرح صحیح قرار دیا گیا ہے۔ قاموس میں ہے کہ انقطع صیغہ مجہول، سفر سے عاجز آدمی۔

۴؎ حاصل یہ کہ اس نے فخر، دولت مندی کے اظہار اور نام و نمود کے لیے یہ اونٹ رکھے ہوئے ہیں، اس کا مقصد اپنی یا مسلمان بھائی کی حاجت کا پورا کرنا نہیں ہے۔ گویا یہ اونٹ شیطان کے لیے ہیں کہ شیطان ان کی بنا پر راضی ہوتا ہے۔ یہ کہنا تو شیطان کے اونٹ تو میں نے دیکھے ہیں۔ بعض محدثین نے کہا کہ یہ راوی کا قول ہے اور حدیث، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ مجمل ارشاد ہے کہ کچھ اونٹ اور کچھ گھر شیطانوں کے ہوں گے بعض حضرات کہتے ہیں کہ فَلَمْ اَرَاهَا تک حدیث ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵ اس سے مراد کجاوے اور پالکیاں ہیں جنہیں فضول خرچ لوگ سفروں میں ریشمی کپڑوں سے ڈھانپتے ہیں۔ اصل میں قفس پنجروں کو کہتے ہیں جہاں پرندے محفوظ رکھے جاتے ہیں۔ اس جگہ اس کا اطلاق کجاووں پر کیا گیا ہے۔

۳۷۴۲/۲۹ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَيَّقَ النَّاسُ الْمَنَازِلَ وَقَطَعُوا الطَّرِيْقَ فَبَعَثَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنَادِيًا يُّنَادِيْ فِي النَّاسِ اَنَّ مَنْ ضَيَّقَ مَنْزِلًا اَوْ قَطَعَ طَرِيْقًا فَلَا جِهَادَ لَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت سہل بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ ایک جنگ میں شریک ہوئے تو لوگوں نے منزلیں تنگ کر دیں۔ اور راستہ کاٹ دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک اعلان کرنے والا بھیجا تاکہ لوگوں میں اعلان کرے کہ جس نے منزل تنگ کی اور راستہ کاٹا اس کے لیے جہاد کا ثواب نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

۱ سہل بن معاذ تابعی ہیں۔ مصر میں مقیم تھے، بعض نے کہا اہل شام میں سے تھے، یحییٰ بن معین نے کہا کہ ضعیف ہیں، ابن حبان نے ان کا ذکر کتاب ثقات میں کیا ہے۔

۲ حضرت معاذ بن انس جہنی سے، جو صحابی ہیں۔

۳ یعنی انہوں نے ایسی جگہوں پر قبضہ کر لیا جن کی انہیں حاجت نہیں تھی، اور اس طرح دوسروں کیلئے جگہ تنگ کر دی۔

۴ شارحین نے کہا کہ اس جگہ راستہ کاٹنے سے مراد یہی جگہ کا تنگ کرنا ہے اور دونوں کا ذکر اس لیے فرمایا کہ دونوں گناہ کی وجہیں ہیں۔ اسی طرح کہا گیا ہے۔

۳۷۴۳/۳۰ وَعَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا دَخَلَ الرَّجُلُ اَهْلَهٗ اِذَا قَدِمَ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب آدمی سفر سے آئے تو اپنے گھر والوں کے پاس آنے کا بہترین وقت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مِنْ سَفَرٍ اَوَّلَ اللَّيْلِ. رات کا ابتدائی حصہ ہے[۱]۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ) (ابو داؤد)

[۱] اور یہ اس صورت میں ہے کہ سفر نزدیک ہو۔ اور وہ جو اس سے پہلے گزرا ہے کہ رات کے وقت گھر نہ آؤ تو یہ اس وقت ہے جب دور کا سفر ہو۔ امام نووی نے فرمایا: اگر سفر دور بھی ہو لیکن آنے کی اطلاع مشہور ہو چکی ہو تو رات کے وقت گھر آنے میں حرج نہیں ہے کیونکہ مقصد تو اہل خانہ کا تیار ہونا ہے اور وہ آمد کی خبر کے مشہور ہونے سے حاصل ہو جاتا ہے۔

بعض محدثین نے کہا کہ دخول اہل سے مراد، جماع ہے، کیونکہ مسافر پر شہوت کا غلبہ ہوتا ہے، جب وہ رات کے پہلے حصے میں فارغ ہو جائے گا تو آرام اور نیند کے زیادہ قریب ہوگا۔ نیز اس میں محبت اور اشتیاق کا اظہار حق زوجیت ادا کرنے کی جلدی اور انتظار کی تکلیف کا خاتمہ ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۳۷۴۳ / ۳۱ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ فِيْ سَفَرٍ فَعَرَّسَ بِلَيْلٍ اِضْطَجَعَ عَلٰى يَمِيْنِهٖ وَاِذَا عَرَّسَ قُبَيْلَ الصُّبْحِ نَصَبَ ذِرَاعَهٗ وَوَضَعَ رَاْسَهٗ عَلٰى كَفِّهٖ. (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سفر میں ہوتے اور رات کے آخری حصے میں اترتے[۱] تو دائیں جانب لیٹتے[۲]۔ اور جب صبح سے کچھ پہلے اترتے تو کلائی کھڑی کر کے سر مبارک ہتھیلی پر رکھ لیتے[۳]۔ (مسلم)

[۱] نیند اور آرام کے لیے۔

[۲] یاد رہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سوتے وقت دائمی عادت یہ تھی کہ دائیں پہلو کے بل لیٹتے تھے۔ علماء کرام نے اس کی حکمت یہ بیان کی ہے کہ دل بائیں جانب معلق ہے۔ لہٰذا اگر بائیں جانب لیٹ کر سویا جائے تو دل کو آرام اور قرار آجاتا ہے اور نیند گہری آتی ہے، اور رات کی نماز کے لیے بیدار ہونا اور اٹھنا مشکل ہو جاتا ہے۔ اطباء کا مقصد چونکہ بدن کی اصلاح، کھانے کا ہضم ہونا اور نیند میں راحت کا حصول ہے اس لیے انہوں نے بائیں جانب لیٹ کر سونے کو ترجیح دی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۳ کیونکہ یہ طریقہ بیدار ہونے، پوری طرح آرام نہ پاتے اور گہری نیند نہ آنے کے زیادہ قریب ہے اور ان امور میں زیادہ دخل رکھتا ہے۔

۳۷۴۵ ۳۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ رَوَاحَةَ فِي سَرِيَّةٍ فَوَافَقَ ذٰلِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ فَغَدَا أَصْحَابُهُ وَقَالَ أَتَخَلَّفُ وَأُصَلِّيْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ أَلْحَقُهُمْ فَلَمَّا صَلّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰهُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ أَنْ تَغْدُوَا مَعَ أَصْحَابِكَ فَقَالَ أَرَدْتُّ أَنْ أُصَلِّيَ مَعَكَ ثُمَّ أَلْحَقَهُمْ فَقَالَ لَوْ أَنْفَقْتَ مَا فِي الْأَرْضِ جَمِيْعًا مَا أَدْرَكْتَ فَضْلَ غَدْوَتِهِمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عبداللہ بن رواحہ[1] کو ایک دستے میں بھیجا۔ اتفاقاً یہ بھیجنا جمعہ کے دن تھا۔ ان کے ساتھی تو چلے گئے[2] اور انہوں نے سوچا کہ میں پیچھے رہ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز جمعہ پڑھوں گا۔ پھر اپنے ساتھیوں سے جا ملوں گا جب انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھی تو آپ نے انہیں دیکھا اور فرمایا: تمہیں اپنے ساتھیوں کے ساتھ روانہ ہونے سے کس چیز نے روکا؟ انہوں نے عرض کیا، میرا ارادہ یہ تھا کہ آپ کے ساتھ نماز جمعہ پڑھوں پھر ساتھیوں سے جا ملوں، آپ نے فرمایا: اگر وہ سب کچھ خرچ کر دو جو زمین میں ہے تو تم ان کے صبح کے وقت روانگی کی فضیلت نہیں پا سکو گے[3]۔ (ترمذی)

[1] عبداللہ بن رواحہ مشہور صحابہ اور شعرائے اسلام میں سے ہیں، جنگ موتہ (شام کے قریب ایک جگہ ۲ اق) میں شہید ہوئے۔

[2] اسباب، اشیاء اور ساز و سامان وغیرہ۔

[3] اس میں ثواب جہاد کے بیان کرنے میں انتہائی تاکید اور مبالغہ ہے رہی نماز جمعہ تو وہ وقت کے داخل ہونے سے پہلے فرض نہیں ہوتی، جمعہ کے دن وقت شروع ہونے کے بعد روانہ ہونا اس شخص پر حرام ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جس پر جمعہ لازم ہے۔ یہ جمہور علماء کا مذہب ہے امام ابو حنیفہ کے نزدیک، روانہ ہونا جائز ہے کیونکہ سفروں میں ضرورت پائی جاتی ہے بسا تیھوں کے چلے جانے کا خطرہ ہے۔ مسافر پر تو یوں بھی جمعہ فرض نہیں ہے۔

البتہ اطاعت سے غفلت برتنے اور اعراض کی وجہ سے مکروہ ضرور ہے۔ امام شافعی کے نزدیک جمعہ کے دن سفر کرنا ہی حرام ہے۔ اگرچہ زوال سے پہلے صبح کے وقت ہو۔ اسی طرح سفر السعادۃ میں ہے۔

۳۷۴۶/۳۲ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَصْحَبُ الْمَلٰٓئِکَۃُ رُفْقَۃً فِیْھَا جِلْدُ نَمِرٍ۔

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ نے فرمایا: فرشتے سفر کے ساتھیوں کی اس جماعت کے ہمراہ نہیں ہوتے جس میں چیتے[1] کی کھال ہو۔

(ابوداؤد)۔

[1] نمر نون پر زبر، میم کے نیچے زیر، مشہور درندے (چیتے) کا نام ہے۔ تحقیق۔ چیتے کی کھالوں پر سوار ہوتے اور ان کے پہننے سے ممانعت وارد ہوئی ہے۔ کیونکہ اس میں تکبر اور غرور ہے۔ نیز اس لیے کہ یہ عجمیوں کا لباس ہے۔

بعض علماء نے یہ وجہ بیان کی کہ اس کی کھال دباغت کے قابل نہیں ہے۔ اکثر طور پر اس کی کھال مرنے کے بعد اتاری جاتی ہے۔ کیونکہ اس کا شکار کرنا بہت مشکل ہے، امر ممنوع کا ارتکاب کرنے کی وجہ سے فرشتے ہمراہ نہیں ہوتے۔

۳۷۴۷/۳۳ وَعَنْ سَھْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَیِّدُ الْقَوْمِ فِی السَّفَرِ خَادِمُھُمْ فَمَنْ سَبَقَھُمْ بِخِدْمَۃٍ لَمْ یَسْبِقُوْہُ بِعَمَلٍ اِلَّا الشَّھَادَۃَ

(رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت سہل بن سعد[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سفر میں قوم کا بہترین فرد وہ ہے جو ان کی خدمت کرے[2]۔ تو جو خدمت کے ساتھ ان پر سبقت لے جائے تو وہ لوگ شہادت کے علاوہ کسی عمل سے اس پر سبقت نہیں لے جا سکیں گے۔ (شعب الایمان، امام بیہقی)

۵۱ سہل بن سعد ساعدی انصاری مدنی ہیں۔ وہ خود اور ان کے والد دونوں صحابی ہیں۔ ان کا نام حزن تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا نام سہل رکھ دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے وقت ان کی عمر پندرہ سال تھی۔ انہوں نے طویل عمر پائی، ۹۱ھ میں ان کا وصال ہوا، مدینہ منورہ میں سب سے آخر میں وصال فرمانے والے صحابی ہیں۔

۵۲ یعنی قوم کے بہترین اور بزرگ ترین شخص کو چاہیے کہ قوم کی خدمت کرے۔ ان کی ضروریات پوری کرے اور ظاہر و باطن میں ان کے احوال کی رعایت کرے۔ بعض محدثین نے کہا: مراد یہ ہے کہ خدمت کرنے والا اگرچہ بظاہر ادنیٰ ترین فرد ہو۔ درحقیقت وہ ثواب کی زیادتی کی بنا پر ان کا سردار ہے اور یہ مطلب حدیث کے آئندہ حصے کے زیادہ مناسب ہے۔

۵۳ یعنی خدمت سے زیادہ فضیلت والا کوئی عمل نہیں ہے ؏

کہ مرداں ز خدمت بجائے رسند۔

مردانِ راہ خدا، خدمت سے بلند مقام تک پہنچے ہیں۔

ہاں وہ شخص کہ جنگ کرے، یہاں تک کہ مارا جائے اور شہادت کی فضیلت حاصل کرے وہ خدمت والے سے بھی سبقت لے جائے گا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْكِتَابِ إِلَى الْكُفَّارِ وَدُعَائِهِمْ إِلَى الْإِسْلَامِ

۲۸۸- کافروں کو فرمان لکھنا اور انہیں اسلام کی دعوت دینا

جنگ سے پہلے کافروں کو اسلام کی دعوت دینا واجب ہے اور دعوت اسلام سے پہلے جنگ کرنا حرام ہے۔ البتہ جن لوگوں کو دعوتِ اسلام پہنچ چکی ہو اور وہ عناد کا مظاہرہ کر رہے ہوں تو ان کے ساتھ دعوت اسلام دیے بغیر بھی جنگ کی جا سکتی ہے ۲ (ق)۔ اسلام کی دعوت، خصوصاً کافروں کے بادشاہوں اور سرکردہ لوگوں کو عام طور پر خط وکتابت کے ذریعے ہوتی ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے زمانہ مبارکہ کے سلاطین کفار جیسے روم، ایران اور حبشہ کے بادشاہوں کو گرامی نامے بھجوائے، یہ مکتوبات اور فرامین فصاحت وبلاغت اور ایجاز میں اس مقام کو پہنچے ہوئے ہیں کہ ان سے بہتر کا تصور نہیں کیا جا سکتا۔ بعض علماء مثلاً صاحب شفاء وغیرہ نے انہیں جمع کر کے اپنی کتابوں کو زینت بخشی ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۳۷۴۸ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى قَيْصَرَ يَدْعُوْهُ اِلَى الْاِسْلَامِ وَبَعَثَ بِكِتَابِهٖ اِلَيْهِ دِحْيَةَ الْكَلْبِيَّ وَاَمَرَهٗ اَنْ يَّدْفَعَهٗ اِلٰى عَظِيْمِ بُصْرٰى لِيَدْفَعَهٗ اِلٰى قَيْصَرَ فَاِذَا فِيْهِ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِنْ مُّحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شاہ روم کو دعوت اسلام کا فرمان تحریر فرمایا۔ آپ نے گرامی نامہ حضرت دحیہ کلبی کے سپرد کیا اور انہیں حکم دیا کہ بصریٰ کے حاکم کو دیں تاکہ وہ شاہ روم کے سپرد کر دے اس میں تحریر تھا۔

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان، رحم والا۔ اللہ تعالیٰ کے بندے اور اس کے رسول محمد کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

إِلٰى هِرَقْلَ عَظِيْمِ الرُّوْمِ
سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ
الْهُدٰى أَمَّا بَعْدُ فَإِنِّيْ
أَدْعُوْكَ بِدَاعِيَةِ الْإِسْلَامِ
أَسْلِمْ تَسْلَمْ وَأَسْلِمْ يُؤْتِكَ
اللّٰهُ أَجْرَكَ مَرَّتَيْنِ وَإِنْ
تَوَلَّيْتَ فَعَلَيْكَ إِثْمُ الْأَرِيْسِيِّيْنَ
وَيَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا
إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَ
بَيْنَكُمْ أَنْ لَا نَعْبُدَ إِلَّا
اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْئًا
وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا
أَرْبَابًا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَإِنْ
تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِأَنَّا
مُسْلِمُوْنَ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَ
فِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ مِنْ
مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللّٰهِ وَقَالَ
إِثْمُ الْيَرِيْسِيِّيْنَ وَقَالَ
بِدِعَايَةِ الْإِسْلَامِ.

طرف سے، شاہ روم، ہرقل کے نام، سلامتی ہو
اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی ہو۔ اس
کے بعد: میں تمہیں اسلام کی دعوت دیتا ہوں،
تم اسلام لے لاؤ تا کہ تم سلامت رہو گے۔ اسلام
لے آؤ تو تمہیں دوہرا ثواب ملے گا۔ اور اگر
تم نے روگردانی کی تو تم پر مزارعوں اور
رعایا کا گناہ ہوگا۔ اے کتاب والو!
اس بات اور اس دین کی طرف آؤ جو
ہمارے اور تمہارے درمیان مشترک ہے،
وہ یہ کہ ہم اللہ تعالیٰ کے سوا کسی کی عبادت
نہ کریں، اور کسی چیز کو اس کا شریک نہ
ٹھہرائیں، اور اللہ تعالیٰ کے سوا ہمارے
بعض افراد بعض کو رب نہ بنائیں۔ پس
اگر وہ روگردانی کریں تو تم کہو کہ گواہ ہو
جاؤ کہ ہم مسلمان ہیں۔ (صحیحین)
امام مسلم کی ایک روایت میں ہے اللہ کے
رسول محمد کی طرف سے اور کہا کہ تم پر رعایا
کا گناہ ہے اور یہ فرمایا کہ تمہیں اسلام کی
دعوت دیتا ہوں۔

۱؎ دحیہ کلبی دال کے نیچے زیر اور زبر بھی پڑھ سکتے ہیں، مشہور صحابی ہیں جو قبیلہ بنو کلب کی طرف منسوب ہیں۔

۲؎ بُصریٰ بار پر پیش ہے بے نقطہ صاد ساکن، شام کے ایک مشہور شہر کا نام۔

۳؎ روم کے بادشاہ کو قیصر، فارس (ایران) کے بادشاہ کو کسریٰ، حبشہ کے بادشاہ کو نجاشی، ترک کے بادشاہ کو خاقان، قبط کے بادشاہ کو فرعون، مصر کے بادشاہ کو عزیز، حمیر کے بادشاہ کو تبع۔ تا پر پیش، بار مشددہ پر زبر، اور ہندوستان کے بادشاہ کو راجہ کہتے ہیں۔ اس قیصر کا نام ہرقل تھا ہا کے نیچے زیر،

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

را پر زبر اور قاف ساکن، را کو ساکن اور قاف کے نیچے زیر بھی پڑھی گئی ہے۔

اس حدیث کو حضرت ابن عباس نے حضرت ابو سفیان اموی سے روایت کیا ہے جب ابو سفیان تجارت کے لیے قریش کی ایک جماعت کے ساتھ ملک شام میں ہرقل کے پاس گئے تو ہرقل نے ابو سفیان کو اپنے پاس بلا کر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے احوال پوچھے، پورا واقعہ صحیح بخاری کی ابتدا میں مذکور ہے اور یہ حدیث آپ کی نبوت کے دلائل اور علامات میں سے ہے، حضرت مصنف نے بھی اسے علامات نبوت کے باب میں ذکر کیا ہے۔

۴ چونکہ وہ بادشاہ کافر تھا اس لیے خصوصیت کے ساتھ اسے سلام نہیں کیا اور یہ نہیں لکھا السلام علیک بلکہ ہدایت کے ہر پیروکار کو سلام کہا اور اس میں مختصر اور بہترین طریقے سے اس کے لیے حق و ہدایت کی ترغیب اور راہنمائی ہے۔

۵ دنیا کی تکلیف و رسوائی اور آخرت کے عذاب سے

۶ جیسے کہ اہل کتاب کی شان ہے کہ انہیں اسلام لانے پر دوہرا ثواب دیا جائے گا جیسے کہ قرآن پاک میں ہے، ایک ثواب عیسائیت کا کہ ہماری بعثت سے پہلے تم اس میں حق پر تھے اور ایک ثواب ہم پر ایمان لانے کا۔

۷ اور اسلام کے قبول کرنے سے اعراض کیا۔

۸ اَرِیْسِیِّیْنَ جمع ہے اَرِیْسِیٌّ کی، ہمزے پر زبر اور زیر بھی پڑھ سکتے ہیں، منسوب ہے اَرِیْسٌ کی طرف، جس کا معنی مزارع اور کاشتکار ہے ایک روایت میں یَرِیْسِیِّیْنَ ہے یَرِیْسٌ کی جمع ہے یا نسبت کے بغیر، دونوں صورتوں میں ہمزے کو یا کے ساتھ بھی تبدیل کیا گیا ہے، بہرصورت مراد رعایا مزارعین، تبعین، نوکر چاکر اور خدام ہیں کہ جب بادشاہ اسلام لے آئے گا تو اس کے ساتھ یہ لوگ بھی اسلام لے آئیں گے۔ اور اگر وہ اسلام لانے سے انکار کر دے گا تو یہ بھی انکار کر دیں گے اس لفظ کی تصحیح اور تحقیق کی طویل تفصیل شرح میں بیان کی گئی ہے۔

۹ یعنی انسانوں میں سے ہے، جیسے عیسائیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو رب اور پروردگار مانا۔

۱۰ یہ مسلمانوں سے خطاب ہے۔

۱۱ یہ روایت پہلی روایت سے چند طرح مختلف ہے۔ (۱) پہلی روایت میں مِنْ مُحَمَّدٍ عَبْدِ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ ہے جب کہ اس میں مِنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰہِ ہے (۲) پہلی روایت میں اَرِیْسِیِّیْنَ ہے جب کہ اس روایت میں ہمزے کو یا سے بدل دیا ہے (۳) پہلی روایت میں بِدَاعِیَۃِ الْاِسْلَامِ ہے اس میں بِدِعَایَۃِ الْاِسْلَامِ

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

ہے، صحیح بخاری، کتاب التفسیر میں بھی یہ لفظ آیا ہے۔

۳۷۴۹/۲ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ بِكِتَابِهٖ اِلٰى كِسْرٰى مَعَ عَبْدِاللّٰهِ ابْنِ حُذَافَةَ السَّهْمِيِّ فَاَمَرَهٗ اَنْ يَّدْفَعَهٗ اِلٰى عَظِيْمِ الْبَحْرَيْنِ فَدَفَعَهٗ عَظِيْمُ الْبَحْرَيْنِ اِلٰى كِسْرٰى فَلَمَّا قَرَاَ مَزَّقَهٗ فَقَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ فَدَعَا عَلَيْهِمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّمَزَّقُوْا كُلَّ مُمَزَّقٍ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا گرامی نامہ حضرت عبداللہ بن حذافہ سہمی[1] کے ذریعے شاہ ایران کو بھیجا، انہیں حکم دیا کہ یہ مکتوب بحرین[2] کے گورنر کو دینا[3] بحرین کے گورنر نے شاہ ایران کو دے دیا اس نے پڑھا تو اسے پھاڑ دیا۔ ابن مسیب فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شاہ ایران اور اس کے ساتھیوں کے خلاف دعا فرمائی کہ انہیں مکمل طور پر پارہ پارہ کر دیا جائے[5]۔ (بخاری)

[1] عبداللہ بن حذافہ سہمی، قریش کی ایک شاخ سہم بن عمرو کی طرف منسوب، قدیم الاسلام صحابی ہیں مہاجرین سابقین اولین میں سے ہیں، پہلے حبشہ کی طرف ہجرت کی، اور ایک قول کے مطابق بدر میں حاضر ہوئے۔

[2] کسریٰ کاف کے نیچے زیر، اس پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں، یہ عربی زبان میں خسرو کا بدل ہے، شاہ ایران، اس زمانے میں پرویز بن نوشیروان ایران کا بادشاہ تھا۔ (پرویز، ہرمز بن نوشیروان کا بیٹا تھا۔ یعنی نوشیروان کا پوتا تھا ۱۲ ق)۔

[3] بحرین ایک جگہ کا نام ہے (بصرہ کے قریب لب سمندر مشہور شہر ہے ۱۲ مرقاۃ)۔

[4] چنانچہ انہوں نے اسے پہنچا دیا۔

[5] اور وہ ہلاک ہو جائیں، چنانچہ پرویز کو اس کے بیٹے شیرویہ نے قتل کر دیا اور خود اپنے باپ کے چھ ماہ بعد مر گیا۔ چنانچہ ہمیشہ ہمیشہ کے لیے لعنت، ان کے گلے کا طوق بن گئی۔ (مسلمانوں کے لیے ضروری ہے کہ ہرگز ہرگز اپنے بیٹوں کا نام پرویز نہ رکھیں کہ اس نام والے بادشاہ نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان عالی کی توہین کی تھی ۱۲ قادری)۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۷۵۰/۲ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى كِسْرٰى وَاِلٰى قَيْصَرَ وَاِلَى النَّجَاشِيِّ وَاِلٰى كُلِّ جَبَّارٍ يَدْعُوْهُمْ اِلَى اللّٰهِ وَلَيْسَ بِالنَّجَاشِيِّ الَّذِيْ صَلّٰى عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایران، روم، اور حبشہ کے بادشاہوں اور ہر جابر بادشاہ کے نام گرامی نامہ بھیجا۔ یہ نجاشی وہ نہیں ہیں۔ جن پر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نماز جنازہ پڑھی۔

(مسلم)

سلہ نجاشی نون پر زبر، جیم مخفف اور یا ساکن، اکثر علماء کا یہی قول ہے۔ اور یہی درست ہے۔ بعض علماء نے یا مشدد پڑھی ہے۔ نون کے نیچے زیر بھی ہے۔ البتہ جیم کو مشدد سمجھنا بالاتفاق غلط، حبشہ کے بادشاہ کو نجاشی کہتے ہیں۔

سلہ جس نجاشی کی طرف آپ نے فرمان عالی بھیجا، اس نجاشی سے مختلف تھا جن کی غائبانہ نماز جنازہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں پڑھی، وہ مسلمان تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مخلصین اور صحابہ کرام کے خادم تھے۔ ان کا نام اصحمہ تھا۔ ہمزے پر زبر، صاد ساکن، اور حاء پر زبر، بعض نے حاء سے پہلے میم پڑھی ہے۔

(اصحم) بعض نسخوں میں۔ اصحبہ ہے میم کی جگہ باء کے ساتھ، صحمہ اور صمحہ بھی کہا گیا ہے۔ زیادہ مشہور اور کثیر الاستعمال اصحمہ ہے، ابتداء میں ہمزہ اور میم سے پہلے حاء۔ جب ان کی وفات کی خبر آئی تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارا بھائی اور نیک مرد فوت ہوگیا۔ اٹھو اور ان کی نماز جنازہ پڑھو۔

ایک روایت میں ہے کہ ہجرت کے چھٹے سال نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اطراف و اکناف کے بادشاہوں کو فرمان عالی بھیجے۔ حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو نجاشی کی طرف بھیجا۔ جب نجاشی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان عالی دیکھا تو تخت سے اتر کر زمین پر بیٹھ گیا۔ فرمان عالی کو بوسہ دیا آنکھوں سے لگایا اور حکم دیا کہ فرمان پڑھا جائے، جب اس کا مضمون سنا تو کلمہ طیبہ پڑھ کر اسلام لے آیا۔ اور کہنے لگا اگر میرے بس میں ہوتا تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتا، اپنے بیٹے کو تحفے اور ہدیے دے کر سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا جو راستے میں ہی ہلاک ہوگیا پھر حضور نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ایک اور گرامی نامہ ان کی طرف بھیجا، دونوں فرمان عالی ان کی اولاد میں موجود ہیں۔ جن کی وہ تعظیم کرتے ہیں اور ان سے برکت حاصل کرتے ہیں۔

۳۷۵۱/۴ وَعَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَمَّرَ اَمِيْرًا عَلٰى جَيْشٍ اَوْ سَرِيَّةٍ اَوْصَاهُ فِيْ خَاصَّتِهٖ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَمَنْ مَّعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرًا ثُمَّ قَالَ اُغْزُوْا بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ اُغْزُوْا فَلَا تَغُلُّوْا وَلَا تَغْدِرُوْا وَلَا تُمَثِّلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا وَاِذَا لَقِيْتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَادْعُهُمْ اِلٰى ثَلٰثِ خِصَالٍ اَوْ خِلَالٍ فَاَيَّتُهُنَّ مَا اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَاِنْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَى التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ اِلٰى دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ اِنْ فَعَلُوْا

حضرت سلیمان بن بریدہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی لشکر یا دستے پر امیر مقرر[2] فرماتے تو اسے اس کی ذات کے بارے میں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے[3] اور ان کے ساتھیوں کے بارے میں بھلائی کا حکم دیتے[4] پھر فرماتے۔ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر اللہ تعالیٰ کی راہ میں ان لوگوں سے جنگ کرو جو اللہ تعالیٰ کا انکار کریں، جہاد کرو[5]۔ مال غنیمت میں خیانت نہ کرو۔ بدعہدی نہ کرو۔ ناک کان نہ کاٹو[6]۔ بچوں کو قتل نہ کرو، اور جب تم اپنے دشمن مشرکوں سے ملاقات کرو تو انہیں تین خصلتوں یا تین[7] باتوں کی طرف بلاؤ وہ ان میں سے جسے بھی پسند کریں[8]۔ تم ان سے قبول کر لو اور ان سے رک جاؤ[9]۔ پھر تم انہیں اسلام کی دعوت دو[10]۔ اگر وہ مان جائیں[11] تو ان سے قبول کر لو اور ان سے باز رہو، پھر انہیں دعوت دو کہ وہ اپنے علاقے سے مہاجرین کے علاقے کی طرف منتقل ہو جائیں[12] اور انہیں بتادو کہ اگر انہوں نے ایسا کیا تو ان کے لیے وہی کچھ[13] ہے جو مہاجرین کے لیے اور ان کے ذمہ وہی کچھ[14] ہے جو مہاجرین

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ذٰلِكَ فَلَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ
وَ عَلَيْهِمْ مَا عَلَى الْمُهَاجِرِيْنَ
فَاِنْ اَبَوْا اَنْ يَّتَحَوَّلُوْا مِنْهَا
فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ يَكُوْنُوْنَ
كَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِيْنَ يُجْرٰى
عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ الَّذِىْ
يُجْرٰى عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ لَا
يَكُوْنُ لَهُمْ فِى الْغَنِيْمَةِ وَ
الْفَىْءِ شَىْءٌ اِلَّا اَنْ يُّجَاهِدُوْا
مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنْ هُمْ
اَبَوْا فَسَلْهُمُ الْجِزْيَةَ فَاِنْ
هُمْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ
وَ كُفَّ عَنْهُمْ فَاِنْ هُمْ
اَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَ
قَاتِلْهُمْ وَ اِذَا حَاصَرْتَ
اَهْلَ حِصْنٍ فَاَرَادُوْكَ اَنْ
تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَ
ذِمَّةَ نَبِيِّهٖ فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ
ذِمَّةَ اللّٰهِ وَ لَا ذِمَّةَ نَبِيِّهٖ
وَ لٰكِنِ اجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّتَكَ
وَ ذِمَّةَ اَصْحَابِكَ فَاِنَّكُمْ
اِنْ تُخْفِرُوْا ذِمَمَكُمْ وَ
ذِمَمَ اَصْحَابِكُمْ اَهْوَنُ مِنْ
اَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَ
ذِمَّةَ رَسُوْلِهٖ وَاِنْ حَاصَرْتَ

پر ہے۔ پس اگر وہ اپنے علاقے سے
منتقل ہونے پر تیار نہ ہوں۔ تو انہیں بتا
دو کہ وہ دیہاتی مسلمانوں[۱۵] کی طرح ہوں گے
ان پر اللہ تعالیٰ کا وہ حکم جاری کیا
جائے گا جو مومنوں پر جاری کیا جاتا ہے
اور ان کے لیے غنیمت اور فیٔ میں سے
حصہ نہ ہوگا[۱۶] مگر یہ کہ مسلمانوں کے ساتھ
مل کر جہاد کریں[۱۷]، پھر اگر وہ
(اسلام لانے سے) انکار کریں تو ان
سے جزیہ کا مطالبہ کرو[۱۸]، اگر وہ مان
لیں تو ان سے قبول کر لو اور ان سے
رک جاؤ اور اگر وہ انکار کریں[۱۹] تو
اللہ تعالیٰ سے امداد کی دعا کرو اور ان
سے جنگ کرو[۲۰]۔ اور جب تم کسی قلعہ[۲۱] کے
باشندوں کا محاصرہ کرو اور وہ چاہیں کہ
تم انہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے نبی کا
ذمہ دو تو انہیں اللہ تعالیٰ اور اس
کے نبی کا ذمہ نہ دو، بلکہ انہیں اپنا اور
اپنے ساتھیوں کا ذمہ دو[۲۲]۔ کیوں کہ
اگر تم[۲۳] اپنا اور اپنے ساتھیوں کا
عہد و پیمان توڑ دو تو یہ اللہ تعالیٰ
اور اس کے رسول کا عہد و پیمان
توڑنے کی نسبت ہلکا ہے۔ اور اگر
کسی قلعے والوں کا محاصرہ کرو۔ اور
وہ چاہیں کہ تم انہیں اللہ تعالیٰ کے حکم پر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أَهْلَ حِصْنٍ فَأَرَادُوْكَ أَنْ تُنْزِلَهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللهِ فَلَا تُنْزِلْهُمْ عَلٰى حُكْمِ اللهِ وَلٰكِنْ أَنْزِلْهُمْ عَلٰى حُكْمِكَ فَإِنَّكَ لَا تَدْرِيْ أَتُصِيْبُ حُكْمَ اللهِ فِيْهِمْ أَمْ لَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اتار دو تو انہیں اللہ تعالیٰ کے حکم پر نہ اتارو، بلکہ اپنے حکم پر اتارو۔ کیونکہ تم نہیں جانتے کہ ان کے بارے میں تم اللہ تعالیٰ کا حکم پا سکو گے یا نہیں؟[۶۱] (مسلم)

سلہ سلیمان بن بریدہ بار پر پیش، اسلمی مروزی، حضرت عبداللہ بن بریدہ کے بھائی، دونوں ایک ساتھ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زمانے میں پیدا ہوئے۔ ثقہ تابعی ہیں۔

۵۲ امّر میم مشدد ہے۔

۵۳ اس کی ذات کے بیے تقوے (پرہیزگاری) اور عزیمت (اصل) پر عمل کرنے کی وصیت فرماتے۔

۵۴ یعنی چشم پوشی اور نرمی کرنے اور آسانی فراہم کرنے کا حکم دیتے، یہ صحبت کے حقوق اور حکومت کے آداب میں سے ہے۔

اسی طرح شارحین نے اس کلام کی تفسیر کی ہے۔

۵۵ یہ تاکید ہے۔

۵۶ صراح میں ہے مثلہ میم پر پیش، تین نقطے والی ثار ساکن، ناک اور کان کاٹنا ______ لا تغلوا نقطے والی غین پر پیش، ولا تغدروا دال کے نیچے زیر، ولا تمثلوا تین نقطے والی ثار پر پیش۔

۵۷ راوی کو شک ہے کہ خصال فرمایا یا خلال، دونوں کا معنیٰ ایک ہی ہے۔ خلال جمع ہے خَلّۃ کی خا پر زبر، خصلت، یہ امیر سے خطاب ہے۔

۵۸ مَا اَجَابُوْكَ میں ما زائدہ ہے۔

۵۹ اس سے زیادہ کی انہیں تکلیف نہ دو اور ان کے درپے نہ ہو۔

۶۰ مسلم کے علاوہ دیگر روایات میں اُدْعُهُمْ لفظ ثُمَّ کے بغیر ہے، اور یہ زیادہ ظاہر اور درست ہے، یہ پہلی خصلت کا بیان ہے، کہ پہلے اسلام کی دعوت دی جائے گی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ اور مسلمان ہو جائیں تو ان سے قبول کر لو اور ان سے ہاتھ روک لو۔ ان کے مالوں اور خونوں سے تعرض نہ کرو۔

سلہ اور ان کے درمیان رہیں۔

سلہ اجر و ثواب اور مال فیئ کا استحقاق، کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں اللہ تعالیٰ جو مال فیئ عطا فرماتا تھا وہ خرچ کیا جاتا تھا اور دیہاتی مسلمانوں کو دیا جاتا تھا۔

سلہ جہاد کے لیے نکلنے کی شرطیں۔ جب امام حکم دے، خواہ دشمن کے مقابل اتنی تعداد ہو جو اس کا مقابلہ کر سکے یا نہ ہو، برخلاف غیر مہاجرین کے کہ اگر دشمن کے مقابل اتنے مجاہدین موجود ہوں جو اس کے لیے کافی ہوں تو ان پر جہاد کے لیے نکلنا واجب نہیں ہے۔

سلہ جنہوں نے اپنے وطنوں کو لازم پکڑا ہے اور دار کفر میں نہیں بلکہ جنگلوں میں رہتے ہیں۔

سلہ جیسے کہ مہاجرین کے لیے ہوتا ہے، غنیمت اور فیئ کا ایک معنی ہے۔ وہ مال جو کافروں سے حاصل ہو۔ بعض علماء نے فرق کیا ہے کہ غنیمت وہ مال ہے جو جنگ اور مشقت کے بغیر حاصل ہو اور فیئ وہ مال ہے جو جنگ اور مشقت سے حاصل ہو لہ۔

سلہ جب کہ مہاجرین کے لیے جنگ کے بغیر مال غنیمت میں سے حصہ ہے۔ یہ سب پہلی خصلت کا تتمہ ہے۔

سلہ یہ دوسری خصلت کا بیان ہے۔

سلہ جزیہ دینے سے انکار کر دیں۔

سلہ یہ تیسری خصلت کا بیان ہے۔

سلہ حصن، اصل میں اس کا معنی ہے پناہ، درستی، درست ہونا۔ اور شہر کے گرد دیوار کھڑی کرنا

سلہ یعنی ذمہ اور عہد دیتے وقت خدا اور رسول کا نام لینے کی حاجت نہیں ہے۔ اپنا اور اپنے ساتھیوں کا نام لینا ہی کافی ہے، اور حقیقت میں یہ اصل ہی کی طرف راجع ہے۔

سلہ اکثر نسخوں میں تَأَنَّکُمُ صیغہ خطاب کے ساتھ ہے۔ مصابیح کے بعض نسخوں میں بِاَنَّھُمْ ہے اور ضمیر کافروں کی طرف راجع ہے۔ روایت کے اعتبار سے پہلا لفظ زیادہ صحیح ہے اور عقلی اعتبار سے

لہ غالباً یہ کتابت کی غلطی ہے ورنہ جنگ سے حاصل ہونے والے مال کو غنیمت اور بغیر جنگ کے حاصل ہونے والے مال کو فیئ کہتے ہیں ۱۲ قادری۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دوسرا لفظ زیادہ ظاہر ہے. کیونکہ عہد شکنی کی نسبت کافروں کی طرف بہتر ہے۔ بجائے اس کے کہ مومنوں کی طرف منسوب کی جائے۔

مصابیح کے نسخوں میں فَاِنَّهُمْ ہمزے کی زبر کے ساتھ ہے، بعض نسخوں میں ہمزہ کی زیر کے ساتھ ہے پہلا لفظ زیادہ قوی اور ظاہر ہے۔

۵۲۴ یعنی تم نے جو انہیں اترنے کا حکم دیا ہے تمہیں کیا خبر کہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک درست ہے اور حکم الٰہی کے موافق ہے یا نہیں؟۔ ہو سکتا ہے کہ تم نے غلطی کی ہو۔ جیسے کہ مجتہد کا حکم کبھی صحیح ہوتا ہے اور کبھی غلط۔

۳۷۵۲/۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَعْضِ اَيَّامِهِ الَّتِیْ لَقِیَ فِيْهَا الْعَدُوَّ اِنْتَظَرَ حَتّٰى مَالَتِ الشَّمْسُ ثُمَّ قَامَ فِی النَّاسِ فَقَالَ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ لَا تَتَمَنَّوْا لِقَآءَ الْعَدُوِّ وَ اسْاَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فَاِذَا لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاصْبِرُوْا وَ اعْلَمُوْا اَنَّ الْجَنَّةَ تَحْتَ ظِلَالِ السُّيُوْفِ ثُمَّ قَالَ اَللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ وَ مُجْرِیَ السَّحَابِ وَ هَازِمَ الْاَحْزَابِ اهْزِمْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جن دنوں دشمن سے جنگ کرتے ان میں سے بعض دنوں میں انتظار فرمایا، یہاں تک کہ سورج کا زوال ہو گیا[2]، پھر صحابہ کرام میں کھڑے ہو کر فرمایا: اے لوگو! دشمن کی ملاقات کی آرزو نہ کرو[3]، اللہ تعالیٰ سے عافیت[4] مانگو اور سامنا ہو تو صبر کرو[5]، اور جان لو کہ جنت، تلواروں کے سایوں کے نیچے ہے[6]" پھر دعا کی اے اللہ! کتاب کے نازل کرنے والے، بادلوں کو چلانے والے[7] اور گروہوں[8] کو شکست دینے والے انہیں شکست دے اور ان کے خلاف ہماری امداد فرما۔

(صحیحین)۔

[1] عبداللہ بن ابی اوفی مشہور صحابی ہیں، کوفہ میں وصال فرمانے والے آخری صحابی ہیں، ۸۶ھ میں ان کا وصال ہوا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۲ اکثر طور پر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دوپہر نماز ظہر کے وقت جنگ کی۔ محدثین نے فرمایا:۔
اس میں حکمت یہ ہے کہ یہ ہواؤں کے چلنے اور دلوں کی راحت کا وقت ہے۔ اس کے بعد نماز اور دعا کا وقت ہے، حدیث شریف میں بھی آیا ہے کہ اس وقت آسمان کے دروازے کھل جاتے ہیں اور اعمال مقام قبولیت میں پیش کیے جاتے ہیں۔ اس لیے اس وقت فتح و نصرت کے انوار کے نازل ہونے کی امید رکھی جاسکتی ہے۔ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے سے کونسا عمل بلند و بالا اور زیادہ فضیلت والا ہوسکتا ہے۔
یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ دن کے ابتدائی حصے میں جنگ اور اس کے ساز و سامان کی تیاری کی جاتی ہے اور دن کا آخری حصہ رات کے قریب ہوتا ہے، اس لیے دن کا درمیانہ حصہ متعین ہوگیا۔
واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۳ یعنی یہ آرزو نہ کرو کہ دشمن کے ساتھ جنگ چھڑ جائے۔ کیونکہ اس صورت میں مصیبت کا طلب کرنا ہے، اور مصیبت کا طلب کرنا ممنوع ہے۔ نیز اس میں غرور اور اپنی قوت و طاقت اور اپنی ذات پر بھروسا پایا جاتا ہے۔ نیز دشمنوں کے مقابلے کی تیاری کی کمی پائی جاتی ہے اور دشمن کو حقیر جانتا ہے۔
دانشوروں نے کہا ہے کہ دشمن کو حقیر اور بے چارہ نہیں جاننا چاہیے۔

۵۴ سلامتی اور بلا کے دفع کرنے کی دعا مانگو۔

۵۵ قاعدہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے آزمائش نہیں مانگنی چاہیے اور جب مصیبت نازل ہو جائے تو صبر کرنا چاہیے۔ آئندہ ارشاد میں دشمن کا سامنا ہونے کی صورت میں جنگ کی ترغیب دی گئی ہے۔

۵۶ یہ اس بات سے کنایہ ہے کہ جنگ اور قتال میں جب تلواریں سروں پر ہوں تو جنت بہت قریب ہوتی ہے۔

۵۷ مُنْزِل۔ میم پر پیش، نون ساکن اور زا کے نیچے زیر، مُجْرِی میم پر پیش، جیم ساکن اور را کے نیچے زیر۔

۵۸ صراح میں ہے حزب بے لفظ حا کے نیچے زیر، زا ساکن، گروہ، اس کی جمع اَحْزَاب ہے اس سے وہ گروہ مراد ہے جو سرورِ انبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے جنگ کرنے کے لیے جمع ہوئے تھے۔ ہزم اور ہزیمت کا معنی ہے لشکر کو شکست دینا۔

۳۷۵۳/۶ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

إِذَا غَزَا بِنَا قَوْمًا لَمْ يَكُنْ يَغْزُو بِنَا حَتّٰى يُصْبِحَ وَيَنْظُرَ إِلَيْهِمْ فَإِنْ سَمِعَ أَذَانًا كَفَّ عَنْهُمْ وَإِنْ لَمْ يَسْمَعْ أَذَانًا أَغَارَ عَلَيْهِمْ قَالَ فَخَرَجْنَا إِلٰى خَيْبَرَ فَانْتَهَيْنَا إِلَيْهِمْ لَيْلًا فَلَمَّا أَصْبَحَ وَلَمْ يَسْمَعْ أَذَانًا رَكِبَ وَرَكِبْتُ خَلْفَ أَبِيْ طَلْحَةَ وَإِنَّ قَدَمِيْ لَتَمَسُّ قَدَمَ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَخَرَجُوْا إِلَيْنَا بِمَكَاتِلِهِمْ وَمَسَاحِيْهِمْ فَلَمَّا رَأَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا مُحَمَّدٌ وَاللّٰهِ مُحَمَّدٌ وَالْخَمِيْسُ فَلَجَؤُوْا إِلَى الْحِصْنِ فَلَمَّا رَآهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ أَكْبَرُ اللّٰهُ أَكْبَرُ خَرِبَتْ خَيْبَرُ إِنَّا إِذَا نَزَلْنَا بِسَاحَةِ قَوْمٍ فَسَاءَ صَبَاحُ الْمُنْذَرِيْنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

جب ہمیں ساتھ لے کر کسی قوم سے جنگ کرتے[1] تو ہماری معیت میں جنگ نہ کرتے یہاں تک کہ صبح کر لیتے[2] اور اس قوم کی طرف دیکھتے[3] پس اگر اذان سنتے تو ان سے ہاتھ روک لیتے[4] اور اگر اذان نہ سنتے تو ان پر حملہ کر دیتے[5] حضرت انس فرماتے ہیں کہ ہم خیبر کی طرف نکلے اور رات کے وقت ان تک پہنچ گئے، جب صبح ہوئی اور آپ نے اذان نہیں سنی تو آپ سوار ہوئے اور میں حضرت ابو طلحہ[6] کے پیچھے سوار ہوا میرا پاؤں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاؤں کو چھو رہا تھا[7] حضرت انس نے فرمایا، اہل خیبر اپنی زنبیلیں اور پھاوڑے لے کر ہماری طرف نکلے[8] جب انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا تو کہنے لگے یہ محمد ہیں۔ اللہ کی قسم! محمد اور لشکر[9] پھر انہوں نے قلعے میں پناہ لی، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دیکھا تو فرمایا: اللہ اکبر! اللہ اکبر! خیبر ویران ہو گیا۔ جب ہم کسی قوم کے میدان میں اترتے ہیں تو ڈر سنائے ہوئے لوگوں کی صبح بری ہوتی ہے[10]

(صحیحین)

[1] یعنی جب آپ جنگ کرتے اور ہم آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے۔

[2] صبح سے مراد صبح صادق ہے جو حملہ کرنے کا وقت ہے۔ جیسے کہ آیہ کریمہ کے معنٰی سے اس کی طرف

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اشارہ ہے۔ فَالْمُغِيْرَاتِ صُبْحًا صبح کے وقت حملہ کرنے والے۔

ے۳ اور ان کے حال میں غور فرماتے، اگرچہ یہ معلوم ہوتا کہ یہ کافروں کا شہر ہے، لیکن اس احتمال کو پیش نظر رکھتے کہ ممکن ہے ان میں مسلمان بھی ہوں۔

ے۴ ان پر حملہ نہ کرتے اور نہ ہی تاخت و تاراج کرتے۔

ے۵ کیونکہ ان میں کفر کی علامت پائی جاتی تھی، اس لیے کہ اُس وقت اذان کا ترک کرنا مسلمانوں سے متصور نہ تھا۔ فقہ کی روایت میں ہے کہ اگر ایک شہر والے اذان کے ترک کرنے پر متفق ہو جائیں تو امام پر واجب ہے کہ ان سے جنگ کرے، کیونکہ اذان اسلام کا شعار ہے۔

ے۶ حضرت انس کی والدہ کے شوہر، رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

ے۷ کیونکہ ان کی سواری نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری کے قریب تھی، حواشی میں لکھا ہے کہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ تینوں حضرات ایک سواری پر سوار تھے اور یہ بعید ہے۔ جب یہ ثابت ہے کہ حضرت انس حضرت ابوطلحہ کے پیچھے تھے تو ان کے پاؤں کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پائے اقدس سے چھونا بعید ہے۔

ے۸ یعنی اپنے کھیتوں اور کھجور کے باغوں کی طرف، اور اس بات سے بے خبر کہ ہم ان کے سر پر پہنچ چکے ہیں۔ مکاتل جمع ہے مکتل کی وہ زنبیل جس میں پندرہ صاع غلے کی گنجائش ہو، مساحی جمع ہے مسحاۃ کی، لوہے کا وہ آلہ جس کے ساتھ زمین کو ہموار کرتے ہیں،

پھاوڑا، کدال۔ دونوں کی میم کے نیچے زیر ہے۔

ے۹ لشکر کو خمیس اس لیے کہتے ہیں کہ لشکر کے پانچ حصے ہوتے ہیں۔ (۱) مقدمہ (۲) قلب (۳) میمنہ (۴) میسرہ (۵) ساقہ۔

ے۱۰ وہ لوگ جنہیں اللہ تعالیٰ کے عذاب کا ڈر سنا دیا گیا ہوتا ہے۔ شعر

ماتیغ برہنہ ایم در دست قضا ۔۔۔ شد کشتہ کسے کہ خویش را برما زد

ترجمہ۔ ہم قضا کے ہاتھ میں برہنہ تلوار ہیں۔ ۔۔۔ جو ہم پر آکر گرا وہ مارا گیا۔

۳۷۵۴ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ قَالَ شَهِدْتُ الْقِتَالَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ إِذَا لَمْ يُقَاتِلْ أَوَّلَ النَّهَارِ

حضرت نعمان بن مقرن[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جنگ میں حاضر ہوا تو جب کبھی آپ دن کے ابتدائی حصے میں جنگ نہ کرتے تو انتظار فرماتے۔ یہاں تک کہ ہوائیں چلنے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَنْتَظَرَ حَتّٰى تَهُبَّ الرِّيَاحُ وَ تَحْضُرَ الصَّلٰوةُ۔ لگتیں اور نماز کا وقت آجاتا [۲]

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) (بخاری)

[۱] نعمان نون پر پیش بن مقرن میم پر پیش، قاف پر زبر، را رشدہ کے نیچے زیر، آخر میں نون، حضرت سوید بن مقرن کے بھائی اور مزنی صحابی ہیں۔ فتح مکہ کے دن قبیلہ مزینہ کا جھنڈا ان کے پاس تھا، چار سو افراد کی جماعت میں اپنے سات بھائیوں کے ساتھ ہجرت کی، بصرہ میں مقیم ہوئے، پھر کوفہ چلے گئے، حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی طرف سے نہاوند کے گورنر تھے، ۲۱ھ میں وہیں شہید ہوئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

[۲] اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ظہر کی نماز کے وقت جنگ اس صورت میں ہوتی جب دن کے ابتدائی حصے میں جنگ نہ ہوتی۔ غالباً حالات مختلف تھے، کبھی ابتدائی حصے میں جنگ ہوتی اور کبھی دوپہر کے وقت۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۳۷۵۵/۸ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ قَالَ شَهِدْتُّ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ كَانَ إِذَا لَمْ يُقَاتِلْ أَوَّلَ النَّهَارِ انْتَظَرَ حَتّٰى تَزُوْلَ الشَّمْسُ وَ تَهُبَّ الرِّيَاحُ وَ يَنْزِلَ النَّصْرُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ حاضر ہوا۔ جب آپ دن کے ابتدائی حصے میں جنگ نہ کرتے تو انتظار فرماتے۔ یہاں تک کہ سورج ڈھل جاتا۔ ہوائیں چلتیں اور نصرت نازل ہوتی [۱]

(ابوداؤد)

[۱] یہ حدیث گزشتہ حدیث کی مثل ہے، لیکن اس جگہ ہے کہ سورج ڈھل جاتا اور گزشتہ حدیث میں ہے نماز حاضر ہو جاتی، مطلب ایک ہی ہے اس جگہ یہ اضافہ ہے کہ نصرت نازل ہوتی۔ اس وقت آسمان کے دروازے کھل جانے سے، جیسے کہ دوسری حدیث میں فرمایا: ہمیں بادِ صبا سے امداد اور فتح دی گئی ہے۔

۳۷۵۶/۹ وَعَنْ قَتَادَةَ عَنِ حضرت قتادہ، حضرت نعمان بن مقرن رضی اللہ عنہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ إِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ أَمْسَكَ حَتَّى تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَإِذَا طَلَعَتْ قَاتَلَ فَإِذَا انْتَصَفَ النَّهَارُ أَمْسَكَ حَتَّى تَزُوْلَ الشَّمْسُ فَإِذَا زَالَتِ الشَّمْسُ قَاتَلَ حَتَّى الْعَصْرِ ثُمَّ أَمْسَكَ حَتَّى يُصَلِّيَ الْعَصْرَ ثُمَّ يُقَاتِلُ قَالَ قَتَادَةُ كَانَ يُقَالُ عِنْدَ ذٰلِكَ تَهِيْجُ رِيَاحُ النَّصْرِ وَيَدْعُوا الْمُؤْمِنُوْنَ لِجُيُوْشِهِمْ فِيْ صَلٰوتِهِمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم[۱] صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں جہاد کیا، تو جب فجر[۲] طلوع ہوتی تو آپ طلوع آفتاب تک جنگ سے اجتناب کرتے، جب سورج نکل آتا تو آپ جنگ کرتے، جب سورج سر پر آ جاتا تو زوال آفتاب تک رک جاتے، جب زوال آفتاب ہو جاتا تو آپ عصر تک جنگ کرتے، پھر رک جاتے یہاں تک کہ عصر کی نماز ادا کرتے پھر[۳] جنگ کرتے۔ قتادہ کہتے ہیں[۴] کہا جاتا تھا کہ اس وقت نصرت کی ہوائیں چلتی تھیں[۵] اور مومن اپنی نمازوں[۶] میں اپنے لشکروں کے لیے دعا مانگتے تھے۔ (ترمذی)

۱؎ بعض نسخوں میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی معیت میں۔

۲؎ مراح میں ہے فجر آخر شب کی سفیدی۔

۳؎ شام تک جنگ کرتے، جب آپ پورا دن جنگ کرتے تو اس ترتیب کو ملحوظ رکھتے۔

۴؎ اس انداز کی حکمت بیان کرتے ہوئے۔

۵؎ ان تمام اوقات میں جیسے کہ ظاہر عبارت سے معلوم ہوتا ہے یا خاص زوال کے وقت، جیسے دوسری حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ایسی ہوائیں چلتیں جو فتح و نصرت کا سبب بنتیں۔

۶؎ یعنی نماز کے بعد، یا دوران نماز، جیسے کہ قنوت پڑھنے کے بارے میں احادیث آئی ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۷۵۷ وَعَنْ عِصَامٍ الْمُزَنِيِّ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ

حضرت عصام مزنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَرِيَّةٍ فَقَالَ إِذَا رَأَيْتُمْ مَسْجِدًا أَوْ سَمِعْتُمْ مُؤَذِّنًا فَلَا تَقْتُلُوْا أَحَدًا.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

ایک دستے میں بھیجا اور فرمایا جب[۲] تم مسجد دیکھو یا کسی مؤذن کو اذان دیتے ہوئے سنو تو کسی کو قتل نہ کرو۔

(ترمذی، ابوداؤد)

[۱] عصام عین کے نیچے زیر، صاد مخفف المزنی کم حدیثیں روایت کرنے والے صحابی ہیں۔ کہتے ہیں کہ یہی ایک حدیث ان سے مروی ہے۔ ان سے ان کے بیٹے روایت کرتے ہیں۔

[۲] دشمن کے علاقے کے کسی گاؤں میں۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۳۷۵۸/۱۱ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ قَالَ كَتَبَ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ إِلٰى أَهْلِ فَارِسَ.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مِنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ إِلٰى رُسْتَمَ وَ مِهْرَانَ فِيْ مَلَاءِ فَارِسَ سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى أَمَّا بَعْدُ فَإِنَّا نَدْعُوْكُمْ إِلَى الْإِسْلَامِ فَإِنْ أَبَيْتُمْ فَأَعْطُوا الْجِزْيَةَ عَنْ يَدٍ وَ أَنْتُمْ صَاغِرُوْنَ فَإِنْ أَبَيْتُمْ فَإِنَّ مَعِيَ قَوْمًا يُحِبُّوْنَ الْقَتْلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَا يُحِبُّ فَارِسُ الْخَمْرَ وَ السَّلَامُ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى.

حضرت ابو وائل[۱] سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے اہل فارس (ایرانیوں) کو مکتوب گرامی لکھا۔ اللہ کے نام سے شروع جو بہت مہربان، نہایت رحم والا خالد بن ولید کی طرف سے رستم اور مہران کے نام جو ایرانیوں کی ایک جماعت[۲] میں موجود ہیں، سلامتی ہو اس پر جس نے ہدایت کی پیروی کی، سلام کے بعد! ہم تمہیں اسلام کی دعوت دیتے ہیں[۳] پس اگر تم انکار کرو تو اپنے ہاتھ[۴] سے جزیہ دو اس حال میں کہ تم عاجز اور خوار ہو، اگر اس سے بھی انکار کرو تو میرے ساتھ ایسے لوگ ہیں جو اللہ تعالیٰ کی راہ میں قتل کیے جانے کو اس طرح محبوب رکھتے ہیں جیسے ایرانی شراب کو محبوب جانتے ہیں[۵] ہدایت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ) کے پیروکاروں پر سلامتی ہو۔[۹] (شرح السنۃ)

لہ ابو وائل ان کا نام شقیق ہے، مشہور اور بڑے تابعی ہیں، انہوں نے اسلام اور جاہلیت دونوں کا زمانہ پایا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے ان کی عمر دس سال تھی۔ اکابر صحابہ سے روایت کرتے ہیں، حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے خصوصی تعلق رکھتے تھے، بکثرت حدیثیں روایت کیں، ثقہ اور معتمد ہیں، حجاج بن یوسف اور بعض نے کہا کہ حضرت عمر بن عبدالعزیز کے زمانے میں فوت ہوئے۔

لہ مِہران میم کے نیچے زیر

لہ ملاء میم اور لام پر زبر، آخر میں ہمزہ، قوم کے سرکردہ اور معزز بن کر کہتے ہیں جن کی طرف دوسرے لوگ رجوع کرتے ہیں اور ان کی رائے حرف آخر کا درجہ رکھتی ہے، انہیں ملأ اس لیے کہتے ہیں کہ وہ مجلسوں کو پر کرتے ہیں۔

لہ تم مسلمان ہو جاؤ۔

لہ ایسا نہ ہو کہ کسی کے ہاتھ بھیج دو۔

لہ تم ہلاک اور پشیمان ہو گے۔

لہ یا قتل کرنے۔

لہ یعنی جنگ وقتال میں مست اور مدہوش ہو جاتے ہیں، یا یہ مطلب ہے کہ نشاط وطرب اور ذوق ولذت حاصل کرتے ہیں۔

لہ راہ ہدایت کی پیروی اور دین اسلام کے اختیار کرنے پر تاکید اور ترغیب کے لیے فرمایا۔

بَابُ الْقِتَالِ فِي الْجِهَادِ

۲۸۹۔ جہاد میں جنگ کرنے کا بیان

یاد رہے کہ اس جگہ تین لفظ ہیں (۱) جہاد (۲) غزو (۳) قتال۔ جہاد اور جہد کا معنیٰ ہے مشقت برداشت کرنا اور اس میں طاقت صرف کرنا، غزو کا معنیٰ ہے باہر نکلنا اور کافروں سے جنگ کرنے کے لیے روانہ ہونا اور ان پر حملہ کرنا قتال، تقاتل اور اقتتال کا معنیٰ ہے قتل کرنا۔ اس باب میں غازیوں کے مناقب اور مغازی بیان کیے جائیں گے حضرت مصنف کا یہ فرمانا درست ہے کہ جہاد میں جنگ کرنا اور ایک دوسرے کو قتل کرنا، کیونکہ کبھی جنگ کے بغیر بھی جہاد ہوتا ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ہاں جہاد، جنگ کے معنی میں بھی آتا ہے، جیسے کہ قاموس میں ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۳۷۵۹ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ اُحُدٍ اَرَأَيْتَ اِنْ قُتِلْتُ فَاَيْنَ اَنَا قَالَ فِي الْجَنَّةِ فَاَلْقٰى تَمَرَاتٍ فِيْ يَدِهٖ ثُمَّ قَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ -

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے غزوہ اُحُد[1] کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یہ فرمائیں اگر میں قتل کر دیا گیا تو کہاں ہوں گا؟ فرمایا، جنت میں، انہوں نے اپنے ہاتھ میں موجود کھجوریں پھینک دیں[2] پھر جنگ کی یہاں تک کہ وہ شہید کر دیے گئے۔

(صحیحین)

۱؎ اُحُد پہلے دونوں حرفوں پر پیش، ایک پہاڑ کا نام، اس کا نام اُحُد اس لیے رکھا گیا کہ وہ الگ تھلگ واقع ہے اور دوسرے پہاڑوں سے متصل نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں فرمایا: اُحُد وہ پہاڑ ہے جو ہم سے محبت رکھتا ہے اور ہم اس سے محبت رکھتے ہیں۔

۲؎ اور اتنی تاخیر روا نہ رکھی کہ انہیں کھالیں۔

۳۷۶۰ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمْ يَكُنْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيْدُ غَزْوَةً اِلَّا وَرّٰى بِغَيْرِهَا حَتّٰى كَانَتْ تِلْكَ الْغَزْوَةُ يَعْنِيْ غَزْوَةَ تَبُوْكَ غَزَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَرٍّ شَدِيْدٍ وَاسْتَقْبَلَ سَفَرًا بَعِيْدًا وَّمَفَازًا وَّعَدُوًّا كَثِيْرًا فَجَلّٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ لِيَتَاَهَّبُوْا اُهْبَةَ غَزْوِهِمْ فَاَخْبَرَهُمْ بِوَجْهِهِ الَّذِيْ

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی کسی جنگ کا ارادہ فرماتے تو اسے کسی دوسری جنگ کے ساتھ پوشیدہ[1] فرما دیتے یہاں تک کہ وہ غزوہ[2] یعنی غزوۂ تبوک ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس جنگ کے لیے سخت گرمی میں نکلے، آپ نے دور دراز سفر، جنگلوں[3] اور کثیر التعداد دشمن کا قصد فرمایا[4] تو آپ نے واضح طور پر مسلمانوں کو ان کا کام بتا دیا تاکہ وہ جنگ کی تیاری کر لیں[5] اور صحابہ کرام کو اس راستے کی خبر دی جس کا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يُّوَرِّيْ ۔ آپ ارادہ رکھتے تھے ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) (بخاری)

لے وَرّٰی واو پر زبر اور راء مشدد، توریۃ سے مشتق ہے جس کا معنیٰ ہے کسی خبر کا پوشیدہ رکھنا اور دوسری خبر کی طرف متوجہ کر دینا، مطلب یہ ہے کہ اگر کسی جگہ جہاد کے لیے جانے کا ارادہ فرماتے تو لوگوں کو یوں تاثر دیتے کہ دوسری جگہ جا رہے ہیں، ایسی کارروائی ہوشمندی کی علامت ہے تاکہ تیاری بھی کر لی جائے اور دشمن کو خبر بھی نہ ہونے پائے یہ ایک جنگی چال ہے (تاکہ دشمن کے جاسوس خبردار نہ ہو جائیں) جیسے کہ فرمایا: اَلْحَرْبُ خُدْعَةٌ جنگ، ایک پرفریب چال ہے یہ توریہ، تعریض اور کنایہ کے طور پر تھا نہ کہ صراحت کے ساتھ، مثلاً ایک جگہ جنگ کے لیے جانے کا ارادہ فرماتے تو دوسری جگہ کے حالات، اس کے راستے کی کیفیت دریافت فرماتے اور اس جانب خیمے گاڑ دیتے صراحۃً یوں نہ فرماتے کہ ہم فلاں جگہ جا رہے ہیں تاکہ جھوٹ لازم نہ آئے، جیسے کہ کہا گیا ہے ۔ شعر

سکندر کہ با شرقیاں حرب داشت

در خیمہ گویند در غرب داشت

کہتے ہیں کہ سکندر شرق والوں کے ساتھ جنگ (کا ارادہ) رکھتا اور خیمے کا دروازہ مغرب کی طرف رکھتا۔

۲ے اس غزوہ کی طرف اشارہ کیا جو حضرت کعب بن مالک کی نسبت سے معروف و مشہور تھا اور وہ اس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ نہیں نکلے تھے اور پیچھے رہ گئے تھے، یہ مشہور واقعہ ہے اور قرآن پاک میں مذکور ہے، حضرت کعب کا مطلب یہ ہے کہ وہ غزوہ جس کی بنا پر میں ابتلاء اور آزمائش میں واقع ہوا تھا، پھر وہ کچھ ہوا جو ہو گیا۔ ہم نے اس واقعہ کو شرح سفر السعادۃ کے باب سجدۂ شکر میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے، یہ حسین و جمیل واقعہ اور عجیب حکایت ہے۔

۳ے کیونکہ تبوک، مدینہ منورہ اور شام کے درمیان ہے اور مدینہ طیبہ سے وہاں تک چودہ مرحلے ہیں۔

۴ے بے آب و گیاہ میدان۔

۵ے یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری غزوہ تھا جو ۹ھ میں واقع ہوا۔

۶ے تَاَهَّبَ تیاری کرنا اُهْبَةٌ ہمزے پر پیش اور ہا ساکن۔

۷ے وِجْهَةٌ اور جِهَةٌ جانب، طرف، یہ پورا واقعہ اور وہ محنت و مشقت جو صحابہ کرام نے اس جگہ دیکھی کتب سیر میں مذکور ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۷۶۱ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَرْبُ خَدْعَةٌ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنگ مکروفریب [1] ہے۔

(صحیحین)

[1] یعنی جنگ میں مکر و فریب، غلبہ پانے اور جنگ کی زیادتی سے زیادہ مفید ہے، مثلاً کسی جگہ میدانِ جنگ سے منہ موڑ لیا جائے اور دشمن کو یہ تاثر دیا جائے کہ یہ لوگ جنگ سے کترا کر واپس جارہے ہیں، تاکہ دشمن غافل ہوجائے پھر اچانک حملہ کرکے اسے لیا میٹ کر دیا جائے اور اسی قسم کی دوسری چالیں لیکن مکر میں کھلا جھوٹ نہ ہو۔ خدعہ خا پر زبر اور پیش بھی پڑھ سکتے ہیں۔ زبر زیادہ فصیح ہے، یعنی ایک مکر کے ساتھ جنگ کا پانسا پلٹ جاتا ہے، خا کے نیچے زیر بھی آئی ہے، یعنی فریب کی ایک قسم، خا پر پیش اور دال پر زبر (خُدَعَۃٌ) بہت فریب دینے والا یعنی دوسرے آدمی کے خیال میں ایک بات ڈالے اور اسے اس چیز کی توقع دلائے جب جنگ کرے تو اس کے خلاف ظاہر ہو جیسے ضُحَکَۃٌ اور لُعَبَۃٌ اس شخص کو کہتے ہیں جو بہت ہنسنے اور کھیلنے والا ہو۔

۳۷۶۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُوْ بِاُمِّ سُلَيْمٍ وَنِسْوَةٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ مَعَهٗ اِذَا غَزَا يَسْقِيْنَ الْمَآءَ وَيُدَاوِيْنَ الْجَرْحٰى۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت ام سلیم [1] اور کچھ انصاری عورتوں کے ہمراہ جہاد کے لیے نکلتے تھے، جب آپ جہاد کرتے تو یہ عورتیں [2] پانی پلاتیں اور زخمیوں کا علاج کرتیں [3]۔

(مسلم)

[1] ام سلیم، حضرت انس کی والدہ، بڑی عقل مند اور سمجھ دار خاتون تھیں۔

[2] غازیوں کو۔

[3] اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بوڑھی عورتوں کا پانی پلانے اور علاج معالجہ کے لیے نکلنا جائز [1] ہے

---

[1] اس حدیث سے موجودہ نرسنگ کے طریقہ کار کو جائز ثابت کرنا صحیح نہیں ہے، کیونکہ وہ خواتین عمر رسیدہ اور بوڑھی تھیں، پھر یہ کہ وہ اپنے محرم مردوں کی مرہم پٹی کرتی تھیں اور اگر نامحرم مردوں کی خدمت بھی کرتیں تو ضروری نہیں کہ ایک کا جسم بھی بلا پردہ دوسرے سے چھوتا ہو، نیز اس وقت تجربہ کار مردوں کی قلت بھی تھی، آج ستم یہ ہے کہ مردوں کی دیکھ بھال (بقیہ صفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دار اگر مباشرت اور جنسی عمل کے لیے عورتوں کو ساتھ لایا جائے تو بہتر یہ ہے کہ کنیزیں ہوں نہ کہ آزاد عورتیں۔

۳۷۶۳ وَعَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ غَزَوْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ اَخْلُفُهُمْ فِيْ رِحَالِهِمْ فَاَصْنَعُ لَهُمُ الطَّعَامَ وَ اُدَاوِي الْجَرْحٰى وَ اَقُوْمُ عَلَى الْمَرْضٰى۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ام عطیہ[1] رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سات غزوات میں شرکت کی، میں غازیوں کے بعد ان کی رہائش گاہوں میں رہتی تھی[2]۔ ان کے لیے کھانا تیار کرتی۔ زخمیوں کا علاج کرتی اور بیماروں کی تیمارداری کرتی تھی۔ (مسلم)

[1] ام عطیہ جلیل القدر صحابیہ ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوات میں جایا کرتی تھیں۔

[2] اور ان کے ساز و سامان کی حفاظت کیا کرتی تھی۔

۳۷۶۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَ الصِّبْيَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے، کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں[1] اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا۔ (صحیحین)

[1] کافروں کی عورتوں اور ان کے بچوں کے قتل سے منع فرمایا ——— ہدایہ میں ہے عورت، بچے، شیخ فانی، اپاہج اور نابینا کو قتل نہیں کیا جائے گا، کیونکہ ہمارے نزدیک قتل کی وجہ جواز جنگ[1] کرنا ہے اور یہ لوگ جنگ نہیں کر سکتے۔

امام شافعی کا ہمارے ساتھ شیخ فانی اپاہج اور نابینا کے بارے میں اختلاف ہے، کیونکہ ان کے نزدیک قتل کے جواز کی وجہ کفر ہے۔ احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں اور بچوں کے قتل سے منع فرمایا، آپ نے ایک عورت کی لاش دیکھی جسے قتل کیا گیا تھا۔ فرمایا: ہائے ہائے! یہ جنگ کرنے کے قابل نہ تھی اسے کیوں قتل کیا گیا ہے، ہاں اگر یہ لوگ جنگ کے بارے میں رائے دینے والے ہوں یا عورت ملکہ ہو یا

(بقیہ صفحہ سابقہ) یہ جواز رسول کو مقرر کیا جاتا ہے اور عورتوں کے آپریشن تک مرد ڈاکٹر کرتے ہیں حالانکہ آج بہت یافتہ مرد ڈاکٹروں کی طرح عورت ڈاکٹروں کی کمی نہیں ہے (۱۲ قادری)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جوان لوگوں میں سے جنگ کرے اسے قتل کیا جائے گا، تاکہ اس کا شر دفع ہو۔

۳۷۶۵ وَعَنِ الصَّعْبِ بْنِ جَثَّامَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَهْلِ الدِّيَارِ يُبَيَّتُوْنَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَيُصَابُ مِنْ نِّسَآئِهِمْ وَ ذَرَارِيِّهِمْ قَالَ هُمْ مِّنْهُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ هُمْ مِّنْ اٰبَآئِهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت صعب بن جثامہ[1] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے علاقے کے ان مشرکین کے بارے میں پوچھا گیا جن پر شب خون مارا جائے اور ان کی عورتیں اور بچے قتل کر دیے جائیں[2]۔ آپ نے فرمایا وہ ان ہی سے ہیں[3] اور ایک روایت میں ہے وہ اپنے آباء سے ہیں[4]۔ (صحیحین)

[1] صعب صاد پر زبر اور عین ساکن دونوں بے نقطہ، بن جثامہ جیم پر زبر، تین نقطے والی ثاء مشدد، حجاز کے علاقہ ودان اور ابواء میں مقیم ہوئے، ان کی حدیث اہل حجاز میں معروف ہے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خلافت میں ان کا وصال ہوا۔

[2] مخلوط ہونے اور الگ الگ نہ ہونے کے سبب ذُرِّيَّةٌ اولاد، ذُرِّيَّاتٌ اور ذَرَارِيّ یاء ساکن کے ساتھ اس کی جمع ہے۔

[3] یعنی عورتوں اور بچوں کے قتل کیے جانے میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ وہ مشرک مردوں سے ہیں اور ان کے حکم میں ہیں۔ اس حدیث کے ظاہر سے عورتوں اور بچوں کے قتل کا جواز معلوم ہوتا ہے۔ بعض علماء نے کہا کہ یہ مطلب نہیں ہے کہ بچوں کا قتل جائز ہے بلکہ یہ مطلب ہے کہ جو شخص رات کی تاریکی کے مانع ہونے اور بچوں کے جنگ جو مردوں کے ساتھ ملے جلے ہونے کے سبب انہیں تیر، تلوار یا نیزے سے زخمی کرے وہ گنہگار نہیں ہے۔ یا یہ مطلب ہے کہ اگر عورتوں اور بچوں کو قتل کیے بغیر مردوں کو قتل نہ کیا جا سکے تو سب کا قتل جائز ہے۔ اور کوئی گناہ نہیں ہے اسی طرح مختلف احادیث میں مطابقت ہو جائے گی۔

[4] یعنی بچے اپنے آباء سے ہیں اور ان کے حکم میں ہیں، یہ دنیا میں ہے، اصح قول کے مطابق آخرت میں جنت میں ہوں گے۔ بعض کہتے ہیں دوزخ میں ہوں گے اور بعض نے اس مسئلے میں توقف کیا ہے۔

۳۷۶۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بنو نضیر[1] کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ قَطَعَ نَخْلَ بَنِي النَّضِيْرِ وَ حَرَّقَ وَ لَهَا يَقُوْلُ حَسَّانُ۔

وَهَانَ عَلٰى سَرَاةِ بَنِيْ لُؤَيٍّ
حَرِيْقٌ بِالْبُوَيْرَةِ مُسْتَطِيْرُ

وَ فِيْ ذٰلِكَ نَزَلَتْ مَا قَطَعْتُمْ مِّنْ لِّيْنَةٍ اَوْ تَرَكْتُمُوْهَا قَائِمَةً عَلٰى اُصُوْلِهَا فَبِاِذْنِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کھجوروں کے درخت کاٹ دیے اور جلا دیے ان ہی کے بارے میں حضرت حسان نے کہا: بنو لوی کے بیٹوں پر بویرہ کی پھیلنے والی آگ آسان ہوگئی[۲] اور اسی کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی ، جو کھجوریں تم نے کاٹ دیں یا اپنی جڑوں پر کھڑی رہنے دیں[۳] تو یہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے تھا۔ (صحیحین)

[۱] بنو النضیر نون پر زبر۔ نقطے والا ضاد ساکن (غالبًا یہ کاتب کی غلطی ہے ، ورنہ ضاد کے نیچے زیر ہے ۱۲ قادری) یہودیوں کے ایک قبیلے کا نام ———— اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اہل حرب کے درختوں کو کاٹا اور جلایا جاسکتا ہے ۔یہی ہمارا مذہب ہے۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ ضرورت کے بغیر نہیں کاٹے جائیں گے کھجور کے یہ درخت یہودیوں کے آگے تھے ، انہیں اس لیے کاٹ دیا گیا کہ جنگ کی جگہ ظاہر ہوجائے۔

[۲] ھون آسان ہونا ، سراۃ سین پر زبر ، را مخفف ، قوم کے معزز لوگ ، صراح میں ہے مروت جوانمردی بہادری ، سخاوت اور مروت سریٌ جوانمرد اور سخی ، اس کی جمع ہے سراۃ ، لوی لام پر پیش ، ہمزے پر زبر ، بعض واؤ پڑھتے ہیں اور یاء مشدد ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آباء و اجداد میں سے اور نضر بن کنانہ کی اولاد میں سے ایک شخص کا نام ہے۔ بنی لوی سے مراد قریش کے وہ معزز حضرات ہیں جنہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہونے کا شرف حاصل ہوا ، حریق آگ ، بویرہ تصغیر ہے ۔ بورۃ ، بنو نضیر کے کھجوروں کے باغات کی جگہ کا نام ہے ۔ یہ اس وقت ہوا جب بنو نضیر نے عہد شکنی کی اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے شہید کرنے کا ارادہ کیا ، وحی نازل ہوئی اور ان کا ارادہ ظاہر کردیا گیا لہٰذا انہیں خیبر کی طرف جلا وطن کردیا گیا ، ان کے باغات جلا دیے گئے اور ان کے گھر مسمار کردیے گئے۔

[۳] اور انہیں کاٹا نہیں۔

۳۷۶۷
۹
وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْنٍ اَنَّ نَافِعًا كَتَبَ اِلَيْهِ يُخْبِرُهٗ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ اَخْبَرَهٗ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبداللہ بن عون[۱] سے روایت ہے کہ حضرت نافع[۲] نے یہ خبر دیتے ہوئے انہیں لکھا کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے انہیں بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أَغَارَ عَلَى بَنِي الْمُصْطَلِقِ غَارِّينَ فِي نَعَمِهِمْ بِالْمُرَيْسِيعِ فَقَتَلَ الْمُقَاتِلَةَ وَسَبَى الذُّرِّيَّةَ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

بنی المصطلق پر اس حال میں حملہ کیا کہ وہ بے خبر مقام مریسیع میں اپنے چوپایوں میں مشغول تھے۔ چنانچہ آپ نے جنگجوؤں کو قتل کیا اور بچوں کو قیدی بنا لیا۔ (صحیحین)

۱؎ عبداللہ بن عون عین پر زبر، واؤ ساکن اور آخر میں نون، اکابر تابعین میں سے ہیں حضرت انس بن مالک سے حدیث سنی، ان کے علاوہ قاسم بن محمد، حسن بصری، ابن سیرین اور شعبی سے حدیث سنی۔ اُن سے ابن مبارک، حماد بن زید وغیرہ نے حدیث سنی۔ ابن مبارک نے فرمایا: میں نے ابن عون اور اوزاعی سے زیادہ فضیلت والا کوئی (محدث) نہیں دیکھا۔ یہ بھی فرمایا: جب ابن عون وصال فرما جائیں گے تو سب لوگ برابر ہو جائیں گے۔ ائمہ سلف نے ان کی بڑی تعریف کی ہے۔

۲؎ نافع، حضرت عبداللہ بن عمر کے آزاد کردہ غلام۔

۳؎ بنی المصطلق میم پر پیش، صاد ساکن، طاء پر زبر، لام کے نیچے زیر، بنی خزاعہ کی ایک شاخ۔

۴؎ مریسیع میم پر پیش، راء پر زبر، یا ساکن، سین کے نیچے زیر، اس کے بعد یاء پھر بے نقطہ عین، مکہ و مدینہ کے درمیان ایک جگہ، وہاں بنی المصطلق کا چشمہ تھا، غار راء مشدد، بمعنی غافل، غِرَّۃٌ سے مشتق ہے، غین کے نیچے زیر فریب دینا ——— یعنی بنی المصطلق اس جگہ غفلت کی حالت میں قیام پذیر تھے اور ان کے چارپائے ان کے ساتھ تھے۔

۵؎ جو لڑائی کے قابل تھے یعنی عورتوں، بچوں اور بوڑھوں کے ماسوا کو

۳۷۶۸/۱۰ وَعَنْ أَبِي أُسَيْدٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَنَا يَوْمَ بَدْرٍ حِيْنَ صَفَفْنَا لِقُرَيْشٍ وَصَفُّوا لَنَا إِذَا أَكْثَبُوكُمْ فَعَلَيْكُمْ بِالنَّبْلِ وَفِي رِوَايَةٍ إِذَا أَكْثَبُوكُمْ فَارْمُوهُمْ وَاسْتَبْقُوا نَبْلَكُمْ. (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو اُسید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن فرمایا، جب ہم نے قریش کے سامنے اور انہوں نے ہمارے سامنے صفیں بنا لیں ۱؎ جب وہ تمہارے قریب آ جائیں ۲؎ تو تیر چلانا اور ایک روایت میں ہے جب وہ تمہارے قریب آ جائیں تو ان پر تیر چلانا اور اپنے تیر بچا کر رکھنا ۳؎ (بخاری)

وَحَدِيثُ سَعْدٍ هَلْ تُنْصَرُونَ

حضرت سعد کی حدیث جس کی ابتدا میں ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سَنَذْكُرُ فِي بَابِ فَضْلِ الْفُقَرَاءِ وَ حَدِيثَ الْبَرَاءِ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا فِي بَابِ الْمُعْجِزَاتِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالَى.

جس کو ہم باب فضل الفقراء میں بیان کریں گے اور حضرت براء کی حدیث کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت کو بھیجا۔ باب المعجزات میں بیان کی جائے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

لہ ابو اسید ہمزے پر پیش، سین پر زبر، بعض محدثین نے ہمزے پر زبر اور سین کے نیچے زیر پڑھی۔ پہلا طریقہ زیادہ صحیح اور مشہور ہے۔ انصاری صحابی ہیں۔ ان کا نام مالک بن ربیعہ ہے۔

۲ جنگ کرنے کے لیے۔

۳ کہ تمہارے تیر ان تک پہنچیں۔ کثب تین نقطوں والی ثاء کے ساتھ، پہلے دونوں حرفوں پر زبر، نزدیکی، اِکْتَابٌ نزدیک ہونا۔ اَكْثَبَهُ اور لَهُ اور بِهٖ اس کے قریب ہونا، اَكْثَبُوْكُمْ اور كَثَبُوْكُمْ ہمزے کے ساتھ اور اس کے بغیر، دونوں طرح روایت ہے۔

۴ یعنی تمام تیر نہ چلا دینا بلکہ کچھ باقی رکھنا، اگر سب تیر ان پر برسا دو گے اور خالی ہاتھ رہ جاؤ گے تو وہ تم پر غالب آجائیں گے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۳۷۶۹/۱۱ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ: عَبَّانَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَدْرٍ لَيْلًا.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں بدر میں رات کے وقت سیٹ کیا۔ لہ

(ترمذی)

لہ یعنی ہماری جگہوں کو ترتیب دیا، صفوں کو درست کیا اور ہر شخص کو اس کے لائق اور مناسب جگہ متعین کیا۔ عَبَّأَ الْجَيْشَ اور عَبَا بار مشدد، ہمزے کے ساتھ اور اس کے بغیر لشکر کو تیار اور آمادہ کیا در بسیل کی، قاموس میں ہے تعبیۂ جیش کا معنی ہے لشکر کو اس کے مقامات پر متعین کرنا۔

۳۷۷۰/۱۲ وَعَنِ الْمُهَلَّبِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت مہلب سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کافر تم پر شب خون

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ اِنْ بَیَّتَکُمُ الْعَدُوُّ فَلْیَکُنْ شِعَارُکُمْ حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

اور تو چاہیے تمہاری علامت حٰمٓ لَا یُنْصَرُوْنَ ہو۔[۲] (ترمذی، ابوداؤد)

[۱] مہلب میم پر پیش، ہا پر زبر، لام مشدد پر زبر ان کی کنیت ابوسعید ہے۔ تابعی ہیں اور بصرہ کے تابعین کے پہلے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ حضرت ابن عمر سے روایت کرتے ہیں حضرت عمر کی زیارت کی مگر ان سے روایت نہیں کی۔ صادق، دیندار، بہادر اور بابرکت شخصیت تھے۔ خراسان کے شہر مرو میں عبدالملک کے دور میں وصال ہوا۔ ان کی ولادت فتح مکہ کے سال ہے۔ اسی طرح جامع الاصول اور کاشف میں ہے۔

[۲] تاکہ پہچان ہو جائے کہ مسلمان کون ہے اور کافر کون؟ لشکر کے سپاہیوں میں اس قسم کی علامت طے کر لی جاتی ہے تاکہ اشتباہ پیدا نہ ہو کہ یہ شخص کس جانب سے تعلق رکھتا ہے؟ خصوصاً شب خون کے موقع پر کہ اشتباہ زیادہ ہوتا ہے۔ حٰمٓ اللہ تعالیٰ کا نام ہے اور مطلب یہ ہے کہ خداوندا! کافروں کو مدد نہ دی جائے۔

$\frac{3771}{13}$ وَعَنْ سَمُرَۃَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ کَانَ شِعَارُ الْمُهَاجِرِیْنَ عَبْدُ اللّٰہِ وَ شِعَارُ الْاَنْصَارِ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مہاجرین کی علامت کلمۂ عبداللہ اور انصار کی نشانی کلمۂ عبدالرحمٰن تھا۔ (ابوداؤد)

$\frac{3772}{14}$ وَعَنْ سَلَمَۃَ بْنِ الْاَکْوَعِ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ اَبِیْ بَکْرٍ زَمَنَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَبَیَّتْنَا هُمْ نَقْتُلُهُمْ وَکَانَ شِعَارُنَا تِلْکَ اللَّیْلَۃَ اَمِتْ اَمِتْ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارکہ میں حضرت ابوبکر کی معیت میں جنگ کی تو ہم نے کافروں پر شب خون مارا۔ اس حال میں کہ ہم انہیں قتل کر رہے تھے۔ اور اس رات ہمارا نشان اَمِتْ اَمِتْ[۱] تھا۔ (ابوداؤد)

[۱] مار دے، مار دے۔ اللہ تعالیٰ سے خطاب ہے یا قاتل سے۔

$\frac{3773}{15}$ وَعَنْ قَیْسِ بْنِ عُبَادٍ قَالَ کَانَ اَصْحَابُ النَّبِیِّ

قیس بن عباد سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام جنگ کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُوْنَ الصَّوْتَ عِنْدَ الْقِتَالِ ـ

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

وقت آواز کو ناپسند کرتے تھے ۲ٖ

(ابو داؤد)

۱ قیس بن عبادہ عین پر پیش، بار مخفف، کہتے ہیں عباد جہاں بھی آیا ہے اس کے پہلے حرف پر زبر اور دوسرا حرف شد دہوتا ہے سوائے قیس بن عبادہ کے کہ اس کا پہلا حرف مضموم اور دوسرا مخفف ہے۔ بصرہ کے تابعین کے طبقہ اولیٰ سے تعلق رکھتے ہیں۔ تھوڑی حدیثیں روایت کی ہیں، ثقہ ہیں اور دعمل کے اعتبار سے بہترین صالحین میں سے ہیں، کہتے ہیں کہ شیعہ تھے، حضرت علی کو خدا مانتے اور ان کی عبادت کرتے تھے۔ حضرت علی، حضرت عمر، حضرت ابی بن کعب اور حضرت عبداللہ بن سلام سے روایت کرتے تھے۔ ان سے حضرت حسن بصری نے روایت کی۔ ابن اشعث کے ساتھ خروج کیا اور حجاج نے انہیں جبراً قتل کر دیا۔

۲ یعنی بلند آواز نکالنے کو، بطور فخر وغیرہ، جیسے کہ لڑائی کرنے والوں کی عادت ہے۔ اگر دشمن کو للکارنے اور خوفزدہ کرنے کے لیے آواز نکالتے ہیں۔ ۱۲ قادری) لیکن یہ ناپسندیدگی ذکر الٰہی کے ماسوا کے لیے تھی، اسی طرح علامہ طیبی نے کہا، اور یہ غالب احوال کے مطابق ہے۔ اسی طرح کہا گیا ہے۔

۳۷۷۴/۱۶ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُقْتُلُوْا شُيُوْخَ الْمُشْرِكِيْنَ وَاسْتَحْيُوْا شَرْخَهُمْ اَيْ صِبْيَانَهُمْ ـ

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ)

حضرت سمرہ بن جندب ۱ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مشرکین کے بوڑھوں ۲ کو قتل کرو اور ان کے بچوں ۳ کو زندہ رکھو۔

(ترمذی، ابو داؤد)

۱ سمرہ بن جندب، انصار کے حلیف اور بکثرت احادیث روایت کرنے والے صحابی ہیں۔

۲ اس سے وہ بوڑھے مراد ہیں جو طاقت ور ہوں، لڑائی کر سکتے ہوں اور جنگ کے بارے میں صاحب رائے و تدبیر ہوں۔

۳ شرخ شین پر زبر، را ساکن اور آخر میں نقطے والی خا اس کی تفسیر بچوں کے ساتھ یا تو راوی نے کی ہے یا صاحب مصابیح نے۔ علامہ تورپشتی نے فرمایا کہ شرخ کی تفسیر بچوں کے ساتھ اس لیے کی تاکہ یہ بوڑھوں کے مقابل ہو۔ لہٰذا شیوخ سے مراد طاقت ور اور جوان ہوں گے، اس لحاظ سے تقابل صحیح رہے گا۔ قاموس میں ہے کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شرخ، چڑھتی ہوئی جوانی ہے۔ اور یہ شارخ کی جمع ہے جس کا معنی جوان ہے۔ جیسے راکب اور اس کی جمع رکب۔ شرخ بھی جمع آتی ہے۔ نہایہ میں ہے شرخ نئی جوانی اور اس کی قوت کو کہتے ہیں، صراح میں ہے شرخ جوانوں کو کہتے ہیں، شارخ کی جمع ہے، جوانی کی ابتداء، شروخ جمع، بچے کے جوان ہونے کو بھی کہتے ہیں۔

۳۷۷۵/۱۷ وَعَنْ عُرْوَةَ قَالَ حَدَّثَنِیْ اُسَامَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ عَهِدَ اِلَیْهِ قَالَ اَغِرْ عَلٰی اُبْنٰی صَبَاحًا وَّ حَرِّقْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ مجھے حضرت اسامہ[1] رضی اللہ عنہ نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں حکم دیا تھا کہ اُبنٰی[2] پر صبح کے وقت حملہ کرو اور جلا دو[3]۔ (ابوداؤد)

[1] اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما۔

[2] اُبنٰی ہمزہ پر پیش، با ساکن، آخر میں الف مکسورہ، شام میں عسقلان اور رملہ کے درمیان ایک جگہ کا نام۔

[3] اس سے معلوم ہوا کہ کافروں کے علاقوں پر حملہ کرنا اور جلانا جائز ہے۔

۳۷۷۶/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ اُسَیْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَوْمَ بَدْرٍ اِذَا اَکْثَبُوْا فَارْمُوْهُمْ وَلَا تَسُلُّوا السُّیُوْفَ حَتّٰی یَغْشَوْکُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابواسید[1] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن فرمایا: جب کافر تمہارے قریب آجائیں تو ان پر تیر برسانا اور تلواریں میان سے نہ نکالنا[2] یہاں تک کہ وہ تمہارے سر پر آجائیں[3]۔ (ابوداؤد)

[1] حضرت ابواسید کا ذکر پہلی فصل کے آخر میں گزر چکا ہے۔

[2] تَسُلُّوا تا پر زبر اور سین پر پیش، سَلّ سے مشتق ہے، کسی چیز مثلاً تلوار اور چھری کا نرمی کے ساتھ کھینچنا۔

[3] اتنے قریب آجائیں کہ تیر اندازی کی گنجائش نہ رہے۔

۳۷۷۷/۱۹ وَعَنْ رَبَاحِ بْنِ الرَّبِیْعِ قَالَ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

حضرت رباح بن ربیع[1] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم ایک غزوہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَۃٍ فَرَاَی النَّاسَ مُجْتَمِعِیْنَ عَلٰی شَیْءٍ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ انْظُرْ عَلٰی مَا اجْتَمَعَ ہٰؤُلَاءِ فَجَاءَ فَقَالَ عَلَی امْرَاَۃٍ قَتِیْلٍ فَقَالَ مَا کَانَتْ ہٰذِہٖ لِتُقَاتِلَ وَعَلَی الْمُقَدَّمَۃِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِیْدِ فَبَعَثَ رَجُلًا فَقَالَ قُلْ لِخَالِدٍ لَا تَقْتُلْ امْرَاَۃً وَّلَا عَسِیْفًا۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

کے ساتھ تھے آپ نے دیکھا کہ لوگ کسی چیز پر جمع ہیں، آپ نے ایک صحابی کو بھیجا اور فرمایا: دیکھو یہ لوگ کس چیز پر جمع ہوئے ہیں؟ انہوں نے آکر عرض کی کہ ایک مقتول عورت پر جمع ہیں آپ نے فرمایا: یہ جنگ تو نہیں کر سکتی تھی۲ لشکر کے اگلے حصے پر حضرت خالد بن ولید۳ مقرر تھے۔ آپ نے ایک صحابی کو بھیجا اور فرمایا: خالد کو کہو کہ کسی عورت کو قتل کرو اور نہ ہی کسی مزدور۴ کو۔

(ابوداؤد)

۱ حضرت رباح راء پر زبر، باء مخفف اور بے نقطہ حاء ابن الربیع، ربیع وہی لفظ ہے جس کا معنیٰ فصل بہار آتا ہے۔ بعض نے ربیعہ تاء کے ساتھ کہا ہے۔ زیادہ تر ربیع ہی آتا ہے بعض نے ان کا نام رباح بیان کیا ہے۔ راء کے نیچے زیر اور دو نقطے والی یاء کے ساتھ، صحابی ہیں، امام ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے ان سے ایک حدیث روایت کی ہے۔

۲ اسے کیوں قتل کیا گیا ہے۔ (اس سے معلوم ہوا کہ جواز قتل کی وجہ جنگ ہے، جیسے کہ احناف کا مذہب ہے۔ ۱۲ قادری)

۳ مشہور صحابی (جن کا شہرہ آفاق لقب سیف اللہ ہے۔ ۱۲ قادری)

۴ جو اجرت سے خدمت کرتا ہے، شارحین نے کہا کہ وہ مزدور مراد ہے جو جنگ نہ کرتا ہو۔

۳۷۷۸/۲۰ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ انْطَلِقُوْا بِسْمِ اللّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَعَلٰی مِلَّۃِ رَسُوْلِ اللّٰہِ لَا تَقْتُلُوْا شَیْخًا فَانِیًا وَّلَا طِفْلًا صَغِیْرًا وَّلَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۱ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر، اللہ تعالیٰ کی تائید و توفیق کے ساتھ اور رسول اللہ کے دین پر قائم رہتے ہوئے روانہ ہو جاؤ، کسی شیخ فانی۲، چھوٹے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اِمْرَاَۃً وَّ لَا تَغُلُّوْا وَضُمُّوْا غَنَائِمَکُمْ وَ اَصْلِحُوْا وَ اَحْسِنُوْا فَاِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُحْسِنِیْنَ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

بچے اور عورت کو قتل نہ کرو، مال غنیمت میں خیانت نہ کرو۔ اپنی غنیمتوں کو جمع کرو۔ آپس میں صلح کرو[۴] اور احسان کرو[۵] کیونکہ اللہ تعالیٰ احسان[۶] کرنے والوں کو محبوب رکھتا ہے۔ (ابو داؤد)

سلہ غازیوں کو روانہ کرتے ہوئے۔

۲ے شیخ فانی وہ بوڑھا جس میں جنگ کرنے کی طاقت نہ رہی ہو اور فنا ہونے کے قریب ہو، فنا ختم ہو جانا۔

۳ے سراج میں ہے طفل انسانوں اور جانوروں کا نوزائیدہ بچہ۔

۴ے یعنی اگر مصلحت ہو تو کافروں کے ساتھ لڑائی جھگڑا ختم کرکے صلح کر لو (ظاہر یہ ہے کہ مسلمانوں کی آپس میں صلح صفائی مراد ہے۔ ۱۲ فارسی)

۵ے ایک دوسرے کے ساتھ نیکی کرو اور تمام نیک کام کرو۔

۶ے احسان، درحقیقت وہ ہے جو حدیث جبرئیل میں آیا ہے کہ تم اللہ تعالیٰ کی عبادت اس طرح کرو گویا کہ تم اسے دیکھ رہے ہو۔ (حدیث)

۳۷۷۹/۲۱ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ لَمَّا کَانَ یَوْمُ بَدْرٍ تَقَدَّمَ عُتْبَۃُ بْنُ رَبِیْعَۃَ وَتَبِعَہٗ اِبْنُہٗ وَ اَخُوْہُ فَنَادٰی مَنْ یُّبَارِزُ فَانْتَدَبَ لَہٗ شَبَابٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ مَنْ اَنْتُمْ فَاَخْبَرُوْہُ فَقَالَ لَا حَاجَۃَ لَنَا فِیْکُمْ اِنَّمَا اَرَدْنَا بَنِیْ عَمِّنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قُمْ یَا حَمْزَۃُ قُمْ یَا عَلِیُّ

حضرت امیر المومنین علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بدر کے دن عتبہ بن ربیعہ[۱] آگے نکلا۔ اس کے پیچھے اس کا بیٹا اور بھائی[۲] آیا، ربیعہ نے کہا کون[۳] سامنے آئے گا؟ انصار کے نوجوانوں نے اسے جواب دیا[۴]۔ اس ملعون نے کہا تم کون ہو؟[۵] انصاری جوانوں نے اسے بتایا[۶] تو کہنے لگا ہمیں تمہاری حاجت نہیں ہے[۷]۔ ہماری مراد تو صرف ہمارے چچا کے بیٹے ہیں[۸]۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: حمزہ تم اٹھو، علی تم اٹھو، عبیدہ بن حارث[۹]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَقُمْ يَا عُبَيْدَةُ بْنَ الْحَارِثِ فَاَقْبَلَ حَمْزَةُ اِلَى عُتْبَةَ وَ اَقْبَلْتُ اِلَى شَيْبَةَ وَ اخْتَلَفَ بَيْنَ عُبَيْدَةَ وَ الْوَلِيْدِ ضَرْبَتَانِ فَاَثْخَنَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا صَاحِبَهُ ثُمَّ مِلْنَا عَلَى الْوَلِيْدِ فَقَتَلْنَاهُ وَ احْتَمَلْنَا عُبَيْدَةَ ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْ دَاوُدَ)

تم اٹھو حضرت حمزہ عتبہ کی طرف متوجہ ہوئے میں شیبہ کی طرف متوجہ ہوا۔ حضرت عبیدہ اور ولید کے درمیان تلوار کے دو واروں کا تبادلہ ہوا اور ان میں سے ہر ایک نے اپنے مقابل کو شدید زخمی کر دیا۔ پھر ہم ولید کی طرف متوجہ ہوئے اور اسے قتل کر دیا، اور حضرت عبیدہ کو اٹھا لیا۔ (احمد، ابوداؤد)

۱ عتبہ بن ربیعہ عین پر پیش، تا ساکن، مشرکوں کے سرداروں اور قریش کے بدبختوں میں سے ایک فرد تھا۔

۲ ولید بن عتبہ۔

۳ شیبہ بن ربیعہ

۴ صف سے باہر آئے گا؟ تاکہ جنگ کرے۔

۵ یعنی اس کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے باہر آئے۔ شباب شین پر زبر، اور با مخفف، شاب یعنی جوان کی جمع۔

۶ اور کس قبیلے سے تعلق رکھتے ہو۔

۷ کہ ہم انصار ہیں۔

۸ اور تم سے کوئی غرض نہیں ہے۔

۹ جو کہ قریش ہیں اور مہاجرین جو ہمارے رشتے دار اور قریبی ہیں۔

۱۰ عبیدہ عین پر پیش اور با پر زبر۔ یہ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچازاد بھائی تھے، عمر میں آپ سے بڑے اور قدیم الاسلام تھے۔ دار ارقم میں جانے سے پہلے ایمان لائے۔ حارث بن عبدالمطلب، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا چچا تھا اور آپ کے چچوں میں سے صرف حضرت حمزہ اور حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما ایمان لائے۔

۱۱ بعض روایات میں یہ اضافہ ہے فَقَتَلَهُ اور اسے قتل کر دیا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱۲؎ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ ـــــ بعض روایات میں اس جگہ بھی یہ اضافہ ہے۔ فَقَتَلْتُہٗ تو میں نے شیبہ کو قتل کر دیا۔

۱۳؎ صراح میں ہے اختلاف آنا جانا۔

۱۴؎ اِثْخَانٌ تین نقطوں والی ثاء کے ساتھ، زخم لگا کر کسی کو سست کرنا اور زخمی کرنے میں مبالغہ کرنا۔ (گہرا زخم لگانا)

۱۵؎ میدان جنگ سے حضرت عبیدہ جنگ بدر کے شہداء میں سے ہیں۔

۳۷۸۰/۲۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ سَرِيَّةٍ فَحَاصَ النَّاسُ حَيْصَةً فَاَتَيْنَا الْمَدِيْنَةَ فَاخْتَفَيْنَا بِهَا وَقُلْنَا هَلَكْنَا ثُمَّ اَتَيْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَحْنُ الْفَرَّارُوْنَ قَالَ بَلْ اَنْتُمُ الْعَكَّارُوْنَ وَاَنَا فِئَتُكُمْ. رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک فوجی دستے میں بھیجا، تو لوگوں نے گریز کی راہ اختیار کی۱؎ پس ہم مدینہ منورہ آکر وہاں۲؎ روپوش ہو گئے۔ اور کہا کہ ہم ہلاک ہو گئے۳؎ پھر ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا۴؎ کہ ہم راہ فرار اختیار کرنے والے ہیں، فرمایا بلکہ تم جنگ میں حملے پر حملہ کرنے والے ہو۵؎ اور ہم تمہاری جماعت ہیں۶؎ (ترمذی)

وَفِىْ رِوَايَةِ اَبِىْ دَاوٗدَ نَحْوَهٗ وَقَالَ لَا بَلْ اَنْتُمُ الْعَكَّارُوْنَ قَالَ فَدَنَوْنَا فَقَبَّلْنَا يَدَهٗ فَقَالَ اَنَا فِئَةُ الْمُسْلِمِيْنَ.

ابوداؤد کی روایت میں اس کی مثل ہے فرمایا: نہیں! بلکہ تم حملے پر حملہ کرنے والے ہو۷؎ ابن عمر فرماتے ہیں ہم قریب ہوئے اور آپ کے دست اقدس کو بوسہ دیا تو آپ نے فرمایا: ہم مسلمانوں کا گروہ ہیں۸؎

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ اُمَيَّةَ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ كَانَ يَسْتَفْتِحُ وَحَدِيْثَ اَبِى الدَّرْدَاءِ اِبْغُوْنِىْ

ہم حضرت امیہ بن عبداللہ کی حدیث "کَانَ یَسْتَفْتِحُ" اور حضرت ابوالدرداء کی حدیث: اِبْغُوْنِیْ فِیْ ضُعَفَائِکُمْ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فِیْ ضُعَفَآئِکُمْ فِیْ بَابِ فَضْلِ الْفُقَرَآءِ اِنْشَآءَ اللّٰہُ تَعَالٰی۔ | ان شاء اللہ تعالیٰ باب فضل الفقراء میں ذکر کریں گے۔[۱۰]

[۱] شارحین نے اس جگہ دو احتمال بیان کیے ہیں۔

(۱) ناس سے مسلمانوں کی یہی جماعت مراد ہو جو جہاد کے لیے گئی تھی اور راہ فرار اختیار کر کے واپس آگئی تھی۔

(۲) دشمن مراد ہوں جنہوں نے مسلمانوں پر تند و تیز حملہ کیا، صراح میں ہے حَیْص، حُیُوص پلٹ جانا، راستے سے ایک طرف ہٹ جانا، اور قاموس میں ہے کہ حَیْص کا معنیٰ ہٹ جانا اور منع کرنا ہے۔ دوستوں کے لیے حَیْص استعمال کرتے ہیں اور دشمنوں کے لیے انہزام، لغت کے حوالوں سے پہلے معنیٰ کی تائید ہوتی ہے۔

[۲] نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے خوف کے سبب اور لوگوں سے شرمانے ہوئے۔

[۳] اور ہم گنہگار ہو گئے، کیونکہ ہم دشمنانِ دین کے سامنے سے بھاگ آئے ہیں۔

[۴] بطور معذرت اور شرمندگی کا اظہار کرتے ہوئے۔

[۵] اور اس میں مبالغہ کرنے والے ہیں۔

[۶] ان کی شرمندگی دور کرنے کے لیے فرمایا کہ تم حملے پر حملہ کرنے والے ہو جنہیں کرار کہا جاتا ہے، عکر کا معنیٰ ہے جنگ اور حملے کے لیے ایک طرف ہٹ جانا اور پلٹ جانا، یعنی اگر کوئی شخص اس نیت سے جنگ سے بھاگتا ہے کہ میں دوسرے لشکر تک پہنچ جاؤں اور اس سے مدد لے کر پھر جنگ کروں تو اس پر گناہ نہیں ہے۔

[۷] اور تمہارے مددگار ہیں۔

[۸] اس روایت میں بل سے پہلے کلمہ لا زیادہ ہے۔

[۹] نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تنہا اپنی ذات گرامی کو عظمت اور برکت کے اعتبار سے ایک جماعت قرار دیا، جیسے کہ قرآن مجید میں ہے۔ اِنَّ اِبْرٰهِیْمَ كَانَ اُمَّةً بے شک ابراہیم ایک جماعت تھے۔

[۱۰] مصابیح میں یہ دونوں حدیثیں اسی باب میں ذکر کی گئی ہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ | تیسری فصل

$\frac{۳۷۸۱}{۲۳}$ عَنْ ثَوْبَانَ بْنِ یَزِیْدَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَصَبَ الْمَنْجَنِیْقَ عَلٰی اَھْلِ الطَّآئِفِ۔

حضرت ثوبان بن یزید سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل طائف پر منجنیق نصب فرمائی۔

امام ترمذی نے یہ حدیث مرسلاً

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ مُرْسَلًا) روایت کی ؒ۲

۱؎ منجنیق جیم کے نیچے زیر، اس پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ قاموس میں زیر بیان کر کے کہا وہ آلہ جس کے ذریعے جنگ میں پتھر پھینکے جاتے ہیں۔ اسے منجنوق بھی کہتے ہیں۔ من چہ نیک (میں کتنا نیک ہوں) کو عربی بنایا گیا ہے۔

۲؎ اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ ثوبان بن یزید تابعی ہیں، لیکن ہمیں اسماء رجال کی کتابوں میں ان کا ذکر نہیں ملا۔

بَابُ حُکْمِ الْاُسَرَاءِ

۲۹۰۔ قیدیوں کے حکم کا بیان

اُسَرَاء ہمزے پر پیش، سین پر زبر، آخر میں الف ممدودہ، اَسِیْر کی جمع، صراح میں ہے اَسْر تسمے سے باندھنا۔ اِسار پہلے حرف کے نیچے زیر، تسمہ، اَسْر اور اِسار کا معنی قیدی کو غلام بنانا بھی ہے، جمع ہے اُسَرَاءُ، اُسَارٰی اور اَسْرٰی۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ — پہلی فصل

۳۷۸۲/۱ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَجِبَ اللّٰهُ مِنْ قَوْمٍ یُدْخَلُوْنَ الْجَنَّةَ فِی السَّلَاسِلِ وَ فِیْ رِوَایَةٍ یُقَادُوْنَ اِلَی الْجَنَّةِ بِالسَّلَاسِلِ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان لوگوں سے راضی ہوتا ہے جو پابند سلاسل جنت میں لائے جاتے ہیں اور ایک روایت میں ہے جو جنت کی طرف زنجیروں کے ساتھ کھینچے جاتے ہیں۔۱؎ (بخاری)

۱؎ قود چارپائے وغیرہ کو آگے سے کھینچنا، سوق پیچھے سے چلانا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اس وقت فرمایا جب بدر کے قیدی زنجیروں میں لائے گئے، آپ نے فرمایا: سبحان اللہ! اللہ تعالیٰ کی اپنے بندوں پر عجیب عنایت دیکھو کہ انہیں زنجیروں کے ساتھ جنت کی طرف کھینچتا ہے۔ اور حقیقت میں شرعی تکلیفات (احکام) بھی زنجیروں کا حکم رکھتی ہیں کہ ان کے ساتھ بندوں کو جنت کی طرف کھینچا جاتا ہے۔

۳۷۸۳ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَيْنٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ وَهُوَ فِيْ سَفَرٍ فَجَلَسَ عِنْدَ اَصْحَابِهٖ يَتَحَدَّثُ ثُمَّ انْفَتَلَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُطْلُبُوْهُ وَاقْتُلُوْهُ فَقَتَلْتُهٗ فَنَفَّلَنِيْ سَلَبَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے[1] کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کر رہے تھے کہ اتنے میں مشرکین کا ایک جاسوس آپ کے پاس آیا اور آپ کے صحابۂ کرام کے پاس بیٹھ کر باتیں کرنے لگا، پھر وہ پلٹ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے تلاش کر کے قتل کر دو۔ میں نے اسے قتل کر دیا۔ تو آپ نے اس کا سامان[2] مجھے عطا فرما دیا۔ (صحیحین)

۱؎ حضرت سلمہ بن اکوع فرماتے ہیں۔

۲؎ کپڑے اور ہتھیار۔ نفل فا پر زبر، غنیمت، تنفیل غنیمت کا دینا، سَلَب پہلے دونوں حرفوں پر زبر، مقتول کے کپڑے اور ہتھیار جو اس سے حاصل کیے جاتے ہیں۔

۳۷۸۴ وَعَنْهُ قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَوَازِنَ فَبَيْنَا نَحْنُ نَتَضَحّٰى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلٰى جَمَلٍ اَحْمَرَ فَاَنَاخَهٗ وَجَعَلَ يَنْظُرُ وَفِيْنَا ضَعْفَةٌ وَّرِقَّةٌ مِّنَ الظَّهْرِ وَبَعْضُنَا مُشَاةٌ اِذْ خَرَجَ يَشْتَدُّ فَاَتٰى جَمَلَهٗ فَاَثَارَهٗ فَاشْتَدَّ بِهِ الْجَمَلُ فَخَرَجْتُ اَشْتَدُّ حَتّٰى اَخَذْتُ بِخِطَامِ الْجَمَلِ

ان ہی سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہوازن[1] کی جنگ کے لیے نکلے، ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ناشتہ[2] ہی کر رہے تھے کہ ایک شخص سرخ اونٹ پر سوار آیا۔ اونٹ کو بٹھا[3] کر وہ شخص دیکھنے لگا، ہم میں کمزوری[4] اور سواریوں کی قلت تھی[5] ہمارے کچھ ساتھی پیدل تھے[6] اچانک وہ دوڑتا ہوا نکلا[7] اپنے اونٹ کے پاس آیا اور اسے اٹھایا، اونٹ اسے لے کر تیزی سے بھاگ پڑا، میں بھی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَاَنَخْتُهٗ ثُمَّ اخْتَرَطْتُ سَيْفِيْ فَضَرَبْتُ رَاْسَ الرَّجُلِ ثُمَّ جِئْتُ بِالْجَمَلِ اَقُوْدُهٗ عَلَيْهِ رَحْلُهٗ وَسِلَاحُهٗ فَاسْتَقْبَلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ الرَّجُلَ قَالُوْا ابْنُ الْاَكْوَعِ قَالَ لَهٗ سَلَبُهٗ اَجْمَعُ ۔	دوڑتا ہوا نکلا، یہاں تک کہ میں نے اونٹ کی نکیل پکڑ لی اور اسے بٹھا دیا، پھر میں نے تلوار نکال اور اس شخص کے سر پر وار کیا، پھر میں اونٹ کو اپنے پیچھے چلاتے ہوئے لے آیا۔ اس شخص کا سامان اور ہتھیار اونٹ پر لدے ہوئے تھے۔ پس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام نے میرا استقبال کیا، آپ نے فرمایا، اس شخص کو کس نے قتل کیا؟ صحابہ کرام نے عرض کیا سلمہ بن اکوع نے، آپ نے فرمایا اس کا سارا سامان اس کے لیے ہے۹۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)	(صحیحین)

۱ہ ہوازن ہا پر زبر، زا کے نیچے زیر، قیس کا ایک قبیلہ ہے۔

۲ہ بعض شارحین نے کہا کہ یہ معنیٰ ہے کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چاشت کی نماز ادا کر رہے تھے۔

۳ہ اناخۃ اونٹ کو بٹھانا۔

۴ہ جسمانی کمزوری اور پیدل ہونا وغیرہ۔ ضَعْفَۃٌ ضاد پر زبر، عین ساکن، بروزن جلسۃ ایک قسم کی کمزوری ایک روایت میں عین پر زبر ہے، اس وقت یہ ضعیف کی جمع ہوگی، بعض نسخوں میں بغیر تا کے بھی آیا ہے (ضَعْفٌ کمزوری)

۵ہ یعنی اس نے یہ بھی نوٹ کیا کہ ہمارے پاس سواریاں کم ہیں۔

۶ہ جن کے پاس بالکل سواری نہ تھی۔

۷ہ صحابہ کرام کے درمیان میں سے، تاکہ ہمارے دشمنوں کو جا کر اطلاع دے، یہ شخص جاسوس تھا اور جاسوسی کے لیے آیا تھا۔

۸ہ خطام خا کے نیچے زیر، مہار، نکیل

۹ہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کافروں کا جو جاسوس مسلمانوں میں آئے اسے قتل کرنا جائز ہے۔

۳۷۸۵ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ بَنُوْ قُرَيْظَةَ عَلٰى حُكْمِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ	حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب بنو قریظہ۱ حضرت سعد بن معاذ۲ کے حکم پر اترے، تو رسول اللہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَ عَلٰى حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُوْمُوْا إِلٰى سَيِّدِكُمْ. فَجَاءَ فَجَلَسَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ هٰؤُلَاءِ نَزَلُوْا عَلٰى حُكْمِكَ قَالَ فَإِنِّيْ أَحْكُمُ أَنْ تُقْتَلَ الْمُقَاتِلَةُ وَأَنْ تُسْبَى الذُّرِّيَّةُ قَالَ لَقَدْ حَكَمْتَ فِيْهِمْ بِحُكْمِ الْمَلِكِ وَفِيْ رِوَايَةٍ بِحُكْمِ اللّٰهِ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد کو پیغام بھیجا وہ دراز گوش پر سوار ہو کر آئے۔ جب وہ قریب ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا[۳]: اٹھو اور اپنے سردار کی طرف جاؤ۔ حضرت سعد آکر بیٹھ گئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ لوگ تمہارے حکم پر اترے ہیں[۱]۔ انہوں نے عرض کی میرا فیصلہ یہ ہے کہ ان کے جنگ[۴] جو قتل کیے جائیں اور ان کے بچوں کو غلام بنا لیا جائے۔ حضور نے فرمایا: تم نے ان کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق فیصلہ کیا ہے[۵]۔ اور ایک روایت میں ملک کی جگہ اسم جلالت (اللہ) کا ذکر ہے۔

(صحیحین)

۱۔ یہودیوں کا ایک قبیلہ اپنے قلعے سے اترا۔

۲۔ اکابر صحابہ اور مشاہیر انصار میں سے ہیں۔ قبیلۂ اوس کے سردار تھے، بنو قریظہ اوس کے حلیف اور ان کی امان میں تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ احزاب کے بعد پچیس روز قریظہ کا محاصرہ کیا، پھر وہ حضرت سعد بن معاذ کے حکم پر نیچے اتر آئے کہ جو کچھ وہ فیصلہ کریں گے ہمارے لیے قابل قبول ہوگا۔ ان کا خیال تھا کہ جب ہم ان کے عہد و امان میں ہیں تو وہ ہماری رہائی کے لیے کوشش کریں گے۔

۳۔ بنو قریظہ کو مخاطب کرتے ہوئے ——— مجلس میں آنے والے کے لیے جو حضرات کھڑے ہونے کے قائل ہیں جیسے کہ آج کل رواج اور معروف طریقہ ہے۔ انہوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے۔ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ قیام کا یہ حکم تعلیم و تکریم کے ارادے سے نہیں دیا گیا تھا۔ بلکہ اس بنا پر تھا کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ زخمی تھے، غزوۂ خندق میں تیر ان کی ران میں لگا تھا۔ (معروف یہ ہے کہ ان کے بازو کی خون والی رگ میں تیر لگا تھا۔ ۱۲ حاشیہ) وہ از خود سواری سے اتر نہیں سکتے تھے، اس لیے حکم دیا کہ ان کے پاس جاؤ اور انہیں اترنے میں مدد دو۔[۶] اور ہو سکتا ہے کہ اس بات کی تمہید ہو کہ حضرت سعد ان کے بارے میں جو حکم دیں گے وہ

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

اس کی اطاعت کریں گے۔

سکہ کہ تم جو حکم کرو گے اسے قبول کریں گے۔

ھہ یعنی وہ لوگ جو جنگ کے قابل ہیں۔

سکہ جو علی الاطلاق بادشاہ ہے۔ اس معنی کے مطابق مَلِک، لام کی زیر کے ساتھ ہے، اور اس کی تائید بعد والی روایت سے ہوتی ہے، ایک روایت میں لام پر زبر ہے۔ مَلَک فرشتے کو کہتے ہیں اور اس سے جبریل امین علیہ السلام مراد ہوں گے، یعنی یہ وہ حکم ہے جو جبریل امین علیہ السلام اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے ہیں۔ جب حضرت سعد کا وصال ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ان کی وفات پر ستر ہزار فرشتے نازل ہوئے ہیں اور اللہ تعالیٰ کا عرش جھوم اٹھا ہے۔ رضی اللہ عنہ، پورا واقعہ کتب سیر میں مذکور ہے۔

۳۷۸۶ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ بَعَثَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْلًا قِبَلَ نَجْدٍ فَجَاءَتْ بِرَجُلٍ مِنْ بَنِي حَنِيفَةَ يُقَالُ لَهُ ثُمَامَةُ بْنُ أُثَالٍ سَيِّدُ أَهْلِ الْيَمَامَةِ فَرَبَطُوهُ بِسَارِيَةٍ مِنْ سَوَارِي الْمَسْجِدِ فَخَرَجَ إِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ سوار نجد کی طرف بھیجے، وہ بنو حنیفہ کے ایک شخص یمامہ والوں کے سردار کو پکڑ لائے، جسے ثمامہ بن اثال کہا جاتا تھا اور اسے مسجد کے ایک ستون سے باندھ دیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کی طرف نکلے اور فرمایا: ثمامہ! تیرے پاس کیا ہے؟ اس نے کہا اے محمد! میرے پاس بھلائی ہے۔ اگر آپ قتل کریں تو خون

(حاشیہ صفحہ سابقہ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بزرگوں کی آمد پر ان کی تعظیم کے لیے کھڑا ہونا سنت ہے، جن احادیث میں تعظیمی قیام سے منع فرمایا گیا ہے وہ یہ ہے کہ سردار بیٹھا ہو اور لوگ اس کے سامنے دست بستہ کھڑے ہوں، یہی جمہور علماء کا مذہب ہے، بعض نے کہا کہ یہ قیام تعظیمی نہ تھا بلکہ حضرت سعد بیمار تھے خود اتر کر نہ سکتے تھے۔ ان کی مدد کے لیے یہ حکم دیا گیا۔ مگر یہ توجیہ کمزور ہے ورنہ صرف ایک دو آدمیوں کو انہیں اتارنے کے لیے بھیج دیا جاتا۔ سب کو یہ حکم نہ ہوتا، قُومُوا جمع ہے۔ نیز پھر مَعْبَدِ کُمْ نہ فرمایا جاتا بلکہ مریضکم ارشاد ہوتا۔ سَیِّدِکُمْ فرمانے سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قیام سرداری کی وجہ سے تھا نہ کہ بیماری کی وجہ سے، چونکہ قیام کے ساتھ استقبال کے لیے آگے بھیجا تھا۔ اس لیے اِلٰی ارشاد ہوا قیام تعظیمی کی پوری بحث ہماری کتاب جاء الحق حصہ اول میں دیکھو۔ ۱۲ مرآۃ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَقَالَ مَاذَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِي يَا مُحَمَّدُ خَيْرٌ إِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَإِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى كَانَ الْغَدُ فَقَالَ لَهُ مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِي مَا قُلْتُ لَكَ إِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ وَإِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَتَرَكَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى كَانَ بَعْدَ الْغَدِ فَقَالَ مَا عِنْدَكَ يَا ثُمَامَةُ فَقَالَ عِنْدِي مَا قُلْتُ لَكَ إِنْ تُنْعِمْ تُنْعِمْ عَلَى شَاكِرٍ وَإِنْ تَقْتُلْ تَقْتُلْ ذَا دَمٍ وَإِنْ كُنْتَ تُرِيدُ الْمَالَ فَسَلْ تُعْطَ مِنْهُ مَا شِئْتَ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

والے کو قتل کریں گے اور اگر احسان فرمائیں تو شکرگزار پر احسان فرمائیں گے اور اگر آپ مال چاہتے ہیں تو فرمائیں۔ آپ جتنا مال چاہیں گے پیش کیا جائے گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اس کے حال پر چھوڑ دیا۔ یہاں تک کہ کل ہوا، تو فرمایا، ثمامہ! تمہارے پاس کیا ہے؟ اس نے کہا میرے پاس وہی ہے جو میں نے آپ سے عرض کیا کہ اگر آپ احسان فرمائیں تو شکرگزار پر احسان فرمائیں گے اور اگر قتل کردیں تو آپ خون والے کو قتل کریں گے اور اگر آپ مال چاہتے ہیں تو فرمائیں جتنا مال چاہیں گے پیش کردیا جائے گا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے اس کے حال پر چھوڑ دیا، حتیٰ کہ پرسوں کا دن آگیا، آپ نے فرمایا ثمامہ تمہارے پاس کیا ہے؟ اس نے کہا میرے پاس وہی کچھ ہے جو میں نے عرض کیا کہ اگر آپ احسان فرمائیں تو احسان شناس پر کرم کریں گے۔ اگر قتل کریں تو آپ خون والے کو قتل کریں گے اور اگر آپ مال چاہتے ہیں تو طلب کریں۔ آپ جتنا مال چاہیں گے پیش کیا جائے گا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ثمامہ کو رہا کردو۔ چنانچہ وہ مسجد

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أَطْلِقُوْا ثُمَامَةَ فَانْطَلَقَ إِلَى
نَخْلٍ قَرِيْبٍ مِّنَ الْمَسْجِدِ
فَاغْتَسَلَ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ
فَقَالَ أَشْهَدُ أَنْ لَّا إِلٰهَ
إِلَّا اللّٰهُ وَأَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا
عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ يَا مُحَمَّدُ
وَاللّٰهِ مَا كَانَ عَلَى وَجْهِ
الْأَرْضِ وَجْهٌ أَبْغَضَ إِلَيَّ
مِنْ وَّجْهِكَ فَقَدْ أَصْبَحَ
وَجْهُكَ أَحَبَّ الْوُجُوْهِ كُلِّهَا
إِلَيَّ وَاللّٰهِ مَا كَانَ مِنْ
دِيْنٍ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ دِيْنِكَ
فَأَصْبَحَ دِيْنُكَ أَحَبَّ الدِّيْنِ
كُلِّهٖ إِلَيَّ وَاللّٰهِ مَا كَانَ
مِنْ بَلَدٍ أَبْغَضَ إِلَيَّ مِنْ
بَلَدِكَ فَأَصْبَحَ بَلَدُكَ
أَحَبَّ الْبِلَادِ كُلِّهَا إِلَيَّ وَ
إِنَّ خَيْلَكَ أَخَذَتْنِيْ وَأَنَا
أُرِيْدُ الْعُمْرَةَ فَمَاذَا تَرٰى
فَبَشَّرَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَمَرَهٗ
أَنْ يَّعْتَمِرَ فَلَمَّا قَدِمَ مَكَّةَ
قَالَ لَهٗ قَائِلٌ أَصَبَوْتَ
فَقَالَ لَا وَلٰكِنِّيْ أَسْلَمْتُ
مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کے قریب کھجوروں کے درختوں کی طرف
گئے، غسل کیا[۲] پھر مسجد میں آکر کہنے لگے
میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالےٰ کے
سوا کوئی معبود نہیں اور میں گواہی دیتا
ہوں کہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ
کے عبد کرم اور اس کے رسول ہیں اے
محمد! خدا کی قسم! میرے نزدیک روئے
زمین پر کوئی چہرہ آپ کے چہرے سے
زیادہ مبغوض نہیں تھا۔ پس تحقیق اب
میرے نزدیک آپ کا چہرہ[۳] تمام چہروں
سے زیادہ محبوب ہوگیا ہے۔ خدا کی قسم!
میرے نزدیک کوئی دین آپ کے دین
سے زیادہ ناپسند نہ تھا۔ آج آپ کا
دین میرے لیے تمام دینوں سے زیادہ
محبوب ہوگیا ہے۔ خدا کی قسم! میرے نزدیک
کوئی شہر آپ کے شہر سے زیادہ ناپسندیدہ
نہیں تھا۔ آج آپ کا شہر میرے لیے
سب شہروں سے زیادہ محبوب ہوگیا ہے[۴]
آپ کے سواروں نے مجھے گرفتار کر لیا
میرا ارادہ عمرہ کرنے کا تھا پس آپ
کیا فرماتے ہیں؟[۵] رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے انہیں خوشخبری دی[۶] اور
انہیں عمرہ کرنے کا حکم دیا، جب وہ مکہ
مکرمہ آئے تو کسی[۷] نے انہیں کہا: کیا تم
بے دین ہو گئے ہو؟[۸] انہوں نے کہا نہیں[۹]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَاللّٰهِ لَا تَأْتِيكُمْ مِنَ الْيَمَامَةِ حَبَّةُ حِنْطَةٍ حَتَّى يَأْذَنَ فِيهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.

بلکہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایمان لایا ہوں۔ خدا کی قسم! یمامہ سے تمہارے پاس گندم کا ایک دانہ بھی نہ آئے گا یہاں تک کہ اس کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اجازت دیں۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَاخْتَصَرَهُ الْبُخَارِيُّ)

(مسلم) امام بخاری نے اسے اختصار کے ساتھ بیان کیا۔

سلہ نجد نون پر زبر جیم ساکن، اصل میں اس کا معنیٰ بلند زمین ہے، اس کے مقابل غور ہے جس کا معنیٰ پست جگہ ہے۔ نجد عرب کے کچھ شہروں کا نام ہے۔

سلہ۲ ایک قبیلے کا نام۔

سلہ۳ یمامہ یا پر زبر، دونوں میم مخفف، یہ بھی کچھ شہروں کا نام ہے۔

سلہ۴ ثمامہ تین نقطوں والی ثاء پر پیش، دونوں میم مخفف بن اثال ہمزے پر پیش، تین نقطوں والی ثاء مخفف۔

سلہ۵ یعنی اس کے پاس تشریف لے گئے۔

سلہ۶ یعنی بتاؤ تمہارا کیا حال ہے۔ یا یہ مطلب ہے کہ ہمارے بارے میں تمہارا کیا گمان ہے؟ کہ ہم تمہارے ساتھ کیا معاملہ کریں گے۔

سلہ۷ یا یہ مطلب ہے کہ میرے پاس بہت مال ہے۔

سلہ۸ یعنی اس شخص کو قتل کریں گے جو قتل کیے جانے کا مستحق ہے، پس اس عبارت میں اپنے جرم اور اپنی کوتاہی کا اعتراف ہے اور معذرت پیش کرنا ہے، یا یہ مطلب ہے کہ آپ اس شخص کو قتل کریں گے جس کا خون ساقط اور لغو نہیں ہے، اب اس میں اس بات کا دعویٰ ہے کہ میں اپنی قوم کا سردار اور صاحب حیثیت شخص ہوں جس کا خون بے کار نہیں جائے گا؛ بلکہ میری قوم کے لوگ میرے خون کا دعویٰ کریں گے اور دشمنی پر کمربستہ ہو جائیں گے، بعض روایات میں ذا ذِمٍّ نقطے والے ذال کی زیر کے ساتھ یعنی آپ ذمہ دار صاحب عہد اور معزز آدمی کو قتل کریں گے جو کسی چیز کا عہد کرتا ہے تو اسے پورا کرتا ہے۔

سلہ۹ اور اس سے تعرض نہیں فرمایا۔

سلہ۱۰ دوسرے دن بھی یہی فرمایا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱۱؎ تین دن تک یہ گفتگو جاری رہی اور سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے باطن میں تصرف فرمایا۔

۱۲؎ اس جگہ کے کنویں کے پانی سے۔

۱۳؎ چہرے سے مراد ذات ہے، چونکہ ایک دوسرے کا آمنا سامنا چہرے ہی سے ہوتا اور دوستی و دشمنی کا اثر اسی میں ظاہر ہوتا ہے اس لیے ذات کو چہرے سے تعبیر کر دیا گیا۔

۱۴؎ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ محبوب کی ہر چیز محبوب ہوتی ہے، یہاں تک کہ محبوب کا علاقہ اور اس کے شہر بھی محبوب ہوتے ہیں، شعر ہے

وَمِنْ مَذْهَبِيْ حُبُّ الدِّيَارِ لِاَهْلِهَا　　وَلِلنَّاسِ فِيْ مَا يَعْشَقُوْنَ مَذَاهِبُ

میرا مذہب یہ ہے کہ شہروں سے ان کے باشندوں کے سبب محبت رکھتا ہوں۔ اور محبوب کے بارے میں لوگوں کے مختلف مذاہب ہیں۔

۱۵؎ آپ کی کیا رائے ہے؟ کیا میں جاؤں اور عمرہ ادا کروں؟

۱۶؎ خیر و برکت اور سلامتی کی۔

۱۷؎ مکہ مکرمہ کے مشرکین میں سے۔

۱۸؎ کیا تم ایک دین سے نکل کر دوسرے دین میں چلے گئے ہو؟ یا یہ مطلب ہے کہ دین حق کو چھوڑ کر دین باطل اختیار کر لیا ہے۔ صبوت کا معنیٰ اصل میں میلان اور ایک دین سے دوسرے دین کی طرف نکلنا ہے جو شخص اسلام قبول کر لیتا مشرکین اسے صابی کہتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بھی اس بنا پر صابی کہتے تھے کہ آپ نے ان کے خیال میں، آباؤ اجداد کا دین چھوڑ کر نیا دین اختیار کیا ہے۔

۱۹؎ دین حق سے دین باطل کی طرف منتقل نہیں ہوا بلکہ میں پہلے بے دین تھا اب مجھے دین و ایمان نصیب ہوا ہے۔ (۱۲ قادری)

۲۰؎ اور دین حق، دین اسلام میں آیا ہوں اور دین یہی ہے، جسے تم دین سمجھتے ہو وہ دین نہیں ہے (بے دینی ہے ۱۲ ق)

۲۱؎ امام مسلم نے یہ حدیث اس تفصیل اور طوالت کے ساتھ روایت کی ہے۔

۳۷۸۶ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ	حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ سے روایت
اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ	ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر
وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ اُسَارٰى بَدْرٍ	کے قیدیوں ۱؎ کے بارے میں فرمایا۔ اگر مطعم بن
لَوْ كَانَ الْمُطْعِمُ بْنُ عَدِيٍّ	عدی زندہ ہوتا پھر ان پلیدوں کے بارے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حَیًّا ثُمَّ کَلَّمَنِی فِیْ ھٰؤُلَاءِ النَّتْنٰی لَتَرَکْتُھُمْ لَہٗ۔ میں مجھ سے بات کرتا تو ہم اس کے لیے انہیں چھوڑ دیتے ۵

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ) (بخاری)

۱ جبیر بن مطعم میم پر پیش، طا ساکن، عین کے نیچے زیر بن عدی بن نوفل بن عبد مناف، حضرت جبیر کی کنیت ابو محمد ہے۔ فتح مکہ سے پہلے اسلام لائے، بعض نے کہا کہ خیبر کے سال اور بعض نے کہا فتح مکہ کے دن مشرف باسلام ہوئے، حضرت جبیر رضی اللہ عنہ رؤسائے قریش میں سے تھے سردار، صاحب علم، باوقار اور علم انساب اور ایام عرب کے عالم تھے، اس علم میں حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کے شاگرد تھے ۵۴ھ میں ان کا وصال ہوا۔ مشہور قول کے مطابق انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ حدیث حالت کفر میں سنی اور حالت اسلام میں روایت کی۔

۲ مجازی طور پر قیدیوں سے مراد عام معنیٰ ہے جو قیدیوں اور مقتولوں کو شامل ہے، یہ مشاکلت کے طریقے کے قریب ہے لہٰذا یہ سوال نہیں ہوگا کہ قیدیوں کی تعداد ستر تھی اور انہیں مطعم کی سفارش کے بغیر چھوڑ دیا گیا تھا۔ اور جو مقتول تھے اگر ان کے بارے میں فرمایا کہ اگر مطعم بن عدی زندہ ہوتا تو وہ قیدی نہیں تھے، اور وہ جو کہتے ہیں کہ یہ قول قیدیوں کے بارے میں تھا اور مطلب یہ ہے کہ انہیں صحابہ کرام سے گفتگو کے بغیر ابتداءً بغیر کسی تردد کے چھوڑ دیا جاتا بعید ہے، علامہ طیبی نے کہا کہ ہم انہیں چھوڑ دیتے، یہ ارشاد مقتولوں کے بارے میں ہے۔ الفاظ حدیث اور لفظ نتنیٰ (پلیدوں)، کے ظاہر سے یہی معلوم ہوتا ہے۔ اگرچہ کفر کے اعتبار سے پلید مراد لینے کا بھی احتمال ہے۔

۳ حضرت جبیر کا والد۔

۴ اور ان پلیدوں کے بارے میں ہم سے سفارش کرتا۔

۵ اور انہیں اس کی خاطر قتل نہ کرتے۔ نتنیٰ دونوں نونوں پر زبر، اور تاء ساکن نتن تاء کے نیچے زیر، کی جمع ہے، گندہ ہونا، ان کا گندے ہونا یا تو ان کے کفر کے اعتبار سے ہے۔ یا اس بنا پر کہ ان کے جسموں کی طرف اشارہ ہے جو گندے ہو چکے تھے۔

مطعم بن عدی کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر ایک احسان تھا اور وہ یہ کہ جب آپ طائف سے واپس تشریف لائے تو اس نے آپ سے مشرکوں کو دفع کیا تھا، یا یہ ارشاد حضرت جبیر کو اسلام کی طرف رغبت دلانے اور ان کی تالیف قلب کے لیے فرمایا۔ حدیث میں بہترین انداز میں بدلہ دیا گیا ہے تاکہ مشرک کا آپ پر احسان نہ رہے۔ نیز مشرکین کے قتل کو غیر اہم قرار دیا گیا ہے کہ اگر وہ زندہ رہتے تو بھی کوئی حرج نہ تھا۔ انہیں گندے اور پلید کہنے سے معلوم ہوا کہ الفاظ سے مشرک کی توہین جائز ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۷۸۸ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ ثَمَانِيْنَ رَجُلًا مِّنْ اَهْلِ مَكَّةَ هَبَطُوْا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ جَبَلِ التَّنْعِيْمِ مُتَسَلِّحِيْنَ يُرِيْدُوْنَ غِرَّةَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَصْحَابِهٖ فَاَخَذَهُمْ سَلَمًا فَاسْتَحْيَاهُمْ ۔ ۔ فِيْ رِوَايَةٍ فَاَعْتَقَهُمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَهُوَ الَّذِيْ كَفَّ اَيْدِيَهُمْ عَنْكُمْ وَ اَيْدِيَكُمْ عَنْهُمْ بِبَطْنِ مَكَّةَ ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اہل مکہ میں سے اسّی مرد تنعیم کے پہاڑ[1] سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر اترے، وہ مسلح تھے، ان کا ارادہ یہ تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ کی بے خبری سے فائدہ اٹھائیں[2]۔ آپ نے انہیں زندہ سلامت پکڑ لیا[3]، اور انہیں زندہ رہنے دیا، اور ایک روایت میں ہے پس انہیں آزاد کر دیا[4] تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی، خدا وہی ہے جس نے بطن مکہ[5] میں ان کے ہاتھ[6] تم سے اور تمہارے ہاتھوں کو ان سے روک دیا[7]۔

(مسلم)

۱؎ جبل تنعیم، مکہ معظمہ سے تین میل کے فاصلے پر مشہور جگہ ہے، جہاں سے لوگ عمرہ کرتے ہیں۔

۲؎ اور انہیں تکلیف دیں۔ غرۃ نقطے والی غین کے نیچے زیر اور راء مشدد، غفلت، فریب۔

۳؎ اس حال میں کہ وہ صلح کی بنا پر مطیع و فرمانبردار اور ذلیل و خوار تھے، سَلَمًا سین اور لام پر زبر، اطاعت و فرمانبرداری کا قبول کرنا۔ ایک روایت میں سین کے نیچے زیر اور لام ساکن ہے۔ اس کا معنیٰ صلح ہے۔ ابن اثیر نے کہا کہ پہلا معنیٰ واقعہ کے زیادہ مناسب اور لائق ہے، کیونکہ وہ لوگ بطور صلح گرفتار نہیں ہوئے تھے، بلکہ غلبے اور زبردستی کی بنا پر پکڑے گئے تھے، پھر انہوں نے بے بسی اور بے چارگی کی بنا پر اپنے آپ کو سپرد کر دیا تھا، دوسرے معنیٰ کی یہ توجیہ کی گئی ہے کہ جب یہ لوگ عاجز آگئے اور غلامی پر راضی ہو گئے تو گویا انہوں نے اس پر صلح کر لی، یہ واقعہ صلح حدیبیہ کے موقع پر پیش آیا اور آخر میں یہی صلح کا سبب بنا۔

۴؎ اور قتل نہ کیا، گویا انہیں غلام بنا لیا پھر آزاد فرما دیا۔

۵؎ مکہ مکرمہ کے درمیان اور اس کے آس پاس۔

۶؎ اور ان کی طاقتوں کو روک دیا کہ وہ تم سے تعرض کریں اور تمہیں تکلیف پہنچائیں۔

۷؎ کہ تم انہیں قتل کرو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

٣٧٨٩ وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ ذَكَرَ لَنَا أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ أَبِيْ طَلْحَةَ أَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ يَوْمَ بَدْرٍ بِأَرْبَعَةٍ وَّعِشْرِيْنَ رَجُلًا مِّنْ صَنَادِيْدِ قُرَيْشٍ فَقُذِفُوْا فِيْ طَوِيٍّ مِّنْ أَطْوَاءِ بَدْرٍ خَبِيْثٍ مُّخْبِثٍ وَكَانَ إِذَا ظَهَرَ عَلٰى قَوْمٍ أَقَامَ بِالْعَرْصَةِ ثَلٰثَ لَيَالٍ فَلَمَّا كَانَ بِبَدْرٍ الْيَوْمَ الثَّالِثَ أَمَرَ بِرَاحِلَتِهٖ فَشُدَّ عَلَيْهَا رَحْلُهَا ثُمَّ مَشٰى وَاتَّبَعَهٗ أَصْحَابُهٗ حَتّٰى قَامَ عَلٰى شَفَةِ الرَّكِيِّ فَجَعَلَ يُنَادِيْهِمْ بِأَسْمَائِهِمْ وَأَسْمَاءِ آبَائِهِمْ يَا فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ وَّيَا فُلَانُ بْنَ فُلَانٍ أَيَسُرُّكُمْ أَنَّكُمْ أَطَعْتُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَإِنَّا قَدْ وَجَدْنَا مَا وَعَدَنَا رَبُّنَا حَقًّا فَهَلْ وَجَدْتُّمْ مَّا وَعَدَ رَبُّكُمْ حَقًّا فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا تُكَلِّمُ مِنْ أَجْسَادٍ لَّا أَرْوَاحَ

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ نے حضرت ابو طلحہؓ سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن قریش کے چوبیس سرداروں کے بارے میں حکم دیا تو انہیں بدر کے کنوؤں میں سے ایک گندے اور پلید کنوئیں میں ڈال دیا گیا، اور حضور انور جب کسی قوم پر غالب آتے تو میدان جنگ میں تین راتیں قیام فرماتے۔ جب بدر میں تیسرا دن ہوا تو آپ نے اپنی سواری کے بارے میں حکم دیا۔ اس پر پالان باندھا گیا، پھر آپ چلے اور آپ کے صحابہ آپ کے پیچھے چلے، یہاں تک کہ آپ کنوئیں کے کنارے پر کھڑے ہوئے اور مُردوں کو ان کے اور ان کے آباؤ اجداد کے ناموں سے پکارنے لگے: اے فلاں ابن فلاں! اور اے فلاں ابن فلاں! کیا تمہیں اب یہ بات اچھی لگتی ہے؟ کہ تم نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کی ہوتی؟ پس بے شک ہم سے ہمارے رب نے جو وعدہ کیا تھا وہ ہم نے حق پایا، تو کیا تم نے بھی وہ حق پایا؟ جو تم سے تمہارے رب نے وعدہ کیا تھا۔ حضرت عمر نے عرض کیا، یا رسول اللہ! آپ ان بے جان جسموں سے کیا گفتگو فرما رہے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہیں اس ذات کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ لِمَا اَقُوْلُ مِنْهُمْ وَ فِيْ رِوَايَةٍ مَا اَنْتُمْ بِاَسْمَعَ مِنْهُمْ وَ لٰكِنْ لَّا يُجِيْبُوْنَ۔

جس کے قبضے میں محمد مصطفےٰ کی جان ہے تم میری گفتگو کو ان سے زیادہ نہیں سنتے اور ایک روایت میں ہے تم ان سے زیادہ سننے والے نہیں ہو، لیکن وہ جواب نہیں دیتے۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) (صحیحین)

وَزَادَ الْبُخَارِيُّ قَالَ قَتَادَةُ اَحْيَاهُمُ اللّٰهُ حَتّٰى اَسْمَعَهُمْ قَوْلَهٗ تَوْبِيْخًا وَّ تَصْغِيْرًا وَّ نِقْمَةً وَّ حَسْرَةً وَّ نَدَمًا۔

امام بخاری نے اضافہ کیا کہ قتادہ نے کہا[1] اللہ تعالیٰ نے انہیں زندہ فرمایا یہاں تک کہ زجر، تحقیر، انتقام[1]، حسرت اور ندامت کے لیے حضور کا فرمان انہیں سنایا۔[1]

1 حضرت قتادہ مشہور تابعی ہیں۔

2 حضرت ابوطلحہ، حضرت انس کی والدہ کے شوہر۔

3 صنادید جمع صندید کی صاد کے نیچے زیر، سردار اور قوم کا بڑا آدمی، مَطَرٌ صِنْدِيْدٌ بڑے چھینٹوں والی بارش سخت اور تیز ہوا اور بارش کو صندید کہتے ہیں۔

4 طوی طاء پر زبر، واؤ کے نیچے زیر، یاء مشدد، وہ کنواں جس کے اردگرد پتھر لگائے گئے ہوں۔ مُخْبِثٌ میم پر پیش، خاء ساکن، پلید کرنے والا کنواں۔ علامہ طیبی نے خبیث مُخْبِث کا معنیٰ فاسد اور فاسد کرنے والا بیان کیا ہے۔ اس کنوئیں میں یہ صفت یا تو زمانہ قدیم سے تھی کہ لوگ اس میں مردار اور غلاظتیں پھینکتے تھے یا اس لیے وہ کنواں اس صفت کا حامل ہو گیا کہ ان پلیدوں کی لاشیں اس میں ڈال دی گئی تھیں۔

5 عرصہ عین پر زبر، راء ساکن، ہر وہ فراخ جگہ جہاں کوئی عمارت نہ ہو، اس جگہ میدان جنگ مراد ہے۔

6 رکی راء پر زبر، اور یاء مشدد، کنواں۔ جیسے کہ طوی کا یہی معنیٰ ہے۔ ایک روایت میں عَلٰى قَلِيْبِ بَدْرٍ آیا ہے، قلیب کا معنیٰ بھی کنواں ہے۔ جس کی تعمیر نہ کی گئی ہو۔ طوی اس کنوئیں کو کہتے ہیں جس کی تعمیر کی گئی ہو۔ اس اعتبار سے دونوں روایتوں میں منافات لازم آئے گی، طوی مطلق کنوئیں کو بھی کہتے ہیں۔ لہٰذا منافات نہیں ہے۔ ۱۲ (مازہی)

7 ارمان پر ایمان لائے ہوتے۔

8 یعنی اب تمہیں معلوم ہو گیا کہ دین اسلام حق ہے اور جو کچھ خدا اور رسول نے فرمایا تھا وہ حق ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۹ یعنی یہ مردے ہیں اور سنتے نہیں ہیں، ان سے گفتگو کیسی؟ اور اس کا کیا مطلب ہے؟

۱۰ یعنی یہ تم سے زیادہ سننے والے ہیں یا تمہارے برابر ہیں۔

۱۱ مردوں سے گفتگو کو بعید جاننے اور ان کے سننے کا انکار کرنے کا جواب دیتے ہوئے۔

۱۲ یاد رہے کہ یہ حدیث صحیح اور امام بخاری و مسلم کی روایت کردہ اس بات میں صریح ہے کہ مردوں کا سننا ثابت ہے اور جس چیز کے ساتھ انہیں خطاب کیا جائے اس کا انہیں علم حاصل ہوتا ہے اسی طرح امام مسلم کی حدیث میں آیا ہے کہ جب لوگ دفن کرکے واپس جاتے ہیں تو مردہ ان کے جوتوں کی آہٹ سنتا ہے۔ اسی طرح حدیث میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنت البقیع کے مدفون حضرات کی زیارت کے لیے تشریف لے گئے انہیں مخاطب کرکے سلام کیا اور فرمایا: اے مسلمانوں کے گھر والو تم پر سلام ہو تمہیں وہ چیز پہنچی جس کا تم سے وعدہ کیا گیا تھا، اور ہم بھی ان شاء اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ملنے والے ہیں، کیونکہ جو شخص سنتا اور سمجھتا نہیں ہے اس کے ساتھ خطاب معقول نہیں ہے۔ ایسا فعل بے فائدہ شمار کیے جانے کے لائق ہے۔ ترمذی شریف کی حدیث میں ہے کہ جب حضرت ام المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا اپنے بھائی عبدالرحمن بن ابی بکر کی مکہ مکرمہ میں واقع قبر کی زیارت کرتیں تو انہیں مخاطب کرکے کہتیں کہ اگر میں تمہاری وفات کے وقت حاضر ہوتی تو تمہیں اسی جگہ دفن کرتی جہاں تمہاری وفات ہوئی تھی۔ اگر میں اس وقت حاضر ہوتی تو اب تمہاری زیارت نہ کرتی۔ جیسے کہ باب زیارۃ القبور میں گزرا۔

علامہ ابن ہمام نے شرح ہدایہ میں فرمایا کہ اکثر مشائخ اس کے قائل ہیں کہ مردہ نہیں سنتا، انہوں نے کتاب الایمان میں تصریح کی ہے کہ اگر کسی نے قسم کھائی کہ فلاں شخص سے کلام نہیں کروں گا پھر اس کی وفات کے بعد اس سے گفتگو کی تو اس کی قسم نہیں ٹوٹے گی، کیونکہ قسم اس شخص کے بارے میں منعقد ہوتی ہے جو سمجھنے کی قابلیت اور حیثیت رکھتا ہے اور مردہ اس طرح نہیں ہے۔

مسلم شریف کی وہ حدیث جس میں آیا ہے کہ مردہ، لوگوں کے جوتوں کی آہٹ سنتا ہے۔ اس جماعت نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ یہ سننا اس وقت کے ساتھ خاص ہے جب میت کو قبر میں رکھا جاتا ہے۔ یہ سوال و جواب کے لیے تیاری ہے، حالانکہ یہ تخصیص ظاہر کے خلاف ہے۔ اور اس پر کوئی دلیل نہیں ہے ظاہر حدیث یہ ہے کہ مردے کو یہ حالت قبر میں حاصل ہے، اس باب میں ذکر کی گئی حدیث جو اس جماعت کے مذہب کے خلاف نص ہے کبھی تو اس جماعت نے اس کا یہ جواب دیا کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے۔ اور آپ کا معجزہ ہے، کافروں کی حسرت میں اضافہ کرنے کے لیے، مخفی نہ رہے کہ حدیث کو اس مطلب پر محمول کرنا محض احتمال ہے اور ایسی تاویل ہے جس پر اس وقت تک محمول نہیں کرسکتے جب تک کہ سننے کے محال ہونے پر کوئی دلیل قائم نہ ہوجائے، حالانکہ اللہ تعالیٰ سنانے پر قادر ہے اور حواس کا علم کے لیے سبب ہونا امر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From
Paksociety.com

عادی اور محض اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے سے ہے، جیسے کہ کتب مذہب میں ثابت ہو چکا۔
اور کبھی یہ جواب دیتے ہیں کہ یہ گفتگو بطور مثال ہے حقیقت کلام مراد نہیں ہے۔ یہ جواب پہلے جواب سے زیادہ بعید اور زیادہ کمزور ہے۔ باقی رہی قسمیں تو ان کا دارومدار عرف اور عادت پر ہے نہ کہ حقیقت پر، فافہم۔
اس جماعت کی مضبوط ترین دلیل یہ ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس روایت کو رد کیا ہے، جب انہوں نے یہ حدیث حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے سنی تو کہنے لگیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کس طرح فرما سکتے ہیں؟ حالانکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اِنَّکَ لَا تُسْمِعُ الْمَوْتٰی۔ وَمَا اَنْتَ بِمُسْمِعٍ مَّنْ فِی الْقُبُوْرِ اے حبیب! تم مردوں کو نہیں سناتے، اور تم ان لوگوں کو سنانے والے نہیں جو قبروں میں ہیں، اسی طرح علامہ ابن ہمام نے فرمایا ہے۔

مواہب لدنیہ میں ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے تاویل کرتے ہوئے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مراد یہ ہے کہ اب تم جانتے ہو کہ جو کچھ ہم کہتے تھے حق ہے، نیز یہ بھی فرمایا کہ حضرت عمر کو وہم ہوا جس کی بنا پر انہوں نے جاننے کی بجائے سننے کا ذکر کر دیا۔
خلاصہ یہ کہ حضرت عائشہ نے مردوں کے سننے کا انکار کیا اور قرآن پاک کی مذکورہ دو آیتوں سے استدلال کیا، لیکن علماء نے حضرت عائشہ کے ارشاد اور ان کے قرآن پاک سے استدلال کا جواب دیا ہے اور حضرت عائشہ کے اس ارشاد کو قبول نہیں کیا۔

مواہب لدنیہ میں اسماعیل سے نقل کیا ہے کہ حضرت عائشہ کو فہم و ذکا، کثرت روایت اور علوم غامضہ میں غور و خوض میں وہ مقام حاصل تھا کہ اس سے زیادہ متصور نہیں ہے لیکن کسی ثقہ شخصیت کی روایت کو اس وقت تک رد نہیں کیا جا سکتا جب تک کہ کوئی نص اس کی مثل پیش نہ کی جائے جو اس روایت کے منسوخ، یا مخصوص یا محال ہونے پر دلالت کرے، قرآن پاک کی آیت سے مراد یہ ہے کہ اے حبیب! تم نہیں سناتے بلکہ اللہ تعالیٰ سناتا ہے نیز مَوْتٰی اور مَنْ فِی الْقُبُوْرِ سے مراد کافر ہیں اور سماع کی نفی سے مراد حق کو قبول نہ کرنا ہے (مطلب یہ ہوا کہ اے حبیب! حق کو قبول کرانا تمہارا کام نہیں ہے۔ ۱۲ ق)
اس کی دلیل یہ ہے کہ یہ آیت کافروں کو ایمان کی دعوت دینے اور ان کے حق کو قبول نہ کرنے کے بارے میں وارد ہوئی، اہل علم نے یہ بھی کہا ہے کہ موتٰی سے مراد مردہ دل لوگ ہیں، اور قبور سے مراد ان کے اجسام ہیں جن میں ان کے مرے ہوئے دل پڑے ہیں۔

مواہب لدنیہ میں ہے کہ محمد بن اسحاق نے مغازی میں سند جید سے اور امام احمد بن حنبل نے بھی سند حسن کے ساتھ حضرت عائشہ سے حضرت عمر کی حدیث جیسی حدیث روایت کی ہے۔ گویا حضرت عائشہ نے انکار

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے رجوع کر لیا تھا، کیونکہ ان کے نزدیک اکابر صحابہ کی روایت ثابت ہو چکی تھی۔ حضرت عائشہ خود اس واقعہ میں حاضر نہیں تھیں۔ شروح بخاری میں بھی ایسا ہی کلام واقع ہوا ہے۔

علماء کی وہ جماعت جو سماع موتی کی قائل ہے انہوں نے حضرت قتادہ کے قول سے استدلال کیا ہے جو حدیث کے آخر میں واقع ہوا ہے۔ اس قول کا حاصل یہ ہے کہ مردوں کو قبروں میں زندگی کی ایک قسم اور ایک حالت عطا کی جاتی ہے جس سے سماع حاصل ہوتا ہے۔ حضرت قتادہ کے اس قول میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تخصیص نہیں ہے کہ یہ سماع بطور معجزہ واقع ہوا ہو، اور نہ ہی ان مردوں کی تخصیص ہے بلکہ اللہ تعالیٰ قادر ہے کہ وہ حالت تمام مردوں میں پیدا کر دے خواہ وہ کوئی بھی شخص ہو اور کسی بھی زمانے سے تعلق رکھتا ہو، خوب اچھی طرح غور و فکر کیجئے اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔

اس جگہ ایک اور بات بھی ہے اور وہ یہ کہ فرض کیجئے ہم سماع سے تنزل کرتے ہیں، کیونکہ سننا حس سامعہ سے ہوتا ہے اور بدن کی خرابی کی وجہ سے قوت سامعہ بھی خراب ہو جاتی ہے تو ہم کہتے ہیں کہ سننے کی نفی سے علم کی نفی لازم نہیں آتی۔ علم روح کی صفت ہے اور روح باقی ہے، لہٰذا دیکھی اور سنی جانے والی چیزوں کا علم ہوگا لیکن دیکھنے اور سننے سے نہیں ہوگا، جیسے کہ بعض متکلمین نے اللہ تعالیٰ کے سننے اور دیکھنے کی تاویل، سنی اور دیکھی جانے والی چیزوں کے علم سے کی ہے، اور تحقیق اخبار و آثار سے ثابت ہے کہ مردے، زیارت کرنے والوں کو دیکھتے اور پہچانتے ہیں، یہاں تک وارد ہوا ہے کہ جمعہ کے دن زیارت زیادہ محبوب ہے، کیونکہ اس دن میت کا علم زیادہ کامل اور مکمل ہوتا ہے اور زائرین کے حالات ان پر زیادہ ظاہر اور واضح ہوتے ہیں۔ نیز مردوں کو آخرت اور برزخ میں علم کے حاصل ہونے اور دین اسلام کی حقانیت کا علم حاصل ہونے میں شک نہیں ہے۔ جیسے کہ ام المومنین عائشہ نے فرمایا اور حدیث کی مراد میں یہ متفق علیہ امر ہے، پس دنیا اور احوال دنیا کا علم بھی ممکن ہے۔ اور جب روح باقی ہے تو اس علم کے زائل ہو جانے اور بھول جانے پر کیا دلیل ہے۔

حدیث میں آیا ہے کہ کفار، دنیا میں واپس آنے کی آرزو کریں گے، یہ بھی آیا ہے جب میت، منکر نکیر کے سوال کا جواب خیر سے دے دے گا اور راحت پائے گا تو آرزو کرے گا کہ کاش! کوئی ہوتا جو میرے گھر والوں کو خبر دیتا کہ میں راحت میں ہوں اور خوش ہوں۔

خلاصۂ کلام یہ ہے کہ کتاب و سنت ایسی چیزوں سے پُر ہیں جو دلالت کرتی ہیں کہ مردوں کو دنیا اور دنیا والوں کا علم ہوتا ہے، پس اس کا انکار وہی کرے گا جو احادیث سے جاہل ہو اور دین کا منکر ہو۔ میں نے بیان کر دیا اور اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔

اہل قبور سے استمداد کا بعض فقہاء نے انکار کیا ہے۔ ان کا انکار اگر اس بناء پر ہے کہ اہل قبور کو زائرین اور ان کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

احوال کا علم نہیں ہے اور وہ ان کی بات نہیں سنتے تو اس کا بطلان ثابت ہو چکا ہے اور اگر انکار اس بنا پر ہے کہ اہل قبور کو اس جگہ قدرت اور تصرف حاصل نہیں ہے حتیٰ کہ امداد کریں، بلکہ وہ قید ہیں۔ انہیں منع کیا گیا ہے اور وہ لاحق ہونے والی محنت اور سختی میں مصروف ہیں جس نے انہیں دوسروں سے روک رکھا ہے تو میں کہتا ہوں کہ یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے خصوصاً متقین جو اللہ تعالیٰ کے دوست ہیں، ہو سکتا ہے کہ ان کی روحوں کو برزخ میں قرب اور قدر و منزلت حاصل ہو جائے اور ان کا وسیلہ پکڑنے والے زائرین کی حاجتوں کی طلب، دعا اور شفاعت کی قدرت مل جائے، جیسے کہ قیامت کے دن ہوگا، اس کی نفی پر کونسی دلیل ہے؟

علامہ بیضاوی نے وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا الآیہ کی تفسیر بدن سے جدا ہوتے وقت نفوس فاضلہ کی صفات کے ساتھ کی ہے کہ انہیں جسموں سے کھینچ کر نکالا جاتا ہے اور وہ خوشی خوشی عالم ملکوت کی طرف چلے جاتے ہیں اور وہاں سیر کرتے ہیں اور حظائر قدس کی طرف سبقت کرتے ہیں۔ پس وہ شرافت اور قوت میں مدبرات میں سے ہو جاتے ہیں۔

کاش کہ ہمیں علم ہوتا کہ یہ فرقہ جس استمداد اور امداد کا انکار کرتا ہے۔ اس سے مراد کیا ہے؟ جہاں تک ہم سمجھتے ہیں وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف محتاج اور فقیر دعا کرنے والا، اللہ تعالیٰ سے دعا کرتا ہے اور بارگاہ عزت و بے نیازی سے اپنی حاجت طلب کرتا ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں مقرب اور معظم اس ہستی کی روحانیت کو وسیلہ بناتا ہے اور کہتا ہے خداوندا! اس بندۂ کرم کی برکت سے جس پر تو نے رحمت اور سرفرازی نچھاور فرمائی ہے اور تیرا خاص لطف و کرم اس کی طرف مبذول ہے۔ میری حاجت بر لا کر تو کریم حاجت روا ہے۔ یا اس بندۂ مکرم کو ندا کرتا ہے اے بندۂ خدا! اور اے اللہ تعالیٰ کے ولی میری سفارش کیجیے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کیجیے کہ میرا مقصد و مدعا پورا فرمائے اور میری حاجت بر لائے۔ پس عطا فرمانے والا اور جس سے سوال اور امید ہے وہ اللہ تعالیٰ ہی ہے اور یہ بندہ درمیان میں صرف وسیلہ ہے۔ قادر، فاعل اور وجود میں تصرف فرمانے والا صرف اللہ تبارک و تعالیٰ ہے۔ اولیاء اللہ اللہ تعالیٰ کے فعل، اس کی قدرت اور اس کے غلبے کے سامنے فانی اور عاجز ہیں، ان کے لیے فعل، قدرت اور تصرف نہ اب ثابت ہے جب کہ وہ قبروں میں ہیں اور نہ ہی اس وقت ثابت تھا جب وہ دنیا میں زندہ تھے۔ امداد و استمداد اس معنی کے لحاظ سے جو ہم نے ذکر کیا اگر موجب شرک اور ماسوی اللہ تعالیٰ کی طرف توجہ کا سبب ہے۔ جیسے کہ منکر گمان کرتا ہے تو چاہیے کہ صالحین اور اولیاء اللہ کی حیات ظاہری میں بھی ان سے توسل اور ان سے دعا کی درخواست ممنوع ہو، حالانکہ یہ ممنوع نہیں ہے بالاتفاق مستحب اور مستحسن ہے بلکہ دین میں شائع اور متعارف ہے اور اگر کہیں کہ یہ حضرات وفات کے بعد معزول ہو گئے ہیں اور اس حالت اور کرامت سے باہر جا چکے ہیں جو انہیں دنیاوی زندگی میں حاصل تھی تو ہم پوچھتے ہیں اس پر کیا دلیل ہے۔ اور اگر کہیں کہ وفات کے بعد لاحق ہونے والی آفات

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کے سبب انہیں روک دیا گیا ہے اور وہ ان آفات کی طرف متوجہ ہو چکے ہیں تو یہ قاعدہ کلیہ نہیں ہے۔ اور نہ ہی اس پر کوئی دلیل ہے کہ یہ مشغولیت قیامت کے دن تک مسلسل جاری رہے گی، زیادہ سے زیادہ یہ کہ مخلوق کی طرف توجہ ہمیشہ نہ ہو اور استمداد کا فائدہ عام نہ ہو، بلکہ ممکن ہے کہ بعض حضرات عالم قدس کی طرف منہمک ہوں اور اللہ تعالیٰ کی صفات کی طرف ان کی محویت کا یہ عالم ہو کہ نہ تو ان کی توجہ دنیا کی طرف ہو اور نہ ہی انہیں احساس ہو، اور وہ دنیا میں کوئی تصرف اور تدبیر بھی نہ کر سکتے ہوں، جیسے کہ اس جہاں میں بھی مجذوبوں اور اصحاب ہوش کے حال کا فرق ظاہر ہوتا ہے۔

ہاں اگر زائرین کا یہ عقیدہ ہو کہ اہل قبور مستقل طور پر متصرف اور قادر ہیں انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونے اور اس سے درخواست کرنے کی حاجت نہیں ہے، جیسے جاہل اور غافل عوام عقیدہ رکھتے ہیں اور ایسے کام کرتے ہیں جو دین میں حرام اور ممنوع ہیں مثلاً قبر کو بوسہ دینا، اسے سجدہ کرنا اور اس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا وغیرہ ایسے امور جن سے منع کیا گیا ہے اور ڈرایا گیا ہے۔ تو یہ عقیدہ اور یہ افعال ممنوع اور حرام ہوں گے، عوام کا فعل لائق اعتبار نہیں ہے بلکہ بحث ہی سے خارج ہے۔ حاشا وکلا کہ شریعت کا عالم اور احکام دین کی خبر رکھنے والا ایسا عقیدہ رکھے اور ایسا کام کرے۔

کاملین کی ارواح سے اہل کشف مشائخ کی استمداد اور استفادہ کی روایات بے شمار ہیں اور ان کی کتابوں اور رسائل میں مذکور ہیں اور ان میں مشہور و معروف ہیں۔ ہمیں ان کے ذکر کی حاجت نہیں ہے، ہو سکتا ہے بزرگان دین کے کلمات متعصب منکر کو فائدہ نہ دیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس محرومی سے بچائے، اس جگہ گفتگو علم اور شریعت کی بنا پر ہے ہاں! زیارت قبور کے بارے میں مروی اور مسنون یہ ہے کہ اہل قبور کو سلام کہا جائے، ان کے لیے دعائے مغفرت کی جائے اور قرآن پاک کی تلاوت کی جائے لیکن اس جگہ استمداد سے ممانعت نہیں ہے۔ بس زیارت، اہل قبور کی امداد اور ان سے استمداد کے لیے دونوں طرح ہوتی ہے۔ اس سلسلے میں زائرین اور جن کی زیارت کی جاتی ہے دونوں کی مختلف حالتیں ہوتی ہیں۔

یاد رہے کہ اختلاف انبیاء کرام علیہم الصلوٰۃ والسلام کے علاوہ میں ہے، کیونکہ انبیاء کرام زندہ ہیں۔ حقیقی دنیاوی زندگی کے ساتھ اور اولیاء زندہ ہیں اخروی اور معنوی زندگی کے ساتھ، اس جگہ کلام طویل ہو گیا، کچھ عرصہ سے ایک فرقہ پیدا ہوا ہے جو ان اولیاء اللہ سے استمداد و استعانت کا منکر ہے جو دار فانی سے دار بقا کی طرف رحلت فرما چکے ہیں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں خوشحال اور رزق دیے جاتے ہیں لیکن لوگوں کو شعور نہیں ہے، منکرین، ان حضرات کی طرف توجہ کرنے والوں کو شرک اور بت پرست جانتے ہیں اور جو ان کی زبان پر آتا ہے کہتے ہیں بعرصہ دراز سے اس مسئلہ کی تحقیق و تفصیل میرے دل میں تھی، آج توفیق الٰہی نے اس کے بیان کرنے میں یاوری کی ہے۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لیے ہیں۔ اے اللہ! ہمیں حق کو حق دکھا اور اس کی پیروی کی توفیق عطا فرما اور باطل کو باطل دکھا اور اس سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From
Paksociety.com

بخشنے کی ہمت عطا فرما۔ واللہ تعالیٰ اعلم وعلمہ احکم

۳۷۹/۹ وَعَنْ مَرْوَانَ وَالْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ حِيْنَ جَاءَهُ وَفْدُ هَوَازِنَ مُسْلِمِيْنَ فَسَأَلُوْهُ اَنْ يَرُدَّ اِلَيْهِمْ اَمْوَالَهُمْ وَسَبْيَهُمْ فَقَالَ فَاخْتَارُوْا اِحْدَى الطَّائِفَتَيْنِ اِمَّا السَّبْيَ وَاِمَّا الْمَالَ قَالُوْا فَاِنَّا نَخْتَارُ سَبْيَنَا فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهٗ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ اِخْوَانَكُمْ قَدْ جَاءُوْا تَائِبِيْنَ وَاِنِّيْ قَدْ رَاَيْتُ اَنْ اَرُدَّ اِلَيْهِمْ سَبْيَهُمْ فَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يُّطَيِّبَ ذٰلِكَ فَلْيَفْعَلْ وَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يَّكُوْنَ عَلٰى حَظِّهٖ حَتّٰى نُعْطِيَهٗ اِيَّاهُ مِنْ اَوَّلِ مَا يُفِيْءُ اللّٰهُ عَلَيْنَا فَلْيَفْعَلْ فَقَالَ النَّاسُ قَدْ طَيَّبْنَا ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مروان اور مسور بن مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے جب ہوازن کا وفد اسلام لا کر حاضر ہوا، انہوں نے آپ سے درخواست کی کہ ہمارے اموال اور قیدی ہمیں واپس کیے جائیں، آپ نے فرمایا: دونوں میں سے ایک چیز اختیار کرو، قیدی یا مال، انہوں نے عرض کیا کہ ہم اپنے قیدیوں کو اختیار کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر اللہ تعالیٰ کی تعریف اس چیز سے کی جو اس کے لائق ہے، پھر فرمایا، حمد وثنا کے بعد: تمہارے بھائی تائب ہو کر آئے ہیں اور ہماری رائے یہ ہے کہ ہم ان کے قیدی انہیں واپس کر دیں، لہٰذا تم میں سے جو شخص پسند کرتا ہے کہ خوش دلی سے ایسا کرے تو وہ اس طرح کرے اور تم میں سے جو شخص پسند کرتا ہے کہ اپنے حصے پر رہے یہاں تک کہ ہم اسے اس پہلے مال میں سے دیں جو اللہ تعالیٰ ہمیں عطا فرماتے تو وہ یہ طریقہ اختیار کرے۔ صحابۂ کرام نے عرض کی ہم خوش دلی سے یہ کام کرتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمیں معلوم نہیں کہ تم میں سے کس نے اجازت دی ہے اور کس نے نہیں دی؟ تم واپس جاؤ، حتی کہ تمہارے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

إِنَّا لَا نَدْرِي مَنْ أَذِنَ مِنْكُمْ مِمَّنْ لَمْ يَأْذَنْ فَارْجِعُوا حَتّٰى يَرْفَعَ إِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ فَرَجَعَ النَّاسُ فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَاؤُهُمْ ثُمَّ رَجَعُوا إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَخْبَرُوهُ أَنَّهُمْ قَدْ طَيَّبُوا وَأَذِنُوا۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

نمائندے ہمارے سامنے معاملہ پیش کریں ۳؎ چنانچہ صحابہ کرام لوٹ گئے، اور ان کے نمائندوں نے ان سے گفتگو کی۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکے اور عرض کی کہ صحابہ کرام نے خوش دلی سے اجازت دے دی ہے ۴؎

(بخاری)

۱؎ مروان بن حکم بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف کی ولادت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ہوئی۔ بعض نے کہا کہ ہجرت کے دوسرے سال، اور بعض نے کہا جنگ خندق کے سال۔ اس کے علاوہ دیگر اقوال بھی ہیں۔ اس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت نہیں کی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے والد کو مدینہ بدر کرکے طائف کی طرف بھیج دیا تھا، وہ حضرت عثمان بن عفان کی خلافت تک وہیں رہا، جب حضرت عثمان کی خلافت کا دور آیا تو مدینہ منورہ آگیا۔ مروان بھی اپنے والد کے ہمراہ آیا اور ۶۵ھ میں وفات پائی، کہتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عثمان غنی اور حضرت علی مرتضیٰ سے حدیث سنی۔ ان سے حضرت عروہ بن زبیر اور امام جلیل حضرت زین العابدین علی بن حسین نے حدیث سنی اور یہ امر غریب ہے۔ یزید یا اس کے بیٹے معاویہ بن یزید کے بعد تخت حکومت پر بیٹھا اور باقی احوال اپنی جگہ مذکور ہیں۔

۲؎ مسور میم کے نیچے زیر اور بے نقطہ سین ساکن بن مخرمہ میم پر زبر، نقطے والی خاء ساکن اور راء پر زبر، قریشی زہری حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کے بھانجے اور کم عمر صحابی ہیں۔ ان کی پیدائش مکہ مکرمہ میں ہجرت کے دوسرے سال ہوئی۔ بعد ازاں مدینہ منورہ آئے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی۔ آپ کے ارشادات سنے اور انہیں یاد رکھا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی شہادت تک وہیں رہے۔ اس کے بعد مکہ مکرمہ چلے گئے۔ یزید کی حکومت تک وہیں رہے لیکن اس کی بیعت نہیں کی۔ حضرت ابن زبیر کے واقعہ شہادت میں آپ حطیم میں نما ہے تھے کہ ایک پتھر آکر آپ کو لگا اور آپ شہید ہوگئے۔ ان سے حضرت عروہ اور امام زین العابدین وغیرہما نے روایت کی ہے اور اس حدیث کو مروان اور حضرت مسور دونوں نے روایت کیا ہے۔

۳؎ اور خطبہ ارشاد فرمایا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۴ ہوازن ایک قبیلے کا نام ہے، غزوہ ہوازن جسے غزوہ حنین بھی کہتے ہیں، فتح مکہ کے بعد تھا اور اس میں بے شمار مال غنیمت حاصل ہوا تھا۔

۵۵ طائفہ کسی چیز کے حصے کو کہتے ہیں خواہ وہ جان ہو یا مال، انسان ہوں یا اس کے علاوہ۔

۵۶ جو ہمیں مال سے زیادہ عزیز ہیں۔

۵۷ جیسے کہ خطبے میں حمد و ثنا کرتے ہیں۔

۵۸ یعنی ہوازن، انہیں مسلمان ہونے کی بنا پر نیز ان پر رحم اور شفقت کی اپیل کرنے کے لیے بھائی فرمایا۔

۵۹ معاوضے کے بغیر۔

۶۰ یعنی جو قیدی اس کے حصے میں آئے ہیں انہیں معاوضے کے بغیر واپس نہ کرے۔

۶۱ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں پابند نہیں فرمایا کہ بغیر معاوضے کے اپنے حق سے دست بردار ہو جائیں۔ بلکہ انہیں اختیار دیا، یہ نرمی، رعایتِ حقوق اور صحابہ کرام کے امتحان کے زیادہ لائق ہے۔

۶۲ یعنی اجازت دینے والے اور نہ دینے والے ہم پر مشتبہ ہو جائیں گے۔

۶۳ رفع قضیہ کا معنیٰ ہے کسی واقعہ کو والی اور حاکم کے سامنے پیش کرنا، عرفاء جمع ہے عارف اور عریف کی، پہچاننے والا، قوم کا کارگزار اور رئیس۔

۶۴ کہ ہوازن کے قیدی ان کے حوالے کر دیے جائیں۔

۳۷۹۱ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كَانَ ثَقِيفٌ حَلِيفًا لِبَنِي عُقَيْلٍ فَأَسَرَتْ ثَقِيفٌ رَجُلَيْنِ مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَسَرَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مِنْ بَنِي عُقَيْلٍ فَأَوْثَقُوهُ فَطَرَحُوهُ فِي الْحَرَّةِ فَمَرَّ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَادَاهُ

حضرت عمران بن حصین[۱] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ثقیف[۲] بنی عقیل کے حلیف تھے ثقیف نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو صحابیوں کو گرفتار کر لیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ نے بنی عقیل کے ایک مرد کو گرفتار کر لیا[۳] اور باندھ کر تپتی ہوئی سنگلاخ زمین[۴] میں ڈال دیا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس سے گزرے تو اس نے پکارا اے محمد! اے محمد! مجھے کس جرم میں پکڑا گیا ہے؟ فرمایا، تمہارے حلیف، ثقیف کے جرم کے سبب[۵]۔ پس آپ نے اسے وہیں چھوڑا اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ! فِيمَ أُخِذْتُ فَقَالَ بِجَرِيرَةِ حُلَفَائِكُمْ ثَقِيفٍ فَتَرَكَهُ وَمَضَى فَنَادَاهُ يَا مُحَمَّدُ يَا مُحَمَّدُ فَرَحِمَهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَجَعَ فَقَالَ مَا شَأْنُكَ قَالَ إِنِّي مُسْلِمٌ فَقَالَ لَوْ قُلْتَهَا وَأَنْتَ تَمْلِكُ أَمْرَكَ أَفْلَحْتَ كُلَّ الْفَلَاحِ قَالَ فَفَدَاهُ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّجُلَيْنِ الَّذَيْنِ أَسَرَتْهُمَا ثَقِيفُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

آگے بڑھ گئے۔ اس نے پھر پکارا اے محمد! اے محمد! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر مہربانی فرمائی اور واپس تشریف لا کر فرمایا، تمہارا کیا حال ہے[5] اس نے کہا میں مسلمان ہوں[6] فرمایا: اگر تم نے یہ بات اس وقت کہی ہوتی جب تم اپنے معاملے کے مالک تھے تو مکمل کامیابی[7] حاصل کرتے، راوی کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے ان دو مردوں کے بدلے فدیہ دے دیا جنہیں ثقیف نے قید کر رکھا تھا۔

(مسلم)

۱؎ عمران بن حصین حا پر پیش، صاد پر زبر دونوں بے نقطہ، مشہور صحابی ہیں۔

۲؎ ثقیف تین نقطے والی ثا پر زبر، قاف کے نیچے زیر، ہوازن کے مشہور قبیلے کا نام، بنی عقیل عین پر پیش قاف پر زبر یہ بھی ایک قبیلے کا نام ہے۔ عرب کے قبائل باہمی معاہدہ کرتے تھے کہ اچھے اور برے کاموں میں ایک دوسرے کا ساتھ دیں گے، جب عہد اسلام آیا تو جاہلیت کے جو معاہدے حق کے موافق تھے انہیں برقرار رکھا گیا اور جو حق کے خلاف تھے انہیں ختم کر دیا گیا اور مسلمانوں نے کہا کہ اسلام کا عہد و پیمان ہی کافی ہے۔

۳؎ ان دو صحابیوں کے بدلے میں جنہیں ثقیف نے گرفتار کیا تھا، اس وقت طریقہ یہ تھا کہ ایک قبیلے کے آدمی کو اس کے حلیف قبیلے کے جرم میں گرفتار کیا جاتا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اسی طریقے پر عمل کیا، ظاہر ہے کہ فائدہ بھی اسی میں تھا، اور یہی شرط طے شدہ تھی۔

۴؎ صراح میں ہے حَرَّۃٌ سنگلاخ اور جلی ہوئی زمین۔

۵؎ کہ انہوں نے دو مسلمانوں کو پکڑ کر قید کر رکھا ہے، ان کے بدلے تمہیں گرفتار کیا گیا ہے۔

۶؎ اور تم کیا کام کرتے ہو؟ (مطلب یہ ہے کہ تم کیا چاہتے ہو؟ ۱۲ قادری)

۷؎ گویا وہ سابق اسلام کی خبر دے رہا ہے۔ پس معلوم ہوا کہ کافر قید ہونے کے بعد اسلام کا دعویٰ کرے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور کہے کہ وہ پہلے سے اسلام لا چکا ہے زنگوا ہوں کے بغیر اس کی بات تسلیم نہیں کی جائے گی، یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ میں اب مسلمان ہو گیا ہوں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے اسلام کو قبول نہیں کیا، کیونکہ آپ کو علم تھا کہ یہ شخص بطور منافقت یا مجبوری کی بنا پر کہہ رہا ہے یا اس لیے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعض اوقات حقیقت پر بھی عمل کرتے تھے اور اس شخص کے قتل کا حکم دیتے تھے جس کا انجام کفر ہونا تھا جیسے کہ علماء سیرت نے آپ کی خصوصیات میں یہ بات شمار کی ہے۔ آئندہ ارشاد اس پر دلالت کرتا ہے۔

۸ یعنی حالت اختیار میں رضامندی اور رغبت کے ساتھ اور گرفتار ہونے سے پہلے یہ بات کہتے۔
۹ دنیا میں قید اور غلامی سے اور آخرت میں دوزخ کی آگ سے نجات پاتے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۳۷۹۲/۱۱ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا بَعَثَ اَھْلُ مَكَّةَ فِیْ فِدَآءِ اُسَرَائِهِمْ بَعَثَتْ زَيْنَبُ فِیْ فِدَآءِ اَبِی الْعَاصِ بِمَالٍ وَّ بَعَثَتْ فِيْهِ بِقِلَادَةٍ لَّهَا كَانَتْ عِنْدَ خَدِيْجَةَ اَدْخَلَتْهَا بِهَا عَلٰى اَبِی الْعَاصِ فَلَمَّا رَاٰهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَقَّ لَهَا رِقَّةً شَدِيْدَةً وَّ قَالَ اِنْ رَاَيْتُمْ اَنْ تُطْلِقُوْا لَهَا اَسِيْرَهَا وَ تَرُدُّوْا عَلَيْهَا الَّذِیْ لَهَا فَقَالُوْا نَعَمْ وَ كَانَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ عَلَيْهِ اَنْ يُّخَلِّیَ سَبِيْلَ زَيْنَبَ اِلَيْهِ وَ بَعَثَ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب اہل مکہ نے کچھ لوگوں کو اپنے قیدی[۱] رہا کرانے کے لیے مال دے کر بھیجا تو حضرت زینب[۲] نے ابوالعاص کی رہائی کے لیے کسی کو مال دے کر بھیجا۔ انہوں نے اس مال میں اپنا وہ ہار بھی بھیجا جو حضرت خدیجہ کے پاس تھا[۳] انہوں نے وہ ہار پہنا کر حضرت زینب کو ابوالعاص کے ہاں[۴] رخصت کیا تھا، جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ ہار دیکھا[۵] تو آپ پر اس[۶] ہار کے دیکھنے کی بنا پر شدید رقت طاری ہوئی، اور فرمایا: اگر تم فیصلہ[۷] کرو کہ زینب کے لیے ان کا قیدی رہا کر دو اور ان کا مال[۸] انہیں واپس کر دو۔ صحابۂ کرام نے عرض کیا ہاں درست[۹] ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوالعاص سے یہ وعدہ لیا تھا کہ زینب کو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدَ بْنَ حَارِثَةَ وَ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ وَ قَالَ كُوْنَا بِبَطْنِ يَأْجِجَ حَتّٰى تَمُرَّ بِكُمَا زَيْنَبُ فَتَصْحَبَاهَا حَتّٰى تَأْتِيَا بِهَا. (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضور کے پاس بھیج دیں اور ان کا راستہ نہ روکیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید بن حارثہ اور ایک انصاری شخص کو بھیجا اور فرمایا: تم بطن یاجج میں ٹھہرنا یہاں تک کہ زینب تمہارے پاس سے گزریں تو تم ان کے ساتھ رہنا، یہاں تک کہ انہیں لے آنا۔

(احمد، ابوداؤد)

سلہ جو بدر میں گرفتار ہوئے تھے۔

سلہ حضرت زینب رضی اللہ عنہا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سب سے بڑی صاحبزادی جو اس وقت مکہ معظمہ میں تھیں ——— ابوالعاص بن ربیع بن عبدالعزیٰ بن عبد شمس بن عبد مناف، حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے بھانجے اور حضرت زینب کے شوہر، بدر میں گرفتار ہوئے، بعد میں شرف باسلام ہوئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۲ (قادری)

سلہ وہ اسے پہنا کرتی تھیں، حضرت زینب حضرت خدیجہ کی صاحبزادی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام اولاد حضرت خدیجہ سے تھی سوائے حضرت ابراہیم کے کہ وہ حضرت ماریہ قبطیہ سے تھے اور بچپن میں وصال فرما گئے رضی اللہ عنہم۔

سلہ نکاح کے موقع پر وہ ہار جہیز میں دیا تھا۔

سلہ اس ہار نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی یاد دلادی۔

سلہ یا یہ مطلب ہے کہ حضرت زینب کی غربت اور تنہائی کا خیال کرتے ہوئے اور حضرت خدیجہ کے زمانے کی یاد سے سخت رقت طاری ہوگئی۔ رقت بہت نرم اور غمگین ہونا۔

سلہ صحابہ کرام کو خطاب کرتے ہوئے، قیدی سے مراد ابوالعاص ہے۔

سلہ جو حضرت زینب نے بطور فدیہ بھیجا ہے اور ابوالعاص کو مفت میں رہا کردو اور اس پر احسان کرو، اگر مناسب جانو تو اس طرح کرو۔

سلہ چنانچہ صحابہ کرام نے ابوالعاص کو رہا کردیا، وہ مکہ مکرمہ پہنچے حضرت زینب ان کے نکاح میں تھیں اور مسلمان تھیں، ابوالعاص، قریش کے دین پر تھے۔ اس وقت تک مسلمان عورت اور کافر مرد کے نکاح کا حکم باقی تھا۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

۱۰ رہا کرتے وقت ان سے وعدہ لیا تھا کہ حضرت زینب کو مدینہ منورہ ہجرت کرنے کی اجازت دیں اور کسی قسم کی رکاوٹ نہ ڈالیں۔

۱۱ یہ دونوں اگرچہ محرم شرعی نہیں تھے، لیکن یہ اجازت اسی مقام کے ساتھ خاص ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی ہونے کی بنا پر امن اور اعتماد تھا۔

۱۲ کفار مکہ کی شرارت اور ان کے درپئے ایذاء ہونے کے خطرے کے تحت حکم دیا کہ مکہ مکرمہ میں نہ جائیں۔

۱۳ یاجج، مکہ معظمہ سے آٹھ میل کے فاصلے پر واقع ایک وادی کا نام۔ یاجج کو کئی طرح ضبط کیا گیا ہے۔ قاموس میں یاء تحتانیہ کے ساتھ اور پہلے جیم کے نیچے زیر بیان کی، پہلے نون، پھر جیم اور اس کے بعد لفظ حاء کے ساتھ بھی کہا گیا ہے۔ مشکوٰۃ کے اکثر نسخوں میں اسی طرح ہے، باقی وجوہ شرح (لمعات) میں بیان کی گئی ہیں۔

۱۴ مدینہ منورہ ——— پس حضرت زینب ہجرت کر کے مدینہ منورہ آگئیں اور ابوالعاص مکہ معظمہ میں دین کفر پر رہے، پھر انہیں تجارت کے لیے شام جانا پڑا، جب وہ مدینہ منورہ کے قریب پہنچے تو مسلمانوں نے ارادہ کیا کہ ان کا راستہ روک لیں اور ان کے پاس موجود اموال ضبط کر لیں، جب یہ اطلاع حضرت زینب کو ملی تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض گزار ہوئیں یا رسول اللہ! کیا مسلمانوں کا عہد و امان ایک نہیں ہے! یعنی جب ایک مسلمان کافر کو امان دے دے تو سب کو چاہیے کہ امان دے دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں اسی طرح ہے۔ حضرت زینب نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ گواہ ہو جائیں کہ میں نے ابوالعاص کو پناہ دی۔ صحابۂ کرام نے جب یہ صورت حال دیکھی تو ہتھیاروں کے بغیر ابوالعاص کے پاس گئے اور اسے کہا اے ابوالعاص! تم قریش کے معزز افراد میں سے ہو اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا زاد بھائی ہو تم اسلام لے آؤ تاکہ یہ تمام اموال تمہاری ملکیت رہیں۔ ابوالعاص نے کہا تم نے بری بات کہی، حاشا وکلا! کہ میں اپنے اسلام کو ان پلید اموال کے ساتھ میلا کروں، چنانچہ ابوالعاص مکہ مکرمہ گئے اور لوگوں کے اموال ان کے سپرد کیے، اور کہا اے اہل مکہ! تمہارے اموال تمہیں پہنچ گئے؟ انہوں نے کہا ہاں ابوالعاص نے کہا تو گواہ ہو جاؤ کہ میں مسلمان ہوں۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔ اس کے بعد ہجرت کر کے مدینہ منورہ آگئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زینب کو ان کے سپرد کر دیا۔ البتہ اس میں اختلاف ہے کہ یہ رخصتی پرانے نکاح سے تھی یا نئے نکاح سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حضرت ابوالعاص رضی اللہ عنہ کے ساتھ بڑی محبت تھی۔ ان پر بڑی عنایت تھی، اور ان کی تعریف فرماتے تھے، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے دور خلافت میں یمامہ کے دن شہید ہوئے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۷۹۳
۱۲
وَعَنْهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَسَرَ اَهْلَ بَدْرٍ قَتَلَ عُقْبَةَ ابْنَ اَبِيْ مُعَيْطٍ وَّالنَّضْرَ بْنَ الْحَارِثِ وَمَنَّ عَلٰی اَبِيْ عَزَّةَ الْجُمَحِيِّ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

انہی[1] سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل بدر کو گرفتار کیا تو عقبہ بن ابی معیط[2] اور نضر بن حارث[3] کو قتل کر دیا اور ابو عزہ جمحی[4] پر احسان فرمایا[5] (شرح السنۃ[6])

[1] بعض نسخوں میں صرف "وَعَنْ" لکھا ہوا ہے اور راوی کے نام کی جگہ خالی چھوڑی ہوئی ہے۔ بعض نسخوں میں "وَعَنْهَا" ہے یعنی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے۔ اور بعض نسخوں میں "وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ" ہے۔

[2] عقبہ عین پر پیش قاف ساکن۔ بن معیط میم پر پیش، عین پر زبر یا ساکن۔ ان بدبختوں میں سے ایک ہے جو غزوہ بدر میں جہنم رسید ہوئے، اور یہ وہ بدبخت ہے جس نے اونٹ کی اوجھ (بلکہ بچے دانی ۱۲ ق) نماز کی حالت میں سید رسل، ہادی سبل صلی اللہ علیہ وسلم پر پھینکی تھی۔

[3] نضر نون پر زبر، نقطے والا ضاد ساکن۔

[4] ابو عزہ بے نقطہ عین پر زبر، زاء مشدد الجمحی جیم پر پیش، میم پر زبر، حاء بے نقطہ۔

[5] اور اس کو معاوضہ لئے بغیر چھوڑ دیا، یہ کافر شاعر تھا، اس سے معلوم ہوا کہ قیدی کو فدیہ لئے بغیر چھوڑنا درست ہے جیسے کہ قتل کرنا اور فدیہ لینا درست ہے۔

[6] بعض نسخوں میں اس جگہ حوالے کی کتاب کے نام کے لئے خالی جگہ ہے بعض نسخوں میں ہے کہ اس حدیث کو شرح السنۃ میں روایت کیا اور بعض نسخوں میں ہے امام شافعی اور ابن اسحاق نے سیر میں روایت کیا۔

۳۷۹۴
۱۳
وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اَرَادَ قَتْلَ عُقْبَةَ بْنِ اَبِيْ مُعَيْطٍ قَالَ مَنْ لِلصِّبْيَةِ قَالَ النَّارُ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عقبہ بن ابی معیط کو قتل کرنے کا ارادہ کیا تو اس ملعون نے کہا کہ بچوں[1] کیلیے کون ہے؟ فرمایا، آگ[2] (ابوداؤد)

[1] صبیۃ صاد کے نیچے زیر، باء ساکن، اس ملعون نے کہا کہ بچوں کے لیے کون ہے؟ یعنی میرے بچوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کا مرتبی اور غم خوار کون ہوگا۔

۲؎ تیرے بچوں کی غم خوار دوزخ کی آگ ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بطور استہزاء و تحقیر فرمایا، اور بیان کے ضائع ہو جانے کی طرف اشارہ ہے۔

۳۷۹۵ وَعَنْ عَلِيٍّ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ جِبْرَائِيْلَ هَبَطَ عَلَيْهِ فَقَالَ لَهٗ خَيِّرْهُمْ يَعْنِيْ اَصْحَابَكَ فِيْ اُسَارٰى بَدْرٍ اَلْقَتْلَ اَوِ الْفِدَاءَ عَلٰى اَنْ يُّقْتَلَ مِنْهُمْ قَابِلًا مِّثْلُهُمْ قَالُوا الْفِدَاءَ وَ يُقْتَلُ مِنَّا. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ.

حضرت علی رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جبریل امین علیہ السلام آپ کے پاس آئے اور کہا اپنے صحابہ کو بدر کے قیدیوں کے بارے میں قتل یا فدیے کا اس شرط پر اختیار دیجیے کہ آئندہ سال ان میں سے شرکوں کی تعداد میں قتل کیے جائیں گے۔ صحابہ کرام نے کہا کہ ہم فدیہ اختیار کرتے ہیں اور اس بات کو اختیار کرتے ہیں کہ ہم میں سے شہید کیے جائیں ۱؎ (ترمذی) اور امام ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے

۱؎ قیدیوں کو قتل کریں یا مال لے کر انہیں چھوڑ دیں ——— فدیہ کا اس شرط پر اختیار ہے کہ آئندہ سال ستر صحابہ کرام شہید ہوں گے، یہی قیدیوں کی تعداد تھی، اور (وقتی طور پر) کافروں کو کامیابی حاصل ہوگی ۲؎

۲؎ یاد رہے کہ بدر کے دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس قریش کے ستر قیدی لائے گئے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے مشورہ کیا کہ ان کا کیا کیا جائے؟ انہیں قتل کر دیا جائے یا فدیہ لے کر چھوڑ دیا جائے؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ انہیں قتل نہ کیجیے بلکہ زندہ رہنے دیجیے، ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں توبہ اور اسلام کی توفیق عطا فرمائے، ان سے فدیہ لیجیے تاکہ اس سے صحابہ کرام کو تقویت ملے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کیا کہ ان کی گردنیں اڑا دیجیے کیونکہ یہ کفر کے امام اور کافروں کے لیڈر ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو مال لینے سے بے نیاز کر دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کو ان دو صورتوں میں سے کسی ایک کے انتخاب کا اختیار دیا۔ انہیں قتل کر دیں۔ یا فدیہ لے لیں، لیکن فدیہ کے لیے یہ شرط ہے

۱؎ یہ بات وحی جبریل علیہ السلام میں مذکور نہ تھی ورنہ ہو سکتا ہے کہ کوئی صحابی بھی اسے قبول نہ کرتے ہاں قتل کا ذکر تھا صحابہ کرام نے شوق شہادت میں اسے قبول کر لیا۔ ۱۲ حاشیہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کہ آئندہ سال تمہارے ستر افراد شہید ہوں گے اور (وقتی طور پر) کافروں کو کامیابی حاصل ہوگی، صحابہ کرام نے اسی صورت کو اختیار کیا اور کہا کہ ہمیں یہ شرط قبول ہے کہ ہمارے ستر افراد شہید ہوں، چنانچہ آئندہ سال غزوۂ احد میں ایسا ہی ہوا کہ مسلمانوں کے ستر افراد شہید ہوئے جن میں حضرت امیر حمزہ بن عبدالمطلب اور حضرت مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہما بھی تھے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور دیکھا کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رو رہے ہیں۔ عرض کیا یا رسول اللہ! مجھے بتائیے کہ آپ کیوں رو رہے ہیں؟ تاکہ میں بھی رونے لگوں اور اگر بے اختیار رونا نہ آئے تو تکلف اور زبردستی سے رونے کی کوشش کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے ساتھیوں پر رو رہا ہوں جنہوں نے فدیہ اختیار کیا، اور ایک قریبی درخت کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا کہ تحقیق اس درخت سے زیادہ نزدیک میرے سامنے عذاب پیش کیا گیا، اور ایک روایت میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر عذاب بھیجا جاتا تو عمر اور سعد بن معاذ کے علاوہ کوئی نجات نہ پاتا، حضرت سعد کا مشورہ بھی وہی تھا جو حضرت عمر کا تھا رضی اللہ عنہما۔

شارحین فرماتے ہیں کہ صحابۂ کرام نے اس شق کو اس لیے اختیار کیا کہ وہ بدر کے قیدیوں کے اسلام لانے کی شدید خواہش رکھتے تھے، ان کا خیال تھا کہ شاید یہ لوگ اسلام لے آئیں نیز آئندہ سال شہادت حاصل کرنے کا انہیں بڑا شوق تھا اور رشتے داروں کی ہمدردی اور ان پر مہربانی بھی پیش نظر تھی۔

اس جگہ ایک اشکال پیدا ہوتا ہے کہ جب صحابۂ کرام کو اختیار دیا گیا تھا اور انہوں نے دو صورتوں میں سے ایک اختیار کی تھی تو ان پر یہ عتاب اور عقاب کس بنا پر تھا؟ اختیار دینا تو اس بات کے منافی ہے۔ اس کا جواب یہ ہے کہ اختیار بطور امتحان دیا گیا تھا، جیسے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کو اختیار دیا گیا تھا کہ وہ چاہیں تو دین اختیار کریں یا دنیا، امتحان اس لحاظ سے تھا کہ آیا صحابہ کرام اس چیز کو اختیار کرتے ہیں جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہے یا اس چیز کو اختیار کرتے ہیں جس طرف ان کے نفوس کا میلان ہے، چونکہ انہوں نے دوسری صورت کو اختیار کیا اس لیے عتاب نازل ہوا[1]

---

[1] رب تعالیٰ کا ارادہ تو یہ تھا جو صحابہ کی رائے ہوئی ہو، یعنی فدیہ لے کر چھوڑ دینا، مگر مرضی یہ تھی کہ یہ قتل کر دیے جائیں، صحابۂ کرام کی یہ رائے ارادہ الٰہی کے مطابق ہوئی۔ رضائے الٰہی کے خلاف۔ اس لیے ان حضرات پر وہ عتاب آیا جو آیہ کریمہ میں مذکور ہے لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيْمَآ اَخَذْتُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ارادہ اور رضا میں بڑا فرق ہے۔ آدم علیہ السلام کا گندم کھانا ارادہ الٰہی کے عین مطابق تھا، رضائے الٰہی کی مخالفت کی وجہ سے ان پر عتاب ہوا جس سے توبہ (بقیہ بر صفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

علامہ تورپشتی نے اختیار دینے کی حدیث کی صحت کو بعید قرار دیا ہے۔ کیونکہ یہ حدیث ظاہر قرآن کے خلاف ہے۔ امام ترمذی نے بھی اسے غریب قرار دیا ہے۔ علامہ طیبی نے کہا کہ غرابت کا حکم موجب طعن نہیں ہے کیونکہ حدیث غریب بعض اوقات صحیح بھی ہوتی ہے، جیسے کہ مقدمہ میں گزرا۔ میں کہتا ہوں کہ اس جگہ غریب شاذ کے معنیٰ میں ہے۔ امام ترمذی اکثر طور پر غریب سے شاذ مراد لیتے ہیں، جیسے کہ صاحب جامع الاصول نے اس کی تصریح کی ہے۔

۳۷۹۶/۱۵ وَعَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ قَالَ كُنْتُ فِي سَبْيِ قُرَيْظَةَ عُرِضْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانُوْا يَنْظُرُوْنَ فَمَنْ اَنْبَتَ الشَّعْرَ قُتِلَ وَمَنْ لَّمْ يُنْبِتْ لَمْ يُقْتَلْ فَكَشَفُوْا عَانَتِيْ فَوَجَدُوْهَا لَمْ تُنْبِتْ فَجَعَلُوْنِيْ فِي السَّبْيِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت عطیہ قرظی[1] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں قریظہ کے قیدیوں[2] میں تھا۔ ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا، لوگ معائنہ کرتے تھے جس کے زیر ناف بال اگ آئے تھے اسے قتل کر دیا گیا اور جس کے نہیں اگ آئے تھے اسے قتل نہیں کیا گیا۔ انہوں نے میرا زیر ناف جسم کھولا تو انہوں نے دیکھا کہ بال اگے ہوئے نہیں تھے تو انہوں نے مجھے قیدیوں میں شامل کر دیا۔

(ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی)

[1] حضرت عطیہ قرظی قاف پر پیش، راء پر زبر اور نقطے والی ظاء، صحابی ہیں، انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی اور آپ کی احادیث سنیں۔

[2] جن کے بارے میں حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ نے فیصلہ کیا تھا کہ ان کے جنگجوؤں کو قتل کر دیا جائے۔

(بقیہ صفحہ سابقہ) کرائی گئی، ارادہ الٰہی کی مطابقت کی وجہ سے آپ کو خلافت زمینی عطا ہوئی، ان حضرات پر مخالفت رضاء الٰہی کی وجہ سے عتاب، عذاب سے ڈرانا ہوا، اور ارادۂ الٰہی کی موافقت کا انجام یہ ہوا کہ یہ قیدی مسلمان ہو گئے، اسلامی خدمات انجام دیں یہ جواب نہایت باریک ہے خیال میں رکھو ۱۲ مراقۃ غزالی زماں علامہ سید احمد سعید کاظمی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے تھے کہ تُرِيْدُوْنَ عَرَضَ الدُّنْيَا تم دنیا کے ساز و سامان کا ارادہ رکھتے ہو، منافقین سے خطاب ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کا مقصود مال دنیا نہیں تھا بلکہ یہ خواہش تھی کہ یہ لوگ اسلام لے آئیں۔

۱۲ قادری

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور بچوں کو غلام بنا لیا جائے۔
سے یعنی ناف کے نیچے کے بال ——— کیونکہ یہ بالغ ہونے اور جوانی کی علامت ہیں۔
سے اور قتل نہیں کیا۔

۳۴۹۷/۱۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ خَرَجَ عُبْدَانٌ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِيْ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ قَبْلَ الصُّلْحِ فَكَتَبَ إِلَيْهِ مَوَالِيْهِمْ قَالُوْا يَا مُحَمَّدُ وَاللّٰهِ مَا خَرَجُوْا إِلَيْكَ رَغْبَةً فِيْ دِيْنِكَ وَإِنَّمَا خَرَجُوْا هَرَبًا مِّنَ الرِّقِّ فَقَالَ نَاسٌ صَدَقُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رُدَّهُمْ إِلَيْهِمْ فَغَضِبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ مَا أُرَاكُمْ تَنْتَهُوْنَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ حَتّٰى يَبْعَثَ اللّٰهُ عَلَيْكُمْ مَنْ يَّضْرِبُ رِقَابَكُمْ عَلٰى هٰذَا وَأَبٰى أَنْ يَّرُدَّهُمْ وَقَالَ هُمْ عُتَقَاءُ اللّٰهِ۔
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ کچھ غلام[۱] نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف نکلے، یعنی حدیبیہ کے دن، صلح[۲] سے پہلے، تو ان کے مالکوں نے آپ کو لکھا، اے محمد! خدا کی قسم یہ لوگ تمہارے دین میں دلچسپی کی بنا پر نہیں نکلے وہ صرف غلامی سے جان چھڑانے[۳] کے لیے نکلے ہیں، کچھ لوگ[۴] کہنے لگے یا رسول اللہ! انہوں نے سچ کہا ہے انہیں واپس کر دیجیے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہوئے اور فرمایا، اے گروہ قریش! میں نہیں دیکھتا کہ تم باز آؤ گے[۵] یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ تم پر ان لوگوں کو بھیجے جو اس حکم[۶] پر تمہاری گردنیں مار دیں اور انہیں واپس کرنے سے انکار فرما دیا۔ اور فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کے آزاد کیے ہوئے ہیں۔
(ابوداؤد)

سلہ مکہ مکرمہ سے اپنے مالکوں سے بھاگ کر اور مسلمان ہو کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے
عُبْدان عین کے نیچے زیر اور اس پر پیش بھی پڑھ سکتے ہیں۔ با ساکن، عبد یعنی مملوک کی جمع۔
سلہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور مشرکین قریش کے درمیان طے پائی تھی، صلح میں یہ طے پایا تھا کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ان میں سے جو شخص مسلمان ہو کر آئے اسے واپس قریش کے پاس بھیج دیا جائے گا۔

۳ے ضرب پہلے دونوں حرفوں پر زبر پڑھا جائے گا۔

۴ے جو قبیلہ قریش سے تعلق رکھتے تھے۔

۵ے نافرمانی اور حکم نفس کی تعمیل سے۔

۶ے یعنی ان غلاموں کے واپس کرنے اور اسلام لانے کے بعد دارالحرب کی طرف لوٹانے پر۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۳۷۹۸/۱۲ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَعَثَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اِلٰى بَنِيْ جَذِيْمَةَ فَدَعَاهُمْ اِلَى الْاِسْلَامِ فَلَمْ يُحْسِنُوْا اَنْ يَقُوْلُوْا اَسْلَمْنَا فَجَعَلُوْا يَقُوْلُوْنَ صَبَأْنَا صَبَأْنَا فَجَعَلَ خَالِدٌ يَقْتُلُ وَيَاْسِرُ وَدَفَعَ اِلٰى كُلِّ رَجُلٍ مِّنَّا اَسِيْرَهٗ حَتّٰى اِذَا كَانَ يَوْمٌ اَمَرَ خَالِدٌ اَنْ يَقْتُلَ كُلُّ رَجُلٍ مِّنَّا اَسِيْرَهٗ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَا اَقْتُلُ اَسِيْرِيْ وَلَا يَقْتُلُ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِيْ اَسِيْرَهٗ حَتّٰى قَدِمْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْنَاهُ فَرَفَعَ يَدَيْهِ فَقَالَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خالد بن ولید کو بنی جذیمہ ۱ے کی طرف بھیجا، حضرت خالد نے انہیں اسلام کی دعوت دی تو وہ اچھے انداز میں یہ نہ کہہ سکے کہ ہم اسلام لائے وہ کہنے لگے ہم دین سے نکل گئے۔ ہم دین سے نکل گئے ۲ے حضرت خالد نے انہیں قتل کرنا اور قید کرنا شروع کر دیا اور ہم میں سے ہر شخص کے حوالے اس کا قیدی کر دیا۔ یہاں تک کہ ایک دن آیا تو حضرت خالد نے حکم دیا کہ ہم میں سے ہر شخص اپنے قیدی کو قتل کر دے، میں ۳ے نے کہا خدا کی قسم! میں اپنے قیدی کو قتل نہیں کروں گا، اور نہ ہی میرے ساتھیوں میں ۴ے سے کوئی اپنے قیدی کو قتل کرے گا، یہاں تک کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور تمام واقعہ عرض کر دیا۔ آپ نے اپنے دونوں ہاتھ اٹھائے اور کہا: اے اللہ! میں تیری

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أَبْرَأُ إِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ مَرَّتَيْنِ. (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

بارگاہ میں اس کام سے بری ہوں جو خالد نے کیا۔[۶] دو دفعہ یہ کلمات کہے۔[۷] (بخاری)

[۱] بنی جذیمہ جیم پر زبر، ذال کے نیچے زیر، یا ساکن، ایک قبیلے کا نام۔

[۲] اضطراب اور بے چینی کے سبب۔

[۳] صبور کا معنی اصل میں مائل ہونا ہے۔ اس جگہ ایک دین سے دوسرے دین کی طرف مائل ہونا مراد ہے، لہٰذا ہوسکتا ہے کہ ان کی مراد یہ ہو کہ ہم دین کفر سے دین اسلام کی طرف مائل ہوئے، یہ معنی صحیح ہے، لیکن اس مقصد کو ان لفظوں سے ادا کرنا بہتر نہیں ہے۔ کیونکہ کافر مسلمانوں کو صابی کہتے تھے، مطلب یہ تھا کہ یہ لوگ اپنے آباء کے دین سے منحرف ہو کر دوسرے دین کی طرف مائل ہوگئے ہیں، تاہم یہ کفر نہیں تھا، یہ بھی ہوسکتا ہے کہ ان کی مراد دین اسلام سے اعراض کر کے دوسرے دین کی طرف میلان ہو۔ اس اعتبار سے حضرت خالد نے ان کی بات قبول نہ کی اور ان کے اسلام کا حکم نہ کیا۔

[۴] حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما

[۵] جو میرے تابع ہیں۔

[۶] یعنی خالد کے رویے سے بیزاری اور ناراضمندی کا اعلان کرتا ہوں۔

[۷] اور یہ اس لیے کہ حضرت خالد نے احتیاط اور تحقیق سے کام نہیں لیا۔ تاکہ ظاہر ہو جاتا کہ صبأنا سے ان کی مراد کیا ہے، حالانکہ یہ الفاظ دین اسلام کے اختیار کرنے کا احتمال بھی رکھتے ہیں، لیکن چونکہ انہوں نے صراحتہً یہ نہیں کہا کہ ہم اسلام لائے اس لیے حضرت خالد نے ان کی بات قبول نہیں کی اور اسے دوسرے معنی پر محمول کر دیا۔ چونکہ ان لوگوں کے الفاظ اسلام لانے کے لیے متعین نہیں تھے اسی لیے حضرت خالد بن ولید پر قصاص کا حکم نہیں لگایا گیا۔ ۱۲ (قادری)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْاَمَانِ

۲۹۱۔ امن دینے کا بیان

امن اور امان، خوف کے مقابل ہے، اس سے ظاہر یہ ہے کہ اہل حرب کا کوئی شخص امن کا طلب گار ہو اور مسلمانوں سے امان طلب کرے اور ان کے درمیان رہے تو اسے امن دیا جائے گا، اس کے مال اور خون سے تعرض حرام ہے۔ امان اس صورت کو شامل ہے۔ اس کے علاوہ اس شخص کی امان کو شامل ہے جس کے ساتھ جنگ نہ کرنے کا معاہدہ کیا گیا ہو، اور اس سفیر کی امان کو بھی شامل ہے جو اپنی قوم کا نمائندہ بن کر آیا۔ جیسے کہ احادیث میں آئے گا۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۳۷۹۹ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ بِنْتِ اَبِیْ طَالِبٍ قَالَتْ ذَهَبْتُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ فَوَجَدْتُهٗ یَغْتَسِلُ وَ فَاطِمَةُ ابْنَتُهٗ تَسْتُرُهٗ بِثَوْبٍ فَسَلَّمْتُ فَقَالَ مَنْ هٰذِهٖ فَقُلْتُ اَنَا اُمُّ هَانِئٍ بِنْتُ اَبِیْ طَالِبٍ فَقَالَ مَرْحَبًا بِاُمِّ هَانِئٍ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهٖ قَامَ فَصَلّٰی

پہلی فصل

حضرت ام ہانی بنت ابی طالب رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں فتح مکہ کے سال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو میں نے آپ کو غسل کرتے ہوئے پایا، آپ کی صاحبزادی حضرت فاطمہ کپڑے کے ساتھ آپ کے لیے پردہ کر رہی تھیں۔ میں نے سلام کیا تو فرمایا: یہ کون ہے؟ میں نے عرض کیا کہ میں ام ہانی بنت ابو طالب ہوں آپ نے فرمایا: ام ہانی کو مرحبا! جب آپ غسل سے فارغ ہوئے تو کھڑے ہوئے اور اس حال میں آٹھ رکعتیں ادا کیں کہ آپ ایک کپڑے میں لپٹے ہوئے تھے پھر آپ پلٹے تو میں نے عرض کیا یارسول اللہ! میری ماں کے بیٹے علی کہتے ہیں کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ثَمَانِیَ رَکْعَاتٍ مُلْتَحِفًا فِیْ ثَوْبٍ ثُمَّ انْصَرَفَ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ زَعَمَ ابْنُ اُمِّیْ عَلِیٌّ اَنَّہٗ قَاتِلٌ رَجُلًا اَجَرْتُہٗ فُلَانَ بْنَ ھُبَیْرَۃَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ اَجَرْنَا مَنْ اَجَرْتِ یَا اُمَّ ھَانِیٍٔ قَالَتْ اُمُّ ھَانِیٍٔ وَّ ذٰلِکَ ضُحًی

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

وہ اس شخص کو قتل کریں گے جسے میں نے پناہ دی ہے اور وہ فلاں ابن ہبیرہ ہے. رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اے ام ہانی اسے ہم نے پناہ دی جسے تم نے پناہ دی۔ ام ہانی کہتی ہیں کہ جب یہ واقعہ پیش آیا تب چاشت کا وقت[۵] تھا۔

(صحیحین)

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِّلتِّرْمِذِیِّ قَالَتْ اَجَرْتُ رَجُلَیْنِ مِنْ اَحْمَائِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَدْ اٰمَنَّا مَنْ اٰمَنْتِ۔

امام ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ انہوں نے کہا میں نے اپنے شوہر کے رشتہ داروں[۹] میں سے دو مردوں کو پناہ دی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تحقیق ہم نے اسے امن دیا جسے تم نے امن دیا۔[۱۰]

[۱] حضرت ام ہانی ان کا نام فاختہ ہے۔ بعض نے عاتکہ بیان کیا۔ صحابیہ ہیں، فتح مکہ کے سال ایمان لائیں، ان سے حضرت علی حضرت عباس اور بہت سے تابعین روایت کرتے ہیں۔ ۵۰ھ کے بعد حضرت امیر معاویہ کے زمانے تک حیات تھیں۔

[۲] ایک روایت میں ہے فتح مکہ کے دن، اور یہی مراد ہے۔

[۳] مرحبا کا معنی ہے کہ تم وسیع جگہ آئی ہو، مسرت اور دلداری کا اظہار مقصود ہے۔

[۴] التحاف اور اشتمال کا معنی کتاب الصلوٰۃ کے باب الستر میں بیان کیا جا چکا ہے۔

[۵] یعنی نماز سے فارغ ہوئے۔

[۶] اجرتہ ہمزہ مقصورہ پر زبر، اجارۃ سے مشتق ہے جس کا معنی ہے پناہ دینا۔

[۷] فلاں ابن ہبیرہ ہا پر پیش، با پر زبر، یا ساکن، ہبیرہ حضرت ام ہانی کے شوہر کا نام ہے۔ حضرت ام ہانی کے اسلام لانے کے بعد ان میں جدائی ہو گئی، اور یہ مرد اس کی اولاد میں سے تھا حضرت ام ہانی نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اسے امان دی تھی، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان کی امان کو قبول نہیں کیا تھا اور چاہتے تھے کہ اس شخص کو قتل کر دیں اس لیے حضرت ام ہانی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور صورت حال عرض کی۔

ؔ شاید یہ چاشت کی نماز ہوگی۔ مسلم کی بعض روایات میں ہے وَ ذَالِکَ سُبْحَۃُ الضُّحٰی اور یہ چاشت کی نماز تھی، سُبْحَہ پہلے حرف پر پیش، نماز نفل کو کہتے ہیں، اور یہ روایت اس بارے میں صریح ہے کہ وہ نماز چاشت کے وقت کی تھی، چاشت کی نماز کے ثابت کرنے کے لیے قابل اعتماد دلیل، حضرت ام ہانی کی یہی حدیث ہے، اس سلسلے میں گفتگو صلوٰۃ الضحی میں گزر چکی ہے۔

ؔ محرم مرد کی طرف سے عورت کا رشتے دار

ؔ اَمَّنَّا اور اَمَّنْتِ دونوں ہمزہ ممدودہ کے ساتھ ہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ — دوسری فصل

۳۸۰۲ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْمَرْاَۃَ لَتَاْخُذُ لِلْقَوْمِ یَعْنِیْ تُجِیْرُ عَلَی الْمُسْلِمِیْنَ۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بے شک عورت قوم کے لیے امان پکڑتی ہے، یعنی عورت کسی قوم کے لیے مسلمانوں پر امان دیتی ہے۔ؔ

(ترمذی)

ؔ یعنی جب مسلمان عورت کافروں کی کسی جماعت کو امان دے تو وہ امان مسلمانوں پر لازم ہو جاتی ہے انہیں چاہیے کہ وہ اس پر راضی ہوں اور اسے توڑیں نہیں۔

۳۸۰۳ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَمِقِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ اَمَّنَ رَجُلًا عَلٰی نَفْسِہٖ فَقَتَلَہٗ اُعْطِیَ لِوَاءَ الْغَدْرِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ۔

(رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت عمرو بن الحمق رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے کسی شخص کو اس کی جان پر امان دی۔ؔ پھر اسے قتل کر دیا تو اسے قیامت کے دن بدعہدی کا جھنڈا دیا جائے گا۔ؔ

(شرح السنۃ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ حضرت عمرو بن الحمق حا پر زبر، میم کے نیچے زیر، خزاعی صحابی ہیں، کوفہ میں قیام پذیر ہوئے، پھر وہاں سے مصر چلے گئے۔ حجۃ الوداع میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیعت کی، ۵۰ھ میں شہید کیے گئے۔ ان کے قتل کا عجیب واقعہ، علامہ سیوطی نے جمع الجوامع میں بیان کیا ہے، ہم نے بھی وہ واقعہ اسماء الرجال میں اور رسالہ نعیم البشارۃ کے حاشیہ میں بیان کیا ہے۔

سلہ اور اسے صاحب عہد بنا دیا۔

سلہ یہ کنایہ ہے اس شخص کو غدر اور بے وفائی کے سبب رسوا کرنے سے۔ احادیث میں آیا ہے کہ قیامت کے دن عہد شکنی کرنے والے کو جھنڈا دیا جائے گا جس کے سبب وہ پہچانا جائے گا۔

۳۸۰۲ وَعَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ قَالَ كَانَ بَيْنَ مُعَاوِيَةَ وَ بَيْنَ الرُّوْمِ عَهْدٌ وَّ كَانَ يَسِيْرُ نَحْوَ بِلَادِهِمْ حَتّٰى إِذَا انْقَضَى الْعَهْدُ اَغَارَ عَلَيْهِمْ فَجَاءَ رَجُلٌ عَلٰى فَرَسٍ اَوْ بِرْذَوْنٍ وَّ هُوَ يَقُوْلُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ وَفَاءٌ لَا غَدْرٌ فَنَظَرُوْا فَاِذَا هُوَ عَمْرُو بْنُ عَبَسَةَ فَسَاَلَهٗ مُعَاوِيَةُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَانَ بَيْنَهٗ وَ بَيْنَ قَوْمٍ عَهْدٌ فَلَا يَحُلَّنَّ عَهْدًا وَّ لَا يَشُدَّنَّهٗ حَتّٰى يَمْضِىَ اَمَدُهٗ

حضرت سلیم بن عامر[1] سے روایت ہے کہ حضرت معاویہ اور روم کے درمیان معاہدہ[2] تھا حضرت معاویہ ان کے شہروں کی طرف چلتے تھے[3] تاکہ جب معاہدہ ختم ہو جائے تو ان پر حملہ کر دیں[4] تو ایک صاحب عربی یا ترکی گھوڑے[5] پر سوار آئے اور وہ کہہ رہے تھے اللہ اکبر، اللہ اکبر[6] واجب ہے کہ تم سے وفا ہو نہ کہ بے وفائی[7] لوگوں نے اچانک دیکھا تو وہ حضرت عمرو بن عبسہ[8] رضی اللہ عنہ تھے۔ امیر معاویہ نے ان سے اس بارے میں پوچھا[9] تو انہوں نے فرمایا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس شخص کا کسی قوم سے معاہدہ ہو تو وہ ہرگز اس عہد کو نہ کھولے[10] اور نہ ہی تبدیل کرے[11] یہاں تک کہ اس کی مدت گزر جائے یا اس عہد کو برابری کے طور پر اس قوم کی طرف پھینک دے[12]۔

حضرت سلیم بن عامر کہتے ہیں کہ حضرت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَوْ يَنْبِذَ اِلَيْهِمْ عَلٰى سَوَآءٍ قَالَ فَرَجَعَ مُعَاوِيَةُ بِالنَّاسِ۔

امیر معاویہ لوگوں کو لے کر واپس آ گئے[۱۳]

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

(ترمذی، ابوداؤد)

[۱] سلیم سین پر پیش اور لام پر زبر بن عامر شام کے تابعین کے دوسرے طبقے میں شمار کیے جاتے ہیں، بکثرت احادیث کے راوی ہیں، ثقہ اور مشہور ہیں، ابوحاتم نے کہا کہ ان میں کوئی حرج نہیں ہے۔

[۲] کہ مدت معینہ تک جنگ نہیں کریں گے۔

[۳] اور ان کے قریب ہوتے تھے۔

[۴] اچانک حملہ کر کے تاخت وتاراج کر دیں، اور اگر اپنی جگہ بیٹھے ہوتے اور معاہدہ ختم ہونے پر روانہ ہوتے تو دشمن خبردار ہو جاتا۔

[۵] برذون باء کے نیچے زیر، راء ساکن، نقطے والے ذال پر زبر، واؤ ساکن، ترکی گھوڑا، عربی گھوڑے سے مختلف ایک قسم، لہٰذا فرس سے مراد عربی گھوڑا ہو گا، ہو سکتا ہے کہ راوی کو شک ہو۔

[۶] حضرت معاویہ کے فعل کو بعید اور بڑا ظاہر کرنے کے لیے تکبیر کہہ رہے تھے۔

[۷] یعنی تم صلح کے دنوں میں جو دشمن کے شہروں کی طرف روانہ ہو رہے ہو یہ وفا نہیں بلکہ غدر ہے۔

[۸] عمرو بن عبسہ پہلے تینوں حرفوں (عین، باء، سین) پر زبر، مشہور اور بزرگ صحابی، جن کے احوال کئی جگہ ذکر کیے جا چکے ہیں۔

[۹] کہ اس جانب یہ سفر کس بنا پر غدر ہے اور بے وفائی ہے؟

[۱۰] فلا يَحُلَّنَّ یاء پر زبر اور حاء پر پیش۔

[۱۱] یعنی کسی طرح بھی اس میں رد وبدل نہ کرے، مجموعہ کلام کا مطلب یہ ہے کہ معاہدے میں تبدیلی نہ کرے ورنہ پختہ اور مضبوط کرنے کے معنیٰ میں شد عہد قابل تعریف ہے۔

[۱۲] یعنی انہیں بتا دے کہ ہمارے اور تمہارے درمیان جو صلح تھی وہ اب نہیں ہے، اب ہم اور تم برابر ہیں۔ نبذ نقطے والے ذال کے ساتھ، کسی چیز کو ہاتھ سے پھینکنا۔

[۱۳] اور جہاں سے چلے تھے وہاں پہنچ گئے۔

۳۸۰۳/۵ وَعَنْ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ بَعَثَتْنِيْ قُرَيْشٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ

حضرت ابو رافع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے قریش نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فَلَمَّا رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ اُلْقِیَ فِیْ قَلْبِیَ الْاِسْلَامُ فَقُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنِّیْ وَ اللّٰہِ لَا اَرْجِعُ اِلَیْھِمْ اَبَدًا قَالَ اِنِّیْ لَا اَخِیْسُ بِالْعَھْدِ وَ لَا اَحْبِسُ الْبُرُدَ وَلٰکِنِ ارْجِعْ فَاِنْ کَانَ فِیْ نَفْسِکَ الَّذِیْ فِیْ نَفْسِکَ الْاٰنَ فَارْجِعْ قَالَ فَذَھَبْتُ ثُمَّ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فَاَسْلَمْتُ (رواہ ابوداؤد)

کی خدمت میں بھیجا[۲] جب میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تو اسلام میرے دل میں داخل کر دیا گیا۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! خدا کی قسم! میں کبھی بھی قریش کی طرف لوٹ کر نہیں جاؤں گا[۳]۔ آپ نے فرمایا ہم عہد و پیمان نہیں توڑتے[۴] اور نہ قاصدوں کو نہیں روکتے[۵] لیکن تم واپس جاؤ، پھر اگر تمہارے دل میں اسلام کی وہ محبت ہوئی جو اب ہے تو واپس آجانا[۶]۔ ابورافع کہتے ہیں کہ میں چلا گیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور اسلام لے آیا[۷]۔ (ابوداؤد)

۱؎ حضرت ابورافع، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام، پہلے حضرت عباس بن عبدالمطلب کے غلام تھے، ان کا نام اسلم تھا، انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہبہ کر دیے، جب وہ حضرت عباس کے اسلام کی خوشخبری لائے تو آپ نے انہیں آزاد کر دیا۔

۲؎ ظاہر یہ ہے کہ یہ صلح حدیبیہ کا واقعہ ہے۔

۳؎ یہ ان کے دل میں اسلام کے راسخ ہو جانے کی تاکید ہے۔

۴؎ خیس نقطے والی خا، اس کے بعد یا، عہد کا توڑنا، بے وفائی کرنا۔

۵؎ برد با پر پیش، را ساکن، اس پر پیش بھی پڑھ سکتے ہیں۔ بَرِیْدٌ کی جمع جس کا معنیٰ قاصد ہے۔

۶؎ یعنی کافروں کے پاس سے ہمارے پاس جانا اور مسلمان ہو جانا۔

۷؎ بغیر کسی تردد اور جھجک کے۔

۳۸۰۴ وَعَنْ نُعَیْمِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلَیْنِ جَاءَ ا مِنْ عِنْدِ مُسَیْلَمَۃَ اَمَا

حضرت نعیم بن مسعود[۱] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسیلمہ کذاب کے پاس سے آتے ہوئے دو مردوں کو فرمایا، سنو! اگر شریعت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَاللّٰهِ لَوْلَا اَنَّ الرُّسُلَ لَا تُقْتَلُ لَضَرَبْتُ اَعْنَاقَكُمَا۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْدَاوُدَ)

کا یہ حکم نہ ہوتا کہ قاصدوں کو قتل نہیں کیا جاتا تو ہم تم دونوں کی گردنیں اڑا دیتے[۲] (احمد، ابوداؤد)

[۱] حضرت نعیم بن مسعود نون پر پیش اور عین پر زبر اشجعی مدنی صحابی ہیں۔ جنگ خندق کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف ہجرت کی، انہوں نے ہی بنو قریظہ اور سفیان بن حرب کے درمیان غزوہ خندق میں کوشش کی اور انہیں پسپا کیا، ان کا واقعہ مشہور ہے اور کتب سیرت میں بیان کیا گیا ہے۔

[۲] ان دونوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کہا کہ ہم گواہی دیتے ہیں کہ مسیلمہ اللہ تعالیٰ کا رسول ہے۔ جیسے کہ تیسری فصل میں آئے گا۔

۳۸۰۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ خُطْبَتِهٖ اَوْفُوْا بِحِلْفِ الْجَاهِلِيَّةِ فَاِنَّهٗ لَا يَزِيْدُهٗ يَعْنِي الْاِسْلَامَ اِلَّا شِدَّةً وَلَا تُحْدِثُوْا حِلْفًا فِي الْاِسْلَامِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ مِنْ طَرِيْقِ حُسَيْنِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنْ عَمْرٍو وَقَالَ حَسَنٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ عَلِيٍّ اَلْمُسْلِمُوْنَ تَتَكَافَأُ دِمَاؤُهُمْ فِيْ كِتَابِ الْقِصَاصِ)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے خطبہ میں ارشاد فرمایا: جاہلیت کی قسم اور اس کے عہد و پیمان کو پورا کرو[۱] کیونکہ اسلام اس کی پختگی کو ہی زیادہ کرتا ہے[۲] اور اسلام میں نئی قسم نہ کھاؤ[۳] امام ترمذی نے یہ حدیث حسین بن ذکوان کے واسطے سے عمرو سے روایت کی اور کہا کہ یہ حدیث حسن ہے[۴] حضرت علی کی روایت کردہ حدیث کہ مسلمانوں کے خون آپس میں برابر ہیں[۵] کتاب القصاص میں بیان کردی گئی ہے۔

[۱] جیسے کہ تم نے آپس میں قسم کھائی ہے۔ صراح میں ہے حلف حاء کے نیچے زیر، لام ساکن قسم عہد، تحالفوا آپس میں عہد کرنا، تحالف باہمی معاہدہ کرنا مراد وہ قسم ہے جو دین کے لیے نقصان دہ نہ ہو اور احکام اسلام کے مخالف نہ ہو، بعض نسخوں میں حاء پر زبر اور لام کے نیچے زیر منضبط کی گئی ہے۔

[۲] یعنی اسلام میں عہد اور قسم کا پورا کرنا جاہلیت کی حلف سے زیادہ سخت اور اہم ہے۔ اور اس کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

منافی نہیں ہے۔

۳؎ کیونکہ اس کی حاجت نہیں ہے، اور جس نے قوی سہارے کو تھام لیا وہ کمزور سہارے سے بے نیاز ہے
حاصل یہ ہے کہ جاہلیت میں لڑائی، فتنوں اور ایسی ہی دوسری چیزوں کی جو قسم کھائی جاتی تھی جس کی بنا پر ظلم اور فساد
کی امداد کی جاتی تھی وہ تو ممنوع ہے اور جو قسم ایسی نہ ہو اسلام اسے تقویت دیتا ہے اور اس کی تائید کرتا ہے
۴؎ مشکات شریف کے اصل نسخے میں یہاں جگہ خالی تھی۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۳۸۰۶ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ جَآءَ ابْنُ النَّوَاحَةِ وَابْنُ اُثَالٍ رَسُوْلَا مُسَيْلِمَةَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُمَا اَتَشْهَدَانِ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَا نَشْهَدُ اَنَّ مُسَيْلِمَةَ رَسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ لَوْ كُنْتُ قَاتِلًا رَسُوْلًا لَقَتَلْتُكُمَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَمَضَتِ السُّنَّةُ اَنَّ الرَّسُوْلَ لَا يُقْتَلُ.

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

تیسری فصل

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مسیلمہ کے دو نمائندے ابن النواحہ۱؎ اور ابن اثال۲؎ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ نے انہیں فرمایا: کیا تم دونوں گواہی دیتے ہو؟ کہ میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں، انہوں نے کہا ہم گواہی دیتے ہیں کہ مسیلمہ اللہ تعالیٰ کا رسول ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا۳؎، اگر میں کسی قاصد کو قتل کرتا تو تم دونوں کو قتل کر دیتا۔ حضرت عبداللہ بن مسعود فرماتے ہیں کہ سنت یہ قرار پائی کہ ایلچی کو قتل نہیں کیا جائے گا۴؎

(احمد)

۱؎ ابن النواحہ نون پر زبر، واؤ مشدد اور حا بے نقطہ۔

۲؎ ابن اثال ہمزے پر پیش اور تین نقطوں والی ثا مخفف۔ یہ دونوں مسیلمہ کذاب ملعون کے ایلچی تھے۔

۳؎ اس انداز میں انتہائی تواضع، طلب حق، حلم اور انہیں سزا دینے میں ترک تعجیل ہے۔ اور اس میں اس لعین کی نبوت کا انکار اور اس کے دعوے کی تکذیب ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے اگرچہ وہ نامناسب اور سخت گفتگو کرے اور قتل کا مستحق ہو۔

بَابُ قِسْمَةِ الْغَنَآئِمِ وَالْغُلُوْلِ فِيْهَا

۲۹۲۔ غنیمتوں کی تقسیم اور ان میں خیانت کا بیان

لغت میں قسمت کا معنیٰ ہے حصے ٹکڑے کرنا اور اندازہ کرنا۔ غنائم جمع ہے غنیمت کی، وہ مال جو کفار سے حاصل کیا جائے۔ غلول نقطے والی غین پر پیش، غنیمت کے مال میں خیانت کرنا، مطلق خیانت (خواہ غنیمت میں ہو یا اس کے غیر میں) کے معنی میں بھی آتا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۳۸۰۷ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَلَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِاَحَدٍ مِّنْ قَبْلِنَا ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ رَاٰى ضَعْفَنَا وَ عَجْزَنَا فَطَيَّبَهَا لَنَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پس[1] ہم سے پہلے کسی کے لیے غنیمتیں حلال نہ تھیں[2] یہ اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے ہماری کمزوری اور ناتوانی دیکھی تو ہمارے لیے غنیمتیں حلال اور پاک کر دیں۔ (صحیحین)

[1] یہ پہلے کلام کا تتمہ ہے۔ جیسے کہ تیسری فصل میں حضرت ابوہریرہ کی حدیث سے آئے گا۔ اسی لیے کلمہ تعلق میں کلمہ فا آیا ہے۔ [2] پہلی امتوں میں یہ طریقہ تھا کہ جب وہ اموال غنیمت حاصل کر کے جمع کرتے تو اگر آسمان سے آگ نازل ہو کر انہیں جلا دیتی تو یہ اس غزوہ کی قبولیت کی علامت ہوتی، ورنہ مطلب یہ ہوتا کہ وہ غزوہ مقبول نہیں ہے۔

سے اموال غنیمت کا حلال ہونا۔

۳۸۰۸ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ حُنَيْنٍ فَلَمَّا الْتَقَيْنَا كَانَتْ لِلْمُسْلِمِيْنَ جَوْلَةٌ فَرَاَيْتُ رَجُلًا مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ قَدْ عَلَا رَجُلًا مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَضَرَبْتُهُ مِنْ وَّرَائِهِ عَلٰى حَبْلِ عَاتِقِهِ بِالسَّيْفِ فَقَطَعْتُ الدِّرْعَ وَاَقْبَلَ عَلَيَّ فَضَمَّنِيْ ضَمَّةً وَّجَدْتُّ مِنْهَا رِيْحَ الْمَوْتِ ثُمَّ اَدْرَكَهُ الْمَوْتُ فَاَرْسَلَنِيْ فَلَحِقْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقُلْتُ مَا بَالُ النَّاسِ فَقَالَ اَمْرُ اللهِ ثُمَّ رَجَعُوْا وَجَلَسَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَنْ قَتَلَ قَتِيْلًا لَهُ عَلَيْهِ بَيِّنَةٌ فَلَهُ سَلَبُهُ فَقُلْتُ مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ ثُمَّ جَلَسْتُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ فَقُلْتُ مَنْ يَّشْهَدُ لِيْ ثُمَّ جَلَسْتُ ثُمَّ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ فَقُمْتُ فَقَالَ مَالَكَ يَا اَبَا قَتَادَةَ فَاَخْبَرْتُهُ فَقَالَ رَجُلٌ صَدَقَ

ہم حنین[1] کے سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نکلے جب کافروں سے آمنا سامنا ہوا تو مسلمانوں میں اضطراب[2] پیدا ہوگیا۔ میں نے دیکھا کہ ایک مشرک ایک مسلمان پر غالب ہو رہا ہے میں نے اس کے پیچھے سے اس کے کندھے کی رگ[3] پر تلوار کا وار کیا اور میں نے اس کی زرہ کاٹ دی۔ وہ[4] میری طرف متوجہ ہو کر مجھ سے بری طرح لپٹ گیا، اس کے لپٹنے سے میں نے موت کی بو محسوس کی پھر اسے موت نے آلیا اور اس نے مجھے چھوڑ دیا۔ میں حضرت عمر بن خطاب کے پاس حاضر ہوا اور عرض کیا کہ لوگوں کا کیا حال ہے[5]؟ فرمایا: اللہ تعالیٰ کا حکم[6]، پھر صحابۂ کرام لوٹ آئے[7] اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تشریف فرما ہو کر فرمایا جس نے کسی کافر کو قتل کیا اور اس کے پاس قتل کرنے کا گواہ موجود ہو تو کافر کا سامان[8] اس کے لیے ہے، میں نے کہا: میرے لیے کون گواہی دے گا[9]؟ پھر میں بیٹھ گیا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ویسی ہی بات کہی[10]، میں نے کہا، میرے لیے کون گواہی دے گا[11]؟ پھر میں بیٹھ گیا، پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہی بات کہی تو میں کھڑا ہوگیا۔ فرمایا: اے ابو قتادہ! تمہیں کیا[12] ہے؟ میں نے واقعہ بیان کیا[13] تو ایک شخص نے کہا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَ سَلَبُهٗ عِنْدِیْ فَاَرْضِهٖ مِنِّیْ فَقَالَ اَبُوْبَکْرٍ لَا هَا اللّٰهِ اِذًا لَّا یَعْمِدُ اِلٰی اَسَدٍ مِّنْ اُسُدِ اللّٰهِ یُقَاتِلُ عَنِ اللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ فَیُعْطِیْكَ سَلَبَهٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ فَاَعْطِهٖ فَاَعْطَانِیْهِ فَابْتَعْتُ بِهٖ مَخْرَفًا فِیْ بَنِیْ سَلِمَةَ فَاِنَّهٗ لَاَوَّلُ مَالٍ تَاَثَّلْتُهٗ فِی الْاِسْلَامِ

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

انہوں نے سچ کہا اور کافر کا سامان میرے پاس ہے آپ ابو قتادہ کو مجھ سے راضی کر دیں[۳] حضرت ابوبکر نے فرمایا: خدا کی قسم اس طرح نہیں ہونا چاہیے اب[۴] تو وہ شخص اللہ تعالیٰ کے اس شیر[۵] کی طرف قصد نہیں کر سکتا جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی طرف سے جنگ کرتا ہے تو اس کافر کا سامان تمہیں[۶] دے دے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا انہوں نے سچ کہا[۷] سامان ابو قتادہ کو دے دو۔ چنانچہ اس کے بدلے میں نے قبیلۂ بنی سلمہ میں ایک باغ[۸] خرید لیا، اور یہ پہلا مال تھا جسے میں نے اسلام میں اپنے مال کی بنیاد بنایا[۹]

(صحیحین)

[۱] غزوہ حنین، فتح مکہ کے بعد واقع ہوا۔

[۲] جَوْلَة جیم پر زبر، آس پاس نکل جانا، اپنی جگہ سے ہل جانا، آگے پیچھے جانا، مراد شکست کی صورت ہے جو اس جنگ میں مسلمانوں کو پیش آئی۔ راوی نے اسے شکست سے تعبیر کرنا پسند نہیں کیا، اور حقیقت میں شکست بھی نہیں تھی بلکہ ہلچل، اضطراب اور اپنی جگہ کا چھوڑ دینا تھا۔ اور اگر شکست بھی تھی تو کچھ سپاہیوں میں تھی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنی جگہ جمے رہے، آپ سفید خچر پر سوار تھے اور آگے بڑھ کر حملہ کرنا چاہتے تھے حضرت عباس بن عبدالمطلب اور حضرت ابو سفیان بن حارث خچر کی لگام پکڑے کھڑے تھے اور آپ کو حملے سے روک رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرما رہے تھے۔

اَنَا النَّبِیُّ لَا کَذِبْ — اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبْ

میں نبی ہوں اور یہ جھوٹ نہیں ہے — میں عبدالمطلب کا بیٹا ہوں۔

[۵] حکیم الامت مفتی احمد یار خاں نعیمی نے یہ ترجمہ کیا، تب تو حضور اللہ کے شیروں میں سے ایک شیر کی طرف یہ قصد بھی نہ کریں گے کہ جو اللہ رسول کی طرف سے جہاد کرے تمہیں اس کا سامان دے دیں (مرآۃ)، اور یہی ترجمہ زیادہ بہتر ہے۔

(۱۲ قادری)

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

۵۳ حبل عاتق ، گردن اور کندھے کی درمیانی جگہ ، جہاں چادر اوڑھی جاتی ہے ۔
۵۴ وہ مشرک جس پر میں نے تلوار کا وار کیا تھا ۔
۵۵ کہ بھاگ رہے ہیں اور چکر لگا رہے ہیں ۔
۵۶ یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ حضرت ابو قتادہ کی مراد یہ ہو کہ شکست کے بعد لوگوں کا کیا حال ہوگا ؟ اور حضرت عمر کی مراد یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کا حکم غالب ہے ، آخر کار مسلمانوں کی فتح ہوگی ۔
۵۷ شکست کھانے کے بعد ، یہ پہلی صورت کے مطابق ترجمہ ہے ، دوسری صورت کے مطابق معنی یہ ہوگا کہ صحابہ کرام ، کافروں کی شکست کے بعد لوٹ آئے ۔
۵۸ سواری وغیرہ ، سَلَب پہلے دونوں حرفوں پر زبر ، سامان ، ہتھیار ، خوراک جو اس کی سواری پر ہے اور سونا جو اس کی پیٹی میں ہے ۔
۵۹ کہ میں نے مشرک کو قتل کیا ہے ۔
۱۰ یعنی دوبارہ فرمایا : جو شخص کسی کافر کو قتل کرے اور اس کے پاس گواہ بھی ہو تو مقتول کا سامان اس کے لیے ہے ۔
۱۱ کہ میں نے اس مشرک کو قتل کیا ہے ۔
۱۲ اور تم کس لیے کھڑے ہوئے ہو ۔
۱۳ کہ میں نے فلاں مشرک کو قتل کیا ہے ۔
۱۴ تاکہ مقتول کا سامان مجھے ہی دے دیں ۔
۱۵ شیر سے مراد حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ ہیں ۔ جو مشہور بہادر تھے اور انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا سوار کہا جاتا تھا ۔ اَسَدْ پہلے دونوں حرفوں پر زبر ، شیر اور اس کی جمع اُسُدْ ہے پہلے حرف پر پیش ، دوسرا ساکن ۔
۱۶ اس شخص سے خطاب ہے (جس کے پاس سامان تھا ۔ ۱۲ ق)
۱۷ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ابو قتادہ کے بارے میں حضرت ابو بکر کی بات قبول فرمائی ۔
۱۸ خرف نقطے والی خاء ، اس کے بعد راء ، میوہ چننا ، مخرف اور مخرفہ ، باغ ۔
۱۹ یہ پہلا مال تھا جس کا میں مالک ہوں اور اسے جمع کیا ۔ صراح میں ہے تَأَثُّل مال کو اصل اور بنیاد بنانا ۔

۳۸۰۹ ـــ ۳ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْهَمَ لِلرَّجُلِ وَ لِفَرَسِهٖ ثَلٰثَةَ اَسْهُمٍ سَهْمًا لَّهٗ وَ سَهْمَيْنِ لِفَرَسِهٖ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد اور اس کے گھوڑے کو تین حصے عطا فرمائے[1] ایک حصہ مرد کے لیے اور دو حصے اس کے گھوڑے کے لیے[2] (صحیحین)

[1] اِسْهَام قرعہ ڈالنے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ اس جگہ حصہ دینا مراد ہے۔

[2] یعنی گھوڑے کے سبب اور اس کے لیے دو حصے دیے، کیونکہ مالک کی نسبت گھوڑے کے اخراجات دوگنے ہوتے ہیں۔ اور یہی اکثر ائمہ کا قول ہے۔ بعض ائمہ کے نزدیک سوار کے لیے دو حصے ہیں۔ امام ابوحنیفہ رضی اللہ عنہ بھی اسی کے قائل ہیں۔ کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سوار کو دو حصے عطا فرمائے۔ جیسے کہ دوسری فصل میں آئے گا۔ اسی طرح حضرت علی مرتضیٰ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہما سے مروی ہے۔ ہدایہ میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کی روایت نقل کی ہے اور ابن عمر رضی اللہ عنہما سے بھی ایک روایت نقل کی ہے۔ صاحب ہدایہ نے فرمایا کہ جب ابن عمر سے مختلف روایات آئی ہیں تو دوسرے صحابی کی روایت کو ترجیح دی جائے گی۔

۳۸۱۰ وَعَنْ يَزِيْدَ بْنِ هُرْمُزَ[1] قَالَ كَتَبَ نَجْدَةُ الْحَرُوْرِيُّ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَسْاَلُهٗ عَنِ الْعَبْدِ وَ الْمَرْاَةِ يَحْضُرَانِ الْمَغْنَمَ هَلْ يُقْسَمُ لَهُمَا فَقَالَ لِيَزِيْدَ اُكْتُبْ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَيْسَ لَهُمَا سَهْمٌ اِلَّا اَنْ يُّحْذَيَا وَ فِيْ رِوَايَةٍ كَتَبَ اِلَيْهِ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّكَ كَتَبْتَ تَسْاَلُنِيْ هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْزُوْا بِالنِّسَاءِ[3] وَ هَلْ كَانَ يَضْرِبُ لَهُنَّ

یزید بن ہرمز[1] سے روایت ہے کہ نجدہ حروری[2] نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کو لکھ کر دریافت کیا کہ عورت اور غلام غنیمت کو حاضر ہوں تو کیا ان کو بھی حصہ دیا جائے گا؟ انہوں نے یزید کو فرمایا اسے لکھو کہ ان دونوں کے لیے معین حصہ نہیں ہے مگر یہ کہ انہیں تھوڑی سی کوئی چیز[3] دے دی جائے، اور ایک روایت میں ہے کہ ابن عباس نے اسے لکھا کہ تم نے یہ سوال تحریر کیا ہے کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم عورتوں کو ساتھ لے کر جہاد کیا کرتے تھے؟ اور کیا ان کے لیے حصہ مقرر فرماتے تھے؟ پس تحقیق آپ عورتوں کی ہمراہی میں جہاد کرتے تھے، عورتیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بِسَهْمٍ فَقَدْ كَانَ يَغْزُوْا بِهِنَّ يُدَاوِيْنَ الْمَرْضٰى وَ يُحْذَيْنَ مِنَ الْغَنِيْمَةِ وَ اَمَّا السَّهْمُ فَلَمْ يُضْرَبْ لَهُنَّ بِسَهْمٍ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)	ریضوں کا علاج کرتی تھیں اور انہیں غنیمت میں سے کچھ مال دیا جاتا تھا۔ رہا حصہ تو ان کے لیے مین حصہ نہیں نکالا جاتا تھا۔ (مسلم)

سلہ یزید ابن ہرمز ہا اور میم پر پیش، را ساکن، ہمدانی تابعی ہیں۔ ابن سعد نے ان کا ذکر اہل مدینہ میں کیا ہے۔ اور کہا کہ ثقہ ہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حضرت ابوہریرہ اور ابن عباس سے روایت کرتے ہیں اور ان سے امام اہل محمد باقر اور امام زہری روایت کرتے ہیں۔

سلہ نجدہ نون پر زبر جیم ساکن الحروری حا پر زبر اور را پر پیش، منسوب ہے۔ حروراء کی طرف جیسے الف ممدودہ اور مقصورہ کے ساتھ پڑھ سکتے ہیں۔ کوفہ کے قریب ایک گاؤں ہے جہاں خوارج کا پہلا اجتماع ہوا۔

سلہ صراح میں ہے حُذیا ما اور نقطے والے ذال کے ساتھ بروزن فُعلیٰ پہلے حرف پر پیش، مال غنیمت کا ایک حصہ۔

سلہ اس روایت میں غلاموں کا ذکر نہیں ہے۔ اکثر اہل علم کا اسی پر عمل ہے کہ غلاموں، بچوں اور عورتوں کو کچھ مال غنیمت دیا جائے گا لیکن باقاعدہ مین حصہ نہیں دیا جائے گا یہی ہمارا مذہب ہے۔ ہدایہ میں ہے کہ غلام کو کچھ حصہ اسی وقت دیا جائے گا جب کہ وہ جنگ کرے کیونکہ وہ اپنے مالک کی خدمت کر رہا ہے، لہٰذا اس کا حکم وہی ہے جو تاجر کا ہے۔ اور عورتوں کو بھی کچھ حصہ اسی صورت میں دیا جائے گا جب کہ بیماروں اور زخمیوں کا علاج کریں، کیونکہ وہ جنگ کرنے سے تو عاجز ہیں۔ ان کے لیے تیمارداری ہی جنگ کے حکم میں ہے۔ برخلاف غلام کے کہ وہ حقیقتہً جنگ کرنے پر قادر ہے۔

۳۸۱۱ وَعَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِظَهْرِهٖ مَعَ رَبَاحٍ غُلَامِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَنَا مَعَهٗ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا	حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اونٹ، اپنے غلام رباح کے ساتھ بھیجے۔ میں بھی ان کے ساتھ تھا، جب ہم نے صبح کی تو اچانک عبدالرحمن فزاری نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں پر حملہ کیا اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

إِذَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْفَزَارِيُّ قَدْ أَغَارَ عَلَى ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُمْتُ عَلَى أَكَمَةٍ فَاسْتَقْبَلْتُ الْمَدِيْنَةَ فَنَادَيْتُ ثَلٰثًا يَا صَبَاحَاهُ ثُمَّ خَرَجْتُ فِيْ آثَارِ الْقَوْمِ أَرْمِيْهِمْ بِالنَّبْلِ وَ أَرْتَجِزُ أَقُوْلُ أَنَا ابْنُ الْأَكْوَعِ وَالْيَوْمُ يَوْمُ الرُّضَّعِ فَمَا زِلْتُ أَرْمِيْهِمْ وَ أَعْقِرُ بِهِمْ حَتّٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنْ بَعِيْرٍ مِّنْ ظَهْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا خَلَّفْتُهُ وَرَاءَ ظَهْرِيْ ثُمَّ اتَّبَعْتُهُمْ أَرْمِيْهِمْ حَتّٰى أَلْقَوْا أَكْثَرَ مِنْ ثَلٰثِيْنَ بُرْدَةً وَّ ثَلٰثِيْنَ رُمْحًا يَسْتَخِفُّوْنَ وَ لَا يَطْرَحُوْنَ شَيْئًا إِلَّا جَعَلْتُ عَلَيْهِ آرَامًا مِّنَ الْحِجَارَةِ يَعْرِفُهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى رَأَيْتُ فَوَارِسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ وَ لَحِقَ أَبُوْ قَتَادَةَ فَارِسُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

لوٹ کر لے گیا، میں ایک ٹیلے پر کھڑا ہوا اور مدینہ منورہ کی طرف رخ کر کے تین مرتبہ آواز دی اور کہا یا صباحاہ۔ پھر میں ان لوگوں کے قدموں کے نشانات کی راہنمائی میں نکلا اس حال میں کہ میں انہیں تیر مارتا تھا اور رجزیہ شعر پڑھتا تھا اور کہتا تھا کہ میں ابن اکوع ہوں اور آج کمینوں کا دن ہے میں ان پر تیر برساتا رہا اور ان کی سواریوں کی ٹانگوں کو زخمی کرتا رہا، یہاں تک کہ اللہ تعالے نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری جتنے اونٹ پیدا کیے تھے وہ سب میں نے اپنی پشت کے پیچھے چھوڑ دیے، پھر میں نے تیر برساتے ہوئے ان کا پیچھا کیا حتیٰ کہ انہوں نے ہلکے ہونے کے لیے تیس چادریں اور تیس نیزے پھینک دیے وہ جو چیز بھی پھینکتے تھے میں اس پر پتھروں سے نشانات لگاتا جاتا تھا، کہ انہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہچان لیں حتیٰ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سواروں کو دیکھا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوار حضرت ابو قتادہ نے عبدالرحمٰن کو جا لیا اور قتل کر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا آج ہمارے بہترین سوار ابو قتادہ ہیں اور بہترین پیادے سلمہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَقَتَلَهُ وَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ فُرْسَانِنَا الْيَوْمَ اَبُوْ قَتَادَةَ وَ خَيْرُ رَجَّالَتِنَا سَلَمَةُ قَالَ ثُمَّ اَعْطَانِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَيْنِ سَهْمَ الْفَارِسِ وَ سَهْمَ الرَّاجِلِ فَجَمَعَهُمَا لِىْ جَمِيْعًا ثُمَّ اَرْدَفَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَآءَهُ عَلَى الْعَضْبَآءِ رَاجِعِيْنَ اِلَى الْمَدِيْنَةِ۔

ہیں۔ حضرت سلمہ فرماتے ہیں پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے دو حصے عطا فرمائے سوار اور پیدل دونوں کے حصے میرے لیے جمع فرما دیئے۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ کی طرف لوٹتے ہوئے مجھے عضباء[۱] نامی اونٹنی پر اپنے پیچھے بٹھایا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱؎ حضرت سلمہ بن اکوع معروف صحابی اور مشہور بہادر جو پیادہ یا سواروں سے جنگ کرتے تھے۔

۲؎ ظہر پشت کو کہتے ہیں، اس جگہ اونٹ مراد ہیں جن کی پشت پر سواری کی جاتی ہے۔

۳؎ رباح راء اور باء پر زبر، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام تھے ——— مواہب لدنیہ میں ہے کہ دودھ دینے والیاں اور بچہ جننے کے قریب بیس اونٹنیاں تھیں جو جنگل میں چرتی تھیں۔

۴؎ عبدالرحمٰن فزاری فاء اور زاء پر زبر، مشہور کافر تھا۔

۵؎ اَکَمَہ ابتدائی تینوں حرفوں پر زبر، پہاڑ سے کم تر ٹیلہ، یا وہ اونچی اور سخت جگہ جو ابھی پتھر نہ ہوئی ہو۔

۶؎ یا صباحاہ یہ ایسا کلمہ ہے جس کے ساتھ لوٹ مار کے وقت فریاد کی جاتی ہے جو عموماً صبح کے وقت واقع ہوتی ہے۔

۷؎ جو اونٹ چرا کر بھاگ گئے تھے۔

۸؎ رجز راء اور جیم پر زبر، آخر میں زاء، شعر کے بحروں کی ایک قسم جو جنگ کے موقع پر پڑھی جاتی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۹ہ یعنی اے کافرو! آج تم کمینوں کی ہلاکت کا دن ہے۔ رُضّع را پر پیش، نقطے والا ضاد مشدد، راضعٌ کی جمع جیسے رُکّعٌ جمع ہے رَاکعٌ کی۔ راضعٌ کمینے کو کہتے ہیں۔ قاموس میں ہے راضعٌ وہ کمینہ جس نے اپنی ماں کے پستان سے کمینگی حاصل کی ہو۔ اور اس چرواہے کو بھی راضعٌ کہتے ہیں۔ جو دودھ دوہنے کے برتن کو محفوظ نہیں رکھتا اور جو بھی اس سے دودھ مانگے تو کہتا ہے کہ میرے پاس دودھ دوہنے کے لیے برتن نہیں ہے۔ کہتے ہیں کہ راضعٌ اس کمینے کو کہتے ہیں جو اونٹنی کا دودھ منہ لگا کر چوستا ہے تاکہ کوئی دودھ دوہنے کی آواز سن کر اس سے دودھ نہ مانگ لے، یا دوہنے سے کچھ دودھ برتن سے لگا ہوا نہ رہ جائے،

شارحین فرماتے ہیں کہ آج رضّع کا دن ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ آج معلوم ہو جائے گا کہ کس کو جنگ نے بچپن ہی سے دودھ پلایا ہے، اسی طرح مشارق میں ہے۔

۱۰ہ عقر چارپایوں کی ٹانگوں کو تلوار سے کاٹ دینا۔

۱۱ہ صَلَّفْتُهُ لام مشدد کے ساتھ ــــ یعنی میں نے کافروں سے تمام اونٹنیاں چھڑا لیں۔

۱۲ہ بردۃ دھاری دار چھوٹا کمبل، یا مربع قسم کا سیاہ کمبل جسے بدوی پہنتے ہیں۔ انہوں نے یہ سب چیزیں اس لیے پھینک دیں تاکہ ہلکے پھلکے ہو کر تیز دوڑ سکیں اور بھاگ جائیں۔

۱۳ہ آرام۔ ہمزہ ممدودہ کے ساتھ، ارَمٌ بر وزن عِنَبٌ یا کَتِفٌ کی جمع ہے۔ اس کا معنیٰ علامت اور نشان ہے جو بیابانوں میں راستے یاد رکھنے کے لیے مقرر کرتے ہیں، عربوں کی عادت تھی کہ جب انہیں راستے میں کوئی چیز ملتی اور وہ اسے ساتھ نہ لے جا سکتے تو اس پر پتھر رکھ دیتے۔ تاکہ واپسی پر اسے پہچان لیں۔

۱۴ہ اور صحابہ کرام پہچان لیں، اگر میرے پیچھے آئیں۔

۱۵ہ کہ وہ آ رہے ہیں۔

۱۶ہ جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹ چرائے تھے۔

۱۷ہ رَجّالۃ جیم مشدد اور آخر میں تاء، جمع ہے راجل کی جس کا معنیٰ پیادہ ہے۔

۱۸ہ یہ ان پر غایت درجہ عنایت تھی کیونکہ اس جنگ کا بڑا حصہ حضرت سلمہ کی بدولت طے ہوا تھا۔ امام کے لیے جائز ہے کہ لوگوں کی ترغیب کے لیے جہاد میں زیادہ کوشش اور محنت کرنے والے کو حصے سے زیادہ انعام عطا کرے۔

۱۹ہ عَضْبَاء بے نقطہ عین پر زبر، نقطے والا ضاد ساکن۔ اس اونٹنی کو کہتے ہیں جس کا کان چیرا گیا ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کا کان چیرا نہیں گیا تھا بلکہ وہ پیدائشی طور پر ہی ایسی تھی۔

۱۲/۳۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ .. حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ یُنَفِّلُ بَعْضَ مَنْ یَّبْعَثُ مِنَ السَّرَایَا لِاَنْفُسِہِمْ خَاصَّۃً سِوٰی قِسْمَۃِ عَامَّۃِ الْجَیْشِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جن لشکروں کو بھیجتے تھے ان میں سے بعض کو خصوصی طور پہ ان کی ذوات کے لیے عام لشکر کے حصے کے علاوہ زائد انعام دیتے تھے۔[۱] (صحیحین)

[۱] نفل کا معنی اصل میں زیادتی ہے۔ اسی لیے اس عبادت کو جو واجب نہ ہو نفل اور نافلہ کہتے ہیں، نافلہ نیزہ کو بھی کہتے ہیں۔ نفل پہلے دونوں حرفوں پر زبر غنیمت۔ اس کی جمع انفال ہے، حدیث میں یُنَفِّلُ تشدید کے ساتھ تنفیل سے مشتق ہے غنیمت سے زیادہ دینا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بعض غازیوں کو جہاد میں ترغیب دلانے کے لیے غنیمت کے حصے میں سے زیادتی سے سرفراز فرماتے تھے۔

۳۸۱۳/۷ وَعَنْہُ قَالَ نَفَّلَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَفْلًا سِوٰی نَصِیْبِنَا مِنَ الْخُمُسِ فَاَصَابَنِیْ شَارِفٌ وَّ الشَّارِفُ الْمُسِنُّ الْکَبِیْرُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خمس میں سے، ہمارے حصے کے علاوہ زیادتی عطا فرمائی۔ چنانچہ مجھے ایک معمر اونٹ ملا، شارف معمر اور بڑی عمر والے اونٹ کو کہتے ہیں۔[۱] (صحیحین)

[۱] قاموس میں ہے شارف، پرانا اور قدیم تیر اور بڑی عمر والی اونٹنی (اھ) شارف نقطے والا شین، را اور آخر میں فا۔

۳۸۱۴/۸ وَعَنْہُ قَالَ ذَهَبَتْ فَرَسٌ لَّہٗ فَاَخَذَهَا الْعَدُوُّ فَظَهَرَ عَلَیْهِمُ الْمُسْلِمُوْنَ فَرُدَّ عَلَیْہِ فِیْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَفِیْ رِوَایَۃٍ اَبَقَ عَبْدٌ لَّہٗ فَلَحِقَ بِالرُّوْمِ فَظَهَرَ

اور ان ہی سے روایت ہے کہ ان کا ایک گھوڑا بھاگ گیا، جسے دشمنوں نے پکڑ لیا پھر ان پر مسلمان غالب ہوئے تو وہ گھوڑا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں ابن عمر کو واپس کیا گیا اور ایک روایت میں ہے کہ ان کا ایک غلام بھاگ کر رومیوں کے پاس چلا گیا پھر مسلمان ان پر غالب آئے تو نبی اکرم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِمُ الْمُسْلِمُوْنَ فَرَدَّ عَلَيْهِ خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ بَعْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد حضرت خالد بن ولید نے وہ غلام انہیں واپس کر دیا[3]۔ (بخاری)

[1] فرس کا اطلاق گھوڑے اور گھوڑی دونوں پر ہوتا ہے۔

[2] اور اسے عام مال غنیمت میں شامل نہیں کیا گیا۔

[3] اس سے معلوم ہوا کہ کافر اس کے مالک نہیں ہوتے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں، اور اس کے بعد یہی حکم تھا، اور اسی پر علماء کا اتفاق ہے، اگر تقسیم سے پہلے ہو، البتہ اگر تقسیم کے بعد ہو تو اس میں اختلاف ہے۔

۳۸۱۵/۹ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ مَشَيْتُ اَنَا وَعُثْمَانُ ابْنُ عَفَّانَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَا اَعْطَيْتَ بَنِي الْمُطَّلِبِ مِنْ خُمُسِ خَيْبَرَ وَتَرَكْتَنَا وَنَحْنُ بِمَنْزِلَةٍ وَّاحِدَةٍ مِّنْكَ فَقَالَ اِنَّمَا بَنُوْهَاشِمٍ وَبَنُو الْمُطَّلِبِ شَيْءٌ وَّاحِدٌ قَالَ جُبَيْرٌ وَّلَمْ يَقْسِمِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِبَنِيْ عَبْدِ شَمْسٍ وَّبَنِيْ نَوْفَلٍ شَيْئًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت جبیر بن مطعم[1] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں اور عثمان غنی رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ہم[2] نے عرض کیا کہ آپ نے خیبر کے پانچویں حصے میں سے بنو المطلب کو حصہ عطا فرمایا ہے اور ہمیں نہیں دیا حالانکہ ہمارا[3] آپ سے یکساں تعلق ہے، فرمایا صرف بنو ہاشم اور بنو المطلب ایک چیز ہیں[4]، حضرت جبیر فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بنی عبد شمس[5] اور بنی نوفل[6] کو کچھ حصہ عطا نہیں فرمایا۔ (بخاری)

[1] حضرت جبیر بن مطعم قریشی، نوفلی صحابی ہیں۔

[2] یعنی میں نے اور حضرت عثمان غنی نے

[3] یعنی میرا، حضرت عثمان غنی اور بنی المطلب کا آپ سے ایک جیسا رشتہ ہے، کیونکہ ہم سب

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عبد مناف کی اولاد ہیں اور وہ ہمارے اور آپ کے چوتھے دادا ہیں، کیونکہ ہاشم، مطلب، عبد شمس اور نوفل سب عبد مناف کے بیٹے ہیں اور ہیں جبیر بن مطعم بن عدی بن نوفل بن عبد مناف ہوں اور عثمان بن عفان بن ابی العاص بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف ہیں۔

۴؎ اتفاق واتحاد اور اس معاہدے کی بنا پر جو ان کے درمیان جاہلیت میں تھا اور اسلام میں ہے۔ بنی عبد شمس اور بنی نوفل نے بنی ہاشم کی دشمنی اور مخالفت کی بنا پر آپس میں معاہدہ کیا تھا کہ ان کے ساتھ نکاح اور خرید وفروخت نہیں کریں گے جب تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہمارے سپرد نہیں کریں گے۔ بنی مطلب، بنی ہاشم کے ساتھ اس وقت بھی متحد وموافق اور ایک ساتھ تھے، بعض نے سِیٌّ وَاحِدٌ بے نقطہ سین کے ساتھ روایت کیا، جس کا معنیٰ مثل اور برابر ہے اور وَاحِدٌ اس کی تفسیر ہے۔

۵؎ جو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے رشتہ دار تھے۔

۶؎ جو میرے رشتہ دار تھے۔

۳۸۱۶/۱۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَیُّمَا قَرْیَةٍ اَتَیْتُمُوْهَا وَاَقَمْتُمْ فِیْهَا فَسَهْمُکُمْ فِیْهَا وَاَیُّمَا قَرْیَةٍ عَصَتِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ خُمُسَهَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ ثُمَّ هِیَ لَکُمْ. (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ہر وہ گاؤں۱؎ جہاں تم جاؤ اور اس میں قیام کرو تو اس میں تمہارا حصہ ہے اور جو گاؤں کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کرے۲؎ تو اس کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ہے پھر وہ۳؎ اموال غنیمت تمہارے لیے ہیں۔ (مسلم)

۱؎ کافروں کا گاؤں، یعنی وہ جنگ کے بغیر جس گاؤں کو خالی کر دیں اور تمہارے ساتھ صلح کریں۔ ایسے اموال کو فیئی کہتے ہیں تو اس گاؤں میں تمہارا حصہ ہے۔ چنانچہ اسے فیئی کے مصارف میں صرف کیا جائے گا۔ امام شافعی کے علاوہ اس میں تمام ائمہ کا اتفاق ہے۔

۲؎ اور تم اسے جنگ، قہر اور غلبہ کے ساتھ حاصل کرو۔

۳؎ پانچواں حصہ نکالنے کے بعد وہ اموال غنیمت تمہارے لیے ہیں۔ بعض شارحین نے کہا کہ پہلی قسم سے وہ چیز مراد ہے جو لشکر کے ہاتھ آئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے ہمراہ نہ ہوں تو وہ لشکر کے لیے ہے اور دوسری قسم سے وہ چیز مراد ہے جو لشکر کو ملے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہمراہ ہوں تو اس میں سے

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

پانچواں حصہ آپ لیتے اور باقی لشکر میں تقسیم فرما دیتے، اسی طرح اس حدیث کی تفسیر کی گئی ہے۔

۳۸۱۷/۱۱ وَعَنْ خَوْلَةَ الْاَنْصَارِيَّةِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ رِجَالًا يَتَخَوَّضُوْنَ فِيْ مَالِ اللّٰهِ بِغَيْرِ حَقٍّ فَلَهُمُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت خولہ انصاریہ[1] رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ بے شک کچھ لوگ اللہ تعالیٰ کے مال میں ناحق واقع ہوتے ہیں[2] تو قیامت کے دن ان کے لیے آگ ہے۔ (بخاری)

[1] حضرت خولہ انصاریہ لفظے والی خاء پر زبر اور واؤ ساکن، مشہور صحابیہ ہیں۔

[2] اور اس میں ناجائز تصرف کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ کے مال سے مراد مال غنیمت ہے اور اگر فئی مال زکوٰۃ وغیرہ کو شامل قرار دیں تو بھی درست ہے۔ لغت میں خوض کا معنی پانی میں آنا ہے۔

۳۸۱۸/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ فَذَكَرَ الْغُلُوْلَ فَعَظَّمَهٗ وَعَظَّمَ اَمْرَهٗ ثُمَّ قَالَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِیْءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ بَعِيْرٌ لَهٗ رُغَاءٌ يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِیْ فَاَقُوْلُ لَا اَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ اَبْلَغْتُكَ لَا اُلْفِيَنَّ اَحَدَكُمْ يَجِیْءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهٖ فَرَسٌ لَهٗ حَمْحَمَةٌ فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَغِثْنِیْ فَاَقُوْلُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک دن ہمارے درمیان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ ارشاد فرمایا، پس مال غنیمت میں خیانت کا ذکر کیا۔ اس کے ارتکاب کی شدت بیان کی اور اس کے معاملے کی شدت بیان فرمائی۔ پھر فرمایا: میں تم میں سے کسی شخص کو ہرگز نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے کہ اس کی گردن پر اونٹ بلبلا رہا ہو، وہ شخص کہہ رہا ہو یا رسول اللہ میری امداد فرمائیں تو میں کہوں کہ میں تیرے لیے کسی چیز کا مالک نہیں۔ تحقیق میں تجھے شریعت کا حکم پہنچا چکا ہوں۔ میں تم میں سے کسی شخص کو ہرگز اس حال میں نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے، اس کی گردن پر گھوڑا ہنہنا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهِ شَاةٌ لَهَا ثُغَاءٌ يَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَغِثْنِيْ فَأَقُوْلُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهِ نَفْسٌ لَهَا صِيَاحٌ فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَغِثْنِيْ فَأَقُوْلُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَلٰى رَقَبَتِهِ رِقَاعٌ تَخْفِقُ فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَغِثْنِيْ فَأَقُوْلُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ لَا أُلْفِيَنَّ أَحَدَكُمْ يَجِيءُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عَلٰى رَقَبَتِهِ صَامِتٌ فَيَقُوْلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَغِثْنِيْ فَأَقُوْلُ لَا أَمْلِكُ لَكَ شَيْئًا قَدْ أَبْلَغْتُكَ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَهٰذَا لَفْظُ مُسْلِمٍ وَهُوَ أَتَمُّ)

رہا ہو، وہ کہے کہ یا رسول اللہ! میری امداد فرمائیں تو میں کہوں: میں تیرے لیے کسی چیز کا مالک نہیں میں تجھے شریعت کا حکم پہنچا چکا، میں تم میں سے کسی شخص کو ہرگز نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن اس حال میں آئے کہ اس کی گردن پر بکری ممیا رہی ہو، وہ کہے کہ یا رسول اللہ میری امداد فرمائیں تو میں کہوں کہ میں تیرے لیے کسی چیز کا مالک نہیں ہوں: میں تجھے حکم شریعت پہنچا چکا ہوں، میں تم میں سے کسی شخص کو نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے اس کی گردن پر غلام چیخ رہا ہو، وہ کہے یا رسول اللہ میری امداد فرمائیں تو میں کہوں: میں تیرے لیے کسی چیز کا مالک نہیں، میں تجھے حکم شرع پہنچا چکا ہوں، میں تم میں سے کسی شخص کو نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے۔ اس کی گردن پر کپڑے پھڑپھڑا رہے ہوں، وہ کہے یا رسول اللہ! میری امداد فرمائیں تو میں کہوں: میں تیرے لیے کسی چیز کا مالک نہیں، میں تجھے حکم خداوندی پہنچا چکا، میں تم میں سے کسی شخص کو نہ پاؤں کہ وہ قیامت کے دن آئے، اس کی گردن پر سونا چاندی ہو، وہ کہے یا رسول اللہ! میری امداد فرمائیں، تو میں کہوں: میں تیرے لیے کسی چیز کا مالک نہیں، میں تجھے اللہ تعالیٰ کا حکم پہنچا چکا۔

(صحیحین) اور یہ مسلم کے الفاظ ہیں اور یہ لفظ زیادہ کامل ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لے اور اس میں جو آخرت کا عذاب ہے۔
۲ە اُلفِیَنَّ ہمزہ پر پیش، فار کے نیچے زیر، اِلْفَاءٌ سے مشتق ہے جس کا معنی پانا ہے۔
۳ە رُغَاءٌ رار پر پیش، نقطے والی غین مخفف، آخر میں الف ممدودہ، اونٹ کی آواز۔ اس کا مطلب تا یہ وہ اونٹ ہوگا جو اس نے مالِ غنیمت میں سے چرایا ہوگا، وہ اس کے سر پر لاد دیا جائے گا جہاں وہ بلبلائے گا۔
۴ە اور بے مجھے اس عذاب سے رہائی دلائیں۔
۵ە اس عذاب کے دفع کرنے اور اس سے نجات دلانے کا۔
۶ە اور تجھے بھرپور انداز میں ڈر سنایا، مگر تو نے اس پر عمل نہ کیا۔ ظاہر یہ ہے کہ یہ ارشاد زجر و توبیخ اور سزا کے طور پر ہوگا اور ان لوگوں کی شفاعت میں تاخیر کی جائے گی۔ اور اگر شفاعت نہ بھی فرمائیں تو آپ پر واجب نہیں ہے۔
۷ە حَمْحَمَۃٌ دونوں بے نقطہ حاؤں پر زبر، دونوں کے درمیان میم ساکن، گھوڑے کی آواز جو صَہِیْلٌ سے پست ہوتی ہے۔
۸ە ثُغَاءٌ تین نقطے والی ثار پر پیش، نقطے والی غین مخفف، بکری کی آواز۔
۹ە رِقَاعٌ رار کے نیچے زیر، رقعہ کی جمع، کپڑے کا ٹکڑا۔ بعض شارحین نے کہا کہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ رقعہ سے مراد کاغذ کا وہ ٹکڑا ہو جس میں لوگوں کے حقوق اور اموال لکھے ہوتے ہوں۔
۱۰ە سونے چاندی کو مالِ صامت کہتے ہیں۔
۱۱ە امام مسلم کی روایت بعض مقامات پر لفظوں میں امام بخاری کی روایت کے مخالف ہے۔ تاہم امام مسلم کی روایت میں زیادہ تفصیل ہے۔

۳۸۱۹ وَعَنْهُ قَالَ اَهْدٰی رَجُلٌ [۱۲] لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غُلَامًا يُقَالُ	اور ان ہی سے روایت ہے کہ ایک شخص نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک غلام بطور ہدیہ پیش کیا جسے مِدْعَم کہا جاتا تھا۔ مدعم رسول اللہ

لے اگر یہاں وہ لوگ مراد ہیں جو خیانت حلال جان کر کریں وہ تو کافر ہو چکے اور کافر کے لیے شفاعت نہیں، اور اگر مسلمان فاسق مراد ہیں جو یہ حرکات حرام سمجھتے ہوئے کریں تو یہ فرمان دھمکانے ڈرانے کے لیے ہے ورنہ حضور کی شفاعت بڑے بڑے گنہگار مسلمانوں کو نصیب ہوگی۔ فرماتے ہیں شَفَاعَتِیْ لِاَهْلِ الْكَبَائِرِ مِنْ اُمَّتِیْ اور فرماتے ہیں کہ میں نے اپنی خاص دعا قیامت میں شفاعت کرنے کے لیے چھپا رکھی ہے اور وہ دعا ہر مسلمان کو پہنچے جو ایمان پر مرے۔ ۱۲ مراۃ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَهٗ مِدْعَمٌ فَبَيْنَمَا مِدْعَمٌ يَحُطُّ رَحْلًا لِرَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ اَصَابَهٗ سَهْمٌ عَائِرٌ فَقَتَلَهٗ فَقَالَ النَّاسُ هَنِيْئًا لَهُ الْجَنَّةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلَّا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنَّ الشَّمْلَةَ الَّتِيْ اَخَذَهَا يَوْمَ خَيْبَرَ مِنَ الْمَغَانِمِ لَمْ تُصِبْهَا الْمَقَاسِمُ لَتَشْتَعِلُ عَلَيْهِ نَارًا فَلَمَّا سَمِعَ ذٰلِكَ النَّاسُ جَآءَ رَجُلٌ بِشِرَاكٍ اَوْ شِرَاكَيْنِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ شِرَاكٌ مِّنَ النَّارِ اَوْ شِرَاكَانِ مِنَ النَّارِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ علیہ وسلم کی سواری سے سامان کھول رہے تھے کہ اچانک انہیں اندھا تیر آکر لگا، جس نے انہیں قتل کر دیا۔ لوگوں نے کہا کہ انہیں جنت مبارک ہو۔[۳] رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہرگز نہیں! قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضے میں میری جان ہے، بے شک وہ چادر جو اس نے خیبر کے دن اموالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے لے لی تھی، اس پر آگ بن کر شعلہ زن ہے، جب لوگوں نے یہ ارشاد سُنا تو[۵] ایک شخص ایک یا دو تسمے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا، آپ نے فرمایا: آگ کا ایک تسمہ یا فرمایا: آگ کے دو تسمے ہیں۔[۶]

(صحیحین)

۱ مدعم میم کے نیچے زیر، دال بے نقطہ ساکن، عین بے نقطہ پر زبر۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سیاہ فام غلام جو رفاعہ بن زید بن وہب جذامی جیم اور نقطے والے ذال پر زبر نے بطور ہدیہ پیش کیا تھا۔

۲ جس کے مارنے والے کا علم نہ ہو سکا۔

۳ کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تھے اور شہید ہو گئے۔

۴ شملہ نقطے والے شین پر زبر، میم ساکن، چھوٹی چادر جو اوپر اوڑھی جاتی ہے۔ اشتعال آگ کا بھڑکنا۔

۵ تو ڈر گئے اور جس نے کوئی چیز لی تھی۔ اگرچہ معمولی ہی تھی لا کر بارگاہ اقدس میں پیش کر دی۔

۶ یعنی ان میں خیانت کرنا دوزخ کی آگ کا سبب ہے۔ اگرچہ معمولی چیز ہی ہو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۸۲۰/۱۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ عَلٰى ثَقَلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يُقَالُ لَهٗ كِرْكِرَةُ فَمَاتَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ فِي النَّارِ فَذَهَبُوْا يَنْظُرُوْنَ فَوَجَدُوْا عَبَاءَةً قَدْ غَلَّهَا۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامان[۱] پر ایک شخص مقرر تھا جسے کرکرہ[۲] کہا جاتا ہے۔ وہ فوت ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ وہ آگ میں ہے۔ صحابہ کرام دیکھنے کے لیے گئے[۳] تو انہیں ایک چادر[۴] ملی جو اس شخص نے چرائی تھی۔
(بخاری)

۱؎ ثقل تین نقطے والی ثاء اور قاف، دونوں پر زبر، مسافر کا ساز و سامان جو چار پائے پر لادا گیا ہو۔

۲؎ کرکرۃ پہلے کاف پر زبر اور زیر، دونوں پڑھ سکتے ہیں۔ دوسرے کاف کے نیچے زیر ہی ہے۔ بعض شارحین نے دونوں پر زبر بیان کی ہے۔

۳؎ ان کا ساز و سامان دیکھنے کے لیے گئے، غالباً انہوں نے سمجھ لیا کہ یہ وعید، مالِ غنیمت میں خیانت کی بنا پر ہے۔

۴؎ عباء عین پر زبر، آخر میں الف ممدودہ، ایک قسم کی چادر۔

۳۸۲۱/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نُصِيْبُ فِيْ مَغَازِيْنَا الْعَسَلَ وَالْعِنَبَ وَلَا نَرْفَعُهٗ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ہمیں ہمارے غزوات میں شہد اور انگور ہاتھ آتے تھے اور اسے کھا لیتے تھے اور اسے اٹھا نہ رکھتے تھے[۱]
(بخاری)

۱؎ ہم ان چیزوں کو تقسیم کے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں نہیں لے جاتے تھے۔ مطلب یہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس طریقے کو روا رکھتے تھے اور درست قرار دیتے تھے، علماء کا اتفاق ہے کہ مجاہدین جب تک دار الحرب میں رہیں مالِ غنیمت کی تقسیم سے پہلے کھانے کی چیزیں، حاجت کے مطابق کھا سکتے ہیں۔

۳۸۲۲/۱۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ اَصَبْتُ جِرَابًا مِّنْ شَحْمٍ يَوْمَ خَيْبَرَ ..

حضرت عبداللہ بن مغفل[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ خیبر کے دن مجھے چربی کی ایک تھیلی ملی میں نے اسے دبوچ لیا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَالْتَزَمْتُهُ فَقُلْتُ لَا اُعْطِیَ الْیَوْمَ اَحَدًا مِنْ هٰذَا شَیْئًا فَالْتَفَتُّ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَتَبَسَّمُ اِلَیَّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

اور کہا کہ آج میں اس میں سے کچھ بھی کسی کو نہیں دوں گا۔ میں نے پلٹ کر دیکھا تو اچانک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا کہ میری طرف دیکھ کر مسکرا رہے تھے۔ (صحیحین)

وَ ذُکِرَ حَدِیْثُ اَبِیْ هُرَیْرَةَ مَا اُعْطِیْکُمْ فِیْ بَابِ رِزْقِ الْوُلَاةِ۔

حضرت ابوہریرہ کی حدیث جس کی ابتدا میں ہے مَا اُعْطِیْکُمْ" "باب رزق الولاة" میں بیان کر دی گئی ہے۔

ؔ حضرت عبداللہ بن مغفل میم پر پیش، نقطے والی غین پر زبر اور فاء مشدد۔
ؔ دل میں یا زبان سے۔
ؔ میرے اس فعل پر کہ میں نے چربی کی تھیلی کو اپنے ساتھ چمٹایا ہوا تھا۔
ؔ مصابیح میں وہ حدیث اس جگہ بیان کی گئی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ — دوسری فصل

۳۸۲۳/۱۷ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ فَضَّلَنِیْ عَلَی الْاَنْبِیَآءِ اَوْ قَالَ فَضَّلَ اُمَّتِیْ عَلَی الْاُمَمِ وَ اَحَلَّ لَنَا الْغَنَائِمَ۔ (تِرْمِذِیٌّ)

حضرت ابوامامہؔ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے مجھے انبیاء کرام پر فضیلت دی یا فرمایا کہ میری امت کو دوسری امتوں پر فضیلت دی اور ہمارے لیے غنیمتیں حلال فرمائیںؔ (ترمذی)

ؔ حضرت ابوامامہ باہلی مشہور صحابی ہیں۔
ؔ یہ فضیلت کا بیان ہے یا یہ مطلب ہے کہ دوسری فضیلتوں کے علاوہ یہ فضیلت بھی دی کہ غنیمتیں حلال کر دیں۔

۳۸۲۴/۱۸ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ يَعْنِيْ يَوْمَ حُنَيْنٍ مَنْ قَتَلَ كَافِرًا فَلَهٗ سَلَبُهٗ فَقَتَلَ اَبُوْطَلْحَةَ يَوْمَئِذٍ عِشْرِيْنَ رَجُلًا وَّ اَخَذَ اَسْلَابَهُمْ۔

(رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ)

کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوہ حنین کے دن فرمایا: جس نے کسی کافر کو قتل کیا تو مقتول کا سازو سامان[1] اس کے لیے ہے حضرت ابو طلحہ[2] نے اس دن بیس کافروں کو قتل کیا اور ان کا سامان حاصل کیا۔

(دارمی)

لہ کپڑے اور گھوڑا (اور ہتھیار) وغیرہ

لہ جو حضرت انس کی والدہ کے شوہر تھے۔

۳۸۲۵/۱۹ وَعَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ وَخَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِي السَّلَبِ لِلْقَاتِلِ وَلَمْ يُخَمِّسِ السَّلَبَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عوف بن مالک اشجعی اور حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتول کے سامان کے بارے میں فیصلہ فرمایا کہ وہ تمام قاتل کے لیے ہے اور اس میں سے پانچواں حصہ نہیں لیا[1]۔

(ابوداؤد)

لہ جیسے کہ آپ اموال غنیمت میں سے لیتے تھے۔

۳۸۲۶/۲۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ نَفَّلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ سَيْفَ اَبِيْ جَهْلٍ وَّكَانَ قَتَلَهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بدر کے دن بطور انعام[1] ابو جہل کی تلوار عطا فرمائی، انہوں نے اسے قتل کیا تھا[2]۔

(ابوداؤد)

لہ یعنی حصہ غنیمت سے زائد۔

لہ ابو جہل کو قتل کرنے والے دوسرے صحابی ہیں، لیکن اس کے قتل میں حضرت ابن مسعود کا بھی دخل تھا اور وہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اس قتل میں شریک تھے، اس لیے ابوجہل کے مال میں سے حاصل ہونے والی تلوار انہیں عطا فرمائی، اس واقعے کی تفصیل تیسری فصل میں آئے گی۔

۳۸۲۷ وَعَنْ عُمَيْرٍ مَوْلَى آبِي اللَّحْمِ قَالَ شَهِدْتُ خَيْبَرَ مَعَ سَادَتِي فَكَلَّمُوا فِيَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَلَّمُوهُ اَنِّي مَمْلُوكٌ فَاَمَرَنِي فَقُلِّدْتُ سَيْفًا فَاِذَا اَنَا اَجُرُّهُ فَاَمَرَ لِي بِشَيْءٍ مِنْ خُرْثِيِّ الْمَتَاعِ وَعَرَضْتُ عَلَيْهِ رُقْيَةً كُنْتُ اَرْقِي بِهَا الْمَجَانِيْنَ فَاَمَرَنِي بِطَرْحِ بَعْضِهَا وَحَبْسِ بَعْضِهَا. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ اِلَّا اَنَّ رِوَايَتَهٗ اِنْتَهَتْ عِنْدَ قَوْلِهِ الْمَتَاعِ.)

حضرت آبی اللحم کے غلام حضرت عمیر[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہما روایت کرتے ہیں کہ میں اپنے مالکوں کے ساتھ غزوہ خیبر کو حاضر ہوا، میرے مالکوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے میرے بارے میں گفتگو کی[2] انہوں نے بیان کیا کہ میں غلام ہوں، تو آپ نے مجھے حکم دیا[3]، چنانچہ میرے گلے میں تلوار لٹکا دی گئی۔ میں اسے گھسیٹ[4] ہی رہا تھا کہ آپ نے میرے لیے کچھ مال غنیمت[5] کا حکم فرمایا۔ میں نے آپ کے سامنے ایک منتر پیش کیا جس کے ساتھ میں پاگلوں کو دم کیا کرتا تھا تو آپ نے مجھے اس کے کچھ حصے کے پھینکنے اور کچھ حصے کو محفوظ رکھنے کا حکم دیا[6]۔ (ترمذی ابوداؤد) البتہ امام ابوداؤد کی روایت المتاع پر ختم ہو گئی ہے۔

[1] عمیر بے نقطہ عین پر پیش، آبی اللحم، ہمزہ پر مد، بار کے نیچے زیر، اس کا معنی ہے گوشت کھانے سے انکار کرنے والا، حضرت آبی اللحم قدیم اور مشہور صحابی ہیں، غزوۂ بدر میں شریک ہوتے اور حنین کے روز شہید ہوئے۔ ان کے نام اور ان کے والد کے نام میں اختلاف ہے۔ آبی اللحم ان کا لقب ہے، اس لیے کہ وہ بالکل گوشت نہیں کھاتے تھے بعض محدثین نے کہا کہ دورِ جاہلیت میں بتوں پر ذبح کیے ہوئے جانوروں کا گوشت نہیں کھاتے تھے۔ حضرت عمیر حضرت آبی اللحم کے غلام، غفاری اور حجازی ہیں، وہ بھی صحابی ہیں۔ فتح خیبر کے موقع پر اپنے آقا کے ساتھ حاضر ہوئے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اپنے آقا سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے تابعین کی ایک جماعت روایت کرتی ہے۔

[2] کہ اسے جہاد کے لیے لے جائیں یا خدمت کے لیے، یا یہ مطلب ہے کہ انہوں نے میری تعریف کی،

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یا یہ پوچھا کہ کیا اسے مالِ غنیمت میں کوئی چیز دی جائے یا نہ؟

۳؎ کہ میں ہتھیار اٹھاؤں اور مجاہدوں اور غازیوں کے ساتھ شامل ہو جاؤں۔

۴؎ چھوٹا قد ہونے کی وجہ سے۔

۵؎ خُرثی نقطے والی خا پر پیش، بے نقطہ را ساکن، تین نقطوں والی ثا کے نیچے زیر، اور یا مشدد، گھریلو سامان میں سے معمولی چیز، مثلاً دیگچہ وغیرہ خرثی سرخ چیونٹی کو بھی کہتے ہیں، اس جگہ معمولی اور تھوڑی چیز مراد ہے۔

۶؎ ظاہر یہ ہے کہ اس منتر کے کچھ کلمات اچھے تھے اور کچھ قبیح تھے، پس آپ نے قبیح کے ترک کرنے اور باقی کے پڑھنے کا حکم دیا، دم کرنے کے کلمات کے بارے میں قاعدہ یہی ہے کہ اگر قرآن پاک کے کلمات اسماء الٰہیہ اور ان جیسے کلمات سے ہو تو انہیں پڑھنا چاہیے اور جو اس طرح نہ ہو یا اس کا معنیٰ معلوم نہ ہو تو اسے نہیں پڑھنا چاہیے۔ اس مسئلے کی تفصیل باب الرقی میں آئے گی۔

۷؎ اور اس میں عرضت علیہ سے لے کر آخر تک کا حصہ نہیں ہے۔

$\frac{۳۸۲۸}{۲۲}$ وَعَنْ مُجَمِّعِ بْنِ جَارِيَةَ قَالَ قُسِمَتْ خَيْبَرُ عَلٰى اَهْلِ الْحُدَيْبِيَةِ فَقَسَمَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ سَهْمًا وَّكَانَ الْجَيْشُ اَلْفًا وَّخَمْسَ مِائَةٍ فِيْهِمْ ثَلٰثُ مِائَةِ فَارِسٍ فَاَعْطَى الْفَارِسَ سَهْمَيْنِ وَالرَّاجِلَ سَهْمًا (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) وَقَالَ حَدِيْثُ ابْنِ عُمَرَ اَصَحُّ وَالْعَمَلُ عَلَيْهِ وَاَتَى الْوَهْمُ فِىْ حَدِيْثِ مُجَمِّعٍ اَنَّهٗ قَالَ ثَلٰثُ مِائَةِ فَارِسٍ وَّاِنَّمَا كَانُوْا مِائَتَىْ فَارِسٍ۔

حضرت مجمع بن جاریہ۱؎ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ خیبر سے حاصل ہونے والا مال اہلِ حدیبیہ۲؎ میں تقسیم کیا گیا، چنانچہ اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اٹھارہ حصوں میں تقسیم کیا، لشکر ایک ہزار پانچ سو افراد پر مشتمل تھا، ان میں تین سو گھوڑے کے سوار تھے، پس سوار کو دو حصے اور پیدل کو ایک حصہ عطا فرمایا۔ (ابوداؤد) امام ابوداؤد نے کہا کہ ابن عمر۳؎ کی حدیث زیادہ صحیح ہے، اور اسی پر عمل ہے، مجمع کی حدیث میں وہم واقع ہوا ہے، انہوں نے کہا کہ سوار تین سو تھے، حالانکہ سوار صرف دو سو تھے۔۴؎

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ حضرت مجمع میم پر پیش، جیم پر زبر اور میم مشدد کے نیچے زیر اور عین بے نقطہ بن جاریہ جیم، راء اور یاء کے ساتھ مدنی انصاری صحابی ہیں، ان کا باپ مسجد ضرار والے منافقوں میں سے تھا حضرت مجمع مخلص اور صاحب استقامت تھے، قرآن پاک کے قاری تھے۔ حضرت ابن مسعود نے آدھا قرآن پاک ان سے حاصل کیا تھا، یہ ان صحابہ کرام میں سے تھے جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ مبارکہ میں پورا قرآن پاک یاد کیا تھا۔ بعض محدثین فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے وقت دو سورتیں باقی تھیں (جو انہوں نے بعد میں یاد کیں۔ ۱۲ قادری)

۲ہ یہ حضرات بیعت رضوان سے مشرف ہوتے تھے، اس کے ایک سال بعد خیبر فتح ہوا۔ قرآن مجید میں اس فتح کی بشارت دی گئی تھی۔

۳ہ جو پہلی فصل میں گزر گئی ہے، اس کے مطابق سوار کے تین حصے ہیں۔

۴ہ اکثر ائمہ کا عمل ہے۔

۵ہ یاد رہے کہ حضرت مجمع کی حدیث سے ان حضرات نے استدلال کیا ہے جو کہتے ہیں کہ سوار کے دو حصے ہیں۔ جیسے کہ امام ابو حنیفہ فرماتے ہیں، کیونکہ جب (اٹھارہ حصوں میں سے) تین سو سواروں میں سے ہر سو کو دو حصے عطا فرمائے تو چھ حصے نکل گئے، بارہ حصے باقی بچے، تو پیادوں میں ہر سو کے لیے ایک حصہ ہوا، جو حضرات کہتے ہیں کہ سوار کے تین حصے ہیں، ان کے قول کے مطابق تقسیم درست نہیں ہوگی، کیونکہ اس صورت میں سواروں کے نو حصے ہوں گے، اور پیادوں کے بارہ حصے ہوتے تو مجموعی طور پر اکیس ۲۱ حصے ہو جائیں گے۔ ابن عباس اور ابن عمر سے بھی حضرت مجمع کی مثل حدیث روایت کی گئی ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ لیکن یہ حضرات کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر کی حدیث زیادہ قوی ہے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

اہل حدیبیہ کی تعداد کے بارے میں مختلف روایات آئی ہیں، ایک روایت میں ان کی تعداد ایک ہزار اور چار سو ہے، دو سو سوار تھے۔

۳۸۲۹/۲۳ وَعَنْ حَبِيْبِ بْنِ مَسْلَمَةَ الْفِهْرِيِّ قَالَ شَهِدْتُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَّلَ الرُّبُعَ فِي الْبَدْأَةِ وَالثُّلُثَ فِي الرَّجْعَةِ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت حبیب بن مسلمہ فہری لہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے ابتدا میں چوتھائی حصہ بطور انعام دیا اور واپسی پر تہائی حصہ عطا فرمایا۔ (ابو داؤد)

لہ حبیب بروزن کریم بن مسلمۃ میم پر زبر دو میموں کے درمیان سین ساکن۔ الفہری فاء کے نیچے زیر اور ہاء ساکن

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رومیوں کے ساتھ بکثرت جہاد کرنے کی وجہ سے انہیں حبیب الروم بھی کہتے ہیں حضرت عمر بن خطاب نے انہیں جزیرہ کا عامل مقرر فرمایا، صاحب فضیلت اور مستجاب الدعوۃ تھے۔ جامع الاصول میں اختلاف کا ذکر کیے بغیر ان کو صحابہ کرام میں شمار کیا ہے۔ کاشف میں فرمایا کہ ان کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے، کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے وقت ان کی عمر بارہ سال تھی،

۲؎ جنگ کی ابتدا میں۔

۳؎ جنگ سے واپسی پر، یعنی جب لشکر کا ایک حصہ لشکر کے پہنچنے سے پہلے جنگ کی ابتدا میں دشمنوں کے ساتھ جنگ میں کود پڑتا تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں غنیمت کا چوتھائی حصہ عنایت فرماتے اور باقی تین حصوں میں انہیں شریک کرتے، اور جب لشکر جنگ سے واپس ہوتا اور ایک جماعت دشمن پر یلغار کر دیتی تو اس جماعت کو غنیمت کا تہائی حصہ عطا فرماتے۔ اور باقی دو تہائی میں انہیں شریک فرماتے، کیونکہ واپسی پر جنگ میں ان کی کاروائی اور مشقت سخت ہوتی اور خطرہ بھی زیادہ ہوتا، ابتدا میں لشکر کی آمد آمد ہوتی ہے اور وہ آکر امداد کرتا ہے، برخلاف واپسی کے کہ سب لوگ لوٹ چکے ہیں، ایسی صورت میں کاروائی کرنا اور جنگ کرنا بہت مشکل اور دشوار ہوتا ہے اور انعام، جنگ میں مشقت اور کوشش کی بنا پر دیا جاتا ہے۔

$\frac{۳۸۳۰}{۲۴}$ وَعَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُنَفِّلُ الرُّبُعَ بَعْدَ الْخُمُسِ وَالثُّلُثَ بَعْدَ الْخُمُسِ اِذَا قَفَلَ.
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤْدَ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پانچواں حصہ نکالنے کے بعد چوتھائی حصہ انعام میں دیتے تھے۱؎ اور واپسی پر پانچواں حصہ نکالنے کے بعد تہائی حصہ دیتے تھے۲؎
(ابوداؤد)

۱؎ یعنی جنگ کی ابتدا میں جیسے کہ گزشتہ حدیث میں گزر گیا ہے اور آئندہ عبارت بھی اس پر قرینہ ہے۔

۲؎ لیکن گزشتہ حدیث میں خمس کا ذکر نہیں ہے، اس میں یہ بیان نہیں ہے کہ ابتدا میں چوتھائی حصہ اور واپسی پر تہائی حصہ جو عطا فرماتے تھے وہ پانچواں حصہ نکالنے کے بعد تھا یا اس سے پہلے اور اس جگہ بیان کیا ہے کہ پانچواں حصہ نکالنے کے بعد تھا، پہلے پانچواں حصہ نکالتے تھے پھر چوتھائی یا تہائی اسی جگہ عطا فرما دیتے، بعد میں تقسیم کرتے تھے۔

$\frac{۳۸۳۱}{۲۵}$ وَعَنْ اَبِي الْجُوَيْرِيَةِ الْجَرْمِيِّ قَالَ اَصَبْتُ بِاَرْضِ

حضرت ابو۱؎ الجویریہ جرمی سے روایت ہے کہ مجھے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الرُّوْمِ جَرَّةً حَمْرَاءَ فِيْهَا دَنَانِيْرُ فِيْ إِمْرَةِ مُعَاوِيَةَ وَعَلَيْنَا رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَنِيْ سُلَيْمٍ يُقَالُ لَهٗ مَعْنُ ابْنُ يَزِيْدَ فَاَتَيْتُهٗ بِهَا فَقَسَمَهَا بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَعْطَانِيْ مِنْهَا مِثْلَ مَآ اٰتٰى رَجُلًا مِّنْهُمْ ثُمَّ قَالَ لَوْلَا اَنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا نَفَلَ اِلَّا بَعْدَ الْخُمُسِ لَاَعْطَيْتُكَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

کے زمانہ حکومت میں، روم کے علاقے میں ایک سرخ گھڑا ملا جس میں دینار[3] تھے ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے بنو سلیم[4] کے ایک شخص حاکم مقرر کیے گئے تھے جنہیں معن[5] بن یزید کہا جاتا تھا۔ میں نے وہ گھڑا ان کی خدمت میں پیش کر دیا، جسے انہوں نے مسلمانوں میں تقسیم کر دیا، اور اس میں سے مجھے بھی اتنا حصہ دیا جتنا دوسرے مسلمانوں کو دیا تھا[6]، پھر فرمایا اگر میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہوتا کہ انعام[7] پانچویں حصے کے بعد ہی ہوتا ہے تو میں تمہیں انعام دیتا۔ (ابوداؤد)

۱ ابوالجویریہ جیم پر پیش، واؤ پر زبر، پہلی یا ساکن اور دوسری مخفف، الجرمی جیم پر زبر اور را ساکن۔ جرم بن زیاد کی طرف منسوب، بصری اور ثقہ تابعی ہیں، ابن عباس، عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہما اور دیگر صحابہ سے روایت کرتے ہیں، ان سے ابن عیینہ اور شعبہ وغیرہم روایت کرتے ہیں۔

۲ امرۃ ہمزہ کے نیچے زیر، میم ساکن اور راء کے بعد ہمزہ نہیں ہے، یعنی حکومت۔

۳ سونے کے دینار

۴ بنو سلیم سین پر پیش، لام پر زبر، ایک قبیلے کا نام ہے۔

۵ معن میم پر زبر، عین ساکن

۶ یعنی سب کو برابر حصہ دیا اور مجھے زائد حصہ نہ دیا۔

۷ بعض مجاہدوں کو خاص طور پر جو زائد حصہ دیا جاتا ہے۔ یعنی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انعام خمس کے بعد ہوتا ہے، لہٰذا انعام اس مال میں ہوگا جس میں سے خمس دیا پانچواں حصہ نکالا جاتا ہے اور خمس اس مال میں ہوتا ہے جو کافروں سے زبردستی اور غلبے کی بنا پر حاصل کیا جاتا ہے جسے مال غنیمت کہتے ہیں، وہاں جنگ ہوتی ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور یہ مال فئی ہے اور اس میں خمس نہیں ہے لہٰذا انعام بھی نہیں ہوگا۔

۳۸۳۲/۲۶ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ قَالَ قَدِمْنَا فَوَافَقْنَا رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حِیْنَ افْتَتَحَ خَیْبَرَ فَاَسْھَمَ لَنَا اَوْ قَالَ فَاَعْطَانَا مِنْھَا وَمَا قَسَمَ لِاَحَدٍ غَابَ عَنْ فَتْحِ خَیْبَرَ مِنْھَا شَیْئًا اِلَّا لِمَنْ شَھِدَ مَعَہٗ اِلَّا اَصْحَابَ سَفِیْنَتِنَا جَعْفَرًا وَّ اَصْحَابَہٗ اَسْھَمَ لَھُمْ مَعَھُمْ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم آئے تو اتفاقاً اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے جب آپ نے خیبر فتح کیا[۱] تو آپ نے ہمیں بھی حصہ عطا فرمایا، یا فرمایا کہ ہمیں بھی خیبر کی غنیمت سے مال عطا کیا، آپ نے فتح خیبر سے غیر حاضر ہونے والے کسی فرد کو اس غنیمت سے کچھ حصہ نہ دیا، سوائے ان کے جو آپ کے ساتھ حاضر ہوئے[۲]، مگر ہماری کشتی والوں[۳]، حضرت جعفر اور ان کے ساتھیوں کو حاضرین کے ساتھ غنیمت میں سے حصہ عطا کیا۔[۴] (ابو داؤد)

[۱] حقیقت حال یہ ہے کہ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یمن سے مکہ مکرمہ حاضر ہو کر اسلام لائے پھر ہجرت کر کے حبشہ چلے گئے۔[۱] وہاں سے واپس مدینہ منورہ آئے۔ اتفاقاً ان کی آمد اس وقت ہوئی جب حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھی تشریف لائے۔ یہ حضرات بھی ہجرت کر کے حبشہ چلے گئے تھے، حاصل کر اس وقت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے جب آپ نے خیبر فتح کیا۔

[۲] یہ کلام سابق کی تاکید ہے۔

[۳] جو ایک کشتی میں سوار ہو کر آئے تھے، حبشہ دریا کے کنارے واقع ہے۔ وہاں سے مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ

---

[۱] احادیث صحیحہ کے مطابق فتح الباری میں ہے کہ حضرت ابوموسیٰ اپنی قوم کی ایک جماعت کے ساتھ دریا کے راستے یمن سے مدینہ منورہ کا ارادہ کر کے روانہ ہوئے قضاء الٰہی سے ہوا نے کشتی کو حبشہ کے ساحل پر پہنچا دیا۔ اس جگہ حضرت جعفر سے ملاقات ہوئی اور ان کے پاس ہی قیام کیا۔ جب صلح حدیبیہ ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت جعفر کو طلب فرمایا، ان کے ہمراہ حضرت ابوموسیٰ اس وقت مدینہ منورہ پہنچے جب سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر فتح کیا۔ ۱۲ امیر علی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

آنے کے لیے کشتی کا سفر کرنا پڑتا ہے۔

۴؎ بعض شارحین فرماتے ہیں کہ انہیں غنیمت میں سے حصہ اس لیے دیا گیا کہ یہ حضرات اگرچہ جنگ کے بعد حاضر ہوتے تھے لیکن مالِ غنیمت جمع کرنے سے پہلے پہنچ گئے تھے، یہ ان حضرات کی نا دلیل ہے جو کہتے ہیں کہ اس وقت حاضر ہونے والا غنیمت میں شریک ہوگا، جیسے کہ امام شافعی کا ایک قول ہے۔ دوسرے علماء جو اس کے قائل نہیں ہیں وہ کہتے ہیں کہ غازیوں اور غنیمت حاصل کرنے والوں کی رضا سے ان حضرات کو حصہ دیا گیا اور یہ قول زیادہ ظاہر ہے۔

۳۸۴۳ / ۲۷ وَعَنْ يَزِيدَ بْنِ خَالِدٍ أَنَّ رَجُلًا مِنْ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُوُفِّيَ يَوْمَ خَيْبَرَ فَذَكَرُوا لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ فَتَغَيَّرَتْ وُجُوهُ النَّاسِ لِذَلِكَ فَقَالَ إِنَّ صَاحِبَكُمْ غَلَّ فِي سَبِيلِ اللهِ فَفَتَّشْنَا مَتَاعَهُ فَوَجَدْنَا خَرَزًا مِنْ خَرَزِ يَهُودَ لَا يُسَاوِي دِرْهَمَيْنِ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُودَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت یزید بن خالد ؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی خیبر کے دن فوت ہو گئے، صحابہ کرام نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا تو فرمایا تم اپنے ساتھی پر نماز پڑھو۔ اس بات پر لوگوں کے چہروں کا رنگ بدل گیا، فرمایا: تحقیق تمہارے ساتھی نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں خیانت کی ہے، ہم نے ان کے سامان کی تلاشی لی تو ہمیں یہودیوں کا ایک منکا ملا جو دو درہموں کے برابر نہ تھا۔ (مالک، ابوداؤد، نسائی)

۱؎ یزید بن خالد، شارحین نے فرمایا کہ صحیح زید بن خالد ہے کیونکہ یزید بن خالد نام کے کوئی صحابی معلوم نہیں ہیں جامع الاصول میں ہے کہ حضرت زید بن خالد کی کنیت ابو طلحہ ہے، بعض نے کہا ابو عبدالرحمٰن صحابی ہیں، کوفہ میں قیام پذیر ہوئے، ان سے مشہور اور جلیل القدر تابعی حضرت عبداللہ بن عتبہ نے روایت کی، ۷۸ھ عبدالملک کے زمانے میں اور بعض نے کہا کہ حضرت امیر معاویہ کے آخری دنوں میں بچاسی سال کی عمر میں فوت ہوئے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۲ یعنی میں نہیں پڑھتا۔
۳ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ان کی نماز جنازہ نہ پڑھنے کی بنا پر۔
۴ یعنی وہ منکا جسے یہودی سنبھال کر رکھتے ہیں اور ان کی عورتیں پہنتی ہیں۔ خرز نقطے والی خار اور راء دونوں پر زبر، آخر میں نقطے والی زاء، منکا، موتی۔
۵ یعنی اس کی قیمت دو درہم سے بھی کم تھی۔

۳۸۳۴/۲۸ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَصَابَ غَنِيْمَةً أَمَرَ بِلَالًا فَنَادٰى فِي النَّاسِ فَيَجِيْئُوْنَ بِغَنَائِمِهِمْ فَيُخَمِّسُهٗ وَيُقَسِّمُهٗ فَجَاءَ رَجُلٌ يَوْمًا بَعْدَ ذٰلِكَ بِزِمَامٍ مِّنْ شَعْرٍ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا فِيْمَا كُنَّا أَصَبْنَاهُ مِنَ الْغَنِيْمَةِ قَالَ أَسَمِعْتَ بِلَالًا نَادٰى ثَلَاثًا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا مَنَعَكَ أَنْ تَجِيْءَ بِهٖ فَاعْتَذَرَ قَالَ كُنْ أَنْتَ تَجِيْءُ بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَلَنْ أَقْبَلَهٗ عَنْكَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مال غنیمت حاصل کرتے تو حضرت بلال کو حکم دیتے، وہ لوگوں میں اعلان کرتے[۱]، لوگ اپنی غنیمتیں لے آتے اور آپ پانچواں حصہ نکال کر دہ مال تقسیم فرما دیتے، ایک دن اس کے بعد ایک شخص نے بالوں کی لگام لا کر عرض کیا کہ یہ ہمیں مال غنیمت میں ملی تھی، فرمایا کیا تم نے تین بار بلال کا اعلان سنا تھا؟ انہوں نے عرض کیا ہاں! فرمایا، پھر تمہیں اس کے لانے سے کس چیز نے روکا تھا؟ انہوں نے عذر پیش کیا[۲]۔ فرمایا جاؤ تم اسے قیامت کے دن[۳] لاؤ گے، میں ہرگز تم سے یہ قبول نہیں کروں گا۔ (ابوداؤد)

۱ کہ اپنے اپنے اموال غنیمت لے آؤ۔
۲ کہ فلاں سبب سے تاخیر ہو گئی۔
۳ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے یہ وعید، سختی اور تغلیظ تھی ورنہ اگر آدمی توبہ کرلے اور مال غنیمت حاصل کرنے والوں کو راضی کرے تو ممکن ہے اس کی معذرت قبول کرلی جائے۔

۳۸۳۵/۲۹ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ حَرَّقُوْا مَتَاعَ الْغَالِّ وَ ضَرَبُوْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے غنیمت میں خیانت کرنے والے کا سامان جلا دیا اور اسے مارا لے (ابو داؤد)

لے بطور تعزیر، بعض اہل علم جن میں امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ تعالیٰ بھی ہیں اس حدیث کے ظاہر کے قائل ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ خیانت کرنے والے کا مال جلا دیا جائے سوائے جانور اور قرآن پاک کے اور اس مال کے جو اس نے خیانت سے حاصل کیا ہے کیونکہ وہ غانمین کا حق ہے، علماء کی دوسری جماعت کہتی ہے کہ یہ بطور تغلیظ اور تشدید وارد ہے، ائمہ ثلاثہ اسی کے قائل ہیں۔

۳۸۳۶/۳۰ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ يَّكْتُمُ غَالًّا فَاِنَّهٗ مِثْلُهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ جو شخص خیانت کرنے والے کو چھپائے لے بے شک وہ اس کی مثل ہے۔ (ابو داؤد)

لے اور اسے امیر کے سامنے نہ لائے، اور اس کی رعایت و حمایت کرے تو وہ خیانت میں اس جیسا ہے اور گناہ میں اس کا شریک ہے۔

۳۸۳۷/۳۱ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ شِرَى الْمَغَانِمِ حَتّٰى تُقْسَمَ۔

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تقسیم سے پہلے غنیمتوں کے خریدنے سے منع فرمایا۔ لے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

(ترمذی)

لہ کیونکہ وہ کسی شخص کی ملکیت نہیں ہیں۔

۳۸۳۸/۳۲ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰى اَنْ تُبَاعَ السِّهَامُ حَتّٰى تُقْسَمَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تقسیم سے پہلے مال غنیمت کے حصے بیچنے سے منع فرمایا لہ

(ترمذی)

لہ یعنی اگر کوئی شخص اپنا حصہ تقسیم سے پہلے فروخت کرنا چاہے تو وہ فروخت نہیں کر سکتا کیونکہ وہ کسی کی ملکیت نہیں ہے۔

یہ مسئلہ ان حضرات کے نزدیک ہے جو ملکیت کو تقسیم پر موقوف مانتے ہیں، دوسری وجہ یہ ہے کہ تقسیم سے پہلے مالک کو نہ تو سودے کا پوری طرح علم ہے اور نہ ہی اس کی صفت معلوم ہے

۳۸۳۹/۳۳ وَعَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ هٰذِهِ الْمَالَ خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ فَمَنْ اَصَابَهٗ بِحَقِّهٖ بُوْرِكَ لَهٗ فِيْهِ وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِيْمَا شَاءَتْ بِهٖ نَفْسُهٗ مِنْ مَّالِ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لَيْسَ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلَّا النَّارُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت خولہ بنت قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ تحقیق یہ مال سرسبز اور میٹھا ہے، تو جو آدمی اس کے حق کے ساتھ حاصل کرے اسے اس میں برکت عطا کی جائے گی اور بہت سے افراد اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کے مال میں داخل ہوتے ہیں جسے ان کا نفس چاہتا ہے، ان کیلئے قیامت کے دن صرف آگ ہوگی۔

(ترمذی)

لہ حضرت خولہ بنت قیس صحابیہ ہیں، ان کو خویلہ بھی کہتے ہیں (حضرت امیر حمزہ کی اہلیہ محترمہ تھیں، اسی طرح کاشف میں ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۲؎ یعنی مال غنیمت، سر سبز اور میٹھا ہے، جو دیکھنے میں اچھا لگتا ہے اور دل کو دلچسپ دکھائی دیتا ہے۔
۳؎ یعنی حلال طریقے سے۔
۴؎ مال غنیمت مراد ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق تقسیم کیا جاتا ہے۔

۳۸۴۰/۳۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ تَنَفَّلَ سَیْفَہٗ ذَا الْفَقَارِ یَوْمَ بَدْرٍ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ) وَزَادَ التِّرْمِذِیُّ وَھُوَ الَّذِیْ رَاٰی فِیْہِ الرُّؤْیَا یَوْمَ اُحُدٍ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بدر کے دن ذوالفقار نامی تلوار خود بطور نفل (زیادتی) قبول فرمائی (ابن ماجہ)، امام ترمذی نے اضافہ کیا کہ یہ وہی تلوار تھی جس کے بارے میں آپ نے احد کے دن خواب۳؎ دیکھا تھا۔

۱؎ یعنی اپنے لیے منتخب فرمائی۔ ذوالفقار فا پر زبر، یہ تلوار منبہ بن الحجاج کی تھی، قاموس میں ہے کہ عاص بن منبہ کی تھی جو بدر کے دن حالت کفر میں مارا گیا۔ بعد ازاں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ تلوار حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عطا فرما دی۔ اسے ذوالفقار اس لیے کہتے ہیں کہ فقار ریڑھ کی ہڈی کو کہتے ہیں، اس تلوار کی پشت میں ریڑھ کی ہڈی ایسے منکے جڑے ہوتے تھے۔
۲؎ اشعۃ اللمعات میں ہے کہ تلوار کے منکوں کے بارے میں سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خواب دیکھا، صحیح یہ ہے کہ ضمیر تلوار کی طرف راجع ہے۔ ۱۲ (قادری)
۳؎ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خواب میں دیکھا کہ آپ نے ذوالفقار کو ہلایا تو وہ درمیان سے ٹوٹ گئی اسے دوبارہ حرکت دی تو وہ پہلے سے بھی بہتر ہو گئی، آپ نے اس خواب کی تعبیر یہ بیان کی کہ احد کے دن شکست ہو گی آخر میں فتح ہوئی۔

۳۸۴۱/۳۵ وَعَنْ رُوَیْفِعِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یَرْکَبْ دَابَّۃً مِنْ

حضرت رویفع بن ثابت۱؎ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ اور قیامت پر ایمان رکھتا ہے وہ مسلمانوں کے مال غنیمت میں سے کسی چار پائے پر سوار نہ ہو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فِیْ ءِ الْمُسْلِمِیْنَ حَتّٰی اِذَا اَعْجَفَهَا رَدَّ فِیْهِ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَلْبَسْ ثَوْبًا مِنْ فَیْءِ الْمُسْلِمِیْنَ حَتّٰی اِذَا اَخْلَقَهٗ رَدَّهٗ فِیْهِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

یہاں تک کہ جب اسے لاغر کر دے تو اسے مال غنیمت میں واپس کر دیتے اور جو اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ مسلمانوں کے مال غنیمت میں سے کپڑا نہ پہنے حتیٰ کہ جب اسے پرانا کر دے تو مال غنیمت میں لوٹا دے۔

(ابوداؤد)

لہ حضرت رویفع راء پر پیش، واؤ پر زبر، یاء ساکن، فاء کے نیچے زبر اور آخر میں بے نقطہ عین، بن ثابت بصری صحابی ہیں، بصریوں میں شمار کیے جاتے ہیں، حضرت امیر معاویہ نے انہیں ۴۶ھ میں طرابلس کا امیر مقرر فرمایا۔ چنانچہ انہوں نے ۴۷ھ میں افریقہ میں جہاد کیا۔ ۵۷ھ میں شام میں وصال ہوا۔

ٰ لہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ کمزوری اور لاغری کا سبب نہ بنے تو سواری میں حرج نہیں ہے۔ یا یہ بات عرف اور عادت کے مطابق فرمائی کیونکہ سواری، ضرور کمزوری کا سبب بنے گی

۳۸۴۲
۳۶
وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِی الْمُجَالِدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ اَوْفٰی قَالَ قُلْتُ هَلْ كُنْتُمْ تُخَمِّسُوْنَ الطَّعَامَ فِیْ عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَصَبْنَا طَعَامًا يَوْمَ خَيْبَرَ وَكَانَ الرَّجُلُ يَجِیْءُ فَيَاْخُذُ مِنْهُ مِقْدَارَ مَا يَكْفِيْهِ ثُمَّ يَنْصَرِفُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت محمد بن ابی المجالد لہ سے روایت ہے کہ میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ کیا آپ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں طعام کا پانچواں حصہ لیتے تھے؟ فرمایا ہمیں خیبر کے دن طعام حاصل ہوا، ایک شخص آتا اور اس میں سے اتنی مقدار لے لیتا جو اس کے لیے کافی ہوتی پھر واپس ہو جاتا۔ ۳ہ

(ابوداؤد)

لہ محمد بن ابی المجالد میم پر پیش، اس کے بعد جیم، کوفہ کے تابعین میں سے ہیں اور زبیرے طبقے سے تعلق رکھتے ہیں، ان کی حدیث اہل کوفہ میں پائی جاتی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۲؎ یعنی کیا آپ اس میں سے پانچواں حصہ لیتے تھے؟ یا طعام کی جنس سے جو چیزیں ہوتی تھیں وہ تقسیم سے خارج ہوتی تھیں؟ اور جو چاہتا اس میں تصرف کرتا تھا۔

۳؎ مطلب یہ ہے کہ طعام میں سے پانچواں حصہ نہیں لینا چاہیے، لیکن حاضرین کو چاہیے کہ قدر کفایت سے زیادہ نہ لیں۔

٣٨٤٣ / ٣٧ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ جَيْشًا غَنِمُوْا فِيْ زَمَنِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا وَّعَسَلًا فَلَمْ يُؤْخَذْ مِنْهُمُ الْخُمُسُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں ایک لشکر طعام اور شہد غنیمت کے طور پر لایا تو ان سے پانچواں حصہ نہیں لیا گیا۔۱؎ (ابوداؤد)

۱؎ لشکر والوں نے حاجت کی مقدار سے زائد نہیں لیا تھا چونکہ یہ امر ظاہر تھا اس لیے اس کا ذکر نہیں کیا۔

٣٨٤٤ / ٣٨ وَعَنِ الْقَاسِمِ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ بَعْضِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كُنَّا نَاْكُلُ الْجَزُوْرَ فِي الْغَزْوِ وَلَا نَقْسِمُهٗ حَتّٰى اِذَا كُنَّا لَنَرْجِعُ اِلٰى رِحَالِنَا وَاَخْرِجَتُنَا مِنْهُ مَمْلُوَّةٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عبدالرحمٰن کے مولا قاسم۱؎ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعض صحابہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہم جنگ کے دوران اونٹ۲؎ کھایا کرتے تھے اور اسے تقسیم نہیں کرتے تھے، یہاں تک کہ ہم اپنے سازوسامان کی طرف لوٹتے تو ہماری خورجیاں۳؎ اس سے بھری ہوئی ہوتی تھیں۔ (ابوداؤد)

۱؎ قاسم شامی تابعی ہیں، ان کی کنیت ابو عبدالرحمٰن ہے۔ وہ فرماتے تھے کہ میں نے چالیس مہاجر صحابہ کی زیارت کی ہے، کاشف میں ہے قاسم بن عبدالرحمٰن دمشقی بنو امیہ کے مولی تھے، بعض محدثین نے انہیں ثقہ قرار دیا اور بعض نے ضعیف کہا۔ سنہ ۱۲۰ھ میں وفات پائی۔

حضرت علی اور حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مرسلاً روایت کرتے ہیں ان کے علاوہ حضرت معاویہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور حضرت عمرو بن عبسہ سے روایت کرتے ہیں، بعض محدثین نے فرمایا کہ انہوں نے حضرت ابوامامہ کے علاوہ کسی صحابی سے حدیث نہیں سنی (ان کے مولیٰ کا نام عبدالرحمٰن بن خالد ہے۔ ۱۲ مرآۃ)

ے۲ جزر در جیم پر زبر، اس کے بعد زاء، ذبح کیا جانے والا اونٹ۔ مطلب یہ کہ ہم گوشت کی حاجت اور رغبت کے وقت اونٹ ذبح کرتے تھے اور اس کا گوشت کھاتے تھے۔

ے۳ اخرجہ ہمزے پر زبر، نقطے والی خاء ساکن، راء کے نیچے زیر اور جیم پر زبر، جمع ہے خُرج کی خاء پر پیش اور راء ساکن، بوجھ لادنے کا تھیلا، یہ عربی لفظ ہے، فارسی میں خرجین کہتے ہیں۔

۳۸۴۵/۳۹ وَعَنْ عُبَادَةَ ابْنِ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ اَدُّوا الْخِيَاطَ وَ الْمِخْيَطَ وَ اِيَّاكُمْ وَ الْغُلُوْلَ فَاِنَّهٗ عَارٌ عَلٰى اَهْلِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ. رَوَاهُ الدَّارِمِيُّ وَ رَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ.

حضرت عبادہ بن صامت[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ چھوٹی اور بڑی سوئی[2] ادا کرو اور غنیمت میں خیانت سے باز آؤ کیونکہ وہ قیامت کے دن اہل خیانت کے لیے عار ہوگی۔ (دارمی)

امام دارمی نے یہ حدیث حضرت عمرو بن شعیب سے، انہوں نے اپنے والد سے اور انہوں نے اپنے دادا سے روایت کی۔

ے۱ حضرت عبادہ بن صامت عین پر پیش اور باء مخفف، مشہور صحابی ہیں۔

ے۲ خیاط خاء کے نیچے زیر، مخیط میم کے نیچے زیر اور خاء ساکن، دونوں کا معنیٰ سوئی ہے۔ جیسے کہ مراح میں بیان کیا، قرآن مجید میں ہے فِیْ سَمِّ الْخِیَاطِ۔ قاموس میں ہے خیاط بروزن کتاب اور مخیط بروزن منبر وہ چیز جس کے ساتھ کپڑا سیا جاتا ہے، بڑی سوئی کو بھی کہتے ہیں، اگر ان دونوں میں سے ایک کا معنیٰ بڑی سوئی مراد لیا جائے تو تکرار نہیں رہے گی، خیاط کو خیط کی جمع قرار دینا جس کا معنیٰ دھاگہ ہے جیسے کہ حواشی میں لکھا ہے غلط ہے کیونکہ خیط کی جمع خُیُوطٌ اور اَخْیَاطٌ آتی ہے جیسے کہ صحاح اور قاموس میں کہا ہے۔

۳۸۴۶/۴۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ دَنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اونٹ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ بَعِيْرٍ فَاَخَذَ وَبَرَةً مِّنْ سَنَامِهٖ ثُمَّ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّهٗ لَيْسَ لِيْ مِنْ هٰذَا الْفَيْءِ شَيْءٌ وَّلَا هٰذَا وَرَفَعَ اِصْبَعَهٗ اِلَّا الْخُمُسَ وَالْخُمُسُ مَرْدُوْدٌ عَلَيْكُمْ فَاَدُّوا الْخِيَاطَ وَالْمِخْيَطَ فَقَالَ رَجُلٌ فِيْ يَدِهٖ كُبَّةٌ فِيْ شَعْرٍ فَقَالَ اَخَذْتُ هٰذِهٖ لِاُصْلِحَ بِهَا بَرْذَعَةً فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا مَا كَانَ لِيْ وَلِبَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَهُوَ لَكَ فَقَالَ اَمَّا اِذَا بَلَغَتْ مَا اَرٰى فَلَا اَرَبَ لِيْ فِيْهَا وَنَبَذَهَا۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

کے قریب ہو کر اس کی کوہان کا ایک بال[1] پکڑا، پھر فرمایا: اے لوگو! میرے لیے فئی کے اس مال سے کوئی چیز نہیں ہے اور یہ بھی نہیں ہے، اور اپنی انگلی اٹھائی ہاں خمس ہے اور خمس بھی تم پر رد کیا جاتا ہے، تو تم چھوٹی اور بڑی سوئی ادا کرو، ایک شخص کھڑا ہوا، اس کے ہاتھ میں بالوں کی رسی کا ایک گچھا تھا اس نے کہا میں نے یہ کمبل درست کرنے کیلیے لیا ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو کچھ میرے لیے اور بنی عبدالمطلب کے لیے ہے وہ تیرے لیے ہے۔ اس نے کہا جب یہ گچھا اس حد کو پہنچ چکا ہے جو میں دیکھ رہا ہوں تو مجھے اس کی حاجت نہیں ہے اور اسے پھینک دیا۔
(ابوداؤد)

[1] وَبَر پہلے دونوں حرفوں پر زبر، اون، وَبَرۃ ایک بال سَنام اونٹ کی کوہان۔

[2] اون کا یہ گچھا جو معمولی اور حقیر چیز ہے۔

۳۸۴۷ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ عَبَسَةَ قَالَ صَلّٰى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى بَعِيْرٍ مِّنَ الْمَغْنَمِ فَلَمَّا سَلَّمَ اَخَذَ وَبَرَةً مِّنْ جَنْبِ الْبَعِيْرِ ثُمَّ

حضرت عمرو بن عبسہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غنیمت کے ایک اونٹ کی طرف رخ کر کے[2] ہمیں نماز پڑھائی جب سلام پھیرا تو اونٹ کے پہلو کا ایک بال پکڑا پھر فرمایا: میرے لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ وَ لَا يَحِلُّ لِي مِنْ غَنَائِمِكُمْ مِثْلُ هٰذَا إِلَّا الْخُمُسُ وَ الْخُمُسُ مَرْدُوْدٌ فِيْكُمْ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

تمہاری غنیمتوں میں سے اتنا بھی حلال نہیں ہے، سوائے خمس کے اور خمس میں بھی تم میں لوٹا دیا جاتا ہے۔[3]

(ابوداؤد)

[1] حضرت عمرو بن عبسہ عین، باء اور سین تینوں پر زبر، مشہور اور جلیل القدر صحابی ہیں۔ کئی جگہ ان کے احوال لکھے جا چکے ہیں۔

[2] یعنی اسے سترہ بنا کر

[3] تم پر صرف کر دیا جاتا ہے۔

۳۸۴۸/۴۲ وَعَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ لَمَّا قَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَهْمَ ذَوِي الْقُرْبٰى بَيْنَ بَنِيْ هَاشِمٍ وَّ بَنِي الْمُطَّلِبِ أَتَيْتُهُ أَنَا وَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ فَقُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰؤُلَاءِ إِخْوَانُنَا مِنْ بَنِيْ هَاشِمٍ لَا نُنْكِرُ فَضْلَهُمْ لِمَكَانِكَ الَّذِيْ وَضَعَكَ اللّٰهُ مِنْهُمْ أَرَأَيْتَ إِخْوَانَنَا مِنْ بَنِي الْمُطَّلِبِ أَعْطَيْتَهُمْ وَتَرَكْتَنَا وَ إِنَّمَا قَرَابَتُنَا وَ قَرَابَتُهُمْ وَاحِدَةٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے قریبی رشتہ داروں کا حصہ[1] بنی ہاشم اور بنی المطلب[2] میں تقسیم فرمایا تو میں اور حضرت عثمان بن عفان آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا یا رسول اللہ یہ بنی ہاشم ہیں سے ہمارے بھائی ہیں۔ ہم ان کی فضیلت کا انکار نہیں کرتے، آپ کے وجود شریف کی بنا پر کہ آپ کو اللہ تعالیٰ نے ان میں سے پیدا فرمایا ہے۔ آپ ہمیں بیان فرمائیں کہ اس کا سبب کیا ہے؟ کہ آپ نے ہمارے بھائیوں بنی المطلب کو مال عطا فرمایا ہے اور ہمیں چھوڑ دیا ہے[3] حالانکہ ہماری اور ان کی قرابت ایک[4] ہے، رسول اللہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اِنَّمَا بَنُوْ هَاشِمٍ وَّ بَنُوْ الْمُطَّلِبِ شَيْءٌ وَّاحِدٌ هٰكَذَا وَ شَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ۔	صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صرف بنی ہاشم اور بنی المطلب ایک چیز ہیں، اس طرح اور ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈال لیں ۶
(رَوَاهُ الشَّافِعِيُّ)	(امام شافعی)
وَ فِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاؤُدَ وَ النَّسَائِيِّ نَحْوُهٗ وَ فِيْهِ اَنَا وَ بَنِيْ الْمُطَّلِبِ لَا نَفْتَرِقُ فِيْ جَاهِلِيَّةٍ وَّلَا اِسْلَامٍ وَ اِنَّمَا نَحْنُ وَ هُمْ شَيْءٌ وَّاحِدٌ وَّشَبَّكَ بَيْنَ اَصَابِعِهٖ۔	ابوداؤد اور نسائی کی روایت میں اس کی مثل ہے اور اس میں ہے میں اور بنی المطلب جاہلیت میں جدا ہوئے اور نہ ہی اسلام میں، صرف ہم اور وہ ایک چیز ہیں، اور انگلیاں باہم پیوست کرلیں ۸

۱؎ حضرت جبیر بن مطعم نوفل بن عبد مناف کی اولاد میں سے مشہور صحابی ہیں۔

۲؎ قرآن پاک میں خمس میں سے ان کا حصہ آیا ہے۔

۳؎ ہاشم اور مطلب دونوں بھائی تھے۔

۴؎ یعنی ایک سے ذوی القربیٰ کا جو حصہ ہے اس میں سے ہمیں عطا نہیں فرمایا۔

۵؎ یعنی ایک درجے کی رشتہ داری ہے۔

۶؎ ہم اس طرح ایک ہیں، اس کی صورت بیان کرنے کے لیے انگلیاں باہم پیوست کرلیں۔ مطلب یہ کہ ہم ایک دوسرے سے مخلوط اور متعلق ہیں۔

۷؎ ہم ہمیشہ متفق اور متحد رہے ہیں، برخلاف عبد مناف کی باقی اولاد کے ——— بعض شارحین نے کہا کہ اِنَّا ہمزے کی زیر اور نون کی تشدید کے ساتھ ہے بجائے اَنَا کے، ہمزے پر زبر اور نون مخفف۔

۸؎ حضرت جبیر بن مطعم کی حدیث فصل اول میں گزر چکی ہے۔ اس جگہ ہم تفصیل بیان کرچکے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۳۸۴۹ / ۴۳ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ اِنِّیْ لَوَاقِفٌ فِی الصَّفِّ یَوْمَ بَدْرٍ فَنَظَرْتُ عَنْ یَّمِیْنِیْ وَ عَنْ شِمَالِیْ فَاِذَا اَنَا بِغُلَامَیْنِ مِنَ الْاَنْصَارِ حَدِیْثَةٍ اَسْنَانُهُمَا تَمَنَّیْتُ اَنْ اَکُوْنَ بَیْنَ اَضْلَعَ مِنْهُمَا فَغَمَزَنِیْ اَحَدُهُمَا فَقَالَ اَیْ عَمِّ هَلْ تَعْرِفُ اَبَا جَهْلٍ قُلْتُ نَعَمْ فَمَا حَاجَتُكَ اِلَیْهِ یَا ابْنَ اَخِیْ قَالَ اُخْبِرْتُ اَنَّهٗ یَسُبُّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَ الَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِهٖ لَئِنْ رَاَیْتُهٗ لَا یُفَارِقُ سَوَادِیْ سَوَادَهٗ حَتّٰی یَمُوْتَ الْاَعْجَلُ مِنَّا قَالَ فَتَعَجَّبْتُ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ وَ غَمَزَنِی الْاٰخَرُ فَقَالَ لِیْ مِثْلَهَا فَلَمْ اَنْشَبْ اَنْ نَظَرْتُ اِلٰی اَبِیْ جَهْلٍ یَجُوْلُ فِی النَّاسِ فَقُلْتُ اَلَا تَرَیَانِ

تیسری فصل

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں بدر کے دن جنگ کی صف میں کھڑا تھا، میں نے اپنے دائیں بائیں دیکھا تو اچانک میں نے اپنے آپ کو انصار کے دو نوعمر لڑکوں کے درمیان پایا۔ میں نے آرزو کی کہ کاش میں ان سے زیادہ طاقتور لوگوں کے درمیان ہوتا، اتنے میں ان میں سے ایک نے میرا ہاتھ دبایا اور کہا چچا! کیا آپ ابوجہل کو پہچانتے ہیں؟ میں نے کہا ہاں، بھتیجے تمہیں اس سے کیا کام ہے؟ اس نے کہا مجھے بتایا گیا ہے کہ وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گالیاں دیتا ہے۔ قسم ہے اس ذات اقدس کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے۔ اگر میں اسے دیکھ لوں تو میری ذات اس کی ذات سے جدا نہیں ہوگی۔ یہاں تک کہ ہم میں سے جلدی والا مر جائے۔ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف فرماتے ہیں کہ مجھے اس سے تعجب ہوا۔ فرماتے ہیں کہ دوسرے نے میرا ہاتھ دبایا اور اس نے بھی وہی بات کہی۔ میں زیادہ دیر نہیں ٹھہرا تھا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

هٰذَا صَاحِبُكُمَا الَّذِیْ تَسْأَلَانِیْ عَنْهُ قَالَ فَابْتَدَرَاهُ بِسَيْفَيْهِمَا فَضَرَبَاهُ حَتّٰى قَتَلَاهُ ثُمَّ انْصَرَفَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَاهُ فَقَالَ اَيُّكُمَا قَتَلَهٗ فَقَالَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا اَنَا قَتَلْتُهٗ فَقَالَ هَلْ مَسَحْتُمَا سَيْفَيْكُمَا فَقَالَا لَا فَنَظَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى السَّيْفَيْنِ فَقَالَ كِلَاكُمَا قَتَلَهٗ وَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَلَبِهٖ لِمُعَاذِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ وَالرَّجُلَانِ مُعَاذُ بْنُ عَمْرِو بْنِ الْجَمُوْحِ وَمُعَاذُ بْنُ عَفْرَآءَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کہ میں نے ابوجہل کو لوگوں میں گردش کرتے ہوئے دیکھا، میں نے کہا کیا تم نہیں دیکھتے یہ تمہارا مطلوب شخص ہے جس کے بارے میں تم مجھ سے پوچھ رہے تھے[۲]، فرماتے ہیں کہ ان دونوں بچوں نے دوڑ کر اپنی تلواروں سے اسے جا لیا اور اس پر تلواروں سے حملہ کر دیا، یہاں تک کہ اسے قتل کر دیا۔ پھر پلٹ کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتے اور اطلاع پیش کی، آپ نے فرمایا: تم دونوں میں سے کس نے اسے قتل کیا؟ ان میں سے ہر ایک نے عرض کیا کہ میں نے اسے قتل کیا ہے، فرمایا، کیا تم نے اپنی تلواریں صاف کی ہیں؟ انہوں نے عرض کیا نہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دونوں تلواروں کو ملاحظہ فرمایا، اور فرمایا، تم دونوں نے اسے قتل کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوجہل کے سامان کا معاذ بن عمرو بن الجموح کے لیے فیصلہ فرمایا، یہ دو مرد معاذ بن عمرو بن الجموح اور معاذ بن عفراء تھے۔ (صحیحین)

۱؎ اضلع نقطے والے ضاد کے ساتھ، ضلاعت، بازو کی قوت اور شدت اور پسلیوں کا مضبوط ہونا۔ یعنی یہ نوجوان لڑکے ناتجربہ کار ہیں کہیں ایسا نہ ہو کہ بھاگ جائیں اور کوئی کام نہ کریں ساتھ ہی مجھے بھی بدنام اور عیب والا بنا دیں، اگر میرے پاس طاقتور اور تجربہ کار لوگ ہوتے تو مجھے بھی ان سے تقویت ملتی۔

۲؎ کہ کون ہے؟ اور کہاں ہے؟ عربوں کا طریقہ ہے کہ اپنے سے بڑے کو چچا کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳؎ میں ابوجہل کو پہچانتا ہوں۔

۴؎ یعنی جس کی موت کا وقت پہلے ہو۔ سبحان اللہ! اللہ تعالیٰ کے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کیا محبت ہے یہ سنا تھا کہ وہ مردود اسردر عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں نازیبا باتیں کہتا ہے تو مرنے مارنے پر آمادہ ہو گئے رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ ۱۲ قادری؛

۵؎ کمالِ ہمت و شجاعت اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کمالِ محبت دیکھ کر اس نوجوان اور اس کی بات پر تعجب ہوا۔

۶؎ جو پہلے نوجوان نے کہی تھی۔

۷؎ اور گھومتے ہوئے۔

۸؎ کہ وہ کون ہے؟ اور کہاں ہے؟ مطلب یہ کہ دیکھ لو، یہی ابوجہل ہے۔

۹؎ اور ان سے خون جدا کر دیا ہے؟

۱۰؎ سامان، ہتھیار اور گھوڑے۔

۱۱؎ معاذ بن عمرو بن الجموح جیم پر زبر، یہ ان دو مردوں میں سے ایک ہیں جن کا حدیث کی ابتدا میں انصار کے دو لڑکوں کے عنوان سے ذکر کیا گیا ہے۔ دوسرے کا نام معاذ بن عفراء ہے۔ بروزن حمراء، جیسے کہ اس کے بعد فرمایا۔

۱۲؎ صحیح بخاری میں معوذ بن عفراء ہے واؤ مشدد کے نیچے زیر، نیز آئندہ حدیث میں ہے کہ ابوجہل کو قتل کرنے والے عفراء کے دو بیٹے تھے، اس روایت کے الفاظ سے معلوم ہوتا ہے کہ عفراء کا بیٹا ایک ہے اس کی توجیہ یہ بیان کرتے ہیں کہ دونوں کی ماں ایک اور باپ الگ الگ ہیں۔ ایک کا باپ عمرو بن الجموح ہے اور دوسرے کا باپ کوئی اور ہے، لہٰذا دونوں میں سے ایک کے نام کے ساتھ باپ کا ذکر کیا گیا اور دوسرے کے ساتھ ماں کا: علامہ قسطلانی نے فرمایا کہ صحیح مسلم میں ہے کہ ابوجہل کو قتل کرنے والے دو حضرات، معاذ بن عمرو بن الجموح اور معاذ بن عفراء ہیں ان کے والد کا نام حارث ہے، اور والدہ کا نام عفراء ہے۔

اس جگہ دو سوال ہیں۔ پہلا یہ کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ تم دونوں نے قتل کیا ہے، پھر ساز و سامان صرف ایک کو کیوں دیا گیا؟ شارحین نے جواب دیا کہ ممکن ہے قتل میں دونوں شریک ہوں، لیکن جس نے اسے نڈھال کیا اور اسے اپنا دفاع کرنے سے معذور کیا وہ ایک ہی تھا، بعد میں دوسرے نے بھی اگر زخم لگایا ہوگا اس کے ساز و سامان کا مستحق وہی ہوگا جس نے اسے بے بس کر دیا تھا اور دفاع کے قابل نہیں چھوڑا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمانا کہ تم دونوں نے قتل کیا ہے۔ دونوں کا دل خوش کرنے کے لیے تھا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دوسرا سوال یہ ہے کہ دوسری فصل میں حضرت ابن مسعود کی حدیث میں گزرا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے ابوجہل کی تلوار بطور انعام عطا فرمائی تھی بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کو قتل کیا تھا اس کی توجیہ کیا ہے؟ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ جب ابن مسعود پہنچے تو وہ آخری سانس لے رہا تھا انہوں نے اس کا سر کاٹا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ابوجہل کے سامان میں سے انہیں تلوار عطا فرمائی، امام مالک کے بعض شاگردوں سے منقول ہے کہ امام کو اختیار ہے کہ کافر مقتول کے سامان میں جس طرح چاہے تصرف کرے اور جسے چاہے دے اس قول سے دونوں اعتراضوں کا جواب آجاتا ہے۔

۳۸۵۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ بَدْرٍ مَنْ يَنْظُرُ لَنَا مَا صَنَعَ اَبُوْجَهْلٍ فَانْطَلَقَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَوَجَدَهٗ قَدْ ضَرَبَهُ ابْنَا عَفْرَاءَ حَتّٰى بَرَدَ قَالَ فَاَخَذَ بِلِحْيَتِهٖ فَقَالَ اَنْتَ اَبُوْ جَهْلٍ فَقَالَ وَهَلْ فَوْقَ رَجُلٍ قَتَلْتُمُوْهُ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ فَلَوْ غَيْرُ اَكَّارٍ قَتَلَنِيْ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بدر کے دن فرمایا کہ کون ہے؟ جو ہمارے لیے دیکھے کہ ابوجہل نے کیا کیا[1] حضرت ابن مسعود گئے تو انہوں نے ابوجہل کو اس حال میں پایا کہ عفراء کے دو بیٹوں نے اس پر حملہ کیا ہے اور وہ بے بس ہو چکا ہے[2] حضرت انس فرماتے ہیں کہ ابن مسعود نے اس کی داڑھی پکڑ لی[3] اور کہا کیا تو ہی ابوجہل ہے[4]؟ اس نے کہا کیا تو اس شخص پر سوار ہے؟ جسے تم نے قتل کیا ہے[5]۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اس نے کہا کہ مجھے کسان کے علاوہ کوئی دوسرا قتل کرتا تو بہتر ہوتا[6] (صحیحین)

[1] اور اس کا کیا حال ہوا۔

[2] اور موت کے کنارے پہنچ چکا ہے۔

[3] ایک روایت میں ہے کہ اس کے سینے پر بیٹھ گئے۔

[4] جو اس ذلت کے ساتھ پڑا ہوا ہے اور تو نے ہی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دشمنی مول لی ہے۔

[5] یعنی اس سے زیادہ نہیں ہے کہ تم نے ایک شخص کو قتل کیا ہے اور تم آکر اس کے سینے پر چڑھ گئے ہو۔ ایک روایت میں ہے قَتَلَهٗ قَوْمُهٗ جسے اس کی قوم نے قتل کیا ہے۔

[6] یعنی میرے لیے قتل کیے جانے میں کوئی عار نہیں ہے۔ سوائے اس کے مجھے ایک کسان نے قتل کیا ہے۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

اکار: کاف مشدد، کسان، کاشتکار، یہ اشارہ تھا قوم انصار کی طرف جو کھیتی باڑی اور کھجور کے باغوں کی رکھوالی کرتے تھے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس نے آرزو کا اظہار کیا ہو کہ کاش مجھے کسان کے علاوہ کوئی دوسرا قتل کرتا۔
صحیح بخاری میں حضرت ابراہیم بن سعد کی روایت میں ہے کہ عفراء کے دو بیٹوں نے اس پر تلوار سے حملہ کیا یہاں تک کہ وہ ٹھنڈا ہو گیا، ابراہیم بن سعد کے علاوہ دیگر حضرات نے بیان کیا کہ حضرت ابن مسعود نے آکر ابو جہل کا سر کاٹا، شیخ ابن حجر نے کہا، یہ اس پر محمول ہے کہ تینوں اس کے قتل میں شریک تھے۔ ابتداءً اسے بے بس کرنے والے حضرت معاذ بن عمرو بن الجموح تھے۔

۳۸۵۱
۴۵
وَعَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ قَالَ اَعْطٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَهْطًا وَّاَنَا جَالِسٌ فَتَرَكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُمْ رَجُلًا هُوَ اَعْجَبُهُمْ اِلَیَّ فَقُمْتُ فَقُلْتُ مَالَكَ عَنْ فُلَانٍ وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاَرَاهُ مُؤْمِنًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ مُسْلِمًا ذَكَرَ ذٰلِكَ سَعْدٌ ثَلٰثًا وَّاَجَابَهٗ بِمِثْلِ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ اِنِّیْ لَاُعْطِی الرَّجُلَ وَغَيْرُهٗ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْهُ خَشْيَةَ اَنْ يُّكَبَّ فِی النَّارِ عَلٰی وَجْهِهٖ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)
وَفِیْ رِوَايَةٍ لَّهُمَا قَالَ الزُّهْرِیُّ فَنَرٰی اَنَّ الْاِسْلَامَ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک جماعت کو مال عطا کیا، میں بھی بیٹھا ہوا تھا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان میں سے ایک شخص کو چھوڑ دیا، حالانکہ وہ میرے نزدیک اس جماعت کا پسندیدہ ترین شخص تھا، میں نے اٹھ کر عرض کیا کہ فلاں شخص سے آپ کے اعراض کا کیا سبب ہے؟ خدا کی قسم! میں اسے مومن صادق گمان کرتا ہوں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلکہ یوں کہو کہ میں اسے مسلمان جانتا ہوں، حضرت سعد نے یہ بات تین مرتبہ عرض کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں وہی پہلا جواب دیا، پھر فرمایا: میں ایک شخص کو مال دیتا ہوں حالانکہ دوسرا آدمی مجھے اس سے زیادہ محبوب ہوتا ہے، اس خوف کی بنا پر کہ وہ شخص منہ کے بل آگ میں پھینکا جائے۔

(صحیحین)

امام بخاری و مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ امام زہری نے فرمایا: ہمارا عقیدہ ہے کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْكَلِمَةُ وَ الْاِيْمَانَ الْعَمَلُ الصَّالِحُ ۔ | اسلام کلمۂ طیبہ ہے اور ایمان نیک عمل ہے ۔

ۓ یعنی اس میں کیا حکمت ہے؟ کہ آپ نے اس شخص کو چھوڑ دیا اور اسے کوئی چیز نہیں دی۔

ۓ اراہ ہمزے پر پیش، میں گمان کرتا ہوں۔

ۓ یعنی ایمان حقیقی جو تہ دل اور صدق باطن سے ہوتا ہے، اعلیٰ مرتبہ ہے اور اس کی اطلاع ممکن نہیں، ہاں اسلام جس کا معنیٰ ظاہری اطاعت اور فرمانبرداری ہے یقینی ہے، اس لیے یوں کہو کہ میں جانتا ہوں کہ وہ مسلمان ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا مقصد حضرت سعد پر مواخذہ اور ان پر اعتراض ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس شخص کے مستحق مال ہونے پر حجت و دلیل پیش کی اور اسے چھوڑ دینے کو بعید قرار دیا اور اس کے ایمان حقیقی کا دعویٰ کیا (یہ مطلب نہیں تھا کہ وہ شخص مومن نہیں تھا بلکہ حضرت سعد کو تعلیم دی ہے کہ کسی کے ایمان کی قطعی گواہی نہ دو کہ ایمان دلی تصدیق کا نام ہے جسے اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے۔ ۱۲ مرآۃ سعید گا)

ۓ یعنی کسی کو مال دینے سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ زیادہ محبوب اور افضل ہے، یہ ضروری نہیں کہ عطا فضائل دینیہ کے مطابق ہو، بلکہ کبھی ایک شخص کو ایمان کی کمزوری اور تالیف قلب کے لیے مال دیا جاتا ہے تاکہ وہ ناراض نہ ہو اور کفر کے بھنور میں نہ گر پڑے، اس لیے تمہیں چاہیے کہ اس کے کامل الایمان ہونے کی سند پیش کر کے، اصرار کے ساتھ اسے مال دینے کا تقاضا نہ کرو، جب کہ ایمان کے بارے میں یقین کے ساتھ کچھ کہنا ممکن نہیں ہے۔

ۓ معنی یہ ہے کہ ظاہری طور پر یہ معلوم ہوتا ہے کہ گویا اسلام، عمل صالح اور احکام کی تعمیل کا نام ہے اور ایمان تصدیق ہے، لیکن چونکہ ظاہری اسلام کا حکم کرنے کے لیے کلمۂ طیبہ کا پڑھنا اور اقرار کافی ہے اور اعمالِ صالحہ ایمان پر مبنی ہیں اور قلبی تصدیق اور اس کے کمال کی شاخیں ہیں، اس لیے اسلام کے معنی میں کلمۂ طیبہ پر اکتفا کیا اور ایمان کی تفسیر عمل صالح سے کی۔ تاہم (خوب اچھی طرح غور و فکر کیجیے۔

۳۸۵۲/۲۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ يَعْنِيْ يَوْمَ بَدْرٍ فَقَالَ اِنَّ عُثْمَانَ انْطَلَقَ فِيْ حَاجَةِ اللّٰهِ وَ حَاجَةِ رَسُوْلِهٖ وَ اِنِّيْ اُبَايِعُ لَهٗ فَضَرَبَ لَهٗ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے، یعنی بدر کے دن اور فرمایا تحقیق عثمان غنی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے کام کے لیے گئے ہیں[۱]، اور میں ان کے لیے بیعت کرتا ہوں[۲] تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِسَھْمٍ وَّ لَمْ یَضْرِبْ لِاَحَدٍ غَابَ غَیْرُہٗ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

نے ان کے لیے حصہ مقرر فرمایا۔ اور ان کے علاوہ کسی غیر حاضر کے لیے حصہ مقرر نہیں فرمایا۔ (ابوداؤد)

لہ یہ اشارہ ہے اس بات کی طرف کہ وہ اپنی اہلیہ محترمہ اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی تیمارداری میں مصروف تھے، جب آپ بدر کی طرف روانہ ہوتے تو حضرت رقیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیمار تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت عثمان غنی کو حضرت رقیہ کی تیمارداری کے لیے مدینہ منورہ واپس بھیج دیا۔ اموالِ غنیمت کی تقسیم کے وقت یہ ارشاد فرمایا کہ عثمان غنی اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کام کے لیے گئے ہیں (جب قاصد فتح کی خوشخبری لے کر آیا تو اس وقت حضرت رقیہ کو دفن کیا جا چکا تھا۔ (۱۲ قادری)

لہ پس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دایاں ہاتھ اپنے بائیں ہاتھ پر مارا اور فرمایا۔ یہ عثمان غنی کا ہاتھ ہے

لہ مالِ غنیمت میں سے۔

۳۸۵۲ ۔ وَعَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَجْعَلُ فِیْ قَسْمِ الْمَغَانِمِ عَشْرًا مِّنَ الشَّاءِ بِبَعِیْرٍ۔ (رَوَاہُ النَّسَائِیُّ)

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اموالِ غنیمت کی تقسیم میں دس بکریوں کو ایک اونٹ کے برابر قرار دیتے تھے۔ (نسائی)

لہ حضرت رافع بن خدیج خادمِ رسول، انصاری صحابی ہیں، خزرجی لہ اور اوسی ہیں۔ بدر میں کم سنی کی بنا پر حاضر ہوئے۔ احد، خندق اور دیگر غزوات میں حاضر ہوتے۔ ۷۳ھ یا ۷۴ھ میں مدینہ منورہ اسی سال کی عمر میں وصال ہوا۔

لہ اشعۃ اللمعات کے نسخوں میں اسی طرح ہے۔ میرے نزدیک کاتب کی غلطی سے ایسا ہوا ہے۔ حارثی اوسی کہنا چاہیے یعنی اوس کے قبیلے۔ ۔ حارث کے خاندان سے تھے۔ ۱۲۰ امیر علی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ قسم قاف پر زبر، تقسیم کرنا، قسم قاف کے نیچے زیر، حصہ

۳۸۵۴ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ غَزٰی نَبِیٌّ مِّنَ الْاَنْبِیَآءِ فَقَالَ لِقَوْمِہٖ لَا یَتَّبِعْنِیْ رَجُلٌ مَلَکَ بُضْعَ امْرَاَۃٍ وَّھُوَ یُرِیْدُ اَنْ یَّبْنِیَ بِھَا وَلَمَّا یَبْنِ بِھَا وَلَا اَحَدٌ بَنٰی بُیُوْتًا وَلَمْ یَرْفَعْ سُقُوْفَھَا وَلَا رَجُلٌ اشْتَرٰی غَنَمًا اَوْ خَلِفَاتٍ وَّھُوَ یَنْتَظِرُ وِلَادَھَا فَغَزَا فَدَنَا مِنَ الْقَرْیَۃِ صَلٰوۃَ الْعَصْرِ اَوْ قَرِیْبًا مِّنْ ذٰلِکَ فَقَالَ لِلشَّمْسِ اِنَّکِ مَاْمُوْرَۃٌ وَّاَنَا مَاْمُوْرٌ اَللّٰھُمَّ احْبِسْھَا عَلَیْنَا فَحُبِسَتْ حَتّٰی فَتَحَ اللّٰہُ عَلَیْہِ فَجَمَعَ الْغَنَآئِمَ فَجَآءَتْ یَعْنِی النَّارَ لِتَاْکُلَھَا فَلَمْ تَطْعَمْھَا فَقَالَ اِنَّ فِیْکُمْ غُلُوْلًا فَلْیُبَایِعْنِیْ مِنْ کُلِّ قَبِیْلَۃٍ رَجُلٌ فَلَزِقَتْ یَدُ رَجُلٍ بِیَدِہٖ فَقَالَ فِیْکُمُ الْغُلُوْلُ فَجَآءُوْا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے ایک نبی نے جہاد کیا[1] اور اپنی امت کو فرمایا: وہ شخص ہمارے پیچھے نہ نکلے جو کسی عورت کے فرج کا مالک ہو[2] اور وہ اس کے ساتھ دخول کرنا چاہتا ہو اور ابھی تک دخول نہ کیا ہو۔ وہ شخص بھی نہ نکلے جس نے مکان بنائے ہوں اور ابھی ان کی چھتیں نہیں ڈالیں، اور وہ شخص بھی نہ نکلے جس نے حاملہ بکریاں یا اونٹنیاں[3] خریدی ہوں اور وہ ان کے بچہ جننے کا منتظر ہو[4]۔ اللہ تعالیٰ کے اس نبی نے جہاد کیا اور نماز عصر کے وقت یا اس کے قریب اس گاؤں[5] کے قریب پہنچ گئے، سورج کو فرمایا: تو مامور ہے اور میں بھی مامور ہوں[6]، اے اللہ! اسے ہم پر روک دے[7]۔ چنانچہ سورج روک دیا گیا۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر وہ گاؤں فتح فرما دیا[8]، انہوں نے غنیمتیں جمع کیں، آگ انہیں کھانے کے لیے آئی[9]، لیکن انہیں نہیں کھایا[10]، فرمایا: تم میں خیانت ہے، چاہیے کہ ہر قبیلے کا ایک فرد میری بیعت کرے؛ چنانچہ ایک شخص کا ہاتھ ان کے ہاتھ سے چمٹ گیا۔ فرمایا تم میں خیانت ہے تو وہ لوگ گائے کے سر کی شکل سونے کا سر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بِرَأْسِ مِثْلَ رَأْسِ بَقَرَةٍ مِنَ الذَّهَبِ فَوَضَعَهَا فَجَاءَتِ النَّارُ فَاَكَلَتْهَا زَادَ فِيْ رِوَايَةٍ فَلَمْ تَحِلَّ الْغَنَائِمُ لِاَحَدٍ قَبْلَنَا ثُمَّ اَحَلَّ اللّٰهُ ثُمَّ اَحَلَّ اللّٰهُ لَنَا الْغَنَائِمَ رَأٰى ضَعْفَنَا وَعَجْزَنَا فَاَحَلَّهَا لَنَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

لے کر آئے آپ نے اسے رکھ دیا تو آگ نے آکر اسے کھا لیا۔ ایک روایت میں یہ اضافہ ہے کہ ہم سے پہلے کسی کے لیے غنیمتیں حلال نہیں ہوئیں۔ پھر اللہ تعالیٰ نے ہمارے لیے غنیمتیں حلال فرما دیں، ہماری کمزوری اور عاجزی دیکھی تو ہمارے لیے غنیمتیں حلال فرما دیں۔

(بخاری و مسلم)

۱ یعنی جہاد کے لیے نکلنے کا ارادہ کیا ــــــ کہتے ہیں کہ اس پیغمبر سے مراد حضرت یوشع بن نون علیہ السلام ہیں۔

۲ یعنی اس نے کسی عورت سے نکاح کیا ہو۔ بضع باء پر پیش، فرج۔

۳ بنا گھر بنانا، عورت کا طلب کرنا اور مباشرت کرنا۔ اس جگہ یہی معنی مراد ہے، اصل معنی گھر بنانا ہی ہے، کیونکہ نکاح کرنے اور مباشرت کے لیے گھر بنانا لازم ہے، عرب کی عادت ہے کہ جب کوئی شخص عورت کے ساتھ دخول کرنا چاہتا ہے تو اس پر قبہ (حجلۂ عروسی) بنا دیتا ہے۔

۴ خلفات نقطے والی خاء پر زبر، لام کے نیچے زیر، جمع ہے خَلِفَةٌ کی، حاملہ اونٹنیاں۔

۵ اللہ تعالیٰ کے اس نبی علیہ السلام کے ان لوگوں کو جہاد سے منع کرنے کی وجہ یہ ہے کہ ان چیزوں سے تعلق، مضبوط ارادے کو کمزور کر دیتا ہے اور توجہ دو طرف تقسیم کر دیتا ہے نتیجہ یہ ہو گا کہ مصلحت فوت ہو جائے گی، اس میں اشارہ ہے کہ اہم امور میں مصروفیت کے لیے ضروری ہے کہ انسان تعلقات اور دوسرے کاموں سے فارغ ہو تاکہ وہ اہم کام مکمل طور پر ادا کیے جا سکیں۔

۶ جس میں وہ جہاد کرنا چاہتے تھے (ظاہر یہ ہے کہ اس گاؤں سے مراد بیت المقدس ہے جیسے کہ تفاسیر میں مذکور ہے۔ ۱۲ حاشیہ۔

۷ گویا ابن نبی کو رات کے آجانے اور اس میں کار جہاد کے خلل پذیر ہونے کا خوف محسوس ہوا (بلکہ خوف یہ تھا کہ ہفتے کی رات شروع ہو جائے گی تو جہاد کی کاروائی جاری نہیں رکھی جا سکے گی، کیونکہ ان کی شریعت میں ہفتے کو جہاد ممنوع تھا۔ ۱۲ قادری)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۸ اور اسے غروب نہ ہونے دے۔

۹ مواہب لدنیہ میں ہے کہ حدیث صحیح میں آیا ہے کہ سورج صرف حضرت یوشع بن نون علیہ السلام کے لیے روکا گیا، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حضرت یوشع علیہ السلام کی خصوصیت ہے۔ حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے بھی سورج روکا گیا اور لوٹایا گیا۔ ان میں یوں تطبیق ممکن ہے کہ میرے سوا صرف یوشع علیہ السلام کے لیے سورج روکا گیا۔ (مواہب)

یہ بھی ہو سکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سورج کے لوٹائے جانے سے پہلے کا یہ ارشاد ہو۔

احادیث میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے چند بار سورج روکا گیا اور واپس کیا گیا، ایک بار اس وقت جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امیر المومنین علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے زانو پر سر اقدس رکھا ہوا تھا۔ اسی حال میں وحی نازل ہوئی، حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ کا سر انور نہ اٹھا سکے اور نماز عصر ادا نہ کر سکے۔ یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دعا کی۔ خداوندا! علی تیری اور تیرے رسول کی اطاعت میں تھے ان پر سورج واپس فرما دے، چنانچہ سورج لوٹا دیا گیا اور حضرت علی نے نماز عصر ادا کی۔ مواہب لدنیہ میں اس جگہ طویل گفتگو ہے اس کا کچھ حصہ شرح (لمعات) میں بیان کیا گیا ہے۔

۱۰ آسمان سے اموال غنیمت کو جلانے کے لیے آئی۔

۱۱ گزشتہ امتوں میں اللہ تعالیٰ کا حکم یہ تھا کہ مال غنیمت جنگل میں رکھ دیتے، آسمان سے آگ آتی اور اسے جلا دیتی۔ یہ اس کے مقبول ہونے کی نشانی تھی۔

۱۲ یہ وہ مال تھا جس میں انہوں نے خیانت کی تھی۔

۱۳ وہ مال غنیمت خیانت سے رجوع اور توبہ کی بدولت قبول ہو گیا۔

۱۴ ہم پر رحم کیا اور ہمارا کام آسان فرما دیا۔

۳۸۵۵/۲۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَرُ قَالَ لَمَّا كَانَ يَوْمُ خَيْبَرَ أَقْبَلَ نَفَرٌ مِّنْ صَحَابَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا فُلَانٌ شَهِيْدٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مجھے حضرت عمر نے بیان کیا کہ خیبر کے دن نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کچھ صحابہ کرام آئے اور کہنے لگے کہ فلاں شہید ہے اور فلاں شہید ہے یہاں تک کہ ایک شخص کے پاس سے گزرے تو انہوں نے کہا فلاں شہید ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ كَلَّا إِنِّي رَأَيْتُهُ فِي النَّارِ فِي بُرْدَةٍ غَلَّهَا أَوْ عَبَاءَةٍ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا ابْنَ الْخَطَّابِ اِذْهَبْ فَنَادِ فِي النَّاسِ اِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا الْمُؤْمِنُونَ ثَلٰثًا قَالَ فَخَرَجْتُ فَنَادَيْتُ اَلَا اِنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا الْمُؤْمِنُونَ ثَلٰثًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہرگز نہیں میں نے اسے آگ میں دیکھا ہے، ایک چادر کی وجہ سے، جسے اس نے خیانت کے طور پر لیا تھا[۳] یا ایک کمبل کے سبب، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ابن خطاب! جاؤ اور لوگوں میں تین بار اعلان کرو کہ جنت میں صرف اہل ایمان[۴] داخل ہوں گے، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نکلا اور میں نے تین بار[۵] اعلان کیا کہ سن لو! جنت میں صرف ایمان والے داخل ہوں گے۔

(مسلم)

۱؎ اسی طرح شہید ہونے والے صحابۂ کرام کے نام لیتے تھے۔

۲؎ جو قتل ہوا پڑا تھا، یا یہ مطلب ہے کہ جب اس کے ذکر تک پہنچے اور اس کا نام لیا۔

۳؎ راوی کو شک ہے ـــــ عَبَاءَۃٌ عین پر زبر اور الف ممدودہ۔

۴؎ جو نیکوکار اور دیانت دار ہوں گے ـــــ یہ موقع محل کے مطابق زجر اور تشدید ہے یا سابقین اور نیکوکاروں کے ساتھ داخل ہونا مراد ہے۔

۵؎ جیسے کہ حکم تھا۔

بَابُ الْجِزْيَةِ

۲۹۲- جزیہ کا بیان

قاموس میں ہے جزیہ، زمین کا خراج اور وہ جو ذمی سے لیا جاتا ہے مشتق ہے جزاء سے جس کا معنی بدلہ ہے کیونکہ جزیہ اسلام کے ترک کرنے اور کفر پر باقی رہنے کی جزاء ہے۔ بعض اجزاء سے مشتق کہتے ہیں جس کا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

معنی ہے ذمیوں کے حرمن کی حفاظت میں کفایت، پہلا معنی زیادہ صحیح ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۲۸۵۶ عَنْ اَبِجَالَۃَ قَالَ کُنْتُ کَاتِبًا لِجَزْءِ بْنِ مُعَاوِیَۃَ عَمِّ الْاَحْنَفِ فَاَتَانَا کِتَابُ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَبْلَ مَوْتِہٖ بِسَنَۃٍ فَرِّقُوْا بَیْنَ کُلِّ ذِیْ مَحْرَمٍ مِّنَ الْمَجُوْسِ وَلَمْ یَکُنْ عُمَرُ اَخَذَ الْجِزْیَۃَ مِنَ الْمَجُوْسِ حَتّٰی شَہِدَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَوْفٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَخَذَھَا مِنْ مَجُوْسِ ھَجَرَ۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت بجالہ[1] سے روایت ہے کہ میں احنف کے چچا جزء بن معاویہ[2] کا منشی تھا۔ ہمارے پاس حضرت عمر بن خطاب کا مکتوب گرامی ان کے وصال سے ایک سال پہلے آیا کہ ہر ذی محرم[3] مجوس کے درمیان تفریق کر دو اور حضرت عمر نے مجوسیوں سے جزیہ نہیں لیا[4] یہاں تک کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے گواہی دی کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ہجر[5] کے مجوسیوں سے جزیہ لیا۔ (بخاری)

وَذُکِرَ حَدِیْثُ بُرَیْدَۃَ اِذَا اَمَّرَ اَمِیْرًا عَلٰی جَیْشٍ فِیْ بَابِ الْکِتَابِ اِلَی الْکُفَّارِ۔

حضرت بریدہ کی حدیث اذا امر امیرا، کفار کو خط لکھنے کے باب میں بیان کر دی گئی ہے۔

[1] بجالہ با پر زبر، جیم مخفف، مکی اور ثقہ تابعی ہیں، ان کا شمار اہل بصرہ میں کیا جاتا ہے، حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالٰی عنہ سے حدیث سنی، ان سے حضرت عمرو بن دینار اور قتادہ روایت کرتے ہیں۔

[2] جزء جیم پر زبر، زا ساکن، اس کے بعد ہمزہ۔ یہی صحیح ہے بعض محدثین نے کہا کہ جیم کے نیچے زیر، زا ساکن، اس کے بعد تا دو نقطے والی۔ بعض نے کہا کہ جیم پر زبر، زا کے نیچے زیر اس کے بعد ۔ صاحب جامع الاصول نے ان کا ذکر تابعین میں کیا ہے۔ بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ اکثر محدثین ان کے صحابی ہونے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کے قائل ہیں۔

احنف بن قیس نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ پایا ہے لیکن شرف زیارت سے مشرف نہیں ہو سکے۔ اجلہ تابعین اور ان کے اکابر میں سے ہیں۔ اپنی قوم کے سردار، صاحب عقل، نجیب، حلیم، عقلمند، ذکاوت، احتیاط اور رائے صائب کے حامل تھے۔ آنکھوں میں بھینگا پن تھا۔ حضرت عمر، حضرت عثمان، حضرت علی اور حضرت عباس سے روایت کرتے ہیں ۶۷ھ میں کوفہ میں وفات پائی، بعض محدثین نے ۷۲ھ میں وفات بیان کی ہے۔ کہتے ہیں کہ جب حضرت معاویہ بن ابی سفیان نے اپنے بیٹے یزید کے ولی عہد ہونے کی وصیت کی تو ایک دن سر منبر تشریف فرما ہوئے تاکہ لوگ مبارک باد پیش کریں۔ ہر شخص ان کے مزاج کے مطابق بات کہتا تھا۔ احنف بھی اسی مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے، حضرت امیر معاویہ نے فرمایا: کیا وجہ ہے؟ کہ تم کوئی بات نہیں کہتے، احنف نے کہا میں کیا کہوں؟ اگر جھوٹ کہتا ہوں تو میں اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہوں اور اگر سچ کہتا ہوں تو آپ سے ڈرتا ہوں حضرت امیر معاویہ نے حضرت احنف کی اس بات کو پسند کیا اور کہا اللہ تعالیٰ تمہیں جزاء خیر عطا فرمائے اور ان کا سالانہ وظیفہ مقرر کر دیا۔ صفین کی جنگوں میں احنف حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تھے۔ انہوں نے بھرپور امداد کی اور بہادری کا حق ادا کر دیا۔

۳؎ محرم اکثر اس شخص کے معنی میں آتا ہے جس کے ساتھ نکاح حرام ہو، کبھی مصدر یعنی حرمت کے معنی میں بھی آتا ہے، اس حدیث میں اسی معنیٰ میں استعمال ہوا ہے، ایک دوسری حدیث میں بھی آیا ہے کہ عورتیں، ذی محرم کے بغیر سفر نہ کریں۔ امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے محارم مثلاً ماں، بیٹی اور بہن کے جدا کرانے کا حکم دیا جن کے ساتھ مجوسی نکاح کرتے تھے، اور انہیں اس حرکت سے منع فرمایا، اگرچہ یہ امر ان کے دین میں جائز تھا اور (اسلام میں) ذمیوں کو ان کے دین پر چھوڑا جاتا ہے، لیکن شعار اسلام کے خلاف ایسے شنیع کام پر انہیں چھوڑا نہیں جا سکتا۔

۴؎ یہ اس لیے تھا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے نزدیک مجوسی اہل کتاب نہیں تھے اور جزیہ قرآن پاک میں اہل کتاب کے بارے میں واقع ہوا ہے۔

۵؎ ھجر یمن کا ایک شہر ہے۔ پورے علاقے کا نام بحرین ہے۔ نیز مدینہ منورہ کے قریب ایک گاؤں کا نام ہے جہاں کے مٹکے مشہور ہیں۔ جیسے کہ حدیث شریف میں ہے کہ اِذَا بَلَغَ الْمَاءُ قُلَّتَيْنِ۔ (جب پانی دو گھڑوں کی مقدار کو پہنچ جائے۔ اسی گاؤں کے مٹکوں کو قُلّہ کہا جاتا ہے ۱۲ قادری)

ظاہر یہ ہے کہ اس جگہ بحرین کا علاقہ مراد ہے۔ مغنی میں ہے ہجر پہلے دونوں حرفوں پر زبر۔ بحرین کے علاقے کا مرکزی شہر ہے ——— جمہور علماء کا مجوسیوں سے جزیہ لینے پر اتفاق ہے۔ ہمارے نزدیک مجوسیوں اور عجمی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بت پرستوں سے بھی جزیہ لیا جائے گا، اس میں امام شافعی کا اختلاف ہے، اسی طرح ہدایہ میں ہے۔
۵ مصابیح میں وہ حدیث اس جگہ ذکر کی گئی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۳۸۵۷ عَنْ مُعَاذٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَمَّا وَجَّھَہٗ اِلَی الْیَمَنِ اَمَرَہٗ اَنْ یَّاْخُذَ مِنْ کُلِّ حَالِمٍ یَعْنِیْ مُحْتَلِمٍ دِیْنَارًا اَوْ عَدْلَہٗ مِنَ الْمَعَافِرِیِّ ثِیَابٌ تَکُوْنُ بِالْیَمَنِ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں یمن کی طرف[1] بھیجا تو انہیں حکم دیا کہ ہر بالغ[2] سے ایک دینار لیں یا اس کے برابر معافری[3] لیں، ایک قسم کے کپڑے جو یمن میں ہوتے ہیں[4]
(ابوداؤد)

۱ قاضی اور حاکم بنا کر۔
۲ حلم پہلے حرف پر پیش، اور احتلام کا معنی ہے وہ خواب جسے بالغ دیکھتا ہے، مطلق خواب کے معنی میں بھی آتا ہے، قاموس میں ہے احتلام، خواب میں جماع کرنے کو کہتے ہیں، عام طور پر محتلم کا استعمال اسی معنی میں ہوتا ہے، اسی لیے حالم کی تفسیر محتلم سے کی گئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل کو حکم دیا کہ ہر بالغ سے ایک دینار جزیہ لیں۔
۳ معافری میم اور بے نقطہ عین پر زبر، فاء کے نیچے زیر، کپڑے کی ایک قسم جو یمن میں پائی جاتی ہے اس کی نسبت معافر بن یعفر کی طرف ہے، قاموس میں ہے معافر ایک شہر کا نام ہے، قبیلۂ ہمدان کے مورث اعلیٰ کا نام، ثیابٌ مَعَافِرِیَّۃٌ کی نسبت ان دونوں میں سے ایک کی طرف کی جاتی ہے، عدل پہلے حرف کے نیچے زیر یا اس پر زبر ہے، مثل بعض شارحین نے کہا کہ عدل کی عین پر زبر ہو تو اس کا معنی ہے ہم جنس مثل، جیسے کپڑے کی مثل کپڑا اور زیر ہو تو اس کا معنی مخالف جنس مثل ہوگا جیسے کپڑا دینار کے مماثل ہے۔ بعض نے اس کے برعکس کہا ہے۔
۴ یہ حدیث بظاہر امام شافعی کے مذہب کی دلیل ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ حدیث کے اطلاق سے معلوم ہوتا ہے کہ مال دار اور فقیر برابر ہیں۔ احناف کے نزدیک مال دار پر ہر سال اڑتالیس درہم ہر مہینہ میں چار درہم کے حساب

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے مقرر کیے جائیں گے، متوسط طبقے پر چوبیس درہم، ماہانہ دو درہم کے حساب سے اور کمائی کرنے والے فقیر پہ بارہ درہم۔ ماہانہ ایک درہم کے حساب سے مقرر کیے جائیں گے۔ ہدایہ میں ہے کہ ہمارا مذہب حضرت عمر فاروق حضرت عثمان غنی اور حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے منقول ہے، مہاجرین اور انصار صحابہ میں سے کسی نے اس کا انکار نہیں کیا۔ علامہ تورپشتی کہتے ہیں کہ جو حضرات جزیہ میں کسی معین حد کے قائل نہیں ہیں۔ ان کے نزدیک حدیث کی توجیہ یہ ہے کہ یہ مقدار بصورت معاہدہ اور مصالحت طے پائی تھی یا یہ کہ وہ فقراء کی جماعت تھی جس پر جزیہ مقرر کیا گیا تھا، ان دو میں سے ایک توجیہ ضرور کرنا پڑے گی۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے حضرت عثمان بن احنف (مشہور عثمان بن حنیف ہے ۱۲ حاشیہ) کو خطہ فارس میں بھیجا تاکہ حد بلوغ میں داخل ہونے والے پر جزیہ مقرر کریں۔ انہوں نے امیروں اور غریبوں میں فرق کیا۔ یہ فیصلہ صحابہ کرام کی موجودگی میں تھا۔ اور کسی نے اس میں اختلاف نہیں کیا۔ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے بھی اسی طرح منقول ہے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔

۳۸۵۸ / ۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَصْلُحُ قِبْلَتَانِ فِيْ اَرْضٍ وَّاحِدَةٍ وَلَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِ جِزْيَةٌ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک زمین میں دو قبلے درست نہیں ہیں[۱]۔ اور مسلمان پر جزیہ نہیں ہے[۲]۔ (امام احمد، ترمذی، ابوداؤد)

[۱] بعض محدثین نے کہا کہ یہ حدیث، یہود و نصاریٰ کے جزیرۂ عرب سے جلاوطن کرنے پر محمول ہے تاکہ اس میں دو قبلے نہ ہوں۔ یہ معنی اس لحاظ سے ظاہر ہے کہ اہل کتاب، اہل قبلہ ہیں اور ہر ایک کا قبلہ اہل اسلام سے الگ ہے۔ علامہ تورپشتی نے کہا کہ اس قائل نے جو کہا ہے الفاظ حدیث اس پر دلالت نہیں کرتے، کیونکہ الفاظ حدیث میں عموم ہے۔ فرمایا کہ ایک زمین میں دو قبلے نہیں ہو سکتے، خواہ وہ عرب کی سرزمین ہو یا اس کے علاوہ، لہذا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد کا مطلب یہ ہونا چاہیے کہ کسی زمین میں دو قبلے اور دو دین غلبے کے ساتھ نہیں ہو سکتے۔ اس لیے مسلمان کو نہیں چاہیے کہ دارالحرب میں کافروں کے درمیان جزیہ ادا کر کے قیام کرے، اور جس کا دین۔ اسلام کے مخالف ہے اسے دارالاسلام میں جزیہ ادا کیے بغیر قیام کی اجازت نہ دی جائے۔ اور اسے اپنے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دین کی ترویج وسربلندی اور اس دین کے شعائر کی تشہیر کی اجازت نہ دی جائے۔ خلاصہ یہ کہ مسلمان کو نہیں چاہیے کہ کافروں کے درمیان جا کر رہے اور ذلت وخواری برداشت کرے اور کافر کو اس بات کی اجازت نہ دی جائے کہ دارالاسلام میں آئے اور جزیہ ادا نہ کرے، ساتھ ہی کفر کی اشاعت کرے، کہ ان دو صورتوں میں دین اسلام اور دین کفر، قوت وشوکت میں برابر ہو جائیں گے، ہونا یہ چاہیے کہ مسلمان صاحب قوت وشوکت ہوں اور کافر کمزور اور ذلیل ہوں۔

سے مطلب یہ ہے کہ اگر کوئی ذمی اسلام لے آئے اور اس پر جو جزیہ مقرر کیا گیا تھا وہ اس نے ادا نہ کیا ہو تو اس سے جزیہ کا مطالبہ نہ کیا جائے کیونکہ وہ مسلمان ہے اور مسلمان پر جزیہ نہیں ہے۔

۳۸۵۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اِلٰى اُكَيْدِرِ دُوْمَةَ فَاَخَذُوْهُ فَاَتَوْا بِهٖ فَحَقَنَ لَهٗ دَمَهٗ وَصَالَحَهٗ عَلَى الْجِزْيَةِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت خالد بن ولید کو دومہ کے بادشاہ اکیدر کی طرف بھیجا۔ چنانچہ حضرت خالد اور ان کے ساتھیوں نے اسے گرفتار کیا اور لے آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے خون کو محفوظ کیا اور اس سے جزیہ پر صلح فرمائی۔ (ابوداؤد)

لے اکیدر ہمزے پر پیش، کاف پر زبر، یا ساکن اور دال کے نیچے زیر، دومہ کا بادشاہ دومہ دال پر پیش۔ اس پر زبر بھی آئی ہے، واؤ ساکن، تبوک کے پاس شام کا ایک شہر، یہ بادشاہ نصرانی تھا۔

سے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لے آئے۔ آپ نے اسے قتل کرنے سے منع فرمایا تھا۔ اور حکم دیا تھا کہ اگر اسے گرفتار کر لیں تو میرے پاس بھیج دیں۔

سے اسے قتل نہیں کیا، حقن خون گرانے سے روکنا، اور پیشاب وغیرہ کا محفوظ رکھنا۔

سے بعد میں وہ صدق دل سے ایمان لے آئے۔ (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)

۳۸۶۰ وَعَنْ حَرْبِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ جَدِّهٖ اَبِيْ اُمِّهٖ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت حرب بن عبید اللہ اپنے نانا سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عشر نہیں ہیں مگر یہود ونصاریٰ پر اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ اِنَّمَا الْعُشُوْرُ عَلَى الْيَهُوْدِ وَ النَّصَارٰى وَ لَيْسَ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ عُشُوْرٌ۔
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ)

مسلمانوں پر عشر نہیں ہیں۔[۳]
(ابوداؤد)

[۱] حرب حا پر زبر، را ساکن، دونوں بے نقطہ، آخر میں با، بن عبیداللہ لفظ تصغیر کے ساتھ ثقفی تابعی ہیں اپنے نانا سے روایت کرتے ہیں۔ ان سے عطاء بن سائب روایت کرتے ہیں جو اجلہ تابعین میں سے ہیں۔

[۲] امام ابوداؤد اس سند کو اسی طرح لاتے ہیں۔

[۳] بلکہ ان پر چالیسواں حصہ ہے، شارحین نے فرمایا۔ اس سے مال تجارت کا دسواں حصہ مراد ہے، صدقے والا دسواں حصہ مراد نہیں ہے، کیونکہ مسلمانوں پر ان کی زمینوں کی پیداوار کا دسواں حصہ صدقہ کرنا واجب ہے، علامہ خطابی نے فرمایا:۔

یہود و نصاریٰ پر وہ دسواں حصہ لازم ہے جو عقد ذمہ کے وقت بطور صلح طے کیا گیا ہو، اور ان پر شرط کیا گیا ہو، اور اگر کسی چیز پر صلح نہیں کی گئی تو ان پر صرف جزیہ لازم ہے، امام شافعی اسی کے قائل ہیں (خطابی) ہمارا مذہب یہ ہے کہ جب ہم تجارت کے لیے کافروں کے علاقہ میں جائیں اور وہ ہم سے دسواں حصہ لیتے ہوں تو جب وہ ہمارے علاقوں میں آئیں گے تو ہم بھی ان سے دسواں حصہ لیں گے۔ اور اگر وہ نہ لیتے ہوں تو ہم بھی نہیں لیں گے۔

۳۸۶۱/۶ وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَمُرُّ بِقَوْمٍ فَلَا هُمْ يُضَيِّفُوْنَا۔ وَ لَا هُمْ يُؤَدُّوْنَ مَا لَنَا عَلَيْهِمْ مِنَ الْحَقِّ وَ لَا نَحْنُ نَاْخُذُ مِنْهُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ اَبَوْا اِلَّا اَنْ تَاْخُذُوْا كَرْهًا فَخُذُوْا۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم ایسی قوم کے پاس سے گزرتے ہیں[۱] کہ وہ نہ تو ہماری ضیافت[۲] کرتے ہیں اور نہ ہی ہمارا وہ حق ادا کرتے ہیں جو ان پر لازم ہے۔ اور ہم ان سے جبراً بھی نہیں لیتے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اگر وہ سختی سے انکار کریں مگر یہ کہ تم جبراً لو تو تم زبردستی لے لو[۳]
(ترمذی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱؎ حضرت عقبہ بن عامر مشہور صحابی ہیں۔

۲؎ یعنی غزوات میں ہمارے پاس رقم نہیں ہوتی کہ ضروریات خرید لیں۔ اور نہ ہی وہ ہمارے ہاتھ بیچتے ہیں۔

۳؎ یُضَیِّفُوْنَا یا مشدد اور نون مشدد اور مخفف دونوں طرح مروی ہے۔ ضیافت اس وقت شرط تھی جب مجبور ہوں۔

۴؎ اس کی مثل حدیث کی دوسری فصل میں گزر گئی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ — تیسری فصل

۳۸۶۲ عَنْ اَسْلَمَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ ضَرَبَ الْجِزْيَةَ عَلٰى اَهْلِ الذَّهَبِ اَرْبَعَةَ دَنَانِيْرَ وَعَلٰى اَهْلِ الْوَرِقِ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا مَعَ ذٰلِكَ اَرْزَاقُ الْمُسْلِمِيْنَ وَضِيَافَةُ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت اسلم[۱] سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سونے والوں پر چار دینار جزیہ مقرر کیا، اور چاندی والوں پر چالیس درہم، اس کے ساتھ مسلمانوں کی خوراک اور تین دن کی ضیافت[۲]۔ (امام مالک)

۱؎ حضرت اسلم حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے آزاد کردہ غلام، مدنی، ثقہ اور اکابر تابعین میں سے تھے، نیز حبشی تھے، بعض محدثین کہتے ہیں کہ یمن کے قیدی تھے، حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں مکہ مکرمہ میں ۱۱ھ میں اس وقت خریدا جب امیر المومنین ابوبکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں امیر حج بنا کر بھیجا۔ زید بن اسلم بڑی فضیلت والی شخصیت تھے جیسے کہ ان کے احوال کئی جگہ لکھے جاچکے ہیں اور اسامہ بن زید بن اسلم کہا کرتے تھے کہ ہم ہیں تو اشعری لیکن حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے احسان کے منکر نہیں ہیں۔

۲؎ گویا یہ مسلمانوں کی خوراک کی تفصیل ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الصُّلْحِ

۲۹۴- صُلح کا بیان

صلح اسم ہے صلاح (درستی) کا اور صلاح، فساد کی ضد ہے صراح میں ہے صلاح پہلے حرف پر زبر، نیکی، فساد کی ضد جس کا معنی تباہی ہے۔ صلاح پہلے حرف کے نیچے زیر ہو تو اس کا معنی مصالحت کرنا ہے، صلح پہلے حرف پر پیش، اس کا اسم ہے اصلاح، ضد ہے افساد کی تحقیق نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہجرت کے چھٹے سال حدیبیہ میں کفار مکہ سے دس سال تک جنگ نہ کرنے پر صلح کی، اس مدت میں سے تین سال ہی گزرے تھے کہ کافروں نے خزاعہ کے خلاف جنگ میں بنو بکر کی امداد کر کے معاہدہ توڑ دیا۔ قبیلہ خزاعہ، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حلیف تھا سیرت کی کتابوں میں یہ واقعہ تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۲۸۶۳ عَنِ الْمِسْوَرِ بْنِ مَخْرَمَةَ وَ مَرْوَانَ ابْنِ الْحَكَمِ قَالَا خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ عَامَ الْحُدَيْبِيَةِ فِيْ بِضْعَ عَشَرَةَ مِائَةٍ مِّنْ أَصْحَابِهِ فَلَمَّا أَتَى ذَا الْحُلَيْفَةِ قَلَّدَ الْهَدْيَ وَ أَشْعَرَ وَ أَحْرَمَ مِنْهَا بِعُمْرَةٍ وَ سَارَ حَتّٰى إِذَا كَانَ بِالثَّنِيَّةِ الَّتِيْ

پہلی فصل

حضرت مسور بن مخرمہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور مروان بن حکم[2] سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حدیبیہ[3] کے سال، ایک ہزار اور چند[4] افراد کے ہمراہ نکلے، جب ذوالحلیفہ پہنچے تو ہدی کے گلے میں ہار ڈالا[6]، اسے اشعار[7] کیا اور وہاں سے عمرے کا احرام باندھا اور روانہ ہوئے یہاں تک کہ جب اس پہاڑی[8] تک پہنچے، جہاں سے مکے والوں پر اترا جاتا ہے تو آپ کی اونٹنی آپ کو لے کر بیٹھ گئی۔ صحابہ کرام نے کہا اٹھ اٹھ[9]! قصواء اڑ گئی، قصواء اڑ گئی[10] نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يُهْبَطُ عَلَيْهِمْ مِنْهَا بَرَكَتْ
بِهٖ رَاحِلَتُهٗ فَقَالَ النَّاسُ
حَلْ حَلْ خَلَأَتِ الْقَصْوَآءُ
خَلَأَتِ الْقَصْوَآءُ فَقَالَ
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
مَا خَلَأَتِ الْقَصْوَآءُ وَمَا
ذَاكَ لَهَا بِخُلُقٍ وَّلٰكِنْ
حَبَسَهَا حَابِسُ الْفِيْلِ ثُمَّ
قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ
لَا يَسْأَلُوْنِيْ خُطَّةً يُّعَظِّمُوْنَ
فِيْهَا حُرُمَاتِ اللّٰهِ اِلَّا
اَعْطَيْتُهُمْ اِيَّاهَا ثُمَّ زَجَرَهَا
فَوَثَبَتْ فَعَدَلَ عَنْهُمْ حَتّٰى
نَزَلَ بِاَقْصَى الْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى
ثَمَدٍ قَلِيْلِ الْمَآءِ يَتَبَرَّضُهُ
النَّاسُ تَبَرُّضًا فَلَمْ يُلَبِّثْهُ
النَّاسُ حَتّٰى نَزَحُوْهُ وَشُكِيَ
اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَطَشُ
فَانْتَزَعَ سَهْمًا مِّنْ كِنَانَتِهٖ
ثُمَّ اَمَرَهُمْ اَنْ يَّجْعَلُوْهُ
فِيْهِ فَوَاللّٰهِ مَا زَالَ
يَجِيْشُ لَهُمْ بِالرِّيِّ حَتّٰى
صَدَرُوْا عَنْهُ فَبَيْنَمَا هُمْ
كَذٰلِكَ اِذْ جَآءَ بُدَيْلُ

نے فرمایا: قصواء اڑیل نہیں ہوئی۔ اور نہ ہی یہ اس کی عادت ہے بلکہ اسے ہاتھی کے روکنے والے نے روک دیا ہے[11]۔ پھر فرمایا: قسم ہے اس ذات اقدس کی جس کے قبضہ قدرت میں میری جان ہے۔ وہ لوگ مجھ سے ایسے جس کام کا بھی مطالبہ کریں گے جس میں وہ اللہ تعالیٰ کی حرمتوں[12] کی تعظیم کریں گے۔ تو میں وہ کام انہیں دے دوں گا، پھر آپ نے اونٹنی کو ڈانٹا تو وہ اچھل کر کھڑی ہو گئی، تو آپ نے اہل مکہ سے رخ پھیر لیا[13]۔ حتےٰ کہ حدیبیہ کے آخری حصے میں تھوڑے پانی والے مقام[14] پر اترے جہاں سے لوگ تھوڑا تھوڑا پانی لے رہے[15] تھے۔ تھوڑی دیر میں لوگوں نے اس جگہ کا پانی کھینچ لیا[16]۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پیاس کی شکایت کی گئی۔ تو آپ نے اپنے ترکش میں سے ایک تیر نکالا اور صحابۂ کرام کو حکم دیا کہ اس کنوئیں میں ڈال دیں، خدا کی قسم! ان لوگوں کی سیرابی کے لیے پانی جوش[17] مارتا رہا یہاں تک کہ وہ لوٹ گئے[18]، صحابہ کرام اسی حالت میں تھے کہ بدیل بن ورقاء، خزاعی[19]، خزاعہ[20] کے چند افراد سمیت آ گئے، پھر عروہ بن مسعود[21] آ گیا، راوی نے پوری[22] حدیث بیان کی، یہاں تک کہ راوی نے کہا کہ اچانک سہیل بن عمرو[23] آ گیا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بْنُ وَرْقَاءَ الْخُزَاعِيُّ فِيْ نَفَرٍ مِّنْ خُزَاعَةَ ثُمَّ اَتَاهُ عُرْوَةُ ابْنُ مَسْعُوْدٍ وَسَاقَ الْحَدِيْثَ اِلٰى اَنْ قَالَ اِذْ جَاءَ سُهَيْلُ بْنُ عَمْرٍو فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُكْتُبْ هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ فَقَالَ سُهَيْلٌ وَاللّٰهِ لَوْ كُنَّا نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا صَدَدْنَاكَ عَنِ الْبَيْتِ وَلَا قَاتَلْنَاكَ وَلٰكِنِ اكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَرَسُوْلُ اللّٰهِ وَاِنْ كَذَّبْتُمُوْنِيْ اُكْتُبْ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ قَالَ فَقَالَ سُهَيْلٌ عَلٰى اَنْ لَا يَاْتِيْكَ مِنَّا رَجُلٌ وَاِنْ كَانَ عَلٰى دِيْنِكَ اِلَّا رَدَدْتَّهٗ عَلَيْنَا فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ قَضِيَّةِ الْكِتَابِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَصْحَابِهٖ

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

لکھو یہ وہ ہے جس پر محمد رسول اللہ نے صلح کی ہے۔ سہیل نے کہا۔ خدا کی قسم! اگر ہم جانتے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں تو ہم آپ کو بیت اللہ شریف سے نہ روکتے۔ اور نہ ہی آپ سے جنگ کرتے۔ البتہ آپ لکھئے۔ محمد بن عبد اللہ راوی کہتے ہیں کہ

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

خدا کی قسم! بے شک میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں، اگرچہ تم مجھے جھٹلاؤ لکھو محمد بن عبد اللہ راوی کہتے ہیں کہ سہیل نے کہا اور اس شرط پر کہ ہمارا جو مرد بھی آپ کے پاس آئے گا۔ اگرچہ وہ آپ کے دین پر ہی ہو۔ آپ اسے ہماری طرف لوٹائیں گے[۲۲۴]۔ پھر جب صلح نامہ لکھنے کے معاملے سے فارغ ہوتے۔

تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کو فرمایا۔ اٹھو اور اونٹ نحر کرو[۲۲۵]۔ پھر سر منڈاؤ[۲۲۶]۔ اس کے بعد کچھ ایمان دار عورتیں آگئیں تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قُوْمُوْا فَانْحَرُوْا ثُمَّ احْلِقُوْا
ثُمَّ جَآءَ نِسْوَةٌ مُؤْمِنَاتٌ
فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى يَا اَيُّهَا
الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِذَا جَآءَكُمُ
الْمُؤْمِنَاتُ مُهَاجِرَاتٍ اَلْاٰيَةَ
فَنَهَاهُمُ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْ
يَرُدُّوْهُنَّ وَ اَمَرَهُمْ اَنْ
يَرُدُّوا الصَّدَاقَ ثُمَّ رَجَعَ
اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَجَآءَهٗ اَبُوْ
بَصِيْرٍ رَجُلٌ مِّنْ قُرَيْشٍ
وَهُوَ مُسْلِمٌ فَاَرْسَلُوْا فِيْ
طَلَبِهٖ رَجُلَيْنِ فَدَفَعَهٗ اِلَى
الرَّجُلَيْنِ فَخَرَجَا بِهٖ حَتّٰى
اِذَا بَلَغَا ذَا الْحُلَيْفَةِ نَزَلُوْا
يَاْكُلُوْنَ مِنْ تَمْرٍ لَّهُمْ
فَقَالَ اَبُوْ بَصِيْرٍ لِاَحَدِ
الرَّجُلَيْنِ وَاللّٰهِ اِنِّيْ لَاَرٰى
سَيْفَكَ هٰذَا يَا فُلَانُ
جَيِّدًا اَرِنِيْ اَنْظُرْ اِلَيْهِ
فَاَمْكَنَهٗ مِنْهُ فَضَرَبَهٗ
حَتّٰى بَرَدَ وَفَرَّ الْاٰخَرُ
حَتّٰى اَتَى الْمَدِيْنَةَ فَدَخَلَ
الْمَسْجِدَ يَعْدُوْا فَقَالَ النَّبِيُّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
لَقَدْ رَاٰى هٰذَا ذُعْرًا فَقَالَ

فرمائی اے ایمان والو! جب تمہارے پاس ایمان والی عورتیں ہجرت کرکے آجائیں آخر آیت تک۔ اللہ تعالیٰ نے صحابہ کرام کو ان عورتوں کے واپس کرنے سے منع فرما دیا۔ اور انہیں حکم دیا۔ کہ ان عورتوں کا حق مہر واپس کر دو[۳۷]، پھر سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ لوٹ گئے۔ پس قریش کا ایک فرد ابو بصیر[۳۸] مسلمان ہو کر[۳۹]۔ آپ کی خدمت میں حاضر ہوگیا۔ مشرکین مکہ نے اسے لانے کے لیے دو شخص بھیجے، آپ نے ابو بصیر کو ان دو شخصوں کے سپرد کر دیا[۴۰]۔ وہ دونوں انہیں لے کر چل دیے۔ یہاں تک کہ جب ذوالحلیفہ[۴۱] پہنچے تو اتر کر کھجوریں کھانے لگے، حضرت ابو بصیر نے ان میں سے ایک کو کہا اے فلاں! خدا کی قسم! میں دیکھتا ہوں کہ تیری یہ تلوار بہت عمدہ ہے، دکھاؤ تو سہی، میں اسے دیکھ لوں، اس نے تلوار ان کے حوالے کر دی انہوں نے اس پر تلوار کا وار کیا حتیٰ کہ وہ ٹھنڈا ہو گیا۔ اور دوسرا بھاگ کر مدینہ طیبہ پہنچ گیا۔ وہ دوڑتا ہوا مسجد میں داخل ہوا۔ تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا! اس نے خوف[۴۲] دیکھا ہے! اس نے کہا۔ خدا کی قسم میرا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قُتِلَ وَاللّٰهِ صَاحِبِيْ وَ
إِنِّيْ لَمَقْتُوْلٌ فَجَاءَ أَبُوْ
بَصِيْرٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَيْلُ
أُمِّهٖ مِسْعَرُ حَرْبٍ لَوْ
كَانَ لَهٗ أَحَدٌ فَلَمَّا سَمِعَ
ذٰلِكَ عَرَفَ أَنَّهٗ سَيَرُدُّهٗ
إِلَيْهِمْ فَخَرَجَ حَتّٰى أَتٰى
سِيْفَ الْبَحْرِ وَانْفَلَتَ
أَبُوْ جَنْدَلِ ابْنُ سُهَيْلٍ
فَلَحِقَ بِأَبِيْ بَصِيْرٍ فَجَعَلَ
لَا يَخْرُجُ مِنْ قُرَيْشٍ
رَجُلٌ قَدْ أَسْلَمَ إِلَّا
لَحِقَ بِأَبِيْ بَصِيْرٍ حَتّٰى
اجْتَمَعَتْ مِنْهُمْ عِصَابَةٌ
فَوَاللّٰهِ مَا يَسْمَعُوْنَ بِعِيْرٍ
خَرَجَتْ لِقُرَيْشٍ إِلَى الشَّامِ
إِلَّا اعْتَرَضُوْا لَهَا فَقَتَلُوْهُمْ
وَأَخَذُوْا أَمْوَالَهُمْ فَأَرْسَلَتْ
قُرَيْشٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ
عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُنَاشِدُهُ
اللّٰهَ وَالرَّحِمَ لَمَّا أَرْسَلَ
إِلَيْهِمْ فَمَنْ أَتَاهُ فَهُوَ
آمِنٌ فَأَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى

ساتھی قتل کر دیا گیا ہے، اور مجھے بھی قتل کر دیا جائے گا[33]۔ اتنے میں ابو بصیر بھی آ گئے[34]۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کی ماں پر افسوس[35]، یہ تو جنگ کو بھڑکانے والا ہے[36]۔ اگر اس کے لیے کوئی ہوتا[37]۔ انہوں نے جب یہ بات سنی تو جان لیا کہ آپ انہیں مشرکین کی طرف واپس کر دیں گے۔ تو وہ نکل گئے۔ حتیٰ کہ سمندر کے کنارے[38] پر چلے گئے

ادھر ابو جندل بن سہیل[39] بھاگ کر ابو بصیر کے پاس پہنچ گئے، پھر کیا تھا؟ قریش کا جو فرد بھی اسلام لا کر نکلتا تو وہ حضرت ابو بصیر کے پاس پہنچ جاتا، یہاں تک کہ ان[40] کی ایک بڑی جماعت اکٹھی ہو گئی، خدا کی قسم! وہ قریش کے جس قافلے کے بارے میں سنتے کہ وہ شام کی طرف جا رہا ہے اس کا راستہ روک لیتے، انہیں قتل کرتے اور ان کا مال چھین لیتے۔ قریش نے کسی کو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس بھیجا، اللہ تعالیٰ اور قرابت داری کا واسطہ دے کر عرض کیا کہ آپ صرف یہ کام کریں کہ ابو بصیر اور ان کے ساتھیوں کو پیغام بھیجیں[41]، پھر جو آپ کے پاس آئے۔ اور وہ امن والا ہے[42]۔ چنانچہ۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَیْھِمْ . پیغام بھیج دیا ہے

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ) (بخاری)

۱ حضرت مسور میم کے نیچے زیر، بے نقطہ سین ساکن بن مخرمہ میم پر زبر، نقطے والی خا ساکن، قریشی، زہری، کم عمر صحابی ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

۲ مروان بن حکم قریشی، اموی ہیں، ان کی ولادت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں ہوئی لیکن آپ کی زیارت نہیں کی، کیونکہ انہیں ان کے والد سمیت طائف کی طرف نکال دیا تھا۔ حضرت مسور اور مروان کے احوال باب حکم الاسراء کی فصل اول میں بیان کیے گئے ہیں۔

۳ حدیبیہ کبھی یاء کی تخفیف اور کبھی تشدید کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ مکہ مکرمہ سے تقریباً بارہ میل کے فاصلے پر ایک گاؤں۔ جو حل کا حرم سے دور ترین مقام ہے۔ اب اس کا مقام ہے، اب اس کا مقام نامعلوم ہو چکا ہے بلکہ صحابہ کرام بھی اسے بھول چکے تھے۔ جیسے کہ صحیح بخاری سے معلوم ہوتا ہے، اسی لیے لوگ اس جگہ کی برکت حاصل کرنے سے محروم ہیں۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ ایک کنویں کا نام ہے جو اس جگہ تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہجرت کے چھٹے سال عمرہ کے ارادے سے مدینہ منورہ سے نکلے۔

۴ بضع باء کے نیچے زیر، اس پر زبر بھی آئی ہے۔ یہ لفظ تین سے نو تک کے لیے آتا ہے۔ اس جگہ مبہم ذکر کیا اور تعیین نہیں کی، کیونکہ اس سلسلے میں روایات مختلف ہیں۔ بعض روایات میں چودہ سو اور بعض میں پندرہ سو آیا ہے۔ اور یہ عبارت عجیب و غریب واقع ہوئی ہے۔ کیونکہ ظاہر یہ ہے کہ کہتے ایک ہزار چار سو یا ایک ہزار پانچ سو۔ ایک روایت اس طرح بھی آئی ہے۔ ایک اور روایت میں ہے ایک ہزار چار سو یا اس سے زیادہ، چودہ سو سے پندرہ سو تک کی روایت کی توجیہ کی گئی ہے کہ مقصد اظہار کثرت ہے۔ یا اس بنا پر یہ الفاظ کہے ہیں۔ کہ سو سو کی ہر جماعت اترنے اور ایسے ہی دوسرے امور میں متفق تھی۔ (اسی لیے ایک ہزار چار سو کی بجائے چودہ سو کہا ۱۲ قادری)۔

ان روایات میں تطبیق یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے چودہ سو صحابۂ کرام کے ساتھ نکلے تھے۔ بعد ازاں آہستہ آہستہ زیادہ ہو گئے۔ جس نے پہلے دیکھا۔ اس نے ایک ہزار چار سو صحابہ کرام دیکھے اور بعد میں آنے والی فوج کو نہ دیکھا۔ اور جس نے بعد میں آنے والوں کو بھی دیکھا اس نے پندرہ سو کی روایت کی اور جس نے تحقیق نہ کی اس نے کہا پندرہ سو یا اس سے زیادہ۔

۵ ذوالحلیفہ بے نقطہ حا، پر پیش۔ لام پر زبر، مدینہ منورہ کے قریب ایک جگہ کا نام جو اہل مدینہ کا میقات ہے۔ جیسے کہ کتاب الحج میں بیان ہوا۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

۵۶ بدنہ وہ قربانی جو حرم شریف بھیجی جاتی ہے۔ تقلید: اس کے گلے میں کوئی چیز لگانا۔
۵۷ یعنی اونٹ کی کوہان کے دائیں جانب نیزہ مارا جس سے خون بہہ نکلا۔ یہ تقلید اور اشعار اس سبب سے ہے کہ معلوم ہو جائے کہ یہ حرم شریف کی قربانی ہے۔ اس مسئلے کی تفصیل کتاب الحج میں گزر گئی ہے۔
۵۸ ثنیہ: راستے کے درمیان واقع پہاڑی۔
۵۹ حل حل بے نقطہ حاء پر زبر اور لام ساکن۔ مخفف، دو مرتبہ، اونٹ کو اٹھانے یا دوڑانے کے لیے استعمال کیا جانے والا کلمہ زجر۔
۵۱۰ خلأت پہلے حرف کے نیچے زیر، آخر میں الف ممدودہ، اونٹنی کا نافرمانی کرنا اور بغیر کسی سبب کے بیٹھ جانا۔ اور بعض نسخوں میں خلأت القصواء دو دفعہ واقع ہوا ہے۔ (جیسے کہ پیش نظر نسخے میں ہے) (۱۲ قادری)
۵۱۱ مکہ معظمہ کی جانب پیش قدمی کرنے سے روک دیا ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ نے کعبہ مشرفہ کو گرانے کے لیے آنے والے ہاتھی کو روک دیا تھا، اس جگہ بھی اسی نے قصواء کو روک دیا ہے۔ تاکہ قبل از وقت حرم شریف میں جنگ اور قتل و خونریزی واقع نہ ہو۔
۵۱۲ اس سے حرم شریف کی عزت اور اس میں جنگ سے باز رہنا مراد ہے۔ خُطَّۃٌ نقطے والی خاء پر پیش کار عظیم، اس جگہ صلح مراد ہے جو اس موقع پر ہوتی۔
۵۱۳ یہ اشارہ تھا کہ تم سے جنگ کرنا مقصود نہیں ہے۔
۵۱۴ ثمد تین نقطے والی ثاء، اور میم پر زبر، میم کو ساکن بھی پڑھ سکتے ہیں۔ تھوڑا پانی، اس جگہ مقام مراد ہے تاکہ اسے قلیل الماء سے موصوف کرنا درست ہو۔
۵۱۵ برض: پانی کا چشمے سے تھوڑا تھوڑا نکلنا۔
۵۱۶ یُلَبِّثْہُ شارحین نے کہا کہ صحیح یہ ہے کہ یاء پر پیش، لام ساکن اور باء مخفف، یہ مشتق ہے اِلْبَاثٌ بروزن اِکْرَامٌ سے۔ اس احتمال کی بھی تصحیح کی ہے کہ لام پر زبر اور باء مشدد ہو، یہ مشتق ہے تلبیثٌ سے بروزن تصریفٌ لبث کا معنی ہے دیر تک رکنا، اِلْبَاثٌ اور تَلْبِیْثٌ کا معنی ہے دوسرے کو دیر تک روکنا۔ نزح نقطے والی زاء اور بے نقطہ حاء کے ساتھ، کنوئیں کا پانی کھینچنا (ہیئتہ) نُزُوْحٌ۔ اور کم پانی والا کنواں ہو۔
۵۱۷ جیش دریا اور ہنڈیا وغیرہ کا جوش مارنا، یہاں راء کے نیچے زیر اس پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں اور یاء مشددہ: سیراب ہونا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۱۸ یعنی صحابہ کرام واپس چلے گئے اور ابھی پانی باقی تھا۔ مصدر پہلے دونوں حرفوں پر زبر، پانی سے واپس جانا جیسے کہ وادوکا معنی ہے۔ پانی پر آنا۔

۵۱۹ بدیل با پر پیش، بے نقطہ دال پر زیر، یا ساکن بن ورقاء واؤ پر زبر، را ساکن، قاف کے بعد الف ممدودہ الخزاعی خا پر پیش، یہ منسوب ہے۔ خزاعہ کی طرف اور وہ ازد کا ایک محلہ ہے۔ یہ لوگ اپنی قوم سے قطع تعلق کر کے مکہ مکرمہ میں قیام پذیر ہو گئے تھے۔ خزع کا معنی قطع ہے۔ اور خزاعہ کسی چیز کے قطع کو کہتے ہیں۔

۵۲۰ یہ لوگ دور جاہلیت اور دور اسلام میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمدرد اور خیر خواہ تھے۔ یہ بدیل اور ان کے بیٹے عبداللہ فتح مکہ کے موقع پر ایمان لائے۔ بعض محدثین فرماتے ہیں کہ وہ پہلے ہی اسلام لاتے تھے۔

۵۲۱ عروہ بن مسعود ثقفی اس واقعہ کے بعد ۹ھ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طائف سے تشریف لانے کے بعد ایمان لائے

۵۲۲ چونکہ حدیث میں بدیل اور عروہ کی قریش کی مصالحت کے سلسلے میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ طویل گفتگو ہوئی تھی اس لیے صاحب مصابیح نے حدیث کا اختصار کر دیا۔

۵۲۳ سہیل بن عمرو، قریش کے معززین میں سے اور ان کے خطیب تھے، بدر کے روز قید ہو کر آئے تو حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یارسول اللہ! اس کے دانت نکلوا دیجئے، تاکہ آئندہ اپنے خطبوں میں آپ کی مذمت نہ کر سکے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اسے رہنے دو، یہ آخر کار ایسی جگہ کھڑا ہوگا جو قابل ستائش ہوگی۔ چنانچہ فتح مکہ کے بعد مسلمان ہو گئے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے بعد جب مکہ مکرمہ کے باشندوں میں اختلاف ہوا اور بعض مرتد ہو گئے تو انہوں نے خطبہ دیا۔ لوگوں کو تسلی دی اور اختلاف سے منع کیا۔ اسی طرح سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خبر بھی ہوئی۔ جب سہیل آئے تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ تمہارے لیے تمہارا کام آسان کر دیا گیا ہے۔ (کیونکہ سہیل مشتق ہے سہولۃ سے جس کا معنی آسانی ہے۔ ۱۲ قادری۔) چنانچہ سہیل نے صلح کرا دی۔

۵۲۴ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ شرط قبول فرمالی، اس جگہ بھی حدیث میں اختصار ہے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ بخاری شریف کی کوئی دوسری روایت ہے۔ جس میں اتنی تفصیل ہی بیان کی گئی ہو۔

۵۲۵ یعنی اپنے ہدایا کو جنہیں تم حرم شریف میں ذبح کرنے کے لیے لاتے تھے ۱۲ قادری۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۲۶ یہ احصار کا حکم ہے احرم کو بیماری یا دشمن حج کرنے سے روک دے اسے حصار کہتے ہیں۔

(۱۲ قادری)

امام شافعی کے نزدیک اونٹ نحر کیے جائیں گے اگرچہ حرم شریف سے باہر ہی ہوں۔ کیونکہ حدیبیہ حل کا حصہ ہے نہ کہ حرم کا، ہمارے نزدیک حرم میں نحر کرنا شرط ہے۔ کہتے ہیں کہ حدیبیہ کا کچھ حصہ حرم ہے، اور کچھ حل حضرت مولف نے اس جگہ بھی اختصار کیا ہے جیسے کہ بخاری شریف کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے۔

۵۲۷ یعنی اگر کافر عورتوں کا مطالبہ کرنے آئیں اور وہ انہیں حق مہر دے چکے ہوں تو انہیں مہر واپس کر دو اور اگر انہوں نے مہر ادا نہ کیا ہو تو انہیں کچھ نہ دو۔ اس جگہ بعض محدثین کہتے ہیں کہ صلح عام تھی کہ ان کے مردوں اور عورتوں سے جو بھی آئے اسے واپس کیا جائے، اور چونکہ نہی کے وارد ہونے کی بنا پر عورتوں کا واپس کرنا متعذر ہو گیا تھا اس لیے مہر کا واپس کرنا عورتوں کے واپس کرنے کے حکم میں ہو گیا۔ اور بعض حضرات کہتے ہیں کہ صرف مردوں کی واپسی صلح میں طے ہوئی تھی۔ یہ قول زیادہ ظاہر ہے۔ اور اس حدیث کے یہ کلمات:

"ہمارا جو مرد بھی آپ کے پاس آئے گا۔ آپ اسے واپس کریں گے۔ اس قول کی میں تائید کرتا ہوں۔

۵۲۸ ابو بصیر با۔ پر زبر، قریش کے ایک فرد تھے، اصل میں وہ ثقفی تھے۔ لیکن بنو زہرہ کے حلیف تھے اس اعتبار سے انہیں قریش کا ایک فرد کہا۔

۵۲۹ اور قریش سے بھاگ کر مدینہ طیبہ حاضر ہو گئے

۵۳۰ جیسے کہ معاہدہ تھا۔

۵۳۱ جو مدینہ منورہ سے چند میل کے فاصلے پر ہے

۵۳۲ ذعر نقطے والے ذال پر پیش اور عین ساکن، خوف،

۵۳۳ اگر آپ نے مجھے اس کے سپرد کر دیا۔

۵۳۴ ایک روایت میں ہے انہوں نے عرض کیا۔ واللہ وفی اللہ تعالیٰ نے آپ کا معاہدہ پورا فرما دیا کہ آپ نے مجھے ان کے سپرد کر دیا، پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے ان سے نجات عطا فرمائی۔

۵۳۵ تعجب کی بات کے وقت یہ الفاظ کہے جاتے ہیں۔

۵۳۶ کہ معاہدہ توڑنے کا سبب بن رہا ہے، صراح میں ہے سعر آگ اور جنگ کا بھڑکانا، مسعر میم کے نیچے زیر، سین ساکن، عین پر زبر آگ اور لڑائی کا بھڑکانے والا۔

۵۳۷ اگر ایک آدمی ہی ابو بصیر کا یار و مددگار ہوتا۔ یا یہ مطلب ہے اگر کوئی شخص ہوتا تو انہیں سمجھاتا کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ہمارے پاس نہ آئیں تاکہ ہم پھر انہیں مشرکین کے حوالے نہ کر دیں، یہ معنی سیاقِ حدیث کے زیادہ مناسب ہے۔ یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ کوئی ہو جو انہیں پکڑ کر مشرکین کے حوالے کر دے۔ حضرت ابو بصیر کو ڈرانے اور دھمکانے اور مشرکین کو مطمئن کرنے کے لیے یہ بات فرمائی بلکہ یہ اشارہ ہے کہ بھاگ جاؤ ورنہ پھر ان کے سپرد کر دیئے جاؤ گے ۱۲ قادری) واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۸ سیف سین کے نیچے زیر اور یاء ساکن، ساحلِ سمندر

۳۹ ابو جندل جیم پر زبر، بن سہیل سین پر پیش ــــ ان کا واقعہ یہ ہے کہ سہیل بن عمرو جو صلح کے درپے تھے اور انہوں نے عملاً مصالحت میں حصہ لیا تھا، ان کا ایک بیٹا تھا جس کا نام ابو جندل تھا وہ مکہ معظمہ میں اسلام لے آئے تھے، ان کے والد نے ان کو بیڑیوں میں قید کر دیا، جب صلح ہوئی اور اس میں یہ شرط طے پا گئی کہ قریش کا جو فرد مسلمان ہو کر آپ کے پاس آئے اسے آپ واپس کر دیں گے، اسی موقع پر ابو جندل بیڑیوں سمیت مکہ مکرمہ کے نچلے راستے سے باہر آئے اور آ کر اپنے آپ کو مسلمانوں کے درمیان ڈال دیا، سہیل نے کہا اے محمد یہ پہلا شخص ہے جس کا صلح کی بناء پر ہم آپ سے مطالبہ کرتے ہیں، اسے میرے ساتھ واپس بھیج دیجئے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ابھی تو صلح نامہ لکھا نہیں گیا اسے امن دے کر میرے سپرد کر دو، سہیل نے یہ بات نہ مانی اور اصرار کیا، اور کہنے لگا تب پھر ہمارے اور آپ کے درمیان صلح نہیں ہے، لہٰذا آپ نے انہیں ان کے باپ کے سپرد کر دیا۔ ابو جندل نے کہا اے مسلمانوں کے گروہ! کیا آپ مجھے مشرکوں کے حوالے کر رہے ہیں؟ حالانکہ میں مسلمان ہو کر آپ کے درمیان آیا ہوں اور آپ دیکھ رہے ہیں کہ وہ مجھے کس طرح اذیتیں دے رہے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نقضِ عہد ہمارا شیوہ نہیں ہے، تم صبر کرو، تمہارا رب تمہیں کشادگی اور راستہ عطا فرمائے گا۔ رضی اللہ عنہ

۴۰ قریش کی یا مسلمانوں کی

۴۱ عیر عین کے نیچے زیر، یاء ساکن، خوراک کا بوجھ اٹھانے والے اونٹ، مراد قافلہ ہے، قاموس میں ہے عیر وہ اونٹ جن پر خوراک لادی گئی ہو یا ہر وہ جانور جس پر خوراک لادی گئی ہو، خواہ وہ اونٹ ہو، گدھا ہو یا خچر۔

۴۲ کہ وہ مدینہ منورہ آ جائیں اور ہمارے قافلوں سے تعرض نہ کریں ــــ لَمَّا میم مشدد کے ساتھ، اِلَّا کے معنی میں آتا ہے، عرب اس حرف کو اپنے کلام میں اسی طریقے پر استعمال کرتے ہیں جس طرح حدیث میں واقع ہوا ہے یعنی کسی کام کا پر زور مطالبہ مقصود ہوتا ہے، کہتے ہیں سَاَلْتُكَ لَمَّا فَعَلْتَ میں تم سے مطالبہ کرتا ہوں کہ صرف اس کام کے لیے اہتمام کرو۔

۴۳ جب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ابو بصیر اور ان کے ساتھیوں کے پاس کسی کو بھیج دیں اور انہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مشرکوں کے قافلوں کے تعرض سے منع کر دیں تو اس کے بعد ہمارا کوئی فرد مسلمان ہو کر مکہ معظمہ سے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آجائے تو وہ امن میں ہے اور اسے واپس نہ کیا جائے، یعنی قریش اس شرط پر نادم ہو گئے اور کہنے لگے کہ کسی کو بھیج کر ابو بصیر کو منع کر دیجئے اور ہم اس شرط سے باز آئے۔

سلہ اور انہیں اپنے پاس بلالیا۔

۳۸۶۴ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ صَالَحَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُشْرِكِيْنَ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَشْيَاءَ عَلٰى اَنَّ مَنْ اَتَاهُ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ رَدَّهٗ اِلَيْهِمْ وَمَنْ اَتَاهُمْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ لَمْ يَرُدُّوْهُ وَعَلٰى اَنْ يَدْخُلَهَا مِنْ قَابِلٍ وَيُقِيْمَ بِهَا ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ وَلَا يَدْخُلَهَا اِلَّا بِجُلُبَّانِ السِّلَاحِ وَالسَّيْفِ وَالْقَوْسِ وَنَحْوِهٖ فَجَاءَ اَبُوْ جَنْدَلٍ يَحْجُلُ فِيْ قُيُوْدِهٖ فَرَدَّهٗ اِلَيْهِمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت براء بن عازب[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حدیبیہ کے دن مشرکین سے تین چیزوں پر صلح کی (۱) مشرکین کا جو فرد آپ کے پاس آئے اسے ان کی طرف واپس کریں گے۔ (۲) مسلمانوں میں سے جو شخص مشرکوں کے پاس چلا جائے وہ اسے واپس نہیں کریں گے[2]۔ (۳) آپ اگلے سال مکہ معظمہ میں داخل[3] ہوں، تین دن قیام کریں[4] اور مکہ مکرمہ میں صرف اس صورت میں داخل ہوں کہ ہتھیار، تلوار اور کمان وغیرہ غلاف میں پوشیدہ ہوں[5]، پس ابو جندل بن سہیل بیڑیوں میں چلتے[6] ہوئے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے انہیں (شرائط کے مطابق) مشرکوں کی طرف لوٹا دیا۔ (صحیحین)

[1] حضرت براء بن عازب مشہور صحابی ہیں۔

[2] یہ قسم واقع میں نہیں پائی گئی اور اس کا وجود بھی نادر ہے[1]

---

[1] صلح میں ان شرائط کا قبول کرنا صحابہ کرام خصوصاً حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے لیے بڑا گراں ثابت ہوا، حتیٰ کہ حضرت عمر نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پھر حضرت ابوبکر صدیق سے عرض کیا کہ جب ہم حق پر ہیں (بقیہ صفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳؎ ہم اس سال مکہ معظمہ میں داخل ہونے اور عمرہ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔

۴؎ اس سے زیادہ قیام نہ کریں۔

۵؎ ہتھیاروں کی نمائش کرتے ہوئے داخل نہ ہوں کہ یہ قہر و غلبہ اور جنگ کی تیاری کی علامت ہے (اور ہتھیار چھپا کر لانا صلح کی نشانی ہے ۱۲ قادری) جلبان جیم اور لام پر پیش اور بار مشدد، کچا چمڑہ جس میں ہتھیار رکھے جاتے ہیں۔

۶؎ حجل قیدیوں کی رفتار اور کوے کی طرح اچھل اچھل کر چلنا، نیز راستے پر کوے کے چلنے کے معنی میں بھی آتا ہے۔

۷؎ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ شرط اس لیے قبول کی کہ اس وقت مسلمان کمزور تھے اور کافروں سے مقابلہ کرنے سے عاجز تھے، اس کے علاوہ عظیم مصلحتیں تھیں جن کے ظاہر و باہر فوائد و ثمرات مرتب ہوئے، مثلاً مکہ معظمہ کی فتح، وہاں کے لوگوں کا اسلام لانا، دین حق کا ظہور، فتح و ظفر کی وسعت اور لوگوں کا جوق در جوق اسلام میں داخل ہونا اور اصل میں اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل اور اپنی بندگی کا اظہار تھا، اس کے علاوہ بے شمار حکمتیں اور اسرار تھے جنہیں اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب مکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

۳۸۶۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ قُرَيْشًا صَالَحُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاشْتَرَطُوْا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ مَنْ جَآءَنَا مِنْكُمْ لَمْ نَرُدَّهُ عَلَيْكُمْ وَمَنْ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ قریش نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے صلح کی اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر یہ شرط عائد کی کہ آپ کا جو فرد ہمارے پاس آئے گا ہم اسے آپ کی طرف نہیں لوٹائیں گے اور جو ہمارا فرد آپ کے پاس آجائے گا

(بقیہ صفحہ گذشتہ) تو پھر دب کر صلح کیوں کی جائے؟ لیکن نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیش نظر یہ بات تھی کہ مشرکین پہلی بار اسلامی سٹیٹ کو تسلیم کر رہے تھے، نیز مکہ مکرمہ سے آنے والا مسلمان اتنا کمزور ایمان والا نہ ہوتا کہ واپس کئے جانے پر وہ ایمان سے برگشتہ ہو جاتا، پھر اللہ تعالیٰ کے فضل سے امید واثق تھی اللہ تعالیٰ اس کے لیے کوئی راستہ پیدا فرما دیتا اور مدینہ منورہ چھوڑ کر جانے والا تو منافق ہی ہو سکتا تھا، اس کا چلے جانا ہی بہتر تھا، اسے واپس بلانے کی کیا ضرورت تھی؟ اللہ اللہ کیا سیاسی بصیرت ہے؟ اور عواقب و نتائج کس طرح پیش نظر ہیں؟ ۱۲ قادری ۱؎ یعنی مسلمانوں میں سے۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

جَآءَكُمْ مِنَّا رَدَدْتُمُوْهُ عَلَيْنَا فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ أَنَكْتُبُ هٰذَا قَالَ نَعَمْ إِنَّهٗ مَنْ ذَهَبَ مِنَّا إِلَيْهِمْ فَأَبْعَدَهُ اللهُ وَمَنْ جَآءَنَا مِنْهُمْ سَيَجْعَلُ اللهُ لَهٗ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تو آپ اسے ہماری طرف واپس کریں گے، صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا ہم یہ شرط لکھیں؟[1] فرمایا ہاں! بے شک شان یہ ہے کہ ہم میں سے جو چلا گیا[3]، پس اللہ تعالیٰ نے اسے دُور[4] پھینک دیا ہے، اور اُن کا جو فرد ہمارے پاس آئے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لیے عنقریب کشادگی[5] اور نکلنے کی جگہ پیدا فرما دے گا۔ (مسلم)

[1] یعنی مسلمانوں میں سے

[2] اور اسے قبول کرلیں؟

[3] اور ہم سے اعراض کر گیا

[4] رحمت اور دائرہ اسلام سے دُور پھینک دیا ہے اور ہمیں اس سے کچھ غرض نہیں ہے اور وُہ کافروں کی ہم نشینی کے زیادہ لائق ہے۔

[5] غم و اندوہ اور سختی سے رہائی اور رنج والم اور مشقت سے نکلنے کا راستہ عطا فرمائے گا، جیسے حضرت ابو بصیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو عطا فرمایا۔

۳۸۶۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فِيْ بَيْعَةِ النِّسَآءِ أَنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْتَحِنُهُنَّ بِهٰذِهِ الْآيَةِ يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَآءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ فَمَنْ أَقَرَّتْ بِهٰذَا الشَّرْطِ مِنْهُنَّ قَالَ لَهَا قَدْ بَايَعْتُكِ كَلَامًا يُكَلِّمُهَا بِهٖ وَاللهِ مَا مَسَّتْ يَدُهٗ يَدَ امْرَأَةٍ قَطُّ فِيْ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے عورتوں کی بیعت کے بارے میں مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس آیت کے ساتھ عورتوں کا امتحان لیا کرتے تھے، اے نبی! جب ایماندار عورتیں تمہارے پاس آئیں تاکہ بیعت کریں[1] تو ان میں سے جو عورت اس شرط کا اقرار کرتی تو آپ اسے فرماتے، تحقیق میں نے تمہیں بیعت کیا، اس عورت سے زبانی گفتگو فرماتے[2] خدا کی قسم! بیعت کرتے وقت کبھی آپ کا دستِ اقدس کسی عورت کے ہاتھ سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اِنَّمَا بَایَعْتُ۔ نہیں چھوا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) (صحیحین)

ؔ؎۱ اس آیت کا پورا مضمون یہ ہے کہ ان شرائط پر بیعت کریں (۱) کسی چیز کو اللہ تعالیٰ کا شریک نہ ٹھہرائیں (۲) چوری نہ کریں (۳) زنا نہ کریں (۴) اپنی اولاد کو قتل نہ کریں، جیسے کہ رواج تھا کہ لڑکیوں کو قتل کر دیتے تھے (۵) بہتان نہ باندھیں اور (۶) نافرمانی نہ کریں۔

؎۲ کہ میں نے تمہیں بیعت کیا اور تمہاری بیعت قبول کی۔

؎۳ یعنی بیعت اگرچہ ہاتھ دینا ہے، لیکن یہ طریقہ مردوں کے لیے تھا، عورتوں کو صرف زبانی کہا جاتا تھا کہ میں نے تمہیں بیعت کیا، بعض مشائخ جو عورتوں کو مرید کرتے ہیں، انہیں بیعت کرتے ہیں اور اپنا ہاتھ پانی میں ڈال کر عورت کو کہتے ہیں کہ تم بھی اپنا ہاتھ اس میں ڈال دو؛ بعض لوگ کپڑے کا ایک کنارا اپنے ہاتھ میں پکڑ لیتے ہیں اور دوسرا عورت کو پکڑا دیتے ہیں، تو ان تکلفات کی حاجت نہیں ہے، سنت پر اکتفا کرنا احسن اور افضل ہے۔ بیعت کی حدیث کو باب صلح میں اس لیے بیان کیا کہ دونوں شرط لگانے میں مشترک ہیں نیز صلح حدیبیہ کے واقعہ میں بھی بیعت واقع ہوئی تھی جسے بیعت رضوان کہتے ہیں۔ جیسے کہ آیت کریمہ میں ہے۔ لَقَدْ رَضِیَ اللّٰہُ عَنِ الْمُؤْمِنِیْنَ اِذْ یُبَایِعُوْنَکَ تَحْتَ الشَّجَرَۃِ (تحقیق اللہ مومنوں سے راضی ہوا جب اے حبیب! وہ تمہاری بیعت کر رہے تھے درخت کے نیچے ۱۲ ق) اس مناسبت سے عورتوں کی بیعت کی حدیث اس جگہ ذکر کر دی، اگرچہ یہ بیعت حدیبیہ میں نہ تھی۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دُوسری فصل

۳۸۶۷ عَنِ الْمِسْوَرِ وَمَرْوَانَ اَنَّھُمْ اصْطَلَحُوْا عَلٰی وَضْعِ الْحَرْبِ عَشْرَ سِنِیْنَ یَأْمَنُ فِیْھِنَّ النَّاسُ وَعَلٰی اَنَّ بَیْنَنَا عَیْبَۃً مَکْفُوْفَۃً وَّاَنَّہٗ لَا اِسْلَالَ وَلَا اِغْلَالَ۔

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت مسور رضی اللہ عنہ اور مروان سے روایت ہے کہ مشرکوں نے دس سال تک جنگ بند کرنے پر صلح کی، لوگ ان سالوں میں امن سے رہیں اور اس شرط پر کہ ہمارے درمیان بند صندوق ہوگا اور یہ کہ نہ تو تلوار میان سے باہر نکالی جائے گی اور نہ ہی خیانت ہوگی۔

(ابو داؤد)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ۔

سلہ عَیْبَۃٌ بے نقطہ عین پر زبر، یا ساکن، اس کے بعد با، وہ چیز جس میں کپڑے رکھے جاتے ہیں، جیسے بقچہ (صندوق، بریف کیس وغیرہ) کہتے ہیں۔ بعض شارحین نے کہا قیمتی اور نفیس کپڑوں کو کہتے ہیں صراح میں ہے عیبہ کپڑے رکھنے والی چیز، قاموس میں ہے عیبہ چمڑے کی زنبیل، اس کی جمع عِیَابٌ اور عَیْبَاتٌ ہے، اس عبارت کے کئی مطلب بیان کئے گئے ہیں، زیادہ ظاہر اور زیادہ مشہور مطلب یہ ہے کہ ہمارے درمیان کینے، مکر، فریب، فساد اور تباہی سے پاک اور صلح و وفا کے حامل سینے ہوں گے۔ عرب، سینوں اور دلوں کو بطور کنایہ عیبہ کہتے ہیں کیونکہ یہ رازوں کی امانت گاہیں ہیں، جیسے کہ عیاب ان ظروف کو کہتے ہیں جن میں قیمتی کپڑے رکھے جاتے ہیں' اور اس میں شک نہیں ہے کہ سینے کا اس دشمنی اور عداوت سے پاک ہونا مراد ہے جو جنگ و جدل، قتل اور لوٹ مار سے متعلق ہو، ورنہ مسلمانوں اور کافروں کے سینے عداوت اور دشمنی سے کیسے پاک ہو سکتے ہیں؟ جب کہ اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں پر کافروں کی دشمنی فرض فرمائی ہے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ عیبہ سے مراد نفسِ مصالحت اور جنگ بندی ہو، یعنی یہ صلح اپنے حال پر بند ہوگی اور اسے کھولا نہیں جائے گا، عربوں کے کلام میں عیبہ کا اطلاق رازوں اور مخفی امور پر معروف و مشہور ہے، بعض شارحین نے کہا۔ مطلب یہ ہے کہ ہمارے درمیان اس سے پہلے جو کچھ ہو چکا ہے وہ سر بند اور مقفل رہے اسے نہ تو ظاہر کیا جائے گا اور نہ ہی یاد کیا جائے گا۔

سلہ اِسلال ہمزے کے نیچے زیر، بے نقطہ سین، اِغلال ہمزے کے نیچے زیر نقطے والی غین ساکن۔ شارحین نے کہا کہ اسلال کا معنی ہے پوشیدہ طور پر چوری کرنا اور اغلال کا معنی خیانت کرنا ہے، مطلب یہ ہے کہ ہم میں سے کوئی دوسرے کا مال چوری چھپے یا اعلانیہ نہیں لے گا، بعض نے کہا اسلال کا معنی تلوار کا میان سے نکالنا ہے اور اغلال کا معنی زرہ پہننا ہے، قاموس میں ہے کہ غلائل زرہوں کو بھی کہتے ہیں اور غلالہ اس کپڑے کو کہتے ہیں جو دوسرے کپڑے کے نیچے پہنا جائے، جسے شعار بھی کہتے ہیں (جیسے بنیان وغیرہ) بہر صورت بطور کنایہ جنگ بندی مراد ہے۔

۳۶۶۸ وَعَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ عِدَّةٍ مِّنْ أَبْنَاءِ أَصْحَابِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ آبَائِهِمْ عَنْ رَسُولِ

صفوان بن سلیم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابۂ کرام کے متعدد صاحبزادوں سے روایت کرتے ہیں انہوں نے اپنے آباء سے اور انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی کہ خبردار! جو معاہدہ کرنے والے پہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ اَلَا مَنْ ظَلَمَ مُعَاهِدًا اَوِ انْتَقَصَهُ اَوْ كَلَّفَهُ فَوْقَ طَاقَتِهٖ اَوْ اَخَذَ مِنْهُ شَيْئًا بِغَيْرِ طِيْبِ نَفْسٍ فَاَنَا حَجِيْجُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ.

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

ظلم کرے یا اس کے لیے مقرر کردہ مدت میں کمی کرے یا اسے اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف دے یا اس کی خوشی کے بغیر اس سے کوئی چیز لے تو قیامت کے دن میں اس کا فریق مخالف[۵] ہوں گا۔

(ابوداؤد)

[۱] صفوان بن سلیم، سین پر پیش، مدینہ منورہ کے باشندے جلیل القدر تابعی، اللہ تعالیٰ کے نیک اور صالح بندوں میں سے تھے، ثقہ، عبادت میں مشہور اور امام و مقتدا تھے، چالیس سال تک زمین پر پشت نہ لگائی، کہتے ہیں کہ سجدوں کی کثرت کے سبب ان کی پیشانی میں سوراخ ہو گیا تھا، تھوڑے مال پر قناعت کرتے، شاہی تحفے قبول نہیں کرتے تھے، حضرت صفوان رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آزاد کردہ غلام تھے، وفات کے وقت نزع کی شدت کے باوجود بیٹھے ہوئے تھے، ان کی صاحبزادی نے عرض کی کہ اگر آپ زمین پر لیٹ جائیں تو کیا حرج ہے؟ فرمایا، بیٹی! میں نے نذر مان کر اور قسم کھا کر اللہ تعالیٰ کے لیے اپنے اوپر جو چیز لازم کی تھی میں اسے اس وقت بھی پورا کرنا چاہتا ہوں، چنانچہ اسی طرح بیٹھے بیٹھے جان، جاں آفریں کے سپرد کر دی، حضرت ابن عمر، عبداللہ بن جعفر، انس بن مالک اور تابعین کی ایک جماعت سے روایت کرتے ہیں، ان سے امام مالک اور ابن عیینہ وغیرہما روایت کرتے ہیں سنہ ۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور سنہ ۱۳۲ھ میں وفات پائی رحمہ اللہ تعالیٰ۔

[۲] اس سے ذمی مراد ہے۔

[۳] نقطے والے ضاد کے ساتھ ــــ یعنی اس کے حق میں کمی کرے۔

[۴] اگر وہ ذمی ہے تو اس کی طاقت سے زیادہ جزیہ لے اور اگر حربی ہے اور تجارت کے لیے (اجازت لے کر) آیا ہوا ہے تو مالِ تجارت کے دسویں حصے سے زیادہ لے ــــ تکلیف کسی کو طاقت کے مطابق کام کا حکم دینا۔

[۵] اس کے خلاف حجت پیش کروں گا اور اس پر غلبہ پاؤں گا۔

۳۸۶۹ وَعَنْ اُمَيْمَةَ بِنْتِ حضرت امیمہ بنت رقیقہ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رُقَيْقَةَ قَالَتْ بَايَعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نِسْوَةٍ فَقَالَ لَنَا فِيْمَا اسْتَطَعْتُنَّ وَ اَطَقْتُنَّ قُلْتُ اَللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَرْحَمُ بِنَا مِنَّا بِاَنْفُسِنَا قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ بَايِعْنَا تَعْنِيْ صَافِحْنَا قَالَ اِنَّمَا قَوْلِيْ لِمِائَةِ امْرَاَةٍ كَقَوْلِيْ لِامْرَاَةٍ وَّاحِدَةٍ

(رواه)

روایت ہے کہ میں نے عورتوں کی ایک جماعت میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بیعت کی آپ نے ہمیں فرمایا: ہم نے تمہیں اس چیز میں بیعت کیا جس کی تم طاقت و استطاعت رکھتی ہو میں نے کہا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہماری جانوں سے زیادہ ہم پر مہربان ہیں (پھر) عرض کیا یا رسول اللہ ہمیں بیعت فرمائیں یعنی ہم سے مصافحہ فرمائیں، فرمایا: سو عورتوں کے لیے ہمارا قول ایسے ہی ہے جیسے ہمارا قول ایک عورت کے لیے اس حدیث کو روایت کیا

۱ امیمہ ہمزے پر پیش، دونوں میموں پر زبر، درمیان میں یا ساکن بنت رقیقہ، را پر پیش دونوں قافوں پر زبر، درمیان میں یا ساکنہ اور آخر میں تا، دونوں صحابیہ ہیں اور اہل مدینہ میں شمار کی جاتی ہیں، ان سے محمد بن منکدر اور دوسرے حضرات روایت کرتے ہیں، حضرت رقیقہ، حضرت ام المؤمنین خدیجہ کی بہن ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

۲ انہوں نے بھی بیعت کی۔

۳ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورتوں پر شفقت فرمائی کہ بیعت کو طاقت و استطاعت کے ساتھ مقید کر دیا۔

۴ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان کا شکریہ ادا کرنے کے لیے اور یہ مزید شفقت کا مطالبہ کرنے کی تمہید تھی۔ (مطالبے کا ذکر آ رہا ہے)

۵ یعنی اپنا دستِ مبارک ہمارے ہاتھوں پر رکھیں جیسے کہ بیعت کی حقیقت ہے اور جس طرح آپ مردوں کو بیعت کرتے ہیں، ہمیں صرف زبانی طور پر بیعت نہ فرمائیں۔

۶ جب حضرت امیمہ نے مطالبہ کیا کہ ہر ایک سے مصافحہ فرمائیں اور صرف زبانی ارشاد پر اکتفا نہ فرمائیں تو فرمایا کہ ہمارا زبان سے فرما دینا کافی ہے، مصافحہ کی ضرورت نہیں ہے، نیز ہر عورت کو الگ الگ بیعت کرنے کی ضرورت نہیں ہے، سب کے لیے ایک ہی ارشاد کافی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے اصل کتاب میں یہاں جگہ خالی ہے، حاشیہ میں ہے کہ اس حدیث کو امام ترمذی، ابن ماجہ اور امام مالک نے موطا میں روایت کیا، ان تمام حضرات نے یہ حدیث محمد بن منکدر سے اور انہوں نے حضرت امیمہ سے روایت کی، امام ترمذی نے فرمایا یہ حدیث حسن، صحیح ہے، صرف محمد بن منکدر کی روایت سے معلوم ہے، اسی طرح علامہ جزری نے فرمایا۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۳۸۷۰ عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ اعْتَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذِى الْقَعْدَةِ فَاَبٰى اَهْلُ مَكَّةَ اَنْ يَّدَعُوْهُ يَدْخُلُ مَكَّةَ حَتّٰى قَاضَاهُمْ عَلٰى اَنْ يَّدْخُلَ يَعْنِىْ مِنَ الْعَامِ الْمُقْبِلِ يُقِيْمُ بِهَا ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَلَمَّا كَتَبُوا الْكِتَابَ كَتَبُوْا هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ قَالُوْا لَا نُقِرُّ بِهَا فَلَوْ نَعْلَمُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا مَنَعْنَاكَ وَلٰكِنْ اَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ وَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ لِعَلِىِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ اُمْحُ رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا وَاللّٰهِ

تیسری فصل

حضرت براء بن عازب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ذیقعدہ میں عمرے کا ارادہ کیا[1] اہل مکہ نے آپ کو مکہ مکرمہ میں داخلے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا، حتّٰی کہ آپ نے ان سے صلح فرمائی کہ آپ اگلے سال مکہ معظمہ آئیں اور تین دن وہاں قیام کریں[2] جب صلح نامہ لکھا گیا تو صحابۂ کرام نے لکھا یہ وہ صلح نامہ ہے جس پر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح کی ہے، مشرکوں نے کہا۔ ہم آپ کی رسالت کا اقرار نہیں کرتے[3] اگر ہم جانتے کہ آپ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں تو آپ کا راستہ نہ روکتے ہاں آپ محمد بن عبداللہ ہیں[4] آپ نے فرمایا: میں اللہ تعالیٰ کا رسول ہوں اور محمد بن عبداللہ ہوں[5] پھر حضرت علی ابن ابی طالب کو فرمایا[6] لفظ رسول اللہ مٹا دو۔[7] انہوں نے عرض کیا خدا کی قسم! میں کبھی بھی آپ کا نام پاک نہیں مٹاؤں گا[8] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صلح نامہ لے لیا، حالانکہ آپ اچھی طرح نہیں لکھتے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَا اَمْحُوْكَ اَبَدًا فَاَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ يُحْسِنُ يَكْتُبُ فَكَتَبَ هٰذَا مَا قَاضٰى عَلَيْهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ لَا يَدْخُلُ مَكَّةَ بِالسِّلَاحِ اِلَّا السَّيْفَ فِى الْقِرَابِ وَ اَنْ لَّا يَخْرُجَ مِنْ اَهْلِهَا بِاَحَدٍ اِنْ اَرَادَ اَنْ يَّتْبَعَهٗ وَ اَنْ لَّا يَمْنَعَ مِنْ اَصْحَابِهٖ اَحَدًا اِنْ اَرَادَ اَنْ يُّقِيْمَ بِهَا فَلَمَّا دَخَلَهَا وَمَضَى الْاَجَلُ اَتَوْا عَلِيًّا فَقَالُوْا قُلْ لِصَاحِبِكَ اُخْرُجْ عَنَّا فَقَدْ مَضَى الْاَجَلُ فَخَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

تھے[۹]، پس آپ نے لکھا یہ وہ صلح نامہ ہے جو محمد بن عبداللہ نے طے کیا ہے کہ مکہ معظمہ میں ہتھیار لے کر نہیں آئیں گے، مگر تلوار تھیلے میں ہوگی اور اگر اہل مکہ میں سے کوئی ان کے ساتھ جانا چاہے گا تو اسے ساتھ نہیں لے جائیں گے اور اگر ان کا کوئی ساتھی مکہ میں رہنا چاہے تو اسے منع نہیں کریں گے، جب آپ (اگلے سال) مکہ میں داخل ہوئے اور مدت گزر گئی[۱۰] تو مشرکین حضرت علی کے پاس آکر کہنے لگے، اپنے صاحب سے کہو کہ یہاں سے تشریف لے جائیں کیونکہ مدت گزر چکی ہے[۱۱] چنانچہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے گئے[۱۲]

(صحیحین)

[۱] اور اس کا احرام باندھا۔
[۲] اس سے زیادہ نہیں۔
[۳] لہٰذا ہمارے لیے یہ عبارت قابلِ قبول نہیں ہے۔
[۴] اور یہی نام معاہدے میں لکھیں۔
[۵] دونوں میری صفتیں ہیں جو بھی لکھ دو درست ہے۔
[۶] وہی صلحنامہ لکھ رہے تھے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے محو کا معنی ہے مٹانا اور صاف کر دینا۔

۸ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سمجھا کہ یہ حکم وجوبی نہیں ہے، ورنہ مخالفت کی گنجائش نہ ہوتی اور حقیقت میں مخالفت نہیں بلکہ عین موافقت ہے اور انتہائی محبت اور اخلاص پر مبنی ہے۔

۹ یعنی آپ لکھنا نہیں جانتے تھے۔

۱۰ قراب قاف کے نیچے زیر وُہ تھیلا جس میں تلوار نیام سمیت رکھی جاتی ہے، اسی کو اس سے پہلے ایک حدیث میں جُلُبّان کہا گیا ہے۔

۱۱ طے یہ پایا تھا کہ آپ تین دن مکہ معظمہ میں قیام کریں گے۔

۱۲ ایک روایت میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیسا رہے؟ اگر ہم تمہاری دعوت کریں اور ایک دن مزید قیام کریں، انہی دنوں آپ نے حضرت ام المؤمنین میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کیا تھا ان کے ولیمے کی تقریب بھی درپیش تھی، مشرکین نے کہا آپ تشریف لے جائیں۔ ہمیں آپ کے کھانے کی حاجت نہیں ہے[۱]

۱۳ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لکھنے میں علماء کا اختلاف ہے بعض کہتے ہیں کہ آپ نے کبھی نہیں لکھا اور آپ لکھ بھی نہیں سکتے تھے، کیونکہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو اُمّی کہا ہے اور اُمّی اس شخص کو کہتے ہیں جو کتاب سے پڑھ نہ سکے اور نہ ہی لکھ سکے، بعض علماء کہتے ہیں کہ جب آپ کی نبوت پر دلیل قائم ہوگئی اور شک و شبہہ ختم ہوگیا تو آپ نے بنفسِ نفیس لکھا۔ اس حدیث کا ظاہر ان حضرات کی دلیل ہے، انکار کرنے والے یہ تاویل پیش کرتے ہیں کہ کتابت سے مُراد لکھنے کا حکم دینا ہے اور یہ علماء بیان کے ہاں مشہور مجاز ہے، جیسے کہ کہتے ہیں کہ امیر نے شہر تعمیر کیا، مطلب یہ ہے کہ اس نے شہر تعمیر کرنے کا حکم دیا، یہ مطلب نہیں کہ اس نے اپنے ہاتھ سے شہر بنایا ہے، یہ ہے ان کے اختلاف کا خلاصہ اور اس سلسلے میں اجمالی گفتگو۔

اس مسئلے کی تفصیل فتح الباری میں بیان کی گئی ہے، مناسب رہے گا کہ ہم اسے اس جگہ نقل کر دیں علامہ ابن حجر رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ امام بخاری، مغازی میں ایک حدیث لائے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صلح نامہ پکڑا، حالانکہ آپ اچھی طرح نہیں لکھتے تھے، آپ نے لکھا یہ وُہ صلح نامہ ہے جو محمد بن عبداللہ (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے طے کیا ہے، بعض علماء نے اس حدیث کے ظاہر سے استدلال کیا ہے مغرب کے عظیم عالم ابوالولید باجی اسی کے قائل ہیں، انہوں نے کہا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پہلے نہیں

---

[۱] ایک اور روایت میں آیا ہے کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ یہ تمہارا اور تمہارے باپ کا (باقی صفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لکھتے تھے بعد میں آپ نے لکھا، اندلس کے علماء نے ابوالولید پر طعن کیا اور انہیں قرآن مجید کی مخالفت کی بناء پر کافر اور زندیق قرار دیا، ارشادِ ربانی ہے وَمَا كُنْتَ تَتْلُوا مِنْ كِتَابٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ اِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ ۔ تم اس سے پہلے کتاب دیکھ کر نہیں پڑھتے تھے اور نہ ہی اپنے ہاتھ سے اسے لکھتے تھے۔ (ایسا ہوتا) تب تو جھوٹے شک میں پڑجاتے۔

اس وقت کے بادشاہ نے علماء کو جمع کیا، ابوالولید باجی کے پاس جو علوم و معارف تھے ان کے سامنے پیش کئے اور کہا کہ میرا دعوٰی قرآن کریم کے مخالف نہیں ہے بلکہ مفہوم قرآن سے ماخوذ ہے، کیونکہ قرآن پاک میں خطِ کتابت کی نفی مقید ہے، نزولِ قرآن سے پہلے زمانے کے ساتھ، اور جب نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا امّی ہونا ثابت ہوگیا اور اس بناء پر معجزہ متحقق ہوگیا اور شک و شبہہ دُور ہوگیا تو اس امر سے کوئی مانع نہیں ہے کہ آپ کسی مخلوق کی تعلیم کے بغیر لکھنا سیکھ لیں اور یہ دُوسرا معجزہ ہوگا، یہ گفتگو سُن کر علماء کی ایک جماعت ابوالولید سے متفق ہوگئی، ان میں علامہ ابوالولید کے استاذ ابوذر ہروی، ابوالفتح نیشاپوری اور افریقہ کے دُوسرے علماء تھے۔

ان میں سے بعض علماء نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے جسے ابن ابی شیبہ نے مجالد سے اور انہوں نے عون بن عبداللہ سے روایت کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے جانے سے پہلے لکھ لیتے تھے اور لکھا ہُوا پڑھ لیتے تھے،

مجالد نے یہ حدیث امام شعبی سے بیان کی تو انہوں نے کہا عون نے صحیح کہا ہے میں نے بھی کسی کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سُنا ہے، قاضی عیاض مالکی نے کہا کہ ایسے آثار اور روایات وارد ہوئی ہیں جن سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حروف، خط اور خوشخطی کو پہچانتے تھے، اس سے لکھنے کا ثبوت نہیں ملتا بلکہ اندازِ کتابت کے علم کا پتہ چلتا ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہر چیز کا علم عطا کیا گیا تھا، اس کے بعد بھی اس مسئلے میں علامہ ابن حجر کی گفتگو طویل ہے۔ آخر میں فرمایا کہ حق یہ ہے کہ کتابت سے مراد کتابت کا حکم ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

(بقیہ صفحہ گذشتہ) شہر نہیں ہے، ہم تمہارے دباؤ پر نہیں بلکہ اپنی مرضی سے جب چاہیں گے چلے جائیں گے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مسکراتے ہُوئے انہیں تسلی دی ۔۱۲

(حاشیہ اشعۃ اللمعات)

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

بَابُ اِخْرَاجِ الْیَهُوْدِ مِنْ جَزِیْرَةِ الْعَرَبِ

۲۹۵۔ یہودیوں کو جزیرہ عرب سے نکالنے کا بیان

جزیرہ وُہ زمین جس کا دریا نے احاطہ کر رکھا ہو، جزیرہ عرب وُہ خطہ ہے جس کا احاطہ بحرِ ہند، بحرِ شام، دجلہ اور فرات نے کر رکھا ہے یا لمبائی میں عدن سے اطرافِ شام تک اور چوڑائی میں جدّہ سے ریفِ عراق تک، اسی طرح قاموس میں ہے، کتاب کی ابتدار، باب الوسوسہ میں اس کے بارے میں ہم متعدد اقوال نقل کر چکے ہیں، حضرتِ مصنف نے عنوان میں عیسائیوں کے نکالنے کا ذکر نہیں کیا، حالانکہ فصل کے آخر میں ان کا ذکر واقع ہوا ہے۔ ہو سکتا ہے اس کی وجہ یہ ہو کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہودیوں کو تو نکالا، لیکن عیسائیوں کے نکالنے کا اتفاق نہیں ہوا۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۳۸۷۱ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ بَیْنَ نَحْنُ فِی الْمَسْجِدِ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ انْطَلِقُوْا اِلٰی یَهُوْدَ فَخَرَجْنَا مَعَهٗ حَتّٰی جِئْنَا بَیْتَ الْمِدْرَاسِ فَقَامَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا مَعْشَرَ یَهُوْدَ اَسْلِمُوْا تَسْلَمُوْا اِعْلَمُوْا اَنَّ الْاَرْضَ

پہلی فصل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم مسجد میں تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شانۂ مبارکہ سے تشریف لائے فرمایا: یہودیوں کی طرف چلو، ہم آپ کے ساتھ نکلے حتیٰ کہ ہم یہودیوں کے درس خانہ میں آئے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر فرمایا: اے گروہِ یہود! اسلام لے آؤ، تاکہ بچ جاؤ، جان لو کہ زمین اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی ہے[۱] اور میں چاہتا ہوں کہ تمہیں اس علاقے سے نکال دوں[۲] تو تم

لِلّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ وَاِنِّیْ اُرِیْدُ اَنْ اُجْلِیَكُمْ مِنْ هٰذِهِ الْاَرْضِ فَمَنْ وَّجَدَ مِنْكُمْ بِمَالِهٖ شَیْئًا فَلْیَبِعْهُ.	میں سے جسے اپنے مال کے بدلے کوئی چیز ملے تو لے بیچ دے۔[۵]
(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)	(صحیحین)

[۱] درس اور دراست کا معنی ہے کتاب کا پڑھنا، اسی طرح قاموس میں ہے، صراح میں ہے، درس، دراست اور تدریس، کتاب کا سبق پڑھانا، مدرسہ درس کی جگہ (صراح) بعض شارحین نے کہا کہ مدراس اس عالم کو کہتے ہیں جو کتاب کا درس دے مِفْعَلٌ اور مِفْعَالٌ مبالغے کے صیغے ہیں۔

[۲] دنیا اور آخرت کی مصیبتوں سے۔

[۳] اللہ تعالیٰ زمین کا خالق و مالک ہے اور بطورِ نیابت و خلافت، زمین رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی ہے۔ چنانچہ ارشادِ ربانی ہے قُلْ اِنَّ الْاَرْضَ لِلّٰهِ یُوْرِثُهَا مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ تم فرما دو کہ زمین اللہ کی ہے اپنے بندوں میں سے جسے چاہتا ہے عطا فرماتا ہے۔

[۴] اللہ تعالیٰ کے حکم سے ـــــ صراح میں ہے اِجْلَاءٌ مال و اسباب سے نکل جانا اور نکال دینا

[۵] یعنی زمین وغیرہ جو چیزیں منتقل نہیں کی جا سکتیں انہیں بیچ دو۔

۳۸۷۲/۲ وعن ابْنِ عُمَرَ قَالَ عُمَرُ خَطِیْبًا فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ عَامَلَ یَهُوْدَ خَیْبَرَ عَلٰی اَمْوَالِهِمْ وَقَالَ نُقِرُّکُمْ مَا اَقَرَّکُمُ اللّٰهُ وَ قَدْ رَاَیْتُ اِجْلَاءَهُمْ فَلَمَّا اَجْمَعَ عُمَرُ عَلٰی ذٰلِكَ اَتَاهُ اَحَدُ بَنِیْ اَبِی الْحُقَیْقِ فَقَالَ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَتُخْرِجُنَا	حضرت ابنِ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے تو فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے یہودیوں سے ان کے اموال[۱] پر معاملہ فرمایا اور ارشاد فرمایا کہ ہم تمہیں اس وقت تک ٹھہرائیں گے جب تک اللہ تعالیٰ ٹھہرائے گا اور میں نے یہودیوں کو جلا وطن کرنے کا فیصلہ کر لیا ہے، جب حضرت عمر نے یہ طے کر لیا تو آپ کے پاس بنو ابو الحقیق[۲] کا ایک شخص آ کر کہنے لگا: امیر المؤمنین!

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَ قَدْ اَقَرَّنَا مُحَمَّدٌ وَ عَامَلَنَا عَلَى الْاَمْوَالِ فَقَالَ عُمَرُ اَظَنَنْتَ اَنِّیْ نَسِیْتُ قَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ بِكَ اِذَا اُخْرِجْتَ مِنْ خَيْبَرَ تَعْدُوْ بِكَ قَلُوْصُكَ لَيْلَةً بَعْدَ لَيْلَةٍ فَقَالَ هٰذِهٖ كَانَتْ هُزَيْلَةً مِّنْ اَبِی الْقَاسِمِ فَقَالَ كَذَبْتَ يَا عَدُوَّ اللّٰهِ فَاَجْلَاهُمْ عُمَرُ وَ اَعْطَاهُمْ قِيْمَةَ مَا كَانَ لَهُمْ مِّنَ الثَّمَرِ مَالًا وَّ اِبِلًا وَّ عُرُوْضًا مِّنْ اَقْتَابٍ وَّ حِبَالٍ وَّ غَيْرِ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

کیا آپ ہمیں نکال دیں گے؟ حالانکہ محمد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) نے ہمیں ٹھہرایا تھا اور ہمارے ساتھ اموال پر معاملہ کیا تھا[۴]۔ حضرت عمر نے فرمایا! کیا تیرا گمان ہے؟ کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کا یہ فرمان[۵] بھول چکا ہوں، اس وقت تیرا حال کیا ہوگا؟ جب تجھے خیبر سے نکالا جائے گا، تیری اونٹنیاں[۶] ایک رات کے بعد دوسری رات تجھے لے کر بھاگ رہی ہوں گی، اس نے کہا کہ یہ تو ابو القاسم[۷] کا مزاح تھا، حضرت عمر نے فرمایا: او دشمنِ خدا تو نے جھوٹ کہا، چنانچہ آپ نے انہیں جلاوطن کر دیا اور ان کے پھلوں کی قیمت کے طور پر انہیں مال، اونٹ، سامان، اونٹوں کے پالان اور ان کی رسیاں[۹] وغیرہ دیں۔

(بخاری)

سلہ کھجور کے درختوں اور کھیتیوں وغیرہ پر۔

سلہ بنو ابو الحقیق بے نقطہ حا، پر پیش، پہلے ق پر زبر، دونوں قافوں کے درمیان یا، ساکن۔ وہ شخص یہودی قبیلوں کا ایک سردار تھا۔

سلہ خیبر میں۔

سلہ طے یہ فرمایا تھا کہ اموال ہمارے پاس رہیں گے اور ہم خراج دیں گے، جیسے کہ کتاب البیوع میں گزرا۔

سلہ جو تجھے مخاطب کرتے ہوئے فرمایا تھا۔

سلہ قلوص قاف پر زبر، جوان اونٹ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے ابوالقاسم، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کنیت ہے ——— یعنی یہ بات سنجیدگی سے نہیں بلکہ بطورِ مزاح فرمائی تھی۔

ۓ یعنی کھجوروں وغیرہ ——— زیادہ تر یہودیوں کا مال کھجوریں ہی تھیں۔

۹ اقتاب جمع ہے قتب کی قاف اور تاء دونوں پر زبر، چھوٹا پالان، حبال بے نقطہ حاء کے نیچے زیر، حبل کی جمع، رسی۔

۳۸۷۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْصٰى بِثَلٰثَةٍ قَالَ أَخْرِجُوا الْمُشْرِكِيْنَ مِنْ جَزِيْرَةِ الْعَرَبِ وَأَجِيْزُوا الْوَفْدَ بِنَحْوِ مَا كُنْتُ أُجِيْزُهُمْ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ وَسَكَتَ عَنِ الثَّالِثَةِ أَوْ قَالَ فَأُنْسِيْتُهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وصال کے وقت تین وصیتیں فرمائیں: فرمایا: مشرکین کو جزیرۂ عرب[1] سے نکال دو اور آنے والے نمائندوں کو تحفے[2] دینا جس طرح ہم انہیں دیا کرتے تھے۔ ابن عباس نے فرمایا کہ تیسری بات سے آپ نے خاموشی اختیار کی[3] یا انہوں[4] نے فرمایا کہ مجھے وہ بات بھلا دی گئی۔ (صحیحین)

لہ شارحین نے فرمایا کہ اس جگہ جزیرۂ عرب سے مراد مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ ہے، علامہ طیبی نے نقل کیا کہ امام شافعی نے اس حکم کو حجاز کے ساتھ خاص کیا ہے، اور ان کے نزدیک حجاز نام ہے حرمین شریفین، یمامہ اور ان کے مضافات کا، یمن وغیرہ اس میں داخل نہیں۔

سلہ صراح میں ہے جائزہ، عطا کو کہتے ہیں قاموس میں ہے جائزہ عطیہ، تحفہ اور مہربانی۔

سلہ کسی عارضے کی وجہ سے۔

سکہ مشکوٰۃ شریف کی عبارت کے ظاہر سے یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ ابن عباس کا قول ہے، حاشیہ میں ہے کہ سَکَتَ سلیمان احول کا قول ہے جو حضرت سعید بن جبیر سے اور وہ ابن عباس سے راوی ہیں۔ یعنی سلیمان نے کہا کہ سعید بن جبیر نے تیسری بات کے بیان کرنے سے سکوت کیا یا حضرت سعید نے کہا کہ مجھے وہ بات بھلا دی گئی ہے۔
مشکوٰۃ شریف کی عبارت میں تسامح ہے۔ (حاشیہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حضرت قاضی عیاض نے فرمایا ہو سکتا ہے کہ تیسری بات یہ ارشاد ہو کہ میری قبر کو میرے بعد بُت نہ بنالینا، جیسے کہ امام مالک نے موطا میں بیان کیا،

۳۸۷۴ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَاُخْرِجَنَّ الْیَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی مِنْ جَزِیْرَةِ الْعَرَبِ حَتّٰی لَا اَدَعَ فِیْهَا اِلَّا مُسْلِمًا (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مجھے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیان کیا کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ ہم جزیرہ عرب سے یہودیوں اور عیسائیوں کو ضرور نکال دیں گے اور اس میں مسلمان کے سوا کسی کو رہنے نہیں دیں گے (مسلم)

وَفِیْ رِوَایَةٍ لَئِنْ عِشْتُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ لَاُخْرِجَنَّ الْیَهُوْدَ وَالنَّصَارٰی مِنْ جَزِیْرَةِ الْعَرَبِ۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ اگر ہم زندہ رہے تو ان شاء اللہ تعالیٰ یہود ونصاریٰ کو جزیرہ عرب سے ضرور نکال دیں گے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دُوسری فصل

لَیْسَ فِیْهِ اِلَّا حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ لَا یَكُوْنُ قِبْلَتَانِ وَقَدْ مَرَّ فِیْ بَابِ الْجِزْیَةِ۔

اس فصل میں صرف ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی یہ حدیث ہے کہ دو قبلے نہیں ہوں گے، جو باب الجزیہ میں گزر چکی ہے [۱]

[۱] جس کا ترجمہ یہ ہے کہ ایک زمین میں دو قبلے نہیں ہوں گے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۳۸۷۵ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَجْلٰی

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْیَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰی مِنْ اَرْضِ الْحِجَازِ وَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ظَهَرَ عَلٰى اَهْلِ خَيْبَرَ اَرَادَ اَنْ يُّخْرِجَ الْيَهُوْدَ مِنْهَا وَ كَانَتِ الْاَرْضُ لَمَّا ظُهِرَ عَلَيْهَا لِلّٰهِ وَ لِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُسْلِمِيْنَ فَسَاَلَ الْيَهُوْدُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتْرُكَهُمْ عَلٰى اَنْ يَّكْفُوا الْعَمَلَ وَ لَهُمْ نِصْفُ الثَّمَرِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نُقِرُّكُمْ عَلٰى ذٰلِكَ مَا شِئْنَا فَاُقِرُّوْا حَتّٰى اَجْلَاهُمْ عُمَرُ فِيْ اِمَارَتِهٖ اِلٰى تَيْمَاءَ وَ اَرِيْحَاءَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اللہ تعالیٰ عنہ نے یہود و نصاریٰ کو خطۂ حجاز سے جلا وطن کیا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جب خیبر پر غلبہ حاصل کیا تو یہود و نصاریٰ کو وہاں سے نکالنے کا ارادہ کیا تھا جب خیبر پر غلبہ پایا گیا تو زمین[1] اللہ تعالیٰ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور مسلمانوں کی تھی، یہودیوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ انہیں اس شرط پر وہاں رہنے دیا جائے کہ وہ کام کی ذمہ داری سنبھال لیں گے اور ان کے لیے آدھا پھل[2] ہوگا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہم جب تک چاہیں[3] گے تمہیں اس شرط پر ٹھہرائیں گے، چنانچہ انہیں ٹھہرایا گیا، یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنے دورِ خلافت میں انہیں تیما[4] اور اریحا[5] کی طرف نکال دیا۔

(صحیحین)

[1] ہر زمین پر جو بھی ہو۔

[2] اور زمین کی آدھی پیداوار، یعنی تمام محنت و مشقت یہودی کریں گے اور پیداوار کا نصف بطور خراج دیں گے۔ لَهُمْ کی ضمیر مسلمانوں کی طرف بھی لوٹ سکتی ہے، دونوں صورتوں کا مطلب ایک ہی ہوگا۔

[3] مطلب یہ کہ ہم تمہیں ہمیشہ ٹھہرانے کا معاہدہ نہیں کرتے، اگر ہم چاہیں گے تمہیں رہنے دیں گے اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

چاہیں گے تو نکال دیں گے۔

ﷺ تیماءٗ تا پر زبر، یا ساکن، آخر میں الف ممدودہ، بروزن حمراء

۵ اریحاء ہمزے پر زبر، یار ساکن، بے نقطہ حار اور الف ممدودہ، تیماء اور اریحاء شام کے دو شہر ہیں۔ اسی طرح مجمع البحار میں ہے، مشارق الانوار میں ہے کہ تیماء سمندر کے کنارے بنو طے کا مرکزی شہر ہے، وہاں سے لوگ شام کے شہروں کو جاتے ہیں، مختصر نہایہ میں ہے کہ اریحاء، بیت المقدس کے قریب ایک گاؤں ہے، علامہ طیبی نے کہا اس جگہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مراد جزیرۂ عرب کا کچھ حصہ تھا جو حجاز میں ہے کیونکہ تیماء جزیرۂ عرب سے ہے اور حجاز سے نہیں ہے (طیبی) مخفی نہ رہے کہ مذکورہ بیانات کے مطابق تیماء اور اریحاء دونوں جزیرۂ عرب سے ہیں پھر تیماء کی تخصیص کی کیا وجہ ہوئی؟

بَابُ الْفَیْءِ

۲۹۱ ـ فیئے کا بیان

اس سے پہلے اشارہ کیا گیا ہے کہ فیئ اور غنیمت کا ایک ہی معنیٰ ہے قاموس، مشارق اور ہدایہ سے بھی اسی طرح معلوم ہوتا ہے، صاحب نہایہ نے کہا کہ فیئ وہ مال ہے جو جنگ اور جہاد کے بغیر مسلمانوں کو کافروں سے حاصل ہو، حضرت مؤلف کی مراد بھی یہی معنیٰ ہے، فیئ کا حکم یہ ہے کہ وہ عام مسلمانوں کے لیے ہوتا ہے، اس میں نہ تو پانچواں حصہ ہے اور نہ ہی تقسیم، اس میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اختیار تھا جیسے کہ اس حدیث میں بیان کی جانے والی احادیث سے معلوم ہوتا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۳۸۷۶ عَنْ مَّالِكِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ كَانَ

حضرت مالک بن اوس بن حدثان[۱] سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

عُمَرَ بْنُ الْخَطَّابِ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ خَصَّ رَسُوْلَهٗ فِيْ هٰذَا الْفَيْءِ بِشَيْءٍ لَمْ يُعْطِهٖ اَحَدًا غَيْرَهٗ ثُمَّ قَرَءَ مَا اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ اِلٰى قَوْلِهٖ قَدِيْرٌ فَكَانَتْ هٰذِهٖ خَالِصَةً لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْفِقُ عَلٰى اَهْلِهٖ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ مِنْ هٰذَا الْمَالِ ثُمَّ يَاْخُذُ مَا بَقِيَ فَيَجْعَلُهٗ مَجْعَلَ مَالِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

عنہ نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس فیئ میں ایک چیز کے ساتھ مخصوص فرمایا جو آپ کے علاوہ کسی کو نہیں دی، پھر انہوں نے یہ آیت پڑھی: جو غنیمت اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو اُن سے دلائی ——— قدیر تک [۲] تو یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے خاص تھی [۳] آپ اس مال میں سے اپنے اہل و عیال کو ایک سال کا خرچ عطا فرماتے تھے [۴] پھر آپ باقی کو لے کر اللہ تعالیٰ کے مال کے مصرف میں صرف فرما دیتے تھے [۵] (صحیحین)

[۱] مالک بن اوس ہمزے پر زبر، واؤ ساکن اور بے نقطہ سین بن الحدثان پہلے دونوں بے نقطہ حرفوں پر زبر، ان کے بعد تین نقطوں والی ثاء، ان کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے، ابن عبد البر نے کہا کہ اکثر علماء کے نزدیک وہ صحابی ہیں، امام بخاری نے فرمایا: بعض محدثین کہتے ہیں کہ وہ صحابی ہیں، لیکن یہ بات پایۂ صحت کو نہیں پہنچی، ابن حبان نے ان کا ذکر ثقہ حضرات میں کیا ہے اور کہا کہ جن حضرات نے انہیں صحابی قرار دیا ہے انہیں وہم ہوا ہے، صحابۂ کرام سے بکثرت روایت کرتے ہیں، حضرات عشرہ مبشرہ سے بھی روایت کرتے ہیں عموماً حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں، ان سے بہت سے تابعین روایت کرتے ہیں، ان کا وصال مدینہ منورہ میں ۹۲ھ میں ہوا، رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

[۲] پوری آیت اس طرح ہے وَمَآ اَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَآ اَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ وَّلٰكِنَّ اللّٰهَ يُسَلِّطُ رُسُلَهٗ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (۵۹/۶) اور جو غنیمت دلائی اللہ نے اپنے رسول کو اُن سے، تو تم نے ان پر نہ اپنے گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ، ہاں اللہ اپنے رسولوں کو جس پر چاہتا ہے مسلط فرماتا ہے اور اللہ سب کچھ کر سکتا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو بنی نضیر کے اموال کا مالک بنایا ہے تو یہ ایسی چیز ہے جو تم نے جنگ اور غلبے سے حاصل نہیں کی کیونکہ ان کے گاؤں مدینہ منورہ سے دو میل کے فاصلے پر تھے، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علاوہ باقی تمام حضرات پیدل گئے، اللہ تعالیٰ نے اپنے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہودیوں کے اموال پر تسلط عطا فرمایا، جیسے کہ اللہ تعالےٰ کی عادت ہے کہ وہ اپنے دین کے دشمنوں پر اپنے رسولوں کو مسلط فرماتا ہے، پس اس بارے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اختیار ہے کہ ان اموال کو جہاں چاہیں خرچ کریں اور جسے چاہیں عطا فرمائیں، یعنی اموالِ غنیمت کی طرح انہیں تقسیم نہیں کیا جائے گا، کیونکہ مالِ غنیمت، جنگ کے بعد قہر اور غلبے سے حاصل کیا جاتا ہے، یہ آیت اس وقت نازل ہوئی جب صحابۂ کرام نے تقسیم کا مطالبہ کیا، اسی طرح تفاسیر میں ہے کافروں کے اس قسم کے اموال جنہیں فیئ کہا جاتا ہے انہیں اموالِ غنیمت کی طرح تقسیم نہیں کیا جائے گا، یہ رسولِ خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صوابدید کے سپرد ہیں، احادیث میں آئے گا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں کس طرح صرف فرماتے تھے؟ یہ ہمارا مذہب ہے، علامہ طیبی نے امام شافعی کا مذہب یہ بیان کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے فیئ میں سے $\frac{4}{5}$ اور ایک پچیسواں حصّہ تھا یعنی پچیس حصّوں میں سے اکیس حصّے سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تھے اور باقی ۴ حصّے رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لیے تھے، اسی طرح علامہ طیبی نے بیان کیا۔

سے اس میں کسی دوسرے کا حصّہ نہ تھا۔

سے اگر کہا جائے کہ حدیث شریف میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کل کے لیے کوئی چیز ذخیرہ نہیں فرماتے تھے، تو ایک سال کا خرچہ کس طرح محفوظ فرماتے تھے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ اپنی ذاتِ اقدس کے لیے ذخیرہ کرنے کی نفی ہے اور یہ خرچہ تو آپ کے اہل وعیال کے لیے ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی ازواجِ مطہرات کو بعض اوقات ایک سال کا خرچ عطا فرماتے تھے (جسے امہات المؤمنین رضی اللہ تعالیٰ عنہن صدقہ وخیرات میں صرف کر کے سال سے پہلے ہی خرچ کر دیتیں! قادری)

شہ یعنی اسے مسلمانوں کی ضروریات میں صرف فرما دیتے اور جس محتاج اور مسکین کو چاہتے عنایت فرما دیتے، اسی لیے انصار کے صرف تین افراد کو عطا فرماتے جو مسکین ہوتے تھے۔

۳۸۷۷ وَعَنْ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ أَمْوَالُ بَنِي النَّضِيرِ مِمَّا — حضرت عمر[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بنی نضیر[2] کے اموال، اللہ تعالےٰ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِمَّا لَمْ يُوْجِفِ الْمُسْلِمُوْنَ عَلَيْهِ بِخَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ فَكَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاصَّةً يُنْفِقُ عَلٰى اَهْلِهٖ نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ ثُمَّ يَجْعَلُ مَا بَقِيَ فِي السِّلَاحِ وَالْكُرَاعِ عُدَّةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نے اپنے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمائے تھے جن کے لیے مسلمانوں نے نہ تو گھوڑے دوڑائے تھے اور نہ اونٹ، یہ اموال خاص طور پر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تھے، اپنے اہل و عیال کو ایک سال کا[3] خرچہ عطا فرماتے، پھر باقی کو اللہ تعالیٰ کی راہ میں ساز و سامان تیار کرنے کے لیے ہتھیاروں اور سواریوں پر صرف فرماتے۔ (صحیحین)

[1] بعض نسخوں میں ہے وَعَنْهُ وَعَنْ عُمَرَ (حضرت مالک بن اوس اور حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے)

[2] بنی نضیر نون پر زبر اور ضاد کے نیچے زیر، یا ساکن، یہودیوں کا مشہور قبیلہ تھا۔

[3] اس جگہ دو نسخے ہیں (۱) نَفَقَةَ سَنَتِهٖ اہل کے ایک سال کا خرچ (۲) نَفَقَةَ سَنَتِهِمْ (معنی وہی ہے) پہلا نسخہ لفظِ اہل کے اعتبار سے اور دوسرا معنیٰ کے لحاظ سے ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۳۸۷۸/۳ عَنْ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَتَاهُ الْفَيْءُ قَسَمَهٗ فِيْ يَوْمِهٖ فَاَعْطَى الْاٰهِلَ حَظَّيْنِ وَاَعْطَى الْاَعْزَبَ حَظًّا فَدُعِيْتُ فَاَعْطَانِيْ حَظَّيْنِ وَكَانَ لِيْ اَهْلٌ ثُمَّ

حضرت عوف بن مالک[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس جب فیئ کا مال آتا تو اسی دن اسے تقسیم فرما دیتے، شادی شدہ مرد کو دو حصے اور غیر شادی شدہ[2] کو ایک حصہ عطا فرماتے، مجھے بلایا گیا اور آپ نے مجھے دو حصے عطا فرمائے، میری بیوی بھی تھی، میرے بعد حضرت عمار بن یاسر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دُعِیَ بَعْدِیْ عَمَّارُ بْنُ یَاسِرٍ فَاُعْطِیَ حَظًّا وَّاحِدًا۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

کو بلایا گیا[۳] اور انہیں ایک حصّہ دیا گیا۔
(ابو داؤد)

[۱] حضرت عوف بن مالک مشہور صحابی ہیں۔
[۲] آہل ہمزے پر مد، ہا کے نیچے زیر، بروزن کاہل، بیوی والا مرد، اعزب ہمزے پر زبر، بے نقطہ عین ساکن، زار پر زبر، عَزَب پہلے دونوں حرف متحرک، بغیر بیوی کے مرد۔
[۳] ان کی بیوی نہ تھی۔

۳۸۷۹
۴

وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَوَّلَ مَا جَآءَہٗ فَیْئٌ بَدَاَ بِالْمُحَرَّرِیْنَ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ آپ کے پاس پہلے پہل جو چیز آتی تو آپ ابتداء میں آزاد کیے ہوئے لوگوں[۱] کو عطا فرماتے
(ابو داؤد)

[۱] اس سے مُراد مکاتب ہیں (جن کے مالک کہتے کہ اتنی رقم لادو، تو تم آزاد ہو گے ——۱۲ قادری)
بعض شارحین نے کہا وُہ حضرات مُراد ہیں جنھوں نے اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے مختص کر رکھا تھا کہ وُہ ماسوائے حق کی قید سے آزاد کر دیئے گئے تھے۔

۳۸۸۰
۵

وَعَنْ عَآئِشَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِظَبْیَۃٍ فِیْھَا خَرَزٌ فَقَسَمَھَا لِلْحُرَّۃِ وَالْاَمَۃِ قَالَتْ عَآئِشَۃُ کَانَ اَبِیْ یَقْسِمُ لِلْحُرِّ وَالْعَبْدِ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک تھیلی[۱] لائی گئی جس میں منکے تھے، آپ نے اسے آزاد عورتوں اور لونڈیوں میں تقسیم کر دیا، حضرت عائشہ فرماتی ہیں میرے والد[۲] ماجد بھی آزاد اور غلام میں تقسیم فرمایا کرتے تھے۔
(ابو داؤد)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ ظَبْیَۃً نقطے دال ظار، بر زبر، بار ساکن، چھوٹی تھیلی، بٹوہ خرز نقطے والی خار اور رار پر زبر، منکہ، موتی، موتیوں کے ساتھ عورتوں کے تعلق کی بنار پر ان ہی میں تقسیم فرمائے۔

سلہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ ——— اس سے معلوم ہوا کہ موتی، عورتوں کے ساتھ خاص نہیں ہیں، لیکن نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورتوں کو ہی عطا فرمائے۔

۳۸۸۱ وَعَنْ مَالِكِ بْنِ اَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ قَالَ ذَكَرَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ يَوْمًا اَلْفَيْءَ فَقَالَ مَا اَنَا اَحَقُّ بِهٰذَا الْفَيْءِ مِنْكُمْ وَ مَا اَحَدٌ مِنَّا بِاَحَقَّ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا اَنَّا عَلٰى مَنَازِلِنَا مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ وَ قَسْمِ رَسُوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَالرَّجُلُ وَ قِدَمُهٗ وَ الرَّجُلُ وَ بَلَاؤُهٗ وَ الرَّجُلُ وَ عِيَالُهٗ وَ الرَّجُلُ وَ حَاجَتُهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت مالک بن اوس بن حدثان[1] سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب نے ایک دن فیئ کا ذکر کیا اور فرمایا: میں اس فیئ کا تم سے زیادہ حقدار نہیں ہوں[2] اور ہم میں سے کوئی بھی اس کا کسی دوسرے سے زیادہ حق دار نہیں ہے، ہاں ہم اللہ تعالیٰ کی کتاب اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تقسیم کے مطابق اپنے اپنے مراتب پر ہیں[3] پس ایک مرد اور اس کا پہلے اسلام لانا، ایک مرد اور اس کا راہِ خدا میں مشقت اٹھانا، ایک مرد اور اس کے اہل و عیال اسی طرح ایک مرد اور اس کی حاجت سب ہی معتبر ہیں[4]

(ابوداؤد)

سلہ حدثان دال پر زبر۔

سلہ صحابۂ کرام سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا، مقصد اس وہم کا دور کرنا تھا کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ چونکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلیفہ ہیں اس لیے حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرح وہ بھی فیئ کے زیادہ حق دار ہوں گے، اس کے بعد عمومی طور پر کسی بھی شخص کے زیادہ حق دار ہونے کی نفی فرمائی۔

سلہ یعنی فیئ عامۃ المسلمین کے لیے ہے، اصل استحقاق میں کسی کو دوسرے پر ترجیح نہیں ہے، ہاں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مراتب اور مقامات کا فرق درست ہے، جیسے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تقسیم کرتے ہوئے اصحابِ بدر اور بیعتِ رضوان میں شریک ہونے والے حضرات کا امتیاز دوسرے حضرات سے ملحوظ رکھتے تھے، نیز اہل و عیال اور فقر و احتیاج کے اعتبار سے لوگوں کے حالات کا لحاظ فرماتے تھے، جیسے کہ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تفصیل بیان کی ہے۔

۳۴؎ ان حالات کے اختلاف کی بنا پر ان کے حصے بھی مختلف ہوں گے۔

۳۸۸۲ وَعَنْهُ قَالَ قَرَأَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَآءِ وَ الْمَسَاكِيْنِ حَتّٰى بَلَغَ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ فَقَالَ هٰذِهٖ لِهٰؤُلَآءِ ثُمَّ قَرَأَ وَ اعْلَمُوْآ أَنَّمَا غَنِمْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَأَنَّ لِلّٰهِ خُمُسَهٗ وَ لِلرَّسُوْلِ حَتّٰى بَلَغَ وَ ابْنِ السَّبِيْلِ ثُمَّ قَالَ هٰذِهٖ لِهٰؤُلَآءِ ثُمَّ قَرَأَ مَآ أَفَآءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْ أَهْلِ الْقُرٰى حَتّٰى بَلَغَ لِلْفُقَرَآءِ ثُمَّ قَرَأَ وَ الَّذِيْنَ جَآءُوْا مِنْ بَعْدِهِمْ ثُمَّ قَالَ هٰذِهٖ اسْتَوْعَبَتِ الْمُسْلِمِيْنَ عَامَّةً فَلَئِنْ عِشْتُ فَلَيَأْتِيَنَّ الرَّاعِيَ وَ هُوَ بِسَرْوِ حِمْيَرَ نَصِيْبُهٗ مِنْهَا وَ لَمْ يَعْرَقْ فِيْهَا جَبِيْنُهٗ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ حضرت عمر نے یہ آیت[۱] پڑھی کہ صدقات فقراء اور مساکین ہی کے لیے ہیں عَلِیْمٌ حَکِیْمٌ تک، اور فرمایا: یہ صدقات ان لوگوں کے لیے ہیں[۲]، پھر انہوں نے دوسری آیت پڑھی[۳]: جان لو کہ تم نے جو چیز بطور غنیمت حاصل کی تو اس کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ہی کے لیے ہے وَابْنِ السَّبِیْلِ تک"، پھر فرمایا: یہ اموالِ غنیمت ان ہی کے لیے ہیں، پھر تیسری آیت پڑھی[۵]: جو چیز اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول کو دیہات والوں سے دلائی..... لِلْفُقَرَآءِ تک[۶]، پھر چوتھی آیت پڑھی[۷]: وہ لوگ جو ان کے بعد آئے، پھر فرمایا: اس آیت نے عامۃ المسلمین کا احاطہ کیا ہے[۸]، اگر میں زندہ رہا[۹] تو ضرور سَرْوِ حِمْیَر[۱۰] میں چرانے والے کو ان اموال میں سے اس کا حصہ پہنچے گا، جن اموال کے حاصل کرنے میں اس کی پیشانی عرق آلود نہیں ہوئی ہوگی[۱۱]

(شرح السنۃ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ حضرت مالک بن اوس بن حدثان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے
سلہ جس میں زکوٰۃ کے مصارف بیان کئے گئے ہیں۔
سلہ ان اقسام کے لیے جو اس آیت میں مذکور ہیں۔
سلہ جس میں اموالِ غنیمت کی تقسیم کا بیان ہے۔
سلہ جس میں فیئ کا حکم بیان کیا گیا ہے۔
سلہ ان آیات میں بیان ہے کہ مہاجرین اور انصار اموالِ غنیمت کے مستحق ہیں۔
سلہ جس میں مہاجرین اور انصار کے بعد آنے والے حضرات کا ذکر ہے۔
سلہ یہ آیات جن میں اموالِ فیئ کا حکم بیان کیا گیا ہے تمام مسلمانوں کو شامل ہیں، حضرت امیر المؤمنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی رائے یہ تھی کہ مالِ غنیمت کی طرح فیئ کا بھی پانچواں حصہ لیا جائے لیکن وہ مختلف درجات کے مطابق عامۃ المسلمین کے مفادات کے لیے ہو جیسے کہ بیان ہوا، امام شافعی کے علاوہ ارباب تقویٰ ائمہ کرام اسی طرف گئے ہیں، جیسے کہ اس سے پہلے گزرا، مسلمانوں کے درجات کے فرق کی رعایت بھی حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مذہب ہے، امیر المؤمنین حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ لوگوں میں مساوات کے قائل ہیں، انہوں نے سبقت لے جانے والے حضرات کی رعایت نہیں کی اور فرمایا کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کام کیا اور ان کا اجر بھی اللہ تعالیٰ کے ہاں ہے، لہٰذا اموال میں ان کو ترجیح نہیں دی جائے گی، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت عائشہ کو حضرت حفصہ پر اور حضرت اسامہ بن زید کو حضرت ابن عمر پر فضیلت دیتے تھے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔
سلہ کفار کے شہروں کے فتح کرنے، فیئ کی کثرت اور تمام مسلمانوں کو اموال پہنچانے تک۔
سلہ سرو سین پر زبر، رار ساکن، دونوں بے نقطہ، مشہور درخت کا نام، نیز یمن کے نواح میں ایک جگہ کا نام، حمیر حار کے نیچے زیر، میم ساکن اور یار پر زبر یمن کا مشہور شہر جو اس کے مضافات میں ہے۔
سلہ یعنی باوجودیکہ مسلمان دور دراز جگہوں میں رہتے ہوں گے ان کا حصہ انہیں پہنچے گا۔

۳۸۸۳ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ فِيمَا احْتَجَّ بِهِ عُمَرُ أَنْ قَالَ كَانَتْ لِرَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثُ صَفَايَا بَنُو النَّضِيرِ	ان ہی سلہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے جن چیزوں سے استدلال کیا سلہ ان میں یہ بھی تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین چیزیں اپنے لیے منتخب فرمائی تھیں سلہ (۱) بنو نضیر سلہ (۲) خیبر سلہ (۳) فدک سلہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَكَانَتْ حَبْسًا لِنَوَائِبِهٖ وَ اَمَّا فَدَكُ فَكَانَتْ حَبْسًا لِاَبْنَآءِ السَّبِيْلِ وَ اَمَّا خَيْبَرُ فَجَزَّاَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلٰثَةَ اَجْزَآءٍ جُزْئَيْنِ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ جُزْءًا نَفَقَةً لِاَهْلِهٖ فَمَا فَضَلَ عَنْ نَفَقَةِ اَهْلِهٖ جَعَلَهٗ بَيْنَ فُقَرَآءِ الْمُهَاجِرِيْنَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

بنی نضیر کے اموال تو آپ کی حوائج[۴] کے لیے تھے، فدک کے اموال، مسافروں[۵] کے لیے تھے، اور خیبر کے اموال کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تین حصوں میں تقسیم فرمایا تھا، دو حصے مسلمانوں میں صرف فرماتے اور ایک جزء اپنے اہل کے خرچہ کے لیے مقرر فرماتے اہل کے خرچ سے جو بچتا وہ فقراء[۶] مہاجرین کو عطا فرما دیتے۔

(ابو داؤد)

سلہ حضرت مالک بن اوس سے

سلہ۲ حضرت عباس اور حضرت علی نے حضرت عمر کے سامنے اپنا مقدمہ پیش کیا تو حضرت عمر نے ان کے سامنے یہ دلیل پیش کی رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

سلہ۳ صفیہ اس چیز کو کہتے ہیں جسے امام اپنے لیے مالِ غنیمت میں سے تقسیم سے پہلے منتخب کرلے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادتِ شریفہ تھی کہ غنیمت میں سے کوئی چیز اپنے لیے منتخب فرماتے، ایک ام المومنین کا نام صرف اسی لیے صفیہ ہے کہ وہ خیبر کی غنیمت میں سے منتخب کی گئی تھیں، اس کے بعد آپ نے انہیں آزاد کرکے ان سے نکاح کیا تھا۔

سلہ۴ بنو نضیر کے اموال جنہیں آپ نے جلاوطن کیا تھا، جس کا ذکر اس سے پہلے گزر چکا ہے۔

سلہ۵ دوسری قسم خیبر کے بعض اموال تھے، یہ چند گاؤں تھے جو گھوڑے اور اونٹ دوڑانے اور جنگ کرنے کے بغیر صلح سے حاصل ہوئے تھے جو فیئ تھے اور خاص نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تھے، اسی طرح غلبے اور قہر کے ذریعے حاصل ہونے والے مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ۔

سلہ۶ فدک، خیبر کا ایک گاؤں ہے، خیبر کی فتح کے بعد یہ خطہ صلح سے حاصل ہوا اس کا نصف حصہ بھی خاص نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تھا جسے آپ اپنے اہل، مسلمانوں اور عوامی ضروریات پر خرچ فرماتے،

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

یہ تمام وہ صدقات ہیں جنہیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد اپنی ملکیت میں لینا حرام ہے۔

۵۷ آنے جانے والوں اور قاصدوں کی ضیافت کے لیے، اس کے علاوہ ہتھیاروں اور گھوڑوں کی خریداری کے لیے ۔ مُحبّس بے نقطہ حا، پر پیش، با، ساکن، بمعنی محبوس اور محفوظ نوائب جمع ہے نائبۃ کی مراد وہ حاجتیں ہیں جو وقتاً فوقتاً آدمی کو پیش آتی ہیں۔

۵۸ جو اپنے اموال سے دُور ہو جاتے تھے اگرچہ اپنے وطنوں میں اموال چھوڑ کر آتے تھے۔

۵۹ ان کے فقر اور احتیاج کی بنا پر، انصار کو اس لیے عطا نہ فرماتے کہ وہ فقیر اور محتاج نہ تھے، بنی نضیر کے اموال کے بارے میں روایت ہے کہ جب انصار نے اس میں سے حصے کی درخواست کی تو فرمایا: اگر تم چاہتے ہو تو ہم اس میں سے کچھ چیز عطا کریں اور اگر چاہو تو ہم مہاجرین کو دے دیں اور تم نے جو عطیات انہیں دے رکھے ہیں وہ تمہیں واپس کر دیں، انصار نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ آپ مہاجرین کو عطا فرما دیں اور ہم نے جو عطیات انہیں دے رکھے ہیں وہ بھی ہم ان سے نہیں لیتے، یہ بات سن کر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خوش ہوئے اور ان کے لیے دعائے خیر فرمائی۔

۳۸۸۹ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ اِنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ جَمَعَ بَنِيْ مَرْوَانَ حِيْنَ اسْتُخْلِفَ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهٗ فَدَكُ فَكَانَ يُنْفِقُ مِنْهَا وَ يَعُوْدُ مِنْهَا عَلٰى صَغِيْرِ بَنِيْ هَاشِمٍ وَ يُزَوِّجُ مِنْهَا اَيِّمَهُمْ وَ اِنَّ فَاطِمَةَ سَاَلَتْهُ اَنْ يَّجْعَلَهَا لَهَا فَاَبٰى فَكَانَتْ كَذٰلِكَ فِيْ حَيٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت مغیرہ بن شعبہ[60] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن عبد العزیز[61] نے مروان کے بیٹوں کو جمع کیا اور فرمایا: تحقیق فدک، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تھا، اس میں سے آپ خرچ فرماتے[62] اس میں سے بنی ہاشم کے بچوں پر خرچ کرتے، اسی میں سے بنی ہاشم کی بیواؤں[63] کا نکاح کرتے، حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے آپ سے سوال کیا کہ فدک انہیں دے دیں تو آپ نے انکار فرما دیا، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیاتِ اقدس میں فدک اسی طرح رہا، یہاں تک کہ آپ اپنے راستے پر تشریف لے گئے[64]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهٖ فَلَمَّا اَنْ وُلِّيَ اَبُوْبَكْرٍ عَمِلَ فِيْهَا بِمَا عَمِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَيٰوتِهٖ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهٖ فَلَمَّا اَنْ وُلِّيَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ عَمِلَ فِيْهَا بِمِثْلِ مَا عَمِلَ حَتّٰى مَضٰى لِسَبِيْلِهٖ ثُمَّ اَقْطَعَهَا مَرْوَانُ ثُمَّ صَارَتْ لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِالْعَزِيْزِ فَرَاَيْتُ اَمْرًا مَنَعَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ وَّ اِنِّيْ اُشْهِدُكُمْ اَنِّيْ رَدَدْتُّهَا عَلٰى مَا كَانَتْ يَعْنِيْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَبِيْ بَكْرٍ وَّ عُمَرَ ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

جب حضرت ابوبکر والی بنائے گئے تو انہوں نے فدک کے سلسلے میں وہی عمل کیا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی حیاتِ مبارکہ میں کیا تھا[۱] یہاں تک کہ وُہ بھی اپنے راستے پر چلے گئے، جب حضرت عمر والی بنائے گئے تو انہوں نے بھی اس کے سلسلے میں وہی عمل کیا جو ان کے دونوں پیش رو حضرات نے کیا تھا، یہاں تک کہ وُہ بھی اپنے راستے پر چلے گئے، پھر مروان نے اسے بانٹ لیا[۲] پھر وُہ عمر بن عبد العزیز کے لیے ہوا[۳]، میری رائے یہ ہے کہ جس چیز کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فاطمہ زہرا سے روک دیا تھا وُہ میرے لائق نہیں ہے اور میں تمہیں گواہ بناتا ہوں کہ میں نے اسے اس حالت پر لوٹا دیا ہے جس پر وُہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور شیخین کریمین کے زمانہ میں تھا۔

(ابوداؤد)

[۱] حضرت مغیرہ بن شعبہ مشہور صحابی ہیں۔

[۲] حضرت عمر بن عبد العزیز عادل اور متقی تھے اور عبد العزیز بن مروان کے بیٹے تھے۔ (پانچویں خلیفہ راشد، رضی اللہ تعالیٰ عنہ ۱۲ قادری)

[۳] اہل و عیال اور فقراء و مساکین پر۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سکہ ایّم ہمزے پر زبر، یار مشدّد کے نیچے زیر، وُہ عورت جس کا شوہر فوت ہو گیا ہو، بعض اوقات اس مرد کو بھی کہہ دیتے ہیں جس کی بیوی فوت ہو گئی ہو، پہلا استعمال زیادہ ہے۔

ھہ یہ آپ کے وصال سے کنایہ ہے۔

لہ کیونکہ وُہ رسُول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خلیفہ تھے، یعنی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اہل و عیال اور بنی ہاشم پر صرف کرتے، ان کی بیواؤں کا نکاح کرتے، جس طرح نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔

ےہ اقطاع ہمزے کے نیچے زیر، بادشاہ کا زمین کو کسی کے لیے الگ کر لینا، ظاہر یہ ہے کہ یہ معاملہ مروان کی حکومت کے دَور میں ہوا، اس نے فدک کا کچھ حصہ اپنی اولاد کو یا اپنے خاص افراد کو دے دیا ہوگا حواشی میں لکھا ہے کہ یہ واقعہ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دَور میں ہُوا[۱]۔

شہ یعنی جب وُہ خطۂ زمین سلاطین اور امراء کے تصرّف میں گیا تو اب وُہ میرے پاس آ گیا، اپنے آپ کو صیغۂ غائب کے ساتھ ذکر کیا۔ یہ اشارہ ہے ناراضمندی کی طرف۔

خیال رہے کہ بنی نضیر، فدک اور خیبر کے اموال خالص نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ملکیت تھے اور آپ کے بعد بھی باقی رہے، ان کے بارے میں جو کچھ واقعات پیش آئے ان میں طویل گفتگو ہے اور عجیب واقعہ ہے، مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس سلسلے میں حدیث کی کتبِ صحاح سے کچھ تفصیل نقل کی جائے، کیونکہ اس مسئلے میں گفتگو بڑی شہرت رکھتی ہے، خواص و عوام کی زبان پر جاری ہے اور بہت سے لوگوں کے فہم میں اس کی بنا پر خلل واقع ہُوا ہے، اگرچہ سلسلۂ کلام طویل ہو جائے گا (تاہم اس مسئلے کی تفصیل ضروری ہے۔ ۱۲ ق) جس طرح ہم نے ایسے خصوصی مسائل میں شرح و بسط سے کلام کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ حق فرماتا ہے اور وہی راہِ راست کی ہدایت عطا فرماتا ہے۔

صحیح بخاری میں بواسطہ امام زہری حضرت مالک بن اوس بن الحدثان سے روایت ہے کہ ایک دن حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مجھے بلایا، مَیں ان کے پاس بیٹھا ہُوا تھا کہ اتنے میں ان کا خادم یرفأ (یار پر زبر، رار ساکن، فار پر زبر اور اس کے بعد ہمزہ) حاضر ہُوا اور کہنے لگا حضرت عثمان بن عفان، حضرت

---

[۱] مرقاۃ نے فرمایا کہ مروان کی یہ تقسیم خلافتِ عثمانی میں ہوئی، محض غلط ہے یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ حضرت عثمان و علی زندہ ہوں اور مروان کی یہ حرکت دیکھ کر خاموش رہیں، اور حضرت علی اپنے دورِ حکومت میں اس کی یہ تقسیم قائم رکھیں، مرقاۃ نے یہ سخت غلطی کی ہے ۱۲ مرآۃ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عبدالرحمٰن بن عوف، حضرت زبیر بن عوام اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم دروازے پر اجازت کے منتظر ہیں، آپ اجازت دیں تو وُہ حاضر ہو جائیں، حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا ہاں انہیں بلالاؤ، کچھ دیر ٹھہر کر یرفا حاضر ہُوئے اور کہنے لگے حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما اجازت طلب کرتے ہیں، اجازت ہو تو انہیں بلالوں، فرمایا: انہیں بھی بلالو، دونوں حضرات تشریف لے آئے تو حضرت عباس نے کہا امیر المؤمنین میرے اور ان کے درمیان فیصلہ فرمائیں، ان کا اموال فیئ میں اختلاف تھا جو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بنی نضیر سے دلوائے تھے، حضرت عباس اور حضرت علی میں تلخ کلامی بھی ہُوئی، دُوسرے صحابہ جو تشریف فرما تھے انہوں نے کہا امیر المؤمنین! ان کے درمیان فیصلہ فرمائیں اور ان کا اختلاف رفع کریں، حضرت عمر نے فرمایا: ذرا ٹھہریئے اور صبر کیجئے! میں تمہیں خدا کی قسم دے کر پوچھتا ہوں جس کے حکم سے زمین و آسمان قائم ہیں کیا آپ جانتے ہیں؟ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم یعنی گروہِ انبیاء وراثت نہیں چھوڑتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وُہ صدقہ ہے، تشریف فرما صحابہ کرام نے فرمایا: ہاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسی طرح فرمایا ہے، حضرت عمر نے حضرت عباس اور حضرت علی کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: مَیں تمہیں خداوندِ قدوس کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کہ کیا آپ جانتے ہیں؟ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس طرح فرمایا ہے، حضرت عباس اور حضرت علی نے کہا: ہاں فرمایا ہے۔

حضرت عمر نے فرمایا: مَیں تمہیں اس حقیقت کی اطلاع دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس فیئ میں سے ایک چیز کے ساتھ مختص کیا ہے جو کسی کو آپ کے سوا نہیں دی، پھر یہ آیت مبارکہ پڑھی وَمَا أَفَاءَ اللّٰهُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مِنْهُمْ فَمَا أَوْجَفْتُمْ عَلَيْهِ مِنْ خَيْلٍ وَّلَا رِكَابٍ (الآیۃ) جو کچھ اللہ تعالیٰ ان سے اپنے رسول کو دلایا، تو تم نے اس پر گھوڑے اور اونٹ نہیں دوڑائے۔" یہ اموال خاص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے تھے، خدا کی قسم! آپ نے وُہ اموال اپنے پاس جمع نہیں کئے اور تم سے بچا کر نہیں رکھے، بلکہ وُہ اموال آپ حضرات میں تقسیم کئے یہاں تک کہ ان کا کچھ حصّہ باقی بچ جاتا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان اموال میں سے اپنے اہل و عیال کو ایک سال کا خرچہ عطا فرماتے تھے، باقی مال لے کر وہاں خرچ فرما دیتے جہاں اللہ تعالیٰ کا مال صرف فرماتے تھے یعنی کار ہائے خیر اور مسلمانوں کی ضروریات میں خرچ کر دیتے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی حیات مبارکہ میں اسی پر عمل کیا، پھر آپ کا وصال ہو گیا، حضرت ابو بکر نے فرمایا کہ مَیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ولی اور خلیفہ ہوں، چنانچہ انہوں نے ان اموال کو قبضے میں لے کر اسی طرح صرف کیا جس طرح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وسلم صرف کیا کرتے تھے،

پھر حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت عباس اور حضرت علی کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: آپ حضرات اس وقت حضرت ابو بکر کا ذکر بُرائی کے ساتھ کرتے تھے، اور کہتے تھے کہ ابو بکر اس عمل میں ایسے ہیں، جیسے کہ تم کہتے تھے اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ حضرت ابو بکر اس کام میں سچے، نیکو کار، حق کے پیروکار اور راہِ راست پر تھے، پھر قضائے الٰہی نے حضرت ابو بکر کو آلیا اور میں نے کہا کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر کا ولی اور خلیفہ ہوں، میں نے اس مال پر قبضہ کیا اور اپنی خلافت کے دو سال تک وہی عمل کیا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور حضرت ابو بکر کیا کرتے تھے اور اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں اس بات میں سچا، اس معاملے میں نیکو کار، حق کا پیروکار اور راہِ راست پر ہوں، دو سال کے بعد آپ دونوں حضرات میرے پاس آئے، آپ دونوں کی بات ایک تھی، میں نے آپ سے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ ہم وراثت چھوڑ کر نہیں جاتے، ہم جو کچھ چھوڑیں وہ صدقہ ہے، میں نے فیصلہ کیا کہ وہ مال آپ کے سپرد کر دوں، میں نے کہا کہ اگر آپ چاہتے ہیں تو میں یہ مال اس شرط پر آپ کے حوالے کرتا ہوں کہ آپ مجھ سے معاہدہ کریں کہ آپ اس میں وہی عمل کریں گے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، حضرت ابو بکر صدیق اور میں نے خلیفہ بنائے جانے کے بعد کیا (مطلب یہ کہ یہ زمین آپ کی ملکیت نہ ہوگی، البتہ آپ اس سے نفع حاصل کریں گے ۱۲ ق) اور اگر آپ حضرات کو یہ شرط منظور نہیں ہے تو آئندہ اس سلسلے میں میرے ساتھ بات نہ کریں، آپ حضرات نے کہا کہ زمین ہمارے سپرد کر دیں ہمیں یہ شرط منظور ہے۔

اب کیا آپ یہ فرمائش کرتے ہیں اور آپ یہ چاہتے ہیں کہ میں اس کے خلاف فیصلہ کروں؟ تو خداوند قدوس کی قسم! جس کے حکم سے زمین و آسمان قائم ہیں، میں قیامت تک کوئی دوسرا فیصلہ نہیں کروں گا، اگر آپ حضرات اس کام سے عاجز ہیں اور اسے سرانجام نہیں دے سکتے تو آپ میرے سپرد کر دیں، میں خود مشقت اٹھاؤں گا اور آپ حضرات کو مشقت اٹھانے سے بے نیاز کر دوں گا۔

اس حدیث کے راوی امام زہری کہتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث حضرت عروہ بن زبیر سے بیان کی تو انہوں نے کہا مالک بن اوس نے درست کہا، میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرماتے ہوئے سنا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات نے حضرت عثمان غنی کو اس مال میں سے حصہ وراثت طلب کرنے کے لیے حضرت ابو بکر کے پاس بھیجا جو اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بطور فیئی عطا فرمایا تھا۔ میں نے امہات المؤمنین کی تردید کی اور کہا کیا تم اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتیں؟ کیا تمہیں علم نہیں ہے؟ کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم وراثت نہیں چھوڑتے، ہم جو کچھ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

چھوڑتے ہیں وُہ صدقہ ہے، محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت اسی مال سے کھائیں گے، چنانچہ امہات المومنین نے وراثت کے مطالبے سے اس حدیث کی بنا پر رجوع کر لیا جو میں نے انہیں بیان کی، حضرت عروہ کہتے ہیں کہ یہ صدقہ حضرت علی کے پاس تھا، انہوں نے حضرت عباس کو اس سے روک دیا اور اس پر غلبہ پالیا، پھر حضرت حسن بن علی کے پاس پہنچا اس کے بعد حضرت حسین بن علی کے پاس منتقل ہوا، ان سے حضرت علی بن حسین (زین العابدین) اور حضرت حسن بن حسن کو وُہ دونوں باری باری اسے تصرف میں لاتے تھے، ان سے حضرت زید بن حسن کو ملا، سلام اللہ علیہم اجمعین، یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا صدقہ تھا، یہ حدیث امام بخاری نے روایت کی جس کا ہم نے لفظ بلفظ ترجمہ کیا ہے، امام بخاری کتاب المغازی اور کتاب الخمس میں بھی یہ حدیث، کسی قدر الفاظ کے اختلاف کے ساتھ لائے ہیں،

صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت عروہ حضرت عائشہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت فاطمہ اور حضرت عباس حضرت ابو بکر کے پاس آئے، ان کا مطالبہ یہ تھا کہ فدک کی زمین اور خیبر کے حصّہ سے انہیں وراثت دی جائے۔ حضرت ابو بکر نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ ہم وراثت نہیں چھوڑتے ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وُہ صدقہ ہے، محمد مصطفٰے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل اس میں سے کھائے گی: خدا کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رشتہ داروں سے تعلق اور اُن کے حق کی پاسداری مجھے اپنے رشتہ داروں کے تعلق اور ان کے حق کی پاسداری اور صلہ رحمی سے زیادہ محبوب ہے

جامع الاصول میں یہی حدیث امام بخاری، مسلم، ترمذی، ابو داؤد اور نسائی کی روایت سے لائے ہیں، انہوں نے کہا کہ امام ابو داؤد نے فرمایا: حضرت عباس اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا حضرت عمر سے یہ مطالبہ تھا کہ یہ مال ان کے درمیان نصف نصف تقسیم کر دیں اور ان کے سپرد کر دیں، ایسا نہیں تھا کہ انہیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس فرمان کا علم نہ تھا کہ ہم وراثت نہیں چھوڑتے، وُہ صحیح صورت کا ہی مطالبہ کر رہے تھے (کہ بطورِ ملکیت نہیں بلکہ فائدہ حاصل کرنے کے لیے ہمارے حصّے الگ الگ کر دیں ۱۲ ق) حضرت عمر نے فرمایا: میں نہیں چاہتا کہ اس جگہ تقسیم کا لفظ استعمال کروں جس سے ملکیت اور ہر ایک کے اپنے حصّے میں مستقل ہونے کا پتہ چلے، میں اسے اسی حال پر چھوڑتا ہوں جس پر وُہ ہے، ایک روایت میں ہے کہ حضرت عمر نے دلیل پیش کی اور صاحب جامع الاصول نے اسی طرح حدیث بیان کی جس طرح کتاب میں مذکور ہے، نیز حضرت ابی بن کعب سے حضرت مغیرہ بن شعبہ کی کتاب میں بیان کردہ روایت کی مثل حدیث بیان کی۔

امام بخاری، کتاب الخمس میں حضرت عروہ بن زبیر سے روایت کرتے ہیں کہ مجھے ام المومنین عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت فاطمہ نے رسول اللہ

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے بعد حضرت ابو بکر صدیق سے مطالبہ کیا کہ اللہ تعالیٰ نے جو مال بطور فیئ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو عطا فرمایا تھا اور جسے حضور چھوڑ گئے ہیں اس میں سے میرا حصۂ میراث مجھے دیا جائے۔

حضرت ابو بکر صدیق نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی ہمارا وارث نہیں بنتا جو کچھ ہم چھوڑ جاتے ہیں وہ صدقہ ہوتا ہے؛ حضرت فاطمہ ناراض ہوگئیں اور انہوں نے حضرت ابو بکر کو چھوڑ دیا اور یہ سلسلہ ان کے وصال تک جاری رہا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بعد حضرت فاطمہ چھ مہینے اس دُنیا میں رہیں حضرت عائشہ نے فرمایا کہ حضرت فاطمہ کا حضرت ابو بکر سے مطالبہ یہ تھا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خیبر، فدک اور مدینہ منورہ میں موجودہ صدقہ میں سے جو چھوڑ گئے ہیں، اس میں سے میرا حصہ دیا جائے؛ حضرت ابو بکر نے انکار کیا اور فرمایا کہ جس عمل کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انجام دیا کرتے تھے میں اُس میں سے کسی چیز کو بھی ترک نہیں کروں گا، میں وہی عمل کروں گا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے تھے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عمل سے میں نے کسی چیز کو بھی چھوڑ دیا تو مجھے خوف ہے کہ میں راہِ حق سے دُور ہوجاؤں گا، حضرت عمر نے مدینہ منورہ کا صدقہ حضرت علی اور حضرت عباس کے سپرد کر دیا، خیبر اور فدک کا حصہ اپنے پاس محفوظ رکھا، انہوں نے فرمایا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقات ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پیش آنے والے حقوق میں صرف کئے جاتے تھے، آپ نے وہ صدقات امیر المؤمنین کے سپرد فرمائے، چنانچہ وہ اموال آج تک اسی حال پر ہیں؛ جامع الاصول میں یہ حدیث امام بخاری، مسلم، ابو داؤد اور نسائی کے حوالے سے حضرت عائشہ سے بعض الفاظ کے اختلافات کے ساتھ روایت کی۔

ترمذی شریف کے باب میراث النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس آئیں اور کہا، اگر آپ فوت ہوجائیں تو آپ کا وارث کون ہوگا؟ انہوں نے کہا کہ میری اولاد، حضرت فاطمہ نے کہا کہ میں اپنے والد ماجد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وارث کیوں نہیں؟ حضرت ابو بکر نے فرمایا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سُنا کہ ہم وراثت نہیں چھوڑتے، ہاں میں اس شخص کی غمخواری کروں گا جس کی غمخواری رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے تھے، اور میں اس پر خرچ کروں گا جس پر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خرچ فرمایا کرتے تھے۔

امام ابو داؤد حضرت ابو الطفیل سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت فاطمہ، وراثت کے مطالبہ کے لیے حضرت ابو بکر کے پاس آئیں، حضرت ابو بکر نے کہا میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سُنا کہ جب اللہ تعالیٰ کسی پیغمبر کو موت کا ذائقہ چکھائے تو وہ مال اس کے لیے ہے جو اُن کا قائم مقام ہو، بخاری،

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مسلم، مؤطا اور ابو داؤد میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے بعد امہات المؤمنین نے وراثت کا مطالبہ کرنے کے لیے کسی کو بھیجنے کا ارادہ کیا، حضرت عائشہ نے کہا کیا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہیں فرمایا؟ کہ ہم وراثت نہیں چھوڑتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وُہ صدقہ ہے، امام ابو داؤد کی روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ حضرت ابو بکر نے فرمایا: کیا تم اللہ تعالیٰ سے نہیں ڈرتیں؟ کیا تم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے نہیں سُنا؟ کہ ہم وراثت نہیں چھوڑتے، ہم جو کچھ چھوڑتے ہیں وُہ صدقہ ہے، یہ مال ہمارے ہاتھ میں ہے جب ہم دُنیا سے رحلت کر جائیں گے تو یہ مال اس کے ہاتھ میں ہو گا جو ہمارے بعد خلیفہ ہو گا، اس قسم کی یہ روایات صحاح ستہ میں متعدد سندوں سے مروی ہیں اور جتنی روایات ہم نے بیان کی ہیں وہی کافی ہیں۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حدیث شریف لَا نُوْرَثُ مَا تَرَكْنَاهُ صَدَقَةٌ "کوئی ہمارا وارث نہیں بنتا جو کچھ ہم چھوڑیں وُہ صدقہ ہے، اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اموال کا مسلمانوں اور ان کی ضروریات میں مشترک ہونا اور ان اموال کا خلیفۂ وقت کے سپرد ہونا صحابۂ کرام، یہاں تک کہ حضرت علی اور حضرت عباس کے نزدیک متفق علیہ ہے اور حضرت ابو بکر کے ساتھ خاص نہیں ہے رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین

لیکن اس جگہ اشکال یہ ہے کہ اگر ان اموال کا حضرت علی اور حضرت عباس کے سپرد کرنا درست تھا تو حضرت عمر نے پہلی بار مطالبے پر وُہ اموال اُن کے سپرد کیوں نہ کر دیئے؟ اور اگر یہ درست نہیں تھا تو بعد میں کیوں ان کے سپرد کیے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت عمر نے پہلے وُہ اموال ان حضرات کو بطورِ ملکیت نہیں دیئے جیسے ان کا مطالبہ تھا، بعد میں بطور تصرف اور تولیت کے انہیں دے دیئے، جس طرح کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تصرف فرماتے تھے،

علامہ خطابی فرماتے ہیں کہ یہ معاملہ پیچیدہ ہے کہ حضرت علی اور حضرت عباس نے یہ صدقہ حضرت عمر سے ان کی بیان کردہ شرط کے مطابق لے لیا، انہوں نے یہ بھی تسلیم کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وراثت نہیں ہے، اکابر مہاجرین صحابہ نے بھی گواہی دی، پھر انہیں کیا خیال آیا کہ دوبارہ مقدمہ پیش کر دیا، اس کا جواب یہ ہے کہ ان حضرات کو تولیت میں شراکت دشوار نظر آئی، انہوں نے تقسیم کا مطالبہ کر دیا تاکہ ہر ایک اپنے حصے میں تصرف اور انتظام کرنے میں مستقل ہو، حضرت عمر نے انہیں تقسیم سے منع کر دیا تاکہ وُہ زمین ملکیت نہ کہلانے لگے، کیونکہ تقسیم مملوکہ اشیاء میں ہوتی ہے، کچھ مدت گزرنے کے بعد ملکیت کا گمان کیا جائے گا، اسی طرح محدثین نے فرمایا ہے۔

اس واقعے کا مشکل ترین پہلو حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا معاملہ ہے، کیونکہ اگر کہا جائے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کہ انہیں اس سنّت کا علم نہیں تھا تو یہ بعید ہے اور اگر کہا جائے کہ ہو سکتا ہے انہیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس حدیث کے سننے کا اتفاق نہ ہوا ہو تو اشکال پیدا ہوگا کہ حضرت ابوبکر سے حدیث سننے اور اس پر صحابۂ کرام کی گواہی کے بعد کس طرح انہوں نے اس حدیث کو قبول نہ کیا ؟ اور کیسے ناراض ہوئیں ؟ اور اگر ناراضگی حدیث کے سننے سے پہلے تھی تو بعد میں ناراضگی کیوں ختم نہ کی ؟ یہاں تک کہ ناراضی نے طول کھینچا اور آخری دم تک حضرت ابوبکر کو چھوڑے رکھا، جیسے کہ حدیث میں ہے، علامہ کرمانی نے شرح بخاری میں فرمایا: حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی ناراضی بتقاضائے بشریت تھی جو بعد میں جاتی رہی، چھوڑ دینے سے مراد ملاقات سے طبعی انقباض اور کوفت ہے، وہ ترکِ تعلق مراد نہیں ہے جو حرام ہے مثلاً سلام نہ کرنا وغیرہ۔ (کرمانی)

احادیث میں آیا ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق، حضرت فاطمہ کے جنازے میں حاضر نہ ہوئے اور نہ ہی انہیں اطلاع ملی، بعض لوگ کہتے ہیں کہ حضرت فاطمہ نے وصیت کی تھی کہ ابوبکر ان کی نمازِ جنازہ نہ پڑھائیں، محدثین فرماتے ہیں کہ یہ بات غلط اور افترا ہے، حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا یہ وصیت کس طرح کر سکتی ہیں؟ جب کہ سلطانِ وقت، نمازِ جنازہ کا زیادہ حق رکھتا ہے، اسی لیے حضرت امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت امیر معاویہ کی طرف سے مقرر کردہ مدینہ منورہ کے حاکم مروان بن حکم کو حضرت امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نمازِ جنازہ پڑھانے دی اور فرمایا اگر شریعت کا حکم نہ ہوتا تو تمہیں ان کی نمازِ جنازہ پڑھانے نہ دیتا۔

بعض علماء فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمہ زہرا کی نمازِ جنازہ رات کے وقت تھی اس لیے حضرت ابوبکر کو اس کا علم نہ ہو سکا، یہ بات بعید ہے کیونکہ حضرت اسماء بنت عمیس عین پر پیش اور میم پر زبر خثعمیہ نقطے والی خار پر زبر اور تین نقطے والی ثا ساکن، اس وقت حضرت ابوبکر کے نکاح میں تھیں اور حضرت اسماء نے حضرت فاطمہ زہرا کے غسل اور تجہیز وتکفین کا انتظام کیا، یہ بعید بات ہے کہ حضرت ابوبکر کی اہلیہ محترمہ حاضر ہوں اور انہیں علم ہی نہ ہو، حضرت ابوبکر کے علم کا اس روایت سے صراحۃً ثبوت ملتا ہے کہ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا کہ مجھے اس بات سے شرم آتی ہے کہ مجھے میری وفات کے بعد مردوں کے سامنے پردے کے بغیر لایا جائے رواج یہ تھا کہ عورتوں کو بھی اسی طرح باہر لاتے تھے جس طرح مردوں کو باہر لاتے تھے، ان کے لیے خصوصی پردے کا اہتمام نہیں ہوتا تھا، حضرت اسماء بنت عمیس نے فرمایا اور ایک روایت کے مطابق حضرت ام سلمہ نے بھی فرمایا کہ ہم نے حبشہ میں دیکھا ہے کہ میت کے لیے کھجور کی شاخوں سے کجاوے کی طرح باسردہ جگہ بناتے ہیں ہم آپ کے لیے بھی ایسا ہی انتظام کریں گے، چنانچہ ان کے سامنے پردہ تیار کیا گیا جسے دیکھ کر آپ مسکرائیں اور خوشی کا اظہار کیا، حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے بعد غم واندوہ کی شدت کی بنا پر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کسی نے انہیں مسکراتے ہوئے نہیں دیکھا تھا، انہوں نے حضرت اسماء بنت عمیس کو وصیت کی کہ غسل اور تجہیز و تکفین کا انتظام تم کرنا اور علی مرتضیٰ تمہاری امداد کریں گے، اور کسی کو میرے پاس نہ آنے دینا۔

جب حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا وصال ہوا تو حضرت عائشہ آئیں، وہ حضرت فاطمہ کے پاس جانا چاہتی تھیں، لیکن حضرت اسماء نے انہیں روک دیا، حضرت عائشہ نے حضرت ابوبکر کے پاس شکایت کی اور کہا کہ اس خثعمیہ کو کیا ہوا ہے جو ہمارے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی کے درمیان حائل ہو رہی ہے اور مجھے اُن کے پاس جانے سے روک رہی ہے؟ نیز اس نے حضرت فاطمہ کے جنازہ کے لیے ایسا پردہ تیار کیا ہے جیسے دلہن کا کجاوہ ہو، حضرت ابوبکر، حضرت فاطمہ کے دروازے پر آئے اور کہنے لگے اسماء! تجھے کیا ہوا ہے؟ کہ تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کو آپ کی صاحبزادی کے پاس جانے سے روک رہی ہے اور تم نے ان کے لیے دلہن کے کجاوے کی طرح کیا چیز تیار کی ہے؟ حضرت اسماء نے کہا کہ مجھے حضرت فاطمہ نے حکم کیا تھا کہ ان کے وصال کے بعد کسی کو ان کے پاس نہ آنے دوں، اور جو کچھ میں نے تیار کیا ہے وہ بھی اُن کے حکم سے تیار کیا ہے اور انہیں دکھایا تھا تو وہ خوش ہوئی تھیں، حضرت ابوبکر نے فرمایا وہی کچھ کرو جس کا انہوں نے تمہیں حکم دیا ہے اور کوئی حرج نہیں ہے۔

اس واقعے سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ حضرت ابوبکر کو حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے وصال کا علم ہوا تھا، بعض محدثین فرماتے ہیں کہ ہو سکتا ہے حضرت ابوبکر کو وصال کا علم ہوا ہو اور اُن کا ارادہ بھی جنازہ میں شمولیت کا ہو، لیکن چونکہ حضرت علی نے اسے مخفی رکھا اور حضرت ابوبکر کو اطلاع نہ دی اور نہ ہی اُن کے پاس کسی کو بھیجا تو حضرت ابوبکر نے محسوس کیا کہ مخفی رکھنے میں حضرت علی کی کوئی مصلحت ہے، اس لیے انہوں نے حضرت علی کی رضا اور مصلحت کے خلاف راستہ اختیار نہ کیا، علامہ ابن حجر عسقلانی نے فرمایا کہ ہو سکتا ہے کہ حضرت ابوبکر اس انتظار میں رہے ہوں کہ حضرت علی انہیں یاد کریں گے تو حاضر ہو جائیں گے اور حضرت علی کا خیال ہو کہ حضرت ابوبکر بلائے بغیر آجائیں گے اس طرح وقت گزر گیا، پھر رات بھی تھی، اسی طرح علامہ سمہودی نے تاریخ مدینہ میں بیان کیا، بعض روایات میں ہے کہ جب حضرت ابوبکر حضرت فاطمہ کے پاس گئے اور دھوپ میں ان کے دروازے پر کھڑے ہوئے اور ان کے سامنے معذرت پیش کی اور کہا خدا کی قسم! رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قرابت میرے نزدیک، اپنی قرابت سے زیادہ محبوب اور لائق احترام ہے لیکن میں کیا کروں؟ کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد سُنا ہے اور صحابۂ کرام اس کے گواہ ہیں، چنانچہ حضرت فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا راضی ہو گئیں، اس واقعہ کے سلسلے میں بہت جھوٹی اور بے سروپا باتیں بھی کہی جاتی ہیں جو قابلِ وثوق اور لائقِ اعتماد نہیں ہیں، اللہ تعالیٰ ہی حقیقت حال جانتا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللہ تعالیٰ کی توفیق اور امداد سے کتاب الجہاد مکمل ہوئی، اس کے بعد کتاب الصید والذبائح ہے۔

بحث فدک (از مترجم)

لہ اہلِ تشیع کے خیال میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر ایک سنگین اعتراض یہ ہے کہ انہوں نے سیدہ فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے باغ فدک چھین کر ان پر ظلم کیا تھا، درج ذیل سطور میں اس مسئلے کی مختصرا وضاحت پیش کی جاتی ہے تاکہ غلط فہمی کا غبار چھٹ جائے، کفار سے حاصل ہونے والے اموال دو قسم ہیں۔

(۱) وہ اموال جو لشکر کشی اور جنگ کے بعد حاصل ہوں انہیں غنیمت کہا جاتا ہے (۲) جو جنگ اور لشکر کشی کے بغیر حاصل ہوں انہیں فیئ کہا جاتا ہے، مالِ غنیمت کے پانچ حصے کیے جائیں گے ان میں سے چار حصے غازیوں میں تقسیم کر دیئے جائیں گے پانچویں حصے کے بارے میں سورۂ انفال آیت ۴۱ میں ہے کہ مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ اللہ تعالیٰ، رسُولِ اکرم، رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے۔

فیئ کے بارے میں سورۂ حشر کی آیت ۷ میں ارشاد فرمایا (ترجمہ) جو کچھ اللہ نے دیہات والوں سے اپنے رسُول کو دلوایا تو وہ اللہ کے لیے، رسُول کے لیے، رشتہ داروں، یتیموں، مسکینوں اور مسافروں کے لیے ہے ــــ ان دونوں آیتوں سے صاف ظاہر ہے کہ مالِ غنیمت کا پانچواں حصہ اور فیئ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ذاتی ضروریات کے لیے بھی تھا اور رشتہ داروں اور ارباب حاجت کے لیے بھی فدک کا علاقہ اور خیبر کا کچھ حصہ صلح سے فتح ہوا تھا ان کی آمدن سے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم امہات المؤمنین کو سال بھر کا خرچ عطا فرماتے، دُوسرے رشتہ داروں کو بھی عطا فرماتے، باقی اصحاب حاجت کو عطا فرما دیتے، حضرت ابوبکر کا موقف یہ تھا کہ اس مال کو جس طرح نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خرچ کیا کرتے تھے مَیں بھی اسی طرح خرچ کروں گا، اور ظاہر ہے کہ وہ مال فیئ کو صرف حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رشتہ داروں کے سپرد نہیں کر سکتے تھے، آخر حکمِ قرآن کے مطابق باقی لوگ بھی تو مستحق ہیں، ان تمام لوگوں کو معین بھی تو نہیں کیا جاسکتا مثلاً کل جو بچہ یتیم تھا آج بالغ ہو کر خوشحال ہوگیا تو وہ مستحق نہ رہا اور دُوسرے کئی بچے یتیم ہوگئے، وہ اب مستحق ہوگئے، یہی حال دوسری قسموں کا ہے ایسی صورت میں وہ مال وقف قرار پائے گا جسے حاکمِ وقت حاجت مندوں اور دیگر مستحقین میں تقسیم کرے گا۔

قرآنِ پاک کے بعد احادیث مبارکہ میں غور کیجیے مسئلہ بالکل واضح ہو جائے گا، ابو داؤد میں حضرت عمر بن عبدالعزیز سے روایت ہے کہ حضرت فاطمہ نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فدک کا مطالبہ کیا تو آپ نے انہیں عطا نہیں فرمایا تو حضرت ابوبکر پر کیا اعتراض ہے؟ بخاری شریف میں ہے کہ حضرت عمر نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی یہ حدیث پیش کی کہ ہم گروہ انبیاء وراثت نہیں چھوڑتے، ہم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جو کچھ چھوڑتے ہیں وہ صدقہ ہے۔ اس حدیث کو حضرت علی اور حضرت عباس نے تسلیم کیا نیز حضرت عثمان غنی حضرت عبدالرحمن بن عوف حضرت زبیر بن عوام اور حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے بھی تسلیم کیا۔ بخاری شریف موطا امام مالک اور ابوداؤد میں ہے۔ کہ امہات المومنین نے وراثت کے مطالبہ کا ارادہ کیا تو حضرت عائشہ نے انہیں یہی حدیث سنا کر مطالبے سے منع کیا چنانچہ انہوں نے مطالبے کا ارادہ ترک کر دیا حضرت فاطمہ زہرا نے وراثت کا مطالبہ کیا تو انہیں بھی یہی حدیث سنائی گئی۔ حضرت سیدہ نے بھی اس حدیث کو تسلیم کیا اور کہیں بھی یہ ثابت نہیں ہے کہ انہوں نے اس حدیث کا انکار کیا ہو۔

انصاف کی بات یہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق کے رویئے کی تحسین کی جانی چاہیے کہ انہوں نے کسی صورت میں نبی حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کو ترک نہیں کیا بلکہ پوری مضبوطی کے ساتھ اس پر قائم رہے اور جس طرح حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت خاتون جنت، امہات المومنین اور دوسرے رشتہ داروں کو حصہ عطا فرمایا کرتے تھے۔ اسی طرح حضرت ابوبکر بھی دیتے رہے، ہاں انہوں نے اس خطہ زمین کے مالکانہ حقوق کسی کو نہیں دیے اور یہی قرآن پاک کا مفاد ہے اور یہی حدیث پاک کی تصریح کے مطابق ہے۔

حیرت ہے کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عمر کے بارے میں غیظ وغضب کا اظہار کرنے والے حضرت علی مرتضیٰ پر اعتراض کیوں نہیں کرتے؟

کہ انہوں نے اپنے دور خلافت میں حضرت فاطمہ کا حق وراثت حاصل کر کے اسے اپنی ملکیت کیوں نہ قرار دیا؟ اس سوال کے جواب میں کہا جاتا ہے کہ اہل بیت کرام کی روایت یہ ہے کہ ایک بار ان کا حق نہ دیا جائے تو وہ دوبارہ لینا پسند نہیں کرتے، شیعوں کے خیال میں خلافت حضرت علی کا حق تھی جسے خلفاء ثلاثہ نے دبائے رکھا، پھر حضرت عثمان غنی کی شہادت کے بعد حضرت علی نے خلافت کیوں قبول کر لی؟ تمہارے خیال کے مطابق تو یہ بھی اہل بیت کرام کی روایت کے خلاف ہے۔ بلکہ وہ خطہ جس کا مطالبہ تھا حضرت عمر نے ملکیت کے طور پر نہیں بلکہ تولیت کے طور پر دیا تو حضرت علی اور حضرت عباس نے لے لیا جو پہلے حضرت علی کے پاس پھر ان کی اولاد کے پاس رہا۔ تمہارے خیال کے مطابق تو یہ بھی اہل بیت کی شان کے لائق نہ تھا۔ حضرت علی کا اور ان کے بعد ان کی اولاد کا اس خطہ زمین پر قابض ہونا صاف اعلان کر رہا ہے: کہ وہ زمین وراثہ نہ تھی ورنہ حضرت علی کے پاس کیا جواز تھا؟ کہ اس میں سے حضرت عباس اور ان کے بعد ان کی اولاد کو حصہ نہ دیتے آخر وہ بھی تو وارث تھے۔

جب وراثت کا پہلو مضبوط نظر نہیں آتا تو کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنی حیات طیبہ میں حضرت فاطمہ کو فدک ہبہ کر دیا تھا۔ حالانکہ اس دعوے کو دلیل سے ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ اور اگر ہبہ تسلیم بھی کر لیا جائے تو فریقین کے نزدیک مسلم ہے کہ جب تک وہ شخص جسے ہبہ کیا گیا ہے۔ قبضہ نہ کرے وہ چیز اس کی ملکیت نہیں بنتی اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

روز روشن کی طرح ظاہر ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حیات مبارکہ میں فدک کبھی بھی حضرت سیدہ فاطمہ کے قبضہ میں نہیں رہا بلکہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم ہی اس میں تصرف فرماتے رہے۔ نیز فدک وسیع اور زرخیز خطہ تھا۔ جس کی آمدنی بقول علامہ مجلسی چوبیس ہزار دینار تھی اگر یہ علاقہ حضرت سیدہ کو مل گیا ہوتا تو ان کی سالانہ آمدن لاکھوں روپے ہوتی اور وہ مدینہ منورہ کی مالدار ترین خاتون ہوتیں۔ حالانکہ کسے نہیں معلوم؟ کہ زمانہ نبوی میں ان کی زندگی فقر و قناعت سے عبارت تھی۔ گھر کے تمام کام خود کرتی تھیں۔ پھر اگر ان کی سالانہ آمدن لاکھوں روپے ہوتی تو غزوہ تبوک کے موقع پر وہ دل کھول کر چندہ دیتیں، جب کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اپیل پر حضرت عثمان غنی نے تین سو اونٹ مع ساز و سامان اور ایک ہزار دینار پیش کیے، حضرت عمر فاروق نے آدھا مال پیش کر دیا اور حضرت ابو بکر نے تمام مال لاکر ڈھیر کر دیا، دوسرے صحابہ کرام نے بھی استطاعت کے مطابق حصہ لیا۔ لیکن کہیں بھی یہ ذکر نہیں ملتا۔ کہ حضرت خاتون جنت نے بھی اس میں حصہ لیا ہو، معلوم ہوا کہ ہبہ کا قول صحیح نہیں ہے۔

ایک سوال یہ بھی اٹھایا جاتا ہے کہ ارشاد ربانی ہے۔ وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوُدَ (سلیمان داؤد کے وارث ہوئے۔ وہ حدیث جس میں ہے کہ انبیاء کا ترکہ تقسیم نہیں کیا جاتا۔ اس آیت کے معارض ہے۔ لہذا وہ حدیث مقبول نہیں، اس کا جواب یہ ہے کہ آیت میں مال کی وراثت مراد نہیں ہے۔ ورنہ حضرت سلیمان علیہ السلام کے انیس ۱۹ بھائی تھے۔ ان کو بھی وراثت ملتی، صرف حضرت سلیمان علیہ السلام کو نہ ملتی۔ اس جگہ علم نبوت اور حکومت وغیرہ امور کا ورثہ مراد ہے اسی طرح حضرت زکریا علیہ السلام کی یہ دعا فَهَبْ لِي مِن لَّدُنكَ وَلِيًّا يَرِثُنِي وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوبَ (الآیہ)

مجھے اپنے پاس سے ایسا ولی عطا فرما جو میرا اور آل یعقوب کا وارث ہو۔ اس میں بھی علم اور نبوت کی وراثت مراد ہے۔ کیونکہ کسی عالم نے بھی یہ بیان نہیں کیا کہ حضرت زکریا علیہ السلام بڑے مالدار تھے اس لیے انہوں نے وارث کا مطالبہ کیا تھا۔

بعض لوگ کہتے ہیں کہ آیت میراث کے مطابق بیٹی کو ایک حصہ اور بیٹے کو دو حصے ملتے ہیں۔ جب کہ اہلسنت جو حدیث پیش کرتے ہیں۔ وہ خبر واحد ہے اور نص قرآن کے معارض نہیں ہو سکتی۔ علامہ ابن حجر مکی نے الصواعق المحرقہ میں اس کا جواب دیتے ہوئے فرمایا کہ حضرت ابو بکر کا استدلال خبر واحد سے نہیں تھا بلکہ اس حدیث سے تھا جو انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خود سنی تھی اور وہ ان کے نزدیک خبر متواتر کی طرح قطعی تھی۔ اور قرائن کی بنا پر ان کے نزدیک وہ معنی قطعی تھا جو انہوں نے سمجھا تھا۔ لہذا اس حدیث کی بنا پر آیت مبارکہ میں تخصیص کی جا سکتی ہے۔ آیت کا حکم اُمتیوں سے متعلق ہے۔ انبیاء کرام سے متعلق نہیں ہے۔

اس سے پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ اس حدیث کو حضرت ابو بکر نے ہی بیان نہیں کیا بلکہ عشرہ مبشرہ میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے جلیل القدر صحابہ نے یہاں تک کہ حضرت علی اور حضرت عباس نے بھی تسلیم کیا۔ صرف یہی نہیں ہے بلکہ روافض کی کتابوں میں بھی یہ حدیث موجود ہے۔

اصول کافی باب العلم و المتعلم میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تحقیق علماء انبیاء کے وارث ہیں، بے شک انبیاء ورثے میں درہم و دینار نہیں چھوڑتے بلکہ وہ علم وراثت دیتے ہیں جس نے اس علم کا کچھ حصہ حاصل کیا۔ اس نے بڑا حصہ حاصل کیا۔

من لایحضرہ الفقیہ جلد دوم ص ۳۴۶ میں حضرت علی مرتضیٰ کا ارشاد منقول ہے جو انہوں نے اپنے صاحبزادے حضرت محمد بن الحنفیۃ کو وصیت کرتے ہوئے بیان کیا۔ اصول کافی کے صفحہ ۷ اپر باب صفۃ العلم میں حضرت امام جعفر صادق کا ارشاد منقول ہے جس کا مطلب بھی یہی ہے۔

مخالفین اپنے پروپیگنڈے کو مؤثر بنانے کے لیے بخاری شریف کی ایک روایت کا بھی سہارا لیتے ہیں اور یہ تاثر دینے کی کوشش کرتے ہیں کہ حضرت سیدہ، حضرت ابوبکر سے ناراض ہوگئیں اور آخری دم تک ناراض ہی رہیں اور اس سلسلے میں اس حدیث کا حوالہ بھی دیتے ہیں کہ سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: فاطمہ میری لخت جگر ہیں جس نے انہیں ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔

بخاری شریف میں فدک کا پانچ مرتبہ ذکر آیا ہے۔ جلد اول ص ۵۲۶ پر حضرت عائشہ کی روایت میں ہے کہ حضرت ابوبکر نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی ہمارا وارث نہیں بنتا۔ ہم جو چھوڑ جاتے ہیں۔ وہ صدقہ ہے۔ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آل اس مال سے کھائے گی، خدا کی قسم! میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صدقات میں کوئی تبدیلی نہیں کروں گا۔ اور ان میں وہی عمل کروں گا۔ جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے تھے۔ حضرت علی نے خطبہ پڑھ کر فرمایا:

اے ابوبکر! ہم تمہاری فضیلت جانتے ہیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنی قرابت اور اپنے حق کا ذکر کیا۔ حضرت ابوبکر نے فرمایا۔ اس ذات کی قسم! جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے مجھے اپنے رشتہ داروں کی نسبت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے رشتہ داروں سے حسن سلوک زیادہ محبوب ہے۔

اس حدیث میں حضرت سیدہ کی ناراضگی کا کوئی ذکر نہیں۔ بلکہ حضرت علی، خلیفہ اول کی فضیلت کا واضح اعتراف فرما رہے ہیں۔ حضرت ابوبکر نے کون سی حق تلفی کی؟ جو کچھ سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں حضرت خاتون جنت کو ملا کرتا تھا۔ وہ حضرت ابوبکر بھی انہیں پیش کرتے رہے۔ حضرت عمر نے تو وہ خطہ بھی بطور تولیت حضرت علی اور حضرت عباس کو دے دیا تھا۔ اس کے باوجود معترضین کا سینہ ٹھنڈا نہیں ہوتا۔ اتنا ضرور ہے کہ شیخین کریمین نے حضرت سیدہ کو مالکانہ حقوق نہیں دیئے۔ وہ تو انہوں نے امہات المومنین کو بھی نہیں دیے جن میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ان کی صاحبزادیاں حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ بھی شامل تھیں۔ پھر مالکانہ حقوق نہ دینے کی بنیاد ذاتی رائے یا دشمنی قطعاً نہ تھی بلکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث تھی جسے رافضی مصنفین بھی بیان کرتے ہیں؛ اس میں حضرت ابوبکر کا کیا جرم ہے؟ اور حضرت فاطمہ کی ناراضگی کا کونسا پہلو ہے۔ کیا یہی کہ آپ میرے والد ماجد محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث پر کیوں عمل کرتے ہیں؟

بات صرف اتنی ہے کہ حضرت فاطمہ زہراء نے ابتداءً مطالبہ کیا اور جب ان کے سامنے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث پیش کی گئی تو انہوں نے خاموشی اختیار کر لی اور اس کے بعد کبھی اس مسئلے کو نہیں اٹھایا۔ بخاری شریف میں صرف ایک جگہ یہ الفاظ ہیں۔ فَغَضِبَتْ فَاطِمَةُ وَهَجَرَتْ اَبَا بَكْرٍ فَلَمْ تَزَلْ مُهَاجِرَتَهُ حَتّٰى تُوُفِّيَتْ حضرت فاطمہ ناراض ہو گئیں اور حضرت ابوبکر کو چھوڑے رکھا یہاں تک کہ ان کا وصال ہو گیا۔ اور یہ راوی کا اپنا خیال ہے کسی معتبر روایت سے یہ ثابت نہیں کہ حضرت خاتون جنت نے فرمایا ہو کہ میں ابوبکر سے ناراض ہوں۔ راوی کو غلطی بھی واقع ہو سکتی ہے۔

قرین قیاس یہی ہے کہ چونکہ حضرت سیدہ نے بعد میں اس مسئلے پر حضرت ابوبکر سے بات نہیں کی اس لیے راوی نے سمجھا کہ وہ ناراض ہیں۔

شیعوں کی کتاب نجاح السالکین میں ہے۔ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ لَمَّا رَاٰى اَنَّ فَاطِمَةَ اِنْقَبَضَتْ عَنْهُ وَهَجَرَتْهُ وَلَمْ تَتَكَلَّمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فِىْ اَمْرِ فَدَكٍ ابوبکر نے جب دیکھا کہ فاطمہ نے ان سے انقباض محسوس کیا ہے۔ انہیں چھوڑ دیا ہے اور اس کے بعد فدک کے بارے میں بات نہیں کی، اس عبارت سے ہمارے دعوے کی بخوبی تائید ہوتی ہے کہ حضرت فاطمہ نے چونکہ بعد میں مسئلہ فدک پر بات نہیں کی اس لیے راوی نے اسے ناراضگی قرار دے دیا۔ اگر اس میں کچھ بھی واقعیت ہوتی تو شیعہ مصنف اسے اچھالنے سے کبھی دریغ نہ کرتا۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان برحق ہے کہ مَنْ اَغْضَبَهَا اَغْضَبَنِىْ جس نے فاطمہ کو ناراض کیا اس نے مجھے ناراض کیا۔ لیکن یہ تو اسی وقت ہے جب کوئی شخص انہیں دیدہ و دانستہ ایذا پہنچائے اور ناراض کرے۔ جب کہ حضرت ابوبکر نے انہیں صاف لفظوں میں فرمایا۔ اے رسول اللہ کی بیٹی! مجھے اپنی قرابت کی نسبت حضور کی قرابت سے صلہ رحمی اور حسن سلوک زیادہ محبوب ہے۔ اس سے پہلے گزر چکا کہ حضرت ابوبکر صدیق کی اہلیہ حضرت اسماء حضرت سیدہ کی تیمارداری کرتی رہیں اور حضرت سیدہ نے انہیں وصیت کی تھی کہ تم ہی مجھے وصال کے بعد غسل دینا اور کفن پہنانا، ایمانداری سے سوچئے کہ اگر خاتون جنت، حضرت ابوبکر سے ناراض ہوتیں تو ان کی اہلیہ کو اتنے قرب کی اجازت دیتیں؟

بالفرض اگر تسلیم بھی کر لیا جائے کہ حضرت فاطمہ، حضرت ابوبکر سے بتقاضائے بشریت ناراض تھیں تو اس بناء پر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جو وعید حضرت ابوبکر کو سنائی جاتی ہے وہی حضرت علی کو بھی سنانی پڑے گی، رافضیوں کی مشہور کتاب جلاء العیون ص ۱۸۶ میں ہے کہ ایک بار حضرت سیدہ زہراء، مولیٰ علی سے ناراض ہوئیں تو حضرت حسنین کریمین اور حضرت ام کلثوم کو ساتھ لے کر اپنے میکے چلی گئیں۔ بلکہ بعض اوقات تو اس قدر ناراض ہوئیں کہ حضرت علی کو سخت سست بھی کہہ گئیں، چنانچہ شیعوں کی معروف کتاب حق الیقین کے صفحہ ۲۳۳ پر ہے کہ ایک دفعہ انہوں نے ناراضگی میں یہاں تک کہہ دیا:۔

مانند جنین در رحم، پردہ نشیں، شدہ مثل خائناں در خانہ گریختہ۔	رحم میں پوشیدہ بچے کی طرح پردہ نشین ہو گئے اور نامرادوں کی طرح گھر میں بھاگ گئے

الحمد للہ! ہمارے لیے کوئی الجھن نہیں ہے، ہم سمجھتے ہیں کہ حضرت علی کا مقصد اپنے کسی قول یا فعل سے حضرت سیدہ کو ناراض کرنا نہیں تھا۔ خانگی زندگی میں ایسے موڑ آہی جاتے ہیں کہ ایک فریق کی مصالحانہ کوشش کے باوجود دوسرا فریق ناراض ہوجاتا ہے۔ پھر یہ وقتی ناراضگی ہوتی تھی جو بعد میں دور ہوجاتی تھی، یہی کیفیت حضرت ابوبکر صدیق کی تھی۔

بقول ملا باقر مجلسی، حق الیقین ص ۲۳۱، حضرت ابوبکر نے فرمایا: میرے جملہ اموال اور احوال میں آپ کو اختیار ہے۔ ان میں سے آپ جو چاہیں لے لیں۔ آپ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی امت کی سردار اور اپنے بیٹوں کے لیے بابرکت درخت ہیں۔ آپ کی فضیلت کا کوئی انکار نہیں کرسکتا۔ آپ کا حکم میرے تمام اموال میں نافذ ہے۔ لیکن میں مسلمانوں کے مالوں میں آپ کے والد ماجد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان کی مخالفت نہیں کرسکتا۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ حضرت ابوبکر کے دل میں کوئی عناد اور کدورت نہ تھا۔ ورنہ وہ اپنی پوری جائیداد کی پیش کش کبھی نہ کرتے۔

علامہ کمال الدین میثم البحرانی، نہج البلاغہ کی شرح میں لکھتے ہیں کہ حضرت سیدہ کی گفتگو سن کر صدیق اکبر نے کہا۔

اے خواتین عالم کی سردار! اے تمام آباء کے تاجدار کی لخت جگر! خدا کی قسم! میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رائے سے بالکل تجاوز نہیں کیا۔ میں نے وہی کچھ کیا ہے جس کا حضور نے حکم دیا، حضور علیہ السلام فدک سے آپ حضرات کی ضرورت (خوراک وغیرہ) لیا کرتے تھے۔ اور باقی مستحقین میں تقسیم کردیا کرتے تھے۔ مجاہدین کو سواریاں اسی سے مہیا فرماتے تھے۔ اور میں اللہ تعالیٰ کو ضامن بنا کر وعدہ کرتا ہوں کہ میں بھی وہی کروں گا جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیا کرتے تھے فَرَضِيَتْ بِذٰلِكَ وَاَخَذَتِ الْعَهْدَ عَلَيْهِ بِهٖ یہ سن کر آپ راضی ہوگئیں اور اسی پر عہد لیا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قتل پیر ا پنے کان سے وعدہ لیا۔ (ترجمہ)

(شرح نہج البلاغۃ، ج ۵، ص ۱۰۷)

اس تفصیل سے روز روشن کی طرح واضح ہو گیا کہ یہ پروپیگنڈا محض افتراء ہے کہ حضرت فاطمہ نے وصیت فرمائی تھی کہ ابوبکر میرے جنازے میں شریک نہ ہوں، بلکہ طبقات ابن سعد میں امام شعبی اور امام ابراہیم نخعی کی دو روایتیں منقول ہیں کہ حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی نماز جنازہ حضرت ابوبکر نے ہی پڑھائی اور چار تکبیریں کہیں۔

اور اگر تسلیم کر لیا جائے کہ حضرت ابوبکر جنازہ میں شریک نہیں ہوئے تو ان کے لیے ضرور کوئی عذر ہوگا۔ جیسے کہ حضرت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی نے اشعۃ اللمعات میں بیان فرمایا۔ اسے دوبارہ نقل کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

پھر جلاء العیون میں کلینی کی روایت کے مطابق جنازہ میں صرف سات افراد شریک ہوئے۔ حضرت ابوذر، سلمان عمار، حذیفہ، عبداللہ بن مسعود اور مقداد، امامت حضرت علی نے کرائی۔ اس روایت کے مطابق حضرات حسنین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی جنازہ کی نماز میں شریک نہیں ہوئے۔ اسی طرح متعدد وہ حضرات جنہیں شیعہ بھی مانتے ہیں۔ وہ بھی شامل نہیں ہوئے۔ کیا حضرت سیدہ ان سے بھی ناراض تھیں؟ اور ان کے بارے میں بھی یہ وصیت کی تھی کہ جنازے میں شریک نہ ہوں۔

اللہ تعالیٰ بے جا تعصب سے بچائے صحابہ کرام اور اہل بیت عظام کی سچی محبت و عقیدت پر ہی قائم و دائم رکھے۔

شرف قادری

نوٹ:۔ اس مختصر مقالہ میں الصواعق المحرقہ، امام ابن حجر مکی، جسٹس پیر محمد کرم شاہ الازہری کے مقالہ مسئلہ فدک (ضیائے حرم، فاروق اعظم نمبر، شمارہ مئی جون ۱۹۷۴ء) اور علامہ مفتی محمد جلال الدین امجدی کی تصنیف باغ فدک اور حدیث قرطاس سے استفادہ کیا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

كِتَابُ الصَّيْدِ وَالذَّبَائِحِ

۱۸ ـــــ شکار اور ذبح کی ہوئی چیزوں کا بیان

اصل میں صید کا معنی شکار کرنا ہے، پھر اس چیز کو صید کہا گیا جسے شکار کیا گیا ہو۔ شکار کرنا مباح ہے، قرآن و حدیث سے ثابت ہے اور اس پر امت کا اجماع ہے۔ ابن ابی زید کا رسالہ مذہب مالکی میں ہے، اس میں ہے کہ لہو و لعب کے لیے شکار کرنا مکروہ ہے، اور لہو و لعب کے ارادہ کے بغیر مباح ہے، یہ امر ثابت نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنفس نفیس شکار کیا ہو، لیکن آپ نے اس کی تائید فرمائی ہے۔

ذبیحہ کی جمع ذبائح ہے۔ وہ چیز جسے ذبح کیا گیا ہو۔ ذبح ذال کے نیچے زیر بھی اس معنی میں آیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۳۸۸۵ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرْسَلْتَ كَلْبَكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَاِنْ اَمْسَكَ عَلَيْكَ فَاَدْرَكْتَهٗ حَيًّا فَاذْبَحْهُ وَاِنْ اَدْرَكْتَهٗ قَدْ قَتَلَ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ فَكُلْهُ وَاِنْ اَكَلَ فَلَا تَاْكُلْ مِنْهُ فَكُلْهُ وَاِنْ اَكَلَ فَلَا تَاْكُلْ فَاِنَّمَا اَمْسَكَ عَلٰى نَفْسِهٖ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم اپنا کتا بھیجو تو اللہ تعالیٰ کا نام لو۔ پس اگر وہ شکار کو تمہارے لیے روک لے، اور تم اسے زندہ پالو۔ تو ذبح کرو۔ اگر تم شکار کو اس حالت میں پاؤ کہ کتے نے اسے مار ڈالا ہو۔ اور اس سے (کچھ) نہ کھایا ہو تو اسے کھاؤ اور اگر کتے نے کھایا ہے تو نہ کھاؤ۔ کیونکہ اس نے اپنے لیے روک رکھا ہے۔ اور اگر تم اپنے کتے کے ساتھ دوسرے کتے کو پاؤ اور اس نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَإِنْ وَجَدْتَ مَعَ كَلْبِكَ كَلْبًا غَيْرَهُ وَ قَدْ قَتَلَ فَلَا تَأْكُلْ فَإِنَّكَ لَا تَدْرِي أَيُّهُمَا قَتَلَ وَ إِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ فَاذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ فَإِنْ غَابَ عَنْكَ يَوْمًا فَلَمْ تَجِدْ فِيهِ إِلَّا أَثَرَ سَهْمِكَ فَكُلْ إِنْ شِئْتَ وَ إِنْ وَجَدْتَهُ غَرِيقًا فِي الْمَاءِ فَلَا تَأْكُلْ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

مار دیا ہے تو نہ کھاؤ۔ کیونکہ تمہیں معلوم نہیں کہ کس نے مارا ہے[۵۵]؛ اور جب تم تیر چلاؤ تو اللہ تعالیٰ کا نام لو، پس اگر شکار ایک دن تم سے غائب رہا اور تم نے اس میں صرف اپنے تیر کا اثر پایا ہے[۵۶]۔ تو اگر چاہو تو کھاؤ؛ اور اگر تم نے اسے پانی میں ڈوبا ہوا پایا[۵۷] ہے۔ تو نہ کھاؤ[۵۸]

(صحیحین)

۵۱ حضرت عدی بن حاتم بن عبداللہ بن سعد طائی، سخی ابن سخی، ۹ھ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، بعض نے کہا ۱۰ھ میں حاضر ہوئے، پہلا قول زیادہ صحیح ہے، کوفہ میں قیام پذیر ہوئے جنگ جمل میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ہمراہ جنگ میں شریک ہوئے اور ایک آنکھ کی بینائی جاتی رہی، صفین اور نہروان میں حاضر ہوئے ۶۷ھ میں مختار بن ابی عبید کے زمانے میں ان کا وصال ہوا۔ ایک سو بیس سال کی عمر پائی۔ بعض نے ایک سو ستر سال عمر بتائی۔ پہلا قول حق کے زیادہ قریب ہے، وہ بکثرت شکار کیا کرتے تھے۔

۵۲ یعنی شکار کے لیے تو اللہ تعالیٰ کا نام لو، جیسے کہ ذبح کے وقت لیتے ہیں۔ کیونکہ کتے کو شکار کے پیچھے بھیجنا ذبح کے قائم مقام ہے، شکاری کی طرف سے کتے کا بھیجنا شرط ہے۔ اگر کتا از خود چلا جائے اور شکار کو زخمی کر دے تو وہ حلال نہ ہوگا۔ اسی طرح اگر بھیجتے وقت، اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا گیا، ہاں اگر اسے زندہ پایا اور ذبح کر لیا تو وہ شکار میں شمار نہ ہوگا۔

۵۳ بعض نسخوں میں قُتِلَ صیغہ مجہول کے ساتھ ہے۔ یعنی وہ شکار مار دیا گیا ہے۔

۵۴ یہ اس بات کی علامت ہے کہ وہ تعلیم یافتہ نہیں ہے، اور شکار وہی حلال ہے جو سدھائے ہوئے کتے نے کیا ہو، تعلیم کی نشانی یہ ہے کہ تین بار شکار کو روکے اور کھائے نہیں۔

۵۵ اگر دوسرے کتے نے مارا ہو تو ہو سکتا ہے وہ سدھایا ہوا نہ ہو یا اسے بھیجتے وقت بسم اللہ شریف نہ پڑھی گئی ہو۔

۶ کہ یہ بھی ذبح کے قائم مقام ہے ــــــــ ایک دن کی قید اتفاقی اور بطور مثال ہے، مطلب یہ ہے کہ اگرچہ پورا دن غائب رہا بلکہ اس سے بھی زیادہ غائب رہا۔ بشرطیکہ متعفن نہ ہو جائے۔ جیسے کہ آئندہ آئے گا۔

۷ اگرچہ اس پر تیر کا نشان بھی ہو۔
۸ کیونکہ ہو سکتا ہے پانی میں ڈوب کر مرا ہو۔

۳۸۸۶ وَعَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نُرْسِلُ الْكِلَابَ الْمُعَلَّمَةَ قَالَ كُلْ مَا اَمْسَكْنَ عَلَيْكَ قُلْتُ وَ اِنْ قَتَلْنَ قَالَ وَاِنْ قَتَلْنَ قُلْتُ اِنَّا نَرْمِيْ بِالْمِعْرَاضِ قَالَ كُلْ مَا خَزَقَ وَ مَا اَصَابَ بِعَرْضِهٖ فَقَتَلَهٗ فَاِنَّهٗ وَقِيْذٌ فَلَا تَاْكُلْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم سکھائے ہوئے کتوں کو بھیجتے ہیں، فرمایا: جو تمہارے لیے روک لیں[۲] وہ کھاؤ، میں نے عرض کیا اگرچہ وہ مار ڈالیں؟ فرمایا: اگرچہ مار ڈالیں[۳]۔ میں نے عرض کیا ہم بے پر تیر[۴] مارتے ہیں فرمایا: جسے زخمی کر دے[۵] اسے کھاؤ اور جسے چوڑائی کے ساتھ لگے اور ہلاک کر دے تو وہ موقوذہ[۶] ہے اسے نہ کھاؤ۔

(صحیحین)

۱ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ
۲ اور خود اس میں سے نہ کھائیں۔
۳ کیونکہ اگر زندہ ہوتا اسے ذبح کیا جائے گا، اسے محفوظ رکھنے کی حاجت نہ ہوگی۔
۴ اکثر اسے معراض کہتے ہیں کہ وہ چوڑائی میں لگتا ہے۔
۵ اور جسم میں داخل ہو جائے، جب کہ وہ لمبائی میں لگا ہو۔ خزق نقطے والی خاء پھر زاء اور آخر میں قاف تیر کا نشانے پر لگنا۔
۶ موقوذ قاف اور نقطے والے ذال کے ساتھ، وہ چیز جسے لاٹھی، پتھر یا کسی کند چیز کے ساتھ قتل کیا گیا ہو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۸۸۷ وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ[۱] قَالَ قُلْتُ یَا نَبِیَّ اللّٰهِ اِنَّا بِاَرْضِ قَوْمٍ اَهْلِ الْكِتَابِ اَفَنَاْكُلُ فِیْ اٰنِیَتِهِمْ وَبِاَرْضِ صَیْدٍ اَصِیْدُ بِقَوْسِیْ وَبِكَلْبِیَ الَّذِیْ لَیْسَ بِمُعَلَّمٍ وَبِكَلْبِ الْمُعَلَّمِ فَمَا یَصْلُحُ لِیْ قَالَ اَمَّا مَا ذَكَرْتَ مِنْ اٰنِیَةِ اَهْلِ الْكِتَابِ فَاِنْ وَجَدْتُّمْ غَیْرَهَا فَلَا تَاْكُلُوْا فِیْهَا وَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فَاغْسِلُوْهَا وَكُلُوْا فِیْهَا وَمَا صِدْتَّ بِقَوْسِكَ فَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ وَكُلْ وَمَا صِدْتَّ بِكَلْبِكَ الْمُعَلَّمِ فَذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ وَمَا صِدْتَّ بِكَلْبِكَ غَیْرِ مُعَلَّمٍ فَاَدْرَكْتَ ذَكٰوتَهٗ فَكُلْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابو ثعلبہ خشنی[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا۔ اے اللہ کے نبی! ہم اہل کتاب قوم کی زمین میں ہیں۔ کیا ہم ان کے برتنوں میں کھائیں؟ اور ہم شکار کی زمین[۲] میں ہیں، میں اپنی کمان[۳] اس کتے سے جو سکھایا ہوا نہیں اور سکھائے ہوئے کتے سے شکار کرتا ہوں، تو کونسی چیز میرے لیے درست اور جائز ہے۔ فرمایا:۔ تم نے جو اہل کتاب کے برتنوں کا ذکر کیا ہے[۴] تو اگر تمہیں دوسرے برتن ملیں تو ان کے برتنوں میں نہ کھاؤ۔ اور اگر دوسرے برتن نہ ملیں تو ان کو ہی دھو لو اور ان میں کھاؤ[۵]۔ اور جس جانور کا تم اپنی کمان سے شکار کرو اور اللہ تعالیٰ کا نام لو تو اسے کھاؤ۔ اور جو اپنے سکھائے ہوئے کتے سے شکار کرو۔ اور اللہ تعالیٰ کا نام لو تو اسے بھی کھاؤ۔ اور جو اس کتے سے شکار کرو جو سدھایا ہوا نہ ہو اور اس کے ذبح کو پالو تو اسے بھی کھاؤ۔ (صحیحین)

[۱] ابو ثعلبہ خشنی خا پر پیش، شین پر زبر اور نوں نقطے والے، خُشَن کی طرف نسبت، صحابی ہیں اور اپنی کنیت کے ساتھ مشہور ہیں، بیعت رضوان میں شریک ہوئے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں ان کی قوم کی طرف بھیجا تو ان کی قوم اسلام لے آئی، شام میں قیام پذیر ہوئے ۷۵ھ میں اور بعض کے قول کے مطابق حضرت معاویہ کے زمانے میں وصال ہوا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے۲ یعنی ہم ایسی جگہ ہیں جہاں شکار بہت ہے

ے۳ یعنی تیر اندازی سے

ے۴ ان کا حکم یہ ہے کہ ۔

ے۵ ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر دوسرے برتن دستیاب ہوں تو ان کے برتنوں میں دھونے کے بعد میں نہیں کھانا چاہیے ۔ کیونکہ اب ان کی ضرورت نہیں ہے ۔ لیکن فقہاء کہتے ہیں کہ ان کے برتنوں کو دھو کر استعمال کرنا بغیر کراہت کے مطلقاً جائز ہے خواہ دوسرے برتن ملیں یا نہ ،

لہذا حدیث سے مستفاد کراہت کو اس پر محمول کرنا چاہیے کہ وہ برتن مراد ہیں جن میں اہل کتاب خنزیر کا گوشت پکاتے ہیں اور شراب پیتے ہیں اور نجاست کے لیے عام استعمال ہوتے ہیں ۔ کیونکہ انہیں جتنا بھی دھو لیا جائے مسلمان کو طبعی طور پر ان کے استعمال سے گھن آئے گی ۔ (مثلاً پیشاب کے لیے استعمال کیا جانے والا برتن دھو بھی لیں تو اس کے استعمال سے کراہت محسوس ہوتی ہے ۱۲ ق)

اور فقہاء کی مراد وہ برتن ہیں جو عام طور پر نجاستوں کے لیے استعمال نہیں کیے جاتے ۔ امام ابو داؤد نے اپنی سنن میں صراحت کے ساتھ اس کا ذکر کیا ہے جیسے کہ بر ہادی نے نقل کیا ۔

۳۸۸۸ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَمَيْتَ بِسَهْمِكَ فَغَابَ عَنْكَ فَاَدْرَكْتَهُ فَكُلْ مَا لَمْ يُنْتِنْ ۔	ان[۱] ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ۔ جب تم اپنا تیر چلاؤ اور شکار تم سے غائب ہو جائے ، پھر تم اسے پالو[۲] تو کھاؤ جب تک کہ متعفن[۳] نہ ہو ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)	(مسلم)

ے۱ حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ

ے۲ یعنی تم اس میں اپنے تیر کے علاوہ کوئی نشان نہ پاؤ ۔ جیسے کہ حضرت عدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں گزرا ۔

ے۳ یُنْتِنْ یا پر پیش ، تا کے نیچے زیر ، اَنْتَنَ کا مضارع ۔ بعض محدثین نے ینتن بھی کہا ہے یا پر زبر تا کے نیچے زیر ۔ یہ حکم بطور استحباب ہے ۔ ورنہ گوشت بو دینے لگے تو حرام نہیں ہو جاتا ۔ ایک روایت میں ہے کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بو دینے والا گوشت تناول فرمایا۔ (جس کی بو وقت گزرنے کے سبب کسی قدر متغیر ہو گئی تھی۔)

اسی طرح حواشی میں ہے، ہوسکتا ہے کہ تعلیم جواز کے لیے تناول فرمایا ہو۔

۳۸۸۹ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الَّذِي يُدْرِكُ صَيْدَهُ بَعْدَ ثَلٰثٍ فَكُلْهُ مَالَمْ يُنْتِنْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ان ہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس شخص کے بارے میں فرمایا جو تین دن بعد اپنا شکار پالے تم اسے کھا لو۔ جب تک وہ بدبودار نہ ہو۔ (مسلم)

۳۸۹۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ هُنَا اَقْوَامًا حَدِيْثٌ عَهْدُهُمْ بِشِرْكٍ يَأْتُوْنَنَا بِلُحْمَانٍ لَا نَدْرِيْ اَيَذْكُرُوْنَ اسْمَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اَمْ لَا قَالَ اذْكُرُوْا اَنْتُمْ اسْمَ اللّٰهِ وَكُلُوْا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ صحابہ کرام نے عرض کی کہ اس جگہ کچھ لوگ ہیں جن کا زمانہ شرک کے قریب[1] ہے وہ ہمارے پاس ایسے گوشت[2] لاتے ہیں جن کے بارے میں ہمیں معلوم نہیں کہ ان پر اللہ تعالیٰ کا نام لیتے ہیں یا نہیں؟ فرمایا:۔ تم اللہ تعالیٰ کا نام لو اور کھا لو[3]۔ (بخاری)

[1] یعنی وہ نو مسلم ہیں اور انہوں نے ابھی تک اسلام کے احکام مکمل طور پر حاصل نہیں کیے۔

[2] لحمان لام پر پیش، لحم کی جمع ہے حا ساکن، زیر بھی پڑھ سکتے ہیں۔

[3] شرح شافی میں ابن رشتہ سے منقول ہے کہ حدیث کا یہ مطلب نہیں کہ تمہارا اس وقت بسم اللہ پڑھنا، ذبح کے وقت بسم اللہ پڑھنے کے قائم مقام ہو جائے گا، بلکہ یہ بیان کیا گیا ہے کہ کھانے کے وقت بسم اللہ شریف کا پڑھنا مستحب ہے اور یہ کہ تمہیں اس پر اللہ تعالیٰ کا نام لینا معلوم نہیں ہے۔ تو اس کا کھانا صحیح ہے جب کہ ذبح کرنے والا ایسا شخص ہو جس کا ذبیحہ حلال ہے، کیونکہ مسلمانوں کے بارے میں اچھا گمان ہونا چاہیے اور ان کے حال کو اچھائی پر محمول کرنا چاہیے۔ اس حدیث سے ان علماء نے استدلال کیا ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جو کہتے ہیں کہ ذبح کے وقت اللہ تعالٰی کا نام لینا شرط نہیں ہے۔ لیکن یہ استدلال ضعیف ہے جیسے کہ ظاہر ہے (قرآن پاک میں ہے کہ اس جانور کو نہ کھاؤ جس پر اللہ تعالٰی کا نام نہ لیا گیا ہو ۱۲ ق)

۳۸۹۱ وَعَنْ اَبِی الطُّفَیْلِ قَالَ سُئِلَ عَلِیٌّ هَلْ خَصَّكُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِشَیْءٍ فَقَالَ مَا خَصَّنَا بِشَیْءٍ لَمْ یَعُمَّ بِهِ النَّاسَ اِلَّا مَا فِیْ قِرَابِ سَیْفِیْ هٰذَا فَاَخْرَجَ صَحِیْفَةً فِیْهَا لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ ذَبَحَ لِغَیْرِ اللّٰهِ وَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ سَرَقَ مَنَارَ الْاَرْضِ وَ فِیْ رِوَایَةٍ مَنْ غَیَّرَ مَنَارَ الْاَرْضِ وَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ لَعَنَ وَالِدَهٗ وَ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ اٰوٰی مُحْدِثًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو الطفیل[۱] رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ حضرت علی سے پوچھا گیا کہ کیا رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے آپ حضرات[۲] کو کسی چیز کے ساتھ مخصوص فرمایا تھا؟ فرمایا:- ہمیں آپ نے کسی ایسی چیز کے ساتھ مخصوص نہیں فرمایا۔ جو آپ نے دوسرے لوگوں کو عمومی[۳] طور پر نہ بتائی ہو، سوائے اس چیز کے جو میری اس تلوار کے پرتلے[۴] میں ہے پھر انہوں نے ایک کتابچہ نکالا جس میں تھا کہ اللہ تعالٰی اس شخص پر لعنت فرمائے جو غیر اللہ کے نام پر ذبح کرے[۵] اور اس شخص پر لعنت فرمائے جو زمین کے نشانات[۶] چوری کرے۔ اور ایک روایت میں ہے جو زمین کا نشان بدلے اور اللہ تعالٰی اس شخص پر لعنت فرمائے جو اپنے والد پر لعنت بھیجے[۷]۔ اور اللہ تعالٰی اس شخص پر لعنت فرمائے جو بدعتی کو پناہ دے[۸] (مسلم)

سلہ۱ حضرت ابو الطفیل طا پر پیش، مشہور صحابی ہیں۔ سب صحابہ کرام میں سے علی الاطلاق آخر میں فوت ہوئے حضرت علی مرتضٰی رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں میں سے تھے۔ فصیح اللسان اور حاضر جواب تھے۔

سلہ۲ یعنی کیا کچھ احکام ایسے ہیں جو صرف اہل بیت کو بتلائے ہوں؟ اور دوسرے حضرات کو نہ بتائے ہوں۔

سلہ۳ صراح میں ہے عموم سب کا احاطہ کر لینا ——— اس تخصیص کے بارے میں باب الدیات میں گفتگو گزر چکی ہے۔ وہاں دیکھ لی جائے۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

۵۴ قراب پرتلہ جس میں تلوار مع نیام رکھی جاتی ہے۔ (ظاہر ہے اس میں ستر گز کا قرآن تو نہیں آسکتا ۱۲ ق)

۵۵ جیسے کہ مشرکین بتوں کے نام پر ذبح کیا کرتے تھے۔

۵۶ منار میم پر زبر، جمع ہے منارۃ کی علامت، اس سے مراد زمین کے وہ نشانات ہیں جن کے ذریعے حدیں جدا ہوں، یعنی وہ اپنے لیے زمین کا وہ حصہ مباح کرنا چاہتا ہے جو اس کا نہیں ہے بلکہ اس کے پڑوسی کا ہے نشانات کو اٹھا کر پڑوسی کا کچھ حصہ زمین اپنے حصہ میں داخل کر لیتا ہے۔ اسی طرح شارحین نے بیان کیا ہے۔ یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ زمین کے نشانات کو بدل دیتا ہے اور انہیں اٹھا کر غائب کر دیتا ہے تاکہ لوگوں کو راستے کا پتہ نہ چلے اور اس طرح راستہ بند کر دیتا ہے، یہ مطلب آئندہ روایت کے زیادہ مناسب ہے۔

۵۷ کہ یہ نافرمانی اور ایذا رسانی کے زمرے میں آتی ہے۔ یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ دوسرے کے باپ پر لعنت کرے اور دوسرا اس کے باپ کو لعنت کرے، پس وہ شخص اپنے باپ کی لعنت کا سبب بنا۔ گویا وہ خود اپنے باپ کو لعنت کر رہا ہے، جیسے کہ دوسری حدیث میں والد کو گالی دینے کی ممانعت آئی ہے۔ شاعر نے کہا ہے۔

گر مادر خویش دوست داری — دشنام مده بمادر من

اگر تجھے اپنی ماں پیاری ہے تو میری ماں کو گالی نہ دے۔

۵۸ بدعتی وہ شخص ہے جو دین میں ایسی چیز پیدا کرے جو اصل میں نہیں ہے۔ اور وہ سنت کا مخالف اور سنت کا بدلنے والا ہے ——— ایواء جگہ دینا یا ماویٰ جائے پناہ۔ مُحدِث دال کے نیچے زیر، نئی چیز نکالنے والا مُحدَث دال کی زبر سے بھی آیا ہے، وہ چیز جو نئی لائی گئی ہے۔ جگہ دینے کا مطلب ہے اس پر راضی ہونا، اس پر صبر کرنا، اور اس کے کرنے والے کی تائید کرنا۔ اسی طرح مجمع البحار میں ہے۔ لعنت کی دو قسمیں ہیں (۱) لعنتِ کفر یعنی اللہ تعالیٰ کی رحمت سے دور ہونا (۲) لعنتِ فسق یعنی بارگاہ عزت و قرب سے دور ہونا ——— احادیث میں اس معنی پر لعنت کا اطلاق بکثرت ہے، اور اس تفصیل میں بہت سے اشکالات کا جواب ہے۔

۳۸۹۲ وَعَنْ رَافِعِ ابْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَاقُوا الْعَدُوِّ غَدًا وَلَيْسَتْ مَعَنَا مُدًى اَفَنَذْبَحُ بِالْقَصَبِ قَالَ مَا اَنْهَرَ الدَّمَ وَذُكِرَ اسْمُ اللّٰهِ فَكُلْ

حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! کل ہم دشمن سے ملاقات کرنے والے ہیں اور ہمارے پاس چھری نہیں ہے۔ کیا ہم کانے کے ساتھ ذبح کریں؟ فرمایا: جو چیز خون کو جاری کرے اور اللہ تعالیٰ کا نام لیا جائے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَيْسَ السِّنَّ وَ الظُّفُرَ وَ سَاُحَدِّثُكَ عَنْهُ اَمَّا السِّنُّ فَعَظْمٌ وَ اَمَّا الظُّفُرُ فَمُدَى الْحُبُشِ وَ اَصَبْنَا نَهْبَ اِبِلٍ وَّ غَنَمٍ فَنَدَّ مِنْهَا بَعِيْرٌ فَرَمَاهُ رَجُلٌ بِسَهْمٍ فَحَبَسَهٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِهٰذِهِ الْاِبِلِ اَوَابِدَ كَاَوَابِدِ الْوَحْشِ فَاِذَا غَلَبَكُمْ مِنْهَا شَيْءٌ فَافْعَلُوْا بِهٖ هٰكَذَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)	اسے کھاؤ[۴] سوائے دانت اور ناخن کے، اور ہم عنقریب تمہیں اس کا سبب بتائیں گے[۵]، لیکن دانت تو وہ ہڈی ہے[۶] اور ناخن تو وہ حبشیوں کی چھری ہے[۶] حضرت رافع فرماتے ہیں کہ) ہمیں غنیمت میں اونٹ اور بکریاں ملیں) ان میں سے ایک اونٹ بھاگ گیا۔ ایک شخص نے اسے تیر مارا جس نے اس اونٹ کو روک دیا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ان اونٹوں میں کچھ بھگوڑے ہوتے ہیں[۸] جیسے جنگلی جانور انسانوں سے بھاگتے ہیں تو جب ان میں سے کوئی اونٹ تم پر غالب آجائے تو اس کے ساتھ ایسے ہی کرو[۹]۔ (صحیحین)

۱؎ حضرت رافع بن خدیج خا پر زبر، انصاری صحابی ہیں، کم سنی کی بنا پر بدر میں حاضر نہیں ہوئے اس کے بعد احد اور دیگر غزوات میں شریک ہوئے۔

۲؎ یعنی ہو سکتا ہے کہ ہمارے پاس چھری نہ ہو۔ مدی میم پر پیش، جمع ہے مدیۃ کی میم پر تینوں حرکتیں پڑھی جاسکتی ہیں بڑی چھری، صراح میں ہے مدیہ میم پر پیش اور زیر بھی پڑھ سکتے ہیں، خنجر۔

۳؎ جو چھری کی طرح تیز ہو۔

۴؎ یعنی جس جانور کو خون بہانے والی چیز سے ذبح کیا گیا ہو اسے کھانا جائز ہے خواہ وہ لوہے کی ہو یا نہ اور یہ مسئلہ علما کے درمیان متفق ہے۔

۵؎ کہ دانت اور ناخن سے ذبح کرنا کیوں جائز نہیں ہے؛ جیسے کہ اس کے بعد بیان فرمایا۔

۶؎ اور ہڈی کے ساتھ ذبح جائز نہیں ہے، شیخ ابن صلاح نے کہا کہ مجھے بحث اور تفتیش کے بعد ہڈی سے ذبح کی ممانعت کی کوئی ایسی وجہ معلوم نہیں ہو سکی جو عقل میں آجائے۔ شیخ عزالدین عبدالسلام نے بھی اسی طرح کہا۔

حدیث پاک میں اتنا ہی فرمایا ہے کہ دانتوں سے ذبح کرنا جائز نہیں ہے کیونکہ دانت ہڈی ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شیخ محی الدین نووی نے فرمایا: اس کی وجہ یہ ہے کہ ہڈی ذبح کرتے وقت خون لگنے سے پلید ہو جائے گی اور ہڈی کو پلید کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ کیونکہ وہ تمہارے جن بھائیوں کی خوراک ہے: اسی طرح امام سیوطی نے بیان کیا۔

۷ حُبش حا پر پیش، جمع ہے حبش کی۔ اس توجیہ کا مطلب یہ ہے کہ ناخنوں سے ذبح کرنے میں اس قبیح فعل میں حبشیوں کے ساتھ مشابہت ہے جو ان کے ساتھ خاص ہے اور حبشی کافر اور نصاریٰ ہیں اور ہمیں ان کی مشابہت سے منع کیا گیا ہے۔ واضح ہو کہ دانتوں اور ناخنوں سے ذبح کی ممانعت ائمہ ثلاثہ کے نزدیک مطلقاً ہے، امام اعظم ابو حنیفہ کے نزدیک جائز نہیں ہے جب کہ دانت منہ میں اور ناخن ہاتھ میں اپنی جگہ برقرار ہوں اور اگر دانت اور ناخن اپنی جگہ سے اکھیڑ دیے گئے ہوں تو ان کے ساتھ ذبح کرنے میں حرج نہیں ہے۔ لیکن یہ ذبح مکروہ ہے۔ سینگ کا بھی یہی حکم ہے۔ دوسرے آئمہ کی دلیل پیش نظر حدیث ہے اور ہماری دلیل نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ ارشاد ہے۔ اَمِرِ الدَّمَ بِمَا شِئْتَ خون بہاؤ جس چیز کے ساتھ چاہو۔ فَافْرِ الْاَوْدَاجَ اور جس چیز کے ساتھ چاہو رگوں کو کاٹو، حضرت رافع بن خدیج سے روایت کردہ (پیش نظر) حدیث میں وہ ناخن مراد ہیں جو اپنی جگہ برقرار ہوں کیونکہ حبشی انہی سے ذبح کرتے تھے۔

۸ جو انسانوں سے دور بھاگ گئے ہیں۔

۹ یعنی تیر مارو، یا جس طرح بھی انہیں ہلاک کر سکتے ہو کرو، بشرطیکہ ایسی چیز سے ہو جس کے ساتھ ذبح کرنا جائز ہے۔ کیونکہ ایسا جانور شکار کے حکم میں ہے، اسی طرح اگر اونٹ یا کوئی دوسرا جانور کنوئیں وغیرہ میں گر پڑے۔

پس ذبح دو قسم ہے۔ ۱۔ اختیاری۔ ۲۔ اضطراری۔ اختیاری ذبح یہ ہے کہ ہنسلی اور جبڑوں کے درمیان زخم لگایا جائے اور گلے کی رگیں کاٹ دی جائیں اور اضطراری یہ ہے کہ جسم کے کسی حصے پر زخم لگا دیا جائے۔ ہدایہ میں ہے کہ امام مالک نے فرمایا کہ جانور ذبح اضطراری سے حلال نہیں ہوتا اور چونکہ یہ نادر ہے اس لیے اس کا اعتبار نہیں کیا جا سکتا۔ ہم کہتے ہیں کہ حقیقی عجز معتبر ہے اور ہم تسلیم نہیں کرتے کہ یہ نادر ہے بلکہ بکثرت ہے۔

۳۸۹۳ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهٗ[1] كَانَ لَهٗ غَنَمٌ تَرْعٰى بِسَلْعٍ فَاَبْصَرَتْ جَارِيَةٌ[2] لَنَا بِشَاةٍ مِنْ غَنَمِنَا مَوْتًا فَكَسَرَتْ حَجَرًا

حضرت کعب بن مالک[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ان کی بکریاں سلع[2] نامی پہاڑ میں چرتی تھیں۔ ہماری کنیز نے ہماری ایک بکری کو مرتے ہوئے دیکھا، اس نے ایک پتھر توڑا اور اس کے ساتھ اسے ذبح کر دیا۔ حضرت کعب نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کَذَبَحْتُهَا بِهِ فَسَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهُ بِأَكْلِهَا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے دریافت کیا[۳] تو آپ نے اس کے کھانے کا حکم دیا۔ (بخاری)

سلہ حضرت کعب بن مالک مشہور صحابی اور اسلام کے شاعر ہیں، غزوہ تبوک میں شامل ہونے سے رہ گئے بعد میں ان کی توبہ قبول ہوئی۔

سلہ سلع بے نقطہ سین پر زبر اور لام ساکن، مدینہ منورہ کے مغرب میں واقع ایک پہاڑ کا نام ہے اسی جانب مساجد اربع ہیں، اسی جگہ خندق کھودی گئی اور غزوہ خندق واقع ہوا۔

سلہ کہ اس بکری کا کھانا حلال ہے یا نہیں؟

۳۸۹۲ وَعَنْ شَدَّادِ بْنِ أَوْسٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللّٰهَ تَعَالَى كَتَبَ الْإِحْسَانَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ فَإِذَا قَتَلْتُمْ فَأَحْسِنُوا الْقِتْلَةَ وَإِذَا ذَبَحْتُمْ فَأَحْسِنُوا الذَّبْحَ وَلْيُحِدَّ أَحَدُكُمْ شَفْرَتَهُ وَلْيُرِحْ ذَبِيحَتَهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت شداد بن اوس[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر چیز پر احسان کرنا[۲] واجب قرار دیا ہے۔ تو جب تم قتل کرو تو اچھی طرح قتل کرو[۳] اور جب تم ذبح کرو تو اچھی طرح ذبح کرو[۴]۔ اور چاہیے کہ تم میں سے ایک آدمی اپنی چھری[۵] کو تیز کرے اور اپنے ذبیحہ کو آرام پہنچائے[۶]۔ (مسلم)

سلہ حضرت شداد دال مشدد بن اوس واؤ ساکن حضرت حسان بن ثابت کے بھتیجے اور انصاری صحابی ہیں۔ ان کے والد حضرت اوس بن ثابت بن منذر بھی صحابی ہیں، حضرت عبادہ بن صامت اور حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے شداد بن اوس کو علم اور حلم دونوں صفتیں عطا فرمائیں۔

سلہ یہاں تک کہ قتل اور ذبح میں۔

سلہ قتلۃ قاف کے نیچے زیر، قتل کرنے کا طریقہ ——— یعنی تلوار کو تیز کرو اور مقتول کی جلد خلاصی کرو اور اسے عذاب نہ دو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۴ ایک روایت میں الذبحہ ہے ذال کے نیچے زیر جیسے قِتْلَۃ میں قاف کے نیچے زیر ہے۔
۵۵ شَفرۃ شین پر زبر، چھری۔
۵۶ یعنی اسے چھوڑ دے یہاں تک کہ مر جائے، ٹھنڈا ہو جائے اور راحت پائے، یہ ذبح میں احسان کا بیان ہے۔ احسان کے زمرے میں یہ چیزیں بھی آئیں گی۔

۱۔ چھری تیز کرے۔
۲۔ جانور کے سامنے تیز نہ کرے۔
۳۔ اگر ممکن ہو تو ایک جانور کے سامنے دوسرے کو ذبح نہ کرے۔
۴۔ جسے ذبح کرنا چاہتا ہے اسے ٹانگ سے پکڑ کر گھسیٹ کر نہ لے جائے۔

۳۸۹۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى اَنْ تُصْبَرَ بَهِيْمَةٌ اَوْ غَيْرُهَا لِلْقَتْلِ۔ ۱۱

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس بات سے منع کرتے ہوئے سنا کہ چوپائے یا اس کے غیر کو قتل کے لیے باندھا جائے ۱۔

مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ (صحیحین)

۱ اصل میں صبر کا معنی قید کرنا ہے۔ صراح میں ہے کہ صبر کا معنی ہے کسی کو پابند کرنا اور روک لینا قتل کے لیے یا قسم دینے کے لیے، مطلب یہ ہے کہ کسی جانور کو قید کیا جائے اور کھلائے پلائے بغیر قتل کرنے کے لیے اس کی نگہداشت کی جائے، یا یہ مطلب ہے کہ جانور کو باندھ کر اسے نشانہ بنایا جائے اور اس پر تیر چلائے جائیں، یہاں تک کہ وہ مر جائے، جیسے کہ آئندہ حدیث میں آئے گا۔

۳۸۹۶ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ مَنِ اتَّخَذَ شَيْئًا فِيْهِ الرُّوْحُ غَرَضًا۔ ۱۲

ان ہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس شخص پر لعنت فرمائی جو کسی ذی روح کو نشانہ ۱ بنائے۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ) (مسلم)

۱ غرض پہلے دونوں حرفوں پر زبر، تیر کا نشانہ، ہدف

۳۸۹۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ ۱۳

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَّخِذُوْا شَیْئًا فِیْہِ الرُّوْحُ غَرَضًا۔

روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی ذی روح چیز کو نشانہ نہ بناؤ[1]

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ) (مسلم)

[1] اس حدیث کا مطلب وہی ہے جو گزشتہ حدیث کا ہے، لیکن اس جگہ صیغہ نہی ارشاد فرمایا اور اس جگہ اس فعل پر لعنت فرمائی۔ لعنت میں تغلیظ اور تشدید زیادہ ہے، بہر صورت اس فعل سے اگر جانور مر جاتے تو اسے عذاب دینا اور ضائع کرنا ہے اور اگر نہیں مرتا اور بعد میں ذبح کر لیا جاتا ہے تو بے سبب عذاب دینا باقی ہے۔

۳۸۹۸/۱۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ الضَّرْبِ فِی الْوَجْهِ وَعَنِ الْوَسْمِ فِی الْوَجْهِ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چہرے[1] پر مارنے اور چہرے پر داغ لگانے[2] سے منع فرمایا۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ) (مسلم)

[1] تھپڑ یا چابک وغیرہ، خواہ آدمی کا چہرہ ہو یا دیگر حیوانات کا۔

[2] صراح میں ہے وسم، وسمۃ نشان لگانا، داغ لگانا۔

۳۸۹۹/۱۵ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلَیْہِ الْحِمَارُ وَقَدْ وُسِمَ فِیْ وَجْهِهٖ قَالَ لَعَنَ اللّٰہُ الَّذِیْ وَسَمَہٗ۔

ان ہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک گدھے کے پاس سے گزرے جس کے چہرے پر داغ لگایا گیا تھا۔ فرمایا، اللہ تعالیٰ اس شخص پر لعنت کرے جس نے اسے داغ لگایا ہے[1]۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ) (مسلم)

[1] واضح رہے کہ انسان یا دیگر حیوانات کے چہرے پر داغ لگانا بالاتفاق ممنوع ہے۔ رہا چہرے کے علاوہ جسم کے کسی حصے پر داغ لگانا تو بعض حضرات نے زکوۃ اور جزیہ کے جانوروں کو داغ لگانا مستحب قرار دیا ہے ان کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From
Paksociety.com

علاوہ جانوروں میں مستحب ہے، مقصد، معین اور ممتاز کرنا ہے، آدمی کے بارے میں اخبار و آثار قولاً اور فعلاً مختلف آئے ہیں، بعض اقوال کے مطابق یہ محبوب اور بہتر نہیں ہے بعض اقوال میں اس کے ترک کرنے کی تعریف ہے، بعض اقوال میں اس کی ممانعت ہے، فعل جو جواز پر دلالت ہے یہ ہے کہ ایک روایت میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک طبیب کو بھیجا جس نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو داغ لگایا، اور جب حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی کلائی کی رگ میں تیر لگا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں داغ لگنے کی اجازت عطا فرمائی۔

جب وہاں ورم پیدا ہوا تو دوبارہ داغ لگایا۔ اسی طرح حضرت جابر اور حضرت سعد بن زرارہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو داغ لگایا۔

محدثین فرماتے ہیں کہ ممانعت اس صورت پر محمول ہے کہ ضرورت اور حاجت کے بغیر احتیاطی طور پر داغ لگایا جائے اور اگر ضرورت ہو تو جائز ہے، اسی طرح سفر السعادۃ میں بیان کیا گیا ہے، ارباب علم فرماتے ہیں کہ داغ لگانا اسباب وہمیہ میں سے ہے جس کا استعمال توکل کے خلاف ہے، جب کہ دوسرے علاج اسباب ظنیہ میں سے ہیں، اور اگر اس جگہ (داغ لگاتے میں) بھی ظن غالب حاصل ہو جاتے تو یہ بھی جائز ہے، مختار یہ ہے کہ داغ لگانا مکروہ تحریمی ہے، سوائے اس صورت کے طبیب حاذق کہہ دے کہ علاج اسی میں منحصر ہے اور اس کے قول سے ظن غالب حاصل ہو جائے۔

بعض علماء فرماتے ہیں کہ ممانعت اس بنا پر ہے کہ عربوں کا عقیدہ تھا کہ داغ لگانا یقینی طور پر فائدہ مند ہے۔ اس لیے انہیں منع کر دیا گیا تاکہ شرک خفی کے گڑھے میں نہ گر جائیں۔ مزید تفصیل شرح سفر السعادۃ میں ہے۔

۳۹۰۰/۱۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ غَدَوْتُ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِعَبْدِ اللّٰہِ بْنِ اَبِیْ طَلْحَۃَ لِیُحَنِّکَہٗ فَوَافَیْتُہٗ فِیْ یَدِہِ الْمِیْسَمُ یَسِمُ اِبِلَ الصَّدَقَۃِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں صبح کے وقت عبد اللہ بن ابی طلحہ کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس لے گیا تاکہ آپ انہیں گھٹی دیں، تو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس حال میں پایا کہ آپ کے ہاتھ میں داغ لگانے والا لوہا تھا آپ صدقے کے اونٹوں کو داغ لگا رہے تھے

(صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ عبداللہ بن ابی طلحہ حضرت انس کے ماں کی طرف سے بھائی تھے اور حضرت ابو طلحہ ان کے والدہ کے شوہر تھے اور یہ حضرت عبداللہ ان کی والدہ سے پیدا ہوتے تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

لہ تحنیک کا معنی ہے کھجور یا اس جیسی کسی میٹھی چیز کا چبا کر نومولود بچے کے تالو میں لگانا۔ بچوں کے لیے ایسا کرنا سنت ہے۔

لہ میسم میم کے نیچے زیر یا ساکن، سین پر زبر، لوہا جس کے ساتھ داغ لگاتے ہیں۔

۳۹۰۱ وَعَنْ هِشَامِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِي مِرْبَدٍ فَرَاَيْتُهٗ يَسِمُ شِيَاهًا حَسِبْتُهٗ قَالَ فِي اٰذَانِهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہشام بن زید لہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت آپ باڑے میں تشریف فرما تھے، میں نے دیکھا کہ آپ جانوروں کے کسی حصے پر نشان لگا رہے تھے، ہشام کہتے ہیں میرا گمان ہے کہ حضرت انس نے فرمایا ان کے کانوں میں نشان لگا رہے تھے۔ (صحیحین)

لہ ہشام بن زید ثقہ تابعی ہیں ان کے دادا حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔

لہ مربد میم کے نیچے زیر، را ساکن اور با پر زبر، اونٹ گائے اور بکری کے بند کرنے کی جگہ، ربد کا معنی ہے قید کرنا۔

لہ یعنی ان کے اعضاء اور اطراف پر ———— بعض نسخوں میں شیاہ ہے یہ شاۃ (بکری) کی جمع ہے معنی کے اعتبار سے یہ نسخہ ظاہر ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۳۹۰۲ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ اَحَدَنَا اَصَابَ صَيْدًا وَلَيْسَ مَعَهٗ سِكِّيْنٌ اَيَذْبَحُ بِالْمَرْوَةِ اَوْ شِقَّةِ

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! یہ فرمائیں کہ ہم میں سے ایک شخص شکار پاتے اور اس کے پاس چھری نہ ہو، کیا وہ پتھر لہ یا لکڑی کے ٹکڑے کے ساتھ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الْعَصَاءِ فَقَالَ اَمْرِ الدَّمَ بِمَ شِئْتَ وَ اذْكُرِ اسْمَ اللّٰهِ۔ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ

ذبح کرے؟ فرمایا: جس چیز کے ساتھ چاہو خون بہا دو۔ اور اللہ تعالے کا نام لو۔ (ابو داؤد، نسائی)

سلہ مروہ سفید براق پتھر جس سے آگ نکلتی ہے، اس جگہ مطلق پتھر مراد ہے۔

سلہ اَمْرِ مشکوٰۃ کے اکثر نسخوں میں ہمزے کی زبر میم کے سکون اور راء کی زیر کے ساتھ ہے بغیر ادغام کے یہ اُمْرَارٌ سے امر کا صیغہ ہے جس کا معنی جاری کرنا ہے۔ بعض نسخوں میں اِمْرِ ہے ہمزہ کے نیچے زیر اور میم ساکن۔ یہ مَرِی سے بنا ہے جیسے اِرْمِ رَمِی سے بنا، ایک روایت میں ہے اَمَرّ وغیرہ ہمزہ پر زبر میم کے نیچے زیر۔ اور راء مشدد: ایک اور روایت میں ہے اِمْرَ ہمزہ پر زبر، میم کے نیچے زیر اور راء ساکن، ان کی قسمیں اور معانی شرح المعات میں مذکور ہیں۔

۳۹۰۳/۱۹ وَعَنْ اَبِي الْعُشَرَاءِ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَمَا تَكُوْنُ الذَّكٰوةُ اِلَّا فِي الْحَلْقِ وَ اللَّبَّةِ فَقَالَ لَوْ طَعَنْتَ فِيْ فَخِذِهَا لَاَجْزَءَ عَنْكَ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ وَ النَّسَائِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ وَ الدَّارِمِيُّ وَ قَالَ اَبُوْ دَاوٗدَ هٰذَا ذَكٰوةُ الْمُتَرَدِّيْ وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا فِي الضَّرُوْرَةِ۔

ابو العشراء[1] اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے عرض کیا۔ یارسول اللہ! کیا ذبح صرف گلے اور ہنسلی[2] میں ہوتا ہے؟ فرمایا: اگر تم اس کی ران میں بھی نیزہ مارو تو تمہاری طرف سے کفایت کرے گا۔

(ترمذی، ابو داؤد، نسائی۔ ابن ماجہ، دارمی) امام ابو داؤد نے کہا یہ اس جانور کا ذبح ہے جو کنوئیں میں گر جائے[3] امام ترمذی نے کہا کہ یہ بوقت ضرورت ہے[4]

سلہ ابو العشراء عین پر پیش، شین پر زبر، ان کا نام اسامہ بن مالک ہے۔ دارمی بصری تابعی ہیں بصریوں میں شمار کیے جاتے ہیں۔ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں اور مجہول ہیں، امام بخاری نے فرمایا۔ ان کی حدیث اور ان کے اپنے والد سے سماع میں کلام ہے، ابن حبان نے انہیں ثقہ راویوں میں شمار کیا ہے۔ امام احمد نے فرمایا ان کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث میرے نزدیک غلط ہے۔

۵۲؎ لبۃ لام پر زبر اور با مشدد، سینے کا اوپر والا کنارہ۔

۵۳؎ یعنی یہ حکم ذبح اضطراری کا ہے۔

۵۴؎ انہوں نے فرمایا کہ اس حدیث کے علاوہ ابو العشراء کی اپنے والد سے روایت معلوم نہیں ہے۔

۳۹۰۴ وَعَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ[۲۰] اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا عَلَّمْتَ مِنْ كَلْبٍ اَوْ بَازٍ ثُمَّ اَرْسَلْتَهٗ وَ ذَكَرْتَ اسْمَ اللّٰهِ فَكُلْ مِمَّا اَمْسَكَ عَلَيْكَ قُلْتُ وَ اِنْ قَتَلَ قَالَ اِذَا قَتَلَهٗ وَلَمْ يَاْكُلْ مِنْهُ شَيْئًا فَاِنَّمَا اَمْسَكَهٗ عَلَيْكَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا: تم جس کتے یا باز کو سکھاؤ پھر اسے بھیجو اور اللہ تعالٰے کا نام لو تو جو کچھ تمہارے لیے روک دے اسے کھاؤ۔ میں نے عرض کیا اگرچہ ہلاک کردے؟ فرمایا۔ جب اسے ہلاک کردے اور اس میں سے کچھ نہ کھائے تو وہ اس نے تمہارے لیے روکا ہے۔

(ابوداؤد)

۳۹۰۵ وَعَنْهُ قَالَ قُلْتُ يَا[۲۱] رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرْمِي الصَّيْدَ فَاَجِدُ فِيْهِ مِنَ الْغَدِ سَهْمِيْ قَالَ اِذَا عَلِمْتَ اَنَّ سَهْمَكَ قَتَلَهٗ وَلَمْ تَرَ فِيْهِ اَثَرَ سَبُعٍ فَكُلْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

انہی سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! میں شکار کو تیر مارتا ہوں تو اس میں دوسرے دن اپنا تیر پاتا ہوں[۲۲] فرمایا: جب تمہیں معلوم ہو کہ تمہارے تیر نے اسے ہلاک کیا ہے اور تم اس میں درندے کا نشان نہ دیکھو تو کھاؤ[۲۳]

(ابوداؤد)

۱؎ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالٰی عنہ

۲؎ یعنی اپنے تیر کا نشان دیکھتا ہوں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۲ یعنی اگر درندے کا نشان پاؤ تو نہ کھاؤ اور اگر دوسرے کے تیر کا نشان پاؤ تو بھی نہ کھاؤ۔ جیسے کہ پہلی فصل میں بیان کردہ ان کی روایت میں ہے کہ فرمایا اگر تم صرف اپنے تیر کا نشان پاؤ، یہ دونوں صورتوں کو شامل ہے کہ نہ تو اس میں درندے کا نشان پاؤ اور نہ ہی دوسرے کے تیر کا۔

۳۹۰۶ / ۲۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نُهِيْنَا عَنْ صَيْدِ كَلْبِ الْمَجُوْسِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں مجوسیوں[۱] کے کتے کے شکار سے منع کیا گیا۔ (ترمذی)

۱ آگ کی عبادت کرنے والے ________ کہ وہ اہل کتاب نہیں ہیں، یعنی وہ جانور جسے مجوسی شکار کرے اگرچہ کتا مسلمان ہی کا ہو، ہاں اگر اسے زندہ پالے اور ذبح کرے تو حلال ہے۔ اور اگر مسلمان مجوسی کے کتے سے شکار کرے تو حلال ہے اور اگر مسلمان اور مجوسی کتا چھوڑنے یا تیر چلانے میں شریک ہوں تو شکار حلال نہیں ہے۔

۳۹۰۷ / ۲۳ وَعَنْ اَبِيْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا اَهْلُ سَفَرٍ نَمُرُّ بِالْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى وَالْمَجُوْسِ فَلَا نَجِدُ غَيْرَ اٰنِيَتِهِمْ قَالَ فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا غَيْرَهَا فَاغْسِلُوْهَا بِالْمَآءِ ثُمَّ كُلُوْا فِيْهَا وَاشْرَبُوْا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! ہم سفر میں رہتے ہیں، یہودیوں، عیسائیوں اور مجوسیوں کے پاس سے گزرتے ہیں اور ہمیں ان کے برتنوں کے علاوہ دوسرے برتن نہیں ملتے، فرمایا، اگر تمہیں ان کے علاوہ برتن نہ ملیں تو انہیں پانی کے ساتھ دھو لو، پھر ان سے کھاؤ پیو[۱]۔ (ترمذی)

۱ باب کی ابتدا میں بھی حضرت ابو ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث گزر چکی ہے۔ اس جگہ مجوسیوں کا ذکر نہ تھا۔ بلکہ شکار کا ذکر تھا، کیونکہ اس جگہ شکار کا ذکر مقصود تھا۔ اور اس جگہ برتن کا ذکر مقصود ہے

۳۹۰۸ / ۲۴ وَعَنْ قَبِيْصَةَ بْنِ هُلْبٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

قبیصہ بن ہلب[۱] اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے پوچھا۔ عیسائیوں کے کھانے کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ طَعَامِ النَّصَارٰى وَفِىْ رِوَايَةٍ سَاَلَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ مِنَ الطَّعَامِ طَعَامًا اَتَحَرَّجُ مِنْهُ فَقَالَ لَا يَتَخَلَّجَنَّ فِىْ صَدْرِكَ شَيْءٌ ضَارَعْتَ فِيْهِ النَّصْرَانِيَّةَ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

بارے میں پوچھا۲ اور ایک روایت میں ہے کہ ایک شخص۳ نے آپ سے دریافت کیا۔ اور کہا کہ کچھ کھانے وہ ہیں جن سے میں حرج۴ محسوس کرتا ہوں، آپ نے فرمایا تمہارے سینے میں کوئی چیز نہیں آنی چاہیے اس شک میں تم نصرانیت۵ کے مشابہ ہو گئے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

۵۱ قبیصہ قاف پر زبر، باء کے نیچے زیر اور یاء ساکن بن ہلب ہاء پر پیش اور لام ساکن تابعی ہیں، ان کے والد صحابی ہیں، ابن مدینی اور نسائی نے انہیں مجہول قرار دیا۔ عجلی نے کہا کہ ثقہ تابعی ہیں، ابن حبان نے ان کا ذکر ثقات میں کیا ہے۔ امام ابوداؤد اور ترمذی نے ان سے صرف ایک حدیث روایت کی ہے۔

۵۲ کہ اسے کھایا جاسکتا ہے یا نہیں؟

۵۳ کہتے ہیں کہ سوال کرنے والے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ تعالیٰ عنہ تھے۔

۵۴ حرج کا معنی اصل میں تنگی ہے۔ گناہ کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں، اَتَحَرَّجُ کا معنی ہے میں گناہ سے بچتا ہوں، یعنی اس کے کھانے کو گناہ جانتا ہوں۔

۵۵ یعنی شک وشبہ، ایک روایت میں شے کی جگہ طعام کا ذکر ہے، شے عام ہے، لیکن سوال طعام کے بارے میں تھا۔

خلج بے نقطہ حاء ابتداء میں اور جیم آخر میں، حق کا پکڑنا، خلوج بادل کی چمک، تخلج بجلی کا مضطرب ہونا۔ اسی طرح قاموس میں ہے، صاحب قاموس نے لَا يَتَخَلَّجَنَّ فِىْ صَدْرِكَ طَعَامٌ کا مطلب یہ بیان کیا ہے کہ اس کھانے کے بارے میں تمہارے دل میں کوئی چیز نہ آئے کیونکہ وہ پاکیزہ ہے یعنی مباح ہے (قاموس) ایک روایت میں لَا يَتَخَلَّجَنَّ نقطے والی خاء کے ساتھ بھی آیا ہے۔ خلجان سے مشتق ہے، شبہے کا دل میں پیدا ہونا۔

۵۶ یعنی رہبانیت اور اپنے اوپر سختی کرنے کے، جیسے کہ گزشتہ امتوں کے راہب کرتے تھے، نصرانیت کے ساتھ تخصیص اس لیے کہ سوال کرنے والے حضرت عدی بن حاتم تھے اور وہ اسلام لانے سے پہلے عیسائی تھے مطلب یہ کہ تم آسان اور سہولت والی ملت حنیفہ پر ہو۔ ظاہر پر عمل کرو اور دلیل کے بغیر شک وشبہ میں نہ پڑو۔ کیونکہ اس طرح تم وسوسے میں مبتلا ہو جاؤ گے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۹۰۹/۲۵ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ الْمُجَثَّمَةِ وَهِيَ الَّتِيْ تُصْبَرُ بِالنَّبْلِ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجثمہ[1] کے کھانے سے منع فرمایا اور یہ وہ جانور ہے جسے باندھ کر تیر کا نشانہ بنایا جائے[2]۔ (ترمذی)

[1] مجثمہ میم پر پیش، جیم پر زبر، تین نقطے والی ثاء مشدد مفتوح۔

[2] اور اسے ذبح کی بجائے اس طریقے سے ہلاک کیا جائے، اصل میں جثوم کہتے ہیں کہ مرغ اپنا سینہ زمین پر رکھے، جیسے بڑک اونٹ کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ قتل اور ہلاک کو جثوم کہہ دیا جاتا ہے کہ اس طرح جانور زمین کے ساتھ چپک جاتا ہے، قرآن پاک میں فَاَصْبَحُوْا فِیْ دِيَارِهِمْ جٰثِمِيْنَ اسی معنی میں واقع ہوا ہے۔

۳۹۱۰/۲۶ وَعَنِ الْعِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰی يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ كُلِّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَعَنْ كُلِّ ذِیْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّيْرِ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَعَنِ الْمُجَثَّمَةِ وَعَنِ الْخَلِيْسَةِ وَاَنْ تُوْطَاَ الْحَبَالٰی حَتّٰی يَضَعْنَ مَا فِیْ بُطُوْنِهِنَّ قَالَ مُحَمَّدُ ابْنُ يَحْيٰی سُئِلَ اَبُوْعَاصِمٍ عَنِ الْمُجَثَّمَةِ فَقَالَ اَنْ

حضرت عرباض بن ساریہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے دن ہر کچلیوں والے درندے[2] اور ہر پنجوں[3] والے پرندے کے کھانے سے منع فرمایا، (اسی طرح) پالتو گدھوں[4] کے گوشت، اور ان جانوروں سے منع فرمایا جو ذبح کے بغیر ہلاک کیے گئے ہوں۔ یا درندے نے انہیں چیر پھاڑ ڈالا ہو[5]۔ اور حاملہ عورتوں سے وطی کرنے سے منع[6] فرمایا، یہاں تک کہ بچہ جنیں، محمد بن یحییٰ[7] نے کہا کہ ابو عاصم سے مجثمہ کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ پرندے یا کسی جانور کو کھڑا کر کے تیر کا نشانہ بنایا جائے[8] ان سے خلیسہ کے بارے میں پوچھا گیا تو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تُنْصَبُ الطَّيْرُ أَوِ الشَّيْءُ فَيُرْمَى وَسُئِلَ وَعَنِ الْخَلِيسَةِ فَقَالَ الذِّئْبُ أَوِ السَّبُعُ يُدْرِكُهُ الرَّجُلُ فَيَأْخُذُ مِنْهُ فَيَمُوتُ فِي يَدِهِ قَبْلَ أَنْ يُذَكِّيَهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

فرمایا کہ بھیڑیے یا درندے کا وہ شکار ہے جسے آدمی پالے اور اس سے چھین لے اور وہ جانور ذبح سے پہلے اس کے ہاتھ میں مر جائے۔[۵]

(ترمذی)

[۱] حضرت عرباض بن ساریہ، اصحاب صفہ میں سے صحابی ہیں اور ان حضرات میں شامل ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں سواری طلب کرنے کے لیے حاضر ہوئے اور سواری نہ ملنے پر روتے ہوئے اور حسرت زدہ ہو کر واپس گئے ۷۵ھ میں انتقال ہوا۔

[۲] اس جگہ ذی ناب (کیلوں والے، اگلے دو دانتوں کے دائیں بائیں جانب والے دانت) سے مراد وہ جانور نہیں جو دوڑتے ہیں اور کیلوں کے ساتھ چیر پھاڑ کرتے ہیں۔ جیسے کہ شیر، بھیڑیا، چیتا اور ریچھ وغیرہ۔

[۳] مخلب میم کے نیچے زیر، خا ساکن، لام پر زبر، زخمی کرنے والے پنجے، جیسے چرغ، گدھ وغیرہ وہ جانور جو پنجے سے شکار کرتے ہیں۔

[۴] پہلے پالتو گدھوں کا گوشت کھانا جائز تھا۔ حدیث میں آیا ہے کہ اس کے گوشت کی ہنڈیا جوش مار رہی تھی کہ حکم ہوا انہیں انڈیل دو۔

[۵] خلیسہ نقطے والی خا پر زبر، لام کے نیچے زیر اور بے نقطہ سین۔ وہ جانور جسے بھیڑیا وغیرہ درندہ چیر پھاڑ دے اور اسے درندے کے منہ سے چھین لیا جائے مگر ذبح سے پہلے ہلاک ہو جائے۔

[۶] یہ اس وقت ہے کہ گرفتار ہو کر آنے والی لونڈی ہو۔ اگر وہ حاملہ ہو تو بچے کی پیدائش سے پہلے اور اگر حاملہ نہیں تو ایک حیض گزرنے سے پہلے اس سے وطی کرنا جائز نہیں ہے۔ جب تک کہ استبراء نہ کر لیا جائے۔

[۷] محمد بن یحییٰ نام کے بہت سے محدثین ہیں۔ اس جگہ محمد بن یحییٰ قطعی مراد ہیں قاف پر پیش بے نقطہ طاء پر زیر، ان سے امام مسلم، ترمذی، نسائی اور ابن خزیمہ نے روایت کی ہے۔ امام بخاری کے استاد ابو عاصم شیبانی ان سے روایت کرتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

۸ جیسے کہ حضرت ابوالدرداء کی حدیث میں بیان کیا گیا۔
۹ نہیہ مشتق ہے خلس اور اختلاس سے، جس کا معنی ہے چھین لینا۔

۳۹۱۱/۲۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ شَرِيْطَةِ الشَّيْطٰنِ زَادَ ابْنُ عِيْسٰى هِيَ الذَّبِيْحَةُ يُقْطَعُ مِنْهَا الْجِلْدُ وَلَا تُفْرَى الْاَوْدَاجُ ثُمَّ تُتْرَكُ حَتّٰى تَمُوْتَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شریطۃ الشیطان کے کھانے سے منع فرمایا۔ ابن عیسیٰ نے اضافہ کیا یہ وہ ذبیحہ ہے جس کی کھال کاٹ دی جائے اور گردن کی رگیں نہ کاٹی جائیں[۱] پھر اسے چھوڑ دیا جائے یہاں تک کہ مر جائے[۲]۔ (ابوداؤد)

۱ حالانکہ ذبح کرنے کا مطلب گردن کی رگیں کاٹنا ہی ہے۔ فری فاء پر زبر اور راء ساکن، کاٹنا اوداج جمع ہے۔ ودج کی واؤ پر زبر، اس کے بعد دال، گردن کی رگ۔
۲ اہل جاہلیت چارپائے کے گلے کا کچھ چمڑا کاٹ کر اسے چھوڑ دیتے تھے یہاں تک کہ وہ مر جائے اسے شریطہ اس لیے کہا گیا ہے کہ شرط کا معنی نشتر مارنا ہے۔ یہ شرط حجام سے ماخوذ ہے یا شرط کا معنی علامت ہے اور شیطان کی طرف اس کی اضافت اس لیے ہے کہ اس عمل پر ابھارنے والا اسے حسین بنانے والا اور اس عمل سے راضی ہونے والا وہی ہے۔

۳۹۱۲/۲۸ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ذَكٰوةُ الْجَنِيْنِ ذَكٰوةُ اُمِّهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالدَّارِمِيُّ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پیٹ میں موجود بچے کا ذبح اس کی ماں کا ذبح ہے[۱]۔ (ابوداؤد، دارمی)
امام ترمذی نے یہ حدیث حضرت ابوسعید سے روایت کی۔

۱ مراح میں ہے ذکوۃ نقطے والے ذال کے ساتھ اور تذکیہ کا معنی ہے بکری کا گلا کاٹنا ـــــ یعنی ہمارا ذبح کرنا پیٹ کے بچے کے حلال ہونے کے لیے کافی ہے۔ لہٰذا اگر ایک بکری ذبح کی گئی اور اس کے پیٹ میں مردہ بچہ ہو تو اس کا کھانا حلال ہے۔ تینوں امام (مالک شافعی اور احمد) اسی کے قائل ہیں امام احمد اور امام شافعی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کے نزدیک وہ حلال ہے خواہ اس کے بال پیدا ہوئے ہوں یا نہ، امام مالک کے نزدیک اگر بچہ پورا بن چکا ہے اور اس کے بال پیدا ہو گئے ہیں تو وہ حلال ہے، امام ابوحنیفہ کے نزدیک اور صاحب ہدایہ کے مطابق صاحبین کے نزدیک بھی اس کا کھانا حلال نہیں ہے۔ ہاں اگر وہ زندہ نکلا اور اسے ذبح کیا گیا تو حلال ہے۔ امام زفر اور حسن بن زیاد کا بھی یہی قول ہے۔ ان حضرات کی دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب شکار پانی میں گر جائے تو اسے نہیں کھانا چاہیے۔ کیونکہ ہو سکتا ہے وہ پانی میں ڈوبنے کی وجہ سے مرا ہو۔ جب روح کے نکلنے کا سبب مشکوک ہو تو آپ نے اس کا کھانا حرام قرار دیا۔ پیٹ کے بچے میں بھی یہی صورت موجود ہے۔ کیونکہ معلوم نہیں کہ وہ ذبح سے مرا ہے یا دم گھٹنے سے، اور اگر زندہ نکلا تو بالاتفاق اس کا ذبح کرنا واجب ہے، امام اعظم کے نزدیک اس حدیث کے صحیح ہونے میں بھی کلام ہے۔

۳۹۱۳/۲۹ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ نَنْحَرُ النَّاقَۃَ وَ نَذْبَحُ الْبَقَرَۃَ وَ الشَّاۃَ فَنَجِدُ فِیْ بَطْنِھَا الْجَنِیْنَ اَنُلْقِیْہِ اَمْ نَاْکُلُہٗ قَالَ کُلُوْہُ اِنْ شِئْتُمْ فَاِنَّ ذَکٰوتَہٗ ذَکٰوۃُ اُمِّہٖ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم اونٹنی[1] نحر کرتے ہیں اور گائے[2] اور بکری ذبح کرتے ہیں اور اس کے پیٹ میں بچہ پاتے[3] ہیں تو کیا اسے پھینک دیں یا کھالیں؟ فرمایا: اگر چاہو تو کھالو۔ کیونکہ اس کا ذبح اس کی ماں کا ذبح ہے۔
(ابوداؤد، ابن ماجہ)

[1] نحر کا معنی ہے اونٹ کے سینہ میں نیزہ مارنا۔ اونٹ میں یہی سنت ہے۔ اگرچہ ذبح بھی جائز ہے۔
[2] ذبح گلے کی رگوں کا کاٹنا، جیسے کہ گائے اور بکری میں چاہیے
[3] یعنی مرا ہوا۔

۳۹۱۴/۳۰ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ عُصْفُوْرًا فَمَا فَوْقَھَا بِغَیْرِ حَقِّھَا

حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے چڑیا یا اس سے بڑھ کر[1] کسی جانور کو اس کے حق کے بغیر قتل کیا[2] تو اللہ تعالیٰ اس سے اس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سَأَلَهُ اللّٰهُ عَنْ قَتْلِهِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا حَقُّهَا قَالَ اَنْ تَذْبَحَهَا فَيَأْكُلَهَا وَلَا يَقْطَعَ رَأْسَهَا فَيَرْمِيَ بِهَا.

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

کے قتل کے بارے میں پوچھے[۳] گا۔ عرض کیا گیا یا رسول اللہ! ان کا حق کیا ہے؟ فرمایا: یہ کہ انہیں ذبح کرے اس طرح نہ کرے کہ ان کا سر کاٹ کر انہیں پھینک دے۔

(احمد، نسائی، دارمی)

[۱] جسم کے چھوٹا ہونے اور اس کے حقیر ہونے میں یا بڑا ہونے میں بڑھ کر۔

[۲] اس طرح قتل کیا جس طرح قتل نہ کرنا چاہیے تھا اور وہ جانور حلال نہیں ہوا۔

[۳] یعنی قیامت کے دن اس بارے میں اس سے باز پرس ہوگی اور وہ اس بنا پر ماخوذ ہوگا۔

۳۹۱۵ وَعَنْ اَبِيْ وَاقِدِ اللَّيْثِيِّ[۱] قَالَ قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ وَهُمْ يَجُبُّوْنَ اَسْنِمَةَ الْاِبِلِ وَيَقْطَعُوْنَ اَلْيَاتِ الْغَنَمِ فَقَالَ مَا يُقْطَعُ مِنَ الْبَهِيْمَةِ وَهِيَ حَيَّةٌ فَهِيَ مَيْتَةٌ لَا تُؤْكَلُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابو واقد لیثی[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ اونٹوں کی کوہانیں[۲] اور بھیڑوں کی چکیاں[۳] کاٹ لیتے تھے۔ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: زندہ جانور سے جو کچھ کاٹ لیا جائے وہ مردار ہے کھایا نہ جائے۔

(ترمذی۔ ابو داؤد)

[۱] حضرت ابو واقد لیثی ان کے نام اور کنیت میں اختلاف ہے، قدیم الاسلام صحابی ہیں بعض علماء نے کہا کہ بدر میں حاضر ہوئے اور اس وقت ان کے پاس بنو لیث کا جھنڈا تھا بعض نے کہا فتح مکہ کے موقع پر ایمان لائے پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔ اہل مدینہ میں شمار کیے جاتے ہیں۔ مکہ مکرمہ میں قیام پذیر رہے۔

[۲] یَجُبُّ جیم اور اس کے بعد باء کاٹنا، باب نصر، اَسْنِمَۃ جمع ہے سنام کی سین پر زبر (کوہان)

[۳] الیات جمع ہے اَلْیَۃ کی ہمزہ پر زبر، مطلب یہ ہے کہ زندہ جانوروں کی کوہانیں اور چکیاں کاٹ کر کھاتے تھے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۳۹۱۶/۲۲ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ بَنِي حَارِثَةَ أَنَّهُ كَانَ يَرْعٰى لِقْحَةً بِشِعْبٍ مِنْ شِعَابِ أُحُدٍ فَرَأٰى بِهَا الْمَوْتَ فَلَمْ يَجِدْ مَا يَنْحَرُهَا بِهِ فَأَخَذَ وَتَدًا فَوَجَأَ بِهِ فِي لَبَّتِهَا حَتّٰى أَهْرَاقَ دَمَهَا ثُمَّ أَخْبَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهُ بِأَكْلِهَا۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَمَالِكٌ وَفِي رِوَايَتِهِ قَالَ فَذَكَّاهَا بِشِظَاظٍ)

حضرت عطاء بن یسار[۱]، بنی حارثہ کے ایک شخص سے روایت کرتے ہیں کہ وہ اُحد پہاڑ کے ایک درے[۲] میں حاملہ اونٹنی[۲] چرا رہے تھے، انہوں نے دیکھا کہ اونٹنی مررہی ہے انہوں اس کے نحر کرنے کے لیے کوئی چیز[۳] نہ ملی تو انہوں نے ایک کیل[۴] لے کر اس کی گھنڈی (گلے) میں گھونپ[۵] دی۔ یہاں تک کہ اس کا خون بہا دیا۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں اطلاع پیش کی تو آپ نے اس کے کھانے کا حکم دیا۔ (ابوداؤد، مالک) امام مالک کی روایت میں ہے کہ اسے تیز دھار لکڑی[۶] سے ذبح کیا۔

---

[۱] عطاء بن ابی یسار مشہور اور ثقہ تابعی ہیں۔ مدینہ منورہ کے اکابر علماء میں سے ہیں، انہوں نے بڑی تعداد میں حدیثیں روایت کی ہیں۔ ام المؤمنین میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے آزاد کردہ غلام ہیں۔ ۱۰۳ھ میں چوراسی سال کی عمر میں وصال ہوا۔

[۲] لقحۃ لام کے نیچے زیر، اس پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ وہ اونٹنی جس کے بچے کی پیدائش قریب ہو شعب پہلے حرف کے نیچے زیر، دو پہاڑوں کا درمیانی خلاء، دو پہاڑوں کے درمیان راستہ ہو اور پانی کی گزرگاہ۔

[۳] مثلاً نیزہ اور چھری وغیرہ

[۴] وتد واؤ پر زبر اور زیر بھی پڑھ سکتے ہیں۔

[۵] وجا چھری گھونپ دینا

[۶] شظاظ شین کے نیچے زیر، دونوں طرف نکلنے والی، وہ لکڑی جس کی دونوں طرفیں تیز ہوں اسے دو بوروں کے درمیان رکھا جاتا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۹۱۷/۳۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ دَابَّةٍ فِي الْبَحْرِ إِلَّا وَقَدْ ذَكَّاهَا اللّٰهُ لِبَنِي اٰدَمَ۔ (رَوَاهُ الدَّارُ قُطْنِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ دریا کا کوئی جانور نہیں ہے۔ مگر اللہ تعالیٰ نے اسے اولاد آدم کے لیے ذبح فرما دیا ہے[۱]۔ (دار قطنی)

[۱] یعنی ذبح کے بغیر حلال ہے اور اس کا دریا سے شکار کرنا ذبح کا حکم رکھتا ہے ——— اس حدیث کے ظاہر سے تمام دریائی جانوروں کا حلال ہونا معلوم ہوتا ہے۔ ان میں سے مچھلی تو اتفاقاً حلال ہے۔ باقی جانوروں میں اختلاف ہے[۲]۔

---

[۲] ہدایہ میں ہے کہ امام مالک اور اہل علم کی ایک جماعت قائل ہے کہ دریا کی ہر چیز حلال ہے۔ بعض نے اس میں سے دریائی خنزیر، کتے اور انسان کی تخصیص کی ہے امام شافعی کے نزدیک سب چیزیں حلال ہیں۔ ان کی دلیل اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ تمہارے لیے دریا کا شکار حلال کیا گیا ہے۔ دریا کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ اس کا پانی پاک کرنے والا اور اس کا مردہ حلال ہے۔ نیز حرمت کا سبب خون ہے اور ان چیزوں میں خون نہیں ہے کیونکہ خون والی چیز پانی میں نہیں رہتی۔ احناف کی دلیل اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ۔ رسول اللہ ان پر خبیث چیزوں کو حرام کرتے ہیں۔ مچھلی کے علاوہ وہ جتنی چیزیں ہیں طبیعت سلیم ان سے گھن محسوس کرتی ہے۔ نیز نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس دوا کے استعمال سے منع فرمایا جس میں مینڈک ڈالا جاتا ہے (ابو داؤد) نیز کیکڑے کی بیع سے منع فرمایا۔ آیت کریمہ میں صید سے مراد شکار کرنا ہے اور شکار کرنا ہر جانور کا جائز ہے۔ حدیث پاک میں مردے سے مراد مچھلی ہے اور وہ دوسری مردہ چیزوں کے حکم سے مستثنیٰ ہے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے ہمارے لیے دو مردے اور دو خون حلال کیے گئے ہیں۔ لیکن مردے تو وہ مچھلی اور ٹڈی ہیں اور دو خون۔ جگر اور تلی ہیں۔ ۱۲ قادری۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

بَابُ ذِکْرِ الْکَلْبِ

۲۹۲۔ کتّے کا بیان

اس باب میں بیان کریں گے کہ کس کتے کا پالن جائز ہے اور کس کا پالن جائز نہیں ہے۔ کس کو مارنا جائز ہے اور کس کو نہیں؟ ــــــ کتاب الصید میں کتے کا ذکر گزرا ہے۔ اسی مناسبت سے کتے کے بعض احکام بھی بیان کر دیئے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۳۹۱۸ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَنٰى كَلْبًا اِلَّا كَلْبَ مَاشِيَةٍ اَوْضَارٍ نُقِصَ مِنْ عَمَلِهٖ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطَانِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص جانوروں کے محافظ یا شکاری کتے کے علاوہ دوسرا کتا پالے اس کے عمل سے ہر دن دو قیراط کم کر دیئے جائیں گے (صحیحین)

لہ ضار نقطے والے ضاد کے ساتھ بروزن قائم، شکاری کتا، ضرآدۃ کا معنی ہے کتے کا شکار کے پیچھے دوڑنا۔

ے۲ کتا پالنے کی سزا کے طور پر، کیونکہ اس کی وجہ سے (رحمت کے) فرشتے گھر میں داخل نہیں ہوں گے، وہ برتنوں میں منہ ڈالے گا اور لوگوں کو اذیت دے گا۔ قیراط نصف دانگ کو کہتے ہیں (دانگ چھ رتی کو کہتے ہیں ۱۲ لبنات) اس جگہ وہ مقدار مراد ہے جو اللہ تعالیٰ کے علم میں متعین ہے (ہمیں سمجھانے کے لیے لفظ قیراط استعمال کیا گیا ہے ۱۲ ق)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۹۱۹/۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اتَّخَذَ کَلْبًا اِلَّا کَلْبَ مَاشِیَةٍ اَوْ صَیْدٍ اَوْ زَرْعٍ اِنْتَقَصَ مِنْ اَجْرِهٖ کُلَّ یَوْمٍ قِیْرَاطٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جو شخص جانوروں کے محافظ، شکاری کتے یا کھیتی کے پاسبان کے علاوہ کتا پالے اس کے ثواب سے ہر دن ایک قیراط کم ہو جائے گا۔[1] (صحیحین)

[1] یہ حدیث گزشتہ حدیث کی مثل ہے، اس جگہ کھیتی کے محافظ کتے کا اضافہ ہے، نیز ثواب میں ایک قیراط کی کمی بیان فرمائی۔ پہلی حدیث میں دو قیراط کی کمی کا ذکر ہے، اس فرق کی مختلف وجوہ ہو سکتی ہیں۔

۱۔ یا تو کتے کی مختلف قسموں کی وجہ سے ہے، جیسے کہ حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں آئے گا۔

۲۔ یا مواضع اور مقامات کے مختلف ہونے کے سبب سے ہے مثلاً حرم یا غیر حرم میں، یا شہروں اور گاؤں میں دو قیراط صحراؤں اور جنگلوں میں ایک قیراط۔

۳۔ یا یہ اختلاف زمانوں کے اختلاف کی بنا پر ہے۔

۴۔ یا پہلے ایک قیراط کے نقصان کا حکم فرمایا اور جب کتوں سے اختلاط اور ان کی محبت زیادہ ہو گئی تو زجر و توبیخ میں اضافہ ہو گیا۔

۵۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ دونوں حدیثوں میں اختلاف نہیں ہے کیونکہ اقتنا کتے کے پالنے سے زائد ہے (یعنی اقتنا صرف کتے کے پالنے کو نہیں کہتے بلکہ پالنے اور اس سے میل جول رکھنے اور محبت کرنے کو کہتے ہیں اس لیے ثواب میں دو قیراط کی کمی ہو گی۔ ۱۲ ق)

۳۹۲۰/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِ الْکِلَابِ حَتّٰی اَنَّ الْمَرْاَةَ تَقْدَمُ مِنَ الْبَادِیَةِ بِکَلْبِهَا فَنَقْتُلُهٗ ثُمَّ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِهَا

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں کتوں کے مارنے کا حکم دیا۔ یہاں تک کہ ایک عورت اپنے کتے کے ہمراہ جنگل سے آتی[1] تو ہم اس کے کتے کو مار ڈالتے۔[2] پھر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے قتل سے منع فرمایا۔ اور فرمایا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَ قَالَ عَلَيْكُمْ بِالْأَسْوَدِ الْبَهِيمِ ذِي النُّقْطَتَيْنِ فَإِنَّهُ شَيْطَانٌ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

خاص طور پر ایک رنگ والے کالے سیاہ کتے کو مارو جس کی آنکھوں پر دو سفید نقطے ہوں، کیونکہ وہ شیطان ہے۔
(مسلم)

سلہ تَقَدَّمَ تاء اور دال مشدد پر زبر اور میم مضموم

سلہ شارحین فرماتے ہیں کہ یہ حکم مدینہ منورہ کے ساتھ خاص تھا جہاں وحی کے انوار اور فرشتے نازل ہوتے تھے کتے فرشتوں کے داخلے سے مانع ہوتے ہیں اس لیے لائق تھا کہ مدینہ منورہ کو کتوں سے پاک کیا جاتا۔ عورت کی تخصیص اس لیے ہے کہ عورتیں جنگلوں میں رہتی ہیں۔ کتے پالتی ہیں اور انہیں کتوں کے رکھنے کی حاجت زیادہ ہوتی ہے یا اتفاقیہ عورت کا ذکر کیا گیا ہے۔

سلہ بہیم ایک رنگ والا۔

سلہ اس کتے کو شیطان اس لیے فرمایا گیا کہ اس میں خباثت زیادہ ہوتی ہے۔ یہ سب کتوں سے زیادہ نقصان پہنچانے والا ہوتا ہے، پاسبانی میں نکما اور شکار کرنے سے معذور رہتا ہے۔ حتیٰ کہ امام احمد نے فرمایا کہ سیاہ کتے کا شکار حلال نہیں ہے۔ کیونکہ وہ شیطان ہے۔ ائمہ کا کاٹنے والے اور مضرت رساں کتے کے قتل کرنے میں اتفاق ہے اگرچہ سیاہ نہ ہو۔

۳۹۲۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ إِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ أَوْ كَلْبَ غَنَمٍ أَوْ مَاشِيَةٍ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شکاری کتے یا بکریوں یا چوپایوں سلہ کے محافظ کے ماسوا کتوں کے مار ڈالنے کا حکم دیا۔
(صحیحین)

سلہ راوی کو شک ہے کہ بکریوں کا محافظ فرمایا یا چوپایوں کا۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِي
دوسری فصل

۳۹۲۲ عَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ مُغَفَّلٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَ

حضرت عبد اللہ بن مغفل سلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سَلَّمَ قَالَ لَوْ لَا اَنَّ الْكِلَابَ اُمَّةٌ مِّنَ الْاُمَمِ لَاَمَرْتُ بِقَتْلِهَا كُلِّهَا فَاقْتُلُوْا مِنْهَا كُلَّ اَسْوَدَ بَهِيْمٍ۔

رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ الدَّارِمِيُّ

وَ زَادَ التِّرْمِذِيُّ وَ النَّسَآئِيُّ وَ مَا مِنْ اَهْلِ بَيْتٍ يَّرْتَبِطُوْنَ كَلْبًا اِلَّا نُقِصَ مِنْ عَمَلِهِمْ كُلَّ يَوْمٍ قِيْرَاطٌ اِلَّا كَلْبَ صَيْدٍ اَوْ كَلْبَ حَرْثٍ اَوْ كَلْبَ غَنَمٍ۔

فرمایا اگر کتے امتوں میں سے ایک امت نہ ہوتے تو ہم ان سب کے قتل کا حکم دے دیتے تو ان میں سے ہر ایک رنگ والے کالے سیاہ کو قتل کر دو۔

(ابوداؤد، دارمی)

(امام ترمذی اور نسائی نے اضافہ کیا کہ جس گھر والے کتا باندھتے ہیں۔ ان کے عمل سے ہر دن ایک قیراط کم کر دیا جاتا ہے۔ سوائے شکار، یا کھیتی یا بکریوں کے کتے کے۔

لہ عبداللہ بن مغفل میم پر پیش، نقطے والی غین پر زبر فاء مشدد مفتوحہ۔ ـــــــــــــــ مشہور صحابی ہیں۔

۲ہ اگر ہم ان سب کے قتل کا حکم دے دیں تو مخلوق خدا میں سے وہ گروہ (نوع) ناپید ہو جائے گا، اور یقینی بات ہے کہ اس گروہ کے وجود میں ضرور کوئی حکمت ہوگی، امت جنس حیوان کی ایک نوع ہے امم جمع۔

۳ہ چونکہ سب کو ہلاک کرنے کی گنجائش نہیں ہے اس لیے اسے ہلاک کر دو جو زیادہ نقصان دہ ہے اور وہ ایک رنگ والا سیاہ کتا ہے۔

۳۹۲۳ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّحْرِيْشِ بَيْنَ الْبَهَآئِمِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چارپایوں کے لڑانے لہ سے منع فرمایا۔

(ترمذی، ابوداؤد)

لہ حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمۃ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں اللہ رحم فرمائے آج مسلمانوں میں (بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے جیسے اونٹوں اور بیلوں کو لڑوایا جاتا ہے، مرغوں کے لڑانے کا بھی یہی حکم ہے۔

بَابُ مَا يَحِلُّ أَكْلُهُ وَمَا يَحْرُمُ

۲۹۳- ان جانوروں کا بیان جن کا کھانا حلال ہے اور جن کا کھانا حرام ہے

یاد رہے کہ قرآن پاک سے چار چیزوں کی حرمت ثابت ہے (۱) مردار (۲) ذبح کے وقت بہنے والا خون۔ (۳) خنزیر کا گوشت (۴) وہ جانور جو غیر اللہ کے نام سے ذبح کیا جائے جیسے کہ آیت کریمہ قُلْ لَا أَجِدُ فِيمَا أُوحِيَ إِلَيَّ مُحَرَّمًا (الآیہ) سے ثابت ہے، اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت نے چند دوسری چیزوں مثلاً ہر کیلوں والے یا پنجے سے شکار کرنے والے جانور اور پالتو گدھوں وغیرہ کا اضافہ کیا، ان میں سے بعض کی حرمت احادیث کے قطعی ہونے کی بنا پر متفق ہے اور بعض کی حرمت احادیث کے اختلاف کی وجہ سے آئمہ کے درمیان اختلافی ہے۔ اختلاف اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی بنا پر پیدا ہوا۔ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ (۷/۱۵۷) ہمارے حبیب ان کے لیے پاکیزہ چیزیں حلال کرتے ہیں اور خبیث چیزیں ان پر حرام کرتے ہیں۔ ہمارے آئمہ نے اس آیت سے مچھلی کے علاوہ پانی کے دوسرے جانوروں کی حرمت پر استدلال کیا ہے، ہدایہ میں ہے کہ امام مالک اور اہل علم

(حاشیہ صفحہ سابقہ) مرغ لڑانا، کتے لڑانا، اونٹ بیل لڑانے کا بہت شوق ہے۔ یہ حرام سخت حرام ہے۔ کہ اس میں بلاوجہ جانوروں کو ایذا رسانی ہے۔ اپنا وقت ضائع کرنا، بعض جگہ مال کی شرط پر جانور لڑائے جاتے ہیں۔ یہ جوا بھی ہے، اور حرام در حرام ہے۔ جب جانوروں کا لڑانا حرام ہے تو انسان کا لڑانا سخت حرام ہے۔ خیال رہے کہ اسلامی فوج کو کفار سے لڑانا جہاد ہے۔ یوں ہی مشن کے لیے تیاری اور جہاد کے لیے کشتی لڑنا، لڑانا جہاد کی تیاری ہے۔ یہ دونوں کام عبادت ہیں۔ مسلمانوں کی آپس میں جنگ کرانا یہ حرام ہے۔ لڑانا اور چیز ہے کشتی اور جہاد اور چیز ہے ۱۲ مراۃ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کی ایک جماعت اس امر کی قائل ہے کہ سمندر میں جتنی چیزیں ہیں سب حلال ہیں۔ بعض علماء نے سمندری خنزیر، اسکے اور انسان کا استثناء کیا ہے، امام شافعی سے مروی ہے کہ انہوں نے اللہ تعالیٰ کے فرمان اُحِلَّ لَكُمْ صَيْدُ الْبَحْرِ تمہارے لیے سمندر کا شکار حلال کیا گیا، سے استدلال کرتے ہوئے سب کو حلال قرار دیا نیز سمندر کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد سے استدلال کیا هُوَ الطَّهُوْرُ مَائُهٗ وَالْحِلُّ مَيْتَتُهٗ اس کا پانی پاک کرنے والا اور اس کا مردہ حلال ہے۔

ہماری دلیل اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ اور ان پر خبیث چیزیں حرام کرتے ہیں مچھلی کے علاوہ سمندر کا ہر جانور خبیث ہے۔ خبیث، طیب (پاکیزہ) کی ضد ہے اور اس سے مراد ہر وہ چیز ہے جسے طبیعت سلیم پلید جانے، مچھلی کے علاوہ ہر جانور کو طبیعت سلیم خبیث جانتی ہے امام احمد نے فرمایا کہ کتاب و سنت میں جن چیزوں کی حرمت منصوص ہے ان کے علاوہ جس چیز کو عرب طیب کہیں وہ حلال ہے اور جسے خبیث جانیں وہ حرام ہے کیونکہ مخاطب عرب ہیں کہتے ہیں کہ عرب سے مراد اہل حجاز اور شہروں کے باشندے ہیں۔ کیونکہ قرآن پاک ان پر نازل ہوا۔ بادیہ نشینوں کا اعتبار نہیں ہے کیونکہ وہ ضرورت اور بھوک کی بنا پر جو ملے کھا لیتے ہیں۔ اب گفتگو اس مسئلے میں چل پڑتی ہے کہ اشیاء میں اصل ممانعت ہے، اباحت ہے یا توقف، اسی طرح امام احمد رحمۃ اللہ تعالیٰ کے مذہب کی کتاب، کتاب الخرقی اور اس کی شرح میں ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۳۹۲۴ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ[1] رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ ذِیْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ فَاَكْلُهٗ حَرَامٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہر کچلیوں والا جانور درندہ ہے لہذا اس کا کھانا حرام ہے۔ (مسلم)

[1] اس سے پہلے گزر چکا ہے کہ ذی ناب درندے سے مراد وہ جانور ہے جو نوکیلے دانت سے شکار کرتا مثلاً شیر، بھیڑیا اور چیتا وغیرہ۔

۳۹۲۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰی[2] رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ ذِیْ

ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہر کچلیوں والے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَ كُلِّ ذِي مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّيْرِ

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

درندے اور ہر پنجوں والے پرندے سے منع فرمایا۔

(مسلم)

۳۹۲۶ / ۳ وَعَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ قَالَ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لُحُوْمَ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ثعلبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پالتو گدھوں[1] کے گوشت کو حرام قرار دیا۔

(صحیحین)

لہ یہ احتراز ہے جنگلی گدھوں سے جنہیں گورخر کہتے ہیں اور وہ بالاتفاق حلال ہیں۔

۳۹۲۷ / ۴ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى يَوْمَ خَيْبَرَ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ وَ اَذِنَ فِيْ لُحُوْمِ الْخَيْلِ

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے دن پالتو گدھوں کے گوشتوں سے منع فرمایا اور گھوڑوں کے گوشتوں کی اجازت دی[1]۔

(صحیحین)

لہ سلف وخلف کے ائمہ کا گھوڑے کے گوشت کے مباح ہونے پر اتفاق ہے، البتہ امام ابو حنیفہ اور امام مالک سے اس کا مکروہ تحریمی یا تنزیہی ہونا مروی ہے، فتاوی سراجیہ میں ہے کہ گھوڑے کا گوشت امام ابو حنیفہ کے نزدیک مکروہ ہے جب کہ صاحبین اور امام شافعی کے نزدیک بلا کراہت جائز ہے، اس کے بعد امام صدر الاسلام نے فرمایا کہ کراہت تحریمی مراد ہے، ان کے بھائی امام فخر الاسلام علی بزدوی نے فرمایا کہ کراہت تنزیہی مراد ہے امام سرخسی نے فرمایا کہ امام ابو حنیفہ کا قول احتیاط کے زیادہ قریب ہے اور صاحبین کے قول میں لوگوں کے لیے زیادہ وسعت ہے۔

خلاصہ میں ہے کہ گھوڑے کا گوشت مکروہ ہے اور راجح یہ ہے کہ مکروہ تحریمی ہے، اس جگہ دو روایتیں ہیں اور کراہت تحریمی کی روایت معروف ہے، مختصر ابو مکارم کی شرح میں ہے کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک گھوڑے کا گوشت حلال نہیں ہے، صاحبین کے نزدیک حلال ہے۔ یہی امام شافعی کا مذہب ہے۔ فتاوی عمادیہ میں فرمایا کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک گھوڑے کا گوشت مکروہ ہے اور یہی صحیح ہے، نظم نسفی میں بھی اسی طرح مذکور ہے۔ اسی طرح امام قاضی خان نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اپنے فتاویٰ کی کتاب الذبائح اور کتاب الاشربہ میں بیان فرمایا، ہدایہ میں ہے کہ یہی اصح ہے۔ یہی صاحب حصر (غالباً صاحب بحر ہے ۱۲) قادری کا مختار ہے۔

کافی میں ہے کہ مکروہ ہے کراہت تنزیہی سے اور یہی صحیح ہے کیونکہ اس کی کراہت عزت کی بنا پر ہے تاکہ اس کے مباح قرار دینے سے آلۂ جہاد کی قلت پیدا نہ ہو، کراہت پلید ہونے کی بنا پر نہیں ہے اسی لیے اس کا جھوٹا پاک ہے۔ یہ ظاہر روایت ہے اور یہی صحیح ہے، اسی طرح امام فخر الاسلام اور ابو معین نے اپنی اپنی جامع میں بیان کیا اسی طرح امام قاضی خان نے اپنی جامع میں بیان کیا، امام اسبیجابی نے فرمایا، یہی اصح ہے، امام سرخسی نے فرمایا اس میں لوگوں کے لیے زیادہ نرمی ہے، کیونکہ ظاہر عرف یہ ہے کہ اس کا گوشت بغیر کسی انکار کے فروخت کیا جاتا ہے، کفایۃ المنتہی میں ہے کہ امام ابوحنیفہ نے گھوڑے کا گوشت کے حرمت کے قول سے اپنے وصال سے تین دن پہلے رجوع کیا۔ اسی پر فتویٰ ہے۔

مواہب لدنیہ میں اس مسئلے کے اصول و فروع پر طویل گفتگو کی ہے، انہوں نے فرمایا کہ گھوڑے کے گوشت کے جائز ہونے میں اختلاف ہے، امام شافعی اور جمہور سلف و خلف قائل ہیں کہ بغیر کراہت کے جائز ہے، حضرت عبداللہ بن زبیر حضرت انس بن مالک اور حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین اسی کے قائل ہیں صحیح مسلم میں حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق سے روایت ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ مبارکہ میں ایک گھوڑا ذبح کیا اور اسے کھایا، اس وقت ہم مدینہ منورہ میں تھے، دار قطنی کی روایت میں ہے کہ حضرت اسماء فرماتی ہیں کہ ہم نے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اہل بیت نے اسے کھایا۔ فتح الباری میں فرمایا کہ حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے اس قول سے کہ ہم مدینہ منورہ میں تھے معلوم ہوتا ہے کہ یہ واقعہ جہاد کے بعد کا ہے، اس سے ان حضرات کا قول رد ہو جاتا ہے جو کہتے ہیں کہ چونکہ گھوڑا آلات جہاد میں سے ہے اس لیے اس کا کھانا ممنوع ہے۔ ان کا یہ فرمانا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اہل بیت نے بھی کھایا، ان حضرات پر رد ہے جو کہتے ہیں کہ اس حدیث سے معلوم نہیں ہوتا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کے کھانے پر مطلع ہوئے ہوں کیونکہ حضرت ابوبکر کی آل سے یہ گمان نہیں کیا جا سکتا کہ وہ ایسے کام کا ارتکاب کریں گے جو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں نہ تھا جب تک کہ انہیں اس کے جائز ہونے کا علم نہ ہو کیونکہ ان کا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ گہرا تعلق تھا اور وہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت سے جدا نہیں ہوتے، علاوہ ازیں صحابہ کرام کو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مسائل دریافت کرنے کا شوق بھی بہت تھا۔ اسی لیے راجح مذہب یہ ہے کہ اگر صحابی کہے کہ ہم فلاں کام نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ شریف میں کیا کرتے تھے تو یہ حدیث مرفوع کے حکم میں ہے۔ کیونکہ ظاہر یہ ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس کی اطلاع ہوئی اور آپ نے اس سے منع نہیں فرمایا۔ جب دوسرے صحابۂ کرام کے بارے میں یہ حکم ہے تو حضرت ابوبکر کی آل کے بارے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یہ حکم کیوں نہ ہوگا؟ امام طحاوی نے فرمایا کہ امام ابو حنیفہ گھوڑے کا گوشت کھانے کے مکروہ ہونے کے قائل ہیں، صاحبین اور دیگر ائمہ نے ان کی مخالفت کی ہے اور اس کے حلال ہونے کے بارے میں وارد احادیث متواترہ سے استدلال کیا ہے (اھ)

بعض تابعین نے اس کا حلال ہونا صحابہ کرام سے مطلقاً بغیر کسی استثناء کے نقل کیا ہے ابن ابی شیبہ نے شرط شیخین کے مطابق سند صحیح سے حضرت عطاء سے روایت کیا کہ تمہارے اسلاف ہمیشہ اسے کھایا کرتے تھے ابن جریج کہتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء سے عرض کیا کہ کیا سلف سے آپ کی مراد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم ہیں؟ انہوں نے کہا ہاں! میری مراد صحابہ کرام ہی ہیں، البتہ اس کی کراہت کے بارے میں ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے ایک روایت ابن ابی شیبہ اور عبدالرزاق نے دو ضعیف سندوں سے نقل کیا ہے۔ اکابر علمائے مالکیہ میں سے ابن ابی جمرہ نے فرمایا کہ جواز کی دلیل واضح ہے۔ لیکن امام مالک کے مکروہ قرار دینے کی وجہ یہ ہے کہ عام طور پر گھوڑے جہاد میں استعمال کیے جاتے ہیں، لیکن یہ بات خارج از بحث ہے، اس میں کلام نہیں ہے۔ ایسا جانور جو بالاتفاق جائز ہو، اس کے بارے میں اگر کوئی ایسا امر پیدا ہو جائے کہ اس جانور کے ذبح کرنے سے کسی ممنوع کام کا ارتکاب لازم آئے تو اس کا ذبح کرنا ممنوع ہو جائے گا، حالانکہ ضروری نہیں کہ اس کی حرمت کا قول کیا جائے (اھ)

بعض تابعین کہتے ہیں کہ اگر گھوڑا حلال ہوتا تو اس کی قربانی جائز ہوتی، ان کا یہ قاعدہ بہت سے وحشی حیوانات سے ٹوٹ جائے گا جن کا کھانا جائز ہے مگر ان کی قربانی جائز نہیں ہے۔ حضرت خالد بن ولید کی حدیث امام ابوداؤد اور نسائی نے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گھوڑوں، خچروں اور گدھوں کے گوشتوں سے منع فرمایا، وہ حدیث ضعیف ہے، اگر اس کا ثابت ہونا تسلیم کر لیا جائے تو وہ حضرت جابر کی حدیث کے معارض نہیں بن سکتی جو جائز ہونے پر دلالت کرتی ہے، حضرت خالد بن ولید کی حدیث کو امام احمد، بخاری، دارقطنی، خطابی، ابن عبدالبر اور عبدالحق وغیرہم نے ضعیف قرار دیا ہے۔

بعض محدثین نے کہا کہ حضرت جابر کی حدیث حرمت پر دلالت کرتی ہے کیونکہ انہوں نے فرمایا: رخص (رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے رخصت دی) کیونکہ رخصت کا معنیٰ ہے مانع کی موجودگی میں حرام کو مباح قرار دینے کی اجازت، تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ خیبر میں صحابہ کرام کو شدید بھوک لاحق تھی اس لیے انہیں اجازت دے دی گئی۔ لہٰذا یہ حدیث مطلقاً جائز ہونے پر دلالت نہیں کرے گی۔ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اکثر روایات میں اذان کا لفظ آیا ہے جیسے کہ مشکوۃ شریف میں مذکور صحیحین کی حدیث میں ہے۔

نیز اگر گھوڑے کا گوشت کھانے کی اجازت اور اس کی رخصت شدید بھوک کی بناء پر ہوتی تو پالتو گدھوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کی اجازت بطریق اولیٰ ہونا چاہیے تھی اور وہ قرین قیاس بھی تھی کیونکہ گدھے بکثرت تھے اور گھوڑے قلیل مقدار میں تھے، اس لیے حدیث کا مفاد یہ ہے کہ گھوڑوں کا گوشت کھانے کی اجازت، عام اباحت کی بنا پر تھی۔ خاص طور پر ضرورت کی بنا پر تھی، منع کرنے والے حضرت اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے بھی استدلال کرتے ہیں لِتَرْكَبُوهَا وَزِينَةً (تاکہ تم ان پر سواری کرو اور زینت) علماء نے اس کا جواب بھی دیا ہے، اس مسئلے پر مکمل گفتگو شرح میں کی گئی ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم

۳۹۲۸ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ اَنَّهٗ رَاٰی حِمَارًا وَحْشِیًّا فَعَقَرَهٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ هَلْ مَعَكُمْ مِنْ لَحْمِهٖ شَیْءٌ قَالَ مَعَنَا رِجْلُهٗ فَاَخَذَهَا فَاَكَلَهَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک وحشی گدھا دیکھا اور اسے زخمی کر کے ہلاک کر دیا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تمہارے پاس اس کے گوشت کا کچھ حصہ ہے؟ عرض کیا ہمارے پاس اس کا پایہ ہے، آپ نے لے کر تناول فرمایا۔[۱] (صحیحین)

[۱] یہ حدیث اور اس کے احکام کتاب حج کے اس باب میں مذکور ہیں جس میں محرم کے لیے غیر محرم کے شکار کھانے کا بیان ہے۔

۳۹۲۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اَنْفَجْنَا اَرْنَبًا بِمَرِّ الظَّهْرَانِ فَاَخَذْتُهَا فَاَتَیْتُ بِهَا اَبَا طَلْحَةَ فَذَبَحَهَا وَبَعَثَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِوَرِكِهَا وَفَخِذَیْهَا فَقَبِلَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے مر الظہران[۱] میں ایک خرگوش کو بھگایا اور میں اسے پکڑ کر حضرت ابو طلحہ کے پاس لایا، انہوں نے اسے ذبح کیا اور اس کی سرین اور دونوں رانیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجیں جو آپ نے قبول کر لیں۔[۲] (صحیحین)

[۱] مر الظہران میم پر زبر را مشدد، نقطے والی ظاء پر زبر اور ہاء ساکن (جگہ کا نام) نفج نون، فاء اور جیم خرگوش کا چھلانگ لگانا اور دوڑنا انفاج بھڑکانا اور دوڑانا۔

[۲] اس سے معلوم ہوا کہ خرگوش جسے ارنب کہتے ہیں حلال ہے۔ ہدایہ میں ہے کہ خرگوش کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کھانے میں حرج نہیں ہے۔ کیونکہ جب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بطور ہدیہ بھیجا گیا تو آپ نے صحابہ کرام کو اس کے کھانے کا حکم دیا۔

۳۹۳۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الضَّبُّ لَسْتُ اٰكُلُهٗ وَلَا اُحَرِّمُهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، میں گوہ کھاتا ہوں اور نہ ہی اسے حرام قرار دیتا ہوں[1]۔ (بخاری ومسلم)

[1] ضب نقطے والے ضاد کے ساتھ، امام شافعی اور احمد کے نزدیک اس حدیث کی بنا پر گوہ کے کھانے میں حرج نہیں ہے۔ امام مسلم کی ایک روایت میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم کھاؤ کہ یہ حلال ہے۔ لیکن یہ میرا طعام نہیں ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ گوہ کے حلال ہونے اور مکروہ نہ ہونے پر امت کا اجماع ہے سوائے اس کے جو امام ابو حنیفہ کے اصحاب سے مروی ہے، ہمارے نزدیک حلال نہیں ہے۔ کیونکہ جب حضرت عائشہ نے اس کے کھانے کے بارے میں پوچھا تو سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا۔ دوسری فصل میں حضرت عبدالرحمٰن بن شبل کی روایت سے آئے گا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گوہ کے کھانے سے منع فرمایا، مختصر یہ کہ جب احادیث میں اختلاف ہے تو احتیاط اس کے نہ کھانے میں ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ نہی ناسخ ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ضب مشہور جانور ہے، اسی طرح قاموس میں ہے صراح میں ہے ضب گوہ، علامہ سیوطی نے فرمایا کہ ضب زمین پر چلنے والا چھوٹا اور لطیف جانور ہے اور اس کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کے نر کے دو عضو تناسل ہوتے ہیں۔ جن کی جڑ ایک ہوتی ہے وہ سات سو سال تک زندہ رہتا ہے اور پانی نہیں پیتا بلکہ ہوا پر اکتفا کرتا ہے۔ چالیس دن میں ایک قطرہ پیشاب کرتا ہے، اور اس کے دانت نہیں گرتے۔ شیخ الاسلام کے رسالہ قصیدیہ میں ہے ضب ضاد کی زبر کے ساتھ فارسی میں سوسمار کہتے ہیں۔ وہ پانی نہیں پیتا۔ ہوا اور ٹھنڈک کے ساتھ زندہ رہتا ہے چالیس دن میں ایک قطرہ پیشاب کرتا ہے۔ اس کی مادہ ستر انڈے دیتی ہے کہتے ہیں کہ سات سو سال تک زندہ رہتا ہے، اس کے نر کے دو عضو تناسل ہوتے ہیں اور مادہ کی دو شرمگاہیں ہوتی ہیں۔ احادیث میں آیا ہے کہ ایک گوہ نے فصیح زبان کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رسالت کی گواہی دی۔

۳۹۳۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ خَالِدَ بْنَ الْوَلِيْدِ اَخْبَرَهٗ اَنَّهٗ دَخَلَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ حضرت خالد بن ولید نے انہیں بیان کیا وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَيْمُوْنَةَ وَهِيَ خَالَتُهٗ وَخَالَةُ ابْنِ عَبَّاسٍ فَوَجَدَ عِنْدَهَا ضَبًّا مَحْنُوْذًا فَقَدَّمَتِ الضَّبَّ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ عَنِ الضَّبِّ فَقَالَ خَالِدٌ اَحَرَامٌ الضَّبُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لَا وَلٰكِنْ لَّمْ يَكُنْ بِاَرْضِ قَوْمِيْ فَاَجِدُنِيْ اَعَافُهٗ قَالَ خَالِدٌ فَاجْتَرَرْتُهٗ فَاَكَلْتُهٗ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْظُرُ اِلَيَّ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کے ہمراہ حضرت میمونہ[1] کے پاس گئے وہ ان کی اور ابن عباس دونوں کی خالہ ہیں. تو ان کے پاس بھنی ہوئی گوہ پائی[2] انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں گوہ پیش کی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا دست مبارک گوہ سے اٹھا لیا[3]۔ حضرت خالد نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا گوہ حرام ہے؟ فرمایا: نہیں۔ یہ ہماری قوم کی زمین میں نہ تھی تو میں اپنے آپ کو اس حال میں پاتا ہوں کہ اسے کروہ جانتا ہوں[4]۔ حضرت خالد نے فرمایا: میں نے اسے اپنی طرف کھینچ لیا۔ اور کھایا، حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری طرف دیکھ رہے تھے[5]

(صحیحین)

---

[1] ام المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

[2] حضرت خالد بن ولید نے یا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ______ حنذ بے نقطہ حا، نون اور نقطے والی ذال، گرم پتھر، گوشت پر رکھ دینا یہاں تک کہ وہ پک جائے اور اس کے گوشت کو حنیذ کہتے ہیں۔

[3] اور اس کے کھانے سے انکار کیا۔

[4] طبعی کراہت سے، لیکن اسے حرام نہیں فرمایا کیونکہ اس کے بارے میں کوئی وحی نازل ہی نہیں ہوئی تھی۔

[5] اور مجھے منع نہیں فرمایا۔ اگرچہ حضرت خالد بھی اسی زمین (مکہ مکرمہ) سے تعلق رکھتے تھے لیکن انہیں طبعی کراہت لاحق نہیں ہوئی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۹۳۲ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَاْکُلُ لَحْمَ الدَّجَاجِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مرغ[۱] کا گوشت کھاتے ہوئے دیکھا۔

(صحیحین)

[۱] قاموس میں ہے کہ لفظ دجاج کا اطلاق نر اور مادہ دونوں پر کرتے ہیں۔ دال پر تینوں حرکتیں پڑھ سکتے ہیں، علامہ سیوطی نے فرمایا: بعض علماء نے کہا نر کے لیے دال کی زیر کے ساتھ اور مادہ کے لیے زبر استعمال کرتے ہیں۔

۳۹۳۳ وَعَنِ ابْنِ اَبِیْ اَوْفٰی[۱] قَالَ غَزَوْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ كُنَّا نَاْكُلُ مَعَہُ الْجَرَادَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو اوفیٰ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں سات غزوات میں حصہ لیا۔ ہم آپ کے ساتھ ٹڈی کھایا کرتے تھے[۲]۔

(صحیحین)

[۱] حضرت ابواوفیٰ مشہور صحابی ہیں۔

[۲] یہ حدیث امام ترمذی، ابوداؤد اور نسائی نے بھی روایت کی ہے، شارحین کہتے ہیں کہ امام مسلم کی روایت میں لفظ معہ نہیں ہے اور اکثر روایات اس زیادتی سے خالی ہیں، جن حضرات نے اس زیادتی کا ذکر کیا ہے ان کی مراد یہ ہے کہ صحابہ کرام نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ ہوتے تھے اور ٹڈی کھاتے تھے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان پر انکار نہیں فرمایا۔ یہ مطلب نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام اکٹھے کھایا کرتے تھے یہ مطلب اگرچہ ظاہر لفظ کے خلاف ہے، لیکن ثابت ہو چکا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ٹڈی تناول نہیں فرمائی اور فرمایا کہ نہ تو ہم کھاتے ہیں اور نہ ہی اسے حرام قرار دیتے ہیں۔

۳۹۳۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ غَزَوْتُ[۱] جَیْشَ الْخَبَطِ وَاُمِّرَ اَبُوْ عُبَیْدَۃَ فَجُعْنَا جُوْعًا شَدِیْدًا فَاَلْقَی الْبَحْرُ حُوْتًا

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے جیش الخبط[۱] (پتوں والے لشکر) میں جہاد کیا، حضرت ابو عبیدہ[۲] امیر بنائے گئے تھے۔ ہمیں سخت بھوک لاحق

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مَیِّتًا لَمْ نَرَ مِثْلَهُ يُقَالُ لَهُ الْعَنْبَرُ فَأَكَلْنَا مِنْهُ نِصْفَ شَهْرٍ فَأَخَذَ أَبُو عُبَيْدَةَ عَظْمًا مِنْ عِظَامِهِ فَمَرَّ الرَّاكِبُ تَحْتَهُ فَلَمَّا قَدِمْنَا ذَكَرْنَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كُلُوا رِزْقًا أَخْرَجَهُ اللّٰهُ إِلَيْكُمْ وَ أَطْعِمُونَا إِنْ كَانَ مَعَكُمْ قَالَ فَأَرْسَلْنَا إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهُ فَأَكَلَهُ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ہوئی، سمندر نے اتنی بڑی مردہ مچھلی کنارے پر ڈال دی کہ اس جیسی مچھلی ہم نے نہیں دیکھی تھی[۳]۔ اسے عنبر[۴] کہا جاتا ہے۔ ہم اس سے نصف ماہ[۵] تک کھاتے رہے۔ حضرت ابو عبیدہ نے اس کی ایک ہڈی[۶] پکڑی تو سوار اس کے نیچے سے گزر گیا[۷]۔ جب ہم آئے تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں اس کا ذکر کیا۔ فرمایا: وہ رزق کھاؤ جو اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے نکالا[۸] اور تمہارے پاس ہو تو ہمیں بھی کھلاؤ[۹]۔ حضرت جابر فرماتے ہیں کہ ہم نے اس کا کچھ حضرت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا تو آپ نے تناول فرمایا۔

(صحیحین)

۱ؔ جیش الخبط نقطے والی خا اور با دونوں پر زبر، با ساکن بھی آئی ہے، وہ پتے جو درخت پر لاٹھی کے مارنے سے زمین پر گرتے ہیں، اس جہاد کا یہ نام اس لیے رکھا گیا کہ مجاہدین حالت اضطرار میں درختوں کے پتے کھاتے تھے۔ یہاں تک کہ منہ اور ہونٹ زخمی ہو گئے اور اونٹ کے ہونٹوں کی طرح ہو گئے، اس جہاد کو غزوہ سیف البحر بھی کہتے ہیں سین کے نیچے زیر اور یا ساکن سمندر کا کنارہ جو مدینہ منورہ سے پانچ رات کی مسافت پر تھا۔ یہ غزوہ ۶ھ صلح حدیبیہ سے پہلے تھا۔

۲ؔ حضرت ابو عبیدہ بن الجراح عشرہ بشرہ میں سے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں اس امت کا امین فرمایا۔

۳ؔ بعض روایات میں مچھلی کا نام بیہ بغیر آیا ہے۔ کہ صحابہ کرام نے دریا کے کنارے ایک جانور پایا۔

۴ؔ ایک روایت میں ہے دابۃ العنبر وہ جانور جس کا نام عنبر ہے، یہ بڑی مچھلی ہے جس کی کھال سے ڈھال بناتے ہیں۔ بعض اوقات اس ڈھال کو بھی عنبر کہہ دیتے ہیں۔ یہ بھی احتمال ہے کہ اسے دابۃ العنبر اس لیے کہتے ہوں کہ مشہور خوشبو عنبر اسی سے پیدا ہوتی ہو۔ قاموس میں ہے کہ عنبر سمندری جانور کی خوشبودار لید ہے یا یہ سمندری چشمے سے نکلتی ہے۔ ایک سمندری مچھلی کا نام بھی ہے جس کی کھال سے ڈھال بناتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵ ایک روایت میں ہے کہ ہم اس سے ایک ماہ تک کھاتے رہے۔ لشکر میں تین سو سے زیادہ افراد تھے۔
۶ جو پہلو کی ہڈی ہوگی۔
۷ سنن کی روایت میں آیا ہے کہ حضرت ابو عبیدہ نے اس کی ہڈی کھڑی کی، پھر طویل ترین اونٹ منتخب کیا جو اس کے نیچے سے گزر گیا۔
۸ یعنی تم نے اسے کھا کر بہت اچھا کیا۔ مزید اگر موجود ہو تو وہ بھی کھاؤ یا یہ مطلب ہو کہ اگر تم اس جنس کا مزید رزق پاؤ تو اسے بھی کھاؤ۔
۹ یعنی اگر اس کا کچھ حصہ تمہارے پاس باقی ہو تو ہمیں بھی کھلاؤ، یہ بات ان کے دلوں کو خوش کرنے اور اس مچھلی کی حلت کی تاکید کے لیے فرمائی یا اس سے برکت حاصل کرنے کے لیے فرمائی کیونکہ وہ ایسا رزق تھا جو اللہ تعالیٰ نے خرق عادت کے طور پر عطا فرمایا تھا۔

۳۹۳۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ [۱۲] اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِیْ اِنَاۗءِ اَحَدِکُمْ فَلْیَغْمِسْہُ کُلَّہٗ ثُمَّ لِیَطْرَحْہُ فَاِنَّ فِیْ اَحَدِ جَنَاحَیْہِ شِفَاۗءً وَّ فِی الْاٰخَرِ دَاۗءً۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے کسی کے برتن میں مکھی گر جائے تو اسے پوری کو ڈبو دے [۱] پھر اسے پھینک دے [۲]۔ کیونکہ اس کے ایک پر میں شفا اور دوسرے میں بیماری ہے [۳]۔ (بخاری)

۱ یعنی اسے برتن میں غوطہ دے، خواہ اس میں پانی ہو یا کھانا، غمس کسی چیز کو پانی میں ڈبونا۔
۲ طرح کسی چیز کو دور پھینکنا، پہلے دونوں حرفوں پر زبر ہو تو اس کا معنی ہے وہ جگہ جو دور ہے۔
۳ دوسری نقل کے آخر میں یہ اضافہ ہے۔ وَاِنَّہٗ یُقَدِّمُ الدَّاۗءَ عَلَی الدَّوَاۗءِ کیونکہ وہ بیماری کو شفاء سے پہلے لاتی ہے یعنی وہ پر جس میں بیماری ہے اسے پہلے ڈبوتی ہے اس لیے اسے ڈبونا چاہیے تاکہ دوا والا پر بھی ڈوب جائے۔ بیماری کو دور کرے اور نقصان نہ پہنچائے [۱]۔

---

۱ بعض علماء نے بیان کیا کہ جس چیز میں مکھی پڑ جائے اس کے کھانے سے انسان طبعاً کراہت (بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۹۳۶ / ۱۳ وَعَنْ مَيْمُونَةَ اَنَّ فَارَةً وَقَعَتْ فِيْ سَمْنٍ فَمَاتَتْ فَسُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْهَا فَقَالَ اَلْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا وَكُلُوْهُ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ایک چوہیا گھی میں گر کر مر گئی، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اس کے بارے میں پوچھا گیا[۱] تو آپ نے فرمایا: اسے اور اس کے آس پاس کے گھی کو پھینک دو اور باقی گھی کھا لو۔[۲]

(بخاری)

[۱] فارۃ پہلے فاء، راء مخفف، ہمزے کے ساتھ (فَأْرَةٌ) اور بغیر ہمزہ کے (فَارَةٌ) دونوں لغتیں ہیں۔ سمن سین پر زبر، میم ساکن، گھی۔ صراح میں ہے سمن روغن مسکہ، گھی۔

[۲] کہ جس گھی میں چوہیا مر گئی ہے کھایا جا سکتا ہے یا نہیں؟

[۳] روغن زیتون چونکہ منجمد نہیں ہوتا اس لیے وہ سارا پلید ہو جائے گا۔ اکثر ائمہ کے نزدیک اس کا بیچنا جائز نہیں ہے۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک اس کا بیچنا جائز ہے۔ اس سے نفع حاصل کرنے کے بارے میں اختلاف ہے۔ بعض ائمہ کے نزدیک اس سے نفع حاصل کرنا جائز نہیں ہے۔ بعض ائمہ کے نزدیک اس سے چراغ جلانے اور کشتیوں پر ملنے وغیرہ سے نفع حاصل کرنا جائز ہے۔ یہ امام ابو حنیفہ کا قول ہے، لیکن مکروہ ہے، امام مالک اور امام احمد سے دو روایتیں ہیں۔ (ایک کے مطابق جائز دوسری کے مطابق ناجائز) امام مالک سے ایک روایت ہے کہ اسے مسجد کے چراغ میں جلانا جائز نہیں ہے۔

۳۹۳۷ / ۱۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اُقْتُلُوا الْحَيَّاتِ وَاقْتُلُوْا ذَا الطُّفْيَتَيْنِ وَالْاَبْتَرَ فَاِنَّهُمَا يَطْمِسَانِ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ سانپوں کو قتل کر دو، دو دھاری[۱] والے اور بنڈے کو قتل کر دو۔ کیونکہ یہ دونوں بینائی ختم کر دیتے ہیں اور

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) محسوس کرتا ہے، طبعی کراہت کے باوجود جب آدمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کی اطاعت کرتے ہوئے اسے کھائے گا تو اس کے نفس کی بیماری دور ہو گی اور اسے صفائے باطن حاصل ہو گی۔

(۱۲ قادری)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الْبَصَرَ وَ يَسْتَسْقِطَانِ الْحَبَلَ قَالَ عَبْدُ اللهِ فَبَيْنَا اَنَا اُطَارِدُ حَيَّةً اَقْتُلُهَا نَادَانِيْ اَبُوْ لُبَابَةَ لَا تَقْتُلْهَا فَقُلْتُ اِنَّ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْحَيَّاتِ فَقَالَ اِنَّهٗ نَهٰى بَعْدَ ذٰلِكَ عَنْ ذَوَاتِ الْبُيُوْتِ وَ هُنَّ الْعَوَامِرُ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حمل گرا دیتے ہیں[۴]، حضرت عبداللہ فرماتے ہیں کہ میں ایک سانپ کو قتل کرنے کے لیے اس پر حملہ کر رہا تھا[۵] کہ مجھے حضرت ابو لبابہ[۶] نے پکارا کہ اسے قتل نہ کرو، میں نے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سانپوں کے قتل کرنے کا حکم دیا ہے[۷]، انہوں نے فرمایا: اس کے بعد[۸] حضور نے گھروں میں رہنے والوں سے منع فرمایا اور یہ گھروں والے ہیں[۹]۔ (مسلم، بخاری)

[۱] طُفیہ بے نقطہ طا پر پیش اور فا ساکن، وہ سانپ جس کی پشت پر دو سیاہ لکیریں ہوتی ہیں، طفیہ اصل میں ایک درخت ابرگ مقل کا نام ہے، سانپ کی پشت کی لکیروں کو اس کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔

[۲] اَبتر کا معنی اصل میں قطع کیا ہوا ہے، اس سانپ کو ابتر اس لیے کہتے ہیں کہ اس کی دم چھوٹی ہوتی ہے۔

[۳] یہ دونوں سانپ اتنے زہریلے ہوتے ہیں کہ صرف ان کی طرف دیکھنے سے آدمی اندھا ہو جاتا ہے۔

[۴] یعنی حاملہ عورت انہیں دیکھ لے تو خوف یا ان کی زہر کی خاصیت کی بنا پر حمل ساقط ہو جاتا ہے۔ یَسْتَسْقِطَانِ کا معنی ہے کہ وہ دونوں طلب سقوط کرتے ہیں، اس میں مبالغہ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ گویا وہ طلب سقوط کرتے ہیں۔

[۵] صراح میں ہے مُطَارَدَۃٌ ایک دوسرے پر حملہ کرنا، یہ طَرْدٌ سے بنا ہے جس کا معنی بھگانا اور دور کرنا ہے۔

[۶] حضرت ابو لبابہ مشہور صحابی ہیں۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہ

[۷] آپ مجھے اس سے کس طرح منع کرتے ہیں؟

[۸] یعنی حکم دینے کے بعد

[۹] یہ سانپ جو گھروں میں ہوتے ہیں یہ گھروں کے باشندے ہیں، بعض شارحین نے فرمایا عوامر ان کی لمبی عمروں کی بنا پر فرمایا، بعض حضرات نے فرمایا، مطلب یہ ہے کہ یہ سانپ نہیں ہیں بلکہ جنات کی ایک قسم سے تعلق رکھتے ہیں جو گھروں میں رہتے ہیں۔

۳۹۳۸/۱۵ وَعَنْ اَبِي السَّائِبِ

حضرت ابو السائب[۱] فرماتے ہیں کہ ہم حضرت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ دَخَلْنَا عَلٰی اَبِیْ سَعِیْدِ دِالْخُدْرِیِّ فَبَیْنَا نَحْنُ جُلُوْسٌ اِذْ سَمِعْنَا تَحْتَ سَرِیْرِہٖ حَرَکَۃً فَنَظَرْنَا فَاِذَا فِیْہِ حَیَّۃٌ فَوَثَبْتُ لِاَقْتُلَھَا وَاَبُوْ سَعِیْدٍ یُصَلِّیْ فَاَشَارَ اِلَیَّ اَنْ اَجْلِسْ فَجَلَسْتُ فَلَمَّا انْصَرَفَ اَشَارَ اِلٰی بَیْتٍ فِی الدَّارِ فَقَالَ اَتَرٰی ھٰذَا الْبَیْتَ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ کَانَ فِیْہِ فَتًی مِّنَّا حَدِیْثُ عَھْدٍ بِعُرْسٍ قَالَ فَخَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَی الْخَنْدَقِ فَکَانَ ذٰلِکَ الْفَتٰی یَسْتَاْذِنُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِاَنْصَافِ النَّھَارِ فَیَرْجِعُ اِلٰی اَھْلِہٖ فَاسْتَاْذَنَہٗ یَوْمًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خُذْ عَلَیْکَ سِلَاحَکَ فَاِنِّیْ اَخْشٰی عَلَیْکَ قُرَیْظَۃَ فَاَخَذَ الرَّجُلُ سِلَاحَہٗ ثُمَّ رَجَعَ فَاِذَا امْرَاَتُہٗ بَیْنَ الْبَابَیْنِ

ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے، ہم بیٹھے ہوئے تھے کہ ہم نے ان کی چارپائی کے نیچے حرکت کی آواز سنی، دیکھا تو اس میں ایک سانپ تھا میں نے اسے مارنے کے لیے چھلانگ لگائی، حضرت ابوسعید نے مجھے بیٹھنے کا اشارہ کیا، چنانچہ میں بیٹھ گیا، جب وہ پلٹے تو انہوں نے گھر کے ایک کمرے کی طرف اشارہ کیا اور فرمایا تم اس کمرے کو دیکھ رہے ہو؟ میں نے کہا ہاں! فرمایا: اس میں ہمارا ایک جوان رہتا تھا جس کی نئی نئی شادی ہوئی تھی فرمایا کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خندق کی طرف نکلے تو وہ نوجوان دوپہروں کے وقت رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اجازت لے کر اپنی بیوی کے پاس چلے جاتے تھے ایک دن انہوں نے اجازت طلب کی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے ہتھیار اپنے جسم پر سنبھالو، کیونکہ مجھے تم پر بنو قریظہ کی شرارت کا خوف ہے۔ اس شخص نے اپنا ہتھیار لے لیا پھر وہ لوٹ گیا۔ اچانک دیکھا کہ اس کی بیوی دو دروازوں کے درمیان کھڑی ہوئی ہے۔ اس نے مارنے کے لیے اس کی طرف نیزہ بڑھایا، اسے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَاَتَتْهُ قَائِمَةً فَاَهْوٰى اِلَيْهَا بِالرُّمْحِ لِيَطْعَنَهَا وَاَصَابَتْهُ غَيْرَةٌ فَقَالَتْ اُكْفُفْ عَلَيْكَ رُمْحَكَ وَادْخُلِ الْبَيْتَ حَتّٰى تَنْظُرَ مَا الَّذِيْ اَخْرَجَنِيْ فَدَخَلَ فَاِذَا بِحَيَّةٍ عَظِيْمَةٍ مُنْطَوِيَةٍ عَلَى الْفِرَاشِ فَاَهْوٰى اِلَيْهَا بِالرُّمْحِ فَانْتَظَمَهَا بِهٖ ثُمَّ خَرَجَ فَرَكَزَهٗ فِي الدَّارِ فَاضْطَرَبَتْ عَلَيْهِ فَمَا يُدْرٰى اَيُّهُمَا كَانَ اَسْرَعَ مَوْتًا اَلْحَيَّةُ اَمِ الْفَتٰى قَالَ فَجِئْنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لَهٗ وَقُلْنَا اُدْعُ اللّٰهَ يُحْيِيْهِ لَنَا فَقَالَ اسْتَغْفِرُوْا لِصَاحِبِكُمْ ثُمَّ قَالَ اِنَّ لِهٰذِهِ الْبُيُوْتِ عَوَامِرَ فَاِذَا رَاَيْتُمْ مِنْهَا شَيْئًا فَحَرِّجُوْا عَلَيْهَا ثَلَاثًا فَاِنْ ذَهَبَ وَاِلَّا فَاقْتُلُوْهُ فَاِنَّهٗ كَافِرٌ وَقَالَ لَهُمْ اذْهَبُوْا فَادْفِنُوْا صَاحِبَكُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ اِنَّ

غیرت آگئی؛[8] خاتون نے کہا اپنا نیزہ روک لو اور گھر میں داخل ہو کر دیکھ لو کہ مجھے کس چیز نے نکالا ہے؟ وہ اندر داخل ہوئے تو اچانک دیکھا کہ ایک بڑا سانپ بستر پر کنڈلی مارے ہوئے (لہرا رہا ہے) انہوں نے اس پر نیزے کا وار کیا اور اسے نیزے میں پرو لیا[9] پھر نکل کر نیزے کو گھر میں گاڑ دیا۔[10] سانپ نے تڑپ کر ان پر حملہ کیا، معلوم نہ ہو سکا کہ ان میں سے پہلے کس کی موت واقع ہوئی؟[11] سانپ کی یا اس نوجوان کی، فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ تعالیٰ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر واقعہ بیان کیا اور عرض کیا دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں ہمارے لیے زندہ فرما دے،[12] آپ نے فرمایا: اپنے ساتھی کے لیے دعائے مغفرت کرو۔[13] پھر فرمایا: ان گھروں میں (جنات) رہتے ہیں،[14] جب تم ان میں سے کسی کو دیکھو تو اس پر تین دن تنگی کرو، اگر چلا جائے تو (ٹھیک) ورنہ اسے مار دو کہ وہ کافر ہے[15] اور صحابہ کرام[16] کو فرمایا جاؤ اور اپنے ساتھی کو دفن کر دو۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ فرمایا مدینہ منورہ میں کچھ جنات اسلام لا چکے ہیں جب تم ان میں[17] سے کسی چیز کو دیکھو تو اسے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بِالْمَدِيْنَةِ جِنًّا قَدْ اَسْلَمُوْا فَاِذَا رَاَيْتُمْ مِّنْهَا شَيْئًا فَاٰذِنُوْهُ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ فَاِنْ بَدَا لَكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ فَاقْتُلُوْهُ فَاِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

تین دن اطلاع (وارننگ) دو، اگر اس کے بعد تمہارے سامنے آئے تو اسے قتل کر دو کیونکہ وہ شیطان[۱۲] ہے۔ (مسلم)

[۱] ابو السائب، بنو زہرہ کے آزاد کردہ غلام تابعی، مدنی اور ثقہ ہیں، حضرت ابو ہریرہ، حضرت ابو سعید اور حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کرتے ہیں۔

[۲] صراح میں ہے اشارت کا معنی ہے ہاتھ سے منع کرنا۔

[۳] جہاں غزوۂ احزاب ہوا تھا۔

[۴] کیونکہ نوشادی شدہ تھے۔

[۵] قریظہ یہودیوں کا ایک قبیلہ تھا جو اس جنگ میں قریش کے ساتھ اتحاد کر کے جنگ کے لیے آیا ہوا تھا۔

[۶] یعنی اپنے گھر چلا گیا۔

[۷] اندرونی اور بیرونی دروازوں کے درمیان۔

[۸] کہ یہ باہر آکر کیوں کھڑی ہے؟

[۹] جیسے دھاگہ موتی میں پرو دیا جاتا ہے۔

[۱۰] صراح میں ہے رکز ابتدا میں راراور آخر میں زاء، زمین میں نیزے کا گاڑ دینا۔

[۱۱] یعنی دونوں ایک ساتھ موت کی آغوش میں پہنچ گئے، یہاں تک کہ پتا نہ چلا کہ پہلے کس کی موت واقع ہوئی ہے؟

[۱۲] محدثین فرماتے ہیں کہ صحابۂ کرام کی یہ عادت نہ تھی کہ اس طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی چیز طلب کریں، یوں معلوم ہوتا ہے کہ ان کا خیال یہ تھا کہ اس جوان کی موت حقیقی نہیں ہے، بلکہ سانپ کے زہر کے اثر سے طاری ہونے والی بے ہوشی ہے، اس سے قطع نظر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات، خرق عادت کی تمام قسموں کو شامل ہیں۔

اَحْيِيْ اسْمَهٗ حِيْنَ يُدْعٰى دَارِسَ الرِّمَمِ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

واپ کا مقام اس قدر بلند تھا کہ لائق تھا کہ آپ کا نام لینے سے بوسیدہ ہڈیاں زندہ ہو جائیں۔

۱۳ یعنی زندہ کیے جانے کی دعا کا مطالبہ کیا کرتے ہو؟ ان کی بخشش کی دعا مانگو کیونکہ ان کے لیے فائدہ مند یہ ہے کہ ان کی مغفرت کی دعا کی جائے نہ کہ زندہ کیے جانے کی دعا کیونکہ وہ اپنے سفر پر روانہ ہو چکے ہیں۔

۱۴ یعنی بھی اور کافر بھی۔

۱۵ تین بار یا تین دن۔ ——— جیسے دوسری روایت میں آیا ہے کہ انہیں باہر نکالو اور ان کے مارنے میں جلدی نہ کرو اور کہو کہ ہمارے اس پاس نہ پھرو، باہر آؤ اور تکلیف نہ دو۔ ہم نے تمہیں خبردار کر دیا ہے، اگر اس کے بعد باہر آؤ گے اور تکلیف دو گے تو ہم تمہیں مار ڈالیں گے، آگے تم جانو اور تمہارا کام، اگر چلا جائے تو بہتر اور اگر واپس آئے تو مار ڈالو جیسے اس کے بعد فرمایا۔

۱۶ اس کا تعلق کافر جنوں کے ساتھ ہے۔

۱۷ اس صحابی کی قوم۔

۱۸ بعض نسخوں میں منہم اور بعض میں منکا ہے۔

۱۹ یعنی کافر ہے۔

۳۹۳۹/۱۶ وَعَنْ اُمِّ شَرِيْكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ وَ قَالَ كَانَ يَنْفُخُ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ام شریک رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گرگٹ کے قتل کرنے کا حکم دیا اور فرمایا: وہ ابراہیم علیہ السلام پر پھونکیں مارتا تھا۔ (صحیحین)

۱ ام شریک شین پر زبر، راء کے نیچے زیر، ایک صحابیہ انصاریہ ہیں اور دوسری بنو لؤی بن غالب سے قریشیہ عامریہ ہیں وہ بھی صحابیہ ہیں۔ اس لیے یہ معلوم کرنے کی حاجت نہیں ہے کہ اس جگہ کونسی خاتون مراد ہیں؟

۲ وزغ پہلے واؤ پھر نقطے والی زاء دونوں پر زبر، ایک جانور ہے فارسی میں سام ابرص (گرگٹ) کہتے ہیں۔ بعض علماء کہتے ہیں کہ سام ابرص بڑے گرگٹ کو کہتے ہیں، وزغ دوسرا حرف ساکن۔ اس کا معنی رعشہ ہے، اس جانور کا نام وزغ اس لیے رکھا گیا کہ یہ ہلکا پھلکا ہوتا ہے۔ اور تیزی سے حرکت کرتا ہے۔ علامہ کرمانی نے فرمایا کہ چار پاؤں والا جانور ہے جو گھاس کی جڑوں میں دوڑتا رہتا ہے۔

۳ جب انہیں نمرود نے آگ میں ڈالا تھا، دوسری حدیث میں ہے کہ اگر بہتیہ الفاظ... س کو آگ لگ جائے تو یہ اس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

میں پھونکیں مارے گا۔ آدمیوں کے کھانے اور پانی میں اس کی وجہ سے بڑی خرابی پیدا ہوتی ہے، تجربہ سے یہ حقیقت معلوم ہو چکی ہے۔

۳۹۴۰ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْوَزَغِ وَ سَمَّاهُ فُوَيْسِقًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گرگٹ کے قتل کرنے کا حکم دیا اور اس کا نام چھوٹا فاسق[۱] رکھا۔ (مسلم)

۱ فُوَیسِق تصغیر ہے فاسق کی مطلب یہ ہے کہ وہ ان پانچ فاسق جانوروں کی نظیر ہے جنہیں حرم کے اندر اور باہر قتل کیا جاتا ہے، لغت میں فسق کا معنی نکلنا ہے، شریعت میں اس سے مراد اطاعت اور راہ حق سے نکلنا ہے۔

۳۹۴۱ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ وَزَغًا فِيْ اَوَّلِ ضَرْبَةٍ كُتِبَتْ لَهٗ مِائَةُ حَسَنَةٍ وَّ فِي الثَّانِيَةِ دُوْنَ ذٰلِكَ وَفِي الثَّالِثَةِ دُوْنَ ذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے گرگٹ کو پہلی ضرب سے مار دیا اس کے لیے سو نیکیاں لکھی جاتی ہیں، دوسری ضرب سے مارا تو اس سے کم اور تیسری ضرب سے اس سے کم۔ (مسلم)

۳۹۴۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَصَتْ نَمْلَةٌ نَبِيًّا مِّنَ الْاَنْبِيَآءِ فَاَمَرَ بِقَرْيَةِ النَّمْلِ فَاُحْرِقَتْ فَاَوْحَى اللّٰهُ تَعَالٰى اِلَيْهِ اَنْ

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک چیونٹی نے اللہ تعالیٰ کے ایک نبی کو کاٹ لیا۔ انہوں نے حکم دیا کہ چیونٹیوں کی بستی جلا دی جائے۔ اللہ تعالیٰ نے ان پر وحی نازل کی کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَرَصَتْكَ نَمْلَةٌ اَحْرَقْتَ اُمَّةً مِّنَ الْاُمَمِ تُسَبِّحُ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ایک چیونٹی کے کاٹنے پر تم نے تسبیح کرنے والی ایک امت کو جلا دیا۔ (صحیحین)

لہ قرص پہلے قاف اور آخر میں بے نقطہ صاد، کیڑے مکوڑے کا کاٹ لینا۔

ﷺ مرقاۃ میں امر صیغہ معروف قرار دیا گیا ہے جب کہ حضرت شیخ محقق نے اس جگہ صیغہ مجہول کا ترجمہ کیا ہے چنانچہ فرماتے ہیں) ۱۲ قادری) حکم کیا گیا کہ چیونٹیوں کی بستی جلا دی جائے، ظاہر یہ ہے کہ یہ جلانا اس پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی بنا پر تھا، لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صراحۃً اس فعل کی نسبت ان کی طرف کرنے سے اجتناب کیا اور یہ نہیں فرمایا کہ انہوں نے حکم دیا۔ ظاہر یہ ہے کہ ان کے بعض اصحاب نے یہ حکم دیا ہوگا جس میں نبی علیہ السلام کی اجازت اور رضا شامل رہی ہوگی اسی لیے فرمایا: اَحْرَقْتَ (تم نے جلادی) چیونٹیوں کی بستی سے مراد وہ جگہ ہے جہاں چیونٹیاں رہتی تھیں۔

ﷺ ازراہ عتاب

ﷺ اللہ تعالیٰ کی تسبیح کرنے والی ——— یہ عتاب ہے اللہ تعالیٰ کی طرف سے اس پیغمبر علیہ السلام پر کہتے ہیں کہ یہ محمول ہے اس پر کہ اس پیغمبر علیہ السلام کی شریعت میں چیونٹیوں کا مارنا اور جلانا جائز تھا، عتاب اس لیے ہوا کہ انہوں نے ایک سے زیادہ چیونٹیوں کو جلا دیا، ہماری شریعت میں جانور کو جلانا جائز نہیں ہے، جوں وغیرہ جانداروں کا بھی یہی حکم ہے۔ مطالب المومنین میں چیونٹی کے مارنے کے بارے میں محمد بن مسلم کا قول ہے کہ اگر تمہیں ایذا رسانی کرے تو اسے مار دو ورنہ نہ مارو، فقیہ ابو اللیث نے فرمایا یہی ہمارے نزدیک مختار ہے اور ہم یہی فتویٰ دیتے ہیں۔ چیونٹی کو پانی میں ڈالنا مکروہ ہے، ایک چیونٹی کی وجہ سے ان کے گھر نہ جلائے جائیں، اسی طرح جامع الفقہ میں ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۳۹۴۳ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ[۲] رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَقَعَتِ الْفَارَةُ فِي السَّمْنِ فَاِنْ كَانَ جَامِدًا فَاَلْقُوْهَا وَمَا حَوْلَهَا وَاِنْ كَانَ مَائِعًا فَلَا تَقْرَبُوْهُ۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب گھی میں چوہیا گر جائے تو اگر وہ منجمد ہے تو اس چوہیا اور اس پاس کے گھی کو پھینک دو اور اگر رقیق ہو تو اس کے قریب نہ جاؤ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوُدَ) (امام احمد، ابوداؤد)

وَرَوَاهُ الدَّارِمِيُّ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ) امام دارمی نے یہ حدیث ابن عباس سے روایت کی۔

لہ یعنی اسے نہ کھاؤ، چراغ میں اس کے جلانے میں اختلاف ہے، جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا، فَلَا تَقْرَبُوْهُ کے ظاہر الفاظ میں مبالغہ ہے کہ کسی طرح اس کے قریب نہ جاؤ، نہ اسے خرید و اور نہ ہی اسے بیچو اور نہ ہی اسے چراغ میں جلاؤ وغیرہ ذلک[۲۰]، لیکن اس میں علماء کا اختلاف ہے۔

۳۹۴۴ وَعَنْ سَفِيْنَةَ قَالَ أَكَلْتُ[۲۱] مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَحْمَ حُبَارَى.

حضرت سفینہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ کونج[لہ] کا گوشت کھایا۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ) (ابوداؤد)

لہ حبارٰی بے نقطہ حا پر پیش، بار مخفف، مشہور پرندے کا نام[۲]۔

۳۹۴۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى[۲۲] رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ أَكْلِ الْجَلَّالَةِ وَأَلْبَانِهَا.

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نجاست کھانے والے جانور[لہ] اور ان کے دودھوں سے منع فرمایا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَفِيْ رِوَايَةٍ (ترمذی) ابوداؤد کی روایت میں ہے

لہ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ فرماتے ہیں. گھی ناپاک ہوگیا بے پاک کیے اس کا کھانا حرام ہے، پاک کرنے کے تین طریقے ہیں ایک یہ کہ اتنا ہی پانی اس میں ملا کر جنبش دیتے رہیں یہاں تک کہ سب گھی اوپر آجائے اسے اتار لیں اور دوسرا پانی اسی قدر ملا کر یونہی کریں، پھر اتار کر تیسرے پانی سے اسی طرح دھوئیں، اور اگر گھی سرد ہو کر جم گیا ہو تو تینوں بار اس کے برابر پانی ملا کر جوش دیں یہاں تک کہ گھی اوپر آجائے اتار لیں اقول، جوش دینے کی پہلی ہی بار حاجت ہے پھر تو گھی رقیق ہو جائیگا اور پانی ملا کر جنبش دینا کفایت کرے گا. باقی دو طریقے فتاوٰی رضویہ (طبع میرٹھ) جلد ۲ ص ۱۱۸ میں ملاحظہ ہوں۔

۲ لہ غیاث اللغات میں ہے کہ ایک پرندہ ہے. مرغابی کے برابر. اس کا رنگ زرد اور سیاہ ہوتا ہے. فارسی میں اسے چرز کہتے ہیں، مرآۃ میں اس کا معنیٰ بٹیر لکھا ہے جو تسامح معلوم ہوتا ہے۔ ۱۲ قادری

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أَبِيْ دَاوُدَ وَقَالَ نَهَى عَنْ رُكُوْبِ الْجَلَّالَةِ) کہ نجاست کھانے والے جانور کی سواری سے منع فرمایا[۲]

[۱] جلّالہ جیم پر زبر اور لام مشدد ——— اصل میں اس گائے کا نام ہے جو نجاستیں کھاتی ہو، صراح میں ہے جلّالہ پلیدی کھانے والی مادہ گائے، اس جگہ پلیدی کھانے والا جانور مراد ہے۔ جانور اگر کبھی کبھار گندگی کھاتا ہو تو حرج نہیں ہے اور اگر اکثر طور پر اس کی خوراک ہو یہاں تک کہ اس کے گوشت اور دودھ میں بدبو آتی ہو تو اس کا کھانا جائز نہ ہوگا اور اگر اس کا اثر ظاہر نہ ہو تو بھی حرج نہیں ہے۔ بہتر یہ ہے کہ اسے کچھ وقت بند کر دیا جائے تاکہ اس کا گوشت اور دودھ صاف ہو جائے اس کے بعد اس کا دودھ پیا جائے اور اسے ذبح کیا جائے۔ یہ امام ابو حنیفہ، امام شافعی اور امام احمد کا قول ہے امام مالک کے نزدیک اس کے بعد گوشت کو خوب اچھی طرح دھویا جائے، فقہ کی بعض کتابوں میں منقول ہے کہ اس کا کھانا حلال نہیں ہے۔ یہاں تک کہ مرغی کو تین دن اور گائے کو دس دن باندھ کر رکھیں، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ وہ مرغی کو تین روز بند کر کے رکھتے تھے[۱]

[۲] کیونکہ اس کے گوشت سے پیدا ہونے والا پسینہ بھی گندہ اور پلید ہوگا۔

۳۹۴۶ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ شِبْلٍ[۲۳] أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ أَكْلِ لَحْمِ الضَّبِّ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبد الرحمٰن بن شبل[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گوہ کے گوشت کے کھانے سے منع فرمایا[۲] (ترمذی)

[۱] عبد الرحمٰن بن شبل لفظے والے شین کے نیچے زیر، باء ساکن، نقیبہ انصاری صحابی ہیں، اہل مدینہ میں شمار کیے جاتے ہیں۔

[۲] یہ حدیث امام ابو حنیفہ کی دلیل ہے اور ہو سکتا ہے کہ یہ نہی سابقہ اباحت کی ناسخ ہو۔

۳۹۴۷ وَعَنْ جَابِرٍ[۲۴] أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ أَكْلِ الْهِرَّةِ وَ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بلی کے کھانے اور اس کی قیمت کھانے

---

[۱] کہتے ہیں کہ پولٹری فارم کی مرغی کی خوراک میں ذبح کے وقت نکلنے والا خون بھی شامل ہوتا ہے اور وہ ناپاک ہے تو اس مرغی کا بھی یہی حکم ہوگا۔ ۱۲ قادری۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أَكْلِ ثَمَنِهَا . سے منع فرمایا۔[1]

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ) (ابوداؤد، ترمذی)

[1] یعنی اسے بیچ کر اس کی قیمت کھانے سے منع فرمایا، بلی کا کھانا اتفاقی حرام ہے تاہم اسے فروخت کرنے اور اس کی قیمت کھانے کے جائز ہونے میں اختلاف ہے جیسے کہ کتاب البیع میں بیان ہوا۔

۳۹۴۸/۲۵ وَعَنْهُ قَالَ حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْنِيْ يَوْمَ خَيْبَرَ الْحُمُرَ الْإِنْسِيَّةَ وَلُحُوْمَ الْبِغَالِ وَكُلَّ ذِيْ نَابٍ مِّنَ السِّبَاعِ وَكُلَّ ذِيْ مِخْلَبٍ مِّنَ الطَّيْرِ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خیبر کے دن پالتو گدھوں[1]، خچروں کے گوشتوں ہر کیلوں والے درندے اور ہر پنجے والے پرندے سے منع فرمایا۔ (ترمذی) انہوں نے فرمایا یہ حدیث غریب ہے۔

[1] حُمُرٌ پہلے دونوں حرفوں پر پیش جمع ہے حمار کی اور اس کی جمع حُمْرٌ میم ساکن کے ساتھ ہے۔ انسیۃ ہمزہ کے نیچے زیر منسوب ہے اِنس یعنی انسان کی طرف، ہمزہ پر پیش بھی پڑھتے ہیں، وحشت کی ضد اُنس کی طرف نسبت ہے۔ پہلے دونوں حرفوں پر زبر بھی آئی ہے اور یہ بھی انسان کے معنی میں ہے۔ اس کا مطلب پہلی فصل میں گزر گیا، دونوں جگہ لفظ کل نصب اور جر کے ساتھ مروی ہے۔

۳۹۴۹/۲۶ وَعَنْ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ أَكْلِ لُحُوْمِ الْخَيْلِ وَالْبِغَالِ وَالْحَمِيْرِ. (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے گھوڑوں اور گدھوں کے گوشتوں سے منع فرمایا[1] (ابوداؤد، نسائی)

[1] اس سے پہلے بیان کیا جا چکا ہے کہ یہ حدیث ضعیف ہے اور اس حدیث کے معارض نہیں ہو سکتی جو حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے، جواز پر دلالت کرتی ہے اور اس سے پہلے گزر چکی ہے۔ البتہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

گدھوں اور خچروں کے کھانے سے ممانعت اتفاقی ہے اور اس کے معارض کوئی روایت نہیں ہے۔

۳۹۵۰ / ۲۷ وَعَنْهُ قَالَ غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ فَأَتَتِ الْيَهُودُ فَشَكَوْا أَنَّ النَّاسَ قَدْ أَسْرَعُوا إِلَى حَظَائِرِهِمْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَلَا لَا يَحِلُّ أَمْوَالُ الْمُعَاهِدِينَ إِلَّا بِحَقِّهَا۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

ان ہی سے روایت ہے کہ میں نے خیبر کے دن نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی معیت میں جہاد کیا، یہودیوں نے آکر شکایت کی کہ لوگوں نے ان کی سرسبز کھجوروں کی طرف[1] جلدی کی ہے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خبردار! معاہدہ کرنے والوں[2] کے اموال حلال نہیں ہیں۔ مگر ان کے حقوق میں[3]۔ (ابوداؤد)

[1] یعنی ایسے درختوں کی طرف جلدی کی ہے جن کی کھجوریں بحالت سبزی گررہی ہیں۔ خضائر خا اور ضاد دونوں پر نقطہ خضرۃ کی جمع، وہ کھجوریں جن کا گچھا سبزی کی حالت میں گر جاتے (جن کے پھل پکے اور ہرے ہوں)

[2] یعنی ان لوگوں کے اموال جن کے ساتھ معاہدہ کیا جا چکا ہے۔ مراد ذمی ہیں۔

[3] یعنی اموال کے حقوق میں، معاہد اگر ذمی ہے تو اس کے مال کا حق جزیہ ہے اور اگر مستامن ہے تو تجارت کا ٹیکس۔

۳۹۵۱ / ۲۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُحِلَّتْ لَنَا مَيْتَتَانِ وَدَمَانِ الْمَيْتَتَانِ الْحُوتُ وَالْجَرَادُ وَالدَّمَانِ الْكَبِدُ وَالطِّحَالُ۔ رَوَاهُ أَحْمَدُ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارَقُطْنِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہمارے لیے دو مردے[1] اور دو خون حلال کیے گئے ہیں۔ دو مردے مچھلی اور ٹڈی ہیں اور دو خون کلیجی اور تلی ہیں[2]۔ (امام احمد، ابن ماجہ دارقطنی)

[1] جو ذبح کے بغیر مر گئے ہوں۔

[2] یہ دونوں خون کے مشابہ ہیں اور منجمد خون کے ہم رنگ ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۹۵۲/۲۹ وَعَنْ اَبِی الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَلْقَاہُ الْبَحْرُ اَوْ جَزَرَ عَنْہُ الْمَاءُ فَکُلُوْا وَ مَا مَاتَ فِیْہِ وَ طَفَا فَلَا تَاْکُلُوْہُ۔

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاؤدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

وَ قَالَ مُحْیُ السُّنَّۃِ الْاَکْثَرُوْنَ عَلٰی اَنَّہٗ مَوْقُوْفٌ عَلٰی جَابِرٍ۔

ابوالزبیر[۱] حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس چیز کو سمندر پھینک دے یا اس سے اپنا پانی سمیٹ[۲] لے تو اسے کھاؤ اور جو اس میں مر جائے اور تیرنے لگے اسے نہ کھاؤ[۳]۔

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

محی السنۃ نے فرمایا اکثر محدثین کے نزدیک یہ حدیث حضرت جابر پر موقوف[۴] ہے۔

[۱] ابوالزبیر زاء پر پیش، باء پر زبر، ان کا نام محمد بن مسلم ہے، حضرت حکیم بن حزام کے آزاد کردہ غلام، تابعی، ثقہ، حافظ اور وسیع علم رکھنے والے ہیں، ابوحاتم نے کہا کہ ان سے استدلال نہیں کیا جاتا، حضرت عائشہ، ابن عمر اور جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کرتے ہیں، ان سے امام شعبہ اور امام مالک اور سفیان ثوری روایت کرتے ہیں ۱۲۸ھ میں وصال ہوا۔

[۲] قاموس میں ہے جزر مد کی ضد ہے اس کا معنیٰ ہے پانی کا کم ہوجانا۔

[۳] یہ حدیث طافی (وہ مچھلی جو مر کر پانی پر تیرنے لگے) کے حرام قرار دینے کے سلسلے میں امام اعظم کی دلیل ہے اسی طرح صحابہ کرام کی ایک جماعت سے منقول ہے، ہدایہ میں ہے کہ امام مالک اور شافعی فرماتے ہیں کہ اس کے کھانے میں حرج نہیں ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مطلقاً فرمایا ہے اُحِلَّتْ لَکُمُ الْمَیْتَتَانِ دو مردہ جانور تمہارے لیے حلال کیے گئے ہیں، لہٰذا دریا کا مردہ جانور حلال ہے، ہم کہتے ہیں کہ دریا کا مردہ، وہ جانور ہے جسے دریا باہر پھینک دے، یا اس کی موت کی نسبت دریا کی طرف ہو، وہ جانور مراد نہیں ہے جو بغیر کسی آفت کے خود بخود مر گیا ہو امام احمد کے نزدیک بھی طافی حلال ہے اسے کھایا جائے گا اور جس مچھلی سے پانی سمٹ گیا ہو وہ بہت عمدہ ہے، بعض حنابلہ نے طافی کو مکروہ قرار دیا ہے۔

[۴] یعنی یہ حضرت جابر کا قول اور ان کا مذہب ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان نہیں ہے، اسی لیے امام شافعی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس کی مخالفت کی ہے۔ امام شافعی اجتہادی مسائل میں اقوال صحابہ کی مخالفت کر لیتے تھے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور کہتے تھے وہ بھی مرد ہیں اور ہم بھی مرد ہیں، امام ابو حنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابہ کرام کی تقلید کو واجب مانتے تھے۔

۳۹۵۳ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَرَادِ فَقَالَ اَكْثَرُ جُنُوْدِ اللهِ لَا اٰكُلُهُ وَلَا اُحَرِّمُهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ مُحْيِ السُّنَّةِ ضَعِيْفٌ)

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ٹڈی[۱] کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: یہ اللہ تعالیٰ کا بڑا لشکر ہے[۲]۔ ہم نہ تو اسے کھاتے ہیں اور نہ ہی حرام کرتے ہیں۔

(ابوداؤد) محی السنہ نے فرمایا یہ حدیث ضعیف ہے۔

۱؎ اور اس کے حکم

۲؎ یعنی یہ ایک لشکر ہے جسے اللہ تعالیٰ ان بعض شہروں پر بھیجتا ہے جن سے ناراض ہوتا ہے۔

۳۹۵۴ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ سَبِّ الدِّيْكِ وَقَالَ اِنَّهٗ يُؤَذِّنُ لِلصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت زید بن[۱] خالد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مرغ کو گالی دینے سے منع کیا[۲]۔ اور فرمایا کہ وہ نماز کے لیے اطلاع دیتا ہے[۳]۔

(شرح السنہ)

۱؎ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ مشہور صحابی ہیں۔

۲؎ کیونکہ بعض اوقات اس کی آواز اچھی نہیں لگتی تو لوگ اسے گالی دیتے ہیں اور بھگا دیتے ہیں۔

۳؎ اس نماز سے تہجد مراد ہے، حدیث میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم رات کی نماز کے لیے اس وقت اٹھتے تھے جب کہ آواز دینے والا یعنی مرغ آواز دیتا تھا۔ یہ بھی احتمال ہے کہ صبح کی نماز مراد ہو کیونکہ مرغ اپنی آواز کے ساتھ اطلاع دیتا ہے کہ صبح کی نماز کا وقت قریب آچکا ہے اور تاکید و تنبیہ کے لیے بار بار اذان دیتا ہے، دیک دال کے نیچے زیر اور یا ساکن یہ واحد ہے اور اس کی جمع دِیَکَۃ دال کے نیچے زیر یا پر زبر

۳۹۵۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَسُبُّوا الدِّيْكَ فَاِنَّهٗ

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مرغ کو گالی نہ دو کیونکہ وہ نماز کے لیے بیدار

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يُوقِظُ لِلصَّلٰوةِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

کرتا ہے۔

(ابوداؤد)

۲۹۵۶ / ۳۳ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ لَیْلٰی قَالَ قَالَ اَبُوْ لَیْلٰی قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ظَهَرَتِ الْحَيَّةُ فِی الْمَسْكَنِ فَقُوْلُوْا لَهَا اِنَّا نَسْئَلُكِ بِعَهْدِ نُوْحٍ وَّ بِعَهْدِ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ اَنْ لَّا تُؤْذِيْنَا فَاِنْ عَادَتْ فَاقْتُلُوْهَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ[1] سے روایت ہے کہ ابولیلیٰ نے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب رہائش گاہ میں سانپ ظاہر ہو تو اسے کہو کہ ہم تم سے حضرت نوح علیہ السلام اور حضرت سلیمان بن داؤد علیہما السلام کے عہد[2] کی بنا پر سوال کرتے ہیں کہ تم ہمیں تکلیف نہ دو[3]۔ پس اگر پھر آئے تو اسے قتل کر دو۔

(ترمذی، ابوداؤد)

۱ عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ (عبدالرحمٰن کے والد) ان کی کنیت ابوعیسیٰ اور نام ابولیلیٰ ہے، ابولیلیٰ نام کے بہت لوگ ہیں، ان کے نام میں بہت اختلاف ہے، عبدالرحمٰن بن ابی لیلیٰ تابعی ہیں۔ ان کی ولادت اس وقت ہوئی جب کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے چھ سال باقی تھے، اپنے والد، حضرت علی بن ابی طالب، حضرت عثمان بن عفان، حضرت ابوالدرداء، حضرت ابوایوب انصاری، اور صحابہ کرام کی ایک جماعت رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کرتے ہیں، ان سے امام شعبی، ابن سیرین اور بہت سے دیگر حضرات روایت کرتے ہیں۔ کوفہ کے تابعین کے طبقہ اولیٰ میں ہیں، ان کے شاگرد ان کی بہت تعظیم کرتے تھے، ثقہ ہیں، وہ فرماتے تھے کہ میں نے ایک سو بیس صحابہ کو پایا۔ جو سب انصاری تھے۔ عبداللہ بن حارث کہتے ہیں کہ میرا گمان نہیں ہے کہ عورتوں نے ان جیسا کوئی دوسرا جنا ہوگا۔

۲ عہد کا معنیٰ ہے امان، قسم، معاہدہ اور نصیحت۔

۳ ان لا توذینا یا ساکن کے ساتھ صیغہ واحدہ مؤنثہ مخاطبہ، نون محذوف ہے۔

۲۹۵۷ / ۳۴ وَعَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَعْلَمُهٗ اِلَّا

حضرت عکرمہؒ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں، حضرت عکرمہ نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رَفَعَ الْحَدِيْثَ اَنَّهٗ كَانَ يَأْمُرُ بِقَتْلِ الْحَيَّاتِ وَ قَالَ مَنْ تَرَكَهُنَّ خَشْيَةَ ثَائِرٍ فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

کہا میں ابن عباس کو نہیں جانتا مگر یہ کہ انہوں نے یہ حدیث مرفوعاً روایت کی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سانپوں کے قتل کرنے کا حکم دیا کرتے تھے اور فرمایا جو انہیں انتقام لینے والے کے ڈر سے چھوڑ دے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (شرح السنۃ)

۱؎ عکرمہ عین کے پیچھے زیر، ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے آزاد کردہ غلام

۲؎ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف رفع کرتے ہوئے بیان کی، اپنی طرف سے یہ بات نہیں کہی۔

۳؎ یعنی اس خوف کی بنا پر نہ مارے کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ اس سانپ کا ساتھی کوئی دوسرا سانپ بوجہ مجد سے انتقام لے، کبھی اس طرح واقع بھی ہوتا ہے کہ ایک آدمی سانپ کو مار دیتا ہے، دوسرا سانپ آکر اسے کاٹتا ہے اور اس سے بدلہ لیتا ہے، اگر مرنے والا نر ہو تو اس کی مادہ آتی ہے اور اگر مادہ ہو تو نر آتا ہے، اس لیے فرمایا کہ جو شخص اس خوف کی بنا پر سانپ کو نہ مارے۔

۴؎ اور ہمارے طریقہ پر نہیں ہے کیونکہ اس نے موذی کو نہیں مارا اور اللہ تعالیٰ کی قضاء و قدر پر توکل نہیں کیا۔

ثائر تین نقطوں والی ثاء اور ہمزہ، خون، طلب خون اور کینہ۔

۳۹۵۸/۳۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا سَالَمْنَاهُمْ مُنْذُ حَارَبْنَاهُمْ وَ مَنْ تَرَكَ شَيْئًا مِّنْهُمْ خِيْفَةً فَلَيْسَ مِنَّا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ہم نے جب سے جنگ شروع کی ہے سانپوں سے صلح نہیں کی۱؎ اور جس نے ان میں سے کسی چیز کو خوف کی بنا پر چھوڑا وہ ہم میں سے نہیں ہے۔ (ابوداؤد)

۱؎ امام ابوداؤد کی ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کردہ ایک دوسری حدیث میں سانپوں کا صراحۃً ذکر آیا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ انسان اور سانپ کے درمیان طبعی اور فطری طور پر دشمنی ہے۔ ان میں سے ہر ایک دوسرے کو ہلاک کر دیتا ہے، یا حضرت آدم علیہ السلام کے زمانے سے جنگ شروع ہونا مراد ہے اسی طرح طیبی نے نقل کیا، ظاہر مراد یہ ہے کہ ابلیس سانپ کے جسم میں جنت میں آیا اور اس نے وسوسہ ڈالا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳۹۵۹/۳۶ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُقْتُلُوا الْحَيَّاتِ كُلَّهُنَّ فَمَنْ خَافَ ثَارَهُنَّ فَلَيْسَ مِنِّيْ.
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام سانپوں کو قتل کر ڈالو، جو شخص ان کے انتقام سے ڈرا وہ مجھ سے نہیں ہے۔
(ابوداؤد، نسائی)

لہ اس حدیث کے ظاہر سے سانپوں کی تمام قسموں کے قتل کرنے کا حکم معلوم ہوتا ہے، ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ اس عموم سے گھروں میں رہنے والوں کا استثناء کیا جائے، یا تنگی کرنے اور تنبیہ کے بعد قتل کرنا مراد ہے جیسے کہ حضرت ابوالسائب کی حدیث میں گزرا۔

۳۹۶۰/۳۷ وَعَنِ الْعَبَّاسِ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نُرِيْدُ اَنْ نَكْنُسَ زَمْزَمَ فَاِنَّ فِيْهَا مِنْ هٰذِهِ الْجِنَّانِ يَعْنِي الْحَيَّاتِ الصِّغَارَ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَتْلِهِنَّ.
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم چاہ زمزم کی صفائی کرنا چاہتے ہیں[1] کیونکہ اس میں یہ سانپ[2] یعنی چھوٹے سانپ موجود ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے قتل کا حکم دیا۔
(ابوداؤد)

لہ اسے خس وخاشاک اور گری ہوئی چیزوں سے پاک کرنا چاہتے ہیں، چنانچہ ایک دفعہ حبشی اس میں گر گیا تھا، زمزم کا پانی پلانے کا عظیم عہدہ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو حاصل تھا۔
۲ لہ جنان جیم کے نیچے زیر، نون مشدد، جانّ کی جمع ہے جیسے حیطان جمع ہے حائطٌ کی۔ راوی نے اس کی تفسیر چھوٹے سانپوں سے کی ہے۔

۳۹۶۱/۳۸ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُقْتُلُوا الْحَيَّاتِ كُلَّهَا اِلَّا الْجَانَّ الْاَبْيَضَ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تمام سانپوں کو قتل کرو سوائے ان چھوٹے سفید سانپوں کے جو چاندی کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الَّذِیْ كَاَنَّهٗ قَضِیْبُ فِضَّةٍ۔ شاخ کی مانند ہوں۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ) (ابوداؤد)

سلہ قضیب قاف پر زبر، نقطے والے کے ضاد کے نیچے زیر وہ شاخ جو تیر بنانے کے لیے کاٹی جائے، محدثین فرماتے ہیں کہ غالباً اس قسم کے مارنے سے اس لیے منع فرمایا کہ یہ بے ضرر ہوتے ہیں اور ان میں زہر نہیں ہوتا۔ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ یہ جنوں کی مسخ شدہ شکل ہے جیسے کہ بنی اسرائیل بندروں کی صورت میں مسخ ہوئے واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۹۶۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وَقَعَ الذُّبَابُ فِیْ اِنَاءِ اَحَدِكُمْ فَامْقُلُوْهُ فَاِنَّ فِیْ اَحَدِ جَنَاحَیْهِ دَاءً وَّفِی الْاٰخَرِ شِفَاءً فَاِنَّهٗ یَتَّقِیْ بِجَنَاحِهِ الَّذِیْ فِیْهِ الدَّاءُ فَلْیَغْمِسْهُ كُلَّهٗ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کے برتن میں مکھی گر جائے تو اسے غوطہ دو[1]، کیونکہ اس کے ایک پر میں بیماری اور دوسرے پر میں شفاء ہے، وہ بیماری والے پر کو پہلے ڈبو کر اپنے آپ کو بچاتی ہے[2] لہٰذا چاہیے کہ وہ اسے پوری کو ڈبو دے[3]۔

(ابوداؤد)

سلہ پانی میں یا اس چیز میں جو برتن میں ہو، مقل قاف کے ساتھ، پانی وغیرہ میں کسی چیز کو ڈبونا۔
سلہ تاکہ طعام یا پانی کی گرمی اسی پر کو لاحق ہو ——— بعض شارحین نے کہا اس جگہ یتقی از قبیل اتقا بحق فلاں ہے جس کا معنیٰ ہوتا ہے فلاں شخص کا اس حق کے ساتھ استقبال کرنا اور اس کا حق اسے پیش کر دینا (یہ توجیہیں اس لیے کی ہیں کہ بظاہر یہ مطلب معلوم ہوتا ہے کہ مکھی اپنے بیماری والے پر کو بچا کر رکھتی ہے حالانکہ ایسا نہیں ہوتا ورنہ اسے غوطہ دینے کی کیا ضرورت رہے گی؟ ۱۲ قادری۔
سلہ غمس کا معنیٰ ہے کسی چیز کو پانی میں ڈبو دینا۔

۳۹۶۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ نِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب کھانے میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَقَعَ الذُّبَابُ فِي الطَّعَامِ فَامْقُلُوْهُ فَاِنَّ فِي اَحَدِ جَنَاحَيْهِ سَمًّا وَّ فِي الْاٰخَرِ شِفَاءً وَ اِنَّهٗ يُقَدِّمُ السَّمَّ وَ يُؤَخِّرُ الشِّفَاءَ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

مکھی گر جائے تو اسے غوطہ دو کیونکہ اس کے ایک پر میں زہر ہے اور دوسرے میں شفاء ہے اور وہ زہر والے پر کو پہلے ڈبوتی ہے اور شفا والے پر کو اٹھا رکھتی ہے۔ (شرح السنۃ)

لہ سَمّ سین پر تینوں حرکتیں پڑھ سکتے ہیں، زہر

۳۹۶۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ اَرْبَعٍ مِّنَ الدَّوَابِّ النَّمْلَةِ وَالنَّحْلَةِ وَالْهُدْهُدِ وَالصُّرَدِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار جانوروں[1] کے قتل کرنے سے منع فرمایا۔ (۱) چیونٹی[2] (۲) شہد کی مکھی[3] (۳) ہدہد[4] (۴) ممولا[5]۔ (ابوداؤد، دارمی)

لہ دابہ لغت میں زمین پر چلنے والے اور آہستہ آہستہ جانے کو کہتے ہیں۔

۲ہ چیونٹی قبل اس کے کہ کاٹے اور تکلیف دے، بعض شارحین نے فرمایا جس چیونٹی کے مارنے سے ممانعت واقع ہوئی ہے اس سے بڑی چیونٹی مراد ہے۔ جس کی ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں کہ اس کے کاٹنے کا ضرر کم ہوتا ہے۔

۳ہ کیونکہ اس سے شہد اور موم کا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔

۴ہ اس کے قتل سے منع کرنے کی وجہ یہ ہے کہ اس کا کھانا حرام ہے اور اگر کھانے کے لیے نہ ہو تو جانور کا قتل کرنا منع ہے، اسی طرح کہا گیا ہے۔

۵ہ صرد صاد پر پیش، را پر زبر بڑے سر والا پرندہ جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے یا وہ پرندہ جس نے اللہ تعالیٰ کے لیے روزہ رکھا ہوا ہو (عجیب ۱۲ ق)

اسی طرح قاموس میں ہے۔ نہایہ میں ہے۔ ایک پرندہ جس کا سر بڑا اور چونچ بڑی ہوتی ہے، اس کے پر بھی بڑے ہوتے ہیں۔ اس کا آدھا حصہ سفید اور آدھا سیاہ ہوتا ہے، عرب اس کی ذات اور آواز کو منحوس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

خیال کرتے ہیں، اس کے قتل کی ممانعت کی وجہ یہی بیان کی گئی ہے کہ اس کا کھانا حرام ہے لہٰذا اس کا قتل کرنا ممنوع ہوگا۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۳۹۶۵ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَاْكُلُوْنَ اَشْيَآءَ وَ يَتْرُكُوْنَ اَشْيَآءَ تَقَذُّرًا فَبَعَثَ اللهُ نَبِيَّهٗ وَ اَنْزَلَ كِتَابَهٗ وَ اَحَلَّ حَلَالَهٗ وَ حَرَّمَ حَرَامَهٗ فَمَا اَحَلَّ فَهُوَ حَلَالٌ وَ مَا حَرَّمَ فَهُوَ حَرَامٌ وَ مَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ عَفْوٌ وَّ تَلَا قُلْ لَّآ اَجِدُ فِيْمَا اُوْحِيَ اِلَيَّ مُحَرَّمًا عَلٰى طَاعِمٍ يَّطْعَمُهٗ اِلَّآ اَنْ يَّكُوْنَ مَيْتَةً اَوْ دَمًا مَّسْفُوْحًا الْاٰيَةَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

تیسری فصل

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ دور جاہلیت کے لوگ کچھ چیزیں کھاتے تھے اور کچھ چیزوں کو پلید جانتے ہوئے[۱] چھوڑ دیتے تھے۔ تو اللہ تعالیٰ نے اپنا نبی بھیجا، اپنی کتاب اتاری، اپنے حلال کو حلال کیا اور اپنے حرام کو حرام کیا[۲]۔ تو جو اس نے حلال کیا وہ حلال ہے اور جو حرام کیا وہ حرام ہے اور جس سے سکوت فرمایا[۳] وہ معاف ہے اور ابن عباس نے یہ آیت پڑھی: اے حبیب تم فرما دو کہ جو کتاب مجھ پر وحی کی گئی ہے میں اس میں کوئی چیز حرام نہیں پاتا کسی کھانے والے پر مگر یہ کہ مردار ہو یا بہنے والا خون (الآیۃ)[۴]

(ابوداؤد)

۱ تقذر پہلے قاف پھر نقطے والا ذال مفتوح، پلیدی، ذال کے نیچے زیر ہو تو اس کا معنی پلید ہے۔

۲ یعنی بیان فرمایا کہ یہ چیز حلال ہے اور یہ حرام۔

۳ یعنی بیان نہیں کیا کہ حلال ہے یا حرام تو وہ چیز معاف ہے کہ اللہ تعالیٰ اس سے درگزر فرماتا ہے۔ اور بندے کو اس پر پکڑتا نہیں ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اشیاء میں اصل مباح ہونا ہے[۱]۔

---

۱ اہل سنت و جماعت محفل میلاد منعقد کرتے ہیں، اذان سے پہلے یا بعد درود شریف پڑھتے ہیں، ایصال ثواب کے لیے محافل منعقد کرتے ہیں تو دیوبندی، وہابی اور جماعت اسلامی سے متعلق لوگ ان معمولات کا انکار کرتے ہیں اور ان کے (بقیہ صفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۴ آخر آیت تک جو اس طرح ہے اَوْ لَحْمَ خِنْزِيْرٍ یا سور کا گوشت فَإِنَّهُ رِجْسٌ کیونکہ خنزیر کا گوشت پلید ہے، اَوْ فِسْقًا اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ یا فسق جس کے ساتھ غیر خدا کے لیے آواز بلند کی گئی ہو یعنی اللہ تعالیٰ کے نام سے ذبح نہ کیا گیا ہو۔[۱] اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ان ہی چیزوں کو حرام کیا گیا ہے۔ قرآن پاک کے علاوہ بعض چیزوں کی حرمت سنت سے ثابت ہے، جیسے کہ اس سے پہلے شرح میں بیان کیا جا چکا ہے، لیکن ابن عباس نے صرف قرآن پاک کی آیت پڑھی اور حدیث پیش نہیں کی کیونکہ حدیث سے منع کی جانے والی چیزیں بہت ہیں یا اس لیے کہ اس آیت کی تلاوت کرنے سے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا مقصد یہ بتانا تھا کہ حرمت صرف وحی سے ثابت ہوتی ہے، نفسانی خواہش کی بنا پر کسی چیز کو حرام نہیں کہہ سکتے، اور وحی کبھی جلی ہوتی ہے (جیسے قرآن پاک) اور کبھی خفی ہوتی ہے (جیسے حدیث شریف) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کبھی سنت سے بھی کتاب اللہ کا حکم منسوخ ہو جاتا ہے۔

۳۹۶۶ وَعَنْ زَاهِرٍ الْأَسْلَمِيِّ[۱] قَالَ إِنِّيْ لَأُوْقِدُ تَحْتَ الْقُدُوْرِ بِلُحُوْمِ الْحُمُرِ إِذْ نَادٰى مُنَادِيْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰكُمْ عَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت زاہر اسلمی[۱] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہنڈیوں میں گدھوں کا گوشت پک رہا تھا اور میں ان کے نیچے آگ جلا رہا تھا کہ اچانک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اعلان کرنے والے نے اعلان کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمہیں گدھوں کے گوشتوں سے منع فرماتے ہیں۔ (بخاری)

[۱] حضرت زاہر پہلے زاء اس کے بعد ہاء مکسور الاسلمی صحابی ہیں، بیعت رضوان میں شامل ہوئے۔ کوفہ میں مقیم ہو گئے

(بقیہ صفحہ سابقہ) جواز کی دلیل مانگتے ہیں، حالانکہ قاعدہ شرعیہ یہ ہے کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے، اہل سنت کے لیے یہی دلیل کافی ہے، دلیل تو منع کرنے والوں کو پیش کرنی چاہیے۔ ۱۲ قادری نقشبندی۔

[۱] اہلال کا معنی آواز کا بلند کرنا ہے لیکن اس جگہ مطلقاً آواز کا بلند کرنا مراد نہیں ہے ورنہ کسی شخص نے کہا کہ یہ میری بیوی ہے تو بیوی اس پر حرام ہو جائے، کہا کہ یہ مرغا اور یہ بکرا فلاں کا ہے تو یہ جانور حرام ہو جائیں، حالانکہ یہ اجماع امت کے خلاف ہے، اس لیے تمام مفسرین نے فرمایا کہ ذبح کے وقت غیر اللہ کا نام لینا مراد ہے، یہاں تک کہ شاہ ولی اللہ محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ترجمہ میں بھی یہی معنی بیان کیا ہے۔ ۱۲ قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور اہل کوفہ میں شمار ہوتے ہیں۔

۳۹۶۷ وَعَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ یَرْفَعُهٗ اَلْجِنُّ ثَلٰثَةُ اَصْنَافٍ صِنْفٌ لَهُمْ اَجْنِحَةٌ یَطِیْرُوْنَ فِی الْهَوَآءِ وَصِنْفٌ حَیَّاتٌ وَّ کِلَابٌ وَّ صِنْفٌ یَحُلُّوْنَ وَ یَظْعَنُوْنَ۔ (رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے[۱] مرفوعاً روایت ہے[۲] کہ جنات کی تین قسمیں ہیں ایک قسم وہ ہے جن کے پر ہیں وہ ہوا میں اڑتے ہیں، دوسری قسم سانپ اور کتے ہیں اور تیسری قسم وہ ہیں جو[۳] قیام کرتے ہیں اور سفر کرتے ہیں[۴] (شرح السنۃ)

[۱] ابو ثعلبہ خشنی خاء پر پیش شین پر زبر، دونوں نقطے والے صحابی ہیں، بیعت رضوان میں شامل تھے۔

[۲] حدیث کو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف رفع کرتے تھے۔ یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد بیان کرتے تھے۔

[۳] مختلف جگہوں میں اترتے ہیں اور وہاں رہائش اختیار کرتے ہیں۔

[۴] ظعن نقطے والی ظاء اور بے نقطہ عین، جانا اور کوچ کرنا ـــــــ یعنی انسانوں کی طرح اقامت اور سفر اختیار کرتے ہیں۔

بَابُ الْعَقِیْقَةِ

۲۹۴۔ عقیقے کا بیان

اکثر علماء کہتے ہیں کہ عقیقہ ان بالوں کو کہتے ہیں جو پیدائش کے وقت بچے کے سر پر ہوں، کیونکہ عَقّ کا معنی چیرنا ہے اور وہ بال گوشت اور جلد کو چیر کر برآمد ہوتے ہیں، پھر ذبح کی جانے والی بکری کو عقیقہ کہا گیا کیونکہ وہ ان بالوں کی وجہ سے ذبح کی جاتی ہے۔ ابن عبدالبر نے نقل کیا ہے کہ امام احمد نے اس تفسیر کا انکار کیا ہے اور کہا کہ عَقّ کا معنی قطع کرنا ہے اور ذبح گلا کاٹنے کو کہتے ہیں لہٰذا عقیقہ کا معنی ذبیحہ ہے، بالوں سے ذبیحہ کی طرف نقل کرنے کی حاجت نہیں ہے۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

یاد رہے کہ عقیقہ ائمہ ثلاثہ کے نزدیک سنت ہے۔ امام احمد کی ایک روایت کے مطابق واجب ہے، اکثر احادیث سے سنت ہونا معلوم ہوتا ہے، جو شرائط اور احکام قربانی میں معتبر ہیں وہ عقیقہ میں بھی معتبر ہیں، ہمارے نزدیک سنت نہیں ہے امام محمد اپنے مؤطا میں فرماتے ہیں کہ ہمیں یہ بات پہنچی ہے کہ عقیقہ رسوم جاہلیت میں سے تھا، ابتداء اسلام میں اس پر عمل رہا اس کے بعد قربانی نے ہر ذبح کو منسوخ کر دیا، ماہ رمضان کے روزے نے سابقہ تمام روزوں کو منسوخ کر دیا، غسل جنابت نے ہر پہلے غسل کو منسوخ کر دیا، زکوٰۃ نے سابقہ تمام صدقات کو منسوخ کر دیا۔ اسی طرح ہمیں پہنچا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ — پہلی فصل

۳۹۶۸ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرِ[۱] نِ الضَّبِّيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَعَ الْغُلَامِ عَقِيْقَةٌ فَاَهْرِيْقُوْا عَنْهُ دَمًا وَّ اَمِيْطُوْا عَنْهُ الْاَذٰى۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سلمان بن عامر ضبی[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ لڑکے کے ساتھ عقیقہ ہے تو اس کی طرف سے خون بہاؤ اور اس سے اذیت کو دور کرو[۲]۔ (بخاری)

[۱] سلمان بن عامر ضبی نقطے والے ضاد پر زبر اور یاء مشدد، صحابی ہیں اور اہل بصرہ میں شمار کیے جاتے ہیں۔ امام ابن سیرین وغیرہ ان سے روایت کرتے ہیں۔

[۲] بال اتار کر اور اس میل کچیل کو دور کر کے جس کے ساتھ بچہ پیدائش کے وقت آلودہ ہوتا ہے، بعض شارحین نے کہا کہ ختنہ مراد ہے، اصل میں اذیٰ کا معنی ہے تکلیف دینا اور ناپسند رکھنا۔

۳۹۶۹ وَعَنْ عَائِشَةَ[۲] اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤْتٰى بِالصِّبْيَانِ فَيُبَرِّكُ عَلَيْهِمْ وَيُحَنِّكُهُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بچے لائے جاتے تھے تو آپ ان کے لیے دعائے برکت فرماتے[۱] اور انہیں گھٹی عطا فرماتے تھے[۲]۔ (مسلم)

[۲] لفظ زائدہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۲؎ تبریک کا معنیٰ ہے برکت کی دعا کرنا۔
۳؎ تحنیک اس کو کہتے ہیں کہ کھجور یا کوئی دوسری میٹھی چیز چبا کر بچے کے تالو میں لگا دیتے ہیں۔ حنک پہلے دونوں حرفوں پر زبر، زبان کے اوپر منہ کا اندرونی حصہ جسے تالو کہتے ہیں۔ گھٹی دینا سنت ہے اور بہتر یہ ہے کہ نیک اور متقی لوگ دیں۔

۳۹۷۰/۳ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ اَنَّهَا حَمَلَتْ بِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَیْرِ بِمَکَّةَ قَالَتْ فَوَلَدْتُ بِقُبَآءٍ ثُمَّ اَتَیْتُ بِهٖ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعْتُهٗ فِیْ حَجْرِهٖ ثُمَّ دَعَا بِتَمْرَةٍ فَمَضَغَهَا ثُمَّ تَفَلَ فِیْ فِیْهِ ثُمَّ حَنَّکَهٗ ثُمَّ دَعَا لَهٗ وَبَرَّکَ عَلَیْهِ وَکَانَ اَوَّلَ مَوْلُوْدٍ وُّلِدَ فِی الْاِسْلَامِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ وہ مکہ مکرمہ میں عبداللہ بن زبیر کے ساتھ حاملہ ہوئیں، فرماتی ہیں کہ میں نے انہیں قباء میں جنم دیا پھر انہیں لے کر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور انہیں حضور کی گود میں رکھ دیا، پھر آپ نے کھجور منگوائی اسے چبایا اور بچے کے منہ میں لعاب دہن عطا فرمایا پھر اسے گھٹی دی، اس کے لیے دعا فرمائی، دعاء برکت فرمائی اور یہ پہلا بچہ تھا جو اسلام میں پیدا ہوا۔ (صحیحین)

۱؎ حضرت اسماء بنت ابی بکر حضرت زبیر بن عوام کے نکاح میں تھیں۔ ان کے مناقب بہت ہیں۔
۲؎ حضرت عبداللہ بن زبیر مشہور صحابی ہیں۔ مہاجرین کے ہاں ہجرت کے بعد سب سے پہلے پیدا ہوئے۔
۳؎ قباء قاف پر پیش با مخفف آخر میں الف ممدودہ، مقصورہ بھی آیا ہے، تنوین کے ساتھ اور اس کے بغیر مدینہ منورہ کے قریب ایک جگہ، ہجرت کے بعد نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پہلے پہل وہیں اترے، وہاں تین دن قیام کیا اور مسجد کی بنیاد رکھی جسے مسجد قباء کہتے ہیں، اس کا ذکر اس سے پہلے گزر چکا ہے۔ حضرت عبداللہ بن زبیر اسی جگہ پیدا ہوئے۔
۴؎ حجر پہلے بے نقطہ حاء مفتوحہ اس کے بعد جیم ساکن، گود۔
۵؎ تفل اس طرح پھونک مارنا کہ اس کے ساتھ کچھ تھوک بھی ہو، اس سے زیادہ کے لیے بزق استعمال کرتے ہیں۔ تفل سے کم نفث ہے اس کے بعد نفخ ہے جس کا معنیٰ صرف پھونک مارنا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لـہ یعنی فرمایا بَارَكَ اللّٰهُ عَلَيْكَ یا عَلَيْهِ فرمایا۔

کـہ یعنی مدینہ منورہ میں ہجرت کے بعد مہاجرین کے ہاں بیٹے کہ اس سے پہلے بیان ہوا۔ ورنہ ان سے پہلے حضرت نعمان بن بشیر ہجرت کے بعد پیدا ہوئے لیکن وہ انصار کے ہاں پیدا ہوئے ان کی پیدائش مسلمانوں کے لیے باعث مسرت وشادمانی ہوئی کیونکہ لوگ کہتے تھے کہ یہودیوں نے جادو کیا ہے تاکہ مسلمانوں کے ہاں اولاد پیدا نہ ہو۔ اسی طرح کہا گیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِي

۳۹۷۱ عَنْ أُمِّ كُرْزٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ أَقِرُّوا الطَّيْرَ عَلٰى مَكِنَاتِهَا قَالَتْ وَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةٌ وَلَا يَضُرُّكُمْ ذُكْرَانًا كُنَّ أَوْ إِنَاثًا. رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَلِلتِّرْمِذِيِّ وَالنَّسَائِيِّ مِنْ قَوْلِهِ يَقُوْلُ عَنِ الْغُلَامِ إِلٰى آخِرِهِ وَ

دوسری فصل

حضرت ام کرز[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ پرندوں کو ان کے انڈوں[2] پر برقرار رکھو، فرماتی ہیں کہ میں نے سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ بھی فرماتے ہوئے سنا کہ لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ہے نہیں وہ بکریاں نقصان نہیں دیں گی خواہ وہ نر ہوں یا مادہ[3]

(ابوداؤد) امام ترمذی اور امام نسائی نے یہ حدیث يَقُوْلُ عَنِ الْغُلَامِ سے آخر تک روایت کی[4] امام ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث صحیح ہے۔

[1] ام کرز کاف پر پیش، راء ساکن، آخر میں زاء، صحابیہ ہیں اور بنو کعب اور بنو خزاعہ سے تعلق رکھتی ہیں۔ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے متعدد حدیثیں روایت کی ہیں۔ ان سے ابن عباس، عروہ، عطاء اور مجاہد روایت کرتے ہیں۔

[2] اور ان کی جگہوں پر ——— اس کلام کی شرح میں چند مطالب بیان کیے گئے ہیں، بعض شارحین نے کہا مکنات میم پر زبر، کاف کے نیچے زیر اس پر زبر بھی آئی ہے، جمع ہے مکنۃ کی اور وہ اصل میں گوہ کے انڈے کو کہتے ہیں اسی طرح نہایہ میں ہے، قاموس میں ہے مکن میم پر زبر، کاف ساکن اس کے نیچے زیر بھی آئی ہے، گوہ، ٹڈی وغیرہ۔ اس جگہ اس کا استعمال مطلق انڈے کے معنی میں ہے، بعض شارحین نے کہا کہ مکنات بمعنی اَمْكِنَة ہے کہا جاتا ہے اَلنَّاسُ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

علیٰ مکناتِھم و مکناتِھم لوگ اپنے مکانوں اور ٹھکانوں پر ہیں، زمخشری سے نقل کیا گیا ہے کہ اس نے کہا مَکِنَات میم اور کاف پر پیش، جمع ہے مُکُن کی اور وہ جمع ہے مکان کی جیسے حُمُر اور حُمُرات۔ بعض نے کہا کہ جمع ہے مکنت کی جس کا معنی تمکن (قدرت) ہے کہتے ہیں کہ فلاں شخص کے لیے بادشاہ کے ہاں مکنت ہے یعنی قدرت و منزلت، آرام اور آہستگی کے معنی میں بھی آتا ہے۔

بہرصورت پرندوں کو اڑانے، ڈرانے، پریشان کرنے اور انہیں ان کے گھونسلوں، انڈوں اور ان کی جگہوں سے ہٹانے کی ممانعت ہے۔ بعض شارحین نے کہا مطلب یہ ہے کہ پرندوں کا رات کے وقت شکار کرنا مکروہ ہے، کیونکہ وہ رات کو اپنے گھونسلوں میں اپنے انڈوں پر آرام اور اطمینان سے بیٹھے ہوتے ہیں، یا عرب کی عادت کے مطابق پرندے کے اڑانے اور فال لینے سے منع کیا گیا ہے۔ جب ان میں سے کوئی شخص کسی کام کا ارادہ کرتا اور پرندہ آکر بیٹھ جاتا تو اسے اڑاتا اگر وہ دائیں جانب پرواز کرتا تو وہ شخص اپنے کام کے لیے روانہ ہو جاتا، اور اسے برکت کی علامت جانتا اور اگر بائیں جانب پرواز کرتا تو اسے منحوس تصور کرتا اور اس کام کے لیے نہ جاتا۔ اس لیے اس طریقے سے منع کیا گیا جسے تطیر کہتے تھے، بعض حضرات نے کہا کہ مطلب یہ ہے کہ پرندوں کو اس جگہ اور اس مرتبے پر برقرار رکھو جہاں اللہ تعالیٰ نے انہیں رکھا ہے، اور جس طرح انہیں پیدا فرمایا ہے کہ یہ نفع دے سکتے ہیں اور نہ ہی نقصان، سب کچھ اللہ تعالیٰ کی قدرت اور تصرف سے ہے یہ توجیہ بدفالی کے معنی پر محمول کرنے کی فرع ہے۔

سلہ یعنی یہ خیال نہ کرو کہ لڑکے کی طرف سے نر ہونا چاہیے اور لڑکی کی طرف سے مادہ ——— ذکران نقطے والے ذال پر پیش، نر، اناث ہمزے کے نیچے زیر مادہ۔

سلہ بعض نسخوں میں ہے مِنْ قَوْلِہٖ۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد اور بعض نسخوں میں ہے مِنْ قَوْلِھَا ام کرز کا قول ——— مطلب یہ ہے کہ امام ترمذی اور نسائی کی روایت میں حدیث کی ابتداء اس جگہ سے ہے سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَانِ سے آخر تک امام ابو داؤد کی روایت کے ابتدائی کلمات یَقُوْلُ اَقِرُّوا الطَّیْرَ الخ اس حدیث کی جز نہیں ہیں۔ نیز ان دو کلاموں میں مناسبت بھی ظاہر نہیں ہے جس کی بنا پر دونوں کو جمع کیا جائے، محدثین فرماتے ہیں کہ ان میں سے ہر ایک حدیث مستقل ہے۔ حضرت ام کرز نے کسی مناسبت کی بنا پر دونوں کو جمع کر دیا، بعض شارحین نے مناسبت کے بیان کرنے میں تکلف سے کام لیا ہے جس کا ذکر ہم نے شرح میں کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۹۷۲/۵ وَعَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْغُلَامُ

حضرت حسن بصری، حضرت سمرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لڑکا اپنے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مُرْتَهَنٌ بِعَقِيقَتِهٖ تُذْبَحُ عَنْهُ يَوْمَ السَّابِعِ وَ يُسَمّٰى وَ يُحْلَقُ رَاْسُهٗ.	عقیقہ کے بدلے رہن رکھا ہوا ہے،[2] لڑکے کی طرف سے ساتویں دن ذبح کیا جائے گا، اس کا نام رکھا جائے گا اور اس کا سر مونڈا جائے گا۔
(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوُدَ وَ النَّسَائِيُّ لٰكِنْ فِيْ رِوَايَتِهِمَا رَهِيْنَةٌ بَدَلَ مُرْتَهَنٌ وَ فِيْ رِوَايَةٍ لِاَحْمَدَ وَ اَبِيْ دَاوُدَ يُدَمّٰى مَكَانَ وَ يُسَمّٰى وَ قَالَ اَبُوْدَاوُدَ يُسَمّٰى اَصَحُّ)	(امام احمد، ترمذی، ابوداؤد، نسائی) لیکن آخری دو اماموں کی روایت میں مُرْتَهَنٌ کی جگہ رَهِيْنَةٌ[3] ہے امام احمد اور ابوداؤد کی ایک روایت میں یُسَمّٰی کی جگہ یُدَمّٰی[4] ہے، ابوداؤد نے کہا کہ یُسَمّٰی زیادہ صحیح ہے[5]

[1] حضرت سمرہ بن جندب مشہور صحابی ہیں، کوفہ اور بقول بعض بصرہ میں قیام پذیر ہوئے ان کا شمار اہل بصرہ میں ہوتا ہے، حسن بصری اور ابن سیرین ان سے روایت کرتے ہیں۔

[2] ایک روایت میں ہے كُلُّ غُلَامٍ (ہر لڑکا)

[3] اس جگہ مُرْتَهَنٌ بمعنی مرھون ہے کیونکہ مُرْتَهِن اس شخص کو کہتے ہیں جو رہن لیتا ہے اور جس چیز کو رہن رکھا جاتا ہے اسے مرھون، رھین اور رھینۃ کہتے ہیں۔ بعض محدثین مُرْتَهِن ہا کی زیر کے ساتھ پڑھتے ہیں، یہ لغت کے استعمال کے خلاف ہے۔ زمخشری اساس کے باب مجاز میں کہتے ہیں کہ کہا جاتا ہے کہ فلاں شخص رہن ہے، رہین ہے یا مرتھن ہے یعنی فلاں چیز کے بدلے میں پکڑا ہوا ہے، اس جگہ اسی معنیٰ میں واقع ہے ——— اس کے بعد عقیقہ کا بیان فرمایا۔

[4] رھینۃ میں تا مبالغہ کے لیے ہے، یا نفس کی تاویل میں ہے (جو مونث سماعی ہے) رہا یہ سوال کہ عقیقہ کے بدلے لڑکے کے گرفتار ہونے کا کیا مطلب ہے؟ حالانکہ وہ مکلف نہیں ہے، عقیقہ کے ترک کر دینے پر وہ گرفتار کیوں ہوگا اور اسے عذاب کیونکر دیا جائے گا؟ امام احمد رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ لڑکا اس وقت تک والدین کی شفاعت نہیں کر سکے گا جب تک وہ عقیقہ نہ دے دیں، بعض محدثین کہتے ہیں کہ جب تک عقیقہ نہ دیا جائے لڑکے کو بھلائیوں، آفتوں سے محفوظ ہونے اور نشو و نما کی زیادتی سے روک دیا جاتا ہے۔ اور یہ بات درحقیقت والدین کی طرف راجع ہے جنہوں نے عقیقہ ترک کیا ہے۔ بعض حضرات فرماتے ہیں کہ بچہ گندگی اور نجاست میں گرفتار رہتا ہے، کیونکہ حدیث میں آیا ہے فَاَمِيْطُوْا عَنْهُ الْاَذٰى (اس سے نجاست کو دور کرو) زیادہ معتمد وہی ہے جو امام اجل

امام احمد نے فرمایا ہے ظاہر یہ ہے کہ انہوں نے سلف صالحین سے سنا ہوگا کہ حدیث کا یہ مطلب ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

ﮧ یُدَمّٰی یا پر پیش، دال پر زبر، میم مشدد مفتوح، تَدْمِیَۃٌ سے مشتق ہے جس کا معنیٰ خون آلود کرنا ہے۔ یعنی پہلی روایت میں یُسَمّٰی آیا ہے اس کی جگہ اس روایت میں یُدَمّٰی ہے۔

ﮧ تَدْمِیَۃٌ کا معنیٰ ہے سر کا خون آلود کرنا، حضرت قتادہ نے اس کا مطلب بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ جب بکری کو ذبح کریں تو اس کے بالوں کا ایک حصہ لے کر بکری کی کاٹی جانے والی رگوں کے آگے رکھیں تاکہ وہ جائے ذبح سے اچھلنے والے خون سے آلودہ ہو جائے، وہ گچھا بچے کے سر کے درمیان رکھیں تاکہ خون کی ایک لکیر اس کے سر پر جاری ہو جائے تب اس کے سر کو دھو دیں، اور سر منڈ دیں۔ صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ بچے کا سر خون آلود نہ کیا جائے، کیونکہ یُدَمّٰی کسی راوی کی تحریف ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرات حسنین کریمین کا عقیقہ کیا لیکن ان کا سر خون آلود نہیں کیا۔ کہتے ہیں کہ یہ فعل، جاہلیت کے قواعد کے ساتھ زیادہ مشابہت رکھتا ہے، جیسے کہ تیسری فصل میں آئے گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم (سفر السعادۃ)

کہتے ہیں کہ ابو داؤد کی روایت، حدیث کے راوی ہمام کا وہم ہے، حضرت قتادہ سے جو اس کی تفسیر نقل کی گئی ہے وہ منسوخ ہے، علامہ خطابی نے فرمایا کہ بچے کے سر کو پلید کرنے اور تر خون کے ساتھ آلودہ کرنے کا حکم کیسے دیا جائے گا، حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے بدن سے خشک نجاست کے دور کرنے اور زائل کرنے کا حکم دیا ہے، ہاں بعض علماء نے خون کی بجائے خلوق (خوشبوؤں کے مجموعے) اور زعفران لگانے کو تجویز کیا ہے، امام مالک نے فرمایا اس میں حرج نہیں ہے، تیسری فصل میں آئے گا۔ بعض محدثین نے تدمیہ کی تاویل ختنے سے کی ہے۔

۳۹۷۳ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ أَبِيْ طَالِبٍ قَالَ عَقَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَسَنِ بِشَاةٍ وَّقَالَ يَا فَاطِمَةُ احْلِقِيْ رَأْسَهٗ وَتَصَدَّقِيْ بِزِنَةِ شَعْرِهٖ فِضَّةً فَوَزَنَّاهُ فَكَانَ وَزْنُهٗ دِرْهَمًا أَوْ بَعْضَ

حضرت محمد بن علی بن حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم، حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے امام حسن کی طرف سے ایک بکری کے ساتھ عقیقہ کیا اور فرمایا: اے فاطمہ! اس کا سر منڈ دو اور اس کے بالوں کے وزن کے برابر چاندی صدقہ کرو۔ چنانچہ ہم نے بالوں کو تولا تو ان کا وزن ایک

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دِرْهَمٍ۔

درہم یا درہم کا کچھ حصہ تھا۔[3]

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ وَ إِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِمُتَّصِلٍ لِاَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ لَمْ يُدْرِكْ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ)

امام ترمذی نے اسے روایت کیا اور فرمایا، یہ حدیث حسن غریب ہے اور اس کی سند متصل نہیں ہے کیونکہ امام محمد بن علی بن حسین نے حضرت علی بن ابی طالب کو نہیں پایا۔[4]

[1] یعنی امام محمد باقر بن امام زین العابدین ابن امام شہید حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہم

[2] امام مالک اور شافعی کے نزدیک اگر سونا صدقہ کریں تو بھی بہتر ہے۔

[3] راوی کو شک ہے یا حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اندازے سے فرمایا۔

[4] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عقیقہ ایک بکری کے ساتھ بھی ہو سکتا ہے، امام ابو داؤد بھی ابن عباس رضی اللہ عنہ کا عقیقہ ایک ایک دنبہ کے ساتھ کیا، جیسے کہ اگلی حدیث میں آئے گا، امام نسائی، ابن عباس سے دو، دو دنبوں کی روایت کرتے ہیں، اور حضرت بریدہ سے مطلق لائے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت امام حسن و حسین کی طرف سے عقیقہ کیا، صاحب سفر السعادۃ نے کہا کہ ایک بکری والی حدیث صحیح ہے، لیکن جس حدیث میں آیا ہے کہ لڑکے کی طرف سے دو بکریاں ہیں وہ زیادہ قوی اور زیادہ صحیح ہے، کیونکہ اسے صحابہ کرام کی ایک جماعت نے روایت کیا ہے۔ نیز لڑکے کی طرف سے دو بکریوں والی روایت کی ترجیح کی دوسری وجہ یہ ہے کہ قول، فعل کی نسبت اقوی اور اتم ہے۔ کیونکہ فعل میں خصوصیت کا احتمال ہے، علاوہ ازیں فعل جواز پر دلالت کرتا ہے اور قول مستحب ہونے پر، امام ترمذی نے فرمایا اس باب میں حضرات علی، عائشہ، ام کرز، بریدہ، سمرہ، ابوہریرہ، عبداللہ بن عمر، انس، سلمان بن عامر اور ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے حدیث آئی ہے۔

۳۹۷۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَقَّ عَنِ الْحَسَنِ وَ الْحُسَيْنِ كَبْشًا كَبْشًا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حسن و حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی طرف سے ایک دنبہ بطور عقیقہ ذبح کیا۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ عِنْدَ النَّسَائِيِّ كَبْشَيْنِ كَبْشَيْنِ)

(ابو داؤد) امام نسائی کی روایت میں دو دو دنبوں کا ذکر ہے۔

۳۹۷۵ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ

عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ اپنے دادا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَقِيْقَةِ فَقَالَ لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْعُقُوْقَ كَاَنَّهٗ كَرِهَ الْاِسْمَ وَقَالَ مَنْ وُّلِدَ لَهٗ وَلَدٌ فَاَحَبَّ اَنْ يَّنْسُكَ عَنْهُ فَلْيَنْسُكْ عَنِ الْغُلَامِ شَاتَيْنِ وَعَنِ الْجَارِيَةِ شَاةً۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عقیقہ کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا، اللہ تعالیٰ نافرمانی کو پسند نہیں کرتا[1]۔ گویا آپ نے عقیقہ کے نام کو ناپسند کیا[2] اور فرمایا جس کے ہاں بچہ پیدا ہوا اور وہ اس کی طرف سے جانور ذبح کرنا چاہے تو اسے چاہیے لڑکے کی طرف سے دو بکریاں اور لڑکی کی طرف سے ایک بکری ذبح کرے[3]۔ (ابوداؤد، نسائی)

[1] ایک دوسری روایت میں ہے کہ ہم عقوق (نافرمانی) کو پسند نہیں کرتے۔

[2] جو شدید ترین کبیرہ گناہ، حقوق والدین (ماں باپ کی نافرمانی) کو یاد دلاتا ہے۔ بعض احادیث میں جو لفظ عقیقہ کا ذکر آیا ہے تو وہ اس کراہت سے پہلے ہوگا، جب صحابہ کرام نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس لفظ کا مکروہ ہونا سمجھ لیا تو انہوں نے اس مقصد کو دوسرے لفظ سے ادا کیا اور کہا کہ ہم بیٹوں کی طرف سے ذبح کرتے ہیں، نسک کا معنی ذبح ہے۔

[3] اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر عقیقہ کی جگہ نسیکہ کہیں تو بہتر ہے۔

۳۹۷۶ وَعَنْ اَبِيْ رَافِعٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَذَّنَ فِيْ اُذُنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ حِيْنَ وَلَدَتْهُ فَاطِمَةُ بِالصَّلٰوةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

حضرت ابو رافع[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے دیکھا کہ جب حضرت امام حسن بن علی کو ان کی والدہ حضرت فاطمہ نے جنم دیا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے کان میں وہی اذان دی جو نماز کے لیے دی جاتی ہے[2]۔ (ترمذی، ابو داؤد) امام ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

[1] حضرت ابو رافع، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام۔

[2] اور یہ پیدائش کے وقت سنت ہے تاکہ جونہی بچہ دنیا میں آئے اس کے کان میں اللہ تعالیٰ اور دین اسلام

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کا کلمہ پہنچے، خاص طور پر اذان اس لیے دی گئی کہ اذان سن کر شیطان پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتا ہے، بعض سلف صالحین سے مروی ہے کہ دائیں کان میں اذان اور بائیں کان میں تکبیر کہی جاتی ہے، روضہ میں ہے مستحب یہ ہے کہ نو مولود کے کان میں کہے۔ اِنِّیْ اُعِیْذُھَا بِکَ وَ ذُرِّیَّتَھَا مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ (یہ قرآن پاک کی آیت ہے، حضرت مریم کی پیدائش پر ان کی والدہ نے یہ کلمات کہے، میں اس بچی اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔ ۱۲ قادری)

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۳۹۷۷ / ۱۰ عَنْ بُرَیْدَۃَ قَالَ کُنَّا فِی الْجَاھِلِیَّۃِ اِذَا وُلِدَ لِاَحَدِنَا غُلَامٌ ذَبَحَ شَاۃً وَ لَطَخَ رَاْسَہٗ بِدَمِھَا فَلَمَّا جَآءَ الْاِسْلَامُ کُنَّا نَذْبَحُ الشَّاۃَ یَوْمَ السَّابِعِ وَ نَحْلِقُ رَاْسَہٗ وَ نُلَطِّخُہٗ بِزَعْفَرَانٍ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَزَادَ رَزِیْنٌ وَ نُسَمِّیْہِ)

حضرت بریدہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ دور جاہلیت میں ہماری عادت تھی کہ جب ہم میں سے کسی کے ہاں لڑکا پیدا ہوتا تو وہ بکری ذبح کرتا اور اس کے خون سے بچے کا سر آلودہ کرتا، جب اسلام آگیا تو ہم ساتویں دن بکری ذبح کرتے، بچے کا سر مونڈتے اور اس پر زعفران[2] لگاتے تھے۔

(ابوداؤد) امام رزین نے اضافہ کیا کہ ہم اس کا نام رکھتے تھے[3]

[1] حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ مشہور صحابی ہیں۔

[2] ایک روایت میں ہے کہ اس پر خلوق اور زعفران لگاتے، خلوق نقطے والی خا پر زبر، آخر میں قاف ایک خوشبو جس میں زعفران ڈالتے ہیں۔

[3] یاد رہے کہ احادیث کی رو سے راجح یہ ہے کہ عقیقہ ساتویں دن ہے۔ امام شافعی اور احمد کے نزدیک اگر ساتویں دن میسر نہ ہو تو چودہویں دن کرے، اس کا دن میسر نہ ہو تو اکیسویں دن، اس دن بھی میسر نہ ہو تو اٹھائیسویں دن،

---

[1] ایک بزرگ نے فرمایا کہ انسان اس دنیا میں آتا ہے تو اذان دی جاتی ہے اور جب رخصت ہوتا ہے تو نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے، گویا اس میں اشارہ ہے کہ انسان کی زندگی کتنی مختصر ہے؟ یہ اتنا ہی وقت ہے جتنا اذان اور نماز کے درمیان ہوتا ہے۔ یہ بھی اشارہ ہے کہ حیات مستعار کی یہ چند گھڑیاں اذان اور نماز کے درمیان ہی صرف ہونی چاہئیں کہ یا تو اللہ تعالیٰ کا ذکر ہو یا نماز۔ ۱۲ قادری

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

ورنہ پھر پینتیسویں دن کرے، اسی قیاس پر دلینی کوئی سا ساتواں دن ہونا چاہیئے، اس کا عام فہم قاعدہ یہ ہے کہ بچہ اگر جمعہ کے دن پیدا ہوا ہے تو اس کے بعد آنے والی کسی بھی جمعرات کو عقیقہ کر دیں وہ ساتواں دن ہی ہوگا۔ (۱۲ قادری نقشبندی) امام احمد سے ایک روایت کے مطابق لڑکے کی طرف سے ایک بکری پہلے دن اور دوسری ساتویں دن ذبح کی جاتی ہے۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہور نبوت کے بعد خود اپنا عقیقہ دیا، کیونکہ یہ معلوم نہ تھا کہ پیدائش کے دن عقیقہ کیا گیا تھا یا نہیں؟ لیکن اس حدیث کی سند میں ضعف ہے اور یہ بعد سے بھی خالی نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

امام شافعی کے نزدیک عقیقہ کی ہڈیاں توڑ دیں۔ امام مالک کے نزدیک نہ توڑی جائیں، کتب شافعیہ میں ہے کہ اگر پکا کر صدقہ کریں تو بہتر ہے، اگر میٹھا پکائیں تو بھی بہتر ہے۔ یہ بچے کے اخلاق کی مٹھاس کے لیے نیک فال ہوگی۔

بحمداللہ تعالیٰ و توفیقہ کتاب الذبائح مکمل ہوگئی۔ اس کے بعد کتاب الاطعمہ ہے۔

كِتَابُ الْأَطْعِمَةِ

۲۹۵۔ کھانوں کی قسموں کے بیان میں

اس کتاب میں کھانوں کی وہ قسمیں بیان کی جائیں گی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تناول فرمائیں یا نہیں، نیز کھانے کے آداب و احکام بیان کیے جائیں گے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۳۹۷۸ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِیْ سَلَمَةَ قَالَ كُنْتُ غُلَامًا فِیْ حَجْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتْ یَدِیْ تَطِیْشُ فِی الصَّحْفَةِ فَقَالَ

پہلی فصل

حضرت عمر بن ابی سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں بچہ تھا۔ اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی آغوش تربیت میں تھا، میرا ہاتھ رکابی میں گردش کرتا تھا، سو مجھے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لِی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَمِّ اللّٰہَ وَ کُلْ بِیَمِیْنِکَ وَ کُلْ مِمَّا یَلِیْکَ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالےٰ کا نام لو، دائیں ہاتھ سے کھاؤ اور اس جگہ سے کھاؤ جو تم سے متصل ہو۔

(صحیحین)

لے عمر بن ابی سلمہ قریشی مخزومی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی آغوش کے پروردہ، ہجرت کے دوسرے سال سرزمین حبشہ میں پیدا ہوئے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رحلت کے وقت نو سال کے تھے ۸۳ھ میں مدینہ منورہ میں وفات ہوئی، انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے حدیثیں حاصل کیں، ان سے ابن مسیب، عروہ بن زبیر اور خود ان کے صاحبزادے محمد بن عمر روایت کرتے ہیں۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح کیا تو حضرت عمر بن ابی سلمہ اور ان کی ہمشیرہ حضرت زینب کی تربیت فرمائی۔

• کے اور میں بچوں کی عادت کے مطابق رکابی کی ہر جانب سے کھاتا تھا ——— صحفہ فارسی پیالے جاد فراخ رکابی جس سے پانچ چھ افراد سیر ہو جائیں، اس سے بڑا قصعہ ہے جس سے دس افراد سیر ہو جائیں۔ اس سے بڑا جفنہ ہے۔

سے یاد رہے کہ علماء کا اس مسئلے میں اختلاف ہے کہ کھانے کی ابتداء میں بسم اللہ شریف کا پڑھنا واجب ہے یا مستحب، محققین محدثین کے نزدیک واجب ہے، کیونکہ احادیث مبارکہ میں واضح اور صریح طور پر امر ہے اور اس کا کوئی معارض نہیں ہے، امر میں ظاہر وجوب ہے جب تک کوئی اس کا معارض نہ ہو، اکثر فقہاء کے نزدیک مستحب ہے اور امر اس جگہ استحبابی ہے۔ اسی طرح کھانے کے آخر میں اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کرنا مستحب ہے، اس میں بھی اختلاف ہے کہ حاضر جماعت میں سے ایک کا بسم اللہ شریف پڑھ لینا کافی ہے یا نہیں؟ علماء کی ایک جماعت جن میں امام شافعی بھی شامل ہیں فرماتے ہیں کہ جماعت میں سے ایک شخص بسم اللہ پڑھ لے تو کافی ہے، ان کے نزدیک وجوب یا استحباب علی الکفایہ ہے، بہت سی حدیثیں اس قول کے مخالف ہیں جن کی یہ حضرات تاویل کرتے ہیں۔ جیسے کہ عنقریب آئے گا۔

۳۹۷۹ وَعَنْ حُذَیْفَۃَ ابْنِ الْیَمَانِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ الشَّیْطٰنَ یَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ

حضرت حذیفہ بن یمان رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تحقیق شیطان اپنے لیے کھانا حلال کرتا ہے اس بنا پر کہ اس پر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَنْ لَّا یُذْکَرَ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ۔
(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا جاتے۔
(مسلم)

سلہ حضرت حذیفہ بن الیمان، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صاحب راز، ان کو منافقوں کا علم تھا۔
سلہ یعنی اس کے کھانے پر قادر ہو جاتا ہے اور اس میں سے اپنا حصہ لے لیتا ہے، یہ ظاہر پر محمول ہے۔ کیونکہ شیطان غذا حاصل کرنے والا جسم ہے، بعض محدثین اس کی تاویل یہ کرتے ہیں کہ کھانے کی برکت چلی جاتی ہے گویا شیطان نے ایک حصہ کھا لیا اور وہ ختم ہو گیا ــــــ پوری حدیث تیسری فصل میں آئے گی۔

۳۹۸۰ ۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الرَّجُلُ بَیْتَہٗ فَذَکَرَ اللّٰہَ عِنْدَ دُخُوْلِہٖ وَعِنْدَ طَعَامِہٖ قَالَ الشَّیْطَانُ لَا مَبِیْتَ لَکُمْ وَلَا عَشَاءَ وَاِذَا دَخَلَ فَلَمْ یَذْکُرِ اللّٰہَ عِنْدَ دُخُوْلِہٖ قَالَ الشَّیْطٰنُ اَدْرَکْتُمُ الْمَبِیْتَ وَاِذَا لَمْ یَذْکُرِ اللّٰہَ عِنْدَ طَعَامِہٖ قَالَ اَدْرَکْتُمُ الْمَبِیْتَ وَالْعَشَاءَ۔
(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب مرد اپنے گھر میں داخل ہو اور داخل ہوتے وقت اور کھانا کھاتے وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے تو شیطان کہتا ہے[1] تمہارے لیے (اس گھر میں) رات گزارنے کی جگہ نہیں اور نہ ہی رات کا کھانا ہے[2]، اور جب گھر میں داخل ہو اور داخل ہوتے وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کرے تو شیطان کہتا ہے تم نے رات گزارنے کی جگہ پالی اور جب کھانے کے وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کرے تو کہتا ہے تم نے رات گزارنے کی جگہ اور رات کا کھانا پالیا ہے[3]
(مسلم)

سلہ اپنے پیروکاروں اور معاونوں کو۔
سلہ عشاء میں پر زبر اس کھانے کو کہتے ہیں جو رات کے وقت کھایا جاتے، بعض محدثین کہتے ہیں کہ یہ شیطان کی طرف سے گھر والوں کے لیے بددعا ہے، جب وہ رات گزارنے کی جگہ اور رات کے کھانے سے ناامید ہوا تو انہیں بددعا دی جیسے کہ دشمن کرتے ہیں۔
سلہ اس جگہ بعض محدثین کے قول کے مطابق احتمال ہے کہ یہ گھر والوں کے لیے دعا ہو کہ جب انہوں نے اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کر کے اسے شب بسری کے لیے جگہ اور کھانا مہیا کیا تو وہ انہیں دعا دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تمہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یہ چیزیں مہیا فرماتے ۱۲ (قادری نقشبندی)

۳۹۸۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَأْكُلْ بِيَمِيْنِهٖ وَإِذَا شَرِبَ فَلْيَشْرَبْ بِيَمِيْنِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی آدمی کھانا کھائے تو اپنے دائیں ہاتھ سے کھائے اور جب پانی پیئے تو دائیں ہاتھ سے پیئے[1] (مسلم)

[1] یعنی پانی کے برتن کو دائیں ہاتھ سے پکڑے جس طرح لقمہ دائیں ہاتھ سے پکڑتا ہے۔

۳۹۸۲ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَأْكُلَنَّ أَحَدُكُمْ بِشِمَالِهٖ وَلَا يَشْرَبَنَّ بِهَا فَإِنَّ الشَّيْطٰنَ يَأْكُلُ بِشِمَالِهٖ وَيَشْرَبُ بِهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص ہرگز بائیں ہاتھ سے نہ کھائے اور نہ پیئے[1]۔ کیونکہ شیطان بائیں ہاتھ سے کھاتا پیتا ہے۔ (مسلم)

[1] دائیں ہاتھ سے کھانے اور پینے کا امر بھی واقع ہوا ہے اور بائیں ہاتھ سے کھانے پینے سے صراحۃً منع بھی فرمایا ہے۔ اس میں کمالِ مبالغہ اور تاکید مقصود ہے۔

۳۹۸۳ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ بِثَلٰثَةِ أَصَابِعَ وَيَلْعَقُ يَدَهٗ قَبْلَ أَنْ يَمْسَحَهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت کعب بن مالک[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تین انگلیوں[2] سے کھانا تناول فرماتے اور پونچھنے سے پہلے اپنے دست مبارک کو چاٹ لیتے تھے[3]۔ (مسلم)

[1] حضرت کعب بن مالک ان کی کنیت ابو عبدالرحمٰن انصاری ہے، فضلاء صحابہ اور شعراء اسلام میں سے ہیں، غزوۂ تبوک میں شامل نہ ہو سکنے کے سلسلے میں ان کی توبہ کا واقعہ بہترین قصص میں سے ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ انگوٹھے، انگشت شہادت اور درمیانی انگلی۔

سلہ یعنی کھانے سے فارغ ہو کر ——— بعض روایات میں اضافہ ہے لشئ یعنی کسی چیز رومال وغیرہ سے پونچھنے سے پہلے، یہ بھی اضافہ ہے ثُمَّ یَغْسِلُهَا پھر دست مبارک دھو لیتے

۳۹۸۴ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِلَعْقِ الْاَصَابِعِ وَالصَّحْفَةِ وَقَالَ اِنَّكُمْ لَا تَدْرُوْنَ فِيْ اٰيَّةٍ الْبَرَكَةُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انگلیوں اور پلیٹ کے چاٹنے کا حکم دیا[1] اور فرمایا: تم نہیں جانتے کہ کس لقمے اور کھانے کے کس حصے[2] میں برکت ہے۔

(مسلم)

سلہ چونکہ بعض متکبر اور متمول لوگ اسے ناپسند رکھتے ہیں اور اس سے گریز کرتے ہیں اس لیے بطور تاکید اس کے بعد اس کی وجہ بھی بیان فرما دی۔

سلہ فی اٰیَّۃٍ تاء اور تنوین کے ساتھ، بعض نسخوں میں ہے اٰیَّہٖ اٰیُّ مضاف ہے۔ ہا ضمیر کی طرف، یعنی تم نہیں جانتے کہ برکت، طعام کے کس حصے میں ہے جو تم کھا چکے ہو یا اس کھانے میں ہے جو انگلیوں اور برتن کے ساتھ لگا ہوا ہے اس سے معلوم ہوا کہ انگلیوں کا چاٹنا اور ان کے ساتھ لگے ہوئے کھانے کے اجزا کا حاصل کر لینا سنت ہے، نیز یہ کہ انگلیاں مبالغہ کے ساتھ حلق میں نہ ٹھونسی جائیں۔

۳۹۸۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَمْسَحْ يَدَهٗ حَتّٰى يَلْعَقَهَا اَوْ يُلْعِقَهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے ایک شخص کھانا کھائے تو اپنا ہاتھ نہ پونچھے یہاں تک کہ اسے چاٹ لے[1] یا کسی کو چٹا دے[2]۔

(صحیحین)

سلہ یَلْعَقَهَا یاء اور عین پر زبر۔

سلہ یُلْعِقَهَا یاء پر پیش، عین کے نیچے زیر ——— کسی ایسے شخص کو چٹا دے جو اس سے گھن نہ کھائے اور اسے مکروہ نہ جانے، مثلاً بیوی، لونڈی، بچوں، شاگردوں، معتقدین اور محسن کو جو اس سے لطف اور برکت حاصل کریں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

٣٩٨٦/٩ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الشَّيْطٰنَ يَحْضُرُ اَحَدَكُمْ عِنْدَ كُلِّ شَيْءٍ مِّنْ شَانِهٖ حَتّٰى يَحْضُرَهٗ عِنْدَ طَعَامِهٖ فَاِذَا سَقَطَتْ مِنْ اَحَدِكُمُ اللُّقْمَةُ فَلْيُمِطْ مَا كَانَ بِهَا مِنْ اَذًى ثُمَّ لِيَأْكُلْهَا وَلَا يَدَعْهَا لِلشَّيْطٰنِ فَاِذَا فَرَغَ فَلْيَلْعَقْ اَصَابِعَهٗ فَاِنَّهٗ لَا يَدْرِيْ فِيْ اَيِّ طَعَامِهٖ يَكُوْنُ الْبَرَكَةُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ شیطان تم میں سے ایک آدمی کی ہر حالت میں حاضر ہوتا ہے، یہاں تک کہ اس کے کھانے کے وقت حاضر ہوتا ہے[۱]، جب تم میں سے ایک شخص کا لقمہ گر جائے[۲] تو اسے جو ناپسندیدہ چیز[۳] لگ گئی ہے اسے دور کردے[۴] اور وہ لقمہ کھالے، اور اسے شیطان کے لیے نہ چھوڑدے[۵]، پھر جب فارغ ہو جائے تو اپنی انگلیاں چاٹ لے، کیونکہ اسے معلوم نہیں کہ کھانے کے کس حصے میں برکت ہے[۶]؟ (مسلم)

۱؎ تاکہ آدمی کھانے کے دوران شیطان کی خواہش کے خلاف کسی کام یا اس کی تذلیل کا ارادہ نہ کرے، جیسے کہ نیکیوں اور امور طاعت میں ہوتا ہے، اور چاہیے کہ چند لقمے کھائے (پیٹ بھر کر نہ کھائے)

۲؎ تو چاہیے کہ نفس اور طبیعت کے تقاضے کے مطابق اس کے اٹھانے اور منہ میں ڈالنے سے کراہت اور تنگی محسوس نہ کرے (بلکہ اللہ تعالیٰ کی نعمت جان کر اس کی قدر کرتے ہوئے کھالے۔ ۱۲ قادری نقشبندی)

۳؎ مثلاً مٹی وغیرہ

۴؎ اور اگر کوئی پلید چیز لقمے کو لگ جائے تو اگر ممکن ہو تو اسے دھولے ورنہ کتے یا بلی وغیرہ جانور کو کھلا دے ـــــــ تکبر اور رعونت میں مبتلا لوگوں کی طبیعتیں اس طرف مائل نہیں ہوں گی، وہی لوگ یہ طریقہ اختیار کریں گے جو عاجزی اور شیطان کی مخالفت میں راسخ قدم ہوں گے، اسی لیے فرمایا کہ اس لقمے کو شیطان کے لیے نہ چھوڑدے۔

۵؎ شیطان کے لیے چھوڑ دینا یا تو حقیقت پر محمول ہے کہ شیطان کھاتا ہے اور اس کے کھانے میں شیطان کا حصہ ہوتا ہے، یا یہ کنایہ ہے لقمے کے ضائع کرنے اور متکبروں کی عادت کے مطابق اسے حقیر جاننے سے (متکبروں کی عادت ہے کہ وہ گرے ہوئے لقمے کو اٹھا کر کھانے میں عار محسوس کرتے ہیں اور یہ بھی شیطان کے اعمال میں سے ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

پھر تاکید، تکبر کے دفع کرنے اور تواضع کے حاصل کرنے کے لیے فرمایا کہ کھانے سے فارغ ہو کر انگلیاں چاٹ لو لہ

لہ یہ عبارت اس سابقہ روایت کی تائید کرتی ہے جس میں آپ نے اضافت کے ساتھ ہے۔

۳۹۸۷/۱۰ وَعَنْ اَبِیْ جُحَیْفَةَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا اٰكُلُ مُتَّكِئًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابو جحیفہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم تکیہ لگا کر کھانا نہیں کھاتے ہیں[2] (بخاری)

لہ حضرت ابو جحیفہ پہلے جیم مضموم، پھر بے نقطہ حاء مفتوح اور فاء سے پہلے یاء ساکن۔ ان کا نام وہب بن عبد اللہ السوائی ہے سین پر پیش، واؤ مخفف، سواءۃ بن عامر کی طرف منسوب، کم عمر صحابہ میں سے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رحلت کے وقت بلوغ کی عمر کو نہیں پہنچے تھے، لیکن آپ سے سماع رکھتے ہیں اور روایت بھی کرتے ہیں، امیر المومنین علی ابن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں کوفہ میں بیت المال پر مقرر کیا تھا، تمام جنگوں میں ان کے ساتھ حاضر رہے، ۷۴ھ میں کوفہ میں وصال ہوا۔

لہ ۲ علامہ جزری، نہایہ میں فرماتے ہیں کہ عام طور پر گمان کیا جاتا ہے کہ تکیہ لگانے سے مراد ایک پہلو پر جھکنا اور ٹیک لگانا ہے، حالانکہ اس طرح نہیں ہے بلکہ اس جگہ نیچے بچھی ہوئی چیز پر جم کر بیٹھنا مراد ہے۔ جو شخص بستر پر جم کر اور سیدھا ہو کر بیٹھے وہ تکیہ لگانے والا ہے۔ امام نووی فرماتے ہیں کہ تکیہ لگانے والے سے مراد جم کر بیٹھنے والا ہے خواہ آلتی پالتی مار کر بیٹھے یا بچھی ہوئی چیز پر جم کر بیٹھے۔ علامہ طیبی نے فرمایا: مطلب یہ ہے کہ میں جب کھانا ہوں تو بچھی ہوئی چیز پر بہت کھانے والوں کی طرح جم کر اور پھیل کر نہیں بیٹھتا، بلکہ جم کر اور تسلی کے ساتھ بیٹھے بغیر بیٹھتا ہوں۔ اور چند لقمے کھا کر اٹھ جاتا ہوں۔

صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ تکیہ تین قسم ہیں۔ (۱) یہ کہ پہلو زمین پر رکھے (۲) آلتی پالتی مار کر بیٹھے (۳) ایک ہاتھ زمین پر رکھ کر ٹیک لگاتے اور دوسرے کے ساتھ کھانا کھائے اور یہ تینوں قسمیں مذموم ہیں۔ (۱ھ) بعض محدثین نے ایک چوتھی قسم بھی گنوائی ہے اور وہ یہ کہ تکیے یا دیوار کے ساتھ پشت لگا کر کھاتے۔ بعض حضرات نے کہا کہ اس جگہ

لہ آج دور جدید کے ڈاکٹر ریسرچ کے بعد اس نتیجے پر پہنچے ہیں کہ کھانے کے بعد انگلیوں کو چاٹنا ہاضمے کے لیے معاون ہے، انگلیوں کی حرارت معدے تک پہنچتی ہے اور وہ ہضم میں مدد دیتی ہے ہمارے آقا و مولا صلی اللہ علیہ وسلم نے تو چودہ سو سال پہلے ہی یہ نکتہ سمجھا دیا تھا، کانٹے اور چمچے سے کھانے والوں کو یہ فائدہ کیسے حاصل ہوگا؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت پر عمل کرنے سے دنیاوی فائدہ بھی ہے اور اخروی فائدہ بھی۔ ۱۲ شرف قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تکیہ لگانے سے مراد سیدھا ہو کر بیٹھنا ہے اور کھانے میں سنت یہ ہے کہ کھانے کی طرف متوجہ ہو کر اور جھک کر بیٹھے، تکیہ لگانے کا مطلب یہ ہے کہ دائیں یا بائیں جھک کر بیٹھا جائے، اطباء کے نزدیک اس طرح کھانا ممنوع ہے، وہ کہتے ہیں کہ اس طرح بیٹھ کر کھانے سے کھانا انتڑیوں میں آسانی کے ساتھ نیچے نہیں جا سکے گا۔ اور خوشگوار بھی نہیں ہو گا جیسے کہ ہونا چاہیے اسی طرح مجمع البحار میں ہے، علامہ سیوطی، عمل الیوم واللیلۃ میں فرماتے ہیں کہ تکیہ لگا کر پیٹ کے بل لیٹ کر اور کھڑے ہو کر نہ کھائے، بلکہ دو زانو ہو کر بیٹھے۔ یا دونوں زانو کھڑے رکھے یا دونوں پاؤں پر بیٹھے یا دایاں زانو کھڑا کرے اور بایاں زانو بچھا کر اس پر بیٹھے[1]

۳۹۸۸ وَعَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا اَكَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى خِوَانٍ وَّلَا فِيْ سُكُرُّجَةٍ وَّلَا خُبِزَ لَهٗ مُرَقَّقٌ قِيْلَ لِقَتَادَةَ عَلٰى مَا يَاْكُلُوْنَ قَالَ عَلَى السُّفَرِ. (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت قتادہ[1] حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہ تو میز پر کھانا کھایا[2] اور نہ ہی چھوٹی پیالی[3] میں، اور آپ کے لیے باریک روٹی (چپاتی) نہیں پکائی گئی[4]، حضرت قتادہ سے پوچھا گیا کہ وہ حضرات کس چیز پر کھانا کھاتے تھے[5] فرمایا، دستر خوانوں پر۔ (بخاری)

[1] حضرت قتادہ بصری تابعی ہیں نابینا تھے، بصرہ کے تابعین کے تیسرے طبقے میں شمار کیے جاتے ہیں۔ سنہ ۶۰ھ میں پیدا ہوئے، سنہ ۱۱۷ھ میں وصال ہوا، حضرت انس اور سب سے آخر میں وصال فرمانے والے صحابی حضرت ابوالطفیل سے روایت کرتے ہیں، بعض تابعین مثلاً حضرت سعید بن مسیب اور حضرت حسن بصری سے بھی روایت کرتے ہیں، حضرت انس سے بہت حدیثیں روایت کی ہیں، یہ حدیث بھی حضرت انس سے روایت کی ہے۔

[2] جیسے کہ امیر کبیر اور متکبر لوگوں کا طریقہ ہے تاکہ کھانے کے آگے جھکنا نہ پڑے، قاموس میں ہے کہ خوان کی خاء پر پیش اور زیر دونوں جائز ہیں، لیکن حدیث کے نسخوں میں زیر کے ساتھ روایت ہے۔

[3] سکرجہ سین اور کاف پر پیش، اور راء مشدد مضموم، بعض علماء نے زبر کو زیادہ صحیح قرار دیا ہے، نہایہ میں ہے

---

[1] ایک ڈاکٹر نے بتایا کہ دایاں زانو کھڑا کر کے اور بایاں زانو بچھا کر کھاتے والے کو اپنڈے سائٹس کا عارضہ لاحق نہیں ہوتا، کیونکہ اس عارضے میں ناف کی دائیں جانب ایک انتڑی بڑھ جاتی ہے اور مریض کو شدید درد لاحق ہوتا ہے اور اس کا علاج صرف آپریشن ہے ہنگلے، جب کھانا کھانے کے وقت دایاں زانو کھڑا رہے گا تو وہ انتڑی دبی رہے گی، اللہ اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مبارکہ پر عمل کرنے کے کتنے فائدے ہیں۔ ۱۲ شرف قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

چھوٹا برتن جس میں تھوڑا سالن کھایا جاتا ہے، فارسی سے عربی بنایا ہوا ہے، عام طور پر ان برتنوں کو کہتے ہیں جن میں چٹنی اور جوارش ڈال کر کھانوں کے پاس رکھی جاتی ہے تاکہ بھوک کو ابھارے اور ہضم میں مدد دے۔

سلہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی چپاتی تناول نہیں فرمائی خواہ آپ کے لیے پکائی گئی ہو یا کسی دوسرے کیلیے جیسے کہ بعض محدثین نے کہا ہے ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ آپ نے چپاتی تناول نہیں فرمائی۔ ظاہر عبارت یہ ہے کہ آپ کے لیے نہیں پکائی جاتی تھی، اور اگر کسی دوسرے نے اپنے لیے پکائی ہو اور آپ کے سامنے لا کر کھانے لگا ہو تو اس کے کھانے سے انکار نہیں فرماتے تھے۔ جیسے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ صحابہ کرام کی موافقت فرماتے تھے اور تکلف سے کام نہیں لیتے تھے، اسی طرح کہا گیا ہے، واللہ تعالیٰ اعلم میز پر کھانے کی نفی سے یہ سوال پیدا ہوتا تھا کہ کھانا کس چیز پر رکھ کر کھاتے تھے اور میز کی جگہ کوئی دوسری چیز ہوتی تھی یا نہیں؟ برخلاف چھوٹی پیالی میں کھانے کے کہ اس کی مطلقاً نفی ہے۔

سلہ ظاہر یہ ہے کہ یہ صحابہ کرام کے حال کے بارے میں سوال ہے، کیونکہ وہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے افعال اور آثار کی پیروی کرنے والے تھے ان کے احوال کے بارے میں سوال دراصل نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حال شریف کے بارے میں سوال ہوگا اور اگر یا کلوا کی ضمیر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام کی طرف راجع کریں تو بھی درست ہے۔

سُفَر سین پر پیش، فاء پر زبر، جمع ہے سُفرَۃ کی فاء ساکن، دیار عرب میں چمڑے یا کھجور کے پتوں کے گول دسترخوان بناتے تھے، سفرہ اصل میں اس کھانے کو کہتے ہیں جو مسافر اپنے ساتھ لے جاتا ہے اور عام طور پر چمڑے کے گول دسترخوان میں لے جاتے ہیں اس لیے مجازاً چمڑے کے دسترخوان کو سفرہ کہہ دیا گیا۔

۳۹۸۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ مَا اَعْلَمُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَغِيْفًا مُرَقَّقًا حَتّٰى لَحِقَ بِاللّٰهِ وَلَا رَاٰى شَاةً سَمِيْطًا بِعَيْنِهٖ قَطُّ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

12

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نہیں جانتا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چپاتی دیکھی ہو یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے[1] اور آپ نے کبھی اپنی آنکھ سے بھنی ہوئی بکری[2] نہیں دیکھی۔ (بخاری)

سلہ اور اس دنیا سے رحلت فرما گئے۔

سلہ سمیط: اس بکری کو کہتے ہیں جس کے بال گرم پانی کے ساتھ اتار دیے جاتے ہیں پھر چمڑے سمیت بھونی جاتی ہے اور یہ دولتمندوں کی عادت ہے، اسی لیے خاص طور پر اس کا ذکر کیا، آنکھ کے ساتھ دیکھنے کا ذکر تاکید کے لیے کیا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جیسے کہتے ہیں کہ یہ تحریر فلاں نے اپنے ہاتھ سے لکھی اور فلاں شخص اپنے پاؤں کے ساتھ چلا۔

۴۹۹۰/۱۳ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ مَا رَأَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّقِيَّ مِنْ حِيْنَ ابْتَعَثَهُ اللهُ حَتّٰى قَبَضَهُ اللهُ وَ قَالَ مَا رَأَى رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُنْخَلًا مِنْ حِيْنَ ابْتَعَثَهُ اللهُ حَتّٰى قَبَضَهُ اللهُ قِيْلَ كَيْفَ كُنْتُمْ تَأْكُلُوْنَ الشَّعِيْرَ غَيْرَ مَنْخُوْلٍ قَالَ كُنَّا نَطْحَنُهُ وَ نَنْفُخُهُ فَيَطِيْرُ مَا طَارَ وَمَا بَقِيَ ثَرَّيْنَاهُ فَاَكَلْنَاهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت سہل بن سعد[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعثت سے وصال تک میدہ[2] نہیں دیکھا، یہ بھی فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعثت سے وصال تک چھلنی[3] نہیں دیکھی، ان سے پوچھا گیا کہ آپ حضرات[4] جو چھانے بغیر کس طرح کھاتے تھے؟ فرمایا: ہم انہیں پیس کر پھونک مارتے تھے تو جو کچھ اڑ[5] جاتا وہ اڑ جاتا اور جو باقی بچتا اسے ہم گوندھ[6] لیتے اور کھا لیتے تھے[7] (بخاری)

[1] حضرت سہل بن سعد ساعدی مشہور انصاری صحابی ہیں، ان کے احوال کئی دفعہ لکھے جا چکے ہیں۔

[2] النقی نون پر زبر، قاف کے نیچے زیر، اور یاء مشدد، وہ آٹا جسے بار بار چھانا گیا ہو، تاکہ صاف اور سفید رہ جائے، میدہ۔ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے میدہ دیکھا اور نہ ہی اس کی روٹی کھائی۔

[3] منخلا میم اور خاء پر پیش، خاء پر زبر بھی آئی ہے۔ چھلنی جس کے ساتھ آٹا چھانتے ہیں۔

[4] یعنی جو کی روٹی ——— حالانکہ عام طور پر آپ کی خوراک جو ہی تھے۔

[5] بھوسا۔

[6] ثری نرمی، تثریۃ مٹی کو پانی سے تر کرنا۔

[7] بظاہر ان دو حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے باریک روٹی (چپاتی) تناول نہیں فرمائی، کیونکہ نہ دیکھنے سے مراد بطور تاکید نہ کھانا ہے۔ گزشتہ حدیث میں جو ہے کہ آپ کے لیے چپاتی نہیں پکائی گئی تو اس سے مراد بھی یہی ہوگا۔ ہاں اس جگہ یہ تاویل کی جا سکتی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں دیکھا کہ آپ کیلیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ایسی روٹی پکائی گئی ہو لیکن یہ تاویل بعید ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳۹۹۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ مَا [14] عَابَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا قَطُّ اِنِ اشْتَهَاهُ اَكَلَهٗ وَاِنْ كَرِهَهٗ تَرَكَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کھانے میں عیب نہیں نکالا، اگر آپ کی طبیعت چاہتی [1] تو اسے تناول فرمالیتے اور اگر آپ کو ناپسند [2] ہوتا تو چھوڑ دیتے۔ (صحیحین)

[1] اس کھانے کو جو آپ کی خدمت میں پیش کیا جاتا۔

[2] طبیعت شریفہ کے موافق نہ ہوتا یا موقع محل کے مناسب نہ ہوتا۔

۳۹۹۲ وَعَنْهُ اَنَّ رَجُلًا كَانَ یَاْكُلُ [15] اَكْلًا كَثِیْرًا فَاَسْلَمَ وَكَانَ یَاْكُلُ قَلِیْلًا فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ یَاْكُلُ فِیْ مِعًی وَّاحِدٍ وَّالْكَافِرُ یَاْكُلُ فِیْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ) وَرَوٰی مُسْلِمٌ عَنْ اَبِیْ مُوْسٰی وَابْنِ عُمَرَ الْمُسْنَدَ مِنْهُ فَقَطْ وَفِیْ اُخْرٰی لَهٗ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ضَافَهٗ ضَیْفٌ وَّهُوَ كَافِرٌ فَاَمَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اُخْرٰی

ان ہی سے روایت ہے کہ ایک شخص بہت کھایا کرتا تھا وہ اسلام لے آیا تو کم کھایا کرتا تھا، یہ بات نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی گئی تو فرمایا: بے شک مومن ایک آنت میں کھاتا [1] ہے اور کافر سات آنتوں میں کھاتا ہے۔ (بخاری)

امام مسلم نے حضرت ابوموسیٰ اشعری اور ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے حدیث کا اتنا حصہ ہی روایت کیا جس کا اسناد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف [2] ہے حضرت ابوہریرہ سے مروی امام مسلم کی ایک دوسری روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ایک مہمان آیا وہ کافر تھا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم پر ایک بکری کا دودھ دوہا گیا تو وہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اُخْرٰی فَشَرِبَهٗ ثُمَّ اُخْرٰی فَشَرِبَهٗ حَتّٰی شَرِبَ حِلَابَ سَبْعِ شِیَاهٍ ثُمَّ اَنَّهٗ اَصْبَحَ فَاَسْلَمَ فَاَمَرَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِشَاةٍ فَحُلِبَتْ فَشَرِبَ حِلَابَهَا ثُمَّ اَمَرَ بِاُخْرٰی فَلَمْ یَسْتَتِمَّهَا فَقَالَ اَلْمُؤْمِنُ یَشْرَبُ فِیْ مِعًا وَّاحِدٍ وَّ الْکَافِرُ یَشْرَبُ فِیْ سَبْعَةِ اَمْعَاءٍ ۔

اس کا تمام دودھ پی گیا ، پھر دوسری کا حکم دیا اس کا دودھ بھی پی گیا پھر ایک اور بکری کا حکم دیا اس کا دودھ بھی پی گیا یہاں تک کہ سات بکریوں کا دودھ پی گیا ۔ پھر صبح ہوئی تو وہ اسلام لے آیا ، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم پر ان کے لیے ایک بکری دوہی گئی تو اس کا دودھ پی گئے ۔ پھر دوسری دوہی گئی تو اس کا سارا دودھ نہ پی سکے ، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ، مومن ایک آنت میں اور کافر سات آنتوں میں پیتا ہے[1]۔

[1] یہ کم کھانے سے کنایہ ہے ——— مِعًا میم کے نیچے زیر اور زبر دونوں ، آنت ، اَمْعَاء ہمزہ سے پر زیر ، آخر میں الف ممدودہ ، جمع ——— کہتے ہیں کہ ہر آدمی کی سات آنتیں ہوتی ہیں ، علامہ طیبی نے کہا کہ سات کی تخصیص کثرت کے بیان میں مبالغہ کے لیے ہے جیسے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں وَالْبَحْرُ یَمُدُّهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ (اور سمندر اس کی سیاہی ہو اس کے پیچھے سات سمندر اور) کہتے ہیں کہ مومن کی دنیا میں بے رغبتی اور کافر کی حرص اور طمع کی مثال بیان کرنا مقصود ہے ، کم اور زیادہ کھانا مراد نہیں ہے ۔

یا مومن سے مراد کامل ایمان والا مومن ہے ، اس کے کم کھانے کی وجہ یہ ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ کا نام پاک لینے کی برکت حاصل ہوتی ہے ، اس کا باطن معرفت اور ایمان کے نور سے معمور ہوتا ہے ۔ اس کی توجہ جسم کی تدبیر کی طرف نہیں ہوتی اور وہ اسے اہمیت نہیں دیتا ۔ کافر اس کے برعکس ہوتا ہے ، اور حقیقت میں یہ تنبیہ ہے اس امر پر کہ مومن کی شان یہ ہے کہ صبر ، قناعت ، اور زہد و ریاضت کے سلوک کو لازم پکڑے ، بھوک مٹانے ، حد ضرورت پر ٹھہر جانے اور معدے کو خالی رکھنے پر اکتفا کرے کہ یہ طریقہ دل کے منور ہونے ، کدورت اور قساوت کے زنگ سے باطن کے پاک ہونے ، بیداری اور عبادت کے میسر آنے کا موجب ہے ، اس کے علاوہ کم کھانے کے دوسرے بہت سے فوائد اور منافع ہیں ۔

مروی ہے کہ ایک فقیر حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس آیا ، اس نے کھانا بہت کھایا ، فرمایا ، اسے دوسری بار میرے پاس نہ لانا ۔ اس کی وجہ یہ بیان کی گئی کہ وہ اس صفت میں کافروں کے مشابہ ہو گیا تھا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور جو شخص کافروں کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو اس کی صحبت سے بچنا چاہیے، ہمیشہ کم کھانا دانشوروں، بلند ہمت والوں اور صوفیاء کرام کے نزدیک قابل تعریف ہے، اور زیادہ کھانا قابل مذمت ہے، ہاں حد سے بڑھ کر بھوکا رہنا ممنوع ہے جو جسمانی کمزوری اور جسمانی قوتوں کے مختل ہونے کا باعث بنے اور کاروبار سے روک دے، ایسی بھوک طریقۂ حکمت کے بھی منافی ہے، ہاں اس کا طریقہ یہ ہے کہ ریاضت کا اندازہ اختیار کیا جائے اور اس کی عادت ڈالی جائے، جیسے درویش کرتے ہیں، اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے، یہ حضرت ابوہریرہ سے امام بخاری کی روایت ہے۔

۲؎ اور وہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے اِنَّ الْمُؤْمِنَ یَاْکُلُ سے آخر تک، یعنی امام مسلم کی روایت میں یہ واقعہ مذکور نہیں ہے کہ ایک مرد اکیلا بہت کھایا کرتا تھا، بلکہ صرف نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان مذکور ہے۔

۳؎ بعض نسخوں میں ہے فَلَمْ یَسْتَتِمَّهَا۔ اس پہلی بکری کا سارا دودھ نہ پی سکے اور اسی کے ساتھ سیر ہو گئے۔

۴؎ اس جگہ دودھ پینے کا ذکر تھا اس لیے فرمایا کہ وہ پیتا ہے، جب کہ سابقہ روایت میں کھانے کا ذکر تھا اس لیے وہاں، فرمایا کہ کھاتا ہے۔

۳۹۹۳/۱۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامُ الْاِثْنَيْنِ كَافِي الثَّلٰثَةِ وَطَعَامُ الثَّلٰثَةِ كَافِي الْاَرْبَعَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دو کا کھانا تین کے لیے کفایت کرنے والا ہے اور تین کا کھانا چار کے لیے کفایت کرنے والا ہے ۱؎ (صحیحین)

۱؎ مطلب یہ ہے کہ جتنے کھانے سے دو آدمی سیر ہو جائیں وہ تین آدمیوں کی خوراک بن سکتا ہے (یعنی اس پر تین افراد گزارہ کر سکتے ہیں۔ ۱۲ قادری)

۲؎ اس کا بھی وہی مطلب ہے جو ابھی بیان کیا گیا (یعنی تین آدمیوں کے کھانے پر چار افراد گزارہ کر سکتے ہیں)

۳۹۹۴/۱۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ طَعَامُ الْوَاحِدِ يَكْفِي الْاِثْنَيْنِ يَكْفِي الْاَرْبَعَةَ وَ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ایک کا کھانا دو کے لیے اور دو کا کھانا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

طَعَامُ الْاَرْبَعَةِ يَكْفِي الثَّمَانِيَةَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

چار کے لیے اور چار کا کھانا آٹھ کے لیے کفایت کرتا ہے[1] (مسلم)

[1] اس کا مطلب وہی ہے جو اس سے پہلے بیان ہوا، لفظ کفایت میں اس مطلب کی طرف اشارہ ہے، ہاں پہلی حدیث میں ثلث اور ربع کے حساب سے ارشاد فرمایا اور اس حدیث میں مضاعفت کے طور پر (یعنی جتنے آدمیوں کا کھانا ہے ان سے دوچند کے لیے کفایت کرتا ہے) اور دونوں باتیں صحیح ہیں، حالات اور اشخاص کے اختلاف کی بنا پر اختلاف ہے، مروی ہے کہ حضرت امیر المومنین عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رمادہ کے سال (۱۸ھ) فرمایا کہ میرا ارادہ ہے کہ ہر گھر والوں کے پاس ان کی تعداد کے برابر افراد بھیجوں۔

مطلب یہ تھا کہ ان کے کھانے میں وہ افراد شریک ہوں، کیونکہ آدمی پیٹ بھرنے کی مقدار سے آدھا کھانا کھا کر ہلاک نہیں ہوتا، بہرصورت اس جگہ لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق اور ہمدردی سے پیش آنے اور قدر کفایت پر قناعت کرنے پر ابھارا گیا ہے۔

۳۹۹۵/۱۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ التَّلْبِيْنَةُ مُجِمَّةٌ لِفُؤَادِ الْمَرِيْضِ تَذْهَبُ بِبَعْضِ الْحُزْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ تلبینہ[1] (دلیہ) بیمار کے دل کو راحت بخشنے والا ہے[2]، کچھ غم کو دور کر دیتا ہے[3] (صحیحین)

[1] تلبینہ یہ آٹے یا بھوسے (چھان بورے) سے شوربے کی طرح پتلا بنایا جاتا ہے اس میں شہد ڈالا جاتا ہے، سفیدی اور پتلا ہونے میں دودھ کے مشابہ ہوتا ہے۔ اسی طرح نہایہ میں ہے، اسی لیے اسے تلبینہ کہتے ہیں جو لَبَنٌ (دودھ) سے مشتق ہے۔

[2] مُجِمَّۃٌ میم اور جیم کی زبر کے ساتھ، میم کی پیش اور جیم کی زیر کے ساتھ بھی پڑھتے ہیں۔

[3] حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ جب ان کے رشتہ داروں میں سے کوئی فوت ہو جاتا اور اس کے لیے عورتیں جمع ہوتیں تو آپ تلبینہ پکانے کا حکم دیتیں، ہنڈیا چڑھا کر اس میں تلبینہ ڈال دیا جاتا، اس جماعت کو کھانے کے لیے دیتیں اور یہ حدیث روایت کرتیں، تلبینہ کے بارے میں دوسری حدیثیں بھی آئی ہیں جن میں اس کے فائدے کا ذکر ہے۔

۳۹۹۶/۱۹ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ خَيَّاطًا

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دَعَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ صَنَعَهُ فَذَهَبْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَرَّبَ خُبْزَ شَعِيْرٍ وَّ مَرَقًا فِيْهِ دُبَّاءٌ وَّ قَدِيْدٌ فَرَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَتَبَّعُ الدُّبَّاءَ مِنْ حَوَالَي الْقَصْعَةِ فَلَمْ اَزَلْ اُحِبُّ الدُّبَّاءَ بَعْدَ يَوْمِئِذٍ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کہ ایک درزی نے کھانا تیار کر کے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دعوت دی، میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ گیا[1] درزی نے جَو کی روٹی اور شوربا پیش کیا جس میں کدو اور خشک کیا ہوا نمکین گوشت تھا[2] میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پیالے کے اطراف و جوانب[3] میں کدو تلاش کرتے ہوئے دیکھا اس دن کے بعد میں ہمیشہ کدو کو محبوب رکھتا رہا ہوں۔ (صحیحین)

[1] حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خادم تھے۔ خادموں اور تابعین کیلیے جائز ہے کہ دعوت میں مخدوم اور متبوع کے ساتھ جائیں، پھر اگر صراحت یا دلالت کے ساتھ دعوت کرنے والے کی رضا مندی پائی جائے تو دعوت میں شامل ہو جائیں۔ یہ حکم ضیافت کے باب میں معلوم ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ تعالیٰ

[2] مَرَق میم اور راء پر زبر، شوربا قدید وہ گوشت جسے نمک لگا کر خشک کر لیا گیا ہو۔ "قَدٌّ" کا معنی ہے کسی چیز کا لمبائی میں کاٹنا۔

[3] حَوَالَي تثنیہ کا لفظ ہے حَوَالَيْهِ، حَوَالَهُ، حَوْلَيْهِ اور حَوْلَهُ بھی کہتے ہیں، سب صورتوں میں لام پر زبر ہے، بمعنی جانب، اس جگہ سے معلوم ہوا کہ پلیٹ کے اطراف کی طرف ہاتھ کا دراز کرنا جائز ہے جب کہ طعام مختلف ہو اور معلوم ہو کہ ساتھی اسے ناپسند نہیں کرے گا، حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کدو کو تلاش کرنے سے معلوم کیا کہ آپ کو اس سے محبت ہے، اسی لیے فرمایا کہ میں اس دن کے بعد ہمیشہ اسے محبوب رکھتا رہا ہوں۔ حدیث کے فوائد میں سے یہ ہے کہ فقراء و مساکین اور اہل حرفہ (درزی وغیرہ) کی دعوت قبول کرنی چاہیے اور جو کچھ وہ فقیرانہ کھانا پیش کریں اس کے ساتھ دلچسپی لینا چاہیے اور اکتا جانے کا مظاہرہ نہیں کرنا چاہیے۔

۳۹۹۷ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ اُمَيَّةَ اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْتَزُّ مِنْ كَتِفِ شَاةٍ

حضرت عمرو بن امیہ ضمری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا کہ بکری کا کندھا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فِیْ یَدِہٖ فَدُعِیَ اِلَی الصَّلٰوۃِ فَاَلْقَاھَا وَالسِّکِّیْنَ الَّتِیْ یَحْتَزُّ بِھَا ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰی وَلَمْ یَتَوَضَّأْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

آپ کے دست مبارک میں تھا اور آپ اس کا گوشت کاٹ رہے تھے[۲] اتنے میں آپ کو نماز کے لیے بلایا گیا[۳] تو آپ نے وہ کندھا اور وہ چھری پھینک دی جس کے ساتھ آپ کاٹ رہے تھے[۲]، پھر آپ کھڑے ہوئے، نماز پڑھی اور وضو نہیں کیا۔ (صحیحین)

[۱] حضرت عمرو بن امیہ ضمری پہلوان صحابہ میں سے تھے اور عرب کے طاقت ور اور جرأتمند افراد میں سے شمار ہوتے تھے بدر اور احد میں مشرکوں کے ساتھ حاضر ہوتے احد سے واپسی پر ایمان لے آئے، مسلمانوں کے ساتھ پہلے پہل بیر معونہ کے دن حاضر ہوئے، عامر بن طفیل نے انہیں گرفتار کر لیا، بعد ازاں رہا کر دیا۔ ۶ھ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں حبشہ میں نجاشی کے پاس بھیجا، نجاشی کے پاس پہنچ کر اسے اسلام کی دعوت دی تو وہ اسلام لے آئے، حضرت عمرو اہل حجاز میں شمار کیے جاتے ہیں۔

[۲] یحتز بے نقطہ حاء، زاء مشدد، مشتق ہے حز سے جس کا معنی کاٹنا ہے، جیم کے ساتھ بھی روایت ہے اس کا معنی بھی کاٹنا ہے، کہتے ہیں کہ بالوں اور گھاس کے بارے میں جیم کے ساتھ استعمال کرتے ہیں اور گوشت وغیرہ میں حاء کے ساتھ۔

[۳] اس بلانے سے مراد اذان ہے یا یہ مراد ہے کہ معمول کے مطابق جب لوگ اکٹھے ہو گئے تو حضرت بلال نے آکر اطلاع دی۔

[۴] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ چھری کے ساتھ گوشت کاٹنا جائز ہے، یہ اس وقت ہے جب حاجت ہو، اور اگر اتنا پکا اور گلا ہوا ہو کہ کاٹنے کی حاجت نہ ہو تو چھری سے کاٹنا مکروہ ہے اور عجمیوں کے تکلفات میں سے شمار کیا جاتا ہے، جیسے کہ دوسری فصل میں آئے گا۔ نیز کھانا حاضر ہونے کے باوجود مؤذن کی آواز پر لبیک کہنا اور نماز کو حاضر ہونا بھی ثابت ہوا، اور یہ اس وقت ہے کہ کھانے کے ضائع ہو جانے کا خوف نہ ہو، کھانے کی سخت حاجت نہ ہو، اور یہ خوف نہ ہو کہ بعد میں نہیں ملے گا، یہ بھی معلوم ہوا کہ پکا ہوا گوشت کھانے سے وضو واجب نہیں ہوتا، کہتے ہیں کہ ابتداء اسلام میں واجب تھا پھر منسوخ ہو گیا، اس حدیث سے اگرچہ صراحۃً گوشت کھانا معلوم نہیں ہوا لیکن ظاہر یہی ہے، دوسری احادیث میں اس کی تصریح بھی آئی ہے۔

۳۹۹۸ / ۲۱ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُحِبُّ الْحَلْوَآءَ وَالْعَسَلَ۔ حلوا[1] اور شہد پسند فرماتے تھے۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ) (بخاری)

[1] حلوا ہمزہ ممدودہ اور مقصورہ کے ساتھ، اس کا اطلاق صرف اس چیز پر ہوتا ہے جو تیار کی جائے اور اس میں چکنائی اور مٹھاس ہو، اسی طرح مجمع البحار میں ہے، کہتے ہیں کہ حلواء سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت بطور طلب اور خواہش نہ تھی، بات صرف اتنی تھی کہ جب ایسی کوئی چیز آپ کی خدمت میں پیش کی جاتی تو کسی قدر رغبت سے تناول فرماتے جس سے ظاہر ہوتا کہ آپ اس کے ذائقے کو پسند فرماتے ہیں، ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ اَلْمُؤْمِنُ حَلَوِیٌّ اس سے مراد یا تو یہ ہے کہ مومن حلوے کو پسند کرنے والا ہے، جیسے کہ ظاہر ہے، یا ایمان کی مٹھاس کا محسوس کرنا مراد ہے، اور حقیقت ایمان کے ذائقے میں مٹھاس ہے، جیسے کہ ارشاد فرمایا: اس شخص نے ایمان کی مٹھاس پائی جو اللہ تعالٰی سے راضی ہوا۔ اس لذت کو وہی پہچانتا ہے جو اسے چکھتا ہے۔

۳۹۹۹/۲۲ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَاَلَ اَھْلَہُ الْاُدُمَ فَقَالُوْا مَا عِنْدَنَا اِلَّا خَلٌّ فَدَعَا بِہٖ فَجَعَلَ یَاْکُلُ بِہٖ وَیَقُوْلُ نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے اہل خانہ سے سالن[1] کے بارے میں پوچھا تو انہوں نے عرض کیا ہمارے پاس صرف سرکہ ہے آپ نے وہی طلب کیا اور اس کے ساتھ روٹی کھاتے ہوئے فرمانے لگے سرکہ[2] بہترین سالن ہے، سرکہ بہترین سالن ہے۔

(مسلم)

[1] اُدُم ہمزے پر پیش، دال ساکن اسی کو اصول صحیحہ میں صحیح قرار دیا گیا ہے۔ بعض نسخوں میں دال کے پیش کے ساتھ ہے، علامہ ابن حجر نے شرح شمائل میں فرمایا: اُدْم دال کے سکون کے ساتھ اِدام کی طرح مفرد ہے اور دال کے پیش کے ساتھ جمع ہے جیسے کُتُبٌ اور کِتَابٌ، اُدُم اس چیز کو کہتے ہیں جس کے ساتھ روٹی کھائیں اور وہ روٹی کی اصلاح کرے، مشتق ہے مُوَادَمَۃٌ سے جس کا معنٰی موافقت اور ملاعنت ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اپنے اہل سے سالن طلب فرمایا۔

[2] مقصد کھانے کی چیزوں میں میانہ روی اختیار کرنے کی تعریف تھی اور نفس کو لذیذ کھانوں سے منع کرنا تھا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے دو دفعہ تاکید اور عوام الناس کے دلوں کو تسلی دینے کے لیے فرمایا ــــــ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو شخص قسم کھائے کہ وہ سالن کے ساتھ روٹی نہیں کھائے گا پھر اس نے سرکے کے ساتھ کھالی تو اس کی قسم ٹوٹ جائے گی۔ ایک حدیث میں آیا ہے کہ سرکہ انبیاء کرام علیہم السلام کا سالن ہے، طب کی کتابوں میں سرکے کے بہت فائدے لکھے گئے ہیں۔

۴۰۰۰/۲۲ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ مِنَ الْمَنِّ الَّذِيْ اَنْزَلَ اللهُ تَعَالٰى عَلٰى مُوْسٰى عَلَيْهِ السَّلَامُ

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، کھمبی مَنّ سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کے لیے شفاء ہے (صحیحین) امام مسلم کی روایت میں ہے اس مَنّ سے ہے جو اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام پر اتارا۔ ؎

لہ اَلْکَمْأَۃُ کاف پر زبر، میم ساکن، ہمزے پر زبر بروزن رَحْمَۃٌ عام طور پر میم کی زبر کے ساتھ، ہمزے کے بغیر پڑھتے ہیں۔ بروزن نَجَاۃٌ چربی کی طرح ایک سفید چیز ہے۔ جسے زمین کی چربی کہتے ہیں۔ فارسی میں سمارق، کلاہ دیو اور ہمارے علاقے میں چتر مار کہتے ہیں اور وہ حلال ہے، ہمارے علاقے میں چونکہ اس کے کھانے کی عادت نہیں ہے اس لیے اکثر لوگ طبعی طور پر اسے مکروہ جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے بارے میں فرمایا کہ وہ مَن سے ہے جو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم پر نازل ہوا، جیسے قرآن مجید میں فرمایا۔ وَاَنْزَلْنَا عَلَيْكُمُ الْمَنَّ وَالسَّلْوٰى ہم نے تم پر مَنّ و سلویٰ اتارا۔ کہتے ہیں کہ اسے مَنّ میں سے قرار دینے سے مراد اسے مَنّ کے ساتھ تشبیہ دینا ہے۔ کہ جس طرح مَنّ محنت و مشقت کے بغیر آسمان سے اترتا تھا، اسی طرح کھمبی بھی بغیر کسی مشقت کے زمین سے برآمد ہوتی ہے۔ ورنہ بنی اسرائیل کا مَنّ وہ ترنجبین ہوتی تھی جو خشک ہو کر شکر کی طرح بن جاتی تھی اور کھمبی اس طرح نہیں ہوتی۔ بعض حضرات کہتے ہیں کہ اس جگہ مَن سے مراد بنی اسرائیل کا مَن نہیں ہے۔ بلکہ مراد یہ ہے کہ یہ ان نعمتوں میں سے ہے جو اللہ تعالیٰ نے بطور احسان بندوں کو عطا فرمائی ہیں۔ یہ قول اس دوسری روایت کے مخالف ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہی مَنّ ہے جو سلویٰ کے ساتھ تھا جیسے کہ اس کے بعد مسلم شریف کی روایت سے معلوم ہوتا ہے۔

سے ایک روایت میں ہے جو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر اتارا، یہ پوری حدیث کتاب طب ورُقیٰ میں آئے گی۔ اس کی ایک دوسری خاصیت یہ بیان فرمائی کہ اس کا پانی آنکھ کے لیے شفاء ہے اور یا یہ کہ اس کا پانی تنہا آنکھ کے لیے شفاء ہے یا کسی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دوسری چیز کے ساتھ ملا کر؟ تفصیل کے ساتھ ہم اسی جگہ بیان کریں گے۔

۴۰۰۱/۲۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَأْکُلُ الرُّطَبَ بِالْقِثَّاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ککڑی کے ساتھ تر کھجور کھاتے دیکھا ہے (صحیحین)

لہ قثّاء قاف پر پیش اور زیر دونوں پڑھ سکتے ہیں اور زیر زیادہ ہے۔ آخر میں الف ممدودہ، ککڑی شمائل ترمذی میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تر کھجور کے ساتھ تربوز کھایا کرتے تھے۔ یہ بھی آیا ہے کہ تر کھجور کے ہمراہ خربوزہ کھایا کرتے تھے۔ خربز خا کے نیچے زیر، را ساکن اور با کے نیچے زیر، خربوزہ، بعض روایات میں بطیخ (تربوز) کی جگہ طبیخ آیا ہے۔ یا در ہے پہلے طاء، جس کا معنی مطبوخ ہے۔ ایک دوسری حدیث میں ہے یَأْکُلُ الْقِثَّاءَ بِالْمُجَاجِ، تشدید پہلے دونوں حرفوں پر زبر نباتات میں سے ککڑی کے مشابہ ایک چیز بلکہ اس کی ایک قسم ہے، مجاج میم پر پیش اس کے بعد دو جیم، شہد۔

اس میں شک نہیں ہے کہ اس حدیث کے الفاظ سے ان چیزوں اور تر کھجور کا جمع کرنا سمجھا جاتا ہے، محدثین نے فرمایا کہ معدہ میں جمع کرنا مراد ہے، بعض نے کہا کہ چبانے میں جمع کرنا مراد ہے یعنی دونوں چیزوں کو منہ میں جمع کرتے اور ملا کر تناول فرماتے، یہ مطلب الفاظ سے زیادہ ظاہر ہے، بعض شارحین نے کہا کہ تر کھجور اور ککڑی کو چبانے میں جمع کرنا ذائقے کے اعتبار سے موزوں نہیں ہے اس لیے معدے میں جمع کرنا مراد ہوگا، یہ قول درست نہیں ہے اور محض ظن و تخمین کی بنا پر احادیث کو ظاہر سے پھیرنا ہے، ذائقے کا موزوں نہ ہونا بھی مسلم نہیں ہے۔ امام طبرانی کی روایت کردہ حدیث میں ہے اگرچہ محدثین نے اس کی سند کو ضعیف قرار دیا ہے، راوی کہتے ہیں کہ میں نے دیکھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں ہاتھ میں ککڑی اور بائیں ہاتھ میں تر کھجوریں تھیں اور آپ کبھی اس سے تناول فرماتے اور کبھی اس سے، اس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے دونوں چیزیں کھانے میں جمع فرمائیں اور ظاہر یہ ہے کہ اتفاقاً بغیر کسی تکلف کے ایسا ہوا۔

اس حدیث میں دلیل ہے کہ دو کھانوں کا جمع کرنا اور کھانوں میں وسعت جائز ہے۔ اس کے جواز میں علماء کا اختلاف نہیں ہے اور وہ جو سلف صالحین کا اس میں اختلاف منقول ہے تو وہ اس امر پر محمول ہے کہ کئی کھانوں کا جمع کرنا عادت بنا لیا جائے اور دینی مصلحت کے بغیر کھانے پینے کی چیزیں کثرت سے جمع کی جائیں اور داد عیش دی جائے۔ اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا۔

۴۰۰۲/۲۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ کُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِمَرِّ الظَّهْرَانِ نَجْنِي الْكَبَاثَ فَقَالَ عَلَيْكُمْ بِالْأَسْوَدِ مِنْهُ فَإِنَّهُ أَطْيَبُ فَقِيلَ أَكُنْتَ تَرْعَى الْغَنَمَ قَالَ نَعَمْ وَهَلْ مِنْ نَبِيٍّ إِلَّا رَعَاهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کے ہمراہ مرالظہران [۱] میں پیلو کے پھل [۲] چن رہے تھے، آپ نے فرمایا، اس میں سے خاص طور پر کالے کالے چنو کہ وہ اچھے ہوتے ہیں [۳]، عرض کیا گیا کہ کیا آپ بکریاں چراتے رہے ہیں؟ فرمایا: ہاں! اور ہر نبی نے بکریاں چرائی ہیں [۴]

(صحیحین)

[۱] مرالظہران میم پر زبر، را مشدد، نقطے والی ظاء پر زبر، کہ مکہ سے ایک مرحلے سے کم فاصلے پر ایک وادی ہے جسے عوام وادی فاطمہ کہتے ہیں، مدینہ منورہ کی زیارت کے عازمین پہلے اسی جگہ پڑاؤ ڈالتے ہیں، وادی فاطمہ نام میں حضرت فاطمہ زہرا رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی طرف نسبت نہیں ہے بلکہ یہ ایسا ہی نام ہے جس طرح مختلف مقامات اور دیہات کا نام ہوتا ہے، اسی طرح ہم نے بعض مشائخ سے سنا۔

[۲] کباث کاف پر زبر، با مخفف، پیلو کے پکے ہوئے پھل کو کہتے ہیں۔

[۳] پیلو کا پھل جنگل میں بود و باش اختیار کرنے اور بکریاں چرانے والوں کی خوراک ہوتا ہے اور انہیں ہی اچھے اور برے کی پہچان ہوتی ہے (اسی لیے صحابہ کرام نے سوال کیا ۱۲ ق)

[۴] کلمات حدیث کا ظاہر مطلب یہی ہے اور اسے مبالغہ پر محمول کرنا بعید ہے ——— محدثین فرماتے ہیں کہ مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے منصب نبوت، دنیا داروں، بادشاہوں، متکبروں اور اپنے آپ کو اونچا سمجھنے والوں میں نہیں رکھا بلکہ بکریاں چرانے والوں اور ارباب فقر و تواضع میں رکھا، کہتے ہیں کہ بکریاں چرانے میں حکمت یہ ہے کہ کمزوروں کی صحبت کے سبب صفت تواضع حاصل اور مکمل ہو نیز خلوت گزینی اور بادیہ نشینی سے دلوں کی

---

[۵] آج کل اعلیٰ ہوٹلوں میں کھانے پینے کی بیسیوں چیزیں سجی ہوتی ہیں اور عیش پرست دولت مند حسب خواہش ان میں سے پیتے ہیں اور کھاتے ہیں، ایک ایک وقت میں سینکڑوں ہزاروں روپے اڑا دیتے ہیں، یہ سراسر تکلف ہے اور اسراف میں داخل ہے، اسلامی روش تو یہ تھی کہ قحط کے موقع پر حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ نے روغن زیتون تک کھانا چھوڑ دیا تھا، وہ فرمایا کرتے تھے کہ اس وقت تک نہیں کھاؤں گا جب تک عوام کو میسر نہ ہوگا، آج عام آدمی کو دو وقت کی روٹی اور تن ڈھانپنے کے لیے کپڑا حاصل کرنا مشکل ہو گیا ہے ایسے میں ارباب حکومت کا جلسوں، جلوسوں، غیر ملکی سفروں اور دعوتوں پر اربوں روپے خرچ کر دینا سراسر ناانصافی اور عام آدمی سے ہمدردی نہ ہونے کی علامت ہے۔ ۱۲ قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صفائی اور امامت کی راہنمائی کے لیے اصلاح اور انتظام کا سلیقہ حاصل ہو، رعیت، رعی اور رعایۃ کے مادہ سے مشتق ہے، روایات میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کلیم اللہ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو وحی کی کہ اے موسیٰ! جانتے ہو کہ ہم نے تمہیں کس صفت کی بنا پر نبوت عطا فرمائی؟ موسیٰ علیہ السلام نے عرض کیا اے پروردگار! تو بہتر جانتا ہے، فرمایا اس دن کو یاد کرو جب تم وادی ایمن میں بکریاں چرا رہے تھے، ایک بکری بھاگ گئی، تم اس کے پیچھے بھاگے اور اس سلسلے میں تکلیف اور مشقت اٹھائی، جب تم نے اس بکری کو پکڑ لیا تو تم نے نہ تو اسے مارا اور نہ ہی ناراض ہوئے، بلکہ ازراہ شفقت کہا۔ بیچاری بکری! تم نے خود بھی تکلیف اٹھائی اور مجھے بھی مشقت میں ڈالا، جب ہم نے اس حیوان پر تمہاری نرمی اور رحمت وشفقت دیکھی تو ہم نے بھی تم پر رحمت کی اور تمہیں منتخب کیا اور نبوت عطا فرمائی۔ شعر

بلا خوش باش کاں محبوب جاں را بدرویشاں ومسکیناں سرے ہست

خبردار! خوش ہو جاؤ کہ اس محبوب جان کو درویشوں اور مسکینوں کا پاس ہے۔

۴۰۰۳/۲۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْعِيًا يَاْكُلُ تَمْرًا وَفِيْ رِوَايَةٍ يَاْكُلُ مِنْهُ اَكْلًا ذَرِيْعًا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اکڑوں بیٹھے[1] خشک کھجوریں کھاتے ہوئے دیکھا اور ایک روایت میں ہے کہ جلدی جلدی کھجوریں کھاتے ہوئے دیکھا[2] (مسلم)

[1] اس جگہ اقعاء سے مراد سرین کا زمین پر رکھ کر پنڈلیوں کا کھڑا کرنا ہے۔

[2] اس موقع پر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کھجوریں تناول فرمانے سے کوئی زیادہ اہم کام درپیش ہوگا اس لیے آپ نے کوشش کی کہ جلد کھجوریں تناول فرما کر اس کام میں مشغول ہو جائیں، خواہش اور حرص والوں کی طرح جلدی نہیں فرمائی۔

۴۰۰۴/۲۷ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّقْرِنَ الرَّجُلُ بَيْنَ التَّمْرَتَيْنِ حَتّٰى يَسْتَاْذِنَ اَصْحَابَهٗ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا کہ ایک آدمی دو کھجوروں کو جمع کرے یہاں تک کہ اپنے ساتھیوں سے اجازت لے[1] (صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ بزاس کے ساتھ کھانے میں شریک ہیں، علامہ سیوطی نے فرمایا: یہ فقر اور تنگ دستی کی حالت میں تھا، دولت اور وسعت کے حاصل ہونے کے بعد یہ حکم منسوخ ہوگیا، اور فرمایا: ہم تمہیں کھجوروں کے جمع کرنے سے منع کرتے تھے، جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں رزق کی فراخی عطا فرمائی ہے تو ملا کر کھا سکتے ہو، یعنی اگر ملا کر کھائیں تو یہ حرام اور مکروہ نہیں ہے تحقیق یہ ہے کہ اگر ساتھیوں نے مل کر خرچ کیا ہے اور وہ صرف اس قدر پر راضی ہوں کہ ہر شخص اپنے خرچ کے مطابق کھائے تو اس سے تجاوز کرنا حرام ہے اس صورت کے علاوہ ادب اور طریقہ مروت کی حفاظت باقی ہے، ہاں اگر صراحۃً یا دلالۃً اجازت ہو تو حرج نہیں، لہٰذا سابقہ ممانعت دونوں صورتوں (فقر اور فراخی) کو شامل ہے اور اباحت اور استثنیٰ شرکت کے ماسوا صورت میں ہے۔

۴۰۰۵/۲۸ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَجُوْعُ اَهْلُ بَيْتٍ عِنْدَهُمُ التَّمْرُ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ يَا عَائِشَةُ بَيْتٌ لَا تَمْرَ فِيْهِ جِيَاعٌ اَهْلُهٗ قَالَهَا مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلٰثًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس گھر والے بھوکے نہیں رہتے جن کے پاس کھجوریں موجود ہوں[1] اور ایک روایت میں ہے کہ فرمایا: عائشہ! جس گھر میں کھجوریں نہ ہوں اس گھر والے بھوکے ہیں، دو یا تین مرتبہ[2] یہ ارشاد فرمایا۔

(مسلم)

سلہ گویا یہ گھر میں کھجوریں محفوظ رکھنے کی ترغیب ہے، تاکہ بوقت حاجت بھوکا نہ رہے اور جو کچھ گھر میں ہو وہ نیار رہے، مدینہ منورہ کے باشندوں کی یہ عادت ہے کہ اس مبارک شہر میں میسر ہونے والی کھجور کی مختلف قسمیں گھروں میں جمع رکھتے ہیں، جیسے کہ زراعت پیشہ لوگ گھروں میں غلے جمع رکھتے ہیں، ایک دفعہ یہ فقیر مدینہ منورہ میں سید جعفر نامی بزرگ کی زیارت کے لیے گیا وہ مدینہ منورہ کے اکابر میں سے تھے۔ ان کے پاس جو کھجوریں موجود تھیں وہ لا کر پیش کردیں، پوچھا کہ کھجور کی اس قسم کا نام کیا ہے؟ فرمایا: جعفری، میں نے پوچھا دونوں معنوں کے اعتبار سے؟ (یعنی اس کا نام بھی جعفری ہے اور آپ کی نسبت سے بھی جعفری ہے؟) فرمایا: ہاں۔

سلہ راوی کو شک ہے، انہیں تعداد یاد نہیں رہی۔

۴۰۰۶/۲۹ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَصَبَّحَ بِسَبْعِ

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تَمَرَاتٍ عَجْوَةٍ لَمْ يَضُرَّهُ ذٰلِكَ الْيَوْمَ سَمٌّ وَّلَا سِحْرٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سنا کہ جس شخص نے صبح کے وقت سات عجوہ[1] کھجوریں کھائیں اسے اس دن نہ تو زہر نقصان دے گا اور نہ ہی جادو[2]۔ (صحیحین)

[1] عجوہ بے نقطہ عین پر زبر جیم ساکن یہ مدینہ منورہ کی کھجوروں کی ایک قسم ہے جس کا رنگ سیاہی مائل ہوتا ہے یہ مدینہ طیبہ کی عمدہ ترین کھجور ہے۔ کہتے ہیں کہ اس کی اصل نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی لگائی ہوئی ہے۔

[2] سم سین پر تینوں حرکتیں پڑھ سکتے ہیں، زیادہ مشہور اور فصیح اس کی زیر ہے۔ اس جگہ زہر قاتل مراد ہے جو معروف ہے۔ یا سانپ بچھو وغیرہ کی زہر سے عام زہر مراد ہے، ان جانوروں پر سَمّ سے مشتق سامہ اور سوام کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ احادیث میں ان کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ ان الفاظ میں مانگی گئی ہے۔ وَمِنْ شَرِّ السَّامَّةِ وَالْهَامَّةِ کھجور کی اس قسم میں یہ خاصیت اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے سے پائی گئی ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے جڑی بوٹیوں میں مختلف خواص پیدا کیے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو وحی کے ذریعے اس کی اطلاع دی گئی ہوگی۔ محدثین کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا کی برکت سے اس میں یہ خاصیت پیدا ہوئی ہے، ہوسکتا ہے کہ اس حدیث کے الفاظ کو دعا پر محمول کیا جائے یا دعا دوسرے موقع پر کی ہو اور یہ اس کے بعد کی خبر ہو۔ جیسے کہ آئندہ حدیث میں آئے گا۔ سات عدد کی تخصیص کی وجہ سوائے شارع علیہ السلام کے کوئی نہیں جانتا۔ اس کا علم توقیفی ہے یعنی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سننے پر موقوف ہے، جیسے نماز کی رکعتیں وغیرہ کی تعداد۔ تسبیحوں کے پڑھنے اور دعاؤں میں اسماء الٰہیہ کے بارے میں جو تعداد واقع ہوئی ہے وہ بھی اسی قبیلے سے ہے جس اثر کا وعدہ کیا گیا ہے، وہ اس تعداد سے کم یا زیادہ پر مرتب نہیں ہوتا۔ بلکہ کہتے ہیں کہ اسماء کی تاثیر ان کے معنی میں ہے، رہی تعداد تو اس کی تعیین شارع علیہ الصلوٰۃ والسلام کے علاوہ کسی کی شان کے لائق نہیں، ہاں کسی کامل و اکمل ولی کو الہام کے ذریعے یا راسخ العلم عالم کو صحیح استنباط کے ذریعے بعض جگہوں میں تعیین تعداد کا علم ہوسکتا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

ان اشیاء کے ان امراض اور خصوصاً جادو کے دفع کرنے کی تاثیر کے سلسلے میں عام اطباء کو سوائے حیرانی اور سرگردانی کے اور کچھ ہاتھ نہیں آتا جن کے دل نور ایمان اور تصدیق نبوت سے منور نہیں ہوتے، بارگاہ رسالت سے جسمانی اور روحانی طب کے بارے میں وارد ہونے والے اس قسم کے ارشادات بہت ہیں۔

۳۰۰۴ وَعَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ فِيْ عَجْوَةِ الْعَالِيَةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ عالیہ کی عجوہ میں شفاء ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شِفَآءٌ وَ اِنَّھَا تِرْیَاقٌ اَوَّلَ الْبُکْرَۃِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

اور یہ صبح کے پہلے حصے میں تریاق ہے [2]۔ (مسلم)

[1] عالیہ، مدینہ منورہ میں مسجد قبا کی جانب ایک جگہ کا نام ہے۔ اس کے آس پاس کی جگہوں اور دیہات کو عالیہ کہتے ہیں۔ اسی طرف نجد کی زمین ہے۔ عالیہ کی مخالف جانب کو سافلہ کہتے ہیں اور تہامہ تار کی زیر کے ساتھ اسی جانب ہے علامہ طیبی کہتے ہیں کہ عالیہ کا قریب ترین حصہ مدینہ منورہ سے تین میل اور بعید ترین حصہ آٹھ میل ہے۔ عالیہ کی عجوہ کی تخصیص اس لیے ہے کہ کھجور کی یہ قسم اسی جانب ہوتی تھی اور اگر دوسری جگہ بھی ہو تو اس میں یہ خاصیت نہیں ہوگی [1] جیسے کہ بعض شارحین کے کلام میں ہے کہ یہ خاصیت اسی جانب کی عجوہ میں تھی اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا خاص طور پر اسی کے بارے میں واقع ہوئی تھی۔ اس میں شفاء کے موجود ہونے کی خبر دینے کے لیے فرمایا کہ یہ صبح کے پہلے حصے میں تریاق ہے۔

[2] زہر کے دفع کرنے میں تریاق کی خاصیت رکھتی ہے۔ تریاق تار کے نیچے زیر، اس پر پیش بھی پڑھ سکتے ہیں یہ ایک مرکب دوا ہے جو زہر وغیرہ کے دفع کرنے میں مفید ہے۔ تریاق فاروق ایک معروف معجون کا نام ہے، تریاق پتھر کا ایک منکا بھی ہوتا ہے جو زہر کے زائل کرنے کی خاصیت رکھتا ہے۔

صاحب مشکوٰۃ، امام مسلم کے حوالے سے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے جو یہ حدیث لائے ہیں تو اس میں خاص طور پر زہر سے شفاء دینے کا ذکر ہے، صاحب سفر السعادۃ اس طرح روایت لائے ہیں۔ کہ عالیہ کی عجوہ میں ہر بیماری سے شفاء ہے اور یہ صبح کے پہلے حصے میں تریاق ہے، اس صورت میں یہ فرمانا کہ یہ تریاق ہے تعمیم کے بعد تخصیص ہوگی۔ صاحب مشکوٰۃ کی روایت کے مطابق زہر سے شفاء دینے کا بیان ہوگا۔

۴۰۰۸ (۳) وَعَنْھَا قَالَتْ کَانَ یَأْتِیْ عَلَیْنَا الشَّھْرُ مَا نُوْقِدُ فِیْہِ نَارًا اِنَّمَا ھُوَ التَّمْرُ وَالْمَآءُ اِلَّا اَنْ یُّؤْتٰی بِاللُّحَیْمِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ ہم پر مہینہ آتا تھا [1] اس میں آگ نہیں جلاتے تھے [2] ہماری خوراک صرف کھجور تھی اور پانی۔ الّا یہ کہ کبھی تھوڑا سا گوشت لایا جاتا۔ (مسلم)

---

[1] اشعہ کی عبارت یہ ہے اگر در جاتے دیگرہم باشد ایں خاصیت دارد، لیکن روش کلام کے مطابق وہی ترجمہ مناسب ہے جو راقم نے کیا ہے۔ ۱۲ قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ ہم اہل بیت رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا حال یہ تھا کہ ہم پر پورا مہینہ گزر جاتا تھا۔
سلہ کھانا پکانے کے لیے
سلہ گویا سائل نے پوچھا کہ آپ کی خوراک کیا چیز تھی۔
سلہ کھجور اور پانی کے علاوہ کوئی چیز نہ تھی جو کھائی جاتی مگر تھوڑا سا گوشت جو کوئی ہمارے لیے بھیج دیتا، یا یہ مطلب ہے کہ ہم آگ نہیں جلاتے تھے اور کوئی چیز نہیں پکاتے تھے مگر اس وقت کہ کہیں سے گوشت آجاتا اور اس کے پکانے کے لیے ہم آگ جلاتے۔ لحیم لام پر پیش، حا پر زبر، یا ساکن، لحم کی تصغیر۔

۴۰۰۹/۳۲ وَعَنْهَا قَالَتْ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ يَوْمَيْنِ مِنْ خُبْزِ بُرٍّ اِلَّا وَاحِدُهُمَا تَمْرٌ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ محمد مصطفیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اہل بیت دو دن گندم کی روٹی سے سیر نہیں ہوئے مگر یہ کہ ان دونوں میں سے ایک دن ان کا کھانا کھجور تھی۔[1] (صحیحین)

سلہ یعنی انھوں نے مسلسل دو دن گندم کی روٹی نہیں کھائی، گندم کی روٹی کی قید لگائی ہے۔ ہوسکتا ہے کہ جو کی روٹی میسر ہوئی ہو۔

۴۰۱۰/۳۳ وَعَنْهَا قَالَتْ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا شَبِعْنَا مِنَ الْاَسْوَدَيْنِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا وصال ہوا[1] اور ہم دو سیاہ چیزوں[2] یعنی کھجور اور پانی سے سیر نہیں ہوتے۔ (صحیحین)

سلہ اصل میں تُوُفِّیَ کا معنی ہے اس حق کا پورا پورا لے لینا جو کسی کے لیے ثابت ہو، صراح میں ہے توفی پورا حق وصول کرنا، موت کی تعبیر اس کے ساتھ کرتے ہیں اور عموماً صیغہ مجہول لایا جاتا ہے جس کا مطلب یہ ہوتا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنا حق یعنی بندے کی جان اور اس کی زندگی اس سے مکمل طور پر لے لی اور وصول کرلی، بعض اوقات صیغہ معلوم بھی آتا ہے اب مطلب یہ ہوگا کہ زندگی کی مدت سے متعلق بندے کا جو حق تھا وہ اس نے مکمل طور پر اللہ تعالیٰ سے وصول کرلیا۔ یہ دونوں قرأتیں اللہ تعالیٰ کے اس فرمان میں ثابت ہیں۔ وَالَّذِيْنَ يُتَوَفَّوْنَ مِنْكُمْ وَيَذَرُوْنَ اَزْوَاجًا۔ ایک قرأت يُتَوَفَّوْنَ ہے اور دوسری يَتَوَفَّوْنَ ہے ۱۲ ق
سلہ ایک سیاہ کھجور ہے، پانی کو بھی مجاورت اور مقارنت کی بنا پر سیاہ کہہ دیتے ہیں، کلام عرب میں یہ طریقہ کثیر الاستعمال ہے کہ ایک ساتھ رہنے والی دو چیزوں میں سے ایک پر دوسری کا نام اطلاق کرکے تثنیہ بنا دیتے ہیں،

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جیسے ابَوَیْن، قمرین، اور حسنین، اسے تغلیب کہتے ہیں اس لیے کہ ایک کا نام دوسرے پر غالب کر دیا جاتا ہے، پانی کا ذکر بھی اور طفیل طور پر ہے ورنہ مقصود دو ہی کھجوریں ہے، کیونکہ پانی سے بھوک کا مٹانا مقصود نہیں ہوتا اور کھانے کی طرح پانی کی کمی بھی نہیں ہوتی۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کھجور اہل بیت کرام کی خوراک ضرور تھی لیکن وہ اسے بھی پیٹ بھر کر نہیں کھاتے تھے۔

۴۰۱۱/۳۴ وَعَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ اَلَسْتُمْ فِيْ طَعَامٍ وَّ شَرَابٍ مَا شِئْتُمْ لَقَدْ رَاَيْتُ نَبِيَّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ مَا يَجِدُ مِنَ الدَّقَلِ مَا يَمْلَاُ بَطْنَهٗ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت نعمان بن بشیر[1] سے روایت ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ کیا تم جو کچھ چاہتے ہو کھاتے پیتے نہیں ہو؟ میں نے تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں دیکھا کہ آپ ردی کھجوریں[2] بھی اس قدر نہ پاتے تھے جن سے آپ اپنا پیٹ بھر لیں[3]

(مسلم)

[1] نعمان بن بشیر مشہور صحابی ہیں، ہجرت کے بعد انصار کے ہاں سب سے پہلے پیدا ہوئے، انہوں نے اپنے ساتھیوں کو مخاطب کرتے ہوئے فرمایا۔

[2] خشک اور مٹھاس سے خالی، مختلف قسم کی ملی جلی کھجوریں جن کا کوئی معین نام نہیں ہوتا

[3] جب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا یہ حال تھا تو آپ کے اہل بیت اور متبعین کا بھی یہی حال ہوگا پہلی حدیث میں گزرا کہ کئی کئی دن گزر جانے مگر اہل بیت کرام کا عمدہ کھانا سوائے کھجور کے کچھ نہ ہوتا، دوسری حدیث میں فرمایا کہ وہ بھی پیٹ بھر کر نہ کھاتے تھے، اس کے بعد کہا کہ وہ بھی اعلیٰ اور نفیس قسم کی کھجوریں نہ نہیں بلکہ اس قسم سے تعلق رکھتی تھیں جنہیں صرف فقراء ہی کھاتے ہیں، چونکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے راہ فقر و تجرید اختیار کر رکھا تھا اس لیے اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس مقام پر قائم رکھا، درحقیقت یہ صورت حال خوراک کی قلت یا نایابی کی بنا پر نہیں تھی بلکہ جود و ایثار، زہد و تقویٰ و قناعت اور راست کی تعلیم و تربیت کی بنا پر تھی، احادیث میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جن صفات کا ذکر ملتا ہے شلاً جود و کرم، سخاوت و عطا وہ ہمارے دعوے کی قوی دلیل ہے کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے ؎

ہر چہ آمد ست بدست بدادی تو بیش ازاں ایں جود آنکس ست کش از فقر عار نیست

جو کچھ آپ کے ہاتھ میں آتا ہے آپ اس سے زیادہ عطا فرما دیتے ہیں، یہ اسی شخصیت کی سخاوت ہو سکتی ہے جسے فقر سے عار نہیں ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۰۱۲/۳۵ وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ قَالَ کَانَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اُتِیَ بِطَعَامٍ اَکَلَ مِنْہُ وَ بَعَثَ بِفَضْلِہٖ اِلَیَّ وَاِنَّہٗ بَعَثَ اِلَیَّ یَوْمًا بِقَصْعَۃٍ لَمْ یَاْکُلْ مِنْھَا لِاَنَّ فِیْھَا ثُوْمًا فَسَاَلْتُہٗ اَحَرَامٌ ھُوَ قَالَ لَا وَلٰکِنْ اَکْرَھُہٗ مِنْ اَجْلِ رِیْحِہٖ قَالَ فَاِنِّیْ اَکْرَہُ مَا کَرِھْتَ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس جب کھانا لایا جاتا تو آپ اس سے کچھ تناول فرماتے اور باقی ماندہ مجھے بھجوا دیتے[۱]، ایک دن آپ نے میرے پاس بڑا پیالہ بھجوایا جس میں سے آپ نے کچھ نہیں کھایا تھا کیونکہ اس میں لہسن تھا، میں نے آپ سے پوچھا کہ کیا یہ حرام ہے[۲]؟ فرمایا: نہیں لیکن ہم اسے اس کی بو کی بنا پر ناپسند رکھتے ہیں[۳]۔ حضرت ابو ایوب نے عرض کیا حضور جو چیز آپ کو ناپسند ہے مجھے بھی ناپسند ہے[۴]۔ (مسلم)

۱؎ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ منورہ تشریف لائے تو پہلے پہل حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر قیام فرما کر انہیں اس سعادت کے ساتھ مخصوص اور ممتاز فرمایا۔ صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم میں سے جو حضرات وسعت رکھتے تھے، بارگاہِ رسالت کے خادموں کے لیے کھانے تیار کر کے حاضر کرتے تھے۔

۲؎ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تناول نہ فرمانے سے مجھے خیال ہوا کہ شاید نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے لہسن کا کھانا حرام ہے، اس لیے دریافت کیا کہ کیا لہسن کا کھانا حرام ہے؟ یعنی آپ کے لیے، ورنہ اگر مطلقاً حرام ہوتا تو ان کے پاس کیوں بھجواتے؟

۳؎ یعنی ہمیں اس کی بو اچھی نہیں لگتی، یا یہ مطلب ہے کہ ہم اسے اس لیے ناپسند رکھتے ہیں کہ کہیں دوسرے شخص کو ہم سے بو سے ناخوش محسوس نہ ہو۔ آئندہ حدیث سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام کی صحبت اور ان سے ہم کلام ہونے کی بنا پر لہسن کو ناپسند فرمایا کیونکہ فرشتے ناپسندیدہ بو کو مکروہ جانتے ہیں۔

۴؎ اگرچہ وہ علت نہ پائی جائے جو آپ کے حق میں ہے، ہمارے لیے آپ کی پیروی اور اتباع ہی علت ہونے کے لیے کافی ہے۔

۴۰۱۳/۳۶ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَکَلَ ثُوْمًا اَوْ بَصَلًا

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے لہسن یا پیاز کھایا وہ ہم سے الگ رہے[۱]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَلْيَعْتَزِلْنَا اَوْ قَالَ فَلْيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا اَوْ لِيَقْعُدْ فِيْ بَيْتِهٖ وَاَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِقِدْرٍ فِيْهِ خَضِرَاتٌ مِنْ بُقُوْلٍ فَوَجَدَ لَهَا رِيْحًا فَقَالَ قَرِّبُوْهَا اِلٰى بَعْضِ اَصْحَابِهٖ وَقَالَ كُلْ فَاِنِّيْ اُنَاجِيْ مَنْ لَا تُنَاجِيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

یا فرمایا وہ ہماری مسجد سے الگ رہے یا اپنے گھر میں بیٹھ جائے اور تحقیق نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ایک ہنڈیا لائی گئی جس میں ساگ پات قسم کی مختلف سبزیاں تھیں آپ نے اُن کی بو محسوس کی تو فرمایا: اسے بعض صحابہ کے قریب کر دو اور فرمایا کھاؤ کیونکہ ہم اُن سے ہم کلام ہوتے ہیں جس سے تم ہم کلام نہیں ہوتے۔ (صحیحین)

لہ اور ہمارے ساتھ ہمنشینی اختیار نہ کرے۔

۲ہ راوی کو شک ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ وہ ہم سے الگ رہے یا یہ فرمایا کہ ہماری مسجد سے الگ رہے۔

۳ہ مسجد لفظ مفرد ہے ظاہر یہ ہے کہ اس سے مراد خاص طور پر مسجد نبوی ہے اور متکلم مع الغیر کا صیغہ تعظیم کے لیے ہے، اور چونکہ علت مشترک ہے اس لیے خیر اور عبادت کی تمام مجالس مثلاً ذکر، درس اور ارباب طہارت و لطافت اکابر اور علماء کی مصاحبت کا بھی یہی حکم ہوگا، ہو سکتا ہے کہ یہی مراد ہو، بعض روایات میں مساجدنا بھی آیا ہے اور یہ تصریح ہے اس امر میں کہ یہ حکم تمام مسجدوں کو شامل ہے۔

سکہ اگر یہ بھی راوی کے شک کی بنا پر ہے تو مطلب یہ ہوگا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یا تو یہ فرمایا کہ ہم سے جدا ہے یا ہماری مسجد سے جدا ہے یا یہ فرمایا کہ جو شخص لہسن یا پیاز کھائے وہ اپنے گھر میں بیٹھ جائے اور کسی کی صحبت میں نہ بیٹھے خواہ مسجد میں ہو یا دوسری جگہ، یہ بھی احتمال ہے کہ راوی کو شک نہ ہو بلکہ لفظ اَوْ تقسیم کے لیے ہو اور اس کا تعلق اس بات کے ساتھ ہو کہ ہماری مسجد سے الگ رہے اور مطلب یہ ہو کہ مسجد میں آنا تو حرام ہے کہ وہاں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرشتے اور صحابہ کرام تشریف فرما ہیں، لیکن باقی لوگوں مثلاً بادیہ نشینوں اور بازاری لوگوں کے پاس جانا اور ان کی صحبت میں بیٹھنا جائز ہے، یا ایسا بھی نہ کرے، گھر میں گوشہ نشین ہو جائے اور مطلقاً صحبت ترک کر دے کہ یہ زیادہ بہتر ہے۔ فَلْيَعْتَزِلْ مَسْجِدَنَا کے ساتھ لفظ قَالَ زائد کیا گیا ہے۔ لِيَقْعُدْ فِيْ بَيْتِهٖ سے پہلے زائد نہیں کیا گیا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ پہلے قول کی طرح اس قول میں راوی کو شک نہیں ہے۔

ھہ ظاہر یہی ہے کہ لہسن، پیاز وغیرہ قسم کی سبزیاں تھیں ——— خضرات خا پر زبر، ضاد کے نیچے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

زیر، خُضَر کی جمع ہے، بعض نے خاء کی پیش اور ضاد پر زبر بھی پڑھی ہے۔ جمع ہے خُضْرَۃٌ کی ضاد ساکن کے ساتھ۔

۶ سبزیوں کی بو محسوس فرمائی، یہ بھی احتمال ہے کہ کھا کی ضمیر قِدْر (ہنڈیا) کی طرف راجع ہو کر اس کا استعمال بطور مؤنث بھی ہوتا ہے، ایک روایت میں قِدْر کی جگہ بدر آیا ہے۔ قاف کی جگہ ایک نقطے والی باء مفتوح، یہ کھجور کے پتوں سے تیار کیا ہوا تھال تھا جسے گولائی کی بنا پر بدر کہتے ہیں۔ اس صورت میں خضرات کی طرف ضمیر کا راجع کرنا متعین ہے جیسے کہ ظاہر ہے۔

۷ اس ہنڈیا کو یا ان سبزیوں کو فلاں صحابی کے قریب کر دو اور ایک صحابی کی طرف اشارہ فرمایا جو حاضر تھے یعنی ان کے آگے رکھ دو۔

۸ اس صحابی کو خطاب کرتے ہوئے۔

۹ اس سے مراد حضرت جبریل امین اور دوسرے فرشتے علیہم السلام مراد ہیں، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر وقت وحی کے نازل ہونے کے انتظار میں رہتے تھے اور ہو سکتا ہے کہ ایسے وقت میں وحی آ جائے جب کہ ابھی اس کی بو باقی ہو، یا یہ کمال طہارت ونظافت ہے کہ چونکہ آپ فرشتوں کے ساتھ ہمنشینی اختیار فرماتے تھے اس لیے جو چیز انہیں ناپسند تھی آپ نے اسے مطلقاً ترک فرما دیا ——— اس میں اشارہ ہے کہ آدمی کو چاہیے کہ اپنے مصاحب کے حال اور اس کی خوشی کی رعایت کرے، حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی روایت کردہ حدیث کتاب الصلوٰۃ کے باب المساجد اور مواضع الصلوٰۃ میں بھی گزر گئی ہے اور فصل ثانی میں بھی اس کا ذکر آئے گا۔

۴۰۱۴ / ۳۷ وَعَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ مَعْدِيْ كَرِبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كِيْلُوْا طَعَامَكُمْ يُبَارَكْ لَكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت مقدام بن معدی کرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا، اپنا کھانا ناپ لیا کرو۲ تمہیں برکت دی جائے گی۳ (بخاری)

۱ مقدام بن معدیکرب دال کے نیچے زیر، مشہور صحابی ہیں۔

۲ یعنی ایسے غلے اور پھل جو پیمانے سے ناپے جاتے ہیں جب صرف کرو تو ناپ کر صرف کرو۔

۳ بعض نسخوں میں فِيْهِ بھی مذکور ہے، اور اگر نہ بھی ہو تو بھی مراد ہے (یعنی اس کھانے میں برکت دی جائے گی) جب طعام میں کوئی تصرف کرنا ہو مثلاً پکانا ہو، خریدنا یا بیچنا ہو، قرض لینا دینا ہو تو کمی زیادتی اور جہالت کو دفع کرنے کے لیے اس کا ناپنا ضروری ہے، شارع علیہ السلام کے حکم کی بنا پر اسے مزید خیر و برکت میں دخل ہے خصوصاً جب کہ سنت کی رعایت اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی تعمیل کے ارادے سے کیا جائے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۰۱۵ / ۳۸ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا رُفِعَ مَائِدَتُہٗ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُّبَارَکًا فِیْہِ غَیْرَ مَکْفِیٍّ وَّلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًی عَنْہُ رَبَّنَا۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا دستر خوان اٹھایا جاتا[1] تو یہ دعا پڑھتے حمد ہے اللہ تعالے کے لیے بے شمار، پاکیزہ حمد، جس میں برکت دی گئی۔ نہ کفایت کیا ہوا، نہ وداع کیا ہوا اور نہ اس سے بے پرواہی برتی گئی۔ اے ہمارے رب! (بخاری)

[1] جب آپ کھانے سے فارغ ہوتے اور دستر خوان اٹھایا جاتا، مَائِدَتُہٗ کی ضمیر کھانے کی طرف راجع ہے یا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف، مائدہ سے مراد، تھال اور دستر خوان ہے جس پر کھانا رکھتے ہیں، بعض شارحین اس سے مراد میز لیتے ہیں۔ علامہ کرمانی نے شرح بخاری میں یہ سوال اٹھایا ہے کہ ثابت ہو چکا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میز پر کھانا تناول نہیں فرمایا تو یہ بات کس طرح صحیح ہو گی؟ اس کا جواب دیا کہ ہو سکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بنفس نفیس تو میز پر کھانا نہ کھایا ہو، لیکن صحابہ کی جماعت کی موافقت میں تناول فرمایا ہو، یہ بھی کہا کہ یا مائدہ سے مراد کھانا ہے (کرمانی) قاموس میں ہے المائدہ کھانا یا وہ میز جس پر کھانا ہو، ظاہر یہ ہے کہ مقصد یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کھانے سے فارغ ہونے اور اس کے اٹھائے جانے کے بعد یہ کلمات کہتے تھے۔

۴۰۱۶ / ۳۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰہَ تَعَالٰی لَیَرْضٰی عَنِ الْعَبْدِ اَنْ یَّاْکُلَ الْاَکْلَۃَ فَیَحْمَدُہٗ عَلَیْہَا اَوْ یَشْرَبَ الشَّرْبَۃَ فَیَحْمَدُہٗ عَلَیْہَا (رَوَاہُ مُسْلِمٌ) وَ سَنَذْکُرُ حَدِیْثَیْ عَائِشَۃَ وَ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ مَا شَبِعَ اٰلُ مُحَمَّدٍ وَ خَرَجَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ بندے سے راضی ہوتا ہے اس بات پر کہ وہ ایک بار کھانا کھائے[1] تو اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے یا ایک بار پانی پیئے[2] اور اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے۔ (مسلم)

ہم حضرت عائشہ اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی یہ دو حدیثیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی آل سیر نہیں ہوئی[3] ۔ اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الدُّنْيَا فِي بَابِ فَضْلِ الْفُقَرَاءِ إِنْ شَاءَ اللهُ تَعَالَى۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے گئے ہے فقراء کی فضیلت کے باب میں بیان کریں گے۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

لہ الکلمۃ ہمزے کی زبر کے ساتھ ایک بار پر دلالت کرتا ہے، یعنی ایک بار کھانا، ہمزے پر پیش بھی پڑھا گیا ہے اس کا معنیٰ لقمہ ہے، یعنی کھانے کی کچھ مقدار، حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند رکھتا ہے کہ بندہ کچھ کھانا کھائے اور اس پر اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرے۔

ﷺ الشربۃ اس کو صرف شین کی زبر کے ساتھ پڑھا گیا ہے۔ علامہ طیبی کے نزدیک اکلۃ میں بھی ہمزے کی زبر متعین ہے۔

ﷺ یہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث کا بیان ہے جس کی ابتداء میں یہ کلمات ہیں۔

ﷺ یہ حضرت ابوہریرہ کی حدیث کے ابتدائی کلمات ہیں ——— مصابیح میں یہ دونوں حدیثیں کتاب الاطعمہ میں بیان کی گئی ہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۴۰۱۷ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ قَالَ كُنَّا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُرِّبَ طَعَامٌ فَلَمْ اَرَ طَعَامًا كَانَ اَعْظَمَ بَرَكَةً مِنْهُ اَوَّلَ مَا اَكَلْنَا وَلَا اَقَلَّ بَرَكَةً فِيْ اٰخِرِهٖ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ كَيْفَ هٰذَا قَالَ اِنَّا ذَكَرْنَا اسْمَ اللهِ عَلَيْهِ حِيْنَ اَكَلْنَا ثُمَّ قَعَدَ مَنْ اَكَلَ وَلَمْ يُسَمِّ اللهَ فَاَكَلَ مَعَهُ الشَّيْطَانُ۔ رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ۔

حضرت ابو ایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس حاضر تھے کہ آپ کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا، کھانے کی ابتداء میں وہ اتنا برکت والا تھا کہ اس سے زیادہ برکت والا کھانا میں نے نہیں دیکھا اور اس کے آخر میں یہ حالت تھی کہ اس سے کم برکت والا کھانا نہیں دیکھا، ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ اس کھانے کا کیا حال تھا؟ فرمایا: جب ہم نے کھایا تو اس پر اللہ تعالیٰ کا نام لیا، پھر وہ شخص بیٹھا جس نے اللہ تعالیٰ کا نام لیے بغیر کھایا تو اس کے ساتھ شیطان نے کھایا لہ

(شرح السنۃ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ کہ ابتدا میں اتنا با برکت تھا اور آخر میں اتنا بے برکت ہو گیا۔

۲لہ بسم اللہ شریف ترک کرنے کی وجہ سے، آخر میں کھانے کی بے برکتی کا سبب یہ تھا ——— اس سے پہلے گزر چکا ہے کہ بعض علماء کے نزدیک جماعت میں سے ایک شخص کا بسم اللہ شریف پڑھنا کافی ہے ہر ایک کا پڑھنا شرط نہیں ہے اور یہ حدیث ان کے خلاف دلیل ہے، علامہ طیبی نے اس کی توجیہ بیان کی کہ ہو سکتا ہے جس شخص نے بسم اللہ نہیں پڑھی وہ صحابہ کرام کے فارغ ہونے کے بعد بیٹھا ہو، یا جب شیطان نے اس کے ساتھ کھانا کھایا تو دوسرے صحابہ کا بسم اللہ شریف پڑھنا مؤثر نہیں رہا۔ (طیبی) یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ کھانے کی ابتدا میں حاضر جماعت میں سے ایک شخص کھانے پر بسم اللہ شریف پڑھے تو دوسروں کا بسم اللہ پڑھنا کافی ہوگا، لیکن یہ شخص جب کھانے کے دوران آکر شریک ہو گیا اور ابتدا میں ان کے ساتھ شامل نہیں تھا تو چونکہ اس کے کھانے کی ابتدا ہے اسے بسم اللہ شریف پڑھنی چاہیے۔

۴۰۱۸ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ فَنَسِيَ أَنْ يَذْكُرَ اللّٰهَ عَلَى طَعَامِهٖ فَلْيَقُلْ بِسْمِ اللّٰهِ أَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ۔
۲۱

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے ایک آدمی کھانا کھائے اور کھانے پر اللہ تعالیٰ کا نام لینا بھول جائے تو چاہیے کہ کہے بسم اللہ اس کے اول و آخر میں۔

(ترمذی، ابو داؤد)

سلہ یاد آنے پر

۴۰۱۹ وَعَنْ اُمَيَّةَ بْنِ مَخْشِيٍّ قَالَ كَانَ رَجُلٌ يَاْكُلُ فَلَمْ يُسَمِّ حَتّٰى لَمْ يَبْقَ مِنْ طَعَامِهٖ إِلَّا لُقْمَةٌ فَلَمَّا رَفَعَهَا إِلٰى فِيْهِ بِسْمِ اللّٰهِ أَوَّلَهٗ وَ اٰخِرَهٗ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَا زَالَ الشَّيْطٰنُ يَاْكُلُ مَعَهٗ فَلَمَّا
۲۲

حضرت امیہ بن مخشی لہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص کھانا کھا رہا تھا اس نے بسم اللہ شریف نہیں پڑھی، یہاں تک کہ اس کے کھانے سے صرف ایک لقمہ رہ گیا جب اسے اٹھا کر منہ میں ڈالنے لگا تو اس نے کہا بسم اللہ اس کی ابتدا اور انتہا میں، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنسے اور فرمایا اس کے ساتھ شیطان کھاتا رہا جب اس نے اللہ تعالیٰ کا نام لیا تو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ذَكَرَ اسْمَ اللّٰهِ اسْتَقَاءَ مَا فِيْ بَطْنِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

جو کچھ شیطان کے پیٹ میں تھا وہ اس نے قے کر دیا۔[۲] (ابوداؤد)

[۱] امیہ بن مخشی میم پر زبر نقطے والی خاء ساکن اور یاء مشدد، ان کی کنیت ابوعبیدہ ہے اخزاعی ازدی ہیں اہل بصرہ میں شمار کیے جاتے ہیں، طعام کے بارے میں ان سے ایک حدیث مروی ہے اور وہ یہی ہے۔

[۲] جب شیطان کا پیٹ ہے اور وہ کھاتا بھی ہے تو اس کا قے کرنا حقیقت پر محمول ہوگا، بعض شارحین نے فرمایا کہ ابتداء میں بسم اللہ شریف نہ پڑھنے سے جو برکت مفقود ہوگئی تھی اس کا واپس کرنا مراد ہے، گویا کہ وہ شیطان کے پیٹ میں چلی گئی تھی، اب جو بسم اللہ شریف پڑھی اور کوتاہی کا ازالہ کر دیا تو برکت واپس آگئی، ایسی تاویلات ایمانی حوصلے کی کمی کی بنا پر ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اشیاء کی حقیقت سے واقف ہیں، تک تصدیق اور ایمان کے بغیر رسائی نہیں ہے، اللہ تعالیٰ ہی توفیق دینے والا ہے۔

۴۰۲۰ / ۴۳ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِنِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا فَرَغَ مِنْ طَعَامِهٖ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کھانے سے فارغ ہوتے تو یہ دعا پڑھتے۔ تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے ہمیں کھلایا، پلایا اور مسلمانوں میں سے بنایا۔[۱] (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

[۱] جس نے ہمیں کھانا کھلایا، پانی پلایا اور ہمیں مسلمان، مطیع اور فرماں بردار بنایا، یہ نعمت اصل الاصول ہے، ورنہ اگر نعمتِ اسلام نہ ہو تو ہر ناز و نعمت وبال ہے، اور اس نعمت اسلام کا وجود دوسری نعمتوں میں اضافے کا موجب اور کمال کی تکمیل کرنے والا ہے۔ ع

بے دوست خاک بر سر ملک و تونگری

دوست کے بغیر حکومت اور دولتمندی کے سر پر خاک

۴۰۲۱ / ۴۴ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الطَّاعِمُ الشَّاكِرُ كَالصَّائِمِ الصَّابِرِ۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ عَنْ سِنَانِ بْنِ سَنَّةَ عَنْ أَبِيْهِ۔

علیہ وسلم نے فرمایا، جو شخص کھانا کھا کر شکر کرتا ہے وہ اس شخص کی طرح[1] ہے جو روزہ رکھ کر صبر کرنے والا ہے۔ (ترمذی[2]) امام ابن ماجہ اور دارمی نے یہ حدیث سنان بن سنہ[3] سے انہوں نے اپنے والد سے روایت کی۔

[1] اجر و ثواب میں اس شخص کی طرح ہے جو روزہ رکھتا ہے اور کھانے کی خواہش سے صبر کرتا ہے، اگرچہ روزے دار کو حدیث شریف اَلصَّوْمُ لِيْ وَاَنَا اَجْزِيْ بِهٖ (روزہ میرے لیے ہے اور میں ہی اس کی جزا دوں گا) کے مطابق خاص ثواب دیتے ہیں اور یہ اس کی فضیلت ہے لیکن اصل اجر و ثواب میں دونوں شریک ہیں، حقیقت مطلب یہ ہے کہ چونکہ اذہان میں یہ بات راسخ ہے کہ نفس جو طبعی طور پر کھانے کی طرف مائل اور اس کا حریص ہے اسے کھانے کی خواہش سے روکنا بلند مرتبہ ہے اور جو شخص کھاتا ہے، نفس کی خواہش پوری کرتا ہے اور کھانے کی لذت سے لطف اندوز ہوتا ہے اس مرتبے کو نہیں پہنچ سکتا، اس لیے فرمایا کہ اگر ایک شخص کھاتا ہے لیکن غفلت کے ساتھ نہیں کھاتا، اللہ تعالیٰ کی یاد اور اس کے شکر سے آگاہ ہے اس کا بھی بلند مقام ہے، وہ اللہ تعالیٰ کے ذکر اور اس کی محبت سے فیض یاب ہے، کیونکہ شکر اور صبر کامیابی و کامرانی کے دو پر ہیں پس اس جگہ تشبیہ محض اشتراک اور مساوات کے لیے ہے، جیسے کہ کہتے ہیں کہ تشبیہ اصل حال میں ہے نہ کہ اس کی مقدار میں، اس کے باوجود باعتبار ظاہر روزے دار کے حال کی قوت اور اس کے رجحان کی طرف اشارہ فرمایا، علاوہ ازیں شکر میں نفس کو منعم کی محبت کے اختیار کرنے اور زبان کو اس کے ذکر کے ساتھ مشغول کرنے پر پابند کرنا ہے، درحقیقت، اطاعت کی ہر قسم صبر و شکر پر مشتمل ہے۔ تاہم رہی یہ بات کہ طعام کا شکر کس چیز کے ساتھ ہوگا تو ظاہر یہ ہے کہ اس سے حاصل ہونے والی قوت کو طاعت میں صرف کرنے سے ہوگا اور علماء فرماتے ہیں کہ کھانے کا شکر یہ ہے کہ ابتداء میں بسم اللہ شریف پڑھے اور آخر میں حمد الٰہی بجا لائے اور اگر فقراء کو کھانے میں شامل کرنے اور ان کی ہمدردی کو شکر میں شامل قرار دیا جائے تو بعید نہ ہوگا۔

[2] امام ترمذی نے یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت کی۔

[3] سنان سین کے نیچے زیر، نون مخفف بن سنہ سین پر زبر اور نون مشدد، آخر میں تاء اپنے والد سے روایت کرتے ہیں۔ اصلی صحابی ہیں، حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خلافت کے زمانے میں ۳۲ھ میں وصال ہوا۔ اسی طرح حضرت مؤلف (صاحب مشکوٰۃ) نے فرمایا ہے، کتب حدیث سے جو کچھ واضح ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ حضرت سنان صحابی یہ حدیث نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں۔ عَنْ اَبِيْهِ کا ذکر کتب حدیث میں نہیں ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۰۲۲
۴۵
وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا اَکَلَ اَوْ شَرِبَ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَطْعَمَ وَ سَقٰی وَ سَوَّغَہٗ وَ جَعَلَ لَہٗ مَخْرَجًا۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوایوب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب کھانا تناول فرماتے یا پانی پیتے تو کہتے تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے کھلایا اور پلایا۔ اور کھانے کے حلق میں اترنے کو آسان بنایا[۱] اور اس[۲] کے نکلنے کی جگہ بنائی۔

(ابوداؤد)

[۱] شارحین کی عبارت سے ظاہر یہ ہے کہ ضمیر کھانے کی طرف راجع ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے چبانے کے لیے دانت، نرم کرنے کے لیے لعاب اور کھانے کو منہ میں گردش دینے کے لیے زبان پیدا فرما کر کھانے کے حلق میں اترنے کو آسان فرمایا۔ تسویغ کھانے کے ساتھ خاص نہیں ہے۔ بلکہ قاموس کی عبارت کے ظاہر سے اس کا پینے کے ساتھ خاص ہونا معلوم ہوتا ہے جیسے سَاغَ الشَّرَابُ سَوْغًا۔ مثلاً اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے سَائِغٌ شَرَابُہٗ، شاعر کہتا ہے فَسَاغَ لِیَ الشَّرَابُ وغیرہ۔ پس سَوَّغَہٗ کی ضمیر کھانے پینے کی چیزوں میں سے ہر ایک کی طرف راجع ہو گی۔ شارحین کا مقصد کھانے میں تسویغ کا تصور پیش کرنا ہے، کیونکہ پانی کے بارے میں اس کے بیان کی حاجت نہیں ہے۔ اس کے علاوہ اس کے بعد ایک اور نعمت بیان فرمائی۔

[۲] کھانے اور پینے کی چیزوں میں سے ہر ایک کے فضلات کے نکلنے کی جگہ بنائی یعنی پیشاب اور پاخانے کی جگہ کیونکہ کھانے پینے کی چیزوں کے تمام اجزاء غذا بننے کے قابل نہ تھے اللہ تعالیٰ نے اپنی حکمت بالغہ اور رحمت شاملہ کے ساتھ ان کے زائد اجزاء کو باہر پھینک دیا۔

۴۰۲۳
۴۶
وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ قَرَأْتُ فِی التَّوْرَاۃِ اِنَّ بَرَکَۃَ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ بَعْدَہٗ فَذَکَرْتُ ذٰلِکَ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَرَکَۃُ الطَّعَامِ الْوُضُوْءُ قَبْلَہٗ وَ الْوُضُوْءُ بَعْدَہٗ۔

حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے توراۃ میں پڑھا کہ کھانے کی برکت، کھانے کے بعد وضو[۱] کرنا ہے، میں نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کی تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، کھانے کی برکت، کھانے سے پہلے وضو ہے اور اس کے بعد وضو ہے[۲]

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ) (ترمذی، ابوداؤد)

لے یعنی کھانے کی برکت کا سبب

ے اس جگہ وضو سے مراد، ہاتھوں کا دھونا اور کلی کرنا، لغت میں وضو کا معنی حسن اور نظافت ہے۔

ے ایک نسخے میں وَذُکِرَتْ ہے۔

ے چونکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم عمدہ اخلاق و صفات کی تکمیل کے لیے بھیجے گئے ہیں اور کھانے سے پہلے وضو کرنا طہارت و نظافت میں زیادہ دخل رکھتا ہے۔ (تاکہ صاف ستھرے ہاتھوں سے کھانا کھایا جائے جو میل کچیل اور جراثیم سے پاک ہوں ۱۲ قادری) اس لیے حضرت موسٰی علیہ السلام پر جو وحی نازل کی گئی تھی رنبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم پر تکمیل کیلیے اس سے زائد حکم کی وحی نازل کی گئی۔

۴۰۲۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ فَقُدِّمَ اِلَیْہِ طَعَامٌ فَقَالُوْا اَلَا نَأْتِیْكَ بِوَضُوْءٍ قَالَ اِنَّمَا اُمِرْتُ بِالْوُضُوْءِ اِذَا قُمْتُ اِلَی الصَّلٰوۃِ۔ رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ وَرَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بیت الخلاء[1] سے باہر تشریف لائے تو آپ کی خدمت میں پانی نہ پیش کیا گیا۔ صحابہ کرام نے عرض کیا کہ کیا ہم آپ کی خدمت میں پانی نہ پیش کریں؟[2] فرمایا، مجھے وضو کا حکم صرف اس وقت دیا گیا ہے جب میں نماز کے لیے کھڑا ہوں۔[3]

(ترمذی، ابوداؤد، نسائی) امام ابن ماجہ نے یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کی۔

لے صراح میں ہے خلاء پہلے حرف پر زبر، آخر میں الف ممدودہ، استنجا کرنے کی جگہ۔

ے صحابہ کرام نے دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم وضو سے پہلے کھانا تناول فرما رہے ہیں، ان کے ذہن میں یہ بات آئی کہ نماز کی طرح کھانے کے لیے بھی وضو واجب ہے (اس لیے انہوں نے یہ گزارش کی)۔

ے یعنی مجھے بطور وجوب وضو کا حکم صرف نماز کے لیے دیا گیا ہے نہ کہ کھانے کے لیے، کھانے سے پہلے وضو اگرچہ مستحب اور مستحسن ہے تاہم میں نے بیان جواز اور تمہاری تعلیم کے لیے نہیں کیا، تاکہ تمہیں معلوم ہو جائے کہ واجب نہیں ہے پس اس جگہ نماز کا وضو مراد ہے نہ کہ کھانے کا جیسے کہ ظاہر ہے اور حدیث کی روش سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے، صحابہ کرام نے عرض کیا کہ کیا ہم آپ کی خدمت میں وضو کا پانی پیش نہ کریں؟ اگر اس سے وضوء طعام مراد لیا جائے اور حضور صلی اللہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تعالیٰ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے صرف نماز کے لیے وضو کا حکم دیا گیا ہے اس میں وضو نماز مراد لیں تو بھی درست ہے، اور چونکہ کھانے سے پہلے ہاتھوں کا دھونا آداب اور سنن میں سے ہے، تعلیم جواز کے لیے اسے ترک فرمایا، حاصل مطلب یہ ہے کہ جس وضو کی تم نے مجھ سے درخواست کی ہے یعنی کھانے سے پہلے وہ ادب ہے، واجب اور مامور بہ نہیں ہے۔ اگر میں نہ کروں تو وہ کوئی ضروری نہیں ہے۔ ہاں اس جگہ ایک دوسرا وضو ہے یعنی نماز کا وضو، وہ واجب ہے۔ تافہم

۴۰۲۵/۴۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ اُتِيَ بِقَصْعَةٍ مِنْ ثَرِيْدٍ فَقَالَ كُلُوْا مِنْ جَوَانِبِهَا وَلَا تَاْكُلُوْا مِنْ وَسَطِهَا فَاِنَّ الْبَرَكَةَ تَنْزِلُ فِيْ وَسَطِهَا (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ) وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلَا يَاْكُلْ مِنْ اَعْلَى الصَّحْفَةِ وَلٰكِنْ يَاْكُلُ مِنْ اَسْفَلِهَا فَاِنَّ الْبَرَكَةَ تَنْزِلُ مِنْ اَعْلَاهَا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں ثرید کا پیالہ لایا گیا، آپ نے فرمایا، اس کے اردگرد سے کھاؤ اور اس کے درمیان سے نہ کھاؤ، کیونکہ برکت اس کے درمیان[1] میں نازل ہوتی ہے۔

(ترمذی، ابن ماجہ، دارمی) امام ترمذی نے فرمایا یہ حدیث حسن صحیح ہے، ابو داؤد کی روایت میں فرمایا، جب تم میں سے ایک آدمی کھانا کھائے تو پیالے کے اوپر والے حصے سے نہ کھائے بلکہ اس کے نچلے حصے سے کھائے کیونکہ برکت اس کے اوپر کے حصے[2] سے نازل ہوتی ہے۔

[1] چونکہ درمیانہ حصہ افضل اور موزوں ترین حصہ ہے لہٰذا خیر و برکت کے نزول کے لیے زیادہ مناسب اور حق دار ہے، اور چونکہ پیالے کے درمیانے حصے کا کھانا برکت کی جگہ ہے اسے کھانے کے آخر تک باقی رکھنا مناسب ہوگا تاکہ آخر تک برکت باقی رہے، اسے ختم کر دینا مناسب نہ ہوگا۔

[2] ظاہر یہ ہے کہ اعلیٰ سے مراد درمیانہ حصہ اور اسفل سے مراد اطراف ہیں اور برکت کے نازل ہونے سے مراد اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے خیر کا فیضان اور نعمت کی زیادتی ہے، حضرت جنید بغدادی فرماتے ہیں کہ اس گروہ پر جن مقامات میں رحمت نازل ہوتی ہے ان میں سے ایک کھانے کا مقام ہے، اس قول سے بھی یہی بات سمجھ میں آتی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

علامہ طیبی نے فرمایا: طعام کی زیادتی کو رقیق اور نرم کھانوں کے اونچی جگہ سے بہنے کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے، جنہیں درمیان میں ڈالا جاتا ہے اور وہ وہاں سے بہ کر اطراف میں چلے جاتے ہیں، اور جب اطراف سے اٹھائیں تو اس کے بدلے میں اوپر سے مزید آجائے گا، اور اگر اوپر سے اٹھائیں تو منقطع ہو جائے گا، یہ معقول کی بجائے محسوس اور ظاہر معنٰی پر اکتفاء کرنے والی بات ہے۔

۴۰۲۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو قَالَ مَا رُئِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ مُتَّكِئًا قَطُّ وَلَا يَطَاُ عَقِبَهٗ رَجُلَانِ۔ ۴۹

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو کبھی ٹیک لگا کر کھاتے ہوئے نہیں دیکھا گیا، اور آپ کے پیچھے دو مرد نہیں چلتے تھے۔

(ابوداؤد)

لہ جیسے کہ مغرور اور متکبر لوگوں کی عادت ہے، (اتکا (ٹیک لگانے) کا مطلب اس سے پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔

۲ہ زیادہ تو کجا دو مرد بھی آپ کے پیچھے نہیں چلتے تھے، یعنی انتہائی تواضع کی بنا پر راستے میں چلتے ہوئے صحابہ کرام سے آگے نہیں چلتے تھے، جیسے کہ بادشاہوں اور شان و شوکت کا مظاہرہ کرنے والوں کا طریقہ ہے، بلکہ صحابہ کرام کے درمیان میں یا اُن کے پیچھے چلتے، جیسے کہ ایک دوسری حدیث میں آیا ہے۔ وَيَسُوْقُ اَصْحَابَهٗ، صحابہ کرام کو پیچھے سے چلاتے تھے۔

۴۰۲۷ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَارِثِ بْنِ جَزْءٍ قَالَ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِخُبْزٍ وَّ لَحْمٍ وَّهُوَ فِي الْمَسْجِدِ فَاَكَلَ وَاَكَلْنَا مَعَهٗ ثُمَّ قَامَ فَصَلّٰى وَ صَلَّيْنَا مَعَهٗ وَلَمْ نَزِدْ عَلٰى اَنْ مَسَحْنَا اَيْدِيَنَا بِالْحَصْبَاءِ۔ ۵۰

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عبداللہ بن حارث بن جزاء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی خدمت میں روٹی اور گوشت لایا گیا، آپ مسجد میں تشریف فرما تھے، آپ نے تناول فرمایا اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ کھایا، پھر آپ نے اٹھ کر نماز پڑھی اور ہم نے بھی آپ کے ساتھ نماز پڑھی اور ہم نے سنگریزوں سے ہاتھ پونچھنے کے علاوہ کچھ نہیں کیا۔

(ابن ماجہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ عبداللہ بن حارث بن جزء جیم پر زبر، زاء ساکن اور آخر میں ہمزہ، صحابی ہیں، فتح مصر کے موقع پر حاضر ہوئے اور اسی جگہ مقیم ہو گئے۔ مصر میں باقی رہنے والے آخری صحابی ہیں۔ ۸۵ھ میں مصر میں وصال ہوا۔ بعض نے کوئی دوسرا سن بیان کیا ہے۔

لہ چونکہ مسجد میں پڑے ہوئے تھے ــــــ یعنی ہم نے کھانے کے بعد ہاتھ نہیں دھوئے یا تو اس لیے کہ اس گوشت میں چکنائی نہ تھی یا اس لیے کہ نماز کی جلدی تھی، یا تکلف سے گریز کیا کیونکہ جو چیز واجب نہیں ہے اسے بعض اوقات رخصت کی بنا پر ترک کر دینا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں ایسا ہی محبوب ہے جیسے اکثر اوقات میں عزیمت کا اختیار کرنا، احیاء العلوم میں بعض صحابہ کرام سے لائے ہیں کہ کھانا کھانے کے بعد ہمارے رومال ہماری ایڑیاں ہوتی تھیں (ہم ان سے اپنے ہاتھ صاف کر لیتے تھے) ظاہر یہ ہے کہ لفظ کُنَّا نیز دُ مَسَحْنَا صیغہ متکلم مع الغیر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام سب کو شامل ہے جنہوں نے وہ کھانا کھایا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسجد میں کھانا کھانا جائز ہے، احادیث میں اس قسم کے بہت سے واقعات کا ذکر ہے خصوصاً کھجور وغیرہ کھانے کا، کہتے ہیں کہ اس کے جائز ہونے کے لیے شرط یہ ہے کہ مسجد ملوث اور آلودہ نہ ہو ورنہ حرام اور مکروہ ہے، کتب فقہ میں مذکور ہے کہ غیر معتکف مسجد میں نہ کھائے، نہ پیئے اور نہ ہی سوئے، اسی طرح خرید و فروخت بھی نہ کرے کہ یہ مکروہ ہے، ہاں اگر مسافر ہو اور مسجد کے علاوہ اس کا کوئی ٹھکانہ نہ ہو تو اس کے لیے جائز ہے، کہتے ہیں کہ مسجد میں داخل ہوتے وقت چاہیے کہ آدمی اعتکاف کی نیت کرے تاکہ اپنے لیے ان امور کو جائز کرے اور اسے اجر و ثواب بھی حاصل ہو جائے۔

۴۰۲۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ اُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَحْمٍ فَرُفِعَ اِلَيْهِ الذِّرَاعُ وَكَانَتْ تُعْجِبُهٗ فَنَهَسَ مِنْهَا۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

۱۵

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں گوشت پیش کیا گیا تو آپ کو دستی لہ پیش کی گئی جو آپ کی پسند تھی، آپ نے اسے دانتوں سے نوچ کر لہ تناول فرمایا۔
(ترمذی، ابن ماجہ)

لہ پورا بازو کندھے سمیت

لہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تواضع اور ترک تکلف کی شان تھی۔ نَهَسَ نون پر زبر، ہاء ساکن اور بے نقطہ سین، دانتوں کے کناروں سے گوشت نوچنا اور اگر پورے دانتوں سے نوچیں تو اسے نقطوں والے شین کے ساتھ نَہَش کہتے ہیں، روایت میں بے نقطہ سین ہے۔ اسی طرح آئندہ حدیث میں آئے گا اس طرح گوشت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From
Paksociety.com

کم کھایا جاتا ہے۔ اور یہ طریقہ حرص اور لالچ کے نہ ہونے کی نشانی ہے۔ علامہ طیبی نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بازو کو اسی لیے پسند فرماتے تھے کہ وہ پکنے میں اچھا ہے، آسانی سے ہضم ہو جاتا ہے اور اس کی لذت بھی زیادہ ہوتی ہے، یا اس لیے کہ یہ حصہ نجاست کے مقامات سے انتڑیوں وغیرہ سے دور ہوتا ہے، شمائل ترمذی میں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ دستی کا گوشت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو زیادہ محبوب نہ تھا، لیکن چونکہ آپ کو گوشت کچھ وقت کے بعد ہی میسر ہوتا تھا اور دستی کا گوشت جلد پک جاتا ہے اس لیے آپ اسے پسند فرماتے تھے اور اسے جلد طلب کر لیتے تھے۔ ایک دوسری حدیث حضرت عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے لائے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ نہایت عمدہ اور لذیذ ترین گوشت پشت کا ہے۔

۴۰۲۹
۵۲
وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقْطَعُوا اللَّحْمَ بِالسِّكِّيْنِ فَاِنَّهٗ مِنْ صُنْعِ الْاَعَاجِمِ وَ انْهَسُوْهُ فَاِنَّهٗ اَهْنَأُ وَ اَمْرَأُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَ قَالَا لَيْسَ هُوَ بِالْقَوِيِّ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا گوشت کو چھری سے نہ کاٹو[1] کیونکہ یہ عجمیوں کا طریقہ ہے[2]، دانتوں سے نوچ کر کھاؤ کیونکہ یہ زیادہ لذیذ[3] اور جلد اترنے والا ہے[4]۔

(ابو داؤد، امام بیہقی، شعب الایمان میں ان دونوں حضرات نے کہا کہ اس حدیث کی سند قوی نہیں[5] ہے۔

[1] یعنی چھری سے کاٹ کر نہ کھاؤ۔

[2] اور ان کی عادت ہے، وہ از راہ تکبر اور بچنے کے لیے ایسا کرتے ہیں ———— اعاجم جمع ہے اَعْجَمْ کی: اعجم اور اعجمی اسے کہتے ہیں جو فصیح نہ ہو اگرچہ عربی ہو، یہ منسوب ہے عجم کی طرف اگرچہ فصیح ہی ہو۔ اعجم گونگے کو بھی کہتے ہیں، انسان کے ماسوا حیوانات کو جو عُجْمٌ عین پر پیش اور جیم ساکن کہتے ہیں تو وہ اسی معنی میں ہے کہ حیوانات گفتگو کی قدرت نہیں رکھتے۔ غیر عرب کو بھی اسی اعتبار سے عجم کہتے ہیں۔ چونکہ وہ فصاحت میں عربوں کے مرتبے میں نہیں ہیں۔ تو گویا وہ گونگے ہیں۔ شرح جامع الاصول میں عجم کا معنی گونگا بیان کیا ہے اور یہ تسامح ہے۔ کیونکہ عجم گونگے سے عام ہے ———— چھری سے گوشت کاٹ کر کھانے کی ممانعت کے بعد حکم فرمایا کہ اسے دانتوں سے نوچ کر کھاؤ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

؎۳ چونکہ بعض عجمی طبع لوگوں کی طبیعت اس طریقے کو ناپسند کرتی تھی۔ ان کی تسلی اور تشفی کے لیے دانتوں سے نوچ کر گوشت کے کھانے کے منافع بیان فرمائے کہ یہ طریقہ لذت بخش بھی اور ہضم کے لیے معاون بھی ہے۔ ۱۲ (ق)

؎۴ ہنی لذیذ اور غرض کے موافق کو کہتے ہیں۔ اور جو چیز کسی کو مشقت کے بغیر حاصل ہو جائے اسے ہنی کہتے ہیں۔

؎۵ مری سے ہیں جلدی اترنے والا ہے، استمرار طعام کا معنیٰ ہے کھانے کے بوجھ کا زائل ہو جانا۔ کھانے اور پینے کی دعا میں جو ہنیئاً مریئاً کہتے ہیں اس کا یہی معنیٰ ہے، شارحین کہتے ہیں کہ ممانعت اس بات سے ہے کہ چھری سے گوشت کاٹنے کی عادت اپنائی جائے۔ لفظ صنع اس معنیٰ پر دلالت کرتا ہے، کیونکہ ہر عمل کرنے والے کو صانع نہیں کہتے، اس شخص کو صانع کہتے ہیں جو اپنے عمل میں مہارت اور اس پر قدرت رکھتا ہو، بعض اوقات چھری سے گوشت کاٹنا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے بھی ثابت ہے، جیسے کہ آئندہ آئے گا۔ لہٰذا تطبیق یہ ہے کہ اگر گوشت نرم اور پکا ہوا ہو تو اسے دانتوں سے نوچنا چاہیے ورنہ چھری سے کاٹنا جائز ہے، درحقیقت اس حدیث میں اشارہ ہے کہ دانتوں سے کھانا لذت بخش اور زیادہ عمدہ ہے اور یہی تنزیہی ہے۔

؎۶ اور اس کے بعض راوی ضعف سے خالی نہیں ہیں۔

۴۰۳۰ وَعَنْ أُمِّ الْمُنْذِرِ[۱] قَالَتْ دَخَلَ عَلَىَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَهُ عَلِيٌّ وَلَنَا دَوَالٍ مُعَلَّقَةٌ فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ وَعَلِيٌّ مَعَهُ يَأْكُلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَلِيٍّ مَهْ يَا عَلِيُّ فَإِنَّكَ نَاقِهٌ قَالَتْ فَجَعَلْتُ لَهُمْ سِلْقًا وَشَعِيْرًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

حضرت ام منذر[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میرے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے، آپ کے ساتھ حضرت علی بھی تھے۔ ہمارے ہاں کھجوروں کے خوشے لٹکائے ہوئے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تناول فرمانے لگے، حضرت علی بھی آپ کے ساتھ کھانے لگے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ علی! ٹھہرو، کیونکہ تم کمزور[۲] ہو، حضرت ام منذر فرماتی ہیں میں نے ان حضرات کے لیے چقندر[۳] اور جو کے آٹے سے کھانا تیار کیا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مِنْ هٰذَا يَا عَلِيُّ فَأَصِبْ فَإِنَّهُ أَوْفَقُ لَكَ. (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

نے فرمایا: علی! تم اس میں سے لو، کیونکہ یہ تمہارے لیے زیادہ موافق ہے۔

(احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

سلہ ام منذر انصاریہ اور بقول بعض عدویہ ہیں۔ ان کا نام سلمیٰ ہے، انہوں نے دونوں قبلوں کی طرف رخ کر کے نماز پڑھی۔

سلہ دوال دال پر زبر، دالیۃ کی جمع ہے، کھجور کا خوشہ (گچھا)

سلہ یعنی تم بیماری سے اٹھے ہو اور تمہاری صحت پوری طرح بحال نہیں ہوئی اور کمزور آدمی کے لیے پرہیز ضروری ہے۔

سلہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور ان حضرات کے لیے جو آپ کے ساتھ تھے، اپنے گھر والوں کی اجازت سے، یا ان دو معزز مہمانوں کے لیے، بعض روایات میں لہٗ آیا ہے اور ضمیر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف راجع ہے یا حضرت علی کی طرف اور یہ سیاق کلام کے زیادہ مناسب ہے۔

ہے سلق سین کے نیچے زیر، لام ساکن، بزی جس کا نام چقندر ہے۔

۴۰۳۱ / ۵۲ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْجِبُهُ الثُّفْلُ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کھرچن[1] پسند تھی۔

(ترمذی، امام بیہقی، شعب الایمان میں)

سلہ ثفل تین نقطے والی ثاء پر پیش، اس کے نیچے زیر بھی پڑھ سکتے ہیں، لیکن پیش زیادہ فصیح ہے۔ اور فاء ساکن، اصل میں ہر اس چیز کو کہتے ہیں جو نیچے بیٹھ جائے، اسے تلچھٹ کہتے ہیں، اس جگہ کھرچن مراد ہے جو نیچے بیٹھ جاتی ہے اور ہنڈیا سے چمٹ جاتی ہے، بعض حضرات نے اس کی تفسیر ثرید کے ساتھ کی ہے علامہ طیبی نے کہا کہ بعض اوقات اس کا استعمال ستو اور آٹے ایسی غیر مائع چیزوں کے لیے بھی ہوتا ہے۔ جیسے کہ حدیبیہ میں فرمایا کہ جس کے پاس ثفل ہو اسے چاہیے کہ اپنے ساتھیوں پر احسان کرے، اس سے ستو اور آٹا وغیرہ مراد تھا۔ درحقیقت اس جگہ بھی وہی پہلا معنیٰ مراد ہے یعنی کھانے کے بعد باقی ماندہ چیز جو کہ خوراک کا ثفل ہے، پہلی تفسیر ہی مختار ہے کہتے ہیں کہ ہنڈیا میں جو کچھ ہوتا ہے اس سب کی طاقت کھرچن میں ہوتی ہے اور گوشت وغیرہ سب چیزوں کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ذائقے اس میں جمع ہوتے ہیں نیز وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے معتدل ترین اور قائے کمال کے جامع مزاج کے تقاضوں پر پوری اترتی ہے، اس میں چکنائی کم ہوتی ہے، زود ہضم ہوتی ہے اس کا کھانا پیالے کے چاٹنے کے حکم میں ہے جس میں برکت اور استغفار کی توقع ہے، جیسے کہ پیالے کے چاٹنے کے بیان میں گزرا۔ پھر کھرچن کے کھانے میں تواضع بھی ہے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خاص عادت ہے، حقیقت یہ ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہر فعل میں اگرچہ طبعی ہی ہو لطیف حکمتیں اور گہرے اسرار ہیں جن پر نور ولایت کے بغیر آگاہی نہیں ہو سکتی۔

۴۰۳۲
۵۵
وَعَنْ نُبَيْشَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَكَلَ فِيْ قَصْعَةٍ فَلَحَسَهَا اسْتَغْفَرَتْ لَهُ الْقَصْعَةُ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَ الدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت نُبیشہ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے پیالے میں کھانا کھایا اور اسے چاٹا: اس کیلئے پیالہ دعائے مغفرت کرتا ہے[۲]

(احمد، ترمذی، ابن ماجہ دارمی)

امام ترمذی نے فرمایا یہ حدیث غریب ہے۔

[۱] حضرت نبیشہ نون پر پیش، بار پر زبر، یا ساکن، نقطوں والے شین پر زبر۔ صحابی ہیں اور ان کا تعلق بنو ہذیل سے ہے۔ بصریوں میں شمار کیے جاتے ہیں اور ان کی حدیث ان ہی میں پائی جاتی ہے۔

[۲] ظاہر یہ ہے کہ اس کی حقیقت مراد ہے، شارحین فرماتے ہیں کہ برتن کے چاٹنے میں عاجزی ہے، تکبر سے دوری ہے، اور یہ گناہوں کی بخشش کا سبب ہے، برتن کی طرف اس لیے نسبت کی کہ وہ مغفرت کا سبب ہے۔

۴۰۳۳
۵۶
وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاتَ وَفِيْ يَدِهٖ غَمَرٌ لَمْ يَغْسِلْهُ فَاَصَابَهٗ شَيْءٌ فَلَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص نے اس حال میں رات گزاری کہ اس کے ہاتھ میں چکنائی[۱] ہو جسے اس نے دھویا نہ ہو اور اسے کوئی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَہٗ۔ تکلیف[۲] پہنچ جائے تو وہ اپنے آپ کو ہی ملامت کرے[۳]

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ) (ترمذی، ابوداؤد، ابن ماجہ)

[۱] غمر نقطے والی غین اور میم دونوں پر زبر، گوشت اور چربی کی بو جن کے ساتھ ہاتھ آلودہ ہو۔

[۲] کھانے اور چربی کی بو پر کیڑے مکوڑے آئیں اور کاٹ کر تکلیف پہنچائیں، بعض شارحین فرماتے ہیں کہ برص کی بیماری مراد ہے جو پسینے سے تر جسم کو ہاتھ کے لگنے سے پیدا ہو جاتی ہے۔

[۳] کہ وہ آلودہ ہاتھوں کو دھوئے بغیر سو گیا اور بیماری اور تکلیف کے لاحق ہونے کا سبب بنا، یہ اشارہ ہے ہاتھ دھونے کی ترغیب اور برانگیختہ کرنے کا اور اس کے ترک سے ڈرایا گیا ہے۔

۴۰۳۴/۵۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ اَحَبُّ الطَّعَامِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الثَّرِيْدُ مِنَ الْخُبْزِ وَالثَّرِيْدُ مِنَ الْحَيْسِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰے عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا محبوب ترین کھانا روٹی کا ثرید اور کھجور اور مکھن[۱] کا ثرید تھا۔ (ابوداؤد)

[۱] حیس بے نقطہ حاء پر زبر، یاء ساکن اور بے نقطہ سین، وہ کھانا جو کھجور، مکھن اور آٹے یا پنیر سے تیار کرتے ہیں، اصل میں حیس کا معنی ملانا اور مخلوط کرنا ہے۔

۴۰۳۵/۵۸ وَعَنْ اَبِیْ اُسَیْدٍ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوا الزَّيْتَ وَادَّهِنُوْا بِهٖ فَاِنَّهٗ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبَارَكَةٍ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابو اسید انصاری رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: روغن زیتون کھاؤ اور اسے جسم پر ملو کیونکہ وہ اس درخت[۲] سے حاصل کیا جاتا ہے جس میں برکت رکھی گئی ہے۔ (ترمذی، ابن ماجہ، دارمی)

[۱] ابو اسید انصاری ہمزے پر زبر اور بے نقطہ سین کے نیچے زیر، بعض محدثین ہمزے پر پیش اور بے نقطہ سین پر زبر پڑھتے ہیں، صحیح پہلا طریقہ ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵ــ اس درخت کا نام زیتون ہے، اور اس میں خیر و برکت اور بہت سے منافع رکھے گئے ہیں۔ آیت مبارکہ اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ میں جس درخت کا ذکر ہے اس سے یہی مراد ہے۔ بہترین زیتون سرزمین شام میں ہوتا ہے۔ اس زمین کو بھی مبارک کہا گیا ہے۔ سورہ وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ میں پروردگار عالم نے اس درخت کی قسم یاد فرمائی ہے، اور اس کی شرافت کا اظہار کیا ہے، عرب خصوصاً اہل شام اس کا میٹھا پھل کھاتے ہیں۔ اور کڑوے کو چراغ میں استعمال کرتے ہیں۔ اس کے جسم پر ملنے میں بہت فائدہ ہے۔

۴۰۳۶ــ ۵۹ وَعَنْ اُمِّ هَانِیٍٔ قَالَتْ دَخَلَ عَلَیَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَعِنْدَكِ شَیْءٌ قُلْتُ لَا اِلَّا خُبْزٌ یَابِسٌ وَخَلٌّ فَقَالَ هَاتِیْ مَا اَقْفَرَ بَیْتٌ مِّنْ اُدُمٍ فِیْهِ خَلٌّ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)

حضرت ام ہانی[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ میرے پاس نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا تمہارے پاس کوئی چیز ہے[۲]؟ میں نے عرض کیا نہیں، صرف خشک روٹی اور سرکہ ہے فرمایا لاؤ[۳] وہ گھر سالن سے خالی نہیں[۴] ہے جس میں سرکہ موجود ہے۔ (ترمذی) انہوں نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے)

۱ــ حضرت ام ہانی، ابو طالب کی صاحبزادی اور امیر المؤمنین حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی بہن ہیں۔
۲ــ طعام کی جنس سے۔
۳ــ جو کچھ حاضر ہے لاؤ۔ پھر حضرت ام ہانی کا دل خوش کرنے اور اس بات پر تنبیہ کرنے کے لیے کہ کم از کم جو خوراک بھی حاضر ہو اس پر قناعت کرنی چاہیے۔ ارشاد فرمایا۔
۴ــ اقفر پہلے قاف پھر فا، قفر سے مشتق ہے۔ جس کا معنیٰ لغت میں وہ زمین ہے جس میں پانی نہ ہو اور اس میں گھاس نہ اگے۔ قفار اس روٹی کو کہتے ہیں جس کے ساتھ سالن نہ ہو۔

۴۰۳۷ــ ۶۰ وَعَنْ یُوْسُفَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ رَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ کِسْرَةً مِّنْ خُبْزِ الشَّعِیْرِ فَوَضَعَ عَلَیْهَا

حضرت یوسف بن عبد اللہ بن سلام[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو دیکھا آپ نے جو کی روٹی کا ایک ٹکڑا اٹھایا اس پر ایک کھجور رکھی اور فرمایا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تَمْرَۃً فَقَالَ هٰذِهٖ اِدَامُ هٰذِهٖ وَ اَكَلَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ)

یہ اس کا سالن ہے اور تناول فرما لیا۔

(ابو داؤد)

لہ حضرت عبداللہ بن سلام اکابر صحابہ میں سے ہیں۔ یہودیوں کے بڑے عالم اور حضرت یوسف علیہ السلام کی اولاد میں سے تھے، ان کے صاحبزادے یوسف کم عمر صحابہ میں سے ہیں۔ ان کی کنیت ابو یعقوب ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کا نام یوسف رکھا۔

کہ کسرۃ کاف کے نیچے زیر، روٹی کا ٹکڑا

۳ہ کھجور روٹی کا سالن ہے۔

۴۰۲۸/۶۱ وَعَنْ سَعْدٍ قَالَ مَرِضْتُ مَرَضًا اَتَانِي النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ فَوَضَعَ يَدَهٗ بَيْنَ ثَدْيَيَّ حَتّٰى وَجَدْتُ بَرْدَهَا عَلٰى فُؤَادِيْ وَ قَالَ اِنَّكَ رَجُلٌ مَفْئُوْدٌ اِئْتِ الْحَارِثَ بْنَ كَلَدَةَ اَخَا ثَقِيْفٍ فَاِنَّهٗ رَجُلٌ يَتَطَبَّبُ فَلْيَاْخُذْ سَبْعَ تَمَرَاتٍ مِّنْ عَجْوَةِ الْمَدِيْنَةِ فَلْيَجَاْهُنَّ بِنَوَاهِنَّ ثُمَّ لِيَلُدَّكَ بِهِنَّ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت سعد لہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں بیمار ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میری عیادت کے لیے تشریف لائے۔ آپ نے اپنا ہاتھ میرے دو پستانوں کے درمیان کہ رکھا۔ یہاں تک کہ میں نے اس کی ٹھنڈک اپنے دل پر محسوس کی ۳ہ آپ نے فرمایا: تم دل کے مریض ہو ۴ہ تم حارث بن کلدہ ۵ہ ثقیف کے بھائی کے پاس جاؤ کیونکہ وہ طبابت کرتا ہے ۶ہ وہ مدینہ منورہ کی سات عجوہ ۷ہ کھجوریں لے کر انہیں گٹھلیوں سمیت کوٹ لے۔ پھر وہ تمہیں پلا دے۔ ۸ہ

(ابو داؤد)

لہ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ

کہ یعنی میرے سینے پر ہاتھ رکھا۔

۳ہ یہ کنایہ ہے اس ذوق اور لذت سے جو دست مبارک کے رکھنے سے دل میں محسوس کی۔ فواد فاء پر پیش، اس کے بعد ہمزہ، دل اور دل کا درمیانہ حصہ، بعض حضرات کہتے ہیں کہ فواد فاء پر پیش، اس کے بعد

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قلب اس سیاہ نقطے کو کہتے ہیں جو دل کے اندر ہوتا ہے، قاموس میں ہے کہ فواد کا معنیٰ قلب ہے
۳؎ آپ نے ہاتھ رکھ کر جب میرا حال معلوم کیا تو فرمایا۔
۵؎ مفؤد اس شخص کو کہتے ہیں جس کے دل میں درد ہو۔
۶؎ حارث بن کلدہ کاف اور لام پر زبر
۷؎ یعنی وہ ثقفی تھا۔ محلہ کے رئیس کو کہتے ہیں کہ وہ فلاں کا بھائی ہے، جیسے کہ اَخا عادٍ اور اَخُوْھُمْ نُوْحٌ۔
۸؎ تطبب صیغہ تفعل تکلف کے لیے ہے یا کمال کے لیے۔
۹؎ عجوہ کھجوروں کی بہترین قسم ہے۔ اس میں کئی خواص اور برکتیں ہیں مثلاً اس میں بیماری، زہر اور جادو کے دفع کرنے کی خاصیت موجود ہے جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا۔
۱۰؎ اور اس میں پانی ملائیں۔
۱۱؎ لدود لام پر زبر، اس دوا کو کہتے ہیں جو بیمار کے منہ میں ڈالتے ہیں اور اسے پلاتے ہیں

اگر سوال کیا جائے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طبیب کے پاس جانے کا حکم دیا۔ خود علاج تجویز کیا اور علاج کرنے کے سلسلے میں انہیں طبیب کے سپرد کیا۔ اس میں کیا حکمت تھی؟ اس کا جواب یہ ہے کہ پہلے انہیں طبیب کے حوالے کیا، پھر جب آسان علاج آپ کے خیال شریف میں آگیا جس میں جلد فائدہ تھا تو آپ نے از راہ شفقت بیان فرما دیا اور اس بات کی اجازت نہ دی کہ طبیب انہیں طویل علاج معالجے میں ڈال دے۔ اور چونکہ اس دوا کا تیار کرنا اور اس کے استعمال کا طریقہ طبیب کے ذریعے بہت آسان تھا اس لیے انہیں طبیب کے حوالے کر دیا۔ شارحین فرماتے ہیں کہ یہ حدیث کافر طبیب کی طرف رجوع کرنے اور اس سے مشورہ کرنے کی دلیل ہے، کیونکہ یہ حارث بن کلدہ اسلام کے ابتدائی زمانے میں مرگیا تھا اور اس کا اسلام لانا ثابت نہیں ہوا۔

۴۰۳۹ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ کَانَ یَاْکُلُ الْبِطِّیْخَ بِالرُّطَبِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)	حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تربوز، کھجور کے ساتھ کھایا کرتے تھے۔ (ترمذی)[۱]
وَزَادَ اَبُوْدَاوٗدَ وَ یَقُوْلُ یُکْسَرُ حَرُّ ھٰذَا بِبَرْدِ ھٰذَا	امام ابو داؤد نے یہ اضافہ کیا: اور فرماتے اس کی گرمی اس کی سردی[۲] سے اور اس کی سردی اس کی گرمی[۳]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَ بَرْدُ هٰذَا بِحَرِّ هٰذَا وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ۔

سے توڑی جائے گی ۔ امام ترمذی نے فرمایا، یہ حدیث حسن غریب ہے [۴]

[۱] امام ترمذی نے اس حدیث کا اتنا حصہ ہی روایت کیا۔

[۲] یعنی کھجور کی گرمی. تربوز کی سردی سے توڑی جاتی ہے۔

[۳] اور تربوز کی سردی، کھجور کی گرمی سے توڑی جاتی ہے۔ کہتے ہیں کہ شاید تربوز کچا تھا ورنہ پکا ہوا تربوز بھی گرم ہوتا ہے اس کے باوجود کھجور کی نسبت سرد ہے، اور یہ معنی ککڑی کے کھجور کے ساتھ کھانے میں زیادہ ظاہر ہے جیسے کہ اس سے پہلے گزرا۔

[۴] شمائل ترمذی میں ہے کہ یَاْکُلُ الْخِرْبِزَ بِالرُّطَبِ خربز خاء کے نیچے زیر، راء ساکن اور باء کے نیچے زیر خربزہ کا معرب ہے۔ بعض شارحین نے اس کی تعبیر اس قسم کے ساتھ کی ہے، جسے ہندوانہ کہتے ہیں اور صحیح یہ ہے کہ اس سے مراد تربوز ہے، امام سخاوی، مقاصد حسنہ میں لائے ہیں کہ یزید بن رومان کی روایت میں آیا ہے کہ یاکل البطیخ بالرطب بادے پہلے طاء ہے پکا ہوا۔

۴۰۴۰
۶۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِتَمْرٍ عَتِيْقٍ فَجَعَلَ يُفَتِّشُهٗ وَ يُخْرِجُ السُّوْسَ مِنْهُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں پرانی کھجوریں [۱] لائی گئیں تو آپ اسے کریدتے تھے اور اس سے کیڑے [۲] نکالتے تھے۔

(ابو داؤد)

[۱] جن میں کیڑے پڑے ہوئے تھے۔

[۲] سوس ان کیڑوں کو کہتے ہیں جو کھانے اور اُون میں پڑ جاتے ہیں اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کیڑے پڑ جانے سے کھانا پلید نہیں ہوتا، اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا، مطالب المؤمنین میں ہے کہ پنیر اور سیب میں کیڑا پیدا ہو جائے تو وہ حلال ہے، کیونکہ اس سے احتراز ممکن نہیں ہے "تاہم کیڑا نکال دیا جائیگا اور اس کا وہی حکم ہے جو مکھی کا ہے، بھڑ، مچھر اور ہر وہ چیز جس میں بہنے والا خون نہیں ہے اس کا کھانا حرام ہے اور اگر پانی یا کھانے میں گر جائے تو وہ پلید نہیں ہوگا۔

۴۰۴۱
۶۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اُتِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِجُبُنَّۃٍ فِیْ تَبُوْکَ فَدَعَا بِالسِّکِّیْنِ فَسَمّٰی وَ قَطَعَ۔	روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں غزوہ تبوکؔ[1] میں پنیر لایا گیا تو آپ نے چھری طلب فرمائی۔ بسم اللہ پڑھی[3] اور اسے کاٹا۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)	(ابو داؤد)

[1] تبوک، شام کے علاقے میں ایک شہر ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم وہاں غزوہ کے لیے تشریف لے گئے تھے۔

[2] جُبُنَّۃ جیم اور ایک نقطے والی بار پر پیش اور نون مشدد پر زبر، پنیر

[3] یہ اسی طرح ہے جس طرح کھانے کی ابتدا میں بسم اللہ شریف پڑھی جاتی ہے، ذبح کی طرح نہیں ہے جیسے کہ بعض عوام کدو کو کاٹتے ہوئے کرتے ہیں ——— علامہ طیبی نے کہا کہ یہ حدیث اِنفحہ کے پاک ہونے کی دلیل ہے۔ کیونکہ پنیر اسی کے ذریعے تیار کیا جاتا ہے اور اگر وہ پلید ہو تو پنیر بھی پلید ہوگا، اِنفحہ ہمزے کے نیچے زیر، نون ساکن، فاء پر زبر اور اس کے نیچے زیر بھی پڑھ سکتے ہیں اور بے نقطہ حاء مشدد، اسے مِنفحہ بھی کہتے ہیں۔ صراح میں ہے کہ بکری یا بھیڑ کے اس بچے کی اوجھڑی جس نے ابھی چارہ نہ کھایا ہو، قاموس میں ہے اس چیز کو کہتے ہیں جو بکری کے شیر خوار بچے کے پیٹ سے نکال کر اون کے کچھ حصے میں نچوڑی جاتی ہے پھر اسے دودھ میں ڈال دیا جاتا ہے تو دودھ سخت ہو جاتا ہے اور اس سے پنیر تیار ہوتا ہے۔ صاحب قاموس نے کہا کہ جوہری (صاحب صحاح) نے اس کی تفسیر اوجھڑی سے کی ہے اور یہ ان کا سہو ہے۔ (قاموس)
مشہور یہ ہے کہ یہ وہ دودھ ہے جو بکری کے بچے کے پیٹ سے نکلتا ہے۔ اسے دودھ میں ڈالتے ہیں اور اس سے پنیر تیار ہوتا ہے۔ مغرب کے بعض علماء نے کہا کہ رومی پنیر مکروہ ہے۔ ہمیں معلوم نہیں کہ اس کی کراہت کی علت کیا ہے؟ آیا اسی اِنفحہ میں شبہہ ہے یا کوئی دوسری چیز ہے۔

۴۰۴۲ وَعَنْ سَلْمَانَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنِ السَّمْنِ وَ الْجُبْنِ وَالْفِرَاءِ فَقَالَ الْحَلَالُ مَا اَحَلَّ اللّٰہُ فِیْ کِتَابِہٖ وَ الْحَرَامُ مَا	حضرت سلمان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے گھی، پنیر اور پوستین[1] کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا[2]: حلال وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں حلال کیا اور حرام وہ ہے جسے اللہ تعالےٰ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حَرَّمَ اللّٰهُ فِيْ كِتَابِهٖ وَمَا سَكَتَ عَنْهُ فَهُوَ مِمَّا عَفَا عَنْهُ ۔

(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ مَوْقُوْفٌ عَلَى الْاَصَحِّ)

نے اپنی کتاب میں حرام کیا اور جس چیز سے سکوت فرمایا ہے[۲] تو وہ ان چیزوں میں سے ہے جنہیں معاف فرمایا۔

(ابن ماجہ۔ ترمذی)

امام ترمذی نے فرمایا اصح یہ ہے کہ یہ حدیث موقوف ہے[۴]

[۱] ان تین چیزوں کے بارے میں پوچھا گیا کہ یہ حلال ہیں یا حرام؟ (۱) سمن سین پر زبر، میم ساکن، گھی۔ ظاہر یہ ہے کہ ابتداء اسلام میں کچھ لوگوں کو اس کے حلال ہونے میں شبہ پیدا ہوا تھا (۲) پنیر اس کے بارے میں اشتباہ اور سوال کی وجہ یہ ہے کہ یہ اِنْفَحَہ سے بناتے ہیں۔ (۳) فِرَاء فاء کے نیچے زیر، آخر میں الف ممدودہ، اکثر شارحین نے اسے فَرَا پہلے حرف پر زبر آخر میں الف مقصورہ کی جمع قرار دیا ہے جس کا معنیٰ جنگلی گدھا دلیل گائے ہے) بعض شارحین نے فرو بمعنی پوستین کی جمع قرار دی ہے۔ اسی لیے امام ترمذی اس حدیث کو اپنی جامع کے باب لباس میں اور امام ابن ماجہ گھی اور پنیر کے باب میں لائے ہیں، علامہ تورپشتی نے فرمایا: بے شک بعض محدثین نے غلط کہا ہے کہ یہ فَرَا بمعنیٰ جنگلی گدھے کی جمع ہے، حالانکہ یہ صرف فَرْد (پوستین) کی جمع ہے، صحابہ کرام نے اس کے بارے میں از راہ پرہیز اس لیے سوال کیا کہ اسے کفار مردہ جانور کی کھال سے رنگے بغیر تیار کرتے ہیں، علامہ تورپشتی نے کہا کہ محدثین اس حدیث کو باب لباس میں لائے ہیں اور اگر طعام کے باب میں بھی لائے ہوں تو یہ حدیث جنگلی گدھے کے مردار ہونے پر دلیل نہیں بن سکتی کیونکہ یہ حدیث طعام اور لباس کے بارے میں سوال پر مشتمل ہے۔

[۲] بطور قاعدہ کلیہ جواب دیا۔

[۳] جن چیزوں کے بارے میں سکوت فرمایا ہے اور انہیں نہ حلال قرار دیا ہے اور نہ حرام تو وہ ان چیزوں میں سے ہیں جن کو معاف فرمایا ہے اور یہ دلیل ہے اس بات کی کہ اشیاء میں اصل اباحت ہے۔

[۴] یہ حضرت سلمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث نہیں ہے حدیث موقوف، صحابی کے قول و فعل کو کہتے ہیں جیسے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے قول و فعل کو حدیث مرفوع کہتے ہیں۔

۴۰۲۳ — ۶۲
وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَدِدْتُ اَنَّ عِنْدِیْ خُبْزَۃً بَیْضَاءَ مِنْ بُرَّۃٍ سَمْرَاءَ مُلَبَّقَۃً بِسَمْنٍ وَّلَبَنٍ فَقَامَ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَاتَّخَذَہٗ فَجَاءَ بِہٖ فَقَالَ فِیْ اَیِّ شَیْءٍ کَانَ ھٰذَا قَالَ فِیْ عُکَّۃِ ضَبٍّ قَالَ ارْفَعْہُ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ وَقَالَ اَبُوْدَاوٗدَ وَھٰذَا حَدِیْثٌ مُّنْکَرٌ)

نے فرمایا: ہمیں یہ بات پسند ہے کہ ہمارے پاس شربتی رنگ کی گندم[۱] کی سفید روٹی ہوتی جو گھی اور دودھ کے ساتھ ترکی ہوئی ہوتی، تو ہم میں سے ایک شخص اٹھا۔ اس نے ایسی روٹی تیار کی اور لاکر پیش کردی۔ فرمایا: یہ گھی کس چیز میں تھا؟ اس نے کہا گوہ کے چمڑے سے تیار کیے ہوئے ڈبہ[۲] میں، فرمایا: اسے اٹھالو[۳]

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

امام ابوداؤد نے کہا کہ یہ حدیث منکر ہے[۴]۔

۱ سفید گندم جس میں سیاہی پوشیدہ ہو، گندم کی بہترین اور خاص قسم۔

۲ عکّۃ عین پر پیش، گھی کا برتن جو مشکیزے سے چھوٹا ہوتا ہے۔

۳ یہ روٹی ہمارے سامنے سے اٹھالو، یہ بات طبیعت شریف کی کراہت اور نفرت کی بنا پر فرمائی۔ اس لیے نہیں کہ وہ پلید ہے، ورنہ اس گھی اور روٹی کے پھینک دینے کا حکم دیتے اور اس کے کھانے سے منع فرمادیتے اسی طرح علامہ طیبی نے کہا ہے، یہ تقریر شافعیہ کے مذہب پر مبنی ہے۔ کیونکہ ان کے نزدیک گوہ حلال ہے، ہمارے نزدیک حرام ہے۔ ہم نے اس بحث کو مَا یَحِلُّ اَکْلُہٗ وَمَا یَحْرُمُ کے باب میں تفصیل کے ساتھ بیان کیا ہے۔

۴ یہ حدیث منکر، ضعیف اور غیر مقبول ہے، نیز نفس کی خواہش کی طلب، اشتہا، پسندیدگی اور اس کی آرزو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت کریمہ کے خلاف ہے، اسی لیے امام ابوداؤد نے اس حدیث کو منکر قرار دیا ہے، اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا۔ یہ حدیث صحیح بھی ہو تو قابل توجہ بات یہ ہے کہ طبیعت کی اشتہا اور اس کے اظہار اور طلب میں تکلف کے ترک کرنے کے باوجود، لطف الٰہی نے آپ کو اس سے کس طرح باز رکھا؟ اور کس طرح ایسی چیز کو ظاہر فرمایا جو آپ کی طبع شریف کے لیے نفرت و کراہت کا باعث بنی۔ خاص بندوں کے لیے اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور حمایت اسی طرح ہوتی ہے۔

۴۰۴۴/۲۷ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ اَکْلِ الثُّوْمِ اِلَّا مَطْبُوْخًا (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لہسن کے کھانے سے منع فرمایا مگر یہ کہ پکایا ہوا ہو[۱] (ترمذی۔ ابوداؤد)

[۱] کیونکہ پکانے سے اس کی بو ختم ہو جاتی ہے۔ پیاز وغیرہ کا بھی یہی حکم ہے۔

۴۰۴۵ وَعَنْ اَبِیْ زِیَادٍ قَالَ سُئِلَتْ عَائِشَۃُ عَنِ الْبَصَلِ فَقَالَتْ اِنَّ اٰخِرَ طَعَامٍ اَکَلَہٗ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ طَعَامٌ فِیْہِ بَصَلٌ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

ابوزیاد سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے پیاز کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو آخری طعام تناول فرمایا اس میں پیاز شامل تھا[۱] (ابوداؤد)

[۱] اگر طعام میں پیاز کے کھانے کے بارے میں سوال تھا۔ تو یہ جواب اس کے مطابق اور موافق ہے۔ اور اگر عام سوال تھا کہ پیاز تنہا کھانا اور طعام میں کھانا کیسا ہے؟ تو تنہا پیاز کھانے کا حکم بیان نہیں ہوا اور وہ کراہت والے حکم پر باقی رہا۔

تفصیل مقام یہ ہے کہ احادیث میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پیاز نہ تو تنہا کھایا ہے اور نہ ہی طعام میں، لیکن حضرت عائشہ کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طعام میں پیاز تناول فرمایا ہے، اور امت کو اس کے کھانے سے منع بھی فرمایا ہے۔ بعض محدثین کہتے ہیں کہ کچے پیاز کے کھانے سے ممانعت ہے پکے ہوئے سے نہیں ہے، اصح یہ ہے کہ وہ نہی بھی تنزیہی ہے۔ تحریمی نہیں ہے نہ تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر حرام ہے اور نہ ہی آپ کی امت پر، امام طحاوی شرح معانی الآثار میں ایسی احادیث لائے ہیں جن سے پیاز، گندنا اور لہسن وغیرہ کے کھانے کا جواز معلوم ہوتا ہے، خواہ یہ چیزیں کچی ہوں یا پکی ہوئی۔ ہاں جو شخص کھائے وہ اس وقت تک گھر میں بیٹھے جب تک کہ بو باقی ہو، مسجد میں نہ جائے کہ ایسی حالت میں مسجد میں جانا مکروہ ہے، امام طحاوی نے فرمایا امام ابوحنیفہ، امام ابویوسف، امام محمد اور ہمارا یہی مختار ہے۔ شارحین نے فرمایا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جواز کی تعلیم دینے اور یہ بیان کرنے کے لیے نہی تنزیہی ہے نہ کہ تحریمی آخری عمر میں پیاز والا طعام تناول فرمایا۔

۴۰۴۶ وَعَنِ ابْنَیْ بُسْرٍ السُّلَمِیَّیْنِ قَالَا دَخَلَ عَلَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ

بسر کے دو سلمی صاحبزادوں[۱] رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ہمارے پاس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَدَّمْنَا زُبْدًا وَّ تَمْرًا وَ کَانَ یُحِبُّ الزُّبْدَ وَ التَّمْرَ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے تو ہم نے مکھن اور چھوہارے پیش کیے اور حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکھن اور چھوہارے پسند فرماتے تھے[۲]۔ (ابوداؤد)

[۱] ان کا نام حضرت عبداللہ اور عطیہ ہے اور دونوں صحابی ہیں، رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔ سُلَمِیَّیْنِ سین پر پیش لام مخفف مفتوح، میم نسبت، تثنیہ۔

[۲] کیونکہ مکھن کی چکنائی چھوہارے کی خشکی کو دور کرتی ہے ——— چپڑی ہوئی روٹی کا کھجوروں کے ساتھ کھانا عرب میں معروف ہے۔

۴۰۳۴ وَعَنْ عِکْرَاشِ بْنِ ذُؤَیْبٍ قَالَ اُتِیْنَا بِجَفْنَۃٍ کَثِیْرَۃِ الثَّرِیْدِ وَالْوَذْرِ فَخَبَطْتُ بِیَدِیْ فِیْ نَوَاحِیْھَا وَ اَکَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ بَیْنِ یَدَیْہِ فَقَبَضَ بِیَدِہِ الْیُسْرٰی عَلٰی یَدِیَ الْیُمْنٰی ثُمَّ قَالَ یَا عِکْرَاشُ کُلْ مِنْ مَّوْضِعٍ وَّاحِدٍ فَاِنَّہٗ طَعَامٌ وَّاحِدٌ ثُمَّ اُتِیْنَا بِطَبَقٍ فِیْہِ اَلْوَانُ التَّمْرِ فَجَعَلْتُ اٰکُلُ مِنْ بَیْنِ یَدَیَّ وَجَالَتْ یَدُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الطَّبَقِ فَقَالَ یَا عِکْرَاشُ کُلْ مِنْ حَیْثُ شِئْتَ فَاِنَّہٗ غَیْرُ لَوْنٍ وَّاحِدٍ ثُمَّ اُتِیْنَا بِمَآءٍ فَغَسَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی

حضرت عکراش بن ذویب[۱] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہمارے پاس بہت سے ثرید اور گوشت[۲] والا بڑا پیالہ لایا گیا، تو میں نے اس کے اطراف میں ہاتھ مارے[۳] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنے سامنے سے تناول فرمایا، آپ نے اپنے بائیں ہاتھ سے میرا دایاں ہاتھ پکڑا پھر فرمایا: عکراش! ایک جگہ سے کھاؤ کیونکہ یہ ایک کھانا[۴] ہے۔ پھر ہمارے پاس ایک تھال لایا گیا جس میں رنگا رنگ کھجوریں تھیں۔ میں اپنے سامنے سے کھانے لگا[۵] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہاتھ تھال میں گردش کرنے لگا[۶] فرمایا عکراش! جہاں سے چاہو کھاؤ کیونکہ یہ ایک قسم نہیں[۷] ہے، پھر ہمارے پاس پانی لایا گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ وَ مَسَحَ بِبَلَلِ كَفَّيْهِ وَجْهَهُ وَ ذِرَاعَيْهِ وَرَأْسَهُ وَ قَالَ يَا عِكْرَاشُ هٰذَا الْوُضُوْءُ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

نے اپنے دونوں ہاتھ دھوئے اور اپنے ہاتھوں کی تری چہرے ، کلائیوں اور سر مبارک پر ملی اور فرمایا: عکراش! یہ اس کھانے کا وضو ہے جسے آگ تبدیل کرے ؎۹ (ترمذی)

؎۱ عکراش عین کے نیچے زیر، کاف ساکن اور آخر میں نقطے والا شین بن ذویب نقطے والے ذال کے ساتھ تصغیر کا صیغہ، صحابی ہیں اور ان کا شمار بصریوں میں ہوتا ہے۔

؎۲ وذر واؤ پر زبر، نقطے والا ذال ساکن، ہڈی سے خالی گوشت کے ٹکڑے۔

؎۳ خبط دراصل اس کا معنی ہے اونٹنی کا تاریک رات میں چلنا کہ وہ بغیر کسی احتیاط اور تمیز کے ہر طرف ہاتھ اور پاؤں مارتی ہے۔ اسی طرح یہ صحابی پیالے کی ہر جانب میں ہاتھ مارتے تھے۔ اور کھاتے تھے۔

؎۴ یعنی اپنے آگے سے کھاؤ اور ہر طرف ہاتھ نہ مارو۔

؎۵ اور ہر طرف ایک جیسا ہے، ہر جانب ہاتھ مارنا، حرص اور لالچ کے سوا کچھ نہیں ہے، یعنی اگر مختلف کھانے ہوتے یا ایک ہی کھانا ہوتا اور ہر جانب اس کی الگ قسم ہوتی تو طبیعت کے میلان کے مطابق ہر طرف سے کھایا جاسکتا تھا، لیکن جب ایک ہی کھانا ہے (اور ہر طرف ایک جیسا ہی ہے)، تو ہر طرف ہاتھ معیوب اور مکروہ ہے۔

؎۶ کیونکہ میں کھانے کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد سن چکا تھا۔

؎۷ طبعی میلان کی بنا پر اور حاضرین کو یہ بتانے کے لیے کہ کھجوریں ہر طرف سے کھائی جاسکتی ہیں۔ آپ نے یہ مسئلہ اپنے فعل سے بھی بیان فرمایا اور قول سے بھی (جیسے اس کے بعد فرمایا)

؎۸ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر پھل بھی ایک ہی قسم (اور ایک ہی رنگ) کا ہو تو ہر طرف ہاتھ نہ مارنا چاہیے بلکہ اپنے آگے سے کھانا چاہیے۔

؎۹ اور آگ پر پکا ہوا ہو ——— بعض روایات میں بما مسته النار وہ کھانا جسے آگ نے چھوا ہے، اور اس میں شک نہیں کہ اس میں دونوں ہاتھوں کا دھونا کافی ہے، لیکن اگر ہاتھوں کی تری چہرے، کلائیوں اور سر پر مل لیں تو بہتر ہے اور یہ نماز کے لیے کیے جانے والے وضو کے زیادہ مشابہ ہے۔

۴۰۲۸ / ۱۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَخَذَ أَهْلَهُ الْوَعْكُ أَمَرَ بِالْحَسَاءِ فَصُنِعَ ثُمَّ أَمَرَهُمْ فَحَسَوْا مِنْهُ وَكَانَ يَقُوْلُ إِنَّهُ لَيَرْتُوْ فُؤَادَ الْحَزِيْنِ وَيَسْرُوْا عَنْ فُؤَادِ السَّقِيْمِ كَمَا تَسْرُوْا إِحْدَاكُنَّ الْوَسَخَ بِالْمَاءِ عَنْ وَجْهِهَا. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل کو گرمی کا بخار ہو جاتا تو آپ کے حکم پر سیرا[1] تیار کیا جاتا، پھر آپ انہیں حکم دیتے تو وہ اس سے پیتے، آپ فرمایا کرتے تھے کہ یہ غمگین کے دل کو تقویت[2] دیتا ہے اور بیمار کے دل کی تنگی کو دور کرتا ہے جیسے کہ تم میں سے ایک پانی سے اپنے چہرے کی میل دور کرتی ہے[3]۔ (ترمذی) انہوں نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

[1] حسا پہلے حرف پر زبر، آخر میں الف ممدودہ، وہ طعام جو آٹے اور گھی سے تیار کیا جاتا ہے، کبھی اسے میٹھا بھی بنا لیتے ہیں، نیز اسے نرم رکھتے ہیں تاکہ پیا جا سکے، یہ وہی تلبینہ ہے جس کا ذکر پہلی فصل میں گزرا، اسے حریرہ بھی کہتے ہیں۔ حدیث میں بھی یہ نام آیا ہے۔

[2] صراح میں ہے رتو سخت کرنا اور سست کرنا، متضاد معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

[3] عورتوں سے اس لیے خطاب فرمایا کہ وہ چہرے کو میل کچیل سے پاک صاف کرنے کی زیادہ کوشش کرتی ہیں، یا اس لیے کہ جب یہ ارشاد فرمایا تو عورتیں ہی حاضر تھیں۔

۴۰۲۹ / ۲۷ وَعَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَفِيْهَا شِفَاءٌ مِّنَ السَّمِّ وَالْكَمْأَةُ مِنَ الْمَنِّ وَمَاؤُهَا شِفَاءٌ لِّلْعَيْنِ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا عجوہ جنت سے[1] ہے اور اس میں زہر سے شفاء[2] ہے اور کھمبی، من سے ہے اور اس کا پانی آنکھ کے لیے شفاء ہے[3]۔ (ترمذی)

[1] یعنی یہ جنت سے لائی گئی ہے یا بہشت میں ہو گی، یا یہ مطلب ہے کہ یہ اتنی مفید اور راحت بخش ہے کہ گویا بہشت سے لائی گئی ہے، زیادہ بہتر اور درست پہلا معنیٰ ہے، جیسے کہ محققین علماء نے حدیث شریف

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ہماری قبر اور ہمارے منبر کے درمیان جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہے، کے بارے میں فرمایا ہے۔

۲ جیسے کہ پہلی فصل میں گزرا۔

۳ اس کی شرح بھی پہلی فصل میں گزر چکی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ — تیسری فصل

۴۰۵۰ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ ضِفْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَأَمَرَ بِجَنْبٍ فَشُوِيَ ثُمَّ أَخَذَ الشَّفْرَةَ فَجَعَلَ يَحُزُّ لِيْ بِهَا مِنْهُ فَجَاءَ بِلَالٌ يُؤْذِنُهُ بِالصَّلٰوةِ فَأَلْقَى الشَّفْرَةَ فَقَالَ مَا لَهُ تَرِبَتْ يَدَاهُ قَالَ وَكَانَ شَارِبُهُ وَفَاءً فَقَالَ لِيْ أَقُصُّهُ لَكَ عَلٰى سِوَاكٍ أَوْ قُصَّهُ عَلٰى سِوَاكٍ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ[۱] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک رات مہمان ہوا[۲]، آپ نے فرمایا کہ بکری کا پہلو بھونا جائے، چنانچہ بھونا گیا۔ پھر آپ نے بڑی چھری[۳] لی اور اس کے ساتھ اس پہلو سے میرے لیے کاٹنے لگے، پھر حضرت بلال آپ کو نماز کی اطلاع دینے کے لیے حاضر ہوئے تو آپ نے چھری پھینک دی اور فرمایا اُسے کیا ہے[۴]؟ اس کے دونوں ہاتھ خاک آلود ہوں[۵]، حضرت مغیرہ (اپنی طرف اشارہ کرتے ہوئے) فرماتے ہیں کہ ان کی مونچھیں بڑھی ہوئی تھیں[۶] تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا کہ میں انہیں مسواک پر رکھ کر کاٹ دیتا ہوں[۷] یا فرمایا تم انہیں مسواک پر رکھ کر کاٹ دو۔ (ترمذی)

۱ حضرت مغیرہ بن شعبہ مشہور صحابی ہیں۔ خندق کے سال اسلام لائے و بعض محدثین نے کہا کہ پہلے پہل حدیبیہ میں حاضر ہوئے، حضرت امیر معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی طرف سے والی مقرر کیے گئے تھے، عقل و دانش اور اصابت رائے میں ایک مثال کی حیثیت رکھتے تھے۔

۲ ضفت ضاد کے نیچے زیر، بر وزن بعثت ———— یعنی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور میں ایک صحابی کے گھر گئے اور ان کے مہمان بنے، انہوں نے بکری ذبح کی۔

۳ شفر نقطے والے شین پر زبر، فا ساکن، بڑی چھری۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سکہ یہ اطلاع اذان کے علاوہ تھی، جیسے کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کی عادت تھی کہ جب اذان کے بعد صحابہ کرام جمع ہو جاتے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر اطلاع دیتے، اس جگہ یُؤْذِنُ ایذان سے مشتق ہے جس کا معنیٰ اطلاع اور خبر دینا ہے۔ نماز کے وقت کی اطلاع دینے کے لیے جو اذان دیتے، اس کے لیے یُؤَذِّنُ تَاْذِیْنًا استعمال کرتے ہیں۔

ھ بطور تعجب فرمایا کہ اس بلال کو کیا ہوا؟ کہ اس وقت نماز کی اطلاع دیتا ہے اور اضطراب میں مبتلا کرتا ہے حالانکہ وقت تنگ نہیں ہے۔

لکھ یہ کنایہ ہے خواری، فقر اور ناداری سے کسی شخص کو ملامت کرنے کے وقت عرب یہ دعا دیتے ہیں، لیکن اس سے مراد حقیقت اور اس امر کا وقوع نہیں ہے بلکہ اسی طرح عادت ہے اور صرف ملامت اور سرزنش مقصود ہوتی ہے۔

ےھ اتنی لمبی تھیں کہ ہونٹوں تک پہنچی ہوئی تھیں ——— شارحین نے اس عبارت کا مطلب چند طرح بیان کیا ہے ایک یہ کہ شَارِبُہٗ کی ضمیر حضرت مغیرہ کی طرف راجع ہے جو حدیث کے راوی ہیں۔ ظاہر یہ ہے کہ کہتے وَکَانَ شَارِبِیْ صیغۂ متکلم کے ساتھ یعنی میری مونچھیں بڑھی ہوئی ہیں، یہ کلام میں تفنن ہے جسے علم معانی کی اصطلاح میں تجرید اور التفات کہتے ہیں۔

ھ یعنی مسواک کی لکڑی ان کے نیچے رکھ کر انہیں استرے کے ساتھ کاٹ دیتا ہوں۔

ھ یہ راوی کو شک ہے یعنی انہیں حکم فرمایا کہ تم انہیں کاٹ دو، یہ نہیں فرمایا کہ ہم کاٹ دیتے ہیں۔

دوسری توجیہ یہ ہے کہ شَارِبُہٗ کی ضمیر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف راجع ہے۔ یعنی حضرت مغیرہ بن شعبہ فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مونچھیں بڑھی ہوئی تھیں، پس آپ نے فرمایا کہ ہم انہیں تمہارے لیے کاٹ دیتے ہیں تاکہ قطع کیے ہوئے بال تمہارے پاس بطور تبرک رہیں۔ یا انہیں حکم دیا کہ تم ہماری مونچھیں چھوٹی کر دو، بعض شارحین کہتے ہیں کہ شَارِبُہٗ کی ضمیر حضرت بلال کی طرف راجع ہے، لیکن اس صورت میں فَقَالَ لِیْ (مجھے فرمایا) خلاف ظاہر ہے فَقَالَ لَہٗ (انہیں فرمایا) ہونا چاہیے تھا، بعض حضرات نے فرمایا کہ اصل میں عبارت اس طرح ہے قَالَ بِلَالٌ قَالَ لِیْ (حضرت بلال فرماتے ہیں کہ مجھے فرمایا) لیکن اس میں تکلف ہے، تاہم یہ تکلف مشکوٰۃ شریف کی روایت میں ہے جس میں یہ الفاظ ہیں۔ فَقَالَ لِیْ، شمائل ترمذی میں ہے فَقَالَ۔ اس صورت میں حضرت بلال کی طرف ضمیر کا راجع کرنا ظاہر ہے اور حضرت مغیرہ کی طرف راجع کرنا تکلف اور خلاف ظاہر ہے جیسے شَارِبُہٗ خلاف ظاہر ہے کہ متکلم کی جگہ ضمیر غائب لائی گئی ہے، علامہ طیبی، شرح السنۃ کے حوالے سے ایک روایت لاتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ ایک شخص کی مونچھیں لمبی ہیں، آپ نے مسواک اور استرہ منگوایا،

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سواک ان کی مونچھوں کے نیچے رکھ کر قطع کردیں۔ اگر یہ روایت اسی قصے کے بارے میں ہے تو حضرت مغیرہ یا حضرت بلال کی طرف ضمیر کا راجع ہونا متعین ہے۔ مونچھوں کے کاٹنے اور انہیں پست کرنے کا حدیث میں جو حکم ہے تو ان کی مقدار میں علماء کا اختلاف ہے جس کا بیان کتاب الطہارۃ میں گزر چکا ہے۔

۴۰۵۱ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كُنَّا إِذَا حَضَرْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا لَمْ نَضَعْ أَيْدِيَنَا حَتّٰى يَبْدَأَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَضَعُ يَدَهٗ وَإِنَّا حَضَرْنَا مَعَهٗ مَرَّةً طَعَامًا فَجَاءَتْ جَارِيَةٌ كَأَنَّهَا تُدْفَعُ فَذَهَبَتْ لِتَضَعَ يَدَهَا فِي الطَّعَامِ فَأَخَذَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهَا ثُمَّ جَاءَ أَعْرَابِيٌّ كَأَنَّمَا يُدْفَعُ فَأَخَذَ بِيَدِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ الشَّيْطَانَ يَسْتَحِلُّ الطَّعَامَ أَنْ لَا يُذْكَرَ اسْمُ اللّٰهِ عَلَيْهِ وَإِنَّهٗ جَاءَ بِهٰذِهِ الْجَارِيَةِ لِيَسْتَحِلَّ بِهَا فَأَخَذْتُ بِيَدِهَا فَجَاءَ بِهٰذَا الْأَعْرَابِيِّ لِيَسْتَحِلَّ بِهٖ فَأَخَذْتُ بِيَدِهٖ إِنَّ يَدَهٗ فِيْ يَدِيْ مَعَ يَدِهَا زَادَ فِيْ رِوَايَةٍ ثُمَّ ذَكَرَ اسْمَ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ طعام کو حاضر ہوتے تو ہم کھانے کو ہاتھ نہ لگاتے یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابتداء فرماتے اور کھانے کی طرف ہاتھ بڑھاتے، ایک دفعہ ہم آپ کے ساتھ ایک کھانے پر حاضر ہوئے، ایک لڑکی یوں تیزی سے آئی جیسے کہ اسے دھکیلا جا رہا ہو، وہ فوراً کھانے میں اپنا ہاتھ ڈالنے لگی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا، پھر ایک بدوی اس تیزی سے آیا گویا اسے دھکیلا جا رہا ہو، آپ نے اس کا ہاتھ بھی پکڑ لیا، پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: شیطان اس طرح کھانے کو اپنے لیے حلال کرتا ہے کہ اس پر اللہ تعالیٰ کا نام نہ لیا جائے، وہ اس بچی کو لایا تاکہ اس کے ذریعے اپنے لیے کھانا حلال کرے، میں نے اس کا ہاتھ پکڑ لیا تو اس بدوی کو لے آیا تاکہ اس کے ذریعے کھانا حلال کرے، قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے اس بچی کے ساتھ شیطان کا ہاتھ بھی میرے ہاتھ میں ہے، ایک روایت میں یہ اضافہ ہے پھر اللہ تعالیٰ کا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہِ وَ اَکَلَ۔
(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

نام لیا اور کھانا تناول فرمایا۔
(مسلم)

سلہ اس کے بعد ہم ہاتھ بڑھانے سے بے چینی اور جلدی سے کام نہ لیتے۔
سلہ اور ابھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کھانے کی طرف ہاتھ نہیں بڑھایا تھا، اور ہم بھی ادب و احترام کے پیش نظر بیٹھے تھے اور کھانے کی طرف ہاتھ نہیں بڑھایا تھا۔
سلہ یعنی جیسے کسی نے اسے کھانے پر دھکا دے دیا ہو، وہ آتے ہی بھوک کی شدت کی بنا پر کھانے پر ٹوٹ پڑی۔
سلہ اس نے نہ تو اللہ تعالےٰ کا نام لیا اور نہ ہی ادب ملحوظ رکھا۔
سلہ اور اسے اجازت نہ دی کہ کھانے پر ہاتھ ڈالے اور کھانا شروع کر دے۔
سلہ اور اس کے کھانے پر قدرت حاصل کر لیتا ہے۔
سلہ اور اس کے آنے کا سبب بنا۔
سلہ اور اس کے بسم اللہ شریف کے بغیر کھانے کے سبب۔
سلہ ایک روایت میں ہے مَعَ یَدَیْھِمَا اس لڑکی اور بدوی کے ہاتھوں کے ساتھ، اور یہ زیادہ ظاہر ہے یَدِھَا والی روایت لڑکی کے ساتھ خاص ہے، اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ اعرابی کا ہاتھ نہیں تھا کیونکہ پہلے فرمایا کہ ہم نے اعرابی کا ہاتھ بھی پکڑ لیا، چونکہ لڑکی پہلے آئی تھی اور اس کا ہاتھ پہلے پکڑا تھا اس لیے خاص طور پر اس کا ذکر فرما دیا۔

۴۰۵۲ وَعَنْ عَائِشَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَرَادَ اَنْ یَّشْتَرِیَ غُلَامًا فَاَلْقٰی بَیْنَ یَدَیْہِ تَمْرًا فَاَکَلَ الْغُلَامُ فَاَکْثَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ کَثْرَۃَ الْاَکْلِ شُؤْمٌ وَ اَمَرَ بِرَدِّہٖ۔
(رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک غلام خریدنے کا ارادہ فرمایا تو اس کے سامنے کھجوریں رکھ دیں اس نے بہت ساری کھجوریں کھا لیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: زیادہ کھانا بے برکتی کی علامت ہے اور حکم فرمایا کہ اسے واپس کر دیا جائے۔
(شعب الایمان، امام بیہقی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ صراح میں ہے شُؤم پہلے حرف پر پیش، اس کے بعد ہمزہ، بری فال، برکت کی ضد، قاموس میں ہے شُؤمٌ یُمْنٌ کی ضد ہے اور یُمن کا معنی ہے برکت

۴۰۵۳ وَعَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَيِّدُ اِدَامِكُمُ الْمِلْحُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہارے سالن کا سردار نمک لہ ہے۔ (ابن ماجہ)

لہ کیونکہ اس میں مشقت کم ہوتی ہے، اور طریقۂ زہد و قناعت کے سلوک کے زیادہ نزدیک ہے اس لیے دوسرے سالنوں سے بہتر ہے۔

۴۰۵۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَ الطَّعَامُ فَاخْلَعُوْا نِعَالَكُمْ فَاِنَّهُ اَرْوَحُ لِاَقْدَامِكُمْ۔

اُن ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب کھانا رکھا جائے تو اپنے جوتے اتار دو، کیونکہ یہ تمہارے پاؤں کو زیادہ راحت پہنچانے والا عمل لہ ہے۔

لہ اور کھانے کے ادب کے بہت نزدیک ہے۔

۴۰۵۵ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِيْ بَكْرٍ اَنَّهَا كَانَتْ اِذَا اُتِيَتْ بِثَرِيْدٍ اَمَرَتْ بِهٖ فَغُطِّيَ حَتّٰى تَذْهَبَ فَوْرَةُ دُخَانِهٖ وَتَقُوْلُ اِنِّيْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ هُوَ اَعْظَمُ لِلْبَرَكَةِ۔ (رَوَاهُمَا الدَّارِمِيُّ)

حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب ان کے پاس ثرید لہ لایا جاتا تو وہ حکم دیتیں تو اسے ڈھانپ دیا جاتا یہاں تک کہ اس کے بخار اور گرمی کا جوش ۲ے چلا جاتا، وہ فرماتی تھیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ یہ برکت ۳ے کی زیادتی کا موجب ہے، یہ دونوں حدیثیں امام دارمی نے روایت کیں۔

لہ ثرید کا ذکر اتفاقی ہے، ان لوگوں کا طعام عام طور پر ثرید ہی ہوتا تھا، دوسرے کھانے کا بھی یہی حکم ہوگا۔
۲ے صراح میں ہے فَوْرٌ اور فَوَرَانٌ کا معنی ہے دیگ اور چشمے وغیرہ کا جوش مارنا، فَوْرَۃُ الْحَرِّ پہلے حرف پر زبر، گرمی کی شدت۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ﷺ۳ کھانے کو یہاں تک محفوظ رکھنا کہ اس کے بخارات اور گرمی کا جوش ختم ہو جائے اور اسے ٹھنڈا کر کے کھانا۔

۴۰۵۶/۷۹ وَعَنْ نُبَيْشَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَكَلَ فِىْ قَصْعَةٍ ثُمَّ لَحِسَهَا تَقُوْلُ لَهُ الْقَصْعَةُ اَعْتَقَكَ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ كَمَا اَعْتَقْتَنِىْ مِنَ الشَّيْطَانِ۔ (رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت نبیشہ[۱] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے پیالے میں کھایا پھر اسے[۲] چاٹا تو پیالہ اسے کہتا ہے[۳] کہ اللہ تعالیٰ تجھے آگ سے رہائی عطا فرمائے جس طرح تو نے مجھے شیطان سے رہائی دی[۴] ہے۔ (رزین)

ﷺ۱ نُبیشہ نون پر پیش، ایک نقطے والی باء پر زبر، یاء ساکن، اس کے بعد شین، صحابی ہیں۔ انہیں نُبیشۃ الخیر کہتے ہیں۔

ﷺ۲ کھانا کھانے کے بعد۔

ﷺ۳ زبانِ حال سے یا اس زبان سے جو حقیقت میں اس کے لیے ثابت ہے۔

ﷺ۴ اگر تم نہ چاٹتے تو وہ چاٹتا ——— یہ حدیث دوسری فصل میں حضرت نُبیشہ سے بالفاظ دیگر گزر چکی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الضِّيَافَةِ

۲۹۶- ضیافت کا بیان

ضیافت کی فضیلت نیز ضیافت مہمان اور میزبان کے آداب کا بیان، ضاف وہ مہمان ہوا اضاف اس نے مہمانی کی، ضَیف مہمان مُضیف میزبان ——— یاد رہے کہ جمہور علماء کے نزدیک مختار یہ ہے کہ حق ضیافت کی رعایت بہترین اخلاق اور مستحبات میں سے ہے اور اکثر احادیث اس پر دلالت کرتی ہیں، بعض علماء کے نزدیک ایک دن واجب اور اس کے بعد مستحب ہے۔ بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب مسلمانوں کی کوئی جماعت دیہات والوں کے پاس فروکش ہوں تو ان پر ضیافت واجب ہے۔ جمہور علماء کہتے ہیں کہ ابتدائے اسلام میں ضیافت واجب تھی پھر اس کا وجوب منسوخ ہوگیا۔ یا یہ حکم اس صورت پر محمول ہے کہ مسلمان بھوک کے ہاتھوں حالت اضطرار کو پہنچ گئے ہوں یا یہ حکم اہل ذمہ کے ساتھ خاص ہے۔ جنہوں نے ضیافت اپنے ذمہ لی تھی۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۴۰۵۷ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ وَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يُؤْذِ جَارَهٗ وَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا اَوْ لِيَصْمُتْ وَ فِيْ رِوَايَةٍ بَدَلَ الْجَارِ

پہلی فصل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو اسے چاہیے کہ مہمان کی عزت کرے اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے پڑوسی کو اذیت نہ دے اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو وہ اچھی بات کہے یا خاموش رہے۔ ایک روایت میں پڑوسی کی جگہ ہے کہ جو شخص اللہ تعالیٰ اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيَصِلْ رَحِمَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہے وہ صلہ رحمی کرے۔ (صحیحین)

سلہ اور اس دن کے ثواب و عذاب پر ایمان رکھتا ہو۔

سلہ اور اس کے حقوق پورے کرے، خوش آمدید کہے، خندہ پیشانی اور نرمی سے پیش آئے، حق خدمت بجالائے اور کسی کے حقوق ضائع کیے بغیر قدرے تکلف کے ساتھ طاقت و قدرت کے مطابق کھانا تیار کرے اور جو کچھ میسر ہو جلدی حاضر کرے۔

سلہ بندۂ ایمان دار کو چاہیے کہ پڑوسی کے ساتھ بھلائی کرے اور اس پر احسان کرے اور کم از کم یہ کرلے کہ اسے اذیت نہ پہنچائے، درحقیقت مطلب یہ ہے کہ جو شخص نیکی اور بھلائی کی توقع رکھتا ہو اس پر احسان کرے اور اسے اذیت دینے سے بچے۔

سلہ جس میں ثواب ہو اور اگر ثواب نہ ہو تو کم از کم اس میں عذاب تو نہ ہو۔

سلہ یعنی حدیث کے جس حصے میں پڑوسی کو تکلیف نہ دینے کی وصیت ہے اور ارشاد ہے فَلَا يُؤْذِ جَارَهٗ (اپنے پڑوسی کو تکلیف نہ دے) اس کی جگہ ارشاد فرمایا کہ جو شخص مبداء و معاد پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنے رشتے داروں کے ساتھ صلہ رحمی کرے اور ان پر احسان کرے جو نزدیکی اور ملاقات کا سبب بنے نہ کہ قطع تعلق اور جدائی کا۔

۴۰۵۸/۲ وَعَنْ اَبِيْ شُرَيْحِنِ الْكَعْبِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهٗ جَائِزَتُهٗ يَوْمٌ وَّ لَيْلَةٌ وَّالضِّيَافَةُ ثَلٰثَةُ اَيَّامٍ فَمَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ وَّ لَا يَحِلُّ لَهٗ اَنْ يَّثْوِيَ عِنْدَهٗ حَتّٰى يُحْرِجَهٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو شریح کعبی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے اسے چاہیے کہ مہمان کی عزت کرے، مہمان کا تحفہ ایک دن رات ہے اور ضیافت تین دن ہے اس کے بعد جو کچھ ہے صدقہ ہے، اور مہمان کے لیے جائز نہیں کہ میزبان کے پاس اتنی دیر قیام کرے کہ اسے مشقت میں ڈال دے۔ (صحیحین)

سلہ حضرت شریح کعبی صحابی ہیں فتح مکہ سے پہلے اسلام لائے، فتح کے دن بنو کعب کا جھنڈا ان کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

پاس تھا۔

۲؎ اسے جو کچھ پیش کرے اور اس پر جو احسان کرے وہ زائد خیر ہے نہایہ امام جزری میں حدیث کا مطلب یہ بیان کیا کہ تین دن مہمانی کرے، پہلے دن جو خدمت اور احسان کر سکتا ہے اس میں تکلف سے کام لے: دوسرے اور تیسرے روز معمول کے مطابق جو کچھ حاضر ہے کسی تکلف کے بغیر پیش کر دے، اس کے بعد اسے اتنا زادِ راہ دے دے جس کے ساتھ وہ ایک دن اور رات کی مسافت طے کرے، یہ مراد ہے جائزہ سے جو فرمایا کہ جَائِزَتُہٗ یَوْمٌ وَّ لَیْلَۃٌ جائزہ کا معنیٰ تحفہ، عطیہ اور مہربانی ہے، اس جگہ اتنی مقدار مراد ہے جو ایک دن کی خوراک بن سکے جس کے ساتھ مہمان منزل تک پہنچ سکے، اسے جیزہ بھی کہتے ہیں، بعض حواشی میں لکھا ہے جائزہ وہ کھانا ہے جو جاتے وقت مہمان کو دے دیا جائے، اور جائزہ کے بعد جو کچھ دیں وہ صدقہ ہے اور احسان و خیر کی زیادتی ہے۔ اس معنیٰ کے لحاظ سے جائزہ، ضیافت سے مؤخر اور اس سے زائد ہوا، اس معنیٰ پر محمول کرنے کا قرینہ یہ ہے کہ جائزہ کا ذکر ضیافت کے بعد واقع ہوا ہے، بعض صحیح روایات میں حضرت ابو شریح سے یہ الفاظ مروی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ وَالضِّیَافَۃُ ثَلٰثَۃُ اَیَّامٍ وَّ جَائِزَتُہٗ یَوْمٌ وَّ لَیْلَۃٌ ضیافت تین دن، اور جائزہ ایک دن رات ہے، ہو سکتا ہے کہ یہ جائزہ اس تحفے اور مہربانی کا بیان ہو جو پہلے دن عمل میں لایا گیا ہو اور تین دن میں داخل ہو، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان فَمَا بَعْدَ ذٰلِکَ فَھُوَ صَدَقَۃٌ کے ظاہر سے ضیافت اور جائزہ کا واجب ہونا معلوم ہوتا ہے۔ لیکن لفظ جائزہ اور اکرام کے ظاہر سے عدمِ وجوب معلوم ہوتا ہے۔ جیسے کہ علامہ طیبی نے فرمایا، پس صدقہ سے مراد خیر اور احسان کی زیادتی ہوگی۔ جیسے کہ ہم نے حدیث کی شرح بیان کرتے ہوئے اس کی طرف اشارہ کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۳؎ میزبان کا حال بیان کرنے کے بعد مہمان کا حال بیان کیا تاکہ وہ میزبان کے حال کی رعایت کرے۔

۴؎ تاکہ صدقہ احسان جتلانے اور اذیت کے زمرے میں داخل نہ ہو جائے۔ شارحین فرماتے ہیں کہ اگر کسی عذر اور بیماری کی وجہ سے تین دن سے زیادہ قیام کرے تو اپنے مال سے کھائے اور میزبان کو تکلیف نہ دے۔

۴۰۵۹ وَعَنْ عُقْبَۃَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْتُ لِلنَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّکَ تَبْعَثُنَا فَنَنْزِلُ بِقَوْمٍ لَّا یَقْرُوْنَنَا فَمَا تَرٰی فَقَالَ لَنَا اِنْ نَزَلْتُمْ بِقَوْمٍ فَاَمَرُوْا لَکُمْ بِمَا یَنْبَغِیْ لِلضَّیْفِ فَاقْبَلُوْا

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ آپ ہمیں بھیجتے ہیں تو ہم کسی قوم کے پاس اترتے ہیں جو ہماری مہمانی نہیں کرتی۲؎ اس بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۳؎؟ فرمایا کہ اگر تم کسی قوم کے پاس اترو اور وہ تمہارے لیے اس چیز کا حکم دیں جو مہمانوں کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَاِنْ لَّمْ يَفْعَلُوْا فَخُذُوْا مِنْهُمْ حَقَّ الضَّيْفِ الَّذِيْ يَنْبَغِيْ لَهُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

لائق ہے تو قبول کرو اور اگر وہ اس طرح نہ کریں تو تم ان سے مہمانوں کا حق لے لو جو ان کے لائق ہے۔ (صحیحین)

ﻟﮧ جہاد کے لیے یا کسی دوسرے کام کے لیے۔

ﻟﮧ یقرونا میں دو نون ہیں اور یا پر زبر ہے۔بعض روایات میں بطور تخفیف ایک نون حذف کیا گیا ہے۔

ﺳﮧ اور آپ کا کیا حکم ہے؟ کیا ہم ان سے زبردستی اپنی ضیافت حاصل کریں یا نہ؟

ﻋﮧ اس سوال کے جواب میں اور اس مسئلے کا حکم بیان کرتے ہوئے۔

ﮦ۵ اور ان کے لیے کافی ہے۔

ﮦ۶ مہمانوں یا بیز بانوں کے لائق ہے ———— ظاہر حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ضیافت واجب ہے اور اگر نہ دیں تو جبراً وصول کی جائے۔ یہ حدیث علماء کی اس جماعت کی دلیل ہے جن کے نزدیک ضیافت حق واجب ہے جمہور علماء اس حدیث کی چند وجوہ سے تاویل کرتے ہیں۔

۱۔ یہ محمول ہے سخت بھوک اور حالتِ اضطرار پر، بلاشبہ اس صورت میں ضیافت واجب ہوگی اور اگر ضیافت نہ کریں تو ان سے جبر و اکراہ کے ساتھ وصول کی جائے گی۔

۲۔ یہ حکم ابتداء اسلام میں تھا اس وقت فقیروں اور محتاجوں کی دستگیری واجب تھی اور جب مسلمانوں کے احوال میں وسعت پیدا ہوئی تو یہ حکم منسوخ ہو گیا۔

۳۔ یہ اس صورت میں ہے جب کہ ذمیوں کے پاس اتریں، عقد ذمہ میں انہوں نے یہ شرط قبول کی تھی کہ اگر مسلمان ہمارے پاس فروکش ہوگا تو ہم اس کی ضیافت کریں گے۔ لہٰذا ان پر ضیافت واجب ہے۔

۴۔ مہمان کا حق لینے سے مراد یہ ہے کہ اس قوم کو ملامت کی جائے، ان کے بخل اور ان کی خست کا ذکر کیا جائے اور ان کے حال کی برائی طشت ازبام کی جائے، یہ تاویل بعید ہے۔عبارت سے ظاہر یہ ہے کہ حق ضیافت اور طعام کا لینا مراد ہے۔

۴۰۶۰/۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ يَوْمٍ اَوْ لَيْلَةٍ فَاِذَا هُوَ بِاَبِيْ بَكْرٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک دن یا رات کے وقت کاشانۂ مبارک سے باہر نکلے تو اچانک آپ کی ملاقات حضرت ابوبکر اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَعُمَرَ فَقَالَ مَا اَخْرَجَكُمَا مِنْ بُيُوْتِكُمَا هٰذِهِ السَّاعَةَ قَالَا الْجُوْعُ قَالَ وَاَنَا وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَاَخْرَجَنِي الَّذِيْ اَخْرَجَكُمَا قُوْمُوْا فَقَامُوْا مَعَهٗ فَاَتٰى رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ فَاِذَا هُوَ لَيْسَ فِيْ بَيْتِهٖ فَلَمَّا رَاَتْهُ الْمَرْاَةُ قَالَتْ مَرْحَبًا وَّاَهْلًا فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْنَ فُلَانٌ قَالَتْ ذَهَبَ يَسْتَعْذِبُ لَنَا مِنَ الْمَآءِ اِذْ جَآءَ الْاَنْصَارِيُّ فَنَظَرَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَاحِبَيْهِ ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ مَا اَحَدٌ الْيَوْمَ اَكْرَمَ اَضْيَافًا مِّنِّيْ قَالَ فَانْطَلَقَ فَجَآءَهُمْ بِعِذْقٍ فِيْهِ بُسْرٌ وَّتَمْرٌ وَّرُطَبٌ فَقَالَ كُلُوْا مِنْ هٰذِهٖ وَاَخَذَ الْمُدْيَةَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِيَّاكَ وَالْحَلُوْبَ فَذَبَحَ لَهُمْ فَاَكَلُوْا مِنَ الشَّاةِ

حضرت عمرؓ سے ہو گئی آپ نے فرمایا اس وقت تم دونوں کو تمہارے گھر سے کس چیز نے نکالا ہے؟ دونوں نے کہا بھوک نے، فرمایا قسم ہے اس ذات اقدس کی جس کے قبضۂ قدرت میں ہماری جان ہے ہمیں بھی اسی چیز نے نکالا ہے جس نے تمہیں نکالا ہے۔ اٹھو یہ حضرات آپ کے ساتھ اٹھ کھڑے ہوئے۔ آپ ایک انصاریؓ کے ہاں تشریف لے گئے، وہ اپنے گھر میں نہیں تھے ان کی بیوی نے جب آپ کو دیکھا تو کہنے لگی خوش آمدید، آپ اپنے گھر والوں کے پاس تشریف لائے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: فلاں کہاں ہے؟ اس نے کہا وہ ہمارے لیے میٹھا پانی لینے گئے ہیں۔ اتنے میں انصاری آ گئے انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور آپ کے دونوں ساتھیوں کو دیکھ کر کہا: اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ آج کوئی شخص مہمانوں کے لحاظ سے مجھ سے افضل نہیں ہے۔ راوی کہتے ہیں وہ انصاری جا کر ایک گچھا لائے جس میں نیم پختہ، تر کھجوریں اور چھوہارے تھے، کہنے لگے اس میں سے کھائیے اور خود چھری پکڑی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دودھ دینے والی سے اجتناب کرنا، انہوں نے ان حضرات کے لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَمِنْ ذٰلِكَ الْعِذْقِ وَشَرِبُوْا فَلَمَّا اَنْ شَبِعُوْا وَرَوُوْا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَبِيْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَتُسْئَلُنَّ عَنْ هٰذَا النَّعِيْمِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَخْرَجَكُمْ مِّنْ بُيُوْتِكُمُ الْجُوْعُ ثُمَّ لَمْ تَرْجِعُوْا حَتّٰى اَصَابَكُمْ هٰذَا النَّعِيْمُ۔ رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ كَانَ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ فِيْ بَابِ الْوَلِيْمَةِ۔

بکری ذبح کی[۱۹] سب نے بکری کا گوشت کھایا، اس گچھے سے کھجوریں کھائیں اور پانی پیا، جب سیر[۲۰] اور سیراب ہو گئے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے حضرت ابوبکر و عمر کو فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے، قیامت کے دن تم سے اس نعمت[۲۱] کے بارے میں ضرور پوچھا جائے گا، بھوک نے تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا پھر تم واپس نہیں لوٹے. یہاں تک کہ تمہیں یہ نعمت مل گئی[۲۲] (مسلم) حضرت ابومسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ولیمہ کے باب میں بیان کی گئی ہے جس کی ابتدا میں ہے کہ ایک انصاری تھے۔

۱ راوی کو شک ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دن کے وقت باہر تشریف لائے یا رات کے وقت، ایک روایت میں ہے کہ گرم دوپہر کے وقت باہر تشریف لائے۔

۲ یعنی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دیکھا کہ حضرات شیخین کریمین رضی اللہ تعالیٰ عنہما بھی گھر سے باہر نکلے ہوئے ہیں۔

۳ خلاف معمول رات کے وقت یا دوپہر کو باہر آنے کا باعث کیا ہے؟

۴ جب بھوک شدید ہو اور اطمینان کے ساتھ عبادت میں مشغول ہونے اور اس سے کامل طور پر لطف اندوز ہونے سے مانع ہو اور دل کی پراگندگی کا باعث بنے تو گھر سے باہر نکل کر اس کا علاج کرنا، مباح اسباب کا تلاش کرنا اور بھوک کے زائل کرنے کی کوشش کرنا جائز بلکہ لازم ہو جاتا ہے، اور احباب کے پاس جا کر ان سے طعام کا طلب کرنا بھی جائز ہو جاتا ہے۔ جب کہ یقین ہو کہ وہ بلا تکلف کھانا حاضر کر دیں گے، بلکہ محبت و اخلاص کی زیادتی کا باعث ہوتا ہے، مروی ہے کہ جب صحابۂ کرام بھوک کی شدت محسوس کرتے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر جی بھر کر آپ کے جمال کا دیدار کرتے، بھوک کی شدت اور تکلیف دور ہو جاتی اور دیدار کی نورانیت سے سیر ہو جاتے، کہتے ہیں کہ حضرت یوسف علیہ السلام کے زمانے میں قحط سالی کے دوران مصر کے

Downloaded From Paksociety.com
Scanned By Marfat.com

باشندوں کا یہی حال تھا، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ احباب کے سامنے تکلیف اور مشقت کا اظہار جائز ہے بشرطیکہ بطور شکایت اور اظہار بے صبری نہ ہو۔

۵ یعنی بھوک نے۔ اسی سبب کی بنا پر جس کا ذکر ہو چکا ہے، بعض اوقات طبیعت اور بشریت کے تقاضے کے مطابق بھوک کی مکمل تاثیر زائل نہیں ہوتی، ان حضرات میں طبیعت کے احکام کا باقی رکھنا بھی حکمت سے خالی نہیں ہے۔ (ظاہر یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تسکین کے لیے فرمائی ورنہ آپ کی خداداد قوتِ برداشت کا یہ عالم تھا کئی کئی دن مسلسل روزہ رکھتے اور درمیان میں افطار بھی نہ فرماتے۔ ۱۲ ق)

۶ جمع کے صیغے کے ساتھ یا تو مجازاً خطاب فرمایا، یا اس لیے کہ جمع کی کم از کم مقدار دو افراد ہیں۔

۷ معہ کے لفظ میں دونوں حضرات کی اطاعت اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تابع ہونے کی طرف اشارہ ہے، اگرچہ معیت ہمیشہ تابع ہونے پر دلالت نہیں کرتی جیسے کہ وَهُوَ مَعَكُمْ اور اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الْمُتَّقِيْنَ۔ اللہ تعالیٰ تمہارے ساتھ ہے اور بے شک اللہ تعالیٰ متقین کے ساتھ ہے، لیکن ایسے مقامات میں تابع ہونا ہی متبادر ہے جیسے کہتے ہیں جَاءَ زَيْدٌ مَعَ الْاَمِيْرِ زید امیر کے ساتھ آیا۔ یا جَاءَ الْاَمِيْرُ مَعَ زَيْدٍ امیر زید کے ساتھ آیا۔ (پہلی صورت میں زید کا اور دوسری صورت میں امیر کا تابع ہونا معلوم ہوتا ہے۔ ۱۲ ق) نیز نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے متبوع ہونے کی بنا بعد میں فَاَتٰى صیغہ واحد لایا گیا ہے۔

۸ ان کا نام ابو الہیثم مالک بن التیہان تھا۔ تا پر زبر اور یا مشدد کے نیچے زیر۔

۹ یہ کلمات آنے والے کی تعظیم، خوشی اور محبت کے اظہار کے لیے کہے جاتے ہیں یعنی آپ وسیع جگہ اور اپنے گھر والوں کے پاس تشریف لائے ہیں۔ اَهْلًا وَّ سَهْلًا وَّ مَرْحَبًا کا بھی یہی معنیٰ ہے۔ سہل کا معنیٰ ہے نرم اور ہموار جگہ یہ حَزَن کی ضد ہے، جس کا معنیٰ سخت اور درشت جگہ ہے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اجنبی عورت کا کلام سننا، اس کے ساتھ سوال و جواب کرنا، اور اس کا شوہر کے گھر میں مہمانوں کو داخلے کی اجازت دینا جائز ہے جب کہ کسی فساد کا خطرہ نہ ہو اور شوہر کی رضامندی کا یقین ہو۔

۱۰ یعنی تمہارا شوہر۔

۱۱ جو کہ صاحب خانہ تھے۔

۱۲ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر و عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی تشریف آوری کا شکریہ ادا کرتے ہوئے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ﷺ یعنی آج میرے مہمان دوسرے تمام مہمانوں سے افضل ہیں۔
ﷺ عذق بے نقطہ عین کے نیچے زیر اور نقطے والا ذال ساکن، کھجور کا گچھا۔
ﷺ بسر باء پر پیش، سین ساکن، نیم پختہ کھجور جس کی کچھ کڑواہٹ اور خشکی باقی ہو، تمر خشک کھجور (چھوہارہ) رطب تر اور خالص میٹھی کھجور۔

ﷺ اس جگہ مہمانوں کے سامنے فوری طور پر پہلے پھل پیش کیا گیا ہے۔ قرآن مجید میں بھی کھانے سے پہلے پھل کا ذکر ہے۔ وَفَاكِهَةٍ مِمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِمَّا يَشْتَهُوْنَ اور پھل جسے وہ منتخب کریں گے اور پرندے کا گوشت جس کی وہ خواہش کریں گے۔

ﷺ مدیۃ میم پر پیش، زیر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ انصاری صحابی نے چھری پکڑی تاکہ مہمانوں کے لیے بکری ذبح کریں۔

ﷺ الحلوب حاء پر زبر، دودھ دینے والی۔
ﷺ اور اس کا گوشت پکایا گیا۔

ﷺ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانِ مبارک میں بعض اوقات سیر ہو کر بھی کھانا کھایا جاتا تھا، ہمیشہ پیٹ بھر کر کھانا اور اس کی عادت بنا لینا مکروہ ہے کیونکہ یہ محتاجوں کے حال کو بھلا دینے اور دل کی سختی کا سبب ہے۔

ﷺ اور اس کا شکر ادا کرنے کے بارے میں۔
ﷺ یہ سوال بعض لوگوں کے حق میں توبیخ اور سرزنش کے طور پر ہوگا، اور بعض سے تعمیل حکم اور نعمت و کرامت کے اظہار کے لیے، بہر صورت پوچھا جائے گا کہ تم نے اس نعمت کا شکر ادا کیا یا نہیں؟ ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں عافیت سے نوازے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۴۰۶۱ عَنِ الْمِقْدَادِ بْنِ مَعْدِیْ کَرِبَ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اَیُّمَا مُسْلِمٍ ضَافَ قَوْمًا فَاَصْبَحَ الضَّیْفُ مَحْرُوْمًا کَانَ حَقًّا عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ نَصْرُہٗ

حضرت مقدام بن معدیکرب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو مسلمان کسی قوم کے پاس مہمان ہوا اور مہمان نے محرومیت کی حالت میں صبح کی تو ہر مسلمان

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حَتّٰی یَاْخُذَ لَهٗ بِقِرَاهُ مِنْ مَالِهٖ وَزَرْعِهٖ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ وَاَبُوْدَاوُدَ) وَفِیْ رِوَایَةٍ لَهٗ وَاَیُّمَا رَجُلٍ ضَافَ قَوْمًا فَلَمْ یَقْرُوْهُ كَانَ لَهٗ اَنْ یُّعْقِبَهُمْ بِمِثْلِ قِرَاهُ۔

پر اس کی امداد لازم ہے یہاں تک کہ اس قوم کے مال اور کھیتی سے مہمان کے لیے اس کی مہمانی کی مثل لے لے (دارمی، ابوداؤد) امام ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے جو شخص کسی قوم کا مہمان بنے اور وہ لوگ اس کی مہمانی نہ کریں تو اس کے لیے جائز ہے کہ ان کے مال سے اپنی مہمانی کی مقدار حاصل کرلے۔

لہ مقدام میم کے نیچے زیر بن معدیکرب. راء کے نیچے زیر، مشہور صحابی ہیں، حمص میں قیام پذیر ہوئے۔ اہل شام میں شمار کیے جاتے ہیں۔

ٹہ یعنی انہوں نے رات کے وقت اس کی مہمانی نہیں کی۔

سہ چونکہ انہوں نے حق ضیافت ترک کرکے اس پر ظلم کیا ہے اس لیے ہر مسلمان کو چاہیے کہ اس مظلوم کی امداد کرے۔

ٹکہ یعنی اتنی مقدار جس سے وہ سیر ہوجائے اور اس کے لیے کافی ہو۔

ھہ یعنی فَاَصْبَحَ الضَّیْفُ مَحْرُوْمًا کی جگہ ہے فَلَمْ یَقْرُوْهُ اور كَانَ حَقًّا عَلٰی كُلِّ مُسْلِمٍ نَصْرُهٗ کی جگہ ہے كَانَ لَهٗ اَنْ یُّعْقِبَهُمْ یاء پر پیش، عین ساکن اور قاف کے نیچے زیر، بِمِثْلِ قِرَاهُ۔

اس حدیث سے بھی ضیافت کا وجوب ثابت ہوتا ہے، اس کی توجیہ اور تاویل وہی ہے جو حضرت عقبہ بن عامر کی حدیث میں مذکور ہوئی۔

۴۰۶۲/۶ وَعَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ الْجُشَمِیِّ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَءَیْتَ اِنْ مَرَرْتُ بِرَجُلٍ فَلَمْ یَقْرِنِیْ وَلَمْ یُضِفْنِیْ ثُمَّ مَرَّ بِیْ بَعْدَ ذٰلِكَ اَقْرِیْهِ اَمْ اَجْزِیْهِ قَالَ بَلْ اَقْرِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابوالاحوص جشمی[1] اپنے والد رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ! یہ فرمائیں کہ اگر میرا گزر ایک شخص کے پاس سے ہو[2] اور وہ میری مہمانی اور ضیافت نہ کرے، پھر اس کے بعد اس کا گزر میرے پاس ہو تو کیا میں اس کی مہمانی کروں یا اسے بدلہ دوں؟ فرمایا: بلکہ اس کی مہمانی کرو[3]۔ (ترمذی)

لہ ابوالاحوص جشمی جیم پر پیش اور شین پر زبر، ان کا نام عوف بن مالک ہے تابعی ہیں، حضرت عبداللہ بن مسعود

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رضی اللہ تعالٰے عنہ کے متبعین میں سے تھے، خوارج کی جنگ میں شہید ہوئے۔

۲؎ ان کا نام مالک بن نضلہ ہے۔ نون پر زبر اور نقطے والا ضاد ساکن، صحابی ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

۳؎ اور میں اس کے پاس قیام کروں۔

۴؎ لَمْ یُضِفْنِیْ تاکید ہے لَمْ یَقْرِنِیْ کی۔

۵؎ اس کے ساتھ وہی معاملہ کروں جو اس نے کیا ہے۔

۶؎ اور اسے برائی کی جزا برائی سے نہ دو، بلکہ برائی کے بدلے نیکی کرو۔

بدی را بدی سہل باشد جزا   اگر مردی اَحْسِنْ اِلٰی مَنْ اَسَا

برائی کا بدلہ برائی سے دینا آسان جزا ہے۔ اگر تم جواں مرد ہو تو جو برائی کرے اس پر احسان کرو۔

۴۰۶۳ وَعَنْ اَنَسٍ اَوْ غَیْرِہٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اسْتَاْذَنَ عَلٰی سَعْدِ بْنِ عُبَادَۃَ فَقَالَ سَعْدٌ وَعَلَیْکُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ وَلَمْ یُسْمِعِ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَتّٰی سَلَّمَ ثَلَاثًا وَرَدَّ عَلَیْہِ سَعْدٌ ثَلَاثًا وَلَمْ یُسْمِعْہُ فَرَجَعَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاتَّبَعَہٗ سَعْدٌ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ بِاَبِیْ اَنْتَ وَاُمِّیْ مَا سَلَّمْتَ تَسْلِیْمَۃً اِلَّا ھِیَ بِاُذُنِیْ وَلَقَدْ رَدَدْتُ عَلَیْکَ وَلَمْ اُسْمِعْکَ اَحْبَبْتُ اَنْ اَسْتَکْثِرَ مِنْ سَلَامِکَ وَمِنَ الْبَرَکَۃِ ثُمَّ دَخَلُوا الْبَیْتَ فَقَرَّبَ لَہٗ زَبِیْبًا فَاَکَلَ

حضرت انس یا کسی دوسرے صحابی (رضی اللہ تعالیٰ عنہما) سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد بن عبادہ[۱] کے گھر میں داخل ہونے کی اجازت طلب کی، حضرت سعد نے کہا۔ وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ، لیکن سلام کا جواب نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو نہیں سنایا[۲] حتی کہ حضور نے تین مرتبہ سلام کہا، حضرت سعد نے تینوں بار سلام کا جواب دیا، لیکن آپ کو نہیں سنایا[۳] نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم واپس چل دیئے[۴] حضرت سعد آپ کے پیچھے گئے[۵] اور کہنے لگے یا رسول اللہ میرے والدین آپ پر فدا ہوں۔ آپ نے جتنی بار بھی سلام کہا، میں نے اپنے کانوں سے سنا، میں نے جواب بھی عرض کیا لیکن آپ کو نہیں سنایا، میرا دل چاہتا تھا کہ آپ کا زیادہ سے زیادہ سلام اور زیادہ برکت حاصل کروں[۶]، پھر یہ حضرات گھر میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَغَ قَالَ اَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَ صَلَّتْ عَلَيْكُمُ الْمَلٰئِكَةُ وَ اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

داخل ہوئے، حضرت سعد نے منقیٰ پیش کیا جو نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے تناول فرمایا، جب فارغ ہوئے تو دعا فرمائی: نیک لوگ تمہارا کھانا کھاتے رہیں۔ فرشتے تمہاری بخشش کی دعا کریں اور روزے دار تمہارے ہاں افطار کریں ۸ (شرح السنۃ)

۱؎ حضرت سعد بن عبادہ انصار صحابہ کے اکابر اور نقباء میں سے تھے، حضور سید ابرار صلی اللہ علیہ وسلم کے پُر خلوص محبین میں سے تھے، نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم بھی آپ پر اور آپ کے صاحبزادے پر خاص کرم اور عنایت فرماتے تھے۔ اسی عنایت کی بناء پر آپ ان کے ہاں تشریف لائے۔

۲؎ آہستہ آواز میں جواب دیا۔

۳؎ یعنی بلند آواز سے جواب نہیں دیا کہ آپ سُن لیتے۔

۴؎ اپنے کاشانۂ مبارک کی طرف۔

۵؎ حضرت سعد کو خیال ہوا کہ بلند آواز سے سلام کا جواب نہ دینے سے بے ادبی ہوئی ہے۔ نیز نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جلد واپس تشریف لے جانے کی بنا پر حضرت سعد معذرت پیش کرنے کے لیے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پیچھے روانہ ہوئے۔

۶؎ اس سے معلوم ہوا کہ اس قسم کی نیت اور غرض کی بنا پر سلام کا جواب آہستہ دینا اور نہ سنانا جائز ہے، ممنوع یہ ہے کہ تکبر اور بے اعتنائی وغیرہ کی بنا پر آہستہ جواب دیا جائے۔ اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت سعد کے بیان پر اعتراض نہیں کیا، بلکہ اسے تسلیم فرمایا۔

۷؎ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم، حضرت سعد بن عبادہ اور وہ صحابی جو ان کے ساتھ تھے۔

۸؎ یہ حضرت سعد کی خدمت کی جزا کے طور پر ان کے لیے اور ان کے اہل و عیال کے لیے دُعا ہے۔ اسے خبر پر محمول کرنا بعید ہے۔ (اس طرح معنیٰ یہ ہوگا کہ تمہارے پاس روزہ داروں نے افطار کیا ہے۔ ۱۲ ق۔) خصوصاً اس بناء پر کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے روزہ رکھا ہوا تھا لیکن حضرت سعد کا دل خوش کرنے اور ضیافت کے عذر کی بنا پر افطار فرمایا۔ محض احتمال ہے جو بُعد سے خالی نہیں۔

۴۰۶۴ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مومن اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَقَالَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ وَ مَثَلُ الْاِیْمَانِ کَمَثَلِ الْفَرَسِ فِیْ اٰخِیَّتِہٖ یَجُوْلُ ثُمَّ یَرْجِعُ اِلٰی اٰخِیَّتِہٖ وَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ یَسْہُوْ ثُمَّ یَرْجِعُ اِلَی الْاِیْمَانِ فَاَطْعِمُوْا طَعَامَکُمُ الْاَتْقِیَاءَ وَ اَوْلُوْا مَعْرُوْفَکُمُ الْمُؤْمِنِیْنَ۔

(رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ)

ایمان کی مثال[1] ایسی ہے جیسے گھوڑے کی اس رسی[2] میں جو گھوم پھر کر اپنی رسی کی طرف آجاتا ہے۔ مومن[3] بھول جاتا ہے پھر ایمان کی طرف لوٹ آتا ہے[4] تم اپنا کھانا پرہیزگاروں کو کھلاؤ[5] اور عطیہ تمام ایمانداروں کو دو۔ (بیہقی)

[1] مومن کے ایمان کے ساتھ تعلق اور ایمان کی بنا پر توبہ و رجوع کی مثال، اگرچہ وہ نفس اور طبیعت کے تقاضے کی بنا پر اطاعت نہ کرے اور گناہوں کے گرد چکر لگائے، لیکن بالآخر ایمان اور اطاعت کی طرف رجوع کرے گا۔

[2] آخِیَہ ابتدا میں ہمزہ ممدودہ، نقطے والی خاء کے نیچے زیر اور یاء مشدد، رسی یا وہ لکڑی جس میں چارہ ڈالتے ہیں، اس کے دونوں کنارے دیوار میں پیوست کر دیتے ہیں اور اس کے درمیان گھوڑے یا دوسرے جانوروں کو باندھ دیتے ہیں۔

[3] وجہ تشبیہ اور قدر مشترک بیان کرنے کے لیے فرمایا کہ مومن بھول کر اپنے مقام سے چلا جاتا ہے اور گناہ میں واقع ہو جاتا ہے۔ اس میں اشارہ ہے کہ مومن کی شان یہ ہے کہ دیدہ و دانستہ گناہ نہ کرے۔ اگر اچانک گناہ سرزد ہو جائے تو وہ سہو و نسیان کی بنا پر ہو گا، یا سہو سے مراد مجازاً لغزش اور کوتاہی ہے۔ کیونکہ مومن، خواہش نفس وغیرہ کی بنا پر ہی گناہ کرتا ہے۔

[4] جو اس کے قرار اور آرام کی جگہ ہے۔ اس کے بعد ایمان کی بعض صفات اور بہترین اعمال کا ذکر فرمایا۔

[5] جو ان کے لیے اطاعت کی تقویت کا باعث ہو اور تم ان کے ساتھ اس طاعت میں شریک ہو جاؤ، اگر وہ دعا کریں گے تو قبول ہو گی، سعادت کا سرمایہ، مولا تعالیٰ کی محبت کی دلیل اور اس کی بارگاہ میں قرب اور رسائی کا ذریعہ ہو گی۔ پرہیزگاروں کو کھانا کھلانے کی تخصیص کی یہی وجہ ہے مطلق احسان، عطا اور امداد تمام مسلمانوں کو شامل ہے اسی لیے فرمایا کہ عطیہ اور احسان میں سب مسلمانوں کو شامل کرو۔ یہ بھی احتمال ہے کہ عبارت میں تفنّن ہو، بالفاظ دیگر وہی بات کہی گئی ہو ۱۲ ق) کیونکہ اتقاء کا عام معنی ہے دو شہادتیں دے کر آخرت کے عذاب سے بچنا، اس معنی کے لحاظ سے تمام مومنین متقی ہیں۔ پہلی وجہ زیادہ ظاہر ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۰۶۵ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ كَانَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَصْعَةٌ يَحْمِلُهَا اَرْبَعَةُ رِجَالٍ يُقَالُ لَهَا الْغَرَّاءُ فَلَمَّا فَلَمَّا اَضْحَوْا وَسَجَدُوا الضُّحٰى أُتِيَ بِتِلْكَ الْقَصْعَةِ وَ قَدْ ثُرِدَ فِيهَا فَالْتَفُّوْا عَلَيْهَا فَلَمَّا كَثُرُوْا جَثٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ مَا هٰذِهِ الْجِلْسَةُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ جَعَلَنِيْ عَبْدًا كَرِيْمًا وَلَمْ يَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا عَنِيْدًا ثُمَّ قَالَ كُلُوْا مِنْ جَوَانِبِهَا وَ دَعُوْا ذُرْوَتَهَا يُبَارَكْ فِيْهَا۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبداللہ بن بسر[1] رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ایک بڑا پیالہ تھا جسے چار مرد اٹھاتے تھے[2] اسے غرّاء[3] کہا جاتا تھا، جب چاشت کا وقت ہوتا اور صحابۂ کرام چاشت کی نماز پڑھ لیتے تو وہ پیالہ لایا جاتا۔ اس میں ثرید تیار کیا ہوا ہوتا تھا[4] صحابہ کرام اس کے گرد بیٹھ جاتے، جب حاضرین زیادہ ہو جاتے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم دو زانو ہو کر[5] بیٹھ جاتے ایک بدوی نے کہا یہ بیٹھنے کا کیا طریقہ ہے[6]؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالےٰ نے مجھے عبدِ کریم[7] بنایا ہے۔ متکبر اور سرکش[8] بادشاہ نہیں بنایا، پھر فرمایا[9]: پیالے کے اطراف سے کھاؤ اور اس کی بلندی کو چھوڑ دو۔ اس پیالے میں برکت دی جائے گی[10]

(ابو داؤد)

[1] عبداللہ بن بسر ایک نقطے والی باء پیش اور بے نقطہ سین ساکن

[2] ظاہر مطلب یہ ہے کہ جب وہ کھانے سے بھرا ہوا ہوتا تھا تو اسے چار مرد اٹھاتے تھے، یا یہ مطلب ہے کہ وہ اتنا بھاری اور بڑا تھا کہ اسے ایک جماعت اٹھاتی تھی۔ واللہ تعالےٰ اعلم۔

[3] اس لیے کہ وہ بڑا ہونے کی بنا پر دیکھنے میں ظاہر اور واضح تھا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تمام برتنوں آلات، اور چارپایوں کے مناسب اور معقول نام تھے۔ جیسے کہ کتب سیرت سے ظاہر ہے۔

[4] ثُرِدَ مجہول ہے۔

[5] یا اس کا معنی یہ ہے کہ اکڑوں (پاؤں کے بل) بیٹھ جاتے، جگہ کی تنگی کی بنا پر۔

[6] اس جگہ بدوی حاضر تھا، اس نے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بیٹھنے کا انداز دیکھا جو آپ کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شایانِ شان نہ تھا، حقیقت میں یہ صحابہ کرام پر تعریض تھی جنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے جگہ تنگ کر دی تھی۔ بدوی نے کہا یہ بیٹھنے کا کیا طریقہ ہے؟ اور آپ اس طرح کیوں بیٹھتے ہیں؟ اور کیا یہ طریقہ آپ کے مقام کے لائق ہے؟

۷ مجھے بندگی کی صفات کے ساتھ موصوف کیا ہے اور کرم کا حامل بنایا ہے جو تمام صفاتِ خیر و کمال کا جامع ہے، کہتے ہیں کہ جب تم کسی کو کرم کا موصوف قرار دو تو گویا تم نے اسے تمام صفاتِ کمال سے موصوف کر دیا۔ اس جگہ تواضع، رحم شفقت وغیرہ صفات مراد ہیں اسی لیے فرمایا کہ مجھے اللہ تعالیٰ نے متکبر اور سرکش نہیں بنایا۔

۸ حق کا مخالف اور راہِ راست سے منحرف۔

۹ کھانے کے آداب سکھانے کے لیے فرمایا۔

۱۰ یعنی پیالے کے درمیانے حصے کو چھوڑ دو۔ ذُرْوَۃ ذال پر پیش، اس کے نیچے زیر بھی پڑھ سکتے ہیں، ہر چیز کا اوپر والا حصہ، کوہان اور پہاڑ کا بالائی حصہ۔

۱۱ اس کی شرح کتاب الاطعمۃ، دوسری فصل، ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث میں گزر چکی ہے۔

۴۰۶۶ وَعَنْ وَحْشِيِّ بْنِ حَرْبٍ[۱] عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ أَنَّ أَصْحَابَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللهِ إِنَّا نَأْكُلُ وَلَا نَشْبَعُ قَالَ فَلَعَلَّكُمْ تَفْتَرِقُوْنَ قَالُوْا نَعَمْ فَاجْتَمِعُوْا عَلٰى طَعَامِكُمْ وَاذْكُرُوا اسْمَ اللهِ يُبَارَكْ لَكُمْ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

وحشی بن حرب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابہ نے عرض کیا کہ ہم جتنا بھی کھاتے ہیں سیر نہیں ہوتے۔[۲] فرمایا شاید تم الگ الگ کھانا کھاتے ہو؟ عرض کیا جی ہاں۔ فرمایا: تم اکٹھے ہو کر کھانا کھایا کرو[۳] اور اللہ تعالیٰ کا نام لو تمہیں برکت دی جائے گی۔[۴]

(ابوداؤد)

۱ وحشی حمصی کے والد حرب، وحشی کے دادا سے روایت کرتے ہیں، دادا کا نام بھی وحشی بن حرب ہے وحشی کے دادا وہی ہیں، جنہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کو شہید کیا تھا۔ اس حدیث کے راوی ان کے پوتے ہیں۔ ان کا نام بھی وحشی ہے اور وہ اپنے دادا کے ہم نام ہیں۔ اس حدیث کے راوی وحشی آٹھویں طبقے سے تعلق رکھتے ہیں اور مستور الحال ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ےھ اس کا سبب کیا ہے؟
ےھ اور جماعت کے بغیر نہ کھایا کرو۔ اس جگہ ضیافت میں مجتمع ہونے کی ترغیب ہے۔
ےھ اجتماع اور ذکر میں سے ہر ایک برکت اور زیادتی کا باعث ہے۔ اور اگر دونوں جمع ہو جائیں تو برکت زیادہ ہوگی اور یہ امر ذکر کی زیادتی کا باعث ہوگا۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۴۰۶۷/۱۱ عَنْ اَبِیْ عَسِیْبٍ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلًا فَمَرَّ بِیْ فَدَعَانِیْ فَخَرَجْتُ اِلَيْهِ ثُمَّ مَرَّ بِاَبِیْ بَکْرٍ فَدَعَاهُ فَخَرَجَ اِلَيْهِ ثُمَّ مَرَّ بِعُمَرَ فَدَعَاهُ فَخَرَجَ اِلَيْهِ فَانْطَلَقَ حَتّٰی دَخَلَ حَائِطًا لِبَعْضِ الْاَنْصَارِ فَقَالَ لِصَاحِبِ الْحَائِطِ اَطْعِمْنَا بُسْرًا فَجَآءَ بِعِذْقٍ فَوَضَعَهٗ فَاَکَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَصْحَابُهٗ ثُمَّ دَعَا بِمَآءٍ بَارِدٍ فَشَرِبَ فَقَالَ لَتُسْئَلُنَّ عَنْ هٰذَا النَّعِيْمِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَالَ فَاَخَذَ عُمَرُ الْعِذْقَ فَضَرَبَ بِهِ الْاَرْضَ حَتّٰی تَنَاثَرَ الْبُسْرُ قِبَلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ

تیسری فصل

حضرت ابو عسیب[1] رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم ایک رات گھر سے باہر نکلے؛ میرے پاس سے گزرے تو مجھے بلایا۔ میں حاضر ہو گیا۔ پھر حضرت ابو بکر کے پاس سے گزرے انہیں بلایا وہ بھی حاضر ہو گئے۔ پھر حضرت عمر کے پاس سے گزرے انہیں بھی بلایا وہ بھی حاضر ہو گئے۔ پھر آپ روانہ ہوئے یہاں تک کہ ایک انصاری کے باغ میں تشریف لے گئے اور باغ کے مالک سے فرمایا۔ ہمیں کچی کھجوریں کھلاؤ۔ انہوں نے گچھا لا کر پیش کیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اور آپ کے ساتھیوں نے کھجوریں تناول فرمائیں پھر آپ نے ٹھنڈا پانی طلب کیا اور نوش فرمایا[2] پھر فرمایا تم سے قیامت کے دن اس نعمت کے بارے میں پوچھا جائے گا۔ حضرت عمر نے گچھا پکڑ کر زمین پر مارا۔ حتٰی کہ کھجوریں رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی طرف[3] بکھر گئیں۔ پھر کہنے لگے یا رسول اللہ! اس[4] کے بارے ہم سے قیامت کے دن پوچھا جائے گا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا لَمَسْئُوْلُوْنَ عَنْ هٰذَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ قَالَ نَعَمْ اِلَّا مِنْ ثَلٰثٍ خِرْقَةٍ كَفَّ بِهَا الرَّجُلُ عَوْرَتَهٗ اَوْ كِسْرَةٍ سَدَّ بِهَا جُوْعَتَهٗ اَوْ جُحْرٍ يَتَدَخَّلُ فِيْهِ مِنَ الْحَرِّ وَ الْقَرِّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا)	فرمایا: ہاں ! سوائے تین چیزوں کے (۱) وہ دھجی جس کے ساتھ مرد ستر عورت کرلے (۲) روٹی کا وہ ٹکڑا جس کے ساتھ اپنی بھوک مٹائے (۳) وہ بل (سوراخ) جس میں داخل ہوکر گرمی اور سردی سے پناہ لے (امام احمد) امام بیہقی نے یہ حدیث شعب الایمان میں مرسلا روایت کی ہے۔

۱؎ حضرت ابوعسیب عین پر زبر، سین کے نیچے زیر، دونوں بے نقطہ۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام، ان کا نام احمر ہے، کنیت کے ساتھ مشہور ہیں۔

۲؎ ظاہر یہ ہے کہ صحابہ کرام نے بھی نوش کیا ہوگا لیکن راوی نے اختصار کے پیش نظر صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نوش فرمانے کا ذکر کیا۔

۳؎ قِبَلَ قاف کے نیچے زیر، با پر زبر، جانب اور طرف ـــــــــ کھجوروں کے بکھرنے سے ان کا ضائع کرنا لازم نہیں آتا۔ (چُن کر کام میں لائی جاسکتی ہیں ۱۲ ق)

۴؎ علامہ طیبی نے کہا ہوسکتا ہے کہ ھٰذا کا اشارہ اس گچھے کی طرف ہو جس کی کھجوریں بکھر گئی تھیں، مقصود اس گچھے کی تحقیر تھا یعنی کیا اس معمولی اور تھوڑی سی چیز کے بارے میں بھی ہم سے پوچھا جائے گا؟ مخفی نہ رہے کہ باوجود یکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نعمت کی عظمت اور اہمیت کا اظہار فرمایا۔ اس مقولے کو نعمت کی تحقیر پر محمول کرنا حضرت عمر کی شان کے لائق نہیں ہے، بلکہ گچھے کو زمین پر مارنے اور اس سوال کو بعید جاننے کا باعث : اپنے حال پر حسرت، تنگ دلی اور دفت کا ناکافی ہونا ہے اس کے علاوہ ان پر ایک عجیب حال طاری ہوگیا تھا۔ لہٰذا اس مقولے میں نعمت کی تعظیم ہے نہ کہ تحقیر۔

۵؎ قیامت کے دن ہر چھوٹی بڑی نعمت کے بارے میں جواب طلبی ہوگی۔

۶؎ جو بنیادی ضروریات میں سے ہیں۔

۷؎ جسم کے جس حصے کا ڈھانپنا واجب ہے اسے ڈھانپے۔ بعض نسخوں میں کَفَّ کاف کے ساتھ آیا ہے یعنی اپنی عورت کو برہنہ ہونے سے روکے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے چوہے کے بل کی طرح جس میں تنگی اور تکلف کے ساتھ داخل ہو چھوٹا سا مکان مراد ہے جو سر چھپانے کے کام آئے۔) ——— مُجر جیم پر پیش ، بے نقطہ حا ساکن ، بعض محدثین نے جیم سے پہلے حا پڑھی ہے رُحْجر ، جس کا معنی حجرہ ہے ، پہلا تلفظ مقام کے زیادہ مناسب ہے ، "قُرّ" قاف کے ساتھ ٹھنڈک اور موسم سرما کی سردی کہا جاتا ہے یَوْمٌ قُرٌّ وَلَيْلَةٌ قَرَّةٌ ٹھنڈا دن اور ٹھنڈی رات ۔

۴۰۶۸/۱۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَتِ الْمَائِدَةُ فَلَا يَقُوْمُ رَجُلٌ حَتّٰى تُرْفَعَ الْمَائِدَةُ وَلَا يَرْفَعُ يَدَهُ وَاِنْ شَبِعَ حَتّٰى يَفْرُغَ الْقَوْمُ وَلْيُعْذِرْ فَاِنَّ ذٰلِكَ يُخْجِلُ جَلِيْسَهُ فَيَقْبِضُ يَدَهُ وَعَسٰى اَنْ يَكُوْنَ لَهُ فِي الطَّعَامِ حَاجَةٌ. (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا : جب دسترخوان بچھایا جائے تو کوئی شخص نہ اٹھے جب تک دسترخوان نہ اٹھایا جائے ، اور اپنا ہاتھ نہ اٹھائے اگرچہ سیر ہو جائے یہاں تک کہ قوم فارغ ہو جائے، اور چاہیے کہ عذر پیش کرے ۔ کیونکہ بغیر عذر کے ہاتھ اٹھانا اس کے ہمنشین کو شرمندہ کرے گا تو وہ اپنا ہاتھ روک لے گا ، ہو سکتا ہے اسے طعام کی حاجت ہو۔

(ابن ماجہ ، شعب الایمان امام بیہقی)

لے اور لوگ اطمینان سے کھانا کھالیں ۔

ے وَلْیُعْذِرْ نقطے والے ذال کے ساتھ ، اِعْذار سے مشتق ہے ، یعنی اگر ساتھیوں کے فارغ ہونے سے پہلے کھانے سے ہاتھ اٹھائے تو اپنا عذر ظاہر کر دے (مثلاً یہ کہ میں کھانا کھا چکا ہوں یا مجھے کوئی بیماری ہے ۔ ۱۲ ق)

سے اسی لیے کہتے ہیں کہ اگر کسی شخص کے ساتھی اس کے ہاتھ روک لینے کے بعد کھاتے رہنے میں شرم محسوس کریں تو اسے چاہیے کہ اپنا ہاتھ نہ روکے ، اور اگر اس کی خوراک کی مقدار کم ہو تو چاہیے کہ ابتدا میں کم کھائے تاکہ آخر تک مہمانوں کے ساتھ موافقت کر سکے ، اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا ، امام جزری ، نہایہ میں فرماتے ہیں کہ اِعْذار کا معنی ہے کسی کام میں مبالغہ کرنا ، لہٰذا لِیُعْذِرْ کا معنی یہ ہوگا کہ کھانا کھانے میں مبالغہ کرے اور آخر تک کھائے جیسے کہ ؟ مُنْدہ حدیث میں آیا ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صحابہ کرام کی جماعت کے ساتھ کھانا تناول فرماتے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(سب سے آخر تک تناول فرماتے۔ بعض محدثین تعذیر سے یُعَذِّرُ پڑھتے ہیں جس کا معنی تقصیر ہے، یعنی اسے چاہیے کہ کھانا کم کھائے تاکہ دوسرے زیادہ کھائیں، اور ظاہر یوں کرے جیسے کھانے میں مبالغہ کر رہا ہے۔ چنانچہ یہ معنی بھی ایک دوسری حدیث میں آیا ہے۔

۴۰۶۹ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ مَعَ قَوْمٍ كَانَ اٰخِرُهُمْ اَكْلًا۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا)

امام جعفر بن محمد باقر رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جماعت صحابہ کے ساتھ کھانا تناول فرماتے تو آپ کھانے میں سب سے آخری ہوتے تھے[۱]

امام بیہقی نے یہ حدیث شعب الایمان میں مرسلاً روایت کی ہے۔

[۱] یعنی آخر تک تناول فرماتے اور صحابہ کرام سے پہلے کھانے سے ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے، یا یہ مطلب ہے کہ ابتدا میں تناول نہ فرماتے یا کم تناول فرماتے اور آخر میں تناول فرماتے، تاکہ حاضرین شرمندہ ہو کر کھانے سے ہاتھ نہ اٹھالیں۔

۴۰۷۰ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِطَعَامٍ فَعُرِضَ عَلَيْنَا فَقُلْنَا لَا نَشْتَهِيْهِ قَالَ لَا تَجْتَمِعْنَ جُوْعًا وَّكَذِبًا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت اسماء بنت یزید[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کھانا لایا گیا وہ ہمارے سامنے[۲] پیش کیا گیا تو ہم نے کہا ہمیں طلب نہیں ہے،[۳] فرمایا: تم بھوک اور جھوٹ کو جمع نہ کرو[۴] (ابن ماجہ)

[۱] اسماء بنت یزید بن السکن انصاریہ صحابیہ ہیں۔ بڑی عقل مند اور بہادر تھیں، جنگ یرموک میں شامل ہوئیں۔ اور نو کافروں کو خیمے کی لکڑی سے قتل کیا۔

[۲] نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ کھانا عورتوں کی حاضر جماعت کے سامنے پیش کیا اور فرمایا اگر تمہیں طلب ہے تو کھاؤ۔

[۳] ہم نے تکلف سے کام لیا اور باوجودیکہ ہمیں طلب اور بھوک تھی، ہم نے کہا ہمیں طلب نہیں ہے۔

[۴] یعنی تم بھوکی ہو اور تکلف کی بنا پر جھوٹ بولتی ہو اور کہتی ہو کہ ہمیں بھوک نہیں ہے، اسی طرح تم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

محروم ہو رہی ہو اور دو قسم کے نقصان اٹھا رہی ہو (۱) دنیاوی نقصان اور وہ بھوک کی تکلیف ہے (۲) دینی نقصان اور وہ جھوٹ کا گناہ ہے۔

۴۰۷۱ ۱۵ وَعَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوْا جَمِيْعًا وَّلَا تَفَرَّقُوْا فَاِنَّ الْبَرَكَةَ مَعَ الْجَمَاعَةِ. (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جماعت کے ساتھ کھایا کرو کیونکہ برکت جماعت کے ساتھ ہے[۱]۔ (ابن ماجہ)

[۱] جماعت کا ساتھ کھانے میں ہو یا کسی اور کام میں۔

۴۰۷۲ ۱۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ السُّنَّةِ اَنْ يَّخْرُجَ الرَّجُلُ مَعَ ضَيْفِهٖ اِلٰى بَابِ الدَّارِ. رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ الْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ عَنْهُ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ وَقَالَ فِیْ اِسْنَادِهٖ ضُعْفٌ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک سنت یہ ہے کہ آدمی اپنے مہمان کے ساتھ گھر کے دروازے تک جائے۔ (ابن ماجہ)

امام بیہقی نے یہ حدیث شعب الایمان میں حضرت ابوہریرہ اور ابن عباس سے روایت کی اور کہا کہ اس کی سند میں ضعف ہے۔

۴۰۷۳ ۱۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْخَيْرُ اَسْرَعُ اِلَى الْبَيْتِ الَّذِیْ يُؤْكَلُ فِيْهِ مِنَ الشَّفْرَةِ اِلٰى سَنَامِ الْبَعِيْرِ. (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس گھر میں مہمانوں کے ساتھ کھانا کھایا جائے اس گھر کی طرف چھری کے اونٹ کی کوہان تک پہنچنے سے بھی جلدی بھلائی پہنچتی ہے[۲]۔ (ابن ماجہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ اونٹ کی کوہان تک چھری کے جلد پہنچنے کا یہ مطلب ہے کہ تمام اعضاء سے پہلے کوہان کاٹتے ہیں، کیونکہ وہ زیادہ لذیذ ہوتی ہے۔ اسی طرح علامہ طیبی نے کہا۔ یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ چونکہ کوہان دوسرے اعضاء سے زیادہ نرم ہوتی ہے۔ اس لیے چھری اس تک جلد پہنچتی ہے اور جلد اثر انداز ہوتی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بَابٌ فِيْ اَكْلِ الْمُضْطَرِّ

۲۹۷۔ حالت اضطرار میں کھانے کا بیان

وَهٰذَا الْبَابُ خَالٍ عَنِ الْفَصْلِ الْاَوَّلِ۔

یہ باب پہلی فصل سے خالی ہے۔

بعض نسخوں میں والثالث بھی ہے، کیونکہ اس باب میں تیسری فصل بھی نہیں ہے، لیکن پہلا نسخہ زیادہ صحیح ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ حضرت مصنف کا مقصد مصابیح کا حال بیان کرنا ہے کہ اس میں پہلی فصل نہیں ہے، رہی تیسری فصل تو اس کا لانا مصنف کے اختیار میں ہے اور ان کا عمل ہے اس کے بیان کی حاجت نہیں ہے، نیز اس کے بیان کی عادت بھی نہیں ہے۔ چنانچہ عنقریب بابُ تَغْطِيَةِ الْاَوَانِيْ آئے گا اس میں تیسری فصل نہیں ہے اس جگہ مصنف نے نہیں کہا کہ یہ باب تیسری فصل سے خالی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۴۰۷۲ عَنِ الْفُجَيْعِ الْعَامِرِيِّ اَنَّهٗ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا يَحِلُّ لَنَا مِنَ الْمَيْتَةِ قَالَ مَا طَعَامُكُمْ قُلْنَا نَغْتَبِقُ وَ نَصْطَبِحُ قَالَ اَبُوْ نُعَيْمٍ فَسَّرَهٗ لِيْ عُقْبَةُ قَدَحٌ غُدْوَةً وَّ قَدَحٌ

حضرت فجیع عامری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ از خود مردہ چیزوں میں سے کونسی چیز ہمارے لیے حلال ہے؟ فرمایا: تمہارے طعام کی مقدار کیا ہے؟ ہم نے عرض کیا ہم صبح اور شام تناول کرتے ہیں۔ ابو نعیم کہتے ہیں کہ عقبہ نے اس کی تفسیر بیان کرتے ہوئے مجھے بتایا کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَشِيَّةً قَالَ ذَالِكَ وَ أَبِي الْجُوعُ فَأَحَلَّ لَهُمُ الْمَيْتَةَ عَلَى هٰذِهِ الْحَالِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاؤُدَ)

ایک پیالہ دودھ صبح اور ایک پیالہ شام۔ فرمایا: میرے باپ کی قسم! اتنا کھانا بھوک کا موجب ہے تو آپ نے ان کے لیے اس حال میں مردار حلال فرما دیا۔ (ابوداؤد)

لہ فُجیع بروزن قُبیل صحابی ہیں، اپنی قوم کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں بحیثیت نمائندہ حاضر ہوئے۔ اور آپ کی احادیث مبارکہ سنیں۔

۲ۃ ان کا مقصد یہ دریافت کرنا تھا کہ حالِ اضطرار کی حد کیا ہے؟ اور بھوک کہاں تک پہنچے۔ تو مردار اور وہ چیزیں حلال ہو جاتی ہیں جن کا کھانا حرام ہوتا ہے، اگرچہ ظاہر عبارت سے یہ مطلب معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے لیے مردار کی کونسی چیز اور کتنی مقدار حلال ہے، حالانکہ یہ مقصود نہیں ہے اور نہ ہی اس سوال کا جواب ہی دیا گیا ہے۔ یہ الفاظ امام ابوداؤد کی روایت میں ہیں۔ طبرانی وغیرہ میں یہ الفاظ مروی ہیں مَا يُحِلُّ لَنَا الْمَيْتَةَ۔ یا کے پیش کے ساتھ، یعنی کونسی چیز ہے؟ جو ہمارے لیے مردار کے کھانے کو حلال کرتی ہے، یہ عبارت مقصود پر دلالت کرنے میں زیادہ ظاہر ہے۔ اسی طرح علامہ تورپشتی نے کہا۔

۳ۃ یعنی بیان کرو کہ تمہیں کھانا کتنی مقدار میں میسر ہوتا ہے؟ تاکہ معلوم ہو سکے کہ تمہاری بھوک حدِ اضطرار کو پہنچی ہے یا نہیں؟ ———— اگرچہ سائل حضرت فُجیع عامری ہی تھے لیکن آپ نے پوری جماعت کو مخاطب کرکے فرمایا تاکہ حکم (سب کو) عام ہو، حضرت فُجیع نے بھی جواب میں جمع کا صیغہ استعمال کیا ہے اور کہا قُلْنَا ہم نے اس سوال کے جواب میں عرض کیا۔

۴ۃ صَبُوحٌ اور غَبُوقٌ کا اصل استعمال شراب میں ہے، طعام پر بھی ان کا اطلاق کر دیا جاتا ہے۔ اس جگہ خود راوی نے اس کی تفسیر دودھ کے پیالے سے کی ہے، جیسے کہ اس کے بعد مذکور ہے۔

۵ۃ ابونعیم نون پر پیش، اس حدیث کے راوی ہیں، حضرت عقبہ سے، وہ کہتے ہیں کہ اس قوم کے صبح و شام کے طعام کی تفسیر حضرت عقبہ نے بیان کی۔ حضرت عقبہ، ابونعیم کے استاذ ہیں۔

۶ۃ حضرت عقبہ نے یہ تفسیر یا تو اپنے استاذ سے سنی ہوگی یا دوسری روایات میں واقع ہوئی ہوگی۔ بہرصورت خود راوی جو تفسیر بیان کرے مقبول ہے۔

۷ۃ یعنی اس حالت میں کہ انہیں صبح و شام صرف دودھ کا ایک پیالہ میسر آتا تھا، آپ نے حکم فرمایا کہ یہ مخمصہ اور اضطرار کی حالت ہے جس میں مردار حلال ہو جاتا ہے۔

اس حدیث میں باپ کی قسم واقع ہوئی ہے اور یہ قصدِ تعظیم کے بغیر جائز ہے، دراصل یہ یمینِ لغو کی قسم ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جو بطورِ عادت، قسم کے ارادے کے بغیر واقع ہوتی ہے، جیسے کہ لَعَمْرِیْ میری زندگی کی قسم اور لا ھا اللہ، یا یہ پہلے کا واقعہ ہے، باپ کی قسم کھانے سے بعد میں منع کیا گیا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۵۰۴۲ وَعَنْ اَبِیْ وَاقِدِ نِ اللَّیْثِیِّ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَكُوْنُ بِاَرْضٍ فَتُصِیْبُنَا بِهَا الْمَخْمَصَةُ فَمَتٰی یَحِلُّ لَنَا الْمَیْتَةُ قَالَ مَا لَمْ تَصْطَبِحُوْا اَوْ تَغْتَبِقُوْا اَوْ تَحْتَفِئُوْا بِهَا بَقْلًا فَشَانُكُمْ بِهَا مَعْنَاهُ اِذَا لَمْ تَجِدُوْا صَبُوْحًا اَوْ غَبُوْقًا وَلَمْ تَجِدُوْا بَقْلَةً تَاْكُلُوْنَهَا حَلَّتْ لَكُمُ الْمَیْتَةُ۔ (رَوَاهُ الدَّارِمِیُّ)

حضرت ابو واقد لیثی[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم ایک زمین میں ہوتے ہیں اور ہمیں وہاں بھوک لاحق ہو جاتی ہے[2] تو ہمارے لیے مردار کب حلال ہوتا ہے[3]؟ فرمایا، جب تک تم صبح یا شام ایک پیالہ نہ پیو یا اس علاقے میں تمہیں کھانے کو ساگ پات[4] میسر نہ ہو تو تم مردار کھا لو، اس کا مطلب یہ[5] ہے کہ جب تمہیں نہ صبح کو پیالہ ملے اور نہ شام کو اور تمہیں کھانے کو سبزی[6] بھی نہ ملے تو تمہارے لیے مردار حلال ہے۔ (دارمی)

[1] حضرت ابو واقد لیثی قدیم الاسلام صحابی ہیں، جنگ بدر میں شریک ہوئے۔
[2] ہم ایسی جگہ پہنچ جاتے ہیں جہاں کھانے کی کوئی چیز میسر نہیں ہوتی۔
[3] اور اس کی حد کیا ہے؟
[4] حفا ایک بوٹی کا نام ہے۔ صراح میں ہے کہ ایک معروف بوٹی کی جڑ کا نام ہے۔
[5] راوی حدیث کا حاصل مطلب بیان کرتے ہیں۔
[6] سبزی اور اس جیسی چیزیں مثلاً گھاس اور درختوں کے پتے بھی میسر نہ ہوں جنہیں کھا کر تم زندہ رہ سکو۔

خیال رہے کہ ان دو حدیثوں میں بظاہر تعارض ہے کیونکہ پہلی حدیث میں صبح یا شام ایک پیالہ میسر آنے کے باوجود شدید بھوک کو ثابت فرمایا اور مردار کا کھانا حلال قرار دیا۔ اور دوسری حدیث میں یہ شرط لگائی کہ نہ تو صبح ایک پیالہ میسر ہو نہ ہی شام کو، بلکہ اس سے بھی زیادہ تنگی فرمائی کہ گھاس اور پتے میسر ہوں تو بھی سخت بھوک متحقق نہیں ہوتی، اور مردار حلال نہیں ہوتا، ان حدیثوں کے اختلاف کی بنا پر علماء میں اختلاف پیدا ہو گیا ہے، امام ابو حنیفہ رضی اللہ عنہ کا مذہب یہ ہے کہ مردار کا کھانا اسی وقت جائز ہے جب ہلاکت کا خوف ہو۔ جان بچانے کے لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صرف اتنی مقدار میں کھانا جائز ہے جس سے جان بچ جائے، امام شافعی کا ایک قول بھی یہی ہے، اس میں تنگی ہے اور یہ احتیاط اور تقویٰ کے زیادہ نزدیک ہے، امام مالک اور امام احمد کا مذہب اور امام شافعی کا ایک قول یہ ہے کہ جب آدمی کو اتنی مقدار میسر نہ ہو جس سے وہ سیر ہو جائے اور نفس انسانی کی حاجت پوری نہ ہو تو مردار کا کھانا حلال ہے تاکہ نفس اپنی حاجت پوری کر کے طاقت اور سیری حاصل کرے، اس قول میں سہولت اور وسیع رخصت ہے۔

حاصل یہ ہے کہ احناف کے نزدیک جان کا بچانا اور دیگر ائمہ کے نزدیک طاقت کا حاصل کرنا معتبر ہے۔ دوسرے ائمہ پہلی حدیث سے استدلال کرتے ہیں کہ باوجود ایک پیالہ دودھ صبح اور ایک پیالہ شام میسر ہونے کے مردار کا کھانا حلال قرار دیا۔ حالانکہ اس میں شک نہیں کہ اتنی مقدار جان بچانے اور نفس کے باقی رکھنے کے لیے کافی ہے۔ اگرچہ اس سے سیری حاصل نہیں ہوتی، معلوم ہوا کہ حد اضطرار جس کی بنا پر مردار حلال ہو جاتا ہے۔ سیری کا حاصل نہ ہونا ہے اور اتنی مقدار میں کھانا درست ہے جس سے طاقت حاصل ہو جائے۔

احناف کی دلیل دوسری حدیث ہے جیسے کہ ہم نے بیان کیا۔ پہلی حدیث کے جواب میں وہ دونوں حدیثوں میں تطبیق دیتے ہوئے کہتے ہیں کہ پہلی حدیث میں جو ایک پیالہ صبح اور ایک پیالہ شام کا ذکر آیا ہے تو وہ پوری قوم کے لیے مشترک تھا نہ کہ ہر فرد کو میسر تھا۔ جیسے کہ 'طعامکم' کا لفظ اس پر دلالت کرتا ہے، حضرت فجیع عامری کا سوال صرف اپنی ذات تک محدود نہ تھا بلکہ قوم کی طرف سے تھا۔ کیونکہ انہوں نے حاضر ہو کر قوم کی طرف سے سوال کیا تھا اسی لیے انہوں نے کہا مَا یَحِلُّ لَنَا ہمارے لیے کیا حلال ہے؟ اور اس میں شک نہیں ہے کہ ایک پیالہ بڑی جماعت کی جان بچانے اور نفس کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے بالکل کافی نہیں ہے۔ اور کچھ بھوک کو بھی دفع نہیں کرتا۔ ہاں! اگر ہر شخص کو ایک پیالہ میسر ہو تو اس کی بھوک دور کر دے گا۔ اسی طرح علامہ تورپشتی نے کہا، نیز اضطرار کا ظاہر معنیٰ جان بچانا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْاَشْرِبَةِ

۲۹۸۔مشروبات کا بیان

مشروبات کے قسمیں اور ان کے احکام اشربہ جمع ہے شراب کی۔ جیسے طعام کی جمع اطعمہ ہے۔ ممکن ہے کہ شربت کی جمع ہو جیسے قمیص کی جمع اقمصہ ہے۔ قاموس میں ہے شراب وہ چیز جو پی جائے، جیسے کہ شرب اور مشروب کا معنی بھی یہی ہے، چونکہ مشروب طعام کے تابع اور اس کا تمہ ہے اس لیے اس کے بیان کے لیے کتاب الاطعمہ میں ایک باب قائم کیا ہے۔ اس کے لیے الگ کتاب قائم نہیں کی۔ بخلاف لباس کے کہ وہ طعام سے الگ چیز ہے) اس کے لیے الگ کتاب قائم کی ہے جیسے کہ عنقریب آئے گا۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ — پہلی فصل

۴۰۷۶ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَنَفَّسُ فِي الشَّرَابِ ثَلٰثًا. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم پانی پینے کے دوران تین سانس لیتے تھے [1] (صحیحین)

وَزَادَ مُسْلِمٌ فِيْ رِوَايَةٍ وَ يَقُوْلُ اِنَّهٗ اَرْوٰى وَ اَبْرَءُ وَ اَمْرَءُ.

امام مسلم نے ایک روایت میں یہ اضافہ کیا اور فرماتے تھے کہ یہ زیادہ سیراب کرنے والا، زیادہ صحت بخش اور زیادہ خوشگوار ہے۔

[1] مطلب یہ ہے کہ پانی پیتے وقت تین سانس لیتے تھے اور ہر دفعہ سانس لیتے وقت پانی کا برتن منہ سے جدا کرتے تھے، جیسے کہ دوسری حدیث میں آیا ہے، شمائل ترمذی میں جو آیا ہے کہ برتن میں سانس لیتے تھے اس سے بھی یہی مراد ہے، ایک دوسری حدیث میں برتن میں سانس لینے سے منع کیا گیا ہے، جیسے کہ دوسری فصل میں آئے گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ برتن کو منہ سے جدا کیے بغیر سانس لینا ممنوع ہے۔ بعض شارحین نے کہا کہ برتن میں سانس لینا اس وقت مکروہ ہے جب لوگ اسے بُرا اور ناگوار جانیں اور جب لوگ اسے پسند کریں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور تبرک جانیں تو مستحب ہے۔
سلہ اس طریقے سے پانی پینا۔
سلہ پیاس کو زیادہ دور کرنے والا۔
سلہ بدن کے لیے، معدے کو ٹھنڈا کرنے اور اعصاب کو کمزور کرنے میں کم اثر کرنے والا ہے۔
سلہ اور معدے میں تیزی سے جانے والا ہے۔ آخری خاص پانی کی صفت ہے اور امرئ طعام اور مشروب دونوں کو شامل ہے مری اس رگ کو کہتے ہیں جس میں سے کھانا پانی گزر کر پیٹ میں جاتا ہے۔

۴۰۷۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ فِي السِّقَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشکیزے کے منہ سے پانی پینے سے منع فرمایا۔ (صحیحین)

سلہ آئندہ حدیث کا بھی یہی مطلب ہے۔

۴۰۷۸ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ اخْتِنَاثِ الْاَسْقِيَةِ وَزَادَ فِيْ رِوَايَةٍ وَاخْتِنَاثُهَا اَنْ يُّقْلَبَ رَاْسُهَا ثُمَّ يُشْرَبُ مِنْهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مشکیزے کے منہ سے پانی پینے سے منع فرمایا۔ ایک روایت میں راوی نے یہ اضافہ کیا اختناث سلہ کا معنی ہے کہ مشکیزے کا منہ الٹ دیا جائے پھر اس سے پانی پیا جائے سلہ (صحیحین)

سلہ اختناث کا معنی ہے دوہرا ہونا اور ٹوٹا ہوا ہونا، مشکیزے کا اختناث اور اس کی تخنیث یہ ہے کہ کھولتے وقت اس کا سر دوہرا کر دیا جائے اس کے مقابل تعبث ہے کہ باندھتے وقت اس کا کنارہ اندر کی طرف موڑ کر دوہرا کر دیا جائے۔

سلہ ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ پانی کپڑوں پر گرے گا اور طریق مسنون کے مطابق نہیں پیا جائے گا۔ دوسری حدیث سے اس کا جائز اور مباح ہونا معلوم ہوتا ہے، کیونکہ یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فعل سے ثابت ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جیسے کہ دوسری فصل میں آئے گا۔ بعض شارحین نے فرمایا کہ ممانعت کا تعلق بڑے مشکیزے سے ہے جس کا منہ فراخ ہوتا ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوٹے مشکیزے سے نوش فرمایا جسے اِدَاوَہ کہتے ہیں۔ بعض شارحین نے فرمایا، ہمیشہ اس طرح پانی پینے اور اس کی عادت بنا لینے کی ممانعت ہے۔ تاکہ رفتہ رفتہ مشکیزے کا منہ بدبو دار نہ ہو جائے اور اگر کبھی کبھار پیا جائے تو ممنوع نہیں ہے۔ یا اجازت اس صورت میں ہے جب ضرورت اور حاجت ہو، اور اگر ضرورت اور حاجت نہ ہو تو ممنوع ہے، کہیں ایسا نہ ہو کہ مشکیزے میں اذیت دینے والی کوئی چیز کیڑا مکوڑا ہو، جیسے کہ ایک دوسری روایت میں آیا ہے کہ ایک شخص نے مشکیزے کے منہ سے پانی پیا تو اس میں سے سانپ نکل آیا، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ نہی کے ذریعے اجازت کو منسوخ کر دیا گیا ہو۔

۴۲۷۹ وَعَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ نَهٰى اَنْ يَّشْرَبَ الرَّجُلُ قَائِمًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے کھڑے ہو کر پانی پینے سے منع فرمایا۔

(مسلم)

۴۲۸۰ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَشْرَبَنَّ اَحَدٌ مِّنْكُمْ قَائِمًا فَمَنْ نَسِيَ فَلْيَسْتَقِئْ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا، تم میں سے کوئی شخص کھڑا ہو کر ہرگز نہ پیئے اور جو شخص بھول جائے اسے چاہیے کہ قے کرے۔[۲]

(مسلم)

[۱] ایک نسخے میں مِنْکُمْ زائد ہے۔

[۲] وہ پانی جو اس نے کھڑے ہو کر پیا ہے باہر نکال دے کہ اس نے نافرمانی کی ہے اور اس نے ایسے طریقے سے پانی پیا ہے جس طریقے سے نہ پینا چاہیے تھا۔ جب بھول کا یہ حکم ہے تو قصداً اس طرح پینے کا بطریق اولیٰ یہ حکم ہوگا۔

۴۲۸۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِدَلْوٍ مِّنْ مَّاءِ زَمْزَمَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ میں زمزم کے پانی کا ڈول لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَشَرِبَ وَ هُوَ قَائِمٌ . (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

آپ نے کھڑے کھڑے نوش فرمایا۔ (صحیحین)

۴۰۸۲ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّهٗ صَلَّى الظُّهْرَ ثُمَّ قَعَدَ فِيْ حَوَائِجِ النَّاسِ فِيْ رَحْبَةِ الْكُوْفَةِ حَتّٰى حَضَرَتْ صَلٰوةُ الْعَصْرِ ثُمَّ اُتِيَ بِمَآءٍ فَشَرِبَ وَ غَسَلَ وَجْهَهٗ وَ يَدَيْهِ وَ ذَكَرَ رَاْسَهٗ وَرِجْلَيْهِ ثُمَّ قَامَ فَشَرِبَ فَضْلَهٗ وَ هُوَ قَائِمٌ ثُمَّ قَالَ اِنَّ نَاسًا يَكْرَهُوْنَ الشُّرْبَ قَائِمًا وَ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَ مِثْلَ مَا صَنَعْتُ . (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے ظہر کی نماز پڑھی پھر مسجد کوفہ کے صحن میں لوگوں کی حاجتوں کے سلسلے[1] میں تشریف فرما رہے۔یہاں تک کہ عصر کا وقت ہوگیا۔ پھر آپ کے پاس پانی لایا گیا، وہ آپ نے پیا، اپنا چہرہ مبارک اور دونوں ہاتھ دھوئے راوی نے آپ کے سر اور پاؤں کا ذکر کیا[2] پھر کھڑے ہوئے اور باقی ماندہ پانی کھڑے کھڑے پیا[3] پھر فرمایا : کچھ لوگ کھڑے ہو کر پانی پینے کو مکروہ جانتے ہیں۔[4] حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم نے اسی طرح کیا جس طرح میں نے کیا۔[5] (بخاری)

ؔ۱ لوگوں کے مقدمات کا فیصلہ کرنے کے لیے۔ مسجد کوفہ کا صحن فیصلوں کے لیے نشست گاہ بنایا گیا تھا۔ "رَحْبَۃ" را پر زبر، بے نقطہ حا ساکن مسجد کا صحن۔

ؔ۲ ان پر مسح کیا اور انہیں دھویا، مطلب یہ ہے کہ پہلے راوی نے سر اور پاؤں کے دھونے کا ذکر کیا تھا جو بعد والے راوی کو بھول گیا۔اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا، مقصد یہ ہے کہ پورا وضو فرمایا۔

ؔ۳ یہ تاکید ہے تاکہ یہ وہم نہ کیا جائے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہونے کے بعد بیٹھ کر پانی پیا بلکہ اسی طرح کھڑے کھڑے وضو کا باقی ماندہ پانی پیا۔

ؔ۴ لوگوں کی خطا اور نادانی بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

ؔ۵ یعنی کھڑے ہو کر پانی پیا۔ یا پانی پینے، وضو کرنے، اس کے بعد کھڑے ہونے اور وضو کا باقی ماندہ پانی پینے کا مجموعہ مراد ہے۔

تنبیہ :۔ یہ واضح ہو چکا ہے کہ احادیث میں کھڑے ہو کر پانی پینے کی ممانعت آئی ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور صحابہ کرام کا عمل اس کے خلاف ثابت ہوا ہے۔ مواہب لدنیہ میں حضرت جبیر بن مطعم کی حدیث لائے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق کو کھڑے ہو کر پانی پیتے ہوئے دیکھا، امام مالک نے فرمایا مجھے یہ بات پہنچی ہے کہ حضرت عمر، حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہم کھڑے ہو کر پانی پیتے تھے۔ عظیم محدث عبدالحق کہتے ہیں کہ کھڑے ہو کر پانی پینے کی ممانعت کے بارے میں حضرت ابوہریرہ کی روایت کردہ حدیث ضعیف ہے اور اس کے بعض راویوں کے بارے میں کلام ہے۔ بعض محدثین فرماتے ہیں کہ اجازت کی حدیث ممانعت کی ناسخ ہے، لیکن یہ کہنا کہ ممانعت کی حدیث نے اجازت کو منسوخ کر دیا ہے۔ صحیح نہیں ہے، کیونکہ کوفہ میں امیرالمومنین حضرت علی رضی اللہ عنہ کا اپنے دور خلافت میں عمل اس کے منافی ہے۔ صحیح یہ ہے کہ احادیث میں تعارض نہیں ہے کیونکہ نہی تنزیہی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا عمل بیانِ جواز کے لیے ہے، بعض محدثین کہتے ہیں کہ ممانعت کا تعلق اس شخص سے ہے جو اپنے ساتھیوں کے لیے پانی لائے اور جلدی کر کے کھڑے کھڑے ان سے پہلے پانی پی لے اور ان کی رعایت نہ کرے اور حدیث پاک سَاقِی الْقَوْمِ آخِرُهُمْ قوم کو پلانے والا آخر میں ہوتا ہے پر عمل نہ کرے۔ یہ کلام تکلف سے خالی نہیں ہے، اور جب نہی تنزیہی ہے تو اولیٰ اور زیادہ محبوب یہ ہے کہ کھڑا ہو کر نہ پیئے۔ نیز کھڑے ہو کر پینے میں جسمانی نقصانات ہیں چونکہ سلف صالحین صحابہ کرام وغیرہم میں اختلاف ہے تو احتیاط اسی میں ہے کہ کھڑا ہو کر نہ پیئے۔ اس میں شک نہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت شریفہ بیٹھ کر ہی پینے کی تھی۔ لیکن کھڑا ہو کر پینا حرام نہ تھا۔ اسی طرح مواہب لدنیہ میں ہے، بعض فقہی روایات میں آیا ہے کہ زمزم اور وضو کا پانی کھڑے ہو کر پئیں باقی بیٹھ کر، یاد رہے کہ حرام یا مکروہ یا خلاف اولیٰ، پینے کی حالت میں کھڑے ہونا، یا کھڑے ہونے کی حالت میں پینا ہے۔ اصل مشروب حرام نہ تھا جیسے کہ کہتے ہیں کہ بعض سلف کے نزدیک رنگا رنگ کے کھانے حرام ہیں۔ یعنی یہ طریقہ (مختلف کھانوں کا جمع کرنا) اور یہ حالت حرام ہے یہ نہیں کہ اصل کھانا ہی حرام ہے۔

۴۲۸۳ / ۸ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلٰی رَجُلٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَ مَعَہٗ صَاحِبٌ لَّہٗ فَسَلَّمَ فَرَدَّ الرَّجُلُ وَ ھُوَ یُحَوِّلُ الْمَآءَ فِیْ حَائِطٍ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْ کَانَ عِنْدَکَ مَآءٌ بَاتَ فِیْ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک صحابی کے ہمراہ ایک انصاری صحابی کے پاس تشریف لے گئے، آپ نے سلام کیا، انہوں نے جواب دیا۔ اس وقت وہ باغ میں پانی تبدیل کر رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تمہارے پاس پرانے مشکیزے میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شَنَّةٍ وَ اِلَّا كَرَعْنَا فَقَالَ عِنْدِيْ مَاءٌ بَاتَ فِيْ شَنٍّ فَانْطَلَقَ اِلَى الْعَرِيْشِ فَسَكَبَ فِيْ قَدَحٍ مَاءً ثُمَّ حَلَبَ عَلَيْهِ مِنْ دَاجِنٍ فَشَرِبَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ اَعَادَ فَشَرِبَ الرَّجُلُ الَّذِيْ جَاءَ مَعَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

رات کا پانی ہو تو لے آؤ ورنہ ہم منہ سے پی لیں گے۔ انہوں نے عرض کیا میرے پاس مشکیزے میں رات کا پانی ہے، وہ چھپر کے پاس گئے۔ پیالے میں پانی ڈالا پھر اس پر پالتو بکری کا دودھ دوہا جسے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نوش فرما لیا۔ پھر وہ ایک اور پیالہ لائے جسے آپ کے ساتھ آنے والے صحابی نے پیا۔ (بخاری)

ا کہتے ہیں کہ وہ صحابی حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے۔

۲ حضرت مالک بن التیہان رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

۳ ایک طرف سے دوسری طرف موڑ رہے تھے یعنی اپنے باغ کو پانی دے رہے تھے۔

۴ شَنّة پہلے حرف پر زبر۔ پرانا مشکیزہ۔ پرانے مشکیزے کی تخصیص اس لیے فرمائی کہ اس میں پانی خوب اچھی طرح ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔

۵ کرع کا معنی لغت میں یہ ہے کہ ہاتھ اور برتن استعمال کیے بغیر منہ سے نہر کا پانی پیا جائے۔ جیسے جانور پیتے ہیں، اور اپنے پاؤں پانی میں ڈال لیتے ہیں، صاحب سفر السعادۃ فرماتے ہیں کہ اس جگہ کرع سے مراد دونوں ہاتھوں سے پانی پینا ہے یا اس وقت ہاتھ سے پانی پینا متعذر تھا اور ضرورت تھی کہ منہ لگا کر پانی پیا جائے۔ (اھ) گویا انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے منہ لگا کر پانی پینے کو بعید گمان کیا اور آپ کے شایانِ شان نہ جانا، ذوق بے تکلفی کے نزدیک یہ چنداں بعید بھی نہیں ہے، کیونکہ اس طرح پینے میں الگ ایک لذت ہے بعض صالحین کو اس طرح پانی پیتے ہوئے دیکھا گیا (اس میں بے تکلفی بھی ہے اور عاجزی بھی ۱۲ ق)

۶ سوال کی عبارت کو دوبارہ صراحت کے ساتھ ذکر کرنے کا مقصد نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کلام سے برکت حاصل کرنا اور لطف اندوز ہونا ہے۔ نیز اس بات پر خوشی کا اظہار کرنا ہے کہ جو چیز نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے طلب فرمائی وہ موجود ہے، ورنہ یہ کہہ دینا کافی تھا کہ جی ہاں موجود ہے۔

۷ یہ کھجور کی شاخوں سے باغ میں تیار کی جانے والی چھت ہوتی ہے، جو عموماً انگوروں کے باغ میں بنائی جاتی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ف۸ داجن جیم کے پیچھے زیر اس بکری کو کہتے ہیں جو اہل خانہ کے ساتھ مانوس ہو، عربوں کی عادت ہے کہ دودھ میں پانی ملا کر پیتے ہیں، شارحین فرماتے ہیں کہ تازہ دوہا گیا، دودھ گرم ہوتا ہے اور عام طور پر وہ ملاتے بھی گرم ہیں، پانی کے ذریعے دودھ کی گرمی جاتی رہے گی۔

ف۹ اسی طریقے پر جس طرح پہلے لائے تھے۔

۴۰۸۴ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الَّذِىْ يَشْرَبُ فِىْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ اِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِىْ بَطْنِهٖ نَارَ جَهَنَّمَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ وَ فِىْ رِوَايَةٍ لِّمُسْلِمٍ اِنَّ الَّذِىْ يَاْكُلُ وَ يَشْرَبُ فِىْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ وَ الذَّهَبِ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص چاندی کے برتن میں پیتا ہے گویا وہ آواز کے ساتھ گھونٹ گھونٹ[۱] جہنم کی آگ اپنے پیٹ میں اتار رہا ہے۔ (صحیحین)

امام مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ جو شخص چاندی اور سونے کے برتن میں کھاتا پیتا ہے[۲]۔

[۱] دراصل لغت میں جرجرہ، شیر کی آواز کو کہتے ہیں جسے وہ اپنے حلق میں گردش دیتا ہے پھر اس آواز کو کہتے جو پانی کے پیٹ میں جانے سے پیدا ہوتی ہے، پھر اس سے گھونٹ گھونٹ پانی پینا مراد لیتے ہیں۔ اس صورت میں نار جہنم منصوب ہے، اسے رفع کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے۔ اب معنیٰ یہ ہوگا کہ اس کے پیٹ میں جہنم کی آگ آواز پیدا کرے گی، چونکہ اس طریقے سے پانی پینا مستحق عذاب ہونے اور جہنم کی آگ میں جلنے کا سبب ہے گویا وہ آگ پی رہا ہے اور گویا اس کے پیٹ میں پانی کی آواز اس لیے ہے کہ اس میں آگ ہے۔ پہلی صورت میں یُجَرْجِرُ کا معنیٰ ہے کہ وہ پیتا ہے اور دوسری صورت میں اس کا معنیٰ ہے کہ جہنم کی آگ آواز نکالتی ہے۔ جمہور محدثین کے نزدیک صحیح اور مختار نصب ہے، دوسری روایات بھی اس کی تائید کرتی ہیں۔

[۲] ائمہ کرام کا اس امر پر اتفاق ہے کہ سونے چاندی کے برتن میں کھانا پینا ہر مرد اور عورت پر حرام ہے۔ اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے، البتہ بعض شافعیہ کہتے ہیں کہ امام شافعی کا قدیم قول یہ ہے کہ مکروہ ہے حرام نہیں ہے اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا۔ ہدایہ میں ہے کہ اس برتن میں پانی پینا جائز ہے جس پر چاندی چڑھائی گئی ہو، بشرطیکہ منہ کی جگہ چاندی نہ ہو، اسی طرح وہ برتن جس پر سونے یا چاندی کی پتری لگائی گئی ہو، کیونکہ پتری زینت کے لیے نہیں بلکہ مضبوطی کے لیے لگائی جاتی ہے۔ اور اگر پتری کی جگہ منہ نہ رکھے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ یہ اس صورت میں ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جب کہ پیالے سے کھائے اور اگر پیالے سے لے کر دوسری جگہ یا ہاتھ پر رکھ لے اور وہاں سے کھائے تو اس میں بھی حرج نہیں ہے۔ اسی طرح محیط میں ہے۔ ان مسائل کی تفصیل کتب فقہ میں دیکھی جائے۔

۴۰۸۵ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا تَلْبَسُوا الْحَرِيْرَ وَلَا الدِّيْبَاجَ وَلَا تَشْرَبُوْا فِيْ اٰنِيَةِ الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ وَلَا تَأْكُلُوْا فِيْ صِحَافِهَا فَاِنَّهَا لَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَهِيَ لَكُمْ فِي الْاٰخِرَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ریشم اور دیبا[1] نہ پہنو۔ سونے چاندی کے برتنوں میں نہ پیو اور سونے چاندی کے پیالوں میں نہ کھاؤ کیونکہ یہ چیزیں[2] کافروں[3] کے لیے دنیا میں اور تمہارے لیے آخرت میں ہیں۔ (صحیحین)

[1] دیبا ریشمی کپڑے کی ایک مشہور قسم۔

[2] صحافہا کی ضمیر مذکورہ اشیاء یا اجناس یعنی سونے اور چاندی کی طرف راجع ہے۔ بعض شارحین کہتے ہیں کہ یہ ضمیر چاندی کی طرف راجع ہے اور سونا بطریق اولیٰ اس کے حکم میں ہے، یہ عبارت اللہ تعالٰی کے اس فرمان کی طرح ہے۔ وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا۔ (اس آیت میں بھی واحد مونث کی ضمیر سونے چاندی کی طرف راجع ہے ۱۲ ف) اس کے بعد اہل ایمان کو ان کے استعمال کرنے سے منع کرنے پر تسلی اور تشفی دیتے ہوئے فرمایا کہ یہ چیزیں کافروں کے لیے دنیا میں اور تمہارے لیے آخرت میں ہیں۔

[3] اس جگہ کافروں کا ذکر اگرچہ نہیں ہوا لیکن کلام کی روش سے معلوم ہو رہا ہے۔

۴۰۸۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ حُلِبَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ دَاجِنٌ وَشِيْبَ لَبَنُهَا بِمَاءٍ مِّنَ الْبِئْرِ الَّتِيْ فِيْ دَارِ اَنَسٍ فَاُعْطِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کے لیے ایک پالتو بکری کا دودھ دوہا گیا اور اس کا دودھ حضرت انس کے گھر[1] میں موجود کنوئیں کے پانی سے ملایا گیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیالہ پیش کیا گیا تو آپ نے نوش فرمایا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَدَحَ فَشَرِبَ وَعَلٰى يَسَارِهٖ اَبُوْبَكْرٍ وَّعَنْ يَمِيْنِهٖ اَعْرَابِيٌّ فَقَالَ عُمَرُ اَعْطِ اَبَا بَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَعْطَى الْاَعْرَابِيَّ الَّذِيْ عَلٰى يَمِيْنِهٖ ثُمَّ قَالَ الْاَيْمَنَ فَالْاَيْمَنَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَلْاَيْمَنُوْنَ اَلْاَيْمَنُوْنَ اَلَا فَيَمِّنُوْا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

آپ کی بائیں جانب حضرت ابوبکر اور دائیں جانب ایک اعرابی تھا حضرت عمر نے عرض کیا یا رسول اللہ ابوبکر کو عطا فرمائیں۲ آپ نے دائیں جانب والے اعرابی کو عطا فرمایا۔ اور ارشاد فرمایا: پہلے دائیں جانب والا، پھر اس کی دائیں جانب والا زیادہ حق دار ہے۳ ایک دوسری روایت میں ہے دائیں جانب والے۴ پھر ان کی دائیں جانب والے زیادہ مستحق ہیں۵ خبردار دائیں جانب سے ابتداء کرو۶

(صحیحین)

۱ ظاہر یہ تھا کہ کہتے کنواں جو ہمارے گھر میں تھا، لیکن یہ عبارت میں تفنن ہے اور اسے علم عربیت کی اصطلاح میں اسم ظاہر کا ضمیر کی جگہ رکھنا کہتے ہیں، وہ بکری بھی ان کے گھر میں تھی جہاں سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لے گئے تھے۔

۲ کچھ دودھ نوش فرمایا۔

۳ کہ وہ زیادہ حق دار، مقدم اور اولیت کا شرف رکھتے ہیں۔

۴ اعرابی کو پہلے عطا فرمانے کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ دائیں جانب والا زیادہ مستحق ہے پھر وہ جو اسی جانب میں اس کے پہلو میں ہے، اسی ترتیب سے دیا جائے گا یہاں تک کہ بائیں جانب والے تک پہنچ جائے۔ اَلْاَيْمَنَ فَالْاَيْمَنَ پر زبر اور پیش دونوں پڑھے گئے ہیں، معنی یہ ہوگا دائیں جانب والے کو دو (اس صورت میں ایمن پر زبر ہے کیونکہ فعل مقدر اَعْطِ کا مفعول بہ ہے ۱۲ ق) یا دائیں جانب والا زیادہ حق دار ہے (اس وقت مبتدا ہونے کی بنا پر مرفوع ہے ۱۲ ق۔)

۵ اَلْاَيْمَنُوْنَ مرفوع ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ الایمن کو بھی مرفوع پڑھنا چاہیے۔

۶ یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کمال عدل اور مستحق کو اس کا حق دلانے کی دلیل ہے، کیونکہ حضرت ابوبکر کی فضیلت ان کے قرب، اور حضرت عمر کی سفارش کے باوجود اعرابی کی رعایت فرمائی کہ وہ زیادہ حق دار تھا۔ اسے نظر انداز نہیں فرمایا۔

۴۰۸۷ / ۱۲ وَعَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت سہل بن سعد ساعدی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Downloaded From Paksociety.com
Scanned By Marfat.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحٍ فَشَرِبَ مِنْهُ وَعَنْ يَمِيْنِهِ غُلَامٌ أَصْغَرُ الْقَوْمِ وَالْأَشْيَاخُ فَقَالَ مَا كُنْتُ لِأُوْثِرَ بِفَضْلِيْ مِنْكَ أَحَدًا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَأَعْطَاهُ إِيَّاهُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وَحَدِيْثُ أَبِيْ قَتَادَةَ سَنَذْكُرُ فِيْ بَابِ الْمُعْجِزَاتِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى۔

کی خدمت میں ایک پیالہ لایا گیا۔ آپ نے اس پیالے سے نوش فرمایا، آپ کی دائیں جانب ایک صاحبزادے تھے جو تمام حاضرین میں سے کم عمر تھے، معمر حضرات آپ کی بائیں جانب تھے، آپ نے فرمایا، صاحبزادے کیا تم اجازت دیتے ہو کہ ہم یہ پیالہ بڑی عمر والوں کو دے دیں۔ انہوں نے کہا یا رسول اللہ! میں آپ کے بچے ہوئے پانی کے سلسلے میں کسی کو ترجیح نہیں دوں گا۔ آپ نے وہ پیالہ انہیں ہی عطا فرما دیا۔ (صحیحین) حضرت ابو قتادہ کی حدیث ان شاء اللہ ہم باب معجزات میں ذکر کریں گے۔

۱؎ سہل بن سعد ساعدی، بنو ساعدہ میں سے مشہور صحابی ہیں۔ مدینہ منورہ میں وصال فرمانے والے آخری صحابی ہیں۔

۲؎ دودھ کا یا پانی کا۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۳؎ چونکہ وہ بقیہ اس صاحبزادے کا حق تھا اس لیے وہ کسی دوسرے کو دینے کے لیے تیار نہیں ہوئے۔

۴؎ ان دو حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ابتدا کا زیادہ حق دار اور زیادہ مناسب دائیں جانب والا ہے۔ اگرچہ وہ مفضول (دوسرے اس سے زیادہ فضیلت والے ہوں) اور بچہ ہی ہو، اور اگر مصلحت ہو تو اس سے اجازت لی جائے، وہ راضی ہو جائے تو بائیں جانب والے کو دے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دوسری صورت میں اجازت طلب کی پہلی صورت میں طلب نہیں کی۔ غالباً اس کی وجہ یہ ہو گی کہ کم عمر صاحبزادے ابن عباس تھے، اور بڑی عمر والے قریش میں سے آپ کے رشتے دار تھے، اس جماعت کی تالیف قلب کے لیے ابن عباس سے اجازت طلب فرمائی تاکہ یہ لوگ رنجیدہ نہ ہوں اور ثابت قدمی کے مقام سے پھسل نہ جائیں، حضرت ابو بکر صدیق کی محبت اور ان کا اخلاص راسخ تھا۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت کریمہ سے واقف تھے، اور ان کے رنجیدہ ہونے کا وہم و گمان بھی نہ تھا، اگر آپ اعرابی سے اجازت طلب فرماتے تو چونکہ وہ نئے نئے جاہلیت سے نکل کر اسلام لائے تھے، اس لیے ممکن تھا وہ وحشت میں مبتلا ہو جاتے، ان کی تالیف قلبی کا یہی طریقہ تھا کہ ان سے اجازت طلب نہ کی جاتی۔ نیز اس جگہ مبالغہ اور تاکید اجازت کے طلب نہ کرنے میں ہے، یعنی جب بقیہ حضرت ابو بکر صدیق کو نہ دیا اور اعرابی سے اجازت بھی طلب نہ فرمائی تو اس بقیہ کے بارے میں دوسروں کی توجہ اور طمع کم ہو جائے گی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بعض شارحین نے کہا کہ آخری صورت میں دودھ کا وہ پیالہ اس صاحبزادے کی ملکیت تھا اس بے انہیں اس سے اجازت طلب کی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اس جگہ قابلِ ذکر بات یہ ہے کہ فقہاء کا اس امر پر اتفاق ہے کہ ذریعۂ قرب امور اور طاعات میں ایثار جائز نہ تھا۔ علماء کی عبارت اسی طرح ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ اگر واجبات میں ایثار ہو تو حرام ہوگا اور اگر فضائل اور مستحبات میں ہے تو مکروہ ہوگا۔ ہم چند مثالوں کے ساتھ اس کا مطلب بیان کرتے ہیں۔ مثلاً ایک شخص کے پاس وضو کا پانی ہے وہ دوسرے کو دے دیتا ہے اور خود تیمم کرکے نماز پڑھتا ہے یا اس کے پاس ستر ڈھانپنے کے لیے کپڑا ہے وہ دوسرے کو دے کر خود برہنہ نماز پڑھتا ہے تو یہ طریقہ جائز نہیں ہوگا یا از راہِ تواضع پہلی صف اور امام کی نزدیکی کا دوسرے کے لیے ایثار کرتا ہے اور خود دوسری صف میں امام سے دور کھڑا ہو کر نماز ادا کرتا ہے تو یہ مناسب نہ ہوگا۔ قابلِ تعریف ایثار وہ ہے جو دنیاوی امور میں ہو نہ کہ طاعات اور نیکیوں میں۔ اسی لیے سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ابن عباس کے ایثار نہ کرنے پر ان کی تائید کی اور اس کے ترک کرنے پر ان کی مذمت نہ فرمائی، اسی طرح شارحین نے کہا ہے۔ مخفی نہ رہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لیے اجازت طلب کی تھی کہ اگر وہ اجازت دے دیتے اور راضی ہو جاتے تو درست ہوتا۔ اس سے تو ایثار کا جائز ہونا معلوم ہوتا ہے۔ ہاں یہ کہا جاسکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس معاملے کو امور دنیاویہ میں سے قرار دے کر اجازت طلب کی، کیونکہ ظاہر یہ ہے کہ پیالے میں دودھ یا پانی تھا جس سے دنیاوی نفع حاصل کیا جاتا ہے۔ اور جب دیکھا کہ ابن عباس اسے طاعت اور ذریعۂ تقرب سمجھتے ہیں کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا بقیہ افضل ترین ذریعۂ تقرب اور عظیم برکت ہے اس لیے انہیں ایثار کا دوبارہ حکم نہ دیا اور ایثار کے ترک کرنے پر ان کی تائید فرمائی۔

ایسے امور جنہیں ذریعۂ تقرب شمار کیا گیا ہے، مشائخ صوفیہ ان کے بارے میں کہتے ہیں کہ فقہاء کہتے ہیں کہ ان امور میں ایثار کا مطلب ہے۔ تقربِ الٰہی کے معدوم ہونے پر راضی ہو۔ اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ قرب سے اعراض کرنا لازم ہے۔ حضرات صوفیہ کہتے ہیں کہ یہ ایثار بھی تقرب کا ایک راستہ ہے۔ لہٰذا ترکِ تقرب لازم نہیں آیا، غالباً یہ قول غلبۂ احوال اور سکر کی بنا پر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۴۰۸۸ / ۱۴ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا نَأْكُلُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ نَمْشِيْ وَنَشْرَبُ وَ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں چلتے ہوئے کھاتے تھے اور کھڑے ہوئے پیتے

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

نَحْنُ قِيَامٌ۔ | تھے لے

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ غَرِيْبٌ)

(ترمذی، ابن ماجہ، دارمی) امام ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہے۔

لہ شارحین فرماتے ہیں کہ چلتے ہوئے کھانا اور کھڑے ہو کر پینا اگرچہ جائز ہے اور اصل جواز باقی ہے تاہم مختار اور اولی یہ ہے کہ چلنے اور سواری کی حالت میں کھانا خلاف ادب ہے۔ اسی طرح کھڑے ہو کر پینا جیسے کہ اس سے پہلے گزرا۔

۴۰۸۹/۱۴ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَشْرَبُ قَائِمًا وَّقَاعِدًا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ اپنے دادا لہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو کھڑے ہو کر اور بیٹھ کر کھاتے دیکھا۔ (ترمذی)

لہ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالٰے عنہما۔

ٹہ ظاہر عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں حال برابر تھے۔ محدثین فرماتے ہیں کہ بلاشبہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی عادت شریفہ بیٹھ کر پانی پینے کی تھی۔ کھڑے ہو کر کبھی کبھار نوش فرمایا ہوگا، اصل جواز باقی ہے جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا

۴۰۹۰/۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يُّتَنَفَّسَ فِي الْإِنَاءِ أَوْ يُنْفَخَ فِيْهِ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے برتن میں سانس لینے یا اس میں پھونک مارنے سے منع فرمایا لہ

(ابو داؤد، ابن ماجہ)

لہ تاکہ ایسا نہ ہو کہ کچھ تھوک پانی میں گر جائے اور دوسرا شخص اس سے کراہت محسوس کرے۔ بعض اوقات منہ میں بدبو پیدا ہو جاتی ہے، اس سے پانی بھی بدبو دار ہو جائے گا۔ نیز پانی میں سانس لینا چارپایوں کا فعل ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۰۹۱/۱۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَشْرَبُوْا وَاحِدًا كَشُرْبِ الْبَعِيْرِ وَلٰكِنِ اشْرَبُوْا مَثْنٰى وَثُلٰثَ وَسَمُّوْا اِذَا اَنْتُمْ شَرِبْتُمْ وَاحْمَدُوْا اِذَا اَنْتُمْ رَفَعْتُمْ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اونٹ کی طرح ایک ہی سانس میں نہ پیو بلکہ دو تین[1] سانسوں میں پیو اور جب برتن منہ سے جدا کرو تو اللہ تعالیٰ کی حمد بجا لاؤ[2]۔
(ترمذی)

[1] کم ازکم دو سانسوں میں پینا چاہیے تاکہ اونٹ کے ساتھ مشابہت نہ رہے، لیکن اس میں شک نہیں ہے کہ تین سانسوں میں پینا بہتر اور زیادہ خوشگوار ہے، جیسے کہ اس سے پہلے گزرا۔ اکثر و بیشتر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ بھی یہی تھی۔

[2] احیاء العلوم میں ہے کہ پہلا سانس پیتے وقت کہے۔ الحمد للہ دوسرے سانس کے وقت رب العالمین کا اضافہ کرے، تیسرے سانس پر کہے الرحمٰن الرحیم۔ یہ دعا بھی منقول ہے۔
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَهُ عَذْبًا فُرَاتًا بِرَحْمَتِهٖ وَلَمْ يَجْعَلْهُ مِلْحًا اُجَاجًا بِذُنُوْبِنَا۔
تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے اپنی رحمت سے پانی میٹھا، پیاس بجھانے والا بنایا۔ اور ہمارے گناہوں کی بدولت اسے نمکین، کڑوا نہیں بنایا۔

۴۰۹۲/۱۷ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ النَّفْخِ فِي الشَّرَابِ فَقَالَ رَجُلٌ اَلْقَذَاةُ اَرَاهَا فِي الْاِنَاءِ قَالَ اَهْرِقْهَا قَالَ فَاِنِّيْ لَا اَرْوٰى مِنْ نَفَسٍ وَاحِدٍ قَالَ فَاَبِنِ الْقَدَحَ عَنْ فِيْكَ ثُمَّ تَنَفَّسْ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مشروب میں پھونک مارنے سے منع فرمایا[1]۔ ایک شخص نے عرض کیا کہ میں پانی میں تنکا دیکھتا[2] ہوں، فرمایا اس تنکے کو گرا دیجیے[3]۔ اس نے کہا میں ایک سانس میں پینے سے سیر نہیں ہوتا، فرمایا، پیالہ اپنے منہ سے جدا کرو پھر سانس لو[4]۔
(ترمذی، دارمی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱؎ وجہ اس سے پہلے بیان کی جا چکی ہے۔

۲؎ اگر پھونک نہ ماروں تو کیا کروں؟ اس تنکے کو پانی سے کس طرح نکالوں؟ قذاۃ تنکا جو آنکھ یا پانی میں گر پڑے۔

۳؎ یعنی کچھ پانی گرا دو تاکہ وہ تنکا بھی اس کے ساتھ چلا جائے، مشروب میں پھونک مارنے کی ممانعت سے اس صحابی نے یہ سمجھا کہ برتن میں سانس لینا بھی ممنوع ہے، اس سے لازم آتا ہے کہ پانی پیتے وقت سانس نہ لے اور ایک ہی سانس میں سارا پانی پی جائے۔

۴؎ پیالے میں سانس نہ لو۔

۴۰۹۳ وَعَنْهُ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشُّرْبِ مِنْ ثُلْمَةِ الْقَدَحِ وَ اَنْ يُّنْفَخَ فِى الشَّرَابِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)
۱۸

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے پیالے کے سوراخ[۱] سے پانی پینے اور مشروب میں پھونک مارنے سے منع فرمایا۔ (ابو داؤد)

۱؎ ثُلمہ تین نقطے والی ثاء پر پیش، وہ جگہ جہاں سے برتن ٹوٹا ہوا ہو، اس جگہ سے پانی پینے کی ممانعت کی وجہ یہ ہے کہ وہاں ہونٹ پوری طرح پیوست نہیں ہوتے اور پانی جسم اور کپڑوں پر گر جاتا ہے۔ نیز وہ جگہ دھونے سے پوری طرح صاف نہیں ہوتی بلکہ کچھ نہ کچھ میل کچیل رہ جاتی ہے۔ اس تقریر سے معلوم ہو گیا کہ ثلمہ سے مراد کوزے کی ٹونٹی نہیں ہے بلکہ اس کے ٹوٹنے کی جگہ ہے۔

۴۰۹۴ وَعَنْ كَبْشَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَرِبَ مِنْ فِىْ قِرْبَةٍ مُّعَلَّقَةٍ فَقُمْتُ اِلٰى فِيْهَا فَقَطَعْتُهٗ (رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِىُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ صَحِيْحٌ۔
۱۹

حضرت کبشہ[۱] رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم میرے پاس تشریف لائے اور آپ نے لٹکائے ہوئے مشکیزے کے منہ سے کھڑے ہو کر پانی پیا۔ میں نے اٹھ کر مشکیزے کے منہ والا حصہ[۲] کاٹ لیا۔ (ترمذی، ابن ماجہ) امام ترمذی نے فرمایا یہ حدیث حسن، غریب اور صحیح ہے۔

۱؎ حضرت کبشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا صحابیہ ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۲؎ جہاں نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کا دہن مبارک لگا تھا کاٹ کر بطور تبرک و تعظیم اپنے پاس رکھ لیا۔ یا ازراہ ادب اس طرح کیا تاکہ میرا یا کسی دوسرے کا منہ وہاں نہ لگے۔ جیسے کہ حضرت ام سلیم کی حدیث میں ایسی ہی صورت میں صراحۃً یہی بات کہی گئی ہے، انہوں نے کہا کہ میں نے مشکیزے کا منہ اس لیے کاٹ لیا کہ جہاں سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پانی پیا ہے دوسرا کوئی شخص وہاں سے پانی نہ پیئے۔

۴۰۹۵ وَعَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ أَحَبُّ الشَّرَابِ إِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُلْوَ الْبَارِدَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ وَ الصَّحِيْحُ مَا رُوِيَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُرْسَلًا)

امام زہری حضرت عروہ سے اور وہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا پسندیدہ ترین مشروب، ٹھنڈا میٹھا[۱] پانی تھا۔ (ترمذی) انہوں نے فرمایا کہ صحیح یہ ہے کہ امام زہری نے یہ حدیث نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے مرسلاً روایت کی ہے[۲]۔

۱؎ بعض شارحین نے اس سے مراد شربت لیا ہے جیسے کہ بخاری شریف میں آیا ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کی عادت شریفہ یہ تھی کہ ہر روز صبح شہد میں حل کیے ہوئے پانی کا ایک پیالہ نوش فرماتے۔ اس کے بعد اشتہاء محسوس ہونے پر جو کچھ میسر ہوتا تناول فرمالیتے۔ اس مطلب پر محمول کرنا تکلف سے خالی نہیں ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ یہی ٹھنڈا میٹھا خالص پانی مراد ہے جو ایک خوشگوار نعمت ہے۔

۲؎ یعنی یہ حدیث امام زہری سے دو طرح مروی ہے (۱) مسند طور پر، امام زہری نے حضرت عروہ سے انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے (۲) مرسلاً اس میں حضرت عائشہ کا ذکر نہیں ہے۔ ظاہر عبارت یہ ہے کہ حضرت عروہ کا ذکر بھی نہیں ہے۔ امام زہری تابعی ہیں لیکن کم عمر تابعی ہیں۔ وہ سند جس کے ذریعے یہ حدیث مرسلاً روایت کی گئی ہے۔ اس کے راوی قوت اور ضبط میں بلند مرتبہ ہیں جب کہ سند متصل کے راویوں میں سے بعض کمزور ہیں۔

۴۰۹۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَكَلَ أَحَدُكُمْ طَعَامًا فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بَارِكْ

ابن عباس رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب تم میں سے ایک شخص کھانا کھائے تو اسے کہنا چاہیے۔ اے اللہ! ہمارے لیے اس میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَنَا فِيهِ وَ اَطْعِمْنَا خَيْرًا مِّنْهُ وَ اِذَا سُقِيَ لَبَنًا فَلْيَقُلِ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ وَ زِدْنَا مِنْهُ فَاِنَّهُ لَيْسَ شَيْءٌ يُجْزِئُ مِنَ الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ اِلَّا اللَّبَنُ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

برکت عطا فرما اور ہمیں اس سے بہتر کھانا کھلا اور جب کسی کو دودھ پلایا جائے تو کہے اے اللہ! ہمیں اس میں برکت عطا فرما اور ہمیں زیادہ دودھ عطا فرما۔ کیونکہ دودھ ہی ایسی چیز ہے جو کھانے اور پانی کی جگہ کفایت کرتی ہے۔
(ترمذی، ابوداؤد)

لہ یوں کہے کہ ہمیں اس سے بہتر چیز عطا فرما، کیونکہ دودھ سے بہتر کوئی طعام نہیں ہے، دودھ خود بہترین طعام ہے۔

لہ اس لیے کہ دودھ بھوک بھی دور کرتا ہے اور پیاس بھی ———— علامہ طیبی نے کہا کہ فَاِنَّهُ لَيْسَ شَيْءٌ سے آخر تک اس حدیث کے ایک راوی مسدد کی عبارت ہے جن سے ابوداؤد روایت کرتے ہیں ظاہر کلام سے یوں گمان ہوتا ہے کہ یہ الفاظ حدیث کا تتمہ ہیں۔ علامہ مجدالدین فیروزآبادی کے کلام اور مواہب لدنیہ سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔

۴۰۹۷ / ۲۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسْتَعْذَبُ لَهُ الْمَاءُ مِنَ السُّقْيَا قِيْلَ هِيَ عَيْنٌ بَيْنَهَا وَ بَيْنَ الْمَدِيْنَةِ يَوْمَانِ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے میٹھا پانی سُقیا[1] سے لایا جاتا تھا، کہا گیا ہے کہ یہ مدینہ منورہ سے دو دن کے فاصلے پر ایک چشمہ ہے۔
(ابوداؤد)

لہ سُقیا سین پر پیش، قاف ساکن، اس کے بعد یاء۔ مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ایک بڑا گاؤں ہے۔ اسی طرح علامہ سیوطی نے فرمایا۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۰۹۸ / ۲۳ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مَنْ شَرِبَ فِيْ إِنَاءِ ذَهَبٍ أَوْ فِضَّةٍ أَوْ إِنَاءٍ فِيهِ شَيْءٌ مِّنْ ذٰلِكَ فَإِنَّمَا يُجَرْجِرُ فِيْ بَطْنِهٖ نَارَ جَهَنَّمَ۔ (رَوَاهُ الدَّارَقُطْنِيُّ)

جس شخص نے سونے یا چاندی کے برتن میں پانی پیا یا ایسے برتن میں پیا جس میں کچھ[1] سونا یا چاندی لگی ہوئی ہے تو وہ جہنم کی آگ آواز کے ساتھ اپنے پیٹ میں اتار رہا ہے[2]۔ (دارقطنی)

[1] مثلاً وہ برتن جس میں سونے یا چاندی کی کیلیں لگی ہوئی ہوں۔ علامہ طیبی نے امام نووی سے نقل کیا ہے کہ اگر بقدر حاجت چھوٹی کیلیں لگی ہوئی ہوں تو حرام اور مکروہ نہ ہوگا۔ اور اگر زیادہ اور چوڑی پتری لگی ہوئی ہو تو حرام ہے۔

[2] یا اسے گھونٹ گھونٹ پیٹ میں اتار رہا ہے۔ یا اس کے پیٹ میں جہنم کی آگ آواز کر رہی ہے جیسے کہ پہلی فصل میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث کی شرح میں بیان ہوا۔

بَابُ النَّقِيْعِ وَالْأَنْبِذَةِ

۲۹۹۔ کشمش وغیرہ کے مشروبات کا بیان

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مشروبات میں سے نقیع اور نبیذ ہے۔ نقیع یہ تھا کہ کشمش یا کھجور اور عام طور پر کشمش پانی میں ڈال لیتے تھے، اسے پکاتے نہیں تھے۔ اسی طرح اس کی تمام مٹھاس پانی میں منتقل ہو جاتی تھی۔ اور صاف، لذیذ اور بدن کے لیے مفید شربت تیار ہو جاتا تھا۔ کھجور کا شربت کھانے کے ہضم میں اور کشمش کا شربت زائد گرمی کے دفع کرنے میں مفید تھا، نبیذ بھی ایسا ہی تھا، لیکن اسے محفوظ رکھا جاتا ہے تاکہ کچھ تبدیلی اور تیزی پیدا ہو جائے، اتنی زیادہ تبدیلی بھی پیدا نہ ہو کہ نشہ دینے لگے۔ اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اسے تین دن کے بعد نوش نہ فرماتے، جیسے کہ عنقریب آئے گا، نبیذ بھی بدن کی طاقت کے اضافے اور صحت کی حفاظت کے لیے مفید ہے۔ اور اگر نشہ پیدا ہو جائے گا تو حرام ہے، نبیذ کے پینے اور اس کے ساتھ وضو کے جائز ہونے میں ائمہ کا مشہور اختلاف ہے۔ مذہب حنفی میں اس کا پینا جائز ہے۔ بشرطیکہ نشہ نہ دے، احادیث سے یہی ثابت ہے، اس بحث کی تحقیق و تفصیل شرح سفر السعادۃ میں بیان کی گئی ہے۔ کشمش اور کھجور کے علاوہ چیزوں سے بھی نبیذ تیار کیا جاتا ہے جیسے کہ نہایہ میں ہے کہ نبیذ وہ شربت ہے جو کھجور، کشمش، شہد، گندم اور جو وغیرہ سے تیار کیا جاتا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اس لیے مصنف جمع کا صیغہ لائے ہیں تاکہ واضح ہو کہ اس کی متعدد اور کثیر قسمیں ہیں۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۰۹۹ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَقَدْ سَقَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَدَحِيْ[1] هٰذَا الشَّرَابَ كُلَّهٗ الْعَسَلَ وَالنَّبِيْذَ وَالْمَاءَ وَاللَّبَنَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے اپنے اس پیالے[1] سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ہر قسم کے مشروبات مثلاً شہد، نبیذ، پانی اور دودھ پلائے۔ (مسلم)

[1] نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا پیالہ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس تھا، احادیث میں اس پیالے کے اوصاف مذکور ہیں۔ کہتے ہیں کہ حضرت انس کی وراثت سے نضر بن انس نے وہ پیالہ آٹھ لاکھ درہم میں خرید تھا امام بخاری کے بارے میں مروی ہے کہ انھوں نے وہ پیالہ بصرہ میں دیکھا تھا اور اس میں پانی پیا تھا۔

۴۱۰۰ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنَّا نَنْبِذُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سِقَاءٍ يُوْكَأُ[1] اَعْلَاهُ وَلَهٗ عَزْلَاءُ[2] نَنْبِذُهٗ غُدْوَةً فَيَشْرَبُهٗ عِشَاءً وَنَنْبِذُهٗ عِشَاءً فَيَشْرَبُهٗ غُدْوَةً۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے ایک مشکیزے میں نبیذ بنایا کرتے تھے، اس کا اوپر والا منہ باندھ[1] دیا جاتا تھا، اس کا ایک نچلا دہانہ تھا، ہم صبح[2] ڈالتے تھے جسے آپ رات کو نوش فرماتے تھے اور رات کو ڈالتے تھے جسے آپ صبح کے وقت نوش فرماتے تھے۔ (مسلم)

[1] وکاء مشکیزے کے منہ کی بندش۔

[2] عزلاء بے نقطہ عین پر زبر، نقطے والی زاء ساکن، لام پر زبر اور آخر میں الف ممدودہ۔ توشہ دان کا نچلی جانب والا دہانہ، بعض اوقات اس کا اطلاق اوپر والے منہ پر کر دیتے ہیں۔ صراح میں ہے عزلاء توشہ دان کا منہ۔ اس جگہ مطلب یہ ہے کہ اس مشکیزے کے دو دہانے تھے، ایک نیچے کی جانب جس سے پانی پیتے تھے، یعنی مشکیزے کا اوپر والا منہ باندھ دیتے اور دوسری جانب سے راستہ بنا کر اس سے پانی پیتے تھے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳؎ غدوہ پہلے حرف پر پیش صبح کی نماز اور سورج کے بلند ہونے کا درمیانی وقت۔
عشاء زوال آفتاب سے لے کر غروب کا درمیانی وقت، اسی طرح قاموس میں ہے، یہ نقیع کے قریب ایک چیز ہوتی تھی جس میں تیزی اور تبدیلی کم پیدا ہوتی تھی، غالباً یہ گرمی کے موسم میں ہوتا تھا جب کہ اس میں تبدیلی کا پیدا ہونا غالب تھا، کبھی ایک دن رات سے زیادہ تین دن تک رہنے دیتے، ایسا سردیوں کے موسم میں ہوتا تھا یا نبیذ کی کمی بیشی کی بنا پر ہوتا تھا۔

۴۱۰۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنْبَذُ لَهُ اَوَّلَ اللَّيْلِ فَيَشْرَبُهُ اِذَا اَصْبَحَ يَوْمَهُ ذٰلِكَ وَ اللَّيْلَةَ الَّتِيْ تَجِيْءُ وَ الْغَدَ وَ اللَّيْلَةَ الْاُخْرٰى وَ الْغَدَ اِلَى الْعَصْرِ فَاِنْ بَقِيَ شَيْءٌ سَقَاهُ الْخَادِمَ اَوْ اَمَرَ بِهٖ فَصُبَّ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے رات کی ابتدا میں نبیذ بنایا جاتا تھا۔ جب آپ صبح کرتے تو تمام دن اسے نوش فرماتے، آنے والی رات، دوسرے دن، اگلی رات اور اس سے اگلے دن[۱] عصر تک نوش فرماتے، اگر کچھ بچ جاتا تو خادم کو پلا دیتے[۲] یا حکم دیتے کہ گرا دیا جائے[۳]
(مسلم)

۱؎ یعنی تیسرے دن عصر تک ——— اس صورت میں نبیذ تین رات اور تیسرے دن کا اکثر حصہ برقرار رہنا۔ لازمی بات یہ ہے کہ اس میں بہت حد تک تغیر پیدا ہو چکا ہوتا تھا۔
۲؎ نبیذ متغیر ہو گیا ہوتا تھا اور اس کی تلچھٹ باقی ہوتی تھی۔ اسے خود نوش نہ فرماتے۔ بلکہ کنیز یا غلام کو پلا دیتے، لیکن ابھی وہ نشے کی حد کو نہیں پہنچا ہوتا تھا۔ (ورنہ خادم کو بھی نہ پلاتے) اگر نشے کی حد کو پہنچ گیا ہوتا تو حکم دیتے کہ اسے گرا دیا جائے۔ جیسے کہ اس کے بعد مذکور ہے۔
۳؎ چنانچہ اسے گرا دیا جاتا۔ ممکن ہے کہ اس کے گرانے کا حکم تغیر کی بنا پر دیتے تھے۔ اس لیے نہیں کہ اس کے نشہ آور ہونے کا یقین ہوتا تھا۔

۴۱۰۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ يُنْبَذُ[۱] لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سِقَاءٍ فَاِذَا

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے مشکیزے میں نبیذ تیار کیا جاتا تھا اور جب

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَمْ يَجِدُوْا سِقَاءً يُنْبَذُ لَهُ فِيْ تَوْرٍ مِّنْ حِجَارَةٍ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

مشکیزہ نہ ملتا تو آپ کے لیے پتھر کے برتن[1] میں نبیذ بنایا جاتا۔

(مسلم)

سلہ تورؔ دو نقطے والی تا پر زبر اور واؤ ساکن، دیگ کے مشابہ برتن جس سے پانی پیا جاتا ہے، مجمع البحار میں ہے کہ وہ ایسا کانسی یا پتھر کا برتن جس سے وضو بھی کرتے ہیں۔ اس جگہ پتھر کا برتن مراد ہے۔

۴۱۰۳/۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الدُّبَّاءِ وَ الْحَنْتَمِ وَ الْمُزَفَّتِ وَ النَّقِيْرِ وَ اَمَرَ اَنْ يُّنْبَذَ فِيْ اَسْقِيَةِ الْاَدَمِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کدو کے برتن[1]، سبز لوٹے، اس لوٹے سے جس پر کالا تیل ملا ہوا ہو اور کھودی ہوئی لکڑی[2] سے منع فرمایا اور حکم دیا کہ چمڑے کے مشکیزوں[3] میں نبیذ بنایا جائے۔

(مسلم)

سلہ دُبَّاء بے نقطہ دال پر پیش اور با مشدد، وہ برتن جو کدو کا ہم شکل تیار کرتے ہیں۔

سلہ لکڑی کو کھود کر اندر سے کھوکھلا کر لیا جاتا ہے اور بطور برتن استعمال کیا جاتا ہے۔ بعض شارحین نے کہا کہ ان برتنوں کے استعمال سے اس لیے منع کیا کہ شرابیوں کے ساتھ مشابہت پیدا نہ ہو، ظاہر یہ ہے کہ اس جگہ ان برتنوں میں نبیذ ڈالنا مراد ہے۔ آئندہ عبارت اس کا قرینہ ہے۔

سلہ ادم پہلے دونوں حرفوں پر زبر، چمڑا، اسی طرح علامہ کرمانی نے کہا، برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا اور مشکیزوں میں نبیذ بنانے کا حکم دیا۔ اس کی حکمت شارحین نے یہ بیان کی ہے کہ برتنوں میں نبیذ جلد نشہ آور ہو جاتا ہے اور پتہ بھی نہیں چلتا۔ جب کہ چمڑے کا مشکیزہ ٹھنڈا ہوتا ہے، اس کے نبیذ میں نشہ جلد ظاہر نہیں ہوتا بلکہ بعض اوقات یوں ہوتا ہے کہ نبیذ میں نشہ پیدا ہونے سے مشکیزہ پھٹ جاتا ہے۔ بعض علماء نے کہا کہ چونکہ شراب کی ممانعت کا حکم نیا نیا وارد ہوا تھا، ان برتنوں سے اس لیے منع کیا گیا تاکہ فاسقوں کے ساتھ مشابہت پیدا نہ ہو، اور ان برتنوں کے شراب سے آلودہ ہونے کا وہم نہ پڑے۔ یہ بھی بیان کیا گیا ہے کہ یہ ممانعت ابتداءً تھی اور جب نشہ آور چیزوں کی حرمت معلوم و مشہور ہو گئی، مسلمان ایسی چیزوں کے استعمال سے یکسر دور ہو گئے اور ان برتنوں کی آلودگی کا وہم ختم ہو گیا تو یہ حکم منسوخ ہو گیا۔ لہٰذا کسی بھی برتن میں نبیذ بنایا جا سکتا ہے۔ جیسے کہ آئندہ حدیث میں آئے گا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۲۰۴ وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَهَيْتُكُمْ عَنِ الظُّرُوْفِ فَاِنَّ ظَرْفًا لَا يُحِلُّ شَيْئًا وَّلَا يُحَرِّمُهُ وَكُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ قَالَ نَهَيْتُكُمْ عَنِ الْاَشْرِبَةِ اِلَّا فِيْ ظُرُوْفِ الْاَدَمِ فَاشْرَبُوْا فِيْ كُلِّ وِعَاءٍ غَيْرَ اَنْ لَا تَشْرَبُوْا مُسْكِرًا۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: میں نے تمہیں ان برتنوں میں نبیذ بنانے سے منع کیا تھا[1] پس بے شک کوئی برتن کسی چیز کو نہ تو حلال کرتا ہے اور نہ حرام۔[2] ہر نشہ آور چیز حرام ہے[3] ایک دوسری روایت میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا، ہم نے تمہیں چمڑے کے برتنوں کے علاوہ دوسرے برتنوں میں پینے سے منع کیا تھا[4] اب ہر برتن میں پیو، مگر نشہ آور مشروب نہ پیو[5]

(مسلم)

[1] اور میں نے برتنوں اور مشکیزوں میں فرق کیا تھا، تم نے سمجھا کہ حلال اور حرام ہونے کا دارومدار برتنوں پر ہے۔ حالانکہ ایسا نہیں ہے۔

[2] کوئی برتن کسی چیز کو حلال نہیں کرتا اور کسی حلال چیز کو حرام نہیں کرتا۔

[3] حکم یہ ہے کہ جو چیز نشہ دے وہ حرام ہے خواہ کسی بھی برتن میں پیو، اور جو چیز نشہ نہ دے حلال ہے، چاہے کسی بھی برتن میں پیو۔

[4] اب ہم نے وہ حکم منسوخ کر دیا ہے اور تمام برتنوں میں پینے کو جائز قرار دیا ہے۔

[5] حرمت کا مدار نشے پر ہے نہ کہ برتنوں پر، ہاں جس جگہ مشابہت کا وہم ہو اس جگہ ایسے برتنوں کو اس بنیاد پر ترک کرنا بہتر ہوگا۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۴۲۰۵ عَنْ اَبِيْ مَالِكِ الْاَشْعَرِيِّ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَشْرَبَنَّ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِيْ

حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ میری امت میں سے کچھ لوگ ضرور شراب

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْخَمْرَ يُسَمُّوْنَهَا بِغَيْرِ اِسْمِهَا۔ پئیں گے اور اس کا کوئی دوسرا نام رکھ دیں گے[1]

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَابْنُ مَاجَةَ) (ابوداؤد، ابن ماجہ)

[1] یعنی شراب کے پینے میں حیلہ سازی اور بہانہ جوئی سے کام لیں گے، اور اسے جائز مشروبات مثلاً شہد کے پانی اور باجرے کے پانی کا نام دیں گے اور گمان کریں گے کہ یہ تو حرام نہیں ہیں، کیونکہ یہ نہ تو انگور سے بنے ہیں اور نہ ہی کھجور سے شراب کے جائز قرار دینے میں یہ حیلہ انہیں فائدہ نہ دے گا، کیونکہ حکم یہ ہے کہ ہر نشے والی شے حرام ہے چاہے کسی بھی چیز سے تیار کیا جائے۔ شارحین نے اس حدیث کی شرح اسی طرح کی ہے۔ اس کی تحقیق شراب کے باب میں گزر گئی ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ بعض لوگ خمر (شراب) پئیں گے لیکن اسے شراب نہیں کہیں گے بلکہ اپنے پاس سے اس کا کوئی نام رکھ لیں گے تاکہ لوگوں کو معلوم نہ ہو کہ شراب پی رہے ہیں۔ نام کی تبدیلی کچھ فائدہ نہیں دیتی۔ اعتبار مسمّٰی کا ہے نہ کہ نام کا۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۱۰۶/۸ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ اَوْفٰى قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيْذِ الْجَرِّ الْاَخْضَرِ قُلْتُ اَنَشْرَبُ فِي الْاَبْيَضِ قَالَ لَا (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سبز کوزے[1] کے نبیذ سے منع فرمایا، میں نے عرض کیا کہ آیا ہم سفید کوزے میں پئیں؟ فرمایا: نہیں[2]۔ (بخاری)

[1] جس کا نام حنتم ہے۔ حضرت عبداللہ بن اوفی نے سبز کی قید سے سمجھا کہ جو کوزہ سبز نہ ہو اس میں نبیذ پینا جائز ہے۔ (اسی لیے انہوں نے آئندہ سوال کیا)

[2] سفید کوزے میں بھی نہ پیو۔ سبز کی قید اتفاقی ہے، کیونکہ اس زمانے میں جن کوزوں میں نبیذ بناتے تھے وہ عام طور پر سبز ہی ہوتے تھے، لیکن سبز اور سفید کا حکم ایک ہی ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی حدیث گزری ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کدو کے برتن اور سبز کوزے وغیرہ میں نبیذ بنانے سے منع فرمایا۔ یہ حدیث بھی اس حدیث کے حکم میں ہے، لیکن اس جگہ صرف سبز کوزے کا ذکر کیا گیا ہے جسے حنتم کہتے ہیں، یہ حکم بھی منسوخ ہے۔ جیسے کہ اس سے پہلے معلوم ہوا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ تَغْطِيَةِ الْاَوَانِىْ

۳۰۰۔ برتنوں کے ڈھانپنے کا بیان

ان احادیث کا بیان جن میں رات کو سوتے وقت برتنوں کے ڈھانپنے کی وجہ بیان کی گئی ہے۔ بعض نسخوں میں وغیرہ بھی آیا ہے یعنی برتنوں کے ڈھانپنے اور دیگر امور مثلاً دروازے بند کرنے اور چراغوں کے بجھانے وغیرہ کا بیان۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۴۱۰۷ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ جُنْحُ اللَّيْلِ اَوْ اَمْسَيْتُمْ فَكُفُّوْا صِبْيَانَكُمْ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ يَنْتَشِرُ حِيْنَئِذٍ فَاِذَا ذَهَبَ سَاعَةٌ مِّنَ اللَّيْلِ فَخَلُّوْهُمْ وَ اَغْلِقُوا الْاَبْوَابَ وَ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ فَاِنَّ الشَّيْطَانَ لَا يَفْتَحُ بَابًا مُغْلَقًا وَاَوْكُوْا قِرَبَكُمْ وَ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ وَ خَمِّرُوْا اٰنِيَتَكُمْ وَ اذْكُرُوا اسْمَ اللّٰهِ وَ لَوْ اَنْ تَعْرِضُوْا عَلَيْهِ شَيْئًا وَ اَطْفِئُوْا مَصَابِيْحَكُمْ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَ فِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ قَالَ خَمِّرُوا الْاٰنِيَةَ

پہلی فصل

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے فرمایا۔ جب رات کا ابتدائی حصہ[۱] ہو یا فرمایا[۲] کہ جب تم شام کرو تو اپنے بچوں کو روکو[۳] کیونکہ شام کے وقت شیطان ڈاکٹر[۴] پھیل جاتا ہے، جب رات کی ایک ساعت گزر جائے تو انہیں چھوڑ دو[۵]۔ اور اللہ تعالٰی کا نام لے کر دروازے بند کر دو کیونکہ شیطان بند دروازے[۶] کو نہیں کھولتا؛ اپنے مشکیزوں کے منہ باندھ دو[۷] اپنے برتنوں[۸] کو اللہ تعالٰے کا نام لے کر ڈھانپ دو۔ اگرچہ برتن پر چوڑائی میں ہی لکڑی رکھ دو[۹]، اور اپنے چراغ بجھا دو[۱۰] (صحیحین)

امام بخاری کی ایک روایت میں ہے شام کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَوْ اَوْکُوا الْاَسْقِیَۃَ وَ اَجِیْفُوا الْاَبْوَابَ وَ اکْفِتُوْا صِبْیَانَکُمْ عِنْدَ الْمَسَآءِ فَاِنَّ لِلْجِنِّ اِنْتِشَارًا وَّ خَطْفَۃً وَّ اَطْفِئُوا الْمَصَابِیْحَ عِنْدَ الرُّقَادِ فَاِنَّ الْفُوَیْسِقَۃَ رُبَّمَا اجْتَرَّتِ الْفَتِیْلَۃَ فَاَحْرَقَتْ اَھْلَ الْبَیْتِ وَ فِیْ رِوَایَۃٍ لِّمُسْلِمٍ قَالَ غَطُّوا الْاِنَآءَ وَ اَوْکُوا السِّقَآءَ وَ اَغْلِقُوا الْاَبْوَابَ وَ اَطْفِئُوا السِّرَاجَ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ لَا یَحُلُّ سِقَآءً وَّ لَا یَفْتَحُ بَابًا وَّ لَا یَکْشِفُ اِنَآءً فَاِنْ لَّمْ یَجِدْ اَحَدُکُمْ اِلَّا اَنْ یَّعْرِضَ عَلٰی اِنَآئِہٖ عُوْدًا وَّ یَذْکُرَ اسْمَ اللّٰہِ فَلْیَفْعَلْ فَاِنَّ الْفُوَیْسِقَۃَ تُضْرِمُ عَلٰی اَھْلِ الْبَیْتِ بَیْتَھُمْ وَ فِیْ رِوَایَۃٍ لَّہٗ قَالَ لَا تُرْسِلُوْا فَوَاشِیَکُمْ وَ صِبْیَانَکُمْ اِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ حَتّٰی تَذْھَبَ فَحْمَۃُ الْعِشَآءِ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یُبْعَثُ اِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ حَتّٰی تَذْھَبَ فَحْمَۃُ الْعِشَآءِ وَ فِیْ

وقت برتن ڈھانپ دو[۱۸]۔ مشکیزوں کا منہ باندھ دو[۱۹] دروازے بند کر دو[۲۰]۔ بچوں کو اپنے پاس جمع کر لو[۲۱] کیونکہ جنات بکھر جاتے ہیں اور اچک لیتے ہیں[۲۲] سوتے وقت چراغوں کو بجھا دو، کیونکہ بعض اوقات چوہیا[۲۳] بتی کھینچ لیتی ہے[۲۴] اور گھر والوں کو جلا دیتی ہے[۲۵]۔ امام مسلم کی ایک روایت میں ہے برتن ڈھانپ دو[۲۶] مشکیزے کا منہ باندھ دو۔ دروازے بند کر دو کیونکہ شیطان بند مشکیزے کو نہیں کھولتا، بند دروازہ نہیں کھولتا اور برتن کا ڈھکنا نہیں اٹھاتا[۲۷] اگر تم میں سے کسی کو کوئی چیز نہ ملے، صرف اتنا کر سکتا ہو کہ اللہ تعالٰے کا نام لے کر برتن کے اوپر چوڑائی میں لکڑی رکھ دے تو ایسے ہی کرے[۲۸]۔ کیونکہ چوہیا گھر والوں پر ان کے گھر کو بھڑکا دیتی ہے[۲۹]۔

ان ہی کی ایک روایت میں ہے جب سورج غروب ہو جائے تو اپنے چارپایوں[۳۰] اور بچوں کو کھلا نہ چھوڑ دو۔ یہاں تک کہ رات کی ابتدائی سیاہی[۳۱] چلی جائے کیونکہ جب سورج غروب ہو جاتا ہے تو شیطان چھوڑ دیے جاتے ہیں یہاں تک کہ رات کی یہ تاریکی جاتی رہے۔ ان ہی کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَہٗ قَالَ غَطُّوا الْاِنَآءَ وَ اَوْکُوا السِّقَآءَ فَاِنَّ فِی السَّنَۃِ لَیْلَۃً یَنْزِلُ فِیْھَا وَبَاءٌ لَا یَمُرُّ بِاِنَآءٍ لَیْسَ عَلَیْہِ غِطَآءٌ اَوْ سِقَآءٍ لَیْسَ عَلَیْہِ وِکَآءٌ اِلَّا نَزَلَ فِیْہِ مِنْ ذٰلِکَ الْوَبَآءِ ۔

ایک روایت میں ہے برتن ڈھانپ دو۔ مشکیزے کا منہ باندھ دو۔ کیونکہ سال میں ایک رات ایسی ہوتی ہے جس میں وبا نازل ہوتی ہے۔ وہ جس کھلے منہ والے برتن یا مشکیزے پر گزرتی ہے تو اس کا کچھ حصہ اس میں داخل ہو جاتا ہے۔

لہ جنح یعنی جیم پر پیش، اس کے نیچے زیر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ ابتداء شب، قاموس میں ہے جُنُوحُ اللیل رات کا آنا، رات کے ایک حصے کو بھی کہتے ہیں۔ اس جگہ رات کا پہلا حصہ مراد ہے۔ اندھیروں کو بھی کہتے ہیں، آئندہ ارشاد کے قرینے کی بنا پر ابتدار شب کے اندھیرے مراد ہوں گے۔

لہ راوی کو شک ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اِذَا کَانَ جُنْحُ اللَّیْلِ فرمایا یا اِذَا اَمْسَیْتُمْ یعنی جب تم شام کرو۔

لہ گھر سے باہر نکلنے اور گلی کوچوں میں گھومنے پھرنے سے۔

لہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ جن و انسان، دونوں کے شیاطین مراد ہوں۔

لہ جائز ہے کہ بچوں کو چھوڑ دو اور انہیں اجازت دے دو۔ یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ انہیں ان کی مرضی پر چھوڑ دو، جو چاہیں کریں، اگر باہر جانا چاہیں تو چلے جائیں۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جنات اور شیاطین کا آدمیوں پر تصرف اور تسلط ہے خصوصاً بچوں پر کہ انہیں نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

لہ یعنی وہ دروازے جو اللہ تعالیٰ کا نام لے کر بند کیے گئے ہوں، اگرچہ جنات اور شیاطین دروازوں اور دیواروں پر قدرت رکھتے ہیں اور ان پر اثر انداز ہو سکتے ہیں۔ لیکن جب اللہ تعالیٰ کا نام لیا جائے تو ان کی مجال نہیں رہتی۔

لہ جن میں پانی ہے۔

لہ جن میں پانی ہے دیا کھانے پینے کی کوئی چیز ہے ۱۲ (ق)

لہ اس بات پر ابھارنا مقصود ہے کہ ہر حال میں اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ مشغول ہونا چاہیے تاکہ اس کی برکتیں دنیا و آخرت کے تمام امور کو شامل ہوں۔

نلہ برتن کے نہ ڈھانپنے پر جو ضرر مرتب ہوتی ہے اس سے بچنے اور کراہت کے دفع کرنے کے لیے اتنی مقدار بھی کافی ہے ——— تعرضوا را پر پیش باب نصر سے، اور اس کے نیچے زیر ہو تو باب ضرب سے، دونوں طرح

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مستعمل ہے، اس معنی میں پہلا استعمال زیادہ فصیح ہے۔ اسی طرح اصمعی سے منقول ہے۔

۱۱ جب سونے لگو ——— حدیث کے اتنے الفاظ بخاری و مسلم میں مشترک ہیں۔ یہی مطلب دونوں کی الگ الگ روایات میں مختلف الفاظ سے بھی آیا ہے، جیسے کہ آئندہ عبارت میں آئے گا۔

۱۲ خَمِّرُوا آنِیَتَکُمْ کی جگہ خَمِّرُوا الْآنِیَۃَ۔

۱۳ اَوْکُوْا قِرَبَکُمْ کی جگہ اَوْکُوا الْاَسْقِیَۃَ

۱۴ اَغْلِقُوْا کی جگہ اَجِیْفُوْا

۱۵ کَفِّتُوْا اپنے پاس کسی چیز کو جمع کرنا ——— عِنْدَ الْمَسَاءِ شام کے وقت، ہوسکتا ہے اس کا تعلق تمام افعال کے ساتھ ہو۔ اس صورت میں وقت شام سے لے کر عشا تک پھیلا ہوا ہوگا، دروازہ بند کرنے اور برتن ڈھانپنے کا وقت، عشا کا وقت ہی ہے۔ اور اگر آخری فعل اَکْفِتُوا سے متعلق ہو جیسے کہ کلام کی روش سے معلوم ہوتا ہے تو زیادہ مناسب ہوگا۔ حاصل مطلب یہ ہوگا کہ رات میں یہ تمام کام کرو، رات کی ابتدا میں بچوں کو اپنے پاس جمع کرو کیونکہ یہ جنات کے پھیلنے کا وقت ہے اور جب ایک گھڑی گزر جائے تو بچوں کو چھوڑ دو۔ اور باقی کام کرو، اس توجیہ کی بنا پر یہ روایت، صحیحین کی روایت کے مطابق ہو جائے گی۔

۱۶ بچوں کو اچک لیتے ہیں، اگرچہ ایسا کم ہوتا ہے تاہم یہ امر واقع ہے، یا اس سے مراد ہوش و خرد کا چھین لینا۔ مکر کرنا اور کھیل کود میں مصروف کرنا، جن اور شیطان ایک ہی ہے۔ فاسق اور سرکش جنوں کو شیطان کہتے ہیں، اسی طرح بعض علماء نے بیان کیا ہے۔

۱۷ فُوَیْسِقَۃٌ تصغیر ہے فَاسِقَۃٌ کی۔ اس سے مراد چوہیا ہے اور یہ ان پانچ جانوروں میں سے ایک ہے جن کا حرم شریف میں قتل کرنا جائز ہے۔ قاموس میں ہے فُوَیْسِقَۃٌ چوہیا کو کہتے ہیں، کیونکہ وہ اپنے بل سے آدمیوں کو نقصان پہنچانے اور فساد برپا کرنے کے لیے نکلتی ہے۔

۱۸ وہ چراغ سے فتیلہ کھینچ لیتی ہے اور گھر میں آگ لگا دیتی ہے۔ اجرار کھینچنا۔

۱۹ گھر کے ساز و سامان کی بات ہی کیا؟

۲۰ عَطِشُوْا نقطے والی غین پر زبر۔

۲۱ یعنی اللہ تعالیٰ کا نام لینے کی برکت سے، دوسری احادیث اور اس حدیث کی روش کی بنا پر یہ قید مراد ہے جیسے کہ اس کے بعد فرمایا۔

۲۲ جہاں تک ممکن ہو برتن کے ڈھانپنے میں کسی کوتاہی کا روادار نہ ہو، لکڑی کے چوڑائی میں رکھنے کی صورت میں اللہ تعالیٰ کے نام کے ذکر کرنے کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ برتن کو پوری طرح ڈھانپا نہیں جائے گا اس لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللہ تعالیٰ کا نام لے کر اس کی تلافی کر دی گئی ہے۔

۲۳ے یہ چراغ کے بجھانے کی وجہ ہے مرآم آگ کا مشتعل کر دینا یعنی چوہا گھر والوں پر گھر کو آگ کے ساتھ شعلہ زن کر دیتا ہے اور جلا دیتا ہے۔

۲۴ے صراح میں ہے فواشی چراگاہ میں بکھری ہوئی بکریاں، حدیث شریف میں ہے۔ ضُمُّوا فَوَاشِيَكُمْ حَتّٰى تَذْهَبَ فَحْمَةُ الْعِشَاءِ (اپنی بکریوں کو جمع کر لو۔ یہاں تک کہ عشا کا اندھیرا جاتا رہے۔ اور رات گہری تاریک ہو جائے ۱۲ ق)

۲۵ے فَحْمَةُ مغرب اور عشاء کے درمیانی اندھیرے کو کہتے ہیں۔ عشاء سے لے کر صبح تک کے اندھیرے کو عَسْعَسَةٌ کہتے ہیں۔ وَاللَّيْلِ إِذَا عَسْعَسَ کا اسی طرف اشارہ ہے۔

۲۶ے اس روایت میں اِنَاء اور سِقَاء لفظ مفرد کے ساتھ آئے ہیں اور ان سے جنس مراد ہے اور اس جگہ برتنوں کے ڈھانپنے اور مشکیزوں کے منہ باندھنے کی وجہ بیان فرمائی کہ فَاِنَّ فِي السَّنَةِ (۱۱ ھ)

۴۱۰۸ وَعَنْهُ قَالَ جَاءَ اَبُو حُمَيْدٍ رَجُلٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ مِنَ النَّقِيْعِ بِاِنَاءٍ مِّنْ لَّبَنٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَا خَمَّرْتَهٗ وَلَوْ اَنْ تَعْرُضَ عَلَيْهِ عُوْدًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انہی[1] سے روایت ہے کہ ایک انصاری صحابی مقام نقیع[2] سے دودھ کا ایک برتن لے کر نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اسے ڈھانپا کیوں نہیں؟[3] اگرچہ اس پر چوڑائی میں لکڑی ہی رکھ دیتے[4] (صحیحین)

لے حضرت جابر رضی اللہ عنہ

۲ے نَقِیع نون پر زبر، وادی عقیق میں ایک جگہ کا نام ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس خطے کو مدینے کے اونٹوں وغیرہ کے لیے محفوظ فرما دیا تھا تاکہ وہ وہاں رہیں اور چریں۔ بعض حضرات نے اسے باء کے ساتھ (بقیع) بھی پڑھا ہے۔ بقیع، مدینہ منورہ کا مشہور قبرستان ہے، یہ نامناسب تبدیلی ہے، صحیح وہ ہے جو ہم نے پہلے بیان کیا۔

۳ے ڈھانپنے بغیر۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کا ڈھانپنے بغیر دودھ کا لانا ناگوار گزرا۔ اس لیے انہیں اس فعل پر ملامت اور توبیخ کے طور پر فرمایا: تم اسے ڈھانپ کر کیوں نہیں لائے؟

۴ے یعنی کم از کم اتنا تو کرتے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۱۰۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتْرُكُوا النَّارَ فِي بُيُوتِكُمْ حِينَ تَنَامُونَ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰے عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: سوتے وقت اپنے گھروں میں آگ نہ رہنے دو[1]۔ (صحیحین)

[1] خواہ بصورت چراغ ہو یا اس کے علاوہ، تاہم لٹکائی جانے والی قندیلوں کے روشن رہنے میں حرج نہیں ہے۔ جیسے کہ بہت سے لوگوں کی عادت ہے کیونکہ ان سے آگ لگنے کا اندیشہ نہیں ہوتا چونکہ علت منتفی ہے اس لیے وہ اس ممانعت میں داخل نہیں ہیں۔ اسی طرح امام نووی نے فرمایا، بندۂ ضعیف راقم الحروف (شیخ محقق) کہتا ہے کہ اگر گھر میں آگ اس طرح محفوظ کر کے رکھی جائے کہ دوسری چیزوں کو لگنے کا خوف نہ ہو جیسے کہ سردیوں میں رات کے نوافل ادا کرنے کے ارادے سے یا ایسے ہی کسی دوسرے مقصد کے لیے گھر میں محفوظ طور پر رکھتے ہیں۔ تو یہی قیاس کے مطابق امید ہے ممنوع نہ ہوگی۔ امام قرطبی سے منقول ہے کہ اس باب کے اوامر ونواہی، مصلحت کی طرف راہنمائی کے قبیلے سے ہیں، یہ بھی احتمال ہے ندب اور استحباب کے لیے بھی ہوں خصوصاً جب کہ لوگ تعمیل حکم کا ارادہ کریں۔

۴۱۱۰ وَعَنْ اَبِي مُوسٰى قَالَ احْتَرَقَ بَيْتٌ مِّنَ الْمَدِينَةِ عَلٰى اَهْلِهِ مِنَ اللَّيْلِ فَحُدِّثَ بِشَأْنِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ هٰذِهِ النَّارَ اِنَّمَا هِيَ عَدُوٌّ لَّكُمْ فَاِذَا نِمْتُمْ فَاَطْفِئُوهَا عَنْكُمْ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ مدینہ منورہ میں ایک گھر رات کے وقت جل کر گھر والوں پر گر گیا[1]۔ اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو بتایا گیا[2] تو آپ نے فرمایا: یہ آگ تمہاری دشمن ہے، سوتے وقت اسے بجھا دیا کرو اور اپنے آپ سے دور کر دیا کرو[3]۔ (صحیحین)

[1] اور انہیں بھی جلا دیا۔

[2] کہ ایسا عجیب واقعہ رونما ہوا ہے۔

[3] اسے اس حال میں نہ چھوڑو کہ اس سے نقصان کا خوف ہو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۴۱۱۱/۵ عَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا سَمِعْتُمْ نُبَاحَ الْکِلَابِ وَ نَہِیْقَ الْحَمِیْرِ مِنَ اللَّیْلِ فَتَعَوَّذُوْا بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ فَاِنَّہُنَّ یَرَیْنَ مَا لَا تَرَوْنَ وَ اَقِلُّوا الْخُرُوْجَ اِذَا ہَدَاَتِ الرِّجْلُ فَاِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَ جَلَّ یَبُثُّ مِنْ خَلْقِہٖ فِیْ لَیْلَتِہٖ مَا یَشَآءُ وَاَجِیْفُوا الْاَبْوَابَ وَ اذْکُرُوا اسْمَ اللّٰہِ عَلَیْہِ فَاِنَّ الشَّیْطٰنَ لَا یَفْتَحُ بَابًا اِذَا اُجِیْفَ وَ ذُکِرَ اسْمُ اللّٰہِ عَلَیْہِ وَ غَطُّوا الْجِرَارَ وَ اَکْفِئُوا الْاٰنِیَۃَ وَ اَوْکُوا الْقِرَبَ۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

دوسری فصل

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم رات کے وقت[1] کتوں کے بھونکنے اور گدھوں کے رینکنے کی آواز سنو تو شیطان مردود سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگو، کیونکہ کتے اور گدھے وہ کچھ دیکھتے ہیں جو تم نہیں دیکھتے اور جب پاؤں ٹھہر جائیں[3] تو باہر کم نکلو کیونکہ رات کے وقت اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق میں سے جسے چاہتا ہے[4] پھیلا دیتا ہے، اللہ تعالیٰ کا نام لے کر دروازے بند کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ کا نام لے کر بند کیے ہوئے دروازے کو شیطان نہیں کھول سکتا۔ گھڑوں کو ڈھانپ دو[5]، برتنوں کو الٹا کر دو اور مشکیزوں کو باندھ دو۔

(شرح السنۃ)

۱ رات کی تخصیص اتفاقی ہے ورنہ دن کا بھی یہی حکم ہے۔

۲ شیطان اور اس کے لشکر کو۔

۳ یعنی جس وقت لوگ گھر سے باہر نہیں آتے۔ پاؤں باہر نہیں رکھتے اور گلی کوچوں میں نہیں گھومتے۔ مطلب یہ کہ رات آرام اور سکون کا وقت ہے، اس لیے رات کے وقت باہر نہ نکلو۔

۴ جنات کے شیطانوں، انسانوں، حیوانوں اور زمین کے موذی کیڑے کوڑوں کو۔

۵ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قید ہر جگہ مراد ہے، جیسے کہ ہم نے اس سے پہلے بیان کیا، اس جگہ متعدد روایات کے لانے سے حضرت مصنف کا یہی مقصد ہے کہ بعض روایات بعض کی تفسیر کرنے والی ہیں۔ جیسے کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بیان کرتے ہوئے ہم نے اس کی طرف اشارے کیے ہیں۔

؎ جن میں پانی موجود ہو۔

؎ خالی برتنوں کو الٹا کر دو تاکہ کوئی کیڑا مکوڑا اس کے ساتھ چمٹ نہ جائے اور اسے پلید نہ کر دے۔

۴۱۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَتْ فَارَةٌ؎ تَجُرُّ الْفَتِيْلَةَ فَأَلْقَتْهَا بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى الْخُمْرَةِ؎ الَّتِىْ كَانَ قَاعِدًا عَلَيْهَا فَاحْتَرَقَتْ مِنْهَا مِثْلَ مَوْضِعِ الدِّرْهَمِ فَقَالَ إِذَا نِمْتُمْ فَاَطْفِئُوْا سُرُجَكُمْ فَإِنَّ الشَّيْطٰنَ يَدُلُّ مِثْلَ هٰذِهٖ عَلٰى هٰذَا فَيُحْرِقُكُمْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک چوہیا چراغ کی بتی کھینچ کر لائی اور اسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے اس ٹکڑے؎ پر پھینک دیا جس پر آپ تشریف فرما تھے۔ اس سے مصلا ایک درہم کی مقدار میں جل گیا۔ آپ نے فرمایا: جب تم سونے کا ارادہ کرو تو اپنے چراغ بجھا دیا کرو، کیونکہ شیطان ایسی چیز کی ایسے کام پر راہنمائی کرتا ہے اور تمہیں جلا دیتا ہے؎ (ابوداؤد)

؎ فارۃ کا استعمال ہمزے کے ساتھ (فَأْرَةٌ) اور اس کے بغیر (فَارَةٌ) دونوں طرح آیا ہے۔

؎ خمرۃ نقطے والی خا پر پیش اور میم ساکن، چٹائی سے چھوٹا مصلا جس پر ایک آدمی نماز ادا کرتا ہے۔

؎ اس جملے سے تمہارے جلانے کا سامان کر دیتا ہے۔ اس جگہ سے معلوم ہوتا ہے کہ چوہیا کو اس فعل پر ابھارنے والا شیطان ہے جو انسانوں کا دیرینہ دشمن ہے اور تمام شر اور قباحتیں اسی کی طرف منسوب ہیں۔ اللہ تعالیٰ کی اس پر لعنت۔

حضرت مصنف اس باب میں تیسری فصل نہیں لائے اور یہ بھی نہیں کہا کہ یہ باب تیسری فصل سے خالی ہے اس کی وجہ ہم اس سے پہلے بیان کر چکے ہیں؎۔

؎ باب فی اکل المضطر میں حضرت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ تیسری فصل کا لانا یا نہ لانا حضرت مصنف کا اپنا فعل ہے اور ان کے اختیار میں ہے، اس کے بیان کی نہ تو حاجت ہے اور نہ ہی ان کی عادت ہے۔ ہاں صحابہ کا حال بیان کرتے ہوئے یہ بتا دیں گے کہ اس باب میں پہلی فصل نہیں ہے۔ ۱۲ ق۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کِتَابُ اللِّبَاسِ

۱۹۔ لباس کا بیان

لِبَاسٌ مصدر ہے بمعنی ملبوس، جیسے کِتَابٌ بمعنی مکتوب ہے، یہ باب عَلِمَ سے ہے اور جو اِلْتِبَاس کے معنی میں ہے وہ باب ضَرَبَ یَضْرِبُ سے آتا ہے، پہلے کا مصدر لُبْسٌ لام کے پیش کے ساتھ ہے اور دوسرے کا مصدر لَبْسٌ لام کی زبر کے ساتھ ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

(الف) ۴۱۱۳ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ اَحَبُّ الثِّيَابِ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّلْبَسَهَا الْحِبَرَةَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم جس کپڑے کا پہننا[1] سب سے زیادہ پسند فرماتے تھے وہ دھاری دار یمنی کپڑا[2] تھا۔

(صحیحین)

۱؎ یعنی پہننے میں وہ سب سے زیادہ پسندیدہ کپڑا تھا، نہ کہ دوسرے مقاصد مثلاً کسی کو عطا کرنے اور بچھانے وغیرہ میں۔

۲؎ اَلْحِبَرَۃُ بے نقطہ حاء کے نیچے زیر، ایک نقطے والی باء پر زبر، بروزن عِنَبَۃٌ دھاری دار یمنی چادر، اسے حَبِیر بروزن خَبِیر بھی کہتے ہیں، یمن کا بہترین سوتی کپڑا، کہتے ہیں کہ اسی لیے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو محبوب تھا۔ بعض شارحین نے کہا کہ اس میں سبز لکیریں ہوتی ہیں، اور وہ جنتی کپڑوں میں سے ہے۔ بعض علماء نے کہا کہ اس میں سرخ دھاریاں ہوتی ہیں، چونکہ وہ میل خوردہ ہوتا ہے، اس لیے محبوب تھا۔

(ب) ۴۱۱۳/۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک صبح رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم اس حال میں باہر تشریف لائے کہ آپ نے سیاہ بالوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَعَلَيْهِ مِرْطٌ مُرَحَّلٌ مِّنْ شَعْرٍ اَسْوَدَ.

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

کی اونی چادر زیب تن کی ہوئی تھی جس پر کجاووں کی تصویر بنی ہوئی تھی۔

(مسلم)

لہ مِرْط میم کے نیچے زیر، راء ساکن، اون، بالوں، کتان یا خز کی چادر جسے بطور تہبند استعمال کیا جاتا ہے قاموس میں ہے اون یا خز کی چادر، نہایہ میں ہے مِرْط اون کی چادر ہوتی ہے اور کبھی خز وغیرہ کی بھی ہوتی ہے۔ علامہ کرمانی نے کہا مِرط میم کے نیچے زیر، چادر یا سبز تہبند، مُرَحَّل بے نقطہ حاء پر زبر، بر وزن مُعَظَّم وہ چادر جس پر اونٹ کے کجاوے کی تصویریں ہوں، بعض محدثین نے اسے جیم کے ساتھ روایت کیا ہے (مُرَجَّل) یعنی جس پر مردوں کی تصویریں بنی ہوئی ہوں اور یہ مشکل ہے کیونکہ جس کپڑے پر انسانوں یا حیوانات کی تصویریں ہوں اس کا پہننا درست نہیں ہے ہو سکتا ہے کہ یہ حرام قرار دینے سے پہلے کا واقعہ ہو۔ بعض شارحین نے کہا کہ اس چادر پر لوہے کے دیگچوں کی تصویریں تھیں۔ امام نووی نے کہا کہ پختہ علم والے جمہور علماء نے جو روایت کی ہے وہ بے نقطہ حاء کے ساتھ ہے (مُرَحَّل) مشکوٰۃ شریف کے اکثر نسخے جو ہماری نظر سے گزرے ہیں ان میں یہ حدیث نہیں ہے، لیکن مصابیح میں یہ حدیث موجود ہے، علامہ طیبی نے اس کی شرح کی ہے، اور صحیح یہ ہے کہ مشکوٰۃ شریف میں یہ حدیث اس جگہ موجود نہیں ہوگی۔ کیونکہ حضرت مصنف نے فصل کے آخر میں کہا ہے کہ حضرت عائشہ کی وہ روایت جس میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک صبح نکلے، اسے ہم باب مناقب اہل بیت النبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میں لائیں گے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اس جگہ صرف اتنی حدیث ہی لائے ہوں جس میں کجاوے کی تصویر والی چادر کے پہننے کا ذکر ہے اور باب مناقب اہل بیت میں پوری حدیث لائے ہوں جو اہل بیت کے مناقب پر مشتمل ہو، یہ احتمال بھی بعید نہیں ہے۔

۴۱۱۴
۲
وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبِسَ جُبَّةً رُّوْمِيَّةً ضَيِّقَةَ الْكُمَّيْنِ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تنگ آستینوں والا رومی جُبّہ زیب تن فرمایا۔

(صحیحین)

لہ اس کے آستین اتنے تنگ تھے کہ جب آپ وضو کرتے تو ہاتھ باہر نکال لیتے اسی طرح حدیث میں آیا ہے یعنی اس کے آستین اتنے تنگ تھے کہ ہاتھ نکالے بغیر دھوئے نہیں جا سکتے تھے، یہ بھی حدیث میں آیا ہے کہ سفر میں جبہ استعمال فرمایا بعض روایات میں شامی جُبّے کا ذکر ہے۔

سفر السعادۃ میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جبہ، قباء اور پیراہن پہنا ہے۔ قاموس میں ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْجُبَّۃُ معروف کپڑا ہے ، علامہ کرمانی نے کہا کہ مخصوص کپڑا ہے ۔ قاضی عیاض مالکی نے مشارق الانوار میں کہا کہ جبہ وہ کپڑا ہے جو کاٹ کر سیا جاتا ہے اور یہ بظاہر قبا اور پیراہن کو شامل ہے اس سے اوپر لپیٹنے والی چادر اور پگڑی خارج ہو جائے گی اگرچہ اس مفہوم میں بھی خصوصیت ہے ، لیکن اس کا قبا اور پیراہن کے ساتھ مقابلہ ایک دوسری خصوصیت کو چاہتا ہے ، ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ یہی تنگ آستینوں والا رومی جبہ مراد لیا جائے ۔ اس صفت کے لحاظ سے قبا اور پیراہن کا مقابل واقع ہوگا ۔ ورنہ رومی جو جبہ پہنتے ہیں تو وہ آدھے جسم کو ڈھانپتا ہے اور اس کے آستین تنگ ہوتے ہیں (جیسے جرسی ہوتی ہے ۱۲ ق) قباء کے بارے میں مشارق الانوار میں ہے کہ وہ عجم کا مشہور تنگ کپڑا ہے (مشارق) ظاہر یہ ہے کہ قبا میں سلا ہوا کپڑا ہے جس کا گریبان نہ ہو اور قمیص وہ ہے جس کا گریبان ہو ، یہ مطلب اکلام قاموس سے سمجھا جاتا ہے انہوں نے کہا قبو کا معنی لغت میں دو چیزوں کا آپس میں انضمام اور چمٹ جانا ہے ۔ اسی سے قبا مشتق ہے ، قبا کپڑے کی ایک قسم کو کہتے ہیں ۔ ابن الاثیر نہایہ میں کہتے ہیں کہ قبو کپڑے کا ٹکڑا جو دوسرے ٹکڑے پر چسپاں کیا گیا ہو ۔

۴۱۱۵ وَعَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ قَالَ اَخْرَجَتْ اِلَیْنَا عَائِشَۃُ کِسَاءً مُّلَبَّدًا وَّ اِزَارًا غَلِیْظًا فَقَالَتْ قُبِضَ رُوْحُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ھٰذَیْنِ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو بردہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ نے ہمیں پیوند لگا ہوا کمبل [1] اور موٹا تہبند [2] نکال کر دکھایا اور کہا کہ ان دو کپڑوں میں رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی روح انور قبض کی گئی ۔

(صحیحین)

[1] وہ کمبل جو پیوندوں کی کثرت کی بنا پر نمدے کی طرح ہو جائے ۔
[2] وہ چادر یا تو پیوندوں کی کثرت کی بنا پر موٹی تھی یا اس کا کپڑا ہی موٹا تھا ۔

۴۱۱۶ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ کَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنَامُ عَلَیْہِ اَدَمًا حَشْوُہٗ لِیْفٌ ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جس بستر پر رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سوتے تھے وہ رنگے ہوئے چمڑے کا تھا اس میں کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے [1] ۔

(صحیحین)

[1] غلاف کے درمیان جہاں روئی ہوتی ہے ، اس کی جگہ کھجور کے پتے تھے ۔

۴۱۱۷ وَعَنْهَا قَالَتْ کَانَ وِسَادُ

ان ہی سے روایت ہے کہ جس تکیے پر رسول اللہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِىْ يَتَّكِئُ عَلَيْهِ مِنْ اَدَمٍ حَشْوُهٗ لِيْفٌ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ٹیک لگایا کرتے تھے وہ رنگے ہوئے چمڑے کا تھا اس میں کھجور کے پتے بھرے ہوئے تھے[1]۔ (صحیحین)

[1] اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سونے اور آرام کرنے کے لیے بستر تیار کرنا اور تکیے پر ٹیک لگانا اور اس سے آسودگی حاصل کرنا جائز ہے۔ لیکن اس طرح کہ نہ تو فضول خرچی ہو اور نہ ہی عیش وعشرت میں انہماک ہو۔ خود نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تکیہ پسند فرماتے تھے اور اس پر ٹیک لگاتے تھے، اور فرمایا: اگر کوئی شخص خوشبو اور تکیہ پیش کرے تو اسے رد نہیں کرنا چاہیے۔ ان احادیث اور ان جیسی دوسری حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا طریقہ دنیا سے بے نیازی، ساز و سامان اور اس کی لذتوں سے اعراض اور سخت اور کھردرے قسم کے کپڑے پہننا تھا، اسی میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی اقتداء ہے۔

محدثین نے یہ بھی بیان کیا ہے کہ جو لباس حاضر اور میسر ہوتا ہیں پہنتے اور تکلف سے کام نہ لیتے۔ کبھی بیان جواز کے لیے نفیس اور قیمتی کپڑا پہنتے اور جلد ہی کسی کو عطا فرما دیتے، عمدہ کپڑوں کے پہننے کو عادت بنا لینا اور اس میں تکلف سے کام لینا خلاف سنت ہے، اگرچہ اس میں اصل اباحت موجود ہے، اور اگر کھردرا اور پرانا کپڑا بخل اور خست کی بنا پر یا زہد کے اظہار کے لیے پہنا جائے یا لوگوں سے امداد کی طمع اور ان سے سوال کرنے کے لیے دکھلاوے اور ریاکاری کے طور پر پہنا جائے تو یہ بھی کچھ نہیں ہے، بہت سے اصحاب خیر و دیانت اپنا حال چھپانے، سوال سے باز رہنے اور غنا کے اظہار کے لیے نفیس کپڑے پہنتے ہیں اور اپنے آپ کو اغیار کی نگاہوں سے چھپاتے ہیں: خلاصہ یہ کہ جن کپڑوں کے پہننے میں اسراف، بخل اور تکبر پیش نظر نہ ہو ان میں حرج نہیں ہے۔ میانہ روی ہر جگہ مستحسن ہے۔ جو کچھ ہم نے بیان کیا ہے اس کے بارے میں احادیث وارد ہیں۔ شرح سفر السعادۃ کے اول باب میں اس سے زیادہ تفصیل بیان کی گئی ہے۔ وہاں دیکھی جائے۔

۴۱۱۸ وَعَنْهَا قَالَتْ بَيْنَا نَحْنُ جُلُوْسٌ فِىْ بَيْتِنَا فِىْ حَرِّ الظَّهِيْرَةِ قَالَ قَائِلٌ لِاَبِىْ بَكْرٍ هٰذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُقْبِلًا مُتَقَنِّعًا بِطَرَفِ رِدَائِهٖ (رَوَاهُ الْبُخَارِىُّ)

انہی سے روایت ہے کہ اس اثنا میں کہ ہم دوپہر کی گرمی میں اپنے گھر میں بیٹھے ہوئے تھے، کسی کہنے والے نے حضرت ابوبکر صدیق کو کہا کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی چادر کے کنارے کے ساتھ سر مبارک ڈھانپے[2] ہوئے تشریف لا رہے ہیں۔ (بخاری)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱ؔ یعنی مکہ مکرمہ میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے گھر میں۔
۲ؔ تَقَنُّع اور قِناع کا معنیٰ یہ ہے کہ چادر کے ساتھ سر ڈھانپ لیا جائے اور اس کا کنارہ کندھے پر ڈال لیا جائے اسے تَطَلُّس بھی کہتے ہیں۔

یہ حدیث، ہجرت کا ایک حصہ ہے، بیعت العقبہ کے بعد نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہجرت اور مکہ مکرمہ سے روانگی کے سلسلے میں اللہ تعالیٰ کے حکم کے منتظر تھے۔ حضرت ابوبکر صدیق آپ سے اس سفر میں رفاقت اور صحبت کی درخواست کرتے تھے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے کہ اگر حکم اسی طرح ہوا تو ایسا ہی ہوگا۔ اچانک ہجرت کا حکم ہوا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دوپہر کے وقت حضرت ابوبکر کے گھر تشریف لے گئے اور اطلاع دی کہ ہجرت اور روانگی کا حکم آچکا ہے اور تم ہمارے ہم سفر ہوگے۔ چنانچہ رات کے وقت حضرت ابوبکر صدیق کے گھر کی دیوار کی کھڑکی سے نکل کر مکہ معظمہ کے بائیں حصے میں واقع جبل ثور کی طرف روانہ ہوئے اور اس کی غار میں قیام کیا۔ بعد ازاں روانہ ہو کر مدینہ منورہ پہنچ گئے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سر پر کپڑا لیا۔ بعض لوگوں نے اس جگہ اختلاف کیا ہے اور اسے مکروہ قرار دیا ہے۔ بعض علماء نے کہا کہ یہ وقتِ ضرورت کے ساتھ مخصوص ہے مثلاً سورج کی تپش، ہوا کی سردی وغیرہ کی بنا پر، امام مالک کا میلان بھی اسی طرف ہے، یہ حضرات کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت سرِ مبارک پر کپڑا اسی لیے لیا تھا کہ دوپہر کی گرمی تھی یا اس لیے کہ کوئی پہچان نہ لے، کیونکہ آپ ان دونوں پوشیدہ طور پر رہتے تھے، خصوصاً اس وقت جب کہ آپ مدینہ منورہ کی جانب روانہ ہو رہے تھے پوشیدہ رہنے کی زیادہ حاجت تھی۔

جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ سر پر کپڑا لینا مطلقاً جائز ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس طرح کیا ہے۔ علامہ جلال الدین سیوطی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اس موضوع پر ایک رسالہ لکھا ہے کَفُّ اللِّسَانِ عَنْ ذَمِّ الطَّیَالِسَانِ (چادر اوڑھنے کی مذمت سے زبان کو روکنا) اور اس میں وہ احادیث اور آثار لائے ہیں جن سے چادر اوڑھنے کی تعریف معلوم ہوتی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم، بعض صحابہ کرام اور تابعین کا چادر اوڑھنا ثابت ہوتا ہے۔ علامہ سیوطی نے فرمایا کہ امام بیہقی، شعب الایمان میں حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چادر کی تعریف میں فرمایا: یہ ایسا کپڑا ہے جس کا شکریہ ادا نہیں کیا جا سکتا، ایک دوسری حدیث میں آیا ہے، دن کے وقت سر کو چادر کے ساتھ ڈھانپنا بچاؤ ہے۔ اور رات کے وقت زینت ہے، یہ بھی ارشاد فرمایا کہ چادر کا اوڑھنا عربوں کا لباس ہے اور سر کا ڈھانپنا ایمان کا لباس ہے۔

امام ترمذی اور دیگر محدثین حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From
Paksociety.com

بکثرت سر مبارک کپڑے سے ڈھانپتے تھے، یہاں تک کہ آپ کا کپڑا تیلی کا کپڑا معلوم ہوتا تھا، چونکہ آپ سر مقدس تیل سے تر رکھتے تھے اس لیے کپڑا بھی تر ہو جاتا تھا۔ بعض محدثین نے کہا ہے کہ اس سے وہ کپڑا مراد ہے جو تیل لگانے کے بعد سر پر رکھا جاتا ہے۔ تاکہ دستار تر نہ ہو جائے اور تحقیق یہ ہے کہ اس جگہ تقنع سے مراد چادر اوڑھنا ہی ہے۔ اسی طرح شیخ ابہاری میں ہے۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب معتکف نماز جمعہ کے لیے مسجد سے باہر آئے تو اپنا سر ڈھانپ لے۔ امام حاکم، شیخین کی شرط پر حضرت مرہ بن کعب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ آپ ایک فتنے اور اس کے عنقریب واقع ہونے کا ذکر فرما رہے تھے۔ اچانک وہاں سے ایک صاحب کپڑے سے سر ڈھانپے ہوئے گزرے، سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس دن یہ شخص راہ راست پر ہوگا۔ میں اٹھا تاکہ دیکھوں کہ وہ کون صاحب ہیں؟ کیا دیکھتا ہوں کہ وہ عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں، ظاہر یہی ہے کہ آپ کی شہادت کا فتنہ مراد ہے جس میں اہل مصر ملوث اور مبتلا ہوئے، امام المسلمین حضرت حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے بارے میں مروی ہے کہ انہیں اس حال میں نماز پڑھتے ہوئے دیکھا گیا کہ انہوں نے کپڑے سے سر ڈھانپ رکھا تھا۔ حالت نماز کے علاوہ بھی ان کا سر ڈھانپنا مروی ہے۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے احوال میں بیان کیا گیا ہے کہ آپ چادر استعمال کرتے تھے اور سر ڈھانپتے تھے۔

۴۱۱۹/۷ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ فِرَاشٌ لِّلرَّجُلِ وَ فِرَاشٌ لِّامْرَاَتِهٖ وَ الثَّالِثُ لِلضَّيْفِ وَ الرَّابِعُ لِلشَّيْطٰنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا کہ ایک بستر مرد کے لیے، ایک اس کی بیوی کے لیے۔ تیسرا مہمان کے لیے[1] اور چوتھا شیطان کے لیے[2] (مسلم)

[1] یعنی اگر میسر ہوں تو آدمی کے پاس تین بستر ہونے چاہئیں۔ ایک خود اس کے لیے، دوسرا اس کی بیوی کے لیے کہ ہو سکتا ہے وہ بیماری یا کسی عذر کی بنا پر الگ سوئے، اگرچہ بیوی کے ساتھ سونا زیادہ محبوب اور سنت کے زیادہ موافق ہے، تیسرا بستر مہمان کے لیے جو آئے اور رات بھی اسی جگہ گزارے، یہ تین بستر ہی کافی ہیں۔ اس سے زیادہ فضول خرچی میں داخل ہے، جیسے کہ اس کے بعد فرمایا۔

[2] یعنی اگر چوتھا بستر ہو تو وہ شیطان کے لیے ہے۔ شیطان کی طرف نسبت اس لیے کہ وہ مقدار حاجت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے زیادہ ہے اور فخر و تکبر کا باعث ہے لہٰذا مذموم ہے اور ہر مذموم شیطان کی طرف منسوب ہے، یا اس لیے کہ چونکہ اس کی حاجت نہیں ہے اس لیے شیطان اس میں رات اور دوپہر گزارے گا۔ ہاں اگر کسی صاحب جود و کرم کے پاس زیادہ مہمان آتے ہوں تو ظاہر یہ ہے کہ بستروں اور دیگر ساز و سامان کی زیادتی مذموم نہ ہوگی۔ مذموم وہی ہے جو فخر اور تکبر کے لیے رکھا جائے۔

۴۱۳۰/۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا یَنْظُرُ اللّٰهُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِلٰی مَنْ جَرَّ اِزَارَهٗ بَطَرًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس شخص کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا جو ازراہِ تکبر[1] اپنی چادر گھسیٹے۔ (صحیحین)

[1] جو ازراہ تکبر، فضول خرچی اور نعمت کی ناشکری چادر گھسیٹے، اس قدر سے معلوم ہوا کہ اگر اس طرح نہ ہو تو حرام نہیں ہے، تاہم مکروہ تنزیہی ہے، اور اگر کسی عذر مثلاً بیماری یا سردی کی بنا پر ہو تو چاہیے کہ مکروہ نہ ہو، جیسے کہ تیسری فصل میں بھی آئے گا۔

۴۱۳۱/۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهٗ خُیَلَاءَ لَمْ یَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَیْهِ یَوْمَ الْقِیَامَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اپنا کپڑا بطور تکبر[1] گھسیٹے، اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظر عنایت نہیں فرمائے گا۔ (صحیحین)

[1] خیلاء خاء پر پیش، یا پر زیر، آخر میں الف ممدودہ، تکبر، سرکشی، مَخِیلۃ میم پر زبر، خاء کے نیچے زیر اور یاء ساکن، کا بھی یہی معنیٰ ہے۔

۴۱۳۲/۱۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَمَا رَجُلٌ یَجُرُّ اِزَارَهٗ مِنَ الْخُیَلَاءِ خُسِفَ بِهٖ فَهُوَ یَتَجَلْجَلُ فِی الْاَرْضِ

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس حال میں کہ ایک شخص ازراہِ تکبر اپنی چادر گھسیٹ رہا تھا اسے زمین میں دھنسا دیا گیا، پس وہ زمین میں نیچے جا رہا ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَۃِ۔ قیامت کے دن تک۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ) (بخاری)

لہ جَلْجَلَۃ "اضطراب اور آواز کے ساتھ حرکت، ہو سکتا ہے کہ یہ شخص اس امت کا فرد ہو کر اس کے ساتھ یہ واقعہ پیش آئے گا۔ یہ بھی احتمال ہے کہ وہ شخص سابقہ امتوں میں سے ہو جو اس حال میں گرفتار ہوا یہی قول زیادہ صحیح ہے۔ اسی لیے امام بخاری اس حدیث کو بنی اسرائیل کے ذکر میں لائے ہیں۔ اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا۔ بعض شارحین نے کہا کہ اس سے مراد قارون ہے۔

۴۱۲۳ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَآ اَسْفَلَ مِنَ الْکَعْبَیْنِ مِنَ الْاِزَارِ فِی النَّارِ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تہبند کا جتنا حصہ ٹخنوں سے نیچے ہو لہ وہ دوزخ کی آگ میں ہے۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ) (بخاری)

لہ یعنی قدم کا وہ حصہ جو ٹخنوں سے نیچے ہے اور اس پر تہبند بطور فخر لٹکایا ہوا ہے۔ بعض شارحین نے کہا مطلب یہ ہے کہ یہ فعل مذموم ہے اور اہلِ نار کے افعال میں سے ہے۔ اسی طرح علامہ طیبی نے بیان کیا۔

تنبیہ:۔ خیال رہے کہ اکثر طور پر گھسیٹنے اور لٹکانے کی مذمت تہبند کے بارے میں واقع ہوئی ہے۔ اور اس پر تشدید وعید واقع ہوئی ہے۔ یہاں تک کہ تہبند لٹکانے والے کو اس حال میں ادا کی گئی نماز اور وضو کے لوٹانے کا حکم دیا۔ جیسے کہ مشکوٰۃ شریف کے ابتدائی حصے میں گزرا۔ احادیث میں آیا ہے کہ شعبان کی پندرہویں رات میں سب بخش دیے جاتے ہیں۔ سوائے والدین کے نافرمان، عادی شرابی اور چادر لٹکانے والے کے، اور تحقیق یہ ہے کہ لٹکانا تمام کپڑوں میں پایا جاتا ہے، جو کپڑا سنت کی موافقت اور حاجت سے زیادہ ہو وہ اسبال (لٹکانے) میں داخل ہے، تہبند کی تخصیص کی وجہ یہ ہے کہ اس میں یہ عمل عموماً زیادہ واقع ہوتا ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانے میں اکثر لوگوں کا لباس تہبند اور اوپر لپیٹنے والی چادر تھا۔ دوسری فصل میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لٹکانا تہبند، قمیص اور عمامہ میں پایا جاتا ہے، جس نے ان میں سے کسی چیز کو بطور تکبر لٹکایا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظرِ رحمت نہیں فرمائے گا، اس حدیث سے پہلے مذکور حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی حدیث میں مطلق کپڑے کے گھسیٹنے کا ذکر ہے۔ تہبند میں اصل یہ ہے کہ نصف پنڈلی تک ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تہبند اسی طرح ہوتا تھا، اور ارشاد فرمایا کہ مومن کا تہبند آدھی پنڈلی تک ہے اور ٹخنے سے اوپر تک رخصت ہے، قبا اور پیراہن کے دامن کا بھی یہی حکم ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

آستین میں سنت یہ ہے کہ ہاتھ کے جوڑ تک ہو، عمامہ میں لٹکانا یہ ہے کہ شملہ لمبائی میں عام عادت سے زیادہ ہو۔ اس کی انتہا یہ ہے کہ نصف پشت تک ہو۔ اس سے زیادہ بدعت ہے اور حرام لٹکانے میں داخل ہے۔ عرب کے بعض علاقوں میں جو لمبائی اور چوڑائی میں زیادتی پائی جاتی ہے۔ خلافِ سنت ہے۔ اور اگر بطور تکبر ہو تو حرام ہے۔ اور جو عرف اور عادت اور کسی قوم کی علامت کے طور پر عام ہو جائے تو اس میں حرج نہیں ہے، اگرچہ زیادتی کراہت سے خالی نہیں ہے، کپڑے کا حاجت سے زیادہ لٹکانا عورتوں کے لیے بھی حرام ہے۔ مردوں کی نسبت ان کے لیے ایک بالشت اور وہ کافی نہ ہو تو ایک ہاتھ زیادتی کی رخصت ہے بلکہ مستحب ہے۔ تاکہ ستر کا مقصد پوری طرح حاصل ہو۔ اسی طرح حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی حدیث میں آیا ہے۔

۴۱۲۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّاْكُلَ الرَّجُلُ بِشِمَالِهٖ اَوْ يَمْشِيْ فِيْ نَعْلٍ وَّاحِدَةٍ وَاَنْ يَّشْتَمِلَ الصَّمَّآءَ اَوْ يَحْتَبِيَ فِيْ ثَوْبٍ وَّاحِدٍ كَاشِفًا عَنْ فَرْجِهٖ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

۱۲

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا کہ کوئی شخص اپنے بائیں ہاتھ سے کھائے[1] یا ایک جوتے میں چلے[2] اور اس بات سے منع فرمایا کہ ایک کپڑے میں لپٹ جائے[3] یا ایک کپڑے میں اکڑوں بیٹھے کہ شرمگاہ کھولے ہوئے۔

(مسلم)

[1] کیونکہ یہ شیطان کی عادت ہے۔

[2] کیونکہ یہ وقار کے خلاف، تبیح اور لوگوں کی ہنسی کا باعث ہے اور جوتا بلند ہو تو پاؤں کے پھسلنے اور زمین پر گرنے کا سبب بن جائے گا۔ بعض علماء نے فرمایا کہ جسم کے پہلے حصے کے بعض اعضاء میں بیماری کے پیدا ہونے کا سبب بھی بنتا ہے۔

[3] اشتمالِ صمّاء کا معنیٰ یہ ہے کہ اوڑھنے والی چادر اس طرح پہنی جائے کہ تمام جسم کو ڈھانپ لے، ہاتھ بھی اندر رہیں، کسی طرف سے کپڑا نہ اٹھائے تاکہ ہاتھ باہر نکالے جا سکیں، اس پہننے کو صمّاء اس لیے کہتے ہیں کہ تمام راستے اور سوراخ بند کر دیے جاتے ہیں۔ چنانچہ صخرۂ صمّاء اس سخت پتھر کو کہتے ہیں جس میں شگاف بالکل نہ ہو۔ صمم (ص م م) کے مادے میں بھاری اور بند ہونے کا معنیٰ پایا جاتا ہے۔ علامہ طیبی نے ابو عبیدہ سے نقل کیا ہے کہ فقہاء کے نزدیک اشتمالِ صمّاء یہ ہے کہ ایک کپڑے میں تمام جسم لپیٹ لیا جائے، دوسرا کپڑا پاس نہ ہو، پھر ایک جانب سے کپڑا اٹھا کر کندھے پر رکھ لے اور شرمگاہ برہنہ ہو جائے۔ امام ابن ہمام نے شرح ہدایہ میں کہا ہے کہ:

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اشتمالِ صمّاء نماز میں مکروہ ہے اور وہ یہ کہ تمام جسم ایک کپڑے میں لپیٹ لیا جائے اور ہاتھ نکالنے کے لیے بھی کوئی سوراخ نہ رہنے دیا جائے۔ امام محمد کے نزدیک یہ شرط ہے کہ اس نے تہبند نہ پہنا ہو، دیگر ائمہ کے نزدیک یہ شرط نہیں ہے۔

۴ احتباء یہ ہے کہ دونوں سُرینوں پر بیٹھ کر دونوں گھٹنے کھڑے کرلے اور اپنی پشت اور گھٹنوں کے گرد کپڑا لپیٹ لے یا دونوں ہاتھوں سے پنڈلیوں کے گرد حلقہ بنا لے، اگر اس کے پاس صرف ایک چادر ہو اور اس طریقے سے بیٹھے تو لازماً ستر کھلا رہ جائے گا۔ اس بنا پر اس طرح بیٹھنا مکروہ ہوگا، اور اگر کشفِ عورت نہ ہو تو مکروہ نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کعبہ مقدسہ کے سامنے بطورِ احتباء تشریف فرما ہوئے ہیں۔ چادر کے ساتھ بھی اور ہاتھوں کے ساتھ بھی، حرم شریف کے اندر اور باہر عربوں کے بیٹھنے کا عام طور پر یہی انداز ہے اور جس کپڑے کے ساتھ احتباء کیا جاتا ہے اسے "حُبْوہ" کہتے ہیں حا پر پیش اور باء ساکن۔ اور اگر ایک ہی چادر ہو لیکن اتنی وسیع ہو کہ احتباء کرنے سے ستر نہ کھلے تو جائز ہے۔

۲۱۲۵ وَعَنْ عُمَرَ وَ اَنَسٍ وَّابْنِ الزُّبَيْرِ وَ اَبِيْ اُمَامَةَ[۱۳] عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَبِسَ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا لَمْ يَلْبَسْهُ فِي الْاٰخِرَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عمر، انس، ابن زبیر اور ابو امامہ[۱] رضی اللہ عنہم سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دنیا میں ریشم پہنا وہ آخرت میں ریشم نہیں پہنے گا۔[۲] (صحیحین)

۱ یہ حدیث چار صحابیوں سے مروی ہے۔ رضی اللہ عنہم

۲ (مرد کے لیے) ریشم کا پہننا حرام ہے، ہاں چار انگشت کے برابر جائز ہے، اسی طرح علاج کے لیے پہننا بھی جائز ہے۔ جیسے کہ عنقریب آئے گا۔

۲۱۲۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ[۱۴] رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا يَلْبَسُ الْحَرِيْرَ فِي الدُّنْيَا مَنْ لَّا خَلَاقَ لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دنیا میں صرف وہی ریشم پہنتا ہے جس کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہیں[۱]ہے۔ (صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لے یعنی جس کے لیے آخرت کی نعمتوں میں سے کوئی حصہ نہیں ہے، یا آخرت کے عقیدے سے کوئی حصہ نہیں ہے یا آخرت میں ریشم پہننے کا کوئی حصہ نہیں ہے، جیسے کہ گزشتہ حدیث میں فرمایا کہ وہ آخرت میں ریشم نہیں پہنے گا۔

۴۱۲۷ وَعَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ نَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَّشْرَبَ فِيْ اٰنِيَةِ الْفِضَّةِ وَ الذَّهَبِ وَ اَنْ نَّاْكُلَ فِيْهَا وَ عَنْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ وَ الدِّيْبَاجِ وَ اَنْ نَّجْلِسَ عَلَيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ہمیں سونے چاندی کے برتن میں کھانے اور پینے، ریشم اور دیبا لے کے پہننے اور اس پر بیٹھنے سے منع فرمایا۔ (صحیحین)

لے ریشم کی ایک خاص اور معروف قسم (موٹا ریشم)

۴۱۲۸ / ۱۶ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ اُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُلَّةٌ سِيَرَاءُ فَبَعَثَ بِهَا اِلَيَّ فَلَبِسْتُهَا فَعَرَفْتُ الْغَضَبَ فِيْ وَجْهِهٖ فَقَالَ اِنِّيْ لَمْ اَبْعَثْ بِهَا اِلَيْكَ لِتَلْبَسَهَا اِنَّمَا بَعَثْتُ بِهَا اِلَيْكَ لِتُشَقِّقَهَا خُمُرًا بَيْنَ النِّسَاءِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دھاری دار ریشمی چادروں کا جوڑا لے بطور ہدیہ پیش کیا گیا، آپ نے مجھے بھجوا دیا جو میں نے پہن لیا، میں نے آپ کے چہرۂ انور میں ناراضگی کے آثار محسوس کیے، آپ نے فرمایا، ہم نے یہ جوڑا تمہیں پہننے کے لیے نہیں بھجوایا تھا بلکہ اس لیے بھجوایا کہ تم اسے پھاڑ کر عورتوں کے دوپٹے بنا دو گے۔ (صحیحین)

لے حلہ تہبند اور اوپر لپیٹنے والی چادر کے جوڑے کو کہتے ہیں، سیرا میں کے نیچے زیر، یا پر زبر، اس کے بعد را، آخر میں الف ممدودہ۔ دھاری دار چادر جس میں ریشم مکس ہوتا ہے۔ بعض شارحین نے کہا کہ خالص ریشم ہوتا ہے تسییر کا معنی لغت میں عورت کا اپنی انگلیوں پر خضاب سے لکیر بنانا ہے۔
لے کیونکہ ظاہر یہ تھا کہ وہ جوڑا پہننے کے لیے بھجوایا گیا تھا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ف۳ شارحین نے فرمایا کہ ناراضگی کا سبب یہ تھا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ نہ سوچا کہ پرہیزگاروں کا لباس نہیں ہے چہ جائیکہ ان جیسی شخصیت پہنے، اگرچہ خالص ریشم نہ ہو بلکہ یکس ہو، اس کے باوجود ایسی شخصیت کے پہننے کے لائق نہ تھا، لہٰذا اسے عورتوں میں تقسیم کر دینا چاہیے تھا۔

ف۴ ایک روایت میں بَیْنَ النِّسَاءِ کی جگہ بَیْنَ الْفَوَاطِم آیا ہے۔ فواطم جمع ہے۔ فاطمہ کی امیر المومنین حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ کے گھر میں کئی فاطمائیں جمع تھیں۔

(۱) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صاحبزادی اور لخت جگر حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔

(۲) فاطمہ بنت اسد بن ہاشم، ابو طالب کی بیوی، حضرت علی، جعفر، اور عقیل رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور طالب کی والدہ رضی اللہ عنہا جن کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ میری ماں کے بعد ماں ہیں۔ ان کے فضائل بہت ہیں۔ (اسلام میں) وہ پہلی ہاشمی خاتون ہیں جنہوں نے ہاشمی مرد کے ہاشمی بچے جنے۔

(۳) فاطمہ بنت سید الشہداء امیر حمزہ بن عبد المطلب۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔

بعض شارحین نے کہا کہ تیسری فاطمہ، ولید بن عتبہ بن ربیعہ کی صاحبزادی ہیں جو مکہ معظمہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ آگئی تھیں، پہلا قول زیادہ صحیح ہے، کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اہل بیت نبوت، سلام اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کو عطا فرمایا زیادہ ظاہر اور زیادہ قریب ہے۔

۴۱۲۹ وَعَنْ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَہٰی عَنْ لُبْسِ الْحَرِیْرِ اِلَّا ھٰکَذَا وَرَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِصْبَعَیْہِ الْوُسْطٰی وَ السَّبَّابَۃَ وَضَمَّھُمَا (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) وَ فِیْ رِوَایَۃٍ لِّمُسْلِمٍ اَنَّہٗ خَطَبَ بِالْجَابِیَۃِ فَقَالَ نَہٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْحَرِیْرِ اِلَّا مَوْضِعَ اِصْبَعَیْنِ اَوْ ثَلٰثٍ اَوْ اَرْبَعٍ۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ریشم کے پہننے سے منع فرمایا؛ مگر اتنا اور انگشت شہادت اور درمیانی انگلی کو ملا کر بلند کیا۔[۱]

(صحیحین)

امام مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ حضرت عمر نے جابیہ[۲] میں خطبہ دیتے ہوئے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ریشم کے پہننے سے منع فرمایا مگر دو یا تین یا چار انگلیوں کی مقدار۔[۳]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱ھ حکذا دا تعہ) کے اشارے کی تعیین اور ریشم پہننے کی جائز مقدار بیان کرنے کے لیے ——— یعنی اگر لباس میں اتنا ریشم ہو تو جائز ہے۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ (مرد کے لیے) دو انگلی کی مقدار ریشم جائز ہے۔ ایک دوسری روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے زیادہ بھی چار انگشت تک جائز ہے۔

۲ھ جابیہ پہلے جیم پھر با، اس کے بعد یاد، ملک شام کا ایک شہر۔

۳ھ ہو سکتا ہے کہ ایک وقت دو انگلی سے زیادہ ریشم کا استعمال جائز نہ ہو، بعد ازاں چار انگشت تک کی اجازت دے دی۔ جمہور علماء کا مذہب یہ ہے کہ چار انگشت سے زیادہ جائز نہیں ہے۔ احناف کا بھی یہی مذہب ہے اتنی مقدار سے مراد یہ ہے کہ ایک جگہ ہو، یہ مطلب نہیں کہ تمام کپڑے سے اگر جمع کریں تو چار انگشت تک پہنچے۔

۳۰۱۴/۱۸ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرٍ اَنَّهَا اَخْرَجَتْ جُبَّةَ طَيَالِسَةٍ كِسْرَوَانِيَّةٍ لَهَا لِبْنَةُ دِيْبَاجٍ وَ فَرْجَيْهَا مَكْفُوْفَيْنِ بِالدِّيْبَاجِ وَ قَالَتْ هٰذِهٖ جُبَّةُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ يَلْبَسُهَا وَ نَحْنُ نَغْسِلُهَا لِلْمَرْضٰى نَسْتَشْفِيْ بِهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت اسماء بنت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالٰی عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک جبہ نکالا جسے طیالسہ کسروانیہ کہتے ہیں۔ اس کے گریبان[۲] پر ریشم لگا ہوا تھا اور اس کے دونوں دامنوں[۳] پر ریشم کی پٹی لگی ہوئی تھی اور کہنے لگیں یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کا جبہ ہے۔ حضرت عائشہ کے پاس تھا، جب ان کا وصال ہو گیا تو میں نے لے لیا[۴]۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے پہنا کرتے تھے۔ ہم اسے بیماروں کے لیے دھوتے ہیں اور ان کے لیے شفا طلب کرتے ہیں[۵]۔ (مسلم)

۱ھ طیالسۃ جمع ہے طیلسان کی جس کا معنیٰ چادر ہے۔ طیلسان لام پر زبر، بعض علماء نے کہا کہ لام پر تینوں حرکتیں پڑھ سکتے ہیں، تالسان سے عربی بنایا ہوا لفظ ہے۔ بعض شارحین نے کہا بلکہ یہ طیلس کی جمع ہے اور یہ طیلسان میں ایک لغت ہے۔ یہ سیاہ اور گول جبہ ہوتا ہے جس کا تانا بانا دونوں اون کے ہوتے ہیں، کسروانیہ کسریٰ کی طرف نسبت ہے جس کے کاف پر زبر اور زیر پڑھ سکتے ہیں۔ کسریٰ خسرو سے عربی بنایا ہوا لفظ ہے، ایران کے بادشاہ کا لقب، اس کی طرف نسبت کرتے ہوئے کسروی کہتے ہیں اور کسروانی الف اور نون کی زیادتی کے ساتھ بھی کہتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ٍ۲ لَبِنَۃ "لام کے نیچے زیر، با ساکن، کپڑے کا وہ ٹکڑا جو قمیص کے گریبان پر لگایا جاتا ہے۔

ٍ۳ راوی کہتے ہیں کہ میں نے اس جبّے کے دو دامن دیکھے ایک اگلا اور دوسرا پچھلا جیسے کہ عادت ہے کہ بعض جبّوں کے اگلے پچھلے ہر دامن میں شگاف ڈال دیتے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ اس کے ہر دامن پر ریشمی پٹی لگی ہوئی تھی، اصل میں مکفوف کا معنیٰ ہے کنارے والی چیز، کُفّۃ کاف پر پیش، کسی بھی چیز کا کنارہ، اگر مستطیل ہو تو اس کے کنارے کو کاف کے پیش کے ساتھ کُفّۃ کہتے ہیں۔ اور اگر گول ہو تو کاف کی زیر کے ساتھ (کِفّۃ) کہتے ہیں۔ جیسے کہتے ہیں ترازو کا کِفّۃ اور اسے تو زبر کے ساتھ بھی پڑھتے ہیں۔ حاصل یہ کہ اس جبے کے گریبان اور دامن پر ریشم کی پٹی لگا کر سلائی کی گئی تھی، یوں معلوم ہوتا ہے کہ ان کے نزدیک مکفوف کا یہی معنیٰ ہے۔ اگرچہ حدیث میں صرف دو دامنوں کے کنارے کا ذکر ہے۔

ٍ۴ ظاہر یہ ہے کہ یہ جبّہ انہیں حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وراثت میں ملا ہوگا کیونکہ دونوں آپس میں بہنیں ہیں، اور ان کے علاوہ حضرت عائشہ کا کوئی وارث نہ تھا حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ کی اولاد کے دوسرے افراد حضرت عائشہ سے پہلے وصال فرما چکے تھے۔ (رضی اللہ عنہم)

ٍ۵ حضرت اسماء رضی اللہ عنہا کے اس جبّہ کو نکالنے اور لوگوں کو دکھانے کا مقصد تحدیث نعمت اور اس جبّہ شریفہ کے ان کے پاس موجود ہونے کی برکت کا اظہار تھا۔ وہ بتانا چاہتی تھیں کہ اس کپڑے کا استعمال (مرد کے لیے بھی) جائز ہے جس کے کنارے پر ریشم سلا ہوا ہو، اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایسا کپڑا پہنا ہے۔

سوال :۔ دوسری فصل میں حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی روایت بحوالہ ابو داؤد آرہی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہم وہ قمیص نہیں پہنتے جس کے کناروں پر ریشم لگا ہوا ہو، حضرت اسماء کی روایت اس حدیث کے منافی ہے۔

اس اشکال کا جواب چند طرح سے دیا گیا ہے

۱۔ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ کی حدیث کا محمل یہ ہے کہ قمیص کے کنارے پر مقدار رخصت چار انگشت سے زیادہ ریشمی کپڑا لگا ہوا ہوگا۔ اور اس حدیث میں اس سے کم ہوگا۔

۲۔ حضرت عمران کی حدیث میں ورع اور تقویٰ کا بیان ہوگا۔ اور حضرت اسماء کی حدیث میں جواز اور اباحت کا بیان ہے۔ بعض شارحین نے کہا کہ قمیص میں رواج یہی ہے کہ جبّہ کی نسبت زیب و زینت زیادہ ہوتی ہے، یہ قول لائق توجہ نہیں ہے کہ ان میں سے ایک حدیث دوسری کے لیے ناسخ ہے، کیونکہ نسخ کا قول کرنے کے لیے تاریخ معلوم ہونی چاہیے جس سے پتا چلے کہ ناسخ، منسوخ سے موخر ہے، محض ظن و تخمین کی بنا پر نسخ کا قول نہیں کیا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جا سکتا، نیز حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی حدیث کے منسوخ ہونے کی کوئی وجہ نہیں ہے۔ کیونکہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے وصال کے بعد جُبّہ نکال کر دکھایا جس سے ان کا مقصد جواز اور اباحت کا بیان کرنا تھا جیسے کہ شارحین نے بیان کیا، اگر جواز منسوخ ہوتا تو یہ استدلال جائز نہ ہوتا۔ ممکن ہے کوئی شخص کہہ دے کہ حضرت اسماء کو نسخ کا علم نہ تھا۔ انہوں نے اپنے خیال کے مطابق جُبّہ مبارکہ دکھا دیا، یہ توجیہ بہت بعید ہے۔ البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ انہوں نے محض تبرک کے اظہار کے لیے جُبّہ مبارکہ دکھایا تھا۔ یہ بیان کرنا مقصود نہ تھا کہ ایسا کپڑا پہننا جائز ہے۔ ہاں حضرت عمران کی حدیث کے منسوخ ہونے کا قول کیا جا سکتا ہے تاہم تاریخ معلوم ہونی چاہیے، اشکال کا جواب دینے کے لیے بطور احتمال کہا جا سکتا ہے کہ ہو سکتا ہے دونوں میں سے ایک حدیث منسوخ ہو۔

۴۱۳۱/۱۹ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلزُّبَيْرِ وَعَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ عَوْفٍ فِيْ لُبْسِ الْحَرِيْرِ لِحِكَّةٍ بِهِمَا. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ اِنَّهُمَا شَكَوَا الْقَمْلَ فَرَخَّصَ لَهُمَا فِيْ قُمُصِ الْحَرِيْرِ.

حضرت انس رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت زبیر اور عبدالرحمان بن عوف[۱] کو ریشم پہننے کی اجازت دی کیونکہ وہ کھجلی[۲] میں مبتلا تھے (صحیحین)

امام مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ دونوں حضرات نے جوں[۳] کی شکایت کی تو آپ نے انہیں ریشمی قمیص پہننے کی اجازت دی۔

۱ دونوں حضرات عشرہ مبشرہ میں سے ہیں۔

۲ یہ خارش جوں کی زیادتی کی بنا پر تھی جیسے کہ مسلم شریف کی روایت سے معلوم ہوتا ہے۔

۳ قمل قاف پر زبر اور میم ساکن، جوں، اس کی جمع قُمَّل ہے۔ قاف پر پیش، زبر بھی پڑھ سکتے ہیں، میم مشدد مضموم۔ یہ شکایت ان دونوں حضرات نے ایک غزوہ میں کی تھی ———— خیال رہے کہ خارش کا سبب چبھنے والے تیز بخارات ہیں، خشک خارش کا سبب جلے ہوئے صفراء کا خون میں مخلوط ہو جانا ہے اور تر خارش کا سبب بلغم شور (نمکین) کا خون میں مل جانا ہے۔ اکثر طور پر یہ نمکین میٹھی چیزوں اور گرم سبزیوں کے کھانے سے پیدا ہوتی ہے۔ اس کا علاج طب کی کتابوں میں مذکور ہے۔ بعض اوقات جوؤں کی کثرت کی بنا پر بھی ہو جاتی ہے۔ شارحین کہتے ہیں کہ ان دونوں صحابیوں کو جوؤں کی زیادتی کی وجہ سے خارش تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس خارش کا علاج ریشمی کپڑے کے پہننے سے کیا۔ یہ بھی کہتے ہیں کہ ریشم کے خواص میں سے دل کو تقویت اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فرحت دیتا ہے۔ نیز سوداء اور اس سے پیدا ہونے والی بیماریوں کو دفع کرتا ہے اور یہ گرم تر ہے۔ بعض اطباء کے مطابق معتدل ہے۔ اس میں خشکی اور کھردراپن بالکل نہیں ہوتا اس لیے خارش وغیرہ امراض کے لیے مفید ہوتا ہے، چونکہ ملائم ہوتا ہے اس لیے اس میں جوں نہیں ٹھہر سکتی، موجز میں ہے کہ ریشم گرم اور فرحت بخش ہے، اور اس کا پہننا جوں کو رد کرتا ہے، اس کی شرح میں ہے کہ ابن سینا اسے امراض قلب کی دواؤں میں لائے ہیں، یہ بھی کہا کہ ریشم درجۂ اول میں گرم خشک ہے، چونکہ گرم ہے اس لیے اس کی خاصیت لطیف بنانا ہے۔ اور چونکہ خشک ہے اس لیے اس کی خاصیت خشک کرنا ہے۔ صاحب تقویم نے کہا کہ گرم تر ہے، اور گمان یہ ہے کہ رطوبت اور یبوست کے اعتبار سے معتدل ہے، چونکہ یہ جوہر روح کے ساتھ مکمل مناسبت رکھتا ہے۔ اس لیے قوی مفرحات میں سے ہے، جسم کو موٹا کرتا ہے، اس لیے نہیں کہ جسم اس سے غذا حاصل کرتا ہے بلکہ اس لیے کہ روح طبعی کو غذا میں تصرف کرنے میں قوی کرتا ہے۔ (موجز کی) ایک دوسری شرح میں ہے کہ ریشم کے پہننے سے جوئوں کے پیدا ہونے والے انڈے بیکار ہو جائیں گے اور ان سے بچے پیدا نہیں ہوں گے۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ ریشم کا پہننا (مرد کے لیے) حرام ہے۔ ہاں اگر کوئی حاجت یا مصلحت مثلاً خارش، جوں یا سردی اور گرمی ہو تو اس کا پہننا جائز ہے۔ یہ امام شافعی کا مذہب ہے۔ امام مالک کے نزدیک بالکل جائز نہیں ہے۔ ہدایہ میں ہے کہ صاحبین کے نزدیک جنگ میں ریشم اور دیبا کا پہننا جائز ہے کوئی حرج نہیں ہے، کیونکہ وہ ہتھیار کی سختی کو دور کرنے والا اور دشمن کی نظر میں ہیبت قائم کرنے والا ہے۔ اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک مکروہ ہے، کیونکہ نہی مطلق وارد ہوئی ہے اور حاجت مکس کپڑے سے دور ہو جاتی ہے۔ (مثلاً تانا ریشم ہو اور بانا سوتی ہو) صاحبین کہتے ہیں کہ خالص ریشم زیادہ دفع کرنے والا ہے۔

۴۲۳۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ ثَوْبَيْنِ مُعَصْفَرَيْنِ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ مِنْ ثِيَابِ الْكُفَّارِ فَلَا تَلْبَسْهُمَا وَفِيْ رِوَايَةٍ قُلْتُ اَغْسِلُهُمَا قَالَ بَلْ اَحْرِقْهُمَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے مجھ پر معصفر سے رنگے ہوئے دو (سرخ) کپڑے دیکھے تو فرمایا: یہ کپڑے، کافروں کے کپڑوں کی جنس سے ہیں۔ تم انہیں نہ پہنو۔ اور ایک روایت میں ہے کہ میں نے عرض کیا کہ کیا انہیں دھو ڈالوں؟ فرمایا بلکہ انہیں جلا دو۔ (مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱؎ اور ان کا پہنا کافروں کے لائق ہے۔

۲؎ حضرت عبداللہ بن عمرو نے عرض کیا کہ کیا ان کپڑوں کو دھو کر ان کا رنگ اتار دوں؟

۳؎ شارحین نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے جو ان کپڑوں کو جلا دینے کا حکم دیا تو اس سے مراد شدید تاکید تھی کہ ان کپڑوں کو جیسے بھی ہو سکے بیع یا ہبہ کے ذریعے اپنی ملکیت سے نکال دو، اور اپنے آپ سے جدا کر دو، دھونے کا حکم اس لیے نہیں دیا کہ عصفر سے رنگا ہوا کپڑا اگرچہ مردوں کے لیے حرام اور مکروہ ہے لیکن عورتوں کے لیے مکروہ نہیں ہے۔ لہٰذا کپڑوں کو دھو کر ان کا رنگ اتارنے میں مال کا ضائع کرنا ہے، اس لیے عورتوں کو دے دو، یا بیچ دو یا کسی کو ہبہ کر دو۔ تاکہ دوسری عورتیں ان سے نفع حاصل کریں، ایک روایت میں آیا ہے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو نے ظاہر امر کے پیش نظر جا کر ان کپڑوں کو جلا دیا۔ دوسرے دن دربار رسالت میں حاضر ہوئے اور حقیقت حال بیان کی تو سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے وہ کپڑے اپنے گھر والوں کو کیوں نہ پہنا دیے؟ کیونکہ یہ کپڑے عورتوں کو پہنانا جائز ہے، اس روایت کے قرینہ کی بنا پر جلانے کو خلاف ظاہر پر محمول کیا ہے۔ بعض شارحین نے کہا کہ جلانے کے حکم سے مراد بطور مبالغہ یہ ہے کہ اس رنگ کے آثار کو ختم کر دیا جائے، یہ مطلب روایت و درایت دونوں کے خلاف ہے۔

تنبیہ:۔ عصفر کے رنگے ہوئے (سرخ) کپڑوں کے بارے میں علماء کا اختلاف ہے، بعض انہیں مطلقاً حرام کہتے ہیں بعض مباح کہتے ہیں۔ اور بعض کہتے ہیں کہ اگر کپڑا بننے کے بعد رنگ دیا گیا ہو تو حرام ہے۔ اور اگر کپڑا بننے سے پہلے رنگ دیا گیا ہو تو جائز ہے، بعض علماء نے کہا کہ اگر اس رنگ کی بو زائل ہو گئی ہو تو جائز ہے۔ ورنہ حرام ہے، بعض علماء کہتے ہیں کہ محافل اور مجالس میں اس کا پہننا مکروہ ہے اور اگر گھر میں پہنے تو جائز ہے، مذہب حنفی میں مختار یہ ہے کہ مکروہ تحریمی ہے، اسے پہن کر نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ عصفر کے علاوہ اگر کسی چیز سے کپڑے کو سرخ رنگ دیا گیا ہو تو اس میں بھی اختلاف ہے۔ شیخ قاسم حنفی جو مصر کے اکابر علمائے متاخرین میں سے اور علامہ قسطلانی کے استاذ ہیں، انہوں نے تحقیق کی کہ حرمت رنگ کی بنا پر ہے، رنگنے کی بنا پر نہیں، لہٰذا ہر سرخ رنگ کا کپڑا (مرد کے لیے) مکروہ اور حرام ہوگا۔

وَسَنَذْكُرُ حَدِيثَ عَائِشَةَ خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ غَدَاةٍ فِي مَنَاقِبِ أَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

ہم حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی وہ حدیث مناقب اہل بیت میں ذکر کریں گے جس کی ابتدا میں ہے کہ ایک صبح نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نکلے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ مشکوٰۃ شریف کے بعض نسخوں میں اس حدیث کی ابتداء میں ہے کہ سرکار دوعالم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم اس حال میں کاشانۂ مبارک سے باہر آئے کہ آپ نے سیاہ بالوں کی منقش چادر (کمبل) اوڑھی ہوئی تھی رمصابیح میں بھی اتنی ہی مقدار ہے، علامہ طیبی نے اسی کی شرح کی ہے، ہم نے بھی ان کی پیروی کی ہے، لیکن اس حدیث کے آخر میں حضرت فاطمہ اور حسنین کریمین کے مناقب کا ذکر ہے، یہ حدیث مع منیمے کے مناقب اہل بیت میں بیان کی جائے گی۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ — دوسری فصل

۴۱۳۳/۲۱ عَنْ اُمِّ سَلَمَۃَ قَالَتْ كَانَ اَحَبُّ الثِّیَابِ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْقَمِیْصَ۔
رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالے عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کے نزدیک پسندیدہ ترین کپڑا قمیص تھی لہ
(ترمذی، ابوداؤد)

لہ کیونکہ اس میں زیب وزینت بھی زیادہ ہے اور وقار بھی، چونکہ قمیص نبی اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کو بہت پسند تھی اس لیے اس میں کئی حکمتیں، اسرار اور انوار ہوں گے جو دوسرے کپڑوں میں نہیں ہوں گے، جیسے کہ دوسرے مستحبات کا بھی یہی حکم ہے۔

۴۱۳۴/۲۲ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ یَزِیْدَ قَالَتْ كَانَ كُمُّ قَمِیْصِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَی الرُّسْغِ۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)
وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالے عنہا لہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالے علیہ وسلم کی قمیص مبارک کی آستیں ہاتھ کے جوڑ تک تھیں لہ
(ترمذی، ابوداؤد)
امام ترمذی نے فرمایا: یہ حدیث حسن غریب ہے۔

لہ حضرت اسماء بنت یزید انصاریہ صحابیہ ہیں، بڑی عقل مند اور دین میں بلند مرتبہ رکھتی تھیں، تبوک میں حاضر ہوئیں اور خیمے کی لکڑی کے ساتھ نو کافروں کو قتل کیا۔

لہ بعض روایتوں میں انگلیوں کے سرے تک بھی آیا ہے، اگر آستین اس سے زیادہ لمبی ہوتی تو اسے کاٹ دیتے قاموس میں رسغ سین کے ساتھ ہے، اکثر اصول میں اسی طرح واقع ہے، بعض کتابوں میں صاد کے ساتھ (رصغ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بھی لکھا ہوا ہے، سین کو صاد سے تبدیل کرنا ثابت شدہ امر ہے۔

۴۱۲۵/۲۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَبِسَ قَمِيْصًا بَدَاَ بِمَيَامِنِهٖ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب قمیص زیب تن فرماتے تو اس کی دائیں جانب سے ابتدا کرتے۔

(ترمذی)

لہ میامن جمع ہے "میمنۃ" کی۔ اس کا معنیٰ ہے دائیں جانب، جمع کا لفظ اس لیے لایا گیا کہ قمیص کی دائیں جانب شامل ہے۔ آستین اور اس سے پہلے حصے کو۔

۴۱۲۶/۲۴ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِزْرَةُ الْمُؤْمِنِ اِلٰى اَنْصَافِ سَاقَيْهِ لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ فِيْمَا بَيْنَهٗ وَ بَيْنَ الْكَعْبَيْنِ وَ مَا اَسْفَلَ مِنْ ذٰلِكَ فَفِي النَّارِ قَالَ ذٰلِكَ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ وَلَا يَنْظُرُ اللهُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اِلٰى مَنْ جَرَّ اِزَارَهٗ بَطَرًا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ مومن کے تہبند باندھنے کا پسندیدہ طریقہ[۱] یہ ہے کہ پنڈلیوں کے نصف[۲] تک ہو، وہاں سے پنڈلیوں تک ہو تو حرج نہیں ہے اور جو اس سے نیچے ہو وہ جہنم کی آگ میں[۳] ہے، تین بار یہ ارشاد[۴] فرمایا اور اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس شخص کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا جو تہبند کو بطور تکبر گھسیٹے۔

(ابوداؤد، ابن ماجہ)

لہ اِزْرَۃ ہمزے کے نیچے زیر، زا ساکن، یعنی تہبند پہننے کا طریقہ اور اصل طریقہ۔

لہ انصاف جمع کا صیغہ لانے میں اشارہ ہے کہ ضروری نہیں کہ نصف حقیقی تک ہی ہو وہ جگہیں جو اس کے قریب ہوں ان کا بھی یہی حکم ہے، جیسے کہتے ہیں کتاب کے ابتدائی یا آخری حصے، اور مراد وہ متعدد حصے ہوتے ہیں جو کتاب کی ابتدا میں ہوں یا آخر میں۔ توسیع کی اجازت دیتے ہوئے فرمایا کہ پنڈلی کے نصف سے ٹخنے تک تہبند کے پہننے میں حرج نہیں ہے۔

لہ گزشتہ عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ تہبند نصف پنڈلی سے ٹخنے کے درمیان ہونا چاہیے، پھر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مزید توبیخ فرمائی کہ ٹخنے سے نیچے نہیں لٹکنا چاہیے۔

؎ ظاہر یہ ہے کہ ذٰلِکَ کا اشارہ اس ارشاد کی طرف ہے کہ جو ٹخنے سے نیچے ہو وہ آگ میں ہے، اس کے بعد تہدید اور توبیخ کے طور پر فرمایا، وَلَا یَنْظُرُ اللّٰہُ (الحدیث) اس حدیث کی شرح اس سے پہلے گزر چکا ہے۔

۴۱۳۷/۲۵ وَعَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِیْہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِسْبَالُ فِی الْاِزَارِ وَالْقَمِیْصِ وَالْعِمَامَۃِ مَنْ جَرَّ مِنْھَا شَیْئًا خُیَلَاءَ لَمْ یَنْظُرِ اللّٰہُ اِلَیْہِ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ (رَوَاہُ النَّسَائِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت سالم؎ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نیچے چھوڑنا، قمیص اور عمامہ میں؎ ہے، جو شخص ان میں سے کسی چیز کو تکبر کے طور پر نیچے لٹکائے گا اللہ تعالےٰ اس کی طرف قیامت کے دن نظر رحمت نہیں فرمائے گا؎

(نسائی۔ ابوداؤد، ابن ماجہ)

؎ حضرت سالم افاضل تابعین میں سے ہیں۔ اپنے نام کی طرح دین اور سنت پر قائم رہنے میں سالم تھے۔ ظالم حجاج کو اس سے مرعوب ہوئے بغیر حق بات کہہ دیتے تھے اپنے والد حضرت عبداللہ بن عمر بن خطاب سے روایت کرتے ہیں۔

؎ یعنی کپڑے کا لٹکانا جو حرام اور مکروہ ہے وہ صرف تہبند میں نہیں ہے جیسے کہ مشہور ہے بلکہ قمیص اور عمامہ میں بھی ہوتا ہے، تہبند میں تو بیان ہو چکا ہے، قمیص میں یہ ہے کہ آستین اور دامن حاجت کی مقدار سے زیادہ دراز ہو۔ عمامہ میں یہ ہے کہ شملہ تعداد میں زیادہ ہو اور مقدار میں زیادہ طویل ہو، جیسے کہ پہلی فصل حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث میں گزرا۔

؎ اس حدیث کے بارے میں بھی گفتگو فصل اول میں گزر چکی ہے۔

۴۱۳۸/۲۶ وَعَنْ اَبِیْ کَبْشَۃَ قَالَ کَانَ کِمَامُ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بُطْحًا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا

حضرت ابوکبشہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے صحابہ کرام کی ٹوپیاں سر سے چپکی ہوئی ہوتی تھیں۔

(ترمذی) امام ترمذی نے فرمایا: یہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حَدِیْثٌ مُّنْکَرٌ) حدیث منکر ہے۔

لہ اور پر کو اٹھی ہوئی نہ ہوتی تھیں ـــــــــ یاد رہے کہ اکثر شارحین نے کُمّام کاف کے نیچے زیر، کو کُمَّۃٌ" کاف پر پیش، کی جمع قرار دیا ہے، جیسے قُبَابٌ جمع ہے قُبَّۃٌ کی کُمَّۃٌ پہلے حرف پر پیش، گول ٹوپی کو کہتے ہیں۔ اسی طرح قاموس میں ہے، بُطح با پر پیش، طا ساکن، ابطح کی جمع ہے جس کا معنی پلین اور رنگین زمین ہے، جسے بطحاء بھی کہتے ہیں۔ یعنی صحابہ کرام کی ٹوپیاں گول، فراخ اور سر کے ساتھ چپکی ہوئی ہوتی تھیں لمبی اور اوپر کو اٹھی ہوئی نہ ہوتی تھیں۔ بعض شارحین نے کہا کہ کُمّ بمعنی آستین کی جمع ہے، جیسے قِفَافٌ پہلے حرف کے نیچے زیر، جمع ہے قُفٌّ کی پہلے حرف پر پیش، قُفٌّ بلند زمین قِفَافٌ پہلے حرف کے نیچے زیر، اس کی جمع، یعنی ان کی آستین وسیع و عریض ہوتی تھیں۔ بطحاء وسیع اور کشادہ زمین کو بھی کہتے ہیں۔ یہ معنی بھی صحیح ہے۔ البتہ اس جماعت نے اس معنی کے مراد لینے پر جو دلیل دی ہے کہ صحابہ کرام ٹوپیاں کم ہی پہنتے تھے، وہ مکمل نہیں ہے۔ کیونکہ جب ٹوپی کا پہننا اور اس کی فضیلت صحابہ کرام سے مروی ہے جیسے کہ حدیث میں آئے گا کہ ٹوپی پر عمامہ باندھنا ہمارے اور مشرکوں کے درمیان حد فاصل ہے تو ٹوپی کی بلندی اور پستی کا حال بیان کرنا چاہیے۔

۴۱۳۹/۲۷ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ ذَكَرَ الْإِزَارَ فَالْمَرْأَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ تُرْخِيْ شِبْرًا فَقَالَتْ إِذًا تَنْكَشِفُ عَنْهَا قَالَ فَذِرَاعًا لَا تَزِيْدُ عَلَيْهِ. رَوَاهُ مَالِكٌ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَفِيْ رِوَايَةِ التِّرْمِذِيِّ وَالنَّسَائِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَتْ إِذًا تَنْكَشِفُ أَقْدَامُهُنَّ قَالَ فَيُرْخِيْنَ ذِرَاعًا لَا يَزِدْنَ عَلَيْهِ.

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تہبند کا حکم بیان فرمایا[1] تو انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! عورت کیا کرے؟ فرمایا، ایک بالشت لٹکائے[2]۔ انہوں نے کہا تب تو برہنگی کا احتمال رہے گا[3]۔ فرمایا: پھر ایک ہاتھ زیادہ کرے[4]، اس سے زیادہ نہ ہو[5] (امام مالک ابو داؤد، نسائی، ابن ماجہ) امام ترمذی اور نسائی کی ایک روایت میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ تب تو ان کے پاؤں ننگے ہوں گے[6]۔ فرمایا، پھر ایک ہاتھ لٹکا لیں۔ اس سے زیادہ نہ کریں۔

لہ کہ لمبا نہیں ہونا چاہیے۔

ےلہ یعنی اگر عورت تہبند لمبا نہ رکھے تو انکشاف عورت لازم آئے گا۔

سلہ یعنی مرد کے تہبند سے ایک بالشت لمبا رکھے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴ یعنی مرد کی نسبت اس کا تہبند لمبا بھی ہو تو برہنگی کا احتمال رہے گا۔ مثلاً پنڈلی کی لمبائی کی بنا پر۔

۵ اگر ایک بالشت کی لمبائی اس کے لیے کافی نہ ہو تو تہبند ایک ہاتھ لمبا کرے۔

۶ مثلاً اگر مرد کا تہبند نصف پنڈلی تک ہو تو جب ایک ہاتھ کپڑے کا اضافہ کیا تو لازماً پردے کا فائدہ دے گا اس سے زیادہ لمبا رکھنا اسبال دبے فائدہ لٹکانے) کے زمرے میں آئے گا۔ اور اگر مرد کے تہبند کو آدھی پنڈلی سے نیچے تصور کریں تو عورت کے لیے ایک بالشت کا اضافہ کافی ہوگا۔ ایک ہاتھ کا اضافہ تو بہت ہی کافی ہوگا۔ لہٰذا اس سے زیادہ حرام ہوگا۔

۷ ائمہ کی اس جماعت نے اس حدیث کو حضرت ام سلمہ سے روایت کیا ہے۔

۸ یعنی جب نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ عورت کی چادر مرد کی چادر سے ایک بالشت زیادہ ہو تو حضرت ام سلمہ نے عرض کیا کہ تب بھی عورتوں کے پاؤں ننگے ہوں گے۔ جب کہ سابقہ روایت میں تھا کہ تب تو چادر ہٹ جائے گی۔ اور عورت کی برہنگی کا باعث بنے گی۔

۴۱۴۰ / ۲۸ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ أَبِيْهِ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ رَهْطٍ مِّنْ مُّزَيْنَةَ فَبَايَعُوْهُ فَإِنَّهُ لَمُطْلَقُ الْأَزْرَارِ فَأَدْخَلْتُ يَدِيْ فِيْ جَيْبِ قَمِيْصِهٖ فَمَسِسْتُ الْخَاتَمَ۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

معاویہ بن قرہ[۱] اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں مزینہ کی ایک جماعت کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ میرے ساتھیوں نے آپ کی بیعت کی۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے بٹن کھلے ہوئے تھے۔ میں نے اپنا ہاتھ آپ کی قمیص کے گریبان میں داخل کر دیا اور مہر نبوت کو چھوا۔[۲] (ابو داؤد)

۱ معاویہ بن قرہ مزنی تابعی اور عالم تھے، جنگ جمل کے دن پیدا ہوئے، اپنے والد حضرت قرہ بن ایاس رضی اللہ تعالےٰ عنہ صحابی سے روایت کرتے ہیں جن کی کنیت ابو معاویہ ہے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اور ان سے اُن کے صاحبزادے نے روایت کی۔

۲ جو آپ کے دونوں کندھوں کے درمیان تھی ——— خیال رہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی قمیص کا گریبان سینۂ مبارک پر تھا جیسے کہ بہت سی حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے، محدثین نے اس کی کافی تحقیق کی ہے یمن کی ابتدا سے لے کر آخر مغرب تک عرب کے تمام علاقوں میں اسلاف و اخلاف میں یہی معروف ہے۔ علامہ جلال الدین سیوطی نے کہا کہ بعض ایسے لوگ جو سنت کا علم نہیں رکھتے ان کا گمان ہے کہ قمیص کا گریبان سینے پر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رکھنا بدعت ہے (۱ھ) اور جب بعض عجمی علاقوں میں عورتوں نے سینے پر گریبان رکھنے کی عادت اپنالی تو بعض فقہاء نے عورتوں کی مشابہت کی بنا پر اسے مکروہ قرار دیا۔ لیکن بات وہ نہیں جو انہوں نے گمان کی۔ اس میں شک نہیں کہ یہ عادت زیبا ہے، اور اعتبار اصل کا ہے، عجمی مردوں میں جو معروف طریقہ ہے وہ عربوں کی عورتوں کی عادت ہے۔

مختصر یہ کہ تحقیق یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کی قمیص کا گریبان سینے پر تھا۔ تاہم اس حدیث کا اس امر پر دلالت کرنا جیسے کہ علامہ سید طیبی نے کہا ہے غیر ظاہر ہے، شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ اگر بعض فقہاء کے قول کے مطابق بٹن کندھوں پر ہوں اور کھلے ہوئے بھی ہوں تو مہر نبوت کو چھونے کے لیے ہاتھ داخل کرنے کی حاجت نہیں ہوگی، بلکہ ظاہر یہ ہے کہ اس صورت میں مہر نبوت دکھائی دے رہی ہوگی اور ظاہر ہوگی اور اسے چھونا، ہاتھ داخل کیے بغیر آسان ہوگا۔

۴۱۴۱ / ۲۹ وَعَنْ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِلْبَسُوا الثِّيَابَ الْبِيْضَ فَاِنَّهَا اَطْهَرُ وَ اَطْيَبُ وَ كَفِّنُوْا فِيْهَا مَوْتَاكُمْ. (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت سمرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا، سفید کپڑے پہنو کیونکہ وہ بہت پاکیزہ بہت صاف اور بہت اچھے ہیں۔ اور ان میں اپنے مردوں کو کفن پہناؤ۔

(امام احمد۔ ترمذی۔ نسائی ابن ماجہ)

لہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالٰی عنہ مشہور صحابی ہیں۔ حضرت حسن بصری وغیرہ ان سے روایت کرتے ہیں۔

سہ زیادہ پاکیزہ اس لیے کہ وہ جلد میلے ہو جاتے ہیں اس لیے زیادہ دھوئے جاتے ہیں۔ برخلاف رنگ دار کپڑوں کے کہ وہ میل خورے ہوتے ہیں۔ اس لیے دیر کے بعد دھوئے جاتے ہیں۔ اور بہت صاف اس لیے کہ وہ رنگوں کی آمیزش سے پاک ہوتے ہیں، اور اچھے اس لیے کہ طبیعت سلیمہ ان کی طرف میلان رکھتی ہے۔

۴۱۴۲ / ۳۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اعْتَمَّ سَدَلَ عِمَامَتَهٗ بَيْنَ كَتِفَيْهِ.

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم جب عمامہ باندھتے تو اس کا کنارا کندھوں کے درمیان لٹکا لیتے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ) (ترمذی) انہوں نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

سلہ جسے عربی میں عذبہ (فارسی اور اردو میں شملہ) کہتے ہیں۔

۴۱۴۳ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ قَالَ عَمَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَدَلَهَا بَيْنَ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ. (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے میرے سر پر پگڑی باندھی تو اس کا کنارہ میرے آگے اور پیچھے لٹکایا[1] (ابوداؤد)

سلہ یعنی ایک کونہ آگے اور دوسرا پیچھے لٹکایا۔

یاد رہے کہ عمامہ باندھنا سنت ہے، اور بہت سی حدیثیں اس کی فضیلت میں وارد ہیں، حدیث میں آیا ہے کہ عمامہ کے ساتھ دو رکعتیں پڑھنا، عمامہ کے بغیر ستر رکعت پڑھنے سے بہتر ہے۔ یہ بھی پیش نظر رہے کہ شملہ کا چھوڑنا افضل ہے، لیکن دائمی نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کبھی شملہ چھوڑتے اور کبھی شملہ کے بغیر پگڑی باندھتے تھے، بعض اوقات گردن کے پیچھے چھوڑ دیتے اور کبھی ایک کنارہ پگڑی میں اڑس لیتے اور دوسرا کنارہ لٹکا دیتے اس سلسلے میں ہر قسم کی حدیثیں وارد ہوئی ہیں۔ اسی طرح شارحین نے بیان کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا شملہ عموماً پشت کے پیچھے ہوتا تھا اور کبھی دائیں جانب، کبھی دو شملے ہوتے دونوں کندھوں کے درمیان، بائیں جانب شملے کا لٹکانا بدعت ہے، اسی طرح کہا گیا ہے، شملے کی کم از کم مقدار چار انگشت ہے اور عموماً ایک ہاتھ، نصف پشت سے زیادہ لمبا رکھنا بدعت ہے اور ممنوع اسبال اور اسراف میں داخل ہے۔ اور اگر فخر اور تکبر کے طور پر ہو تو حرام ہے، ورنہ مکروہ اور مخالف سنت، شارحین نے کہا ہے کہ صرف نماز کے وقت شملے کا لٹکانا بھی سنت کے موافق نہیں ہے۔ صحیح یہ ہے کہ شملے کا چھوڑنا مستحب اور سنت غیر مؤکدہ ہے۔ اس کے ترک کرنے میں گناہ اور برائی نہیں ہے، اگرچہ اس کے رکھنے میں ثواب اور فضیلت ہے، اسے سنت مؤکدہ کہنا خلاف تحقیق ہے۔ کنز میں ہے کہ سیاہ عمامہ پہننا اور شملے کا کندھوں کے درمیان لٹکانا مستحب ہے۔ اسی طرح احناف کی دوسری کتابوں میں ہے۔

۴۱۴۴ وَعَنْ رُكَانَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ

حضرت رُکانہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا،

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَرْقُ مَا بَيْنَنَا وَبَيْنَ الْمُشْرِكِيْنَ الْعَمَائِمُ عَلَى الْقَلَانِسِ.
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَ اِسْنَادُهٗ لَيْسَ بِالْقَائِمِ)

ہمارے اور مشرکین کے درمیان فرق، ٹوپیوں پر باندھے ہوئے عمامے ہیں ۔ (ترمذی) انہوں نے فرمایا کہ یہ حدیث غریب ہے۔ اور اس کی سند قوی نہیں ہے۔

لے حضرت رکانہ را پر پیش اور کاف مخفف، قرشی مطلبی صحابی ہیں۔ فتح مکہ کے موقع پر اسلام لائے۔ عرب کے مضبوط اور بہادر افراد میں سے تھے۔ ان کی حدیث اہل حجاز میں پائی جاتی ہے۔

لے اس عبارت کے دو مطلب ہو سکتے ہیں۔

۱۔ ہم ٹوپیوں پر دستار باندھتے ہیں اور مشرکین پگڑی کے بغیر صرف ٹوپی پہنتے ہیں۔

۲۔ ہم ٹوپی پر پگڑی باندھتے ہیں۔ اور وہ ٹوپی کے بغیر پگڑی باندھتے ہیں۔ شارحین نے کہا ہے کہ دوسرا معنی مراد ہے کیونکہ یقینی طور پر معلوم ہے کہ مشرکین پگڑی باندھتے تھے۔ صرف ٹوپی کا پہننا واقع نہیں ہے۔

سے مطلقاً پگڑی کی فضیلت میں بہت حدیثیں واقع ہوئی ہیں۔

۴۲۳۵ وَعَنْ اَبِيْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُحِلَّ الذَّهَبُ وَ الْحَرِيْرُ لِلْاِنَاثِ مِنْ اُمَّتِيْ وَ حُرِّمَ عَلٰى ذُكُوْرِهَا.
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ صَحِيْحٌ)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: سونا اور ریشم ہماری امت کی عورتوں کے لیے حلال ہے۔ اور مردوں پر حرام ہے۔

(ترمذی ، نسائی)
امام ترمذی نے فرمایا۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے۔

۴۲۳۶ وَعَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَجَدَّ ثَوْبًا سَمَّاهُ بِاسْمِهٖ عِمَامَةً اَوْ قَمِيْصًا اَوْ رِدَاءً ثُمَّ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا كَسَوْتَنِيْهِ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نیا کپڑا پہنتے تو اس کپڑے کی جنس کا نام لیتے، خواہ وہ عمامہ ہو، قمیص ہو یا چادر ہو۔ پھر فرماتے اے اللہ! تیرا شکر ہے جس طرح تو نے مجھے یہ کپڑا پہنایا ہے۔ میں تجھ سے اس کی بھلائی کا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أَسْأَلُكَ خَيْرَهُ وَ خَيْرَ مَا صُنِعَ لَهُ وَ أَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَ شَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُو دَاوُد)

سوال کرتا ہوں[۳] اور اس چیز[۴] کی بھلائی مانگتا ہوں جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے۔ اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس کے شر سے اور اس چیز کے شر سے جس کیلئے یہ بنایا گیا ہے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

[۱] یعنی فرماتے کہ یہ پگڑی ہے، قمیص ہے یا چادر ہے۔
[۲] کہ تو نے مجھے یہ کپڑا مثلاً عمامہ یا قمیص پہنائی۔
[۳] کہ خیریت کے ساتھ بدن پر رہے اور اسے کوئی شر یا آفت نہ پہنچے۔
[۴] یعنی اس کا استعمال، امور خیر اور نیکیوں میں ہو۔

۴۲۷۴/۳۵ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ أَنَسٍ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ أَكَلَ طَعَامًا ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي أَطْعَمَنِي هٰذَا الطَّعَامَ وَ رَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَ لَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ.

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت معاذ بن انس[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے کھانا کھایا پھر کہا[۲]، تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا۔ اور میری طاقت و قوت[۳] کے بغیر عطا کیا۔ اس کے گزشتہ گناہ[۴] معاف کر دیئے گئے۔

(ترمذی[۵])

وَ زَادَ أَبُو دَاوُدَ وَ مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي كَسَانِي هٰذَا وَ رَزَقَنِيهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِنِّي وَ لَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَ مَا تَأَخَّرَ.

امام ابوداؤد نے[۶] یہ اضافہ کیا کہ جس نے کپڑا[۷] پہنا۔ اور کہا تمام تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لیے جس نے مجھے یہ کپڑا پہنایا۔ اور میری طاقت و قوت کے بغیر مجھے عطا کیا تو اس کے اگلے پچھلے[۸] گناہ معاف کر دیئے گئے۔

[۱] حضرت معاذ بن انس انصاری صحابی ہیں، اہل بصرہ میں شمار کیے جاتے ہیں، ان کی حدیث اہل بصرہ میں پائی جاتی ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۲ اور ان الفاظ میں، اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کیا۔

۵۳ حول کا معنی حرکت ہے یا حیلہ، قاموس میں اس کا معنی تصرف کی قدرت بھی بیان کیا۔ یہ تمام معنی قریب قریب ہیں۔ اور لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه کی شرح میں بیان کیے گئے ہیں۔

۵۴ یعنی صغیرہ گناہ۔

۵۵ کھانے کے شکر کی فضیلت میں۔

۵۶ لباس کے شکر کی فضیلت میں اضافہ کیا۔ اسی زیادتی کی بنا پر یہ حدیث اس باب میں لائی گئی ہے۔

۵۷ نیا کپڑا پہنا یا عام کپڑا مراد ہے نیا ہو یا پرانا۔

۵۸ لباس کے شکر کی فضیلت میں گزشتہ اور آئندہ دونوں گناہوں کا ذکر ہے کھانے کے شکر کے بارے میں پچھلے گناہوں کا ذکر نہیں ہے۔ مصابیح کے بعض نسخوں میں بعد والے جملے کے قرینے اور اس پر قیاس کرتے ہوئے کھانے کے سلسلے میں بھی پچھلے گناہوں کا ذکر کیا گیا ہے۔ اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا۔ مشکوٰۃ شریف کے بعض نسخوں میں بھی پچھلے گناہوں کا ذکر ہے۔ اور بعض نسخوں میں لکھ کر اوپر لکیر پھیر دی گئی ہے۔ علامہ سیوطی نے اگلے اور پچھلے گناہوں کی مغفرت کے بارے میں ایک رسالہ تحریر کیا ہے۔ اس میں یہ حدیث بھی لائے ہیں۔ طعام اور لباس دونوں کے شکر کے بارے میں اگلے پچھلے گناہوں کا ذکر ہے، صاحب سفر السعادۃ کسی جگہ بھی پچھلے گناہوں کا ذکر نہیں لائے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۱۴۸/۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا عَائِشَةُ اِنْ اَرَدْتِّ اللُّحُوْقَ بِیْ فَلْیَکْفِكِ مِنَ الدُّنْیَا کَزَادِ الرَّاکِبِ وَ اِیَّاكِ وَمُجَالَسَةَ الْاَغْنِیَاءِ وَ لَا تَسْتَخْلِقِیْ ثَوْبًا حَتّٰی تُرَقِّعِیْهِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ) وَ قَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ لَا نَعْرِفُهٗ اِلَّا مِنْ حَدِیْثِ صَالِحِ بْنِ حَسَّانَ وَ قَالَ

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ اے عائشہ اگر تم ہمارے ساتھ ہی وابستگی[۱] چاہتی ہو تو تمہارے لیے دنیا سے، سوار کے زادِ راہ کی مقدار کافی ہے[۲] تم دولت مندوں کی ہم نشینی سے بچنا اور کپڑے کو پرانا قرار نہ دینا[۳]۔ یہاں تک کہ اسے پیوند لگا لو۔

(ترمذی)

انہوں نے فرمایا: یہ حدیث غریب ہے، اسے ہم صرف صالح بن حسان کی روایت سے جانتے ہیں، امام محمد بن اسماعیل

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مُحَمَّدُ بْنُ اِسْمٰعِیْلَ صَالِحُ بْنُ حَسَّانَ مُنْکَرُ الْحَدِیْثِ

نے فرمایا: صالح بن حسان منکر الحدیث[۵] ہے۔

[۱] یعنی دنیا و آخرت میں۔

[۲] دنیا کی تھوڑی مقدار پر قناعت کرنے کی رغبت دلائی گئی ہے، سوار کی تخصیص غالباً اس لیے کی گئی ہے کہ وہ تیز چلتا ہے اور جلد منزل پر پہنچ جاتا ہے۔ لہٰذا اس کے لیے تھوڑا اساز ادِ راہ کافی ہو جاتا ہے۔ جب کہ پیدل کا سفر زیادہ وقت لیتا ہے اس لیے اسے زیادہ سفر خرچ کی حاجت ہوتی ہے۔

[۳] اور اسے پھینک نہ دینا۔

[۵] حدیث منکر کا معنی مقدمہ میں بیان کیا جا چکا ہے۔

۴۱۴۹ / ۳۷ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ اِیَاسِ بْنِ ثَعْلَبَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَلَا تَسْمَعُوْنَ اَنَّ الْبَذَاذَۃَ مِنَ الْاِیْمَانِ اَنَّ الْبَذَاذَۃَ مِنَ الْاِیْمَانِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابو امامہ ایاس بن ثعلبہ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم نہیں سنتے! کیا تم نہیں سنتے[۲]؟ کہ کپڑے کا پرانا ہونا ایمان سے ہے، بے شک کپڑے کا پرانا ہونا ایمان سے ہے[۳]۔ (ابو داؤد)

[۱] حضرت ابو امامہ کنیت اور ان کا نام ایاس بن ثعلبہ ہے۔ یہ مشہور صحابی حضرت ابو امامہ باہلی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے علاوہ شخصیت ہیں یہ بھی انصاری صحابی ہیں۔

[۲] یعنی سنو۔

[۳] یعنی زینت کا ترک کرنا اہلِ ایمان کے اخلاق میں سے ہے، آخرت اور اس کی زینت و زیبائش پر ایمان اور سامانِ دنیا کے حقیر اور فانی ہونے کا یقین اس کا باعث ہے ۔۔۔۔۔ دو دفعہ فرمانا تاکید کے لیے ہے اور اس خیال کا دفع کرنا مقصود ہے جو انسانوں کے نفوس اور ان کی طبیعتوں میں رچ بس چکا ہے۔

۴۱۵۰ / ۳۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ لَبِسَ ثَوْبَ شُہْرَۃٍ فِی الدُّنْیَا اَلْبَسَہُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس شخص نے دنیا میں شہرت کا کپڑا پہنا[۱] اللہ تعالیٰ اسے قیامت کے دن

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللّٰهُ ثَوْبَ مَذَلَّةٍ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۔ | ذلت کا کپڑا پہنائے گا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَحْمَدُ وَ اَبُوْ دَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ) | (ترمذی، احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ)

لہ یعنی جو شخص تکبر اور بڑائی کے ارادے سے قیمتی کپڑا پہن کر چاہتا ہے کہ اپنے آپ کو اس کے ذریعے لوگوں میں معزز اور مشہور بنالے۔

لہ جس کے ذریعے اسے ذلیل اور رسوا کرے گا ___ ہوسکتا ہے کہ ثوبَ مَذلّۃ میں اضافت بیانیہ ہو۔ یعنی اسے بے عزتی اور ذلت کا حامل بنائے گا۔ اور لوگوں کی نظر میں خوار اور فقیر بنائے گا، بعض شارحین نے کہا کہ شہرت کے کپڑے سے مراد وہ بعض حرام کپڑے ہیں جن کا پہننا جائز نہیں ہے۔ بعض نے کہا کہ وہ کپڑے مراد ہیں جو تکبر، بڑائی، فقراء کی تذلیل اور ان کے دل توڑنے کے لیے پہنے جائیں۔ بعض نے کہا وہ کپڑے مراد ہیں جو مسخرہ پن اور لوگوں کو ہنسانے کے لیے پہنے جائیں، یا زہد اور پاک دامنی کے اظہار کے لیے پہنے جائیں، بعض نے کہا وہ اعمال مراد ہیں جو ریاکاری اور اپنے آپ کو مشہور کرنے کے لیے کئے جائیں، انھوں نے کہا کہ کپڑے کا اطلاق عمل پر عام ہے، اس میں شک نہیں ہے کہ پہلا مطلب جو حدیث کی شرح میں بیان کیا گیا ہے زیادہ ظاہر اور سیاق حدیث کے زیادہ مناسب ہوتا ہے۔

۴۱۵۱/۳۹ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَشَبَّهَ بِقَوْمٍ فَهُوَ مِنْهُمْ۔ | ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے کسی قوم کی مشابہت اختیار کی وہ ان میں سے ہے لہ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ) | (احمد، ابوداؤد)

لہ وہ ان ہی میں شمار ہوتا ہے، تشبہ مطلق ہے جو اخلاق، اعمال اور لباس کو شامل ہے۔ خواہ اچھے لوگوں سے ہو یا برے لوگوں سے، اگر اخلاق و اعمال میں مشابہت ہو تو اس کا حکم ظاہر و باطن کو شامل ہے۔ اور اگر لباس میں ہو تو حکم ظاہر کے ساتھ مخصوص ہوگا۔ عرف عام میں اس کا مطلب لباس میں مشابہت لیا جاتا ہے، اس لیے اس حدیث کو کتاب اللباس میں لائے ہیں۔

خلاصہ یہ ہے کہ جس کے مشابہ کا حکم وہی ہے جو تشبہ کا ہو۔ خواہ ظاہراً ہو یا باطناً

۴۱۵۲/۴۰ وَعَنْ سُوَيْدِ بْنِ وَهْبٍ | سوید بن وہب رضی اللہ عنہ، صحابہ کرام کے بیٹوں میں سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَبْنَآءِ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَكَ لُبْسَ ثَوْبِ جَمَالٍ وَيَقْدِرُ عَلَيْهِ وَفِيْ رِوَايَةٍ تَوَاضُعًا كَسَاهُ اللّٰهُ حُلَّةَ الْكَرَامَةِ وَمَنْ تَزَوَّجَ لِلّٰهِ تَوَّجَهُ اللّٰهُ تَاجَ الْمُلْكِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَى التِّرْمِذِيُّ مِنْهُ عَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ حَدِيْثَ اللِّبَاسِ۔

ایک شخص سے اور وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس شخص نے قدرت کے باوجود زیب وزینت کا کپڑا پہننا ترک کیا، اور ایک روایت میں ہے کہ از راہ تواضع ترک کیا[۲]، تو اللہ تعالیٰ اسے عزت وکرامت کا حلہ پہنائے گا[۳] اور جس نے محض اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے کسی عورت سے نکاح کیا[۴]۔ اللہ تعالیٰ اسے شاہی تاج پہنائے گا[۵]،

(ابوداؤد)[۶] امام ترمذی نے حضرت معاذ بن انس سے اس حدیث کا وہ جملہ روایت کیا جو لباس سے متعلق ہے[۷]۔

لے سوید بن وہب تابعی ہیں۔

لے یعنی کپڑوں میں زہد، عاجزی اور شکست نفس کے لیے زیب وزینت کا لباس ترک کرتا ہے۔

لے یعنی جنت کے حلوں میں سے حلہ جو اس کی عزت وکرامت کا سبب ہوگا۔ یا یہ مطلب ہے کہ بزرگی اور عزت، دنیا وآخرت میں اس کے شامل حال کر دیتا ہے، اس حدیث کے مطابق مَنْ تَوَاضَعَ لِلّٰهِ رَفَعَهُ اللّٰهُ جو شخص اللہ تعالیٰ کے لیے عاجزی اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اسے سربلندی عطا فرماتا ہے۔

لے چنانچہ ایسی عورت سے نکاح کرتا ہے جو دولت، عزت اور کفاءت میں اس کے مرتبے کی نہیں ہے اور وہ اس مقصد کے لیے نکاح کرتا ہے کہ نفس فتنے سے بچ جائے۔ دین محفوظ رہے اور اولاد حاصل ہو جو نکاح کرنے کی حکمت کا اصل مقتضیٰ ہے، بعض شارحین کہتے ہیں کہ تزوج سے مراد، کسی بھی جنس کا جوڑا صدقہ کرنا ہے، جس کی فضیلت ایک دوسری حدیث میں آئی ہے۔ جیسے کہ فرمایا: جس شخص نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جوڑا صدقہ کیا (الحدیث) صحابہ کرام نے پوچھا کہ جوڑے سے مراد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: دو گھوڑے، دو غلام یا دو اونٹ ——— زوج دو چیزوں کے مجموعے کو کہتے ہیں اور ان میں سے ہر ایک کو بھی زوج کہتے ہیں اس جگہ یہی معنی مراد ہے، خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے تزوج جس معنی کے لحاظ سے بھی ہو تاج شاہی کی نوید کا موجب ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۵؎ یعنی جنت میں مملکت اور تخت وتاج والا ہو گا۔ یا بطور کنایہ دنیا وآخرت کی عزت وشرافت مراد ہے۔ چونکہ اس شخص نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جوڑا خرچ کرکے ایک خاص انداز میں فقر والا لباس کا رنگ اختیار کیا اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے اپنے سے کم مرتبہ عورت کے ساتھ نکاح کیا۔ تو اللہ تعالیٰ نے اسے خاص جزا عطا فرمائی اور اسے بزرگی اور رفعت وسربلندی سے نوازا۔

۵۶؎ امام ابوداؤد نے یہ پوری حدیث حضرت سوید بن وہب سے روایت کی۔

۵۷؎ امام ترمذی نے حضرت معاذ بن انس صحابی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صرف حدیث لباس روایت کی کہ جس نے قدرت کے باوجود فاخرانہ لباس کا پہننا ترک کیا (الحدیث) دوسرا حصہ جس میں کسی عورت سے محض رضائے الٰہی کے لیے نکاح کرنے کا ذکر ہے روایت نہیں کیا۔

۴۱۵۳ / ۴۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ أَنْ يُّرٰى أَثَرُ نِعْمَتِهٖ عَلٰى عَبْدِهٖ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ بے شک اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے۔ کہ اس کی نعمت کا اثر اس کے بندے پر دیکھا جائے ۱؎ (ترمذی)

۱؎ یعنی جب اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے کو کوئی نعمت عطا فرمائے تو وہ پسند فرماتا کہ اس بندے کے احوال میں اس کا اثر ظاہر ہو۔ اس طرح کہ اچھے پاک صاف اور نئے کپڑے حالات اور قدرت کے مطابق ومبالغہ اور فضول خرچی کے بغیر پہنے، نیت، نعمت کا ظاہر کرنا اور اس کا شکریہ ادا کرنا ہو، تاکہ لوگوں کو معلوم ہو اور حاجت مند زکوٰۃ اور صدقات حاصل کرنے کے لیے اس کی طرف رجوع کریں۔ تکبر اور غرور مقصود نہ ہو۔ ____ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نعمت کا مخفی اور پوشیدہ رکھنا جائز نہیں ہے۔

گویا نعمت کی ناشکری ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ نے جو کسی انسان کو علم وفضل عطا کیا ہو اسے ظاہر کرنا چاہیے تاکہ لوگ پہچانیں اور اس سے استفادہ کریں۔ اور وہ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ (اور ہمارے دیئے ہوئے رزق سے خرچ کرتے ہیں) کے مصداق میں داخل ہو۔

۴۱۵۴ / ۴۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ أَتَانَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے پاس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ زَائِرًا فَرَاٰى رَجُلًا شَعِثًا قَدْ تَفَرَّقَ شَعْرُہٗ فَقَالَ مَا كَانَ يَجِدُ هٰذَا مَا يُسَكِّنُ بِهٖ رَاْسَهٗ وَرَاٰى رَجُلًا عَلَيْهِ ثِيَابٌ وَسِخَةٌ فَقَالَ مَا كَانَ يَجِدُ هٰذَا مَا يَغْسِلُ بِهٖ ثَوْبَهٗ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ)

ملاقات کے لیے تشریف لائے[۱]، آپ نے ایک شخص کو دیکھا جس کے بال بکھرے[۲] ہوئے تھے، آپ نے فرمایا[۳] کیا اس شخص کو کوئی ایسی چیز نہیں ملتی؟ جس کے ذریعے اپنے سر کی پراگندگی کو دور کرے[۴]، آپ نے ایک دوسرے شخص کو دیکھا جس کے کپڑے میلے تھے فرمایا، کیا اس شخص کو وہ چیز نہیں ملتی؟ جس سے یہ اپنے کپڑے دھوئے[۵]۔ (احمد، نسائی)

[۱] نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انصار کو ان کی خصوصی فضیلت، محبت اور اخلاص کی بنا پر اعزاز و اکرام سے نوازتے تھے۔

[۲] شعث عین کے نیچے زیر (بکھرے ہوئے بالوں والا)

[۳] استفہام، تعجب اور اظہار ناپسندیدگی کے طور پر۔

[۴] اور سر کو تیل لگاتے اور کنگھی کرے۔

[۵] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بدن کی اصلاح اور کپڑوں کا صاف ستھرا رکھنا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پسند تھا۔ اور اس کی خلاف ورزی ناپسند تھی۔ اچھے کپڑے پہننا اور شکل و صورت کا حسن وقار ہے اور آداب زندگی میں سے ہے۔

۴۱۵۵/۴۳ وَعَنْ اَبِی الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیَّ ثَوْبٌ دُوْنٌ فَقَالَ لِیْ اَلَكَ مَالٌ قُلْتُ نَعَمْ قَالَ مِنْ اَیِّ الْمَالِ قُلْتُ مِنْ كُلِّ الْمَالِ قَدْ اَعْطَانِیَ اللّٰهُ مِنَ الْاِبِلِ وَالْبَقَرِ وَالْغَنَمِ وَالْخَيْلِ وَ

حضرت ابو الاحوص[۱] اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو اس وقت میں نے گھٹیا قسم کے کپڑے پہن رکھے تھے۔ آپ نے فرمایا، کیا تمہارے پاس مال ہے؟ میں نے عرض کیا جی ہاں، فرمایا: کون سا مال؟ عرض کیا، ہر قسم کا مال، اللہ تعالیٰ نے مجھے اونٹ، گائے، بکری، گھوڑے، اور غلام عطا کیے ہیں، فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے تمہیں مال عطا فرمایا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کی دی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الرَّقِيْقِ قَالَ فَاِذَا اٰتَاكَ اللّٰهُ مَالًا فَلْيُرَ اَثَرُ نِعْمَةِ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَ كَرَامَتِهٖ ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ النَّسَائِيُّ وَ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ بِلَفْظِ الْمَصَابِيْحِ)

ہوئی نعمت و کرامت کا اثر تم پر دکھائی دینا چاہیے۔

(امام احمد، نسائی)[2]

شرح السنۃ میں یہ حدیث ان الفاظ سے مروی ہے جو مصابیح میں مذکور ہیں[3]۔

[1] ابوالاحوص تابعی ہیں اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد ہیں، ان کا نام عوف بن مالک بن نضلہ ہے نقطے والے ضاد کے ساتھ جشمی جیم پر پیش اور نقطوں والے شین پر زبر، اپنے والد سے روایت کرتے ہیں

[2] ان دونوں اماموں نے یہ حدیث مذکورہ الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے۔

[3] مشکوٰۃ شریف اور مصابیح میں بیان کردہ حدیثوں کے الفاظ اگرچہ مختلف ہیں، لیکن مطلب دونوں کا ایک ہے، کپڑے کا پرانا ہونا اگرچہ محمود ہے اور افعالِ ایمان میں سے ہے، لیکن اس وقت جب کہ دنیا میں نفرد زہد اور تواضع و انکساری کی نیت سے ہو، اور اگر قدرت کے باوجود بخل اور خست کی بنا پر گھٹیا کپڑے پہنے جائیں تو ایسا کرنا قبیح اور مذموم ہے۔

۴۱۵۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ مَرَّ رَجُلٌ وَّ عَلَيْهِ ثَوْبَانِ اَحْمَرَانِ فَسَلَّمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَرُدَّ عَلَيْهِ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک شخص گزرا اس نے دو سرخ کپڑے[1] پہن رکھے تھے، اس نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں سلام عرض کیا تو آپ نے اسے جواب نہیں دیا[2]۔

(ترمذی، ابوداؤد)

[1] اس حدیث میں مطلق سرخ کپڑوں کا ذکر ہے یہ بیان نہیں ہے کہ وہ عصفر سے رنگے ہوتے تھے۔

[2] یاد رہے کہ ریشم اور دیبا کے کپڑے پر بیٹھنا بھی پہننے کی طرح مکروہ ہے۔ امام محمد نے بیان کیا ہے کہ اس پر بیٹھنا مکروہ ہونے میں پہننے کی طرح نہیں ہے، یعنی دونوں مکروہ ہیں۔ لیکن پہننے میں زیادہ شدید کراہت ہے، لحاف کا استعمال بھی مکروہ ہے کیونکہ یہ ایک قسم کا پہننا ہے، ہاں ریشم کے کپڑے (تکیے) پر ٹیک لگانا اور اس پر سونا امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز اور صاحبین کے نزدیک مکروہ ہے۔ اسی طرح مطالب المومنین،

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

میں ہے[1]

۱۵۷/۴۳ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ نَبِيَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا اَرْكَبُ الْاُرْجُوَانَ وَلَا اَلْبَسُ الْمُعَصْفَرَ وَلَا اَلْبَسُ الْقَمِيْصَ الْمُكَفَّفَ بِالْحَرِيْرِ وَقَالَ اَلَا وَطِيْبُ الرِّجَالِ رِيْحٌ لَا لَوْنَ لَهٗ وَطِيْبُ النِّسَاءِ لَوْنٌ لَا رِيْحَ لَهٗ. (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہم ارغوانی گدی[1] پر سوار نہیں ہوتے۔ ہم معصفر سے رنگا ہوا کپڑا[2] نہیں پہنتے، ہم ریشم کے حاشیے والی قمیض نہیں پہنتے[3]، اور فرمایا، خبردار! مردوں کی خوشبو میں بو ہے رنگ نہیں[4] اور عورتوں کی خوشبو میں رنگ ہے۔ بو نہیں ہے[5] (ابوداؤد)

[1] اُرْجُوَان ہمزے اور جیم پر پیش اور راء ساکن، ارغوان کو عربی بنایا گیا تو اُرْجُوَان ہو گیا۔ مشہور سرخ پھول ہے، اسی طرح مجمع البحار میں ہے۔ علامہ طیبی نے کہا کہ ایک درخت کا نام ہے جس کی کلی سرخ ہوتی ہے۔ ہر اس رنگ کا جو اس کے مشابہ ہو ارغوانی کہتے ہیں۔ بعض شارحین نے کہا مراد یہ ہے کہ ہم سرخ کپڑے پر نہیں بیٹھتے۔ رکوب سے مراد بیٹھنا ہے، اکثر شارحین کہتے ہیں کہ اس سے مراد سرخ میثرہ ہے، میثرہ میم کے نیچے زیر، یا ساکن، تین نقطوں والی ثاء پر زبر، تکیے یا گدے جیسی بچھانے والی چیز جس میں نرمی کے لیے روئی یا اون بھری گئی ہو۔ اسے گھوڑے کی زین یا اونٹ کے پالان پر رکھتے ہیں۔ بعض لوگ اسے سرخ ریشم سے تیار کرتے ہیں، لغت میں وِثْر اور وِثَارَۃ نرمی کے معنی میں آتا ہے، وَثِیْر بروزن فعیل نرم گدے کے معنی میں آتا ہے، دوسری حدیث میں آیا ہے کہ نَهٰى عَنْ مِيْثَرَةِ الْاُرْجُوَانِ یعنی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سرخ ارغوانی گدے پر بیٹھنے سے منع فرمایا۔ کیونکہ یہ فضول خرچ اور متکبر عجمیوں کا طریقہ ہے، اس لیے شارحین نے کہا کہ اس جگہ جو لَا اَرْكَبُ الْاُرْجُوَانَ فرمایا ہے۔ تو اس سے وہی سرخ گدی مراد ہے اور لفظ لَا اَرْكَبُ (ہم سوار نہیں ہوتے) اس معنی کے مراد لینے کا قرینہ ہے۔ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ اگر گدی سرخ نہ ہو اور مقصود نرمی اور جسمانی راحت ہو تو جائز ہے خصوصاً بعض بوڑھوں اور

[1] یہ تفصیل غالباً آئندہ حدیث سے متعلق تھی جو کاتب کی غلطی سے اس حدیث کے ذیل میں لکھ دی گئی۔ ۱۲ شرف قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کمزوروں کے لیے۔

۲ سرخ یا زرد۔

۳ وہ قمیص جس کے گریبان، آستین اور دامن پر ریشم کی پٹی لگائی گئی ہو۔ یعنی اگر مقدار رخصت چار انگشت سے زیادہ ہو۔ فصل اول میں حضرت اسماء رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ کی حدیث میں اس مسئلے کی تفصیل گزر چکی ہے۔

۴ وہ خوشبو جسے مرد استعمال کریں اس میں بو ہو رنگ نہ ہو مثلاً گلاب، کستوری، کافور وغیرہ تاکہ زیب و زینت لازم نہ آئے۔

۵ جیسے کہ مہندی، زعفران وغیرہ تاکہ اس کی خوشبو دوسروں تک نہ پہنچے اور مردوں کے لیے فتنے اور ابتلاء کا سبب نہ بنے۔ اس مضمون کی حدیث باب الترجل کی دوسری فصل میں آئے گی، شمائل میں یہ حدیث اس طرح آئی ہے کہ مردوں کی خوشبو ایسی چیز ہے جس کی بو ظاہر اور رنگ پوشیدہ ہو اور عورتوں کی خوشبو کا رنگ ظاہر اور بو پوشیدہ ہو، ظاہر یہ ہے کہ اس جگہ بھی یہی مراد ہے، کیونکہ کوئی خوشبو، بغیر بو کے نہیں ہوتی لہذا خوشبو کے لیے بو کا ثابت کرنا بے فائدہ اور اس سے بو کی نفی غیر صحیح ہو گی۔

۴۱۵۸/۲۶ وَعَنْ اَبِیْ رَیْحَانَۃَ قَالَ نَھٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ عَنْ عَشْرٍ عَنِ الْوَشْرِ وَ الْوَشْمِ وَ النَّتْفِ وَ عَنْ مُکَامَعَۃِ الْمَرْءَۃِ الْمَرْاَۃَ بِغَیْرِ شِعَارٍ وَ اَنْ یَّجْعَلَ الرَّجُلُ فِیْ اَسْفَلِ ثِیَابِہٖ حَرِیْرًا مِثْلَ الْاَعَاجِمِ اَوْ یَجْعَلَ عَلٰی مَنْکِبَیْہِ حَرِیْرًا مِثْلَ الْاَعَاجِمِ وَعَنِ النُّھْبٰی وَ عَنْ رُکُوْبِ النُّمُوْرِ وَ لُبُوْسِ

حضرت ابوریحانہ[1] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دس چیزوں سے منع فرمایا (۱) دانتوں کے باریک کرانے (۲) جسم کے گودنے[2] (۳) سفید بال اکھیڑنے (۴) کپڑے کے بغیر مرد کے مرد کے ساتھ لیٹنے[5] (۵) بے پردہ عورت کے عورت کے ساتھ لیٹنے[6] (۶) عجمیوں کی طرح مرد کے اپنے کپڑے کے نیچے ریشم لگانے (۷) یا عجمیوں کی طرح اپنے کندھوں پر ریشم لگانے[8] (۸) لوٹنے[9] (۹) چیتوں کی کھالوں پر سوار ہونے سے[10] اور (۱۰) حکمران کے علاوہ دوسرے لوگوں کے انگوٹھی پہننے سے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الخَاتَمَ اِلَّا لِذِیْ سُلْطَانٍ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَالنَّسَائِیُّ) (ابوداؤد، نسائی)

سلہ حضرت ابو ریحانہ صحابی ہیں ان کا نام عبداللہ بن مطر سدی ازدی ہے۔ رضی اللہ عنہ۔

۲ہ وَشر واؤ پر زبر نقطوں والا شین ساکن، آخر میں را، دانتوں کا تیز کرنا اور ان کے کناروں کا باریک کرنا۔ بوڑھی عورتیں، جوانوں کی مشابہت کے لیے اس طرح کرتی تھیں، دوسرے پر اس عمل کے کرنے والی کو واشرۃ کہتے ہیں۔ اور دوسرے سے اپنے اوپر اس عمل کے کروانے والی کو مُوتَشِرۃ کہتے ہیں، اور دونوں پر لعنت کی گئی ہے۔

۳ہ وَشم واؤ پر زبر، شین ساکن اور آخر میں میم، جسم میں سوئی چبھو کر اس جگہ کو سرمے یا نیل سے بھرنا۔

سکہ نَتف سر یا داڑھی سے سفید بالوں کا اکھیڑنا، یا داڑھی اور ابرو کے بالوں کا زیب و زینت کے لیے اکھیڑنا یا عورتوں کا اپنے چہروں سے بالوں کا اکھیڑنا، ممانعت کی وجہ پیدائشی صورت کو بگاڑنا اور ناروا تکلف کرنا ہے، عورتوں کے لیے زینت اگرچہ حلال ہے، لیکن ان تکلفات سے منع کیا گیا ہے، نتف کا معنی مصیبت کے وقت سر اور داڑھی کے بالوں کا نوچنا بھی بیان کیا گیا ہے۔

۵ہ شعار اس کپڑے کو کہتے ہیں جو دوسرے کپڑوں کے نیچے پہنا جاتا ہے اور جسم کے ساتھ متصل ہوتا ہے۔

۶ہ اگر فتنے اور فساد کا خوف ہو تو اس کی قباحت خود بخود واضح ہے اور اگر خوف نہ ہو تو یہ طریقہ ترک ادب اور بے حیائی سے خالی نہیں ہے۔

۷ہ یعنی مردوں کے لیے ریشمی کپڑا پہننا حرام ہے۔ خواہ کپڑوں کے اوپر ہو یا نیچے، عجمیوں کی عادت ہے کہ کپڑوں کے نیچے مختصر سا ریشمی کپڑا پہنتے ہیں تاکہ جسم کو نرم رکھے، علامہ طیبی نے اس ارشاد کا اسی طرح مطلب بیان کیا ہے، لیکن انہوں نے کہا کہ لفظ یَجْعَلُ اور لفظ اَسْفَلَ اس معنی کے مناسب نہیں ہے، اگر یہ مطلب ہوتا تو اس طرح کہنا چاہیے تھا وَاَنْ یَلْبَسَ تَحْتَ الثِّیَابِ حَرِیْرًا (کپڑوں کے نیچے ریشم پہننے سے منع فرمایا) اس لیے مطلب یہ معلوم ہوتا ہے کہ کپڑے کے نیچے اور اوپر ریشم لگانے سے منع فرمایا۔ (طیبی)

حاصل مطلب یہ ہوا کہ کپڑے کے نیچے ریشمی استر نہ لگائے، جیسے کہ ابرہ بنانا ممنوع ہے، فقہ کی بعض روایات میں آیا ہے کہ ریشم کا اس طرح پہننا مکروہ ہے کہ جسم کے ساتھ متصل ہو اور اگر کپڑوں کے اندر جسم کے ساتھ متصل روئی کا کپڑا ہو اور اس کے اوپر ریشمی کپڑا ہو تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز ہے اور صاحبین کے نزدیک جائز نہیں ہے بعض روایات میں ہے کہ لوگوں نے حضرت ابن عباس کو ریشمی جبہ پہنے ہوئے دیکھا تو پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا، تم دیکھتے نہیں کہ جسم کے ساتھ متصل کیا ہے؟ اس جبے کے نیچے انہوں نے سوتی کپڑا پہنا ہوا تھا، صحیح یہ ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کہ ریشم کا پہننا مردوں کے لیے مطلقاً حرام ہے، اسی طرح مطالب المؤمنین میں ہے۔

۸ حاشی میں لکھا ہے کہ ریشم کا وہ جھول مراد ہے جو مقدارِ رخصت سے زیادہ ہو، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ چادر کی طرح ریشمی کپڑا کندھوں پر فخر اور تکبر کے طور پر ڈالنا مراد ہو، یہ بھی گمان ہوتا ہے کہ وہ زائد کپڑا مراد ہو جو قبا (کوٹ وغیرہ) کے کندھوں پر سی دیا جاتا ہے جسے اس علاقے میں اباق کہتے ہیں۔

۹ کسی کا مال شرعی اجازت کے بغیر چھین لینے سے۔

۱۰ نمر مشہور درندہ ہے جسے فارسی میں یوز (اور اردو میں چیتا) کہتے ہیں، چیتے کی کھال کو گھوڑے کی زین یا اونٹ کے پالان پر ڈال کر اس کے اوپر بیٹھتے ہیں، جمع کا صیغہ یا تو تعددِ افراد کی بنا پر لایا گیا ہے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تغلیباً اس جیسے دوسرے درندے شلاً شیر اور بھیڑیا وغیرہ مراد ہوں، یا چیتے کی متعدد کھالیں مراد ہوں، ممانعت کی وجہ زیب و زینت اور فخر و تکبر ہے، امام شافعی کے نزدیک یہ وجہ بھی ہو سکتی ہے کہ ان جانوروں کے بال پلید ہوتے ہیں اور دباغت (کھال کے رنگنے) سے پاک نہیں ہوتے، چونکہ ان کا شکار شکل ہوتا ہے اس لیے ان کی کھال ان کے مرنے کے بعد حاصل کی جاتی ہے۔ بعض حواشی میں رکوب نمور سے مراد چیتوں کی کھالوں پر بیٹھنا بیان کیا ہے۔ بعض مشائخ نے کہا کہ چارپایوں اور درندوں کی کھالوں پر بیٹھنا دحشت اور رقت کی پراگندگی کا باعث ہے، اسی طرح حضرت شیخ امام علی متقی رحمہ اللہ تعالیٰ نے اپنے بعض رسائل میں بیان کیا۔

۱۱ لُبُوس لام پر پیش، دُخُول کی طرح مصدر ہے ــــــــ صاحب سلطنت، حکمران اور ایسے معاملے والا شخص جسے انگوٹھی کی حاجت ہو اسے اجازت ہے اور حاجت کے بغیر انگوٹھی پہننا مکروہ ہے کراہت تنزیہی ہے یا تحریمی ہے، کیونکہ وہ محض زینت ہے، بعض شارحین کہتے ہیں کہ یہ ممانعت ابتدا میں تھی اس کے بعد منسوخ ہو گئی، اُن کی دلیل یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور خلفائے راشدین کے زمانے میں صحابہ کرام نے انگوٹھی پہنی اور ان پر انکار نہیں کیا گیا۔

۴۱۵۹ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ خَاتَمِ

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی پہننے، قسی کپڑے کے پہننے اور

---

۱ ہدایہ میں ہے کہ ریشم اور دیباج کا جنگ میں پہننا صاحبین کے نزدیک جائز اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک مکروہ ہے، اور وہ کپڑا پہننا جائز ہے جس کا تانا ریشمی اور بانا سوتی یا اونی ہو اور اس سے پہلے گزر چکا ہے کہ چار انگشت کی مقدار ریشمی پٹی کا استعمال بھی جائز ہے۔ ۱۲ شرف قادری نقشبندی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الذَّھَبِ وَ عَنْ لُبْسِ الْقِسِّیِّ وَ الْمَیَاثِرِ۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ وَ النَّسَائِیُّ وَ ابْنُ مَاجَۃَ
وَ فِیْ رِوَایَۃٍ لِاَبِیْ دَاوٗدَ وَ قَالَ نَھٰی عَنِ الْمَیَاثِرِ الْاُرْجُوَانِ۔

گدوں کے استعمال سے منع فرمایا۔
(ترمذی، ابوداؤد، نسائی ابن ماجہ)
امام ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ ارغوانی رنگ کے (سرخ) گدوں سے منع فرمایا۔

۱؎ بعض روایات میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سونے کی انگوٹھی تیار کی گئی، آپ نے ایک دن پہنی پھر پھینک دی اور اس کے پہننے سے منع فرمایا۔ سونے کی انگوٹھی کا پہننا چاروں اماموں کے نزدیک مکروہ (تحریمی) ہے البعض صحابہ مثلاً حضرت طلحہ، حضرت سعد اور حضرت صہیب رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے اس کا پہننا نقل کیا گیا ہے، ہو سکتا ہے کہ ممانعت سے پہلے ہو، واللہ تعالیٰ اعلم۔ ہدایہ میں ہے کہ اعتبار حلقے کا ہے نہ کہ نگینے کا، کیونکہ انگوٹھی کی حقیقت کا مدار حلقے پر ہے، اس کی تفصیل باب الخاتم میں آئے گی۔

۲؎ قِسّی قاف پر زبر، زیر بھی آئی ہے، بے نقطہ سین مشدد، مصر کے علاقے میں ایک جگہ قس کی طرف منسوب ہے بعض شروح میں لکھا ہے کہ ممانعت اس وقت ہے جب کہ یہ کپڑا ریشمی ہو، علامہ طیبی نے کہا کہ یہ کپڑا کتان کا ہوتا ہے اور اس میں ریشم مکس ہوتا ہے۔ علامہ کرمانی نے کہا یہ مضلع کپڑا ہے جس میں سنگترے کی طرح ریشم ہوتا ہے۔ مضلع ان کپڑوں کو کہتے ہیں جن میں پسلیوں کی طرح چوڑی پٹیاں ہوتی ہیں، یا کتان ہے جس میں ریشم مکس ہوتا ہے۔

۳؎ میاثر جمع ہے مِیْثَرَۃٌ کی چھوٹی گدی جو زین پر رکھی جاتی ہے جیسے کہ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث میں واقع لَا اَرْکَبُ الْاُرْجُوَانَ کی تحقیق میں بیان کیا جا چکا ہے۔

۴؎ ان کی روایت میں مطلق میاثر کا ذکر ہے، لیکن وہ مقید (ارغوانی رنگ کے گدے پر) محمول ہے، جیسے کہ امام ابوداؤد کی روایت سے معلوم ہوتا ہے۔

۴۱۶۰
۴۸
وَعَنْ مُعَاوِیَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا تَرْکَبُوا الْخَزَّ وَ لَا النِّمَارَ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ وَ النَّسَائِیُّ)

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، ریشم اور چیتے کی کھالوں پر سوار نہ ہو۱؎
(ابوداؤد، نسائی)

۱؎ اس طرح کہ انہیں گھوڑے کی زین پر رکھ کر اس کے اوپر سوار ہو جاؤ۔ اس سے پہلے گزر چکا ہے کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بعض شارحین نے رکوب کا معنی بیٹھنا بیان کیا ہے۔

یاد رہے کہ خز نقطے والی خاء پر زبر اور زاء مشدد ہے۔قاموس میں ہے کہ ایک مشہور کپڑے کا نام ہے۔ نہایہ میں ہے کہ گزشتہ زمانے میں خز ان کپڑوں کو کہتے تھے جن پر اون اور ریشم سے کڑھائی کی ہوئی ہوتی تھی، ایسا کپڑا پہننا جائز ہے، صحابۂ کرام اور تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے ایسا کپڑا پہنا ہے۔ لہٰذا اس کی ممانعت اس بنا پر ہوگی کہ اس کے استعمال میں عجمیوں کے ساتھ مشابہت ہوگی جو ایسا کپڑا تکبر اور بڑائی کے لیے زین پر ڈالتے ہیں شارحین نے کہا کہ اگر خز سے وہ کپڑا مراد ہو جو اس وقت مشہور ہے تو وہ تمام ریشم ہے اور مطلقاً حرام ہے۔ جس حدیث میں آیا ہے کہ آخر زمانے میں ایسے لوگ پیدا ہوں گے جو خز اور ریشم کو حلال قرار دیں گے اس میں خز کا یہی معنیٰ مراد ہے محدثین فرماتے ہیں کہ کپڑے کی یہ قسم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں نہ تھی، لہٰذا اس کی خبر امر غیبی کا بیان اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا معجزہ ہے۔ مطالب المؤمنین میں ہے کہ خز کے پہننے میں حرج نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ خز ایک سمندری جانور ہے۔اس کے بالوں کو خز کہتے ہیں جو ریشم کی جنس سے نہیں ہے اور مردوں کے لیے صرف ریشم حرام ہے نہ کہ دوسرے کپڑے، اسی طرح محیط میں ہے۔ یہ بھی کہا کہ سید امام ناصر الدین نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں اس سمندری جانور کے بالوں سے تیار کیے جانے والے کپڑے کو کہتے تھے جسے ترکی میں قندز کہتے ہیں۔ البتہ ہمارے زمانے میں ریشم سے بناتے ہیں، لازمی بات ہے کہ حرام ہوگا۔ اسی طرح فتاویٰ سراجیہ میں ہے۔ (۱ ھ)

نمار نون کے نیچے زیر، بعض شارحین نے اسے نمرۃ کی جمع قرار دیا جس کا معنیٰ دھاری دار چادر ہے۔لہٰذا اس کی ممانعت، کراہت تنزیہی کے طور پر ہوگی کہ لوگ اسے فخر و تکبر کے طور پر زین پر ڈالتے ہیں۔ اکثر شارحین کے نزدیک نمار جمع ہے نمر کی جو مشہور درندے کا نام ہے، مراد اس کی کھالیں ہیں جو زین پر ڈالی جاتی ہیں، اس توجیہ پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ نمر کی جمع نمور ہے نہ کہ نمار جیسے کہ گزشتہ حدیث میں گزرا ہے۔ وَعَنْ رُكُوبِ النُّمُورِ اس کا جواب یہ دیا گیا کہ نمر کی جمع جس طرح نمور آتی ہے اسی طرح نمار بھی آتی ہے۔ اس حدیث میں بھی ایک روایت کے مطابق نمار کی جگہ لفظ نمور آیا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ دونوں کا ایک ہی معنیٰ ہے۔ قاموس میں ہے النمر کتف کی طرح، معروف درندہ ہے، اس کی جمع انمر، انمار، نمار اور نمور آتی ہے۔

۴۲۶۱ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمِيثَرَةِ الْحَمْرَاءِ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سرخ گدے سے منع فرمایا۔ (شرح السنۃ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

[1] اس حدیث کی شرح اس سے پہلے گزر چکی ہے، اس جگہ میثرہ، سرخ کی قید سے مقید ہے، معلوم ہوا کہ جہاں مطلق آیا ہے وہ بھی مقید پر محمول ہے، جیسے کہ اس سے پہلے بیان کیا گیا۔

۴۱۶۲[5] وَعَنْ اَبِیْ رِمْثَةَ التَّیْمِیِّ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْهِ ثَوْبَانِ اَخْضَرَانِ وَلَهٗ شَعْرٌ قَدْ عَلَاهُ الشَّیْبُ وَشَیْبُهٗ اَحْمَرُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَفِیْ رِوَایَةٍ لِاَبِیْ دَاوٗدَ وَهُوَ ذُوْ وَفْرَةٍ وَبِهَا رَدْعٌ مِّنْ حِنَّاءٍ)۔

حضرت ابو رمثہ تیمی[1] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، آپ نے اس وقت دو سبز کپڑے[2] پہن رکھے تھے، آپ کے کچھ بال ایسے تھے جن پر سفیدی غالب تھی، اور وہ چند سفید بال سرخ تھے[3][4] (ترمذی) امام ابوداؤد کی ایک روایت میں ہے کہ آپ کی زلفیں کان کی لو تک تھیں اور ان میں مہندی کا رنگ تھا[5]۔

[1] حضرت ابو رمثہ تیمی را کے نیچے زیر، میم ساکن، پھر تین نقطے والی ثا، صحابی ہیں، ان کے نام میں اختلاف ہے، بعض نے عمارہ کہا اور بعض نے رفاعہ بن یثربی بن عوف بیان کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنے والد ماجد کے ہمراہ حاضر ہوئے اور دونوں مشرف باسلام ہوئے۔ دونوں اہل کوفہ میں شمار ہوتے ہیں۔ رضی اللہ تعالے عنہما۔

[2] یعنی سبز دھاریوں والے شارحین نے حدیث میں وارد ہونے والے سرخ اور سبز کپڑے کی اسی طرح تفسیر کی ہے۔ اگرچہ خالص سبز کپڑے کا پہننا بھی جائز ہے۔

[3] سر اور داڑھی مبارک کے چند بال سفید تھے، حضرت انس رضی اللہ تعالے عنہ کی روایت میں ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر اقدس اور داڑھی میں صرف چودہ سفید بال شمار کیے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بال مبارک بیس کے قریب سفید تھے۔ ایک روایت میں سترہ بھی آیا ہے۔

[4] سرخ سے مراد یہ ہے کہ مہندی سے رنگے ہوئے تھے۔ جیسے کہ امام حاکم بھی حضرت ابو رمثہ کی روایت بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ مہندی سے رنگے ہوئے تھے۔ حضرت مصنف نے بھی امام ابو داؤد کی روایت کے حوالے سے اسی طرح بیان کیا ہے۔

[5] وَفْرَةٌ واؤ پر زبر، فا ساکن، کان کی لو تک پہنچنے والے بال ——— رَدْعٌ را پر زبر،

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دال ساکن، آخر میں بے نقطہ عین، آلودہ ہونا، قاموس میں ہے رَدَعَهٗ بِالشَّيْءِ فلاں شخص کو فلاں چیز کے ساتھ آلودہ کر دیا علامہ طیبی نے اس کی تعبیر رنگنے کے ساتھ کی ہے، ایک روایت میں "رَدْغ" نقطے والی غین کے ساتھ بھی آیا ہے، امام ترمذی، شمائل میں اسے اس طرح لائے ہیں جس سے راوی کے شک کا پتہ چلتا ہے۔ "رَدْغ" دال ساکن، اس پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں، سخت کیچڑ، بے نقطہ عین کے ساتھ رَدْعٌ روایت کے اعتبار سے زیادہ صحیح ہے۔ بعض شارحین نے کہا کہ سرخی سے مراد یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بال خالص سفید نہ تھے بلکہ خضاب لگائے بغیر سرخی مائل تھے، جیسے کہ عام عادت ہے کہ بڑھاپے کی ابتدا بالوں کی سرخی سے ہوتی ہے، اس کے بعد خالص سفید ہو جاتے ہیں۔

محدثین اور فقہاء میں اختلاف ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بالوں کو رنگا ہے یا نہیں۔ اکثر محدثین اس کے قائل ہیں کہ نہیں رنگے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بالوں کی سفیدی اس حد کو نہیں پہنچی تھی کہ رنگنے کی حاجت ہوتی جیسے کہ حدیث میں آیا ہے کہ جب آپ سر مبارک پر تیل لگاتے تو سفیدی چھپ جاتی تھی ورنہ ظاہر ہو جاتی تھی، فقہاء کی کوشش یہ ہے کہ رنگنے کا استعمال ثابت کیا جائے۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ان ہی چند سفیدی مائل بالوں کو رنگتے تھے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ آپ نے قصداً نہ رنگے ہوں۔ بلکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گلاب سے غسل، نظافت اور خوشبو کے لیے مہندی سر مبارک پر لگاتے تھے اور یہ بال اسی کی وجہ سے رنگین ہو جاتے تھے۔ ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ بعض حضرات نے حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس رنگے ہوئے بال مبارک دیکھے انہیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نہیں رنگا تھا بلکہ حضرت انس بطور تبرک اور احترام انہیں خوشبو لگاتے رہتے تھے اسی بنا پر وہ یوں دکھائی دیتے تھے جیسے کہ رنگے ہوئے ہوں یا حضرت انس نے انہیں باقی رکھنے اور ان کی تقویت کے لیے خود رنگا ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کبھی سرخ رنگ دیتے تھے اور کبھی زرد، اس کا مطلب یہ ہے کہ داڑھی شریف کو نظیف اور ستھرا رکھنے کے لیے مہندی یا زعفران سے وضو کیا کرتے تھے۔ بال مبارک سیاہ تھے جو رنگین نہیں ہوتے تھے، اسی طرح میں نے اپنے شیخ (عبدالوہاب متقی) رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے سنا ہے۔ اور یہ عجیب نکتہ ہے۔

۴۱۶۳
۱۵
وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ شَاكِيًا فَخَرَجَ يَتَوَكَّأُ عَلٰى اُسَامَةَ وَعَلَيْهِ ثَوْبٌ قِطْرٌ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طبیعت ناساز تھی آپ حضرت اسامہ پر ٹیک لگا کر باہر تشریف لائے۔ آپ نے سرخ دھاری دار یمنی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From
Paksociety.com

قَدْ تَوَشَّحَ بِهٖ فَصَلّٰى بِهِمْ۔
(رَوَاهُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

چادر زیب تن کی ہوئی تھی جس میں آپ لپٹے ہوئے تھے[2] پس آپ نے صحابہ کرام کو نماز پڑھائی[3]
(شرح السنۃ)

[1] قِطریات کے پیچے زیر، طا ساکن، یمن کی ایک خاص قسم کی نرم اور عمدہ چادر جس میں سرخ لکیریں ہوتی ہیں۔ بعض شارحین نے کہا کہ کپڑوں کے جوڑے کو کہتے ہیں جو بحرین کی جانب سے لایا جاتا ہے۔ قطر بحرین کا ایک گاؤں ہے۔

[2] حمائل کی طرح یعنی وہ چادر محرم کی طرح دائیں بازو کے نیچے سے گزار کر بائیں کندھے پر ڈالی ہوئی تھی، بعض شارحین کہتے ہیں کہ توشح سے مراد صرف چادر کا جسم کے گرد لپیٹنا ہے۔ خاص طور پر حمائل کے انداز میں اوڑھنا مراد نہیں ہے۔

[3] یہ آخری نماز تھی جو حضرت ابوبکر صدیق، صحابہ کرام کو پڑھا رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا شانۂ مبارکہ سے باہر تشریف لاتے اور حضرت ابوبکرؓ کے پہلو میں بیٹھ کر امامت کرائی۔ جیسے کہ یہ واقعہ اپنی جگہ تفصیل سے بیان کیا گیا ہے۔

۴۱۶۲/۵۲ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَوْبَانِ قِطْرِيَّانِ غَلِيْظَانِ وَكَانَ إِذَا قَعَدَ فَعَرِقَ ثَقُلَا عَلَيْهِ فَقَدِمَ بَزٌّ مِّنَ الشَّامِ لِفُلَانِ الْيَهُوْدِيِّ فَقُلْتُ لَوْ بَعَثْتَ إِلَيْهِ فَاشْتَرَيْتَ مِنْهُ ثَوْبَيْنِ إِلَى الْمَيْسَرَةِ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ فَقَالَ عَلِمْتُ مَا تُرِيْدُ إِنَّمَا تُرِيْدُ أَنْ تَذْهَبَ بِمَالِيْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبَ قَدْ عَلِمَ أَنِّيْ مِنْ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو موٹے قطری کپڑے زیب تن کر رکھے تھے، اور جب آپ بیٹھتے اور پسینہ آتا تو وہ کپڑے آپ پر بوجھل ہو جاتے[1]، شام سے فلاں یہودی کا کپڑا آیا تو میں نے عرض کیا کتنا اچھا ہو؟ اگر آپ اس کے پاس کسی کو بھیج کر اس سے بوقت گنجائش ادائی کے وعدے پر دو کپڑے ادھار خرید لیں، آپ نے اسے پیغام بھیجا تو اس نے کہا[2] مجھے آپ کا ارادہ معلوم ہے۔ آپ میرا مال مارنا چاہتے ہیں[3]۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، اس نے جھوٹ کہا[4]، اسے معلوم ہے کہ میں سب سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أَتْقَاهُمْ وَأَدَاهُمْ لِلْأَمَانَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

زیادہ متقی اور سب سے زیادہ امانت کا ادا کرنے والا ہوں۔ (ترمذی، نسائی)

سلہ اور آپ کو مشقت اٹھانا پڑتی۔

۲ہ بز پہلے ایک نقطے والی بار پھر زا و مشدد، ان سلا کپڑا۔ اس (مردود) یہودی کا نام اس جگہ مذکور نہیں ہے۔

سلہ آپ نے کسی شخص کو یہودی کے پاس کپڑا خریدنے کے لیے بھیجا اور اسے کہا کہ گنجائش کے وقت قیمت ادا کر دی جائے گی۔

سکہ اس صحابی کو کہا جسے کپڑا خریدنے کے لیے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھیجا تھا۔

شہ آپ چاہتے ہیں کہ ثمن ادا کرنے کے وعدہ پر میرا کپڑا لے جائیں اور بعد میں وعدہ پورا نہ کریں۔ بظاہر یہ خطاب اس صحابی سے ہے جو کپڑا خریدنے یہودی کے پاس گئے تھے۔ مگر درحقیقت یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے خطاب ہے ——— بعض نسخوں میں یُرِیدُ یار کے ساتھ ہے اور یہ ظاہر ہے، کہ اس نے نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کے بارے میں کہا کہ وہ میرا مال مارنا چاہتے ہیں) چنانچہ صحابی نے واپس آکر یہودی کا جواب ناصواب بیان کیا۔

سلہ کہ میرا ارادہ ہے کہ میں اس کا مال لے لوں اور ثمن ادا نہ کروں، وہ خود بھی جانتا ہے کہ وہ جھوٹ بول رہا ہے

سکہ توراۃ کے حوالے سے۔

شہ آدا ھم ہمزہ پر مد اور دال مخفف ——— اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے درشت قسم کا کپڑا پہن رکھا تھا جس سے آپ کی طبع لطیف کو تکلیف اور مشقت محسوس ہوتی تھی، آپ نے آسانی اور سہولت کے لیے عمدہ کپڑا ادھار خریدنے کا ارادہ کیا۔ نیز بدبخت یہودی کی بدبختی بھی معلوم ہوگئی کہ کس درجہ تک پہنچی ہوئی تھی۔ اللہ تعالےٰ ان پر لعنت فرمائے اور انہیں ذلیل کرے۔

۴۱۶۵/۵۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ رَآنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيَّ ثَوْبٌ مَصْبُوْغٌ بِعُصْفُرٍ مُوَرَّدًا فَقَالَ مَا هٰذَا فَعَرَفْتُ مَا كَرِهَ

حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اس حال میں دیکھا کہ مجھ پر کسم[1] سے رنگا ہوا گلابی کپڑا تھا، آپ نے فرمایا، یہ کیا ہے[2]؟ تو میں نے آپ کی ناپسندیدگی کو پہچان لیا۔ چنانچہ میں نے جا کر

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

فَانْطَلَقْتُ فَاَحْرَقْتُهٗ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا صَنَعْتَ بِثَوْبِكَ قُلْتُ اَحْرَقْتُهٗ قَالَ اَفَلَا كَسَوْتَهٗ بَعْضَ اَهْلِكَ فَاِنَّهٗ لَا بَاْسَ بِهٖ لِلنِّسَاءِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

اسے جلا دیا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، تم نے اپنے کپڑے کے ساتھ کیا کیا؟ میں نے عرض کیا کہ اسے جلا دیا، فرمایا: تم نے وہ اپنے بعض[۴] اہل خانہ کو کیوں نہ پہنا دیا؟ کیونکہ اسے عورتوں کے پہننے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

(ابو داؤد)

[۱] عصفر عین اور فاء پر پیش اور صاد ساکن (کسمّ)

[۲] یہ تعجب اور انکار کے طور پر استفہام ہے۔

[۳] اس کپڑے کے پہننے سے۔

[۴] یعنی عورتوں کو۔

۴۲۶۶
۵ وَعَنْ هِلَالِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى يَخْطُبُ عَلٰى بَغْلَةٍ وَ عَلَيْهِ بُرْدٌ اَحْمَرُ وَ عَلِيٌّ اَمَامَهٗ يُعَبِّرُ عَنْهُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ہلال بن عامر[۱] اپنے والد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو منیٰ میں خچر پر سوار خطبہ دیتے ہوئے[۲] دیکھا، آپ نے سرخ دھاریوں والی چادر[۳] اوڑھ رکھی تھی اور حضرت علی رضی اللہ عنہ آپ کے آگے کھڑے ہوئے آپ کی ترجمانی کر رہے تھے[۴]۔

(ابو داؤد)

[۱] ہلال بن عامر ثقہ تابعی ہیں اور اہل کوفہ میں شمار کیے جاتے ہیں۔

[۲] اور لوگوں کو احکام کی تعلیم دیتے ہوئے۔

[۳] نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لباس کے بارے میں جس جگہ بھی سرخ لباس کا ذکر ہے، اس سے مراد سرخ دھاریوں والا کپڑا ہی ہے، یہ محدثین کی تحقیق ہے، بعض فقہاء کو اس جگہ وہم ہوا ہے کہ اس سے خالص سرخ کپڑا مراد ہے، حالانکہ اس طرح نہیں ہے۔

[۴] اور آپ کا کلام دور کھڑے ہوئے لوگوں تک بلند آواز سے پہنچا رہے تھے جن تک ہجوم کی کثرت کی وجہ سے آپ کی آواز مبارک نہیں پہنچتی تھی، اسی طرح کہا گیا ہے، حق یہ ہے کہ آواز تو پہنچ رہی تھی، حضرت علی مرتضیٰ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رضی اللہ عنہ ان کو مطلب سمجھا رہے تھے۔

۴۱۶۷/۵۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ صُنِعَتْ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُرْدَةٌ سَوْدَاءُ فَلَبِسَهَا فَلَمَّا عَرِقَ فِيهَا وَجَدَ رِيحَ الصُّوفِ فَقَذَفَهَا۔ (رَوَاهُ أَبُودَاوُدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے سیاہ چادر تیار کی گئی۔ آپ نے اسے زیبِ تن فرما لیا۔ جب آپ کو اس میں پسینہ آیا تو آپ نے اون[1] کی بُو محسوس کی اس لیے آپ نے اسے الگ کر دیا۔[2] (ابوداؤد)

[1] اون سے۔

[2] طبیعت شریفہ کی نظافت اور کمالِ پاکیزگی کی بنا پر۔

۴۱۶۸/۵۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ أَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ مُحْتَبٍ بِشَمْلَةٍ قَدْ وَقَعَ هُدْبُهَا عَلَى قَدَمَيْهِ۔ (رَوَاهُ أَبُودَاوُدَ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس حال میں حاضر ہوا کہ آپ چادر[1] کو جسم کے گرد لپیٹ کر بیٹھے ہوئے تھے، اس کا پھندنا[2] آپ کے قدموں پر واقع تھا۔[3] (ابوداؤد)

[1] یعنی وہ کپڑا جو آپ کے بدن پر مشتمل تھا، بعض شارحین نے شملہ کی تفسیر بُردہ (اوپر اوڑھنے والی چادر) سے کی ہے، اور تحقیق یہ ہے کہ بردہ اوپر لینے والی چادر ہے اور شملہ وہ چادر ہے جس میں جسم لپیٹا جائے خواہ وہ اوپر لینے والی چادر ہو یا اس کے علاوہ، لہٰذا شملہ عام ہے۔ تہبند اور اوپر لینے والی چادر سے۔ اسی طرح مجمع البحار میں ہے۔ احتباء دونوں گھٹنوں کو کھڑا کر کے سرین کے بل زمین پر بیٹھنا، احتباء کبھی دونوں ہاتھوں کے ساتھ ہوتا ہے یعنی دونوں ہاتھوں کے ساتھ پنڈلیوں کے گرد حلقہ بنا لیا جاتا ہے اور کبھی چادر کے ساتھ، اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا احتباء اوپر اوڑھنے والی چادر کے ساتھ تھا اور شملہ سے وہی مراد ہے۔

[2] صراح میں ہے هُدْب اور هُدْبة ھا پر پیش، دال ساکن، اس پر پیش بھی پڑھ سکتے ہیں، کپڑے کا کنارا اور اس کا ٹکڑا۔

[3] مقصد یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بہیئت احتباء تشریف فرما تھے اور احتباء اپنے کپڑے کے ساتھ کیا ہوا تھا، محافل اور مجالس میں بیٹھنے کا یہ انداز عربوں میں معروف ہے۔ ہمارے ہاں بھی دیہات میں یہ طریقہ مروج ہے ۱۲ ق)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۱۶۴/۵۷ وَعَنْ دِحْيَةَ بْنِ خَلِيفَةَ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِقَبَاطِيَّ فَاَعْطَانِيْ مِنْهَا قُبْطِيَّةً فَقَالَ اَصْدَعْهَا صَدْعَيْنِ فَاقْطَعْ اَحَدَهُمَا قَمِيْصًا وَاَعْطِ الْاٰخَرَ اِمْرَاَتَكَ تَخْتَمِرُ بِهٖ فَلَمَّا اَدْبَرَ قَالَ وَاْمُرْ اِمْرَاَتَكَ اَنْ تَجْعَلَ تَحْتَهٗ ثَوْبًا لَا يَصِفُهَا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت دحیہ بن خلیفہ[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں قباطی[2] کپڑے لائے گئے، آپ نے ان میں سے ایک کپڑا مجھے عنایت کیا اور فرمایا: اسے دو حصوں میں تقسیم کر لو[3] ایک حصے کی قمیص بنوا لو اور دوسرا حصہ اپنی بیوی کو دے دو وہ اس کی اوڑھنی بنائے[4]۔ جب انہوں[5] نے پشت پھیری تو آپ نے فرمایا۔ اپنی بیوی کو کہو کہ اس کے نیچے دوسرا کپڑا لگا لے تاکہ اسے[6] ظاہر نہ کرے۔

(ابوداؤد)

[1] دحیہ بن خلیفہ یہ دحیہ کلبی ہیں جن کی صورت میں (بعض اوقات) حضرت جبرائیل علیہ السلام ہی آیا کرتے تھے۔

[2] قباطی کتان سے بنائے ہوئے باریک اور سفید کپڑے جو مصر میں تیار کیے جاتے تھے قباطی قاف پر زبر، طاء کے نیچے زیر اور یاء مشدد، جمع ہے قُبطیۃ کی قاف پر پیش اور باء ساکن منسوب ہے قبط کی طرف قاف کے نیچے زیر، یعنی اہل مصر، فرعون اسی قوم سے تھا اور حضرت ماریہ قبطیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی اسی کی طرف منسوب ہیں، قبط کے قاف کے نیچے اگرچہ زیر ہے لیکن قُبطِیَّۃ جس کا معنی ہے وہ کپڑے جو قبط کی طرف منسوب ہوں، اس کے قاف پر خلاف قیاس پیش ہے، کبھی زیر بھی پڑھتے ہیں۔ یہ ان کپڑوں کی نسبت کے بارے میں ہے جو قبط کی طرف منسوب ہیں، آدمیوں کی نسبت کرتے وقت قیاس کے مطابق قاف کے نیچے زیر ہی ہے حضرت دحیہ فرماتے ہیں کہ اس قسم کے کپڑے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں لائے گئے۔

[3] صدع کا معنی ہے شیشے روزتن ایسی سخت چیز کو دو حصوں میں تقسیم کرنا۔ صاد پر زبر ہو تو یہ مصدر ہے اور اس کا معنی ہے کپڑے کا ٹکڑا الگ کرنا، صاد کے نیچے زیر ہو تو یہ اسم ہے جس کا معنی ہے ٹکڑا، از باب فتح جیسے کرشق دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے۔

[4] اپنے سر کو ڈھانپنے کے لیے، تختمر کی راء پر رفع اور جزم پڑھنا دونوں صحیح ہیں۔

[5] راوی کہتے ہیں کہ جب حضرت دحیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ پلٹے یا خود حضرت دحیہ فرماتے ہیں اور اپنے آپ کو صیغہ غائب کے ساتھ ذکر کرتے ہیں، کلام میں یہ طریقہ بھی استعمال ہوتا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۶ تاکہ وہ اوڑھنی باریک ہونے کی بنا پر اس کے بالوں اور چہرے کو منکشف نہ کرے، جیسے کہ اس کے نیچے جلد دکھائی دیتی ہے۔ تختہ کی طرح لاتصفا کو مرفوع اور مجزوم دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔

۴۱۷۰/۵۸ وَعَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَهِيَ تَخْتَمِرُ فَقَالَ لَيَّةً لَا لَيَّتَيْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے پاس اس حال میں تشریف لاتے کہ وہ سر پر اوڑھنی لپیٹ رہی تھیں۔ آپ نے فرمایا: ایک بل نہ کہ دو بل لے۔ (ابوداؤد)

لے یعنی اپنے سر کے اوپر اور ٹھوڑی کے نیچے دو بل نہیں بلکہ ایک بل دو۔ اسی طرح علامہ طیبی نے اس کی تفسیر کی ہے ظاہر یہ ہے کہ سر پر کپڑا لپیٹنا مراد ہے، عرب عورتوں کی عادت یہ تھی کہ اوڑھنی پٹی کی طرح سر پر لپیٹ لیتی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ ایک پیچ ہی کافی ہے۔ زیادہ نہ لپیٹے تاکہ فضول خرچی نہ ہو اور مردوں کی پگڑی کے مشابہ نہ ہو۔

اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں کو مردانہ لباس پہننا اور ان کے ساتھ مشابہت اختیار کرنا درست نہیں ہے، جیسے کہ اس کے عکس کا بھی یہی حال ہے (یعنی مردوں کو زنانہ لباس پہننا اور عورتوں سے مشابہت اختیار کرنا درست نہیں ہے ۱۲ ق)

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۱۷۱/۵۹ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَرَرْتُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفِيْ اِزَارِيْ اسْتِرْخَاءٌ فَقَالَ يَا عَبْدَ اللّٰهِ ارْفَعْ اِزَارَكَ فَرَفَعْتُهٗ ثُمَّ قَالَ زِدْ فَزِدْتُّ فَمَازِلْتُ اَتَحَرَّاهَا بَعْدُ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ اِلٰى اَيْنَ قَالَ اَنْصَافِ السَّاقَيْنِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے اس حال میں گزرا کہ میرے تہبند میں درازی تھی۔ آپ نے فرمایا۔ عبداللہ! اپنے تہبند کو اونچا کرو۔ میں نے اسے اونچا کیا۔ پھر فرمایا۔ مزید اونچا کرو۔ میں نے اور اونچا کرلیا اس کے بعد اس عمل کو طلب ہی کرتا رہا۔ کچھ لوگوں نے پوچھا کہاں تک؟ فرمایا نصف پنڈلیوں تک۔ (مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ اور اس خصلت کو یعنی تہبند اونچا کرنے کو، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم فرمانے کے بعد۔
سلہ جنہوں نے یہ حدیث حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے سنی۔

۴۱۷۲/۶۰ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَرَّ ثَوْبَهٗ خُيَلَاءَ لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَقَالَ اَبُوْبَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِزَارِيْ يَسْتَرْخِيْ اِلَّا اَنْ اَتَعَاهَدَهٗ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكَ لَسْتَ مِمَّنْ يَفْعَلُهٗ خُيَلَاءَ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ جس نے ازراہ تکبر کپڑے کو کھینچا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظر رحمت نہیں فرمائے گا۔ حضرت ابوبکر صدیق نے عرض کیا یا رسول اللہ! میرا تہبند نیچے ڈھلک جاتا ہے، جب تک کہ میں اس کا خاص خیال نہ رکھوں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا کہ تم ازراہ تکبر یہ کام نہیں کرتے۔ (بخاری)

سلہ صراح میں ہے خیلاء نقطے والی خاء پر پیش اس کے نیچے زیر بھی آئی ہے، یاء پر زبر، آخر میں الف ممدودہ، تکبر، خال اور مخیلۃ میم پر زبر اور خاء کے نیچے زیر۔
سلہ یہ وعید اور ڈرسن کر
سلہ مکروہ اور حرام ہے کہ خود پسندی اور تکبر کے طور پر ایسا کیا جائے۔

۴۱۷۳/۶۱ وَعَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ رَاَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَاْتَزِرُ فَيَضَعُ حَاشِيَةَ اِزَارِهٖ مِنْ مُقَدَّمِهٖ عَلٰى ظَهْرِ قَدَمِهٖ وَ يَرْفَعُ مِنْ مُؤَخَّرِهٖ قُلْتُ لِمَ تَاْتَزِرُ هٰذِهِ الْاِزَارَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتَزِرُهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عکرمہ سلہ سے روایت ہے کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو تہبند باندھتے ہوئے دیکھا وہ اپنی چادر کا اگلا کنارا پاؤں کی پشت پر رکھتے تھے اور پیچھے سے بلند کر لیتے تھے، میں نے کہا کہ آپ اس طرح تہبند کیوں باندھتے ہیں؟ انہوں نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو گاہے اسی طرح باندھتے ہوئے دیکھا ہے۔ (ابوداؤد)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۱ حضرت عکرمہ، ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے آزاد کردہ غلام اور کاتب تھے، نیز مکہ مکرمہ کے فقہا اور تابعین میں سے ایک تھے۔

۵۲ اِزْرَۃٌ تہبند باندھنے کا ایک طریقہ

۵۳ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اسبال سے بچنے کے لیے پیچھے سے چادر کا اونچا رکھنا کافی ہے۔

۴۳۴۲/۶۲ وَعَنْ عُبَادَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالْعَمَائِمِ فَاِنَّهَا سِيْمَاءُ الْمَلٰئِكَةِ وَارْخُوْا خَلْفَ ظُهُوْرِكُمْ. رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ

حضرت عبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم عمامے ضرور باندھو، کیونکہ یہ فرشتوں کی نشانی ہیں[۱]۔ اور انہیں اپنی پشت کے پیچھے لٹکاؤ[۲]

(امام بیہقی، شعب الایمان)

۱ جیسے کہ بدر کے دن فرشتے پگڑیاں باندھ کر آئے۔ سیما، الف مقصورہ اور ممدودہ دونوں کے ساتھ آتا ہے۔

۲ کیونکہ فرشتے بھی اسی حالت میں آئے تھے، بعض نسخوں میں ظُهُوْرِكُمْ (ظہور جمع کے صیغہ کے ساتھ) ہے اور یہ ظاہر ہے ——— پگڑی کی فضیلت میں بہت حدیثیں آئی ہیں، جن میں سے کچھ ہم نے شرح سفر السعادۃ میں بیان کی ہیں[۱]

---

۱ آج عوام تو عوام، علماء کرام بھی اس اہم سنت کے تارک ہیں، اور عوام میں سے کتنے جاہل تو ایسے ہیں جو پگڑی باندھنے والوں کا مزاح اڑاتے ہیں، امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے ایک سوال کے جواب میں عمامہ کی فضیلت میں بیس حدیثیں نقل کی ہیں۔ (دیکھیے فتاویٰ رضویہ ج ۳، ص ۷۶ ۔ ۸۰) تمہیدی سطور کا خلاصہ ملاحظہ ہو۔ عمامہ حضور پر نور سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت متواترہ ہے جس کا تواتر یقیناً سر حد ضروریات دین تک پہنچا ہے، ولہذا علمائے کرام نے عمامہ تو عمامہ ارسال عذبہ یعنی شملہ چھوڑنا کہ اس کی فرع ہے اور سنت غیر موکدہ ہے، اس کے ساتھ استہزا کو کفر ٹھہرایا تو عمامہ کی سنت لازمہ دائمہ ہے، یہاں تک کہ علماء نے خالی ٹوپی پہننے کو مشرکین کی وضع قرار دیا۔ اور حدیث آتی (آئندہ) رکانہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو اس پر حمل کیا، علامہ علی قاری نے شرح مشکوٰۃ میں فرمایا: اصلا مروی نہ ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کبھی بغیر عمامہ کے ٹوپی پہنی ہو، متعین ہوا کہ یہ کافروں کی وضع ہے، اسی میں بعد ذکر بعض احادیث فضیلت عمامہ ہے، ان سب سے عمامہ کی فضیلت مطلقاً ثابت ہوئی۔ بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ

بقیہ حاشیہ صفحہ آئندہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۱۷۵/۶۳ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اَسْمَآءَ بِنْتَ اَبِىْ بَكْرٍ دَخَلَتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ عَلَيْهَا ثِيَابٌ رِقَاقٌ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَ قَالَ يَا اَسْمَآءُ اِنَّ الْمَرْاَةَ اِذَا بَلَغَتِ الْمَحِيْضَ لَنْ يَّصْلُحَ اَنْ يُّرٰى مِنْهَا اِلَّا هٰذَا وَ هٰذَا وَ اَشَارَ اِلٰى وَجْهِهٖ وَكَفَّيْهِ ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت اسماء بنت ابو بکر صدیق، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں اس حال میں حاضر ہوئیں کہ انہوں نے باریک کپڑے پہن رکھے تھے، آپ نے چہرہ انور ان سے پھیر لیا، اور فرمایا: اسماء! تحقیق جب عورت حیض کو پہنچ جائے[۱] تو درست نہیں کہ اس کا کوئی عضو دیکھا جائے مگر یہ اور یہ، اور[۲] اپنے چہرہ انور اور دونوں ہتھیلیوں کی طرف اشارہ فرمایا۔

(ابوداؤد)

[۱] یعنی بلوغ کے وقت کو پہنچ جائے۔

[۲] هٰذَا و هٰذَا (یہ اور یہ) کا اشارالیہ بیان کرنے کے لیے ــــــــ یہ خاتون کے لیے ستر عورت ہے، اور حجاب (پردہ) یہ ہے کہ گھر سے باہر مردوں کے سامنے نہ جائیں اگرچہ پوشیدہ ہوں، اور یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کے خصائص میں سے ہے رضی اللہ تعالیٰ عنہن۔ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جب اعضاء باریک کپڑوں میں دکھائی دیں تو وہ برہنہ کے حکم میں ہیں[۱]

---

[۱] حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی لکھتے ہیں: اس سے دو مسئلے معلوم ہوتے ایک یہ کہ اگر باریک کپڑے میں سے جسم نظر آرہا ہو تو وہ ننگے جسم کے حکم میں ہے اس کو پہن کر نماز نہ ہوگی، دوسرے یہ کہ عورت کے ہاتھ کلائیوں تک اور چہرہ ستر نہیں، مگر اب اجنبی کو اس کا دیکھنا حرام ہے۔ یہ فرمان عالی پردہ فرض ہونے سے پہلے کا ہے۔ ۱۲ مرآۃ

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) اگرچہ بے ٹوپی ہو، ہاں ٹوپی کے ساتھ افضل ہے اور خالی ٹوپی خلاف سنت ہے۔ اور کیونکر نہ ہو کہ وہ کافروں اور بعض بلاد کے بدمذہبوں کی وضع ہے ــــ اس کا انکار کس درجہ اشد واکبر ہوگا! اس کا سنت متواترہ ہونا متواتر ہے اور سنت متواترہ کا استخفاف (توہین) کفر ہے (فتاویٰ رضویہ، ج ۳، ص ۷۶، ۷۷ (طبع مبارکپور، ہند)
(۱۲ قادری نقشبندی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۱۷۶/۶۴ وَعَنْ اَبِیْ مَطَرٍ قَالَ اَنَّ عَلِیًّا اِشْتَرٰی ثَوْبًا بِثَلٰثَةِ دَرَاهِمَ فَلَمَّا لَبِسَهٗ قَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ رَزَقَنِیْ مِنَ الرِّیَاشِ مَا اَتَجَمَّلُ بِهٖ فِی النَّاسِ وَ اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ)

حضرت ابو مطر[۱] سے روایت ہے کہ حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے تین درہم[۲] میں ایک کپڑا خریدا، جب اسے پہنا تو کہا۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے مجھے وہ لباس[۳] عطا فرمایا جس کے ساتھ میں لوگوں میں زیب وزینت کرتا ہوں۔ اور اپنا ستر ڈھانپتا ہوں[۴]، پھر فرمایا۔ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اسی طرح فرماتے ہوئے سنا[۵]۔

(امام احمد)

[۱] ابو مطر تابعی ہیں۔ ان کا نام معلوم نہیں ہے، حضرت سالم بن عبداللہ سے روایت کرتے ہیں، ان سے حجاج بن ارطاۃ نے روایت کی اور ان کی توثیق کی۔

[۲] ایک درہم تین ماشے چاندی سے کم ہوتا ہے اشعۃ اللمعات میں ہے کہ درہم ساڑھے تین ماشے کا ہوتا ہے ۱۲ قادری نقشبندی)۔

[۳] ریاش را کے نیچے زیر، ریش کی جمع، بمعنی زینت، یہ پرندے کے پر سے مستعار ہے جو اس کے لیے لباس بھی ہے اور زینت بھی (اصل میں ریش کا معنی پر ہے ۱۲ ق)

[۴] یہ اشارہ ہے اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد کی طرف قَدْ اَنْزَلْنَا عَلَیْكُمْ لِبَاسًا یُّوَارِیْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِیْشًا (الآیۃ) ہم نے تم پر لباس اتارا جو تمہارے ستر ڈھانپتا ہے اور زینت ہے۔

[۵] کپڑا پہننے کے بعد، اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لیے۔

۴۱۷۷/۶۵ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ لَبِسَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ ثَوْبًا جَدِیْدًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِهٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِهٖ فِیْ حَیَاتِیْ ثُمَّ قَالَ

حضرت ابو امامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نیا کپڑا پہنا تو کہا: اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے مجھے وہ کپڑا پہنایا جس سے میں اپنا ستر ڈھانپتا ہوں اور اپنی زندگی میں جمال حاصل کرتا ہوں، پھر کہنے لگے میں نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا جَدِيْدًا فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ مَا اُوَارِيْ بِهٖ عَوْرَتِيْ وَ اَتَجَمَّلُ بِهٖ فِيْ حَيَاتِيْ ثُمَّ عَمَدَ اِلَى الثَّوْبِ الَّذِيْ اَخْلَقَ فَتَصَدَّقَ بِهٖ كَانَ فِيْ كَنَفِ اللّٰهِ وَ فِيْ حِفْظِ اللّٰهِ وَ فِيْ سِتْرِ اللّٰهِ حَيًّا وَّ مَيِّتًا۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے نیا کپڑا پہنا اور کہا اللہ تعالیٰ کا شکر ہے جس نے مجھے وہ کپڑا پہنایا جس سے میں اپنا ستر ڈھانپتا ہوں اور اپنی زندگی میں آرائش حاصل کرتا ہوں۔ پھر اس نے اپنے پرانے کپڑے کا قصد کیا اور اسے صدقہ کر دیا۔ تو وہ شخص زندہ اور مردہ اللہ تعالیٰ کی پناہ[1]، اس کی حفاظت اور اس کے پردے[2] میں ہوگا۔

(احمد، ترمذی، ابن ماجہ۔ امام ترمذی نے فرمایا یہ حدیث غریب ہے۔)

[1] قاموس میں ہے کَنَفٌ پہلے دونوں حرفوں پر زبر، پناہ، پردہ اور سایہ، وہ شخص اللہ تعالیٰ کی مہربانی کے سائے میں ہوگا۔

[2] اس کی بخشش اور مغفرت کے پردے میں ہوگا۔ سِتْر سین کے نیچے زیر، اسم ہے (بمعنی پردہ) اور سین پر زبر ہو تو مصدر ہے (اس کا معنی ڈھانپنا ہے) ـــــــــ زندگی میں نعمت کی شکر گزاری کی بنا پر اور مرنے کے بعد صدقے کے ثواب کی بنا پر۔

۴۲۸۱ وَعَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ اَبِيْ عَلْقَمَةَ عَنْ اُمِّهٖ قَالَتْ دَخَلَتْ حَفْصَةُ بِنْتُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَلٰى عَائِشَةَ وَ عَلَيْهَا خِمَارٌ رَقِيْقٌ فَشَقَّتْهُ عَائِشَةُ وَ كَسَتْهَا خِمَارًا كَثِيْفًا۔ (رَوَاهُ مَالِكٌ)

حضرت علقمہ بن ابو علقمہ رضی اللہ عنہ اپنی والدہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت حفصہ بنت عبد الرحمن حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس اس حال میں داخل ہوئیں کہ انہوں باریک دوپٹہ اوڑھ رکھا تھا۔ حضرت عائشہ نے وہ دوپٹہ پھاڑ دیا اور انہیں موٹا دوپٹہ پہنا دیا۔

(امام مالک)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ علقمہ ابن ابو علقمہ مدنی تابعی ہیں اور حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے آزاد کردہ غلام، یہ ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد علقمہ بن قیس سے الگ شخصیت ہیں، وہ اکابر اور مشاہیر تابعین میں سے ہیں، مطلق علقمہ کہا جائے تو وہی مراد ہوتے ہیں۔

سلہ خمار پہلے حرف کے نیچے زیر، عورتوں کی اوڑھنی، دوپٹہ۔

۴۷۹ ۶۷ وَعَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَيْمَنَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَائِشَةَ وَعَلَيْهَا دِرْعُ قِطْرِيٍّ ثَمَنُ خَمْسَةِ دَرَاهِمَ فَقَالَتْ اِرْفَعْ بَصَرَكَ اِلٰى جَارِيَتِيْ اُنْظُرْ اِلَيْهَا فَاِنَّهَا تُزْهٰى اَنْ تَلْبَسَهٗ بِالْبَيْتِ وَقَدْ كَانَ لِيْ مِنْهُنَّ دِرْعٌ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا كَانَتِ امْرَاَةٌ تُقَيَّنُ بِالْمَدِيْنَةِ اِلَّا اَرْسَلَتْ اِلَيَّ تَسْتَعِيْرُهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبدالواحد بن ایمن سلہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں سلہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا، انہوں نے قطری کپڑے سلہ کی قمیص پہن رکھی تھی جس کی قیمت پانچ درہم تھی سلہ، انہوں نے فرمایا: میری کنیز کی طرف نگاہ اٹھاؤ اور اسے دیکھو کہ وہ اس کپڑے کو گھر میں شہ پہننا معیوب جانتی ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں میری ایک قمیص اس کپڑے کی تھی سلہ مدینہ منورہ میں جو عورت بھی دلہن بنائی جاتی تھی سلہ وہ کسی کو میرے پاس بھیج کر عاریۃً منگوا لیتی تھی شہ۔ (بخاری)

سلہ عبدالواحد بن ایمن کی کنیت ابوالقاسم ہے۔ مخزومی ہیں، ابو عمرو کے اور بقول بعض ابن ابی عمرو کے آزاد کردہ غلام ہیں، انہوں نے اپنے والد اور دیگر تابعین سے حدیث سنی۔

سلہ یعنی حضرت ایمن

سلہ یمن یا بحرین کا ایک قسم کا کپڑا —— قاموس میں ہے کہ درع عورت کی قمیص کو کہتے ہیں۔ مغرب میں ہے کہ درع اس کپڑے کو کہتے ہیں جسے عورت قمیص کے اوپر پہنتی ہے۔

سلہ یعنی معمولی قسم کا کپڑا تھا۔

شہ چڑ جائے کہ اسے پہن کر باہر جائے، تُزْهٰى صیغہ مجہول ہے لیکن اس کا معنی معلوم والا ہے، بعض الفاظ کا استعمال اسی طرح آیا ہے۔ جیسے کہ نُتِجَتِ النَّاقَةُ لفظ مجہول کے ساتھ کہتے ہیں لیکن معنی معلوم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

والا ہے، یعنی اونٹنی نے بچہ جنا۔

۶ھ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانہ میں اپنے فقر، تنگدستی اور زہد کا حال بیان کیا کہ میری ایک قمیص قطری کپڑے کی تھی۔ علامہ طیبی نے کہا کہ منہا کی ضمیر ان کپڑوں کی جنس کی طرف ہے جن کی اہمیت اور قدر و قیمت نہیں ہوتی۔

۷ھ تقیین کا معنی ہے گانے والی کنیز کا گانے کے آلات کا سنوارنا۔

۸ھ کپڑوں کی قلت کی بنا پر یا برکت حاصل کرنے کے لیے ۱۲ (قادری نقشبندی)

۴۱۸۰ / ۲۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ لَبِسَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَوْمًا قَبَاءَ دِیْبَاجٍ أُهْدِيَ لَهٗ ثُمَّ أَوْشَكَ أَنْ نَّزَعَهٗ فَأَرْسَلَ بِهٖ إِلٰی عُمَرَ فَقِيْلَ قَدْ أَوْشَكَ مَا انْتَزَعْتَهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰہِ فَقَالَ نَهَانِيْ عَنْهُ جِبْرِيْلُ فَجَاءَ عُمَرُ يَبْكِيْ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰہِ كَرِهْتَ أَمْرًا وَأَعْطَيْتَنِيْهِ فَمَا لِيْ فَقَالَ إِنِّيْ لَمْ أُعْطِكَهٗ تَلْبَسُهٗ إِنَّمَا أَعْطَيْتُكَهٗ تَبِيْعُهٗ فَبَاعَهٗ بِأَلْفَيْ دِرْهَمٍ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دن دیبا کی قبا زیب تن فرمائی جو آپ کو ہدیہ کے طور پر پیش کی گئی تھی، پھر آپ نے جلد اتار دی اور حضرت عمر کے پاس بھیج دی، عرض کیا گیا[1] یا رسول اللہ! آپ نے کتنی جلدی اتار دی؟ فرمایا! مجھے جبرائیل علیہ السلام نے اس سے منع کیا[2] حضرت عمر[3] روتے ہوئے حاضر ہو کر کہنے لگے یا رسول اللہ! آپ نے ایک چیز ناپسند کی اور مجھے عطا فرما دی، میرا کیا حال ہوگا[4]، فرمایا! ہم نے یہ قبا تمہیں پہننے کے لیے نہیں دی، تمہیں اس لیے دی ہے کہ اسے بیچ لو، چنانچہ انہوں نے دو ہزار درہم[5] میں بیچ دی (مسلم)

۱ھ صحابہ کرام نے عرض کیا۔

۲ھ معلوم ہوا کہ سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ممانعت سے پہلے ریشمی قبا پہنی تھی۔

۳ھ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ واقعہ سنا تو

۴ھ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خیال کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں قبا پہننے کے لیے عنایت کی ہے، اور رو پڑے کہ جس چیز کو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ناپسند کیا ہے میں اسے کس طرح

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

پہن لوں ؟) نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں تسلی دی ۔

۵ چونکہ قبا قیمتی تھی اس لیے یہ حکم نہیں دیا کہ اس سے عورتوں کے کپڑے بنا دو، جیسے کہ دیگر مواقع پر فرمایا ۔

۴۱۸۱/۴۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الثَّوْبِ الْمُصْمَتِ مِنَ الْحَرِيْرِ فَاَمَّا الْعَلَمُ وَسَدَاةُ الثَّوْبِ فَلَا بَاْسَ بِهٖ ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صرف خالص[۱] ریشم کے کپڑے سے (مردوں کو) منع فرمایا ہے ۔ لیکن نشان اور کپڑے کا تانا (ریشمی ہو تو) اس میں حرج نہیں ہے[۲]

(ابوداؤد)

۱ جس کا تانا بانا دونوں ریشمی ہوں، کسی دوسری چیز کی آمیزش نہ ہو ــــــــ مُصْمَت میم پر پیش، صاد ساکن، دوسرے میم پر زبر، ایک قسم اور ایک رنگ کا کپڑا ۔

۲ یاد رہے کہ جس کپڑے کا تانا اور بانا ریشم ہو (مرد کے لیے) اس کا پہننا حرام اور مکروہ ہے ، ہاں بعض علماء کا ایک شاذ قول ہے (کہ اس کا پہننا جائز ہے) جس پر عمل نہیں کیا جا سکتا ۔ صاحبین کے نزدیک جنگ میں پہننا جائز ہے ، جس کپڑے کا تانا ریشم اور بانا ریشمی نہ ہو وہ بالاتفاق جائز ہے اور اس کا عکس (بانا ریشم اور تانا غیر ریشم) بھی مکروہ ہے ، ہاں جنگ میں جائز ہے ، جنگ میں صاحبین کے نزدیک خالص ریشم بھی جائز ہے ، امام ابو حنیفہ کے نزدیک مخلوط جائز ہے ، جس کا تانا ریشم اور بانا ریشم نہ ہو ، اور جس کپڑے کا تانا ریشم ہو اور بانا ریشمی نہ ہو وہ بھی مطلقاً جائز ہے ۔

۴۱۸۲/۵۰ وَعَنْ اَبِيْ رَجَاءٍ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ وَّ عَلَيْهِ مُطْرَفٌ مِّنْ خَزٍّ وَّ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ نِعْمَةً فَاِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ اَنْ يُّرٰى اَثَرُ نِعْمَتِهٖ

حضرت ابو رجاء سے روایت ہے کہ ہمارے پاس حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ اس حال میں تشریف لائے کہ انہوں نے نقش و نگار والی اونی چادر[۳] اوڑھ رکھی تھی، فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جسے اللہ تعالیٰ کوئی نعمت عطا فرماتے تو بے شک اللہ تعالیٰ اس بات کو پسند فرماتا ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلٰی عَبْدِہٖ۔ کہ اس کے بندے پر اس کی نعمت کا اثر دیکھا جائے۵۵

(رَوَاہُ اَحْمَدُ) (امام احمد)

سلے۵ ابو رجاء راء اور جیم پر زبر، ان کا نام عمران بن تیم عطاردی ہے اور وہ ایسے تابعی ہیں، جنہوں نے جاہلیت اور اسلام کا زمانہ پایا۔

۵۲ مطرف میم پر تینوں حرکتیں پڑھی جا سکتی ہیں، وہ کپڑا جس کے دونوں کناروں پر نقش و نگار اور پھول ہوں میم زائدہ۔ قاموس میں ہے، مطرف بروزن مُکرَم چار کونوں والی اونی چادر جس پر پھول ہوں۔

۵۳ اس کی شرح دوسری فصل، حضرت عمرو بن شعیب کی روایت کردہ حدیث کی شرح میں گزر چکی ہے۔

۴۱۸۳/۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُلْ مَا شِئْتَ وَالْبَسْ مَا شِئْتَ مَا اَخْطَاَتْكَ اثْنَتَانِ سَرَفٌ وَّ مَخِيْلَةٌ۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ جو چاہو کھاؤ اور جو چاہو پہنو، جب تک کہ دو چیزیں تم سے جدا رہیں (۱) فضول خرچی (۲) تکبر۵۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ فِیْ تَرْجَمَۃِ بَابٍ) امام بخاری نے یہ حدیث ایک باب کے عنوان میں ذکر کی ہے۔

سلے۵ یعنی (حلال) کھانے اور لباس میں توسیع کے مکروہ ہونے کی وجہ فضول خرچی اور تکبر ہے، اور اگر یہ وجہ نہیں پائی گئی تو جائز ہے۔

۴۱۸۴/۲ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا وَتَصَدَّقُوْا وَالْبَسُوْا مَا لَمْ يُخَالِطْ اِسْرَافٌ وَّلَا مَخِيْلَةٌ۔

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کھاؤ، پیو، صدقہ کرو اور پہنو، جب تک کہ فضول خرچی اور تکبر کی آمیزش نہ ہو۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالنَّسَائِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ) (احمد، نسائی، ابن ماجہ)

۴۱۸۵/۳ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا زُرْتُمُ اللّٰهَ فِيْ قُبُوْرِكُمْ وَمَسَاجِدِكُمُ الْبَيَاضُ۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

نے فرمایا، بہترین کپڑے جن کے ساتھ تم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں، اپنی قبروں اور مسجدوں میں حاضری دو سفید ہیں (ابن ماجہ)

بَابُ الْخَاتَمِ

۳۰۱۔ انگوٹھی کا بیان

انگوٹھی وغیرہ زیورات کا بیان، خاتم میں پانچ لغات ہیں (۱) تاء پر زبر (۲) تاء کے نیچے زیر، (۳) خاتام (۴) خِتام خاء کے نیچے زیر (۵) خَتَم پہلے دونوں حرفوں پر زبر، بعض کتابوں میں خیتام اور خیتوم کا بھی اکثر ذکر کیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۱۸۶/۱ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اتَّخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا مِّنْ ذَهَبٍ وَّفِيْ رِوَايَةٍ وَّجَعَلَهٗ فِيْ يَدِهِ الْيُمْنٰى ثُمَّ اَلْقَاهُ ثُمَّ اتَّخَذَ خَاتَمًا مِّنْ وَّرِقٍ نُقِشَ فِيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَقَالَ لَا يَنْقُشَنَّ اَحَدٌ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی بنوائی اور ایک روایت میں ہے کہ آپ نے دائیں ہاتھ میں پہنی، پھر جدا کر دی، پھر چاندی کی انگوٹھی بنوائی۔ اس میں نقش کیا گیا محمد رسول اللہ، اور فرمایا کوئی شخص ہماری اس انگوٹھی کے

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

عَلٰی نَقْشِ خَاتِمِیْ هٰذَا وَ کَانَ اِذَا لَبِسَهٗ جَعَلَ فَصَّهٗ مِمَّا یَلِیْ بَطْنَ کَفِّهٖ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

نقش پر نقش نہ بنائے ۵۳، اور جب آپ انگوٹھی پہنتے تو اس کا نگینہ ہتھیلی کی طرف کر لیتے تھے ۔ (صحیحین)

۵۱ ورِق "را" کے نیچے زیر، اس پر زبر اور سکون بھی آیا ہے، مہر والے دراہم، اس جگہ چاندی مراد ہے۔

۵۲ نقش صیغہ معلوم کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے، چونکہ یہ متبرک کلمات تھے۔ اور تمام مسلمانوں کے درمیان مشترک، گمان تھا کہ تمام مسلمان ان کے نقش کرنے میں دلچسپی لیں گے، اس لیے منع فرما دیا۔

۵۳ بعض شارحین کہتے ہیں کہ اس جگہ لفظ علی بمعنی مثل ہے، اور مطلب یہ ہے کہ کوئی دوسرا شخص یہ کلمات اپنی مہر میں نہ لکھے، کیونکہ مہر کے نقش میں اشتراک، باعث فساد اور اہم مقاصد میں خلل پیدا ہونے کا ذریعہ ہے۔ خاتمی هٰذا میں هٰذا کا اشارہ یا تو نقش کی تعیین کی طرف ہے یا انگوٹھی کی طرف، مقصود اس انگوٹھی کی تعیین اور دوسروں کی انگوٹھیوں سے ممتاز کرنا ہے، تقیید مقصود نہیں ہے (تاکہ یہ مطلب سمجھا جائے کہ اس انگوٹھی کی مثل نقش نہ بناؤ جا ہے ہماری کسی دوسری انگوٹھی کی مثل بنا لو ۱۲ ق، ف) اور اگر انگوٹھی کے اس نقش کو خاص طور پر سلاطین اور ملوک کے نام ارسال کیے جانے والے مکاتیب کے لیے معین فرمایا ہوا اور اس سلسلے میں کسی دوسری انگوٹھی کا نقش معتبر نہ ہو تو تقیید کا معنی بھی درست ہو گا۔ واللہ تعالیٰ اعلم

۵۴ نگینہ باہر کی طرف نہ رکھتے، کیونکہ یہ انداز خود پسندی اور زینت سے دور ہے (سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انگوٹھی مہر لگانے کے لیے بنوائی تھی نہ کہ زیب و زینت کے لیے ۱۲ ق، ن) مذہب حنفی میں یہی مختار ہے۔ جیسے کہ ہدایہ میں ہے، لیکن علامہ طیبی نے کہا کہ چونکہ حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا حکم نہیں دیا لہٰذا اگر نگینہ ہاتھ کی پشت کی طرف بھی رکھا جاتے تو درست ہے اور سلف صالحین سے دونوں طرح منقول ہے۔

یاد رہے کہ حدیث کی ابتدا میں دو چیزوں کا ذکر ہے اور دونوں میں تبدیلی پیدا ہو گئی۔

۱۔ سونے کی انگوٹھی کا پہننا، اس کی تبدیلی اسی حدیث میں مذکور ہوتی ہے۔

۲۔ دائیں ہاتھ میں پہننا یہ طریقہ بھی بدل گیا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا آخری طریقہ بائیں ہاتھ میں انگوٹھی کا پہننا ہے، اسی طرح علامہ طیبی نے بیان کیا، صاحب سفر السعادۃ نے کہا کہ روایات مختلف ہیں۔ بعض احادیث سے دائیں ہاتھ میں اور بعض سے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کا ثبوت ملتا ہے، اور تمام احادیث صحیح ہیں، اور ظاہر یہ ہے کہ کبھی بائیں ہاتھ میں پہنتے اور کبھی دائیں ہاتھ میں (اھ) علامہ سیوطی نے شرح بخاری میں فرمایا کہ احادیث میں انگوٹھی کا دائیں ہاتھ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

میں پہننا وارد ہے اور دیگر احادیث میں بائیں ہاتھ میں پہننے کا تذکرہ ہے۔ اور اسی پر عمل ہے، پہلا طریقہ منسوخ ہے چنانچہ امام بیہقی اور بغوی وغیرہ اسی کے قائل ہوئے ہیں، ابن عدی وغیرہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنی، پھر اس میں تبدیلی کی اور اسے بائیں ہاتھ میں پہن لیا۔ امام نووی نے فرمایا: دائیں اور بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننے کے جائز ہونے پر اجماع ہے۔ نیز فرمایا کہ ہمارے مذہب میں صحیح یہ ہے کہ یمنی پتھر زیادہ شرافت والا ہے۔ لہٰذا وہ زینت اور عزت کے زیادہ لائق ہوگا۔

یہ بھی پیش نظر رہے کہ سونے کی انگوٹھی مردوں کے لیے حرام ہے، لیکن عورتوں کے لیے حرام نہیں ہے، بلکہ علماء فرماتے ہیں کہ عورتوں کو چاندی کی انگوٹھی پہننا مکروہ ہے، کیونکہ یہ مردوں کا پہناوا ہے اور لباس میں عورتوں کو مردوں کی مشابہت اختیار کرنا مکروہ ہے۔ یہ بھی کہا ہے کہ اگر عورت چاندی کی انگوٹھی پہنے تو اسے چاہیے کہ اس کا رنگ زعفران وغیرہ سے تبدیل کرے، ہدایہ میں ہے کہ اس معاملے میں معتبر نگینہ نہیں بلکہ حلقہ ہے، کیونکہ انگوٹھی کی حقیقت کا دو چیزوں پر مشتمل ہونا بعید ہے۔

۴۱۸۷/۲ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لُبْسِ الْقَسِّيِّ وَالْمُعَصْفَرِ وَعَنْ تَخَتُّمِ الذَّهَبِ وَعَنْ قِرَاءَةِ الْقُرْآنِ فِي الرُّكُوْعِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ریشمی اور سرخ لباس کے پہننے، سونے کی انگوٹھی پہننے[1] اور رکوع میں قرآن پاک پڑھنے[2] سے منع فرمایا۔ (مسلم)

[1] اس کی شرح کتاب اللباس کی دوسری فصل میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث کے تحت گزر چکی ہے۔

[2] اس کے دو مطلب ہیں۔

۱۔ رکوع میں تسبیح کی جگہ قرآن پاک کے پڑھنے سے منع فرمایا، کیونکہ قراءت کی جگہ قیام ہے، اور رکوع تسبیح کی جگہ ہے۔

۲۔ اس بات سے منع کیا کہ جلدی میں قراءت مکمل کیے بغیر رکوع میں چلا جاتے اور کچھ قراءت رکوع میں کرے، اسی طرح میں نے سنا کر۔

۴۱۸۸/۳ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَبَّاسٍ

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى خَاتَمًا مِّنْ ذَهَبٍ فِيْ يَدِ رَجُلٍ فَنَزَعَهٗ فَطَرَحَهٗ فَقَالَ يَعْمِدُ اَحَدُكُمْ اِلٰى جَمْرَةٍ مِّنْ نَّارٍ فَيَجْعَلُهَا فِيْ يَدِهٖ فَقِيْلَ لِلرَّجُلِ بَعْدَ مَا ذَهَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْ خَاتَمَكَ انْتَفِعْ بِهٖ قَالَ لَا وَاللّٰهِ لَا اٰخُذُهٗ اَبَدًا وَّقَدْ طَرَحَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کے ہاتھ میں سونے کی انگوٹھی دیکھی، آپ نے وہ اتار کر دور پھینک دی اور فرمایا: تم میں سے ایک شخص جہنم کی آگ کے انگارے کا ارادہ کرتا ہے اور اسے اپنے ہاتھ میں پہن لیتا ہے[1]، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تشریف لے جانے کے بعد[2] اس شخص کو کہا گیا کہ اپنی انگوٹھی لے لو اور اس سے نفع حاصل کرو[3] انہوں نے کہا خدا کی قسم! میں اسے کبھی بھی نہیں لوں گا، جب کہ اسے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پھینک دیا ہے[4] (مسلم)

[1] اس ارشاد سے مقصود یا تو ممانعت ہے یا سونے کی انگوٹھی پہننے پر وعید اور تشدید ہے۔

[2] یعنی اس مجلس سے

[3] اسے بیچ کر اس کے ثمن سے فائدہ حاصل کرو یا تمہاری کوئی عورت اسے پہن لے گی۔

[4] کیونکہ جس چیز کو سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ناپسند اور مکروہ جانا ہے، آپ کی اجازت کے بغیر اس کے اٹھانے اور اس سے نفع حاصل کرنے میں بھلائی نہیں ہوگی، اچھا ہے کوئی فقیر اسے اٹھائے اور اس سے نفع حاصل کرے تاکہ مجھ سے سرزد ہونے والی کوتاہی کا کفارہ ادا ہو جائے۔

۴۱۸۹ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرَادَ اَنْ يَّكْتُبَ اِلٰى كِسْرٰى وَقَيْصَرَ وَالنَّجَاشِيِّ فَقِيْلَ اِنَّهُمْ لَا يَقْبَلُوْنَ كِتَابًا اِلَّا بِخَاتَمٍ فَصَاغَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شاہ فارس[1]، شاہ روم[2]، اور شاہ حبشہ[3] کے نام فرمان لکھنے کا ارادہ کیا تو عرض کیا گیا کہ وہ لوگ[4] مہر کے بغیر مکتوب کو قبول نہیں کرتے، تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَاتَمًا حَلْقَةً فِضَّةٍ نُقِشَ فِيْهِ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

علیہ وسلم کے حکم پر ایک انگوٹھی تیار کی گئی ۵ حلقہ چاندی کا تھا ۶، اس میں نقش کیا گیا۔ محمد رسول اللہ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

(مسلم)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ كَانَ نَقْشُ الْخَاتَمِ ثَلٰثَةَ اَسْطُرٍ مُحَمَّدٌ سَطْرٌ وَ رَسُوْلٌ سَطْرٌ وَ اللّٰهُ سَطْرٌ۔

امام بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ انگوٹھی کے نقش کی تین سطریں تھیں۔ (۱) "محمد"۔ (۲) رسول۔ (۳) اللہ ۷۔

۱؎ کسریٰ کاف پر زبر، اس کے نیچے زیر بھی جائز ہے۔ راء پر زبر۔ زیر کی طرف اس کا امالہ بھی آیا ہے فارس (ایران) کے بادشاہ کا لقب اور خسرو کا معرب ہے۔

۲؎ قیصر شاہ روم کا لقب ہے۔

۳؎ نجاشی نون پر زبر، اس کے نیچے زیر بھی جائز ہے، جیم مخفف، یا مشدد، اسے مخفف ساکن بھی پڑھ سکتے ہیں، بعض افاضل نے اسی طرح تصحیح کی ہے، شاہ حبشہ کا لقب، یاء کی تخفیف زیادہ مشہور ہے۔

۴؎ یعنی شاہانِ وقت

۵؎ صوغ پگھلی ہوئی چیز کو سانچے میں ڈالنا۔

۶؎ نگینے کے بارے میں بیان نہیں کیا صرف حلقے کے ذکر پر اکتفاء کیا ہے، چونکہ حلقہ ہاتھ میں پہنا جاتا ہے اور وہ محل استبعاد ہے، بیان جواز کے لیے اس کا ذکر کر دیا گیا، بعض احادیث میں آیا ہے۔ کہ یہ نگینہ بھی چاندی کا تھا، اور بعض روایات میں ہے کہ اس میں حبشی نگینہ تھا۔ اس کا بیان احادیث میں بھی آئے گا۔

۷؎ سب سے نچلی سطر میں محمدؐ درمیانی سطر میں رسول اور اوپر والی سطر میں اللہ امام نووی نے لکھا ہے کہ پہلی سطر اللہ دوسری سطر رسول اور تیسری سطر میں محمد اس طرح۔ [اللہ / رسول / محمد] دائرے میں عبارت نیچے سے اوپر کی طرف پڑھی جاتی ہے ۱۲ (ق ن) بعض حواشی میں اس طرح لکھا ہوا ہے۔ [محمد رسول اللہ] نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال کے بعد آپ کی بابرکت انگوٹھی حضرت ابوبکر صدیق کے پاس ان کے بعد حضرت عمر فاروق کے پاس اور ان کے بعد حضرت عثمان غنی کے پاس رہی رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین۔ حضرت عثمان غنی کی خلافت کے آخری دور میں ان کے خادم معیقیب سے اریس نامی کنوئیں میں گر گئی، بہت تلاش کی گئی مگر نہیں ملی، کہتے ہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کہ ان کے زمانے میں اس انگوٹھی کے گم ہونے کے بعد ہی اختلاف وانتشار اور پریشانی پیدا ہوئی حضرت سلیمان علیہ السلام کی انگوٹھی کی طرح اس انگوٹھی میں بھی ایک راز ودیعت کیا گیا تھا جس کی بنا پر وہ انگوٹھی اتفاق اور انتظام کا باعث تھی۔

۴۱۹۰/۵ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ خَاتَمُهُ مِنْ فِضَّةٍ وَكَانَ فَصُّهُ مِنْهُ. (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ان ہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگوٹھی چاندی کی تھی اور اس کا نگینہ بھی چاندی کا تھا۔ (بخاری)

۴۱۹۱/۶ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَبِسَ خَاتَمَ فِضَّةٍ فِي يَمِينِهِ فِيْهِ فَصٌّ حَبَشِيٌّ كَانَ يَجْعَلُ فَصَّهُ مِمَّا يَلِي كَفَّهُ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چاندی کی انگوٹھی دائیں ہاتھ میں پہنی، اس میں حبشی[۱] نگینہ تھا آپ اس کے نگینے کو ہتھیلی کی طرف رکھتے تھے۔ (صحیحین)

[۱] نگینہ بایں معنی حبشہ کی طرف منسوب تھا کہ وہ جزع یا عقیق تھا جس کی کان یمن اور حبشہ میں ہے، یا کوئی دوسرا نگینہ تھا جو حبشہ میں ہوتا ہے، یا یمنی پتھر مراد ہے اور قرب کی بنا پر حبشہ کو یمن میں شمار کرتے ہیں، یا وہ نگینہ حبشیوں کے رنگ کی طرح سیاہ تھا، یا وہ حبشہ میں تیار کیا گیا تھا، یا اس کا تیار کرنے والا حبشی تھا، جیسے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تلوار کے بارے میں آیا ہے کہ وہ حنفی تھی، یعنی اس کا بنانے والا بنو حنیفہ سے تھا، اس معنی کے اعتبار سے یہ حدیث، چاندی کا نگینہ ہونے کے منافی نہیں ہے، پہلا معنی مراد ہونے کی صورت پر اس حدیث کو انگوٹھیوں کے متعدد ہونے پر محمول کیا جائے گا۔

۴۱۹۲/۷ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ خَاتَمُ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي هٰذِهٖ وَاَشَارَ اِلَى الْخِنْصَرِ مِنْ يَدِهِ الْيُسْرٰى. (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

اور ان ہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی انگوٹھی اس انگلی میں تھی، حضرت انس نے بائیں ہاتھ کی چھنگلی کی طرف اشارہ کیا۔ (مسلم)

۴۱۹۳/۸ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهَانِيْ

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَتَخَتَّمَ فِيْ اِصْبَعِيْ هٰذِهٖ اَوْ هٰذِهٖ قَالَ فَاَوْمٰى اِلَى الْوُسْطٰى وَالَّتِيْ تَلِيْهَا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے اس انگلی یا اس انگلی میں انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا۔ راوی کہتے ہیں کہ حضرت علی نے درمیانی اور اس کے ساتھ والی انگلی لہ کی طرف اشارہ کیا۔ (مسلم)

لہ یعنی انگشت شہادت، اسی طرح کہا گیا ہے، یہ بھی احتمال ہے کہ قَالَ کی ضمیر حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف راجع ہو اور اَوْمٰی (اشارہ کیا) کی ضمیر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف راجع ہو، پہلا احتمال زیادہ ظاہر ہے، بعض شارحین نے کہا کہ انگوٹھے اور چھنگلی کے ساتھ والی انگلی کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صحابۂ کرام اور تابعین رضی اللہ تعالیٰ عنہم اجمعین سے کوئی روایت نہیں آئی، اس سے ثابت ہوا کہ چھنگلی میں انگوٹھی پہننا مستحب ہے، اسی طرف ائمہ حنفیہ اور شافعیہ کا میلان ہے۔ یہ مردوں کے لیے ہے، عورتوں کے لیے تمام انگلیوں میں انگوٹھی پہننا جائز ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۴۱۹۴/۹ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَمِيْنِهٖ۔ رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَرَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ عَنْ عَلِيٍّ)

حضرت عبد اللہ بن جعفر لہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔ (ابن ماجہ) امام ابوداؤد اور امام نسائی نے یہ حدیث حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی

لہ حضرت عبد اللہ بن جعفر صحابی تھے اور جود و سخاوت میں یکتائے روزگار تھے

۴۱۹۵/۱۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَتَّمُ فِيْ يَسَارِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے بائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہنتے تھے۔ (ابوداؤد)

۴۱۹۶/۱۱ وَعَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخَذَ حَرِيْرًا

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ریشمی

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

فَجَعَلَهٗ فِيْ يَمِيْنِهٖ فَاَخَذَ ذَهَبًا فَجَعَلَهٗ فِيْ شِمَالِهٖ ثُمَّ قَالَ اِنَّ هٰذَيْنِ حَرَامٌ عَلٰى ذُكُوْرِ اُمَّتِيْ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

کپڑا پکڑا اور اسے اپنے دائیں ہاتھ میں رکھا، اور سونا پکڑا، اسے اپنے بائیں ہاتھ میں رکھا پھر فرمایا: بے شک یہ دونوں میری امت کے مردوں پر حرام ہیں۔ (احمد، ابوداؤد، نسائی)

۴۱۹۷ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ رُكُوْبِ النُّمُوْرِ وَعَنْ لُبْسِ الذَّهَبِ اِلَّا مُقَطَّعًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے چیتے کی کھالوں پر سوار ہونے سے منع فرمایا، نیز سونا پہننے سے منع فرمایا مگر یہ کہ ریزہ ریزہ کیا ہوا ہو[۱]۔ (ابوداؤد، نسائی)

[۱] مقطع اصل میں چھوٹے کپڑے اور ہر چھوٹی اور ناقص چیز کو کہتے ہیں، اس اعتبار سے شارحین نے اس کی تفسیر تھوڑی اور معمولی چیز کے ساتھ کی ہے، جیسے تلوار کا جوڑ، کمربند کا حلقہ یا دانت اور ناک اور اس کی مثل، معمولی کی تفسیر اتنی مقدار کے ساتھ کی جس میں زکوٰۃ واجب نہ ہو، تھوڑی مقدار میں سونے کو حلال قرار دینا ایسے ہی ہے، جیسے تھوڑی مقدار مثلاً تین یا چار انگلی کے برابر ریشم کو حلال قرار دینا، جیسے کہ اس سے پہلے گزر گیا ہے، علامہ طیبی نے علامہ ابوسلیمان خطابی سے نقل کیا ہے کہ نہی سے استثناء عورتوں سے متعلق ہے نہ کہ مردوں سے یعنی سونا پہننے سے منع فرمایا، مگر یہ کہ عورتوں کے لیے ریزہ ریزہ حلال ہے، مردوں کے لیے اب بھی ممانعت اور کراہت والا حکم ہے، علامہ طیبی نے کہا کہ یہ توجیہ عمدہ ہے لیکن الفاظ حدیث مردوں اور عورتوں کے درمیان فرق کرنے کے متحمل نہیں ہیں، جیسے کہ اس کے ساتھ ہی چیتوں کی کھالوں پر سوار ہونے کی ممانعت ہے (اور وہ مردوں اور عورتوں کو شامل ہے۔) (طیبی)

مخفی نہ رہے کہ دوسری احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سونے کے استعمال سے عورتوں کو منع نہیں کیا گیا بلکہ صرف مردوں کو منع کیا گیا ہے، اس معنی کے مراد لینے پر ان احادیث کو قرینہ بنایا جائے تو بعید نہیں ہے، مطالب المومنین میں ہدایہ اور کافی کے حوالے سے ہے کہ لگام، رکاب اور دمچی پر جب چاندی لگی ہوئی ہو، کپڑے میں سونے اور چاندی سے کتابت کی گئی ہو ان پر بیٹھنا، اور ایسی زین اور کرسی پر بیٹھنا جب کہ بیٹھنے اور ہاتھ سے پکڑنے کی جگہ چاندی نہ ہو، امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز ہے، امام ابویوسف نے کہا کہ مکروہ ہے، امام محمد کا قول کبھی امام ابوحنیفہ کے ساتھ اور کبھی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

امام ابو یوسف کے ساتھ روایت کرتے ہیں، تلوار، مسجد، آئینے کے فریم میں چاندی لگانے، اور قرآن پاک سونے اور چاندی کے ساتھ مزین کرنے میں اسی طرح اختلاف ہے؛ اسی طرح اس کپڑے میں اختلاف ہے جس پر سونے چاندی سے کتابت کی گئی ہو، آئینے کے فریم سے مراد وہ ہے جو اس کے ارد گرد ہوتا ہے، مٹھی مراد نہیں ہے کیونکہ وہ بالاتفاق مکروہ ہے، یہ اختلاف خالص سونے کے بارے میں ہے، اور اگر سونے کا پانی چڑھایا گیا ہو تو مکروہ نہیں ہے؛ امام ابو حنیفہ کے نزدیک بچوں کو سونے کا استعمال کرانا اور تلوار کا زیور بنانا مکروہ ہے، کیونکہ یہ کام چاندی سے چل جاتا ہے سونے اور چاندی کے استعمال میں اصل حرمت ہے اور چاندی کافی ہے۔

۴۱۹۸ ۱۳ وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ عَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ شَبَهٍ مَالِي اَجِدُ مِنْكَ رِيْحَ الْاَصْنَامِ فَطَرَحَهٗ ثُمَّ جَاءَ وَعَلَيْهِ خَاتَمٌ مِنْ حَدِيْدٍ فَقَالَ مَالِي اَرٰى عَلَيْكَ حِلْيَةَ اَهْلِ النَّارِ فَطَرَحَهٗ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ اَتَّخِذُهٗ قَالَ مِنْ وَرِقٍ وَلَا تُتِمَّهٗ مِثْقَالًا. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو فرمایا جس نے پیتل[۱] کی انگوٹھی پہن رکھی تھی، مجھے کیا ہے کہ میں تم سے بتوں کی بو محسوس کر رہا ہوں[۲]؛ انہوں نے وہ انگوٹھی پھینک دی، پھر حاضر ہوئے تو انہوں نے لوہے کی انگوٹھی پہن رکھی تھی، فرمایا: مجھے کیا ہے کہ میں تم پر دوزخیوں کا زیور دیکھ رہا ہوں انہوں نے اسے بھی پھینک دیا۔ اور عرض کیا یا رسول اللہ! میں کس چیز کی انگوٹھی بناؤں؟ فرمایا: چاندی کی، اور پورے مثقال کی نہ بناؤ[۳] (ترمذی، ابوداؤد، نسائی)

وَقَالَ مُحْيِي السُّنَّةِ وَقَدْ صَحَّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ فِي الصَّدَاقِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ اِلْتَمِسْ وَلَوْ خَاتَمًا مِنْ حَدِيْدٍ

امام محی السنۃ نے فرمایا: حق مہر کے بارے میں حضرت سہل بن سعد سے بروایت صحیح ثابت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو فرمایا: تم تلاش کرو اگرچہ لوہے کی انگوٹھی ہی ہو[۴]۔

حاشیہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱؎ عربی میں پیتل کو "شَبَہ" کہتے ہیں کیونکہ اس کا رنگ سونے کے مشابہ ہے۔

۲؎ بطور تعجب یہ ارشاد فرمایا ——— یہ اس لیے فرمایا کہ بت، پیتل کے بنائے جاتے تھے۔

۳؎ بلکہ اس سے کم وزن کی ہو، یہ احسن اور اولیٰ کا بیان ہے، کیونکہ سونے اور چاندی میں اصل حرمت اور کراہت ہے، لہٰذا (چاندی) ضرورت کی مقدار (ساڑھے چار ماشے) سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے، اسی لیے دو یا زیادہ انگوٹھیاں پہننا مکروہ ہے، تاہم متعدد انگوٹھیاں بنانا مکروہ نہیں ہے جب کہ باری باری پہنی جائیں۔

۴؎ اس میں اشارہ ہے کہ انگوٹھی لوہے کی بھی ہوتی ہے، لہٰذا معلوم ہوا کہ نہی تحریم کے لیے نہیں ہے۔ شارحین نے کہا ہے کہ یہ مہر کے لیے مال خرچ کرنے میں مبالغہ ہے اگرچہ معمولی چیز ہی ہو، جیسے کہ فرمایا کہ دو اگرچہ مٹی کی ایک مٹھی ہی ہو، لوہے کی انگوٹھی پہننے سے اگرچہ منع فرمایا ہے تاکہ وہ قیمتی اشیاء سے خارج نہیں ہوگی، لہٰذا اسے مہر میں دینے کا مطالبہ جائز ہوگا، علامہ طیبی نے فرمایا کہ ہو سکتا ہے کہ لوہے کی انگوٹھی پہننے کی ممانعت، حضرت سہل بن سعد کی (زیر بحث) حدیث کے بعد ہو اور اس کے بعد ہی از روئے سنت، ممانعت پختہ ہو گئی ہو، لہٰذا (جواز پر دلالت کرنے والی) یہ حدیث منسوخ ہوگی۔ حضرت سہل بن سعد کی یہ حدیث باب المہر کی پہلی فصل میں گزر گئی ہے

۴۱۹۹ / ۱۴ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْرَهُ عَشْرَ خِلَالٍ اَلصُّفْرَةَ يَعْنِي الْخَلُوْقَ وَ تَغْيِيْرَ الشَّيْبِ وَجَرَّ الْاِزَارِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دس خصلتوں کو ناپسند فرماتے تھے (۱) زردی یعنی خلوق[1] (۲) بالوں کو سفیدی میں تبدیل کرنے[2] (۳) تہبند گھسیٹنے[3] (۴) سونے کی انگوٹھی پہننے۔

ع؎ شاید اس فرمان عالی کے پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ لوہے کی انگوٹھی بھی پہننا جائز ہے، ورنہ حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس صحابی سے یہ کیوں فرماتے کہ اپنی بننے والی عورت سے مہر کے لیے لوہے کی انگوٹھی ہی تلاش کر لو، مگر یہ استدلال بہت کمزور ہے اولاً تو اس لیے کہ اس فرمان عالی کے وقت لوہے پیتل کی حرمت کے احکام اسلام میں نہیں آئے اور اگر مان لیا جائے کہ احکام آچکنے کے بعد کی یہ حدیث ہے تب بھی اس فرمان عالی کا مقصد یہ ہے کہ کوئی نہایت معمولی چیز ہی لے آ جیسے کہا جاتا ہے کہ تم مجھے دو مٹھی بھر خاک ہی دے دو، اس کا مقصد یہ نہیں کہ خاک پھانکنا درست ہے، نیز وہ جو حدیث شریف میں ہے کہ حضور انور کی انگوٹھی لوہے کی تھی جس پر چاندی کا خول یا پانی تھا وہ انگوٹھی صرف مہر لگانے کی تھی پہننے کی نہ تھی، اگر پہننے کی تھی تو لوہے کی حرمت سے پہلے کا یہ واقعہ ہے، یہ حدیث ان سب کی ناسخ ہے، دیکھو تفصیل کے لیے مرقاۃ شرح مشکوٰۃ اور یہی مقام دمراٰۃ شرح مشکوٰۃ، از حکیم الامت مفتی احمد یار خان نعیمی قدس سرہ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَالتَّخَتُّمَ بِالذَّهَبِ وَالتَّبَرُّجَ بِالزِّيْنَةِ لِغَيْرِ مَحَلِّهَا وَالضَّرْبَ بِالْكِعَابِ وَالرُّقٰى اِلَّا بِالْمُعَوِّذَاتِ وَعَقْدَ التَّمَائِمِ وَعَزْلَ الْمَاءِ لِغَيْرِ مَحِلِّهٖ وَفَسَادَ الصَّبِيِّ غَيْرَ مُحَرِّمِهٖ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِيُّ)

(۵) غیر کے لیے عورت کے زینت ظاہر کرنے[۴] (۶) نرد کھیلنے[۵] (۷) دم کرنے کو سوائے معوذات کے[۶] (۸) تعویذ گلے میں ڈالنے[۷] (۹) غلط جگہ پانی گرانے[۸] اور (۱۰) بچے کے فساد کو[۹] اس حال میں کہ ان کو حرام قرار نہیں دیا[۱۰]۔

(ابوداؤد، نسائی)

[۱] خلوق خا پر زبر، لام پر پیش، آخر میں قاف، عربوں کے ہاں ایک جانی پہچانی خوشبو جس میں متعدد خوشبوئیں ڈالی جاتی ہیں، ان میں سے ایک زعفران ہے، اسی کی بنا پر اس خوشبو میں زردی ہوتی ہے، بعض احادیث سے اس کا جائز ہونا معلوم ہوتا ہے اور بعض احادیث میں اس سے منع کیا گیا ہے، نہی کی حدیثیں زیادہ ہیں، شارحین کہتے ہیں کہ یہ حدیثیں جواز کی ناسخ ہیں، زعفران کے رنگ میں فقہاء کے متعدد اقوال ہیں جیسے کہ عصفر سے رنگے ہوئے (سرخ) کپڑے کے بارے میں مختلف اقوال ہیں، بعض احادیث سے شادی کے موقع پر اس کا جواز معلوم ہوتا ہے۔

[۲] خواہ سفید بالوں کو اکھیڑنے سے ہو یا خضاب کے ساتھ سیاہ کرنے سے، جب کہ مہندی کے ساتھ رنگنا بالاتفاق جائز ہے، کیونکہ اس کے بارے میں متعدد حدیثیں وارد ہیں، بالوں کے اکھیڑنے اور خضاب لگا کر سیاہ کرنے کے بارے میں بھی احادیث وارد ہیں، ہمارے مذہب میں سفید بالوں کا اکھیڑنا حرام اور مکروہ ہے، امام محمد سے ایک روایت ہے کہ کوئی حرج نہیں ہے، اسی طرح مطالب المومنین میں ہے۔

[۳] تہبند کو مقررہ حد سے زیادہ لمبا رکھنا، جیسے کہ اس سے پہلے گزرا مرد ٹخنے سے اوپر رکھے اور عورت ٹخنے سے نیچے ۱۲ (ق ن)

[۴] شوہر اور محرم کے غیر کے لیے عورت کے زینت ظاہر کرنے کو مکروہ جانتے ______ مَحِل حا کے نیچے زیر، حلت کی جگہ، یعنی [illegible]ن ہونے کی جگہ کہ اس کا شوہر ہے یا محرم، ہو سکتا ہے کہ وقت کے معنی میں ہو یعنی یہ وہ وقت ہے جب کہ وہ شوہر یا محرم کے ساتھ ہو، حا پر زبر بھی پڑھی گئی ہے (مَحَل) حلول سے مشتق ہے، مختصر یہ کہ وہ لوگ مراد ہیں جو اس آیت کریمہ میں بیان ہوئے ہیں۔
عورتیں اپنی زینت ظاہر نہ کریں مگر اپنے شوہروں پر۔

[۵] کعاب کاف کے نیچے زیر، جمع ہے کعب کی پہلے حرف پر زبر، وہ مہرے جن کے ساتھ نرد کھیلتے ہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جیسے کہ (پانسہ پھینک کر) قرعہ ڈالتے ہیں، اکثر صحابہ کرام اور ان کے علاوہ علماء کے نزدیک نرد کا کھیلنا حرام ہے۔ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نرد کھیلنا مطلقاً حرام ہے، اسی طرح جوئے کے طور پر (دونوں طرف سے شرط لگا کر) شطرنج کا کھیلنا بھی حرام ہے، بغیر شرط کے کھیلنا مکروہ، اور وقت ضائع کرنے کا سبب ہے، بعض روایات سے شطرنج کا جواز بھی معلوم ہوتا ہے۔

۶ رُقیٰ جمع ہے رُقْیَۃٌ کی راء پر پیش، اور قاف ساکن، دم کرنا، معوذات واؤ مشدد کے نیچے زیر، اس سے مراد سورۃ الفلق اور سورۃ الناس ہے، جمع کا صیغہ ایک سے زائد کے لیے لایا گیا ہے، یا کلمات اور آیات کے اعتبار سے ہے، بعض شارحین نے سورۃ الکافرون کو بھی معوذات میں اس اعتبار سے شمار کیا ہے کہ یہ سورۃ دین اسلام کے ماسوا ادیان سے برات پر مشتمل ہے اور اس میں توحید باری تعالیٰ کا بیان ہے جو کفر و شرک کے شر سے پناہ مانگنے کے حکم میں ہے، بعض حضرات کے نزدیک اس سے قرآن پاک کی وہ آیتیں مراد ہیں جو استعاذہ کے معنی پر مشتمل ہیں چاہے یہ سورتیں ہوں یا ان کے علاوہ، مختصر یہ کہ قرآن پاک اور اللہ تعالیٰ کے اسماء مبارکہ کے ساتھ دم کرنا جائز ہے اور اس کے ماسوا کے ساتھ حرام ہے خصوصاً ان الفاظ کے ساتھ جن کے معانی معلوم نہ ہوں کہ ان میں کفر کا خوف ہے کیونکہ ہو سکتا ہے ان الفاظ کے معانی کفریہ ہوں ۱۲ (ق ن)

۷ تمائم جمع ہے تمیمہ کی، جیسے منکے اور ہڈیاں بچوں کے گلوں میں ڈال دی جاتی ہیں تاکہ انہیں نظر نہ لگ جائے، یہ جاہلیت کی خرافات ہیں، دین اسلام میں اس سے منع کیا گیا ہے، بعض شارحین نے تمائم سے مراد جاہلیت کے متعلق دم مراد لیے ہیں، قرآن پاک کی آیات اور دعاؤں کے تعویذات گلے میں ڈالنے کی سند موجود ہے، جیسے کہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث اس سے پہلے گزر گئی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں خوف وحشت اور بے خوابی کے دفع کرنے کے لیے یہ کلمات سکھائے تھے أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنِ میں اللہ تعالیٰ کے کلمات تامہ کی پناہ مانگتا ہوں اس کے غضب و عتاب، اس کے بندوں کے شر اور شیاطین کے حملوں سے اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں، حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنی سمجھ دار اولاد کو یہ دعا یاد کراتے تھے اور بے سمجھ اولاد کے گلے میں کاغذ پر لکھ کر ڈال دیتے تھے، اسی طرح حصن حصین میں ہے۔

۸ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس بات کو مکروہ جانتے تھے کہ انزال کے وقت مادہ منویہ کو عورت کی شرمگاہ کے باہر گرایا جائے اس خوف سے کہ کہیں وہ حاملہ نہ ہو جائے۔ بِغَيْرِ مَحِلِّهٖ حاء کے نیچے زیر، اس پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں، اس جگہ جو عزل کی جگہ نہیں ہے، عورت اگر آزاد ہے تو اس کی رضا کے بغیر عزل جائز نہیں ہے برخلاف کنیز کے کہ وہ محل عزل ہے اور اس سے عزل مکروہ نہیں ہے (عزل کا معنی یہ ہے کہ عورت کے حاملہ ہونے سے بچاؤ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کے لیے مادہ حیات باہر گرایا جائے ۱۲ ق ن)

اس حدیث کے علاوہ بعض روایات میں آیا ہے وَعَزْلَ الْمَاءِ عَنْ مَحَلِّهٖ (پانی کو اس جگہ سے جدا کرنا) محلّہ کی ضمیر پانی کی طرف راجع ہوگی ہے۔ اور محل سے مراد آزاد عورت کا اندام نہانی ہے۔

سلہ اس سے مراد دودھ پلانے والی عورت سے وطی کرنا ہے، کیونکہ وہ حاملہ ہو جائے گی، اس لیے اس کے دودھ میں فساد پیدا ہو جائے گا جس سے بچے کو نقصان پہنچے گا اور وہ جسمانی طور پر کمزور ہوگا، دودھ پلانے والی عورت کے ساتھ جماع کو غیل کہتے ہیں، نقطے والی غین پر زبر، اس کا ذکر کتاب النکاح کے باب المباشرۃ میں گزر چکا ہے۔

سلہ یعنی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان دس خصلتوں کو مکروہ قرار دیتے تھے، لیکن انہیں حرام قرار نہیں دیا، اکثر شارحین کہتے ہیں کہ یہ بچے کے فساد اور نقصان سے متعلق ہے، مطلب یہ ہوگا کہ آپ بچے کے نقصان اور دودھ پلانے والی عورت کے ساتھ جماع کرنے کو مکروہ قرار دیتے تھے لیکن اسے حرام نہیں کیا۔ کیونکہ منکوحہ عورت سے جماع حلال ہے، اور محض فساد مذکور پر مشتمل، حمل کے احتمال کی بنا پر حرام نہیں ہوتا، اور اگر اس کا تعلق تمام مذکورہ خصلتوں کے ساتھ ہو تو لازم آئے گا کہ سونے کی انگوٹھی پہننا حرام نہ ہو بلکہ صرف مکروہ ہو، حالانکہ وہ بالاتفاق حرام ہے۔ البتہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس کا حکم طے پا چکا ہے اور معلوم ہے کہ وہ حرام ہے اور حرمت کی دلیل حدیث اور جماع ہے، لہٰذا وہ اس حکم سے خارج ہوگا۔

۴۲۰۰/۱۵ وَعَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ مَوْلَاةً لَّهُمْ ذَهَبَتْ بِابْنَةِ الزُّبَيْرِ اِلٰى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ وَفِيْ رِجْلِهَا اَجْرَاسٌ فَقَطَعَهَا عُمَرُ وَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَعَ كُلِّ جَرَسٍ شَيْطَانٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ان کی آزاد کردہ ایک کنیز حضرت زبیر کی صاحبزادی کو لے کر اس حال میں حضرت عمر فاروق کے پاس گئی کہ اس بچی کی پاؤں میں جھانجرتھی، حضرت عمر فاروق نے اسے کاٹ دیا اور کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہر جھانجھ کے ساتھ شیطان ہے۔ (ابوداؤد)

سلہ یعنی ایسا زیور تھا جس کی ہیات اور آواز گھنٹی ایسی تھی، جیسے کہ بچیوں کے پاؤں میں باندھ دیتے ہیں۔

سلہ جرس جیم پر زبر، اس کے نیچے زیر بھی آئی ہے۔ اور ر ا ساکن، آواز یا خفی آواز، اور اگر پہلے دونوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حرفوں پر زبر ہو تو اس کا معنی ہے وہ چیز (گھنگرو، گھنٹی) جو چارپایوں کی گردن، بچوں کے پاؤں یا ہاتھوں میں باندھی جاتی ہے، شیطان کی طرف اس کی نسبت اس لیے ہے کہ وہ مزمار کے حکم میں ہے، حدیث میں ہے۔ لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِکَۃُ رُفْقَۃً فِیْھَا جَرَسٌ فرشتے اس جماعت کا ساتھ نہیں دیتے جس میں گھنٹی ہو۔ اس کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ وہ دشمن کو خبردار اور آگاہ کر دیتی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس امر کو پسند فرماتے تھے کہ دشمن کے خبردار ہونے سے پہلے اچانک ان کے سر پر پہنچ جائیں۔

۴۲۰۱/۱۶ وَعَنْ بُنَانَۃَ مَوْلَاۃِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَیَّانَ الْاَنْصَارِیِّ کَانَتْ عِنْدَ عَائِشَۃَ اِذْ دُخِلَتْ عَلَیْھَا بِجَارِیَۃٍ وَعَلَیْھَا جَلَاجِلُ یُصَوِّتْنَ فَقَالَتْ لَا تُدْخِلْنَھَا عَلَیَّ اِلَّا اَنْ تُقْطَعَنَّ جَلَاجِلُھَا سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تَدْخُلُ الْمَلٰٓئِکَۃُ بَیْتًا فِیْہِ جَرَسٌ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

عبدالرحمن بن حیان[۱] انصاری کی آزاد کردہ کنیز بنانہ[۲] سے روایت ہے کہ وہ حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس تھیں، کہ اچانک ان کے پاس ایک بچی لائی گئی جس پر جھانجھن[۳] تھے اور وہ آواز کر رہے تھے، آپ نے فرمایا اسے ہرگز میرے پاس نہ لانا[۴] سوائے اس صورت کے کہ اس کے جھانجھن توڑ دو، میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں گھنٹی (گھنگرو) ہو (ابوداؤد)

[۱] عبدالرحمن بن حیان بے نقطہ حاء پر زبر، یا مشدد

[۲] بنانہ باء پر پیش، نون مخفف، تابعیہ ہیں، حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتی ہیں، ان سے ابن جریج نے روایت کی۔

[۳] جلاجل پہلے جیم پر زبر، دوسرے کے نیچے زیر، جمع ہے جلجل کی پہلے حرف پر پیش، اس کا معنی بھی گھنٹی اور گھنگرو ہے، اسی طرح قاموس میں ہے اور خود حدیث کے آئندہ جملے سے معلوم ہو رہا ہے۔

[۴] وہ عورت جو اس بچی کو لائی ہے وہ اسے میرے پاس نہ لائے۔

۴۲۰۲/۱۷ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ طَرَفَۃَ اَنَّ جَدَّہٗ عَرْفَجَۃَ بْنَ اَسْعَدَ قُطِعَ اَنْفُہٗ یَوْمَ الْکُلَابِ فَاتَّخَذَ اَنْفًا مِّنْ وَّرِقٍ فَاَنْتَنَ

عبدالرحمن بن طرفہ[۱] سے روایت ہے کہ ان کے دادا عرفجہ بن اسعد[۲] کی ناک کلاب[۳] کے دن کٹ گئی، انہوں نے چاندی کی ناک بنوائی تو اس میں بدبو پیدا ہو گئی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَتَّخِذَ اَنْفًا مِّنْ ذَهَبٍ۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ سونے کی ناک بنوالو۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالنَّسَائِيُّ)

(ترمذی، ابوداؤد، نسائی)

۵۱ عبدالرحمن بن طرفہ بے نقطہ طاء کے ساتھ، پہلے تینوں حرفوں پر زبر، تمیمی ہیں اور عطارد بن عوف کی نسبت سے عطاردی ہیں۔

۵۲ عرفجہ عین پر زبر، راء ساکن، فاء پر زبر، اس کے بعد جیم۔

۵۳ کلاب کاف پر پیش، ایک جگہ کا نام ہے جہاں عرب کا مشہور واقعہ جنگ پیش آیا۔

۵۴ کہ اس میں بدبو پیدا نہیں ہوگی، اس حدیث کی بنا پر اکثر علماء نے سونے کی ناک بنوانے اور سونے کی تار کے ساتھ دانتوں کے باندھنے کو جائز قرار دیا ہے، جیسے کہ حضرت معاویہ کی حدیث اِلَّا مُقَطَّعًا کی شرح میں گزر چکا ہے۔

۴۲۰۳/۱۸ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحَبَّ اَنْ يُحَلِّقَ حَبِيْبَهٗ حَلْقَةً مِّنْ نَّارٍ فَلْيُحَلِّقْهُ حَلْقَةً مِّنْ ذَهَبٍ وَّمَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّطَوِّقَ حَبِيْبَهٗ طَوْقًا مِّنْ نَّارٍ فَلْيُطَوِّقْهُ طَوْقًا مِّنْ ذَهَبٍ وَّمَنْ اَحَبَّ اَنْ يُّسَوِّرَ حَبِيْبَهٗ سِوَارًا مِّنْ نَّارٍ فَلْيُسَوِّرْهُ سِوَارًا مِّنْ ذَهَبٍ وَّلٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِالْفِضَّةِ فَالْعَبُوْا بِهَا۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جو شخص اپنے پیارے کو آگ کا حلقہ پہنانا پسند کرے وہ اسے سونے کا حلقہ پہنا دے، اور جو شخص اپنے پیارے کو آگ کا طوق پہنانا پسند کرے وہ اسے سونے کا طوق پہنا دے اور جو شخص اپنے پیارے کو آگ کا کنگن پہنانا پسند کرے وہ اسے سونے کا کنگن پہنا دے، لیکن تم چاندی کو لازم پکڑو اور اس کے ساتھ کھیلو۔

(ابوداؤد)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ـــــہ ۱ ناک یا کان میں ـــــــــ حلقہ بے نگینہ انگوٹھی کو کہتے ہیں، اہل تحقیق اس اونٹ کو کہتے ہیں جسے حلقہ کے ساتھ نشانی لگائی گئی ہو ـــــــ پیارے سے مراد لڑکا یا زوج ہے۔

ـــــہ ۲ یعنی سونے کا حلقہ پہنانے کی سزا یہ ہے کہ اسے جہنم کی آگ کا حلقہ پہنایا جائے گا (یہ اس وقت ہے جب کہ وہ شخص جسے حلقہ پہنایا گیا ہے عاقل و بالغ ہو اور اس سے راضی ہو، چھوٹے بچے کو پہنایا گیا تو اس کا گناہ پہنانے والے کے سر ہے ۱۲ ق ن)

ـــــہ ۳ تم اگر زیور بنانا چاہو تو چاندی (کی انگوٹھی) بنالو۔

ـــــہ ۴ اس میں اشارہ ہے کہ زیب و زینت اور دنیا کے زیورات، لہو و لعب میں داخل ہیں، اگرچہ ان کو جائز قرار دیا گیا ہے۔ یا جب زیور والی عورتوں سے لہو و لعب کریں تو گویا یہ زیور سے کھیلنا ہے۔ (مرد کے لیے ساڑھے چار ماشے چاندی کی انگوٹھی جائز ہے، عورت سونے چاندی کے کوئی سے زیورات بھی پہن سکتی ہے۔ (۱۲ ق ن)

۴۲۰۴/۱۹ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ يَزِيْدَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ تَقَلَّدَتْ قِلَادَةً مِّنْ ذَهَبٍ قُلِّدَتْ فِيْ عُنُقِهَا مِثْلُهَا مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ جَعَلَتْ فِيْ اُذُنِهَا خُرْصًا مِّنْ ذَهَبٍ جُعِلَ فِيْ اُذُنِهَا مِثْلُهٗ مِنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس عورت نے سونے کا ہار گلے میں ڈالا اس کے گلے میں قیامت کے دن اس جیسا آگ کا ہار ڈالا جائے گا، اور جس عورت نے اپنے کان میں سونے کی بالی[۱] پہنی۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس جیسی آگ کی بالی ڈالے گا[۲]
(ابوداؤد، نسائی)

ـــــہ ۱ خرص نقطے والی خا پر پیش اور را ساکن، وہ چھوٹا حلقہ جو کان میں ڈالا جاتا ہے، کان کے زیور کو خرص اور گردن کے زیور کو قلادہ کہا جاتا ہے۔

ـــــہ ۲ قلادہ (ہار) کے بارے میں مجہول کا صیغہ اور بالی کے بارے میں معلوم کا صیغہ استعمال کرنا ادھر (قُلِّدَتْ اور ادھر جَعَلَ اللّٰهُ) بطور تفنن ہے، یا اس لیے کہ زینت اور اس کا اظہار کان میں زیادہ ہے لہٰذا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اس پر دیے جانے والے عذاب اور سزا کی نسبت اللہ تعالیٰ کے غضب اور اس کی گرفت کی طرف زیادہ مناسب ہو گی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۲۰۵ وَعَنْ اُخْتِ لِحُذَيْفَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا مَعْشَرَ النِّسَاءِ اَمَا لَكُنَّ فِي الْفِضَّةِ مَا تُحَلِّيْنَ بِهٖ اَمَا اِنَّهٗ لَيْسَ مِنْكُنَّ اِمْرَاَةٌ تُحَلّٰى ذَهَبًا تُظْهِرُهٗ اِلَّا عُذِّبَتْ بِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ)
۲۰

حضرت حذیفہ کی بہن رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عورتوں کی جماعت! کیا تمہارے لیے چاندی میں وہ چیز کافی نہیں جس کے تم زیور بناؤ[۱]۔ خبردار! شان یہ ہے کہ تم میں سے جو عورت سونے کے زیور بنائے اور اسے ظاہر کرے[۲] اسے اس کے سبب عذاب دیا جائے گا۔ (ابوداؤد، نسائی)

[۱] تُحَلِّیْنَ تا پر پیش، حا پر زبر، لام کے نیچے زیر، یعنی تمہارے لیے کافی ہے کہ تم چاندی کے زیور بناؤ چاندی کی ترغیب دینے کے بعد سونے کے زیور بنانے پر وعید بیان فرمائی ہے۔ (جیسے کہ اگلے جملے میں فرمایا)

[۲] اور اس کی نمائش کرے۔

اس ترجمے کے مطابق پہلا اَمَا استفہام اور نفی کے لیے ہے اور دوسرا حرف تنبیہ ہے اور اگر دونوں جگہ حرف تنبیہ ہو تو بھی درست ہے۔

یاد رہے کہ ان احادیث میں عورتوں کے سونا پہننے پر وعید واقع ہوئی ہے اور چاندی کو جائز قرار دیا گیا ہے حالانکہ عورتوں کے لیے دونوں جائز ہیں، گویا کہ چاندی پر اکتفا کرنے اور زیب و زینت میں غلو نہ کرنے کی راہنمائی کی گئی ہے، لہذا کراہت تنزیہی ہوگی، لیکن وعید اور تشدید اس توجیہ کے مناسب نہیں ہے، اسی لیے بعض شارحین کہتے ہیں کہ یہ نہی اور ممانعت ابتدا میں تھی، اس کے بعد منسوخ ہو گئی، اس کی ناسخ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حدیث ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سونا اور ریشم عورتوں کے لیے حلال ہے، بعض نے کہا کہ یہ وعید اس جماعت پر ہے جو ان زیورات کی زکوۃ ادا نہیں کرتی، اس توجیہ پر یہ اعتراض کیا گیا ہے کہ زکوۃ تو چاندی میں بھی واجب ہے لہذا اگر وعید زکوۃ نہ دینے کی بنا پر ہو تو خاص طور پر سونے کا ذکر کرنے کی کیا وجہ ہے۔ اور لٰكِنْ عَلَيْكُمْ بِالْفِضَّةِ کے ساتھ چاندی کی اجازت کیوں ہے؟ علامہ طیبی نے کہا کہ جو زیور سونے کے بنائے جائیں اگر وہی زیور اسی حجم اور سائز میں چاندی کے بنائے جائیں تو چاندی کے زیور کا وزن سونے کے زیور کے آدھے وزن کے برابر یا اس کے قریب ہوگا، لہذا سونا نصاب کو پہنچ جائے گا اور چاندی نصاب کو نہیں پہنچے گی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اسی طرح علامہ طیبی نے کہا اور یہ بات محل غور ہے، یہ توجیہ اس بات کی فرع ہے کہ زیورات میں زکوۃ ہے، اس کی تحقیق و تفصیل کتاب الزکوۃ میں گزر گئی ہے (عورتوں کے استعمال کے زیورات میں احناف کے نزدیک زکوۃ ہے شافعیہ کے نزدیک نہیں ہے ۱۲ ق ن)

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۲۰۶
۲۱
عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَمْنَعُ اَهْلَ الْحِلْيَةِ وَالْحَرِيْرِ وَ يَقُوْلُ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ حِلْيَةَ الْجَنَّةِ وَحَرِيْرَهَا فَلَا تَلْبَسُوْهَا فِي الدُّنْيَا۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زیور اور ریشم والوں کو[1] منع کیا کرتے تھے۔ اور فرماتے اگر تم جنت کے زیور اور ریشم کو محبوب رکھتے ہو تو انہیں دنیا میں نہ پہنو۔

(نسائی)

[1] زیور اور ریشم کے پہننے سے۔

۴۲۰۷
۲۲
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اتَّخَذَ خَاتَمًا فَلَبِسَهٗ قَالَ شَغَلَنِيْ. هٰذَا عَنْكُمْ مُنْذُ الْيَوْمَ اِلَيْهِ نَظْرَةٌ وَ اِلَيْكُمْ نَظْرَةٌ ثُمَّ اَلْقَاهُ۔ (رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک انگوٹھی بنوائی اور پہنی، فرمایا اس نے آج ہمیں مشغول رکھا اور تمہاری طرف توجہ دینے سے روک دیا[1]، ایک نظر اس کی طرف اور ایک نظر تمہاری طرف رہی[2]، پھر اسے الگ کر دیا۔

(نسائی)

[1] پورے اطمینان اور یکسوئی کے ساتھ تمہارے باطن میں تصرف کرنے، تربیت اور احوال کی اصلاح کے لیے تمہارے حال کی طرف متوجہ نہیں ہونے دیا ——— اس کے بعد مشغولیت کے بیان کے لیے آئندہ جملہ ارشاد فرمایا۔

[2] یہ در اصل امت کو تنبیہ کرنے اور راہنمائی کے لیے ارشاد فرمایا تاکہ پریشان خیالی اور پراگندگی کے اسباب سے بچا جائے ——— واللہ تعالیٰ اعلم بحقیقۃ الحال۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۲۰۸/۲۳ وَعَنْ مَالِكٍ قَالَ اَنَا اَكْرَهُ اَنْ يُّلْبَسَ الْغِلْمَانُ شَيْئًا مِّنَ الذَّهَبِ لِاَنَّهُ بَلَغَنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ التَّخَتُّمِ بِالذَّهَبِ فَاَنَا اَكْرَهُ لِلرِّجَالِ الْكَبِيْرِ مِنْهُمْ وَالصَّغِيْرِ۔ (رَوَاهُ فِي الْمُوَطَّا)

امام مالک رحمہ اللہ تعالیٰ سے روایت ہے کہ انھوں نے فرمایا، میں اس بات کو مکروہ جانتا ہوں کہ لڑکوں کو کچھ سونا پہنایا جائے۔ کیونکہ مجھے یہ روایت پہنچی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سونے کی انگوٹھی پہننے سے منع فرمایا، چنانچہ میں اسے بڑے اور چھوٹے مردوں کے لیے مکروہ جانتا ہوں۔ (موطا امام مالک)

بَابُ النِّعَالِ

۳۰۲۔ جوتوں کا بیان

پہننے کی چیزوں میں سے ایک جوتا ہے جو پاؤں میں پہنا جاتا ہے، نعل اس چیز کو کہتے ہیں جس کے ذریعے پاؤں کو زمین سے محفوظ رکھا جائے، اسی طرح قاموس میں ہے، اور وہ ہر قوم کے عرف کے مطابق جدا جدا ہے، اس جگہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نعل مبارک کا بیان مقصود ہے جو دیار عرب میں معروف ہے، اس کی بھی کئی قسمیں ہوتی ہیں، اس لیے جمع کا صیغہ لائے ہیں۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ — پہلی فصل

۴۲۰۹ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَلْبَسُ النِّعَالَ الَّتِيْ

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایسے جوتے پہنتے ہوئے دیکھا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَيْسَ فِيْهَا شَعْرٌ۔ جن میں بال نہیں تھے[1]۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) (بخاری)

[1] یعنی ایسے چمڑے سے تیار کیے گئے جس کے بال مونڈ دیئے گئے تھے اور صاف کر دیے گئے تھے۔

۴۲۱۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّ نَعْلَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَهَا قِبَالَانِ۔ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک جوتے کے دو فیتے[1] تھے۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) (بخاری)

[1] قبال قاف کے نیچے زیر، وہ فیتہ جو دو انگلیوں کے درمیان ہوتا ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک جوتے کے دو فیتے تھے: ایک فیتہ انگوٹھے اور اس کے ساتھ والی انگلی کے درمیان اور دوسرا چھنگلی کے ساتھ والی انگلی اور درمیانی انگلی کے درمیان رکھتے، علامہ جزری نے تصحیح المصابیح میں اسی طرح ذکر کیا ہے۔ جیسے کہ سید جمال الدین محدث نے روضۃ الاحباب میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے نعل مبارک اور اس کی تصویر کے بیان میں تحقیق کی ہے[1]۔

---

[1] امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نعل مبارک کے نقشے کے فضائل میں اجلہ علمائے دین کے ارشادات نقل کرتے ہوئے رسالہ مبارکہ شفاء الوالہ میں فرماتے ہیں: ابوالحاکم بن عبدالرحمٰن بن علی بن عبدالرحمٰن الشہیر بابن المرحل کہ فضلائے مغاربہ سے ہیں، امام بقیۃ الحفاظ ابن حجر عسقلانی نے تبصیر میں ان کا ذکر لکھا وصف نقشہ نعل مبارک میں ان کا قصیدہ غرا شیخ ابن الحاج نے اپنی کتاب مذکور میں ذکر کیا، امام قسطلانی نے اسے ما احسنھا کہا یعنی کیا خوب فرمایا: ان کی بعض ابیات کریمہ یہ ہیں (ترجمہ) اپنے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصویر نعل پاک کو میں دوست رکھتا ہوں اور اسے دن رات بوسہ دیتا ہوں، اپنے سر اور منہ پر رکھتا، اور کبھی چومتا اور کبھی سینے سے لگاتا ہوں، میں اپنے دھیان میں اسے محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پائے اقدس میں تصور کرتا ہوں، تو شدت صدق تصور سے گویا اپنی آنکھوں سے جاگتے میں دیکھ لیتا ہوں، اس نقشہ پاک کو اپنے رخسارے پر رکھ جنبش دیتا ہوں اور یہ خیال کرتا ہوں کہ گویا وہ اسے پہنے ہوئے میرے رخسارے پر چل رہے ہیں۔ آہ کون ایسی صورت کر دے کہ وہ پائے مبارک جو ستارگان آسمان ہشتم کے سروں پر بلند ہوئے، ان کی کفش مبارک چلنے میں میرے رخسارے پر پڑے۔

نیز امام قسطلانی فرماتے ہیں کہ ابو اسحاق ابراہیم بن الحاج فرماتے ہیں کہ ان کے شیخ الشیخ ابوالقاسم بن محمد فرماتے ہیں: نقشہ نعل مبارک کی آزمائی ہوئی برکات سے ہے کہ جو شخص بہ نیت تبرک اسے اپنے پاس رکھے (بقیہ حاشیہ آئندہ صفحہ پر)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یہ مطلب بغیر کسی ابہام اور اشکال کے واضح ہے۔ بعض شارحین کے بیان سے وہ مطلب سمجھا جاتا ہے جو اس کے مخالف ہے، ابہام سے خالی نہیں ہے۔ ہم نے اسے شرح (المعات) میں بیان کیا ہے۔

۴۲۱۱ / ۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا يَقُولُ اسْتَكْثِرُوا مِنَ النِّعَالِ فَإِنَّ الرَّجُلَ لَا يَزَالُ رَاكِبًا مَا انْتَعَلَ. (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ایک غزوہ میں فرماتے ہوئے سنا جس میں آپ نے بنفس نفیس شرکت فرمائی[1] کہ کثرت سے جوتے استعمال کرو۔ کیونکہ مرد جب تک جوتے پہنے رہتا ہے سوار رہتا ہے[2]۔ (مسلم)

۱ے اور روانہ ہونے کا ارادہ فرمایا۔

۲ے یعنی چلنے کی آسانی اور پاؤں کے آفتوں سے محفوظ رہنے میں سوار کے حکم میں ہوتا ہے۔

اس حدیث میں اس امر کی تعلیم ہے۔ کہ سفر میں جن چیزوں کی حاجت ہو ان کی تیاری کرنی چاہیے

۴۲۱۲ / ۴ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا انْتَعَلَ أَحَدُكُمْ فَلْيَبْدَأْ بِالْيُمْنَى وَإِذَا نَزَعَ فَلْيَبْدَأْ بِالشِّمَالِ لِتَكُنِ الْيُمْنَى أَوَّلَهُمَا تُنْعَلُ وَآخِرَهُمَا تُنْزَعُ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تم میں سے ایک شخص جب جوتا پہنے تو پہلے دایاں پہنے[1] اور جب اتارے تو پہلے بایاں اتارے۔ چاہیے کہ پہننے میں دایاں پہلے ہو اور اتارنے میں بایاں[2]۔ (صحیحین)

۱ے جوتے پہننے کی ترتیب یہ ہے کہ پہلے دائیں پاؤں میں پہنے پھر بائیں پاؤں میں۔

۲ے پھر دائیں جوتے کو اتارے ——— (آئندہ ارشاد) بیان کی زیادتی، مقصد کی وضاحت اور اس ادب کی شان کی اہمیت بیان کرنے اور اسے بجالانے کے لیے (فرمایا)

(بقیہ حاشیہ صفحہ سابقہ) وہ ظالموں کے ظلم اور دشمنوں کے غلبہ سے امان پائے، اور وہ نقشہ مبارک ہر شیطان سرکش اور ہر حاسد کے چشم زخم سے اس کی پناہ ہو جائے اور زن حاملہ شدت درد زہ میں اگر اسے اپنے داہنے ہاتھ میں لے بعنایت الٰہی اس کا کام آسان ہو۔ ۱۲ قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com　Downloaded From Paksociety.com

؎۵ اس سلسلے میں قاعدہ یہ ہے کہ جو کام شان اور فضیلت رکھتا ہو اس میں دائیں جانب سے ابتدا مستحب ہے اور جو ایسا کام نہیں ہے، اس میں بائیں جانب سے ابتدا ہونی چاہیے، ظاہر بات ہے کہ جوتوں کا پہننا مسجد میں داخل ہونے کی تمہید، اس کا وسیلہ اور دیگر اعمالِ خیر کا ذریعہ ہے جب کہ جوتا اتارنا اس طرح نہیں ہے، مسجد میں داخل ہوتے وقت پہلے دایاں پاؤں رکھا جائے اور باہر نکلتے وقت پہلے بایاں پاؤں رکھے، وضو خانے میں داخل ہوتے وقت پہلے بایاں پاؤں رکھے اور وہاں سے نکلتے وقت پہلے دایاں پاؤں رکھے۔ اس مسئلے کی تفصیل کتاب الطہارۃ میں گزر گئی ہے۔

۴۲۱۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَمْشِيْ اَحَدُكُمْ فِيْ نَعْلٍ وَّاحِدَةٍ لِيُحْفِهِمَا جَمِيْعًا اَوْ لِيَنْعَلْهُمَا جَمِيْعًا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم میں سے ایک شخص ایک جوتے میں نہ چلے، چاہیے کہ یا تو دونوں کو اتار دے یا دونوں کو پہن لے؎۱ (صحیحین)

؎۱ یا تو دونوں جوتے اتار دے اور ننگے پاؤں چلے، یا دونوں جوتے پہن کر چلے، صرف ایک پاؤں میں جوتا پہن کر چلنا مکروہ تنزیہی ہے کیونکہ ایسا کرنا وقار، مروت اور ادب کے خلاف ہے اور چلنے میں پاؤں کے پھسلنے کا سبب ہے، خصوصاً جب کہ جوتا بلند ہو اور زمین ناہموار ہو، کتاب اللباس کی پہلی فصل میں بھی اس مسئلے کے متعلق گفتگو گزر چکی ہے، لِیُحْفِھِمَا اور لِیَنْعَلْھُمَا دونوں باب افعال اور باب علم سے روایت کیے گئے ہیں۔

۴۲۱۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ نَعْلِهٖ فَلَا يَمْشِ فِيْ خُفٍّ وَّاحِدَةٍ حَتّٰى يُصْلِحَ شِسْعَهٗ وَلَا يَمْشِيْ فِيْ خُفٍّ وَّاحِدٍ وَّلَا يَاْكُلْ بِشِمَالِهٖ وَلَا يَحْتَبِيْ بِالثَّوْبِ الْوَاحِدِ وَلَا يَلْتَحِفِ الصَّمَّآءَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جب کسی شخص کے جوتے کا تسمہ؎۱ ٹوٹ جائے۔ تو وہ ایک جوتے میں نہ چلے، یہاں تک کہ تسمے کو درست کرے، چاہیے کہ ایک جوتے میں نہ چلے، بائیں ہاتھ سے نہ کھائے، ایک کپڑے میں احتباء نہ کرے؎۲۔ اور ایک کپڑے میں نہ لپٹے؎۳۔ (مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ل۱؎ شسع نقطے والی شین کے نیچے زیر اور سین ساکن. جوتے کا تسمہ۔
ل۲؎ ایک کپڑا اپنی کمر اور گھٹنوں کے گرد لپیٹ کر بیٹھے تاکہ ستر نہ کھل جائے۔
ل۳؎ اس طرح کہ ہاتھ بھی اندر ہوں اور ہاتھ باہر نکالنے کا راستہ نہ ہے: ان کلمات کے معانی تفصیلاً اس سے پہلے بیان کیے جا چکے ہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ
دوسری فصل

۴۲۱۵ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ لِنَعْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِبَالَانِ مُثَنًّى شِرَاكُهُمَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک جوتے کے دو تسمے تھے جن کی دو تہیں تھیں ل۱؎ (ترمذی)

ل۱؎ مثنی "تثنیہ" سے اسم مفعول کا صیغہ ہے، "ثنیٰ" سے بھی پڑھا گیا ہے (مثنی)

۴۲۱۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْتَعِلَ الرَّجُلُ قَائِمًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَرَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا کہ کوئی شخص کھڑا ہو کر جوتا پہنے ل۱؎ (ابوداؤد، امام ترمذی اور امام ابن ماجہ نے یہ حدیث حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی)

ل۱؎ شارحین نے فرمایا یہ ممانعت اس صورت میں ہے کہ کھڑے ہو کر جوتا پہننے میں مشقت لاحق ہو اور اس جوتے کے بارے میں ہے جس کے پہننے اور تسمہ باندھنے میں ہاتھ لگانے کی حاجت پیش آئے، مطلقاً منع نہیں ہے اچپل یا گرگابی کھڑے ہو کر بھی پہن سکتے ہیں ۱۲ ق ن)

۴۲۱۷ وَعَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ رُبَّمَا مَشَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نَعْلٍ وَّاحِدَةٍ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنَّهَا مَشَتْ بِنَعْلٍ

حضرت قاسم بن محمد حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ بعض اوقات نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک جوتا پہن کر چلے ل۱؎۔ اور ایک روایت میں ہے کہ حضرت عائشہ ایک جوتا پہن

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَاحِدَةٍ۔ کر چلیں۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا أَصَحُّ) (ترمذی) انہوں نے فرمایا کہ یہ زیادہ صحیح ہے[۳]۔

[۱] حضرت قاسم بن محمد بن ابی بکر اکابر تابعین اور مدینہ منورہ کے سات فقہاء میں سے ہیں۔

[۲] یہ حدیث اس حدیث کے مخالف ہے جس میں ایک جوتا پہن کر چلنے کی ممانعت ہے، ممانعت کی حدیث ابھی ابھی گزری ہے۔ علماء نے اس حدیث کی صحت میں کلام کیا ہے، اور اگر صحیح بھی ہو تو محدثین فرماتے ہیں کہ یہ حال شاذ و نادر تھا اور گھر کے صحن میں تھا، گھر سے باہر نہ تھا اور اگر باہر بھی تھا یا جواز کے بیان کے لیے تھا تاکہ تم یہ نہ سمجھو کہ حرام ہے۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ جس کام کا کرنا ہمارے لیے مکروہ تنزیہی ہے، وہ شارع علیہ السلام سے اصل جواز کے بیان کے لیے آیا ہے تو وہ آپ کے لیے مکروہ نہیں ہے، کیونکہ جواز کا بیان آپ پر واجب ہے۔ جیسے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعض اوقات بیان جواز کے لیے کھڑے ہو کر پانی پیا۔ محدثین نے اس کی یہی وجہ بیان کی ہے اسی طرح مواہب لدنیہ میں ہے۔

[۳] حضرت عائشہ کے ایک جوتا پہن کر چلنے کی روایت زیادہ صحیح ہے اس روایت سے جس میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک جوتا پہن کر چلنے کا ذکر ہے۔ یعنی یہ حدیث مرفوعاً اور موقوفاً دونوں طرح مروی ہے اور موقوف کی سند زیادہ صحیح ہے۔

۴۲۱۸ (۱۰) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مِنَ السُّنَّةِ إِذَا جَلَسَ الرَّجُلُ أَنْ يَخْلَعَ نَعْلَيْهِ فَيَضَعَهُمَا بِجَنْبِهِ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ سنت یہ ہے کہ جب ایک شخص بیٹھے تو جوتے اتار کر اپنے پہلو میں رکھ دے[۱]۔ (ابو داؤد)

[۱] یعنی چاہیے کہ جوتوں سمیت نہ بیٹھے بلکہ جوتے اتار کر بیٹھے کہ اسی میں ادب ہے[۱]۔

---

[۱] آج کل فیشن یہ ہے کہ کرسیوں پر بیٹھ جاتے ہیں اور جوتے پہنے رکھتے ہیں، بلکہ جوتے پہنے ہوئے کھڑے ہو کر کھانا کھاتے ہیں، کاش ہماری قوم پر یہ راز منکشف ہو جائے کہ ہماری عزت سعادت اور کامیابی حضور سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سنت کے اپنانے میں ہی ہے، غیروں کے طور طریقے اپنا کر ہم کبھی سربلند نہیں ہو سکتے۔

۱۲ شرف قادری نقشبندی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۶ یہ بھی سنت ہے۔

۴۲۱۹/۱۱ وَعَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ أَنَّ النَّجَاشِيَّ أَهْدَى إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُفَّيْنِ أَسْوَدَيْنِ سَاذَجَيْنِ فَلَبِسَهُمَا۔ (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ عَنْ بُرَيْدَةَ عَنْ أَبِيهِ ثُمَّ تَوَضَّأَ وَمَسَحَ عَلَيْهِمَا)

ابن بریدہ[۱] اپنے والد رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت نجاشی[۲] نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں دو سیاہ اور سادہ[۳] موزوں کا جوڑا بطور ہدیہ بھجوایا جو آپ نے پہنا۔

(ابن ماجہ) امام ترمذی نے یہ حدیث حضرت ابو بریدہ[۴] سے انہوں نے اپنے والد سے روایت کی اس میں اضافہ ہے کہ پھر آپ نے وضو کیا اور ان پر مسح کیا۔

۱ حضرت عبداللہ بن بریدہ بار پیش، اسلمی، مرو کے قاضی اور وہاں کے گورنر تھے حضرت سلیمان بن بریدہ کے بھائی، دونوں ثقہ ہیں اور عبداللہ زیادہ ثقہ ہیں۔

۲ حبشہ کے بادشاہ

۳ ساذج، سادہ کا معرب ہے۔

۴ امام ابن ماجہ نے یہ حدیث ابن بریدہ سے روایت کی، ابن مضاف ہے بریدہ کی طرف

۵ أب مضاف ہے بریدہ کی طرف، شمائل ترمذی میں ہے کہ ایک دفعہ حضرت دحیہ کلبی نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں موزے بھجوائے، آپ نے پہن لیے اور یہ نہ پوچھا کہ ذبح کیے ہوئے جانور کی کھال کے ہیں یا نہیں؟ آپ نے ظاہر پر عمل کیا اور تفتیش نہیں کی، تاکہ لوگ ظاہر پر عمل کرنے کی تقلید کریں۔ موزوں پر مسح کرنے کے احکام کی تفصیل کتاب الطہارۃ میں گزر گئی ہے، اس جگہ صرف ان کے پہننے کا ذکر مقصود ہے۔

بَابُ التَّرَجُّلِ

کنگھی کرنے کا بیان

یہ باب کنگھی کرنے اور ان امور کے بیان میں ہے جو اس کے قائم مقام ہیں تَرَجُّل اور تَرْجِیل کا معنی ہے۔

Downloaded From Paksociety.com
Scanned By Marfat.com

بالوں کو پھیلانا، صاف ستھرا کرنا اور انہیں حسین بنانا اسی طرح نہایہ میں ہے، اس کا حاصل معنی کنگھی کرنا اور بالوں کی اصلاح ہے، اکثر "ترجیل" کا استعمال سر کے بارے میں آتا ہے، داڑھی کے لیے "تسریح" کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے۔ واضح رہے کہ اس باب میں کنگھی کرنے کے علاوہ ان احادیث کا بھی ذکر ہے جن کا تعلق بالوں کی آرائش وغیرہ سے ہے، لہٰذا اگر حضرت مؤلف یوں کہتے: کنگھی کرنے اور اس جیسے امور کا بیان تو بہتر ہوتا۔ لیکن ان کی عادت ہے کہ ہر باب میں وہ احادیث لاتے ہیں جو اس باب سے مناسبت رکھتی ہوں، مناسبات کا عنوان باب میں ذکر نہیں کرتے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۲۲۰ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أُرَجِّلُ رَأْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا حَائِضٌ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر پر کنگھی کیا کرتی تھی حالانکہ میں حائضہ ہوتی تھی[1]۔ (صحیحین)

[1] اس سے معلوم ہوتا ہے کہ حائضہ کو چھونا اور ہاتھ لگانا ممنوع نہیں ہے، اور یہ ثابت ہو چکا ہے کہ ممنوع صرف مباشرت ہے۔

۴۲۲۱/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْفِطْرَةُ خَمْسٌ اَلْخِتَانُ وَالْاِسْتِحْدَادُ وَقَصُّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمُ الْاَظْفَارِ وَنَتْفُ الْاِبِطِ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، پانچ چیزیں فطرت[1] سے ہیں (۱) ختنہ کرنا (۲) موئے زیر ناف مونڈنا (۳) مونچھیں تراشنا (۴) ناخن کاٹنا (۵) بغل[2] کے بال اکھیڑنا۔ (صحیحین)

[1] لغت میں فطرت کا معنی ہے پھاڑنا، نئی چیز بنانا، اختراع، اس کا استعمال جبلت اور دین اسلام کے لیے بھی آیا ہے، اس حدیث میں شارحین نے اس کا معنی قدیم سنت بیان کیا ہے جسے انبیاء کرام نے اختیار کیا ہے۔ اور اس پر شریعتوں کا اتفاق ہے، اور ہمیں ان کی اقتداء کا حکم دیا گیا ہے گویا وہ طبعی امر ہے جس پر لوگ پیدا کیے گئے ہیں، یہ حدیث کتاب کی ابتداء میں کتاب الطہارۃ کے باب مسواک میں گزر چکی ہے، اس جگہ دس چیزوں کا فطرت ہونا بیان کیا گیا ہے جب کہ اس جگہ پانچ چیزیں بیان کی گئی ہیں۔ دونوں جگہوں میں سے کسی جگہ بھی حصر مراد

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مراد نہیں ہے، بلکہ مطلب یہ ہے کہ دس چیزیں فطری امور میں سے ہیں۔ اور اس جگہ پانچ چیزیں ہی بیان کی گئی ہیں۔

سے ۵ اِبط ایک نقطے والی با کے نیچے زیر، اس کو ساکن بھی پڑھ سکتے ہیں، بعض روایات میں جمع کا صیغہ آباط آیا ہے، مراد بغل کے بال ہیں، تمام امورِ فطرت کا بیان باب سواک میں کیا جا چکا ہے، سوائے استحداد کے جو اس جگہ مذکور نہیں ہے، اس سے مراد زیرِ ناف لوہے کا استعمال ہے؛ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ موئے زیرِ ناف کا مونڈنا سنت ہے اور بغلوں کے بالوں کا اکھیڑنا سنت ہے، مونڈنا بھی اس کے قائم مقام ہے۔

۴۲۲۲ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْنَ اَوْفِرُوا اللُّحٰى وَ اَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَفِيْ رِوَايَةٍ اَنْهِكُوا الشَّوَارِبَ وَ اَعْفُوا اللُّحٰى۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مشرکوں کی مخالفت کرو۔ داڑھیاں لمبی کرو[۱] اور مونچھیں پست کرو۔ اور ایک روایت میں ہے کہ مونچھیں خوب نیچی کرو[۲] اور داڑھیاں بڑھاؤ[۳]۔
(صحیحین)

سلہ یہ مشرکین کی مخالفت کے طریقے کا بیان ہے۔

سے ۵ انہاک کسی چیز میں مبالغہ کرنا، اس جگہ پست کرنے میں مبالغہ مراد ہے۔

سے ۵

۴۲۲۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ وُقِّتَ لَنَا فِيْ قَصِّ الشَّارِبِ وَتَقْلِيْمِ الْاَظْفَارِ وَنَتْفِ الْاِبِطِ وَ حَلْقِ الْعَانَةِ اَنْ لَّا نَتْرُكَ اَكْثَرَ مِنْ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہمارے لیے مونچھوں کے تراشنے، ناخنوں کے کاٹنے، بغل کے بالوں کے اکھیڑنے اور موئے زیرِ ناف مونڈنے کے لیے وقت مقرر کیا گیا ہم چالیس راتوں سے زیادہ ترک نہ کریں[۱]۔
(مسلم)

سلہ یعنی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمارے لیے وقت مقرر فرمایا، کہ ان کاموں پر چالیس سے زیادہ دن نہیں گزرنے چاہئیں، اور افضل یہ ہے کہ چالیس دن سے پہلے کیے جائیں، کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر جمعہ کو مونچھیں اور ناخن کاٹتے تھے، موئے زیرِ ناف بیس دن میں صاف کرتے اور بغلوں کے بال چالیس دن

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

میں اکھیڑتے تھے، اس مقام کی شرح اور احکام کی تفصیل اس سے پہلے گزر چکی ہے۔

۴۲۲۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْیَهُوْدَ وَ النَّصَارٰی لَا یَصْبُغُوْنَ فَخَالِفُوْهُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہود و نصاریٰ (بالوں کو) نہیں رنگتے[۱] تو تم ان کی مخالفت کرو[۲]۔ (صحیحین)

[۱] مراد خضاب ہے ــــ یصبغون باء پر پیش، زبر بھی پڑھ سکتے ہیں۔

[۲] اور خضاب لگاؤ لیکن سیاہ خضاب نہ ہو، سیاہ خضاب حرام ہے، اس مسئلے کی تفصیل آیندہ آئے گی، صحابہ کرام اور دیگر حضرات مہندی کا سرخ خضاب لگاتے تھے، کبھی زرد رنگ بھی لگاتے تھے۔ مہندی کے ساتھ رنگنے کے بارے میں متعدد احادیث وارد ہوئی ہیں۔ شارحین کہتے ہیں کہ مہندی کے ساتھ بالوں کا رنگنا مومنوں کی نشانی ہے اور اس کے جائز ہونے پر علماء کا اتفاق ہے۔ بعض فقہاء نے اسے مردوں اور عورتوں کے لیے مستحب کہا ہے، اور اس کی فضیلت میں احادیث بھی لاتے ہیں جو محدثین کے نزدیک محل طعن اور ضعیف ہیں۔ مجمع البحار میں ہے خضاب لگانے کا حکم اس شخص کے لیے ہے جس کے بال خالص سفید ہوں، جیسے کہ آیندہ حدیث میں حضرت ابو قحافہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا حال آئے گا ہر شخص کے لیے حکم نہیں ہے چاہے اس کے دو بال ہی سفید ہوں، یہ بھی کہا کہ مختلف حالات کے اعتبار سے خضاب لگانے میں سلف کا اختلاف ہے، بعض حضرات نے کہا کہ یہ اپنے اپنے علاقے کی عادت کے لحاظ سے ہے کیونکہ شہر والوں کے عرف سے نکلنا باعث شہرت ہے اور مکروہ، بعض علماء نے کہا کہ رنگ کرنے کی نسبت جس کے بالوں کی سفیدی خوشنما، دلکش اور نورانی ہو اس کے لیے خضاب نہ لگانا اولیٰ اور احسن ہے، اور جس کے بالوں کی سفیدی بدنما اور قبیح ہو اس کے لیے رنگ کرنا اور بالوں کا عیب چھپانا بہتر ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خضاب لگانے کے بارے میں گفتگو گزر چکی ہے اور آیندہ بھی آئے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

۴۲۲۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اُتِیَ بِاَبِیْ قُحَافَةَ یَوْمَ فَتْحِ مَکَّةَ وَ رَاْسُهٗ وَ لِحْیَتُهٗ کَالثَّغَامَةِ بَیَاضًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ غَیِّرُوْا هٰذَا بِشَیْءٍ وَّ اجْتَنِبُوا السَّوَادَ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ فتح مکہ کے دن حضرت ابو قحافہ[۱] اس حال میں لائے گئے کہ ان کے سر اور داڑھی کے بال سفیدی میں ثغامہ[۲] (گھاس) کی طرح تھے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے کسی چیز سے تبدیل کردو اور سیاہی سے بچو[۳]۔ (مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ ابوقحافہ قاف پر پیش، حضرت امیر المومنین ابوبکر صدیق کے والد ماجد رضی اللہ تعالیٰ عنہما، فتح مکہ کے دن اسلام لائے ان کا وصال حضرت ابوبکر صدیق کے بعد حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے زمانۂ خلافت میں سکلہ میں ستانوے سال کی عمر میں ہوا، حضرت ابوقحافہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا تو آپ نے فرمایا: انہیں کیوں تکلیف دی، ہم خود شیخ کے پاس چلے جاتے۔

سلہ ثغامہ تین نقطوں والی ثار پر پیش، اس کے بعد نقطے والی غین، ایک گھاس ہے جس کی کلیاں اور دانے برف کی طرح سفید ہوتے ہیں، بالوں کی سفیدی کو اس کے ساتھ تشبیہ دی جاتی ہے۔ فارسی میں اسے درمنہ سفید کہتے ہیں۔

سلہ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سیاہ خضاب لگانا مکروہ اور حرام ہے، دوسری حدیثیں بھی آئیں گی۔

مطالب المومنین میں ہے کہ دین کے دشمنوں کی نظر میں رعب اور دبدبے کے لیے غازیوں کو سیاہ خضاب لگانا درست ہے، زیب وزینت اور عورتوں کی پسندیدگی کے لیے لگانا اکثر مشائخ کے نزدیک مکروہ ہے، بعض فقہاء نے اسے بغیر کسی کراہت کے جائز قرار دیا ہے۔ اسی طرح محیط میں ہے، امام ابویوسف سے ایک روایت میں آیا ہے کہ کوئی حرج نہیں ہے مختار یہ ہے کہ مکروہ ہے کیونکہ بالوں کی سفیدی نورِ الٰہی ہے اور نورِ الٰہی کو سیاہی کے ساتھ تبدیل کرنا مکروہ ہے۔ یہ امر پایۂ صحت کو پہنچا ہے کہ امیر المومنین ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ مہندی اور کتم کے ساتھ بال رنگتے تھے کتم ایک گھاس ہے لیکن اس کا رنگ سیاہ نہیں ہے بلکہ سیاہی مائل سرخ ہے، وہ جو صحابہ کرام سے منقول ہے وہ بھی اسی پر محمول ہے، سیاہ خضاب کے بارے میں سخت وعید آئی ہے جیسے کہ دوسری فصل میں آئے گی، مختصر یہ کہ مہندی کے ساتھ بالوں کا رنگنا بالاتفاق جائز ہے، سیاہ خضاب کے بارے میں مختار یہ ہے کہ مکروہ اور حرام ہے، مرد کے لیے عذر کی بنا پر ہاتھوں اور پاؤں پر مہندی لگانے میں حرج نہیں ہے بغیر عذر کے مکروہ ہے۔

۴۲۲۶ — وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحِبُّ مُوَافَقَةَ أَهْلِ الْكِتَابِ فِيمَا لَمْ يُؤْمَرْ فِيهِ وَكَانَ أَهْلُ الْكِتَابِ يَسْدُلُونَ أَشْعَارَهُمْ وَكَانَ الْمُشْرِكُونَ يَفْرُقُونَ رُؤُوسَهُمْ فَسَدَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاصِيَتَهُ ثُمَّ فَرَقَ بَعْدُ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان احکام میں اہل کتاب کی موافقت پسند فرماتے تھے جن میں آپ کو خاص حکم نہیں دیا گیا تھا۔ اہل کتاب اپنے بال کھلے[1] چھوڑتے تھے اور مشرکین مانگ نکالتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی پیشانی کے بال کھلے چھوڑے۔ پھر بعد میں مانگ نکالی[2]

(صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے سدل سر کے بالوں کا کھلا چھوڑ دینا اور نیچے لٹکانا اور انہیں کسی طرف جمع نہ کرنا۔ فرق بالوں کو دو حصوں میں تقسیم کرنا اور ہر حصے کو ایک جانب جمع کرنا۔ قاموس میں ہے کہ فرق سر کے بالوں کے درمیان نکالی جانے والی مانگ کو کہتے ہیں۔ یَسْدُلُوْنَ اور یَفْرُقُوْنَ۔ دونوں کے عین کلمہ پر پیش ہے اور اس کے نیچے زیر بھی پڑھی گئی ہے۔ باب نصر اور ضرب سے ہے۔

ے۲ اہل کتاب اپنے بال کھلے چھوڑتے تھے، ان کی موافقت کے لیے مدینہ منورہ تشریف لانے کے ابتدائی دنوں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بال کھلے چھوڑے۔ سدل اگرچہ سر کے اردگرد بالوں کے چھوڑنے کو کہتے ہیں اور پیشانی کے ساتھ اس کا خصوصی تعلق نہیں ہے۔ لیکن مانگ اور سدل کے درمیان فرق پیشانی میں ظاہر ہوتا ہے، اس لیے پیشانی کی تخصیص کی گئی ہے۔ علامہ طیبی نے کہا کہ اس جگہ سدل سے مراد بالوں کا پیشانی پر کھلا چھوڑنا ہے۔

ے۳ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریف بالوں کو کھلا چھوڑنا تھی، پھر مانگ نکالنا مقرر ہو گیا، اس لیے بعض حضرات کہتے ہیں کہ بالوں کو کھلا چھوڑنا منسوخ ہو گیا۔ اس لیے کہ ظاہر یہ ہے کہ مانگ نکالنے کی طرف رجوع، وحی کی بنا پر تھا، کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم دیا گیا تھا کہ جس امر کے بارے میں خاص حکم نہ دیا گیا ہو اس میں اہل کتاب کی موافقت کریں۔ لہٰذا ان کی مخالفت بھی حکم وارد ہونے کی بنا پر ہو گی۔ بعض علماء اصول اس حدیث سے دلیل پکڑتے ہوئے کہتے ہیں کہ انبیاء سابقین کی شریعت ہماری شریعت ہے جب تک کہ ہمیں اس کی مخالفت کا حکم نہ دیا جائے لیکن ان ہی احکام میں جن میں تحریف اور تبدیلی کا علم نہ ہو، بعض شارحین کہتے ہیں کہ مانگ کا اختیار کرنا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اجتہادی فیصلہ تھا کہ اہل کتاب کی مخالفت کی جائے، ابتداء اسلام میں تالیفِ قلوب کے لیے ان کی موافقت کی گئی۔ جب اللہ تعالیٰ نے آپ کو اہل کتاب اور ان کی تالیفِ قلبی سے بے نیاز کر دیا، اور آپ کو تمام ادیان پر غالب کر دیا تو آپ نے بعض امور میں ان کی مخالفت کی۔ یُحِبُّ مُوَافَقَتَھُمْ کے ظاہر سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس معاملے میں اختیار دیا گیا تھا، اگر حکم شرعی ہوتا تو لازم اور حتمی ہوتا، بعض احادیث میں آیا ہے کہ اگر بال بکھر جاتے تو آپ مانگ نکال لیتے ورنہ انہیں ان کے حال پر چھوڑ دیتے، یعنی بال کھلے چھوڑنے اور مانگ نکالنے میں تکلف نہیں کرتے تھے اور انہیں ان کی حالت پر رہنے دیتے تھے، لہٰذا بال کھلے چھوڑنا اور مانگ نکالنا دونوں جائز ہیں۔ بعض حضرات نے کہا کہ مانگ نکالنا افضل ہے ـــــ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۴۲۲۷ وَعَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنِ الْقَزَعِ قِيْلَ لِنَافِعٍ مَا الْقَزَعُ قَالَ

حضرت نافع، عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو قزع سے منع کرتے ہوئے سنا۔ حضرت نافع سے پوچھا گیا کہ قزع

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

يُحْلَقُ بَعْضُ رَاْسِ الصَّبِيِّ وَ يُتْرَكُ الْبَعْضُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَ اَلْحَقَ بَعْضُهُمُ التَّفْسِيْرَ بِالْحَدِيْثِ۔

کیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: بچے کے سر کا کچھ حصہ مونڈ دیا جائے اور کچھ چھوڑ دیا جائے [۲] (صحیحین) بعض راویوں نے اس تفسیر کو حدیث میں شامل کیا ہے [۳]

[۱] قزع قاف اور زاء دونوں پر زبر، زاء ساکن بھی آئی ہے۔

[۲] غالباً بچے کی تخصیص اس لیے ہے کہ عام طور پر اس طرح بچوں ہی کا سر مونڈا جاتا ہے۔ ورنہ قزع (سر کے کچھ حصے کا مونڈنا اور باقی چھوڑ دینا، جس طرح آج کل بودے بنوائے جاتے ہیں یا تمام سر مونڈ دیا جاتا ہے اور چوٹی رہنے دیتے ہیں۔ اس میں ہندوؤں کے ساتھ مشابہت بھی ہے۔ ۱۲ ق ن) بچے، جوان اور بوڑھے سب کے لیے مکروہ ہے اسی لیے روایات فقہیہ میں مطلق (بچے کی قید کے بغیر) ذکر کیا ہے اور کہا کہ قزع متفرق جگہوں سے سر کا مونڈنا ہے، ممانعت کا تعلق بچے کے سرپرستوں کے فعل کے ساتھ ہے، جیسے کہ ایک دوسری حدیث سے پتا چلتا ہے۔ علامہ طیبی کہتے ہیں کہ بغیر ضرورت کے متفرق جگہوں سے بالوں کا مونڈنا بالاتفاق مکروہ ہے۔ ضرورت یہ ہے کہ علاج معالجہ کے لیے ایسا کیا جائے، دیگر حضرات نے اس کا مکروہ تنزیہی ہونا بیان کیا ہے۔ متفرق جگہوں کا اعتبار اصل لغوی معنی کی بنا پر کیا گیا ہے کیونکہ قزع بادل کے متفرق ٹکڑوں کو کہتے ہیں، سر کے مختلف حصوں کے بالوں کو ان کے ساتھ تشبیہ دی گئی ہے۔ اگرچہ قزع کی تفسیر میں واقع عبارت کے ظاہر سے سر کے مطلق بعض حصوں سے بالوں کا مونڈنا معلوم ہوتا ہے، لیکن تمام شارحین نے متفرق جگہوں سے مونڈنے کی قید کا ذکر کیا ہے، نقہی روایات بھی اسی طرح آئی ہیں، کراہت کی وجہ کافروں کی مشابہت اور بد صورتی ہے۔

[۳] قزع کی تفسیر یہ کی گئی ہے کہ سر کے کچھ حصے کا مونڈنا، بعض راویوں نے اس تفسیر کو اصل حدیث میں شامل کیا ہے اور اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا قول قرار دیا ہے۔

۴۲۲۸ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى صَبِيًّا قَدْ حُلِقَ بَعْضُ رَاْسِهٖ وَتُرِكَ بَعْضُهٗ فَنَهَاهُمْ عَنْ ذٰلِكَ وَ قَالَ احْلِقُوْا كُلَّهٗ اَوِ اتْرُكُوْا كُلَّهٗ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بچہ دیکھا جس کے سر کا کچھ حصہ مونڈا گیا تھا اور کچھ چھوڑ دیا گیا تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بچے کے سرپرستوں کو اس سے منع کیا اور فرمایا: تمام سر مونڈ دو یا تمام چھوڑ دو [۱] (مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ بچہ اگرچہ مکلف نہیں ہے لیکن اس کے سرپرست اس کے افعال اور احوال کے سلسلے میں امر اور نہی کے مکلف ہیں۔

۴۲۲۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَعَنَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُخَنَّثِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالْمُتَرَجِّلَاتِ مِنَ النِّسَاءِ وَقَالَ اَخْرِجُوْهُمْ مِنْ بُيُوْتِكُمْ۔
۱۰
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مخنث[۱] مردوں اور مرد بننے والی عورتوں[۲] پر لعنت فرمائی اور فرمایا، انہیں[۳] اپنے گھروں سے نکال دو۔ (بخاری)

لہ مخنث وہ مرد ہے جو لباس، مہندی سے ہاتھوں اور پاؤں کے رنگنے، گفتگو اور حرکات و سکنات میں عورتوں کی مشابہت اختیار کرتا ہو، لغت میں خنث کا معنی ہے نرمی، لچک اور لپیٹنا ہے، مخنث اعضاء کی لچک، نرمی اور زبان کو بل دینے میں عورتوں کے مشابہ ہوتا ہے۔ کہتے ہیں کہ قیاس یہ ہے کہ نون کے نیچے زیر ہو (مخنِث) لیکن مشہور زبر ہے۔ مخنث کی دو قسمیں ہیں (۱) پیدائشی طور پر عورتوں ایسی وضع قطع رکھتا ہو (۲) تکلف کے ساتھ ایسی وضع قطع اور حرکات کے ذریعے عورتوں کی مشابہت اختیار کرتا ہو، لعنت اور مذمت اسی قسم سے تعلق ہے، پہلی قسم سے نہیں کہ وہ اختیار سے باہر ہے۔

۲ه وہ عورتیں جو ہیئت، لباس اور مردانہ کاموں کے ذریعے اپنے آپ کو مردوں کے مشابہ بنائیں۔

۳ه ظاہر یہ ہے کہ یہ ضمیر مخنثوں کی طرف راجع ہے، یہ بھی صورت ہو سکتی ہے کہ یہ ضمیر مخنثوں اور مرد بننے والی عورتوں دونوں کی طرف راجع ہو کیونکہ ایسی عورتیں مردوں کے حکم میں ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۲۳۰ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَنَ اللّٰهُ الْمُتَشَبِّهِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ بِالنِّسَاءِ وَالْمُتَشَبِّهَاتِ مِنَ النِّسَاءِ بِالرِّجَالِ۔
۱۱
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عورتوں کی مشابہت اختیار کرنے والے مردوں اور مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی[۱]۔ (بخاری)

لہ مطلب وہی ہے جو گزشتہ حدیث کا ہے۔

۴۲۳۱ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ
۱۲

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاصِلَةَ وَالْمُسْتَوْصِلَةَ وَالْوَاشِمَةَ وَ الْمُسْتَوْشِمَةَ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالے بال ملانے والی اور ملوانے والی[۱] جسم گودنے والی اور گدوانے والی پر لعنت فرمائے[۲] (صحیحین)

[۱] واصلہ وہ عورت ہے جو اپنے بالوں کو دوسرے بالوں کے ساتھ پیوند کرے تاکہ زیادہ ہو جائیں، اور مستوصلہ وہ عورت جو دوسری عورت کو حکم دے کہ میرے بالوں کے ساتھ دوسرے بال پیوند کر، دونوں کو دعائے لعنت کے ساتھ یاد فرمایا اور اللہ تعالےٰ کے قرب اور رضا کے مقام سے دور پھینک دیا، اس کی وجہ تغییر خلق اور مذموم تکلف کا ارتکاب ہے، جیسے کہ آئندہ حدیث میں اس طرف اشارہ ہے، علماء نے بالوں کے ملانے یا بالوں کے علاوہ کسی چیز کے ملانے، اسی طرح انسانی یا غیر انسانی بالوں کے ملانے، شوہر یا آقا کی اجازت سے یا اجازت کے بغیر ملانے کی تفصیل بیان کی ہے بعض علماء کے نزدیک اون اور روئیوں کا بالوں میں ملانا جائز ہے، رہا بالوں کا ریشم وغیرہ سرخ چیز سے بالوں کا باندھنا جو بالوں کے ساتھ مشابہت نہیں رکھتی، بغیر کراہت کے جائز ہے۔ اسی طرح مجمع البحار میں ہے، جس عورت کا شوہر نہ ہو یا شوہر تو ہو مگر اس کی طرف سے اجازت نہ ہو تو اس کے لیے چہرے پر سرخی لگانا اور بالوں کو رنگنا حرام ہے، شوہر کی اجازت سے ہو تو حرام نہیں ہے۔

[۲] "وشم" کا معنی ہے جسم میں سوئی وغیرہ چبھو کر اس میں سرمہ یا نیل بھر دینا، تاکہ رنگین نقش بن جائے، واشمہ وہ عورت ہے جو یہ کام کرے اور مستوشمہ وہ عورت ہے جو یہ عمل طلب کرے اور کسی کو کہے کہ میرے جسم پر یہ عمل کر دے، بعض روایات میں "مستوشمہ" کی جگہ "موتشمہ" آیا ہے۔

۴۲۳۲ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ[۱۳] قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْوَاشِمَاتِ وَ الْمُسْتَوْشِمَاتِ وَ الْمُتَنَمِّصَاتِ وَ الْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ الْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ فَجَآءَتْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ اِنَّهٗ بَلَغَنِيْ اَنَّكَ لَعَنْتَ كَيْتَ وَ كَيْتَ. فَقَالَ مَالِيْ لَا اَلْعَنُ مَنْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ گودنے اور گدوانے والیوں، چہرے سے بال اکھیڑنے کا حکم دینے والیوں[۱] اور دانتوں کے درمیان تکلف سے حسن و جمال کے اظہار کے لیے فاصلہ پیدا کرنے والیوں[۲] پر لعنت فرمائے جو اللہ تعالےٰ کی تخلیق میں تبدیلی لانے والیاں[۳] ہیں۔ ایک عورت ان کے پاس آکر کہنے لگی کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ آپ نے اس اس طرح کی عورتوں پر لعنت بھیجی ہے،

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ وَ مَنْ هُوَ فِيْ كِتَابِ اللهِ فَقَالَتْ لَقَدْ قَرَأْتُ مَا بَيْنَ اللَّوْحَيْنِ فَمَا وَجَدْتُّ فِيْهِ مَا تَقُوْلُ قَالَ لَئِنْ كُنْتِ قَرَأْتِيْهِ لَقَدْ وَجَدْتِيْهِ أَمَا قَرَأْتِ مَا اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَ مَا نَهٰكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا قَالَتْ بَلٰى قَالَ فَإِنَّهٗ قَدْ نَهٰى عَنْهُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انہوں نے کہا مجھے کیا ہے کہ میں ان عورتوں پر لعنت نہ بھیجوں جن پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لعنت بھیجی ہے اور جو اللہ تعالیٰ کی کتاب میں ملعون ہیں۔ اس عورت نے کہا کہ میں نے وہ پڑھا ہے جو دو تختیوں کے درمیان ہے، میں نے تو اس میں وہ بات نہیں پائی جو آپ کہتے ہیں فرمایا: اگر تم نے اسے پڑھا ہوتا تو تم یہ بات ضرور پا لیتیں۔ کیا تم نے یہ آیت نہیں پڑھی؟ کہ جو کچھ تمہیں رسول دیں اسے اپنا لو اور جس سے منع کریں اس سے رک جاؤ۔ اس نے کہا: ہاں پڑھی ہے فرمایا بے شک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مذکورہ افعال سے منع کیا ہے۔
(صحیحین)

؎۱ ایسا کرنا مکروہ ہے، ہاں اگر عورت کی داڑھی یا مونچھیں پیدا ہو جائیں تو ان کا مونڈنا حرام نہیں ہے۔ بلکہ مستحب ہے اس روایت میں بال اکھیڑنے والی عورتوں کا ذکر نہیں ہے، صرف حکم دینے والیوں کے ذکر پر اکتفاء کیا گیا ہے۔ دوسری فصل میں ابن عباس کی حدیث آرہی ہے اس میں بال اکھیڑنے والیوں کا بھی ذکر ہے۔

؎۲ فَلَجٌ فاء اور لام پر زبر، دو چیزوں کا درمیانی فرق اور فاصلہ، سامنے والے اور ان کے ساتھ والے دانتوں کے درمیانی فاصلے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ عربوں کے نزدیک ایسا کرنا محبوب اور اسبابِ حسن میں سے ہے۔ اکثر کم عمر لڑکیوں کے دانتوں میں فاصلہ ہوتا ہے۔ جب عورت بوڑھی ہو جاتی ہے اور دانت بڑے ہو جاتے ہیں تو یہ فاصلہ کم ہو جاتا ہے بس تکلف کے ساتھ (دانت ریتی وغیرہ سے رگڑ کر) فاصلہ پیدا کرتی ہے، حسن و جوانی کا مظاہرہ کرتی ہے، اور جوان عورتوں کی مشابہت اختیار کرتی ہے۔ تفعّل کا صیغہ تکلف کے لیے آتا ہے جیسے تکبّر اور تعظّم کا معنی یہ ہے کہ لوگ تکلف اور زور سے اپنے آپ کو بڑا ظاہر کرتے ہیں۔ یہ معنی ہے وَالْمُتَفَلِّجَاتِ لِلْحُسْنِ کا، اس بیان کے مطابق لِلْحُسْنِ کا تعلق صرف مُتَفَلِّجَات سے ہے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ تینوں سے متعلق ہو کیونکہ جسم کا گودنا اور چہرے کے بالوں کا دور کرنا بھی حسن و خوبی کے اظہار کے لیے ہوتا ہے، معنی کے پیش نظر یہ توجیہ زیادہ قریب اور زیادہ مناسب ہے، اور ظاہر یہ ہے کہ یہ قید اتفاقی ہے، کیونکہ عموماً یہ افعال آرائش و زیبائش کے لیے ہوتے ہیں، اس کے بعد ان عورتوں کی وہ صفت بیان کی جو علتِ حکم پر دلالت کرتی ہے۔ اور لعنت کا سبب ہے۔ اَلْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللهِ.

؎۳ کسی کے ناک، کان وغیرہ اعضاء کے کاٹنے اور داڑھی مونڈنے وغیرہ افعال کے حرام ہونے کی علت بھی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یہی ہے ذات اللہ تعالیٰ کی تخلیق کو تبدیل کرنا) اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ ہر تبدیلی حرام ہو، کیونکہ یہ مستقل علت نہیں ہے، حرمت کی علت، شارع علیہ السلام کا منع کرنا ہے۔ بلٰذا خلاصہ یہ ہوا کہ شارع علیہ السلام نے بعض تبدیلیوں کو جائز قرار دیا (مثلاً ختنہ کرانا، ناخن کٹوانا، مونچھیں اور بال ترشوانا۔ ۱۲ مراۃ) اور بعض کو حرام قرار دیا ہے۔ جب حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ بات کہی تو ایک عورت آپ کے پاس حاضر ہوئی۔

سے جب ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حدیث اور قرآن کے حوالے سے دلیل دی اور حدیث کے موجود ہونے میں تو شبہ نہ تھا۔ البتہ قرآن پاک میں لعنت کا موجود ہونا بظاہر مستبعد معلوم ہوا تو اس عورت نے ایک سوال پیش کیا۔

ھ یعنی قرآن پاک، دو لوح (تختیوں) سے مراد قرآن کریم کی دو طرفیں ہیں جنہیں دفتین سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

سے معانی میں پوری طرح غور و فکر کرکے ——— اس کے بعد حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس بات کا قرآن پاک میں موجود ثابت کیا اور اسے بطور استفہام بیان کیا، فرمایا: تم نے یہ آیت نہیں پڑھی؟

ھ اور اس پر عمل کرو۔

ھ لہٰذا ان افعال کی ممانعت، درحقیقت کتاب اللہ کی مدلول ہوگی، اس لیے ان افعال سے رک جانا اور انہیں ترک کرنا نص قرآن کے مطابق واجب ہوگا۔ اور ان کا ارتکاب سبب لعنت ہوگا۔

۴۲۳۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْعَيْنُ حَقٌّ وَّ نَهٰى عَنِ الْوَشْمِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، آنکھ کی تاثیر حق ہے۔[1] اور جسم کے گودنے سے منع فرمایا۔[2] (بخاری)

لہ یعنی جسے نظر لگ جاتی ہے اس کو نظر کا نقصان پہنچانا برحق ہے، اللہ تعالیٰ نے جادو کی طرح اس میں بھی یہ خاصیت رکھی ہے، اس معنی کی تفصیل و تحقیق ان شاء اللہ العزیز کتاب الطب والرقی میں آئے گی۔

سے وشم کا معنی اس سے پہلے بیان ہو چکا ہے۔ (جسم کا گودنا) علامہ طیبی نے فرمایا کہ جسم کے گودنے کی ممانعت کا ذکر نظر کے برحق ہونے کے ساتھ ان لوگوں پر رد کرنے کے لیے کیا ہے جو کہتے ہیں کہ جسم کا گودنا نظر بد کے اثر کو دفع کرتا ہے۔[1]

لہ حضرت محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد رحمہ اللہ تعالیٰ (فیصل آباد) فرمایا کرتے تھے کہ نظر برحق ہے (بقیہ صفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۲۳۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ لَقَدْ
۱۵
رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُلَبِّدًا۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بال چپکائے ہوئے دیکھا[1]
(بخاری)

[1] ملبّد با کے نیچے زیر، تلبید کا معنی سر میں گوند اور شہد وغیرہ چپکانا ہے تاکہ بال بکھریں، جوئیں اور گرد و غبار سے محفوظ رہیں، اصل میں حالت احرام میں بال چپکائے جاتے ہیں۔ دیر تک احرام میں رہنے کے سبب بالوں کے الجھنے کا خطرہ ہوتا ہے، جوئیں پڑ جاتی ہیں۔ ان چیزوں سے تحفظ کی خاطر بال چپکائے جاتے ہیں۔ اس لیے بعض شروح میں تلبید کے مفہوم میں وجود احرام کا اعتبار کیا ہے۔ اور کہا کہ تلبید کا معنی یہ ہے کہ احرام کے وقت گوند وغیرہ کا سر پر لگا لینا، قاموس میں ہے محرم کا کچھ گوند اپنے سر میں ڈال لینا تاکہ بال آپس میں چپک جائیں، اس میں شک نہیں ہے کہ غیر محرم بھی کسی ایسی غرض کے لیے بال چپکا سکتا ہے، اور ایسا کرنا جائز ہوگا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اس ہیئت کے ساتھ حالت احرام میں دیکھا یا اس کے بغیر؟ اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔ بعض حواشی میں لکھا ہے کہ اس حدیث کا اس باب میں ذکر کرنا اس امر کی دلیل ہے کہ حالت احرام کے بغیر بالوں کا چپکانا جائز ہے۔

۴۲۳۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ نَهَى
۱۶
النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّتَزَعْفَرَ الرَّجُلُ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مرد کو زعفران لگانے[1] سے منع فرمایا۔
(صحیحین)

[1] کپڑے، جسم یا بال پر۔ بعض روایات میں شادی کرنے والے کے لیے زعفران ملنے کا جواز آیا ہے، بعض صحابہ کرام سے خلوق کا استعمال منقول ہے جو زعفران پر مشتمل ہوتا ہے۔ انہوں نے ممانعت سے پہلے استعمال کیا ہوگا، جیسے کہ اس سے پہلے اس طرف اشارہ کیا جا چکا ہے۔

۴۲۳۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ
۱۷
كُنْتُ اُطَيِّبُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو وہ بہترین خوشبو

(بقیہ صفحہ سابقہ) نظر اچھی بھی ہوتی ہے اور بری بھی، انہیں بھی حضرت حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا خان بریلوی قدس سرہ کی نظر لگ گئی تھی، اسی لیے ایف اے کے امتحان کی تیاری چھوڑ کر بریلی شریف پہنچ گئے اور اپنے دور کے محدث اعظم بنے۔
(۱۲ ق نقشبندی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِأَطْيَبِ مَا يَجِدُ حَتَّى أَجِدَ وَبِيْصَ الطِّيْبِ فِي رَأْسِهِ وَلِحْيَتِهِ.
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

لگاتی تھی جو انہیں میسر ہوتی تھی، یہاں تک کہ میں آپ کے سر اقدس اور داڑھی میں خوشبو کی چمک محسوس کرتی[1]
(مسلم، بخاری)

[1] یہ حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام کی حالت کے بارے میں وارد ہوئی ہے، ایک دوسری روایت میں ہے کہ میں احرام کے بعد آپ کے سرِ مبارک اور داڑھی میں خوشبو کی چمک محسوس کرتی تھی۔ ہو سکتا ہے کہ حالتِ احرام کے علاوہ بھی یہ واقعہ پیش آیا ہو، واللہ تعالیٰ اعلم۔ اس حدیث میں یہ اشکال ہے کہ مردوں کی خوشبو ایسی ہوتی ہے کہ اس کا رنگ مخفی ہوتا ہے، چمک کے ظاہر ہونے کا لازمی مطلب یہ ہے کہ اس خوشبو کا رنگ ظاہر تھا، اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اس حدیث میں وہ رنگ مراد ہے جس کے ظاہر ہونے میں زینت اور جمال ہو، مثلاً سرخ ہو یا زرد، اور جو ایسا نہ ہو مثلاً کستوری اور عنبر کے رنگ ایسا ہو تو وہ جائز ہے۔ اسی طرح علامہ طیبی نے کہا (یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ پانی کی چمک بھی دکھائی دیتی ہے، معلوم ہوا کہ چمک کے دکھائی دینے سے رنگ کا ظاہر ہونا لازم نہیں ہے۔ ۱۲ ق ن)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صندل ایسی خوشبو لگانا بھی جائز ہے۔ ہمارے علاقے میں ایک خوشبو عام ہے (جس کا نام حضرت شارح نے چودہ لکھا ہے) اگرچہ اس کے رنگ سے سیاہی ظاہر ہوتی ہے، اسے زیب و زینت اور جمال کے لیے استعمال کرتے ہیں، لہٰذا وہ بھی (مردوں کے لیے) جائز نہ ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۲۳۷/۱۸ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عُمَرَ إِذَا اسْتَجْمَرَ اسْتَجْمَرَ بِالْأَلُوَّةِ غَيْرِ مُطَرَّاةٍ وَبِكَافُوْرٍ يَطْرَحُهُ مَعَ الْأَلُوَّةِ ثُمَّ قَالَ هٰكَذَا كَانَ يَسْتَجْمِرُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ.
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت نافع کہتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما جب دھونی لیتے تو کسی چیز کی آمیزش کے بغیر لوبان سے دھونی لیتے[1] اور (کبھی) کافور کو لوبان کے ساتھ ڈالتے، پھر فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی طرح دھونی لیا کرتے تھے۔
(مسلم)

[1] اس میں کستوری وغیرہ کوئی چیز نہ ملاتے بلکہ خالص لوبان سلگاتے، اَلُوَّۃ ہمزے پر زبر، اس پر پیش بھی پڑھ سکتے ہیں۔ لام پر پیش، واؤ مشدد پر زبر، اسے مخفف بھی پڑھ سکتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۴۲۳۸/۱۹ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُصُّ أَوْ يَأْخُذُ مِنْ شَارِبِهِ وَ كَانَ إِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ الرَّحْمٰنِ يَفْعَلُهُ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی مونچھیں ترا شتے تھے یا کہا کہ لیتے تھے[۱] اور حضرت خلیل اللہ ابراہیم علیہ السلام بھی یہ کام کیا کرتے تھے[۲]

(ترمذی)

[۱] مونچھیں پست کرتے تھے۔ راوی کو شک ہے کہ یَقُصُّ فرمایا یا یَأْخُذُ۔

[۲] یعنی مونچھوں کا کاٹنا اور پست کرنا قدیم سنت ہے، حضرت ابراہیم علیہ السلام کیا کرتے تھے اور دیگر انبیاء کرام علیہم السلام بھی کیا کرتے تھے، جیسے کہ اس سے پہلے فطرت کی تفسیر میں بیان کیا گیا، صرف حضرت ابراہیم علیہ السلام کا ذکر یا تو ان کی عظمتِ شان کی بنا پر ہے یا اس لیے کہ اس شریعت کی ابتداء حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ہے، جیسے کہ تیسری فصل کے آخر میں بیان کردہ حدیث سے معلوم ہوتا ہے۔

۴۲۳۹/۲۰ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَّمْ يَأْخُذْ مِنْ شَارِبِهِ فَلَيْسَ مِنَّا۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت زید بن ارقم[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اپنی مونچھوں میں سے کچھ نہ لے وہ ہم میں سے نہیں[۲]

(احمد، ترمذی، نسائی)

[۱] حضرت زید بن ارقم مشہور صحابی ہیں۔

[۲] وہ ہمارے طریقے اور ہماری سنت پر نہیں۔

۴۲۴۰/۲۱ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَأْخُذُ مِنْ لِحْيَتِهٖ مِنْ عَرْضِهَا وَ طُوْلِهَا۔

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنی داڑھی کی چوڑائی اور لمبائی سے لیا کرتے تھے[۱]

(ترمذی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ) انہوں نے فرمایا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

لہ یعنی ہر طرف سے داڑھی مبارک کی اصلاح کیا کرتے تھے، لمبے اور باہر نکلنے والے بالوں کو کاٹ کر برابر کر دیا کرتے تھے یہ ان احادیث کے مخالف نہیں ہے جن میں داڑھیوں کے بڑھانے کا حکم ہے۔لہ کیونکہ معافت داڑھی

لہ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے رسالہ مبارکہ لمعۃ الضحیٰ فی اعفاء اللحیٰ میں اٹھارہ آیتوں اسی حدیثوں اور ساٹھ ارشاداتِ علماء سے داڑھی منڈانے کی مذمت وقباحت اور داڑھی بڑھانے کی اہمیت بیان کی، ایک جگہ فرماتے ہیں قال جل ثناؤہ وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا جو خلاف کرے رسول کا حق واضح ہونے پر اور چلے راہ مسلمانان کے سوا راہ، ہم اسے اس کے حال پر چھوڑ دیں اور جہنم میں ڈالیں اور کیا بری پلٹنے کی جگہ، مسلم تو مسلم کفار تک جانتے ہیں کہ روز اول سے مسلمانوں کی راہ داڑھی رکھنی ہے، اہل بیت کرام، صحابہ عظام وائمۂ اعلام اور ہر قرن وطبقہ کے اولیائے امت وعلمائے ملت، بلکہ قرون خیر میں تمام مسلمان داڑھی رکھتے تھے، یہاں تک کہ ازالہ تو ازالہ اگر خلقۃً کسی کی داڑھی نہ نکلتی اس پر سخت تاسف کرتا اور یہ ہر عیب سے بدتر عیب سمجھا جاتا، علمائے کرام علاماتِ قیامت میں گن کرتے تھے کہ آخر زمانہ میں کچھ لوگ پیدا ہوں گے کہ داڑھیاں منڈائیں، کترائیں گے، اس پیشین گوئی کے مطابق یہ داڑھی منڈوں مخرشوں، مترشوں کی تراشیں خراشیں، کافروں، مشرکوں کی دیکھا دیکھی مدتہا مدت کے بعد مسلمانوں میں آئیں وہ بھی رندو اوباش بدوضع لوگوں میں، پھر ان میں بھی جو ایمان سے حصہ رکھتے ہیں اب تک اپنی اس حرکت کو شنیع اور معاصی وقبائح کے برا جانتے ہیں۔ اور طریقہ اسلامی سے جدا سمجھتے بلکہ ان میں بعض خوش عقیدہ اپنے معظمین دینی کے سامنے جاتے لجاتے، انہیں منہ دکھاتے شرماتے ہیں، الحمد للہ یہ ان کے ایمان کی بات ہے، شامت نفس سے گناہ کریں، لیکن اسے گناہ وقبیح جانیں، مگر چوری سرزوری والوں سے خدا کی پناہ کہ داڑھی رکھنے پر قہقہے اڑا کر شعار اسلام کے ساتھ نفس اسلام وایمان بھی مونڈ کر پھینک دیں۔

اس جگہ چند اور لائق توجہ امور لمعۃ الضحیٰ سے ملخص کر کے پیش کیے جا رہے ہیں۔

۱۔ مرد کا داڑھی منڈانا اللہ تعالیٰ کی پیدا کی ہوئی چیز کا بدلنا ہے، شیطان نے کہا تھا وَلَاٰمُرَنَّهُمْ فَلَيُغَيِّرُنَّ خَلْقَ اللّٰهِ (الآیۃ) میں ضرور ان بندوں کو حکم دوں گا وہ اللہ کی پیدا کی ہوئی چیزوں کو تبدیل کریں گے۔ حدیث شریف میں بال نوچنے والیوں پر لعنت فرمائی گئی ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیز کو تبدیل کرنے والیاں ہیں، یہی کیفیت داڑھی منڈانے والوں کی ہے وہ بھی اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیز کو تبدیل کرتے ہیں، شیخ محقق اشعۃ اللمعات میں حدیث شریف اَلْمُغَيِّرَاتِ خَلْقَ اللّٰهِ کی شرح میں فرماتے ہیں کہ مثلہ اور داڑھی مونڈنے وغیرہ کے حرام ہونے کی وجہ بھی یہی ہے۔ (بقیہ صفحۂ آئندہ)

Scanned By Marfat.com Downloaded From Paksociety.com

کے چھوٹی کرنے کی ہے، جیسے کہ عجمیوں کا طریقہ ہے۔ لمبائی سے برابر کرنے اور اصلاح کے لیے لینا اس کے منافی نہیں ہے، بلکہ علماء فرماتے ہیں کہ اگر ایک مدت تک اس کی اصلاح نہ کی گئی اور اسے نہ تراشا گیا اور داڑھی لمبی ہوگئی ہو تو اب اسے چھوٹا کرنا درست نہ ہوگا جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا۔

(بقیہ صفحہ سابقہ) ۲۔ امام بیہقی حضرت علی مرتضٰی رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سر مبارک بڑا اور داڑھی شریف بڑی تھی ضَخْمُ الْهَامَةِ عَظِيْمُ اللِّحْيَةِ اور جو کام سرکار دو عالم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے ہمیشہ کیا ہو اور کبھی ترک نہ کیا ہو واجب ہوتا ہے۔ علامہ ابن ہمام، فتح القدیر باب الاذان میں فرماتے ہیں کہ عَدَمُ التَّرْكِ مَرَّةً دَلِيْلُ الْوُجُوْبِ کسی کام کا کبھی بھی ترک نہ کرنا واجب ہونے کی دلیل ہے، داڑھی کا منڈانا اور یک مشت سے کم کا کاٹنا بھی کسی حدیث سے ثابت نہیں ہے۔

۳۔ داڑھی بلاشبہ شعار اسلام ہے، سکھوں اور بعض یہودیوں کا داڑھی رکھنا، داڑھی کے شعار اسلام ہونے کے منافی نہیں ہے، حرم شریف کی طرف بھیجے جانے والے جانور (ہدایا) دین اسلام کے شعار ہیں حالانکہ مشرکین بھی اس فعل میں شریک ہوتے تھے اور جب داڑھی شعار اسلام ہے تو اس کی تعظیم دلوں کے تقویٰ کی نشانی اور اسے منڈانا حرام، اللہ تعالٰی کا فرمان ہے لَا تُحِلُّوْا شَعَآئِرَ اللّٰهِ اللہ تعالٰی کی نشانیوں کو حلال نہ ٹھہراؤ۔

۴۔ امام مالک و احمد و بخاری و مسلم و ابو داؤد و ترمذی و نسائی و ابن ماجہ و طحاوی، حضرت عبداللہ بن عمر فاروق اعظم سے راوی حضور پر نور سید عالم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ خَالِفُوا الْمُشْرِكِيْنَ اَحْفُوا الشَّوَارِبَ وَاَوْفُوا اللِّحٰى مشرکوں کے خلاف کرو، مونچھیں خوب پست اور داڑھیاں کثیر و وافر رکھو۔ یہ لفظ صحیحین کے ہیں صحیح بخاری کی ایک روایت میں ہے۔ اِنْهَكُوا الشَّوَارِبَ وَاَعْفُوا اللِّحٰى مونچھیں مٹاؤ اور داڑھیاں بڑھاؤ، امام مسلم اور ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِاِحْفَاءِ الشَّوَارِبِ وَاِعْفَاءِ اللِّحْيَةِ بے شک رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم فرمایا مونچھیں خوب پست کرنے اور داڑھیوں کو معاف رکھنے کا۔ اس سلسلے میں احادیث میں مختلف الفاظ وارد ہیں۔ مجموعی طور پر یہ حدیث معنًی متواتر ہے۔ اصول فقہ کا قاعدہ ہے کہ امر وجوب کے لیے ہے۔ بشرطیکہ کوئی قرینہ صارفہ نہ پایا جائے۔ لہٰذا جو شخص داڑھی منڈاتا ہے یا جو ایک مشت سے چھوٹی کرتا ہے وہ تارک واجب ہے، فاسق معلن ہے۔ خصوصاً جب کہ اسے اس برے فعل پر اصرار بھی ہو، اصرار سے تو صغیرہ گناہ بھی کبیرہ بن جاتا ہے ایسے شخص کو امام بنانا اور اس کے پیچھے نماز مکروہ ہے، اگر پڑھ لی تو دوبارہ لوٹائی جائے۔

سوال، حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے مشت بھر سے زائد داڑھی کا کاٹنا مروی ہے۔ لہٰذا داڑھی کے بڑھانے کا حکم منسوخ ہے۔

(بقیہ صفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(بقیہ سابقہ جواب) نسخ کا قول اس وقت کیا جاتا ہے، جب بظاہر متعارض دو حدیثوں میں تطبیق نہ دی جا سکے، حالانکہ اس جگہ تطبیق ظاہر ہے اور وہ یوں کہ صحابی کے عمل سے واضح ہو گیا کہ داڑھی کے بڑھانے کا حکم ایک مشت تک ہے، اس کے بعد کٹوا سکتے ہیں۔ پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی متواتر المعنی قولی حدیث کے لیے صحابی کا عمل کیسے ناسخ ہو سکتا ہے؟ ناسخ قوت میں منسوخ کے پائے کا ہونا چاہیے، یہ بھی دریافت طلب امر ہے کہ عالم اسلام کے کسی مسلّم عالم نے نسخ کا قول کیا ہے یا یہ ایجاد بندہ ہے؟

۵۔ داڑھی منڈانا مثلہ یعنی صورت بگاڑنا ہے اور مثلہ حرام ہے۔ ہدایہ میں ہے حَلْقُ الشَّعْرِ فِی حَقِّهَا مُثْلَةٌ كَحَلْقِ اللِّحْيَةِ فِی حَقِّ الرِّجَالِ، عورت کے سر کے بالوں کا مونڈنا اس کے لیے مثلہ ہے جیسے مرد کے لیے داڑھی کا مونڈنا مثلہ ہے۔ امام احمد، بخاری، مسلم، نسائی۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں۔ لَعَنَ اللّٰهُ مَنْ مَثَّلَ بِالْحَيَوَانِ۔ اللہ کی لعنت اس پر جو کسی جاندار کے ساتھ مثلہ کرے۔

۶۔ داڑھی منڈانا، عورت سے مشابہت اختیار کرنا ہے، عورت اور مرد کو لباس، وضع اور چال ڈھال میں بھی مشابہت اختیار کرنا حرام ہے، چہ جائیکہ صورت اور بدن میں مشابہت اختیار کرنا، امام ابوطالب مکی، قوت القلوب میں اور امام غزالی، احیاء العلوم میں فرماتے ہیں کہ داڑھی آفرینش مرد کی تکمیل ہے اور ظاہری صورت میں اسی کے ذریعے مرد عورتوں سے ممتاز ہوتے ہیں۔ داڑھی منڈا کر اس امتیاز کا خاتمہ اور عورتوں کے ساتھ مشابہت نہیں ہے تو اور کیا ہے؟ امام احمد، دارمی، بخاری، ابوداؤد، ترمذی، نسائی اور ابن ماجہ، حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے راوی، حضور پر نور سید المرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں اللہ کی لعنت ان مردوں پر جو عورتوں کی وضع بنائیں اور ان عورتوں پر جو مردوں کی وضع بنائیں۔

یہ فطری اور آفاقی ضابطہ ہے کہ انسان کو جس سے محبت ہوتی ہے شعوری اور لاشعوری طور پر اسی کی شکل و صورت وضع قطع، لباس اور لب و لہجہ اختیار کرتا ہے، حیف ہے ہم پر کہ نعرہ تو یہ لگاتے ہیں کہ غلامی رسول میں موت بھی قبول ہے، لیکن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی وضع قطع اپنانے کے لیے تیار نہیں، آپ کے حکم کی تعمیل کرنے پر تیار نہیں، بلکہ داڑھی منڈا کر ہم ایرانی مجوسیوں، یہودیوں، ہندوؤں، فرنگیوں اور عورتوں کی شکل و صورت اختیار کرتے ہیں، کیا یہی اہل محبت کا شیوہ ہے، یہی عشق کا رنگ ڈھنگ ہے؟

آج جب کہ داڑھی منڈے چہرے کو تحسین کی نگاہوں سے دیکھا جاتا ہے اور داڑھی رکھنے والوں کا تمسخر اڑایا جاتا ہے، کوئی جگہ ہے؟ جہاں سنت مصطفےٰ کو اعزاز و احترام میسر ہوتا ہو، صرف ایک مصلائے امامت تھا (بقیہ صفحہ آئندہ)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۲۲۱/۲۲ وَعَنْ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأَى عَلَيْهِ خَلُوْقًا فَقَالَ أَلَكَ امْرَأَةٌ قَالَ لَا قَالَ فَاغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ اغْسِلْهُ ثُمَّ لَا تَعُدْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت یعلی بن مرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر خلوق نامی خوشبو دیکھی تو فرمایا کیا تمہاری بیوی ہے؟ عرض کیا نہیں، فرمایا اسے دھو ڈالو، پھر دھو ڈالو، پھر ڈالو پھر نہ لگانا۔ (ترمذی، نسائی)

سلہ حضرت یعلی بن مرہ میم پر پیش، راء مشدد، صحابی ہیں، کوفہ یا بصرہ والوں میں شمار کیے جاتے ہیں، حدیبیہ خیبر اور فتح حنین میں حاضر ہوئے، کنگھی کرنے کے باب میں خلوق خوشبو کے دھونے کے بارے میں ان کی ایک حدیث ہے۔

سلہ خلوق، زعفران اور اس کے علاوہ کئی خوشبوؤں کا مجموعہ اور مشہور خوشبو ہے۔ سرخ اور زرد رنگ اس پر غالب ہے۔

سلہ یعنی تین بار دھو ڈالو۔ دھونے میں مبالغہ کرنے کا حکم دینا مقصود ہے، بیوی کے موجود ہونے کے بارے میں سوال کرنے کا مقصد یہ ہے کہ اگر بیوی موجود ہو اور اس نے خوشبو لگائی ہو، یا اس کے کپڑے یا بدن سے مرد کے کپڑے یا کسی عضو کو لگ جائے تو مرد معذور ہے، ہاں اگر خود قصداً استعمال کی ہو تو معذور نہ ہوگا اور ایسی خوشبو کا لگانا جائز نہ ہوگا، اسے دھو ڈالنا چاہیے۔ جیسے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صحابی کو حکم دیا۔ اس سوال کی وجہ شارحین نے اسی طرح بیان کی ہے۔ یہ مطلب نہیں ہے کہ اگر عورت کے لیے لگائے تو معذور ہے، جیسے کہ ظاہر حدیث

(بقیہ صفحہ سابقہ) کہ اگر داڑھی منڈا یا مشت بھر سے چھوٹی داڑھی والا اس پر کھڑا ہوتا تو اسے منع کر دیا جاتا اور کہا جاتا کہ تم نماز نہیں پڑھا سکتے۔ لیکن آج زمرۂ علماء میں ہی بعض وہ حضرات موجود ہیں جو کہتے ہیں کہ داڑھی رکھنا مستحب ہے، لہٰذا امام بنانے کے لیے داڑھی منڈا بھی مل جائے گا اور اس کے پیچھے پڑھی ہوئی نماز لوٹانے کی بھی حاجت نہیں، راقم ان حضرات کی خدمت میں صرف اتنا عرض کرنا چاہتا ہے کہ داڑھی کے اعزاز کی ایک ہی جگہ تھی وہ بھی آپ نے اپنے ہی ہاتھوں ختم کر دی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون والی اللہ المشتکی علی غربۃ الاسلام واھلہ
۱۲ شرف قادری نقشبندی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سے وہم ہوتا ہے۔

۴۲۴۲/۲۳ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا یَقْبَلُ اللّٰهُ صَلٰوةَ رَجُلٍ فِیْ جَسَدِهٖ شَیْءٌ مِّنْ خَلُوْقٍ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤٗدَ)

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالےٰ اس مرد کا نماز قبول نہیں کرتا جس کے جسم پر کچھ بھی خلوق نامی خوشبو لگی ہو[1]

(ابوداؤد)

[1] یہ خلوق کے استعمال پر تشدید اور زجر و توبیخ ہے۔

۴۲۴۳/۲۴ وَعَنْ عَمَّارِ بْنِ یَاسِرٍ قَالَ قَدِمْتُ عَلٰی اَهْلِیْ مِنْ سَفَرٍ وَ قَدْ تَشَقَّقَتْ یَدَایَ فَخَلَّقُوْنِیْ بِزَعْفَرَانٍ فَغَدَوْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَسَلَّمْتُ عَلَیْهِ فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیَّ وَ قَالَ اِذْهَبْ فَاغْسِلْ هٰذَا عَنْكَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤٗدَ)

حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں سفر سے اس حال میں اپنے گھر والوں کے پاس آیا کہ میرے دونوں ہاتھ پھٹے ہوئے تھے تو انہوں نے مجھے زعفران ملی ہوئی خلوق خوشبو لگا دی[1]، صبح کے وقت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ سلام عرض کیا تو آپ نے مجھے سلام کا جواب نہیں دیا اور فرمایا جاؤ اسے اپنے آپ سے دھو ڈالو[2]

(ابوداؤد)

[1] خلّقونی لام مشدد۔ ہاتھوں کے شگافوں پر بقصد علاج خلوق نامی خوشبو لگا دی۔ زعفران ملی ہوئی خوشبو، یہ معنوی اعتبار سے خلوق کی تفسیر ہے۔ اگرچہ زعفران، خلوق کی جز بھی ہے، لیکن خاص طور پر زعفران کے ذکر میں، مکروہ کے ارتکاب کی طرف اشارہ ہے۔

[2] بظاہر یوں معلوم ہوتا ہے کہ یہ تشنیع اور توبیخ، ہاتھوں کے پھٹ جانے کے عذر پر اطلاع نہ ہونے کی بنا پر تھی یا اس لیے کہ خلوق کے استعمال کے لیے یہ عذر قابل قبول نہیں ہے۔

۴۲۴۴/۲۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ طِیْبُ الرِّجَالِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا، مردوں کی خوشبو ایسی چیز

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مَا ظَهَرَ رِيْحُهٗ وَ خَفِيَ لَوْنُهٗ وَ طِيْبُ النِّسَآءِ مَا ظَهَرَ لَوْنُهٗ وَ خَفِيَ رِيْحُهٗ۔

ہونی چاہیے جس کی بو ظاہر اور رنگ مخفی ہو، اور عورتوں کی خوشبو وہ ہے جس کا رنگ ظاہر اور بو مخفی ہو۔[1]

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ) (ترمذی، نسائی)

[1] اس سے پہلے بیان ہو چکا ہے کہ وہ رنگ مراد ہے جس میں زینت اور جمال ہو، مثلاً سرخ یا زرد ہو، شارحین فرماتے ہیں کہ یہ اس عورت کے بارے میں ہے جو گھر سے باہر جائے، اور اگر اپنے شوہر کے پاس خوشبو لگائے تو چاہے جس قسم کی بھی ہو جائز ہے۔

۴۲۲۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُكَّةٌ يَتَطَيَّبُ مِنْهَا۔

۲۶

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس ایک کپی تھی[1] جس میں سے آپ خوشبو لگایا کرتے تھے۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ) (ابوداؤد)

[1] سُکّہ بے نقطہ سین پر پیش، کاف مشدد مفتوح، خوشبو کی ایک قسم کا نام ہے لیکن اس جگہ وہ کپی یا ڈبیہ مراد ہے جس میں وہ خوشبو رکھی جاتی تھی، مِنْهَا ارشاد ہوا جس میں مِنْ ابتدائیہ ہے۔ (۱۲ مرآۃ بحوالہ مرقاۃ)

مجمع البحار میں ہے کہ سُکّہ معروف خوشبو ہے جس کے ساتھ دوسری خوشبوئیں ملائی جاتی ہیں۔ علامہ کرمانی سے نقل کیا کہ خوشبو والے منکوں کا ہار ہے، بعض حضرات نے کہا کہ وہ دھاگہ ہے جس میں خوشبودار منکے پروئے جاتے ہیں۔ قاموس میں اس کے بنانے کا طریقہ بیان کیا ہے جو ہم نے شرح (لمعات) میں نقل کیا ہے۔

۴۲۲۶ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ دُهْنَ رَأْسِهٖ وَ تَسْرِيْحَ لِحْيَتِهٖ وَ يُكْثِرُ الْقِنَاعَ كَاَنَّ ثَوْبَهٗ ثَوْبُ زَيَّاتٍ۔

۲۷

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بکثرت سر کو تیل لگایا کرتے تھے اور کثرت سے داڑھی مبارک میں کنگھی کیا کرتے تھے[1] اور قناع[2] کا کثرت سے استعمال کیا کرتے تھے، گویا آپ کا کپڑا تیلی کا کپڑا ہے۔[3]

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ) (شرح السنۃ)

[1] داڑھی میں کنگھی کرنا سنت ہے، بعض لوگ ہر وضو کے بعد التزاماً کنگھی کرتے ہیں، سنت میں اس کی صحیح اصل نہیں ہے۔

[2] قِناع قاف کے نیچے زیر۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳؎ بکثرت تیل استعمال کرنے کی بنا پر آپ کا قناع ایسا تھا جیسے تیلی کا کپڑا ہو تا ہے۔ قناع سے مراد اوڑھنے والی چادر ہے جس کے ساتھ آپ سر اقدس ڈھانپتے تھے، وہ سر مبارک کی جگہ سے اس طرح ہو جاتی تھی جیسے تیلی کا کپڑا۔ بعض شارحین نے کہا کہ صحیح یہ ہے کہ اس قناع سے مراد کپڑے کا وہ ٹکڑا ہے جسے آپ تیل لگانے کے بعد سر پر رکھتے تھے تاکہ عمامہ میلا نہ ہو، جیسے کہ اس سے پہلے ہم نے کتاب اللباس میں بیان کیا، یہ وہم نہ کیا جائے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو کپڑے پہنتے تھے وہ میلے اور تیل سے آلودہ ہوتے تھے کیونکہ یہ مطلب، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طبعی نظافت سے بعید ہے، آپ سفید کپڑے پسند فرماتے تھے۔

۴۲۴۷/۲۸ وَعَنْ اُمِّ هَانِىءٍ قَالَتْ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْنَا بِمَكَّةَ قَدْمَةً وَلَهُ اَرْبَعُ غَدَائِرَ.

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ام ہانی[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مکہ مکرمہ میں ہمارے ہاں اس حال میں تشریف لائے[2] کہ آپ کے چار گیسو[3] تھے۔

(احمد، ابوداؤد، ترمذی ابن ماجہ)

۱؎ حضرت ام ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ہمشیرہ۔

۲؎ فتح مکہ کے دن

۳؎ غدائر نقطے والی غین، بے نقطہ دال ــــــ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس دن چار گندھے ہوئے گیسو تھے دو دائیں جانب اور دو بائیں جانب۔

۴۲۴۸/۲۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِذَا فَرَقْتُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأْسَهٗ صَدَعْتُ فَرْقَهٗ عَنْ يَافُوْخِهٖ وَاَرْسَلْتُ نَاصِيَتَهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ.

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سر مبارک میں مانگ[1] نکالتی تو آپ کے سر اقدس کے درمیان[2] سے بال چیرتی تھی، اور آپ کی پیشانی کے بالوں کو آپ کی دونوں آنکھوں کے درمیان چھوڑتی تھی[3]۔

(ابوداؤد)

۱؎ فرق وہ لکیر ہے جو بالوں کے دو حصوں کے درمیان نکالی جاتی ہے، جیسے کہ اس سے پہلے بیان کیا گیا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے یافوخ وہ حصہ ہے جو بچے کے سر سے حرکت کرتا ہے (یعنی تالو) مطلب یہ ہے کہ مانگ کا ایک کنارہ اس جگہ سے ہوتا تھا اور دوسرا کنارہ پیشانی کے پاس ، دونوں آنکھوں کے درمیانی حصے کے مقابل ۔

ے یعنی پیشانی کی جانب والا مانگ کا کنارہ ، دونوں آنکھوں کے درمیانی حصہ کے مقابل اس طرح رکھتی تھی کہ پیشانی کے آدھے بال اس مانگ کی دائیں جانب اور آدھے اس کی بائیں جانب ہوتے تھے ۔ علامہ طیبی نے حدیث کے اس جملے کا مطلب اسی طرح بیان کیا ہے ، لہٰذا مانگ سیدھے راستے کی طرح ہوتی تھی ، سر کے درمیان سے شروع ہو کر آنکھوں کے درمیانی حصے کے مقابل ختم ہو جاتی ، اسی لیے قاموس میں اس کا معنی یہ بیان کیا وہ راستہ جو سر کے بالوں کے درمیان ہو ۔

۴۴۲۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّرَجُّلِ اِلَّا غِبًّا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کنگھی کرنے سے منع فرمایا ، مگر کبھی کبھی ل۔

(ترمذی ، ابوداؤد ، نسائی)

ل چنانچہ ایک دن کنگھی کی جائے اور ایک دن نہ کی جائے —— مطلب یہ ہے کہ ہر دن کنگھی کرنا اور اس کا اہتمام کرنا ممنوع ہے کیونکہ اس طرح آرائش میں تکلف اور مبالغہ ہے ، اسی طرح علامہ طیبی نے بیان کیا ۔ نہایہ میں ہے کہ غِبٌّ کا معنی ہے اونٹوں کا ایک دن پانی پر جانا اور ایک دن نہ جانا ، اسی معنی سے یہ لفظ زیارت کے لیے نقل کیا گیا ہے ، چنانچہ حدیث میں آیا ہے زُرْ غِبًّا گاہے گاہے زیارت کیا کرو ، اگرچہ چند دن کے بعد آئے ، کہتے ہیں غَبَّ الرَّجُلُ جب کہ وہ چند دنوں کے بعد آئے ، حضرت حسن بصری سے منقول ہے کہ ہر ہفتے میں آئے ۔ قاموس میں ہے کہ زیارت کے بارے میں غِبٌّ کا معنی ہے ہر ہفتے میں آنا ، تپ کے بارے میں کہا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ ایک دن چھوڑ کر آتا ہے جیسے اونٹوں کو پانی پلاتے ہیں (قاموس) اسی طرح مریض کی عیادت اور گوشت کھانے کے بارے میں (یہ مطلب ہوتا ہے کہ ایک دن چھوڑ کر کھایا جائے ۔ بعض علماء نے کہا کہ اونٹوں کو پانی پلانے کے سلسلے میں غِبٌّ کا معنی ہے ، ایک دن چھوڑ کر پلانا ، اس کے علاوہ دوسرے کاموں کے بارے میں استعمال کیا جائے تو معنی ہوگا ایک دن کام کرنا اور چند دن ترک کرنا اسی طرح مجمع البحار میں ہے ۔

یاد رہے کہ ہر دن کنگھی کرنے کی ممانعت ، سر اور داڑھی میں کنگھی کرنے کو شامل ہے ۔ لہٰذا بعض لوگ جو ہر وضو کے بعد کنگھی کرتے ہیں ان کا عمل سنت کے موافق نہ ہوگا ، اسی طرح بیان کیا گیا ہے ، لیکن بعض آثار و روایات میں آیا ہے کہ وضو کے بعد کنگھی کرنا ، فقر کی نفی کرتا ہے ۔ اسی طرح کتاب السوذرین فی اصلاح الدارین میں ہے ، اگرچہ عام طور پر سر کے لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ترجل کا استعمال کیا جاتا ہے اور داڑھی کے لیے تسریح کا استعمال ہوتا ہے۔ لہٰذا اس حدیث سے ہر وضو کے بعد داڑھی میں کنگھی کرنے کی ممانعت پر استدلال ضعیف ہوگا، لیکن ابو داؤد میں ہر دن کنگھی کرنے کی ممانعت لفظ امتشاط کے ساتھ آئی ہے اور لفظ امتشاط بلا شبہ سر اور داڑھی دونوں کو شامل ہے اس سے پہلے شرح السنۃ کے حوالے سے داڑھی میں کنگھی کرنے کی کثرت کا ذکر گزرا ہے۔ امام ترمذی شمائل میں بھی یہ حدیث لائے ہیں۔ اس کا مطلب ہر دن کنگھی کرنا نہیں ہے۔ کیونکہ کثرت کا مطلب حاجت کے وقت کنگھی کرنا بھی ہو سکتا ہے۔ ضروری نہیں کہ ہر روز ہی کریں، اگر کہا جائے کہ احیاء العلوم میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر روز دو مرتبہ کنگھی کیا کرتے تھے، اس کا جواب یہ ہے کہ اس حدیث کی سند نہیں ملی۔ یہ حدیث صرف امام غزالی نے احیاء العلوم میں نقل کی ہے، ان کے علاوہ کسی نے بیان نہیں کی۔ احیاء العلوم میں کئی ایسی روایات نقل کر دی گئی ہیں جن کی اصل ثابت نہیں ہے، اسی طرح علامہ ولی الدین عراقی سے نقل کیا گیا ہے، پھر ظاہر یہ ہے کہ ہر دن کنگھی کرنے کی ممانعت مردوں کے ساتھ خاص ہے۔ عورتوں کا یہ حکم نہیں، کیونکہ عورتوں کے لیے آرائش اور زیبائش مکروہ نہیں ہے بعض علماء نے کہا کہ نہی سب کو شامل ہے، زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ نہی عورتوں کے لیے ہلکی ہوگی کیونکہ ان کی آرائش کا معاملہ وسیع ہے، بہر صورت نہی تنزیہی ہے تحریمی نہیں ہے۔ بعض علماء نے اس کی تصریح کی ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۲۵۰ / ۳۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِفُضَالَةَ ابْنِ عُبَيْدٍ مَالِي أَرَاكَ شَعِثًا قَالَ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهَانَا عَنْ كَثِيرٍ مِّنَ الْإِرْفَاهِ قَالَ مَا لِي لَا أَرٰى عَلَيْكَ حِذَاءً قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْمُرُنَا أَنْ نَّحْتَفِيَ أَحْيَانًا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

عبد اللہ بن بریدہ[1] سے روایت ہے کہ ایک شخص نے حضرت فضالہ بن عبید[2] رضی اللہ عنہ سے پوچھا کہ کیا وجہ ہے؟ میں آپ کے بال بکھرے ہوئے دیکھتا ہوں[3]، فرمایا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں آسودگی[4] کی زیادتی سے منع فرماتے تھے۔ اس نے کہا کیا وجہ ہے؟ میں دیکھ رہا ہوں کہ آپ نے جوتے نہیں پہنے، فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمیں حکم دیا کرتے تھے کہ ہم کبھی کبھی ننگے پاؤں رہا کریں[5]۔ (ابو داؤد)

[1] عبد اللہ بن بریدہ بن حصیب حاء پر پیش، صاد پر زبر، دونوں بے نقطہ، اسلمی مشہور تابعی ہیں۔

[2] فضالہ بن عبید انصاری صحابی ہیں، ان کا تعلق بنو عمرو بن عوف سے ہے۔

[3] ایک شخص نے ان سے بطور تعجب اور انکار پوچھا کیا سبب ہے؟ کہ آپ نے بالوں میں کنگھی نہیں کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور ان کی اصلاح نہیں کی۔

سے ارفاہ ہمزے کے نیچے زیر، اصل میں اس کا معنی اونٹ کا پانی میں آنا ہے جب اس کا جی چاہے خوش حالی، آسودگی اور عیش و عشرت کو اس کے ساتھ تشبیہ دی ہے۔ تیل کا کثرت سے استعمال کرنا بھی اسی زمرے میں آتا ہے۔

شہ حفا، عبے نقطہ حا کے نیچے زیر اور نقطے والا فال (جوتا) یعنی کیا وجہ ہے؟ کہ آپ ننگے پاؤں پھرتے ہیں۔

سلہ تواضع، کسر نفسی اور شفقت کے نقطۂ نظر سے، نیز مجبوری کی حالت میں ننگے پاؤں رہنا آسان ہوگا اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالے علیہ وسلم اگرچہ بالوں کو تیل لگانے اور کنگھی کرتے تھے، اسے پسند فرماتے تھے، اس کا حکم دیتے تھے اور اس کی رغبت دلاتے تھے، تاہم بعض زاہدوں اور ارباب ریاضت کو اس کے برخلاف بھی رکھتے تھے۔ اس کی تائید فرماتے تھے، بلکہ حکم بھی دیتے تھے،

خلاصہ یہ کہ خوشحالی اور عیش میں مبالغہ اور حد سے بڑھنا، تیل لگانے، کنگھی کرنے اور آرائش میں منہمک ہونا مکروہ ہے، جیسے کہ عجمیوں اور دولت مندوں کی عادت ہے۔ اس معاملے میں میانہ روی کا حکم دیا گیا ہے، یہ مطلب نہیں کہ طہارت، نظافت اور ظاہری حالت کی اصلاح کو ہی ترک کر دو، کیونکہ نظافت دین سے ہے، جیسے کہ حدیث میں ارشاد ہوا۔

۴۲۵۱/۳۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَ لَهٗ شَعْرٌ فَلْیُکْرِمْهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)	حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جس شخص کے بال ہوں[1] اسے چاہیے کہ وہ ان کی عزت کرے[2] (ابوداؤد)

سلہ یعنی جو شخص بال رکھتا ہو۔

سلہ انہیں دھوئے، تیل لگائے، کنگھی کرے اور صاف ستھرے رکھے، بکھرے اور الجھے ہوئے نہ چھوڑے کیونکہ صفائی اور اچھا دکھائی دینا محبوب اور مرغوب ہے۔

۴۲۵۲/۳۳ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحْسَنَ مَا غُیِّرَ بِهِ الشَّیْبُ الْحِنَّاءُ وَالْکَتَمُ۔	حضرت ابوذر رضی اللہ تعالے عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک بہترین وہ چیز جس سے بالوں کی سفیدی کو تبدیل کیا جائے[1] مہندی اور کتم ہے[2]۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

(ترمذی، ابو داؤد، نسائی)

۱؎ اور انہیں رنگا جاتا ہے۔

۲؎ کتم کاف پر زبر، تاء مخففہ، بعض علماء نے تاء مشدد بھی بیان کی ہے، زیادہ مشہور تخفیف ہی ہے۔ ایک گھاس جو وسمہ کے ساتھ ملا کر بالوں کے رنگنے کے کام آتی ہے۔ بعض حضرات نے کہا کہ کتم، وسمہ ہی ہے اسی طرح علامہ طیبی نے کہا۔ قاموس میں ہے کتم کاف متحرک کے ساتھ، کتمان پہلے حرف پر پیش، ایک گھاس جو مہندی میں ملائی جاتی ہے اور اس سے بال رنگے جاتے ہیں۔ اور وسمہ واؤ پر زبر، اس پر پیش بھی پڑھ سکتے ہیں، سین کے نیچے زیر یا ساکن وہی گھاس ہے، بعض علماء نے کہا کہ یمن میں ایک درخت ہے جس کے پتوں سے بال رنگے جاتے ہیں۔ قاموس میں ہے کہ وسمہ نیل کے پتے ہیں یا ایک بوٹی ہے جس کے پتوں سے خضاب لگایا جاتا ہے۔

اب حدیث سے مراد کیا ہے؟ مہندی اور کتم دونوں سے رنگنا یا دونوں میں سے کسی ایک سے، بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ مہندی کے بغیر صرف کتم کا استعمال مراد ہے، کیونکہ کتم کے ساتھ مہندی ملا کر استعمال کی جائے تو بال سیاہ ہو جائیں گے، سیاہ خضاب کی ممانعت درجۂ صحت کو پہنچ چکی ہے، شارحین کہتے ہیں کہ غالباً حدیث اس طرح ہے بالحناء أو الكتم مہندی یا کتم سے، لفظ اَوْ کے ساتھ اختیار دینے کے لیے۔ لیکن مختلف سندوں اور مختلف الفاظ سے مروی احادیث میں واؤ کے ساتھ عطف ہے نہ کہ او کے ساتھ (اھ) اور ہو سکتا ہے کہ واؤ بمعنی اَوْ ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ یہ بیان نہیں کیا کہ صرف کتم کے استعمال سے کونسا رنگ آتا ہے۔ بعض حواشی میں لکھا ہے کہ صرف مہندی لگانے سے سرخ رنگ آتا ہے اور تنہا کتم کے استعمال سے نیلگوں رنگ آتا ہے۔ اور بعض شارحین سے سیاہی مائل کتم کے استعمال سے خالص سیاہ رنگ آتا ہے، اور مہندی کے ساتھ ملا کر استعمال سے سیاہی مائل پختہ سرخ رنگ آتا ہے، لہٰذا مہندی اور کتم ملا کر رنگنا مراد ہوگا، اسی طرح کہا گیا ہے۔ حضرت ابن عمر کی روایت کے بعد آنے والی ابن عباس کی روایت اس معنی میں صریح ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۴۵۳ / ۳۴ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَكُوْنُ قَوْمٌ فِيْ اٰخِرِ الزَّمَانِ يَخْضِبُوْنَ بِهٰذَا السَّوَادِ كَحَوَاصِلِ الْحَمَامِ لَا يَجِدُوْنَ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: آخر زمانے میں کچھ لوگ ہوں گے جو اس[1] سیاہی کے ساتھ کبوتروں کے پوٹوں[2] کی طرح بال رنگیں گے وہ جنت[3] کی خوشبو نہیں پائیں گے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ) (ابوداؤد، نسائی)

لہ تعداسے اشارہ سیاہی کے حال کی تحقیر اور تقبیح کے سبب ہے، یا مطلب یہ ہے کہ سیاہی کی اس قسم سے رنگیں گے۔

لہ حوصلہ پرندے کا (پوٹا)، ایسا ہی ہے جیسا کہ انسان کا معدہ، اس جگہ سینہ مراد ہے اور بعض کبوتروں کا سینہ خالص سیاہ ہوتا ہے۔

لہ خضاب لگانے والے۔ یہ سیاہ خضاب لگانے پر زجر و توبیخ میں مبالغہ ہے۔ بعض حواشی میں لکھا گیا ہے کہ یہ لوگ اگرچہ بہشت میں داخل ہوں گے لیکن اس کی خوشبو محسوس نہیں کریں گے اور اس سے لطف اندوز نہیں ہوں گے بعض علماء نے کہا کہ جنت کی خوشبو حشر کے میدانوں میں آئے گی، مسلمان اس سے محظوظ اور مسرور ہوں گے اور محشر کے میدانوں میں ٹھہرنے کی مشقت اور تکلیف سے محفوظ رہیں گے۔ یہ خضاب لگانے والے اس سے محروم رہیں گے لہ

۴۲۵۴/۳۵ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَلْبَسُ النِّعَالَ السِّبْتِيَّةَ وَيُصَفِّرُ لِحْيَتَهُ بِالْوَرْسِ وَالزَّعْفَرَانِ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم بالوں سے خالی جوتے لہ پہنتے تھے اور اپنی داڑھی ورس لہ اور زعفران سے رنگتے تھے، ابن عمر بھی یہ کام کیا کرتے تھے۔

(نسائی)

لہ السِّبْتِيَّة سین کے نیچے زیر، ایک نقطے والی با ساکن۔ اگرچہ (اس دور میں) اکثر عربوں کی عادت یہ تھی کہ وہ بالوں والے جوتے پہنتے تھے، لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ننگے ہوئے چمڑے کے جوتے پہنتے تھے جن کے بال زائل کر دیے گئے ہوتے تھے۔

لہ ورس واؤ پر زبر، را ساکن، زرد رنگ کی گھاس جو یمن میں ہوتی ہے اور اس سے بال رنگے جاتے ہیں۔

لہ امام احمد رضا بریلوی قدس سرہ نے رسالہ مبارکہ حکُّ العَیبِ عَنْ تَسْوِیْدِ الشَّیْبِ میں متعدد احادیث سے ثابت کیا ہے کہ سیاہ خضاب مکروہ تحریمی اور حرام ہے۔ ۱۲ قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳ یعنی داڑھی کو ورس اور زعفران سے رنگتے تھے، بہتر یہ ہے کہ دونوں کا موں سبتی جوتے پہننے اور بالوں کے رنگنے کے مجموعے کی طرف اشارہ ہو، جیسے کہ احادیث میں آیا ہے اور امام ترمذی، شمائل میں بھی لائے ہیں کہ حضرت ابن عمر کو کہا گیا کہ میں دیکھتا ہوں آپ سبتی جوتے پہنتے ہیں جو دولت مندوں کا پہناوا ہے، فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سبتی جوتے پہنتے ہوئے دیکھا اس لیے میں ان کے پہننے کو محبوب رکھتا ہوں۔

اس سے پہلے ہم نے کتاب اللباس میں بیان کیا ہے کہ جمہور محدثین کے نزدیک صحیح اور مختار یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خضاب نہیں لگایا، آپ کے بالوں کی سفیدی اس حد کو نہیں پہنچی تھی کہ انہیں خضاب لگایا جاتا، صاحب سفر السعادۃ نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بالوں کو ہرگز نہیں رنگا، چونکہ آپ کثرت سے خوشبو استعمال فرماتے تھے اس لیے بعض صحابہ کرام نے خیال کیا کہ آپ کے بال مبارک رنگے ہوئے ہیں (اھ) لہٰذا ورس اور زعفران سے داڑھی مبارک کو زرد کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ آپ رنگنے کے لیے نہیں بلکہ بالوں کی صفائی اور نظافت کے لیے ورس اور زعفران ملتے تھے کیونکہ آپ کے بال مبارک سیاہ تھے اور سیاہ بال کسی دوسرے رنگ کو قبول نہیں کرتے، اس لیے تصفیر (زرد رنگ دینے) سے مراد زرد چیز کا استعمال ہوگا، رنگنا مراد نہیں ہے۔ ہاں بعض صحابہ کرام سے مروی ہے کہ وہ داڑھی کو زرد رنگ دیتے تھے اور ظاہر ہے کہ وہی حضرات رنگتے ہوں گے جن کے بال سفید ہوں گے، اسی طرح میں نے اپنے شیخ (حضرت علی متقی) سے سنا، اللہ تعالیٰ کی ان پر رحمت ہو اور اللہ تعالیٰ انہیں میری طرف سے بہترین جزا عطا فرمائے۔ چنانچہ آئندہ حدیث کے ظاہر سے یہی معلوم ہوتا ہے۔

۴۳۵۵/۳۶ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَرَّ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ قَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ مَا أَحْسَنَ هٰذَا قَالَ فَمَرَّ آخَرُ وَقَدْ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ فَقَالَ هٰذَا أَحْسَنُ مِنْ هٰذَا ثُمَّ مَرَّ آخَرُ قَدْ خَضَبَ بِالصُّفْرَةِ فَقَالَ هٰذَا أَحْسَنُ مِنْ هٰذَا كُلِّهِ.

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سے ایک شخص گزرا جس نے مہندی سے بال رنگے ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا: یہ کتنا اچھا ہے ابن عباس کہتے ہیں کہ ایک دوسرا شخص گزرا جس نے مہندی اور کتم سے بال رنگے ہوئے تھے، آپ نے فرمایا یہ پہلے سے بہتر ہے[1] پھر ایک تیسرا شخص گزرا جس نے زرد رنگ لگایا ہوا تھا۔ آپ نے فرمایا: یہ ان سب سے بہتر ہے۔

(ابوداؤد)

[1] یعنی صرف مہندی لگانے سے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۲۵۶/۳۷ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَيِّرُوا الشَّيْبَ وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَرَوَاهُ النَّسَائِيُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ وَالزُّبَيْرِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: بالوں کی سفیدی کو تبدیل کرو اور یہودیوں کی مشابہت[۱] اختیار نہ کرو۔ (ترمذی) امام نسائی نے یہ حدیث حضرت ابن عمر اور حضرت زبیر[۲] سے روایت کی۔

[۱] وَلَا تَشَبَّهُوْا تا اور شین پر زبر ——— یہودیوں کے مشابہ نہ بنو جو خضاب نہیں لگاتے۔

[۲] بعض نسخوں میں ابن زبیر ہے۔

۴۲۵۷/۳۸ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَنْتِفُوا الشَّيْبَ فَاِنَّهٗ نُوْرُ الْمُسْلِمِ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْاِسْلَامِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهٗ بِهَا حَسَنَةً وَّكَفَّرَ عَنْهُ بِهَا خَطِيْئَةً وَّرَفَعَهٗ بِهَا دَرَجَةً. (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے فرمایا: تم سفید بال نہ چنو کیونکہ سفیدی مسلمان کا نور[۱] ہے، جس شخص کے بال اسلام میں سفید ہوئے، اللہ تعالٰی اس کے لیے اس سفیدی کی بدولت ایک نیکی لکھے گا اور اس کا ایک گناہ مٹا دے گا۔ (ابوداؤد)

[۱] کیونکہ بالوں کی سفیدی وقار ہے، جیسے تیسری فصل کے آخر میں آئے گا کہ پہلے پہل حضرت ابراہیم علیہ الصلاۃ والسلام نے بالوں کی سفیدی دیکھی اور عرض کیا میرے پروردگار یہ کیا ہے؟ جواب آیا کہ یہ وقار ہے، انہوں نے عرض کیا رب کریم! وقار میں اضافہ فرما، وقار آدمی کو فسق و فجور اور گناہوں سے روکتا ہے، توبہ اور نیکیوں کا سبب بنتا ہے، اور یہ نور کا سبب بنتا ہے جو حشر کے اندھیروں میں مومن کے آگے آگے دوڑے گا۔ جیسے کہ آیت کریمہ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ نُوْرُهُمْ يَسْعٰى بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَبِاَيْمَانِهِمْ۔ ان کا نور ان کے آگے اور دائیں جانبوں میں دوڑے گا اسی طرح علامہ طیبی نے کہا اس توجیہ کے مطابق نور سے مراد قیامت کے دن کا نور ہے۔ جیسے کہ ایک دوسری حدیث میں صراحۃً آیا ہے، اگر اس جگہ نورانیت سے مراد حلیہ کا حسن، صورت کا جمال، باطن کی صفائی اور سیرت کی درستی مراد لی جائے جو اس عالم میں بڑھوں کو حاصل ہوتی ہے تو بھی بعید نہیں ہے، آخرت کی اچھی جزا اور جنت کا داخلہ جو اس پر مرتب ہوگا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وہ اپنی جگہ ہے جیسے کہ آئندہ ارشاد میں اشارہ ہے۔

۴۲۵۸ وَعَنْ كَعْبِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ شَابَ شَيْبَةً فِي الْإِسْلَامِ كَانَتْ لَهٗ نُوْرًا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ۔
۳۹

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت کعب بن مرہ[۱] رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اسلام میں بوڑھا ہوا، اس کے لیے بڑھاپا قیامت کے دن نور ہوگا۔[۲]

(ترمذی، نسائی)

[۱] حضرت کعب بن مرہ صحابی ہیں، شام کے علاقہ اردن کے رہنے والے تھے، وہیں ۵۹ھ میں وصال ہوا۔

[۲] اس کے لیے بڑھاپا روشنی کا سبب اور اس دن کی محنت و مشقت اور تاریکی سے نجات کا ذریعہ ہوگا، کیونکہ بڑھاپے میں آدمی توبہ کرتا ہے اور عبادات انجام دیتا ہے۔

اس جگہ ایک سوال اور اشکال ہے اور وہ یہ کہ جب بڑھاپا دنیا و آخرت میں نورانیت کا سبب ہے تو اسے چھپانا اور خضاب کے ذریعے تبدیل کرنا کیوں شروع ہوا؟ علماء فرماتے ہیں کہ یہ تبدیلی ایک دوسری دینی مصلحت کی بنا پر شروع ہوتی ہے، اور وہ ہے دشمنوں کو ذلیل کرنا اور اپنی قوت کا اظہار کرنا، تاکہ وہ کمزور سمجھ کر دلیر نہ ہو جائیں، اگر کہا جائے کہ اس مصلحت کے لیے بالوں کا اکھیڑنا کیوں جائز نہیں ہے؟ میں کہتا ہوں کہ سفید بالوں کا جڑ سے اکھیڑنا بالآخر بدصورتی کا سبب بن جائے گا، برخلاف خضاب کے کہ اس کے ذریعے بالوں کی رنگت تبدیل ہوگی، یہ فرق ہے خضاب لگانے اور بالوں کے اکھیڑنے میں، سفید بالوں کا چننا اگر زیب و زینت کے لیے اور تکلف کے ساتھ نہ ہو تو ایک روایت کے مطابق امام ابوحنیفہ کے نزدیک جائز ہے اور امام محمد نے فرمایا، کوئی حرج نہیں، لیکن مختار اس کے خلاف ہے۔

۴۲۵۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِنَاءٍ وَّاحِدٍ كَانَ لَهٗ شَعْرٌ فَوْقَ الْجُمَّةِ وَدُوْنَ الْوَفْرَةِ۔
۴۰

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں اور رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم ایک برتن[۱] سے غسل کیا کرتے تھے، آپ کے بال جمہ سے اوپر اور وفرہ سے کم تھے۔[۲]

(ترمذی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ اور وہ برتن میرے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے درمیان مشترک ہوتا تھا۔ یہ اس حدیث کا ایک حصہ ہے جو کتاب الطہارۃ کے باب الغسل میں گزر گئی ہے۔

لہ یاد رہے کہ سر کے بالوں کے تین نام ہیں۔ (۱) جُمَّہ جیم پر پیش اور میم مشدد (۲) وَفْرَہ واؤ پر زبر اور فا ساکن (۳) لِمَّہ لام کے نیچے زیر اور میم مشدد۔ جمہ وہ بال ہیں جو کندھوں تک ہوں، وفرہ وہ کان کے نرم حصہ تک ہوں اور لمہ وہ بال جو کانوں سے نیچے ہوں اور کندھوں کے قریب پہنچے ہوئے ہوں، ان الفاظ کی صحیح ترین تفسیر یہی ہے۔

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بال مبارک اس وقت جمہ سے اوپر تھے یعنی کندھوں تک پہنچے ہوئے نہیں تھے۔ اور وفرہ سے نیچے تھے یعنی کانوں سے نیچے پہنچے ہوئے تھے یعنی لمہ تھے اور کانوں اور کندھوں کے درمیان تھے۔ کبھی جمہ مطلق بالوں کو بھی کہہ دیتے ہیں۔ جیسے کہ شمائل میں ہے تَضْرِبُ جُمَّتُہٗ شَحْمَۃَ اُذُنَیْہِ آپ کے بال کان کے نرم حصے کو چھوتے تھے، قاموس میں ہے۔ اَلْجُمَّۃُ جیم پر پیش سر کے بالوں کا مجموعہ۔

۴۴۶۰ وَعَنِ ابْنِ الْحَنْظَلِیَّۃِ رَجُلٍ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الرَّجُلُ خُرَیْمُ الْاَسَدِیُّ لَوْلَا طُوْلُ جُمَّتِہٖ وَاِسْبَالُ اِزَارِہٖ فَبَلَغَ ذٰلِکَ خُرَیْمًا فَاَخَذَ شَفْرَۃً فَقَطَعَ بِہَا جُمَّتَہٗ اِلٰی اُذُنَیْہِ وَرَفَعَ اِزَارَہٗ اِلٰی اَنْصَافِ سَاقَیْہِ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صحابی حضرت ابن الحنظلیہ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: خریم اسدی[۲] اچھا مرد ہے۔ اگر ان کے بالوں کی لمبائی[۳] اور چادر کو نیچے لٹکانا نہ ہوتا۔ یہ بات حضرت خریم کو پہنچی تو انہوں نے چھری لے کر اپنے بال کانوں تک کاٹ دیئے اور اپنی چادر آدھی پنڈلیوں تک اونچی کر لی۔
(ابوداؤد)

لہ ابن الحنظلیہ بے نقطہ حاء اور نقطے والی ظاء، ابوالحارث سہل بن ربیع صاحب فضیلت صحابی، بکثرت نماز پڑھتے اور ذکر کرتے، شام میں مقیم تھے، حنظلیہ ان کی والدہ یا دادی کا نام ہے۔

سلہ خریم نقطے والی خاء پر پیش، راء پر زبر اور یاء ساکن اسدی۔ قبیلہ بنی اسد سے تعلق رکھتے تھے، یہ بھی صحابی ہیں۔

سلہ اگرچہ بالوں کی لمبائی مکروہ اور مذموم نہیں ہے، لیکن ہو سکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس صحابی سے لمبے بالوں کی بنا پر ناپسندیدہ ناز نخرہ اور زینت محسوس کی ہو اور ان کے حال کی شکایت کی ہو۔ کہتے ہیں کہ یہ حدیث اس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اس کی دلیل ہے کہ اگر غیر حاضر مسلمان بھائی کے کسی مکروہ وصف کا ذکر جائے جس کا وہ مرتکب ہو، تاکہ وہ اس سے بھی باز آجائے تو جائز ہے۔

۴۲۶۱ / ۴۲ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَتْ لِي ذُؤَابَةٌ فَقَالَتْ لِي أُمِّي لَا أَجُزُّهَا كَانَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمُدُّهَا وَيَأْخُذُهَا.

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میرے گیسو[1] تھے۔ میری والدہ نے کہا کہ میں انہیں نہیں کاٹوں گی[2]۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں کھینچتے تھے اور پکڑتے تھے[3]۔

(ابوداؤد)

[1] ذوابۃ نقطے والے ذال پر پیش، گیسو۔

[2] اس کے بعد نہ کاٹنے کی وجہ بیان کی۔

[3] خوش طبعی اور انبساط کے طور پر، جیسے عموماً بچوں کے ساتھ ہنسی مزاح کرتے ہیں۔ بطور تبرک ان گیسوؤں کو محفوظ رکھتی تھیں اور انہیں بلے کرتی تھیں، ابھی ابھی جو جبر کی لمبائی کا ناپسندیدہ ہونا بیان ہوا ہے، اس کی کچھ اور وجہ ہے، جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا، یہ حدیث اس کے منافی نہیں ہے۔

۴۲۶۲ / ۴۳ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ جَعْفَرٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَمْهَلَ آلَ جَعْفَرٍ ثَلٰثًا ثُمَّ أَتَاهُمْ فَقَالَ لَا تَبْكُوا عَلَى أَخِي بَعْدَ الْيَوْمِ ثُمَّ قَالَ ادْعُوا لِي بَنِي أَخِي فَجِيءَ بِنَا كَأَنَّا أَفْرَاخٌ فَقَالَ ادْعُوا لِي الْحَلَّاقَ فَأَمَرَهُ فَحَلَقَ رُءُوسَنَا.

(رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت عبداللہ بن جعفر[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت جعفر کی اولاد کو تین راتوں تک مہلت دی[2]۔ پھر ان کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: آج کے بعد میرے بھائی پر نہ رونا[3]۔ پھر فرمایا میرے بھتیجوں کو میرے پاس بلاؤ، ہمیں آپ کے پاس اس حال میں لایا گیا گویا ہم چوزے ہوں[4]۔ فرمایا: میرے پاس حجام کو بلا کر لاؤ۔ آپ کے حکم پر اس نے ہمارے سر مونڈ دیئے[5]۔

(ابوداؤد، نسائی)

[1] حضرت عبداللہ بن جعفر فضلائے صحابہ اور بنی ہاشم کے اشراف میں سے ہیں، جود و سخا میں بے مثال تھے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۲ حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی شہادت کی خبر پہنچنے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی اولاد کو تین راتوں تک مہلت دی، انہیں رونے دیا، اظہار غم کرنے دیا، اور ان کے پاس تشریف نہیں لے گئے۔

۳ کیونکہ اظہار غم کی انتہا تین دن تک ہے۔

۴ اَفْرُخ ہمزے پر زبر، فا ساکن را پر پیش، فرخ کی جمع ہے، چوزہ، پرندے کا بچہ۔

۵ کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان بچوں کے سر مونڈنے کا حکم اس لیے دیا کہ ان کی والدہ حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا۔ حضرت جعفر کی جدائی کے صدمے کی بنا پر بچوں کے سروں میں کنگھی نہیں کر سکیں گی اور انہیں دیکھ بھال کی فرصت بھی نہیں ملے گی۔

۴۲۶۳ وَعَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ الْاَنْصَارِيَّةِ اَنَّ امْرَاَةً كَانَتْ تَخْتِنُ بِالْمَدِيْنَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْهِكِيْ فَاِنَّ ذٰلِكَ اَحْظٰى لِلْمَرْاَةِ وَاَحَبُّ اِلَى الْبَعْلِ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ هٰذَا الْحَدِيْثُ ضَعِيْفٌ وَرَاوِيْهِ مَجْهُوْلٌ۔

حضرت ام عطیہ انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ مدینہ منورہ میں ایک عورت ختنہ کیا کرتی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ختنہ کرنے میں مبالغہ نہ کیا کرو، کیونکہ یہ مبالغہ نہ کرنا عورت کو زیادہ خوش کرنے والا ہے۔ اور شوہر کے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے (ابوداؤد) انہوں نے کہا کہ یہ حدیث ضعیف ہے۔ اور اس کا راوی مجہول ہے۔

۱ حضرت ام عطیہ انصاریہ اکابر صحابیات میں سے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہمراہ جہاد میں حصہ لیا کرتی تھیں، بیماروں کی تیمار داری کرتیں۔ اور زخموں کا علاج کیا کرتی تھیں، حضرت انس بن سیرین ان سے روایت کرتے ہیں۔ ان کا نام نسیبہ بنت کعب نون پر پیش، بے نقطہ سین پر زبر، یا ساکن، با پر زبر، ابن معین نے کہا کہ نون پر زبر اور سین کے نیچے زیر۔

۲ یعنی عورتوں کا۔

۳ اور گوشت جڑ سے نہ کاٹ دیا کرو۔ لَا تُنْهِكِيْ تا پر پیش، ہا کے نیچے زیر اور اس پر زبر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اِنْهَاكٌ اور نَهْكٌ دونوں سے روایت ہے، اس کا معنی ہے کاٹنے میں مبالغہ کرنا۔

۴ انداس کے لیے زیادہ لذت بخش ہے۔

۵ یعنی اگر اس کے کاٹنے میں مبالغہ کریں تو مرد کم لطف اندوز ہوگا اور دیکھنے میں بھی وہ جگہ بھی قبیح معلوم ہوگی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۲۶۴/۲۵ وَعَنْ كَرِيمَةَ بِنْتِ هُمَامٍ اَنَّ امْرَاَةً سَاَلَتْ عَائِشَةَ عَنْ خِضَابِ الْحِنَّاءِ فَقَالَتْ لَا بَاْسَ وَلٰكِنِّيْ اَكْرَهُهُ كَانَ حَبِيْبِيْ يَكْرَهُ رِيْحَهُ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)

حضرت کریمہ بنت ھمام لہ سے روایت ہے کہ ایک عورت نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مہندی کے خضاب کے بارے میں پوچھا۔ انھوں نے فرمایا کوئی حرج نہیں سہ، لیکن سہ میں اسے ناپسند کرتی ہوں، میرے ھہ محبوب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی بو کو ناپسند کرتے تھے لہ۔ (ابوداؤد، نسائی)

لہ کریمہ بنت ھمام ہا پر پیش، میم مخفف (ھُمام) ہا پر زبر اور میم مشدد کے ساتھ بھی ضبط کیا گیا ہے (ہَمّام) تابعیہ ہیں اور حضرت ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتی ہیں۔ ان کی حدیث اہل بصرہ میں ہے۔

سہ ظاہر یہ ہے کہ عورتوں کے ہاتھوں اور پاؤں کو مہندی لگانے کے بارے میں سوال کیا۔ جیسے روشن حدیث سے بھی معلوم ہوتا ہے۔

سہ عورتیں لگا سکتی ہیں، امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ اگر عورت شوہر کے لیے آرائش کی نیت سے ہاتھوں اور پاؤں کو مہندی لگائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔ بشرطیکہ جان دار چیزوں کی تصویریں نہ بنائی جائیں۔

ھہ گویا اس عورت نے سوال کیا کہ پھر آپ کیوں نہیں لگاتیں؟

ھہ مہندی کے ناپسند کرنے کی وجہ بیان کرتے ہوئے فرمایا۔

لہ بعض حواشی میں لکھا ہے کہ شافعیہ نے اس حدیث سے استدلال کرتے ہوئے کہا کہ مہندی خوشبو نہیں ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خوشبو پسند فرماتے تھے۔ اگر مہندی بھی خوشبو والی ہوتی تو اسے بھی پسند فرماتے۔ جب کہ احناف یہ کہتے ہیں کہ مہندی خوشبو ہے (لہٰذا احرام کی حالت میں اس کا استعمال جائز نہیں ہے ۱۲ ق ن) اس کا جواب یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خوشبو بے شک پسند تھی، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہر قسم کی خوشبو پسند ہو، نیز ہر قسم کی خوشبو کے پسند ہونے سے یہ لازم نہیں آتا کہ سب خوشبوئیں ایک جیسی پسند ہوں، بعض خوشبوؤں کو حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم زیادہ پسند کرتے تھے۔ اور بعض کو کم، گویا مطلب یہ ہے کہ مہندی کی خوشبو کو اتنا پسند نہیں فرماتے تھے کہ اس سے محظوظ اور مسرور ہوتے، اسی لیے حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس کا اہتمام نہیں کرتی تھیں۔

۴۲۶۵/۲۶ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ هِنْدًا بِنْتَ عُتْبَةَ قَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ بَايِعْنِيْ فَقَالَ لَا

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت ہند بنت عتبہ لہ نے عرض کیا۔ اے اللہ کے نبی! مجھے بیعت کریجیے۔ آپ نے فرمایا، میں تمہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اُبَایِعُكِ حَتّٰی تُغَیِّرِیْ كَفَّیْكِ فَكَاَنَّهُمَا كَفَّا سَبُعٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)	بیعت نہیں کروں گا۔ یہاں تک کہ تم اپنے ہاتھوں کو تبدیل کرو[۵۲] دونوں ہاتھ گویا درندے کے ہاتھ ہیں[۵۳] (ابوداؤد)

[۵۱] ہند بنت عتبہ بن ربیعہ بن عبد شمس بن عبد مناف، حضرت ابو سفیان کی اہلیہ اور حضرت امیر معاویہ کی والدہ، فتح مکہ کے دن اپنے شوہر ابو سفیان کے بعد اسلام لائیں، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان دونوں کو سابق نکاح پر برقرار رکھا، حضرت ہند نے اسلام لانے کے بعد عرض کیا یا رسول اللہ! میرے نزدیک آپ کا چہرہ سب سے زیادہ ناپسندیدہ تھا اب میرے نزدیک سب سے زیادہ محبوب آپ کا چہرہ ہے اپنے میرے نزدیک سب سے زیادہ ناپسندیدہ آپ کا خیمہ تھا۔ اور اب یہ حال ہے کہ سب سے زیادہ محبوب آپ کا خیمہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وَاَیْضًا۔ یہ حدیث صحیح بخاری میں ہے شارحین نے وَاَیْضًا کے دو مطلب بیان کیے ہیں۔ (۱) جوں جوں ایمان تمہارے دل میں گھر کرتا جائے گا، تمہاری محبت میں اضافہ ہوتا جائے گا۔ (۲) میں بھی تمہاری نسبت اپنا حال اسی طرح محسوس کرتا ہوں کہ تم لوگ پہلے ناپسندیدہ تھے۔ اب مجھے تم لوگوں سے سخت محبت ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم جنگ میں ہند نے سید الشہداء امیر حمزہ کے ساتھ جو کچھ کیا وہ مشہور واقعہ ہے۔

[۵۲] یعنی مہندی لگاؤ۔

[۵۳] اس جگہ سے معلوم ہوتا ہے کہ عورتوں کے لیے ہاتھوں کو مہندی لگانا مستحب ہے اور اس کا ترک کرنا مکروہ ہے۔ کہتے ہیں کہ کراہت اور انکار کی وجہ مردوں کے ساتھ مشابہت ہے اس سے پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ عورتوں کے لیے مردوں کی مشابہت اختیار کرنا مکروہ ہے، یہاں تک کہ عورتوں کو چاندی کی انگوٹھی مکروہ ہے۔ اور اگر نہیں تو اسے زعفران وغیرہ سے رنگ لیں۔

۴۲۶۶ وَعَنْهَا قَالَتْ اَوْمَتِ امْرَاَةٌ مِّنْ وَّرَآءِ سِتْرٍ بِيَدِهَا كِتَابٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَبَضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ فَقَالَ مَا اَدْرِيْ اَيَدُ رَجُلٍ اَوْ يَدُ امْرَاَةٍ قَالَتْ بَلْ يَدُ امْرَاَةٍ قَالَ لَوْ كُنْتِ امْرَاَةً تَغَيَّرَتْ	ان ہی سے روایت ہے کہ ایک عورت نے پردے کے پیچھے سے اشارہ کیا، اس کے ہاتھ میں کوئی تحریر تھی جو کسی نے (ان کے ہاتھ) رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف بھیجی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ روک لیا[۵۴] اور فرمایا: مجھے معلوم نہیں کہ یہ ہاتھ مرد کا ہے یا عورت کا، اس نے کہا بلکہ یہ عورت کا ہاتھ ہے، آپ نے فرمایا: اگر تو عورت ہوتی[۵۵] تو اپنے ناخنوں کو تبدیل کر لیتی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أَظْفَارَ لَكِ يَعْنِي بِالْحِنَّاءِ.
یعنی مہندی سے ؎۵۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِيُّ)
(ابوداود، نسائی)

؎۱ اس کے ہاتھ کی طرف اپنا ہاتھ نہیں بڑھایا اور اس کے ہاتھ سے تحریر نہیں لی۔
؎۲ یعنی اگر تو عورتوں کی علامت کی رعایت کرنے والی اور ان کی عادت کو محفوظ رکھنے والی ہوتی۔
؎۳ اس میں عورتوں کے لیے مہندی لگانے کے استحباب کو تاکید کے ساتھ بیان کیا گیا ہے اور مرد و زن کے امتیازی احوال کی رعایت کی مکمل تعلیم دی گئی ہے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی نگہداشت پر تنبیہ فرمائی ہے۔

۴۲۶۷/۴۸ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لُعِنَتِ الْوَاصِلَةُ وَالْمُسْتَوْصِلَةُ وَالنَّامِصَةُ وَ وَالْمُتَنَمِّصَةُ وَالْوَاشِمَةُ وَالْمُسْتَوْشِمَةُ مِنْ غَيْرِ دَاءٍ.

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ بالوں کے ملانے والی اور ملوانے والی، بال اکھیڑنے والی اور اکھیڑوانے والی، گودنے والی اور گدوانے والی ؎۱ پر لعنت کی گئی جو کسی بیماری کے بغیر ایسا کرے۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)
(ابوداود)

؎۱ ان الفاظ کے معانی پہلی فصل میں بیان کیے گئے ہیں، اس جگہ نامصہ کا ذکر ہے جب کہ اس جگہ ذکر نہیں تھا، نامصہ کا معنی ہے چہرے سے بال اکھیڑنے والی، نیز اس جگہ کراہت کے ساتھ اپنے قول سے قید لگائی ہے کہ یہ کام بیماری کے بغیر ہوں یعنی کراہت اس صورت میں ہے کہ کوئی عذر اور بیماری نہ ہو، یہ قید اس جگہ بھی مراد ہے۔

۴۲۶۸/۴۹ وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَ يَلْبَسُ لِبْسَةَ الْمَرْأَةِ وَالْمَرْأَةَ تَلْبَسُ لِبْسَةَ الرَّجُلِ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس مرد پر لعنت فرمائی جو زنانہ لباس ؎۱ پہنے اور اس عورت پر لعنت فرمائی جو مردانہ لباس پہنے ؎۲۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)
(ابوداود)

؎۱ لِبْسَۃ لام کے نیچے زیر۔
؎۲ پس نہ تو مردوں کے لیے جائز ہے کہ وہ عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کریں۔ اور نہ عورتوں کے لیے جائز ہے کہ مردوں کے ساتھ مشابہت اختیار کریں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۲۶۹ وَعَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَۃَ ۵۰ قَالَ قِیْلَ لِعَائِشَۃَ اِنَّ امْرَأَۃً تَلْبَسُ النَّعْلَ قَالَتْ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الرَّجُلَۃَ مِنَ النِّسَآءِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابن ابی ملیکہ سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو عرض کیا گیا کہ ایک عورت مردانہ جوتا پہنتی ہے۔ انہوں نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مردوں کی مشابہت اختیار کرنے والی عورتوں پر لعنت فرمائی ہے۔ (ابوداؤد)

۵۰ ابن ابی ملیکہ میم پر پیش، لام پر زبر، یاء ساکن۔ ان کی کنیت ابو محمد یا ابو بکر ہے، ان کا نام عبداللہ بن عبیداللہ بن ابی ملیکہ تیمی قرشی ہے، بھینگے تھے، مشہور تابعین اور ان کے علماء میں سے تھے حضرت عبداللہ بن زبیر کے دور میں مکہ مکرمہ کے قاضی تھے، انہوں نے کہا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے تیس صحابہ کرام سے ملاقات کی، حضرت عائشہ صدیقہ، ابن عباس اور ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کرتے تھے، ان سے ابن جریج اور دیگر بہت سے محدثین نے روایت کی ۱۱۷ھ میں وصال ہوا۔

۵۱ چونکہ عورت کو مردانہ پن سے موصوف کیا اس لیے الرجلۃ کے آخر میں تاء لائی گئی ہے۔

۴۲۷۰ وَعَنْ ثَوْبَانَ قَالَ ۵۱ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا سَافَرَ كَانَ اٰخِرُ عَهْدِہٖ بِاِنْسَانٍ مِّنْ اَهْلِہٖ فَاطِمَۃَ وَاَوَّلُ مَنْ يَّدْخُلُ عَلَيْهَا فَاطِمَۃَ فَقَدِمَ مِنْ غَزَاةٍ وَّقَدْ عَلَّقَتْ مِسْحًا اَوْ سِتْرًا عَلٰى بَابِهَا وَحَلَّتِ الْحَسَنَ وَالْحُسَيْنَ قُلْبَيْنِ مِنْ فِضَّۃٍ فَقَدِمَ فَلَمْ يَدْخُلْ فَظَنَّتْ اَنَّمَا مَنَعَہٗ اَنْ

حضرت ثوبان[۵] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب سفر کا ارادہ کرتے تو اپنے گھر والوں میں سے جس آخری فرد سے ملاقات فرماتے وہ حضرت فاطمہ ہوتیں[۲]، اور واپسی پر سب سے پہلے حضرت فاطمہ زہراء کے پاس ہی تشریف لے جاتے، ایک غزوہ سے واپس تشریف لائے تو حضرت فاطمہ نے اپنے دروازے پر ٹاٹ یا پردہ[۳] لٹکایا ہوا تھا، اور حسنین کریمین کو چاندی کے دو کنگن[۴] پہنا رکھے تھے، آپ تشریف لائے تو اندر داخل نہیں ہوئے[۵] حضرت فاطمہ نے سمجھ لیا کہ آپ نے جو کچھ دیکھا ہے اس نے

يَدْخُلَ مَا رَاٰى فَهَتَكَتِ السِّتْرَ وَ فَكَّتِ الْقُلْبَيْنِ عَنِ الصَّبِيَّيْنِ وَ قَطَعَتْهُ مِنْهُمَا فَانْطَلَقَا اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَبْكِيَانِ فَاَخَذَهٗ مِنْهُمَا فَقَالَ يَا ثَوْبَانُ اذْهَبْ بِهٰذَا اِلَى اٰلِ فُلَانٍ اِنَّ هٰٓؤُلَاۗءِ اَهْلِيْ اَكْرَهُ اَنْ يَّاْكُلُوْا طَيِّبَاتِهِمْ فِيْ حَيَاتِهِمُ الدُّنْيَا يَا ثَوْبَانُ اشْتَرِ لِفَاطِمَةَ قِلَادَةً مِّنْ عَصَبٍ وَّ سِوَارَيْنِ مِنْ عَاجٍ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

داخل ہونے سے روکا ہے، چنانچہ انھوں نے پردہ پھاڑ دیا اور دونوں بچوں کے کنگن اتار دیے اور انہیں کاٹ دیا، دونوں بچے روتے ہوئے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ نے دونوں بچوں سے وہ زیور لے لیے اور فرمایا: اے ثوبان! اسے آل فلاں[۸] کے پاس لے جاؤ، بے شک یہ میری اولاد ہیں میں ناپسند کرتا ہوں کہ یہ اپنی پاکیزہ چیزیں اپنی دنیاوی زندگی میں کھائیں[۹] ثوبان! فاطمہ کے لیے عصب[۱۰] کا ایک ہار اور ہاتھی دانت کے دو کنگن خریدو۔

(احمد، ابوداؤد)

۱؎ حضرت ثوبان رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام، مقرب بارگاہ اور دربار اقدس کے حاضر باش تھے۔

۲؎ یعنی سب کو الوداع کہہ کر حضرت فاطمہ زہرا کے پاس تشریف لاتے اور جو کچھ فرمانا ہوتا فرماتے، اور مناسب وصیت کرتے اور انہیں وداع کرتے۔

۳؎ سَہْم کے نیچے زیر، ٹاٹ۔ سِتْر پردہ، سین کے نیچے زیر، راوی کو شک ہے کہ مِسْح کہا یا سِتْر۔

۴؎ قُلْبَیْن قاف پر پیش اور لام ساکن، دو کنگن۔

۵؎ حضرت فاطمہ زہرا کے گھر میں داخل نہیں ہوئے جیسے کہ آپ کا معمول تھا۔

۶؎ یعنی دروازے پر لٹکایا ہوا پردہ اور حسنین کریمین کو پہنائے گئے کنگن۔

۷؎ یعنی حضرت حسن و حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

۸؎ فائدہ ہُمَا کے دو مطلب بیان کیے گئے ہیں (۱) حضرت حسنین کریمین کو رلانے کی محبت حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر اثر انداز ہوئی (۲) نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وہ دونوں زیور حسنین کریمین سے لے لیے، اور یہ معنی آئندہ عبارت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کے مناسب زیادہ ہے۔

۹ھ اپنے رشتہ داروں میں سے کسی کا نام لیا۔

۱۰ھ یعنی ہمیں ناپسند ہے کہ ہماری اولاد اچھے کھانوں سے لطف اندوز ہو اور عمدہ لباس پہنے گویا اکل طیبات کنایہ ہے لطف اندوز ہونے اور خوش حالی اختیار کرنے سے، بلکہ ہم ان کے لیے فقر و ریاضت پسند کرتے ہیں، چونکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امر و نہی، وعدہ اور نصیحت میں سختی فرمائی اور حضرت فاطمہ زہرا کی شکستہ دلی اور شرمندگی کا خیال کیا اس لیے ازراہ شفقت، محبت اور التفات فرمایا: ثوبان! فاطمہ کے لیے عصب کا ہار اور ہاتھی دانت کے دو کنگن خرید لو۔

۱۱ھ عصب عین پر زبر اور صاد ساکن، دونوں بے نقطہ ______ یاد رہے کہ عصب اور عاج کی تفسیر میں شارحین کا اختلاف ہے، عصب کا مشہور معنی جو لغت اور حدیث کی کتابوں میں ہے وہ یمنی چادر ہے جس کے دھاگے کو جمع کرکے گرہ لگا دی جاتی ہے پھر اسے رنگ دیا جاتا ہے، بننے کے بعد رنگین لہریں پیدا ہو جاتی ہیں، کیونکہ جس جگہ سختی سے گرہ لگائی جاتی ہے وہ جگہ سفید رہ جاتی ہے اور باقی جگہ رنگین ہوتی ہے، بعض علماء کہتے ہیں کہ عصب دھاری دار چادر کو کہتے ہیں، بہر صورت یہ یمن کی ایک قسم کی چادر ہوتی ہے۔ یہ معنی اس جگہ چنداں مناسبت نہیں رکھتا، کیونکہ قلادہ، گردن میں پہنے جانے والے زیور کو کہتے ہیں، چادر کے ہار کا کیا معنی ہوا؟

نہایہ میں علامہ خطابی سے نقل کیا ہے کہ اگر عصب یمنی کپڑوں کا نام ہے تو مجھے معلوم نہیں کہ کیا مطلب ہے؟ اس کے بعد حضرت ابو موسیٰ کا قول نقل کیا کہ ہو سکتا ہے عصب کے صاد پر زبر ہو، جس کا معنی پٹھہ ہے اور ممکن ہے کہ بعض حیوانوں کے پٹھوں کو منکوں کی شکل کاٹتے ہوں۔ اور خشک ہونے کے بعد ان سے ہار بنائے جاتے ہوں، جب بعض حیوانوں کی ہڈیوں سے کنگن تیار کیے جا سکتے ہیں تو ان کے پٹھوں سے منکے کیوں نہیں بنائے جا سکتے؟

اس کے بعد خطابی نے کہا کہ میں نے بعض یمنیوں سے سنا کہ عصب، نرب زعون نامی دریائی جانور کے دانتوں کو کہتے ہیں جن سے سفید منکے تراشے جاتے ہیں (اھ) یہ معنی اگر پایہ ثبوت کو پہنچ جائے تو اس مقام کے بہت مناسب اور لائق ہے کیونکہ اس کے ساتھ ہی ہاتھی دانت کے کنگن خریدنے کا ذکر ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

لوگوں میں مشہور ہے کہ عاج، ہاتھی کے دانتوں کو کہتے ہیں جو امام ابو حنیفہ کے نزدیک پاک ہیں، کیونکہ ان کے نزدیک مردار کی ہڈی پاک ہے اور اس کی تجارت صحیح ہے کیونکہ موت کا اس میں اثر نہیں ہوتا۔ ہڈی ذبح سے بھی پاک ہو جاتی ہے۔ ہاں نجس العین کی ہڈی پاک نہیں ہوتی، ہاتھی احناف کے نزدیک نجس العین نہیں ہے۔ امام شافعی کے مشہور قول کے مطابق ہاتھی دانت پلید ہے اور اس کا استعمال اور اس کی تجارت صحیح نہیں ہے، بعض علماء کہتے ہیں کہ عاج ہاتھی دانت کا نام نہیں ہے، بلکہ بحری یا بری کچھوے کی پشت کی ہڈی کو کہتے ہیں یا دریائی جانور کی پشت کی ہڈی کا نام ہے، اسے ذبل بھی کہتے ہیں، نقطے والے ذال پر زبر اور با کے ساتھ، اس سے کنگن اور کنگھیاں تیار کرتے ہیں، اس حدیث میں اور ایک دوسری حدیث میں بھی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مراد ہے جس میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کنگھی مبارک عاج کی تھی، ہاتھی دانت کی نہ تھی جیسے کہ عام طور پر خیال کیا جاتا ہے۔ قاموس میں عاج کے دونوں معنی بیان کیے ہیں اور صحاح میں اس کا معنی ہاتھی کی ہڈی بیان کیا ہے۔

واللہ تعالیٰ اعلم

۴۲۷۱ / ۵۲ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اكْتَحِلُوْا بِالْاِثْمِدِ فَاِنَّهُ يَجْلُوا الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ وَزَعَمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ لَهُ مُكْحُلَةٌ يَكْتَحِلُ بِهَا كُلَّ لَيْلَةٍ ثَلٰثَةً فِيْ هٰذِهٖ وَثَلٰثَةً فِيْ هٰذِهٖ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:۔ اثمد[1] کا سرمہ لگاؤ، کیونکہ وہ[2] بینائی کو روشن کرتا ہے اور پلکوں[3] کے بالوں کو اگاتا ہے، ابن عباس نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی سرمے دانی[4] تھی جس سے ہر رات[5] تین سلائیاں سرمہ اس آنکھ میں اور تین اس آنکھ[6] میں لگایا کرتے تھے

(ترمذی)

سلہ اثمد ہمزے کے نیچے زیر، تین نقطوں والی ثاء ساکن، میم کے نیچے زیر، پتھر کے سرمے کا نام کحل کاف پر پیش، بھی اثمد کا نام ہے، اسی طرح قاموس میں ہے۔

ت۲ اثمد یا اس کا آنکھوں میں لگانا

ت۳ جو آنکھوں کی زینت ہیں اور ان کی صحت کی علامت ہیں۔

ت۴ مُکْحُلَۃ میم پر پیش، کاف ساکن، حا پر پیش، لام پر زبر، سرمہ دانی۔

ت۵ سوتے وقت

ت۶ تین سلائیاں دائیں آنکھ میں اور تین بائیں آنکھ میں ــــــــــ سنن ابوداؤد میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سوتے وقت کستوری سے معطر اثمد کے (آنکھوں میں) لگانے کا حکم دیا۔ یہ بھی آیا ہے کہ دائیں آنکھ میں تین اور بائیں آنکھ میں دو سلائیاں لگاتے، ابتداء دائیں آنکھ سے کرتے اور ختم بھی دائیں آنکھ پر کرتے۔ پہلے دو سلائیاں دائیں آنکھ میں، دو سلائیاں بائیں آنکھ میں اور آخر میں ایک سلائی دائیں آنکھ میں لگاتے، اس جگہ دائیں آنکھ کی فضیلت کی رعایت ہے کہ اس میں تین سلائیاں لگاتے، نیز ابتدا بھی اسی سے کرتے اور انتہا بھی اسی پر کرتے، دونوں طریقوں میں طاق عدد اس حدیث کی تعمیل میں حاصل ہے جس میں ارشاد فرمایا کہ جو سرمہ لگائے وہ طاق سلائیاں لگائے، پہلے طریقے میں اس طرح کہ ہر آنکھ میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تین تین سلائیاں لگائیں اور دوسرے طریقے میں اس طرح کہ مجموعی طور پر پانچ سلائیاں ہوئیں۔ اور اسی طرح سفر السعادۃ میں بھی ہے۔

۴۲۶۲/۵۳ وَعَنْهُ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْتَحِلُ قَبْلَ اَنْ يَّنَامَ بِالْاِثْمِدِ ثَلٰثًا فِيْ كُلِّ عَيْنٍ قَالَ وَقَالَ اِنَّ خَيْرَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ اللَّدُوْدُ وَالسَّعُوْطُ وَالْحِجَامَةُ وَالْمَشِيُّ وَخَيْرَ مَا اكْتَحَلْتُمْ بِهِ الْاِثْمِدُ فَاِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعْرَ وَاِنَّ خَيْرَ مَا تَحْتَجِمُوْنَ فِيْهِ يَوْمُ سَبْعَ عَشَرَةَ وَيَوْمُ تِسْعَ عَشَرَةَ وَيَوْمُ اِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ عُرِجَ بِهِ مَا مَرَّ عَلَى الْمَلَاِ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِلَّا قَالُوْا عَلَيْكَ بِالْحِجَامَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ۔)

اور ان ہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سونے سے پہلے اثمد کا سرمہ لگایا کرتے تھے، ہر آنکھ میں تین سلائیاں، ابن عباس کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین وہ چیز جسے تم بطور دوا استعمال کرو[1] لیپ نسوار، پچھنے لگانا اور جلاب ہے اور بہترین وہ چیز جو تم آنکھوں میں لگاؤ اثمد ہے۔ کیونکہ وہ بینائی کو جلا بخشتا ہے، پلکوں کے بال اگاتا ہے، اور بہترین وہ دن جس میں تم سنگیاں لگواؤ سترہ[17]، انیس[19] اور اکیس[21] تاریخ ہے[2]، اور بے شک رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو جب آسمانوں پر لے جایا گیا تو آپ فرشتوں کی جس جماعت کے پاس سے گزرے انہوں نے یہی کہا کہ آپ فصد اختیار کریں[3]۔ (ترمذی) انہوں نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

۱؎ یہ چار چیزیں ہیں (۱) لدود لام پر زبر (۲) سعوط سین پر زبر (۳) حجامت حاء کے نیچے زیر (۴) مشی میم پر زبر نقطوں والے شین کے نیچے زیر اور یاء مشدد لدود وہ دوا ہے جو پلائی جائے اور سر میں ڈالی جائے۔ لدیدان، منہ کی دونوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جانہیں بلکہ ہر چیز کی دو جانبوں کو کہتے ہیں ۔ سَعُوط وہ دوائی ہے جو ناک میں ڈالی جائے (نسوار) حجامت خون نکالنا، مِحجم میم کے نیچے زیر، اسے محجم بھی کہتے ہیں وہ چیز جس کے ساتھ خون نکالا جاتا ہے ۔ اور یہ جانور کے سینگ کی طرح کا ایک آلہ ہے پہلے خون نکالنے کی جگہ پر پچھنے لگاتے ہیں پھر اس سینگ کو منہ میں رکھ کر (اور اس جگہ رکھ کر) چوستے ہیں، عربوں کا یہی طریقہ ہے، اس طرح خون نکالنا جائز ہے ، اور ظاہر یہ ہے کہ آلات کے ذریعے سے خون کا کم کرنا جیسے کہ ہمارے علاقوں میں رائج ہے اسی کے حکم میں داخل ہے ، حاصل یہ ہے کہ حجامت کا معنی سنگی کے ذریعے خون نکالنا ہے اور یہ فصد (رگ کاٹنے) کے مقابل ہے ۔ مَشِیّ میم پر زبر، شین کے نیچے زیر اور یا مشدد ، بروزن فعیل ، جلاب آور دوا کو کہتے ہیں ، یہ مَشْی سے مشتق ہے ، جس کا معنی چلنا ہے ، جلاب آور دوا بھی آدمی کو اٹھاتی ہے اور تقاضائے حاجت کے لیے لے جاتی ہے ۔ مَشُوٌّ عَدُوٌّ کی طرح بروزن فعول اور مَشَاءٌ بروزن سماء بھی آتا ہے ۔

۵۲ کیونکہ مہینے کی پہلی تاریخ سے لے کر پندرہ تاریخ تک خون بلکہ تمام رطوبتیں ، زیادتی، غلبے اور جوش میں ہوتی ہیں اور مہینے کے آخر میں نقصان ، سردی اور پستی میں ہوتی ہیں، اس لیے مہینے کا درمیانی حصہ اعتدال کے زیادہ مناسب ہے ، خصوصاً یہ تین دن (۱۷، ۱۹، ۲۱) سنگیاں لگوانے کے احکام کی تفصیل اور اس کے اوقات کی تعیین ۔ مہینے کے دنوں اور ہفتوں کے اعتبار سے کتاب الطب دارقنی میں آئے گی ان شاء اللہ تعالیٰ ۔

۵۳ یہ حدیث بھی کتاب الطب دارقنی میں آئے گی ، اور اس جگہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے امت کو سنگیاں لگوانے کا حکم دینا بھی مذکور ہے ۔ اس حدیث کا مضمون بھی اس پر مشتمل ہو سکتا ہے ۔

۴۲۷۳ / ۵۴ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى الرِّجَالَ وَالنِّسَاءَ عَنْ دُخُولِ الْحَمَّامَاتِ ثُمَّ رَخَّصَ لِلرِّجَالِ اَنْ يَّدْخُلُوْا بِالْمَيَازِرِ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مردوں اور عورتوں کو حماموں میں داخل ہونے سے منع فرمایا ۔ پھر مردوں کو اجازت دی اس شرط کے ساتھ کہ وہ تہبند[۵۵] پہن کر داخل ہوں ۔ (ترمذی ، ابوداؤد)

۵۵ میزر میم کے نیچے زیر ، تہبند ۔

۴۲۷۴ / ۵۵ وَعَنْ اَبِي الْمَلِيْحِ قَالَ قَدِمَ عَلٰى عَائِشَةَ نِسْوَةٌ مِّنْ اَهْلِ حِمْصَ فَقَالَتْ مِنْ

حضرت ابوالملیح[۵۶] سے روایت ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے پاس حمص[۵۷] کی رہنے والی کچھ عورتیں آئیں ، آپ نے کہا تم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَیْنَ اَنْتُنَّ قُلْنَ مِنَ الشَّامِ قَالَتْ فَلَعَلَّکُنَّ مِنَ الْکُوْرَۃِ الَّتِیْ تَدْخُلُ نِسَآءُهَا الْحَمَّامَاتِ قُلْنَ بَلٰی قَالَتْ فَاِنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا تَخْلَعُ امْرَاَۃٌ ثِیَابَهَا فِیْ غَیْرِ بَیْتِ زَوْجِهَا اِلَّا هَتَکَتِ السِّتْرَ بَیْنَهَا وَ بَیْنَ رَبِّهَا وَ فِیْ رِوَایَۃٍ فِیْ غَیْرِ بَیْتِهَا اِلَّا هَتَکَتْ سِتْرَهَا فِیْمَا بَیْنَهَا وَ بَیْنَ اللّٰهِ عَزَّ وَ جَلَّ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤدَ)

کہاں کی ہو؟ انہوں نے کہا شام کی، فرمایا غالباً تم اس شہر[۲] کی رہنے والی ہو جہاں کی عورتیں حماموں میں داخل ہوتی ہیں، انہوں نے کہا ہاں، آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ کوئی عورت اپنے شوہر کے گھر کے علاوہ کپڑے نہیں اتارتی[۳] مگر وہ اپنے اور اپنے رب کے درمیان پردہ[۴] پھاڑ دیتی ہے اور ایک روایت میں ہے کہ جو عورت اپنے گھر کے علاوہ کپڑے اتارتی ہے وہ اپنے اور اللہ تعالیٰ[۵] کے درمیان پردہ پھاڑ دیتی ہے۔

(ترمذی، ابوداؤد)

[۱] ابوالملیح ہذلی، بصری تابعی ہیں، ان کا نام عامر بن اسامہ یا زید بن اسامہ ہے ۱۲۰ھ میں وصال ہوا، ان کے والد حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی ہیں۔

[۲] حمص حا کے نیچے زیر، میم ساکن، مشہور شہر کا نام ہے، قاموس میں ہے کہ حمص، شام کا ایک شہر ہے اور وہاں کے رہنے والے یمانیون ہیں۔

[۳] اور اس علاقہ سے تعلق رکھتی ہو۔

[۴] ستر سین کے نیچے زیر۔

[۵] بینہا و بین ربہا کی جگہ بینہا و بین اللہ ہے، پردہ پھاڑنے کی وجہ یہ ہے کہ چونکہ اللہ تعالیٰ نے عورت کے پہننے کے لیے لباس پیدا کیا ہے اور ستر کا حکم دیا ہے، اس لیے لباس کے اتارنے میں پردے کا پھاڑنا ہے اور حیا اور بندگی کے پردے کا اتار پھینکنا ہے۔

۴۲۷۵/۵۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا:

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتُفْتَحُ لَکُمْ اَرْضُ الْعَجَمِ وَسَتَجِدُوْنَ فِیْھَا بُیُوْتًا یُقَالُ لَھَا الْحَمَّامَاتُ فَلَا یَدْخُلَنَّھَا الرِّجَالُ اِلَّا بِالْاُزُرِ وَامْنَعُوْھَا النِّسَآءَ اِلَّا مَرِیْضَۃً اَوْ نُفَسَآءَ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

تمہارے لیے عجم کی زمین فتح کر دی جائے گی اور تم اس میں ایسے گھر پاؤ گے جنہیں حمام کہا جاتا ہے تو ان میں مرد ہرگز داخل نہ ہوں، مگر تہبندوں[1] کے ساتھ اور عورتوں کو ان میں داخل ہونے سے منع کرو[2] مگر یہ کہ بیمار ہوں یا نفاس کی حالت میں ہوں[3]۔

(ابوداؤد)

[1] اَلْاُزُر ہمزے پر پیش اور زا ساکن، اِزَار کی جمع تہبند۔

[2] یعنی مطلقاً منع کرو خواہ تہبند کے ساتھ ہوں یا اس کے بغیر، کیونکہ عورتیں سر سے پاؤں تک عورت ہیں (تمام جسم پردے میں ہونا چاہیے) مردوں کا ستر ناف سے گھٹنوں تک ہے، ان کے لیے تہبند باندھنا کافی ہے۔

[3] یعنی عورتیں بیمار ہوں اور علاج معالجہ کے لیے حماموں میں جائیں، یا ان کے ہاں بچہ پیدا ہوا ہو اور وہ غسل جنابت کے لیے جائیں یا کسی دوسرے عذر کی بنا پر جائیں (تو جائز ہے) عورتوں کا بغیر عذر کے حماموں میں جانا جائز نہیں ہے (حالت نفاس عورتوں ہی کے لیے حمام میں جانا فائدہ بخش ہے ۱۲ ق ن)

۴۲۷۶/۵۷ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یَدْخُلُ الْحَمَّامَ بِغَیْرِ اِزَارٍ وَّمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یُدْخِلُ حَلِیْلَتَہُ الْحَمَّامَ وَمَنْ کَانَ یُؤْمِنُ بِاللّٰہِ وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا یَجْلِسْ عَلٰی مَائِدَۃٍ تُدَارُ عَلَیْھَا الْخَمْرُ۔

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جو شخص اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ تہبند کے بغیر حمام میں داخل نہ ہو اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے وہ اپنی بیوی کو حمام میں داخل نہ کرے[1] اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور قیامت کے دن پر ایمان رکھتا ہے۔ وہ ایسے دستر خوان پر نہ بیٹھے جس پر شراب کا دور چلتا ہو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالنَّسَائِيُّ) (ترمذی، نسائی)[ه]

[ل] خواہ تہبند کے ساتھ ہو یا اس کے بغیر۔

[ع] یاد رہے کہ بعض کتب فقہ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حمام میں داخل ہونے کا ذکر ہے۔ لیکن محدثین کے نزدیک یہ صحیح نہیں ہے، اس سلسلے میں جو حدیث وارد ہے وہ موضوع ہے، صحیح یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کبھی حمام میں تشریف نہیں لے گئے، بلکہ آپ نے حمام دیکھا ہی نہیں ہے، مکہ معظمہ میں جو حمام النبی کے نام سے مشہور ہے وہ غالباً اس جگہ تعمیر کیا گیا ہے، جہاں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک دفعہ غسل کیا تھا، یہ بھی احتمال ہے کہ وہ حمام النبی کے نام سے اس لیے مشہور ہو گیا ہو کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی جائے ولادت کے قریب تعمیر کیا گیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ حمام کا ذکر احادیث میں واقع ہوا ہے جیسے کہ کتاب میں مذکور ہوا، اس کے علاوہ بھی دیگر حدیثیں وارد ہوئی ہیں، علامہ سیوطی نے جمع الجوامع میں مصنف ابن ابی شیبہ کے حوالے سے طاؤس یمانی کی روایت بیان کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس گھر سے گریز کرو کہ جسے حمام کہتے ہیں، صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! اس جگہ میل کچیل دور کی جاتی ہے۔ آپ نے فرمایا: تم میں سے جو شخص وہاں جائے اسے چاہیے کہ پردے کا اہتمام کرے اور تہبند کے بغیر نہ جائے، ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ حمام وہ برا گھر ہے جہاں آوازیں بلند ہو جاتی ہیں اور ستر کھولے جاتے ہیں۔ یہ بھی مروی ہے کہ حضرت عمر بن خطاب نے حضرت ابو موسیٰ اشعری کو لکھا کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ شہریوں نے حمام بنائے ہیں چاہیے کہ تم میں سے کوئی ان میں داخل نہ ہو، مگر تہبند کے ساتھ، اور اس میں اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کرے جب تک باہر نہ آجائے، اور دو شخص ایک برتن سے غسل نہ کریں اور عورتیں حماموں میں نہ آئیں، مگر اس صورت میں کہ بیمار ہوں یا کوئی دوسری ضرورت ہو، نیز وہاں بے ریش لڑکے نہ ہوں، حمام میں قرآن پاک پڑھنے سے بھی منع کیا گیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۴۷۷/۵۸ عَنْ ثَابِتٍ قَالَ سُئِلَ أَنَسٌ عَنْ خِضَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ شِئْتُ أَنْ أَعُدَّ شَمَطَاتٍ كُنَّ فِي رَأْسِهِ فَعَلْتُ قَالَ وَلَمْ يَخْتَضِبْ وَزَادَ فِي رِوَايَةٍ وَقَدِ اخْتَضَبَ

حضرت ثابت[ل] سے روایت ہے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خضاب کے بارے میں پوچھا گیا تو انہوں نے فرمایا: اگر میں چاہتا تو آپ کے سر مبارک کے سفید بالوں[ع] کو شمار کر لیتا، فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خضاب نہیں لگایا، ایک دوسری روایت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَبُوْبَکْرٍ بِالْحِنَّاءِ وَ الْکَتَمِ وَاخْتَضَبَ عُمَرُ بِالْحِنَّاءِ بَحْتًا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

میں یہ اضافہ کیا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مہندی اور کتم کے ساتھ خضاب لگایا، اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے صرف مہندی سے خضاب لگایا۔ (صحیحین)

۱ حضرت ثابت بنانی اکابر علماء اور مشہور تابعین میں سے ہیں، بزرگ تھے اور بہترین لباس پہنتے تھے، کہتے ہیں کہ ان کے زمانے میں کوئی شخص ان سے زیادہ عبادت گزار نہ تھا، حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مصاحب تھے، اور چالیس تک ان کی خدمت میں رہے، حضرت انس نے فرمایا، کچھ لوگ بھلائی والے ہوتے ہیں اور ثابت بھلائی کی چابی ہیں۔

۲ شمط پہلے دونوں حرفوں پر زبر، سفید بال جو سیاہ بالوں میں ہوں، اشمط اس شخص کو کہتے ہیں جس کے بال سیاہ اور سفید ہوں، مطلب یہ کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معدودے چند بال سفید تھے، خضاب کا کیا ضرورت تھی۔

۳ حضرت انس نے یا حضرت ثابت نے

۴۲۷۸/۵۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّہٗ کَانَ یُصَفِّرُ لِحْیَتَہٗ بِالصُّفْرَۃِ حَتّٰی یَمْتَلِیَٔ ثِیَابُہٗ مِنَ الصُّفْرَۃِ فَقِیْلَ لَہٗ لِمَ تَصْبُغُ بِالصُّفْرَۃِ قَالَ اِنِّیْ رَاَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَصْبُغُ بِھَا وَلَمْ یَکُنْ شَیْءٌ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْھَا وَقَدْ کَانَ یَصْبُغُ بِھَا ثِیَابَہٗ کُلَّھَا حَتّٰی عِمَامَتَہٗ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ وہ اپنی داڑھی کو صفرۃ[۱] کے ساتھ رنگ دیا کرتے تھے، یہاں تک کہ ان کے کپڑے زردی سے بھر جاتے تھے، انہیں کہا گیا کہ آپ زرد رنگ کیوں دیتے ہیں؟ تو انہوں نے فرمایا، میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو زرد رنگ کے ساتھ رنگتے ہوئے دیکھا، اور آپ کو زردی سے زیادہ کوئی چیز پسند نہ تھی، اس کے ساتھ آپ اپنے تمام کپڑوں یہاں تک کہ پگڑی کو بھی رنگتے تھے[۲]۔ (ابوداؤد، نسائی)

۱ صفرۃ ایک قسم کی خوشبو ہے جس میں زردی ہوتی ہے۔

۲ شارحین کا اس میں اختلاف ہے کہ حضرت ابن عمر نے جو یہ فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم صفرۃ کے ساتھ رنگ کیا کرتے تھے اس سے کیا مراد ہے؟ بالوں کا رنگنا یا کپڑوں کا، کلام کی روش سے ظاہر یہ ہے کہ بالوں کا رنگنا مراد ہے۔۔۔ کیونکہ کپڑوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کے رنگنے کا ذکر تو اس کے بعد کیا ہے، ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ پہلے مطلقاً بطور ابہام کپڑوں کے رنگنے کا ذکر کیا پھر تمام کپڑوں کے رنگنے کا ذکر کر دیا، بالوں کے رنگنے کا دہ قرینہ ہے جو اس سے پہلے گزر چکا ہے کہ آپ اپنی داڑھی مبارک ورس اور زعفران سے رنگا کرتے تھے۔ لیکن چونکہ ثابت ہو چکا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بالوں کو خضاب نہیں لگایا اس لیے کپڑوں کا رنگنا ہی مراد ہونا چاہیے، بالوں کا رنگنا اس تاویل کے ساتھ مراد ہو سکتا ہے جس کی طرف ہم نے اس سے پہلے اشارہ کیا ہے کہ رنگ کرنے سے مراد ملنا اور صفائی و نظافت کے ارادے سے (زعفران وغیرہ سے) دھونا مراد ہے۔

حضرت ابن عمر نے جو یہ فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اپنے تمام کپڑوں کو صفرت سے رنگ لیتے تھے، چونکہ صفرت سے مراد خوشبو کی ایک قسم ہے جس میں زردی ہوتی ہے اس لیے کوئی اشکال نہیں ہے، اس خوشبو سے خلوق مراد نہیں ہونا چاہیے جس میں زعفران ہوتا ہے، کیونکہ اس سے بعد میں کلی اجتناب معلوم ہو چکا ہے، اور اس شخص کے سلام کا جواب نہیں دیا جس نے خلوق لگایا ہوا تھا، اور مبالغہ کے ساتھ اس کے دھونے کا حکم دیا اور فرمایا کہ اس شخص کی نماز قبول نہیں ہے جس کے جسم پر کچھ بھی خلوق لگا ہوا ہو، اس لیے ورس وغیرہ قسم کی گھاس مراد ہوگی، اور اگر اسے ممانعت سے پہلے زمانے پر محمول کریں اور اسے منسوخ قرار دیں تو اس کی بھی گنجائش ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ علامہ طیبی نے فرمایا کہ حضرت حسن بصری ایک وقت تک اپنی داڑھی کو صفرت کے ساتھ رنگا کرتے تھے پھر اسے ترک کر دیا۔ مروی ہے کہ حضرت ابو امامہ، حضرت جریر بن عبد اللہ اور مغیرہ بن شعبہ صفرت کے ساتھ رنگا کرتے تھے، حضرت سعید بن جبیر نے کہا کہ تم میں سے ایک شخص اللہ تعالیٰ کے پیدا کیے ہوئے نور کا ارادہ کرتا ہے، اسے دور کرتا ہے اور اس نور کو ڈھانپ دیتا ہے، ان کے سر اور چہرے کے بال صد درجہ سفید تھے۔

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خضاب کے بارے میں متقدمین میں بھی اختلاف تھا اگرچہ صفرت کے ساتھ ہو، حضرت سعید بن جبیر کی یہ بات ہمارے اس بیان کی تصدیق کرتی ہے جو ہم نے اس سے پہلے نقل کیا کہ خضاب اس شخص کے لیے ہے جس کے بالوں کی سفیدی خوشنما اور نورانی نہ ہو، لیکن جس کے بالوں کی سفیدی خوشنما اور نورانی ہو اس کے لیے خضاب بہتر نہیں ہے، امام نووی سے منقول ہے کہ مختار یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعض اوقات رنگ کیا اور اکثر اوقات اسے ترک کیا، ہر صحابی نے جو کچھ دیکھا وہ بیان کر دیا۔ اور ہر صحابی اپنے بیان میں سچے تھے امام نووی نے فرمایا کہ احادیث صحیحہ کے درمیان تطبیق دینے کے لیے یہ تاویل ضروری ہے۔

۴۲۷۹/۷۰ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى أُمِّ سَلَمَةَ فَاَخْرَجَتْ اِلَيْنَا شَعْرًا مِّنْ شَعْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ

حضرت عثمان بن عبد اللہ بن موہب سے روایت ہے کہ میں حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے ہمیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رنگا ہوا بال مبارک

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ مَخْضُوبًا۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

نکال کر دکھایا[۲] (بخاری)

[۱] عثمان بن عبد اللہ بن موہب ہا پر زبر، ابو عبد اللہ الاعرج التیمی، حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے آزاد کردہ غلام، عراق میں رہتے تھے، تابعین میں شمار ہوتے ہیں، ثقہ ہیں، حضرت ابوہریرہ، ابن عمر، جابر بن سمرہ اور ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہم سے روایت کرتے ہیں، ان سے امام ابو حنیفہ اور ثوری روایت کرتے ہیں۔

[۲] جو حضرات نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بال رنگنے کا انکار کرتے ہیں وہ اس کی تاویل یہ کرتے ہیں کہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے اس بال مبارک کو رنگ دیا تھا تاکہ مضبوط اور مستحکم رہے، یا کثرت سے خوشبو استعمال کرنے کے سبب وہ رنگا ہوا دکھائی دیتا تھا، جیسے کہ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ ہم نے حضرت انس کے پاس نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا رنگا ہوا بال دیکھا اس کی بھی یہی تاویل کی ہے۔

۴۲۸۰ - وَعَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ أُتِيَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمُخَنَّثٍ قَدْ خَضَبَ يَدَيْهِ وَرِجْلَيْهِ بِالْحِنَّاءِ فَقَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذَا قَالُوا يَتَشَبَّهُ بِالنِّسَاءِ فَأَمَرَ بِهِ فَنُفِيَ إِلَى النَّقِيعِ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللهِ أَلَا تَقْتُلُهُ فَقَالَ إِنِّي نُهِيتُ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّينَ۔ (رَوَاهُ أَبُو دَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس ایک مخنث[۱] لایا گیا جس نے اپنے ہاتھ اور پاؤں مہندی سے رنگے ہوئے تھے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس کا کیا حال ہے[۲]؟ صحابہ کرام نے عرض کیا یہ عورتوں کے ساتھ مشابہت اختیار کرتا ہے[۳]، آپ کے حکم پر اسے نقیع[۴] کی طرف نکال دیا گیا، عرض کیا گیا، یا رسول اللہ! کیا آپ اسے قتل نہیں کر دیتے[۵]، فرمایا: مجھے نمازیوں کے قتل سے منع کیا گیا ہے[۶]۔ (ابوداؤد)

[۱] مخنث اس مرد کو کہتے ہیں جو لباس اور حرکات وسکنات وغیرہ میں عورتوں کی مشابہت اختیار کرے، نون پر زبر اور اس کے نیچے زیر بھی پڑھ سکتے ہیں۔ اس مخنث کا ذکر کتاب النکاح کے اس باب میں گزر چکا ہے جس میں اس عورت کی طرف نظر کرنے کا بیان ہے جسے پیغام نکاح دیا گیا ہو۔

[۲] کہ یہ اس طرح کرتا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ف۲ اور یہ مخنث ہے۔

ف۳ نقیع نون پر زبر، اس کے بعد قاف، مدینہ منورہ میں ایک جگہ کا نام

ف۵ یعنی اگر آپ فرمائیں تو ہم اسے اس کے فسق و فساد کی بنا پر قتل کر دیں۔

ف۶ اللہ تعالیٰ کی طرف سے نماز پڑھنے والوں کے قتل سے منع کیا گیا ہے، ظاہر یہ ہے کہ یہ اسلام سے کنایہ ہے (یعنی مراد یہ ہے کہ مسلمان کے قتل کرنے سے منع کیا گیا ہے) بعض حضرات کا قول کہ اگر کوئی مسلمان نماز ادا نہ کرے تو واجب القتل ہے ظاہر پر محمول ہے (یعنی وہ نماز نہ پڑھنے کی سزا ہی قتل تجویز کرتے ہیں ۱۲ ق ن)

۴۲۸۱/۶۲ وَعَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عُقْبَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ مَكَّةَ جَعَلَ اَهْلُ مَكَّةَ يَأْتُوْنَهٗ بِصِبْيَانِهِمْ فَيَدْعُوْ لَهُمْ بِالْبَرَكَةِ وَ يَمْسَحُ رُءُوْسَهُمْ فَجِيْءَ بِيْ اِلَيْهِ وَ اَنَا مُخَلَّقٌ فَلَمْ يَمَسَّنِيْ مِنْ اَجْلِ الْخَلُوْقِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ولید بن عقبہ[۱] سے روایت ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ فتح کیا تو اہل مکہ اپنے بچے آپ کے پاس لانے لگے، آپ ان کے لیے برکت کی دعا فرماتے اور ان کے سروں[۲] پر ہاتھ پھیرتے، مجھے آپ کی خدمت میں اس حال میں لایا گیا کہ میرے جسم پر خلوق[۳] لگا ہوا تھا۔ تو آپ نے خلوق کی بنا پر مجھے نہیں چھوا۔ (ابوداؤد)

ف۱ ولید بن عقبہ عین پر پیش، قاف ساکن بن ابی معیط میم پر پیش، عین پر زبر، یا ساکن اور بے نقطہ طاء، قریشی اموی اور حضرت عثمان غنی کے ماں کی طرف سے بھائی تھے، ان کی والدہ کا نام اروی تھا، ولید طلقاء میں سے تھے (فتح مکہ کے موقع پر سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جاؤ تم سب آزاد ہو ۱۲ ق ن) فتح مکہ کے دن اسلام لائے، اس وقت بلوغ کے قریب پہنچے ہوئے تھے، حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں کوفہ کا گورنر بنایا، قریش کے جوانمردوں اور شعراء میں سے تھے پھر حضرت عثمان غنی نے شراب پینے پر انہیں حد لگائی اور کوفے کی گورنری سے معزول کر دیا، حضرت امیر معاویہ کے زمانے میں فوت ہوئے۔

ف۲ ازراہ شفقت

ف۳ خلوق مشہور خوشبو ہے جس میں زعفران کی آمیزش ہوتی ہے اور اس پر سرخی اور زردی غالب ہوتی ہے، جیسے کہ اس سے پہلے گزرا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۲۸۲/۶۳ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ اَنَّہٗ قَالَ لِرَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِیْ جُمَّۃً فَاُرَجِّلُھَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَ اَکْرِمْھَا قَالَ فَکَانَ اَبُوْ قَتَادَۃَ رُبَّمَا دَھَنَھَا فِی الْیَوْمِ مَرَّتَیْنِ مِنْ اَجْلِ قَوْلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَعَمْ وَ اَکْرِمْھَا۔ (رَوَاہُ مَالِکٌ)

حضرت ابو قتادہ[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کہ میرے بال بہت ہیں کیا میں انہیں کنگھی کروں[۲]، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہاں اور ان کی خدمت کرو، راوی[۳] کہتے ہیں کہ حضرت ابو قتادہ بسا اوقات دن میں دو مرتبہ بالوں کو تیل[۴] لگایا کرتے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس فرمان کی بنا پر کہ ہاں اور ان کی خدمت کیا کرو (امام مالک)

۱؎ حضرت ابو قتادہ مشہور صحابی ہیں۔

۲؎ اور ان کی اصلاح کی کوشش کیا کروں۔

۳؎ جنہوں نے حضرت ابو قتادہ سے حدیث سنی

۴؎ دھنہا مشدد ——— اگرچہ بالوں کو تیل لگانے اور کنگھی کرنے میں مبالغہ محمود نہیں ہے لیکن حضرت ابو قتادہ، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان کی بنا پر ایسا کیا کرتے تھے۔ تیل لگانے اور کنگھی کرنے میں مبالغہ زیب و زینت میں محویت اور تکلف کی بنا پر ہے، لیکن سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فرمان کو دیکھتے ہوئے اور تعمیل کے اہتمام کی بنا پر محمود ہے، جیسے کہ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی والدہ نے ان کے گیسو کو اس بنا پر دراز کیا کہ اسے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پکڑا کرتے تھے جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا۔

۴۲۸۳/۶۴ وَعَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ حَسَّانٍ قَالَ دَخَلْنَا عَلٰی اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ فَحَدَّثَتْنِیْ اُخْتِی الْمُغِیْرَۃُ قَالَتْ وَ اَنْتَ یَوْمَئِذٍ غُلَامٌ وَّلَکَ

حضرت حجاج بن حسان[۱] سے روایت ہے کہ ہم حضرت انس بن مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس حاضر ہوئے، میری بہن مغیرہ نے مجھے بیان کیا کہ تم اس وقت کم عمر تھے[۲] اور تمہارے دو گیسو تھے۔ یا پیشانی پہ دو جوڑے تھے[۳]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَرْنَانِ اَوْ قُصَّتَانِ فَمَسَحَ رَأْسَكَ وَ بَرَّكَ عَلَيْكَ وَقَالَ احْلِقُوْا هٰذَيْنِ اَوْ قُصُّوْهُمَا فَاِنَّ هٰذَا زِيُّ الْيَهُوْدِ.

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت انس نے تمہارے سر پر ہاتھ پھیرا، دعائے برکت دی اور فرمایا: ان دونوں کو مونڈ دو یا انہیں پست کر دو، کیونکہ یہ یہودیوں کی وضع ہے۔

(ابوداؤد)

سلہ حجاج بن حسان تابعی ہیں، بصریوں میں شمار کیے جاتے ہیں، صادق ہیں، امام احمد نے ایک بار فرمایا ثقہ ہیں دوسری بار کہا کہ ان میں کوئی حرج نہیں ہے، یحییٰ نے کہا صالح حدیث والے ہیں، حضرت انس بن مالک حضرت عکرمہ اور حضرت عبداللہ بن بریدہ سے روایت کرتے ہیں، ان سے یحییٰ بن سعید اور یزید بن ہارون روایت کرتے ہیں۔

سلہ یعنی مجھے اتنا یاد ہے کہ میں ایک جماعت کے ساتھ حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا، لیکن حاضری کی کیفیت اور احوال کی تفصیل مجھے یاد نہیں، اس لیے میری بہن نے مجھے بیان کی۔

سلہ راوی کو شک ہے کہ قرنان کہا یا قصتان، قصہ قاف پر پیش، بے نقطہ صاد، پیشانی کے بال جنہیں "قصاص" بھی کہتے ہیں۔

۴۲۸۴/۶۵ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَحْلِقَ الْمَرْاَةُ رَأْسَهَا.

(رَوَاهُ النَّسَائِيُّ)

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عورت کو سر کے بالوں کے مونڈنے سے منع فرمایا۔

(نسائی)

سلہ اگرچہ وہ احرام میں ہو، عورتوں پر (احرام سے فارغ ہونے پر) پورے کی مقدار میں بالوں کا کاٹنا واجب ہے۔

۴۲۸۵/۶۶ وَعَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ فَدَخَلَ رَجُلٌ ثَائِرُ الرَّأْسِ وَ اللِّحْيَةِ فَاَشَارَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ كَاَنَّهٗ

حضرت عطاء بن یسار سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مسجد میں تشریف فرما تھے، استنے میں ایک شخص اس حال میں داخل ہوا کہ اس کے سر اور داڑھی کے بال بکھرے ہوئے تھے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے اپنے دست مبارک سے اشارہ فرمایا، گویا اسے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يَأْمُرُهُ بِاِصْلَاحِ شَعْرِهٖ وَ لِحْيَتِهٖ فَفَعَلَ ثُمَّ رَجَعَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَيْسَ هٰذَا خَيْرًا مِّنْ اَنْ يَّاْتِيَ اَحَدُكُمْ وَ هُوَ ثَائِرُ الرَّاْسِ كَاَنَّهٗ شَيْطَانٌ. (رَوَاهُ مَالِكٌ)

سر اور داڑھی کے بالوں کو درست کرنے کا حکم دے رہے ہیں۔ اس شخص نے جا کر بال درست کیے پھر لوٹ آیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔ کیا یہ حال اس سے بہتر نہیں ہے کہ تم میں سے ایک شخص اس حال میں آئے کہ اس کے سر کے بال بکھرے ہوئے ہوں، گویا کہ وہ شیطان ہے۔ (امام مالک)

۵۱ عطاء بن یسار مشہور تابعی تھے رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

۵۲ آپ نے اپنے دست مبارک سے اس طرح اشارہ کیا جس سے یہ بات سمجھی گئی کہ آپ اسے سر اور داڑھی کے بالوں کے درست کرنے اور سنوارنے کا حکم دے رہے ہیں، گویا آپ نے سر مبارک اور داڑھی پر ہاتھ پھیرا، بالوں کو درست کیا اور اس طرح اس صحابی کو تنبیہ فرمائی کہ وہ بھی اسی طرح کریں۔

۵۳ اس نے آپ کے اشارے کا مطلب سمجھا اور تعمیل کی (اللہ اللہ! وہ کتنے خوش قسمت لوگ تھے جو سرور دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اشاروں پر چلنا اپنے لیے دارین کی سعادت سمجھتے تھے ۱۲ ق ن)

۵۴ یعنی سر اور داڑھی کے بالوں کا درست کرنا اور اس ہیئت کے ساتھ ہونا۔

۵۵ یعنی بدصورت اور کریہ المنظر

۵۶ حضرت عطاء چونکہ تابعی ہیں اس لیے یہ حدیث مرسل ہے۔

۴۲۸۶/۶۷ وَعَنِ ابْنِ الْمُسَيِّبِ سَمِعَ يَقُوْلُ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ يُحِبُّ الطَّيِّبَ نَظِيْفٌ يُحِبُّ النَّظَافَةَ كَرِيْمٌ يُحِبُّ الْكَرَمَ جَوَادٌ يُحِبُّ الْجُوْدَ فَنَظِّفُوْا اُرَاهُ قَالَ اَفْنِيَتَكُمْ وَلَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ قَالَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِمُهَاجِرِ بْنِ

حضرت ابن مسیب سے روایت ہے، انہیں کہتے ہوئے سنا گیا کہ بے شک اللہ تعالیٰ پاک ہے، پاک کو پسند فرماتا ہے، پاکیزہ ہے پاکیزگی کو پسند فرماتا ہے، کریم ہے کرم کو پسند کرتا ہے، بخشش کرنے والا ہے، بخشش کو پسند فرماتا ہے، تو تم بھی اپنی سب چیزوں کو پاکیزہ رکھو، راوی کہتے ہیں کہ میرا گمان ہے کہ ابن مسیب نے فرمایا، پاکیزہ رکھو اپنے صحنوں کو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مِسْمَارٍ فَقَالَ حَدَّثَنِيْهِ عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهٗ اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ نَظِّفُوْا اَفْنِيَتَكُمْ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

اور یہودیوں کی مشابہت اختیار نہ کرو۔ راوی کہتے ہیں کہ میں نے یہ حدیث مہاجر بن مسمار کے سامنے بیان کی تو انہوں نے کہا مجھے یہ حدیث عامر بن سعد نے والد سے انہوں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اسی طرح بیان کی ہے۔ مگر اس میں صراحۃً فرمایا کہ اپنے صحنوں کو صاف ستھرا رکھو (ترمذی)

ف۱ حضرت سعید بن مسیب بھی اکابر تابعین میں سے ہیں۔

ف۲ صراح میں طیب کا معنی پاک اور نظیف کا معنی پاکیزہ بیان کیا ہے، اس میں شک نہیں کہ دونوں معانی قریب اور مساوی ہیں، گویا پاک ہونے کا تعلق باطن کے ساتھ اور پاکیزگی کا تعلق ظاہر سے ہے۔ قاموس میں ہے کہ طیب کا معنی معروف ہے اور نظافت کا معنی صاف ستھرا ہونا ہے، ظاہر ہے کہ اس کا بھی وہی مطلب ہے جو ہم نے بیان کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ ہم نے طیب کے معنی اور اللہ تعالیٰ کو اس کے ساتھ موصوف کرنے کے بارے میں نفیس کلام شرح میں نقل کیا ہے۔

ف۳ چونکہ اللہ تعالیٰ نظافت کو پسند فرماتا ہے اس لیے تم بھی ہر چیز کو صاف ستھرا رکھو۔

ف۴ یعنی تم اپنے گھروں اور صحنوں کو کوڑے کرکٹ سے پاک صاف رکھو۔

ف۵ جو اپنے صحنوں کو گندہ اور ناپاک رکھتے ہیں۔ ایک روایت میں یہ بھی اضافہ ہے کہ یہودی کوڑا اور گوبر اپنے گھروں کے دروازوں پر جمع کرتے ہیں۔ شارحین کہتے ہیں کہ صحن کے پاکیزہ رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ جود و کرم اختیار کیا جائے، کیونکہ جب گھر اور اس کا صحن پاکیزہ ہوگا تو لوگوں اور مہمانوں کو وہاں آنے میں زیادہ دلچسپی ہوگی۔

ف۶ حضرت ابن مسیب سے اس حدیث کے راوی کہتے ہیں کہ جب میں نے ان سے یہ حدیث سنی تو میں نے مہاجر بن مسمار سے بیان کی، جو کہ بزرگ تابعی اور حضرت سعد بن ابی وقاص کے آزاد کردہ غلام تھے، میں نے ان سے پوچھا کہ کیا حضرت ابن مسیب کی روایت کردہ حدیث آپ کو بھی پہنچی ہے۔

ف۷ عامر بن سعد بن ابی وقاص ثقہ تابعی ہیں۔

ف۸ حضرت سعید بن مسیب کی روایت میں بطور گمان یہ بات کہی گئی تھی کہ تم اپنے صحنوں کو پاک رکھو جب کہ حضرت عامر بن سعد کی روایت میں ظن اور گمان کا کوئی دخل نہیں ہے۔

۴۲۸۷ وَعَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُ

یحییٰ بن سعید سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت سعید بن مسیب کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ کے خلیل ابراہیم علیہ السلام پہلے انسان تھے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الرَّحْمٰنِ اَوَّلَ النَّاسِ ضَیَّفَ الضَّیْفَ وَ اَوَّلَ النَّاسِ اخْتَتَنَ وَ اَوَّلَ النَّاسِ قَصَّ شَارِبَہٗ وَ اَوَّلَ النَّاسِ رَاٰی الشَّیْبَ فَقَالَ یَا رَبِّ مَا ھٰذَا قَالَ الرَّبُّ تَبَارَکَ وَ تَعَالٰی وَقَارٌ یَا اِبْرَاھِیْمُ قَالَ رَبِّ زِدْنِیْ وَقَارًا۔

(رَوَاہُ مَالِکٌ)

جنہوں نے مہمان کی مہمانی کی ۲، پہلے پہل ختنہ کیا، پہلے مونچھیں تراشیں وہ پہلے انسان تھے جنہوں نے بالوں کی سفیدی دیکھی عرض ۳ کیا: میرے رب! یہ کیا ہے؟ رب کریم جل شانہ نے فرمایا: اے ابراہیم! یہ وقار ہے ۴، انہوں نے عرض کیا۔ اے رب! میرے وقار میں اضافہ فرما ۵۔

(امام مالک)

۱؎ یحیٰی بن سعید انصاری مدنی، ثقہ تابعی ہیں، صحابہ کرام اور تابعین سے روایت کرتے ہیں، بعض تابعین بھی ان سے روایت کرتے ہیں۔

۲؎ یعنی رسم مہمانی کا آغاز سیدنا ابراہیم علیہ السلام سے ہوا۔

۳؎ اچانک بالوں کی سفیدی دیکھی تو عرض کیا۔

۴؎ اے ابراہیم یہ بڑھاپا، حلم، وقار اور ذمہ داری کا باعث ہے جو لہو و لعب اور گناہوں کے ارتکاب سے بھی روکنے والا ہے۔

۵؎ علامہ سیوطی نے مؤطا کے حواشی میں کچھ مزید چیزیں بیان کی ہیں جو حضرت ابراہیم علیہ السلام کی اولیات سے ہیں۔ انہوں نے بیان کیا کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے پہلے پہل ناخن تراشے، سر میں مانگ نکالی، سب سے پہلے انہوں نے لوہا استعمال کیا یعنی موئے زیر ناف وغیرہ لوہے کے ساتھ صاف کیے اور مونڈے۔ سب سے پہلے شلوار پہنی، بالوں کی مہندی اور کتم کے ساتھ رنگا سب سے پہلے منبر پر خطبہ دیا، سب سے پہلے اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کیا، میدان جنگ میں لشکر کو میمنہ، میسرہ، مقدمہ اور قلب میں تقسیم کیا، سب سے پہلے ملاقات کے وقت لوگوں سے معانقہ کیا۔ سب سے پہلے لپٹا (ہیرہ) پکایا اور کھلایا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ التَّصَاوِيرِ

۴-۳ تصویروں کا بیان

تصاویر جمع ہے تصویر کی جس کا معنی صورت بنانا ہے، اس جگہ صورتیں مراد ہیں، صراح میں ہے، تصاویر لکڑی اور مٹی وغیرہ سے تیار کی ہوئی صورتیں ہیں[۱]

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ — پہلی فصل

۴۲۸۸ عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ[۱] قَالَ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَدْخُلُ الْمَلٰٓئِکَةُ بَیْتًا فِیْهِ کَلْبٌ وَّلَا تَصَاوِیْرُ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: فرشتے اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا ہو اور نہ ہی اس گھر میں داخل ہوتے ہیں جس میں تصویریں ہوں[۲] (صحیحین)

۱ے حضرت ابوطلحہ انصاری مشہور صحابہ میں سے ہیں۔

۲ے شارحین نے کہا ہے کہ وہ کتا اور تصویر مراد ہے جس کا رکھنا حرام ہے اور جو اس طرح نہیں ہے مثلاً شکار کے لیے رکھا گیا ہو، یا کھیتی اور بکریوں وغیرہ کی حفاظت کے لیے رکھا گیا ہو، یا ایسی تصویر ہو جو ذلیل ہو یا بستر اور تکیے وغیرہ پر ہو اور پامال کی جاتی ہو تو اس کا موجود ہونا فرشتوں کے داخل ہونے سے مانع نہ ہوگا، بعض حضرات نے کہا کہ یہ حکم عام ہے اور گھر میں کتے اور

۱ے حکیم الامت حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی فرماتے ہیں، یہ جاندار کی حرام ہے بے جان کی جائز ہے۔ تصویریں مروجہ نوٹ، قلم کی تصویریں مجھے سب ہی داخل ہیں کہ غیر جاندار کے حلال ہیں۔ جاندار کے حرام، حضرت سلیمان علیہ السلام کی شریعت میں تصاویر حرام نہ تھیں۔ رب تعالیٰ فرماتا ہے۔ یَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا یَشَآءُ مِنْ مَّحَارِیْبَ وَتَمَاثِیْلَ جنات ان کے لیے محرابیں اور تصویریں بناتے تھے ۱۲ مراۃ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تصویر کا موجود ہونا مطلقاً فرشتوں کے آنے سے مانع ہے، اگرچہ ایسی صورت میں ہو کہ اس کا محفوظ رکھنا حرام نہ ہو، کیونکہ اس باب میں وارد ہونے والی حدیثیں مطلق ہیں اور اس قید کے ساتھ مقید نہیں ہیں، یہ بھی کہا گیا ہے۔ کہ محافظ اور نامۂ اعمال لکھنے والے فرشتوں کے علاوہ دوسرے فرشتے مراد ہیں، کیونکہ محافظ اور کراما کاتبین کسی حال میں بھی جدا نہیں ہوتے۔

۴۲۸۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُونَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصْبَحَ يَوْمًا وَّاجِمًا وَ قَالَ اِنَّ جِبْرِيْلَ كَانَ وَعَدَنِيْ اَنْ يَّلْقَانِيَ اللَّيْلَةَ فَلَمْ يَلْقَنِيْ اَمَ وَ اللّٰهِ مَا اَخْلَفَنِيْ ثُمَّ وَقَعَ فِيْ نَفْسِهٖ جِرْوُ كَلْبٍ تَحْتَ فُسْطَاطٍ لَّهٗ فَاَمَرَ بِهٖ فَاُخْرِجَ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِهٖ مَاءً فَنَضَحَ مَكَانَهٗ فَلَمَّا اَمْسٰى لَقِيَهٗ جِبْرِيْلُ فَقَالَ لَقَدْ كُنْتَ وَعَدْتَّنِيْ اَنْ تَلْقَانِي الْبَارِحَةَ قَالَ اَجَلْ وَلٰكِنَّا لَا نَدْخُلُ بَيْتًا فِيْهِ كَلْبٌ وَّلَا صُوْرَةٌ فَاَصْبَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ فَاَمَرَ بِقَتْلِ الْكِلَابِ حَتّٰى اَنَّهٗ يَاْمُرُ بِقَتْلِ كَلْبِ الْحَائِطِ الصَّغِيْرِ وَ يَتْرُكُ كَلْبَ الْحَائِطِ الْكَبِيْرِ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے غمگین[1] حالت میں صبح کی اور فرمایا[2] جبرائیل امین نے آج رات مجھ سے ملاقات کا وعدہ کیا تھا، لیکن وہ ملے نہیں، یاد رہے[3] خدا کی قسم! انہوں نے مجھ سے کبھی وعدہ خلافی نہیں کی ہے، پھر[4] آپ کو کتے کے بچے[5] کا خیال آیا۔ جو آپ کے خیمے کے نیچے تھا، آپ نے حکم دیا تو اسے نکال دیا گیا، پھر آپ نے اپنے دست مبارک سے اس جگہ پانی چھڑک[6] دیا۔ شام کے وقت حضرت جبرائیل نے آپ سے ملاقات کی، آپ نے فرمایا: تم نے گزشتہ رات[7] مجھ سے ملاقات کا وعدہ کیا تھا، انہوں نے کہا[8] جی ہاں! لیکن ہم اس گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں کتا ہو[9] اور نہ اس گھر میں جہاں تصویر ہو، اس دن[10] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے صبح کی کتوں کے قتل کرنے کا حکم دے دیا، یہاں تک کہ آپ چھوٹے[11] باغ کے کتے کے قتل کا حکم دیتے تھے اور بڑے باغ[12] کے کتے کو چھوڑ دیتے تھے۔ (مسلم)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ حضرت میمونہ امہات المومنین میں سے ہیں اور ابن عباس کی خالہ ہیں۔

سلہ صراح میں ہے وُجُوم کا معنی ہے غم و غصہ سے خاموش ہونا۔

سلہ دل گرفتہ ہونے کا سبب بیان کرتے ہوئے، حضرت میمونہ یا کسی دوسری ام المومنین کو خطاب کرتے ہوئے یا اپنے دل میں اپنے آپ سے بطور تعجب و حیرت کہا۔

سلہ امَ حرف تنبیہ ہے، اصل میں اَمَا تھا الف حذف کر دیا گیا جیسے لِمَ اور بِمَ میں مَا استفہامیہ کا الف حذف کر دیا جاتا ہے۔

سلہ ہاں کوئی سبب یا عذر ہو تو الگ بات ہے، یا یہ مطلب ہے کہ انہوں نے کبھی مجھ سے وعدہ خلافی نہیں کی، اور اب کیوں کی۔

سلہ جب اس کے سبب میں غور کیا تو۔

سلہ قاموس میں ہے جَرْوٌ جیم پر تینوں حرکتیں پڑھ سکتے ہیں، کتے کا بچہ اور شیر کا بچہ۔

سلہ اصل میں فسطاط خیمے کا نام ہے جو سفر میں ہوتا ہے، اس جگہ پردہ مراد ہے جو گھر میں ہوتا ہے، جیسے خانہ عروسی اور اس کی مثل، اسی طرح کہا گیا ہے، بعض روایات میں آیا ہے کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گھر میں چارپائی کے نیچے تھا، اور آپ کی توجہ اس کی طرف نہیں رہی تھی۔

سلہ جس جگہ کتے کا بچہ بیٹھا ہوا تھا اسے دھو ڈالا۔

سلہ عربی زبان میں اگر زوال سے پہلے گزشتہ رات کا ذکر کیا جائے تو اللیلۃ کہتے ہیں، جیسے کہ حدیث کی ابتدا میں فرمایا: وَعَدَنِیْ اَنْ تَلْقَانِیْ اللَّیْلَۃَ اور اگر زوال کے بعد ذکر کریں تو اَلْبَارِحَۃَ کہتے ہیں جیسے کہ اس جگہ فرمایا۔

سلہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جواب میں اپنی تقصیر کا عذر بیان کرتے ہوئے۔

سلہ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ گھر میں کتے کا موجود ہونا فرشتوں کے داخل ہونے سے مانع ہے اگرچہ ایسی صورت میں ہو کہ اس کا رکھنا حرام نہ ہو، کیونکہ کتے کے اس بچے کا گھر میں پوشیدہ ہونا اور اس کا خیال نہ رہنا اس کی موجودگی کا واضح عذر ہے اس کے باوجود حضرت جبرائیل علیہ السلام نہ آئے۔

سلہ جب آپ نے جبرائیل علیہ السلام کی یہ بات سنی

سلہ جس میں کتے کے موجود ہونے اور اس کی حفاظت کی چنداں ضرورت نہیں ہوتی

سلہ جس میں حفاظت اور پاسبانی کی زیادہ حاجت ہوتی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کتے کا موجود ہونا، فرشتوں کے داخلے سے مانع نہیں ہے جس کے رکھنے کی حاجت ہو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۲۹۰ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَتْرُكُ فِي بَيْتِهِ شَيْئًا فِيْهِ تَصَالِيْبُ اِلَّا نَقَضَهُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی ایسی چیز[1] کو اپنے گھر میں توڑے بغیر نہیں چھوڑتے تھے جس میں تصویریں[2] ہوں۔ (بخاری)

[1] خواہ وہ برتن ہو یا کپڑا وغیرہ

[2] تصالیب جمع ہے تصلب کی، جس کا معنی ہے صلیب کی تصویر، صلیب مجوسیوں کی خاص نشانی ہے ایک لکڑی کو دوسری پر اس طرح رکھتے ہیں کہ ایک دوسری کو قطع کرتے ہوئے گزر جائے، اس شخص کی طرح جسے سولی پر لٹکا دیا گیا ہو، اس کی اصل یہ ہے کہ عیسائی گمان کرتے ہیں کہ یہودیوں نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی پر چڑھا دیا تھا، پھر وہ اکثر چیزوں میں اس شکل کی رعایت کرتے ہیں، اسے گردن میں لٹکاتے ہیں[1] اس کی عبادت کرتے ہیں۔ اس عجیب صورت کو مستحضر کرنا اور اس پر حسرت کا اظہار کرنا مقصود ہوتا ہے، ثَوْبٌ مُصَلَّبٌ اس کپڑے کو کہتے ہیں جس میں صلیب کی تصویر بنی ہوئی ہو، شارحین نے کہا کہ اس جگہ مطلق تصویریں (جانداروں کی جنہیں بطور احترام رکھا گیا ہو ۱۲ ق ان) مراد ہیں۔

۴۲۹۱ وَعَنْهَا اَنَّهَا اشْتَرَتْ نُمْرُقَةً فِيْهَا تَصَاوِيْرُ فَلَمَّا رَاٰهَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ عَلَى الْبَابِ فَلَمْ يَدْخُلْ فَعَرَفَتْ فِي وَجْهِهِ الْكَرَاهِيَةَ قَالَتْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللهِ اَتُوْبُ اِلَى اللهِ وَ اِلٰى رَسُوْلِهِ مَا

ان ہی سے روایت ہے کہ انہوں نے ایک تکیہ[1] خریدا جس میں تصویریں تھیں، جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے دیکھا تو دروازے پر کھڑے ہو گئے اور اندر تشریف نہیں لائے، حضرت عائشہ نے آپ کے چہرے میں ناپسندیدگی کو پہچان[2] لیا، فرماتی ہیں کہ میں نے عرض کیا۔ یا رسول اللہ! میں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی بارگاہ میں توبہ کرتی ہوں۔ میں

[1] عیسائی تو اپنی گردن میں نکٹائی اس لیے پہنتے ہیں کہ یہ صلیب کا نشان ہے، مسلمان کس خوشی میں پہنتے ہیں؟ افسوس صد افسوس! ہم نے غلامی رسول کا پٹا اپنی گردن سے اتار دیا، داڑھی ہم نے منڈوا دی، پگڑی کا پہننا ہم نے ترک کر دیا اور عیسائیوں کی مذہبی نشانی کا طوق اپنی گردن میں ڈال لیا، اس کے باوجود ہمارا نعرہ ہے۔ غلامی رسول میں موت بھی قبول ہے۔
۱۲ ش۔ف قادری نقشبندی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ذَا اَذْنَبْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا بَالُ هٰذِهِ النُّمْرُقَةِ قَالَتْ قُلْتُ اشْتَرَيْتُهَا لَكَ لِتَقْعُدَ عَلَيْهَا وَ تَوَسَّدَهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَصْحَابَ هٰذِهِ الصُّوَرِ يُعَذَّبُوْنَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَ يُقَالُ لَهُمْ اَحْيُوْا مَا خَلَقْتُمْ وَ قَالَ اِنَّ الْبَيْتَ الَّذِيْ فِيْهِ الصُّوْرَةُ لَا تَدْخُلُهُ الْمَلٰئِكَةُ

نے کیا گناہ کیا ہے[۲] رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس تکیے کا کیا حال ہے[۳]؟ فرماتی ہیں میں نے عرض کیا کہ میں نے اس لیے خریدا ہے کہ آپ اس پر بیٹھیں اور اس پر ٹیک لگائیں، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ان تصویروں کے بنانے والوں کو قیامت کے دن عذاب دیا جائے گا اور انہیں کہا جائے گا[۴] جو تصویریں تم نے بنائی ہیں انہیں زندہ کرو[۵] اور فرمایا[۶]: جس گھر میں تصویر ہو اس میں فرشتے داخل نہیں ہوتے[۷]۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) (صحیحین)

۱؎ نُمْرُقَۃ نون اور را پر پیش، دونوں کے نیچے زیر بھی پڑھ سکتے ہیں، بعض حواشی میں علامہ سیوطی سے نقل کیا گیا ہے کہ نون اور را پر تینوں حرکتیں پڑھ سکتے ہیں، اس کا معنی تکیہ ہے، اس کی جمع نَمَارِق ہے، جیسے قرآن مجید میں کہا ہے۔ وَ نَمَارِقُ مَصْفُوْفَةٌ (اور برابر برابر بچھے ہوئے قالین)

۲؎ جہاں تصویروں والا تکیہ تھا

۳؎ بعض نسخوں میں ہے عَرَفْتُ تا پر پیش، صیغہ واحد متکلم، یعنی حضرت عائشہ صدیقہ نے کہا کہ میں نے اس تکیے کی موجودگی کی بنا پر آپ کے چہرۂ انور میں ناخوشی کے اثرات پہچان لیے۔

۴؎ اور مجھ سے کونسی کوتاہی واقع ہوئی ہے، کہ آپ اندر تشریف نہیں لاتے۔ شعر

آخر اے آہوئے مشکیں کہ رمیدی از ما

چہ خطا رفت وچہ کردیم وچہ دیدی از ما

اے کستوری والے ہرن! جو تو ہم سے دور ہو گیا ہے، آخر کیا غلطی ہوئی! ہم نے کیا کیا؟ اور تم نے ہم سے کیا دیکھا!

۵؎ اور تم اسے کہاں سے لائی ہو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۶ امر تعزیری کے طور پر (بطور زجر) انہیں ایسے کام کا حکم دیا جائے گا جسے وہ نہ کرسکیں گے ۱۲ ق ن)

۵۷ اور ان سے جان ڈالو

۵۸ تصویر بنانے کی قباحت بیان فرمانے کے بعد اس کے استعمال اور گھر میں بحفاظت رکھنے کی مذمت کے طور پر فرمایا۔

۵۹ اور اپنے انوار و برکات سے گھر والوں کو محروم رکھتے ہیں ——— اس حدیث سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ ایسی تصویریں جن کا گھر میں موجود ہونا اگرچہ حرام نہ ہوتا ہم ان کا موجود ہونا فرشتوں کے داخل ہونے سے مانع ہے۔ امام محی الدین نووی نے اسی کو اختیار کیا ہے۔ اگرچہ تکیہ وغیرہ کی تصویریں حرام نہیں ہوتیں، اسی طرح علامہ طیبی نے بھی بیان کیا ہے۔

۴۲۹۲ وَعَنْهَا اَنَّهَا كَانَتْ قَدِ اتَّخَذَتْ عَلٰى سَهْوَةٍ [۶۰] لَّهَا سِتْرًا [۶۱] فِيْهِ تَمَاثِيْلُ فَهَتَكَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتَّخَذَتْ مِنْهُ نُمْرُقَتَيْنِ فَكَانَتَا فِي الْبَيْتِ يَجْلِسُ عَلَيْهِمَا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ انہوں نے برآمدے پر ایک پردہ بنایا جس میں تصویریں تھیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے پھاڑ دیا، حضرت عائشہ نے اس سے دو تکیے بنا لیے، وہ گھر میں ہوتے تھے۔ جن پر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بیٹھتے تھے [۶۲] (صحیحین)

۶۰ جو ان کے گھر کے آگے تھا، بعض شارحین نے کہا کہ سہوہ وہ چھوٹا سا کمرہ ہے جو زمین کی گہرائی میں ہو اور اس کی چھت اونچی ہو، خزانے کے مشابہ، جس میں سامان رکھا جاتا ہے۔

۶۱ اس تصویروں والے کپڑے سے جسے پردہ بنایا ہوا تھا۔

۶۲ بظاہر یہ حدیث گزشتہ حدیث کے منافی ہے، کیونکہ حدیث سابق سے معلوم ہوا کہ تکیے پر بنی ہوئی تصویر فرشتوں کے داخل ہونے سے مانع ہے اگرچہ حرام نہیں ہے، لہذا دو تکیوں کا گھر میں رکھنا کس بنا پر ہوگا؟ اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ یہ تصویریں ایسی نہ تھیں جو کہ حرام ہیں یعنی جانوروں کی تصویریں نہ تھیں، پردے کو پھاڑنے کی وجہ آئندہ حدیث سے معلوم ہو رہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ حکم نہیں دیا کہ ہم پتھر اور مٹی کو کپڑے سے ڈھانپیں اور اگر بالفرض وہ حرام تصویریں تھیں تو ان کے سر کاٹ دیئے گئے تھے، بعض شارحین نے کہا کہ ہتک کا معنی کاٹنا اور ان تصویروں کا مٹانا ہے جو اس کپڑے میں تھیں، اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۲۹۳ وَعَنْهَا اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فِيْ غَزَاةٍ فَاَخَذْتُ نَمَطًا فَسَتَرْتُهُ عَلَى الْبَابِ فَلَمَّا قَدِمَ فَرَاَى النَّمَطَ فَجَذَبَهُ حَتّٰى هَتَكَهُ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَاْمُرْنَا اَنْ نَكْسُوَ الْحِجَارَةَ وَالطِّيْنَ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک جہاد میں تشریف لے گئے میں نے ایک چادر ۱ لی اور اسے دروازے پر ڈال دیا۔ جب آپ تشریف لائے ۲ تو وہ چادر دیکھی۔ آپ نے اسے کھینچ لیا، یہاں تک کہ اسے پھاڑ دیا ۳۔ پھر فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم نہیں دیا کہ ہم پتھروں اور مٹی کو کپڑا پہنائیں ۵

(صحیحین)

۱ نمط نون اور میم پر زبر، لطیف قسم کی ایک چادر جس کے ریشے باریک ہوتے ہیں، اسے کجاوے پر ڈالتے ہیں اور بطور پردہ بھی استعمال کرتے ہیں، اس کی جمع "انماط" ہے۔

۲ جب آپ سفر سے واپس آئے اور میرے ہاں تشریف لائے۔

۳ جس کے ساتھ میں نے دروازے کو ڈھانپ رکھا تھا۔

۴ بعض شارحین نے کہا کہ اس چادر میں بالوں والے گھوڑوں کی تصویریں تھیں، آپ نے ان تصویروں کو تلف کر دیا اور ارشاد فرمایا، لیکن حدیث کی روشنی سے معلوم ہوتا ہے کہ اس سے منع کرنا اور اسے پھاڑنا تصویر کی بنا پر نہ تھا، بلکہ در و دیوار کو کپڑے سے ڈھانپنے کو ناپسند کرنے کی بنا پر تھا، جیسے کہ اس کے بعد ارشاد فرمایا۔

۵ علامہ طیبی نے فرمایا کہ یہ کراہت تنزیہی ہے نہ کہ تحریمی، کیونکہ اللہ تعالیٰ کے حکم کا نہ ہونا ممانعت پر دلالت نہیں کرتا، اس کے باوجود آپ نے اسے تبدیل کر دیا، اسے پھاڑ دیا اور ناراضگی کا اظہار فرمایا، اس میں آپ کے اہل بیت کے ورع و تقویٰ میں عظیم مقام کا لحاظ تھا، اس حدیث میں تکیوں کے بنانے کا ذکر نہیں ہے۔

۴۲۹۴ وَعَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ الَّذِيْنَ يُضَاهِئُوْنَ بِخَلْقِ اللّٰهِ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

ان ہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن سخت ترین عذاب والے وہ لوگ ہوں گے، جو اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے کے ساتھ مشابہت اختیار کرتے ہیں ۱

(صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ یعنی تصویر بنانے والے جو تصویر بناتے ہیں، جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے صورت پیدا کی ہے، اس لیے انہیں عذاب دے گا کہ وہ ان میں جان کیوں نہیں ڈالتے۔

۴۲۹۵ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذَهَبَ يَخْلُقُ كَخَلْقِيْ فَلْيَخْلُقُوْا ذَرَّةً اَوْ لِيَخْلُقُوْا حَبَّةً اَوْ شَعِيْرَةً. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہے جو میرے پیدا کرنے کی طرح بنانے لگا[1]۔ یہ لوگ چھوٹی چیونٹی تو پیدا کر دیں[2]۔ ایک دانہ یا ایک جو ہی پیدا کر دیں[3] (صحیحین)

سلہ یعنی میری طرح صورت اور پیکر بناتا ہے۔ یہ درحقیقت پیدا کرنا نہیں ہے، بلکہ اللہ تعالیٰ کے پیدا کیے ہوئے اجزاء اور مواد کو جمع کر کے ایک صورت بناتا ہے اور گمان کرتا ہے کہ یہ میں نے بنایا ہے، یہ اس صورت میں ہے جب کہ پیدا کرنے کا دعوے کریں۔ (یہ حدیث اور اس کی شرح بت سازی سے متعلق ہے ۱۲ ق ن)

سلہ۲ چھوٹی چیونٹی عدم سے وجود میں لائے یا ذرے سے مراد غبار کی وہ چھوٹی سی جز ہے جو دیوار کے سوراخ میں سے آنے والی دھوپ میں دکھائی دیتی ہے۔ ظاہر یہ ہے کہ اس جگہ پہلا معنی مراد ہے، کیونکہ حقیقت کے اعتبار سے ہوا کے ذرات کا وجود صرف وہی ہے۔ اور وجود وہی پر حقیقۃً پیدا کرنے کا اطلاق نہیں ہوتا، الّا یہ کہ مبالغہ مقصود ہو۔

سلہ۳ یہ تعمیم کے بعد تخصیص ہے۔ عرف میں اسی طرح ہوتا رہتا ہے۔ ایک دانے کا ذکر قلت کے بیان کرنے کے لیے کیا گیا ہے۔ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ حبہ سے مراد وہ سرخ دانہ ہو جو وزن میں طسوج سے آدھا ہوتا ہے، اور جو بھی وزن کا نام ہے جو حبہ مذکورہ سے کم ہوتا ہے، حبہ کا معنی کسی چیز کا ٹکڑا بھی آتا ہے۔ جیسے کہ قاموس میں بیان کیا گیا۔

۴۲۹۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَشَدُّ النَّاسِ عَذَابًا عِنْدَ اللّٰهِ الْمُصَوِّرُوْنَ. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک تمام لوگوں سے زیادہ سخت عذاب والے تصویریں بنانے والے ہیں[1] (صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے یعنی تصویریں بنانے والے بھی اس جماعت میں شامل ہوں گے جسے سب سے زیادہ سخت عذاب دیا جائے گا۔ اس کا قرینہ یہ ہے کہ بعض روایات میں کلمہ من بھی آیا ہے (مِنْ اَشَدِّ النَّاسِ) جو بعضیت پر دلالت کرتا ہے۔ بعض شارحین نے کہا کہ وہ وعید اس شخص کے بارے میں ہے جو بت بناتا ہے تاکہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ اس کی عبادت کی جائے، اور ایسا شخص کافر ہے، لہٰذا اگر اسے سخت ترین عذاب دیا جائے تو بعید نہ ہوگا، بعض حضرات نے کہا کہ جو شخص اللہ تعالیٰ کی مشابہت اور اس کے مقابلے کے ارادے سے تصویر بنائے وہ بھی کافر ہے اور اس کو سخت عذاب دیا جائے گا۔ اور جو اس ارادے کے بغیر تصویر بنائے وہ کافر نہیں ہے فاسق ہے اور اس کا وہی حکم ہے جو دیگر گناہوں کے مرتکب کا ہے۔ اس پر اتفاق ہے کہ جانداروں کی تصویریں مراد ہیں نہ کہ درختوں اور ان جیسی بے جان چیزوں کی لے معروف یہی ہے کہ جانداروں کی تصویریں بنانے والے کو مصور کہا جاتا ہے بے جان چیزوں کی تصویریں بنانے والے کو نقاش کہا جاتا ہے۔

حضرت مجاہد (جلیل القدر تابعی) پھل دار درخت کی تصویر کو بھی مکروہ قرار دیتے ہیں، محققین کے نزدیک تصویر سازی کا پورا عمل ہی کراہت سے خالی نہیں ہے اور لہو ولعب اور لایعنی کاموں میں داخل ہے۔

۴۴۹۷ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُلُّ مُصَوِّرٍ فِي النَّارِ يُجْعَلُ لَهٗ بِكُلِّ صُوْرَةٍ صَوَّرَهَا نَفْسًا فَيُعَذِّبُهٗ فِي جَهَنَّمَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَاِنْ كُنْتَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَاصْنَعِ الشَّجَرَ وَمَا لَا رُوْحَ فِيْهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہر تصویر بنانے والا آگ میں ہے اس کی بنائی ہوئی ہر تصویر کے بدلے ایک شخص پیدا کیا جائے گا جو اسے جہنم میں عذاب دے گا لے ابن عباس نے فرمایا: اگر تم ضرور ہی تصویر بنانے والے ہو تو درخت اور کسی بھی بے جان چیز کی تصویر بنالو۔ (صحیحین)

لے اصول کے اکثر نسخوں میں نفسًا زبر کے ساتھ ہے۔ اس صورت میں یُجْعَلُ صیغہ معلوم ہوگا یعنی اللہ تعالیٰ اس کے لیے

لے حضرت مفتی احمد یار خان نعیمی رحمہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں، خیال رہے کہ غیر جاندار چیزوں میں بندے کے کسب کو دخل ہے لوگ کہتے ہیں کہ باغ میرا لگایا ہوا ہے یہ کھیت میرا اگایا ہوا ہے۔ مگر جاندار چیزیں کسی کے کسب کو دخل نہیں، کوئی نہیں کہہ سکتا کہ چڑیا میری بنائی ہے۔ اس لیے جاندار کی تصویر سازی جرم ہے غیر جاندار کی نہیں ۱۲ مرآۃ بحوالہ مرقاۃ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ایک شخص کو پیدا کرتا ہے۔
ؔ۲ بچیوں کے کھیلنے کے لیے کپڑے کی دھجیوں سے گڑیاں بنانے کی اجازت ہے۔ لیکن امام مالک کے نزدیک مردوں کے لیے ان کا خریدنا مکروہ ہے، بعض علماء نے کہا کہ ان کے بنانے کا جواز منسوخ ہے۔

۴۲۹۸ وَعَنْهُ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ تَحَلَّمَ بِحُلْمٍ لَمْ يَرَهُ كُلِّفَ اَنْ يَّعْقِدَ بَيْنَ شَعِيْرَتَيْنِ وَلَنْ يَّفْعَلَ وَمَنِ اسْتَمَعَ اِلٰى حَدِيْثِ قَوْمٍ وَّهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ اَوْ يَفِرُّوْنَ مِنْهُ صُبَّ فِيْ اُذُنَيْهِ الْاٰنُكُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَمَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً عُذِّبَ وَكُلِّفَ اَنْ يَّنْفُخَ فِيْهَا وَلَيْسَ بِنَافِخٍ۔
(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ان ہی سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص ایسے خواب کا دعوٰے کرے جو اس نے نہیں دیکھا[۱] اسے دو جو کے درمیان گرہ لگانے کی تکلیف[۲] دی جائے گی۔ اور وہ نہ لگا سکے گا[۳] اور جو شخص کسی قوم کی بات کان لگا کر سنے[۴]۔ حالانکہ وہ لوگ اسے[۵] ناپسند کرتے ہوں یا اس سے بھاگتے ہوں[۶] قیامت کے دن اس کے دونوں کانوں میں سیسہ[۷] ڈالا جائے گا اور جس نے تصویر بنائی اسے عذاب دیا جائے گا۔ اور تکلیف دی جائے گی کہ اس میں جان ڈالے، مگر نہ ڈال سکے گا[۸]۔
(بخاری)

ؔ۱ خواب کے بارے میں جھوٹا دعویٰ کرے۔ حُلم حاء پر پیش اور لام ساکن، اس پر پیش بھی آیا ہے وہ چیز جسے کوئی شخص خواب میں دیکھے۔
ؔ۲ اس کے عجز اور بے بسی کو ظاہر کرنے کے ارادے سے۔
ؔ۳ یعنی اسے عذاب دیں گے اور حکم دیں گے کہ دو جو کو پیوند لگا کر انہیں ایک بنا دے اور جب اس طرح نہ کر سکے گا تو اسے پھر عذاب دیں گے، اور وہ شخص مسلسل عذاب میں رہے گا، جھوٹا خواب بیان کرنے اور دو جو کے جوڑنے میں مناسبت یہ ہے کہ جس طرح اس نے جھوٹ کے ذریعے مختلف باتوں کو جمع کر دیا ہے اور ان کے درمیان پیوند لگا دیا ہے۔ اسی طرح اسے کہا جائے گا دو جو آپس میں جوڑ دے۔ جھوٹا خواب بیان کرنا بھی اگرچہ جھوٹ ہی کی قسم ہے لیکن اس پر شدید عذاب اس لیے ہے کہ خواب کا تعلق عالم غیب سے ہے اور سچا خواب نبوت کی ایک جزء ہے اور وحی کا حکم رکھتا ہے۔ گویا وہ شخص اللہ تعالیٰ کے بارے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

میں جھوٹ بولتا ہے اور اس میں شک نہیں کہ یہ سخت ترین قسم کا جھوٹ ہے۔ بعض شارحین نے کہا کہ یہ وعید اس شخص کے بارے میں ہے جو نبوت یا ولایت کا دعویٰ کرتا ہے اور اس بات کا اظہار کرتا ہے کہ مجھ پر اللہ تعالیٰ اور اس کے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے اوامر و نواہی اور علوم و حقائق وارد ہوتے ہیں، جیسے کہ بعض جھوٹے دعویداروں کا وطیرہ ہے۔

ؐ٥٤ اور کوشش کرے کہ ان کی بات سن لوں اور جان لوں کہ وہ کیا کہتے ہیں۔

ؐ٥٥ اس شخص کو اور اس شخص کے ان کی باتیں سننے کو۔

ؐ٥٦ تاکہ وہ شخص نزدیک نہ آئے اور ان کی باتیں نہ سنے۔

ؐ٥٧ قاموس میں ہے آنک مدودا ہمزہ نون پر پیش اسیسہ سفید، قلعی، یا سیاہ، یا خالص، مجمع البحار میں آنک کی تفسیر سیسے کے ساتھ کی ہے، سفید، سیاہ اور خالص میں تردید کی ہے۔

ؐ٥٨ جس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ اس وقت تک عذاب برداشت کرے گا جب تک اللہ تعالیٰ چاہے گا۔

۴۲۹۹ ۱۲ وَعَنْ بُرَيْدَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ شِيْرِ فَكَاَنَّمَا صَبَغَ يَدَهٗ فِيْ لَحْمِ خِنْزِيْرٍ وَّ دَمِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص نرد شیرؐ۱ کھیل کھیلے گویا اس نے اپنا ہاتھ خنزیر کے گوشت اور خون سے رنگ لیا ہےؐ۲۔ (مسلم)

ؐ۱ نرد شیر ایک کھیل نرد کا نام ہے اور عربی بنایا ہوا لفظ ہے، فارس کے ایک بادشاہ اردشیر بن بابک کی اختراع ہے اسی لیے اس کھیل کو نرد شیر کہتے ہیں، اسی طرح قاموس میں ہے

ؐ۲ بعض روایات میں ہے۔ فکانما غمس گویا اس نے اپنا ہاتھ ڈبو دیا ہے، اس ارشاد میں اس کھیل کی قباحت اور شناعت بطور تمثیل بیان کی گئی ہے۔ تاکہ مسلمانوں کے دل اس سے متنفر ہوں۔ یاد رہے کہ نرد کے ساتھ کھیلنا مطلقاً حرام ہے۔ البتہ بعض حضرات کے نزدیک شطرنج کھیلنا چند شرائط کے ساتھ جائز ہے (۱) جوئے کی شرط نہ ہو (۲) نماز کو اس کے وقت سے موخر نہ کیا جائے (۳) زبان کو لغو اور فحش گفتگو سے پاک رکھا جائے احناف کے نزدیک شطرنج کھیلنا مطلق مکروہ اور حرام ہے کیونکہ وہ لہو و لعب کے زمرے میں آتا ہے اور اس میں وقت کا ضیاع ہے، امام شافعی کے نزدیک شطرنج کھیلنا مباح ہے، لیکن اسے معمول بنا لینا سخت کراہت کے ساتھ مکروہ ہے، اسی طرح مطالب المومنین میں بحوالہ امام غزالی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۴۳۰۰/۱۳ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَتَانِیْ جِبْرَئِیْلُ قَالَ اَتَیْتُکَ الْبَارِحَۃَ فَلَمْ یَمْنَعْنِیْ اَنْ اَکُوْنَ دَخَلْتُ اِلَّا اَنَّہٗ کَانَ عَلَی الْبَابِ تَمَاثِیْلُ وَ کَانَ فِی الْبَیْتِ قِرَامُ سِتْرٍ فِیْہِ تَمَاثِیْلُ وَ کَانَ فِی الْبَیْتِ کَلْبٌ فَمُرْ بِرَاْسِ التِّمْثَالِ الَّذِیْ عَلٰی بَابِ الْبَیْتِ فَیُقْطَعُ فَیَصِیْرُ کَھَیْئَۃِ الشَّجَرَۃِ وَ مُرْ بِالسِّتْرِ فَلْیُقْطَعْ فَلْیُجْعَلْ وِسَادَتَیْنِ مَنْبُوْذَتَیْنِ تُوْطَاٰنِ وَ مُرْ بِالْکَلْبِ فَلْیُخْرَجْ فَفَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ)

دوسری فصل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، میرے پاس جبرائیل امین تشریف لائے۔ انہوں نے کہا کہ میں گزشتہ رات آپ کے پاس آیا تھا تو مجھے داخل ہونے سے صرف اس چیز نے منع کیا کہ دروازے پر تصویریں تھیں اور گھر میں رنگین اور منقش کپڑے کا پردہ بنایا گیا تھا۔ اس میں تصویریں تھیں۔ اور گھر میں کتا تھا۔ گھر کے دروازے پر جو تصویر ہے۔ آپ حکم دیجئے کہ اس کا سر کاٹ دیا جائے تاکہ وہ درخت کی طرح ہو جائے[۱]، پردے کے بارے میں حکم دیجئے کہ اسے قطع کر کے دو تکیے بنا دیئے جائیں جو زمین پر پھینکے گئے ہوں[۲] روندے جائیں[۳]، حکم دیجئے کہ کتے کو نکال دیا جائے، چنانچہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہی کیا۔

(ترمذی، ابوداؤد)

۱ یعنی اس تصویر کی شکل وصورت برقرار نہ رہے فیقطع اور فیصیر کو رفع اور نصب دونوں کے ساتھ پڑھا گیا ہے۔

۲ بیٹھنے اور ٹیک لگانے کے لیے، تکیے کو منبوذہ بھی کہتے ہیں میم کے نیچے زیر، کیونکہ اسے گھر میں ڈال دیا جاتا ہے، یہ مشتق ہے نبذ سے جس کا معنی پھینکنا اور ڈال دینا ہے۔

۳ اور استعمال کیے جائیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۳۰۱
۱۴
وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ عُنُقٌ مِّنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ لَهَا عَيْنَانِ تُبْصِرَانِ وَ اُذُنَانِ تَسْمَعَانِ وَ لِسَانٌ يَّنْطِقُ يَقُوْلُ اِنِّيْ وُكِّلْتُ بِثَلٰثَةٍ بِكُلِّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ وَّ كُلِّ مَنْ دَعَا مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَ بِالْمُصَوِّرِيْنَ ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: قیامت کے دن آگ کا ایک ٹکڑا باہر آئے گا[1]، اس کی دو آنکھیں ہوں گی جو دیکھیں گی۔ دو کان ہوں گے جو سنیں گے اور زبان ہوگی جو گفتگو کرے گی، وہ زبان کہے گی کہ مجھے تین قسم کے افراد پر مقرر کیا گیا[2]۔ (۱) ہر متکبر سرکش معاند پر[3] (۲) ہر اس شخص پر جو اللہ تعالیٰ کے ساتھ دوسرے خدا کو مانے[4] اور (۳) تصویر بنانے والوں پر[5]۔

(ترمذی)

[1] یعنی آگ کا ایک ٹکڑا جدا ہو کر باہر گر پڑے گا۔

[2] یعنی اللہ تعالیٰ نے مجھے مقرر کیا ہے کہ تین قسم کے افراد کو عذاب دوں اور جلاؤں۔

[3] جو علم کے باوجود حق کو قبول نہ کرے اور راہ راست پر نہ چلے

[4] شرک اختیار کرے اور دوسرے خدا کی طرف متوجہ ہو

[5] کہ وہ بھی ایک قسم کے شرک کے مرتکب ہیں۔

۴۳۰۲
۱۵
وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ الْخَمْرَ وَ الْمَيْسِرَ وَ الْكُوْبَةَ وَ قَالَ كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ قِيْلَ الْكُوْبَةُ الطَّبْلُ ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے شراب، جوئے اور ڈھول[1] کو حرام کیا ہے، اور فرمایا کہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔ کہا گیا ہے کہ کوبۃ ڈھول ہے۔

(شعب الایمان، امام بیہقی)

[1] کوبہ کاف پر پیش، یعنی لہو ولعب کا ڈھول۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵ کوبہ کی تفسیر میں تین قول ہیں (۱) نرد (۲) بربط اسی طرح نہایہ میں ہے، شرح جامع الاصول میں کہا وہ ڈھولکی جس کے دو سر ہوتے ہیں، حضرت مؤلف نے حدیث کے بعض راویوں سے نقل کیا کہ کُوبہ کا معنی ڈھول ہے، یعنی لہو و لعب کا ڈھول، نہ کہ نمازیوں کا ڈھول۔

۴۳۰۳/۱۶ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْخَمْرِ وَ الْمَيْسِرِ وَالْكُوبَةِ وَ الْغُبَيْرَاءِ وَ الْغُبَيْرَاءُ شَرَابٌ تَعْمَلُهُ الْحَبَشَةُ مِنَ الذُّرَةِ يُقَالُ لَهُ السُّكُرْكَةُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شراب، جوئے، ڈھول اور غبیرا[۱] سے منع فرمایا۔ غبیراء وہ شراب ہے جو حبشی جوار[۲] سے بناتے تھے، اسے سُکُرکہ[۳] کہا جاتا ہے۔

(ابوداؤد)

۱ غبیراء نقطے والی غین پر پیش، با پر زبر یا ساکن، راء کے بعد الف ممدودہ۔

۲ ذُرَۃ ذال پر پیش، راء مخفف پر زبر، باجرے (جوار) کا دانہ۔

۳ سُکُرکہ بے نقطہ سین اور پہلے کاف پر پیش، راء ساکن، اسے غبیراء اس لیے کہتے ہیں کہ اس میں کدورت اور کثافت ہوتی ہے۔

۴۳۰۴/۱۷ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَعِبَ بِالنَّرْدِ فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَ رَسُوْلَهٗ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص نردشیر کے ساتھ کھیلا اس نے اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی۔

(احمد، ابوداؤد)

۴۳۰۵/۱۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى رَجُلًا يَتْبَعُ حَمَامَةً فَقَالَ شَيْطَانٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کبوتر کا پیچھا کرتے ہوئے دیکھا، فرمایا: وہ مرد شیطان ہے جو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يَتْبَعُ شَيْطَانَةً۔ (رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُو دَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيمَانِ)

شیطان کا پیچھا کر رہا ہے[2] (احمد، ابو داؤد، ابن ماجہ، شعب الایمان، امام بیہقی)

[1] اس طرح کہ کبوتر پرواز کر رہا تھا اور وہ شخص اس کے پیچھے زمین پر جا رہا تھا۔

[2] اس شخص کو اس لیے شیطان کہا کہ وہ کھیل رہا تھا اور بے مقصد وقت ضائع کر رہا تھا اور کبوتر کو بھی شیطان کہا کہ وہ کھیل اور لہو و لعب کا باعث بنا تھا، اور اس نے اللہ تعالیٰ کے ذکر اور دین و دنیا کے کاموں سے روک دیا تھا۔ شَيْطَانَةً میں تاءِ تانیث لفظ حَمَامَة کی رعایت کی بنا پر ہے، اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ کبوتر کے ساتھ کھیلنا حرام ہے۔ علامہ طیبی نے فرمایا کہ انڈے اور بچے حاصل کرنے کے لیے کبوتروں کا پالنا اور ان کے ذریعے پیغام پہنچانا بغیر کراہت کے جائز ہے، رہا ان کے ساتھ کھیلنا تو صحیح یہ ہے کہ مکروہ ہے اور اگر اس کے ساتھ جوا بھی شامل ہو تو اس کی گواہی رد کی جائے گی، مطالب المومنین میں ہے کہ امام شافعی کے نزدیک کبوتر کے ساتھ کھیلنا مکروہ تنزیہی ہے[1]۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۳۰۶ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ إِذْ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ إِنِّي

سعید بن ابی الحسن[1] کہتے ہیں کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے پاس حاضر تھا کہ اچانک ایک شخص ان کے پاس آکر کہنے لگا اے ابن عباس! میں ایسا شخص

[1] آج کل نہایت بدترین رسم سننے میں آئی ہے اور وہ یہ کہ کبوتروں کو نشے کے ٹیکے لگا کر اڑا دیا جاتا ہے اور اس پر شرطیں لگائی جاتی ہیں، پھر گھنٹوں بلکہ پہروں کے حساب سے کبھی بیٹھ کر اور کبھی لیٹ کر ان کی نگرانی کی جاتی ہے، یہاں تک کہ کبوتر بے بس ہو کر زمین پر گر جاتے ہیں، جس کا کبوتر پہلے گر جائے وہ ہار جاتا ہے، یہ رسم بد مکروہ اور حرام ہے کہ اس میں نہ صرف کبوتر کے ساتھ کھیلنا ہے بلکہ جوا بھی شامل ہے۔ وقت کا بے تحاشا ضیاع ہے۔ ذکر الٰہی اور نماز سے غفلت ہے اور کبوتروں کو اذیت دینا ہے۔ نعوذ باللہ تعالیٰ من ذلک۔ ۱۲ شرف قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رَجُلٌ اِنَّمَا مَعِيْشَتِيْ مِنْ صَنْعَةِ يَدِيْ وَاِنِّيْ اَصْنَعُ هٰذِهِ التَّصَاوِيْرَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا اُحَدِّثُكَ اِلَّا مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتُهٗ يَقُوْلُ مَنْ صَوَّرَ صُوْرَةً فَاِنَّ اللّٰهَ مُعَذِّبُهٗ حَتّٰى يَنْفُخَ فِيْهِ الرُّوْحَ وَلَيْسَ بِنَافِخٍ فِيْهَا اَبَدًا فَرَبَا الرَّجُلُ رَبْوَةً شَدِيْدَةً وَاصْفَرَّ وَجْهُهٗ فَقَالَ وَيْحَكَ اِنْ اَبَيْتَ اِلَّا اَنْ تَصْنَعَ فَعَلَيْكَ بِهٰذَا الشَّجَرِ وَكُلِّ شَيْءٍ لَيْسَ فِيْهِ رُوْحٌ.

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ہوں کہ میری معیشت میرے ہاتھ کی کاریگری سے ہے اور میں یہ تصویریں بناتا ہوں، ابن عباس نے فرمایا: میں تجھے صرف وہ حدیث بیان کروں گا جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم سے سنی ہے، میں نے آپ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جس نے تصویر بنائی، اللہ تعالٰے اسے عذاب دے گا یہاں تک کہ وہ اس میں روح پھونکے، اور وہ ہرگز اس میں روح نہ پھونک سکے گا[3]، وہ شخص بری طرح ہانپنے لگا[4] اور اس کا چہرہ زرد ہو گیا[5] ابن عباس نے فرمایا: تجھ پر افسوس! اگر تو تصویریں ہی بنانا چاہتا ہے تو اس درخت اور ہر اس چیز کی تصویر بنا جس میں روح نہیں ہے[6]۔

(بخاری)

[1] سعید بن ابی الحسن ثقہ تابعین میں سے ہیں، حضرت حسن بصری کے بھائی اور حضرت زید بن ثابت کے آزاد کردہ غلام ہیں، ان کے والد کی کنیت ابوالحسن اور نام یسار ہے۔

[2] یعنی میں کیا کام کروں؟ شارع علیہ السلام نے اس پیشے کو حرام قرار دیا ہے اور مجھے اس کے علاوہ کوئی کام نہیں آتا، کیا ضرورت کی بنا پر یہ پیشہ اختیار کرنا میرے لیے جائز ہے یا نہیں؟ حضرت ابن عباس نے دیکھا کہ اس شخص کا تعلق اس پیشے کے ساتھ شدید ہے اور ہو سکتا ہے کہ وہ منع کرنے سے باز نہ آئے اس لیے اسے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث بیان کی۔

[3] اور اس کے لیے یہ ممکن ہی نہیں ہے۔

[4] رَبْوَۃ را پر زبر، با ساکن، سانس کا بلند ہونا اور چڑھنا، اصل میں یہ لفظ گھوڑے کے بارے میں استعمال ہوتا ہے جب دوڑنے اور ڈرنے کی بنا پر اس کا سانس چڑھنے لگتا ہے۔ فارسی میں اسے تو اسہ اور اردو میں سانس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کہتے ہیں۔

۵ تصویر بنانے کے پیشے پر اس عذاب کے مرتب ہونے اور اس وعید کو سن کر لبھ

۶ یعنی حیوانات کے علاوہ اشیاء کی تصویریں بناؤ۔

۴۲۰۷ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَمَّا اشْتَكَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ بَعْضُ نِسَائِهِ كَنِيسَةً يُقَالُ لَهَا مَارِيَةُ فَكَانَتْ أُمُّ سَلَمَةَ وَ أُمُّ حَبِيبَةَ أَتَتَا أَرْضَ الْحَبَشَةِ فَذَكَرَتَا مِنْ حُسْنِهَا وَتَصَاوِيرَ فِيهَا فَرَفَعَ رَأْسَهُ فَقَالَ أُولٰئِكَ إِذَا مَاتَ فِيهِمُ الرَّجُلُ الصَّالِحُ بَنَوْا عَلَى قَبْرِهِ مَسْجِدًا ثُمَّ صَوَّرُوا فِيهِ تِلْكَ الصُّوَرَ أُولٰئِكَ شِرَارُ خَلْقِ اللّٰهِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالےٰ عنہا سے روایت ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی طبیعت مبارکہ ناساز ہوئی تو آپ کی بعض بیویوں نے ایک کنیسہ کا ذکر کیا جسے ماریہ کہا جاتا تھا، حضرت ام سلمہ اور ام حبیبہ، حبشہ کی سرزمین میں گئی تھیں، ان دونوں نے اس کے حسن اور اس کی تصویروں کا ذکر کیا، حضور نے اپنا سر مبارک اٹھایا اور فرمایا: وہ لوگ جب ان میں نیک آدمی مرجاتا ہے تو اس کی قبر پر مسجد بنا دیتے ہیں، پھر اس میں وہ تصویریں بناتے ہیں، وہ لوگ اللہ تعالےٰ کی مخلوق میں بدترین ہیں۔ (صحیحین)

لہ ماریہ راء کے نیچے زیر، یاء مخفف۔ کنیسۃ کاف پر زبر، نون کے نیچے زیر، یاء ساکن اور بے نقطہ سین، یہود ونصاریٰ کی عبادت کی جگہ، یہ کنشت کا معرب ہے اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا، قاموس میں ہے کنیسہ یہود ونصاریٰ یا کفار کی عبادت کی جگہ، علامہ کرمانی نے کہا مشہور یہ ہے کہ کنیسہ یہودیوں کا ہے اور بیعہ باء کے نیچے زیر اور یاء ساکن، نصاریٰ کے لیے ہے، لیکن لغت میں کنیسہ، نصاریٰ کے عبادت خانے کو بھی کہتے ہیں۔ جوہری نے کنیسہ اور بیعہ دونوں کو نصاریٰ کے لیے قرار دیا ہے۔

لہ سبحان اللہ! وہ کیسے مقدس لوگ تھے جو اللہ تعالیٰ کے حبیب صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی ایک ایک حدیث سن کر کانپ جاتے تھے۔ آج تصویریں بنانے والوں کو دسیوں حدیثیں سنا دیجیے ان کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگے گی، انا للہ وانا الیہ راجعون۔ ۱۲ شرف قادری نقشبندی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مطلب یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ناسازی طبع کے دوران، حکایات و واقعات کا سلسلہ شروع ہوا جس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ صاحب علالت کا دل مصروف رہے، بعض ازواج امہات المومنین یعنی حضرت ام سلمہ اور حضرت ام حبیبہ میں سے کسی ایک نے ایک کنیسہ کا ذکر کیا جو انہوں نے سرزمین حبشہ میں دیکھا تھا، جیسے کہ آئندہ جملے سے معلوم ہوتا ہے۔

۲؎ جہاں کے رہنے والے نصاریٰ تھے۔

۳؎ جب نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے حضرت ام سلمہ اور ام حبیبہ سے یہ تذکرہ سنا تو

۴؎ یعنی اہل حبشہ یا نصاریٰ اُولٰئِكَ کے کاف پر زبر اور زیر دونوں پڑھنا جائز ہیں۔ شارحین نے زیر کو صحیح قرار دیا ہے اور ظاہر بھی یہی ہے، کیونکہ خطاب عورتوں سے ہے۔ اسی طرح لفظ تِلْكِ ہے (یعنی کاف کے نیچے زیر پڑھی جاتی ہے ۱۲ ق ن)

۵؎ اہل قبور کی۔

۶؎ اس کی کئی وجوہ ہیں (۱) تصویریں بنانا (۲) قبر پر مسجد بنانا (۳) قبر کی طرف منہ کرکے نماز ادا کرنا جیسے کہ دوسری حدیثوں میں آیا ہے۔

۴۳۰۸ / ۲۱ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَشَدَّ النَّاسِ عَذَابًا يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ مَنْ قَتَلَ نَبِيًّا اَوْ قَتَلَهٗ نَبِيٌّ اَوْ قَتَلَ اَحَدَ وَالِدَيْهِ وَالْمُصَوِّرُوْنَ وَعَالِمٌ لَّمْ يَنْتَفِعْ بِعِلْمِهٖ. (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالےٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک قیامت کے دن سب لوگوں سے زیادہ سخت عذاب والا وہ شخص ہوگا جس نے کسی نبی کو شہید کیا[۱] یا کسی نبی نے اسے قتل کیا[۲] یا اس نے اپنے والدین میں سے کسی کو قتل کیا اور تصویریں بنانے والے اور وہ عالم جس نے اپنے علم سے نفع حاصل نہیں کیا[۳] (بیہقی)

۱؎ کیونکہ کسی بھی شخص کا اللہ تعالےٰ کے نبی کو شہید کرنا یقیناً ناحق ہی ہوگا۔

۲؎ اللہ تعالےٰ کے نبی کا کسی شخص کو قتل کرنا ضرور برحق ہوگا اور وہ شخص یقیناً واجب القتل ہی ہوگا۔ علامہ طیبی نے فرمایا مراد یہ ہے کہ اسے فی سبیل اللہ قتل کیا ہو جیسے کہ دوسری روایت میں صراحۃً آیا ہے، کیونکہ وہ شخص نبی کے قتل کرنے کے درپے تھا، فی سبیل اللہ کی قید لگانے سے وہ شخص خارج ہوگیا جسے حد یا قصاص کے طور پر قتل

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کیا ہو۔

سلہ اے اللہ! ہم تیری پناہ مانگتے ہیں اس علم سے جو فائدہ نہ دے۔

۴۳۰۹ (۲۲) وَعَنْ عَلِيٍّ اِنَّهٗ يَقُوْلُ الشِّطْرَنْجُ هُوَ مَيْسِرُ الْاَعَاجِمِ. (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

حضرت علی مرتضٰی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ وہ فرمایا کرتے تھے کہ شطرنج[1] عجمیوں[2] کا جوا ہے۔ (بیہقی)

سلہ شطرنج نقطوں والے شین کے نیچے زیر، ایک لغت میں بے نقطہ سین کے ساتھ ہے۔

سلہ عربوں کے علاوہ لوگوں کو عجمی کہتے ہیں، اعجم اور اعجمی اس شخص کو کہتے ہیں جو فصیح گفتگو نہ کر سکے اگرچہ وہ عرب ہی ہو، اس کی جمع اعاجم ہے، اس جگہ اعاجم سے مراد عجمی لوگ ہیں، کیونکہ فصیح گفتگو پر قادر نہ ہونا عموماً غیر عرب میں پایا جاتا ہے۔

۴۳۱۰ (۲۳) وَعَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ اَبَا مُوْسَى الْاَشْعَرِيَّ قَالَ لَا يَلْعَبُ بِالشِّطْرَنْجِ اِلَّا خَاطِئٌ. (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ)

ابن شہاب زہری[1] روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری[2] رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ شطرنج کے ساتھ وہی کھیلے گا جو گنہگار بدکردار ہو۔ (بیہقی)

سلہ ابن شہاب زہری مشہور تابعی ہیں۔

سلہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اکابر صحابہ میں سے ہیں۔

۴۳۱۱ (۲۴) وَعَنْهُ اَنَّهٗ سُئِلَ عَنْ لَعِبِ الشِّطْرَنْجِ فَقَالَ هِيَ مِنَ الْبَاطِلِ وَلَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْبَاطِلَ (رَوَى الْبَيْهَقِيُّ الْاَحَادِيْثَ الْاَرْبَعَةَ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ.

ان ہی سے روایت ہے کہ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے شطرنج کے کھیل کے بارے میں پوچھا گیا[1] تو انہوں نے فرمایا: یہ باطل میں سے ہے[2] اور اللہ تعالیٰ باطل کو محبوب نہیں رکھتا۔[3] (یہ چاروں حدیثیں امام بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیں۔)

سلہ کہ اس کا کیا حکم ہے؟

سلہ اور خلاف حق ہے۔

سلہ راقم سطور (حضرت شیخ محقق قدس سرہ) کو واضح طور پر یہ بات سمجھ آتی ہے کہ اس عبارت کا مطلب یہ ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کہ اللہ تعالیٰ باطل کو مبغوض رکھتا ہے، اللہ تعالیٰ جس چیز کو دوست نہیں رکھتا اہل محبت کے نزدیک وہ مبغوض ہے، اگرچہ عبارت سے ظاہر یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے محبوب نہیں رکھتا اور یہ مبغوض ہونے سے عام ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۳۱۲/۲۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِیْ دَارَ قَوْمٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ وَدُوْنَهُمْ دَارٌ فَشَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِمْ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ تَأْتِیْ دَارَ فُلَانٍ وَّلَا تَأْتِیْ دَارَنَا قَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَنَّ فِیْ دَارِكُمْ كَلْبًا قَالُوْا اِنَّ فِیْ دَارِهِمْ سِنَّوْرًا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسِّنَّوْرُ سَبُعٌ۔

(رَوَاهُ الدَّارُ قُطْنِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انصار کی ایک جماعت کے گھروں میں تشریف لے جایا کرتے تھے، ان سے پہلے ایک گھر تھا (ان کے ہاں تشریف نہ لے جاتے) یہ بات ان پر گراں گزری، انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! آپ فلاں کے گھر تشریف لے جاتے ہیں اور ہمارے گھر تشریف نہیں لاتے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اس لیے کہ تمہارے گھر میں کتا ہے[1]، انہوں نے عرض کیا کہ اُن کے گھر میں بلی ہے[2]، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بلی درندہ ہے[3]۔

(دار قطنی)

[1] اس قوم کے گھر میں تشریف نہ لے جانے کا عذر بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ تمہارے گھر میں کتا ہے اور تمہارا گھر فرشتوں کی آمد کی برکت سے خالی اور محروم ہے۔

[2] وہ بھی کُتے کی طرح درندے کی قسم ہے، کُتے اور بلی میں کیا فرق ہے؟

[3] لیکن وہ نجاست اور شیطنت نہیں رکھتی جو فرشتوں کے داخل ہونے سے مانع ہو، برخلاف کُتے کے کہ وہ پلید ہے اور اس میں شیطنت والی کچھ صفت ہے جو فرشتہ ہونے کی ضد ہے، علامہ طیبی نے کہا کہ اس عبارت کو استفہام انکاری پر محمول کیا جائے (یعنی کیا تمہارے خیال میں وہ درندہ ہے؟) اس صورت میں بلی درندے کی جنس سے نہ ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کِتَابُ الطِّبِّ وَالرُّقٰی

۲۰۔ دواؤں اور دعاؤں کا بیان

طِب پہلے حرف پر تینوں حرکتیں پڑھ سکتے ہیں، علاج کرنا، فارسی میں پجشکی اور طبیب کو پجشک کہتے ہیں، طَبٌّ طاء پر زبر طبیب اور ہر وہ شخص جو اپنے فن میں ماہر ہو، مُتَطَبِّبٌ علم طب پڑھنے والا اور اس پر عمل کرنے والا جا بھی ماہر نہیں ہوا، طِبٌّ طاء کے نیچے زیر، جادو کے معنی میں بھی آتا ہے۔ مَطْبُوْبٌ وہ شخص جس پر جادو کیا گیا ہو، طب دو قسم کی ہے۔ (۱) جسمانی (۲) نفسانی۔ طب جسمانی میں صحت کی حفاظت اور مرض کے دفعیہ کے ساتھ بدن کا علاج کیا جاتا ہے، طب نفسانی میں ردی اور مہلک اخلاق کو زائل کر کے نفس کا علاج کیا جاتا ہے۔ دوائیں بھی دو قسم کی ہوتی ہیں (۱) جسمیہ طبعیہ مفردہ (۲) مرکبہ (جیسے معجون اور مختلف سفوف وغیرہ)، روحانی اور ربانی دوا قرآن پاک ہے اور وہ چیز جو اس کے معنیٰ میں ہے (احادیث مبارکہ اور ارشادات علماء و اولیاء ۱۲ ق ن)۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم امت کا علاج طبعی دواؤں سے بھی کرتے تھے اور روحانی دواؤں سے بھی۔

رُقٰی جمع ہے رُقْیَۃٌ کی راء پر پیش، قاف ساکن، یاء مخفف، عربی میں عُوْذَۃٌ کہتے ہیں، فارسی میں افسوں (اور اردو میں جھاڑ پھونک) کہتے ہیں، قرآن پاک اور اللہ تعالےٰ کے اسماء مبارکہ کے ساتھ دم کرنا بالاتفاق جائز ہے، ان کے علاوہ ایسے کلمات جن کے معانی معلوم ہوں اور دین و شریعت کے مخالف نہ ہوں ان کے ساتھ دم کرنا بھی جائز ہے اور اگر ایسے کلمات نہ ہوں تو ان کے ساتھ دم کرنا جائز نہیں ہے، ہاں اگر وہ کلمات قابل وثوق ہوں اور روایت صحیحہ سے ثابت ہوں تو ان کے ساتھ دم کرنا جائز ہے، کہتے ہیں کہ ایک شخص دم کرنے کے لیے ایسے کلمات پڑھ رہا تھا جن کا معنیٰ اسے معلوم نہ تھا، اہل کتاب میں سے ایک شخص وہاں حاضر تھا اور ہنس رہا تھا، اس نے کہا کہ اس شخص کو کیا ہوا ہے؟ کہ خدا اور رسول (جل وعلا و صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم) کو گالی دے رہا ہے ——— وہ جو اصحاب تکسیر اور عملیات والے بخور جلاتے ہیں، مختلف رنگ استعمال کرتے ہیں اور ساعتوں کا لحاظ کرتے ہیں اصحاب دیانت و تقویٰ کے نزدیک مکروہ اور حرام ہے[۱]، اسی طرح علماء نے کہا ہے۔

---

[۱] اللہ تعالےٰ نے مختلف اوقات کو خاص فضیلت دی ہے مثلاً ماہِ رمضان، عشرۂ ذی الحجہ، لیلۃ القدر اور شب برات وغیرہ لہٰذا اگر کوئی شخص اوراد و وظائف کے ساعتوں کا لحاظ کرتا ہے اور اس دوران خوشبو یا بخور کا اہتمام کرتا ہے (بقیہ اگلے صفحہ پر)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۳۱۳ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ دَآءً اِلَّا اَنْزَلَ لَہٗ شِفَآءً۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے جو بیماری بھی نازل کی ہے اس کے لیے شفا بھی نازل کی ہے۔[1] (بخاری)

[1] یعنی وہ دوا جو اس بیماری سے شفا دے۔

۴۳۱۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لِکُلِّ دَآءٍ دَوَآءٌ فَاِذَا اُصِیْبَ دَوَآءُ الدَّآءِ بَرَءَ بِاِذْنِ اللّٰہِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ہر بیماری کے لیے دوا ہے، تو جب دوا بیماری کو پہنچائی جائے تو اللہ تعالیٰ کے اذن سے بیمار تندرست ہو جائے گا۔[1] (مسلم)

[1] یعنی دوا، شفاء کے لیے علت نہیں ہے، شفاء اللہ تعالیٰ کے اذن سے ہے، اللہ تعالیٰ نے دوا کو شفاء کا عادی سبب بنایا ہے۔ بَرَءَ راء پر زبر ہے۔ شارحین نے کہا ہے کہ اہل حجاز راء کے نیچے زیر اور اس پر پیش پڑھتے ہیں۔

۴۳۱۵ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلشِّفَآءُ فِیْ ثَلٰثٍ فِیْ شَرْطَۃِ مِحْجَمٍ اَوْ شَرْبَۃِ عَسَلٍ اَوْ کَیَّۃٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: شفا تین چیزوں میں ہے (۱) خون نکالنے کے نشتر[1] (۲) شہد کے گھونٹ اور (۳) آگ کے داغ لگانے میں اور میں اپنی امت کو

(بقیہ صفحہ سابقہ) تو اس کے مکروہ اور حرام ہونے کی کوئی واضح وجہ دکھائی نہیں دیتی۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب ۱۲ شرف قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بنارپر، وَ اَنَا اَنْھٰی اُمَّتِیْ عَنِ الْکَیِّ۔ داغ لگانے سے منع کرتا ہوں۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ) (بخاری)

لہ محجم، میم کے نیچے زیر، حا ساکن اور جیم پر زبر، وہ آلہ جس کے ساتھ خون چوستے ہیں اور سنگی والا خون اس میں داقع ہوتا ہے، جیسے کدو اور سینگ، اس جگہ وہ آلہ مراد ہے جس کے ساتھ زخم لگایا جاتا ہے، شرط پہلے حرف پر زبر، سنگی لگانے کی جگہ پر نشتر مارنا تاکہ خون نکلے، اور اسے مشرط کہتے ہیں، میم کے نیچے زیر، یعنی نشتر۔

۲ صاحب سفر السعادۃ نے فرمایا کہ اس حدیث میں تمام امراض مادیہ کے علاج کی طرف اشارہ ہے، کیونکہ مادی امراض یا تو خونی ہوتی ہیں یا صفراوی، بلغمی اور سوداوی، اگر خونی بیماری ہے تو اس کا علاج خون کا نکالنا ہے، باقی تین قسموں کا علاج جلاب کے ساتھ ہے، شہد سے جلاب آور دواؤں کی طرف اشارہ ہے، محجم کا اشارہ فصد اور سنگی لگانے کی طرف ہے، آگ کے ساتھ داغ لگانے میں تنبیہ ہے اس حالت پر جب کہ طبیب علاج معالجہ سے بے بس ہو جائے، کیونکہ داغ لگانے سے وہ موذی خلط دفع ہو جائے گی جس کا علاج داغ لگانے کے علاوہ کوئی نہیں ہے اس لیے اطبار نے کہا ہے کہ آخری علاج، آگ کا داغ لگانا ہے (سفر السعادۃ)

داغ لگانے کی ممانعت اس بنا پر ہے کہ عرب اسے عظیم الشان علاج مانتے تھے، وہ کہتے تھے کہ داغ لگانے سے کہ بیماری کا مادہ یقینی طور پر ختم ہو جاتا ہے، اگر داغ نہ لگایا گیا تو وہ مادہ مہلک ثابت ہو گا۔ ان میں یہ مقولہ مشہور تھا کہ آخری دوا آگ کا داغ لگانا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا تاکہ لوگ شرکِ خفی میں واقع نہ ہو جائیں، یہ نہی تنزیہی ہے، اگر کوئی داغ لگائے اور شفا کی امید اللہ تعالیٰ سے رکھے تو جائز ہے، بعض علماء کہتے ہیں کہ داغ لگانے کی ممانعت، خطرے اور تردد کی جگہ میں ہے، یعنی اس صورت میں ممانعت ہے جب کہ داغ لگانے میں ہلاکت اور زخم کے سرایت کر جانے کا خوف ہو، اور فائدے کا وثوق نہ ہو۔

اس مسئلے کی تفصیل یہ ہے کہ آگ سے داغ لگانے کے بارے میں مختلف احادیث و اخبار آئی ہیں۔ بعض احادیث سے اس کا جواز معلوم ہوتا ہے، مثلاً وہ احادیث جن میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بعض صحابہ کرام کو داغ لگایا، یہ حدیثیں اسی کتاب میں آرہی ہیں، بعض حدیثوں سے ممانعت معلوم ہوتی ہے جیسے کہ یہ حدیث اور وہ حدیث جسے امام ترمذی اور ابو داؤد نے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کیا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم داغ لگانے سے منع فرماتے تھے۔ پھر ہم مبتلا ہوتے اور ہم نے داغ لگایا لیکن ہم نے کامیابی و کامرانی نہ پائی، امام مسلم حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ میں فرشتوں کا سلام سنا کرتا تھا، جب میں نے داغ لگایا تو اس سے محروم ہو گیا، چنانچہ میں نے توبہ کی تو وہ پہلے والا حال لوٹ آیا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بعض احادیث میں آیا ہے کہ میں داغ لگانے کو محبوب نہیں رکھتا ۔ ایک حدیث میں اس کے ترک کرنے کی تعریف و توصیف بیان فرمائی ہے ۔ شارحین نے ان احادیث میں یوں تطبیق دی ہے کہ داغ لگانا اصل جواز پر دلالت کرتا ہے اور اس فعل سے محبت کا نہ ہونا اس کے ممنوع ہونے پر دلالت نہیں کرتا ، ترک کی مدح وثنا اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ ترک کرنا اولی ہے ۔ باقی رہی ممانعت تو وہ چند صورتوں پر محمول ہے (۱) مرض بلحاظ نہ ہو بلکہ اسے اختیاری طور پر اپنایا جائے (۲) مرض کے دفع کرنے کے لیے اس کی حاجت نہ ہو بلکہ دوسرا علاج بھی میسر ہو ۔ (۳) جیسے کہ ہم نے اس سے پہلے بیان کیا کہ اس کے ارتکاب سے شرکِ خفی میں واقع ہونے کا خطرہ ہو ۔ بعض شارحین نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے بعض صحابہ کو داغ لگانے کا حکم اس لیے دیا کہ عضو کٹ گیا تھا اور زخم بگڑ چکا تھا اور اس صورت میں صحت کا حصول یقینی تھا ، بہر حال کسی عضو کو جلانا اور اس سے داغ لگانا مکروہ ہے ، ہاں اگر داغ لگانا ضروری ہو اور طبیب حاذق کا فیصلہ ہو کہ صرف داغ لگانا ہی علاج ہے تو جائز ہے ۔ واللہ تعالٰی اعلم ۔ حضرت مؤلف نے جب یہ حدیث بیان کی جس میں امت کو داغ لگانے سے منع کیا گیا ہے تو اس کے بعد وہ حدیثیں بھی لائے ہیں جو جائز ہونے پر دلالت کرتی ہیں ۔

۴۳۱۶ / ۴ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ رُمِیَ اُبَیٌّ یَوْمَ الْاَحْزَابِ عَلٰی اَکْحَلِهٖ فَکَوَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ غزوۂ احزاب کے دن حضرت ابی کی رگ جان[1] پر تیر لگا تو رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے اس زخم کو داغ لگایا[2] (مسلم)

[1] اکحل وہ رگ ہے جو کلائی اور بازو کے جوڑ میں ہوتی ہے ، عموماً اسی کا فصد کھولا جاتا ہے اسے عرقِ حیات (رگِ جان) اور نہرِ حیات کہتے ہیں ، عوام الناس اسے رگِ ہفت اندام (سات اعضاء کی رگ) کہتے ہیں ، ہر عضو میں اس کا الگ حصہ اور الگ نام ہے ، ہاتھ میں اسے اکحل ، ران میں نسا (نون پر زبر ، مشہور بیماری عرق النساء کی نسبت اسی کی طرف ہے) پشت میں ابہر کہتے ہیں ۔ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ تعالٰی عنہ کی اسی رگ میں تیر لگا اور اس سے خون جاری ہو گیا ۔

[2] تو خون رک گیا ۔ کَوَاہُ واؤ مخفف کے ساتھ ۔

۴۳۱۷ / ۵ وَعَنْهُ قَالَ رُمِیَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ فِیْ اَکْحَلِهٖ فَحَسَمَهُ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهٖ بِمِشْقَصٍ ثُمَّ وَرِمَتْ فَحَسَمَهُ الثَّانِيَةَ ۔

انہی سے روایت ہے کہ حضرت سعد بن معاذ رضی اللہ تعالٰی عنہ کی رگ جان میں تیر لگا تو نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے تیر کے پھل[1] سے اپنے ہاتھ کے ساتھ اس زخم کو داغ لگایا پھر وہ سوج گیا تو آپ نے اسے دوبارہ داغ لگایا ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ اسی جنگ (غزوۂ احزاب) میں۔
۲ے مشقص میم کے نیچے زیر، شین ساکن، قاف پر زبر، صراح میں ہے مشقص کا معنی ہے لمبا اور چوڑا تیر۔

۴۳۱۸ وَعَنْهُ قَالَ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلٰی اُبَیِّ ابْنِ کَعْبٍ طَبِیْبًا فَقَطَعَ مِنْہُ عِرْقًا ثُمَّ کَوَاہُ عَلَیْہِ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے حضرت ابی بن کعب کے پاس ایک طبیب بھیجا جس نے ان کی ایک رگ کاٹ دی، پھر حضرت اُبی کی رگ پر داغ لگایا۔لہ (مسلم)

لہ حدیث صحیح میں یہ بھی آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کی رگ جاں پر داغ لگایا، حضرت اسعد بن زرارہ رضی اللہ تعالٰی عنہ کے شوکہ نامی بیماری کے سبب داغ لگایا جس میں پہلے چہرہ پھر سارا جسم سُرخ ہو جاتا ہے، جیسے کہ دوسری فصل میں آئے گا۔

۴۳۱۹ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّہٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِی الْحَبَّۃِ السَّوْدَآءِ شِفَآءٌ مِّنْ کُلِّ دَآءٍ اِلَّا السَّامَ قَالَ ابْنُ شِہَابٍ السَّامُ الْمَوْتُ وَالْحَبَّۃُ السَّوْدَآءُ الشُّوْنِیْزُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰے عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰے علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ کلونجی میں موت کے علاوہ ہر بیماری کی شفاء ہے۔ ابن شہاب زہری نے فرمایا: سام کا معنی موت اور اَلْحَبَّۃُ السَّوْدَاء کلونجی ہے۔لہ (صحیحین)

لہ شُونیز شین پر زبر یا پیش، اسے شینیز، شونوز اور شہنیز بھی کہا جاتا ہے۔ اسی طرح قاموس میں ہے۔ علامہ طیبی نے فرمایا: اگرچہ لفظ حدیث عام ہے کہ کلونجی میں ہر بیماری کی شفاء ہے، لیکن یہ اس بیماری کے ساتھ خاص ہے جو رطوبت اور بلغم سے پیدا ہو کیونکہ کلونجی گرم خشک ہے لہٰذا یہ ان بیماریوں کو دور کرے گی جو اس کی ضد ہیں (یعنی جو سردی اور تری کی پیداوار ہیں) بعض علماء نے کہا کہ یہ حدیث عموم پر محمول ہے اور کلونجی ہر مرکب دوا میں شامل کی جا سکتی ہے، علامہ کرمانی نے کہا کہ عموم متعین ہے کیونکہ موت کا استثناء کیا گیا ہے، صاحب سفر السعادۃ نے فرمایا کہ اکابر کی ایک جماعت تمام امراض میں کلونجی کا استعمال کرتی تھی اور بعض حضرات ہر بیماری میں شہد استعمال

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کرتے تھے اور حسنِ اعتقاد کی برکت سے وہ بیماریاں دور ہو جاتی تھیں۔

۴۳۲۰ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِنِ الْخُدْرِیِّ قَالَ جَاۤءَ رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ سَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اَخِی اسْتَطْلَقَ بَطْنُہٗ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِسْقِہٖ عَسَلًا فَسَقَاہُ ثُمَّ جَاۤءَ فَقَالَ سَقَیْتُہٗ فَلَمْ یَزِدْہُ اِلَّا اسْتِطْلَاقًا فَقَالَ لَہٗ ثَلٰثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ جَاۤءَ الرَّابِعَۃَ فَقَالَ اسْقِہٖ عَسَلًا فَقَالَ لَقَدْ سَقَیْتُہٗ فَلَمْ یَزِدْہُ اِلَّا اسْتِطْلَاقًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ صَدَقَ اللّٰہُ وَ کَذَبَ بَطْنُ اَخِیْکَ فَسَقَاہُ فَبَرِءَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالےٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا کہ میرے بھائی کا پیٹ چل رہا ہے[۱]، رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے شہد پلاؤ، اس نے شہد پلایا، پھر آکر کہنے لگا میں نے اسے پلایا لیکن شہد نے اس کے دست مزید بڑھا دیے ہیں آپ نے اسے تین مرتبہ یہی فرمایا[۲] پھر وہ چوتھی مرتبہ آیا تو آپ نے فرمایا اسے شہد پلاؤ اس نے کہا میں نے اسے شہد پلایا لیکن اس نے تو اس کا پیٹ اور جاری کر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالےٰ نے سچ فرمایا[۳] اور تیرے بھائی کے پیٹ نے جھوٹ کہا[۴] چنانچہ اسے شہد پلایا تو وہ ٹھیک ہو گیا[۵] (صحیحین)

[۱] ایک روایت میں ہے یَشْتَکِیْ بَطْنَہٗ اسے پیٹ کی بیماری ہے ——— اِشْتَکَاءٌ، شِکَایَۃٌ، شِکْوٌ اور شِکْوٰی کا معنیٰ بیماری ہے۔

[۲] یعنی ہر دفعہ فرماتے کہ اسے شہد پلاؤ، وہ انہیں شہد پلاتے اور دستوں میں مزید اضافہ ہو جاتا، وہ آکر عرض کرتے کہ میں نے شہد پلایا مگر پیٹ کے چلنے میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔

[۳] یعنی اللہ تعالےٰ کا یہ ارشاد سچا ہے کہ فِیْہِ شِفَاۤءٌ لِّلنَّاسِ (شہد میں لوگوں کے لیے شفا ہے)، اکثر شارحین نے اسی طرح کہا ہے، بعض شارحین نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر وحی نازل ہوئی کہ اس کے پیٹ کا علاج شہد پلانا ہے اور اسی میں اس کے لیے شفا ہے، کہتے ہیں کہ یہ توجیہ زیادہ مناسب ہے، کیونکہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے کہ شہد میں لوگوں کے لئے شفاء ہے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ شہد میں ہر بیماری کی شفاء ہے، مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بذریعہ وحی جو کچھ فرمایا ہے وہ سچ ہے۔

۴؎ کہ اس نے غلطی کی اور شفاء کو قبول نہیں کیا، عرب غلطی کی جگہ جھوٹ کا لفظ استعمال کرتے ہیں، چنانچہ غلط بات سننے پر کہتے ہیں کہ فلاں شخص کے کان نے جھوٹ کہا، یعنی اس نے خطا کی اور جو کچھ سنا اسے صحیح طور پر نہیں سمجھا، امام فخر الدین رازی نے فرمایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے نور وحی کے ذریعے معلوم کر لیا کہ اس شخص کے پیٹ کے جاری ہونے میں شہد کا فائدہ ظاہر ہو کر رہے گا، جب وہ فوری طور پر ظاہر نہ ہوا تو فرمایا کہ پیٹ یا پیٹ والے کو فائدہ نہیں ہوا تو اس نے جھوٹ کہا، اس لحاظ سے اس پر جھوٹ کا اطلاق کیا۔

۵؎ یاد رہے کہ اس صورت میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شہد پلانے کا حکم دینے میں بعض لوگوں کو تردد اور حیرت لاحق ہے، کیونکہ شہد تو خود ملین اور سہل اور پیٹ کو جاری کرنے والا ہے، لہٰذا دست کو روکنے کے لیے اس شخص کو شہد پلانے کا حکم دینا طبی مذہب کے خلاف ہے، اس لیے جب بھی اسے شہد پلایا گیا پیٹ زیادہ چلنے لگا، اس لیے ہو سکتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی دعا کی برکت اور آپ کے معجزہ کے ظہور کے طور پر خاص اس شخص کو شفاء حاصل ہو گئی ہو، دوسرے لوگوں کو اس پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔ اگر انہیں بھی شہد پلائیں تو دست رک جائیں گے۔ اگرچہ اہل ایمان کے لیے یہ بھی اچھا راستہ ہے، لیکن تحقیق اور نظر غائر سے واضح ہو جاتا ہے کہ اس صورت میں شہد پلانے کا حکم اطباء کے مذہب کے موافق اور کمال مہارت پر دلالت کرتا ہے، کیونکہ اس شخص کو بدہضمی اور فاسد مادوں کی زیادتی کی وجہ سے دست آ رہے تھے کیونکہ شہد ان فاسد مادوں کے نکالنے کا سبب تھا اس لیے شہد پلانا اطباء کے مذہب کے مطابق ہوگا، کہتے ہیں کہ بار بار شہد پلانے کے حکم میں لطیف نکتہ ہے، کیونکہ دوا کی مقدار اتنی ہونی چاہیے جو بیماری کی حالت کے موافق ہو، اگر دوا اس مقدار سے کم ہو تو بیماری کو مکمل طور پر دور نہ کر سکے گی، اور اگر اس مقدار سے زیادہ دے دی گئی۔ تو قوی کو کمزور اور بیماری کو زیادہ کر دے گی، چونکہ ہر دفعہ اتنا شہد نہیں پلایا گیا جو بیماری کا مقابلہ کر سکتا اس لیے لازمی نتیجہ یہ نکلتا کہ دست زیادہ ہو جاتے، دوبارہ شہد پلانے کا حکم دیا تاکہ اس کی ضروری مقدار پوری ہو جائے، اسی لئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا اور تیرے بھائی کے پیٹ نے جھوٹ کہا، پیٹ کے جھوٹ کا مطلب یہ ہے کہ اس میں فاسد مادے زیادہ ہیں، اور جب آخر میں بار اتنی مقدار میں شہد پلایا گیا جو فاسد مواد نکالنے اور بیماری کے دور کرنے کے لیے کافی ثابت ہوا تو بالآخر اس کا فائدہ ظاہر ہو گیا۔

صاحب سفر السعادۃ نے فرمایا کہ طب نبوی کی اطباء کی طب سے کوئی نسبت نہیں ہے کیونکہ طب نبوی قطعی اور یقینی طور پر فائدہ مند ہے، کیونکہ یہ طب وحی الہٰی، مشکوٰۃ نبوت اور کمال عقل سے صادر ہے، جب کہ دوسروں کی طب عموماً تیزی فکر، ظن اور تجربہ سے ماخوذ ہے۔ جس میں خطا کا احتمال بھی ہے اور اس سے خطرات بھی پیدا ہو سکتے ہیں، جس شخص کو طب نبوی سے فائدہ نہیں ہوتا تو اس کے بارے میں یقین کر لینا چاہیے کہ یہ اس کے ایمان کی کمزوری کا شاخسانہ ہے۔ جو شخص صدق دل اور پاکیزہ عقیدے کے ساتھ آپ کے فرمان پر عمل کرے گا اسے ضرور فائدہ ہوگا، جیسے کہ قرآن کریم سینوں اور دلوں کی شفاء ہے جو شخص اسے اخلاص اور قبول کے ساتھ حاصل نہ کرے گا اس کی بیماری کی زیادتی کا سبب اور اس کے لیے وبال بن جائے گا، اسی لیے بعض شارحین نے اس شخص کے پیٹ کے جھوٹ کو اس پر محمول کیا ہے کہ اس کی نیت سچی نہ تھی اور خالص اعتقاد

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نہ تھا (اور جب اسے خلوص اعتقاد میسر آیا تو شفا بھی حاصل ہوگئی ا ن) فافہم وباللہ التوفیق۔

۴۳۲۱
۹
وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَمْثَلَ مَا تَدَاوَيْتُمْ بِهِ الْحِجَامَةُ وَالْقُسْطُ الْبَحْرِيُّ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا: بہترین وہ چیز جس کے ساتھ تم علاج کرو پچھنے لگانا اور قسط بحری[۱] ہے۔
(صحیحین)

[۱] قسط قاف پر پیش اور بے نقطہ سین ساکن مشہور دوائی ہے، سمندری نباتات کی جڑ ہے، خوشبو ہے، نفاس والی عورتیں اس کی دھونی لیتی ہیں، اس کے بہت فائدے ہیں، بندحیض اور پیشاب کو کھولتی ہے، زہروں کو دفع کرتی ہے، جماع کی شہوت کو برانگیختہ کرتی ہے، اس کے پینے سے پیٹ کے کیڑے ہلاک ہوجاتے ہیں، بعض بخاروں کو دور کرتی ہے، اس کی لیپ کرنے سے چہرے کے سیاہ داغ اور کیل دور ہوجاتے ہیں، اس کی دھونی زکام، جادو اور وبا کو فائدہ دیتی ہے، اس کے علاوہ بہت سے فائدے ہیں جو طب کی کتابوں میں بیان کئے گئے ہیں، غالباً اسی بنا پر اسے بہترین دواؤں میں سے قرار دیا گیا ہے قسط کی دو قسمیں ہیں (۱) بحری (۲) ہندی، قسط بحری سفید ہے اور وہ ہندی سے بہتر ہے، اسے عربی بھی کہا جاتا ہے، روایات میں قسط ہندی بھی آیا ہے جس کی تفسیر عود ہندی سے کی گئی ہے، کُسط کاف کے ساتھ بھی کہتے ہیں، قسط کی نسبت ظفار کی طرف بھی کی جاتی ہے، ظفار سمندر کے کنارے یمن کا ایک شہر ہے جو ہندوستان کے قریب ہے، ہندوستان سے قسط وہاں لے جائی جاتی ہے۔

۴۳۲۲
۱۰
وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُعَذِّبُوْا صِبْيَانَكُمْ بِالْغَمْزِ مِنَ الْعُذْرَةِ وَعَلَيْكُمْ بِالْقُسْطِ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

انہی[۱] سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بچوں کے گلے آجائیں[۲] تو تم انہیں دبا کر عذاب نہ دو تم قسط اختیار کرو[۳]۔
(صحیحین)

[۱] حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

[۲] عُذرہ بے نقطہ عین پر پیش، نقطہ والا ذال ساکن، اس کے بعد راء، یہ ایک بیماری ہے جو خون کے جوش کی بنا پر بچوں کے گلے میں پیدا ہوجاتی ہے، دائیاں بچوں کے تالو کو انگوٹھے سے اس سختی سے دباتی ہیں کہ اس جگہ سے خون نکل آتا ہے (ظاہر ہے کہ یہ عمل بچے کے لئے بڑا تکلیف دہ ہوتا ہے) نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا، اور ارشاد فرمایا کہ بچوں کے گلے آجائیں تو (ان کے تالو کو) دبا کر انہیں عذاب نہ دو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ مسند امام احمد میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت عائشہ صدیقہ کے پاس تشریف لائے تو اُن کے پاس ایک بچہ دیکھا جس کی ناک سے خون جاری تھا، فرمایا: یہ کیا ہے؟ عرض کیا اسے گلے پڑے ہوئے ہیں یا اس کے سر میں درد ہے، فرمایا: تم پر افسوس! تم اپنی اولاد کو قتل نہ کرو، جس عورت کے بچے کے گلے آجائیں یا اس کے سر میں درد ہو تو چاہیے کہ عود ہندی لے اور اسے اچھی طرح پانی میں حل کرے اور بچے کی ناک میں ٹپکائے اسی طرح کیا گیا بچہ تندرست ہو گیا، ناک میں دوا ٹپکانے کو سعوط کہتے ہیں اس کا طریقہ یہ ہے کہ مریض کو پشت کے بل لٹا دیا جائے سر بیچا کر دیا جائے اور دوا کو پانی کی طرح رقیق کر کے ناک میں ٹپکا دیا جائے تاکہ دماغ تک پہنچ جائے، دوائی جب دماغ تک پہنچے گی تو چھینک کے ذریعے بخارات باہر نکل جائیں گے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سعوط کے ذریعے علاج کی تعریف کی ہے اور خود بھی اسے استعمال میں لاتے تھے، بعض اطباء نے گلے پڑ جانے کا علاج عود ہندی سے بعید قرار دیا ہے، انہوں نے کہا کہ عود ہندی گرم ہے، اور گرمی کے سبب سے ہی بچوں کو گلے پڑتے ہیں خصوصاً حجاز میں کہ وہ علاقہ ہی گرم ہے۔ علماء نے اس کا جواب دیا ہے کہ گلے پڑنے کا سبب وہ خون ہوتا ہے جس پر بلغم غالب ہوتی ہے لہٰذا عود ہندی کے ساتھ علاج اس کے موافق ہوگا کیونکہ قسط (عود ہندی) خشک کرنے والی ہے بلغم کو خشک کر دے گی، اور عضو کو تقویت دیتی ہے کبھی دوا اپنی خاصیت کی بنا پر فائدہ دیتی ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ یہ از قبیل معجزات ہو۔

۴۳۲۳۔ وَعَنْ اُمِّ قَيْسٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى مَا تَدْغَرْنَ اَوْلَادَكُنَّ بِهٰذَا الْعِلَاقِ عَلَيْكُنَّ بِهٰذَا الْعُوْدِ الْهِنْدِيِّ فَاِنَّ فِيْهِ سَبْعَةَ اَشْفِيَةٍ مِّنْهَا ذَاتُ الْجَنْبِ يُسْعَطُ مِنَ الْعُذْرَةِ وَيُلَدُّ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اُمِّ قیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم گلے آنے سے اپنی اولاد کو کیوں دباتی ہو؟ تم عود ہندی کو اختیار کرو۔ کیونکہ اس میں سات شفائیں ہیں ان میں سے ایک ذات الجنب سلہ (نمونیا) ہے گلے آنے سے یہ دوا ناک میں لی جائے گی اور ذات الجنب ہو تو منہ میں ٹپکائی جائے۔ (صحیحین)

سلہ دغر بہ نقطہ دال، نقطے والی غین، گلے آنے پر انگوٹھے سے تالو کا دبانا، باب فتح یفتح گزشتہ حدیث میں دبانے سے منع فرمایا، اس حدیث میں بھی بطور انکار فرمایا کہ کیوں دباتی ہو اور بچوں کے گلوں کو نیچے کرتی ہو!

علاق عین پر زبر، بعض نسخوں میں اس کے نیچے زیر اور اس کے اوپر پیش بھی لکھا ہے، بعض نسخوں میں بہٰذا العلق بھی آتا ہے، اس کا معنی وہی ہے جو ابھی دغر کا بیان ہوا ہے۔ بعض روایات میں اعلاق ہے ہمزہ کے نیچے زیر، باب افعال سے کہتے ہیں کہ یہ روایت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

زیادہ بہتر اور موزوں ہے پہلی روایت بخاری اور مسلم میں آئی ہے اور دوسری روایت صرف مسلم میں آئی ہے اس کے باوجود دوسری روایت کے زیادہ مشہور ہونے کا دعویٰ کیا گیا ہے، اعلاق کا معنی وہی علاج ہے جو اس سے پہلے بیان ہوا، بعض شارحین کہتے ہیں کہ اس اعلاق کا معنی ہے علوق کا دور کرنا اور زائل کرنا، علوق کا معنی ہے مصیبت اور حادثہ اور اگر اعلاق کا معنی عَلَق کا ازالہ کیا جائے اور عَلَق کا معنی ہے منجمد خون تو اس کی بھی گنجائش ہے ——— تالو کے دبانے سے منع کرنے کے بعد خود اس کا علاج تجویز فرمایا: (جیسے کہ اس کے بعد ارشاد ہے۔

۳ یعنی سات بیماریوں کے لیے شفا ہے۔

۳ ذات الجنب، یہ سینے کے اطراف میں گرمی کی بنا پر پیدا ہونے والا ورم ہے، یہ ورم باطنی پٹھوں اور اس پردے میں ہوتا ہے جو غذا اور سانس کے آلات کے درمیان حائل ہوتا ہے، یہ اس ورم کا خاص نام ہے یہ بڑی سخت اور خوفناک قسم ہے، یا بیرونی اور ظاہری پٹھوں یا بیرونی پردے اور جلد میں ورم پیدا ہوتا ہے[1] ذات الجنب کی بنا پر لاحق ہونے والے عوارض یہ ہیں گرمی کا بخار، کھانسی، ضیق النفس (سانس کا پھولنا) اتنا شدید درد جیسے کوئی سوئی چبھو رہا ہو، پیاس، ذہنی اختلاط، یہ بیماری نہایت سخت اور مہلک بیماریوں میں سے ہے، اس کا علاج دقت سے خالی نہیں ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا علاج قسط بحری سے تجویز فرمایا، دوسری فصل میں امام ترمذی کی روایت کردہ حضرت زید بن ارقم کی حدیث آئے گی کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا علاج قسط بحری اور زیتون کے ساتھ کیا۔

مخفی نہ رہے کہ قسط بحری کے فوائد بہت ہیں۔ جیسے کہ ان میں سے کچھ بیان کیے گئے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان میں سے سات کی طرف اشارہ فرمایا، اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ سات سے زیادہ فوائد نہ ہوں، ہوسکتا ہے کہ سات بڑے اور اہم فائدے ہوں، اس لیے خاص طور پر ذات الجنب کا ذکر فرمایا جو کہ شدید اور مہلک بیماری ہے، بعض شارحین نے کہا ہے اس جگہ سات سے مراد کثرت ہے، خاص عدد مراد نہیں ہے کلام عرب میں ستر کی طرح سات بھی کثرت کے لیے مستعمل ہوتا ہے، واللہ تعالیٰ اعلم ——— اس کے بعد قسط بحری کیساتھ ذات الجنب اور گلے آنے کے علاج میں فرق بیان فرمایا۔

۴۳۲۴/۱۲ وَعَنْ عَائِشَةَ وَرَافِعِ ابْنِ خَدِيْجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْحُمّٰى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ فَابْرِدُوْهَا بِالْمَاءِ.

حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بخار دوزخ کی بھڑاس سے ہے ۱ لہذا اسے پانی کے ساتھ ٹھنڈا کرو ۲

[1] غیاث اللغات میں ہے ذات الجنب جیم پر زبر اور نون ساکن، یہ حجاب میں پیدا ہونے والا ورم ہے، اور حجاب، دل اور معدے کے درمیان ایک پردہ ہے یہ ورم کبھی دائیں جانب اور کبھی بائیں جانب ہوتا ہے اس کی علامت یہ ہے کہ درد کے ساتھ ساتھ بخار اور ضیق النفس ہوتا ہے۔ ۱۲ شرف قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ) (صحیحین)

۱؎ بعض شارحین نے فرمایا کہ بخار کی گرمی کو دوزخ کی آگ سے تشبیہ دینا مقصود ہے، یعنی بخار اس کی نشانی اور اس کا نمونہ ہے، بعض حضرات کے نزدیک حقیقت پر محمول ہے جیسے کہ حدیث صحیح میں آیا ہے کہ جہنم کی آگ نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں گرمی کی شدت کی شکایت کی اور کہا کہ میرے بعض نے بعض کو کھا لیا ہے تو اسے سانس لینے کی اجازت دی گئی، گرمیوں کی تپش اسی کا اثر ہے اور اسی لیے گرمیوں میں ظہر ٹھنڈی کر کے پڑھتے ہیں، تو ہو سکتا ہے کہ بخار کی تپش بھی اسی کا اثر ہو۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲؎ ابن ماجہ کی روایت میں ہے کہ اسے ٹھنڈے پانی سے ٹھنڈا کرو ——— ابردوھا کو دو طرح پڑھا گیا ہے (۱) ہمزہ وصلی اور راء کے پیش کے ساتھ: باب نصر سے (اُبْرُدُوْهَا) (۲) ہمزہ قطعی اور راء کی زیر کے ساتھ بھی پڑھا ہے، (اَبْرِدُوْهَا) علامہ طیبی نے جوہری سے نقل کیا ہے کہ یہ ضعیف لغت ہے۔

یاد رہے کہ یہ علاج بھی طبیبوں کی عقل کے حساب سے باہر دکھائی دیتا ہے، وہ کہتے ہیں کہ مشاہدہ اور تجربہ سے ثابت ہے کہ بخار کا مریض اگر ٹھنڈا پانی استعمال کرے تو اسے نقصان پہنچے گا، اس کا جواب یہ ہے کہ یہ خطاب، اہل حجاز کے ساتھ مخصوص ہے اور اکثر اور اغلب اوقات کے لحاظ سے ہے، کیونکہ انہیں عام طور پر جو بخار آتا ہے وہ روزانہ چڑھنے والا بخار ہوتا ہے جو سورج کی سخت گرمی یا گرم دوا کے استعمال یا بہت تیز حرکت یا غصے یا بیداری کی بنا پر ہوتا تھا اور اس بات پر شک نہیں کہ صفراوی بخار کے لیے پانی کی ٹھنڈک پہنچانا فائدہ مند ہے۔

البتہ اس سے اختلاف ہے کہ پانی سے ٹھنڈا کرنے کی یہی صورت ہے کہ مریض کو پانی پلایا جائے یا غسل کرنے کو بھی شامل ہے بعض محدثین کہتے ہیں کہ پینے اور غسل کرنے دونوں کو شامل ہے، اس کی دلیل وہ حدیث ہے جس میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی کو تپ آجائے تو اس پر تین رات سحری کے وقت پانی ڈالا جائے، ایک دوسری حدیث مسند امام احمد میں ہے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو بخار ہوتا تو پانی کا مشکیزہ طلب فرماتے، پانی سر مبارک پر ڈالتے اور غسل فرماتے۔ جامع ترمذی میں ثابت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی کو تپ آجائے اور تپ نہیں ہے مگر آگ کا ایک ٹکڑا، تو چاہیے کہ اسے ٹھنڈے پانی سے ٹھنڈا کرے، اور چاہیے کہ چلتی ہوئی نہر کے پاس جائے اور فجر کے بعد سورج نکلنے سے پہلے پانی کے چلنے کی جانب کا استقبال کرے (یعنی جدھر سے پانی آرہا ہو اس طرف منہ کر کے کھڑا ہو جائے ۲ ق ن) اور بسم اللہ پڑھ کر کہے یا اللہ! اپنے بندے کو شفا عطا فرما اور اپنے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان سچا کر دکھا (یعنی اس علاج کے سلسلے میں جو آپ نے فرمایا ہے) اور چلتے ہوئے پانی میں تین بار غوطہ لگائے، تین دن تک یہی عمل کرے (الحدیث) ان احادیث سے صراحۃً معلوم ہوتا ہے کہ پانی کے ساتھ ٹھنڈا کرنا غسل کو بھی شامل ہے، اور چونکہ اس جگہ صفراوی بخار مراد ہے جو گرم مزاج والوں کو حرارت کی شدت کے اعتبار سے لاحق ہوتا ہے تو اسے ٹھنڈا کرنے میں بھی شدت ہوگی۔

علامہ طیبی نے نقل کیا ہے کہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ صفراوی بخار کو ٹھنڈا پانی پلا کر اور مریض کے ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پانی میں رکھ کر ٹھنڈا کیا جائے، بخار کا یہ علاج نہایت فائدہ مند ہے، آگ کو بجھانے اور اس کے شعلے کو سرد کرنے کے لیے یہ زود اثر عمل ہے، حکم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یہی ہے کہ پانی سے بخار کی شدت کو کم کیا جائے اور اسے ٹھنڈا کیا جائے، اطباء اس بات کے قائل ہیں کہ صفراوی بخار کے مریض کو ٹھنڈا یخ پانی اور برف پلائی جائے اور ہاتھ پاؤں ٹھنڈے پانی سے دھوئے جائیں (آج کل جب بخار ہو تو ڈاکٹر دودھ سوڈا پلاتے اور برف کی ٹکیاں ماتھے اور ہاتھ پاؤں پر رکھنے کا مشورہ دیتے ہیں ۱۲ ق ن) حضرت اسماء یا حضرت عائشہ صدیقہ سے مروی ہے کہ انہوں نے تپ کی ایک مریضہ کو دیکھا تو انہوں نے اس کے پہلو میں ٹھنڈا پانی انڈیل دیا۔ اور یہ حدیث بیان کی، حضرت عائشہ اور دیگر صحابیات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی مراد کو زیادہ جانتی ہیں، امام احمد کی روایت کردہ حدیث[1] مذکور کا جواب دیتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا معجزہ تھا اسی لیے اس کے آخر میں فرمایا کہ اپنے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان سچ کر دکھایا (طیبی)

پانی کے چھڑکنے سے صراحتہً یہ ثابت نہیں ہوتا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شبکنجے کے پانی سے غسل کیا، یہ روایت پہلے گزر چکی ہے، یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ کی خصوصیت ہوگی[2] انصاف یہ ہے کہ جب ٹھنڈے یخ پانی اور برف کے پانی کا پلانا اور ہاتھ پاؤں کا دھونا علاج ہے، تو حرارت کے زیادہ شدید ہو جانے کی صورت میں غسل بھی درست اور علاج ہو تو کیا حرج ہے؟ تحقیق و تجربہ سے ثابت ہو چکا ہے کہ دھوپ کی تمازت سے پیدا ہونے والے صفراوی بخار کے لیے ٹھنڈے پانی سے نہانا مفید ہے۔

۴۳۲۵ / ۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الرُّقْيَةِ مِنَ الْعَيْنِ وَالْحُمَةِ وَالنَّمْلَةِ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دم کرنے کی اجازت دی، نظر بد، ڈنک[1] اور اندھوریوں[2] سے (مسلم)

[1] حُمَۃ بے نقطہ حاء پر پیش، میم مخفف، زہریلا ڈنک، اس سے مراد بچھو کا ڈنک ہے، سانپ کا ڈسنا اس کے حکم میں ہے، بعض روایات میں ڈنک کے مقابل ڈسنے کا ذکر ہے۔

[2] نَمْلَۃ پہلو اور جسم کے دوسرے حصوں پر نکلنے والی پھنسیاں (چھپاکی) چونکہ یہ چیونٹیوں کی طرح اپنی رفتار کے ساتھ جسم پر

---

[1] ممکن ہے علامہ طیبی نے یہ حدیث امام احمد کے حوالے سے نقل کی ہو، حضرت شیخ محقق شاہ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ نے تو یہ حدیث جامع ترمذی کے حوالے سے بیان کی ہے، جیسے کہ ابھی چند سطور پہلے گزری ہیں، چونکہ علامہ طیبی نے صفراوی بخار کے مریض کو پانی پلانے اور اس کے ہاتھ پاؤں دھونے کا ذکر کیا ہے اس لیے انہیں تاویل کی ضرورت محسوس ہوئی ۱۲ ق ن۔

[2] حالانکہ حضرت شیخ محقق قدس سرہ امام احمد کی روایت میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے شبکنجے کے پانی سے غسل کرنے کی تصریح نقل کر چکے ہیں پھر خصوصیت قرار دینے کی کیا وجہ ہے؟ ۱۲ شرف قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

پھیل جاتی ہیں اس مشابہت کی بنا پر انہیں نملۃ کہا گیا ہے (نملۃ چیونٹی کو کہتے ہیں)

یاد رہے کہ تمام بیماریوں اور تکلیفوں میں دم کرنا جائز ہے، ان تین کے ساتھ مخصوص نہیں ہے، خاص طور پر ان عوارض کے ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ دوسری بیماریوں کی نسبت ان تین میں دم زیادہ مناسب اور مفید ہے، بعض روایات میں حصر بھی آیا ہے کہ دم نہیں ہے مگر ان تین چیزوں میں اس کا محمل بھی یہی تاویل ہے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ پہلے چونکہ جاہلیت کے الفاظ سے دم کیا جاتا تھا اس لیے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دم کرنے سے منع فرمایا تھا، بعدازاں ان تین چیزوں میں دم کرنے کی اجازت دے دی، اس لیے کہ یہ دم بڑا اہم تھا اور لوگوں کو اس کا فائدہ بہت تھا، پھر مطلقاً اجازت دے دی (بشرطیکہ اس میں شرکیہ کلمات نہ ہوں اور نہ ہی ایسے کلمات ہوں جن کا معنی نامعلوم ہو، جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا ۱۲ ق ن)

۴۳۲۶/۱۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ أَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَسْتَرْقِيَ مِنَ الْعَيْنِ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ہم نظرِ بد سے دم کروائیں [1]

(صحیحین)

[1] اس صورت میں نَسْتَرْقِيَ نون کے ساتھ ہے صیغہ متکلم مع الغیر معلوم اَنْ يُسْتَرْقٰى یا کے ساتھ صیغہ مجہول بھی پڑھا گیا ہے، یعنی حکم دیا کہ نظرِ بد سے دم کیا جائے۔ غالباً امر اباحت مراد ہے یعنی دم کرنے اور کرانے کی اجازت ہے۔

گزشتہ حدیث میں تین چیزوں کے خصوصی طور پر ذکر کرنے کی جو وجہ ہے وہی اس حدیث میں خاص طور پر نظرِ بد کے ذکر کی ہے۔

۴۳۲۷/۱۵ وَعَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَأٰى فِي بَيْتِهَا جَارِيَةً فِي وَجْهِهَا سَفْعَةٌ تَعْنِي صُفْرَةً فَقَالَ اسْتَرْقُوْا لَهَا فَإِنَّ بِهَا النَّظْرَةَ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کے گھر میں ایک کنیز دیکھی جس کے چہرے پر زردی [1] چھائی ہوئی تھی، فرمایا: اسے دم کراؤ کیونکہ اسے نظر لگی ہوئی ہے [2]

(صحیحین)

[1] سَفْعَةٌ بے نقطہ سین پر زبر، فا ساکن اور بے نقطہ عین ——— چہرے کی زردی جو کہ نظرِ بد کی علامت تھی سَفْعَةٌ کے کئی معانی ہیں (۱) علامت (۲) مارنا (۳) تھپڑ مارنا (۴) نظرِ بد (۵) آگ اور لو کا چہرے کو جھلسا دینا۔ سُفْعَۃٌ سین پر پیش چہرے کی سرخی مائل سیاہی، راوی نے جو زردی کے ساتھ تفسیر کی ہے تو یہ علامت والے معنی کے مناسب ہے، یا انہوں نے مارنے یا تھپڑ یا نظرِ بد کے اثر کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ساتھ تفسیر کی ہے۔ اسی طرح کہا گیا ہے۔

۲ـ تاکہ اس کی بیماری دور ہو۔

۳ـ ظاہر حدیث مطلق ہے کہ اس لونڈی پر جن کی نظر کا اثر تھا یا انسان کی نظر کا، لیکن شارحین نے اس کی تفسیر جن کی نظر سے کی ہے اور کہتے ہیں کہ جنات کی نظر انسان کی نظر سے زیادہ تیز ہے۔ بعض حواشی میں تردد کا اظہار کیا ہے کہ جن کی نظر تھی یا انسان کی، ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے گھر تشریف لائے، وہاں ایک بچہ تھا اس کے بارے میں کہا گیا کہ اسے نظر لگ گئی ہے فرمایا: اسے نظر بد کا دم کیوں نہیں کرتے!

۴۳۲۸/۱۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرُّقٰى فَجَآءَ اٰلُ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ فَقَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهٗ كَانَتْ عِنْدَنَا رُقْيَةٌ نَرْقِيْ بِهَا مِنَ الْعَقْرَبِ وَاَنْتَ نَهَيْتَ عَنِ الرُّقٰى فَقَالَ اعْرِضُوْهَا فَعَرَضُوْهَا عَلَيْهِ فَقَالَ مَا اَرٰى بِهَا بَاْسًا مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمْ اَنْ يَّنْفَعَ اَخَاهُ فَلْيَنْفَعْهُ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دم پھونک سے منع فرمایا، تو عمرو بن حزم کے گھر والوں نے آ کر عرض کیا کہ یا رسول اللہ! ہمارے پاس ایک دم تھا جس کے ساتھ ہم بچھو کے ڈنک سے دم کرتے تھے،[۱] آپ نے تو دم پھونک سے منع فرما دیا ہے، فرمایا: اسے پیش کرو،[۲] انہوں نے پیش کیا[۳] تو فرمایا: ہم اس میں کوئی حرج نہیں دیکھتے،[۴] تم میں سے جو شخص اپنے بھائی کو نفع دے سکے وہ اسے نفع دے[۵] (مسلم)

۱ـ جن کا کام ہی دم پھونک تھا۔

۲ـ تاکہ معلوم ہو جائے کہ اس کے ساتھ دم کرنا درست ہے یا نہیں۔

۳ـ انہیں اجازت دے دی اور فرمایا۔

۴ـ جس طرح بھی ہو سکے خواہ دم کے ذریعے ہو یا اس کے علاوہ، بشرطیکہ اس میں شرعی ممانعت نہ پائی جائے۔

۴۳۲۹/۱۷ وَعَنْ عَوْفِ ابْنِ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيِّ قَالَ كُنَّا

حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم دورِ جاہلیت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تَرْقِیْ فِی الْجَاهِلِیَّةِ فَقُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَیْفَ تَرٰی فِیْ ذٰلِكَ فَقَالَ اعْرِضُوْا عَلَیَّ رُقَاكُمْ لَا بَأْسَ بِالرُّقٰی مَا لَمْ یَكُنْ فِیْهِ شِرْكٌ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

میں دم کیا کرتے تھے، ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! دم کرنے کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؟ فرمایا: تم اپنے دم ہمارے سامنے پیش کرو، دم پھونک میں حرج نہیں ہے جب تک اس میں شرک نہ ہو۔ (مسلم)

۱؎ حضرت عوف بن مالک اشجعی صحابی ہیں، وہ پہلے پہل خیبر میں حاضر ہوئے فتح مکہ کے دن بنو اشجع کا جھنڈا ان کے پاس تھا، شام میں سکونت اختیار کی اور وہیں ۷۳ھ میں رحلت ہوئی۔

۲؎ کہ ہم دم کریں یا نہ؟

۳؎ تاکہ ہم دیکھیں کہ ان کے معنی کیا ہیں؟ تاہم قاعدہ کلیہ یہ ہے (جو اس کے بعد بیان فرمایا)

۴؎ جب تک کہ اس میں ایسی چیز نہ ہو جس سے شرک و کفر لازم آئے، یعنی جنوں اور شیطانوں کے نام نہ ہوں، اور اس کے معانی سے کفر لازم نہ آئے، اسی لیے کہتے ہیں جس کا معنی معلوم نہ ہو اس کے ساتھ دم نہیں کر سکتے، ہاں اگر وہ کلمات شارع علیہ السلام سے نقل صحیح کے ساتھ منقول ہوں تو ان کے ساتھ دم کر سکتے ہیں)

علماء کرام کہتے ہیں کہ جنوں کو چونکہ طبعی طور پر انسانوں سے دشمنی ہے اس لیے شیاطین کے ساتھ ان کی دوستی ہے، جب شیاطین کے ناموں سے دم وغیرہ کیا جائے تو جنات ان کی تعمیل کرتے ہیں اور اپنی جگہ سے باہر چلے جاتے ہیں، یہی حال سانپ کے ڈسے ہوئے آدمی کا ہے، کیونکہ یہ بھی بعض اوقات جن کا اثر ہوتا ہے، جن سانپ کی صورت میں آکر ڈس لیتا ہے، جب شیطانوں کے نام پر مشتمل منتر پڑھا جاتا ہے تو زہر انسانی جسم سے نکل جاتا ہے، اور اس سے دور ہو جاتا ہے۔

اسی لیے اگر خاص طور پر قرآن پاک اور اللہ تعالیٰ کے اسماء اور صفات کے بغیر دم کیا جائے تو مکروہ ہے، مختصر یہ کہ علمائے امت کا اس پر اتفاق ہے کہ قرآن پاک اور اللہ تعالیٰ کے اسماء و صفات کے بغیر دم کرنا مکروہ ہے، سب سے بڑا دم قرآن کریم ہے، اور اس میں سے افضل سورۂ فاتحہ، معوذتین (آخری دو سورتیں) آیۃ الکرسی اور وہ آیات ہیں جو استعاذہ کے معنی (اللہ تعالیٰ کی پناہ طلب کرنے، اور دوسروں کو اللہ تعالیٰ کی پناہ میں دینے والے کلمات پر مشتمل وہ دعائیں جو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے پڑھی ہیں، وہ دعائیں احادیث صحیحہ میں ثابت ہیں اور کتب حدیث میں مذکور ہیں، ان میں سے کچھ دعائیں کتاب سفر السعادۃ میں لائے ہیں، حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب کسی کی نظر اپنے مال، بیٹے یا کسی بھی پسندیدہ چیز پر پڑے تو اسے کہنا چاہیے مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ (جو کچھ اللہ تعالیٰ نے چاہا، نہیں ہے طاقت مگر اللہ تعالیٰ کی امداد سے) حضرت عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ انہوں نے ایک خوبصورت لڑکے کو دیکھا تو فرمایا کہ اسکی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ٹھوڑی پر سیاہی لگا دو تاکہ اسے بُری نظر نہ لگے ، حضرت مجاہد سے مروی ہے کہ اس میں حرج نہیں کہ قرآن پاک لکھا جائے اور اسے دھو کر پانی بیمار کو پلایا جائے ، اس سے مراد مطلق قرآن (قرآن پاک کی کوئی سی آیت) ہے . یا وہ آیات جو شفاء کے معانی پر مشتمل ہیں یا وہ آیات جو اللہ تعالیٰ کے اسماء و صفات پر مشتمل ہیں اور یہی (آخری احتمال) زیادہ مناسب ہے، مشہور رسم آیاتِ شفاء ہیں ۔

شیخ امام ابوالقاسم قشیری سے منقول ہے کہ میرا بیٹا سخت بیمار ہو گیا ، یہاں تک کہ وہ موت کے دہانے پر پہنچ گیا ، اس کی حالت بڑی نازک ہو گئی ، مجھے خواب میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی ، میں نے آپ کی بارگاہ میں بیٹے کی حالتِ زار عرض کی تو فرمایا : تم آیاتِ شفاء سے کیوں دور ہو ؟ بیدار ہونے پر میں نے قرآن پاک پر آیاتِ شفاء تلاش کیں ، جو مجھے چھ مقامات پر ملیں ۔ اور وہ یہ ہیں ۔

۱- وَيَشْفِ صُدُورَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِينَ (۱۴/۹) اور ایمان والوں کا جی ٹھنڈا کرے گا ۔

۲- وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ (۵۷/۱۰) اور دلوں کی صحت

۳- يَخْرُجُ مِنْ بُطُونِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ أَلْوَانُهُ فِيهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ (۶۹/۱۶) اس (شہد کی مکھی) کے پیٹ سے ایک پینے کی چیز، رنگ برنگ نکلتی ہے، جس میں لوگوں کی تندرستی ہے ۔

۴- وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ (۸۲/۱۷) اور ہم قرآن میں اتارتے ہیں وہ چیز جو ایمان والوں کے لیے شفاء اور رحمت ہے ۔

۵- وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ (۸۰/۲۶) اور جب میں بیمار ہوں تو وہی مجھے شفاء دیتا ہے ۔

۶- قُلْ هُوَ لِلَّذِينَ آمَنُوا هُدًى وَشِفَاءٌ (۴۴/۴۱) تم فرماؤ وہ (قرآن شریف) ایمان والوں کے لیے ہدایت اور شفاء ہے ۔

میں نے یہ آیات لکھیں اور انہیں پانی میں دھو کر اپنے بیٹے کو پلایا تو وہ اسی وقت تندرست ہو گیا ، جیسے اس کے پاؤں سے بیڑی کھول دی گئی ہو ، اسی طرح مواہب لدنیہ میں ہے ، اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ۔ (ترجمہ) اور ہم قرآن میں وہ چیز اتارتے ہیں جو ایمان والوں کے لیے شفاء اور رحمت ہے ، قاضی بیضاوی نے اس آیت کی تفسیر میں آیاتِ شفاء کی طرف اشارہ کیا ہے ، سعد چلپی نے حاشیہ بیضاوی میں آیات مذکورہ کا تعین کیا ہے اور استاذ ابوالقاسم قشیری کا واقعہ نقل کیا ہے ، یہ بھی بیان کیا کہ انہیں خواب میں اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوا ، مذکورہ آیات کے بیمار پر پڑھنے اور چینی کے برتن میں لکھ کر اسے پانی سے دھونے اور اس پانی کے مریض کو پلانے کا ذکر بھی کیا ، شیخ تاج الدین سبکی سے نقل کیا کہ میں نے بہت سے مشائخ کو دیکھا جو بیمار کی صحت کے لیے یہ آیات لکھتے تھے ، راقم الحروف[1] نے

[1] حضرت شیخ محقق شیخ عبدالحق محدث دہلوی قدس سرہ ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بھی حضرت شیخ عبدالوہاب متقی مکی رحمۃ اللہ تعالیٰ سے بیماروں کے لیے اس عمل کا مشاہدہ کیا ـــــ رہی یہ بات کہ اس سے پہلے جو حصے نقل کیے گئے ہیں وہ آیات کے اجزاء ہیں، یہی لکھے جائیں یا پوری آیات لکھی جائیں، تو جو کچھ دیکھنے میں آیا ہے وہ ان ہی اجزاء کا لکھنا ہے۔

۴۳۳۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعَيْنُ حَقٌّ فَلَوْ كَانَ شَيْءٌ سَابَقَ الْقَدَرَ سَبَقَتْهُ الْعَيْنُ وَإِذَا اسْتُغْسِلْتُمْ فَاغْسِلُوا۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما راوی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نظر حق ہے [1] اگر کوئی چیز تقدیر پر سبقت لے جا سکتی [2] تو نظر سبقت لے جاتی [3] اگر تم سے اعضاء کے دھونے کا مطالبہ کیا جائے تو دھو دو [4] (مسلم)

[1] نظر کا لگنا اور آدمی اور ہر اس چیز پر اثر انداز ہونا جسے پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا جائے، اللہ تعالیٰ کی تقدیر سے واقع اور حق ہے، اللہ تعالیٰ نے یہ خاصیت بعض نفوس میں رکھی ہے جیسے کہ جادو میں تاثیر رکھی ہے۔ اور عادت الٰہیہ کے مطابق نظر اس چیز کے نقصان اور ہلاکت کا سبب بنا دی ہے۔

[2] بعض روایات میں ہے دَلَوْ كَانَ اگر کوئی چیز تقدیر الٰہی سے سبقت لے جا سکتی ہے اور اس پر غلبہ پا سکتی۔

[3] ایک روایت میں ہے لَسَبَقَتْهُ تو نظر تقدیر پر سبقت لے جاتی اور اسے تبدیل کر دیتی، نظر کی تاثیر کی شدت اور اشیاء میں تیزی کے ساتھ اس کے اثر انداز ہونے کے لیے بطور مبالغہ بیان کیا گیا ہے۔

[4] لوگوں کی عادت تھی کہ جس کی نظر لگی ہو اسے کہا جاتا کہ وہ ہاتھ پاؤں اور اپنا سر دھوئے اور جسے نظر لگی ہوتی اس پر وہ پانی ڈال دیتے اور اسے شفاء کا سبب جانتے تھے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس بارے میں اجازت عطا فرمائی [1] اشیاء میں جو خاصیتیں رکھی گئی ہیں ان کا انکار نہیں کیا جا سکتا کم از کم حاصل ہونے والا فائدہ یہ ہے

---

[1] اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عوام میں مشہور ٹوٹکے اگر خلاف شرع نہ ہوں تو ان کا بند کرنا ضروری نہیں، دیکھو نظر والے کے ہاتھ پاؤں دھو کر منظور کو چھینٹا مارنا عرب میں مروج تھا حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کو باقی رکھا، ہمارے ہاں تھوڑی سی آٹے کی بھوسی تین سرخ مرچیں منظور پر سات بار گھما کر سر سے پاؤں تک پھر آگ میں ڈال دیتے اگر نظر ہوتی ہے تو بھس نہیں اٹھتی اور رب تعالیٰ شفاء دیتا ہے، جیسے دواؤں میں نقل کی ضرورت نہیں تجربہ کافی ہے، ایسے ہی دعاؤں اور ایسے ٹوٹکوں میں نقل ضروری نہیں خلاف شرع نہ ہوں تو درست ہیں اگرچہ ماثورہ دعائیں افضل ہیں ۱۲ مرآۃ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کر دہم دور ہو جاتا ہے ، وہ امور تو بہر حال ثابت ہیں جنہیں شارع علیہ السلام کی تائید و تجویز حاصل ہے ___ اعضاء کے دھونے کا طریقہ دوسری فصل کے آخر میں حضرت ابو امامہ کی حدیث میں آئے گا۔

اس جگہ یہ بیان کرنا ضروری ہے کہ نظر بد کی حقیقت اور اس کی کیفیت کیا ہے ؟ جمہور علماء اہلِ حق اس امر کے قائل ہیں کہ جن اشیاء کو پسندیدگی کی نظر سے دیکھا جائے خواہ وہ جان ہو ، مال ہو یا کوئی دوسری چیز انہیں نظر کا لگنا اور نظر کا نقصان پہنچانا ثابت اور برحق ہے ، اگر معتزلہ وغیرہ بعض لوگ اس کا انکار کرتے ہیں ، جیسے کہ دعا اور صدقے کی تاثیر کا انکار کرتے ہیں کہ تقدیر میں جو کچھ فیصلہ ہو چکا ہے وہ ہو کر رہے گا کسی دوسری چیز کا اس میں دخل نہیں ہے ، یہ نہیں جانتے کہ تقدیر ، عالم اسباب کے منافی نہیں ہے ، جیسے کہ یہ حقیقت اپنی جگہ پر ثابت ہو چکی ہے ، نظر کی تاثیر اور اس کے سبب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ خاصیت اس میں رکھی ہے اور اپنی عادت کریمہ کے مطابق اس میں پیدا فرمائی ہے اور اسے سبب بنایا ہے جمہور کی دلیل یہ حدیث ہے اَلْعَیْنُ حَقٌّ نظر برحق ہے ، یعنی یہ امر ممکن ہے اور جب شارع علیہ السلام نے اس کی خبر دی ہے تو اس کا عقیدہ رکھنا واجب ہے۔

علمائے دین نے نظر کی کیفیت کے بارے میں گفتگو کی ہے کہ وہ کس طرح لگتی ہے اور کس طرح نقصان پہنچاتی ہے بعض نظر والوں سے منقول ہے کہ جب ہم کسی چیز کو پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھتے ہیں تو ہمیں یوں محسوس ہوتا ہے کہ ہماری آنکھ سے حرارت نکل رہی ہے ، بعض علماء نے کہا ہے کہ نظر والے کی آنکھ سے ایک زہریلی قوت اٹھتی ہے ، جس سے درمیانی ہوا متکیف ہو جاتی ہے ، وہ ہوا منظور کے جسم سے لگتی ہے تو اس کی ہلاکت اور فساد کا سبب بن جاتی ہے جیسے کہ سانپ اور بچھو کی زہر ، ڈسے ہوئے آدمی تک پہنچ کر اسے نقصان پہنچاتی ہے ، کچھ سانپوں کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ صرف ان کے دیکھنے سے زہر پہنچ جاتا ہے اور ہلاکت کا باعث بن جاتا ہے ۔ مختصر یہ کہ نظر والے کی طرف سے تیر ایسی چیز منظور کی طرف جاتی ہے ، اگر حفاظت کرنے والی کوئی چیز درمیان میں مانع نہ ہو تو پہنچتی ہے اور اثر انداز ہوتی ہے ، اگر درمیان میں حرز ، تعویذ اور دعا ایسا مانع موجود ہو تو اثر نہیں کرتی اور اگر حفاظت کرنے والی چیز سخت اور طاقت ور ہو تو ہو سکتا ہے کہ وہ نظر والے کی طرف پلٹ جائے ، جیسے کہ ڈھال اگر سخت اور مضبوط ہو تو تیر ، مارنے والے کی طرف بھی پلٹ جاتا ہے ، جیسے کچھ لوگوں میں نظر بد کی قوت اور خاصیت رکھی ہوئی ہے اسی طرح باکمال نفوس کو اس کے دفع کرنے کی قوت بھی دی ہوئی ہے ۔ بعض اہل علم نے کہا کہ کسی بھی چیز کو نظر اس وقت لگتی ہے جب وہ کمال کو پہنچ جائے ہر امکن کے) کمال کے پیچھے نقص اور زوال ہے ، چونکہ نظر لگنے کے بعد تقدیر ظاہر ہوتی ہے اس لیے نظر کی طرف نسبت کر دی جاتی ہے [1]

---

[1] محدث اعظم پاکستان مولانا محمد سردار احمد قدس سرہ (فیصل آباد) فرمایا کرتے تھے کہ بری نظر بھی لگتی ہے اور اچھی نظر بھی ، باقی حاشیہ آئندہ صفحہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

۴۳۳۱ / ۱۹
عَنْ اُسَامَةَ بْنِ شَرِيْكٍ قَالَ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَنَتَدَاوٰى قَالَ نَعَمْ يَا عِبَادَ اللّٰهِ تَدَاوَوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَضَعْ دَآءً اِلَّا وَضَعَ لَهٗ شِفَآءً غَيْرَ دَآءٍ وَّاحِدٍ اَلْهَرَمُ. (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت اسامہ بن شریک[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کرام نے عرض کیا یارسول اللہ! کیا ہم دوا استعمال کریں[2]؟ فرمایا: ہاں! اے اللہ کے بندو! دوا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کوئی بیماری نہیں رکھی[3] مگر اس کے لیے شفاء رکھی ہے[4] سوائے ایک بیماری کے بڑھاپا ہے[5]
(امام احمد، ترمذی، ابوداؤد)

[1] اسامہ بن شریک لفظوں والے شین پر زبر، راء کے نیچے زیر: صحابی ہیں اہل کوفہ میں شمار کیے جاتے ہیں۔

[2] کیا ہم طب کا اعتبار کریں اور علاج معالجہ کریں؟ یا اسے چھوڑ دیں اور اللہ تعالیٰ پر توکل کریں۔

[3] اور پیدا نہیں کی۔

[4] جو اس بیماری کے لیے شفاء کا سبب ہے۔

[5] اور وہ لاعلاج مرض ہے۔

۴۳۳۲ / ۲۰
وَعَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت عقبہ بن عامر[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ

بقیہ حاشیہ سابقہ صفحہ میں بھی حضرت حجۃ الاسلام مولانا حامد رضا بریلوی قدس سرہ کی نظر لگ گئی تھی چنانچہ ہم سکول کالج چھوڑ کر بریلی شریف پہنچ گئے اور علوم دینیہ حاصل کرنے میں مشغول ہو گئے (الخ) شیخ المشائخ مرشدنا و مرشد العصر حضرت اخندزادہ سیف الرحمن صاحب مدظلہ تعالیٰ پیر ارچی کی نگاہ کیمیا اثر کی بدولت لاکھوں افراد ذکر و فکر کی کیفیات سے سرشار اور اتباع شریعت کا پیکر بن چکے ہیں، تین ہزار سے زیادہ افراد وہ ہیں جو سلسلہ نقشبندیہ کے سلوک کا نصاب طے کر کے اجازت و خلافت سے سرشار ہو چکے ہیں اور رشد و ہدایت کے فرائض انجام دے رہے ہیں ایسے حضرات بھی بکثرت ہیں جنہوں نے سلاسل اربعہ کا سلوک مکمل کر کے سند خلافت حاصل کی ہے ۱ محمد عبدالحکیم شرف قادری نقشبندی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُكْرِهُوْا مَرْضَاكُمْ عَلَى الطَّعَامِ فَإِنَّ اللّٰهَ يُطْعِمُهُمْ وَ يَسْقِيْهِمْ.
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے بیماروں کو کھانے پر مجبور نہ کرو، کیونکہ اللہ تعالیٰ انہیں کھلاتا اور پلاتا ہے ؎۳
(ترمذی، ابن ماجہ)
امام ترمذی نے کہا یہ حدیث غریب ہے۔

؎۱ عقبہ بن عامر مشہور صحابی ہیں، ان کے احوال کئی بار لکھے جا چکے ہیں۔
؎۲ مشروب (پانی وغیرہ) کا ذکر نہیں فرمایا کہ وہ کھانے کے تابع ہیں۔
؎۳ یعنی اللہ تعالیٰ طاقت عطا فرماتا ہے اور اس چیز کے ساتھ امداد دیتا ہے جو کھانے اور پانی کی طرح تقویت دیتی ہے، قوت و طاقت کا برقرار رہنا کھانے پینے سے نہیں ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کی قدرت سے ہے، خلاصہ یہ کہ نفس انسانی ایسی چیز کے ساتھ معروف ہے کہ اسے کھانے کی حاجت نہیں ہے، اگر حسب معمول حرارت غریزی کے ذریعے جسم کی ردی رطوبتوں کو زائل کر دے تو وہی کافی ہے۔

۴۳۳۲ (۲۱) وَعَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَوَى أَسْعَدَ بْنَ زُرَارَةَ مِنَ الشَّوْكَةِ.
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لالی کی بیماری ؎۱ کی بنا پر حضرت اسعد بن زرارہ کو داغ دیا۔
(ترمذی) انہوں نے فرمایا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

؎۱ یہ ایک بیماری ہے جس میں (پہلے تو چہرہ سرخ ہوتا ہے پھر) تمام جسم پر سرخی پھیل جاتی ہے، یہ معلوم نہیں ہو سکا کہ اس بیماری کی بنا پر کس جگہ داغ لگایا گیا۔

۴۳۳۳ (۲۲) وَعَنْ زَيْدِ بْنِ أَرْقَمَ قَالَ أَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ نَتَدَاوٰى مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ بِالْقُسْطِ الْبَحْرِيِّ وَالزَّيْتِ.

حضرت زید بن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ہمیں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ ذات الجنب (نمونیہ) کا قسط بحری اور زیتون سے علاج کریں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ) (ترمذی)

۴۳۳۵ وَعَنْہُ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَنْعَتُ الزَّیْتَ وَالْوَرْسَ مِنْ ذَاتِ الْجَنْبِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ذات الجنب کے علاج کے طور پر زیتون اور ورس[۱] کی تعریف فرماتے تھے۔ (ترمذی)

[۱] ورس واؤ پر زبر، راء ساکن، زعفران جیسی زرد گھاس جس کے ساتھ رنگ دیتے ہیں۔ ظاہر یہ ہے کہ ان چیزوں کے ساتھ نمونے کا علاج بطور خوراک ہوگا۔

۴۳۳۶ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَیْسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَاَلَہَا بِمَا تَسْتَمْشِیْنَ قَالَتْ بِالشُّبْرُمِ قَالَ حَارٌّ جَارٌّ قَالَتْ ثُمَّ اسْتَمْشَیْتُ بِالسَّنَا فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ شَیْئًا کَانَ فِیْہِ الشِّفَاءُ مِنَ الْمَوْتِ لَکَانَ فِی السَّنَا۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ غَرِیْبٌ)

حضرت اسماء بنت عمیس[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان سے پوچھا کہ تم کس چیز سے جلاب لیتی ہو؟[۲] انہوں نے عرض کیا شبرم[۳] سے فرمایا: گرم ہے، گرم ہے۔ پھر میں نے سنا[۴] سے جلاب لیا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر کسی چیز میں موت سے شفاء ہوتی تو سنا میں ہوتی[۵] (ترمذی، ابن ماجہ) امام ترمذی نے کہا یہ حدیث حسن غریب ہے۔

[۱] اسماء بنت عمیس عین پر پیش، میم پر زبر، خثعمیہ خوب رو اور دانشور خاتون (صحابیہ) پہلے حضرت جعفر بن ابی طالب کے نکاح میں تھیں، بعد ازاں حضرت ابوبکر صدیق کے عقد میں آئیں، ان کے بعد حضرت علی مرتضیٰ کی رفیقۂ حیات رہیں، اور ان کے شکم سے تینوں صحابہ کرام کے صاحبزادے پیدا ہوئے۔

[۲] مَشِیّ میم پر زبر، شین کے نیچے زیر اور یاء مشدد، فعیل جلاب لانے والی دوا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کو کہتے ہیں۔ مَشْیٌ سے مشتق ہے جس کا معنی راستے پر چلنا ہے، جلاب آور دوا انسان کو قضائے حاجت کیلئے چلنے پر مجبور کر دیتی ہے۔

۳ شبرم نقطے والے شین پر پیش، با ساکن اور را پر پیش، جلاب آور گھاس، بعض علماء نے کہا کہ وہ ایک دانہ ہے جسے پکایا جاتا ہے اور اس کا پانی پیا جاتا ہے، سفر السعادۃ میں ہے کہ حجاز کی معروف گھاس جس کا چھلکا اور جڑ کام آتی ہے۔

۴ حَارٌّ جَارٌّ برازقبیل اتباع ہے جس کا معنی یہ ہے کہ با معنی لفظ کے بعد اس کے ساتھ ملتا جلتا کوئی لفظ مبالغہ کے لیے لایا جاتا ہے جیسے حسن بسن (اور روٹی شوٹی) بعض شارحین نے دونوں کو حا کے ساتھ پڑھا ہے۔
بہر صورت معنی یہ ہے کہ شبرم بہت گرم ہے، کہتے ہیں کہ چوتھے درجے میں گرم ہے، اطبا نے خطرے اور جلابوں کی کثرت کی بنا پر اس کے استعمال سے منع کیا ہے۔

۵ سنا سین پر زبر آخر میں الف مقصورہ، بعض نے الف ممدودہ بھی پڑھا ہے، خطہ حجاز میں پیدا ہونیوالی ایک بوٹی ہے، اس کی بہترین قسم سنا مکی ہے، یہ عمدہ قسم کی دوا ہے جس میں نقصان کا کوئی خوف نہیں ہے، اعتدال کے قریب اور درجہ اول میں گرم ہے، صفراء، سوداء اور بلغم کو جلاب کے ذریعے خارج کر دیتی ہے، دل کو تقویت دیتی ہے، سوداوی وسوسوں کو دور کرنے میں فائدہ دیتی ہے۔

۶ یعنی مردے کو زندہ کر دیتی ہے یا جو اسے کھاتا کبھی نہ مرتا۔

۷ سنا کی تعریف اور مختلف بیماریوں سے اس کے شفاء دینے کا بطور مبالغہ بیان ہے، ایک دوسری حدیث میں آیا ہے کہ اس میں شفاء ہے سوائے موت کے۔

۴۴۳۷/۲۵ وَعَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ الدَّاءَ وَالدَّوَاءَ وَجَعَلَ لِکُلِّ دَاءٍ دَوَاءً فَتَدَاوَوْا وَلَا تَدَاوَوْا بِحَرَامٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابو الدرداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے بیماری اور دوا نازل۱ کی ہے اور ہر بیماری کے لیے دوا مقرر کی ہے، تو تم دوا دارو کرو۲ لیکن حرام۳ چیز سے دوا نہ کرو۔

۱ یعنی پیدا کی ہے۔

۲ اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو تمہیں شفاء دیگا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳؎ جو تم پر حرام ہے، مثلاً شراب، خنزیر وغیرہ۔

۴؎ یاد رہے کہ حرام چیزوں سے مطلقاً اور شراب سے خصوصاً علاج کی ممانعت کے بارے میں متعدد حدیثیں آئی ہیں، حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ راوی ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے تمہاری شفا اس چیز میں نہیں رکھی جو اس نے تم پر حرام کی ہے، جب حضرت طارق جعفی نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے شراب بنانے کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے انہیں منع فرمایا: انہوں نے عرض کیا کہ میں دوا کے لیے بناتا ہوں تو فرمایا: وہ دوا نہیں بلکہ بیماری ہے اور ارشاد فرمایا کہ جو شخص شراب سے علاج کرے اللہ تعالیٰ اسے شفا نہ دے، بعض محققین اسلامی اطباء کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جو شراب کے بارے میں فرمایا ہے وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ اس میں لوگوں کے فائدے ہیں تو اس سے مراد بدنی منفعت اور جسمانی صحت نہیں ہے، بلکہ طبیعت کا وہ سرور اور نشاط ہے جو اس کے پینے سے پیدا ہوتا ہے۔ اور بالآخر بدن کے لیے نقصان دہ اور مہلک ہے، جیسے کہ شراب کے عادیوں کے حال سے ظاہر ہوتا ہے (اھ) یوں معلوم ہوتا ہے کہ ان اطباء کا قول تَنَزُّل پر مبنی ہے، ورنہ یہ آیت اللہ تعالیٰ کے اس فرمان رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوْهُ (پلیدی ہے شیطان کے عمل سے اس سے بچو) سے منسوخ ہے، فقہ کی بعض روایات میں آیا ہے کہ اگر حاذق اطباء اس امر پر متفق ہو جائیں کہ اس بیماری کا علاج سوائے اس دوا کے کوئی نہیں ہے تو اس کے ساتھ علاج جائز ہے، لیکن مخفی نہ رہے کہ حاذق اطباء کا موجود ہونا اور ان کا متفق ہونا کہ علاج ایک ہی دوا میں منحصر ہے بہت ہی مشکل ہے۔

۲۳۳۸ / ۲۶ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الدَّوَاءِ الْخَبِيْثِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پلید۱؎ دوا سے منع فرمایا: (امام احمد، ابوداؤد، ترمذی ابن ماجہ)

۱؎ جو پلید اور حرام ہو، یا خبیث سے مراد بدذائقہ اور بدبودار دوا ہے، جس کے استعمال سے طبیعت متنفر ہو، ایسی دوا بھی اچھی نہیں ہے، اس میں فائدہ کم ہے اور طبیعت اسے قبول نہیں کرتی، اس صورت میں نہی تنزیہی ہوگی۔

۲۳۳۹ / ۲۷ وَعَنْ سَلْمٰى خَادِمَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خادمہ سلمیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَتْ مَا كَانَ اَحَدٌ يَّشْتَكِىْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَجَعًا فِىْ رَاْسِهٖ اِلَّا قَالَ اِحْتَجِمْ وَلَا وَجَعًا فِىْ رِجْلَيْهِ اِلَّا قَالَ اخْتَضِبْهُمَا۔

کہ جو شخص بھی رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس سر درد کی شکایت کرتا تو آپ اسے فرماتے پچھنے لگواؤ[2] اور جو شخص پاؤں میں درد کی شکایت کرتا اسے فرماتے پاؤں کو[3] خضاب لگاؤ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤدَ) (ابوداؤد)

[1] حضرت سلمیٰ دراصل نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پھوپھی صفیہ بنت عبدالمطلب رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی آزاد کردہ کنیز تھیں وہ، سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام حضرت ابورافع کی بیوی حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی اولاد اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے صاحبزادے حضرت ابراہیم کی دایہ اور (جلیل القدر صحابیہ) تھیں۔

[2] اور خون نکلواؤ۔

[3] مہندی سے۔

۴۳۴۰ وَعَنْهَا قَالَتْ مَا كَانَ يَكُوْنُ بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُرْحَةٌ وَّلَا نَكْبَةٌ اِلَّا اَمَرَنِىْ اَنْ اَضَعَ عَلَيْهَا الْحِنَّاءَ۔ ۲۸

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے کوئی زخم[1] یا خراش[2] ہوتی تو مجھے حکم دیتے کہ میں اس پر مہندی لگا دوں۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ) (ترمذی)

[1] پہلے حرف پر پیش یا زبر، زخم، قَرح کا بھی یہی معنیٰ ہے، مصدر کے معنیٰ (زخم لگانے) میں بھی آتا ہے، بعض علماء نے کہا کہ قَرح حجاز کی لغت ہے، بعض کہتے ہیں کہ پہلے حرف پر پیش ہو (قُرح) تو اسم ہے (بمعنی زخم) اور زبر ہو تو مصدر ہے (اس کا معنی ہے زخم لگانا)

[2] نون پر زبر، کاف ساکن، رنج و مصیبت، اس جگہ وہ کسی عضو پر لگنے والا زخم مراد ہے اور قرحہ سے مراد وہ پھوڑا پھنسی ہے جو خون کے جوش وغیرہ کی بنا پر نمودار ہوتا ہے، مجمع البحار میں ہے نَکْبٌ نون پر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

زبر اور کاف ساکن، پتھر یا کانٹے سے پیدا ہونے والا زخم۔

۴۳۴۱/۲۹ وَعَنْ اَبِیْ كَبْشَةَ الْاَنْمَارِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَحْتَجِمُ عَلٰى هَامَتِهٖ وَبَيْنَ كَتِفَيْهِ وَيَقُوْلُ مَنْ اَهْرَاقَ مِنْ هٰذِهِ الدِّمَاءِ فَلَا يَضُرُّهٗ اَنْ لَّا يَتَدَاوٰى بِشَيْءٍ لِشَيْءٍ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت ابو کبشہ[1] انماری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سر کی مانگ پر اور کندھوں کے درمیان پچھنے لگوایا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ جس نے ان خونوں[2] سے گرایا اسے کچھ نقصان نہیں کہ کسی دوا سے کسی بیماری کے لیے علاج نہ کرے۔ (ابو داؤد، ابن ماجہ)

[1] اَبُوْ كَبْشَةَ کاف پر زبر، ایک نقطے والی با ساکن، اس کے بعد نقطوں والی شین۔ اَلْاَنْمَارِيّ ہمزے پر زبر اور نون ساکن، صحابی ہیں، شام میں قیام پذیر ہوئے۔

[2] ظاہر یہ ہے کہ مذکورہ اعضاء کے خون مراد ہیں، یا مطلق خون مراد ہے، چاہے کسی بھی عضو کے ہوں۔

۴۳۴۲/۳۰ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْتَجَمَ عَلٰى وَرِكِهٖ مِنْ وَثْءٍ كَانَ بِهٖ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ران کے اوپر[1] پچھنے لگوائے۔ کیونکہ وہاں ٹھیس[2] لگی ہے۔ (ابو داؤد)

[1] واؤ پر زبر، راء کے نیچے زیر، ران کا بالائی حصہ۔

[2] واؤ پر زبر تین نقطوں والی ثاء ساکن، اس کے بعد ہمزہ، کسی عضو کی ٹوٹے بغیر لاحق ہونے والی تکلیف اور ٹھیس، اسی طرح علامہ طیبی نے کہا۔

۴۳۴۳/۳۱ وَعَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ حَدَّثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ لَيْلَةٍ اُسْرِيَ بِهٖ اَنَّهٗ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے شب معراج کے بارے میں بیان کرتے ہوئے فرمایا: کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَوْ يَمُرُّ عَلٰى مَلَاٍ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِلَّا اَمَرُوْهُ مُرْ اُمَّتَكَ بِالْحِجَامَةِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ حَسَنٌ غَرِيْبٌ)

آپ فرشتوں کی جس جماعت کے پاس سے گزرے انہوں نے کہا[1] کہ آپ اپنی امت کو پچھنے لگوانے کا حکم دیں[2] (ترمذی، ابن ماجہ) امام ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث حسن غریب ہے۔

[1] یعنی آپ کو اللہ تعالیٰ کا حکم پہنچایا۔

[2] ظاہر یہ ہے کہ حجامت سے مراد خون نکالنا ہے جو فصد وغیرہ کو شامل ہے۔ جیسے کہ حدیث شریف اَلشِّفَاءُ فِيْ ثَلٰثٍ شَرْطِ مِحْجَمٍ کی شرح میں بیان کیا گیا ہے، بعض شارحین نے فصد کے مقابل قرار دیا ہے اور کہا کہ حجامت کی فضیلت کی وجہ یہ ہے کہ حجامت جلد کے اطراف سے خون نکالتی ہے، تمام اطباء اس بات پر متفق ہیں کہ گرم علاقوں میں فصد کی نسبت حجامت افضل ہے، کیونکہ ان کا خون پتلا اور پختہ ہوتا ہے اور بدن کی سطح پر آجاتا ہے جو فصد سے نہیں بلکہ حجامت سے نکلتا ہے، فصد بدن کی گہرائی کے لیے مفید ہوتا ہے اور ٹھنڈے علاقوں کے مناسب ہوتا ہے، غالباً امت سے مراد عرب لیے گئے ہیں کیونکہ اس وقت افراد امت میں سے وہی موجود تھے، یا آپ کی امت سے مراد آپ کی قوم لی گئی ہے، علامہ طیبی نے فرمایا: فرشتوں نے حجامت کے بارے میں مبالغہ کیا اس کی ایک وجہ تو مشہور ہے، اس کے علاوہ ایک دوسری وجہ بھی ہے اور وہ یہ کہ اس کے جسمانی فوائد میں سے ایک فائدہ یہ ہے کہ خون، فوائد حیوانیہ کی بنیاد ہے، جب خون بدن میں کم ہوگا تو مکاشفات غیبیہ سے مانع فوائد نفسانیہ بھی کمزور ہو جائیں گی (طیبی) اس وجہ سے مطلقاً خون نکالنے کا فائدہ معلوم ہوتا ہے، ہم نے ابتداء میں جو وجہ بیان کی ہے اس سے خصوصی طور پر حجامت کا فائدہ معلوم ہوتا ہے۔

۴۳۴۴ وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ اَنَّ طَبِيْبًا سَاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ضِفْدَعٍ يَجْعَلُهَا فِيْ دَوَاءٍ فَنَهَاهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عبد الرحمن بن عثمان[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ ایک طبیب نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ایک دوا میں مینڈک ڈالنے کے بارے میں پوچھا[2] تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے قتل کرنے[3]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَنْ قَتْلِهَا۔ سے منع فرمایا:

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ) (ابوداؤد)

لہ عبدالرحمن بن عثمان بن عبید اللہ بن تیمی، حضرت طلحہ بن عبید اللہ عشرہ مبشرہ میں سے ہیں حضرت عبدالرحمن ان کے بھتیجے اور صحابی ہیں، بیعت رضوان کے دن اسلام لائے، بعض محدثین نے کہا کہ فتح مکہ کے دن اسلام لائے، حضرت ابن زبیر کے ساتھ ایک ہی دن شہید ہوئے۔

ٹہ کہ درست ہے یا نہیں؟ ضِفْدَعٌ ضاد کے نیچے زیر، دال کے نیچے زیر یا اس پر زبر، قاموس میں ہے کہ زِبْرِجٌ، جَعْفَرٌ، جُنْدَبٌ اور دِرْهَمٌ کے وزن پر آیا ہے۔

ٹہ اور دوا میں اس کے استعمال کرنے سے منع فرمایا، کیونکہ حرام کے ساتھ دوا ممنوع ہے۔ کتب حدیث میں اسے حرام چیزوں سے علاج کی ممانعت کے باب میں لاتے ہیں، یہ مطلب نہیں کہ مینڈک کا قتل بالذات ممنوع ہے، اسے بطور دوا استعمال کرنے کو قتل کرنا لازم ہے، دوا کے لیے حلال جانور کا قتل ممنوع نہیں ہے، لہذا اس کے قتل کی ممانعت سے یہ ہے کہ اس کا دوا میں استعمال ممنوع ہے۔

۴۳۴۵ (۳۳) وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحْتَجِمُ فِي الْاَخْدَعَيْنِ وَالْكَاهِلِ رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ وَزَادَ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَكَانَ يَحْتَجِمُ لِسَبْعَ عَشْرَةَ وَتِسْعَ عَشْرَةَ وَاِحْدٰى وَعِشْرِيْنَ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم گردن کی دونوں جانب کی رگوں اور دونوں کندھوں کے درمیان پچھنے لگواتے تھے۔ (ابوداؤد) امام ترمذی اور ابن ماجہ نے یہ اضافہ کیا کہ آپ سترہ (۱۷)، انیس (۱۹) اور اکیس (۲۱) تاریخ کو پچھنے لگواتے تھے۔

۴۳۴۶ (۳۴) وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْتَحِبُّ الْحِجَامَةَ لِسَبْعَ عَشْرَةَ وَتِسْعَ عَشْرَةَ وَاِحْدٰى

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سترہ (۱۷)، انیس (۱۹) اور اکیس (۲۱) تاریخ کو پچھنے لگوانا پسند فرماتے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَ عِشْرِیْنَ۔
(رَوَاہُ فِی شَرْحِ السُّنَّۃِ)

تھے۔
(شرح السنۃ)

۴۳۴۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ احْتَجَمَ لِسَبْعِ عَشْرَۃَ وَ اِحْدٰی وَ عِشْرِیْنَ کَانَ شِفَآءً مِّنْ کُلِّ دَآءٍ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے سترہ، انیس اور اکیس تاریخ کو پچھنے لگوائے تو پچھنے لگوانا ہر بیماری سے شفا کا سبب ہوگا۔[1]
(ابوداؤد)

[1] اطباء کہتے ہیں کہ مہینے کی ابتداء میں خون جوش اور غلبے میں ہوتا ہے، جب نکلے گا تو کثرت سے نکلے گا۔ مہینے کے آخر میں اس کا جوش کم ہوتا ہے۔ اور کم نکلے گا، اس لیے مہینے کا درمیان اس کیلئے زیادہ مناسب اور مصلحت کے زیادہ موافق ہوگا، طاق تاریخوں کی رعایت بھی ہوگی، حضرت مولف (صاحب مشکوۃ) نے جب وہ حدیثیں بیان کیں جن میں مہینے کی تاریخوں کا ذکر ہے تو اس کے بعد وہ حدیث لائے ہیں جس میں اس امر کا بیان ہے کہ پچھنے لگوانے کے لیے ہفتے کا کون سا دن موزوں تر ہے۔

۴۳۴۶ وَعَنْ کُبْشَۃَ بِنْتِ اَبِیْ بَکْرَۃَ قَالَتْ اَنَّ اَبَاهَا کَانَ یَنْهٰی اَهْلَهٗ عَنِ الْحِجَامَۃِ یَوْمَ الثُّلٰثَاءِ وَ یَزْعَمُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ یَوْمَ الثُّلٰثَاءِ یَوْمُ الدَّمِ وَفِیْهِ سَاعَۃٌ لَا یَرْقَاُ۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت کبشہ[1] بنت ابی بکرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ ان کے والد اپنے گھر والوں کو بدھ کے دن پچھنے لگوانے سے منع کرتے تھے۔ اور وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہوئے کہتے تھے کہ بدھ کا دن خون کا دن ہے اور اس میں ایک گھڑی ہے جس میں خون نہیں رکتا۔[2]
(ابوداؤد)

[1] کبشہ مشکوۃ شریف میں اسی طرح واقع ہوا ہے، ایک نقطے والی باء ساکن اور نقطوں والا شین، شارحین کہتے ہیں کہ صحیح کیسہ ہے باء مشدد مکسور اور بے نقطہ سین کے ساتھ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۲؎ اس لیے اگر اس دن خون نکالا جائے تو ہو سکتا ہے کہ اسی ساعت میں نکالا جائے اور انجام کار ہلاکت ہو۔

۴۳۴۹
۳۷ وَعَنِ الزُّهْرِيِّ مُرْسَلًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَجَمَ يَوْمَ الْاَرْبِعَاءِ اَوْ يَوْمَ السَّبْتِ فَاَصَابَهٗ وَضَحٌ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ.

امام زہری[1] مرسلاً نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ جس نے بدھ یا ہفتے کو پچھنے لگوائے اور اسے برص[2] کی بیماری لاحق ہو گئی تو وہ اپنے آپ کو ہی ملامت کرے۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ قَدْ اُسْنِدَ وَلَا يَصِحُّ)

(امام احمد، ابو داؤد) امام ابو داؤد نے کہا یہ حدیث سند کے ساتھ بیان کی گئی ہے لیکن اس کی سند صحیح نہیں ہے۔

۱؎ امام زہری مشہور تابعی ہیں اور مرسل وہ حدیث ہے جسے تابعی صحابی کا ذکر کیے بغیر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کرے ۱۲ (ق ن)

۲؎ وَضَح واؤ پر زبر اور نقطے والا ضاد، برص (جسم پر سفید سفید داغ پڑ جاتے ہیں ۱۲ ق ن)

۴۳۵۰
۳۸ وَعَنْهُ مُرْسَلًا قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ احْتَجَمَ اَوِ اطَّلٰى يَوْمَ السَّبْتِ اَوِ الْاَرْبِعَاءِ فَلَا يَلُوْمَنَّ اِلَّا نَفْسَهٗ فِي الْوَضَحِ.

ان ہی سے مرسلاً روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہفتے یا بدھ کو پچھنے لگوائے یا کسی عضو پر لیپ کی تو وہ برص کے لاحق ہونے پر اپنے آپ کو ہی ملامت کرے[1]

(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

(شرح السنۃ)

۱؎ تنبیہ: صاحب سفر السعادۃ کہتے ہیں کہ پچھنے لگوانے اور اس کے لئے بعض دنوں کی بجائے دوسرے بعض دنوں کے اختیار کرنے کے بارے میں کوئی چیز ثابت نہیں ہوئی، اس سلسلے میں جو کچھ ثابت ہے وہ یہ ہے مُرْ اُمَّتَكَ بِالْحِجَامَةِ اپنی امت کو حجامت کا حکم دیں، اور صحیحین کی یہ حدیث ہے کہ اگر کسی چیز میں شفا ہے تو وہ سنگی لگانے والے کے نشتر میں یا شہد کے گھونٹ میں یا آگ سے داغ لگانے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

میں، یہ حدیث اس سے پہلے گزر چکی ہے اور اسی جگہ اس کی شرح کی جا چکی ہے۔

۴۳۵۱ / ۳۹ وَعَنْ زَيْنَبَ امْرَأَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ رَاٰی فِیْ عُنُقِیْ خَيْطًا فَقَالَ مَا هٰذَا فَقُلْتُ خَيْطٌ رُقِیَ لِیْ فِيْهِ قَالَتْ فَاَخَذَهٗ فَقَطَعَهٗ ثُمَّ قَالَ اَنْتُمْ اٰلُ عَبْدِ اللّٰهِ لَاَغْنِيَاءُ عَنِ الشِّرْكِ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ الرُّقٰی وَالتَّمَائِمَ وَالتِّوَلَةَ شِرْكٌ فَقُلْتُ لِمَ تَقُوْلُ هٰكَذَا لَقَدْ كَانَتْ عَيْنِیْ تَقْذِفُ وَكُنْتُ اَخْتَلِفُ اِلٰی فُلَانِ الْيَهُوْدِیِّ فَاِذَا رَقَاهَا سَكَنَتْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّمَا ذٰلِكَ عَمَلُ الشَّيْطٰنِ كَانَ يَنْخَسُهَا بِيَدِهٖ فَاِذَا رُقِیَ كَفَّ عَنْهَا اِنَّمَا كَانَ يَكْفِيْكِ اَنْ تَقُوْلِیْ كَمَا كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَذْهِبِ الْبَاْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ

حضرت عبد اللہ بن مسعود کی بیوی حضرت زینب[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت عبد اللہ نے میری گردن میں دھاگہ دیکھا تو فرمایا: یہ کیا ہے؟ میں نے کہا یہ دھاگہ ہے جس میں میرے لیے دم کیا گیا ہے، فرماتی ہیں انہوں نے اسے پکڑ کر کاٹ دیا، پھر فرمایا: اے آل عبد اللہ! تم شرک سے بے نیاز ہو[2] میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ دم[3]، تعویذات[4] اور جادو[5] شرک ہے میں نے کہا کہ آپ اس طرح کیوں کہتے ہیں[6]؟ میری آنکھ بہتی تھی[7] اور میں فلاں یہودی کے پاس جایا کرتی تھی، جب وہ اسے دم کرتا تھا تو ٹھہر جاتی تھی[8] حضرت عبد اللہ نے فرمایا: یہ[9] یہ شیطان کا کام تھا، وہ اپنے ہاتھ سے آنکھ کو دبانا[10] دیتا تھا، جب دم کیا جاتا تھا تو وہ اپنا ہاتھ اٹھا لیتا تھا[11]، تمہارے لیے یہ کافی تھا کہ کہتیں کہ جس طرح رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کہا کرتے تھے اے انسانوں کے رب بیماری کو دور

اَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاءُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا. (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُد)

کر دے اور شفا دے اللہ تو ہی شفا دینے والا ہے، شفا صرف تیری ہی ہے، وہ شفا دے جو بیماری نہ چھوڑے [۱]

(ابوداؤد)

[۱] حضرت زینب اپنے شوہر عبداللہ بن مسعود کی طرح بارگاہ نبوت کی مقرب اور مقبول تھیں

[۲] اور تمہیں بیماریوں اور تکلیفوں کے دور کرنے میں ان افعال کی حاجت نہیں ہے جو مشرک کرتے ہیں، اور جو شرک پر مشتمل ہیں، کیونکہ اس وقت دور جاہلیت کے دم مشہور تھے جو شرک پر مشتمل تھے نیز ان امور کا سہارا لینا اس بات کی علامت ہے کہ ان کی تاثیر کو مانا جا رہا ہے جو شرک تک پہنچانے والا ہے۔

[۳] دم پھونک جو دور جاہلیت میں کیے جاتے تھے انہیں ان کی تاثیر کا عقیدہ رکھتے ہوئے اختیار نہ کیا جائے۔

[۴] تمائم جمع ہے تمیمۃ کی، ان منکوں کو کہتے ہیں جنہیں عورتیں اپنی اولاد اور اپنے گلے میں ڈالتی ہیں اور عقیدہ رکھتی ہیں کہ یہ نظر بد کے اثر کو دور کرتے ہیں۔

تعویذ کے گلے میں ڈالنے اور بازو پر باندھنے میں بعض علماء کو کلام ہے، لیکن حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث سے اس کا ثبوت ملتا ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے بے خوابی کے دور کرنے کے لیے ان کو دعا سکھائی تھی، انہوں نے اپنے بڑے بچوں کو دعا سکھائی اور چھوٹے بچوں کے گلے میں لکھ کر ڈال دی، شرف آفتاب وغیرہ کے وقت تکبیر اور چلوں کے جو نقش بنا لیے جاتے ہیں، وہ بھی مکروہ ہیں، مردوں کے لیے چاندی کے تعویذ اور (ساڑھے چار ماشے سے زیادہ وزن کی) چاندی کی انگوٹھی حرام ہے۔

[۵] اَلتِّوَلَۃ تاء کے زیر، واؤ اور لام پر زبر، یہ جادو کی ایک قسم، جو میاں بیوی کی محبت کے لیے دھاگے یا کاغذ میں کرتے ہیں، یہ سب مشرکین کے کام ہیں اور شرک کی ایک قسم پر مشتمل ہیں۔

---

[۱] حکیم الامت مفتی احمد یار خاں نعیمی فرماتے ہیں: یہاں دھاگہ سے مراد گنڈے کا نیلا دھاگہ ہے جس پر جادوگر جادو کا دم کر کے مریض کو پہناتے ہیں، چونکہ ان کے دم میں مشرکانہ الفاظ ہوتے ہیں، بتوں کا توسل وغیرہ اس لیے آپ نے اس گنڈے کے پہننے کو شرک قرار دیا لہذا حضرات صوفیائے کرام کے گنڈے جس میں قرآنی آیات یا ماثورہ دعائیں پڑھ کر دم کر کے گرہ لگاتے ہیں بالکل جائز ہیں۔ ۱۲ مرآۃ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۶؎ اور ان کا انکار کیوں کرتے ہیں ؟

۷؎ تُقْذَفُ صیغۂ مجہول کے ساتھ یعنی باہر پھینکی جاتی تھی درد کی شدت کی وجہ سے یا لفظ معلوم کے ساتھ آنکھ آنسو اور میل باہر پھینکتی ہے۔

۸؎ اور اس کی درد ختم ہو جاتی تھی۔

۹؎ یعنی آنکھ کا دکھنا اور یہودی کے دم سے آرام کا ملنا کار شیطان ہے۔

۱۰؎ دراصل نخس کا معنٰی ہے دفع کرنا، حرکت اور چوپائے کو لکڑی چبھونا، از باب فتح یفتح

۱۱؎ شیطان آنکھ کی درد دور کر دیتا تھا یا شیطان آنکھ سے ہٹ جاتا تھا، کَفَّ کا معنٰی ہے روکنا اور رکنا۔

۱۲؎ پہلے جملے کی تاکید ہے۔

۱۳؎ سَقَامٌ سین پر زبر، اور سُقْم سین پر زبر، یا پیش جیسے حَزَن اور حُزْن، بیماری

۴۳۵۲/۳ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ النُّشْرَةِ فَقَالَ هُوَ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم سے نُشرہ ۱۴؎ کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا وہ شیطان کے کام سے ہے (ابوداؤد)

۱۴؎ نشرہ نون پر پیش اور نقطوں والا شین ساکن، ایک قسم کا دم جو اس شخص کو کیا جاتا ہے جس پر جن کا سایہ ہو، جادو کے باب میں بھی آیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ سے دم کیا کرتے تھے قاموس میں ہے اَلنُّشْرَۃُ نون پر پیش ایک دم جس سے پاگل اور بیمار کا علاج کیا جاتا ہے۔ صراح میں ہے تَنْشِیْر کا معنٰی ہے دم کرنا اور نشرہ تعویذ کو کہتے ہیں خلاصہ یہ ہے کہ نشرہ کا حاصل معنی دم اور تعویذ ہے نبی اکرم صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم نے جس دم کو عمل شیطان سے قرار دیا ہے وہ دم ہو گا جو اعمال جاہلیت سے ہو اور بتوں اور شیطانوں کے ناموں پر مشتمل ہو یا عبرانی زبان میں ہو جس کا معنی معلوم نہ ہو وہ دم مراد نہیں جو قرآن پاک اور اللہ تعالٰی کے اسماء مبارکہ سے ہو۔

۴۳۵۳/۴ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا اُبَالِيْ مَا اَتَيْتُ اِنْ اَنَا شَرِبْتُ تِرْيَاقًا اَوْ تَعَلَّقْتُ تَمِيْمَةً

حضرت عبداللہ بن عمرو ۱۵؎ رضی اللہ تعالٰی عنہما سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ ہم جو کچھ کرتے ہیں ہمیں اس کی پروا نہیں ہے اگر ہم تریاق پی ۱۶؎ لیں یا تعویذ ۱۷؎ گلے میں ڈالیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَوْ قُلْتُ الشِّعْرَ مِنْ قِبَلِ نَفْسِیْ۔ یا ہم اپنی طرف سے شعر کہیں گے۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ) (ابوداؤد)

۵۱ مشکوٰۃ شریف کے بعض نسخوں میں عُمَر ہے عین کے پیش کے ساتھ، بعض شارحین نے کہا کہ صحیح عَمْرو ہے واؤ کے ساتھ جیسے کہ جامع الاصول میں ہے

۵۲ تریاق مشہور یہ ہے کہ تاء کے نیچے زیر ہے، بعض نے پیش بھی بیان کیا ہے، مشہور مرکب دوا کا نام ہے جو زہروں اور دیگر بیماریوں کے لیے مفید ہے۔

۵۳ اور ان کا سہارا لیں، مراد جاہلیت کے تعویذ ہیں، مثلاً منکے، درندوں کے ناخن اور ان کی ہڈیاں، جو تعویذ قرآن پاک اور اللہ تعالیٰ کے اسماء پر مشتمل ہوں وہ اس حکم سے خارج ہیں ان سے تعلق اور برکت حاصل کرنا مستحب ہے۔

۵۴ یعنی قصد اور ارادے سے شعر کہیں۔ یہ دوسری بات ہے کہ قصد اور اختیار کے بغیر زبان مبارک سے کلام موزون صادر ہو جائے۔ اور یہ نہ تو شعر کہنے میں داخل ہے اور نہ ہی مذموم ہے عرف اور اصطلاح میں بھی اسے شعر نہیں کہا جاتا اور یہ اللہ تعالیٰ کے ارشاد وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ (اور ہم نے انہیں ملکہ شعر گوئی نہیں دیا اور نہ ہی وہ ان کے لائق ہے) کے مخالف بھی نہیں ہے، یہ بھی احتمال ہے کہ خود شعر کہنا مراد ہو، دوسرے کے شعر کا پڑھنا مراد نہ ہو، عبارت سے یہ معنی متبادر الی الفہم ہے۔

جیسے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لبید کا یہ قول پڑھا اَلَا كُلُّ شَيْءٍ مَا خَلَا اللّٰهَ بَاطِلٌ (سنو! اللہ تعالیٰ کے سوا ہر شئے باطل ہے) بعض شارحین نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی حکمت کے تحت شعر پڑھنے کی صورت میں آپ سے کلام موزون صادر نہیں ہوتا تھا۔

حدیث شریف کا مطلب یہ ہے کہ ان اشیاء کا ارتکاب مذموم اور قبیح ہے، یعنی اگر ہم سے ان میں سے کوئی چیز صادر ہوتی تو ہم بھی ان لوگوں میں سے ہوتے جو اس بات کا خیال نہیں رکھتے کہ وہ کیا کر رہے ہیں! اور وہ جائز اور ناجائز کو بھی نہیں دیکھتے، مطلب یہ ہے کہ ان میں سے کسی بھی کام کا کرنا اس شخص کا وطیرہ ہے جو بے قید ہے اور ناجائز کاموں کے کرنے میں بے پرواہ ہے۔ تریاق تو اس لیے کہ اس میں سانپ کا گوشت اور شراب ڈالی جاتی ہے۔ اور اگر بالفرض تریاق کی کوئی قسم ایسی ہو کہ اس میں کوئی حرام چیز نہ ڈالی جاتی ہو تو اس کے استعمال میں حرج نہیں ہے۔

بعض علماء نے فرمایا کہ حدیث کے اطلاق پر عمل کرنے کا تقاضا یہ ہے کہ اسے بھی ترک کرنا بہتر ہے۔ تعویذ کا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

گلے میں ڈالنا ممنوع ہے کیونکہ اس سے پہلے بیان ہو چکا کہ اہل جاہلیت کے تعویذات مراد ہیں، باقی رہا شعر تو ممنوع اور مذموم وہی شعر ہے جو جھوٹا اور لایعنی ہو، لیکن چونکہ اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو شعر سے منزہ اور معصوم رکھا ہے اس لیے آپ کے حق میں مطلق شعر کہنا عیب اور وبال میں داخل ہے۔ یہ کمال سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ خاص ہے، اگر مطلق تریاق اور مطلق تعویذ مراد ہو تو یہ بعید نہیں ہے کہ خاص طور پر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے توکل کا بیان مقصود ہو، یا توکل اختیار کرنے، علاج نہ کرنے اور لایعنی چیزوں کے ترک کرنے پر تنبیہ مقصود ہو، اور ان لوگوں کا حال بیان کرنا مطلوب ہو جیسے کہ آئندہ دو حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے۔

۴۳۵۴ وَعَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اكْتَوٰى اَوِ اسْتَرْقٰى فَقَدْ بَرِئَ مِنَ التَّوَكُّلِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے آگ سے داغ لگایا، یا دم کروایا تو وہ توکل سے بیزار ہوا [۱]۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

[۱] اس حدیث سے واضح طور پر یہ سمجھ آتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ بوقت حاجت داغ لگانا اور دم کروانا اگرچہ جائز ہے، لیکن مقام توکل اس سے بلند ہے جیسے کہ توکل والوں کے بارے میں وارد حدیث سے معلوم ہوتا ہے، اس حدیث میں ہے کہ توکل والے وہ لوگ ہیں جو دم نہیں کرواتے، آگ سے داغ نہیں لگواتے اور اپنا کام اپنے رب کے سپرد کر دیتے ہیں۔ اور اگر موثر اور علت حقیقی ہونے کا عقیدہ رکھتے ہیں تو یہ داغ لگانے اور دم کروانے کے ساتھ مخصوص نہیں ہے بلکہ تمام اسباب اور علاجوں کو شامل ہے، داغ لگانے کے بارے میں تفصیل اور اس سلسلے میں وارد احادیث کے درمیان تطبیق اس سے پہلے گزر چکی ہے۔

۴۳۵۵ وَعَنْ عِيْسَى ابْنِ حَمْزَةَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُكَيْمٍ وَبِهِ حُمْرَةٌ فَقُلْتُ اَلَا تُعَلِّقُ تَمِيْمَةً فَقَالَ نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عیسیٰ بن حمزہ سے روایت ہے کہ میں عبد اللہ بن عکیم کے پاس گیا، ان کے جسم پر لال پھنسی ہوئی تھی، میں نے کہا کہ آپ تعویذ کیوں نہیں باندھتے؟ انہوں نے فرمایا: ہم اس سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگتے ہیں: رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ تَعَلَّقَ شَیْئًا وُکِّلَ اِلَیْہِ۔

نے کوئی چیز باندھی[۵۳] وہ اس کے سپرد کیا جائے گا[۵۴]۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

(ابوداؤد)

۵۱ عیسیٰ بن حمزہ تابعی ہیں

۵۲ عبداللہ بن عکیم بلفظ تصغیر، مخضرمین میں سے ہیں جنہوں نے جاہلیت اور اسلام دونوں کا زمانہ پایا، انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا زمانہ پایا، ان کے صحابی ہونے میں اختلاف ہے، ان سے نہ تو زیارت ثابت ہے اور نہ ہی روایت۔

۵۳ جس نے کسی دوا وغیرہ سے تعلق رکھا اور عقیدہ یہ رکھا کہ شفا اس سے ہے۔

۵۴ یعنی اللہ تعالیٰ کی عنایت و امداد سے محروم کیا جائے گا، اور وہ ہرگز شفا اور کامیابی نہ پائے گا، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی چیز نہ تو نفع دیتی ہے اور نہ ہی نقصان، مقصد توکل کی رغبت دلانا اور اس پر ابھارنا ہے۔

۴۳۵۶/۴۴ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَیْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا رُقْیَۃَ اِلَّا مِنْ عَیْنٍ اَوْ حُمَۃٍ۔

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، دم نہیں ہے مگر نظر بد یا زہریلے جانور[۱] کے ڈنک کے سبب۔

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَ اَبُوْدَاوٗدَ وَرَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ عَنْ بُرَیْدَۃَ)

(احمد، ترمذی، ابوداؤد) ابن ماجہ نے یہ حدیث حضرت بریدہ سے روایت کی

۱ مثلاً بچھو وغیرہ

۴۳۵۷/۴۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا رُقْیَۃَ اِلَّا مِنْ عَیْنٍ اَوْ حُمَۃٍ اَوْ دَمٍ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جھاڑ پھونک نہیں ہے مگر نظر بد، یا زہریلے ڈنک یا خون سے[۱]

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

(ابوداؤد)

۱ اس حدیث میں اضافہ ہے "یا خون سے"، شارحین نے کہا کہ اس سے مراد نکسیر ہے، اور اگر اس سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عام خونی بیماریاں مراد لی جائیں خواہ وہ خون کے جاری ہونے کا سبب ہوں یا خون کے فساد کا تو بھی درست معلوم ہوتا ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔ امام ابوداؤد کی ایک روایت میں اِلَّا فِیْ عَیْنٍ کی جگہ اِلَّا فِیْ نَفْسٍ آیا ہے۔ شارحین نے فرمایا کہ نفس سے مراد نظر ہی ہے۔ اَوْ دَمٍ کی جگہ اَوْ لَدْغَۃٍ آیا ہے جس کا معنی دانتوں سے کاٹنا ہے جیسے کہ سانپ وغیرہ کاٹتے ہیں، جھاڑ پھونک دونوں بیماریوں میں فائدہ دیتا ہے جیسے سر درد اور دانتوں کے درد میں فائدہ دیتا ہے جیسے کہ احادیث میں وارد ہے، صحیح مسلم میں ثابت ہے کہ حضرت جبرائیل علیہ السلام، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس آئے آپ کی طبیعت مبارک ناساز تھی، حضرت جبرائیل علیہ السلام نے کہا میں آپ کو اللہ تعالیٰ کے نام سے دم کرتا ہوں ہر اس بیماری سے جو آپ کو تکلیف دے، اس حدیث میں جو (تین چیزوں میں) حصر کیا گیا ہے تو اس سے مراد مبالغہ ہے، مطلب یہ ہے کہ دوسری تکلیفوں کی نسبت ان تین چیزوں میں دم کرنا بہتر اور زیادہ مفید ہے، نیز لوگوں میں مشہور و معروف ہے۔

۴۳۵۸/۴۶ وَعَنْ اَسْمَآءَ بِنْتِ عُمَیْسٍ قَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّ وَلَدَ جَعْفَرٍ تُسْرِعُ اِلَیْھِمُ الْعَیْنُ اَفَاَسْتَرْقِیْ لَھُمْ قَالَ نَعَمْ فَاِنَّہٗ لَوْ کَانَ شَیْءٌ سَابَقَ الْقَدَرَ لَسَبَقَتْہُ الْعَیْنُ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا یا رسول اللہ! حضرت جعفر کی اولاد کو جلد نظر لگ جاتی ہے کیا میں ان کے لیے دم کرواؤں؟[۱] فرمایا: ہاں[۲] کیونکہ اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت کرتی تو نظر سبقت کرتی۔ (احمد، ترمذی، ابن ماجہ)

[۱] حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ تعالیٰ عنہا اس وقت حضرت جعفر طیار رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی زوجہ محترمہ تھیں

تُسْرِعُ تاء پر پیش، راء کے نیچے زیر، صیغہ معلوم کے ساتھ یعنی انہیں نظر جلد لگ جاتی ہے، تُسْرَعُ راء کی زبر کے ساتھ صیغہ مجہول بھی پڑھا گیا ہے یعنی انہیں جلد نظر لگائی جاتی ہے۔

[۲] دم کرواؤ کہ نظر بہت موثر ہوتی ہے۔

۴۳۵۹/۴۷ وَعَنِ الشِّفَآءِ بِنْتِ عَبْدِ اللّٰہِ قَالَتْ دَخَلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنَا عِنْدَ حَفْصَۃَ فَقَالَ

حضرت شفا بنت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تشریف لائے اس وقت میں حضرت حفصہ کے پاس تھی، فرمایا: کیا تم انہیں نملہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أَلَا تُعَلِّمِيْنَ هٰذِهٖ رُقْيَةَ النَّمْلَةِ كَمَا عَلَّمْتِيْهَا الْكِتَابَةَ. کا دم نہیں سکھاتیں؟ جس طرح تم نے انہیں لکھنا سکھایا ہے [4]

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ) (ابوداؤد)

[1] حضرت شِفا نقطوں والے شین کے نیچے زیر بنت عبداللہ بن عبد شمس بن خالد، قرشیہ عدویہ ہیں۔ ان کا نام لیلیٰ ہے اور شفا ان کا لقب ہے جو مشہور ہوگیا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لے جاتے اور ان کے گھر میں آرام فرماتے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا تہبند اور بستر جس پر آپ آرام فرماتے تھے ان کے پاس تھا جو مروان بن حکم نے ان کی اولاد سے حاصل کرلیا تھا۔ ان سے ایک جماعت نے حدیث روایت کی، حضرت ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بھی انہیں میں سے ہیں۔ حضرت شفا، بڑی صاحب عقل و فضیلت خاتون تھیں، ہجرت سے پہلے اسلام لائیں اور پہلے پہل ہجرت کرنے والی خواتین میں سے تھیں۔

[2] حضرت حفصہ کو

[3] نملہ پھنسیاں ہوتی ہیں جو آدمی کے پہلو میں نکلتی ہیں اور بہت تکلیف دیتی ہیں، مریض یوں محسوس کرتا ہے جیسے چیونٹیاں چل رہی ہوں، یہ شفا بنت عبداللہ، مکہ مکرمہ میں اس بیماری کا دم کیا کرتی تھیں، جب یہ مسلمان ہوگئیں اور ہجرت کرکے مدینہ منورہ آگئیں تو کہنے لگیں یا رسول اللہ! میں دورِ جاہلیت میں نملہ کا دم کیا کرتی تھی۔ میں چاہتی ہوں کہ آپ کی خدمت میں پیش کروں، چنانچہ انہوں نے پیش کیا تو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے درست قرار دیا اور فرمایا: حفصہ کو یہ دم سکھاؤ۔

[4] بعض شارحین کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اس ارشاد میں حضرت حفصہ پر تعریض تھی کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا راز افشا کردیا تھا جیسے کہ اس کا واقعہ سورۂ مریم کی تفسیر سے معلوم ہوتا ہے، نملہ کے دم سے مراد وہ کلمات ہیں جو لوگوں میں اس نام سے مشہور تھے، اور عرب کی عورتیں اسے نملہ کا دم کہتی تھیں، وہ معنی نہیں جو بظاہر سمجھ میں آتا ہے۔ وہ کلمات یہ ہیں۔ اَلْعَرُوْسُ تَنْتَحِلُ وَتَخْتَضِبُ وَتَكْتَحِلُ وَكُلُّ شَيْءٍ تَفْتَعِلُ اَنْ لَا تَعْصِيَ الرَّجُلَ

ان کلمات کا حاصل مطلب یہ ہے کہ عورت اپنے آپ کو سجاتی ہے اور مرد کی نافرمانی کے سوا ہر کام کرتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حضرت حفصہ پر تعریض کی اور حکم کی خلاف ورزی اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے راز کو ظاہر کرنے پر تنبیہ فرمائی۔ علامہ طیبی نے علامہ تورپشتی سے یہ توجیہ نقل کی، جو کچھ انہوں نے نقل کیا اگر وہ صحیح ہے تو یہ توجیہ اچھی ہے، علامہ طیبی کہتے ہیں کہ نملہ کے دم کا ظاہری معنی مراد نہیں ہے کیونکہ وہ تو ممنوع ہے، پھر اس کے سکھانے کا حکم کس طرح دیا؟

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

باقی رہا عورتوں کو لکھائی سکھانا تو ایک دوسری حدیث میں اس سے ممانعت آئی ہے۔ چنانچہ ارشاد فرمایا: عورتوں کو لکھنا نہ سکھاؤ، اس حدیث سے لکھائی سکھانے کا جواز معلوم ہوتا ہے، ہو سکتا ہے کہ یہ ممانعت سے پہلے کا واقعہ ہو، بعض علماء نے فرمایا کہ بعض احکام و فضائل کے ساتھ خاص ہیں، لکھنے کی ممانعت عام عورتوں کے لیے ہے کہ ان میں فتنے کا خطرہ ہے، جب کہ امہات المومنین میں ایسا نہیں ہے[۱]

۴۳۶۰ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ قَالَ رَاٰى عَامِرُ بْنُ رَبِيْعَةَ سَهْلَ بْنَ حُنَيْفٍ يَغْتَسِلُ فَقَالَ وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُ كَالْيَوْمِ وَلَا جِلْدَ مُخَبَّاَةٍ قَالَ فَلُبِطَ سَهْلٌ فَاُتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيْلَ لَهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هَلْ لَكَ فِيْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ وَاللّٰهِ مَا يَرْفَعُ رَاْسَهٗ فَقَالَ هَلْ تَتَّهِمُوْنَ لَهٗ اَحَدًا فَقَالُوْا نَتَّهِمُ عَامِرَ بْنَ رَبِيْعَةَ قَالَ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامِرًا فَتَغَلَّظَ

حضرت ابوامامہ بن سہل بن حنیف[۲] سے روایت ہے کہ عامر بن ربیعہ[۳] نے سہل بن حنیف کو غسل کرتے ہوئے دیکھا[۴] اور کہا کہ میں نے آج کی طرح (کسی کی جلد) نہیں دیکھی[۵] نہ ہی کسی کنواری پردہ نشین کی ایسی جلد دیکھی[۶]۔ ابوامامہ کہتے ہیں کہ سہل زمین پر گر پڑے[۷]، پس رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری دی گئی اور عرض کیا گیا یا رسول اللہ! کیا آپ کو سہل بن حنیف کے علاج میں دلچسپی ہے؟ خدا کی قسم! وہ تو اپنا سر بھی نہیں اٹھا سکتے، راوی کہتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: کیا اس کے لیے تم کسی پر تہمت لگاتے ہو[۸]؟ کہا کہ ہم عامر بن ربیعہ پر تہمت لگاتے ہیں[۹] راوی نے کہا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے عامر کو بلایا اور ان پر ناراضگی کا اظہار کیا[۱۰] اور فرمایا: تم میں سے ایک آدمی اپنے بھائی کو کیوں

---

[۱] فقیہ اعظم مولانا محمد نور اللہ نعیمی رحمہ اللہ تعالیٰ نے فتاویٰ نوریہ میں ج ۳ ص ۴۷۱ سے ۴۸۵ تک نہایت تحقیق اور تفصیل سے بیان کیا ہے کہ عورتوں کو لکھنے کی تعلیم دینا دوسرے علوم کی طرح جائز و مستحسن بلکہ ضروری ہے: پیش نظر حدیث مسند امام احمد بن حنبل ج ۶ ص ۳۷۲، سنن ابو داؤد ج ۲ ص ۱۸۶، مستدرک حاکم ج ۴ ص ۵۷ اور سنن بیہقی ج ۹ ص ۳۴۹ کے حوالے سے نقل کرنے کے بعد فرماتے ہیں: امام ذہبی نے صراحۃً اس کی تقریر و تائید فرمائی اور ابو داؤد نے اس پر سکوت فرمایا جو حسب القاعدہ تحسین ہے تو اس جلیل القدر حدیث سے ثابت ہوا کہ تعلیم کتابت بلا کراہت جائز بلکہ مطلوب ہے آخر میں فرماتے ہیں اجازت صرف کتابت اور تعلیم کتابت کی ہے کالج و جنہو کا داخلہ اور بے پردگی یا ناجائز خط و کتابت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَ قَالَ عَلَامَ يَقْتُلُ أَحَدُكُمْ أَخَاهُ أَلَّا بَرَّكْتَ عَلَيْهِ اِغْتَسِلْ لَهُ فَغَسَلَ لَهُ عَامِرٌ وَجْهَهُ وَ يَدَيْهِ وَ مِرْفَقَيْهِ وَ رُكْبَتَيْهِ وَ أَطْرَافَ رِجْلَيْهِ وَ دَاخِلَةَ إِزَارِهِ فِي قَدَحٍ ثُمَّ صُبَّ عَلَيْهِ فَرَاحَ مَعَ النَّاسِ لَيْسَ لَهُ بَأْسٌ۔

قتل کرتا ہے[۶]، تم نے اس کے لیے برکت کی دعا کیوں نہ کی[۷]، تم اس کے لیے دھوؤ[۸]، تو عامر نے ان کے لیے اپنا چہرہ، دونوں ہاتھ اور کہنیاں، دونوں گھٹنے، پاؤں کے اطراف اور تہبند کا اندرونی حصہ[۹] ایک پیالے میں دھویا[۱۰] پھر وہ پانی سہل پر ڈالا گیا تو وہ لوگوں کے ساتھ اس حال میں چل دیے کہ انہیں کچھ بھی تکلیف نہ تھی[۱۱]۔

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ وَ رَوَاهُ مَالِكٌ وَ فِي رِوَايَتِهِ قَالَ إِنَّ الْعَيْنَ حَقٌّ تَوَضَّأْ لَهُ فَتَوَضَّأَ لَهُ)

(شرح السنۃ، امام مالک)

امام مالک کی روایت میں ہے کہ فرمایا[۱۲]: بے شک نظر حق ہے، تم اس کے لیے وضو کرو[۱۳]، چنانچہ انہوں نے وضو کیا[۱۴]۔

[۱] ابو امامہ بن سہل بن حنیف بے نقطہ حا پر پیش اور نون پر زبر، انصاری ہیں، ان کا نام سعد بن سہل ہے اور وہ کنیت کے ساتھ مشہور ہیں، ان کی ولادت، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانِ سعادت نشان میں سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے وصال سے دو سال پہلے ہوئی کم عمری کی بنا پر انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی کوئی حدیث نہیں سنی، اسی لیے محدثین نے ان کا ذکر صحابہ کرام سے بعد آنے والی جماعت میں کیا ہے لیکن ابن عبدالبر نے ان کا ذکر صحابہ کرام میں کیا ہے، اس کے بعد کہا کہ وہ اکابر علماء اور بہترین تابعین میں سے ہیں، اپنے والد اور حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے حدیث سنی۔

[۲] حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی ہیں، انہوں نے دو ہجرتیں (حبشہ اور مدینہ منورہ کی طرف) کیں، بدر اور تمام غزوات میں حاضر ہوئے، حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے پہلے اسلام لائے۔

[۳] ان کے جسم کے حسن کو گہری نظر سے دیکھا اور پسند کیا۔

[۴] یعنی میں نے کسی مرد اور عورت کی جلد اتنی حسین اور لطیف نہیں دیکھی جتنی کہ سہل بن حنیف کے اعضاء کی جلد ہے۔

[۵] مُخَبَّأَۃ میم پر پیش، نقطے والی خا پر زبر اور با مشدد، اس کے بعد ہمزہ، پردہ دار لڑکی جس کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ابھی شادی نہ ہوئی ہو، کیونکہ وہ اپنی حفاظت کی زیادہ کوشش سے کرتی ہے اور اس کی جلد بھی نرم و نازک ہوتی ہے۔

۵۶ جو اس حدیث کے راوی ہیں کہ جب حضرت عامر بن ربیعہ نے یہ بات کہی اور ان کی نظر لگ گئی۔

۵۷ فَلُبِطَ صیغہ مجہول کے ساتھ، یعنی اسی وقت سہل بن حنیف زمین پر گر پڑے لبط اونٹ کا چلتے وقت ہاتھ پاؤں زمین پر مارنا۔

۵۸ اور حضرت سہل کے زمین پر گرنے اور نظر لگنے کی اطلاع دی گئی۔

۵۹ کیا تمہارا گمان ہے کہ انہیں کسی نے نظر لگا دی ہے۔

۶۰ کہ انہوں نے حضرت سہل کو نظر لگائی ہے۔

۶۱ حضرت سہل کو نظر لگانے پر

۶۲ اور اسے نظر کیوں لگاتا ہے؟ پھر حضرت ربیعہ کو مخاطب کر کے فرمایا۔

۶۳ یعنی اگر تمہیں ان کا جسم اچھا لگا ہی تھا یا تمہاری تکلیف وہ نظر ان پر پڑ ہی گئی تھی تو تم نے ان کے لیے دعا برکت کیوں نہ کی؟ اور کیوں نہ کہا کہ یا اللہ! اس کے جسم میں برکت عطا فرما۔

۶۴ تم سہل کے لیے اپنے اعضاء دھوؤ اور پانی ان پر ڈالو۔

۶۵ یعنی عضو تناسل، رانوں اور سرین کو دھویا، بعض شارحین کہتے ہیں کہ تہبند کے اندرونی حصے سے مراد تہبند کا وہ کنارا ہے جو دائیں جانب جسم کے ساتھ متصل ہے۔

۶۶ یعنی حضرت عامر نے مذکورہ اعضاء کو دھویا اور پانی پیالے میں جمع کر لیا۔

۶۷ یعنی اسی وقت تندرست ہو گئے اور چلے گئے، اعضاء کے دھونے کے بارے میں تفصیل ہے جو سفر السعادۃ اور اس کی شرح میں بیان کی گئی ہے۔

۶۸ حضرت عامر کو بلانے کے بعد نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا۔

۶۹ یعنی اپنے وضو کے اعضاء کو دھو کر پانی سہل پر ڈالو

۷۰ یاد رہے کہ یہ علاج، ان اسرار اور حکمتوں کے زمرے میں آتے ہیں جن کے سمجھنے سے عقل عاجز ہے مالکیہ کے عظیم عالم، قاضی ابوبکر بن العربی نے فرمایا کہ اگر کوئی شریعت کا ماننے والا اس جگہ توقف کرے تو اسے کہا جائے کہ یوں کہو کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بہتر جانتے ہیں اور اگر کوئی فلسفے کا مارا ہوا توقف کرے تو اس کے الزام کا رد زیادہ آسان ہے، کیونکہ فلاسفہ کے نزدیک کبھی دوا اپنی قوت اور کیفیت کی بنا پر اثر کرتی ہے اور کبھی اپنی خاصیت کی بنا پر اس کی وجہ کا جاننا ممکن نہیں ہے، یعنی اس کی صورت نوعیہ کا مقتضا اسی طرح واقع ہوا ہے جیسے کہ مقناطیس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور کہربا کے کھینچنے کے بارے میں کہتے ہیں یہ بھی اسی قبیلے سے ہے۔

۴۳۶۱/۴۹ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَعَوَّذُ مِنَ الْجَانِّ وَ عَيْنِ الْاِنْسَانِ حَتّٰى نَزَلَتِ الْمُعَوِّذَتَانِ فَلَمَّا نَزَلَتْ اَخَذَ بِهِمَا وَ تَرَكَ مَا سِوَاهُمَا۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ ابْنُ مَاجَةَ وَ قَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ حَسَنٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی پناہ[۱] مانگتے تھے جنات[۲] اور انسانوں کی نظر بد[۳] سے حتی کہ سورۃ الفلق اور سورۃ الناس[۴] نازل ہوئیں۔ ان دو سورتوں کے نازل ہونے کے بعد یہی سورتیں پڑھتے اور باقی کو چھوڑ دیا[۵]۔

(ترمذی، ابن ماجہ)

امام ترمذی نے فرمایا یہ حدیث حسن بھی ہے اور غریب بھی۔

لے اللہ تعالیٰ اور اس کے اسماء وصفات اور کلمات کی پناہ مانگتے تھے۔

لے جان۔ جن کا اسم جمع ہے جیسے عربی میں رہط اور قوم آدمیوں کا اسم جمع ہے اور جان جنوں کے جد اعلیٰ کو کہتے ہیں جیسے آدم انسانوں کے جد اعلیٰ ہیں، اور جان شیطان کے معنی میں بھی آیا ہے۔

لے آدمیوں کی نظر کو فارسی میں چشم زخم اور چشم زخم (نظر بد) کہتے ہیں۔

لے سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کو معوذتین کہتے ہیں کیونکہ۔

شہ ان سورتوں کے نازل ہونے سے پہلے جو تعوذات پڑھتے تھے وہ چھوڑ دیئے اس بات سے سورۃ الفلق اور سورۃ الناس کی فضیلت ظاہر ہوتی ہے یہ دو سورتیں حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر یہودیوں کے جادو کے سبب نازل ہوئیں جیسے کہ اس کی تفصیل کتاب المعجزات میں آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

۴۳۶۲/۵۰ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ رُئِيَ فِيْكُمُ الْمُغَرِّبُوْنَ قُلْتُ وَمَا الْمُغَرِّبُوْنَ قَالَ الَّذِيْنَ يَشْتَرِكُ فِيْهِمُ الْجِنُّ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا کیا تم میں مغربون[۱] دیکھے گئے ہیں؟ میں نے پوچھا کہ مغربون کون ہیں[۲]؟ تو آپ نے فرمایا وہ لوگ جن میں جن شراکت رکھتے ہیں[۳]۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ وَ ذُکِرَ حَدِیْثُ ابْنِ عَبَّاسٍ خَیْرُ مَا تَدَاوَیْتُمْ فِیْ بَابِ التَّرَجُّلِ) (ابو داؤد) اور حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث خیر ما تداویتم کنگھی کرنے کے باب میں بیان کی گئی ہے ؎

؎۱ مغربون را ار مشدد کے نیچے زیر مشتق ہے تغریب سے نقطے والی غین کے ساتھ۔

؎۲ یعنی مُغَرِّبُوْن کس جنس سے ہیں؟ ان کی حقیقت کیا ہے؟ اور یہ کس گروہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

؎۳ اس حدیث کی تفسیر چند وجہ سے کی گئی ہے۔

۱۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ عورتوں سے مباشرت کے وقت اللہ تعالیٰ کا ذکر نہ کرنے کی وجہ سے انسانوں کی اولاد اور ان کے نسب سے جن کی شراکت مراد ہے جیسے کہ بخاری و مسلم میں آیا ہے کہ جب ایک شخص اپنی عورتوں سے مباشرت کرے تو چاہیے کہ شیطان کے شر سے پناہ مانگے اور کہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اے اللہ! ہمیں شیطان سے دور رکھ اور جو کچھ تو نے ہمیں عطا فرمایا ہے یعنی اولاد اس سے شیطان کو دور رکھ۔ اور جب اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کرے گا اور اس دعا کو نہیں پڑھے گا اور غفلت کے ساتھ مباشرت کرے گا تو شیطان راہ پائے گا اور اس مباشرت میں شریک ہوگا اور جو بچہ پیدا ہوگا وہ بے ہدایت ہوگا اور شیطان کا اس میں حصہ ہوگا اللہ تعالیٰ نے جو شیطان کو یہ ارشاد فرمایا ہے وَشَارِکْھُمْ فِی الْاَمْوَالِ وَالْاَوْلَادِ (اور ان کے ساتھ اموال اور اولاد میں شرکت کر) اس کا اسی طرف اشارہ ہے اس جگہ سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ کونسا شخص ہوگا جو اس وقت ہوشیار اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کے ساتھ مشغول ہوگا تاکہ اولاد شیطان کی شرکت سے محفوظ رہے یہی وجہ ہے کہ آج کی اولاد میں فساد پایا جاتا ہے اللہ تعالیٰ ہمیں اس سے محفوظ رکھے پس "مُغَرِّبُوْن" کا معنی وہ لوگ ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے غفلت کرتے ہیں اور مباشرت کے وقت اپنے آپ کو اللہ تعالیٰ کے ذکر سے دور رکھتے ہیں یا اولاد کو اپنی جنس سے دور کرتے ہیں اور اجنبی رشتے کو نسبت میں لاتے ہیں یا بعید نسبت کی ملاوٹ کی وجہ سے نسب کو دور پھینکتے ہیں اصل میں غریب کا مادہ دوری کے معنی میں آتا ہے۔

۲۔ دوسری وجہ انسانوں میں شیطان کی شراکت سے مراد، شیطان کا انہیں زنا کا حکم دینا ہے یَأْمُرُھُمْ بِالْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ (شیطان انہیں برے اور ناپسندیدہ کاموں کا حکم دیتا ہے) اور زنا نسب میں اجنبی رگ اور نسبت بعیدہ کے شامل کرنے کا سبب ہے پس مُغَرِّبُوْن سے مراد زناکار ہیں جو اجنبی اور بعید رگ کو نسبت میں لاتے ہیں۔

۳۔ تیسری وجہ انسانوں میں جن کی شرکت سے مراد انسانی عورتوں سے جن کا زنا ہے جیسے کہ حدیث میں آیا ہے کہ بعض

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عورتیں ایسی ہوتی ہیں جن سے جن شوہر کی طرح باشرت کرتا ہے اور جیسے کہ مشہور ہے کہ جن کسی عورت پر عاشق ہو جاتا ہے اور اس پر ظاہر ہو جاتا ہے اور کبھی اسے اپنی من پسند جگہ پر لے جاتا ہے، کتب فقہ میں لکھا ہے کہ جن کے جماع کرنے سے عورت پر غسل واجب ہوتا ہے یا نہیں؟ اور یہ بھی لکھا ہے کہ احناف کے نزدیک غسل واجب نہیں ہوتا۔ جن اور انسان کے درمیان نکاح کے بارے میں بھی مسائل لکھے ہیں، علامہ جلال الدین سیوطی نے کسی عالم سے نقل کیا ہے کہ ایک جن کسی لڑکی پر عاشق تھا ایک دن اس نے ہمارے پاس فریاد کی کہ میں اس لڑکی سے کب تک زنا کرتا رہوں گا؛ میرا اس کے ساتھ نکاح کر دو۔ انسان کے جنات کی عورت کے ساتھ جماع کے بارے میں بھی احادیث آئی ہیں۔ تفاسیر میں آیا ہے کہ ملکۂ بلقیس کی والدہ جنات میں سے تھی اور ان کا باپ انسان تھا۔ علامہ سیوطی نے اپنی تصنیف "اِلْتِقَاطُ دُرَرِ الْمُدَّجَانِ فِی اَحْکَامِ الْجَانِّ" میں اس سلسلے کے عجیب وغریب واقعات لکھے ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔ اس معنی کے لحاظ سے مغربون کا معنی بیان نہیں کیا گیا اور یہ نہیں بتایا کہ ان کی مذمت کی وجہ کیا ہے؟ یہ مطلب ہو سکتا ہے کہ اس قسم کے لوگ اپنے آپ کو یا اپنی عورتوں کو پاکیزگی سے دور رکھتے ہیں اور جنات وشیطانوں سے پناہ مانگنے کے لیے قرآن پاک کی تلاوت، دعاؤں اور اذکار کے پڑھنے میں کوتاہی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ کیونکہ یہ چیزیں انسان میں جنوں کے اثر ونفوذ اور تصرف سے مانع ہیں۔

چوتھی وجہ یہ ہے کہ مغربون سے مراد وہ لوگ ہیں جن کے جنات دوست ہیں وہ انہیں کہانت قسم کی جھوٹی سچی خبریں پہنچاتے ہیں، یہ لوگ قباحتوں اور شرارتوں میں ان جنات کے ساتھی ہیں اور ان کی وجہ سے اپنے آپ کو ایمان واسلام کے مقام اور احوال کی سلامتی سے دور پھینک دیتے ہیں۔ زیادہ مناسب اور زیادہ واضح پہلی وجہ ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم بحقیقۃ الحال۔

۵ چونکہ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی حدیث مصابیح میں کتاب الطب الرقی کی دوسری فصل میں ذکر کی گئی تھی اور مصنف اسے کنگھی کرنے کے باب میں بیان کر چکے ہیں۔ اس لیے بطور معذرت کہتے ہیں کہ ابن عباس کی حدیث جس کی ابتدا میں ہے "خَیْرُ مَا تَکْتَحِلُوْا" ہم کنگھی کرنے کے باب میں بیان کر چکے ہیں۔ کیونکہ اس جگہ کے زیادہ مناسب تھی۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۳۶۳/۵۱ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْمَعِدَۃُ حَوْضُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: معدہ بدن کا حوض ہے اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْبَدَنِ وَ الْعُرُوْقُ اِلَیْھَا وَ اِرِدَۃٌ فَاِذَا صَحَّتِ الْمِعْدَۃُ صَدَرَتِ الْعُرُوْقُ بِالصِّحَّۃِ وَ اِذَا فَسَدَتِ الْمِعْدَۃُ صَدَرَتِ الْعُرُوْقُ بِالسَّقَمِ۔

(رَوَاہُ الْبَیْھَقِیُّ)

رگیں اس کی طرف آنے والی ہیں۔ جب معدہ صحیح ہو تو رگیں صحت سے کر لوٹتی ہیں اور جب معدہ بگڑ جائے تو رگیں بیماری سے کر جاتی ہیں۔

(بیہقی)

۱ معدہ کا تلفظ کئی طرح ہے (۱) میم پر زبر، عین کے نیچے زیر (۲) میم کے نیچے زیر اور عین ساکن (معدہ) (۳) میم پر زبر اور عین ساکن (مَعدہ) (۴) دونوں کے نیچے زیر (مِعِدہ) انسان کے کھانے اور پانی کے جمع ہونے کی جگہ، جیسے کہ گائے اور بکری کی اوجھڑی ہوتی ہے۔

۲ معدے کی حیثیت جسم کی نسبت سے وہی ہے جو حوض کی درخت کی نسبت سے ہوتی ہے۔

۳ انسان کے پیٹ میں پائی جانے والی رگیں، اعضاء سے معدے کی طرف آتی ہیں، اور اس سے وابستہ ہیں، جیسے پانی پینے کے لیے حوض پر آئے، اور ورد کا معنی ہے پانی پینے کے لیے حوض پر آنا، جیسے کہ صدور کا معنی ہے پانی پی کر لوٹنا۔

۴ اور اس نے اچھا کھانا حاصل کیا ہو۔

۵ تو رگیں معدہ سے اعضاء کی طرف عمدہ رطوبتیں اور صالح غذا لے کر لوٹتی ہیں، جو بدن کی صحت اور طاقت کا سبب بنتی ہیں۔

۶ اور اس نے ردی اور فاسد غذا حاصل کی ہو۔

۷ تو رگیں اعضاء کی طرف ردی اور فاسد رطوبتیں لے کر جاتی ہیں جو بدن کی بیماری اور کمزوری کا سبب بنتی ہیں جیسے کہ درخت کی جڑیں اور ریشے، حوض کی طرف جا کر رطوبتوں کو جذب کرتے ہیں، اگر پانی صاف اور میٹھا ہو تو درخت کی سرسبزی، تازگی اور نشوونما کا سبب بنے گا اور اگر پانی گدلا اور نمکین ہو تو درخت کے خشک، پژمردہ اور کمزور ہونے کا سبب بنے گا، جیسے کہ حضرت مصنف نے بیان کیا ہے یہ حدیث امام بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کی ہے، محدثین نے اس کے صحیح اور مرفوع ہونے میں کلام کیا ہے، بعض کے نزدیک موضوعات میں سے ہے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد نہیں ہے۔ شرح میں ہم نے اس پر تفصیلی گفتگو کی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۲۳۶۴/۵۲ وَعَنْ عَلِیٍّ قَالَ بَیْنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَیْلَۃٍ یُصَلِّیْ فَوَضَعَ یَدَہٗ عَلَی الْاَرْضِ فَلَدَغَتْہُ عَقْرَبٌ فَتَنَاوَلَھَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بِنَعْلِہٖ فَقَتَلَھَا فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ لَعَنَ اللّٰہُ الْعَقْرَبَ مَا تَدَعُ مُصَلِّیًا وَلَا غَیْرَہٗ اَوْ نَبِیًّا وَغَیْرَہٗ ثُمَّ دَعَا بِمِلْحٍ وَمَاءٍ فَجَعَلَہٗ فِیْ اِنَاءٍ ثُمَّ جَعَلَ یَصُبُّہٗ عَلٰی اِصْبَعِہٖ حَیْثُ لَدَغَتْہُ وَیَمْسَحُھَا وَیُعَوِّذُھَا بِالْمُعَوِّذَتَیْنِ۔ (رَوَاھُمَا الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک رات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے تھے آپ نے زمین پر ہاتھ رکھا تو ایک بچھو نے آپ کو ڈس لیا۔ آپ نے اسے اپنے جوتے سے پکڑا اور ہلاک کر دیا، جب نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا۔ اللہ تعالیٰ بچھو پر لعنت فرمائے کہ وہ نہ تو نماز پڑھنے والے کو چھوڑتا ہے اور نہ اس کے غیر کو، یا فرمایا، نہ نبی کو چھوڑتا ہے نہ غیر نبی کو، پھر آپ نے نمک اور پانی منگوا کر ایک برتن میں ڈالا اور انگلی کے اس حصے پر ٹپکانے لگے جہاں بچھو نے کاٹا تھا، ساتھ ہی انگلی پر ہاتھ پھیر رہے تھے اور معوذتین[۱] کے ساتھ اس پر دم کر رہے تھے (امام بیہقی، شعب الایمان)

۱؎ سورت

۲؎ یہ دونوں حدیثیں امام بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کی ہیں، لیکن پہلی حدیث کے صحیح ہونے میں کلام ہے جیسے کہ ہم نے اس سے پہلے بیان کیا۔

۲۳۶۵/۵۳ وَعَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَوْھَبٍ قَالَ اَرْسَلَنِیْ اَھْلِیْ اِلٰی اُمِّ سَلَمَۃَ بِقَدَحٍ مِّنْ مَّاءٍ وَکَانَ اِذَا اَصَابَ الْاِنْسَانَ عَیْنٌ اَوْ

حضرت عثمان بن عبد اللہ بن موہب[۱] سے روایت ہے کہ مجھے میرے گھر والوں نے پانی کا ایک پیالہ دے کر حضرت ام سلمہ کے پاس بھیجا، اور عادت یہ تھی کہ جب کسی آدمی کو نظر لگ جاتی یا کوئی چیز لاحق

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شَیْءٌ بَعَثَ اِلَیْھَا مِخْضَبَۃً فَاَخْرَجَتْ مِنْ شَعْرِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَ کَانَتْ تُمْسِکُہٗ فِیْ جُلْجُلٍ مِّنْ فِضَّۃٍ فَخَضْخَضَتْہُ لَہٗ فَشَرِبَ مِنْہُ قَالَ فَاطَّلَعْتُ فِی الْجُلْجُلِ فَرَاَیْتُ شَعَرَاتٍ حُمْرَآءَ۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

ہو جاتی تو وہ ان کے پاس لگن [۱] بھیجتا تھا، تو وہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بال مبارک نکالتیں [۲]، جو انہوں نے چاندی کی ڈبیہ [۳] میں محفوظ کر رکھے تھے، وہ اس شخص کے لیے لگن ہلا دیتی تھیں [۴] تو وہ شخص پانی پی لیتا تھا، راوی [۵] کہتے ہیں کہ میں نے ڈبیہ میں جھانکا تو میں نے چند سرخ [۶] بال دیکھے۔

(بخاری)

سلہ عثمان بن عبداللہ بن موہب ہا پر زبر، حضرت طلحہ بن عبیداللہ کے آزاد کردہ غلام، ثقہ تابعی ہیں۔

سلہ راوی کو شک ہے کہ عین کہا یا اس کی جگہ شیئ کہا، یہ بھی احتمال ہے کہ اوشی راوی کا شک نہ ہو، مطلب یہ ہو کہ جب کسی کو نظر لگ جاتی یا کوئی اور چیز لاحق ہو جاتی۔

سلہ مِخْضَبَۃ میم کے نیچے زیر، نقطے والی خاء ساکن، نقطے والے ضاد پر زبر، وہ لگن جس میں کپڑے دھوتے ہیں اسے مرکن بھی کہتے ہیں، یعنی پانی کا برتن بھیجتا تھا۔

سلہ اور اس برتن میں ڈال دیتیں

سلہ جُلْجُل دونوں جیموں پر پیش، اصل میں اس چھوٹی گھنٹی کو کہتے ہیں جو جانور کے گلے میں لٹکائی جاتی ہے اس جگہ گھنٹی کی ہم شکل ڈبیہ مراد ہے۔

سلہ یعنی حضرت ام المومنین ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا پانی کے لگن میں بال مبارک ڈال کر اسے ہلا دیتی تھیں، تاکہ ان سے کچھ حصہ جدا ہو کر پانی کے ساتھ مخلوط ہو جائے یا اس لیے کہ پانی ان مقدس بالوں سے چھو جائے ۱۲ (ق ن) اور وہ پانی بیمار کو پلا دیا جائے۔

سلہ حضرت عثمان بن عبداللہ کہتے ہیں کہ میں نے اس ڈبیہ میں جھانک کر دیکھا تاکہ معلوم کروں کہ اس میں کیا ہے اور اس کی صفات معلوم کروں۔

سلہ بالوں کی سرخی یا تو اس لیے تھی کہ وہ پہلے ہی رنگے ہوئے تھے، یا حضرت ام سلمہ نے انہیں رنگ دیا تھا تاکہ مضبوط اور دیرپا ہو جائیں، یا اس لیے کہ انہیں سرخ رنگ کی خوشبو لگائی گئی تھی، جیسے کہ اس کی تاویل باب خضاب

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

میں گزر گئی ہے۔

۲۲۶۶/۵۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ نَاسًا مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَلْكَمْاَةُ مِنَ الْمَنِّ وَ مَآؤُهَا شِفَآءٌ لِّلْعَیْنِ وَ الْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَ هِیَ شِفَآءٌ مِّنَ السَّمِّ قَالَ اَبُوْ هُرَیْرَةَ فَاَخَذْتُ ثَلَاثَةَ اَكْمُؤٍ اَوْ خَمْسًا اَوْ سَبْعًا فَعَصَرْتُهُنَّ وَ جَعَلْتُ مَآءَهُنَّ فِیْ قَارُوْرَةٍ وَ كَحَلْتُ بِهٖ جَارِیَةً لِّیْ عَمْشَآءَ فَبَرِئَتْ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَ قَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ.

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ کچھ صحابہ کرام نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا کہ کھمبی[۱] زمین کی چیچک ہے[۲]، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کھمبی، مَن سے ہے[۳]۔ اور اس کا پانی آنکھ کے لیے شفا ہے عجوہ (کھجور) جنت سے ہے[۴] اور وہ زہر سے شفا ہے[۵]۔ حضرت ابوہریرہ فرماتے ہیں[۶] کہ میں نے تین، پانچ یا سات کھمبیاں[۷] لے کر نچوڑیں اور ان کا پانی ایک شیشی میں ڈال لیا، اور اپنی کمزور بینائی والی کنیز کی آنکھوں میں بطور سرمہ لگایا[۸] تو وہ تندرست ہو گئی[۹]۔

(ترمذی) انہوں نے فرمایا کہ یہ حدیث حسن ہے۔

[۱] اَلْكَمْاَةُ کاف پر زبر میم ساکن اور ہمزے پر زبر (کھمبی) اسے زمین کی چربی اور جن کی ٹوپی کہتے ہیں ہمارے علاقے میں اسے سانپ کی چھتری کہتے ہیں کتاب الاطعمہ کی پہلی فصل میں اس کا معنی تفصیل کے ساتھ بیان کیا جا چکا ہے۔ ——— غالبا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سامنے اس کا ذکر ہوا اور صحابہ کرام نے اس کی برائی بیان کرتے ہوئے کہا کہ کھمبی زمین کی چیچک ہے۔

[۲] کھمبی کو بچوں کے جسم پر نکلنے والی چیچک سے تشبیہ دی، یعنی جس طرح چیچک کی صورت میں خونی اور بلغمی ردی مادے ہوتے ہیں جو بچوں کی جلد سے باہر نکل آتے ہیں، اسی طرح کھمبی بھی ان مادوں کا مجموعہ ہے جنہیں زمین باہر نکال دیتی ہے۔ لہٰذا وہ گویا زمین کی چیچک ہے۔

[۳] اسے مذمت کے دائرے سے نکال کر اس کی تعریف اور اس کا فائدہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ کھمبی اللہ تعالیٰ کے عطیات میں سے ہے جو انسانوں کو بطور احسان عطا فرمائی ہے، بندوں کے کاشت کرنے اور پانی دینے کی تکلیف اٹھانے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کے بغیر زمین سے نمودار ہوتی ہے اور انسان کی خوراک بن جاتی ہے۔

اور اگر حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم پر نازل ہونے والا من مراد ہو جو سلویٰ کے ساتھ نازل ہوتا تھا تو کھمبی کو اس کی تشبیہ دینا مقصود ہے۔ یعنی جس طرح اس قوم کے لیے من آسمان سے نازل ہوتا تھا یہ بھی تمہارے لیے زمین سے اگتی ہے۔ جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا۔

اس جگہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ارشاد وَمَاءُهَا شِفَاءٌ لِلْعَيْنِ (اس کا پانی آنکھ کے لیے شفاء ہے) میں کلام ہے کہ اس کا کیا مطلب ہے؟ کیا یہ پانی دوسری دواؤں کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جائے تو شفاء ہے یا تنہا ہی استعمال کیا جائے۔ اکثر علماء کہتے ہیں کہ سرمہ، توتیا اور اس قسم کی دوسری دوائیں ساتھ ملا کر استعمال کی جائیں جو آنکھوں میں ڈالی جاتی ہیں، کیونکہ تجربہ شاہد ہے کہ تنہا اس کا استعمال آنکھ کو تکلیف دیتا ہے اور نقصان پہنچاتا ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں کہ ظاہر حدیث سے تنہا اس کا استعمال کرنا ثابت ہوتا ہے۔ امام نووی نے بیان کیا کہ میں نے اپنے زمانے کے بعض مشائخ کو دیکھا جن کی بینائی بالکل زائل ہو چکی تھی، حدیث پر اعتقاد اور اس سے برکت حاصل کرنے کی بدولت انہیں صرف کھمبی کے پانی کے آنکھوں میں لگانے سے کامل شفاء مل گئی۔ بعض محدثین نے کہا کہ اگر اس کا استعمال آنکھ کی گرمی دور کرنے کے لیے ہے تو تنہا ہی اس کا استعمال مفید ہے اور اگر کوئی دوسری خرابی ہے تو اسے دوسری دواؤں کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جائے۔ اس میں شک نہیں ہے کہ حدیث مطلق ہے اسے دوسری دواؤں کے ساتھ مخلوط کرنے سے مقید کرنا ظاہر کے خلاف ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان کردہ قول بھی اسی طرف اشارہ کرتا ہے۔

سکہ کھجور کی ایک قسم عجوہ جنت سے ہے جو وہاں سے دنیا میں لائی گئی ہے یا اس کی تعریف مقصود ہے گویا وہ جنت سے آئی ہوئی ہے۔

شہ اس کی شرح بھی کتاب الاطعمہ کی پہلی فصل میں گزر گئی ہے۔

سکہ یہ بیان کرنے کے لیے کہ کھمبی آنکھ کے لیے شفاء ہے، اس سلسلے میں انہوں نے اپنا تجربہ بھی بیان کیا۔

سکہ اَکْمُوٌ بروزن اَفْعُلٌ — تین یا پانچ یا سات، یہ یا تو حضرت ابوہریرہ سے حدیث کے روایت کرنے والے کو شک ہے یا خود حضرت ابوہریرہ کو شک ہے، بہر واقعہ بیان کرتے وقت انہیں تعداد یاد نہیں رہی، واللہ تعالیٰ اعلم۔ بہر صورت انہوں نے طاق عدد میں کھمبیاں لیں۔

شہ جس کی آنکھ سے پانی بہتا رہتا تھا۔

سکہ اس کی بینائی تیز ہو گئی اور آنکھ کی بیماری جاتی رہی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۲۳۶۷/۵۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَعِقَ الْعَسَلَ ثَلَاثَ غَدَوَاتٍ فِيْ كُلِّ شَهْرٍ لَمْ يُصِبْهُ عَظِيْمٌ مِنَ الْبَلَاءِ. (رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے ہر مہینے میں تین دن صبح کے وقت شہد چاٹا اسے بڑی چیز لاحق نہ ہوگی جو کہ بلا ہے ۵۵۔

(ابن ماجہ، بیہقی)

۵۵ یا یہ مطلب ہے کہ اسے چھوٹی بلا تو کیا بڑی بلا بھی لاحق نہ ہوگی۔ یعنی شہد کی برکت اور اس کی خاصیت کی بنا پر چھوٹی بلا تو کیا بڑی بلا بھی دفع ہو جائے گی۔

اچھی طرح غور کیجئے۔ صاحب سفر السعادۃ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر روز پانی ملے ہوئے شہد کا ایک پیالہ گھونٹ گھونٹ نوش فرماتے تھے (اھ) کہتے ہیں کہ شہد میں پانی ملا کر پینا صحت کی حفاظت کا ضامن ہے لیکن اسے فاضل اطباء ہی جانتے ہیں۔ کیونکہ ناشتے کے بعد شہد کا چاٹنا بلغم کو دور کرتا ہے، معدے کو صاف کرتا ہے، لیس دار اور زائد مادوں کو دور کرتا ہے، معدے کو حد اعتدال تک گرم کرتا ہے، سدے خارج کرتا ہے، پانی ٹھنڈا اور تر ہے جو حرارت کو جمع کرتا ہے اور جسمانی صحت کی حفاظت کرتا ہے، انہوں نے یہ بھی بیان کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہر صبح ٹھنڈے پانی میں شہد ملا کر ایک پیالہ نوش فرماتے پھر جب کھانے کی طلب ہوتی تو جو کچھ حاضر ہوتا اس میں سے تناول فرما لیتے۔

۲۳۶۸/۵۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكُمْ بِالشِّفَائَيْنِ الْعَسَلِ وَالْقُرْاٰنِ رَوَاهُمَا ابْنُ مَاجَةَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ وَقَالَ وَالصَّحِيْحُ اَنَّ الْخَبَرَ مَوْقُوْفٌ عَلَى ابْنِ مَسْعُوْدٍ.

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم دو شفاؤں، شہد اور قرآن کو لازم پکڑو ۵۶۔ ان دونوں حدیثوں کو امام ابن ماجہ نے اور شعب الایمان میں امام بیہقی نے روایت کیا ہے، امام بیہقی نے کہا صحیح یہ ہے کہ دوسری حدیث ۵۶ ابن مسعود پر موقوف ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہ شہد شفا ہے اللہ تعالیٰ کے فرمان کے مطابق فِیْہِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ اس میں لوگوں کے لیے شفا ہے اور قرآن پاک بھی شفا ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے ھُدًی وَّشِفَاءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ہدایت ہے اور سینوں کی بیماریوں کے لیے شفا ہے۔ لیکن شہد جسمانی بیماریوں کے لیے شفا ہے اور قرآن شریف ظاہر و باطن کے لیے شفا ہے اسی لیے فرمایا: ہدایت اور شفاء ہے ایک دوسرا فرق یہ ہے کہ شہد کے بارے میں فرمایا کہ اس میں شفا ہے اور قرآن پاک کو عین شفا قرار دیا۔

ٹہ جس میں ہے کہ تم دو شفاؤں کو لازم پکڑو، یہ حدیث مرفوع نہیں ہے بلکہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے۔

۴۳۶۹ وَعَنْ اَبِیْ كَبْشَةَ الْاَنْمَارِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجَمَ عَلٰى هَامَتِهٖ مِنَ الشَّاةِ الْمَسْمُوْمَةِ قَالَ مَعْمَرٌ فَاحْتَجَمْتُ اَنَا مِنْ غَيْرِ سَمٍّ كَذٰلِكَ فِیْ يَافُوْخِیْ فَذَهَبَ حُسْنُ الْحِفْظِ عَنِّیْ حَتّٰى كُنْتُ اُلَقَّنُ فَاتِحَةَ الْكِتَابِ فِی الصَّلٰوةِ.

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

حضرت ابو کبشہ انماری لہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے زہریلی بکری ٹہ کی وجہ سے اپنی کھوپڑی پر سنگی لگوائی، معمر ٹہ کہتے ہیں کہ میں نے زہر کے بغیر اسی طرح سنگی لگوائی سر کے درمیان تو میرے حافظے کی عمدگی جاتی رہی یہاں تک کہ نماز میں مجھے سورۃ فاتحہ بتائی جاتی تھی۔

(رزین)

لہ حضرت ابو کبشہ انماری صحابی ہیں، ان کی حدیث، کھوپڑی پر سنگی لگوانے کی دوسری فصل میں گزر گئی ہے۔

ٹہ زہریلی بکری کا گوشت کھانے سے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو تکلیف پیدا ہو گئی تھی، اس لیے آپ نے سنگی لگوائی، یہ واقعہ مشہور ہے۔ خیبر کی ایک یہودی عورت نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو زہر آلود گوشت کھلا دیا تھا، حضور نے اپنی ذات کا اس سے انتقام نہ لیا بلکہ معاف فرما دیا ۱۲ ق ن)

ٹہ جو اس حدیث کے ایک راوی ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جس طرح نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے لگوائی تھی اور سر کے درمیان سے خون نکلوایا تھا یا یہ تاکید ہے ان کے اس قول کی کہ بغیر زہر کے سینگی لگوائی ۔

۵۵ یافوخ سر کا درمیانہ حصہ، کھوپڑی کے معنی میں بھی آتا ہے ۔

۵۶ سر کے درمیانے حصے سے خون نکالنے کی وجہ ہے ۔

۵۷ انتہائی مبالغے کے ساتھ حافظے کے زائل ہونے کا بیان ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض بیماریاں ایسی ہوتی ہیں جن کی بنا پر سر سے خون نکالنے کی حاجت پیش آجاتی ہے ایسی بیماریوں کے بغیر سر سے خون نکالا جائے تو حافظے کے لیے نقصان دہ ہے ۔

۴۳۴۰/۵۸ وَعَنْ نَافِعٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ يَا نَافِعُ يَنْبَغُ بِيَ الدَّمُ فَأْتِنِي بِحَجَّامٍ وَ اجْعَلْهُ شَابًّا وَلَا تَجْعَلْهُ شَيْخًا وَ لَا صَبِيًّا قَالَ وَقَالَ ابْنُ عُمَرَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْحِجَامَةُ عَلَى الرِّيقِ أَمْثَلُ وَ هِيَ تَزِيدُ فِي الْعَقْلِ وَ تَزِيدُ فِي الْحِفْظِ وَ تَزِيدُ الْحَافِظَ حِفْظًا فَمَنْ كَانَ مُحْتَجِمًا فَيَوْمَ الْخَمِيسِ عَلَى اسْمِ اللّٰهِ وَ اجْتَنِبُوا الْحِجَامَةَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَ يَوْمَ السَّبْتِ وَ يَوْمَ الْأَحَدِ وَ احْتَجِمُوا يَوْمَ الْاِثْنَيْنِ وَ يَوْمَ الثُّلَاثَاءِ وَ اجْتَنِبُوا الْحِجَامَةَ يَوْمَ

حضرت نافع کہتے ہیں کہ مجھے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما نے فرمایا: اے نافع! میرا خون کھولتا ہے[۵۸]، تم میرے پاس فصد کرنے والے کو لاؤ لیکن وہ جوان ہو[۵۹]، بوڑھا یا بچہ نہ ہو، فرماتے ہیں حضرت ابن عمر نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ کو فرماتے ہوئے سنا کہ ناشتے پر[۶۰] فصد زیادہ بہتر ہے اور وہ عقل میں اضافہ حافظے میں زیادتی کرتی ہے، اور حافظے والے کا حافظہ بڑھاتی ہے، تو جو شخص فصد لینا چاہے وہ اللہ تعالیٰ کے نام پر جمعرات کو کرے، جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو فصد سے بچو، پیر اور منگل کے دن فصد لو اور بدھ کے دن فصد سے بچو۔ کیوں کہ یہی وہ دن ہے جس میں حضرت ایوب علیہ السلام

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الْاَرْبِعَاءِ فَاِنَّهُ الْيَوْمُ الَّذِيْ أُصِيْبَ بِهِ اَيُّوْبُ فِي الْبَلَاءِ وَمَا يَبْدُوْ جُذَامٌ وَّلَا بَرَصٌ اِلَّا فِيْ يَوْمِ الْاَرْبِعَاءِ اَوْ لَيْلَةَ الْاَرْبِعَاءِ.
(رَوَاهُ ابْنُ مَاجَةَ)

بلا میں مبتلا کیے گئے[۵]۔ کوڑھ یا برص کی بیماری بدھ کے دن یا اس کی رات کو ہی شروع ہوتی ہے[۶]۔
(ابن ماجہ)

[۱] مجھ پر خون کا اس حد تک غلبہ ہے کہ وہ جوش مارتا ہے جیسے پانی پتیلے میں کھولتا ہے۔

[۲] یعنی طاقت ور ہونا چاہیے جو قوت کے ساتھ خون کھینچ اور نکال سکے۔

[۳] دعلی الریق کا ظاہر مطلب یہ ہے کہ نہار منہ اور خالی پیٹ فصد لیا جائے اور یہی مناسب ہے آج کل اپریشن سے پہلے فاقہ کرایا جاتا ہے ۱۲ (ق ن)۔

[۴] کیونکہ یہ دن نحوست اور بلا کا دن ہے۔

[۵] تفاسیر سے معلوم ہوتا ہے کہ قوم عاد بھی بدھ کے دن ہلاک کی گئی اور اس دن کو دائمی نحوست والا دن کہا گیا۔

[۶] یعنی کوڑھ اور سفید داغوں کی بیماری بدھ کے دن یا اس کی رات کو فصد لینے سے ہوتی ہے، ظاہر یہ ہے کہ یہ حصر اکثر اوقات کے اعتبار سے اور بطریق مبالغہ ہے۔
اس جگہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ حضرت کبشہ بنت ابی بکرہ کی حدیث دوسری فصل میں گزر گئی ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ منگل کے دن فصد لینا اچھا نہیں ہے اور اس حدیث میں اس کے خلاف ہے اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ اگر حضرت کبشہ کی حدیث صحیح ہو تو اس حدیث سے مراد یہ ہے کہ منگل کے دن فصد لیا جائے جب کہ وہ مہینے کی سترہ تاریخ کو واقع ہو جیسے کہ آئندہ حدیث سے ظاہر ہوتا ہے۔

۴۳۷۱/۵۹ وَعَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحِجَامَةُ يَوْمَ الثُّلٰثَاءِ لِسَبْعَ عَشْرَةَ مِنَ الشَّهْرِ دَوَاءٌ لِدَاءِ السَّنَةِ (رَوَاهُ حَرْبُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ

حضرت معقل بن یسار رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: مہینے کی سترہ تاریخ، منگل کے دن فصد لینا پورے سال کی بیماری کی دوا ہے، اس حدیث کو امام احمد بن حنبل

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْکِرْمَانِیُّ صَاحِبُ اَحْمَدَ وَ لَیْسَ اِسْنَادُہٗ بِذٰلِكَ هٰکَذَا فِي الْمُنْتَقٰی وَ رَوٰی رَزِیْنٌ نَحْوَہٗ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ.

کے ساتھی حرب بن اسماعیل نے روایت کیا، اس کی سند قوی نہیں ہے[۵۱]، اسی طرح منتقی[۵۲] میں ہے امام رزین نے یہ حدیث اسی طرح روایت کی[۵۳]

۵۱ کہ اس پر اعتماد کیا جا سکے۔

۵۲ امام ابن جارود کی تصنیف ہے۔

۵۳ بعض الفاظ کے اختلاف کے ساتھ۔

بَابُ الْفَالِ وَالطِّیَرَۃِ

۳۰۵۔ اچھی اور بری فال کا بیان

فال ہمزے کے ساتھ، لیکن زبان زد عام بغیر ہمزے کے ہے، عام طور پر اس کا استعمال اچھائی میں ہوتا ہے مثلاً ایک بیمار کے بارے میں اندیشہ ہو کہ وہ صحت مند ہوگا یا نہیں، اس حال میں وہ کسی کو کہتے ہوئے سنے یَا سَالِمُ (اے سلامتی والے!) یا کسی چیز کو تلاش کرنے والا کسی کو کہتے ہوئے سنے یَا وَاجِدُ (اے پانے والے!) یہ اچھی فال ہے) بعض اوقات برائی میں بھی استعمال ہوتا ہے جیسے کہتے ہیں اچھی فال اور بری فال۔ طِیَرَۃٌ طا کے نیچے زیر، یا پر زبر تطیّر کا ہم معنی مصدر ہے جیسے تیر سے خِیَرَۃٌ کہتے ہیں، ان دو لفظوں کے علاوہ اس وزن پر کوئی مصدر نہیں آیا، اس کا استعمال بری فال میں ہی ہوتا ہے، بعض اوقات طیرہ کا استعمال مطلق فال میں بھی آتا ہے خواہ اچھی ہو یا بری، اسی طرح کہا گیا ہے، اچھی فال لینا لائق تعریف اور سنت ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اچھی فال خصوصاً انسانوں اور مقامات کے ناموں سے بہت لیتے تھے، بری فال لینا ممنوع اور مذموم ہے تطیّر کی اصل اور وجہ تسمیہ یہ ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کرعربوں میں شگون لینے کا رواج تھا۔ مثلاً جب کسی کام کا ارادہ کرتے یا کسی جگہ جانا چاہتے تو پرندے یا ہرن کو اس کی جگہ سے بھگاتے، اگر وہ دائیں جانب بھاگتا تو اسے مبارک خیال کرتے اور اس سے اچھی فال لیتے اور اس کام کے لیے روانہ ہو جاتے اور اگر وہ بائیں جانب چلا جاتا تو اس کام کو منحوس تصور کرتے اور اسے چھوڑ دیتے شکار کے دائیں طرف سے آنے کو سنوح اور بائیں طرف سے آنے کو بروح کہتے ہیں، وہ لوگ سنوح کو بابرکت اور بروح کو منحوس خیال کرتے تھے، سوانح اور بوارح سے فال لینے کا کئی عبارتوں میں ذکر ہے اس کا یہی مطلب ہے اچھی فال لینے کی تعریف اور بری فال لینے کی مذمت میں نکتہ یہ ہے کہ بارگاہ الٰہی سے اچھائی کی امید رکھنا، اس کی رحمت اور اس کے فضل کا امیدوار ہونا بہر حال بہتر ہے۔ اگرچہ خطا ہو اور غلط ثابت ہو، اس کے برعکس اللہ تعالیٰ سے امید کا منقطع کرنا، بری بات سوچنا اور ناامید ہونا شرعی اور عقلی اعتبار سے مذموم ہے حالانکہ ہونا تو وہی کچھ ہے جو اس ذات کریم کو منظور ہوگا، یہ ہے فال اور طیرہ کی تحقیق، حضرت مصنف اس باب میں دوسری حدیثیں مثلاً عدویٰ، ہامہ اور صفر کے بارے میں بھی لائے ہیں جو بدفالی کے معنی میں ہیں۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۳۷۲ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا طِيَرَةَ وَ خَيْرُهَا الْفَالُ قَالُوْا وَ مَا الْفَالُ قَالَ الْكَلِمَةُ الصَّالِحَةُ يَسْمَعُهَا اَحَدُكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ بری فال کچھ چیز نہیں ہے[1]، بہترین چیز فال ہے[2] صحابہ کرام نے عرض کیا کہ فال کیا ہے؟ فرمایا وہ اچھا کلمہ ہے جسے تم میں سے کوئی شخص سنتے ہے[3] (صحیحین)

[1] برا شگون لینے کا فائدہ حاصل کرنے اور نقصان کے دور کرنے میں کچھ دخل نہیں ہے، اس کا عقیدہ نہیں رکھنا چاہیے اور اس کا اعتبار نہیں کرنا چاہیے جو کچھ ہونے والا ہے ہو کر رہے گا۔ شارع علیہ السلام نے اس کا اعتبار نہیں کیا اور اسے دخل نہیں دیا، بدفالی کی نفی اور اس کی ممانعت کے بعد فال کی تعریف کرتے ہوئے فرمایا کہ بہترین چیز فال ہے۔

[2] خَيْرُهَا الْفَالُ یہ ضمیر طیرہ کی طرف راجع ہے، یعنی بہترین طیرہ اچھی فال لینا ہے اس جگہ طیرہ مطلق فال لینے کے معنی میں ہے، اس جگہ اشکال یہ ہے کہ اس عبارت سے معلوم ہوتا ہے کہ اچھی فال لینا بہت بہتر ہے اور بری فال

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لینا بھی بہتر ہے، حالانکہ بری فال میں قطعاً بہتری نہیں ہے، اس کا جواب یہ ہے کہ اس جگہ لفظ خیر بہت بہتر کے معنی میں نہیں ہے بلکہ صرف بہتر کے معنی میں ہے، جیسے کہتے ہیں وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ آخرت بہتر ہے اور اَصْحَابُ الْجَنَّةِ خَيْرٌ جنت والے بہتر ہیں، دوسرا جواب یہ ہے کہ یہ کلام، عربوں کے عقیدے پر مبنی ہے کیونکہ وہ بدفالی میں بھی بہتری کا عقیدہ رکھتے تھے، تیسرا جواب یہ ہے کہ اگر بالفرض بدفالی بہتر ہو تو نیک فال لینا اس سے بھی بہتر ہے۔

سے۵ اور اس سے اچھی فال لے، مثلاً کسی چیز کو تلاش کرنے والا سنے یَا وَاجِدُ اے پانے والے، یا گم کردہ راہ سنے یَا رَاشِدُ اے ہدایت پانے والے۔

۴۲۴۳ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوٰى وَلَا طِيَرَةَ وَلَا هَامَةَ وَلَا صَفَرَ وَفِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ كَمَا تَفِرُّ مِنَ الْاَسَدِ. (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

ان ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیماری اڑ کر نہیں لگتی[۱]، بدفالی[۲]، پرندہ[۳] اور صفر[۴] کچھ نہیں ہے، اور کوڑھی سے اس طرح بھاگ جس طرح تو شیر سے بھاگتا ہے[۵]۔ (بخاری)

سلے[۱] یہ ثابت نہیں ہے کہ بیماری ایک شخص سے اڑ کر دوسرے کو لگ جاتی ہے، دور جاہلیت میں یہ عقیدہ تھا کہ اگر کوئی شخص بیمار کے پاس بیٹھے یا اس کے ساتھ مل کر کھائے تو مریض کی بیماری اسے لگ جاتی ہے، کہتے ہیں کہ اطباء کے خیال میں سات بیماریاں متعدی ہیں۔

(۱) جذام، کوڑھ (۲) خارش (۳) چیچک (۴) موتی جھیرہ (۵) منہ یا بغل کی بدبو (۶) آشوب چشم (۷) وبائی بیماری (ہیضہ وغیرہ) نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی نفی کی اور اسے باطل قرار دیا، یعنی بیماری ایک شخص سے دوسرے شخص کی طرف سرایت نہیں کرتی، بلکہ جس طرح قادر مطلق نے ایک شخص کو بیمار کیا اسی طرح اس نے دوسرے کو بیمار کر دیا (سرکار دوعالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے امت مسلمہ کو یہ نظریہ سکھایا ہے کہ ہر چیز میں مؤثر حقیقی اللہ تعالیٰ ہی ہے۔ لہٰذا یہ عقیدہ غلط ہے کہ بیماری خود بخود کسی کو لگ جاتی ہے، جسے بھی بیماری لگی ہے، اللہ تعالیٰ کے ارادے اور اس کی مشیت سے ہے خواہ وہ پہلا شخص ہو یا دوسرا تیسرا، یہ ممکن ہے کہ ایک بیمار کے آس پاس کی فضا مکدر اور خراب ہو جائے، اس سے اللہ تعالیٰ کی مشیت کے تحت دوسرا شخص بھی بیمار ہو جائے ۱۲ ق ن)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۲ وَلَا طِیَرَۃَ بدفالی کچھ نہیں، اس کا معنی اس سے پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔

۵۳ وَلَا ھَامَۃَ میم مخفف، بعض نے اسے مشدد (ھَامَّۃ) پڑھا ہے، اصل میں اس کا معنی سر ہے، اس جگہ پرندہ مراد ہے، جو عربوں کے گمان کے مطابق میت کی ہڈیوں سے پیدا ہو کر اڑ جاتا ہے: وہ کہا کرتے تھے کہ مقتول کے سر سے ایک پرندہ نکلتا ہے جس کا نام ہامہ ہے، وہ ہمیشہ پکار پکار کر کہتا ہے مجھے پانی دو، مجھے پانی دو، یہاں تک کہ مقتول کا قاتل قتل کیا جائے، بعض عرب یہ کہتے تھے کہ مقتول کی روح پرندے کی شکل اختیار کر لیتی ہے اور فریاد کرتی رہتی ہے، یہاں تک کہ قاتل سے انتقام لے لے، جب انتقام لے لیتی ہے تو اڑ کر چلی جاتی ہے، صدی بھی اسی کا نام ہے، شارع علیہ السلام نے اس تصور کو بھی باطل کر دیا اور فرمایا کہ یہ کچھ نہیں ہے، بعض علماء کہتے ہیں کہ ہامہ سے مراد الو ہے جو کسی کے مکان پر گر کر آواز نکالتا ہے، اور اس کی موت اور ہلاکت کی خبر دیتا ہے اور یہ طیرہ میں داخل ہے، مختار پہلا قول ہی ہے۔

۵۴ اس جگہ بہت اقوال ہیں، بعض شارحین کے نزدیک مشہور مہینہ مراد ہے جو محرم کے بعد آتا ہے عوام الناس اسے بلاؤں، حادثوں اور آفتوں کے نازل ہونے کا وقت قرار دیتے ہیں۔ یہ عقیدہ بھی باطل ہے، اس کی کچھ اصلیت نہیں ہے، بعض کے نزدیک پیٹ میں پایا جانے والا سانپ مراد ہے جو عربوں کے خیال کے مطابق بھوک کے وقت تکلیف اور ایذا دیتا ہے۔ کہتے ہیں کہ بھوک کے وقت جو تکلیف لاحق ہوتی ہے وہ اسی کی وجہ سے ہوتی ہے اور وہ ایک شخص سے دوسرے کی طرف سرایت کر جاتا ہے، امام نووی شرح مسلم میں فرماتے ہیں کہ یہ پیٹ کے کیڑے ہوتے ہیں جو بھوک کے وقت کاٹتے ہیں، بعض اوقات انسان کا جسم دکھنے لگتا ہے اور وہ ہلاک ہو جاتا ہے،۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ سب باطل ہے۔

بعض شارحین کہتے ہیں کہ اس سے مراد نسی ہے یعنی محرم کو صفر کی جگہ رکھنا اور اسے شہر حرام (عزت والا مہینہ) قرار دینا، جیسے کہ آیت کریمہ اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ زِیَادَۃٌ فِی الْکُفْرِ کی تفسیر میں مراد ہے اس کی حقیقت اپنی جگہ پر بیان کی گئی ہے۔

۵۵ بیماری کے (از خود) متعدی ہونے کی نفی کے باوجود فرمایا کہ کوڑھی سے اس طرح بھاگو جس طرح تم شیر سے بھاگتے ہو، متعدی ہونے کی نفی اور کوڑھی سے بھاگنے کے حکم میں تطبیق، ہم فصل کے آخر میں بیان کریں گے۔

۴۳۴۳ وَعَنْہُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوٰی وَلَا ھَامَۃَ وَلَا

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیماری کا خود بخود دوسرے کو لگ جانا، پرندہ اور

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

صَفَرَ فَقَالَ اَعْرَابِيٌّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَمَا بَالُ الْاِبِلِ تَكُوْنُ فِي الرَّمْلِ لَكَاَنَّهَا الظِّبَاءُ فَيُخَالِطُهَا الْبَعِيْرُ الْاَجْرَبُ فَيُجْرِبُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ اَعْدَلَ الْاَوَّلَ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

صفر کچھ نہیں ہے، ایک [1] بدوی نے عرض کیا یارسول اللہ! اونٹوں کا کیا حال ہے! وہ ریت میں الگ ہوتے ہیں تو ہرنوں کی طرح [2] ہوتے ہیں، ان میں خارشی زدہ اونٹ شامل ہو جاتا ہے تو انہیں بھی خارش میں مبتلا کر دیتا ہے، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا [3]: تو پہلے اونٹ کو کس نے خارش میں مبتلا کیا؟ [4]

(بخاری)

۱؎ جب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مذکورہ اشیاء کی نفی کی، تو اعرابی نے سوال کیا کیونکہ اس کا تجربہ اس کے خلاف تھا۔

۲؎ تندرستی اور جلد کی صفائی میں

۳؎ اعرابی کے بیان کا رد کرتے ہوئے اور اسے باطل قرار دیتے ہوئے۔

۴؎ اسے کہاں سے خارش لگ گئی ——— غالباً پہلے اونٹ سے مراد وہ اونٹ ہے جسے سب سے پہلے خارش ہوئی، کیونکہ اگر وہ اونٹ مراد ہوتا ہے جس کے واسطے سے دوسرے اونٹوں کو خارش لاحق ہوئی ہے تو ممکن تھا وہ اعرابی کہہ دیتا کہ اسے کسی دوسرے اونٹ سے یہ بیماری لگی ہے، اور اس کے ذریعے دوسروں تک پہنچتی ہے، کہنا پڑے گا کہ سب سے پہلے جس اونٹ کو خارش لاحق ہوئی اسے اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہی لاحق ہوئی تھی، تو دوسرے اونٹوں کے بارے میں بھی یہ کہنا پڑے گا کہ انہیں اللہ تعالیٰ کے حکم سے یہ بیماری لاحق ہوئی ہے۔

۴۳۷۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا عَدْوٰى وَلَا هَامَةَ وَلَا نَوْءَ وَلَا صَفَرَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بیماری کا از خود متعدی ہونا، اُلّو، چاند کی منزل اور صفر [1] کچھ نہیں ہے۔

(مسلم)

۱؎ نَوء کے علاوہ باقی الفاظ کے معانی اس سے پہلے بیان کیے جا چکے ہیں، "نَوء" نون پر زبر، واؤ ساکن اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

آخر میں ہمزہ، اس کی جمع انواء ہے جس کا معنی منازل قمر ہے، چاند کی اٹھائیس منزلیں ہیں، آیہ کریمہ وَالْقَمَرَ قَدَّرْنَاهُ مَنَازِلَ ہم نے چاند کی منزلیں مقرر کی ہیں، اس کا اشارہ انہیں منازل کی طرف قرار دیتے ہیں، عرب بارش کے نازل ہونے کی نسبت چاند کی طرف کرتے تھے، وہ کہتے تھے کہ بارش کے نازل ہونے کی علت اور اس میں موثر چاند کا ان منزلوں میں سے بعض میں نازل ہونا ہے، شارع علیہ السلام نے اس تصور کو باطل قرار دیا اور بتایا کہ بارش محض تقدیر الٰہی کی بنا پر نازل ہوتی ہے نہ کہ کسی دوسری چیز کی وجہ سے، چاند کے موثر اور علت ہونے کے عقیدے کا رد کیا گیا ہے، لیکن اگر اسے بایں معنی سبب مانا جائے کہ اللہ تعالیٰ اس وقت بارش برساتا ہے۔ وقت علت نہیں ہے وہ قادر ہے چاہے تو اس وقت سے پہلے یا بعد بارش برسا سکتا ہے اور اگر چاہے تو اس وقت بھی بھیج سکتا ہے۔ جیسے کہ باقی اسباب عادیہ کا حکم ہے، تو یہ عقیدہ باطل اور کفر نہیں ہوگا، امام نووی نے فرمایا: اس کے باوجود مکروہ ہے کیونکہ یہ کفر کی علامت ہے اور اس سے علت ہونے کا گمان ہوتا ہے، علامہ طیبی نے کہا کہ مکروہ تنزیہی ہے، یہ حکم بارش کے آنے اور اس جیسے دیگر امور کے بارے میں ہے جن کا دخل اور سبب عادی ہونا اس جگہ (سرزمین ہند میں) تجربے سے معلوم ہوا ہے، لیکن بندوں کے دیگر اعمال کی سعادت اور نحوست کا حکم کرنا جیسے کہ نجومی کرتے ہیں شریعت اور سلف صالحین کے طریقے کے خلاف ہے واللہ تعالیٰ اعلم

۴۳۴۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا عَدْوٰى وَلَا صَفَرَ وَلَا غُوْلَ ۵.

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ بیماری کا خود بخود متعدی ہونا، صفرا اور بھوت[۵] کچھ نہیں ہے۔

(مسلم)

۵ غُول لفظے والی غین پیش، واؤ ساکن، اس کی جمع غیلان، نہایہ میں ہے کہ جنات اور شیطانوں کی جنس سے ایک مخلوق ہے، عربوں کا گمان تھا کہ بھوت جنگلوں میں مختلف صورتوں میں انسانوں کو دکھائی دیتے ہیں انہیں گمراہ کرتے ہیں اور ہلاک کر دیتے ہیں، شارع علیہ السلام نے اس کی نفی کی ہے، شارحین کہتے ہیں کہ بھوت (سرکش جن) کے وجود کی نفی نہیں ہے، بلکہ ان کے مختلف صورتوں میں ظاہر ہونے اور انسانوں کو ہلاک کرنے کی نفی ہے یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر انہیں لوگوں کو گمراہ کرنے اور ہلاک کرنے کی طاقت نہیں ہے۔ صرف فریب کاری اور خیالی طور پر مختلف شکلیں دکھاتے ہیں، بعض شارحین نے کہا کہ یہ بھی ہو سکتا ہے کہ بھوت کی نفی سے مراد یہ ہو کہ سید الانبیاء صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بعثت کے ساتھ ہی انہیں ظاہر ہونے، گمراہ کرنے اور ہلاک کرنے سے منع کیا گیا ہو، جیسے شیاطین کو آسمان کے قریب جا کر فرشتوں کی گفتگو سننے سے منع کر دیا گیا تھا۔

Downloaded From Paksociety.com
Scanned By Marfat.com

۴۳۷۷ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ فِيْ وَفْدِ ثَقِيْفٍ رَجُلٌ مَجْذُوْمٌ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّا قَدْ بَايَعْنَاكَ فَارْجِعْ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عمرو بن شرید اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ثقیف[۱] کے وفد میں ایک شخص کوڑھی تھا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسے پیغام بھیجا[۲] کہ ہم نے تمہیں بیعت کر لیا ہے، لہٰذا تم واپس چلے جاؤ[۳] (مسلم)

سلہ ۱ ایک جگہ کا نام جہاں کا وفد بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا تھا (قبیلے کا بھی نام ہے حجاج اسی قبیلے سے تھا ۱۲ ق ن)۔

سلہ ۲ کہ تم لوگوں کی مجلس میں نہ آؤ، جہاں ہو وہیں رہو۔

سلہ ۳ تمہیں ظاہری اور صوری بیعت کی حاجت نہیں ہے، اس حدیث سے کوڑھی سے دور ہونا اور اس کی صحبت سے اجتناب معلوم ہوتا ہے۔ اس سے پہلے حدیث گزر چکی ہے کوڑھی سے اسی طرح بھاگو جس طرح شیر سے بھاگتے ہو، اس سے بھی یہی معلوم ہوتا ہے کہ کوڑھی سے دور رہنا چاہیے جب کہ ایک دوسری حدیث میں ہے لَا عَدْوٰى (بیماری تو دو متعدی نہیں ہوتی) ان احادیث میں تطبیق کے سلسلے میں علماء کے دو طریقے ہیں۔

(۱) اکثر اس بات کے قائل ہیں، بیماری کے متعدی ہونے کی مطلق نفی کرنا مقصود ہے، جیسے کہ ظاہر احادیث سے یہی معلوم ہوتا ہے، بعض علماء کہتے ہیں کہ متعدی ہونے کی نفی سے مراد یہ ہے کہ بیماری مؤثر حقیقی نہیں ہے جیسے کہ حکمت طبیعیہ کے ماہرین، متعدی ہونے کی علتوں کو قطعی طور پر مؤثر مانتے ہیں، لہٰذا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے حقیقت حال پر تنبیہ کرتے ہوئے بتایا کہ صورت حال اس طرح نہیں ہے جس طرح ان کا گمان ہے، بلکہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی مشیت سے متعلق ہے فِرَّ مِنَ الْمَجْذُوْمِ فِرَارَكَ مِنَ الْاَسَدِ اگر چاہے تو ہو ورنہ نہیں کوڑھی سے دور بھاگنے کا حکم دے کر بتادیا کہ اس مرض والے سے میل جول اور قرب، اس بیماری کے پیدا ہونے کے اسباب میں سے ہے، اسباب کی رعایت کے پیش نظر اس سے دور رہنا لازم ہے، جیسے کہ جھکی ہوئی دیوار اور عیب والی کشتی سے بچا جاتا ہے، یہ تطبیق شیخ ابن صلاح کے دیگر علماء کے نزدیک مختار ہے اس کا خلاصہ یہ ہے کہ بیماریاں طبعی طور پر اخود بخود متعدی نہیں ہیں، ہاں اللہ تعالیٰ نے ان بیماریوں میں مبتلا لوگوں سے میل جول کو متعدی ہونے کا سبب بنایا ہے، بعض اوقات بیماری متعدی نہیں بھی ہوتی، جیسے کہ باقی اسباب عادیہ کا حکم ہے لہٰذا متعدی ہونے کی نفی اور دور رہنے کا حکم دونوں باتیں درست ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

علامہ تور پشتی نے کہا کہ یہ قول میرے نزدیک مختار اور اولیٰ ہے، اور احادیث میں تطبیق کا ذریعہ ہے، پہلے قول کی بنا پر طبی اصول کا معطل ہونا لازم آتا ہے حالانکہ شریعت انہیں باطل کرنے کے لیے وارد نہیں ہوئی، بلکہ انہیں ثابت کیا ہے اور برقرار رکھا ہے، (ابن صلاح کے) اس قول کی بنا پر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دو ارشادوں میں مطابقت ہو جاتی ہے۔

(۱) ثقیف کے کوڑھی کو فرمایا: ہم نے تمہیں بیعت کر لیا ہے تم واپس چلے جاؤ۔

(۲) ایک دوسرے کوڑھی کو فرمایا: اللہ تعالیٰ پر بھروسہ اور توکل کرتے ہوئے کھاؤ۔ پہلے فرمان میں اسباب کی رعایت کی طرف اشارہ ہے اور دوسرے فرمان میں مقام توکل کی طرف راہنمائی ہے جو ترک اسباب کا باعث ہے پہلے ارشاد میں امت کو تعلیم دی گئی ہے اور ان کمزور لوگوں کو رخصت دی گئی ہے جو ابھی مقام صدق میں ثابت قدم نہیں ہوئے، دوسرا ارشاد خود نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مقام کو ظاہر کرتا ہے۔

علامہ ابن حجر عسقلانی نے شرح نخبۃ الفکر میں فرمایا کہ تطبیق کا بہتر طریقہ یہ ہے کہ متعدی ہونے کی نفی اپنے عموم اور اطلاق پر واقع ہے، اور ان بیماریوں میں مبتلا لوگوں سے میل جول متعدی ہونے کا ہرگز سبب نہیں ہے، لیکن کوڑھی سے دور بھاگنے کا حکم از قبیل سد ذرائع ہے تاکہ کوئی شخص شرک کے جال میں نہ پھنس جائے، یعنی اگر کسی نے کوڑھی سے میل جول رکھا اور اچانک تقدیر الٰہی سے کوڑھ کے مرض میں پھنس گیا تو وہ یہ عقیدہ نہ رکھے کہ میل جول رکھنے کی وجہ سے یہ بیماری لاحق ہوئی ہے، اس سے اجتناب کا حکم دیا گیا تاکہ اس وہم میں نہ واقع ہو جائے، یہی وجہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے خود کوڑھی کے ساتھ کھانا تناول فرمایا، کیونکہ آپ حقیقی توکل کے مقام پر فائز تھے اور آپ کے دل اقدس میں غلط وہم کا گزر نہیں ہو سکتا تھا۔ دور بھاگنے کا حکم اس شخص کے لیے ہے جو اپنے اندر صدق و یقین نہیں پاتا، کہیں ایسا نہ ہو کہ بیماری لاحق ہو جائے تو وہ شرک خفی میں مبتلا ہو جائے (اھ)

علامہ کرمانی نے فرمایا کہ بیماری متعدی نہیں ہوتی، اس ارشاد سے کوڑھ مستثنیٰ ہے۔ امام نووی نے فرمایا: کہ کوڑھ کی ایسی بدبو ہے کہ جو شخص کوڑھی کے ساتھ کھائے پیئے، ایک ساتھ بیٹھے، صحبت کرے اسے بھی بیمار کر دیتی ہے لہٰذا یہ طب سے متعلق ہے یہ متعدی ہونا نہیں ہے، جیسے کہ برا کھانا اور بدبو نقصان دیتی ہے۔ اور سب کچھ اللہ تعالیٰ کے حکم سے ہے ——— یہ ہے اس مسئلے میں علماء کرام کا کلام ———

واللہ تعالیٰ اعلم

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ دوسری فصل

۴۳۷۸ عَنْ اِبْنِ عَبَّاسٍ قَالَ حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From
Paksociety.com

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَفَاءَلُ وَلَا يَتَطَيَّرُ وَكَانَ يُحِبُّ الْاِسْمَ الْحَسَنَ.

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اچھی فال[۱] لیا کرتے تھے، بری فال نہیں لیتے تھے، اور اچھا نام پسند کرتے تھے[۲]۔

(شرح السنۃ[۳])

[۱] انسانوں، مقامات اور دوسری چیزوں کے ناموں سے اچھی فال لیتے تھے، احادیث میں اس کا ذکر کثرت سے ہے، لیکن بری فال نہیں لیتے تھے، اچھی فال کو پسند کرنے اور بری فال کو پسند نہ کرنے کی وجہ پہلی فصل میں فال اور تطیر کا معنی بیان کرتے ہوئے بیان کردی گئی ہے۔

[۲] مثلاً اگر کسی شخص کا نام برا ہوتا تو اسے تبدیل کر دیتے اور اچھا نام رکھ دیتے، یہ بھی ایک قسم کی نیک فالی ہے، اچھا نام جمال کا زیور، کمال کا تتمہ اور ذکر جمیل میں داخل ہے جیسے کہ اچھی نام والے کو اچھی صفت سے موصوف کردیا ہو، یہ مطلب نہیں ہے کہ اچھے نام کی اچھے اخلاق سے موصوف ہونے اور اچھے افعال کے صادر ہونے میں تاثیر ہوتی ہے۔

جیسے کہ بعض شارحین نے دعویٰ کیا ہے، اس مسئلے کی تفصیل صراط مستقیم سفر السعادۃ کی شرح میں بیان کی گئی ہے، وہاں دیکھی جائے۔

[۳] امام احمد اپنی مسند میں بھی لائے ہیں۔

۴۳۷۹ وَعَنْ قَطَنِ ابْنِ قَبِيْصَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعِيَافَةُ وَالطَّرْقُ وَالطِّيَرَةُ مِنَ الْجِبْتِ.

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ)

قطن بن قبیصہ[۱] اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: پرندے اڑانا[۲]، کنکر پھینکنا اور بدفالی شرکوں کے افعال ہیں[۳]۔

(ابو داؤد)

[۱] قطن قاف پر اور بے نقطہ طاء پر زبر اور آخر میں نون بن قبیصہ قاف پر زبر، باء کے نیچے زیر، یاء ساکن صاد بے نقطہ ـــــ قطن تابعی ہیں، اہل بصرہ میں شمار کیے جاتے ہیں، سجستان اور اصبہان کے گورنر تھے ابن حبان نے ان کا ذکر ثقات میں کیا ہے، امام نسائی نے فرمایا: ان میں کوئی عیب نہیں ہے، امام ابوداؤد اور نسائی نے ان سے ایک ایک حدیث روایت کی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۲ اَلْعِیَافَۃُ بے نقطہ عین کے نیچے زیر، یا کے نیچے دو نقطے، اس کے بعد فا، عیافت اس طریقے سے پرندوں کا اڑانا جس کا ذکر پہلی فصل میں تطیر کا معنی بیان کرتے ہوئے کیا جاچکا ہے، پرندوں کے ناموں، ان کی آوازوں اور صفات سے فال لینا، اس سلسلے میں عربوں کے قصے، حکایات اور واقعات بکثرت ہیں، طرق بے نقطہ طا پر زبر را ساکن اور آخر میں قاف، کنکر پھینکنا جیسے کہ عرب عورتوں کی فال کے سلسلے میں عادت ہے بعض شارحین نے کہا اس سے مراد ریت میں لکیر کھینچنا ہے، جیسے کہ رمل والوں کا طریقہ ہے، قاموس میں ہے کہ طرق کا معنی ہے کاہنوں کا کنکر پھینکنا مجمع البحار میں ہے کہ طرق کہانت کا ایک طریقہ ہے، جیسے کہ نجومی اور رمل والے دل کی بات ذخیرہ معلوم کرنے کے لیے کرتے ہیں۔

۵۳ جبت جیم کے نیچے زیر، ایک نقطے والی با ساکن۔ اللہ تعالیٰ کے سوا ہر وہ چیز جس کی عبادت کی جائے، یعنی شرک کا سبب اور مشرکوں کے کاموں میں سے ہے، بعض شارحین نے جبت کی تفسیر جادو اور کہانت سے کی ہے، کہانت کا معنی آیندہ باب میں بیان کیا جائے گا ان شاء اللہ تعالیٰ۔ بعض شارحین نے کہا کہ جبت جادوگر کو کہتے ہیں، اس شخص کو بھی کہتے ہیں جس کے پاس کوئی چیز نہ ہو، مطلب یہ ہوا کہ یہ جادوگروں اور بدکاروں کا عمل ہے۔

۴۳۸۰/۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطِّيَرَةُ شِرْكٌ قَالَهُ ثَلٰثًا وَمَا مِنَّا اِلَّا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ. (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالتِّرْمِذِيُّ) فَقَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ اِسْمَاعِيْلَ يَقُوْلُ كَانَ سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ يَقُوْلُ فِيْ هٰذَا الْحَدِيْثِ وَمَا مِنَّا اِلَّا وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يُذْهِبُهُ بِالتَّوَكُّلِ. هٰذَا عِنْدِيْ اَقُوْلُ ابْنِ

حضرت عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، بری فال لینا شرک ہے، یہ بات تین دفعہ فرمائی، اور ہم میں سے کوئی شخص نہیں ہے مگر (اس کے دل میں بری فال سے تردد پیدا ہوتا ہے) لیکن اللہ تعالیٰ توکل کی برکت سے اس خیال کو دور کر دیتا ہے۔ (ابو داؤد، ترمذی) امام ترمذی نے فرمایا میں نے امام محمد بن اسمٰعیل بخاری کو فرماتے ہوئے سنا کہ سلیمان بن حرب اس حدیث کے بارے میں فرماتے تھے کہ میرے نزدیک آخری جملہ وَمَا مِنَّا اِلَّا الخ ابن مسعود

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مسعود کا قول ہے۔

سلہ مشرکوں کا عمل ہے اور شرک خفی کا موجب ہے اور اگر جزم کے ساتھ عقیدہ رکھے کہ ضرور اس طرح ہو جائے گا تو بے شک کفر ہے۔

سلہ یعنی اگر بتقاضائے بشریت دل میں شک یا وہم پیدا ہو جائے تو چاہیے کہ اللہ تعالیٰ پر بھروسہ کرے اس کام کے لیے چلا جائے اور وہم کی پیروی نہ کرے۔

سلہ امام بخاری کے استاذ۔

سلہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان نہیں ہے، اور حق یہ ہے کہ اسی طرح ہونا چاہیے کیونکہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ارباب یقین کے سردار ہیں اور تمام اصحاب توکل و تمکین سے افضل و اعلیٰ ہیں، آپ کے دل اقدس میں اس قسم کا تردد کیسے پیدا ہو سکتا ہے؟ اور اگر بالفرض نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کا فرمان ہو تو از راہ تواضع اپنے بلند مقام سے نیچے آکر امت کے حال پر تنبیہ اور ان کی تعلیم کے لیے اس طرح فرمایا ہوگا۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب۔

۴۳۸۱ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَخَذَ بِیَدِ مَجْذُوْمٍ فَوَضَعَھَا مَعَہٗ فِی الْقَصْعَۃِ وَ قَالَ کُلْ ثِقَۃً بِاللّٰہِ وَ تَوَکُّلًا عَلَیْہِ۔ (رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ایک کوڑھی کا ہاتھ پکڑا اور اپنے ساتھ اسے پیالے میں رکھا اور فرمایا: ہم اللہ تعالیٰ پر بھروسہ اور توکل کرتے ہیں کھاؤ سلہ۔ (ابن ماجہ)

سلہ اس میں اشارہ ہے کہ یقین اور اطمینان کے حاصل ہونے کے بعد کوڑھی سے گریز لازم نہیں ہے جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا۔

۴۳۸۲ وَعَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا ھَامَۃَ وَلَا عَدْوٰی وَ لَا طِیَرَۃَ وَ اِنْ تَکُنِ الطِّیَرَۃُ فِیْ شَیْءٍ

حضرت سعد بن مالک سلہ رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اُلّو، بیماری کا خود بخود متعدی ہونا اور نحوست کچھ نہیں ہے، اور اگر بالفرض کسی چیز میں نحوست ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فِي الدَّارِ وَ الْفَرَسِ وَ الْمَرْأَةِ۔ — گھر، گھوڑے اور عورت میں ہے۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاؤُدَ) (ابو داؤد)

۱ سعد بن مالک، مشہور اور کثیر الحدیث صحابی حضرت ابو سعید خدری کا نام ہے، ان کے والد کا نام مالک بن سنان ہے، وہ بھی صحابی ہیں، خدرہ قبیلہ انصار کی ایک شاخ ہے، حضرت ابو سعید خدری بیعت رضوان میں شامل تھے، پہلے پہل غزوۂ خندق میں شریک ہوئے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی معیت میں بارہ غزوات میں حاضر ہوئے، ان سے صحابہ کرام کی ایک جماعت نے روایت کی ہے، ۷۴ھ عبد الملک بن مروان کے زمانے میں وصال ہوا اور جنت البقیع میں آسودہ خاک ہوئے۔

۲ یاد رہے کہ طیرہ کے بارے میں مختلف حدیثیں وارد ہوئی ہیں، بعض احادیث سے طیرہ (بدفالی) کی تاثیر کی نفی اور اس کا عقیدہ رکھنے اور اعتبار کرنے سے مطلقاً ممانعت معلوم ہوتی ہے اس قسم کی حدیثیں بہت ہیں بعض حدیثوں میں عورت اور چارپائے میں اس کا ثبوت صیغۂ جزم کے ساتھ ملتا ہے، جیسے کہ بخاری اور مسلم میں ہے کہ نحوست تین ہی چیزوں میں ہے گھوڑے، عورت اور گھر میں، ایک روایت میں ہے منزل اور خادم میں نحوست ہے، کہیں لفظ شرط کے ساتھ ہے جیسے اس حدیث میں اور اس جیسی دوسری حدیثوں میں ہے، بعض احادیث سے دیگر امور کی طرح ان امور میں بھی نحوست کے ثابت ہونے کا انکار ہے، جیسے کہ ابن ابی ملیکہ کی حدیث میں بروایت ابن عباس آیا ہے۔ بعض احادیث میں آیا ہے کہ ان امور میں نحوست کا عقیدہ اہل جاہلیت میں پایا جاتا ہے، جیسے کہ حضرت عائشہ کی حدیث میں آیا ہے۔

ان احادیث میں وجہ تطبیق یہ ہے کہ بالذات تاثیر کے عقیدے کی نفی ہے اور یہ عقیدہ امور جاہلیت میں سے ہے، تمام اشیاء میں مؤثر اللہ تعالیٰ ہے اور تمام چیزیں اللہ تعالیٰ کے پیدا کرنے اور اس کی تقدیر سے ہیں، اشیاء مذکورہ میں نحوست کا اثبات اللہ تعالیٰ کی عادت جاریہ کے مطابق ہے کہ اس نے پیدا کی ہے اور اس نے ان چیزوں کو سبب عادی بنایا ہے، ان اشیاء کو بعض احوال اور خصوصیات سے خاص کرنے کی حکمت شارع علیہ السلام ہی جانتے ہیں، پس نفی ذاتی تاثیر کی ہے اور اثبات سبب عادی کے طور پر ہے جیسے کہ مرض کے متعدی ہونے اور کوڑھ کے بارے میں اہل علم نے کہا ہے، بعض شارحین نے فرمایا: مطلب یہ ہے کہ کسی چیز میں نحوست نہیں ہے۔ اور اگر فرض کیا جائے کہ وہ ثابت ہے تو ان چیزوں کے بارے میں گمان کیا جاسکتا ہے کہ ان میں ثابت ہو جیسے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ اگر کوئی چیز تقدیر سے سبقت کر سکتی تو نظر سبقت کرتی، یہ حدیث اس سے پہلے گزر چکی ہے، قاضی عیاض کے کلام سے بھی یہی بات معلوم ہوتی ہے، وہ لَا طِیَرَةَ کی شرح میں کہتے ہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کہ اس شرط (اگر کسی چیز میں نحوست ہوتی) سے معلوم ہوتا ہے کہ بدفالی کی نحوست ان چیزوں میں نہیں ہے، مطلب یہ ہے کہ اگر نحوست کسی چیز میں ثابت ہوتی تو ان چیزوں میں ہوتی، کیونکہ ان چیزوں میں اس کی قابلیت زیادہ ہے لیکن ان چیزوں میں تو وہ ثابت نہیں ہے، لہٰذا اس کا کہیں وجود نہیں ہے (اھ) بعض شارحین نے کہا کہ عورت کی نحوست یہ ہے کہ وہ شوہر سے موافقت نہ رکھتی ہو، اس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو، اور وہ شوہر کی فرمانبردار نہ ہو، یا بدصورت ہو، گھر کی نحوست یہ ہے کہ تنگ ہو، ہمسائے برے ہوں اور اس جگہ کی ہوا خراب ہو، گھوڑے کی نحوست یہ ہے کہ اس کی قیمت زیادہ ہو اور وہ غرض اور مصلحت کے موافق نہ ہو، اسی معنی میں خادم کی نحوست ہے یا نحوست سے مراد شرعاً یا طبعاً ناپسندیدہ ہونا ہے، اس اعتبار سے نحوست اور بدفالی کی نفی عموم اور حقیقت پر محمول ہوگی۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۳۸۳/۱۲ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ یُعْجِبُهٗ اِذَا خَرَجَ لِحَاجَةٍ اَنْ یَّسْمَعَ یَا رَاشِدُ یَا نَجِیْحُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب کسی کام کے لیے تشریف لے جاتے تو آپ کو یہ بات پسند تھی کہ یا راشد یا نجیح ایسے الفاظ اور نام سنیں[1]۔ (ترمذی)

[1] جن کا معنی ہے اے صاحب رشد و ہدایت اور اے کامیاب و کامران (کیونکہ آپ نیک فالی پسند فرماتے تھے)۔

۴۳۸۴/۱۳ وَعَنْ بُرَیْدَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ کَانَ لَا یَتَطَیَّرُ مِنْ شَیْءٍ فَاِذَا بَعَثَ عَامِلًا سَاَلَ عَنِ اسْمِهٖ فَاِذَا اَعْجَبَهٗ اسْمُهٗ فَرِحَ بِهٖ وَرُئِیَ بِشْرُ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِهٖ وَاِنْ كَرِهَ اسْمَهٗ رُئِیَ كَرَاهِیَةُ ذٰلِكَ فِیْ وَجْهِهٖ وَاِذَا دَخَلَ

حضرت بریدہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کسی چیز سے برا شگون نہیں لیتے تھے[1] جب آپ کسی کو عامل بنا کر بھیجتے تو اس کا نام پوچھتے، اس کا نام پسند آتا تو اس سے خوش ہوتے، اور اس کی خوشی آپ کے چہرۂ انور میں دکھائی دیتی اور اگر اس کا نام ناپسند ہوتا تو اس کی ناپسندیدگی آپ کے چہرۂ اقدس میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَرْیَۃً سَأَلَ عَنْ اِسْمِھَا فَاِنْ اَعْجَبَہٗ اِسْمُھَا فَرِحَ بِذٰلِکَ وَ رُئِیَ بِشْرُ ذٰلِکَ فِیْ وَجْھِہٖ وَ اِنْ کَرِہَ اِسْمَھَا رُئِیَ کَرَاھِیَۃُ ذٰلِکَ فِیْ وَجْھِہٖ۔

دیکھی جاتی، جب آپ کسی گاؤں میں داخل ہوتے تو اس کا نام پوچھتے، اگر اس کا نام پسند ہوتا تو اس سے خوش ہوتے اور اس کی خوشی آپ کے رخ انور میں دیکھی جاتی اور اگر اس کا نام ناپسند ہوتا تو آپ کے رخ پر نور میں ناپسندیدگی دیکھی جاتی[۳]

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ) (ابوداؤد)

[۱] حضرت بریدہ اسلمی مشہور صحابی ہیں، رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔
[۲] اس کے باوجود
[۳] یہ بدفالی نہیں ہے، کیونکہ اس ناخوشی کی بنا پر آپ جس کام کا ارادہ رکھتے تھے اسے ترک نہیں کرتے تھے، اس کے باوجود ناپسندیدگی اور نام کی کراہت کا اثر آپ کے روئے اقدس میں ظاہر ہوتا تھا، اس سبب سے کہ نیک فالی اور بدفالی سے قطع نظر اچھائی اور برائی کا اثر، خوشی اور ناخوشی ہی طبعی ہے۔

۴۳۸۵ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اِنَّا کُنَّا فِیْ دَارٍ کَثُرَ فِیْھَا عَدَدُنَا وَ اَمْوَالُنَا فَتَحَوَّلْنَا اِلٰی دَارٍ قَلَّ فِیْھَا عَدَدُنَا وَ اَمْوَالُنَا فَقَالَ عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ ذَرُوْھَا ذَمِیْمَۃً۔
۱۴

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا یارسول اللہ! ہم ایک حویلی میں تھے جس میں ہماری تعداد بھی زیادہ تھی اور اموال بھی بکثرت تھے، پھر ہم ایک دوسری حویلی میں منتقل ہو گئے جس میں ہماری تعداد اور ہمارے اموال کم ہو گئے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اس حویلی کو چھوڑ دو[۱]، اس حال میں کہ وہ قبیح ہے۔

(رَوَاہُ اَبُوْ دَاوٗدَ) (ابوداؤد)

[۱] یہ بدفالی کی بنا پر نہیں ہے، لیکن چونکہ ان کے دلوں میں یہ بات بیٹھ گئی تھی کہ یہ نقصان اور یہ خرابی اس مکان میں رہنے کی بنا پر ہے تو حکم دیا کہ اسے چھوڑ دو تاکہ وہم کی بنیاد ختم ہو جائے اور وہ لوگ شرک خفی کے چکر میں نہ پڑیں، بعض علماء نے کوڑھی سے بھاگنے کی جو توجیہ بیان کی ہے یہ توجیہ اس کے موافق ہے، بعض محدثین نے جو کہا کہ ان اشیاء میں نحوست ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ان میں کراہت اور ناپسندیدگی ہے تو یہ توجیہ اس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کے بھی مطابق ہے، جو حضرات خاص طور پر ان اشیاء کو سبب عادی قرار دیتے ہیں قرآن کے مطابق کوئی اشکال ہی نہیں ہے۔

۴۳۸۶ / ۱۵ وَعَنْ یَحْیَی بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ بَحِیْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ مَنْ سَمِعَ فَرْوَۃَ بْنَ مُسَیْكٍ یَقُوْلُ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ عِنْدَنَا اَرْضٌ یُقَالُ لَهَا اَبْیَنُ وَ هِیَ اَرْضُ رِیْفِنَا وَ مِیْرَتِنَا وَ اِنَّ وَبَاءَهَا شَدِیْدٌ فَقَالَ دَعْهَا عَنْكَ فَاِنَّ مِنَ الْقَرَفِ التَّلَفَ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

یحییٰ بن عبداللہ بن بحیر[1] فرماتے ہیں مجھے اس شخص نے خبر دی جس نے فروہ ابن مسیک[2] کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے عرض کیا یارسول اللہ ہمارے پاس ایک زمین ہے جسے ابین[3] کہا جاتا ہے یہ ہمارے باغ اور کھیتی کی زمین ہے[4]، اس کی وبار سخت ہے[5]۔ فرمایا اسے چھوڑ دو، کیونکہ قرف[6] سے ہلاکت پیدا ہوتی ہے۔

(ابوداؤد)

[1] یحیی بن عبداللہ بن بحیر ایک نقطے والی بار پر زبر بے نقطہ حاء کے نیچے زیر، یار ساکن، اور آخر میں راء، یعنی تابعی اور ثقہ واسطہ ہیں، بعض نے کہا کہ مستور الحال ہیں۔

[2] فروہ بن مسیک میم پر پیش، سین پر زبر، یاء ساکن، صحابی ہیں، ان کا تعلق یمن سے تھا، ۹ھ اور بقول بعض ۱۰ھ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، پھر کوفہ چلے گئے اور وہیں سکونت اختیار کرلی، کوفہ کے سرکردہ لوگوں میں سے تھے، بہترین شاعر تھے، امام شعبی اور محدثین کی ایک جماعت نے ان سے حدیث روایت کی۔

[3] ابین ہمزے پر زبر، بار ساکن اور یار پر زبر کہتے ہیں کہ ابین ایک شخص کا نام تھا مشہور شہر عدن اس کی طرف منسوب تھا، اسی لیے اس شہر کو عدن ابین کہتے ہیں۔

[4] یعنی وہ ایسی زمین ہے جہاں دوسری جگہوں سے غلہ لایا جاتا ہے یا یہ مطلب ہے کہ اس جگہ سے دوسری جگہوں پر غلہ لے جایا جاتا ہے۔ ریف راء کے نیچے زیر، یار ساکن، وہ زمین جہاں کھیتی اور چارہ ہو میرۃ میم کے نیچے زیر، بار ساکن، غلہ جو جانور پر لادا جائے، امتیار، لاد کر لانا۔

[5] کیونکہ وہاں کی ہوا میں فساد ہے اور وہ انسانی طبیعت کے ناموافق ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۶ اور اپنے آپ سے جدا کر دو۔

۵۷ قرف قاف اور را پر زبر، وبا سے میل جول، اختلاط، قرب، صراح میں ہے قرف پہلے دونوں حرفوں پر زبر، بیماری کا نزدیک آنا قاموس میں ہے القرف پہلے حرف کی حرکت کے ساتھ ہی وبا، متعدی بیماری اور بیمار کر دینے والی زمینوں کے قریب ہونا۔ علامہ طیبی نے کہا کہ یہ بیماری اڑ کر لگنے کی بات نہیں ہے بلکہ از قبیل طب اور علاج ہے، کیونکہ اچھی اور موافق ہوا بدن کی صحت کے لیے معاون ہے اور ہوا کی خرابی اور ناموافقت۔ بیماریوں اور ہلاکت کا باعث ہے۔

ہو سکتا ہے کہ وبا اور طاعون سے بھاگنے والے اس حدیث کے مضمون سے استدلال کریں، کہ اس شخص نے اس زمین میں پائی جانے والی وبا کی شکایت کی اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس زمین کو چھوڑ دو اور وہاں سے چلے جاؤ، کیونکہ بیماری اور وبا سے اختلاط ہلاکت تک پہنچا دیتا ہے، لیکن یہ استدلال درست نہیں ہے، کیونکہ اس شخص نے اس زمین میں وبا کے واقع ہونے کی شکایت کی، اسے منحوس اور ناپسندیدہ قرار دیا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کے حال کی کمزوری کو دیکھتے ہوئے اور اس کے شرک خفی کے چکر میں واقع ہونے کے خوف کے تحت اس جگہ سے نکلنے اور وہاں رہائش کے ترک کرنے کی اجازت دے دی ایسا نہیں تھا کہ اس جگہ وبا واقع ہو گئی اور اس کے واقع ہونے کے بعد وہاں سے فرار کی اجازت عطا فرمائی، گفتگو اس میں ہے طریقہ یہ ہے کہ بلا کے واقع ہونے سے پہلے اس سے اجتناب کیا جائے، اور واقع ہونے کے بعد صبر و رضا کا مظاہرہ کیا جائے، اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کی جائے گڑگڑایا جائے، اسی کا حکم دیا گیا ہے، اس کی دلیل یہ ہے کہ صحیحین اور دوسری کتابوں میں وارد احادیث صحیحہ سے ثابت ہے کہ وبا سے بھاگنا ممنوع ہے: صبر اور ثابت قدمی کی تعریف کی گئی ہے اور اس کی رغبت دلائی گئی ہے، نیز یہ حدیث سنن ابوداؤد میں ہے اور یہ صحیحین کی حدیث کے معارض نہیں ہو سکتی، کہتے ہیں کہ فروہ بن مسیک سے صرف ایک دو حدیثیں مروی ہیں اور وہ بھی ایک مجہول راوی سے سنی ہیں جس کا نام معلوم نہیں ہے، پھر یحییٰ بن عبداللہ بن بحیر میں بھی اختلاف ہے کہ وہ ثقہ ہے یا نہیں، بعض شارحین نے وبا اور طاعون میں فرق کیا ہے۔ اگرچہ صحیح یہ ہے کہ وبا اور طاعون سے مراد ایک ہی ہے یعنی عام بلا اور موت جیسے کہ حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا، کہ تم عام حملے کے وقت نہ بھاگنا اور جب لوگوں کو موت آئے اور تم ان میں ہو تو ثابت قدم رہنا۔ حضرت جابر اور حضرت عائشہ کی حدیث میں طاعون سے بھاگنے کو عام حملے سے بھاگنے سے تشبیہ دی ہے۔

خلاصہ یہ ہے کہ بے شک وبا سے بھاگنا ممنوع اور گناہ ہے، اگر پختہ عقیدہ رکھے کہ صبر کیا تو ضرور مر جاؤں گا اور اگر بھاگ گیا تو ضرور بچ جاؤں گا تو کافر ہو جائے گا اور اگر یہ عقیدہ نہیں ہے تو گنہگار ہو گا۔ گھر میں آگ لگ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جاتے اور زلزلے کے وقت گھر سے باہر نکلنے پر اس کا قیاس کرنا درست نہیں ہے کیونکہ اس قیاس کے خلاف نص وارد ہے، نیز زلزلے کے سبب مکان کے گرنے اور آگ لگنے کی صورت میں ہلاکت غالب بلکہ عادۃً یقینی ہے جب کہ وبا سے فرار اختیار نہ کرنے کی صورت میں موت مشکوک اور موہوم ہے (لہٰذا قیاس درست نہیں) اگر کہا جائے کہ فضیلت، عزیمت اور توکل صبر میں ہے اور باہر نکلنا مباح ہے اور اس کی رخصت ہے تو میں کہتا ہوں کہ عام حملے سے بھاگنے کے ساتھ تشبیہ اور وعید کا وارد ہونا اس کے منافی ہے، کیونکہ عام حملے سے بھاگنا بالاتفاق ممنوع اور گناہ کبیرہ ہے، اس کے ساتھ تشبیہ کا تقاضا برابری ہے یا اس سے کچھ کم ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کہ اپنی جانوں کو ہلاکت میں نہ ڈالو کا ظاہر مطلب یہ ہے کہ جہاں وبا پھیل چکی ہو وہاں نہ جاؤ، یہ مطلب نہیں کہ جہاں وبا پھیل جائے وہاں نہ ٹھہرو، اگر کہا جائے کہ تقدیر پر توکل اور رضا دونوں صورتوں میں ہے یعنی جہاں وبا ہے اس جگہ رہنے اور وہاں سے چلے جانے میں، اس کا جواب یہ ہے کہ شارع علیہ السلام کے حکم کے مقابل یہ بات باطل ہے اور لائق سماع نہیں ہے، حکم یہ ہے کہ جہاں وبا واقع ہو نہ تو اس جگہ سے نکلے اور نہ اس جگہ جائے عقل کا اس مسئلے میں دخل نہیں ہے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۳۸۷/۱۶ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ ذُكِرَتِ الطِّيَرَةُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَحْسَنُهَا الْفَالُ وَلَا تَرُدُّ مُسْلِمًا فَاِذَا رَاٰى اَحَدُكُمْ مَا يَكْرَهُ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ لَا يَاْتِيْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا يَدْفَعُ السَّيِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ مُرْسَلًا)

حضرت عروہ بن عامر سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے پاس فال کا ذکر کیا گیا تو آپ نے فرمایا: اچھی فال[1] نیک فال ہے اور چاہیے کہ فال کسی مسلمان کو نہ روکے، جب تم میں سے ایک شخص کسی ناپسندیدہ چیز کو دیکھے[2] تو کہے اے اللہ! نیکیوں کو تو ہی لاتا ہے اور برائیوں کو تو ہی دفع کرتا ہے، برائی سے باز رہنے اور نیکی کرنے کی طاقت، اللہ تعالیٰ کی توفیق ہی سے ہے یہ حدیث امام ابوداؤد نے مرسلاً روایت کی۔

[1] یہ کلام اس بات پر مبنی ہے کہ طیرہ کا اطلاق، اچھی اور بری دونوں فالوں پر ہوتا ہے جیسے کہ پہلی فصل کی پہلی حدیث میں گزرا ہے کہ خَيْرُهَا الْفَالُ طیرہ کی بہترین قسم نیک فال ہے اس حدیث کے تحت جو سوال و جواب بیان ہوا ہے وہ اس جگہ بھی جاری ہے۔

[2] اس کام سے جس کا وہ ارادہ رکھتا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۳ یعنی ایسی چیز دیکھے جس سے بری فال نکلتی ہو اور دل میں برا وسوسہ پیدا ہوتا ہو۔
۵۴ کیونکہ عروہ بن عامر تابعی ہیں۔

بَابُ الْكَهَانَةِ

۳۰۶۔ کہانت کا بیان

علامہ کرمانی نے کہا کہانت پہلے حرف پر زبر اور زیر پڑھ سکتے ہیں، صراح میں ہے کاہن فال بیان کرنے والا، قاموس میں ہے کہانت پہلے حرف پر زبر فال بیان کرنا، پہلے حرف کے نیچے زیر ہو تو اس کا معنی ہے فال گوئی کا پیشہ، اس کی جمع کُھَّانٌ اور کَھَنَۃٌ ہے، علامہ طیبی نے کہا: کاہن اس شخص کو کہتے ہیں جو آیندہ زمانے میں پیدا ہونے والے امور اور حوادث کی خبر دے اور مخفی اسرار کی معرفت کا دعوی کرے، عرب میں بہت سے کاہن تھے، ان میں سے کچھ کے قبضے میں جنات تھے جو آسمانوں کے قریب جا کر فرشتوں کی باتیں سنتے تھے اور آکر کاہنوں کو بتا دیتے تھے جیسے کہ احادیث میں آئے گا، اس کی حقیقت یہ ہے کہ جوہر روح کا تعلق جنات اور شیاطین ایسی ارواح خبیثہ سے قائم ہو جاتا ہے ان کے ذریعے جھوٹی اور گمراہ کن باتیں حاصل کی جاتی ہیں، کچھ لوگ ایسے ہوتے تھے جو افعال، اقوال اور احوال کو علامات اور اسباب و مقدمات قرار دے کر مطلب تک رسائی حاصل کرتے تھے، ان کا خصوصی نام عراف تھا، مثلاً علامات کے ذریعے یہ معلوم کرتے تھے کہ چوری کی گئی چیز کس جگہ ہے اور گم شدہ زد کہاں ہے، جیسے کہ رمل والے معلوم کرتے ہیں، بعض اوقات کاہن کا استعمال عام معنیٰ میں ہوتا ہے جو عراف اور نجومی کو شامل ہوتا ہے، یہ افعال حرام ہیں، ان کے معاوضے میں مال لینا بھی حرام ہے، لینے اور دینے والے دونوں گنہگار ہیں، محتسب پر لازم ہے کہ انہیں روکے اور سزا دے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۳۸۸ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ
حضرت معاویہ بن حکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اُمُوْرًا كُنَّا نَصْنَعُهَا فِي الْجَاهِلِيَّةِ كُنَّا نَاْتِي الْكُهَّانَ قَالَ فَلَا تَاْتُوا الْكُهَّانَ قَالَ قُلْتُ كُنَّا نَتَطَيَّرُ قَالَ ذٰلِكَ شَيْءٌ يَجِدُهٗ اَحَدُكُمْ فِيْ نَفْسِهٖ فَلَا يَصُدَّنَّكُمْ قَالَ قُلْتُ وَمِنَّا رِجَالٌ يَخُطُّوْنَ قَالَ كَانَ نَبِيٌّ مِّنَ الْاَنْبِيَاۤءِ يَخُطُّ فَمَنْ وَافَقَ خَطَّهٗ فَذَاكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

روایت ہے کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم کچھ کام دور جاہلیت میں کیا کرتے تھے[2]. ہم کاہنوں کے پاس جاتے تھے[3]، فرمایا[4]: تم کاہنوں کے پاس نہ جایا کرو. کہتے ہیں میں نے عرض کیا[5] کہ ہم برا شگون لیتے تھے، فرمایا: برا شگون ایسی چیز ہے جسے تم میں سے ایک شخص اپنے دل میں پاتا ہے[6] تو وہ ہرگز تمہیں روک نہ دے[7]، انہوں نے کہا میں نے عرض کیا کہ[8] ہم میں سے کچھ لوگ زمین پر لکیریں کھینچتے ہیں[9]. فرمایا انبیاء کرام میں سے ایک نبی[10] لکیر کھینچا کرتے تھے، تو جس کی لکیر ان کی لکیر کے موافق ہوگی[11] تو وہ شخص درست ہے۔ (مسلم)

[1] حضرت معاویہ بن حکم رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابی ہیں، مدینہ منورہ میں قیام پذیر ہوئے، ان سے ابوسلمہ اور عطاء بن یسار روایت کرتے ہیں۔

[2] ان میں سے ایک یہ ہے کہ۔

[3] اور ان سے مختلف کاموں اور خبروں کے بارے میں دریافت کرتے تھے۔

[4] جب تم ایمان لا چکے ہو تو۔

[5] ان کاموں میں سے دوسرا کام یہ ہے۔

[6] برا شگون لینا اور اس کے پیچھے جانا وہم، خیال اور وسوسہ ہے جسے تم میں سے ایک آدمی اپنے دل میں محسوس کرتا ہے۔

[7] تمہیں اس کام سے روک نہ دے جس کا تم نے ارادہ کیا اور جسے شروع کیا ہے۔

[8] ہم جاہلیت میں جو کام کیا کرتے تھے ان میں سے ایک یہ ہے کہ

[9] اس سے مراد وہ لکیریں ہیں جو رمل کے ماہرین مخفی اور پوشیدہ چیزوں کو معلوم کرنے کے لیے کھینچتے ہیں فال نکالتے ہیں اور اس کے ذریعے احوال معلوم کر کے حکم لگاتے ہیں۔

[10] اس سے مراد اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت دانیال علیہ السلام ہیں بعض علماء کہتے ہیں کہ حضرت ادریس علیہ السلام

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مراد ہیں۔

۱۱ھ یعنی درست اور صحیح ہو اور مقصود تک پہنچانے والی ہو۔

۱۲ھ اور اگر ان کی لکیروں کے مطابق نہ ہو تو وہ خطا پر ہے یا یہ مطلب ہے کہ اتفاقاً حاصل ہونے والی وہ موافقت مطلوب اور محمود ہے، جیسے کہتے ہیں کہ اگر اس طرح ہو تو فبہا ورنہ ضائع اور بیکار ہے۔ اس جگہ صراحتہً منع نہیں فرمایا، بلکہ ایسے امر پر معلق کر دیا جس کے موجود ہونے کا یقین نہیں کیا جا سکتا۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے اس نبی کی لکیروں کی موافقت، چونکہ اس موافقت کا علم مفقود و معدوم ہے لہٰذا اس زمانے میں اس پر عمل کرنا حرام اور ممنوع ہے مطلب یہ ہے کہ یہ معلوم نہیں ہو سکتا کہ وہ نبی بھی اسی طرح لکیریں کھینچتے تھے اور عمل کرتے تھے اس حدیث کی شرح اس سے پہلے باب مالا یجوز من العمل فی الصلوٰۃ میں گزر گئی ہے۔

۴۳۸۹ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلَ أُنَاسٌ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْكُهَّانِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّهُمْ لَيْسُوا بِشَيْءٍ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَإِنَّهُمْ يُحَدِّثُونَ أَحْيَانًا بِالشَّيْءِ يَكُونُ حَقًّا فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تِلْكَ الْكَلِمَةُ مِنَ الْحَقِّ يَخْطَفُهَا الْجِنِّيُّ فَيَقُرُّهَا فِي أُذُنِ وَلِيِّهِ قَرَّ الدَّجَاجَةِ فَيَخْلِطُونَ فِيهَا أَكْثَرَ مِنْ مِائَةِ كَذْبَةٍ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ کچھ لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے کاہنوں کے بارے میں دریافت کیا[۱] تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ کچھ نہیں[۲]، صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ![۳] بعض اوقات وہ ایک چیز کی خبر دیتے ہیں جو سچ ہوتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ بات سچ سے ہوتی ہے جسے جن اچک لیتا ہے[۴] اور اسے اپنے دوست کے کان میں ڈال دیتا ہے[۵] جیسے مرغی چوگا دیتے وقت آواز نکالتی ہے[۶]، تو کاہن اس میں سو سے زیادہ جھوٹی باتیں (اپنے پاس سے) شامل کر دیتے ہیں[۷]۔ (صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۱ کہ ان کی بات درست اور قابل اعتماد ہوتی ہے یا نہیں؛

۵۲ کہ ان کی باتوں پر اعتماد کیا جا سکے۔

۵۳ آپ فرماتے ہیں کہ ان کی بات قابل اعتبار نہیں ہوتی حالانکہ وہ بعض اوقات سچی خبر دیتے ہیں

۵۴ بعض روایات میں مِنَ الْحَقِّ کی جگہ مِنَ الْجِنِّ آیا ہے، اس روایت میں لفظ الْجِنِّیُّ نہیں ہے۔

۵۵ فَيَقُرُّهَا یا پر زبر، قاف پر پیش، یعنی جن وہ بات اپنے دوست کاہن کے کان میں ڈال دیتا ہے۔ جس کا یہ جن تابع ہوتا ہے: ایک روایت میں يُقَرْقِرُهَا یا پر پیش قاف کے نیچے زیر کے ساتھ بھی آیا ہے۔ پہلی روایت قَرَّ الدَّجَاجَةِ کے زیادہ مناسب ہے۔

۵۶ اور دوسری مرغیوں کو چوگا دینے کے لیے بلاتی ہے۔ بعض روایات میں ہے یعنی وہی مرغی کی آواز ہے جس میں تکرار ہو اور اگر تکرار کے بغیر ہو تو اس آواز کو قَرٌّ کہتے ہیں۔ بعض روایات میں دال کی جگہ زا کے ساتھ آیا ہے جس کا معنی شیشی ہے۔ یعنی جس طرح شیشی بلانے اور اس میں سے کسی چیز کے انڈیلنے سے آواز پیدا ہوتی ہے یا جس طرح شیشے کے ظرف میں پانی یا عرق گلاب ڈالتے وقت اس پاس بیٹھ جاتے ہیں اور اس میں سے آواز پیدا ہوتی ہے، بعض شارحین نے زجاجہ والی روایت کو ترجیح دی ہے اور قرینہ کے طور پر وہ روایت پیش کی ہے جس میں آیا ہے فَيُقَرْقِرُهَا كَقَرْقَرَةِ الدُّجَاجَةِ جیسے بوتل آواز نکالتی ہے، بعض شارحین نے کہا کہ دجاجہ والی روایت صحیح ہے اور زجاجہ والی روایت میں تبدیلی واللہ تعالیٰ اعلم۔

بعض شارحین نے يُقَرُّ قاف کے پیش کے ساتھ پڑھا ہے جس کا معنی ہے راز کا پوشیدہ طور پر بیان کرنا جیسے کہتے ہیں وَقَرَّ الْخَبَرَ فِي أُذُنِهٖ فلاں کے کان میں رازداری سے بات کہی، بعض يَقِرُّ قاف کی زیر سے پڑھتے ہیں جس کا معنی امانت رکھنا ہے۔ مختصر یہ کہ جن عالم ملکوت سے کوئی بات سن کر کاہنوں کے کان میں ڈال دیتا ہے۔

۵۷ جھوٹ کی کثرت بطور مبالغہ بیان کی گئی ہے، لہٰذا ان کی بات پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا، كَذْبَةٌ کاف پر زبر اور دال کے نیچے زیر۔ کاف کے نیچے زیر اور ذال ساکن دونوں طرح سے پڑھ سکتے ہیں۔

۴۳۹۰ وَعَنْهَا قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ إِنَّ الْمَلَائِكَةَ

ان ہی سے روایت ہے فرماتی ہیں میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ فرشتے عنان یعنی بادل

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تَنْزِلُ فِی الْعَنَانِ وَ هُوَ السَّحَابُ فَتَذْکُرُ الْاَمْرَ قُضِیَ فِی السَّمَآءِ فَتَسْتَرِقُ الشَّیٰطِیْنُ السَّمْعَ فَتَسْمَعُهٗ فَتُوْحِیْهِ اِلَی الْکُهَّانِ فَیَکْذِبُوْنَ مَعَهَا مِائَةَ کِذْبَةٍ مِّنْ عِنْدِ اَنْفُسِهِمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

میں اترتے ہیں اور ان کاموں کا ذکر کرتے ہیں جن کا فیصلہ آسمان میں کیا گیا ہے۔ شیاطین چوری چھپے وہ بات سن لیتے ہیں[۳]، اور کاہنوں تک پہنچا دیتے ہیں[۴] تو وہ اپنے پاس سو جھوٹی باتیں اس بات کے ساتھ ملا کر بیان کر دیتے ہیں۔

(بخاری)

[۱] حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے

[۲] عنان عین پر زبر اس کے نیچے زیر بھی پڑھ سکتے ہیں ——— راوی نے خود اس کی تفسیر کردی کہ اس سے مراد بادل ہے۔ قاموس میں ہے عنان پہلے حرف پر زبر، بادل جو بائیں محفوظ رکھتا ہے بعض عین کے نیچے زیر ہو تو اس کا معنی وہ چیز ہے جو آسمان کی طرف دیکھنے سے نظر آئے۔ بعض علماء نے عنان عین پر زبر ہو تو اس کا بھی یہی معنی بیان کیا ہے۔ حاصل یہ ہے کہ فرشتے جب آسمانی فضا کی طرف نیچے آتے ہیں۔

[۳] جو ہے آسمان کے نیچے تک پرواز کر سکتے ہیں، اس سے قبل آسمان پر جا سکتے تھے لیکن حضرت خاتم النبیین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ولادت باسعادت کے بعد روک دیے گئے۔

[۴] وحی مخفی کلام کو کہتے ہیں۔ صراح میں ہے وحی کا معنی ہے اشارہ، دل میں پیغام کا ڈالنا اور وہ بات جو پوشیدہ طور پر دوسرے تک پہنچائی جائے۔

۴۳۹۱ وَعَنْ حَفْصَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتٰی عَرَّافًا فَسَاَلَهٗ عَنْ شَیْءٍ لَمْ تُقْبَلْ لَهٗ صَلٰوةٌ اَرْبَعِیْنَ لَیْلَةً۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ام المؤمنین حفصہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص عراف[۱] کے پاس آیا اور اس سے کسی چیز کے بارے میں پوچھا تو اس کی چالیس دنوں اور راتوں کی نماز قبول نہیں کی جائے گی۔

(مسلم)

[۱] عراف وہ شخص جو چھپی ہوئی باتوں کی خبر دے، شارحین نے کہا کہ اس جگہ کاہن اور نجومی کو شامل ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۲؎ جو امور غیبیہ سے ہو۔

۵۳؎ یا اس کا انتہائی نقصان اور خسارہ ہے کہ اس کی افضل ترین عبادت اور اس کا اعلیٰ عمل، نماز ضائع اور مردود قرار پاتا ہے، یا مطلب یہ ہے کہ جب نماز قبول نہیں ہوگی تو دوسرے اعمال بطریق اولیٰ مقبول نہیں ہوں گے۔ مراد یہ ہے کہ اگرچہ وہ بری الذمہ ہو جائے گا اور اس پر قضا واجب نہیں ہوگی لیکن اسے ثواب نہیں ملے گا۔ اسی طرح شارحین نے بیان کیا ہے، حدیث میں اگرچہ خالص طور پر رات کا ذکر ہے لیکن مراد دن اور رات دونوں ہیں اس طرح عموماً ہوتا ہے کہ رات یا دن میں سے ایک کا ذکر کیا جاتا ہے دوسرا بالتبع مراد ہوتا ہے۔ یہ بھی احتمال ہے کہ رات کی نماز یعنی تہجد مراد ہو، اور مطلب یہ ہو کہ اس پر کامل ثواب مرتب نہیں ہوتا۔ لہٰذا عراف سے کسی چیز کے بارے میں پوچھنا فضائل میں نقصان کا موجب ہوگا، فرائض کے ضائع ہونے کا سبب نہ ہوگا، یہ وجہ اسی دقت کا تب حروف (شیخ محقق) کے دل میں ڈالی گئی ہے۔

۴۳۹۲ وَعَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ قَالَ صَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الصُّبْحِ بِالْحُدَيْبِيَةِ عَلٰى اٰثَرِ سَمَاءٍ كَانَتْ مِنَ اللَّيْلِ فَلَمَّا انْصَرَفَ اَقْبَلَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ قَالَ اَصْبَحَ مِنْ عِبَادِيْ مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ فَاَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِفَضْلِ اللّٰهِ وَرَحْمَتِهٖ فَذٰلِكَ مُؤْمِنٌ بِيْ وَكَافِرٌ بِالْكَوَاكِبِ فَاَمَّا مَنْ قَالَ مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا فَذٰلِكَ كَافِرٌ بِيْ مُؤْمِنٌ

حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ہمیں حدیبیہ میں صبح کی نماز پڑھائی جب کہ رات کو بارش ہو چکی تھی[۵۴]۔ جب آپ پلٹے تو لوگوں کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: تم جانتے ہو کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا[۵۵]؟ صحابہ کرام نے عرض کیا اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: میرے بندوں میں سے دو قسم کے لوگوں نے صبح کی ایک وہ جو مجھ پر ایمان لانے والا ہے اور دوسرا کافر ہونے والا، جس شخص نے کہا کہ ہمیں اللہ تعالیٰ کے فضل اور اس کی رحمت سے بارش دی گئی وہ مجھ پر ایمان لانے والا اور ستاروں کا انکار کرنے والا ہے اور جس نے کہا کہ ہمیں چاند کی ایسی ایسی منزلوں کی تاثیر سے بارش دی گئی ہے تو وہ میرا منکر اور ستاروں پر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بِالْکَوْکَبِ۔

ایمان لانے والا ہے۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)   (صحیحین)

ـــہ حضرت زید بن خالد جہنی مشہور صحابی ہیں۔

ـــہ اثر ہمزے کے نیچے زیر اور ثاء ساکن، یا ہمزہ اور ثاء دونوں پر زبر۔

ـــہ یہ اشارہ ہے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل ہونے والی وحی کی طرف، یا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے بارش بھیج کر گویا اشارہ کیا ہے کہ بندے شکر نعمت اور کفران نعمت میں مختلف ہیں اسی طرح بعض مقام توحید و ایمان میں ثابت قدم ہیں اور بعض کفر و شرک کے چکر میں مبتلا ہیں۔

۴۳۹۳ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَنْزَلَ اللّٰہُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ بَرَکَۃٍ اِلَّا اَصْبَحَ فَرِیْقٌ مِّنَ النَّاسِ بِھَا کَافِرِیْنَ یُنْزِلُ اللّٰہُ الْغَیْثَ فَیَقُوْلُوْنَ مُطِرْنَا بِکَوْکَبِ کَذَا وَ کَذَا۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے آسمان سے جو بھی برکت اتاری ہے لوگوں کی ایک جماعت اس کے سبب کافر ہوگئی، اللہ تعالیٰ بارش نازل کرتا ہےـــہ تو وہ لوگ کہتے ہیں ہمیں فلاں فلاں ستارے کے سبب بارش دی گئی ہےـــہ۔

(مسلم)

ـــہ محدثین نے ینزل کو باب افعال سے صحیح قرار دیا ہے۔

ـــہ ظاہر یہ ہے کہ برکت سے مراد بارش ہے اور یہ ارشاد یُنْزِلُ اللّٰہُ الْغَیْثَ اس کا بیان ہو یہ بھی ہو سکتا ہے کہ برکت سے مراد عام ہو اور بارش کا نازل کرنا بطور مثال اس کے ایک فرد کا ذکر ہو۔
یاد رہے کہ ان کلمات کے کہنے والے کے کفر میں علماء کا اختلاف ہے، اور حق یہ ہے کہ اگر ستاروں کے موثر ہونے کا عقیدہ رکھتے ہوئے کہے تو کافر ہے، اور اگر اس عقیدے سے نہ کہے بلکہ مراد یہ ہو کہ اس وقت اللہ تعالیٰ بارش نازل فرماتا ہے تو کفر نہ ہوگا لیکن مکروہ ہوگا کیونکہ ایسے کلمات ایک صورت میں ایمان اور دوسری صورت میں کفر ہیں نیز یہ جاہلیت کا شعار ہیں، اس وقت کفر سے مراد کفران نعمت ہوگا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۴۳۹۴ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَبَسَ عِلْمًا مِّنَ النُّجُوْمِ اقْتَبَسَ شُعْبَۃً مِّنَ السِّحْرِ زَادَ مَا زَادَ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْ دَاؤُدَ وَ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے علم نجوم کا ایک حصہ حاصل کیا اس نے جادو کا ایک حصہ حاصل کیا[۱]، جتنا زیادہ علم نجوم حاصل کیا اتنا ہی جادو زیادہ حاصل کیا[۲]۔ (احمد، ابوداؤد، ابن ماجہ)

[۱] علم نجوم کی برائی اور قباحت بیان کرنے کے لیے اسے جادو سے تشبیہ دی، گویا اس کا عامل جادوگروں اور کاہنوں میں سے ہے جو برے کام کرتا ہے اور غیب کی خبریں دیتا ہے۔

[۲] بعض حواشی سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کا قول ہے، یعنی ابن عباس نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے نجوم کی برائی اور قباحت بیان کرنے میں میری روایت کی نسبت اضافہ فرمایا تھا جسے میں نے مکمل طور پر بیان نہیں کیا۔

۴۳۹۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ اَتٰی کَاهِنًا فَصَدَّقَہٗ بِمَا یَقُوْلُ اَوْ اَتٰی امْرَاَتَہٗ حَائِضًا اَوْ اَتٰی امْرَاَتَہٗ فِیْ دُبُرِهَا فَقَدْ بَرِئَ مِمَّا اُنْزِلَ عَلٰی مُحَمَّدٍ۔ (رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ اَبُوْ دَاؤُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص کاہن کے پاس آئے[۱] اور اس کی باتوں کی تصدیق کرے یا اپنی بیوی کے پاس حالت حیض[۲] میں آئے یا اپنی بیوی کے ساتھ غیر فطری فعل کرے تو وہ اس چیز سے بری ہو گیا جو محمد مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر نازل کی گئی ہے۔ (احمد، ابوداؤد)

[۱] اور اس سے امور غیبیہ کے بارے میں دریافت کرے اور کاہن اسے جواب دے۔

[۲] حائض خاص طور پر عورتوں کی صفت ہے اس میں تا کا ترک کرنا اور حائضہ کی بجائے حائض کہنا جائز ہے، جیسے طالق، حامل اور مرضع، ہم نے یہ مسئلہ شرح (لمعات) میں تفصیل سے بیان کیا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۳ یعنی قرآن، دین اور شریعت سے، بر اس صورت میں ہے کہ ان کاموں کو حلال جانے یا یہ مطلب ہے کہ گویا وہ دین سے بری ہو گیا، یا یہ ان اعمال شنیعہ کے کرنے پر تغلیظ اور تشدید ہے۔

۴۳۹۶ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَضَی اللّٰهُ الْاَمْرَ فِی السَّمَآءِ ضَرَبَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا خُضْعَانًا لِقَوْلِهٖ كَاَنَّهٗ سِلْسِلَةٌ عَلٰی صَفْوَانٍ فَاِذَا فُزِّعَ عَنْ قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا قَالَ رَبُّكُمْ قَالُوْا لِلَّذِیْ قَالَ الْحَقَّ وَهُوَ الْعَلِیُّ الْكَبِیْرُ فَسَمِعَهَا مُسْتَرِقُوا السَّمْعِ هٰكَذَا بَعْضُهٗ فَوْقَ بَعْضٍ وَوَصَفَ سُفْیَانُ بِكَفِّهٖ فَحَرَّفَهَا وَبَدَّدَ بَیْنَ اَصَابِعِهٖ فَیَسْمَعُ الْكَلِمَةَ فَیُلْقِیْهَا اِلٰی مَنْ تَحْتَهٗ ثُمَّ یُلْقِیْهَا الْاٰخَرُ اِلٰی مَنْ تَحْتَهٗ حَتّٰی یُلْقِیَهَا عَلٰی لِسَانِ السَّاحِرِ اَوِ الْكَاهِنِ فَرُبَّمَا اَدْرَكَ الشِّهَابُ قَبْلَ اَنْ یُّلْقِیَهَا وَرُبَّمَا اَلْقَاهَا قَبْلَ اَنْ یُّدْرِكَهٗ فَیَكْذِبُ مَعَهَا مِائَةَ كَذْبَةٍ فَیُقَالُ اَلَیْسَ قَدْ قَالَ لَنَا یَوْمَ كَذَا وَكَذَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نبی صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ آسمان میں کسی کام کا حکم دیتا ہے تو فرشتے اللہ تعالیٰ کے فرمان کے خوف کی بنا پر اپنے بازو (آسمان پر) مارتے ہیں[۱]۔ گویا اللہ تعالیٰ کا کلام[۲] ایک زنجیر ہے جو صاف پتھر پر کھینچی گئی ہے۔ جب ان کے دلوں سے ہیبت دور کی جاتی ہے[۳] تو کہتے ہیں[۴] کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا؟ مقربین فرشتے اللہ تعالیٰ کے ارشاد کے بارے میں[۵] کہتے ہیں کہ وہ حق ہے، اور وہ بلند اور بزرگ ہے[۶]۔ اس بات کو چوری چھپے سننے والے[۷] سن لیتے ہیں، وہ چوری سننے والے اس طرح ہیں، بعض بعض کے اوپر، سفیان نے اپنے ہاتھ سے کیفیت بیان کی[۸]، اسے بائیں جانب جھکایا اور اس کی انگلیوں کو ایک دوسری سے جدا کیا، تو وہ چوری سننے والا ایک بات سن لیتا ہے اور اپنے نیچے والے کی طرف القا کرتا ہے وہ اپنے ماتحت کو بتاتا ہے یہاں تک کہ اسے جادوگر یا کاہن[۹] کی زبان پر ڈال دیتا ہے، بہت دفعہ اس کے بتانے سے پہلے اسے شہاب لگ جاتا ہے[۱۰] بعض اوقات شہاب لگنے سے پہلے وہ بتا دیتا ہے، پس وہ کاہن اس کے ساتھ سو جھوٹ ملا دیتا ہے تو کہا جاتا ہے[۱۱] کہ کیا اس نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

كَذَا وَ كَذَا فَيُصَدَّقُ بِتِلْكَ الْكَلِمَةِ الَّتِي سُمِعَتْ مِنَ السَّمَاءِ.

فلاں فلاں دن، فلاں فلاں بات نہیں کہی تھی؟ چنانچہ آسمان سے سنی ہوئی بات کی بنا پر اس کی تصدیق کی جاتی ہے۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) (بخاری)

؎۱ یعنی اللہ تعالیٰ کے حکم کی عظمت اور ہیبت کی بنا پر ڈرتے ہیں اور لرزہ براندام ہو جاتے ہیں خُضْعَانًا خاء پر پیش، مصدر ہے غفران کے وزن پر۔ یعنی اللہ تعالیٰ کے فرمان اور اس کے احکام کے خوف اور ہیبت کی بنا پر۔ ایک روایت میں خاء کے نیچے زیر بھی پڑھی گئی ہے۔ خُضَّعًا خاء پر پیش اور ضاد مشدد بھی آیا ہے، یہ خاضع کی جمع ہے جیسے رَاكِعٌ اور ساجِدٌ کی جمع رُكَّعٌ اور سُجَّدٌ ہے۔ یعنی اس حالت میں کہ وہ اللہ تعالیٰ کے کلام کی عظمت سے ڈر رہے ہوتے ہیں۔

؎۲ اللہ تعالیٰ کا کلام خفی، دقیق، غیر واضح، سمجھنے اور سننے میں مشکل ہونے میں اس زنجیر کی طرح ہے جو ملائم پتھر پر کھینچی جائے۔ یہ انداز بیان اسی طرح جو ہے حدیث وحی میں واقع ہوا ہے، کہ کبھی وحی گھنٹی کی آواز کی طرح آتی تھی اور یہ مجھ پر وحی کی تمام قسموں میں سب سے سخت تھی، پس وہ حالت مجھ سے دور کر دی گئی اس حال میں کہ جو کچھ میرے دل پر بطور وحی نازل کیا گیا وہ مجھے محفوظ ہو گیا تھا۔

؎۳ فُزِّعَ زاء مشدد، صیغۂ مجہول، اس جگہ صیغۂ تفعیل کشف اور ازالے کے لیے ہے جیسے تقشیر کا معنی ہے چھلکے کا دور کرنا

؎۴ وہ فرشتے جو کمال قرب اور اللہ تعالیٰ کے احکام اور اس کی مراد کے سمجھنے تک نہیں پہنچے، مقرب فرشتوں سے پوچھتے ہیں کہ تمہارے رب نے کیا کیا اور کیا حکم دیا؟

؎۵ لِلَّذِي کا مطلب یہ ہے کہ سوال کرنے والے کو کہتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے جو فرمایا ہے حق ہے اَلْحَقُّ مرفوع ہے۔ اسے منصوب بھی پڑھا گیا ہے اس کی وجہ شرح میں بیان کی گئی ہے۔

؎۶ قول کی حقانیت کو مؤکد طریقے پر بیان کیا گیا۔ چنانچہ قرآن پاک کی آیت میں فرشتوں سے اسی طرح آیا ہے۔

؎۷ یعنی جنات اور شیاطین، وہ چوری چھپے فرشتوں کی آوازوں کی طرف کان لگا دیتے ہیں اور ان کی باتیں چرا لیتے ہیں ——— اس کے بعد راوی نے ان چوروں کے کھڑے ہونے کی کیفیت بیان کی کہ فضائے آسمانی میں ایک جماعت دوسری جماعت کے اوپر کھڑی ہو جاتی ہے۔

؎۸ ان کے ایک دوسرے کے اوپر کھڑے ہونے کی کیفیت بیان کی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۹ راوی کو شک ہے، یا ساحر سے مراد نجومی ہے، جیسے کہ حدیث شریف میں ہے جس شخص نے نجوم کا کچھ علم حاصل کیا، اس صورت میں اگر راوی کو شک نہ ہو تو بھی درست ہے، علامہ طیبی کے کلام سے یہی معلوم ہوتا ہے۔

۱۰ بسا اوقات آگ کا شعلہ ستارے سے جدا ہو جاتا ہے اور شیاطین کے بھگانے اور چوری سننے والوں کو جلانے کے پیچھے گرتا ہے، یا یہ مطلب ہے کہ چوری سننے والا شہاب کو پالیتا ہے شہاب مرفوع اور منصوب دونوں طرح پڑھا گیا ہے۔

۱۱ یعنی کاہن کی تصدیق کرنے والا اور اس پر عقیدہ رکھنے والا کہتا ہے یا وہ شخص جو اس کی تکذیب کرتا ہے۔ اور اس کا انکار کرتا ہے۔

۱۲ جس کی بنا پر وہ بچا ہو چکا ہوتا ہے، اور اس کے سو جھوٹوں پر توجہ نہیں دیتا، اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ لوگوں کے باطن میں کجی اور گمراہی ہوتی ہے۔ چنانچہ یہ منجمین اگرچہ سو دفعہ جھوٹے ثابت ہو چکے ہوں، ایک بار ان کی بات سچی نکل آئے دنیادار دنیا کی انتہائی محبت اور دل میں پائی جانے والی کجی کی بنا پر ان کے بڑے معتقد اور محب ہوتے ہیں۔

۴۳۹۷/۱۰ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ أَخْبَرَنِي رَجُلٌ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْأَنْصَارِ أَنَّهُمْ بَيْنَمَا هُمْ جُلُوسٌ لَيْلَةً مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رُمِيَ بِنَجْمٍ وَ اسْتَنَارَ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا كُنْتُمْ تَقُولُونَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِذَا رُمِيَ بِمِثْلِ هٰذَا قَالُوا اللّٰهُ وَ رَسُولُهُ أَعْلَمُ كُنَّا نَقُولُ وُلِدَ اللَّيْلَةَ رَجُلٌ عَظِيمٌ وَ مَاتَ رَجُلٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ مجھے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ایک انصاری صحابی نے خبر دی کہ ہم ایک رات رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک ستارا ٹوٹا اور روشنی ہو گئی۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں فرمایا: جب ایسا ستارا ٹوٹتا تھا تو تم جاہلیت میں کیا کہا کرتے تھے[۱]؟ صحابہ کرام نے عرض کیا! اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول بہتر جانتے ہیں، ہم کہا کرتے تھے کہ آج رات کوئی عظیم شخص پیدا ہوا ہے اور کوئی عظیم شخص مر گیا ہے[۲]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَظِيْمٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ سَلَّمَ فَإِنَّهَا لَا يُرْمٰى بِهَا لِمَوْتِ اَحَدٍ وَّ لَا لِحَيٰوتِهٖ وَلٰكِنْ رَبُّنَا تَبَارَكَ اسْمُهٗ اِذَا قَضٰى اَمْرًا سَبَّحَ حَمَلَةُ الْعَرْشِ ثُمَّ سَبَّحَ اَهْلُ السَّمَآءِ الَّذِيْنَ يَلُوْنَهُمْ حَتّٰى يَبْلُغَ التَّسْبِيْحُ اَهْلَ هٰذِهِ السَّمَآءِ الدُّنْيَا ثُمَّ قَالَ الَّذِيْنَ يَلُوْنَ حَمَلَةَ الْعَرْشِ مَا ذَا قَالَ رَبُّكُمْ فَيُخْبِرُوْنَهُمْ مَا قَالَ فَيَسْتَخْبِرُ بَعْضُ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ بَعْضًا حَتّٰى يَبْلُغَ هٰذِهِ السَّمَآءَ الدُّنْيَا فَيَخْطَفُ الْجِنُّ السَّمْعَ فَيَقْذِفُوْنَ اِلٰى اَوْلِيَآئِهِمْ وَ يُرْمَوْنَ فَمَا جَآءُوْا بِهٖ عَلٰى وَجْهِهٖ فَهُوَ حَقٌّ وَّلٰكِنَّهُمْ يَقْرِفُوْنَ فِيْهِ وَ يَزِيْدُوْنَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: کسی شخص کے مرنے اور جینے پر تارا نہیں ٹوٹتا، لیکن ہمارا رب جس کا نام برکت والا ہے جب کسی کام کا حکم دیتا ہے تو حاملین عرش فرشتے تسبیح کرتے ہیں کہ پھر ان کے قریبی آسمان والے تسبیح کرتے ہیں، یہاں تک کہ تسبیح اس قریبی آسمان تک پہنچ جاتی ہے، پھر حاملین عرش کے قریب والے ان سے پوچھتے ہیں کہ تمہارے رب نے کیا کہا؟ وہ انہیں بتاتے ہیں۔ پھر آسمانوں والے ایک دوسرے سے پوچھتے ہیں یہاں تک کہ اس قریبی آسمان تک خبر پہنچ جاتی ہے۔ جنات ان سنی ہوئی باتوں کو اچک لیتے ہیں اور اپنے دوستوں تک پہنچا دیتے ہیں، ان جنوں کو شعلے مارے جاتے ہیں، کاہن اس کے مطابق جو خبر دیتے ہیں وہ حق ہوتی ہے، لیکن وہ کاہن جھوٹ بولتے ہیں اور اس میں اضافہ کر دیتے ہیں۔

سلہ کہ یہ کیا ہے؟ اور کس لیے ہے!

سلہ یعنی ہم ستارہ ٹوٹنے کو کسی عظیم چیز مثلاً کسی بڑے آدمی کی پیدائش یا موت کی علامت ہی سمجھتے تھے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۳ یعنی تم غلطی پر تھے۔

۵۴ اور اسی کی پاکیزگی بیان کرتے ہیں ——— ان فرشتوں کے بارے میں آیا ہے کہ ان کی تعداد آٹھ ہے، اور وہ اتنے بڑے ہیں کہ ان کے نرمۂ گوش اور کندھے کے درمیان دو ہزار سال اور ایک روایت کے مطابق سات ہزار سال کی مسافت ہے، العظمۃ للہ۔

۵۵ جو اس آسمان کے نیچے پہنچ کر جمع ہو چکے ہوتے ہیں۔

۵۶ کاہنوں تک

۵۷ ستاروں کے مارے جانے کا سبب یہ ہے، وہ سبب نہیں جو تم سمجھتے ہو کہ کوئی بڑا آدمی پیدا ہوا ہے یا مر گیا ہے۔

۵۸ قذف تہمت لگانا اور مغارنت ناجائز ملاوٹ کرنا۔

۴۳۹۸ وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ خَلَقَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰذِهِ النُّجُوْمَ لِثَلٰثٍ جَعَلَهَا زِيْنَةً لِّلسَّمَآءِ وَرُجُوْمًا لِّلشَّيٰطِيْنِ وَعَلَامَاتٍ يُّهْتَدٰى بِهَا وَمَنْ تَاَوَّلَ فِيْهَا بِغَيْرِ ذٰلِكَ اَخْطَاَ وَاَضَاعَ نَصِيْبَهٗ وَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْلَمُ رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ تَعْلِيْقًا وَفِيْ رِوَايَةِ رَزِيْنٍ وَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْنِيْهِ وَمَا لَا عِلْمَ لَهٗ بِهٖ وَمَا عَجَزَ عَنْ عِلْمِهِ الْاَنْبِيَآءُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَعَنِ الرَّبِيْعِ مِثْلَهٗ وَزَادَ وَاللّٰهِ مَا جَعَلَ اللّٰهُ فِيْ نَجْمٍ حَيٰوةَ اَحَدٍ وَّلَا رِزْقَهٗ وَلَا

حضرت قتادہؓ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان ستاروں کو تین فائدوں کے لیے پیدا کیا[۵۹] (۱) انہیں آسمان کی زینت بنایا[۶۰] (۲) انہیں شیطانوں کے مارنے کے لیے بنایا[۶۱] (۳) انہیں علامات بنایا تاکہ ان کے ذریعے راستہ معلوم کیا جائے[۶۲]۔ تو جس نے ان کے بارے میں کچھ اور بیان کیا اس نے خطا کی[۶۳]، اپنا حصہ ضائع کیا اور بتکلف اپنے ذمہ وہ چیز لی جسے نہیں جانتا[۶۴] امام بخاری نے یہ حدیث تعلیقاً[۶۵] بیان کی، امام رزین کی روایت میں ہے کہ ایسی چیز کا تکلف کیا جو بے مقصد ہے اسے اس چیز کا کچھ علم نہیں[۶۶] اور اس کے علم سے انبیاء اور فرشتے[۶۷] عاجز ہیں۔ ربیع سے اس کی مثل مروی ہے، انہوں نے اتنا زیادہ بیان کیا کہ اللہ تعالیٰ کی قسم اللہ تعالیٰ نے ستارے میں نہ تو کسی کی زندگی اور موت

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

مَوْتَهُ وَ اِنَّمَا يَفْتَرُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ وَ يَتَعَلَّلُوْنَ بِالنُّجُوْمِ۔ رکھی ہے اور نہ ہی رزق رکھا ہے، فقط یہ لوگ اللہ تعالیٰ پر افترا کرتے ہیں۔ اور ستاروں کا بہانہ بناتے ہیں۔

سلہ حضرت قتادہ اکابر تابعین میں سے ہیں۔ اکثر طور پر حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں۔

سلہ یعنی ان کے پیدا کرنے میں اہم فائدے تین ہیں جن سے اہل دین و معرفت فائدہ حاصل کرتے ہیں جیسے کہ کتاب اللہ میں ان کا بیان ہے، ورنہ اشیاء اور خصوصاً ان اجسام کے پیدا کرنے کے فوائد کا احاطہ کون کر سکتا ہے (غالباً غلط راستہ بند کرنا مقصود ہے) تاکہ لوگ نجومیوں کے بیان کے مطابق کائنات میں پیدا ہونے والی چیزوں میں دلچسپی نہ لیں اور جان لیں کہ یہ چیزیں اللہ تعالیٰ کی قدرت سے بغیر کسی واسطے کے معرض وجود میں آتی ہیں اور اگر (بالفرض) ان ستاروں کا دخل ہو بھی تو ان کی طرف نسبت کرنا ایمان، توحید اور سلف صالحین کے طریقے کے خلاف ہے اس میں شک نہیں کہ موسموں کے بدلنے بارشوں کے واقع ہونے، پھلوں کے پکنے اور ایسے ہی دیگر امور میں ان اجسام فلکیہ (چاند سورج اور ستاروں) کا دخل بطور سبب ہے اور یہ عادت الٰہیہ ہے۔ لیکن ان کا اعتبار کرنا اور ساعتوں اور احکام کے اختیار کرنے میں ان پر اعتماد کرنا اور ان میں سعادت اور نحوست کا عقیدہ رکھنا اسلام اور توحید کے طریقے کے خلاف ہے۔ اگر ان کو مؤثر مانا جائے تو یہ کفر ہے ورنہ حرام یا مکروہ ہے۔

سلہ کہ ان کے دیکھنے میں سوائے تعجب اور حیرت کے کچھ حاصل نہیں ہوتا اور یہ تعجب اللہ تعالیٰ کی قدرت اور اس کی کاریگری پر استدلال کا باعث بنتا ہے۔

سلہ جو آسمان کی طرف چڑھتے ہیں تاکہ چوری چھپے فرشتوں کی باتیں سنیں۔

سلہ سمندر اور خشکی کے راستوں میں۔

سلہ سلامتی اور درستی کے راستے سے بھٹک گیا۔

سلہ عمر کا۔

سلہ یعنی اصلی کام تو اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور عبادت ہے، نفس کو اچھے اخلاق سے آراستہ کرنا ہے جبکہ ان امور کا جاننا نہ تو ضروری ہے اور نہ ہی اس کی حاجت ہے لہٰذا ان علوم کے حاصل کرنے میں تکلف کرنا اور محنت و مشقت اٹھانا عمر کو ضائع کرنا ہے۔

سلہ تعلیق کا مطلب ہے سند کا ابتداء سے حذف کرنا۔ امام بخاری کی عادت ہے کہ صحیح بخاری کے ابواب کے تراجم (عنوانات) میں احادیث اور آثار کا ذکر کرتے ہیں اور ان کی سند حذف کر دیتے ہیں، حضرت قتادہ کا یہ قول بھی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اسی طرح بیان کیا ہے۔

سنلہ اور اسے حاصل کرنے کا ارادہ نہیں کرنا چاہیے۔

سالہ اور اسے کما حقہ جانا نہیں جا سکتا۔

سلہ انبیاء اور فرشتے بھی اس کی حقیقت کا احاطہ نہیں کر سکتے، حالانکہ وہ خلاصہ موجودات ہیں اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کے مقرب ہیں۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ان اجسام کے پیدا کرنے میں بہت گہرے راز اور علوم ہیں، منع اس لیے کیا گیا کہ ان کی حقیقت تک رسائی بہت مشکل اور دشوار ہے، جیسے کہ قرآن پاک کے متشابہات کا یہی حال ہے قرآن کریم علم و معرفت کا آسمان ہے، روشن اور چمکتی ہوئی آیات پر مشتمل ہے جن تک پہنچنے اور ان کے مطالب و معانی پر آگاہ ہونے کا راستہ واضح ہے جیسے کہ ستاروں کے پیدا کرنے کے تین فائدوں کا جاننا واضح ہے قرآن کریم دوسری متشابہ آیات پر بھی مشتمل ہے جن کے معانی کی حقیقت تک رسائی میسر نہیں ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا: وَمَا يَعْلَمُ تَأْوِيلَهُ إِلَّا اللّٰهُ اس کے مطلب کو اللہ تعالیٰ ہی جانتا ہے

اسی طرح آسمانی اجسام کے پیدا کرنے میں جو دقیق حکمتیں اور واقعی علوم ودیعت کیے گئے ہیں ان کی حقیقت تک نہیں پہنچا جا سکتا، آیت کریمہ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا اے ہمارے رب! تو نے یہ سب کچھ باطل اور بے کار پیدا نہیں کیا، اس میں اشارہ ہے کہ آسمانوں اور زمینوں کے پیدا کرنے میں غور و فکر کرنے اور ان کی حقیقتوں کی تہہ تک رسائی سے عاجزی کے اقرار کے بعد عارف کا صرف اتنا حصہ ہے کہ اجمالی طور پر جان لے کہ اس جگہ حکمتیں اور خفا بنت کے راز ودیعت کیے گئے ہیں، ان اشیاء کے خیمۂ وجود کے گرد عبث اور بطلان کا گزر بھی نہیں ہو سکتا۔ اس کا اعتراف کرے، حقیقت حال کو اللہ تعالیٰ کے علم ازلی کے سپرد کرے، اللہ تعالیٰ کی بارگاہ کے تقدس اور جلالت کا بیان کرے اور قبر کی آگ اور عذاب سے پناہ مانگے جو اذیت، دوری اور حجاب کا سبب ہے، ایمان اور رسولوں کی پیروی پر سختی سے قائم رہے تاکہ اجابت، قبولیت اور قرب و وصول کے مقام پر فائز ہو کر دوری اور حجاب کے عذاب سے نجات پائے اور یہ مسلمانوں کا راستہ ہے، یا اللہ! ہمیں بھی یہ راستہ نصیب فرما۔

۴۵۹۴ [۱۲] وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اقْتَبَسَ بَابًا مِّنْ عِلْمِ النُّجُوْمِ لِغَيْرِ مَا ذَكَرَ اللّٰهُ فَقَدِ اقْتَبَسَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے علم نجوم کا ایک باب اس مقصد کے ماسوا کے لیے حاصل کیا جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے کیا ہے تو بے شک

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شُعْبَةً مِّنَ السِّحْرِ اَلْمُنَجِّمُ كَاهِنٌ وَّ الْكَاهِنُ سَاحِرٌ وَّ السَّاحِرُ كَافِرٌ۔

(رَوَاهُ رَزِيْنٌ)

اس نے جادو کا ایک شعبہ حاصل کیا، نجومی کاہن ہے[۲] اور کاہن جادوگر ہے[۳] اور جادوگر کافر ہے[۴]۔

(رزین)

[۱] مقصود وہ تین چیزیں ہیں جن کا ذکر گزشتہ حدیث میں ہوا ہے۔

[۲] نجومی کاہن کے حکم میں ہے کہ وہ علامتوں اور نشانیوں کی بنا پر غیب کی خبر دیتا ہے۔

[۳] کاہن جادوگر کے حکم میں ہے جو عجیب و غریب اور قبیح افعال کا ارتکاب کرتا ہے، اور ان کے ذریعے مخلوق کو نقصان پہنچاتا ہے۔

[۴] جو شخص جادو کا عمل کرے اور اس پر عقیدہ رکھے کافر ہے، حاصل یہ ہے کہ نجوم، کہانت اور جادو ایک ہی وادی سے تعلق رکھتے ہیں، کافروں اور بے دینوں کے افعال ہیں۔

۴۴۰۰ / ۱۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَمْسَكَ اللّٰهُ الْقَطْرَ عَنْ عِبَادِهٖ خَمْسَ سِنِيْنَ ثُمَّ اَرْسَلَهٗ لَاَصْبَحَتْ طَائِفَةٌ مِّنَ النَّاسِ كَافِرِيْنَ يَقُوْلُوْنَ سُقِيْنَا بِنَوْءِ الْمِجْدَحِ۔

(رَوَاهُ النَّسَائِیُّ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر اللہ تعالیٰ پانچ سال تک (مثلاً) اپنے بندوں سے بارش روک دے، پھر بارش عطا فرمائے تو لوگوں کی ایک جماعت (جو نجوم کی دلدادہ ہے) کافر ہو جائے گی، وہ کہیں گے ہمیں چاند کی ایک منزل کی بدولت بارش دی گئی ہے جس کا نام مجدح[۱] ہے

(نسائی)

[۱] مجدح میم کے نیچے زیر، جیم ساکن اور دال پر زبر، عربوں کے نزدیک یہ چاند کی ایک منزل ہے جو لازمی طور پر بارش کا سبب بنتی ہے اور کبھی خطا نہیں جاتی، قاموس میں مجدح چاند کی ایک منزل ہے یا ایک چھوٹا ستارہ ہے۔ دبران (چاند کی منزل کا نام) اور ثریا کے درمیان ہے مجدح اصل میں ایسی لکڑی کا نام ہے جس کے مختلف کونے ہوں، چاند کی یہ منزل بھی مجدح کی شکل کی طرح تین ستارے ہیں، یہ کوتاہ نظر نہیں جانتے کہ مجدح (چاند کی منزل) تو ہمیشہ ہوتی ہے، پھر ان پانچ سالوں میں بارش کیوں نہیں ہوتی؟ معلوم ہوا کہ بارش کا برسانا محض قدرت الٰہیہ کی بنا پر ہے۔ لیکن لوگ شرک و کفر اور نجوم کے اس قدر گرویدہ ہیں کہ انہیں معلوم ہی نہیں کہ تو بیدا امور اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کِتَابُ الرُّؤیَا

خوابوں کا بیان

رؤیا دراصل مصدر ہے اور رویت کے معنی میں ہے بعد ازاں ان چیزوں اور صورتوں کا نام قرار پایا جو کچھ خواب میں دیکھی جاتی ہیں قاموس میں ہے الرویا ما رایتہ فی منامک، رویا وہ چیز ہے جسے تم خواب میں دیکھتے ہو، پہلے را پھر ہمزہ اس کے بعد الف مقصورہ بعض اوقات ہمزے کو تخفیف کے لیے واو سے تبدیل کر دیتے ہیں۔

خواب کی حقیقت کے بارے میں ارباب دانش کا اختلاف ہے اس اشکال کی بنا پر جو اس جگہ پیدا ہوتا ہے اور وہ یہ ہے کہ نیند ادراک کی ضد ہے لہذا خواب میں جو کچھ دیکھا جاتا ہے وہ کیا ہے اکثر متکلمین اشاعرہ اور معتزلہ کہتے ہیں کہ وہ حقیقی ادراک نہیں ہے بلکہ باطل خیال ہے معتزلہ کے نزدیک اس کا سبب یہ ہے کہ کسی چیز کو دیکھنے کے لیے کچھ شرطیں ہیں جیسے سامنے ہونا۔ آنکھ سے شعاع کا نکلنا اور درمیان میں شفاف ہوا کا ہونا وغیرہ نیند میں ان میں سے کوئی چیز موجود نہیں ہوتی اس لیے نیند میں دیکھی جانے والی چیزیں فاسد خیال اور باطل وہم ہیں۔ اشاعرہ کے نزدیک سبب یہ ہے کہ نیند اور علم دو متضاد چیزیں ہیں اور خوابیدہ شخص میں ادراک کا پیدا کرنا عادت الٰہی نہیں ہے اس لیے جو کچھ خواب میں دیکھا جائے وہ حقیقی ادراک نہیں بلکہ باطل خیال ہے اس کا یہ مطلب نہیں کہ خواب کی کوئی حقیقت نہیں اور تعبیر کے ساتھ یا تعبیر کے بغیر اس کی کوئی حیثیت ہی نہیں ہے بلکہ اس کے باطل ہونے سے مراد یہی ہونا چاہیے کہ ادراک حقیقی نہیں بلکہ اس کے مشابہ ہے کیونکہ پاکیزہ خوابوں کی درستی اور حقانیت پر اہل حق کا اجماع ہے گویا وہ فرماتے ہیں کہ خواب حقیقی ادراک نہیں بلکہ محض خیال ہے لیکن اس کے باوجود خواب کا ثبوت اور اس کی تعبیر موجود ہے۔

خواب کو باطل خیال کہنے سے خیال محض کہنا زیادہ بہتر ہے فتدبر (خواب اچھی طرح غور کرو) استاد ابو اسحاق اسفرائنی اشعری کہتے ہیں کہ خواب بلاشبہ حقیقی ادراک ہے اس لیے کہ آدمی جس چیز کا ادراک بیداری میں کرتا ہے اور جس چیز کا ادراک نیند میں کرتا ہے ان میں کوئی فرق نہیں ہے، اس لیے اگر خوابیدہ شخص کے ادراک پر شبہ کیا جائے تو بیدار شخص کا ادراک بھی مشکوک ہو جائے گا اور بہ تو ایک ظاہر چیز کا انکار ہو جائے گا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

استاد ابو اسحاق نیند اور علم کے درمیان تضاد کو تسلیم کرتے ہیں تاہم وہ کہتے ہیں کہ نیند انسان کے بعض اجزاء کے ساتھ اور ادراک بعض دیگر اجزاء سے متعلق ہے اس طرح دو متضاد چیزوں کا ایک ہی جگہ جمع ہونا لازمی نہیں آتا مواقف اور اس کی شرح میں اسی طرح ہے۔ علامہ طیبی نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے خوابیدہ شخص کے دل میں علوم اور ادراکات کا پیدا کرنا خواب کی حقیقت ہے کیونکہ وہ بیدار شخص کے دل میں علوم و ادراکات پیدا کرتا ہے وہ خوابیدہ شخص کے دل میں بھی پیدا فرما سکتا ہے، نہ تو بیداری ان علوم و ادراکات کا سبب ہے اور نہ ہی نیند ان علوم و ادراکات میں رکاوٹ ہے، خوابیدہ شخص میں ان ادراکات کا پیدا کرنا بعض دیگر امور کی علامت ہے جو مذکورہ شخص کو کسی اور حال میں پیش آتے ہیں اور اس خواب کی تعبیر بن جاتے ہیں جیسے بادل بارش کے موجود ہونے کی علامت ہے (اھ)۔

اس قول کے مطابق خواب حقیقی ادراک ہے اس طرح خواب اور ادراک کے درمیان تضاد باقی نہیں رہتا فلاسفہ کے نزدیک خوابوں کا وجود حواس باطنہ کی تحقیق پر موقوف ہے اور یہ کتاب ان کے بیان کی جگہ نہیں ہے۔ مختصر انداز میں اس جگہ یہی بیان کیا جا سکتا ہے کہ آدمی کے باطن میں ایک قوت ہے جو مختلف صورتوں اور معانی کو جمع کرتی ہے اور اسے قوت متصرفہ کہتے ہیں اگر معانی میں تصرف کرے اور انہیں ترتیب دے تو اسے قوت متفکرہ کہتے ہیں۔ اور اگر صورتوں میں تصرف کرے تو اسے قوت متخیلہ کہتے ہیں۔ یہ قوت خواب اور بیداری دونوں حالتوں میں مصروف رہتی ہے، نفس ناطقہ (نفس انسانی) کا عالم ملکوت کے ساتھ روحانی اور معنوی تعلق ہے اور تمام کائنات کی ازل سے ابد تک کی صورتیں عالم ملکوت کے جواہر مجردہ (فرشتوں) میں محفوظ ہیں۔ اس لیے جب نفس انسانی خواب کی حالت میں اپنے بدن کے انتظام اور علم جسمانی کے مشغلوں سے فارغ ہوتا ہے تو ان جواہر عالیہ (فرشتوں) کے ساتھ روحانی تعلق کے سبب ان جواہر عالیہ میں مرتسم صورتیں نفس ناطقہ میں نقش ہو جاتی ہیں اور نفس ناطقہ سے یہ صورتیں حس مشترک میں منتقل ہو جاتی ہیں۔ اور قوت متخیلہ حس مشترک سے یہ صورتیں لے کر جوڑ توڑ کرتی ہے خیال کبھی اس صورت کے مشابہ کوئی لباس پہنا دیتا ہے اور ایک نظیر سے دوسری نظیر کی طرف منتقل ہو جاتا ہے جیسے خواب میں مروارید کی صورت کو انار کے دانوں کا لباس دے دیتا ہے اور کبھی اس صورت کو متضاد لباس بھی مہیا کر دیتا ہے۔ جیسے خواب میں خوشی کو رونے کا لباس پہنا دیا جاتا ہے۔ ایسی خواب میں تعبیر کی ضرورت پڑتی ہے بعض اوقات خواب میں بغیر تبدیلی اور بغیر تلبیس کے بھی صورت نظر آتی ہے ایسی خواب کے لیے تعبیر کی ضرورت پیش نہیں آتی بلکہ جو کچھ خواب میں دیکھا ہو وہی بیداری میں وقوع پذیر ہو جاتا ہے اور بعض اوقات قوت متخیلہ وہ صورتیں لے لیتی ہے جو بیداری کی حالت میں خیال میں محفوظ ہوتی ہیں۔ لہذا اکثر اوقات آدمی خواب میں وہی کچھ دیکھتا ہے جسے وہ بیداری میں سوچتا ہے اور جس کے خیال میں محو رہتا ہے اور بعض اوقات کچھ بیماریوں کی وجہ سے بھی صورتیں دکھائی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دیتی ہیں جیسے کہ دموی مزاج والا شخص خواب میں سرخ رنگ دیکھتا ہے اور صفراوی مزاج والا شخص آگ دیکھتا ہے اور سوداوی مزاج والا پہاڑ اور دریا دیکھتا ہے اور بلغمی مزاج والا خواب میں پانی اور سفید رنگ دیکھتا ہے موخر الذکر دونوں صورتوں میں خوابوں کا اعتبار نہیں اور ان کی تعبیر بھی نہیں اور ایسی خوابوں کو جھوٹی خوابیں کہا جاتا ہے اس جگہ عالم مثال کے قائل صوفیہ کی ایک دوسری تحقیق ہے جو اپنی جگہ بیان کی گئی ہے، میرے لخت جگر نور الحق نے اس موضوع پر ایک مختصر رسالہ لکھا ہے جو نہایت منقول، مدلل اور واضح ہے، اللہ تعالیٰ اسے مرتبہ یقین و استقامت پر فائز فرمائے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۴۰ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمْ یَبْقَ مِنَ النُّبُوَّةِ اِلَّا الْمُبَشِّرَاتُ قَالُوْا وَمَا الْمُبَشِّرَاتُ قَالَ الرُّؤْیَا الصَّالِحَةُ.

(رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نبوت[1] سے بشارتوں[2] کے سوا کچھ باقی نہیں رہا صحابہ نے عرض کیا کیسی بشارتیں؟ آپ نے فرمایا: اچھی خوابیں[3]۔

(بخاری[4])

وَزَادَ مَالِكٌ بِرِوَایَةِ عَطَاءِ ابْنِ یَسَارٍ یَرَاهَا الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ اَوْ تُرٰی لَهٗ.

امام مالک نے عطا ابن یسار سے مزید بھی روایت کیا ہے[5]، وہ خوابیں جو مومن نیند میں دیکھے یا اس کے لیے دیکھی جائیں[6]۔

۱ نبوت سے مراد مقام نبوت کے آثار ہیں اور اس مقام کے سبب غیب کی جو خبریں اور احوال جانے جاتے ہیں۔

۲ مُبَشِّرَات میم پر پیش اور شدوالے شین کے نیچے زیر یعنی خواب دیکھنے والے کو بشارت دینے والی خوابیں، بِشَارَت: ب پر پیش اور ب کے نیچے زیر کے ساتھ خوشخبری کے معنی میں ہے (صحاح) لفظ بشارت اکثر خیر میں استعمال ہوتا ہے بعض اوقات شر کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے (طیبی) صاحب صحاح کا کہنا ہے کہ بشارت کا مطلق استعمال اچھائی کے لیے ہی ہوتا ہے۔ برائی کے لیے استعمال کرتے ہوئے شر کی قید لگا دی جاتی ہے جیسے فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ (ان کو دردناک عذاب کی بشارت دے دیجئے) ایسا استعمال ہوا ہے بعض مفسرین کہتے ہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کریہ بطور استہزا ہے اور بشرہ بار پر زبر، اس کے بعد پیش انسان کی جلد کا حصہ جو بالوں میں پنہاں نہ ہو جیسے چہرہ وغیرہ، چونکہ اچھی خبر کا اثر چہرے پر ظاہر ہوتا ہے اس لیے اسے بشارت کہتے ہیں۔

سے۵۳ رؤیا کا اطلاق اکثر نیک خوابوں پر ہوتا ہے اور بری خواب کو حُلم (حا پر پیش کے ساتھ) کہتے ہیں جیسے کہ آئندہ معلوم ہو جائے گا لیکن یہ تخصیص صرف اصطلاح شرع میں ہے لغت میں رویا کا استعمال مطلق خوابوں کے لیے ہے، اس جگہ بھی اسی معنی میں ہے۔ اگر رویا نیک خواب کا نام ہے تو اس کے ساتھ "صالحہ" کی قید مزید وضاحت اور بیان کے لیے ہے یا "صالحہ" بمعنی صادقہ کے ہے یعنی سچی اور واقع کے مطابق خواہیں اور رویا کا پہلا معنی مبشرات (یعنی بشارتیں) اگرچہ زیادہ واضح اور مناسب ہے جو کہ اکثر اوقات یا ہمیشہ اچھی اور خوش کن خوابوں کا معنی دیتا ہے اگرچہ اس میں سچائی بھی معتبر ہے جیسے کہ علامہ طیبی نے کہا لیکن حدیث کا سیاق لفظ رویا کے دوسرے معنی کی طرف اشارہ کرتا ہے یعنی مطلق خواب، کیونکہ نبوت میں سچی خبر کا اعتبار ہے خواہ وہ خوشخبری دے یا ڈر سنائے اس صورت میں ان خبروں پر مبشرات کا اطلاق تغلیباً کیا گیا ہے یا مبشرات کا استعمال مطلق خبروں کے معنی میں کیا گیا ہے۔

سے۵۴ یعنی یہاں تک متفق حدیث ذکر ہوئی امام بخاری نے اتنی ہی روایت کی ہے۔

سے۵۵ امام مالک نے مالک بن یسار سے روایت کرتے ہوئے آنے والی عبارت کا اضافہ کیا۔

سے۵۶ یعنی دوسرا مسلمان اس کے لیے دیکھے۔

۴۴۰۲ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلرُّؤْيَا الصَّالِحَةُ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّ اَرْبَعِيْنَ جُزْءًا مِّنَ النُّبُوَّةِ۔	حضرت انس روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا سچی خواب[۱] نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہیں[۲]۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)	(صحیحین)

سے۱ ظاہر یہ ہے کہ اس حدیث میں رویا صالحہ سے مراد سچی خواب ہے جیسا کہ ہم نے بیان کیا، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں، سچی خواب نبوت کے چھیالیس حصوں میں سے ایک حصہ ہے۔

سے۲ اس حدیث میں چند وجہ سے اشکال ہے۔

(۱) نبوت کی جزء نبوت کے ساتھ ہوگی، اس لیے غیر نبی کو سچے خواب نہیں آنے چاہییں حالانکہ سچے خواب غیر نبی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کو بھی دکھائی دیتے ہیں۔

(۲) نبوت تو ایک نسبت اور معنوی چیز ہے سچے خوابوں کے نبوت کی خبر ہونے کا کیا مطلب ہے؟

(۳) سچی خوابیں اور انبیاء کی دیگر صفات اور ان کے حالات نبوت کے نتائج اور آثار نہ کہ اس کے اجزاء تو کیا وجہ ہے کہ خوابوں کو نبوت کی جز کہا گیا ہے۔

(۴) نبوت کا دور تو ختم ہو گیا لیکن سچی خوابیں موجود ہیں، پس خوابوں کو نبوت کے بغیر کس طرح نبوت کی جز قرار دے سکیں گے۔

(۵) نبوت کے چھیالیس جز کر کے خوابوں کا ایک جز شمار کرنے کی وجہ کیا ہے؟

پہلے اشکال کا جواب:۔

پہلے اشکال کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ نبوت کی خبر ہونے کا مطلب یہ ہے کہ سچے خواب انبیاء کے لیے نبوت کا جز ہیں کیونکہ انہیں خواب میں وحی کی جاتی ہے لیکن یہ جواب ایک دوسری حدیث سے ٹوٹ جاتا ہے

(مومن کا خواب چھیالیسواں حصہ ہے)۔

دوسرے اور تیسرے اشکال کا جواب:۔

مراد یہ ہے کہ سچی خوابیں علوم نبوت بلکہ علوم نبوت کے وسائل کے اجزاء میں سے ہیں اور علم نبوت باقی ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ نبوت کا دور ختم ہوا اور بشارتیں باقی ہیں اور وہ سچی خوابیں ہیں اور بعض علماء کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ نبوت کے موافق سچی خوابیں آتی ہیں یہ مطلب نہیں کہ اچھی خوابیں نبوت کا حقیقی جز ہیں اور نبوت کے بعد باقی ہیں۔

چوتھے اشکال کا جواب:

جز بغیر کل کے پائی جاتی ہے لیکن اس حالت میں اسے اس کل کی جز سابقہ حالت کی وجہ سے کہا جائے گا اسی طرح بعض علماء کی عبارت ہے، ظاہر طور پر مراد یہ ہے کہ جس طرح اللہ تبارک و تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے کسی کو نبوت عطا فرماتا ہے، اسی طرح سچی خوابیں عطا فرماتا ہے جس کے ذریعے علوم عطا فرما کر انہیں عزت بخشتا ہے بعض علماء فرماتے ہیں اس جگہ نبوت کا معنی انباء ہے یعنی خوابیں، سچی خبریں ہیں جن میں جھوٹ نہیں ہے حدیثوں میں اسی معنی کی تصریح بھی آئی ہے۔ یہ معنی بھی جز ہونے سے مناسبت نہیں رکھتا اور نہ ہی اسے ثابت کرتا ہے علاوہ ازیں حدیث میں مذکور عدد سے اس تقریر کی مناسبت نہیں ہے۔ بعض علماء فرماتے ہیں حدیث کے ظاہری معنی مراد لینے میں کوئی حرج نہیں ہے، نبوت کی جز نبوت نہیں ہے لہٰذا نبوت کا دور ختم ہو جانے کے بعد اس کے چھیالیسویں حصے کا موجود ہونا ناممکن نہیں ہے یہ وہ گفتگو ہے جو محدثین نے اس جگہ کی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ظاہر یہ ہے کہ جزئیت سے مراد اس کی وہ حقیقت نہیں ہے جو اہل منطق و فلسفہ کے ہاں معروف ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ سچی خوابیں انبیا علیہم السلام کے عوارض اور صفات میں سے ہیں اور انبیاء کی صفات ان کے بعد غیر انبیاء میں بھی موجود ہوتی ہیں اور غیر انبیاء ان سے موصوف ہوتے ہیں سچی خواب کو نبوت کا چھیالیسواں حصہ قرار دینے کا مقصد ایسی خوابوں کی مدح اور ان کا بلند درجہ بیان کرنا ہے یعنی اگرچہ سچی خواب دیکھنے والا شخص نبی نہیں لیکن یہ سچی خواب عالم نبوت کا پرتو اور عکس ہے اور اس جہان کے مشابہ ہے جیسے کہ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ خوب روشن راستہ، علم، ذمہ داری اور میانہ روی نبوت سے ہیں بلکہ تمام صفات کمال کی اصل نبوت ہی ہے سچی خوابوں کا خاص طور پر ذکر کرنا ان کے خصوصی امتیاز کو ظاہر کرنے کے لیے ہے بے شک یہ صفات غیر انبیاء میں موجود ہوتی ہیں کیونکہ ولایت نبوت ہی کا سایہ ہے اور جو کچھ نبوت میں ہے اس کا عکس ولایت میں بھی ہوگا۔

پانچویں اشکال کا جواب:

نبوت کے چھیالیس اجزاء بنانے کی وجہ یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تبلیغ نبوت کا عرصہ تیئیس سال ہے اور وحی کی ابتداء سچی خوابوں سے ہوئی تھی اور یہ سچی خوابیں آپ نے چھ ماہ دیکھی تھیں اور چھ ماہ کی تیئیس سال کے ساتھ نسبت وہی ہے جو ایک چھیالیس میں ہے کی ہے علماء میں یہی بات مشہور ہے لیکن علامہ توربشتی کہتے ہیں وحی کا عرصہ تیئیس سال تسلیم شدہ ہے اختلاف کے باوجود یہ عرصہ کئی روایات میں مذکور ہے اور اس اختلاف کی وجہ یہ ہے کہ مشہور اور مختار روایت کے مطابق حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مکہ میں قیام کا عرصہ تیرہ سال تھا۔ اور ایک دوسری روایت میں دس سال اور پندرہ سال بھی ہے اس میں خوابوں کا عرصہ چھ ماہ نہ تھا یہ بات کہنے والے شخص نے کسی نص اور روایت سے مدد لیے بغیر ہی اپنے دل میں اندازہ لگایا ہے (توربشتی) حاصل گفتگو یہ ہے کہ خوابوں کی مدت کے متعلق چھ ماہ کا اندازہ درست نہیں اور یہ اندازہ بے سند اور بے بنیاد ہے، ہاں محدثین کا مذہب یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چھ ماہ کی مدت میں مرتبہ نبوت کے ساتھ مخصوص تھے اور اپنے نفس شریف کی تہذیب پر مامور تھے؛ بعد ازاں دعوت و تبلیغ پر مامور ہوئے، محدثین کے نزدیک رسالت کا یہی معنی ہے، ان کے مذہب کے مطابق نبی کے لیے ضروری نہیں کہ وہ دعوت دینے والا اور مبلغ بھی ہو بلکہ اگر اس نبی کی طرف خاص کر ان کی ذات کے بارے میں وحی نازل کی جائے تو یہی کافی ہے جیسے اپنی جگہ بیان کیا گیا ہے، پس اگر یہ ثابت ہو جائے کہ اس عرصے میں وحی خواب کے ذریعے تھی تو نبوت کے ابتدائی چھ ماہ کو سچے خوابوں کا عرصہ کہنے والوں کی بات درست ہو جائے گی، اور ان ہی کا مذہب اس جگہ موضوع سخن ہے۔ امام محی الدین نووی نے بھی شرح مسلم میں اس بات کو نشانہ تنقید بناتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بات ثابت نہیں ہے، اللہ تعالیٰ بہتر جاننے والا ہے، اس عدد (چھیالیسویں حصے) کو علم نبوت کے سپرد کرنا ہی درست ہے، کیونکہ ایسے علوم انبیاء کے خواص میں سے ہیں، قیاس اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عقل و فہم کے پیمانوں سے ان علوم کی حقیقت تک رسائی نہیں ہو سکتی، ہر جگہ اعداد کا یہی حکم ہے، مثلاً رکعتوں اور تسبیحات وغیرہ کی تعداد۔

ایک دوسری روایت میں ہے کہ سچا خواب نبوت کے پینتالیس اجزاء میں سے ایک جز ہے، ایک اور روایت میں ہے چالیس اجزاء میں سے ایک جز ہے۔ پینتالیس اجزاء والی روایت کی توجیہ اس طرح کی گئی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی رحلت تریسٹھویں سال کے درمیان ہوئی اور چالیسویں حصے والی روایت کی توضیح یہ ہے کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ساٹھ سال کی عمر والی روایت پر مبنی ہے (یعنی ساٹھ سال عمر شریف ہو تو اعلان نبوت کے بعد کا عرصہ بیس سال ہوا اور اس کا چالیسواں حصہ چھ ماہ ہوئے ۱۲ ق ن) لیکن راجح پہلی روایت ہی ہے۔ امام مسلم نے حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت کی ہے کہ سچے خواب نبوت کے ستر حصوں میں سے ایک حصہ ہیں، اس ارشاد میں مبالغہ کے ساتھ خوابوں کا نبوت سے کم درجہ ہونا بیان کیا گیا ہے۔

تنبیہ :-

مواہب لدنیہ میں ہے کہ وحی کے کئی مرتبے ہیں، ان میں سے ایک مرتبہ سچے خوابوں کا ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم خواب میں جو کچھ دیکھتے وہ حقانیت اور ظہور میں سپیدۂ سحر کی طرح ظاہر ہو جاتا۔

بعض اوقات حضرت جبرائیل علیہ السلام آپ کے دل اقدس میں القاء کر دیتے تھے باوجودیکہ آپ انہیں دیکھتے نہ تھے، جیسے کہ ارشاد فرمایا: روح القدس نے میرے دل میں یہ بات ڈالی کہ کوئی شخص اس وقت تک نہیں مرتا جب تک کہ وہ اپنا پورا رزق وصول نہیں کر لیتا، لہٰذا تقویٰ اختیار کرو، اور حسن طلب اختیار کرو۔ کبھی فرشتہ انسانی صورت میں آ کر آپ سے گفتگو کرتا کبھی حضرت دحیہ کلبی کی صورت میں کبھی کسی دوسری صورت میں، کبھی گھنٹی کی آواز کی صورت میں وحی آتی اور یہ پوری طرح متمیز نہیں ہوتی تھی، یہ وحی کی سخت ترین قسم تھی یہاں تک کہ اونٹنی اس کے بوجھ سے بیٹھ جاتی، کبھی حضرت جبریل علیہ السلام کو ان کی خاص صورت میں دیکھتے جس کے چھ سو بازو ہوتے ایسا صرف دو بار ہوا، وحی کی ایک قسم وہ تھی جو شب معراج ساتوں آسمانوں سے اوپر واقع ہوئی اور پانچ نمازیں فرض ہوئیں، بعض اوقات اللہ تعالیٰ نے موسیٰ علیہ السلام کی طرح جبریل علیہ السلام کے واسطے کے بغیر آپ سے کلام کیا، اس طرح سات بار ہوا، بعض علماء نے آٹھویں مرتبہ کا بھی اضافہ کیا ہے اور وہ اللہ تعالیٰ کا بے حجابانہ اور ظاہر و باطن کلام ہے، شیخ ولی الدین بن عراقی نے کہا کہ یہ وہی حال ہے جو شب معراج حضرت جبرائیل علیہ السلام کے دخل کے بغیر تھا، یہ ان حضرات کے قول کے مطابق ہے جو کہتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے سر کی آنکھوں سے اللہ تعالیٰ کا دیدار کیا۔ بعض علماء نے خواب میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ کے ہم کلام ہونے کا اضافہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کیا ہے۔ جیسے کہ امام زہری کی حدیث میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے مجھ پر بہترین صفت میں جلوہ فرمایا اور فرمایا: اے محمد! جانتے ہو ملاء اعلیٰ کے فرشتے کس چیز میں جھگڑا کر رہے ہیں؟ یہ حدیث ابتداء کتاب میں فضل المساجد میں گزر گئی ہے لیکن مخفی نہ رہے کہ جب یہ حال نیند میں ہے تو یہ صورت، خواب میں داخل ہوگی، بعض علماء نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے اجتہاد کو بھی وحی کی ایک صورت قرار دیا ہے، آپ کو اجتہاد قطعی طور پر درست ہے اور خطا کا احتمال نہیں رکھتا یہ اس وحی سے الگ ہے جس میں فرشتے کے دل میں پھونکنے کا ذکر ہے جیسے پہلی قسم میں بیان ہوا، مختصر یہ کہ یہ وحی کے مختلف طریقے ہیں جو اہل علم نے بیان کیے ہیں، بعض علماء نے چھیالیس قسموں کا ذکر کیا ہے۔ فتح الباری میں ہے کہ اکثر اقسام کا تعدد، حاصل وحی کی صفات کے تعدد کے اعتبار سے ہے، مجموعی طور پر یہ قسمیں، مذکورہ اقسام میں داخل اور ان کی طرف راجع ہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴۴۰۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَقَدْ رَاٰنِیْ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ لَا يَتَمَثَّلُ فِیْ صُوْرَتِیْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے مجھے خواب میں دیکھا اس نے مجھے ہی دیکھا کیونکہ شیطان میری صورت میں نہیں آسکتا۔[۱] (صحیحین)

[۱] اور اپنے آپ کو میری صورت میں نہیں دکھا سکتا۔ یعنی شیطان کی یہ مجال نہیں ہے کہ کسی کی خواب میں آئے اور اس کے دل میں یہ خیال ڈالے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہوں، اور حضور اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بارے میں جھوٹ بولے۔

[۲] بعض محققین نے کہا ہے کہ یہ ہو سکتا ہے شیطان ایک صورت میں ظاہر ہو اور دروغ گوئی کرتے ہوئے دیکھنے والے کے دل میں وسوسہ ڈالے کہ یہ اللہ تعالیٰ کی صورت ہے لیکن نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت میں ہرگز نہیں آسکتا اور آپ کے بارے میں جھوٹ نہیں بول سکتا، کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم مظہر ہدایت ہیں اور شیطان مظہر ضلالت ہے، ہدایت اور ضلالت میں تضاد ہے، اللہ تعالیٰ مطلق ہے، ہدایت دینے گمراہ کرنے اور دیگر صفات متضادہ کا جامع ہے، نیز مخلوق کی طرف سے اگر ہونے کا دعویٰ واضح طور پر باطل ہے اور محل اشتباہ نہیں ہے، برخلاف دعوائے نبوت کے کہ وہ محل اشتباہ ہے) لہٰذا اگر کوئی شخص الوہیت کا دعویٰ کرے تو اس سے خرق عادت امور کا صدور متصور ہے اور اگر نبوت کا جھوٹا دعویٰ کرے تو اس سے معجزہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ظاہر نہیں ہو سکتا۔

۴۴۰۴ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰنِیْ فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، جس نے مجھے دیکھا اس نے صحیح دیکھا۔ ۱؎

۱؎ اس کا دیکھنا حق اور ثابت ہے یا یہ مطلب کہ اس نے ثابت اور محقق چیز کو دیکھا (یعنی الحق صفت ہے مفعول مطلق کی یا مفعول بہ کی ۱۲ ق ن)۔

یاد رہے کہ متعدد سندوں اور مختلف الفاظ سے مروی ان احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ جس شخص نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو خواب میں دیکھا اس نے برحق دیکھا اور آپ ہی کو دیکھا، آپ کے دربارِ عزت و حقانیت کے گرد جھوٹ اور باطل کا گزر نہیں ہے، شیطان جو خواب اور بیداری میں مختلف صورتوں میں ظاہر ہونے پر قادر ہے اس بات کی طاقت نہیں رکھتا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت میں نمودار ہو۔ ایسا نہیں ہو سکتا کہ وہ کسی صورت میں ظاہر ہو اور از راہ دروغ گوئی دیکھنے والے کے خیال میں ڈالے کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہیں، اللہ تعالیٰ کی عادت کریمہ اسی طرح جاری ہے۔ علماء نے اسے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خصوصیات میں شمار کیا ہے، اس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم آپ کے ماسوا میں جاری نہیں ہے۔

ایک جماعت کے نزدیک ان احادیث کا مطلب یہ ہے کہ جس نے سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو آپ کی مخصوص شکل و صورت میں دیکھا، بعض نے توسیع کی ہے اور کہا ہے کہ جس نے آپ کو کسی بھی صورت میں دیکھا خواہ وہ جوانی کی ہو یا آخری عمر کی، بعض حضرات نے دائرہ تنگ کر دیا اور کہا اس صورت کا دیکھنا ضروری ہے جو آخری عمر میں تھی اور جس صورت میں آپ اس دنیا سے تشریف لے گئے۔ یہاں تک کہ انہوں نے آپ کے سفید بالوں کی تعداد کا بھی اعتبار کیا۔ دنیا سے تشریف لے جاتے وقت آپ کے سفید بالوں کی تعداد بیس تک نہیں پہنچی تھی۔ حماد بن زید کہتے ہیں کہ جب کوئی شخص امام محمد بن سیرین کے پاس آکر خواب میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کا واقعہ بیان کرتا تو امام اس سے پوچھتے کہ تم نے سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کس صورت میں دیکھا؟ جب وہ آپ کی مخصوص شکل و صورت بیان نہ کرتا تو اسے کہتے جاؤ تم نے سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت نہیں کی، کہتے ہیں کہ ابن سیرین کے اس اثر کی سند درجہ صحت کو پہنچی ہوئی ہے، امام حاکم راوی ہیں کہ عاصم بن کلیب روایت کرتے ہیں کہ میرے والد نے ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما کو بتایا کہ میں نے خواب میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

انہوں نے فرمایا: بتاؤ تم نے کس صورت میں زیارت کی؟ میں نے بتایا کہ امام حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کی صورت میں آپ کی زیارت کی، امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے بہت ہی مشابہ تھے، ابن عباس نے فرمایا: صحیح ہے تم نے بے شک نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے۔ اس حدیث کی سند بھی عمدہ ہے۔ اگرچہ ایک دوسری سند سے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے خواب میں مجھے دیکھا تحقیق اس نے مجھے ہی دیکھا، کیونکہ میں ہر صورت میں دیکھا جاتا ہوں لیکن کہتے ہیں کہ اس حدیث کی سند ضعیف ہے۔

ایک جماعت اس طرف گئی ہے کہ مخصوص حلیہ مبارکہ اور معلوم صفات کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دیکھنا حقیقۃً آپ ہی کا دیکھنا اور آپ ہی کی ذات کریمہ کا ادراک ہے، ان صفات معلومہ کے بغیر دیکھنا مثال کا دیکھنا ہے۔ دونوں خوابیں برحق ہیں، ان میں سے کوئی خواب بھی شیطانی نہیں ہے اور شیطان کو اس صورت میں آنے کی قدرت نہیں ہے، لیکن پہلی صورت (صفات معلومہ کے ساتھ دیکھنا) حق ہے اور حقیقت ہے۔ اور دوسری صورت حق ہے لیکن تمثیل اور تاویل ہے، پہلی خواب محتاج تعبیر نہیں ہے کیونکہ اس میں تلبیس اور خیالی صورت پیش کرنے کا دخل نہیں ہے، دوسری خواب تعبیر کی محتاج ہے جیسے خواب کی حقیقت کی تحقیق میں بیان کیا گیا، پس فَقَدْ رَاٰنِیْ یا فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ کا معنی یہ ہوگا کہ جس صورت میں بھی دیکھے حق ہے، اور حق کی طرف سے ہے باطل نہیں اور نہ ہی شیطان کی طرف سے ہے، امام محی الدین نووی نے فرمایا کہ یہ قول بھی ضعیف ہے اور صحیح یہ ہے کہ اس نے درحقیقت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہی کو دیکھا ہے خواہ آپ کی معروف صفت دیکھی یا اس کے علاوہ صفت دیکھی، صفات کے اختلاف سے ذات مختلف نہیں ہو جاتی، جیسے کہ زمان و مکان کی تبدیلی سے ذات میں تبدیلی نہیں آتی، لہٰذا ہر لباس اور ہر صفت میں وہی ذات ہی دیکھی گئی ہے، صفات، ذات کا پردہ ہیں، بے شک جسے دیکھا گیا ہے وہ ذات ہی ہے۔

اس جگہ امام غزالی کی تحقیق ہے جس کی بنیاد یہ ہے کہ انسان کی حقیقت اس کی روح مجرد اور نفس ناطقہ ہے۔ بدن آلہ ہے، اس کا دیکھنا اس حقیقت کے دیکھنے کا ذریعہ، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اس نے مجھے دیکھا اس کا مطلب یہ نہیں کہ میرا جسم دیکھا، بلکہ اس نے مثال کو دیکھا، وہ مثال ایک آلہ ہے جو حقیقت کے دیکھنے کا ذریعہ ہے، بیداری میں جسم کا دیکھنا بھی نفس انسانی کے دیکھنے کا ذریعہ ہے، آلہ کبھی حقیقی ہوتا ہے اور کبھی خیالی نفس انسانی مثال خیالی اور مثال شخص سے الگ چیز ہے۔ لہٰذا دیکھنے والے نے جو شکل و صورت دیکھی ہے وہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی روح مقدس کی مثال ہے جو محل نبوت ہے، آپ کی روح یا آپ کی ذات مبارک نہیں ہے۔ یہی صورت اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھنے کی ہے، وہ ذات کریمہ شکل و صورت سے منزہ ہے، لیکن اللہ تعالیٰ اپنے

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

بندوں کو محسوس اور نورانی امثال یا حسین صورتوں کے ذریعے اپنا جلوہ دکھاتا ہے۔ اگر ان صورتوں میں اس حقیقت معنوی کے جمال کا آئینہ بننے کی صلاحیت ہو، جو نہ تو صورت رکھتی ہے اور نہ شکل اور رنگ، یہ مثال معرفت کا ذریعہ بن جاتی ہے اور دیکھنے والا کہتا ہے کہ میں نے خواب میں اللہ تعالیٰ کی زیارت کی ہے، یہ مطلب نہیں کہ میں نے اللہ تعالیٰ کی ذات اقدس کو دیکھا کیونکہ اس کی ذات اس امر سے بلند ہے کہ کوئی اسے خواب یا بیداری میں دیکھے، اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت ہے، آپ کی ذات پاک نورانی روح اور شکل وصورت سے منزہ ہے، لیکن ظاہری حیات مبارکہ میں آپ کا بدن تھا جس سے روح مقدس متعلق تھی، وہ بدن روح کے ادراک کے لیے واسطہ ہوتا تھا، جب وہ بدن مقدس روضۂ مبارکہ کے سپرد کر دیا گیا اور نگاہوں سے پوشیدہ ہو گیا تو خواب میں ابدان آپ کی روح مبارک کے لیے واسطہ اور محض آلات بنتے ہیں، پس نہ تو روح دیکھی جاتی ہے اور نہ ہی وہ معین بدن شریف دیکھا جاتا ہے جو مدینہ منورہ میں روضۂ اقدس میں مستور اور جلوہ نما ہے، کیونکہ ایک مکان میں موجود ایک شخص کا ایک زمانے میں متعدد اور مختلف صفات سے متصف ہونا کوئی معنی نہیں رکھتا، ہاں مثالی اجسام ہوں تو ایسا ہو سکتا ہے لہٰذا خوابوں میں روح مقدسہ کی مثالوں کا دکھائی دینا حق ہے، اس میں بطلان کا کوئی دخل نہیں ہے، یہ خلاصہ ہے امام غزالی کے کلام کا۔

اس تحقیق کے مطابق حقیقت حال ایک ہے اور جائے اختلاف باقی نہیں رہی، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حقیقت دیکھی گئی ہے، لیکن مثال کے واسطے سے، باوجودیکہ ذات پاک مصطفےٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم دیکھی گئی ہے اور وہ ایک ذات ہے لیکن مثالوں کا اختلاف اس لیے ہے کہ دیکھنے والوں کے دلوں کے آئینوں کے حالات کا بھی دخل ہے، اسی بنا پر دکھائی دینے والی صورتوں اور شکلوں میں حسن وجمال کے اعتبار سے فرق اور اختلاف پایا جاتا ہے۔

جیسے کہ مختلف آئینوں میں صورتیں بھی مختلف دکھائی دیتی ہیں، لہٰذا جس نے آپ کو اچھی صورت میں دیکھا اس کا دین بھی اچھا ہے، اور جس نے اس کے خلاف مشاہدہ کیا اس کے دین و ایمان میں نقصان پایا جاتا ہے، اسی طرح ایک شخص نے بڑھاپے کی عمر میں دیکھا اور ایک نے جوان دیکھا، ایک نے آپ کو راضی دیکھا اور ایک نے ناراض، ایک نے روتے ہوئے دیکھا اور ایک نے ہنستے ہوئے، ایک نے خوش دیکھا اور ایک نے ناخوش، یہ سب دیکھنے والے کے احوال کے مختلف ہونے کی بنا پر ہے۔ پس نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کرنا دیکھنے والے کے باطن کے احوال کی شناخت کا معیار ہے، سالکوں کے لیے یہ مفید ضابطہ ہے جس کے ذریعے وہ معلوم کر سکتے ہیں کہ ان کے باطن کے احوال کہاں تک پہنچے ہیں؟ اور ان کا مقام کیا ہے تاکہ ان کا علاج کریں، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم وہ شفاف آئینہ ہیں جس میں تمام لوگ اپنے حال کی صورت دیکھتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اس بیان سے بعض عرفاء کے اس قول کا مطلب معلوم ہو جاتا ہے کہ میں نے ستر مرتبہ خواب میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کی ہے، مجھے یقین ہو گیا کہ ہر دفعہ میں نے اپنے آپ کو دیکھا ہے، اس قول کا یہ مطلب نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت محض ایک خیال ہے، اور ہر شخص اپنا خیال دیکھتا ہے بلکہ جسے دیکھا گیا ہے وہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی نورانی حقیقت ہی ہے لیکن وہ حقیقت دیکھنے والے کے احوال کی پہچان کا معیار ہے اور اس میں دیکھنے والے کا بھی دخل ہے۔ اسی ضابطے کے مطابق بعض ارباب تمکین نے کہا ہے کہ خواب میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا جو ارشاد سنا جائے اسے سنت ثابتہ پر پیش کرنا چاہیے اگر موافق ہے تو حق ہے اور اگر مخالف ہے تو یہ سننے والے کی سماعت کے خلل کا نتیجہ ہے، پس نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت اور جو کچھ آپ نے دیکھا یا سنا گیا ہے حق اور حقیقت ہے، اختلاف اور فرق دیکھنے والے کے اعتبار سے ہے۔

میں نے جلیل القدر شیخ علامہ عبدالوہاب متقی رحمہ اللہ تعالیٰ کو فرماتے ہوئے سنا کہ مغرب کے ایک درویش نے خواب میں دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم انہیں شراب پینے کا حکم دے رہے ہیں، انہوں نے اشکال کو زائل کرنے کے لیے اس وقت کے مشائخ سے استفتاء کیا کہ حقیقت حال کیا ہے؟ ہر بزرگ نے اس کا ایک محمل و تاویل بیان کی، مدینہ منورہ میں اس دور کے مشہور مشائخ میں سے ایک بزرگ تھے ان کا نام شیخ محمد بن عراقی تھا، صاحب استقامت اور شریعت کے بڑے پیروکار تھے۔ جب ان کے سامنے استفتاء پیش ہوا تو انہوں نے فرمایا: بات وہ نہیں ہے جو اس نے سنی ہے، اس شخص کی سماعت میں خلل تھا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، شراب نہ پیو، اس نے نہ پیو کی جگہ پیو سنا۔

رہا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا اس دنیا سے رخصت ہونے کے بعد بیداری میں زیارت کرنا تو بعض محدثین نے کہا کہ یہ کسی صحابی یا تابعی سے منقول نہیں ہے، انہوں نے یہ بھی کہا کہ حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے فراق میں چھ مہینے تک سخت غمگین رہیں، یہاں تک کہ جان جان آفریں کے سپرد کر دی، وہ روضہ مبارکہ کے قریب ہی رہتی تھیں، کسی نے نقل نہیں کیا کہ اس مدت میں حضرت فاطمہ زہراء رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے بیداری میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کی ہو، ہاں اس سلسلے میں بعض اولیاء کرام کے واقعات مروی ہیں اور درجہ صحت کو پہنچے ہوئے ہیں، مشائخ کرام کے اس قسم کے واقعات بہت ہیں اور حد تواتر کے قریب پہنچے ہوئے ہیں۔ اس حال کا منکر، اولیاء کرام کی کرامت کو مانتا ہے یا نہیں، اگر نہیں مانتا تو وہ اس لائق ہی نہیں کہ اس کے ساتھ بحث کی جائے کیونکہ وہ ایسی چیز کا منکر ہے جو کتاب و سنت سے ثابت ہے، اور اگر مانتا ہے تو یہ زیارت بھی از قبیل کرامات ہے تو انکار کیوں ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حجۃ الاسلام امام محمد غزالی اپنی تصنیف المنقذ من الضلال میں فرماتے ہیں کہ ارباب قلوب بیداری میں فرشتوں اور ارواح انبیاء کا مشاہدہ کرتے ہیں، ان کی آوازیں اور ان کے کلمات سنتے ہیں اور ان سے فوائد حاصل کرتے ہیں، مواہب لدنیہ میں ہے کہ ابن منصور نے اپنے رسالے میں لکھا کہ شیخ ابوالعباس قسطلانی، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ نے ان کے لیے دعا کی اور فرمایا: احمد! اللہ تعالیٰ تمہارا ہاتھ پکڑے، شیخ ابوالمسعود کے بارے میں بیان کیا کہ وہ ہر نماز کے بعد نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے مصافحہ کیا کرتے تھے، قطب الوقت ابوالحسن شاذلی کے بارے میں بیان کیا کہ مجھے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دیکھا تو فرمایا: علی! اپنے کپڑوں کو میل کچیل سے پاک کرو، سید نورالدین ایجی سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے قبر شریف کے اندر سے جواب سنا: تم پر سلام ہو میرے بیٹے! شیخ ابوالعباس مرسی سے روایت ہے کہ اگر ایک لمحے کے لیے سیدالمرسلین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وعلیہم وسلم کا جمال مجھ سے پوشیدہ ہو جائے تو اپنے آپ کو مسلمان شمار نہ کروں۔ کہتے ہیں کہ در حقیقت وہ بھی ایک مثال اور صورت ہے اگرچہ بیداری میں ہے لیکن وہ غائب نہیں ہوتی، لیکن اس زیارت سے دیکھنے والا صحابی نہیں بنتا اور احکام شرعیہ کے ثبوت کے لیے دوسرے شخص کے نزدیک یہ زیارت حجت نہیں ہے، واللہ تعالیٰ اعلم۔

صاحب بہجۃ الاسرار اپنی سند سے روایت کرتے ہیں جس میں صرف دو واسطے ہیں کہ ایک دن غوث الثقلین شیخ محی الدین عبدالقادر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کرسی پر بیٹھے ہوئے وعظ کہہ رہے تھے، تقریباً دس ہزار افراد مجلس وعظ میں حاضر تھے، شیخ علی بن ہیتی، حضرت شیخ کی کرسی کے پائے کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، شیخ علی بن ہیتی کو نیند آگئی، حضرت شیخ عبدالقادر نے حاضرین کو خاموشی کا حکم دیا، سب لوگ خاموش ہو گئے، حالت یہ تھی سانس لینے کی آوازوں کے علاوہ کچھ سنائی نہ دیتا تھا، حضرت شیخ عبدالقادر کرسی سے نیچے اترے اور شیخ علی ہیتی کے سامنے باادب کھڑے ہو کر ان کی طرف دیکھنے لگے، شیخ علی بیدار ہوئے تو حضرت شیخ نے کہا تمہیں خواب میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی ہے؟ انہوں نے عرض کیا ہاں! فرمایا: اسی لیے میں تمہارے سامنے باادب کھڑا تھا، تمہیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کیا نصیحت کی؟ کہنے لگے کہ آپ کی مجلس میں باقاعدہ حاضری دیا کروں، شیخ علی نے کہا کہ جو کچھ میں نے خواب میں دیکھا تھا حضرت شیخ عبدالقادر نے بیداری میں دیکھا روایت کرتے ہیں کہ اس دن مردان خدا میں سے سات افراد اس دنیا سے چلے گئے رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین۔

۴۴۰۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ رَاٰنِیْ فِی الْمَنَامِ فَسَیَرَانِیْ فِی الْیَقْظَۃِ وَلَا یَتَمَثَّلُ الشَّیْطٰنُ بِیْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

فرمایا، جس نے خواب میں ہماری زیارت کی وہ عنقریب بیداری میں ہماری زیارت کرے گا اور شیطان ہماری صورت میں نہیں آسکتا۔[1] (صحیحین)

[1] یعنی نہ خواب میں اور نہ بیداری میں۔

اس حدیث کے بھی مختلف مطالب اور تاویلات ہیں۔

۱- مطلب یہ ہے کہ اس خواب کی تاویل و تصدیق، اس کی صحت کے آثار اور حقانیت کے انوار بیداری میں اس دنیا میں دیکھے گا۔

۲- آخرت میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا دیدار ہوگا، اس توجیہ پر اعتراض وارد ہوتا ہے کہ آخرت میں تو تمام امت، سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جمال کا دیدار کرے گی، خواب میں زیارت کرنے والوں کی تخصیص کی کیا وجہ ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ زیارت سے مراد زائد خصوصیت ہے ایسے لوگوں کو ترقی درجات و مراتب کی خاص شفاعت اور تقرب حاصل ہوگا جو ان لوگوں کو حاصل نہیں ہوگا جنہیں اس دنیا میں سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل نہیں ہوا، بعض علماء نے فرمایا: ہوسکتا ہے امت کے بعض گنہگاروں اور غفلت کے قیدیوں کو آخرت میں ایک وقت تک سید عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دیدار سے محروم کرکے مبتلائے عذاب رکھیں، اس لیے فرمایا کہ جو شخص دنیا میں ہمارے دیدار کی سعادت سے مشرف ہوا وہ اس عذاب میں مبتلا نہیں ہوگا۔

۳- مطلب یہ ہے کہ گویا اس نے بیداری میں ہماری زیارت کی، یعنی جس نے خواب میں ہماری زیارت کی وہ اس طرح ہے کہ گویا اس نے بیداری میں زیارت کی ہے کسی شک اور شبہے کے بغیر زیارت کی صحت اور حقانیت بیان کرنا مقصود ہے، فَسَیَرَانِیْ فِی الْیَقْظَۃِ (وہ عنقریب بیداری میں ہماری زیارت کرے گا) سے یہ مطلب لینا بہت بعید ہے۔

۴- یہ بشارت نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے زمانِ مبارک کے ان لوگوں کے لیے ہے جو غائبانہ ایمان لائے اور خواب میں جمال اقدس کے دیدار سے مشرف ہوئے، بارگاہ اقدس میں حاضر ہونے سے پہلے انہیں شرف صحابیت کا امیدوار بنا دیا اور انہیں خوشخبری دی کہ بیداری میں ہجرت کی توفیق پاکر حقیقی زیارت اور واقعی صحابیت سے مشرف ہوں گے۔

بعض ارباب معرفت کہتے ہیں کہ یہ خواب میں جمال نبوی کا دیدار کرنے والے خوش بختوں کے لیے بشارت ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کہ جسمانی کدورتوں کے اٹھ جانے اور جسمانی تعلقات منقطع ہو جانے کے بعد اس مقام کو پہنچ جائیں گے کہ بحالت بیداری کشف اور مشاہدے میں اس سعادت کو حاصل کریں گے، جیسے کہ خاص اولیا اللہ کو یہ فیروز بختی حاصل ہوتی ہے۔ اگر بعض سچے مومنوں اور مخلص محبین کو بھی اس میں داخل قرار دیا جائے جو آخری دم تک اس سعادت کے امیدوار رہتے ہیں تو کچھ بعید نہیں ہے۔ اس مطلب کے مطابق یہ حدیث اس امر کی دلیل ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت بیداری میں ہو سکتی ہے۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ انہیں خواب میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت ہوئی، بیدار ہونے کے بعد اس حدیث کے مطلب میں غور و فکر کرتے رہے اور بیداری میں اس نعمت عظمیٰ کے حاصل ہونے کے امیدوار رہے، پھر ایک ام المومنین، غالباً اپنی خالہ حضرت میمونہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے، انہوں نے انہیں دیکھنے کے لیے آئینہ لا کر دیا جس میں سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم چہرہ دیکھا کرتے تھے، ابن عباس نے آئینے میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی صورت مبارکہ دیکھی۔ انہیں اپنی صورت دکھائی نہ دی۔

شیخ ابن ابی حمزہ نے اس حدیث کا یہی مطلب بیان کیا کہ بیداری میں اس طرح نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی زیارت مراد ہے اگر ممکن ہو، علامہ ابن حجر عسقلانی نے فرمایا کہ یہ اس حدیث کا بعید ترین محمل ہے، اور معاملہ اسی طرح ہے۔

۴۴۰۶ وَعَنْ اَبِیْ قَتَادَۃَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الرُّؤْیَا الصَّالِحَۃُ مِنَ اللّٰہِ وَ الْحُلْمُ مِنَ الشَّیْطٰنِ فَاِذَا رَاٰی اَحَدُکُمْ مَا یُحِبُّ فَلَا یُحَدِّثْ بِہٖ اِلَّا مَنْ یُّحِبُّ وَ اِذَا رَاٰی مَا یَکْرَہُ فَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰہِ وَ مِنْ شَرِّہَا وَ لْیَتْفُلْ ثَلٰثًا وَّ لَا یُحَدِّثْ بِہَا اَحَدًا فَاِنَّہَا لَنْ تَضُرَّہٗ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اچھی خوابیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں اور بری خوابیں شیطان کی طرف سے ہیں، جب تم میں سے ایک شخص پسندیدہ خواب دیکھے تو کسی ایسے شخص ہی کو بیان کرے جسے دوست رکھتا ہو، اور جب ناپسندیدہ خواب دیکھے تو اس کے اور شیطان کے شر سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے۔ بائیں جانب تین بار تھوکے اور کسی سے اس کا تذکرہ نہ کرے تو وہ بری خواب اسے نقصان نہ دے گی (صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۱ اور اللہ تعالیٰ کی مہربانی اور لطف کی علامت ہیں۔

۵۲ بری اور جھوٹی خوابوں کو اضغاث احلام کہتے ہیں وہ شیطان کی خواہش اور رضا کے مطابق واقع ہوتی ہیں اگرچہ دونوں خوابوں کا پیدا کرنا اور اظہار اللہ تعالیٰ کی قدرت اور تخلیق ہی سے ہے، حاصل یہ ہے کہ اچھی خوابیں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندے کے لیے اشارہ ہیں تاکہ وہ اللہ تعالیٰ کے بارے میں اچھا گمان رکھے، کثرت سے شکر ادا کرے اور مزید شوق و طلب حاصل کرے نا پسندیدہ اور جھوٹی خوابیں شیطان دکھاتا ہے تاکہ مسلمان کو غمگین بدگمان اور راہ حق میں چلنے سے سست کرے، اس کے بعد اس خواب کے نقصان کے دفعیہ کا علاج اور شر شیطان سے محفوظ رہنے کا طریقہ بیان فرمایا۔

۵۳ اس کی وجہ دوسری فصل کی پہلی حدیث میں آرہی ہے، اس حدیث میں فَلَا يُحَدِّثْ رفع اور جزم دونوں کے ساتھ مروی ہے۔

۵۴ اور اس خواب سے نقصان اور ضرر کا خطرہ محسوس کرے۔

۵۵ شیطان کے دفع کرنے کے ارادے سے۔

۴۲۷ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا رَأَى أَحَدُكُمُ الرُّؤْيَا يَكْرَهُهَا فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهٖ ثَلٰثًا وَّلْيَسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ ثَلٰثًا وَّلْيَتَحَوَّلْ عَنْ جَنْبِهِ الَّذِيْ كَانَ عَلَيْهِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے ایک شخص ناپسندیدہ خواب دیکھے تو اپنی بائیں جانب تین بار تھوکے[۱] تین بار شیطان سے اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے اور جس پہلو پر لیٹا ہوا ہو اسے بھی بدل لے۔

(مسلم)

۱ اس حدیث میں بصاق کا ذکر ہے، بصاق نفل سے زیادہ ہے، نفل کا معنی ہے تھوک کا منہ سے نکالنا اور بصق کا معنی ہے منہ کے اندرونی حصے سے تھوک کا باہر نکالنا یہاں تک کہ حلق سے بھی کچھ چیز باہر آئے، بصاق وہ چیز جو باہر آئے اسے بزاق زاء کے ساتھ بھی کہتے ہیں۔ اس کے بعد تفل کا مرتبہ ہے اس کے بعد نفث ہے جس کا معنی ہے ہونٹوں سے پھونک مارنا جس کے ساتھ تھوک کے کچھ چھینٹے بھی ہوں، اس کے بعد نفخ ہے جس کا معنی پھونک مارنا ہے۔ مسلم شریف کی ایک روایت میں فَلْيَنْفُثْ بھی آیا ہے، اس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حدیث میں بائیں جانب کا ذکر ہے، گزشتہ حدیث میں مطلقاً تھو کنے کا ذکر ہے، بائیں جانب گھٹیا، خسیس اور شر کی طرف منسوب ہونے کی بنا پر شیطان کے ساتھ زیادہ مناسبت رکھتی ہے، اس حدیث میں پہلو بدلنے کے حکم کا بھی اضافہ ہے۔

ے۶ اس خواب کو دیکھنے کے وقت جس پہلو پر لیٹا ہوا تھا اسے بدل لے، حال کی تبدیلی میں اس کا بھی دخل ہے۔

۴۴۰۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اقْتَرَبَ الزَّمَانُ لَمْ یَکَدْ یَکْذِبُ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ وَ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّ اَرْبَعِیْنَ جُزْءًا مِنَ النُّبُوَّةِ فَاِنَّهٗ لَا یَکْذِبُ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِیْرِیْنَ وَ اَنَا اَقُوْلُ الرُّؤْیَا ثَلَاثٌ حَدِیْثُ النَّفْسِ وَ تَخْوِیْفُ الشَّیْطٰنِ وَ بُشْرٰی مِنَ اللّٰهِ فَمَنْ رَاٰی شَیْئًا یَّکْرَهُهٗ فَلَا یَقُصُّهٗ عَلٰی اَحَدٍ وَّلْیَقُمْ فَلْیُصَلِّ قَالَ وَ کَانَ یَکْرَهُ الْغُلَّ فِی النَّوْمِ وَ یُعْجِبُهُمُ الْقَیْدُ وَ یُقَالُ الْقَیْدُ ثَبَاتٌ فِی الدِّیْنِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جب زمانہ قریب ہو جائے گا تو قریب نہیں کہ مومن کا خواب جھوٹا ہو[۱]، مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے[۲] اور جو نبوت کا حصہ ہو وہ جھوٹا نہیں ہوتا[۳]، محمد بن سیرین نے کہا میں کہتا ہوں[۴] خواب تین قسم کے ہیں[۵] (۱) نفس کے خیالات[۶] (۲) شیطان کا ڈراوا[۷] (۳) اللہ تعالیٰ کی طرف سے بشارت[۸]۔ جو شخص ناپسندیدہ خواب دیکھے وہ کسی کو نہ بتائے[۹] کھڑا ہو کر نماز پڑھے[۱۰] راوی کہتے ہیں کہ (ابن سیرین یا ابوہریرہ) خواب میں طوق دیکھنے کو ناپسند رکھتے تھے[۱۱] اور بیڑی کو پسند کرتے تھے[۱۲] کہا جاتا ہے بیڑی دین میں ثابت قدمی کا نشان ہے۔ (صحیحین)

قَالَ الْبُخَارِیُّ رَوَاهُ قَتَادَةُ وَ یُوْنُسُ وَ هُشَیْمٌ وَ اَبُوْ

امام بخاری نے فرمایا: اس حدیث کو قتادہ، یونس، ہشیم اور ابو ہلال نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

هِلَالٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ أَبِيْ هُرَيْرَةَ وَ قَالَ يُوْنُسُ لَا أَحْسِبُهُ إِلَّا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْقَيْدِ وَ قَالَ مُسْلِمٌ لَا أَدْرِيْ هُوَ فِي الْحَدِيْثِ أَمْ قَالَهُ ابْنُ سِيْرِيْنَ وَ فِيْ رِوَايَةٍ نَحْوُهُ وَ أَدْرَجَ فِي الْحَدِيْثِ قَوْلَهُ وَ أَكْرَهُ الْغُلَّ إِلَى تَمَامِ الْكَلَامِ.

ابن سیرین سے اور انہوں نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت کیا، یونس کہتے ہیں میرے خیال میں بیڑی سے متعلق حدیث نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کی گئی ہے[۴] امام مسلم نے فرمایا:[۵] میں نہیں جانتا کہ یہ حدیث میں ہے یا ابن سیرین نے کہا ایک روایت[۶] میں اس کی مثل ہے اور حدیث میں یہ اضافہ کیا کہ میں طوق کو ناپسند کرتا ہوں آخر حدیث تک

[۱] اس حدیث کی شرح چند طریقوں سے کی گئی ہے۔

۱۔ زمانے کے قریب ہونے سے مراد آخری زمانہ اور قیامت کا قرب ہے، ایک دوسری حدیث میں صراحۃً آیا ہے کہ زمانے کے آخر میں قریب نہیں کہ مومن کا خواب جھوٹا ہو، میں نے اپنے بعض مشائخ سے سنا کہ موت کے قریب کا زمانہ مراد ہے۔

۲۔ زمانے کے قریب ہونے سے مراد دن اور رات کا برابر ہونا ہے، کیونکہ اس زمانے میں انسانی مزاج بہت صحیح اور معتدل ہوتا ہے، لہٰذا خواب زیادہ درست اور خلل سے زیادہ دور ہوگا۔

۳۔ زمانے کے قریب ہونے سے مراد یہ ہے کہ سال مہینے کی طرح، مہینہ ہفتے کی طرح اور ہفتہ دن کی طرح اور دن گھنٹے کی طرح گزر جائے گا، کہتے ہیں کہ اس سے مراد حضرت مہدی علیہ السلام کے عدل اور خوشحالی کا زمانہ ہے، کیونکہ عیش اور کامرانی کا زمانہ خواہ کتنا ہی طویل ہو مختصر معلوم ہوتا ہے اور ظلم و مشقت کا زمانہ کتنا ہی مختصر ہو دراز معلوم ہوتا ہے، جیسے کہا گیا ہے کہ وصال کا ایک سال ایک گھڑی ہے اور فراق کی ایک گھڑی ایک سال ہے، امام مہدی کے زمانے میں بھی خواب صحیح دکھائی دیں گے اور درست واقع ہوں گے کیونکہ وہ سچائی اور صداقت کا زمانہ ہوگا، حدیث میں ہے کہ جو شخص جتنا سچا ہوگا اس کا خواب اتنا ہی درست ہوگا۔

۴۔ بعض شارحین نے کہا کہ یہ کنایہ ہے عمر کے مختصر ہونے اور برکت کی قلت سے، یا یہ مراد ہے کہ زمانے والے شر اور فساد میں ایک دوسرے کے قریب ہوں گے، یا زمانے کے اجزاء شر میں ایک دوسرے کے قریب ہوں گے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یا حکومتوں کے دن جلد گزر جائیں گے اور وہ جلد جلد ختم ہو جائیں گی۔ اس کے بعد مومن کے خواب کی سچائی اور اس کی تعریف بیان کی ہے۔

۵۲ اس کی شرح اس سے پہلے گزر چکی ہے۔

۵۳ مخفی نہ رہے کہ سباق حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ زمانے کے قریب ہونے کے وقت خواب کا سچ ہونا ایمان کی قوت اور اس کے کمال کی بنا پر ہوگا جو خواب کے سچ ہونے کا سبب ہے، لہٰذا بعض شارحین کا زمانے کے قریب ہونے کی یہ توجیہہ کرنا کہ زمانے کے اجزاء شر اور فساد میں ایک دوسرے کے قریب ہوں گے، جیسے کہ ہم نے اس سے پہلے نقل کیا مناسب نہیں ہے، ممکن ہے کہ اس وقت خوابوں کا سچا ہونا کسی ایسی خاصیت کی بنا پر ہو جس کا علم نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے علاوہ کسی کو نہ ہو۔

چونکہ حدیث پاک سے خواب کا سچ ہونا اور اس کی تعریف معلوم ہو گئی ہے اس لیے اس کے اقسام بیان کرنے کے لیے امام ابن سیرین کا کلام لائے ہیں، نیز اس طرف اشارہ کرنا چاہتے ہیں کہ ہر خواب صحیح، قابل تعبیر اور لائق اعتبار نہیں ہوتا، وہی خواب معتبر ہوتا ہے جو بشارت ہو اور جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندے کو آگاہ کرنے کے لیے ہو۔

۵۴ اور جو کچھ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا ہے اسے روایت کرتا ہوں۔

۵۵ بعض روایات میں ثلثہ تارکے ساتھ ہے یعنی خواب تین خصلتیں ہیں یا تین قسم ہیں۔

۵۶ مثلاً ایک شخص کسی کام، فن یا کسی بات میں مصروف تھا وہ کام یا بات اس کے ذہن میں اس طرح بیٹھ گئی کہ خواب میں بھی وہی دکھائی دی، قوت متخیلہ اسے ترتیب دے دیتی ہے۔

۵۷ شیطان انسانوں کا دشمن ہے، اسی دشمنی کے تحت وہ انسان کو غم واندوہ میں مبتلا کرنا چاہتا ہے شیطان اپنی حرکتوں کے ذریعے انسان کو پریشان کرتا ہے مشقت میں ڈالتا ہے، احتلام کا باعث ہوتا ہے جس کی بنا پر غسل ضروری ہو جاتا، کبھی نماز کے قضا یا لیٹ ہونے کا سبب بنتا ہے ——— یہ دونوں قسمیں قابل اعتبار ہیں اور نہ ہی لائق تعبیر۔

۵۸ اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندے کو آگاہ کرنے کے لیے ہے تاکہ بندہ اس کے ذریعے خوش ہو جائے طلب حق میں مستعد ہو جائے، حسن ظن اور ... پیدا ہو جائے۔

۵۹ کیونکہ جب اس کا اعتبار نہیں اور تعبیر بھی نہیں تو اسے بیان کرنا عبث اور لایعنی ہے، نیز جب کہنے والا اور سننے والا اس کی بری تعبیر سوچے گا اور بیان کرے گا تو توہمات اور وسوسے پیدا ہوں گے۔ اور بری فال لی جائے گی کسی واقعے کے پیش آنے میں تعبیر کا بھی دخل ہے جیسے کہ اس کے بعد آئے گا۔

۶۰ تاکہ نماز کی برکت اور نورانیت کے طفیل، پیدا ہونے والا شر اور نقصان کا وہم اور پیدا شدہ وحشت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور کدورت دور ہو جائے۔

۵۱۱ شارحین نے قال کی ضمیر کے بارے میں چند احتمال بیان کیے ہیں۔

۱۔ یہ ضمیر ابن سیرین کی طرف راجع ہے، جیسے کہ سابقہ عبارت قال محمد بن سیرین سے بھی معلوم ہوتا ہے، اس صورت میں کان یکرہ کی ضمیر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف راجع ہوگی، معنی یہ ہوگا: ابن سیرین نے کہا کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم طوق کو ناپسند رکھتے ہوئے، غل نقطے والی غین پر پیش، طوق، یعنی کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس کے گلے میں طوق ڈالا ہوا ہے، سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس خواب کو ناپسند رکھتے تھے، کیونکہ یہ دوزخیوں کی صفت ہے، چنانچہ ارشاد ربانی ہے
(جب طوق ان کی گردنوں میں ہوں گے)۔

۲۔ قال کی ضمیر ابن سیرین کی طرف اور کان یکرہ کی ضمیر حضرت ابو ہریرہ کی طرف راجع ہو جن سے ابن سیرین روایت کر رہے ہیں اور ان کے مشہور راویوں میں سے ہیں، یعنی ابن سیرین نے کہا کہ حضرت ابو ہریرہ خواب میں طوق کے دیکھنے کو ناپسند رکھتے تھے، لازمی بات ہے کہ حضرت ابو ہریرہ نے یہ بات نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنی ہوگی یا اپنے اجتہاد سے بیان کی ہوگی۔

۳۔ قال کی ضمیر ابن سیرین کے راوی کی طرف راجع ہو اور کان یکرہ کی ضمیر ابن سیرین کی طرف راجع ہو، اب مطلب یہ ہوگا کہ راوی نے کہا کہ ابن سیرین طوق کے دیکھنے کو ناپسند رکھتے تھے یہ احتمال اس اعتبار سے راجح معلوم ہوتا ہے کہ اس میں تعبیر کی نسبت ابن سیرین کی طرف کی گئی ہے اور وہ خوابوں کی تاویل اور تعبیر میں مشہور ہیں۔

۵۱۲ امام بخاری کی روایت میں صیغہ جمع کے ساتھ ویعجبھم مروی ہے، سابقہ تین احتمالات میں سے پہلے احتمال کے مطابق جمع کی ضمیر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور صحابۂ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم کی طرف راجع ہوگی، دوسرے احتمال کے مطابق حضرت ابو ہریرہ اور ان کے متبعین کی طرف اور تیسرے احتمال کے مطابق ابن سیرین اور ان کے ہم عصر ماہرین تعبیر کی طرف راجع ہوگی، یعنی اگر کوئی شخص خواب میں اپنے پاؤں میں بیڑی دیکھے تو اسے پسند کرتے تھے کہ یہ جرائم اور گناہوں سے باز رہنے اور اطاعت پر ثابت قدم رہنے کی علامت ہے، جیسے کہ اس کے بعد فرمایا کہ ماہرین تعبیر کہتے ہیں کہ بیڑی دین میں ثابت قدمی ہے، یہ تعبیر دین داروں اور اطاعت گزاروں کی نسبت سے ہے، کہتے ہیں کہ اگر کوئی بیمار، قیدی، مسافر یا غمزدہ دیکھے کہ میرے پاؤں میں بیڑی ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ وہ اسی حال اور اسی کام میں برقرار رہے گا جس میں وہ ہے، اسی طرح علامہ طیبی نے کہا، اسی طرح دیکھنے کے اعتبار سے تعبیر مختلف ہوتی ہے، مثلاً اگر کوئی تاجر خواب میں دیکھے کہ وہ مال و متاع جمع کر کے کشتی میں بیٹھا ہوا ہے اور ہوائے موافق چل رہی ہے تو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یہ تجارت میں فائدے اور سلامتی کی علامت ہے، اور اگر یہی خواب طریقت کا کوئی سالک دیکھے تو یہ اتباع شریعت اور مقام حقیقت تک پہنچنے کی علامت ہے۔

۵۱۳ حضرت قتادہ، بصرہ کے تابعین کے تیسرے درجے سے تعلق رکھتے ہیں اور مشہور ہیں، یونس بن عبید بصری اور عبدالقیس کے مولیٰ ہیں، حضرت حسن بصری اور ابن سیرین سے روایت کرتے ہیں، ان سے سفیان ثوری اور شعبہ روایت کرتے ہیں، یونس نام کے کئی ساتھی ہیں، ظاہر یہ ہے کہ اس جگہ وہ یونس مراد ہے جو ابن سیرین سے روایت کرنے میں مشہور ہیں۔ ہشیم بارہ ہشیم بن بشیر سلمی واسطی ہیں، بغداد کے حافظ، ثقہ امام اور مدلس ہیں، واسطی اور بقول بعض بخاری الاصل ہیں، ابن مہدی نے کہا کہ وہ شعبہ اور سفیان سے روایت کرنے والے حدیث کے بڑے حافظ تھے۔ ابو ہلال بھی تابعی ہیں اور ابو قتادہ سے روایت کرتے ہیں۔ یہ سب حضرات، حضرت ابن سیرین سے روایت کرتے ہیں۔

۵۱۴ حدیث کا وہ حصہ جس میں بیان کیا گیا ہے کہ انہیں بیڑی پسند تھی اور بیڑی دین میں ثابت قدمی ہے وہ حصہ نہیں جس میں طوق سے ناپسندیدگی ظاہر کی گئی ہے، مطلب یہ ہے کہ بیڑی سے متعلق حصہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد ہے، نہ کہ حضرت ابوہریرہ یا ابن سیرین کا، حاصل مطلب یہ ہوا کہ اس حدیث کو ابن سیرین نے حضرت ابوہریرہ اور انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے روایت کیا، اسی طرح اس حدیث کے بارے میں امام بخاری نے بیان کیا

۵۱۵ امام مسلم نے ابن سیرین کے شاگرد کا یہ قول نقل کیا کہ بیڑی سے متعلق یہ ارشاد نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ہے یا ابن سیرین کا اپنا قول ہے۔

۵۱۶ یہ روایت بھی امام مسلم کی ہے، اور یہ اضافہ بھی انہوں نے روایت کیا ہے کہ ابن سیرین یا حضرت ابوہریرہ نے اپنے اس قول کا اضافہ کیا، مطلب یہ ہے کہ بیڑی اور طوق کے بارے میں تمام گفتگو ابن سیرین کی ہے یا حضرت ابوہریرہ کی، محدثین کی اصطلاح میں ادراج کا مطلب یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی حدیث کے درمیان راوی اپنا کلام ذکر کر دیتا ہے، امام بخاری اور مسلم کے اقوال کے بیان سے قال اور کان یکرہ کی ضمیروں کی حقیقت حال بھی ظاہر ہو گئی (کہ کان یکرہ کی ضمیر نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم یا حضرت ابوہریرہ یا ابن سیرین کی طرف اور قال کی ضمیر ان کے شاگرد راوی کی طرف راجع ہے ۱۲ ق ن)۔

۴۶۰۹ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر کہنے لگا کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

كَاَنَّ رَاْسِىْ قُطِعَ قَالَ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اِذَا لَعِبَ الشَّيْطَانُ بِاَحَدِكُمْ فِىْ مَنَامِهٖ فَلَا يُحَدِّثْ بِهٖ النَّاسَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

میں نے خواب میں دیکھا کہ گویا میرا سر کاٹ دیا گیا ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہنسے اور فرمایا: جب شیطان خواب میں تم میں سے کسی ایک سے کھیلے تو چاہیے کہ کسی کو نہ بتائے[۱]۔ (مسلم)

[۱] یعنی تمہارا یہ خواب کچھ نہیں ہے بلکہ لایعنی قسم کا ہے، یہ ان خوابوں میں سے ہے جن میں شیطان آدمی سے کھیلتا ہے تاکہ وہ پریشان ہو جائے، ایسے خواب چھپانے چاہئیں اور لوگوں کے سامنے بیان نہ کیے جائیں علامہ طیبی کہتے ہیں کہ غالب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے وحی یا قرائن سے جان لیا کہ یہ لایعنی خواب ہے اور شیطان کا کھیل ہے، اگرچہ ماہرین تعبیر کے نزدیک اس کی کئی تعبیریں ہیں، مثلاً نعمت کا زائل ہونا، قوم کا جدا ہونا اور حال کی تبدیلی جیسے کہ معبرین نے بیان کیا ہے۔

۴۴۱۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاَيْتُ ذَاتَ لَيْلَةٍ فِيْمَا يَرَى النَّائِمُ كَاَنَّا فِىْ دَارِ عُقْبَةَ بْنِ رَافِعٍ فَاُتِيْنَا بِرُطَبٍ مِّنْ رُّطَبِ ابْنِ طَابٍ فَاَوَّلْتُ اَنَّ الرِّفْعَةَ لَنَا فِى الدُّنْيَا وَالْعَاقِبَةَ فِى الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ دِيْنَنَا قَدْ طَابَ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک رات ہم نے خواب میں دیکھا جیسے ہم عقبہ ابن رافع کے گھر میں ہیں[۱] ہمارے پاس رطب ابن طاب[۲] نامی تر کھجوریں لائی گئیں، ہم نے اس کی تعبیر نکالی کہ دنیا میں ہمارے لیے بلندی آخرت میں اچھی عاقبت ہے[۳] اور ہمارا دین پسندیدہ اور میٹھا ہے۔ (مسلم)

[۱] ہم اور ہمارے صحابہ عقبہ بن رافع کے گھر میں ہیں، جو قریشی صحابی اور حضرت عمرو بن عاص کے خالہ زاد بھائی تھے، مصر کی فتح کے موقع پر حاضر تھے، حضرت عمرو بن عاص نے انہیں مغرب کے علاقے میں بھیج دیا تھا ۶۳ھ

میں افریقہ میں شہید ہوئے۔

ف ۲ ابن طاب، مدینہ منورہ میں ایک شخص تھا جس کی طرف ان کھجوروں کی نسبت کی گئی ہے وجہ یہ تھی کہ اس نے ان کھجوروں کے پودے لگائے تھے، یا انہیں پسند کیا اور کھایا تھا، ان کھجوروں کو رطب ابن طاب اور عذق ابن طاب بھی کہتے ہیں، عین کے نیچے زیر اور ذال ساکن، عذق کا معنی ہے کھجور کا گچھا، انہیں تمر ابن طاب بھی کہتے ہیں۔

ف ۳ رافع کے لفظ سے رفعت اور عقبہ سے عاقبت لی۔

ف ۴ دلوں میں گھر کر چکا ہے اور اس کے اختیار کرنے میں تلخی نہیں رہی، علامہ طیبی نے کہا کہ اس دین کے احکام مقرر ہو چکے ہیں اور اس کے قواعد تیار ہو چکے ہیں، بعض روایات میں آیا ہے قَدْ اَرْطَبَ وَ طَابَ یہ لفظ رطب ابن طاب سے لیا۔

یاد رہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت کریمہ تھی کہ ناموں سے نیک فال اور تاویل کے طور پر معانی اخذ کرتے تھے، یہ بات خواب کے ساتھ مخصوص نہ تھی بلکہ بیداری میں بھی ناموں سے اچھی فال لیتے تھے، جیسے کہ مکہ معظمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کے سفر میں بریدہ اسلمی کو سواروں کی ایک جماعت کے ہمراہ راستے میں دیکھا۔ قریش نے انہیں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے گرفتار کرنے کے لیے مقرر کیا تھا اور سو اونٹ دینے کا وعدہ کیا تھا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، تم کون ہو؟ اور تمہارا نام کیا ہے؟ انہوں نے کہا بریدہ، آپ نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو فرمایا: قَدْ بَرَدَ اَمْرُنَا تحقیق ہمارے کام میں خوشی اور ٹھنڈک پیدا ہو گئی ہے، پھر پوچھا تمہارا نسب کیا ہے اور کس قبیلے سے تعلق رکھتے ہو؟ انہوں نے کہا اسلمی ہوں، فرمایا: حَصَلَ السَّلَامَۃُ لَنَا ہمارے لیے سلامتی حاصل ہو گئی ہے، پھر پوچھا: قبیلہ اسلم کی کس شاخ سے ہو؟ عرض کیا بنی سہم سے، فرمایا: قَدْ اَصَبْتَ سَهْمَكَ تم نے اپنا حصہ پا لیا، حضرت بریدہ اسلام لے آئے اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ منورہ چلے گئے رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

۴۴۱۱ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَیْتُ فِی الْمَنَامِ اَنِّیْ اُهَاجِرُ مِنْ مَّكَّةَ اِلٰی اَرْضٍ بِهَا نَخْلٌ فَذَهَبَ وَهْلِیْ اِلٰی اَنَّهَا الْیَمَامَةُ اَوْ هَجَرُ

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہم نے خواب میں دیکھا کہ ہم مکہ مکرمہ سے کھجوروں والی زمین کی طرف ہجرت کر رہے ہیں[۱]، ہمارا خیال اس طرف گیا کہ وہ یمامہ[۲] یا ہجر ہے، پس

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَاِذَا هِيَ الْمَدِيْنَةُ يَثْرِبُ وَرَاَيْتُ فِيْ رُؤْيَايَ هٰذِهٖ اَنِّيْ هَزَزْتُ سَيْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُهٗ فَاِذَا هُوَ مَا اُصِيْبَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ اُحُدٍ ثُمَّ هَزَزْتُهٗ اُخْرٰى فَعَادَ اَحْسَنَ مَا كَانَ فَاِذَا هُوَ مَا جَاءَ اللّٰهُ بِهٖ مِنَ الْفَتْحِ وَاِجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِيْنَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

وہ تو مدینہ منورہ تھا جس کا پرانا نام یثرب ہے، ہم نے اپنے اسی خواب میں دیکھا کہ ہم نے تلوار کو حرکت دی تو اس کا اگلا حصہ ٹوٹ گیا، یہ وہ تکلیف تھی جو اہل ایمان کو احد کے دن پہنچی، پھر ہم نے دوبارہ تلوار کو حرکت دی تو وہ بہترین حالت کی طرف لوٹ گئی، یہ اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ فتح تھی اور اہل ایمان کا اجتماع تھا۔ (صحیحین)

ف۱ حضرت ابو موسیٰ اشعری اکابر صحابہ میں سے ہیں۔

ف۲ یہ ابتدائی دنوں کی بات ہے جب نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے لیے مقام ہجرت کا تعین کی گئی، اس وقت آپ نے ایسی جگہ دیکھی جس کے بارے میں اشتباہ اور احتمال تھا کہ وہ کون سی جگہ ہے، اس کے بعد مدینہ منورہ متعین ہو گیا جسے دور جاہلیت میں یثرب اور قریۃ قنات النخیل (کھجوروں والا گاؤں) کہتے تھے، مدینہ منورہ کے علاوہ حجاز میں کئی جگہیں تھیں جہاں کھجوروں کے درخت تھے، اس لیے فرمایا کہ ابتداءً ایک ایسی جگہ دکھائی گئی جہاں کھجوریں کثرت سے ہیں اور ہم نے خواب میں دیکھا کہ اس کی طرف ہجرت کر کے جا رہے ہیں۔

ف۳ یمامہ یا پر زبر، میم مخفف، ایک شہر کا نام جہاں حجاز کے تمام شہروں کی نسبت کھجوریں زیادہ ہوتی ہیں، یہ شہر مدینہ منورہ سے نجلی جانب، مکہ معظمہ سے مشرق کی طرف بصرہ اور کوفہ سے اٹھارہ مرحلے کے فاصلے پر واقع ہے، اس جگہ کے رہنے والے کو یمانی کہتے ہیں، مسیلمہ کذاب لعنۃ اللہ تعالیٰ علیہ اسی جگہ رہتا تھا، یمامہ دراصل ایک نیلی گوں آنکھوں والی لڑکی کا نام تھا، اس کی نظر اتنی تیز تھی کہ تین دن کی مسافت پر آنے والے سوار کو دیکھ لیتی تھی، یہ تمام شہر اسی کی طرف منسوب ہیں، اور اسی کے نام سے موسوم ہیں، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے دار ہجرت کی نشانی، کثیر کھجوریں دیکھ کر تعبیر یہ نکالی کہ وہ یمامہ ہے

ف۴ ایک دوسرا شہر جس کا نام ہجر ہے، ہا اور جیم دونوں پر زبر، یہ اس شہر کا نام ہے جو نمرہ سے ایک دن اور رات کے فاصلے پر واقع ہے، یہ بحرین کے تمام علاقے کا نام ہے حدیث قُلَّتَیْن میں جو من قلال ہجر واقع ہے تو یہاں ہجر مراد ہے، مراح میں ہے، ہجر ایک شہر کا نام ہے جس کی طرف کھجوروں کی نسبت کی جاتی ہے، یہ بھی شبہ ہوا کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

شاید جائے ہجرت یہی ہو۔

۵۵ جب علامات واضح ہو گئیں تو اشتباہ اور اشتراک زائل ہو گیا اور واضح ہو گیا کہ وہ جگہ جس طرف آپ نے (خواب میں) ہجرت کی وہ مدینہ منورہ ہے، جس کا پرانا نام یثرب بروزن مسجد ہے، کہتے ہیں کہ یثرب، حضرت نوح علیہ السلام کی اولاد میں سے ایک شخص کا نام ہے، جب ان کی اولاد بکھری تو وہ اس جگہ پر آ کر مقیم ہو گئے۔

بعض علماء روایت کرتے ہیں کہ مدینہ منورہ کو یثرب نہیں کہنا چاہیے، امام بخاری اپنی تاریخ میں ایک حدیث روایت کرتے ہیں کہ جو شخص ایک بار یثرب کہے اسے چاہیے کہ تلافی کے طور پر دس بار مدینہ کہے، امام احمد اور ابو یعلیٰ روایت کرتے ہیں کہ جو شخص مدینہ منورہ کو یثرب کہے اسے استغفار کرنا چاہیے اس کا نام طابہ ہے طابہ، اس سلسلے میں دوسری روایات بھی آئی ہیں، کراہت کی وجہ یہ ہے کہ یثرب مشتق ہے ثرب سے جس کا معنی فساد ہے، یا تثریب سے ماخوذ ہے جس کا معنی مواخذہ اور عتاب ہے، یا یہ وجہ ہے کہ اصل میں یہ ایک کافر کا نام تھا، لہٰذا اس مقدس جگہ کا نام نہ رکھنا چاہیے جو کفر کی میل کچیل سے پاک ہے، قرآن پاک میں جو واقع ہے یَا اَھْلَ یَثْرِبَ لَا مُقَامَ لَکُمْ تو یہ منافقوں کی زبان سے واقع ہوا ہے، بعض احادیث میں بھی مدینہ منورہ کا نام یثرب واقع ہوا ہے، محدثین کہتے ہیں کہ یہ ممانعت سے پہلے کی بات ہے، اس حدیث میں بھی یہی بات ہو سکتی ہے، یا اس لیے کہ یہ ہجرت کے وقت کی بات ہے اور ابھی اس کا یہی نام تھا اس لیے اسی کا ذکر کر دیا گیا، بعض محدثین نے کہا کہ یثرب کا استعمال بیان جواز کے لیے ہے اور نہی تنزیہی ہے۔

اس شہر مبارک کے بہت سے نام ہیں، جذب القلوب الی دیار المحبوب اس بلدہ طیبہ کے احوال کے موضوع پر حضرت شیخ محقق کی تصنیف لطیف (۱۲ ق ن) ہے، اس میں ہم نے کچھ نام ذکر کیے ہیں، لغت میں مدینہ گھروں کے اس مجموعے کو کہتے ہیں۔ جو عمارات کی کثرت کے اعتبار سے گاؤں سے بڑا ہو اور مصر (شہر) کے مقام کو نہ پہنچا ہو، سب سے کم تر قریہ (گاؤں) ہے اور سب سے بڑا مصر ہے، مدینہ اور بلد دونوں کے درمیان ہے، بعض علماء نے مصر اور مدینہ کو ایک درجے میں رکھا ہے، اب المدینۃ الف لام کے ساتھ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مدینہ کا نام بن چکا ہے، اگر مطلق مدینہ کا ذکر کریں تو یہی مقدس شہر مراد لیا جاتا ہے، اس کی طرف نسبت کرتے ہوئے مدنی کہتے ہیں، کسی دوسرے مدینہ کی طرف نسبت ہو تو مدینی کہتے ہیں، قرآن مجید میں یہ نام چند جگہ واقع ہے، تورات میں بھی اس کا ذکر ہے اسے شرف بخشنے والی ہستی پر صلوٰۃ و سلام ہو۔

۵۶ تلوار کے ٹوٹنے کی تعبیر یہ تھی کہ اہل ایمان کو جنگ احد کے دن غم و اندوہ لاحق ہوا اور تکلیف برداشت کرنا پڑی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵؎ تلوار کے درست ہونے کی تعبیر یہ تھی کہ اللہ تعالیٰ نے اسی دن فتح عطا فرمائی اور مسلمان پھر سے مجتمع ہو گئے وہ ابتداءً رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے حکم کی خلاف ورزی کر کے مرکز کو چھوڑ بیٹھے اور مال غنیمت کے پیچھے پڑنے لگے، اس لیے ان میں افراتفری پھیل گئی اور ستر صحابہ کرام شہید ہو گئے، یہ بھی ہو سکتا ہے کہ احد کے بعد حاصل ہونے والی فتوح مراد ہوں، پہلا مطلب زیادہ واضح ہے ——— نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تلوار کی تعبیر مومنوں سے بیان کی، تلوار کے ٹوٹنے کی تعبیر مسلمانوں کی وقتی شکست اور تلوار کے دوبارہ درست ہونے کی تعبیر مسلمانوں کے مجتمع ہونے سے نکالی، کیونکہ انسان کے مددگار اس کی تلوار کی طرح ہیں، انسان تلوار کے ذریعے دشمنوں پر حملہ کرتا ہے اور ان پر غالب آتا ہے، یہ تعبیر وہ تھی جو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے دل اقدس میں القا کی گئی اگرچہ تلوار کی دوسری تعبیریں بھی ہیں، مثلاً اولاد، بھائی، بیوی، زبان اور اقتدار وغیرہ جیسے علامہ طیبی نے بیان کیں یہ تعبیریں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تعبیر کے منافی نہیں ہیں۔

یاد رہے کہ یہ خواب اگر غزوہ احد سے کچھ پہلے ہے تو ہجرت کے سابقہ احوال اب پھر دکھلائے گئے ہیں۔ اور اگر یہ خواب ہجرت کی ابتدا میں تھا تو بعد میں آنے والے حالات دکھائے گئے، غزوہ احد کے حال کے ساتھ تعبیر کیوں خاص کی گئی؟ اس کی وجہ اللہ تعالیٰ جانتا ہے اور اس کے بتانے سے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جانتے ہیں۔

۴۲۱۳/۱۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَیْنَا اَنَا نَائِمٌ اُتِیْتُ بِخَزَائِنِ الْاَرْضِ فَوُضِعَ فِیْ كَفِّیْ سِوَارَانِ مِنْ ذَهَبٍ فَكَبُرَا عَلَیَّ فَاُوْحِیَ اِلَیَّ اَنْ اَنْفُخْهُمَا فَنَفَخْتُهُمَا فَذَهَبَا فَاَوَّلْتُهُمَا الْكَذَّابَیْنِ الَّذَیْنِ اَنَا بَیْنَهُمَا صَاحِبَ صَنْعَاءَ وَصَاحِبَ الْیَمَامَةِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ) وَفِیْ رِوَایَةٍ یُقَالُ اَحَدُهُمَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، ہم سو رہے تھے[۱] کہ ہمارے پاس زمین کے خزانے لائے گئے[۲]، اور سونے کے دو کنگن ہمارے ہاتھ میں رکھ دیئے گئے[۳]، جو ہمیں گراں گزرے[۴]، ہمیں وحی کی گئی کہ انہیں پھونک مارو[۵]، ہم نے انہیں پھونک ماری تو وہ دونوں جاتے رہے[۶]، ہم نے ان کی تعبیر[۷] ان دو جھوٹوں سے کی[۸] جن کے درمیان ہم موجود ہیں[۹] ایک صنعاء کا ہے[۱۰] اور دوسرا یمامہ کا[۱۱] (صحیحین) ایک روایت میں ہے کہا جاتا ہے کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مُسَیْلِمَۃُ صَاحِبُ الْیَمَامَۃِ وَ الْعَنْسِیُّ صَاحِبُ صَنْعَاءَ لَمْ اَجِدْ ھٰذِہِ الرِّوَایَۃَ فِی الصَّحِیْحَیْنِ وَ ذَکَرَ صَاحِبُ الْجَامِعِ عَنِ التِّرْمِذِیِّ۔

ان میں سے ایک مسیلمہ ہے یمامہ کا رہنے والا اور دوسرا عنسی ہے صنعاء کا۔[۹] مجھے یہ روایت صحیحین میں نہیں ملی، لیکن صاحب جامع الاصول نے امام ترمذی کے حوالے سے بیان کی ہے۔

[۱] زمین کے خزانے، مملوکہ اشیاء اور اموال ہمارے پاس لائے گئے، یعنی یہ سب تمہارے ہیں یہ اشارہ تھا کہ آپ کے دین اور ملت کا تمام دنیا میں پھیلاؤ ہوگا۔

[۲] کئی محدثین نے اسے صیغہ مفرد کے ساتھ پڑھا ہے، کاف پر زبر، فا کے نیچے زیر، اور یا ساکن علامہ طیبی نے کہا۔

ظاہر یہ ہے کہ تثنیہ کا صیغہ ہو فا پر زبر اور یا مشدد، جیسے کہ دوسری روایت میں آیا ہے فی یدیّ امام نووی نے تصریح کی ہے کہ یہ تثنیہ کا صیغہ ہے، اس پر قیاس کرتے ہوئے ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ کفی بھی تثنیہ کا صیغہ ہو غالباً سونے کے دو کنگن دکھانا دنیا کی زیب و زینت اور اس کی نمائش میں انہماک کے اعتبار سے تھا اور ناپسندیدگی کی شدت اس اعتبار سے تھی کہ ان کی تعبیر دو کذابوں سے کی گئی۔

[۳] کیونکہ مرد کے لیے سونا پہننا مکروہ ہے۔

[۴] تاکہ یہ غائب ہو جائیں۔

[۵] معدوم ہو گئے اور اڑ گئے، اس میں ان دو کذابوں کے حقیر ہونے کی طرف اشارہ تھا اور یہ کہ ان کے قدم نہیں جمیں گے، جیسے کہ کسی ہلکی پھلکی چیز کو پھونک ماری جائے تو وہ ہوا میں اڑ جاتی ہے اور زائل ہو جاتی رہتی ہے۔

[۶] نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ یہ دو کنگن جو ہمارے ہاتھوں میں دیے گئے ان کا موجود ہونا ہم پر گراں گزرا اور ہمیں وحی کی گئی کہ ہم انہیں پھونک ماریں، ہم نے پھونک ماری تو وہ اڑ گئے، اس کی تعبیر ہم نے دو کذابوں سے کی۔

[۷] جنہوں نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کیا۔

[۸] اور مسند رسالت پر فائز ہیں۔

[۹] صنعاء یمن کا ایک شہر ہے، وہاں کا مدعی نبوت اسود عنسی تھا عین پر زبر، نون ساکن اور سین کے نیچے زیر اس نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ظاہری حیات کے آخری زمانے میں نبوت کا دعویٰ کیا۔ حضرت فیروز دیلمی نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مرض وصال کے دنوں میں اس جھوٹے کو قتل کیا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں اس واقع کی اطلاع دی اور فرمایا، فَازَ فَیْرُوْزُ (فیروز کامیاب ہوا)

سلہ یمامہ خطۂ حجاز کے چند شہروں کا نام ہے، جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا، اس جگہ کے مدعی نبوت کا نام مسلمہ تھا لعنۃ اللہ تعالیٰ علیہ میم بہ زبر بہ سین ساکن، لام پہ زبر بہ بن ثمامہ بن تفعلوں والی شار پہ پیش مسلمانوں نے اس کا نام صیغہ، تصغیر کے ساتھ مسیلمہ رکھا، حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں وحشی بن حرب کے ہاتھوں قتل ہوا، اس کا واقعہ مشہور ہے۔ دو کنگنوں کی تعبیر دو کذابوں سے نکالی گئی ہے۔ اصل علم تو اللہ تعالیٰ کو ہے، تعبیر کی وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ کنگن ہتھکڑی کے مشابہ ہیں جیسے کہ بیڑی پاؤں میں ہوتی ہے، ہتھکڑی کے ہوتے ہوئے جیسے چاہے اس طرح ہاتھ پکڑنے، کام کرنے اور تصرف پر قادر نہیں ہوتا وہ دو کذاب جو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے معاملے کے مخالف تھے اس رکاوٹ کے مشابہ ہوں گے جو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ہاتھ میں تھی وہ کذاب آپ کے عمل اور تصرف کو رد کرنے والے ہوں گے، گویا کہ وہ آپ کا ہاتھ پکڑے ہوئے ہیں اور آپ کو کام نہیں کرنے دیتے، اس مناسبت کی وجہ سے آپ نے سونے کے دو کنگن جو دیکھے تو ان کی تعبیر دو کذابوں سے بیان کی، اسی طرح شارحین نے کہا ہے، ظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے یہ تعبیر اور تاویل اس وحی اور الہام کی بنا پر کی جو آپ کے دل میں القا ہوا، جیسے کہ ہم نے اس سے پہلے اشارہ کیا، محض مذکورہ مناسبت کی بنا پر یہ تعبیر نہیں کی، درحقیقت خواب کی تعبیر و تاویل اہل کشف کے لیے ہے جو آنے والے واقعے کو جان لیتے ہیں محض مناسبت اور مشابہت کی بنا پر نہیں ہوتی جیسے کہ ماہرین تعبیر ظاہر کرتے ہیں اور یہ امر مخفی نہیں ہے۔

سلہ اسی طرح مصابیح میں ہے

سلہ صاحب مشکوٰۃ کہتے ہیں کہ مجھے یہ روایت صحیحین میں نہیں ملی، حالانکہ پہلی فصل میں ان ہی کی روایات ذکر کی جاتی ہیں۔

۴۴۱۳ وَعَنْ اُمِّ الْعَلَاءِ الْاَنْصَارِيَّةِ قَالَتْ رَاَيْتُ لِعُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ فِي النَّوْمِ عَيْنًا تَجْرِيْ فَقَصَصْتُهَا عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ ذٰلِكَ عَمَلُهٗ يُجْزٰى
۱۴

حضرت ام العلاء انصاریہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا روایت کرتی ہیں کہ میں نے خواب میں عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کا بہتا ہوا چشمہ دیکھا، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں یہ واقعہ بیان کیا تو آپ نے فرمایا: وہ چشمہ ان کے عمل کی صورت ہے جو ان کے لیے جاری کیا جاتا ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لَهٗ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) (بخاری)

ـــلـہ حضرت عثمان بن مظعون ارباب فضیلت مہاجرین صحابہ میں سے تھے، سب سے پہلے مہاجر تھے جو مدینہ منورہ میں فوت ہوئے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی وفات کے بعد ان کی آنکھوں پر بوسہ دیا اور جنت البقیع میں دفن کیا، اور بنفس نفیس بھاری پتھر لا کر ان کی قبر پر رکھا، ان کے بہت سے فضائل ہیں۔

ـــلـہ۲ یعنی ان کا ثواب ان کے بعد دائم و باقی ہے، یجری صیغہ معلوم کے ساتھ بھی پڑھا گیا ہے۔

حکایت:-

میں نے یگانہ روزگار، جلیل القدر شیخ عبدالوہاب متقی سے سنا کہ میں نے اپنے شیخ علی متقی رحمہ اللہ تعالیٰ کو خواب میں دیکھا، کیا دیکھتا ہوں کہ ان کے پاس چھوٹے بڑے کئی حوض، اور چھوٹی بڑی نہریں جاری ہیں، شیخ رحمہ اللہ تعالیٰ ان حوضوں کی طرف اشارہ کر کے کہتے ہیں کہ وہ جامع صغیر ہے یہ جامع کبیر ہے، یہ ہماری فلاں کتاب ہے اور یہ فلاں رسالہ ہے، اسی طرح اپنی کتابوں، رسائل اور تصنیفات کا نام لیتے جاتے تھے جو انہوں نے علوم دینیہ میں لکھی تھیں۔

۴۴۱۴
۱۴ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا صَلَّى أَقْبَلَ عَلَيْنَا بِوَجْهِهٖ فَقَالَ مَنْ رَأَى مِنْكُمُ اللَّيْلَةَ رُؤْيَا قَالَ فَإِنْ رَأَى أَحَدٌ قَصَّهَا فَيَقُوْلُ مَا شَاءَ اللّٰهُ فَسَأَلَنَا يَوْمًا فَقَالَ هَلْ رَأَى مِنْكُمْ أَحَدٌ رُؤْيَا قُلْنَا لَا قَالَ لٰكِنِّيْ رَأَيْتُ اللَّيْلَةَ رَجُلَيْنِ أَتَيَانِيْ فَأَخَذَا بِيَدِيْ فَأَخْرَجَانِيْ إِلَى أَرْضٍ مُّقَدَّسَةٍ فَإِذَا رَجُلٌ جَالِسٌ وَّرَجُلٌ قَائِمٌ

حضرت سمرہ بن جندب[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی عادت شریفہ تھی کہ جب نماز پڑھ لیتے[2] تو ہماری طرف رخ انور پھیر لیتے[3] اور فرماتے: آج رات تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ حضرت سمرہ فرماتے ہیں کہ اگر کسی نے خواب دیکھا ہوتا تو وہ بیان کر دیتا۔ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جو کچھ اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا فرماتے[4]، ایک دن ہم سے پوچھا کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے؟ ہم نے عرض کیا نہیں، فرمایا: لیکن میں نے آج رات دیکھا کہ دو شخص ہمارے پاس آئے، انہوں نے ہمارے دونوں ہاتھ پکڑے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بِيَدِهٖ كَلُّوْبٌ مِّنْ حَدِيْدٍ
يُدْخِلُهٗ فِيْ شِدْقِهٖ فَيَشُقُّهٗ
حَتّٰى يَبْلُغَ قَفَاهُ ثُمَّ يَفْعَلُ
بِشِدْقِهِ الْاٰخَرِ مِثْلَ ذٰلِكَ
وَ يَلْتَئِمُ شِدْقُهٗ هٰذَا
فَيَعُوْدُ فَيَصْنَعُ مِثْلَهٗ
قُلْتُ مَا هٰذَا قَالَ انْطَلِقْ
فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا
عَلٰى رَجُلٍ مُّضْطَجِعٍ عَلٰى
قَفَاهُ وَ رَجُلٌ قَائِمٌ
عَلٰى رَاْسِهٖ بِفِهْرٍ اَوْ
صَخْرَةٍ يَشْدَخُ بِهٖ رَاْسَهٗ
فَاِذَا ضَرَبَهٗ تَدَهْدَهَ
الْحَجَرُ فَانْطَلَقَ اِلَيْهِ
لِيَاْخُذَهٗ فَلَا يَرْجِعُ اِلٰى
هٰذَا حَتّٰى يَلْتَئِمَ رَاْسُهٗ
وَ عَادَ رَاْسُهٗ كَمَا كَانَ
فَعَادَ اِلَيْهِ فَضَرَبَهٗ فَقُلْتُ
مَا هٰذَا قَالَ انْطَلِقْ
فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا
اِلٰى ثَقْبٍ مِّثْلِ التَّنُّوْرِ
اَعْلَاهُ ضَيِّقٌ وَّ اَسْفَلُهٗ
وَاسِعٌ تَتَوَقَّدُ تَحْتَهٗ نَارٌ
فَاِذَا ارْتَفَعَتْ ارْتَفَعُوْا
حَتّٰى كَادَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا

اور ہمیں ایک پاکیزہ خطے[۵] میں لے گئے اچانک دیکھا کہ ایک شخص بیٹھا ہوا ہے اور ایک شخص کھڑا ہے جس کے ہاتھ میں لوہے کا کانٹا ہے[۶]، وہ بیٹھنے والے کے جبڑے[۷] میں کانٹا داخل کرتا ہے اور اسے چیرتے ہوئے اس شخص کی گدی تک پہنچ جاتا ہے، پھر وہ اس کے دوسرے جبڑے کے ساتھ یہی عمل کرتا ہے[۸]، اتنے میں پہلا جبڑا درست ہو جاتا ہے وہ پھر اس کے ساتھ وہی عمل دہراتا ہے[۹]۔ ہم نے کہا، یہ کیا ہے[۱۰]، ان دونوں نے کہا آگے چلیے[۱۱]! ہم چل دیئے یہاں تک کہ ایک شخص کے پاس پہنچے جو اپنی گدی کے بل لیٹا ہوا ہے۔ ایک دوسرا شخص اس کے سر پہ پتھر[۱۲] لیے کھڑا ہے جس کے ساتھ اس[۱۳] کا سر پھوڑ رہا ہے، جب اسے مارتا ہے تو پتھر لڑھک جاتا ہے، وہ پتھر لینے کے لیے جاتا ہے[۱۴] تو اس کی واپسی تک پہلے شخص کا سر جڑ جاتا ہے اور اپنی پہلی حالت پہ آ جاتا ہے وہ واپس آ کر پھر اسے مارتا ہے، ہم نے کہا یہ کیا ہے؟ دونوں نے کہا آپ آگے چلیے، ہم چل پڑے یہاں تک کہ ہم تنور ایسے سوراخ[۱۵] تک پہنچے جو اوپر سے تنگ اور نیچے سے فراخ[۱۶] تھا، اس کے نیچے آگ جل رہی تھی دیکھو لوگ اس آگ میں جل رہے تھے، جب آگ بلند ہوتی تو وہ بھی بلند

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَ اِذَا خَمَدَتْ رَجَعُوْا فِيْهَا وَ فِيْهَا رِجَالٌ وَّ نِسَآءٌ عُرَاةٌ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى اَتَيْنَا عَلٰى نَهَرٍ مِّنْ دَمٍ فِيْهِ رَجُلٌ قَائِمٌ عَلٰى وَسْطِ النَّهْرِ وَ عَلٰى شَطِّ النَّهْرِ رَجُلٌ بَيْنَ يَدَيْهِ حِجَارَةٌ فَاَقْبَلَ الرَّجُلُ الَّذِيْ فِي النَّهْرِ فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَّخْرُجَ رَمَى الرَّجُلُ بِحَجَرٍ فِيْ فِيْهِ فَرَدَّهٗ حَيْثُ كَانَ فَجَعَلَ كُلَّمَا جَآءَ لِيَخْرُجَ رَمٰى فِيْ فِيْهِ بِحَجَرٍ فَيَرْجِعُ كَمَا كَانَ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالَا انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى انْتَهَيْنَا اِلٰى رَوْضَةٍ خَضْرَآءَ فِيْهَا شَجَرَةٌ عَظِيْمَةٌ وَ فِيْ اَصْلِهَا شَيْخٌ وَّ صِبْيَانٌ وَ اِذَا رَجُلٌ قَرِيْبٌ مِّنَ الشَّجَرَةِ بَيْنَ يَدَيْهِ نَارٌ يُّوْقِدُهَا فَصَعِدَا بِيْ الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِيْ دَارًا وَّسْطَ الشَّجَرَةِ لَمْ

ہو جاتے، یہاں تک کہ قریب تھا کہ اس سے نکل جائیں؛ اور جب شعلے زرد ہوتے تو وہ اس اس میں لوٹ جاتے، اس میں مرد عورتیں سب ننگے تھے، ہم نے کہا یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا آگے چلئے، ہم چل دیے حتیٰ کہ خون کی ایک نہر پہ پہنچ گئے، اس کے درمیان ایک شخص کھڑا ہوا تھا، اور نہر کے کنارے ایک دوسرا شخص تھا جس کے سامنے پتھر تھے، جو شخص نہر میں کھڑا ہوا تھا وہ آگے بڑھا، جب اس نے نکلنے کا ارادہ کیا تو باہر والے نے اس کے منہ میں پتھر مارا اور اسے اس کی جگہ واپس بھیج دیا، تو جب بھی وہ نکلنے کے لیے آگے بڑھتا یہ اس کے منہ پر پتھر مارتا تو وہ لوٹ جاتا۔ ہم نے کہا یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا آگے چلئے، ہم چل دیئے یہاں تک کہ ہم ایک سرسبز باغ تک پہنچے، جس میں ایک بڑا درخت تھا، درخت کی جڑ کے پاس ایک بزرگ تھا اور بچے اچانک دیکھا کہ درخت کے پاس ایک شخص تھا۔ اس کے آگے آگ تھی جسے وہ جلا رہا تھا، وہ دونوں مجھے لے کر درخت پر چڑھ گئے اور مجھے ایک گھر میں لے گئے جو درخت کے درمیان تھا، اس سے زیادہ خوبصورت گھر ہم نے نہیں دیکھا، اس میں بوڑھے، جوان، عورتیں اور بچے ہر قسم کے لوگ تھے، پھر انہوں نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَرَ قَطُّ اَحْسَنَ مِنْهَا فِيْهَا رِجَالٌ شُيُوْخٌ وَ شَبَابٌ وَ نِسَآءٌ وَ صِبْيَانٌ ثُمَّ اَخْرَجَانِيْ مِنْهَا فَصَعِدَا بِيَ الشَّجَرَةَ فَاَدْخَلَانِيْ دَارًا هِيَ اَحْسَنُ وَ اَفْضَلُ مِنْهَا فِيْهَا شُيُوْخٌ وَ شَبَابٌ فَقُلْتُ لَهُمَا اِنَّكُمَا قَدْ طَوَّفْتُمَانِي اللَّيْلَةَ فَاَخْبِرَانِيْ عَمَّا رَاَيْتُ قَالَا نَعَمْ اَمَّا الرَّجُلُ الَّذِيْ رَاَيْتَهٗ يُشَقُّ شِدْقُهٗ فَكَذَّابٌ يُحَدِّثُ بِالْكِذْبَةِ فَتُحْمَلُ عَنْهُ حَتّٰى تَبْلُغَ الْاٰفَاقَ فَيُصْنَعُ بِهٖ مَا تَرٰى اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَ الَّذِيْ رَاَيْتَهٗ يُشْدَخُ رَاْسُهٗ فَرَجُلٌ عَلَّمَهُ اللّٰهُ الْقُرْاٰنَ فَنَامَ عَنْهُ بِاللَّيْلِ وَ لَمْ يَعْمَلْ بِمَا فِيْهِ بِالنَّهَارِ يُفْعَلُ بِهٖ مَا رَاَيْتَ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَالَّذِيْ رَاَيْتَهٗ فِي الثَّقْبِ فَهُمُ الزُّنَاةُ وَ الَّذِيْ رَاَيْتَهٗ فِي النَّهْرِ اٰكِلُ الرِّبَا وَ الشَّيْخُ الَّذِيْ رَاَيْتَهٗ فِيْ اَصْلِ الشَّجَرَةِ

ہمیں اس گھر سے نکالا اور ہمیں اس درخت کے اوپر ایک گھر میں لے گئے جو پہلے سے بھی زیادہ حسین اور بہتر تھا، اس میں بوڑھے اور جوان تھے[۲۰]، ہم نے انہیں کہا کہ تم نے ہمیں ساری رات پھرایا ہے، ہم نے جو کچھ دیکھا ہے اس کے بارے میں بتاؤ تو سہی، انہوں نے کہا ہاں اب بتاتے ہیں، آپ نے جس شخص کو دیکھا ہے کہ اس کا جبڑا چیرا جا رہا ہے وہ جھوٹا ہے، وہ جھوٹی بات بیان کرتا جو اس سے حاصل کی جاتی ہے یہاں تک کہ وہ آفاق عالم تک پہنچ جاتی ہے[۲۱]، جو عمل آپ نے دیکھا ہے وہ اس کے ساتھ قیامت تک کیا جاتا رہے گا۔ وہ شخص کہ جس کا سر پھوڑا جا رہا ہے وہ ایسا شخص ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے قرآن کی تعلیم دی[۲۲] تو وہ قرآن سے اعراض کرکے رات کو سو رہا[۲۳] اور دن کے وقت اس کے احکام پر عمل نہ کیا[۲۴]، جو عمل آپ نے دیکھا ہے اس کے ساتھ قیامت تک کیا جاتا رہے گا[۲۵]۔

جن لوگوں کو آپ نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اِبْرَاهِيْمُ وَالصِّبْيَانُ حَوْلَهٗ فَاَوْلَادُ النَّاسِ وَالَّذِيْ يُوْقِدُ النَّارَ مَالِكٌ خَازِنُ النَّارِ وَالدَّارُ الْاُوْلٰى الَّتِيْ دَخَلْتَ دَارُ عَامَّةِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاَمَّا هٰذِهِ الدَّارُ فَدَارُ الشُّهَدَآءِ وَاَنَا جِبْرَئِيْلُ وَهٰذَا مِيْكَائِيْلُ فَارْفَعْ رَاْسَكَ فَرَفَعْتُ رَاْسِيْ وَاِذَا فَوْقِيْ مِثْلُ السَّحَابِ وَفِيْ رِوَايَةٍ مِثْلُ الرَّبَابَةِ الْبَيْضَآءِ قَالَا ذَاكَ مَنْزِلُكَ قُلْتُ دَعَانِيْ اَدْخُلْ مَنْزِلِيْ قَالَا اِنَّهٗ بَقِيَ لَكَ عُمُرٌ لَمْ تَسْتَكْمِلْهُ فَاِذَا اسْتَكْمَلْتَهٗ اَتَيْتَ مَنْزِلَكَ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) وَذُكِرَ حَدِيْثُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ فِيْ رُؤْيَا النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَدِيْنَةِ فِيْ بَابِ حَرَمِ الْمَدِيْنَةِ۔

تنور جیسے سوراخ میں دیکھا ہے وہ زناکار ہیں، جس شخص کو آپ نے نہر میں دیکھا ہے وہ سود کھانے والا ہے، وہ بزرگ جن کو آپ نے درخت کی جڑ کے پاس دیکھا ہے وہ ابراہیم علیہ السلام ہیں۔ ان کے اردگرد جو بچے ہیں وہ لوگوں کی اولاد ہیں، جو آگ جلا رہے تھے وہ جہنم کی آگ کے داروغہ مالک ہیں جس گھر میں آپ پہلے داخل ہوئے تھے وہ عامۃ المسلمین کا دار ہے، اور یہ دار شہدا کا دار ہے، میں جبرائیل ہوں اور یہ میکائیل ہیں آپ اپنا سر اٹھائیں، ہم نے سر اٹھایا تو اچانک دیکھا کہ ہمارے اوپر بادل ایسی چیز ہے، اور ایک روایت میں ہے کہ تہ بہ تہ سفید بادل، انہوں نے کہا یہ آپ کی جگہ ہے، ہم نے کہا: ہمیں چھوڑ دو کہ ہم اپنی منزل میں جائیں، انہوں نے کہا ابھی آپ کی عمر باقی ہے جسے آپ نے مکمل نہیں کیا۔ اگر آپ اپنی عمر مکمل کر چکے ہوتے تو اپنی منزل میں داخل ہو سکتے تھے (بخاری) مدینہ منورہ میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے خواب دیکھنے کی حدیث جسے حضرت عبداللہ بن عمر نے روایت کیا ہے۔ باب حرم المدینہ میں بیان کی گئی ہے۔

۱؎ حضرت سمرہ بن جندب جلیل القدر صحابی، بکثرت روایت کرنے والے حافظ الحدیث، ان میں سے حضرت حسن البصری، ابن سیرین، شعبہ وغیرہم نے روایت کی، بصرہ میں ۵۹ھ اور بقول بعض ۶۰ھ میں انتقال ہوا۔

۲؎ یعنی صبح کی نماز۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

؎۳ اقبال کا معنی رخ کا پھیرنا اور توجہ ہے، بوجہ اس کی تاکید ہے، جیسے کہتے ہیں کہ فلاں نے اپنے ہاتھ سے لکھا اور آنکھ سے دیکھا، اس جگہ سے قبلہ شریف کی طرف پشت کرنے کا جواز معلوم ہوتا ہے اگرچہ تنبیع کے وقت، علمی مجلس میں ہو، صاحب عوارف نے مبالغہ کے ساتھ وصیت کی ہے کہ صبح کے وقت نماز کے بعد قبلہ شریف کی طرف پشت نہ کرے، اگر نیند غلبہ کرے تو پشت کی طرف لیٹ جائے کہ قبلہ رخ ہونا باطن کو منور کرتا ہے، ان کا یہ فرمان اس صورت کے علاوہ سے متعلق ہوگا جو حدیث میں آئی ہے۔

؎۴ اللہ تعالیٰ جو کچھ آپ کے دل میں القاء فرماتا اور آپ کی زبان پہ جاری فرماتا خواب کی تعبیر کے سلسلے میں ارشاد فرماتے۔

؎۵ بعض حواشی میں لکھا ہے کہ سرزمین شام مراد ہے، لیکن تنکر سے ظاہر یہ ہے کہ مطلق پاکیزہ زمین مراد ہے۔

؎۶ کَلُّوبٌ کاف پر زبر، لام مضموم مشدد، بڑے سر والا لوہا جس کے ساتھ کسی چیز کو کھینچا جاتا ہے، جسے فارسی میں انبوسہ (اور اردو میں کانٹا) کہتے ہیں۔

؎۷ شِدْق شین کے نیچے زیر اور دال ساکن، جبڑا۔

؎۸ یعنی اس کانٹے کے ساتھ دوسرے جبڑے کو گدی تک چیر دیتا ہے۔

؎۹ یعنی ہر دفعہ اس کے جبڑے کو چیرتا ہے، اور جب وہ جڑ جاتا ہے تو پھر اسے چیرتا ہے، اسی طرح ہر بار کرتا ہے۔

؎۱۰ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ہم نے ان دو شخصوں سے پوچھا کہ یہ کیسا عمل ہے؟ جو یہ شخص انجام دے رہا ہے۔

؎۱۱ یعنی ابھی نہ پوچھئے، آگے چلئے، ابھی تو بہت سے عجائب دیکھنا ہیں، اس کی تعبیر معلوم ہو جائے گی

؎۱۲ فِہْر فاء کے نیچے زیر، ہا ساکن، ایسا پتھر جس سے مٹھی بھر جائے، مطلق پتھر ——— اَوْ صَخْرَۃ

؎۱ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مواجہہ عالیہ میں سلام عرض کر کے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں دعا کرنے والے عامۃ المسلمین کو نجدی شرطے زبردستی مجبور کرتے ہیں کہ قبلہ رخ ہو کر دعا مانگو، حالانکہ دعا مانگنے کے لیے قبلہ رخ ہونا کوئی ضروری نہیں ہے، خیف ہے کہ سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف پشت کرنے کو روا رکھتے ہیں اور قبلہ کی طرف پشت کر کے دعا مانگنے کو ناجائز قرار دیتے ہیں، حالانکہ خطیب جمعہ کے دن قبلہ کی طرف پشت کر کے خطبہ پڑھتا ہے اور مسجدوں کے امام عام طور پر دائیں جانب رخ کر کے دعا مانگتے ہیں، ان سے کیوں تقاضا نہیں کیا جاتا کہ قبلہ کی طرف رخ کر کے خطبہ پڑھو اور دعا مانگو ۱۲ شرف قادری نقشبندی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

راوی کو شک ہے کہ کونسا لفظ استعمال فرمایا)

۱۳ گدی کے بل لیٹے ہوئے شخص کا سر پھوڑ رہا ہے۔

۱۴ تاکہ لا کر پھر اسے مارے۔

۱۵ ثقب تین نقطوں والی ثاء پر زبر، قاف ساکن، ایک دوسری روایت میں ہے نَقَب نون پر زبر، دونوں کا معنی سوراخ ہے، صراح سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا معنی مطلق سوراخ ہے، قاموس سے پتا چلتا ہے کہ اس کا معنی وہ سوراخ ہے جو آر پار ہو جائے، حواشی میں مغرب کے حوالے سے لکھا ہے ثقب تین نقطوں والی ثاء پر زبر، وہ سوراخ جو پار ہو جائے، اس کا استعمال چھوٹے سوراخ کے لیے ہوتا ہے، نون کے ساتھ نقب حائط (دیوار کا سوراخ) بڑا ہوتا ہے (۱۵) اس کلام سے معلوم ہوتا نقب تنگ سوراخ ہوتا ہے، جب کہ اسے تنور سے تشبیہ دی گئی ہے، اس لیے نون (نقب) زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے ——— تنور نون مشدد) اس کے بعد تنور کے ساتھ تشبیہ کی وجہ بیان کی۔

۱۶ جیسے تنور کی شکل ہوتی ہے۔

۱۷ آگ میں یا تنور میں۔

۱۸ وسط سین کی زبر کو بھی صحیح قرار دیا گیا ہے، اس کا معنی ہے درمیان، سین کا ساکن ہونا زیادہ ظاہر معلوم ہوتا ہے، یعنی نہر کے درمیان

۱۹ شَباب شین پر زبر، باء مخفف، شَابّ (جوان) کی جمع، جوانی کے معنی میں بھی آتا ہے۔

۲۰ اس جگہ عورتوں اور بچوں کا ذکر نہیں ہے، اس کی وجہ اس خواب کی تعبیر سے معلوم ہو جائے گی۔

۲۱ تَحَمَّلَ اور تَبَلَّغَ کو تا اور باء دونوں کے ساتھ پڑھا گیا ہے۔

۲۲ اسے تعلیم قرآن کی توفیق عطا فرمائی۔

۲۳ اور رات کو کھڑے ہو کر نوافل ادا نہ کیے۔

۲۴ قرآن پر عمل تو دن رات کیا جاتا ہے، رات کے وقت قرآن کریم کی تلاوت بھی قرآن پاک پر عمل ہے لیکن رات کے وقت کی سنت اس کی تلاوت کا عمل ہے، اس لیے رات کو تلاوت کے ساتھ مخصوص کیا اور قرآن پاک کے اوامر اور نواہی پر عمل کرنے کو عمومی حالات کے اعتبار سے دن سے متعلق کر دیا۔

۲۵ یہ شخص جو رات کے وقت قرآن پاک کی تلاوت سے اعراض کرتا تھا اور دن کے وقت اس پر عمل نہیں کرتا تھا، جو سزا آپ نے دیکھی ہے وہ اسے قیامت تک دی جاتی رہے گی۔ تلاوت کا ترک کرنا، خواب غفلت میں محو رہنا اور عمل کا ترک کرنا جس میں نماز اور سر بسجود ہونا شامل ہے ان امور کا سر توڑنے کے ساتھ مناسبت

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ظاہر ہے۔

۵۲۶ جو شہوت کی آگ جلاتے تھے اور اس کی گرمی میں جلتے تھے۔

۵۲۷ جس کے منہ میں نہر سے باہر کھڑا ہونے والا پتھر مار رہا ہے۔

۵۲۸ جو سود کی جگہ منہ میں پتھر موار رہا ہے اور عذاب جھیل رہا ہے۔

۵۲۹ یعنی بہشت ہے جس میں تمام مخلوق ہوگی۔

۵۳۰ دوسرا دار جس میں آپ داخل ہوئے اور جو پہلے بہت اچھا تھا وہ شہیدوں اور خواص کا دار ہے۔

۵۳۱ وہ دو حضرات جو نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنے ساتھ لے گئے تھے اور آپ کو عجائب دکھا رہے تھے۔

۵۳۲ رَبَابَۃ راء پر زبر، پہلی بار مخفف، دوسری بار پر زبر، آخر میں تا، تہ بہ تہ جمے ہوئے بادل بعض حضرات نے بیضاء کی قید بھی لگائی ہے، اس صورت میں لفظ بیضاء تاکید کے لیے ہوگا یعنی سفید بہت ہی سفید۔

۵۳۳ جو آپ نے سفید بادل کی طرح دیکھی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۴۴۱۵ / ۱۵ عَنْ اَبِیْ رَزِیْنِ الْعُقَیْلِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رُؤْیَا الْمُؤْمِنِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّۃٍ وَّ اَرْبَعِیْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّۃِ وَ ھِیَ عَلٰی رِجْلِ طَآئِرٍ مَّا لَمْ یُحَدِّثْ بِھَا فَاِذَا حَدَّثَ بِھَا وَقَعَتْ وَ اَحْسِبُہٗ قَالَ لَا تُحَدِّثْ اِلَّا حَبِیْبًا اَوْ لَبِیْبًا۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ)

وَ فِیْ رِوَایَۃِ اَبِیْ دَاؤُدَ قَالَ

حضرت ابو رزین عقیلی[۱] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، مومن کا خواب نبوت کا چھیالیسواں جز ہے، اور خواب پرندے کے پاؤں پر ہے[۲] جب تک دیکھنے والا اسے بیان نہ کرے، جب اسے بیان کر دے تو وہ گر جاتا ہے[۳]، راوی کہتے ہیں میرا گمان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: تم صرف کسی دوست کو بتاؤ یا دانا کو[۴]۔

(ترمذی)

امام ابو داؤد کی روایت میں ہے کہ فرمایا:

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلرُّؤْيَا عَلٰى رِجْلِ طَائِرٍ مَا لَمْ تُعَبَّرْ فَإِذَا عُبِّرَتْ وَقَعَتْ وَ اَحْسِبُهٗ قَالَ لَا تَقُصُّهَا اِلَّا عَلٰى وَادٍّ اَوْ ذِيْ رَأْيٍ۔

خواب ایک پرندے کے پاؤں پر ہے جب تک اس کی تعبیر بیان نہ کی جائے، اور جب تعبیر بیان کی جائے تو گر جاتا ہے۔ راوی کہتے ہیں میرا گمان ہے کہ فرمایا: تم صرف کسی محبت والے کو بتاؤ یا صاحب دانش کو۔

سے ابورزین راء پر زبر، زاء کے نیچے زیر العقیلی عین پر پیش، قاف پر زبر، ان کا نام لقیط ہے لام پر زبر مشہور صحابی ہیں اور اہل طائف میں شمار ہوتے ہیں۔

سے یعنی گرنے والا اور قرار نہ پانے والا ہے، جب تک بیان نہ کر دیا جائے، وہ پرندے کے پاؤں پر ہے بہ کنایہ ہے گرنے اور قرار نہ پانے سے، جو چیز قرار نہ پائے اور گرنے والی ہو عرب اس کے بارے میں کہتے ہیں کہ وہ پرندے کے پاؤں پر ہے، چونکہ پرندہ اکثر اوقات ٹھہرتا نہیں ہے اور ہر وقت پرواز اور حرکت میں رہتا ہے لہذا جو چیز اس کے پاؤں پر ہوگی وہ بھی قرار نہیں پائے گی، اس لیے سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جب تک خواب کسی کو نہ بتایا جائے اور دل میں پوشیدہ رہے اس وقت تک اس کا کوئی اعتبار نہیں ہے اور نہ ہی وہ واقع ہوتا ہے۔

سے جب خواب دیکھنے والا کسی کو بیان کر دے اور وہ اس کی تعبیر بتا دے تو وہ اس تعبیر کے مطابق واقع ہو جاتا ہے، اس لیے بیان نہیں کرنا چاہیے، یہ برے خواب کے بارے میں ہے جس کے واقع ہونے سے ڈرتا ہو اور نقصان کا خطرہ رکھتا ہو، جیسے کہ دوسری حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے۔

سے بعض نسخوں میں ہے لَا تُحَدِّثْ بِهَا وہ خواب بیان نہ کر مگر کسی ایسے دوست کو جو خیر خواہ ہو اور تجھ سے اچھی سوچ والا ہو، تاکہ وہ خواب کو اچھائی پر محمول کرے اور اچھی تعبیر بتائے، برخلاف دشمن کے کہ اس کی دشمنی اور اس کا حسد ناپسندیدہ اور بری تعبیر بیان کرنے کا باعث ہوگا اور تعبیر اسی طرح واقع ہو گی، یا کسی دانشور کو بتائے جو غور و فکر کی قوت سے اس خواب کو اچھی جانب پر محمول کرے پسندیدہ تعبیر بتائے اور نقصان کے وہم کو دور کرے۔

لفظ اَوْ یا تو راوی کے شک کی بنا پر ہے کہ اِتَّحِبْبًا فرمایا یا لفظ اَوْ تقسیم کے لیے ہے، تو اس جگہ چند قسمیں متصور ہیں کہ وہ شخص دونوں صفتوں کا جامع ہو یا دونوں سے خالی ہو، ان کا حکم تو ظاہر ہے اور اگر اس میں ان دونوں میں سے ایک صفت ہو تو اسے خواب کا بتانا مفید نہ ہوگا، پس مطلب یہ ہوگا کہ ایسے دوست کو بتائے جس کی دوستی یقینی ہو، تاکہ دوستی کے تعلق کی بنا پر خواب کو اچھائی پر محمول کرے، اور اگر اس کی دوستی اور دشمنی کچھ بھی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

معلوم نہ ہو تو وہ شخص دانا ہونا چاہیے تاکہ دانش و فکر کے زور سے اچھی تعبیر بتائے، لیکن اگر دشمنی کا یقین ہو تو دانائی کچھ فائدہ نہ دے گی، یہ توجیہ تکلف اور دقت سے خالی نہیں ہے، ساوی کے شک پر محمول کرنا زیادہ ظاہر اور محتاط طریقہ ہے، اس پر محمول کریں تو دونوں میں سے ایک صفت کا اعتبار کیا جاسکتا ہے اگرچہ دوسری صفت نہ پائی جائے۔

۵۵ اس روایت کا مطلب بھی وہی ہے جو پہلی روایت کا ہے: تاہم پہلی روایت میں واقع ہونے کو بیان کرنے پر مرتب کیا گیا ہے اور اس روایت میں تعبیر پر، ظاہر یہ ہے کہ پہلی صورت میں بھی تعبیر معتبر ہے، حدیث شریف میں ہے کہ صرف کسی دوست کو بتاؤ یا دانا کو اس سے ہماری بات کی تائید ہوتی ہے۔ اس روایت میں حبیب کی جگہ وَادٍّ فرمایا، وُدٌّ اور محبت کا ایک ہی معنی ہے، لبیب اور ذی رای کا معنی بھی ایک ہے۔ بعض روایات میں آیا ہے کہ خواب پہلی تعبیر بتانے والے کے لیے ہے۔ اور وہ پرندے کے پاؤں پر ہے، مثلاً خواب کی تعبیر میں دو یا اس سے زیادہ احتمال ہوں، جب ایک شخص کے سامنے بیان کیا اور اس نے ان احتمالات میں سے ایک کے مطابق تعبیر بیان کی، پھر دوسرے نے دوسرے احتمال کے مطابق تعبیر نکالی تو پہلے شخص کی تعبیر ہی معتبر ہوگی، دوسرے کی تعبیر ساقط ہوگی

اس جگہ اشکال پیدا ہوتا ہے کہ جب تمام اشیاء قضاء و قدر کے مطابق واقع ہوتی ہیں تو خواب کے چھپانے کا تعبیر کے ساقط ہونے میں کیا اثر ہوگا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ یہ بھی قضاء و قدر کے تحت ہے، دعاء، صدقہ اور باقی اسباب کا جو حکم ہے وہی اس کا ہے۔

۴۴۱۶/۱۶ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَرَقَةَ فَقَالَتْ لَهٗ خَدِيْجَةُ اِنَّهٗ كَانَ قَدْ صَدَّقَكَ وَلٰكِنْ مَاتَ قَبْلَ اَنْ تَظْهَرَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرِيْتُهٗ فِي الْمَنَامِ وَ عَلَيْهِ ثِيَابٌ بِيْضٌ وَ لَوْ كَانَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ لَكَانَ عَلَيْهِ لِبَاسٌ	حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے ورقہ کے بارے میں پوچھا گیا، حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے عرض کیا کہ انہوں نے آپ کی تصدیق کی تھی لیکن آپ کے ظہور سے پہلے فوت ہو گئے تھے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ ہمیں سفید کپڑوں میں ملبوس دکھائے گئے اور اگر وہ اہل نار میں سے ہوتے تو ان کا لباس اس سے مختلف ہوتا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

غَيْرُ ذٰلِكَ ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِيُّ) (امام احمد، ترمذی)

سلے ورقہ بن نوفل بن اسد بن عبد العزیٰ بن قصی، ام المومنین حضرت خدیجہ بنت خویلد بن اسد کے چچا زاد بھائی تھے، انہوں نے دور جاہلیت میں نصاریٰ کا دین سیکھا اور انجیل کا عربی میں ترجمہ کیا، عبادت گزار تھے اور بت پرستی سے اجتناب کرتے تھے، وہ معمر تھے اور آخری عمر میں نابینا ہو گئے تھے، وحی کے ابتدائی دنوں میں حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو ان کے پاس لے گئیں اور انہوں نے سرکار دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو حال کی سچائی کی بشارت دی اور آپ کی تصدیق کی، یہ واقعہ مشہور ہے۔ اسد الغابہ میں ان کا ذکر صحابۂ کرام میں کیا ہے اور ان کے اسلام کے بارے میں علماء کے اختلاف کا ذکر کیا ہے اور بعینہ یہ حدیث نقل کی ہے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے یہ حدیث صحابہ کرام سے سن کر روایت کی ہوگی، کیونکہ حضرت عائشہ، حضرت خدیجہ کی زندگی میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر نہیں تھیں۔

سلے حضرت خدیجہ نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے جواب دینے سے پہلے اپنے چچا زاد بھائی کے حال کی رعایت کرتے ہوئے اور رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا ادب ملحوظ رکھتے ہوئے بین بین ایک بات کہی جس کے پہلے حصے سے ان کے ایمان کا اشارہ ملتا ہے، حضرت خدیجہ نے کہا کہ انہوں نے آپ کی نبوت کی تصدیق کی تھی اور کہا تھا کہ آپ نے جس فرشتے کو دیکھا ہے یہ وہی ناموس ہے جو حضرت موسیٰ و عیسیٰ علیہما السلام پر نازل ہوا کرتا تھا، آپ اللہ تعالیٰ کے پیغمبر ہیں اگر میں آپ کے ظہور اور غلبے کے وقت تک زندہ رہا تو آپ کی زبردست تائید و حمایت کروں گا، دوسرے حصے سے ان کے ایمان میں تردد کا پتا چلتا ہے، اس بنا پر کہ شاید انہوں نے جو یہ بات کہی تھی حق ہو گی اور نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی بارگاہ میں مقبول ہو گی یا نہیں اس لیے کہا کہ اتنی بات ضرور ہے کہ وہ آپ کے ظاہر اور غالب ہونے سے پہلے فوت ہو گئے تھے اور انہیں آپ کے دین اور شریعت پر عمل کرنے کا موقع نہیں ملا۔

سلے ان کے ایمان کو برقرار رکھا۔

سلے اس حدیث سے حضرت ورقہ بن نوفل کے ایمان کا پتا چلتا ہے اور اس میں اختلاف کی گنجائش نہیں ہے، کیونکہ انہوں نے حالِ نبوت میں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی تصدیق کی ہے، اگر نبوت سے پہلے تصدیق کرتے تو اختلاف کی گنجائش تھی، نبوت کے بعد تصدیق کرنے کے باوجود اختلاف کرنا عجیب ہے۔

۴۶۲۷ وَعَنِ ابْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ عَمِّهِ أَبِيْ خُزَيْمَةَ أَنَّهُ رَأَى فِيْمَا

حضرت ابن خزیمہ بن ثابت لے رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے چچا ابو خزیمہ سے روایت کرتے ہیں کہ انہوں نے خواب میں دیکھا کہ انہوں نے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يَرَى النَّائِمُ اَنَّهُ سَجَدَ عَلٰى جَبْهَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَهُ فَاضْطَجَعَ لَهُ وَقَالَ صَدِّقْ رُؤْيَاكَ فَسَجَدَ عَلٰى جَبْهَتِهٖ. (رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پیشانی پر سجدہ کیا ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں خواب بیان کیا تو آپ لیٹ گئے[۲] اور فرمایا اپنے خواب کو سچا کر دو[۳]۔ چنانچہ انہوں نے آپ کی پیشانی پر سجدہ کیا[۴]۔ (شرح السنۃ)

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ اَبِيْ بَكْرٍ كَاَنَّ مِيْزَانًا نَزَلَ مِنَ السَّمَاءِ فِيْ بَابِ مَنَاقِبِ اَبِيْ بَكْرٍ وَعُمَرَ.

حضرت ابوبکر صدیق کی حدیث جس کی ابتدا میں ہے کہ گویا آسمان سے ترازو اترا ہم حضرت ابوبکر اور عمر کے مناقب کے باب میں بیان کریں گے۔

۱ ابن خزیمہ بن ثابت مشہور انصاری صحابی ہیں، جنگ صفین میں حضرت علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھ تھے، جب حضرت عمار بن یاسر شہید ہو گئے تو انہوں نے جنگ میں بھرپور حصہ لیا یہاں تک کہ شہید ہو گئے۔ ابن خزیمہ کا نام عبداللہ ہے یا عمارہ۔ ابو خزیمہ بھی انصاری صحابی ہیں لیکن ان کا خزیمہ کا بھائی ہونا معلوم نہیں حتیٰ کہ وہ ابن خزیمہ کے بچا ہوں، واللہ تعالیٰ اعلم۔

۲ حضرت ابو خزیمہ کی پاسداری کے لیے تاکہ وہ آپ کی پیشانی پر سجدہ کر لیں۔

۳ اور ہماری پیشانی پر سجدہ کر لو۔

۴ اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ بیداری میں خواب پر عمل کرنا مستحب ہے، بشرطیکہ وہ از قبیل اطاعت ہو مثلاً کوئی شخص خواب میں دیکھے کہ اس نے روزہ رکھا ہے یا نماز ادا کی ہے یا صدقہ کیا ہے یا کسی مرد صالح کی زیارت کی ہے وغیر ذالک، اسی طرح علامہ طیبی نے فرمایا۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ — تیسری فصل

۴۴۱۸ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا يُكْثِرُ اَنْ يَّقُوْلَ لِاَصْحَابِهٖ

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اکثر اپنے صحابہ کرام کو فرمایا کرتے تھے کہ کیا تم میں سے کسی نے خواب دیکھا ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

هَلْ رَاٰى اَحَدٌ مِّنْكُمْ مِّنْ رُؤْيَا فَيَقُصُّ عَلَيْهِ مَنْ شَآءَ اللّٰهُ اَنْ يَّقُصَّ وَاِنَّهٗ قَالَ لَنَا ذَاتَ غَدَاةٍ اِنَّهٗ اَتَانِي اللَّيْلَةَ اٰتِيَانِ وَاِنَّهُمَا ابْتَعَثَانِي وَاِنَّهُمَا قَالَا لِي انْطَلِقْ وَاِنِّي انْطَلَقْتُ مَعَهُمَا وَذَكَرَ مِثْلَ الْحَدِيْثِ الْمَذْكُوْرِ فِي الْفَصْلِ الْاَوَّلِ بِطُوْلِهٖ وَفِيْهِ زِيَادَةٌ لَيْسَتْ فِي الْحَدِيْثِ الْمَذْكُوْرِ وَهِيَ قَوْلُهٗ فَاَتَيْنَا عَلٰى رَوْضَةٍ مُّعْتَمَّةٍ فِيْهَا مِنْ كُلِّ نَوْرِ الرَّبِيْعِ وَاِذَا بَيْنَ ظَهْرَيِ الرَّوْضَةِ رَجُلٌ طَوِيْلٌ لَا اَكَادُ اَرٰى رَاْسَهٗ طُوْلًا فِي السَّمَآءِ وَاِذَا حَوْلَ الرَّجُلِ مِنْ اَكْثَرِ وِلْدَانٍ رَاَيْتُهُمْ قَطُّ قُلْتُ لَهُمَا مَا هٰذَا وَمَا هٰؤُلَآءِ قَالَ قَالَا لِي انْطَلِقْ انْطَلِقْ فَانْطَلَقْنَا فَانْتَهَيْنَا اِلٰى رَوْضَةٍ عَظِيْمَةٍ لَمْ اَرَ رَوْضَةً قَطُّ اَعْظَمَ مِنْهَا وَلَا اَحْسَنَ قَالَ قَالَا

جس شخص کے بارے میں اللہ تعالیٰ کو منظور ہوتا وہ اپنا خواب بیان کرتا، ایک صبح ہمیں بیان فرمایا کہ آج رات ہمارے پاس دو شخص آئے، انہوں نے ہمیں اٹھایا اور کہا چلئے! ہم ان کے ساتھ چل پڑے، حضرت سمرہ نے پہلی فصل میں بیان کی گئی طویل حدیث[۱] جیسی حدیث بیان کی، اس حدیث میں کچھ اضافہ ہے جو حدیث مذکور میں نہیں ہے[۲] اور وہ یہ کہ ہم انتہائی سرسبز[۳] باغ میں پہنچے جس میں بہار کا ہر قسم کا شگوفہ تھا، اچانک کیا دیکھا کہ باغ کے درمیان ایک طویل قامت شخص ہے جس کا قد اوپر کی جانب اتنا بلند ہے کہ قریب ہے کہ ہم اس کا سر نہ دیکھ سکیں، اس شخص کے گرد بہت سے ایسے بچے ہیں جنہیں ہم نے ضرور[۴] دیکھا ہے، ہم نے ان دونوں شخصوں سے کہا کہ یہ باغ کیا ہے اور یہ لوگ کون ہیں؟ ان دونوں نے ہمیں کہا چلئے چلئے، ہم چل دیئے اور ایک بڑے باغ کے پاس پہنچے جس سے بڑا اور زیادہ حسین باغ ہم نے کبھی نہیں دیکھا، انہوں نے ہمیں کہا اس باغ کے اوپر چلئے، ہم اوپر چڑھے تو ایک شہر تک پہنچ گئے جس میں ایک اینٹ[۵] سونے کی اور ایک چاندی کی لگی ہوئی ہے، ہم شہر کے دروازے تک پہنچے اور دروازہ کھولنے کے لیے کہا۔ دروازہ ہمارے لیے کھول

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لِيْ اِرْقَ فِيْهَا قَالَ فَاذْ تَعِيْتَنَا فَانْتَهَيْنَا اِلٰى مَدِيْنَةٍ مَّبْنِيَّةٍ بِلَبِنِ ذَهَبٍ وَّ لَبِنِ فِضَّةٍ فَاَتَيْنَا بَابَ الْمَدِيْنَةِ فَاسْتَفْتَحْنَا فَفُتِحَ لَنَا فَدَخَلْنَاهَا فَتَلَقَّانَا فِيْهَا رِجَالٌ شَطْرٌ مِّنْ خَلْقِهِمْ كَاَحْسَنِ مَا اَنْتَ رَآءٍ وَّ شَطْرٌ مِنْهُمْ كَاَقْبَحِ مَا اَنْتَ رَآءٍ قَالَ قَالَا لَهُمْ اذْهَبُوْا فَقَعُوْا فِيْ ذٰلِكَ النَّهْرِ قَالَ فَاِذَا نَهْرٌ مُّعْتَرِضٌ يَّجْرِيْ كَاَنَّ مَآءَهُ الْمَحْضُ فِي الْبَيَاضِ فَذَهَبُوْا فَوَقَعُوْا فِيْهِ ثُمَّ رَجَعُوْا اِلَيْنَا قَدْ ذَهَبَ ذٰلِكَ السُّوْٓءُ عَنْهُمْ فَصَارُوْا فِيْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ وَّ ذَكَرَ فِيْ تَفْسِيْرِ هٰذِهِ الزِّيَادَةِ وَاَمَّا الرَّجُلُ الطَّوِيْلُ الَّذِيْ فِي الرَّوْضَةِ فَاِنَّهٗ اِبْرَاهِيْمُ وَ اَمَّا الْوِلْدَانُ الَّذِيْنَ حَوْلَهٗ فَكُلُّ مَوْلُوْدٍ مَّاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ فَقَالَ بَعْضُ الْمُسْلِمِيْنَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ

دیا گیا، اس میں ہمیں ایسے لوگ ملے جن کا آدھا جسم اتنا خوبصورت جتنا تم نے حسین سے حسین کوئی جسم دیکھا ہوگا اور آدھا جسم اتنا بدصورت جتنا تم نے زیادہ سے زیادہ کوئی بدصورت دیکھا ہوگا، ان دونوں نے ان لوگوں کو کہا جاؤ اور اس نہر میں کود جاؤ اچانک کیا دیکھا کہ وہاں ایک نہر حائل ہے جو بہہ رہی ہے، اس کا پانی دودھ کی طرح سفید تھا، ان لوگوں نے جا کر اس نہر میں چھلانگ لگا دی، پھر واپس آئے تو ان کی بدصورتی زائل ہو چکی تھی اور وہ انتہائی خوب صورت ہو چکے تھے، اس زیادتی کی تفسیر کرتے ہوئے بیان کیا کہ باغ میں جو دراز قامت شخصیت تھی وہ ابراہیم علیہ السلام تھے، ان کے اردگرد جو بچے تھے تو یہ وہ نومولود بچے تھے جو فطرت[۱] پر مر گئے تھے، بعض مسلمانوں نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ! کیا مشرکوں کے بچے بھی ان میں ہیں؟ فرمایا: ہاں! مشرکوں کے بچے بھی ان میں ہیں، رہے وہ لوگ جن کا آدھا جسم خوب صورت اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَاَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَوْلَادُ الْمُشْرِكِيْنَ وَاَمَّا الْقَوْمُ الَّذِيْنَ كَانُوْا شَطْرٌ مِّنْهُمْ حَسَنٌ وَّ شَطْرٌ مِّنْهُمْ قَبِيْحٌ فَاِنَّهُمْ قَوْمٌ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّ اٰخَرَ سَيِّئًا تَجَاوَزَ اللهُ عَنْهُمْ۔

آدھا بدصورت تھا تو یہ وہ لوگ ہیں جنہوں نے اچھے اور برے اعمال کو مخلوط کیا تھا، اللہ تعالیٰ نے انہیں معاف کر دیا ہے۔ ۵

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ) (بخاری)

۱؎ وہ حدیث بھی حضرت سمرہ کی روایت کردہ ہے۔

۲؎ تیسری فصل میں جو حدیث بیان کی ہے (یعنی پیش نظر حدیث) اس میں کچھ اضافہ ہے جو پہلی فصل میں بیان کی گئی حدیث میں نہیں ہے اس جگہ وہی اضافہ بیان کیا جا رہا ہے، باقی حدیث تو پہلی فصل میں بیان کی جا چکی ہے ۱۲ ق ن۔

۳؎ مُعْتَمَۃ میم پر پیش، عین ساکن، تاء کے نیچے زیر اور میم مخفف، عَتَمَۃٌ سے مشتق ہے جس کا معنی سخت اندھیرا ہے، باغ کو اندھیرے سے اس لیے موصوف کیا کہ سبزہ جب گہرا ہو تو سیاہ دکھائی دیتا ہے بعض شارحین نے مُعْتَمَّۃ پڑھا ہے تا پر زیر اور میم مشدد۔

۴؎ لفظ قَطُّ اس جگہ مثبت کی تاکید کے لیے واقع ہوا ہے، نحویوں نے اسے نفی کی تاکید کے لیے خاص کیا ہے، جیسے مَارَاَیْتُہٗ قَطُّ میں نے اسے ہرگز نہیں دیکھا، یوں نہیں کہا جاتا رَاَیْتُہٗ قَطُّ میں نے اسے ضرور دیکھا ہے، تحقیق یہ ہے کہ دوسری حدیثوں میں قطُّ اثبات میں بھی واقع ہوا ہے، بعض متاخرین نے اس قاعدے کو تبدیل کیا ہے، انہوں نے کہا کہ اثبات میں تاکید کے لیے بھی مستعمل ہوتا ہے، جیسے کہ ابن مالک نے تسہیل میں بیان کیا ہے۔

۵؎ لبن لام پر زبر اور ایک نقطے والی با کے نیچے زیر، لبِنٌ بھی کہتے ہیں لام کے نیچے زیر اور با ساکن اس کا واحد لَبِنَۃ ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۶ اس اضافے کی تعبیر بیان کی جو اس حدیث میں موجود ہے اور پہلی فصل کی حدیث میں نہیں ہے
۵۷ یعنی فطرت اسلام جس پر ہر بچہ پیدا ہوتا ہے۔
۵۸ جیسے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں فرمایا ہے۔ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَیِّئًا عَسَی اللّٰہُ اَنْ یَّتُوْبَ عَلَیْھِمْ انہوں نے جمع کیا اچھے عمل اور دوسرے برے عمل کو، قریب ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول فرمائے۔

۴۲۱۹/۱۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنْ اَفْرَی الْفِرَی اَنْ یُّرِیَ الرَّجُلُ عَیْنَیْہِ مَا لَمْ تَرَیَا۔ (رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: بہت بڑا جھوٹ یہ ہے ایک شخص اپنی دونوں آنکھوں کو وہ کچھ دکھائے جو انہوں نے نہیں دیکھا۔ ۱؎ (بخاری)

۱؎ یعنی اپنی آنکھوں پر بہتان باندھے کہ انہوں نے فلاں چیز دیکھی ہے، حالانکہ انہوں نے وہ چیز نہیں دیکھی، مطلب یہ ہے کہ جھوٹا خواب بیان کرے، کیونکہ خواب، وحی کے معنیٰ میں ہے، پس گویا کہ اس نے اللہ تعالیٰ پر افترا کیا ہے، حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ ایک فرشتہ بھیجتا ہے جو خواب دکھاتا ہے۔

۴۲۲۰/۲۰ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اَصْدَقُ الرُّؤْیَا بِالْاَسْحَارِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: نہایت سچا خواب وہ ہوتا ہے جو سحری کے اوقات میں دیکھا جائے ۱؎۔ (ترمذی، دارمی)

۱؎ کیونکہ یہ خوش بختی اور قبولیت کا وقت ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

كِتَابُ الْآدَابِ

۲۲ - آداب کا بیان

علامہ طیبی نے فرمایا کہ ادب کا اطلاق ہر اس مستحسن جدوجہد پر ہوتا ہے جسے انسان، کسی فضیلت کے حاصل کرنے کے لیے کرتا ہے، کلمہ ادب کی اصل ترکیب جمع کرنے اور کسی شخص کو کسی چیز کے لیے بلانے پر مشتمل ہے اور اس معنی کے اعتبار سے ادب کا معنیٰ لوگوں کو کھانے پر بلانا اور جمع کرنا بھی لیا گیا ہے۔ اور وہ کھانا جو شادی یا دعوت کے لیے تیار کیا گیا ہوا ہے "مَأْدُبَۃ" کہتے ہیں۔ ادب کا جو پہلا معنی بیان ہوا ہے وہ بھی مجازی طور پر جمع کرنے اور بلانے کے معنی پر مشتمل ہے صراح میں ہے کہ ادب پہلے دونوں حرفوں پر زبر، لغت، نگہداشت اور ہر چیز کی حد کو کہتے ہیں۔

علامہ سیوطی نے فرمایا کہ ادب اچھے قول و فعل کے استعمال کا نام ہے اور یہ بھی کہا کہ بعض لوگوں نے کہا ہے اچھے اخلاق پر عمل پیرا ہونا ادب ہے، بعض نے کہا نیکیوں پر گامزن رہنا ادب ہے، بعض نے کہا کہ بڑوں کا احترام اور چھوٹوں پر شفقت کا نام ادب ہے، مجمع البحار میں ہے کہ ادب حسن اخلاق ہے اور حق یہ ہے کہ ادب اخلاق و اعمال دونوں کو شامل ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ السَّلَامِ

سلام کا بیان

سلام اسم مصدر ہے تسلیم کا، اس کا معنی ہے سلامتی، خامیوں اور عیبوں سے پاک ہونا اور اللہ تعالیٰ کے اسماء میں سے ایک اسم بھی ہے اور بعض علماء نے کہا ہے کہ تسلیم بھی سلام کا نام ہے، عیب اور نقص سے سلامتی کے اعتبار سے اور اَلسَّلَامُ عَلَیْکَ کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تیرے حال پر آگاہ ہے اس لیے تو غافل مت رہ یا اس کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا اسم تجھ پر ہے یعنی تو اس کی نگہبانی میں ہے جیسے کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ تیرے ساتھ ہے، اکثر علماء نے سَلَامٌ عَلَیْکَ کا معنی یہ کہا ہے کہ تو میری طرف سے سلامتی میں ہے اور مجھے اپنی طرف سے سلامت رکھ۔ سَلَامٌ سِلْمٌ سے مشتق ہے جس کا معنی مصالحت ہے۔ یعنی میری طرف سے تو مامون ہے اور مجھے بھی امن میں رکھ۔ سلام کا طریقہ ابتدائے اسلام میں کافر اور مسلمان میں فرق کرنے کے لیے شروع کیا گیا تھا۔ تاکہ کوئی ایک دوسرے کے ساتھ تعرض نہ کرے گویا یہ مسلمان ہونے کا اعلان تھا۔ بعد میں یہ طریقہ باقاعدہ جاری ہو گیا۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

۴۴۲۱/۱ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ عَلٰی صُوْرَتِهٖ طُوْلُهٗ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا فَلَمَّا خَلَقَهٗ قَالَ اذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰی اُولٰٓئِكَ النَّفَرِ وَهُمْ نَفَرٌ مِّنَ الْمَلٰٓئِكَةِ جُلُوْسٌ فَاسْتَمِعْ

پہلی فصل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا، اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو کو اپنی صورت[۱] پر پیدا کیا، ان کے قد کی لمبائی ساٹھ ہاتھ تھی، جب ان کو پیدا کیا تو انہیں حکم دیا کہ جاؤ اور اس جماعت[۲] کو سلام کہو، وہ چند فرشتے بیٹھے ہوئے تھے اور سن کر (وہ جواب میں) کیسا سلام کہتے ہیں[۳]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مَا يُحَيُّوْنَكَ فَاِنَّهَا تَحِيَّتُكَ وَ تَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ فَذَهَبَ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالُوْا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ رَحْمَةُ اللهِ قَالَ فَكُلُّ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰى صُوْرَةِ اٰدَمَ وَ طُوْلُهٗ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا ثُمَّ لَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ بَعْدَهٗ حَتَّى الْاٰنَ.

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

یہ آپ کا اور آپ کی اولاد کا سلام ہے، حضرت آدم نے جا کر کہا اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ انہوں نے کہا اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللهِ! فرمایا[۵]: انہوں نے وَرَحْمَةُ اللهِ کا اضافہ کیا۔ یہ بھی فرمایا کہ جو شخص بھی جنت میں داخل ہوگا وہ آدم علیہ السلام کی صورت میں ہوگا اور اس کا قد ساٹھ ہاتھ ہوگا، آدم علیہ السلام کے بعد اب تک مخلوق کا قد گھٹتا رہا ہے۔

(صحیحین)

سلہ علماء نے اس حدیث کے معنی میں اختلاف کیا ہے بعض اس کی تاویل نہیں کرتے اور فرماتے ہیں کہ یہ حدیث احادیثِ صفات میں سے ہے اس لیے اس کی تاویل نہ کرنا ہی بہتر ہے اس جیسی مثالوں میں سلف صالحین کا مسلک بھی یہی ہے۔ کچھ علماء اس کی تاویل کرتے ہیں، مشہور تاویل یہ ہے کہ صورت، صفت کے معنی میں ہے جیسے کہتے ہیں کہ صورت مسئلہ یہ ہے اور صورت حال یہ ہے اس صورت میں معنیٰ یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو اپنی صفت پر پیدا کیا اور ان کو اپنی صفات کریمہ کا پرتو بنایا ہے۔ اور ان کو حیّ، عالم، قادر، مرید، متکلم، سمیع اور بصیر بنایا ہے، یا پھر یہ اضافت عظمت و شرافت کے ظاہر کرنے کے لیے ہے جیسے کہ روح اللہ اور بیت اللہ اس صورت میں معنیٰ یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو خوبصورت اور لطیف صورت پر پیدا کیا، ان کی صورت اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی لطافت اور اسرار پر مشتمل تھی۔

بعض علماء کہتے ہیں کہ "صورتہ" میں ضمیر حضرت آدم علیہ السلام کی طرف راجع ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو بغیر کسی مخلوق کے واسطے کے پیدا فرمایا، ساٹھ ہاتھ لمبے قد کے ساتھ اور عام انسانوں کی طرح نہیں کہ پہلے نطفہ ہوتا ہے پھر لوتھڑا اس کے بعد جنین اور اس کے بعد بچہ اور اس کے بعد مکمل مرد بنتا ہے۔

یا آدم علیہ السلام کو ان کی اپنی صورت پر پیدا کرنے کا معنیٰ یہ ہے کہ ان کی مخصوص صورت پر پیدا کیا اور ایسی جامع صورت میں پیدا کیا کہ کوئی مخلوق ایسی نہیں جس کی مثال حضرت آدم کی صورت میں نہ پائی جاتی ہو اسی لیے آپ کو عالم صغیر (چھوٹا جہان) کہا جاتا ہے اس معنیٰ کی صورت میں بھی لفظ صورت بمعنی صفت ہوگا یعنی اللہ تعالیٰ نے آپ کو خاص صفت اور خاص حال پر پیدا کیا کبھی علم کے ساتھ موصوف کبھی عدم علم کے ساتھ، کسی وقت لغزش کے ساتھ اور کسی زمانے میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

برگزیدگی کے ساتھ یا صورت کا معنیٰ ان کی عظمت کا معاملہ ہے کہ ان کو مسجود، ملائکہ، مالک حیوانات اور کائنات کا مسخر کرنے والا بنایا۔

بعض علماء کہتے ہیں کہ "صورتہ" کی ضمیر بھائی یا غلام کی طرف راجع ہے کیونکہ حدیث شریف میں ہے، کہ اگر تم میں سے کوئی اپنے بھائی کو مارے تو اس کے چہرے پر نہ مارے دوسری روایت میں آتا ہے کہ حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ اپنے غلام کے چہرے پر مار رہا ہے تو آپ نے اسے فرمایا کہ اس کے چہرے پر مت مارو کیونکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کو اپنی صورت پر پیدا فرمایا اس لیے یہ چہرہ مکرم اور معظم ہے گویا آپ نے فرمایا یہ غلام حضرت آدم کی اولاد سے ہے اس لیے چہرے پر مارنے سے اجتناب کرنا چاہیے۔ جو کہ انسان کا معزز ترین عضو ہے اور اکثر حواس بھی اسی میں ہیں، ان دونوں حدیثوں کو ضعیف اور کمزور قرار دیا گیا ہے باوجودیکہ دوسری حدیث میں آیا ہے کہ "خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَةِ الرَّحْمٰنِ"، حضرت آدم رحمٰن کی صورت پر پیدا کیے گئے" اس کا جواب یہ دیا گیا کہ محدثین کے نزدیک یہ حدیث ثابت نہیں۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

"صُوْرَتِهٖ" میں موجود ضمیر کے مرجع کے بارے میں دوسرے قول کی تائید سرکار کا یہ فرمان کرتا ہے۔
حضرت آدم کا قد ساٹھ ہاتھ تھا۔

۲ ذِرَاعٌ۔ ذال کے نیچے زیر ہے کہنی سے ہاتھ تک کے درمیانی حصے کو ذراع کہتے ہیں۔ مِرفَق (کہنی) میم کے نیچے زیر اور فا پر زبر، اگر اس کا برعکس (مَرفِق) تو بازو کا جوڑ مراد ہوگا۔ قاموس میں اسی طرح ہے یہ آدم علیہ السلام کو ان کی صورت پر پیدا کرنے کا بیان ہے یعنی اللہ تعالیٰ نے ابتداء میں انہیں اسی صورت میں پیدا فرمایا اور اس مقدار میں لمبے قد کے ساتھ، اگر ضمیر کو آدم علیہ السلام کی طرف راجع قرار دیا جائے اور اگر ضمیر بھائی کی طرف راجع ہو تو ضمیر اور مرجع ضمیر میں کوئی ربط نہیں مگر صرف بیان واقع ہے۔ اور حضرت آدم کے قد کی لمبائی کا خصوصی طور سے بیان انسانوں میں اس مقدار کا قد متعارف نہ ہونے کی وجہ سے ہے اور باقی صفات کا ذکر اس لیے نہیں کیا کہ باقی صفات اجمالاً معلوم ہو ہی جائیں گی۔

۳ نَفَرٌ "گروہ"، لغت میں نفر مردوں کے اس گروہ کو کہتے ہیں جو تین سے دس افراد پر مشتمل ہو، یہاں بھی یہی مراد ہے اور فرشتے جو بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کی تعداد بھی تین سے دس تک تھی، نفر سے مطلقاً جماعت بھی مراد لی گئی ہے اگرچہ دس سے زیادہ ہوں واللہ تعالیٰ اعلم۔

۴ يُحَيُّوْنَكَ : (آپ کو سلام کرتے ہیں) اکثر نسخوں میں حا پر زبر اور یا پر شد ہے اور تحیۃ سے مشتق ہے لیکن بعض دیگر نسخوں میں اس کی بجائے يُجِيْبُوْنَكَ جیم کے نیچے زیر اور شرح میں پیش کے ساتھ ہے اور یہ "جواب" سے مشتق ہے، تحیت دراصل حیات سے مشتق ہے جس کا معنی زندہ کرنا ہے اور اسی سے حَيَّاكَ اللّٰه کہتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یعنی اللہ تعالیٰ آپ کو زندہ و سلامت رکھے اور تحیت سلامتی، ملک اور بقا کے معنی میں بھی آتا ہے اور التحیات للہ میں یہی معنی مراد ہے۔

ؔ۵ ذُرِّيَّتُ (اولاد) بہ کلمہ ذرٌ سے مشتق ہے پھیلانے اور پراگندہ کرنے کے معنی میں ہے اور چیونٹی کو ذَرَّۃٌ اسی اعتبار سے کہا جاتا ہے۔

ؔ۶ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم یا راوی نے۔

ؔ۷ فَزَادُوْهُ وَرَحْمَةُ اللهِ ۔ یعنی حضرت آدم علیہ السلام کے سلام کے جواب میں فرشتوں نے لفظ ورحمۃ اللہ بڑھادیا اور فضیلت یہ ہے کہ اگر ایک کہے۔ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ تو دوسرا وَعَلَيْكَ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللهِ جواب میں کہے اور اگر سلام میں ورحمۃ اللہ بھی کہا جائے تو جواب میں دوسرا آدمی وَرَحْمَةُ اللهِ وَبَرَكَاتُهٗ کہے اور بعض روایات میں اس کے ساتھ وَمَغْفِرَتُهٗ بھی آیا ہے اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ سلام کے جواب میں السَّلَامُ عَلَيْكَ کہنا بھی درست ہے چنانچہ اس عبارت اور وَعَلَيْكَ السَّلَامُ میں کچھ فرق نہیں ہے۔

ؔ۸ جو بلندی قامت اور حسن و جمال حضرت آدم کا ہے جنتی اس کے ساتھ مزین ہو کر جنت میں آئے گا لیکن دوزخی بدترین صورت میں ہوں گے۔ چنانچہ ان میں سے ایک کے دانت پہاڑ کے برابر ہوں گے۔

ؔ۹ فَلَمْ يَزَلِ الْخَلْقُ يَنْقُصُ ۔ عبارت میں تقدیم و تاخیر ہے یعنی حضرت آدم ساٹھ ہاتھ لمبے قد کے تھے اور اب مخلوق کے قد گھٹتے جا رہے ہیں اور جب یہ جنت میں داخل ہوں گے تو ان کے قد حضرت آدم کے قد کے برابر ہو جائیں گے۔

۴۲۲۲ وَعَنْ عَبْدِ اللهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ [۱] رَجُلًا سَاَلَ رَسُوْلَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّ الْاِسْلَامِ خَيْرٌ قَالَ تُطْعِمُ الطَّعَامَ وَتُقْرِئُ السَّلَامَ عَلٰى مَنْ عَرَفْتَ وَمَنْ لَّمْ تَعْرِفْ ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سوال کیا کونسا اسلام بہتر ہے؟ آپ نے فرمایا کھانا کھلاؤ[۲] اور سلام[۳] دو جسے تم جانتے ہو اور جسے نہیں جانتے۔ (صحیحین)

ؔ۱ مسلمانی کے آداب اور عادتوں میں سے کون سی عادت اور کونسا ادب زیادہ فضیلت والا ہے۔

ؔ۲ اس میں سخاوت اور تواضع کی طرف اشارہ ہے جو صفات حمیدہ اور عمدہ عادتیں ہیں اور مخلوق خدا کے ساتھ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

معاملے میں ان کو ملحوظ رکھنا واجب ہے طیبی نے کہا ہے کہ ان دو اوصاف کی تخصیص سوال کرنے والے کے حال کے مطابق تھی اور اسی لیے سائل کو خطاب کے صیغے سے مخاطب کیا شاید نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے سائل میں ان دو اوصاف کے برعکس میلان پایا اور ان کے اس میلان کے آثار کا ازالہ نہایت ضروری تھا۔ اور اس کی دلیل یہ ہے کہ دوسری احادیث میں بعض دیگر صفات کو اسلام کی افضل عادات میں شمار کیا ہے جیسے رات کے اس حصے میں نماز ادا کرنا جب لوگ نیند میں ہوں، ہمسائے اور مہمان کے ساتھ حسن سلوک اور اس کی عزت کرنا وغیرہ یعنی ہر کسی کے لیے جو کچھ مناسب سمجھا اور اس کے حال کے مطابق پایا اسے انہی صفات کی ترغیب دی۔

۵۳ تَقْرَئُ تا پر پیش (اقراء) سے مشتق ہے جس کا معنی ہے پڑھنا، تا پر زبر بھی پڑھی گئی ہے، یہ قرات سے مشتق ہے، اس کا معنی ظاہر اور واضح ہے، اس کے باوجود تا پر پیش پڑھنا زیادہ صحیح اور زیادہ فصیح ہے۔ اقراء کا معنی سلام پڑھنا قدرے مبہم ہے اس کی توجیہ یہ ہے کہ سلام کرنے والا سلام کا باعث بنتا ہے کیونکہ جسے سلام کہا گیا ہے اس کی طرف سے سلام کے جواب کا سبب بنتا ہے۔ گویا اس سے سلام کہلوا رہا ہے، اگر سلام قلم سے لکھا گیا ہو تو اقراء مناسب ہے کیونکہ جس کو سلام لکھا ہے سلام لکھنے والا اس سے سلام پڑھوا رہا ہے۔

اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ سلام حقوق اسلام میں سے ہے دوستی اور شناسائی کا ہی حق نہیں ہے اور اسی طرح عیادت اور اس جیسی دوسری صفات جو آئندہ حدیث میں آرہی ہیں وہ بھی حقوق اسلام میں سے ہیں۔

۴۴۲۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُؤْمِنِ عَلَى الْمُؤْمِنِ سِتُّ خِصَالٍ يَعُوْدُهٗ اِذَا مَرِضَ وَ يَشْهَدُهٗ اِذَا مَاتَ وَ يُجِيْبُهٗ اِذَا دَعَاهُ وَ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ اِذَا لَقِيَهٗ وَ يُشَمِّتُهٗ اِذَا عَطَسَ وَ يَنْصَحُ لَهٗ اِذَا غَابَ اَوْ شَهِدَ وَ لَمْ اَجِدْهُ فِى الصَّحِيْحَيْنِ وَلَا فِىْ كِتَابِ الْحُمَيْدِىِّ وَلٰكِنْ ذَكَرَهٗ صَاحِبُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حق ہیں[۵۴] اگر مسلمان بھائی بیمار ہو جائے تو اس کی عیادت کرے اور اگر مر جائے تو جنازے کو آئے اگر دعوت کرے تو حاضر[۵۵] ہو اگر اسے ملے تو سلام[۵۶] کرے، اگر چھینکے تو جواب دے، غائب ہو یا حاضر تو اس کی خیر[۵۷] خواہی کرے (میں نے یہ روایت نہ بخاری مسلم میں پائی اور نہ ہی حمیدی[۵۸] کی کتاب میں لیکن صاحب جامع نے نسائی کے حوالے سے اسے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

الجامع بروایۃ النسائی۔ ذکر کیا ہے۔

سلہ اگرچہ چھ خصلتیں واجب نہیں ہیں لیکن تاکید میں مبالغہ کے لیے صیغہ وجوب (علی) استعمال بھی کیا گیا ہے۔

سلہ۲ عیادت: عود سے مشتق ہے جس کا معنی واپس ہونا اور پلٹنا ہے، کیونکہ عیادت کرنے والا مریض کی طرف رجوع کرتا ہے اور اس کے قریب جاتا ہے، یا یہ معنی ہے کہ عیادت کرنے والا پلٹ کر بار بار عیادت کرتا ہے۔

سلہ۳ بشرطیکہ کوئی شرعی عذر نہ ہو مثلاً کسی بدعت کا ارتکاب یا تفاخر اور نمود و نمائش پائی جائے۔

سلہ۴ یہاں سلام کے جواب کا ذکر نہیں کیا کیونکہ سلام کا جواب لازم اور واجب ہے۔

سلہ۵ جب چھینکنے والا مسلمان الحمد للہ کہے اسے جواب دو (یرحمک اللہ) اگر چھینکنے والا الحمد للہ نہیں کہتا تو جواب دینا ضروری نہیں اس کی تفصیل الگ باب میں آئے گی۔

تشمیت۔ شین اور سین کے ساتھ چھینک کا جواب دینے کے معنی میں ہے اور باب العطاس میں اس لفظ اور چھینک کے احکام کی تحقیق آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

سلہ۶ یعنی اگر مسلمان بھائی غائب ہو اس کی غیبت نہ کرے اور اگر موجود ہو تو خوشامد اور منافقت نہ کرے اور مسلمان بھائی کے سامنے اور پس پشت خیر خواہ رہے یہاں نصیحت کا معنی خیر کا ارادہ ہے دراصل لغت میں نصیحت کا معنی خلوص آتا ہے اس کی مزید تحقیق آئندہ اوراق میں آئے گی۔

سلہ۷ امام حمیدی کی کتاب کا نام الجمع بین الصحیحین ہے۔

۴۴۲۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى تُؤْمِنُوْا وَلَا تُؤْمِنُوْا حَتّٰى تَحَابُّوْا اَوَلَا اَدُلُّكُمْ عَلٰى شَيْءٍ اِذَا فَعَلْتُمُوْهُ تَحَابَبْتُمْ اَفْشُوا السَّلَامَ بَيْنَكُمْ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہی روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم اس وقت تک جنت میں نہ جا سکو گے جب تک مومن نہ ہو اور اس وقت تک مومن نہیں ہو گے[1] جب تک آپس میں محبت نہ رکھو، کیا تمہیں ایسی چیز نہ بتاؤں[2] جس کے کرنے سے باہمی محبت بڑھے ایک دوسرے کو سلام کیا کرو[3] (مسلم)

سلہ یعنی کامل مسلمان اس وقت تک نہیں ہو گے جب تک تم خدا کے لیے باہم محبت نہیں رکھو گے بعض نسخوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

میں لَاتُؤْمِنُوْنَ آیا ہے اور قاعدہ کے موافق بھی یہی ہے حَتّٰی تُؤْمِنُوْا سے موافقت اور مشابہت کے لیے یہاں بھی وَلَا تُؤْمِنُوْا استعمال ہوا ہے۔

سے۲ باہمی محبت کے حصول کے لیے فرمایا: کیا ایسی چیز نہ بتاؤں ! جسے کرنے سے تمہارے درمیان محبت بڑھے اور وہ صفت یہ ہے۔

سے۳ سلام پھیلانے سے مراد یہی ہے کہ اپنے اور بیگانے کو سلام کرو یا اس کا مطلب سلام کو ظاہر کرنا اور اس طرح بلند آواز سے کہنا کہ سلام اس کو سنائی دے۔ جیسے سلام کیا گیا ہے کیونکہ یہ دوستی اور محبت پیدا کرنے کا سبب ہے۔

۴۴۲۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ الرَّاكِبُ عَلَى الْمَاشِيْ وَ الْمَاشِيْ عَلَى الْقَاعِدِ وَ الْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ سواری کرنے والا چلنے والے کو سلام کرے اور چلنے والا بیٹھنے والے کو اور کم تعداد والے زیادہ تعداد والوں کو سلام کریں۔[۱] (صحیحین)

سے۱ آئندہ حدیث بھی اسی مضمون پر مشتمل ہے۔

۴۴۲۶ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ وَ الْمَآرُّ عَلَى الْقَاعِدِ وَ الْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا چھوٹا بڑے کو سلام کرے، گزرنے والے بیٹھے ہوئے کو اور کم تعداد والے زیادہ تعداد والوں کو سلام کریں۔[۱] (بخاری)

سے۱ شارحین فرماتے ہیں کہ یہ حکم اس وقت ہے جب دو مسلمان ایک دوسرے کے آمنے سامنے آجائیں اور اگر ایک مسلمان دوسرے کے پاس حاضر ہو تو سلام میں پہل کرنا باہر سے آنے والے کے لیے ضروری ہو گا خواہ وہ چھوٹا ہو یا بڑا قلیل گروہ ہو یا کثیر۔

۴۴۲۷ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰی غِلْمَانٍ فَسَلَّمَ عَلَیْهِمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

چند بچوں کے پاس سے گزرے تو آپ نے ان بچوں کو سلام فرمایا۔ (بخاری و مسلم)

لہ یہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف سے اہل جہان پر انتہائی شفقت و کرم ہے اللہ تعالیٰ آپ پر درود و سلام بھیجے اور مسلمانوں کی طرف سے آپ کو بہترین صلہ عطا فرمائے۔

۴۴۲۸ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تَبْدَءُوا الْیَهُوْدَ وَلَا النَّصَارٰی بِالسَّلَامِ وَاِذَا لَقِیْتُمْ اَحَدَهُمْ فِیْ طَرِیْقٍ فَاضْطَرُّوْهُ اِلٰی اَضْیَقِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہودیوں اور عیسائیوں کو سلام کہنے میں ابتداء نہ کرو اور جب ان میں سے کسی کے ساتھ راستے میں ملو تو اسے تنگ راستے کی طرف چلنے پر مجبور کردو لہ ... (مسلم)

لہ یعنی یہودیوں اور عیسائیوں پر سلام میں پہل مت کرو اور اگر وہ سلام میں پہل کریں تو جیسا سلام کریں ویسا ہی انہیں لوٹا دو، علماء فرماتے ہیں کہ یہودیوں اور عیسائیوں کے سلام کے جواب میں وَعَلَیْکَ سے زیادہ نہ کہا جائے اور کافروں کو سلام کے جواب میں ہَدَاکَ اللہُ (اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت نصیب فرمائے) بھی کہنا چاہیے اور بعض علماء نے یہودیوں اور عیسائیوں کو ضرورت یا حاجت (تالیف قلب) کے وقت سلام کہنا درست اور جائز قرار دیا ہے، بدمذہبوں اور فاسقوں کا بھی یہی حکم ہے۔

لہ یعنی ان پر اسلام کی عزت اور شوکت کے اظہار کے لیے غلبہ قائم رکھو یا اس سے ایک طرف چلنے کے بارے میں حکم دینا مراد ہے۔

۴۴۲۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّی اللهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ عَلَیْکُمُ الْیَهُوْدُ فَاِنَّمَا یَقُوْلُ اَحَدُهُمْ اَلسَّامُ عَلَیْکَ فَقُلْ وَعَلَیْکَ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب یہودی تمہیں سلام کہتے ہیں تو وہ السام علیکم کہتے ہیں۔ تم بھی صرف وعلیک کہہ دیا کرو۔ (صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ یہودی سلام کی بجائے مسلمانوں کو اَلسَّامُ عَلَیکُم کہتے ہیں اور سام کا معنی موت ہے یہ ان کی مسلمانوں کے ساتھ عداوت اور ان کے خبث باطن کی وجہ سے ہے اسی لیے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے تمام مسلمانوں کو مخاطب کرکے فرمایا کہ اگر وہ تمہیں اَلسَّامُ عَلَیکُم کہیں تو تم ان کے جواب میں وَعَلَیکَ کہہ دو تاکہ جو کچھ انہوں نے کہا انہیں پر لوٹ جائے اور ان کو وَعَلَیکَ السَّلَام نہ کہو۔

۴۴۳۰ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَلَّمَ عَلَيْكُمْ اَهْلُ الْكِتَابِ فَقُوْلُوْا وَ عَلَيْكُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تمہیں اہل کتاب سلام کہیں تو تم صرف وَعَلَیکُم کہہ دو۔ (صحیحین)[۱]

سلہ اس روایت میں حضور انور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ فَقُولُوا وَعَلَیکُم تم کہہ دو اور تم سب پر جمع کے صیغہ کے ساتھ جب کہ پہلی حدیث میں نعل اور عَلَیکَ دونوں واحد کے صیغے ہیں روایات میں وَعَلَیکُم اور وَعَلَیکُم واؤ کے ساتھ اور بغیر واؤ کے (علیک، علیکم) دونوں طرح آیا ہے۔

موطا کی روایت میں علیک بغیر واؤ کے ہے اور اسی طرح دار قطنی میں بھی ہے علماء فرماتے ہیں کہ بہتر یہی ہے کہ علیک اور علیکم بغیر واؤ کے ہی کہا جائے تاکہ جو کچھ یہودیوں نے کہا ہے اس میں جواب دینے والا بھی شریک نہ ہو جائے اور بعض علماء فرماتے ہیں کہ اس میں کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ موت تو یہودیوں اور مسلمانوں میں مشترک ہے اور بعض دیگر علماء نے فرمایا ہے کہ واؤ یہاں مشارکت کے لیے نہیں ہے بلکہ نیا کلام شروع کرنے کے لیے ہے مراد یہ ہے اور تم پہ وہ کچھ جس کے تم مستحق ہوا چونکہ روایت دونوں طریقوں سے ہے اس لیے صحیح یہی ہے کہ دونوں طریقوں سے جواب دینا درست ہے۔

۴۴۳۱ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِسْتَاْذَنَ رَهْطٌ مِّنَ الْيَهُوْدِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا السَّامُ عَلَيْكُمْ فَقُلْتُ بَلْ عَلَيْكُمْ بَلْ عَلَيْكُمُ السَّامُ وَاللَّعْنَةُ فَقَالَ يَا عَائِشَةُ اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ

ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں یہودیوں کے ایک گروہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے باریابی کی اجازت چاہی انہوں نے کہا اَلسَّامُ عَلَیکُم[۱] (تم پر ہلاکت ہو) میں نے انہیں جواب[۲] دیا تم پر ہلاکت اور لعنت ہو[۳]۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عائشہ! اللہ تعالیٰ مہربان

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يُحِبُّ الرِّفْقَ فِي الْاَمْرِ كُلِّهٖ قُلْتُ اَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا قَالَ قَدْ قُلْتُ وَعَلَيْكُمْ وَفِيْ رِوَايَةٍ عَلَيْكُمْ وَلَمْ يَذْكُرِ الْوَاوَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ) وَفِيْ رِوَايَةٍ لِلْبُخَارِيِّ قَالَتْ اِنَّ الْيَهُوْدَ اَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوْا اَلسَّامُ عَلَيْكَ قَالَ وَعَلَيْكُمْ فَقَالَتْ عَائِشَةُ اَلسَّامُ عَلَيْكُمْ وَلَعَنَكُمُ اللّٰهُ وَغَضِبَ عَلَيْكُمْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْلًا يَا عَائِشَةُ عَلَيْكِ بِالرِّفْقِ وَاِيَّاكِ وَالْعُنْفَ وَالْفُحْشَ قَالَتْ اَوَلَمْ تَسْمَعْ مَا قَالُوْا قَالَ اَوَلَمْ تَسْمَعِيْ مَا قُلْتُ رَدَدْتُ عَلَيْهِمْ فَيُسْتَجَابُ لِيْ فِيْهِمْ وَلَا يُسْتَجَابُ لَهُمْ فِيَّ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِمُسْلِمٍ قَالَ لَا تَكُوْنِيْ فَاحِشَةً فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْفُحْشَ وَالتَّفَحُّشَ۔

ہے ہر کام میں نرمی پسند فرماتا ہے، میں نے کہا آپ نے نہیں سنا یہودیوں نے کیا کہا ہے! آپ نے فرمایا میں نے بھی وعلیکم کہہ دیا ہے (صحیحین)

اور دوسری روایت میں بغیر واؤ کے علیکم ہے امام بخاری کی ایک روایت میں ہے کہ یہودیوں کا ایک گروہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوا انہوں نے کہا السَّامُ علیکم، رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اور تم پر بھی، لیکن حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے فرمایا تم پر خدا کا غضب، اس کی لعنت اور ہلاکت ہو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ نے فرمایا اے عائشہ ٹھہرو نرمی اختیار کرو سختی اور بدگوئی سے بچو حضرت عائشہ نے کہا آپ نے سنا نہیں؟ یہودیوں نے کیا کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو میں نے کہا تم نے نہیں سنا! میں نے یہودیوں کا کلام انہی پر لوٹا دیا مجھ پر ان کی بددعا قبول نہیں ہوگی لیکن ان کے خلاف میری دعا قبول ہوگی امام مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ آپ نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو فرمایا تم بدگوئی مت کرو اللہ تعالیٰ فحش گوئی کی عادت اور بتکلف فحش گوئی کو پسند نہیں فرماتا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱ ؎ شقی القلب یہودیوں نے اَلسَّامُ عَلَیْکُمْ میں جمع کی ضمیر لا کر رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اور اہل بیت کے سب پر بددعا کا ارادہ کیا تھا اگرچہ سلام کے لیے ضمیر جمع اس ارادے کے بغیر بھی آتی ہے۔

۲ ؎ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس بددعا کو ان یہودیوں کی طرف پلٹتے ہوئے کہا۔

۳ ؎ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب میں ہلاکت کے ساتھ یہودیوں کو ڈانٹنے اور ان پر سختی کے سبب لعنت کا اضافہ کیا۔ یہودیوں پر اللہ تعالیٰ کی لعنت اور غضب کا قرآن پاک میں کئی جگہ ذکر آیا ہے۔

۴ ؎ صراح میں ہے رفق نرمی ہے سختی کے برعکس اور قاموس میں رفق لطف کو کہتے ہیں۔

۵ ؎ یعنی یہودیوں نے تو بددعا دی ہے پر تو اس لائق ہیں کہ ان سے سختی اور درشتی سے پیش آؤں یہ یہودی تو خود ملعون ہیں۔

۶ ؎ میں نے بھی کہہ دیا ہے ہلاکت تم پر بھی ہو یا یہ کہ لعنت و نفرین تم پر ہو جس کے تم مستحق ہو۔

۷ ؎ ایک دوسری روایت میں صرف علیکم ہے واؤ کا ذکر نہیں ہے گزشتہ حدیث میں واؤ کا ذکر کرنے یا نہ کرنے کی تحقیق کی جا چکی ہے۔

۸ ؎ سختی اور گفتگو میں حد سے تجاوز کرنے سے بچو فحش فا رپیش گناہوں میں جو سخت بری چیز ہو اسے فحش کہتے ہیں اس جگہ گفتگو میں سختی کی زیادتی مراد ہے۔

۹ ؎ یعنی جو دعائے بد انہوں نے مجھ پر کی میں نے وعلیکم کہہ کر انہیں پر لوٹا دی۔

۱۰ ؎ یعنی درشت گو مت بنو اور درشت گوئی میں حد سے تجاوز کرنے والی نہ بنو۔

۱۱ ؎ فحش وہ ہے جو بے تکلف سرزد ہو اور تفحش یہ ہے کہ تکلف کے ساتھ فحش گوئی کی جائے۔

۴۴۳۲ / ۱۲ وَعَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِمَجْلِسٍ فِيْهِ اَخْلَاطٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَ الْمُشْرِكِيْنَ عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ وَ الْيَهُوْدِ فَسَلَّمَ عَلَيْهِمْ۔
(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ایک مخلوط مجلس کے قریب سے گزرے جس میں مسلمان، بت پرست، مشرک اور یہودی بیٹھے ہوئے تھے تو آپ نے انہیں سلام فرمایا ؎۱۔
(بخاری و مسلم)

۱ ؎ اس مخلوط مجلس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کا ارادہ کر کے سلام فرمایا اس سے معلوم ہوتا ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کہ اگر ایسی جماعت بیٹھی ہو جن میں کچھ سلام کے مستحق ہوں اور کچھ سلام کے مستحق نہ ہوں جیسے کافروں اور بدعتیوں کی جماعت تو اس جماعت کو کوئی بھی مسلمان سلام کے مستحقین کا ارادہ کرکے سلام کر سکتا ہے علماء فرماتے ہیں مسلمان کو ایسی جماعت کو سلام کہنے کا اختیار ہے السلام علیکم کہے یا اَلسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی (جس نے ہدایت کی پیروی کی اس پر سلامتی ہو) اور اہل کتاب کو خط میں اَلسَّلَامُ عَلٰی مَنِ اتَّبَعَ الْھُدٰی ہی لکھا جائے۔

اگر کہا جائے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان عَبَدَۃِ الْاَوْثَانِ (بت پرست) اگر مشرکین کا بیان ہے تو درست ہے کیونکہ یہودی مشرکین اور بت پرستوں میں شامل نہیں ہیں اور اگر مشرکین کا بیان نہیں ہے تو ان کے مقابل عَبَدَۃُ الْاَوْثَانِ کا لانا درست نہ ہوگا اس کا جواب یہ ہے کہ ممکن ہے کہ مشرکین سے مراد کافر ہوں جیسے آیہ کریمہ میں ہے اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ (۴۸۔النساء۴) بے شک اللہ اسے نہیں بخشتا کہ اس کے ساتھ کفر کیا جائے (ترجمہ کنز الایمان) بعض علماء نے فرمایا ہے کہ وَالْیَھُوْدِ کا عطف عَبَدَۃِ الْاَوْثَانِ کی بجائے مشرکین پر ہے اور عَبَدَۃِ الْاَوْثَانِ مشرکین کا بیان ہے کیونکہ تمام مشرکین عرب بت پرست تھے اور عبادت میں مشرک تھے۔

۴۴۳۳ / ۱۳ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِیَّاکُمْ وَالْجُلُوْسَ بِالطُّرُقَاتِ فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ مَا لَنَا مِنْ مَّجَالِسِنَا بُدٌّ نَتَحَدَّثُ فِیْھَا قَالَ فَاِذَا اَبَیْتُمْ اِلَّا الْمَجْلِسَ فَاَعْطُوا الطَّرِیْقَ حَقَّہٗ قَالُوْا وَمَا حَقُّ الطَّرِیْقِ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ قَالَ غَضُّ الْبَصَرِ وَکَفُّ الْاَذٰی وَرَدُّ السَّلَامِ وَالْاَمْرُ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّھْیُ عَنِ الْمُنْکَرِ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا راستوں میں بیٹھنے سے بچو صحابہ کرام نے عرض کیا ہمیں راستوں میں بیٹھنا پڑتا ہے وہاں بیٹھ کر ہم بات چیت کرتے ہیں تو آپ نے فرمایا اگر راستوں میں بیٹھنا ہی ہے تو راستے کو اس کا حق دو صحابہ کرام نے پوچھا۔ یا رسول اللہ راستے کا کیا حق ہے؟ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا نظر کو جھکانا، گزرگاہ سے تکلیف دہ چیزوں کو ہٹانا، سلام کا جواب دینا، نیکی کا حکم دینا اور برائی سے بھی منع کرنا۔ (صحیحین)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ طرقات: طا اور را دونوں پر پیش

سلہ مجلس: لام پر زبر علامہ کرمانی نے بھی اسی طرح کہا ہے اور اسی طرح شرح ابن الملک میں بیٹھنے کے معنی میں ہے جبکہ جمال الدین محدث کے نسخہ میں لام کے نیچے زیر ہے یعنی اگر تم راستوں میں بیٹھنے سے باز نہیں رہ سکتے تو بیٹھو (لیکن ایک شرط کے ساتھ)۔

سلہ یعنی راستے میں بیٹھنے کا حق یہ ہے کہ غیر محرم عورتوں پر نظر پڑنے سے آنکھ کو روکا جائے۔

سلہ راستے میں پڑے ہوئے پتھر اور غلاظت کو دور کرنا جو گزرنے والوں کو پریشان کرتے ہیں۔

سلہ آپ نے سلام کا جواب دینا فرمایا ہے سلام دینا نہیں فرمایا کیونکہ سنت یہ ہے کہ پیادہ شخص بیٹھے ہوئے کو سلام کرے جیسا کہ گزر چکا ہے۔

سلہ شرع میں جس کی تعریف کی گئی اس کا حکم دینا اور جس چیز سے منع کیا گیا اور شریعت میں اس کا جواز بیان نہیں کیا گیا ایسی چیز سے منع کرنا۔

۴۴۳۴/۱۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ ھٰذِہِ الْقِصَّۃِ قَالَ وَ اِرْشَادُ السَّبِیْلِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ عَقِیْبَ حَدِیْثِ الْخُدْرِیِّ ھٰکَذَا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم و آلہٖ وسلم نے اس واقعہ میں فرمایا اور راستہ دکھانا۔

امام ابوداؤد نے حضرت ابوسعید خدری کی روایت کے بعد ان کلمات کا ذکر کیا ہے۔

سلہ اس واقعہ میں جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو راستے میں بیٹھنے سے منع فرمایا جب انہوں نے اپنی مجبوری بیان کی تو ان کو فرمایا کہ راستے کو اس کا حق دو اور پھر راستے کے حقوق بیان فرمائے ایک دوسری روایت میں فرمایا مسافروں کو راستہ بتانا جو نہیں جانتے کہ یہ راستہ کدھر جاتا ہے۔

۴۴۳۵/۱۵ وَعَنْ عُمَرَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ وَ تُغِیْثُوا الْمَلْھُوْفَ وَ تَھْدُوا الضَّالَّ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ عَقِیْبَ حَدِیْثِ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ ھٰکَذَا وَ لَمْ اَجِدْ ھُمَا فِی الصَّحِیْحَیْنِ)

حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ مظلوم کی مدد کرو[۱] راہ بھولنے والے کو راستہ بتاؤ۔ یہ روایت ابوداؤد نے حضرت ابوہریرہ کی روایت کے بعد اسی طرح نقل کی ہے اور میں نے ان حدیثوں کو بخاری و مسلم میں نہیں پایا۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۱ قصہ مذکورہ کے بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حدیث روایت کی ہے۔

۵۲ مظلوم اور پریشان حال کی فریاد رسی کرو۔

۵۳ بھولے ہوئے کو راستہ بتلانا عمومی راہنمائی سے اہم ہے۔

۵۴ حالانکہ مصابیح کی فصل اول میں ان دونوں حدیثوں کا ذکر آیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ — دوسری فصل

۴۴۳۶/۱۰۶ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُسْلِمِ عَلَى الْمُسْلِمِ سِتٌّ بِالْمَعْرُوْفِ يُسَلِّمُ عَلَيْهِ إِذَا لَقِيَهُ وَ يُجِيْبُهُ إِذَا دَعَاهُ وَ يُشَمِّتُهُ إِذَا عَطَسَ وَ يَعُوْدُهُ إِذَا مَرِضَ وَ يَتْبَعُ جَنَازَتَهُ إِذَا مَاتَ وَ يُحِبُّ لَهُ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَالدَّارِمِيُّ)

سیدنا علی مرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھ حقوق ہیں (۱) ملاقات کے وقت سلام کرے (۲) اس کی دعوت قبول کرے (۳) جب وہ چھینکے تو یرحمک اللہ کہے (۴) بیمار ہو تو عیادت کرے (۵) جب وہ فوت ہو جائے تو اس کے جنازے کے ساتھ[۱] جائے اور (۶) اس کے لیے وہی پسند کرے جو اپنے لیے پسند کرتا ہے

(ترمذی، دارمی)

۱ جنازے کے ساتھ جانا چونکہ نماز جنازہ بعد میں ہوتی ہے لہٰذا نماز کا ذکر از خود ہو گیا یا یہاں سنن وآداب کا ذکر مقصود ہے اس لیے نماز کا ذکر نہیں کیا کیونکہ نماز جنازہ فرض ہے اور اس کی ادائیگی بہر صورت لازم ہوتی ہے اگرچہ بطور فرض کفایہ ہے۔

۲ خواہ اس خیر کا تعلق دنیا سے ہو یا آخرت سے۔

۴۴۳۷/۱۰۷ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ رَجُلًا جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَرَدَّ

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اس نے السلام علیکم کہا آپ نے اس کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ ثُمَّ جَلَسَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشْرٌ ثُمَّ جَاءَ اٰخَرُ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فَرَدَّ عَلَيْهِ فَجَلَسَ فَقَالَ عِشْرُوْنَ ثُمَّ جَاءَ اٰخَرُ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ فَرَدَّ عَلَيْهِ فَجَلَسَ فَقَالَ ثَلٰثُوْنَ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْ دَاؤُدَ)

سلام کا جواب دیا وہ آدمی بیٹھ گیا تو آپ نے فرمایا "دس" پھر دوسرا شخص آیا اس نے ان الفاظ سے سلام عرض کیا "السلام علیکم ورحمۃ اللہ" آپ نے اس کا جواب دیا وہ بھی بیٹھ گیا تو آپ نے فرمایا "بیس" پھر تیسرا شخص آیا اس نے اضافہ کرتے ہوئے یوں سلام عرض کیا "السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ" آپ نے جواب عنایت فرمایا جب وہ آدمی بیٹھ گیا تو آپ نے فرمایا تیس۔

(ترمذی، ابوداؤد)

سلہ یعنی اس طرح سلام کہنے والے کے لیے دس نیکیاں ہیں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے جو شخص ایک نیکی بجالاتا ہے اس کے لیے اس کی دس مثلیں ہیں۔

سلہ السلام علیکم پر دس نیکیاں ہیں تو اب ورحمۃ اللہ کے اضافے کے ساتھ بیس ہوں گی کیونکہ اب نیکیاں دو ہوں گی۔

سلہ اسی طرح "وبرکاتہ" کے اضافے سے نیکیاں تیس ہو جائیں گی۔

سلہ یہ گفتگو سلام دینے والے کے بارے میں تھی اگر سلام کہنے والے نے السلام علیکم کہا اور جواب دینے والے نے ورحمۃ اللہ کہا یا اس نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہا اور جواب دینے والے نے وبرکاتہ کہا تو اس کا بھی یہی حکم ہے یعنی بیس اور تیس نیکیاں حاصل ہوں گے اسی طرح "ومغفرتہ" کے الفاظ بھی اگلی حدیث میں آ رہے ہیں لہٰذا ان کا حکم بھی یہی ہے۔

۴۴۳۸/۱۸ وَعَنْ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَعْنَاهُ وَزَادَ ثُمَّ اَتٰى اٰخَرُ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَمَغْفِرَتُهٗ فَقَالَ اَرْبَعُوْنَ وَ

حضرت معاذ بن انس رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے گزشتہ حدیث کا معنی روایت کرتے ہوئے یہ اضافہ کیا کہ پھر چوتھا شخص آیا اس نے یوں عرض کیا "السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ومغفرتہ" سلہ، آپ نے فرمایا "چالیس" اور فرمایا اسی طرح فضائل

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ هٰكَذَا تَكُوْنُ الْفَضَائِلُ ۔ ہوتے ہیں گے۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ) (ابوداؤد شریف)

سلہ یہ حمصی صحابی ہیں اور اہل مصر میں شمار کیے جاتے ہیں۔

سلہ معنا روایت کا مطلب یہ ہے کہ الفاظ مختلف مگر دونوں کا مفہوم ایک ہے۔

سلہ یہاں چار نیکیاں ہوئیں ایک سلام اور تین اس پر اضافات رحمۃ اللہ و برکاتہ و مغفرتہ۔

سلہ آپ نے یہ قاعدہ بیان فرمایا کہ یہ زائد لفظ پر اجر بھی زائد ہوتا ہے یہ مطلب نہیں کہ "مغفرتہ" پر اضافہ کی صورت میں اجر میں اضافہ ہوگا کیونکہ اس سے زائد الفاظ کسی حدیث میں نہیں آئے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔

سلہ فائدہ: علماء نے بیان کیا ہے کہ ان الفاظ سے سلام کہنا "السلام علیکم ورحمۃ اللہ و برکاتہ" افضل ہے اگرچہ جس کو سلام کہا جا رہا ہے وہ تنہا ہو پھر بھی ضمیر جمع کی لائی جائے گی اور جواب دینے والا بھی جمع کا لفظ لائے اور علیکم کے ساتھ واو بڑھائے۔ کم از کم سلام "السلام علیکم" ہے۔ اگر "السلام علیک" یا "سلام علیک" کہہ دیا تو یہ بھی کافی ہے۔ کم از کم جواب سلام یہ علیک السلام" اور "علیکم السلام" ہے اگر واو کو حذف کر دیا جائے تو بھی جواب درست ہوگا اور اس پر تمام علماء کا اتفاق ہے کہ اگر جواب میں صرف "علیکم" کہا تو جواب نہیں کہلائے گا اگر "وعلیکم" کہا تو اس میں علماء کی دو رائیں ہیں۔

۴۴۳۹ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوْلَی النَّاسِ بِاللّٰهِ مَنْ بَدَاَ بِالسَّلَامِ ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَالتِّرْمِذِیُّ وَ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا لوگوں میں سے اللہ تعالیٰ کے سب سے قریب وہ شخص ہے جو سلام کہنے میں ابتداء کرے۔ (مسند احمد، ترمذی، ابوداؤد)

سلہ یہ اس وقت ہے جب راستے میں ملاقات ہو کیونکہ ایسے موقع پر سلام کہنا دونوں کا برابر حق ہے۔ ان میں سے جو سبقت لے جائے گا اسے یہ فضیلت حاصل ہوگی لیکن اگر ایک آدمی بیٹھا تھا دوسرا اس کے پاس آتا ہے تو اب سلام کہنا اس آنے والے کا حق ہے اب اگر وہ اپنے اوپر عائد ہونے والے حق کو ادا کرنے میں سبقت لے جاتا ہے تو اسے یہ فضیلت حاصل ہوگی اور اگر بیٹھنے والے نے ابتدا کر دی تو فضیلت اس کے لیے ہوگی۔

سلہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ تین چیزیں آپس میں محبت و پیار بڑھانے کا ذریعہ ہیں ایک یہ کہ ملاقات کے وقت سلام میں ابتدا کرنا دوسرا یہ کہ اس نام سے بلانا جسے دوسرا پسند کرتا ہو تیسرا مجلس میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

آنے پر جگہ دینا۔

۴۴۴۰ وَعَنْ جَرِيْرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ عَلٰى نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْهِنَّ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ)
۲۰

حضرت جریر[1] رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خواتین کی جماعت کے پاس سے گزرے تو آپ نے انہیں سلام فرمایا[2]۔ (مسند احمد)

سلہ یہ جریر بن عبد اللہ بجلی مشہور صحابی ہیں نہایت خوبصورت اور خوش اخلاق تھے۔

سلہ۲ اجنبی عورتوں کو سلام کرنا آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہی مخصوص ہے کیونکہ آپ کی ذات اقدس کسی قسم کے فتنہ سے بالاتر ہے لیکن یہ عمل آپ کے علاوہ کسی کے لیے مناسب نہیں لہٰذا کسی مرد کا غیر محرم عورت یا کسی عورت کا غیر محرم مرد پر سلام مکروہ ہے ہاں اگر عورت ایسی عمر کو پہنچ چکی ہو کہ وہاں فتنہ کا ڈر نہ ہو تو پھر کراہت نہیں۔

۴۴۴۱ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ يُجْزِئُ عَنِ الْجَمَاعَةِ اِذَا مَرُّوْا اَنْ يُّسَلِّمَ اَحَدُهُمْ وَيُجْزِئُ عَنِ الْجُلُوْسِ اَنْ يَّرُدَّ اَحَدُهُمْ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مَرْفُوْعًا) وَرَوٰى اَبُوْ دَاوٗدَ وَقَالَ رَفَعَهُ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ وَهُوَ شَيْخُ اَبِيْ دَاوٗدَ)
۲۱

سیدنا علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نے فرمایا کہ جماعت جب گزرے تو ان میں سے ایک کا سلام کہنا تمام کی طرف سے کافی ہوگا اور بیٹھنے والوں میں سے ایک کا جواب دینا ان تمام کی طرف سے کافی ہو گا[1]، (امام بیہقی، شعب الایمان میں اسے مرفوعاً روایت کیا[2] امام ابو داؤد نے روایت کر کے کہا کہ میرے شیخ حسن بن علی نے اسے مرفوع قرار دیا ہے۔

سلہ سلام کہنے کا سنت ہونا اور اس کے جواب کا فرض ہونا دونوں بطور کفایہ ہیں اس لیے اگر جماعت میں سے ایک نے سلام کہہ دیا یا ایک نے جواب دے دیا تو باقی سے ساقط ہو جائے گا لیکن اگر ہر کوئی یہ عمل کرے تو افضل ہے۔

سلہ۲ امام بیہقی نے مرفوعاً روایت کیا ہے یعنی اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد قرار دیا ہے نہ کہ حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا۔

سلہ۳ حاصل یہ ہے کہ امام بیہقی نے اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی قرار دیا مگر امام ابو داود نے دو سندوں سے روایت کیا ہے ایک وہ سند جس میں آپ کے شیخ حسن بن علی ہیں اس کے مطابق یہ رحمت دو جہاں صلی اللہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تعالیٰ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے اور دوسری سند کے مطابق یہ سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا قول ہے۔

۴۴۴۲ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ مِنَّا مَنْ تَشَبَّهَ بِغَيْرِنَا لَا تَشَبَّهُوْا بِالْيَهُوْدِ وَلَا بِالنَّصَارٰى فَاِنَّ تَسْلِيْمَ الْيَهُوْدِ الْاِشَارَةُ بِالْاَصَابِعِ وَتَسْلِيْمَ النَّصَارٰى الْاِشَارَةُ بِالْاَكُفِّ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ اِسْنَادُهٗ ضَعِيْفٌ)

حضرت عمرو بن شعیب کے والد گرامی نے ان کے جد امجد سے روایت کیا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو غیر سے مشابہت اختیار کرتا ہے وہ ہم میں سے نہیں تم نہ یہود کی مشابہت اختیار کرو نہ نصاریٰ کی یہود کا سلام انگلیوں سے اور نصاریٰ کا سلام ہتھیلیوں سے اشارہ ہے۔

(ترمذی نے روایت کیا اور کہا کہ اس کی سند ضعیف ہے)

۴۴۴۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا لَقِيَ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ فَاِنْ حَالَتْ بَيْنَهُمَا شَجَرَةٌ اَوْ جِدَارٌ اَوْ حَجَرٌ ثُمَّ لَقِيَهٗ فَلْيُسَلِّمْ عَلَيْهِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ)

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں جب کوئی اپنے بھائی سے ملے تو اسے سلام کہے اگر پھر دونوں کے درمیان درخت، دیوار یا پتھر حائل ہو جائے پھر ملاقات ہو تو دوبارہ سلام کہے۔[1]

(ابوداؤد)

[1] جب اتنی سی مفارقت اور جدائی کے بعد سلام کا حکم ہے تو اس سے زائد پر بطریق اولیٰ ہوگا، اس حدیث میں سلام کے مستحب ہونے اور اس کے بجالانے پر کامل طور پر متوجہ کیا گیا ہے۔

۴۴۴۴ وَعَنْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلْتُمْ بَيْتًا

حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم کسی گھر میں جاؤ تو اس کے رہنے والوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَسَلِّمُوْا عَلٰی اَهْلِهٖ وَ اِذَا خَرَجْتُمْ فَاَوْدِعُوْا اَهْلَهٗ بِسَلَامٍ۔

(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا)

کو سلام کہو اور جب نکلو تو ان کے پاس سلام بطور ودیعت رکھو ۔

(بیہقی نے اسے شعب الایمان میں مرسلاً روایت کیا)۔

سلہ یہ مشہور تابعی ہیں۔ نابینا اور حافظ تھے جو کچھ سنتے اسے یاد رکھتے تھے۔

سلہ جب واپسی پر سلام دیا تو گویا خیر و برکت ان کے پاس بطور امانت رکھی جو اسے آخرت میں حاصل ہوگی یہ ایسے ہی ہے جیسے کوئی شخص کسی کے پاس جاتے وقت امانت رکھتا ہے۔ امام طیبی فرماتے ہیں تاکہ وہ ان کی طرف رجوع کرکے اپنی امانت حاصل کریں جیسا کہ دیگر امانتیں واپس لی جاتی ہیں اس میں اس بات کی نیک فال ہے کہ سلامتی سے واپس آؤ اور خیر و برکت حاصل کرو۔

۴۴۲۵ وَعَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا بُنَيَّ اِذَا دَخَلْتَ عَلٰی اَهْلِكَ فَسَلِّمْ يَكُوْنُ بَرَكَةً عَلَيْكَ وَ عَلٰی اَهْلِ بَيْتِكَ۔
۲۵

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آقائے دو جہاں صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا بیٹے! جب تم اپنے گھر والوں کے پاس جاؤ تو انہیں سلام کہو یہ تمہارے اور تمہارے گھر والوں کے لیے برکت ہوگا ۔

(ترمذی)

سلہ روایات میں ہے کہ جب گھر میں آؤ تو اہل خانہ کو سلام کرو اور اگر خالی گھر میں کوئی نہ ہو تو یہ کہنا چاہیے اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ (ہم پر اور اللہ کے صالحین بندوں پر سلام ہو) تاکہ وہاں موجود فرشتوں کو سلام ہو جائے۔

۴۴۲۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلسَّلَامُ قَبْلَ الْكَلَامِ۔
۲۶

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَ قَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ مُنْكَرٌ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلام گفتگو شروع کرنے سے پہلے ہے۔

(اسے ترمذی نے روایت کرکے کہا یہ حدیث منکر ہے)۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۴۷ وَعَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ نَقُولُ اَنْعَمَ اللّٰهُ بِكَ عَيْنًا وَّ اَنْعِمْ صَبَاحًا فَلَمَّا كَانَ الْاِسْلَامُ نُهِيْنَا عَنْ ذٰلِكَ.
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم دور جاہلیت میں کہا کرتے تھے اللہ تعالیٰ تیرے ذریعے آنکھیں ٹھنڈی کرے ۱ تو اچھی طرح صبح کر ۲ جب اسلام آیا تو ہمیں اس سے منع کر دیا گیا ۳ (ابوداؤد)

۱ اَنْعَمَ، نُعُومَۃٌ سے مشتق ہے اس کا معنیٰ نرمی، تازگی اور اچھائی ہے اس عبارت کے دو معنی ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ باء سببیہ ہو اللہ تعالیٰ تیرے آرام اور بہتر زندگی کے سبب دوستوں کی آنکھوں کو اس طرح ٹھنڈا کرے کہ وہ دیکھنے سے خوش ہو جائیں دوسرا یہ کہ "باء" پہلی تعدیہ ہو تو معنی ہوگا کہ اللہ تعالیٰ تجھے اس طرح خوشی عطا فرمائے کہ تیری آنکھیں اسے دیکھ کر خوش ہوں۔

۲ یعنی اچھی ہو تیری صبح یا تو صبح کے وقت خوش ہو اس سے بہتر زندگی اور فراغت مراد ہے، وقت صبح کی تخصیص اس لیے کی کہ اکثر طور پر ڈاکے وغیرہ صبح کے وقت ہی پڑتے تھے، پہلا لفظ اَنْعَمَ ماضی کا صیغہ ہے اور دوسرا انعام سے مشتق امر کا صیغہ ہے۔

۳ ہر قوم میں بادشاہوں اور بڑے لوگوں کے لیے آداب بجالانے کا ایک طریقہ تھا عربوں کے دو محاورات کا ابھی ذکر ہوا عجمی لوگ کہتے تھے "زہے ہزار سال" اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ کے ذریعے اسی بات کی تعلیم دی گئی کہ تمام تحیات و تعظیمات فقط اللہ تعالیٰ کے لیے ہیں اس کے سوا ان کا کوئی مستحق نہیں اسی وجہ سے لفظ التحیات جمع لایا گیا تاکہ تمام تعظیموں کو شامل ہو جائے۔

۴۴۸ وَعَنْ غَالِبٍ قَالَ اِنَّا لَجُلُوْسٌ بِبَابِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ اِذْ جَآءَ رَجُلٌ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ قَالَ بَعَثَنِيْ اَبِيْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْتِهِ فَاَقْرِئْهُ السَّلَامَ قَالَ فَاَتَيْتُهُ فَقُلْتُ اَبِيْ يُقْرِئُكَ

حضرت غالب کہتے ہیں کہ ہم امام حسن بصری کے دروازے پر بیٹھے ہوئے تھے کہ ایک آدمی آیا اور اس نے کہا مجھے میرے والد نے میرے دادا کے حوالے سے بیان کیا کہ مجھے میرے والد نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں بھیجا اور کہا کہ حاضر ہو کر میرا اسلام عرض کرنا فرماتے ہیں میں حاضر ہوا اور عرض کیا یارسول اللہ میرے والد آپ کی خدمت میں سلام عرض کر رہے ہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

السَّلَامَ فَقَالَ عَلَيْكَ وَعَلٰى اَبِيْكَ السَّلَامُ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُد)

آپ نے فرمایا تم پر اور تمہارے والد پر سلام ہو۔
(ابوداؤد)

سلہ غالب بن قطان البصرہ کے رہنے والے تھے، انہیں امام نسائی نے ثقہ، امام احمد نے تاکید کے ساتھ ثقہ اور امام یحییٰ نے صدوق صالح کہا ہے، انہوں نے امام حسن بصری اور سعید بن جبیر سے اور ان سے شعبہ اور عمر نے روایت کی ہے۔

سلہ اس حدیث سے واضح ہے کہ جب کوئی کسی دوسرے کا سلام پہنچائے تو سنت یہ ہے کہ بھیجنے والے اور پہنچانے والے دونوں پر سلام ان الفاظ سے کہا جائے۔ تجھ پر اور فلاں پر سلام ہو۔

۴۴۲۹/۲۹ وَعَنِ ابْنِ الْعَلَاءِ الْحَضْرَمِيِّ اَنَّ الْعَلَاءَ الْحَضْرَمِيَّ كَانَ عَامِلَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اِذَا كَتَبَ اِلَيْهِ بَدَاَ بِنَفْسِهٖ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُد)

حضرت ابن العلاء الحضرمی سے روایت ہے کہ علا حضرمی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے گورنر تھے اور وہ جب بھی آپ کی طرف خط لکھتے تو اپنے نام سے ابتدا کرتے تھے۔
(ابوداؤد)

سلہ اس جگہ نسخے مختلف ہیں بعض میں اسی طرح ہے جس طرح مذکور ہے بعض میں عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ الْحَضْرَمِي اَنَّ الْعَلَاءَ الحضرمی تقریب میں ہے کہ علاء بن حضرمی عظیم صحابی اور بنو امیہ کے حلیف تھے۔ ان کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بحرین کا گورنر مقرر کیا، سیدنا ابو بکر اور سیدنا عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے دور میں بھی وہاں کے گورنر رہے ابن العلاء بن الحضرمی طبقہ ثالثہ میں سے مقبول ہیں، میرا گمان ہے کہ ان کا نام عبداللہ ہے۔

سلہ حضور علیہ السلام کا عمل مبارک بھی یہی تھا جب آپ کسی کو خط لکھتے تو ابتداً اپنا اسم گرامی لکھتے اس کے بعد اگر مکتوب الیہ مسلمان ہوتا تو اس کے لیے سلام لکھتے اگر وہ مسلمان نہ ہوتا تو عموماً یہ لکھتے سَلَامٌ عَلٰى مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى " ہرقل کی طرف بھی ایسے ہی لکھا تھا، اس حدیث کو اس باب میں ذکر کرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ سلام کا مقدمہ ہے جیسے کہ ہم نے بیان کیا اسی طرح مابعد متصلاً آنے والی احوال کی تابت سے متعلقہ تین احادیث کا معاملہ بھی یہی ہے۔ کیونکہ بعض اوقات سلام تحریراً بھی کیا جاتا ہے، حضرت مصنف کا طریقہ یہی ہے کہ وہ فصل کے آخر میں موضوع کے مناسب اور متعلق احادیث کا ذکر کر دیتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۴۵۰ / ۳۰ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا کَتَبَ اَحَدُکُمْ کِتَابًا فَلْیُتَرِّبْہُ فَاِنَّہٗ اَنْجَحُ لِلْحَاجَۃِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ مُنْکَرٌ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آقائے کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی خط لکھے تو اس پر مٹی چھڑک دے کیونکہ یہ ضرورت کو بہت پورا کرنے والی ہے۔ (اسے امام ترمذی نے روایت کر کے کہا یہ حدیث منکر ہے)۔

سلہ یا مراد یہ ہے کہ اس خط کو مٹی پر ڈال دیا جائے۔

سلہ یہ ایسی خاصیت ہے جس کے علم کا شارع کے بغیر کوئی احاطہ نہیں کر سکتا اور نہ ہی نور نبوت کے علاوہ اسے کوئی جان سکتا ہے۔ بعض اہل معرفت نے دوسرے معنی کی حکمت یہ بیان کی ہے کہ خط اور تحریر کو خاک پر ڈالنا اس بات کی علامت ہے کہ حصول مقصد اس تحریر سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ پر اعتماد کی وجہ سے ہے۔ بعض تقریب سے مراد مکتوب الیہ کے لیے کامل تواضع وانکساری مراد لیتے ہیں۔ اس صورت میں "فلیترّبہ" کی ضمیر کا مرجع احدکم ہوگا اور یہ بھی احتمال ہے کہ کتاب کی طرف بھی راجع ہو پہلے دونوں معنوں کے اعتبار سے ضمیر کا کتاب کی طرف راجع کرنا متعین ہے اور پہلے دونوں معنی ہی زیادہ مناسب ہیں۔

صراح میں ہے اِتْرَابٌ، تَتْرِیْبٌ خاک آلودہ کرنا، کسی چیز پر خاک ڈالنا۔ بعض روایات میں اَتْرِبُوا الْکِتَابَ فَاِنَّہٗ اَنْجَحُ لِلْمُرَادِ کے کلمات بھی آئے ہیں قاموس میں ہے کہ اَتْرَبَہٗ وَتَرَّبَہٗ اس وقت کہا جاتا ہے جب اس نے کسی چیز پر مٹی ڈالی ہو نہایہ میں اِتْرَابٌ کا معنی خط پر مٹی ڈالنا بیان کیا گیا ہے۔

۴۴۵۱ / ۳۱ وَعَنْ زَیْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَبَیْنَ یَدَیْہِ کَاتِبٌ فَسَمِعْتُہٗ یَقُوْلُ ضَعِ الْقَلَمَ عَلٰی اُذُنِکَ فَاِنَّہٗ اَذْکَرُ لِلْمَآلِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ ھٰذَا حَدِیْثٌ غَرِیْبٌ وَفِیْ اِسْنَادِہٖ ضُعْفٌ)

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا تو آپ کے پاس کاتب تھا میں نے آپ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ تم اپنے کان پر قلم رکھو کیونکہ یہ انجام کو بہت یاد دلانے والا ہے۔ (امام ترمذی نے اسے روایت کر کے کہا یہ حدیث غریب ہے اور اس کی سند میں ضعف ہے)۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۱ اسی کا نب ہے۔
۵۲ ایک روایت میں واحد کی بجائے تنبذ علی اُذنیک ہے۔
۵۳ بیان مقاصد و مطالب کے لیے بہتر عبارت کا انتخاب مراد ہے۔ یہ ایسی خاصیت ہے جس کا علم صرف شارع علیہ السلام کو ہی ہے شیخ طیبی فرماتے ہیں کہ قلم زبان کا حکم رکھتی ہے چنانچہ کہا جاتا ہے اَلْقَلَمُ اَحَدُ اللِّسَانَیْنِ (قلم بھی ایک زبان ہے) اور زبان ترجمان دل ہوتی ہے، محل سماعت کان پر زبان قلم رکھنے کی وجہ سے کان دل کے قریب ہو جائیں گے اور اب دل عبارات اور فنون کلام میں سے جس کا ارادہ کرے گا اس کو سن سکیں گے۔ یہ گفتگو صرف ایک تخیل اور نحوی نکتہ ہے جو مناسبت کے طور پر انہوں نے بیان کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم۔
۵۴ محدثین کے ہاں مشہور یہی ہے کہ حدیث غریب وہ ہوتی ہے جسے ایک راوی نے ایک سے بیان کیا ہو اور یہ بات مسلم ہے کہ غرابت صحت کے منافی نہیں اسی لیے انہوں نے کہا کہ اس کی سند میں ضعف ہے بعض علماء کے نزدیک غریب بمعنی شاذ ہے کہ یہ روایت ثقہ کی روایت کے مخالف ہے۔

۴۴۵۲ وَعَنْهُ قَالَ اَمَرَنِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اَتَعَلَّمَ السُّرْیَانِیَّةَ وَفِیْ رِوَایَةٍ اَنَّهٗ اَمَرَنِیْ اَنْ اَتَعَلَّمَ کِتَابَ یَهُوْدَ وَ قَالَ اِنِّیْ مَا اٰمَنُ یَهُوْدَ عَلٰی کِتَابٍ قَالَ مَرَّ بِیْ نِصْفُ شَهْرٍ حَتّٰی تَعَلَّمْتُ وَکَانَ اِذَا کَتَبَ اِلٰی یَهُوْدَ کَتَبْتُ وَ اِذَا کَتَبُوْا اِلَیْهِ قَرَأْتُ لَهٗ کِتَابَهُمْ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

انہی ۱ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے سریانی ۲ زبان سیکھنے کا حکم دیا دوسری روایت میں ہے کہ مجھے یہود کی خط و کتابت سیکھنے کا حکم دیا اور فرمایا میں کسی یہودی کی تحریر پر مطمئن نہیں ہوں کہتے ہیں کہ ابھی نصف ماہ بھی نہیں گزرا تھا کہ میں نے اسے ۳ سیکھ لیا اب جب حضور نے یہود کی طرف خط لکھنا ہوتا تو میں لکھتا اور جب یہود آپ کی طرف خط لکھتے تو میں ان کا خط آپ کی خدمت میں پڑھتا۔

(ترمذی شریف)

۱ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ
۲ تورات اسی زبان میں تھی، یہودی بولتے اور اسی میں لکھتے تھے۔
۳ مجھے اس بات کا اندیشہ ہے کہ اگر اس خط و کتابت پر کسی یہودی کو مقرر کیا گیا تو ممکن ہے وہ ہماری

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

طرف سے خط میں اپنی طرف سے کمی بیشی کر دے اور جب یہود کی طرف سے خط آئے تو پڑھتے ہوئے زیادتی یا کمی کر دے۔ کمی یا زیادتی کر دے۔

سے ۵ یہود کی زبان اور ان کی خط وکتابت کا طریقہ۔

۴۴۵۳/۳۳ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا انْتَھٰی اَحَدُکُمْ اِلٰی مَجْلِسٍ فَلْیُسَلِّمْ فَاِنْ بَدَا لَہٗ اَنْ یَّجْلِسَ فَلْیَجْلِسْ ثُمَّ اِذَا قَامَ فَلْیُسَلِّمْ فَلَیْسَتِ الْاُوْلٰی بِاَحَقَّ مِنَ الْاٰخِرَۃِ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے جب کوئی کسی مجلس میں جائے تو سلام کہے اگر بیٹھنا چاہے ۱؎ تو بیٹھ جائے پھر جب وہاں سے واپس لوٹے تو سلام ۲؎ کرے کیونکہ پہلا سلام دوسرے سے زیادہ حق دار نہیں۔

(ترمذی، ابوداؤد)

سے ۱ اگر مجلس اچھی ہو۔

سے ۲ مجلس میں آتے اور جاتے دونوں وقت سلام سنت ہے۔

سے ۳ سلام ہر دفعہ سنت اور اس کا جواب بھی ہر دفعہ واجب ہے۔

۴۴۵۴/۳۴ وَعَنْہُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا خَیْرَ فِیْ جُلُوْسٍ فِی الطُّرُقَاتِ اِلَّا لِمَنْ ھَدَی السَّبِیْلَ وَرَدَّ التَّحِیَّۃَ وَغَضَّ الْبَصَرَ وَاَعَانَ عَلَی الْحَمُوْلَۃِ۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ) وَذُکِرَ حَدِیْثُ اَبِیْ جُرَیٍّ فِیْ بَابِ فَضْلِ الصَّدَقَۃِ۔

انہی سے مروی ہے کہ سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا راستوں میں بیٹھنے میں بھلائی نہیں مگر وہ شخص جو راستہ بتائے سلام کا جواب دے، نگاہ نیچی رکھے اور سوار کرنے میں ۱؎ بھی مدد دے۔

(شرح السنۃ) اور حدیث ابوجری ۲؎ باب فضل الصدقہ میں بیان کر دی گئی ہے۔

سے ۱ حمولہ حا پر زبر کی صورت میں اس سے مراد ہر وہ سواری ہے جس پر بوجھ لادا جائے مثلاً اونٹ، گدھا اور پیش کی صورت میں اس کا معنی بوجھ ہے اب بوجھ اٹھانے والے کے بوجھ میں مدد کرنا ہی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مراد ہو گا۔

۵۲ جُرِّیّ۔ جیم پر پیش، را پر زیر اور یا پر شد ہے۔

۵۳ کیونکہ اس میں بھی سلام کا ذکر ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۴۵۵/۳۵ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا خَلَقَ اللّٰهُ اٰدَمَ وَ نَفَخَ فِیْهِ الرُّوْحَ عَطَسَ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَحَمِدَ اللّٰهَ بِاِذْنِهٖ فَقَالَ لَهٗ رَبُّهٗ یَرْحَمُكَ اللّٰهُ یَا اٰدَمُ اِذْهَبْ اِلٰی اُولٰٓئِكَ الْمَلٰٓئِكَةِ اِلٰی مَلَاٍ مِّنْهُمْ جُلُوْسٍ فَقُلْ اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ فَقَالَ اَلسَّلَامُ عَلَیْكُمْ قَالُوْا عَلَیْكَ السَّلَامُ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ ثُمَّ رَجَعَ اِلٰی رَبِّهٖ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ تَحِیَّتُكَ وَ تَحِیَّةُ بَنِیْكَ بَیْنَهُمْ فَقَالَ لَهُ اللّٰهُ وَ یَدَاهُ مَقْبُوْضَتَانِ اخْتَرْ اَیَّتَهُمَا شِئْتَ فَقَالَ اخْتَرْتُ یَمِیْنَ رَبِّیْ وَ كِلْتَا یَدَیْ رَبِّیْ یَمِیْنٌ مُّبَارَكَةٌ ثُمَّ بَسَطَهَا فَاِذَا فِیْهَا اٰدَمُ

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو پیدا فرمایا اور ان میں روح پھونکی تو انہیں چھینک آئی انہوں نے الحمد للہ کہا اور اللہ کے حکم سے اس کی حمد و ثنا[۵۴] کی رب تعالیٰ نے ان سے فرمایا یرحمک اللہ، اور فرمایا فرشتوں[۵۵] کی اس بیٹھی ہوئی جماعت کے پاس جا کر اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہو جب انہوں نے اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ کہا تو فرشتوں نے عَلَیْکَ السَّلَامُ وَرَحْمَۃُ اللّٰہِ کہا پھر بارگاہ خداوندی[۵۶] لوٹے تو اللہ تعالیٰ نے فرمایا یہ تمہارا اور تمہاری اولاد کا آپس میں سلام ہے۔ پھر اللہ تعالیٰ نے فرمایا: جبکہ اللہ تعالیٰ کے دونوں دستِ قدرت بند[۵۷] تھے ان دونوں[۵۸] میں سے جس کو چاہو اختیار کر لو عرض کیا میں نے اپنے رب کا دایاں ہاتھ اختیار کیا جبکہ اس کے دونوں ہاتھ بابرکت[۵۹] ہیں جب اسے کھولا تو اس میں آدم علیہ السلام اور ان کی اولاد تھی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَ ذُرِّيَّتَهٗ فَقَالَ اَیْ رَبِّ مَا هٰٓؤُلَآءِ قَالَ هٰٓؤُلَآءِ ذُرِّيَّتُكَ فَاِذَا كُلُّ اِنْسَانٍ مَكْتُوْبٌ عُمْرُهٗ بَيْنَ عَيْنَيْهِ فَاِذَا فِيْهِمْ رَجُلٌ اَضْوَئُهُمْ اَوْ مِنْ اَضْوَئِهِمْ قَالَ يَا رَبِّ مَنْ هٰذَا قَالَ اِبْنُكَ دَاوٗدَ قَدْ كَتَبْتُ لَهٗ عُمُرَهٗ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً قَالَ يَا رَبِّ زِدْ فِیْ عُمُرِهٖ قَالَ ذٰلِكَ الَّذِیْ كَتَبْتُ لَهٗ قَالَ اَیْ رَبِّ فَاِنِّیْ قَدْ جَعَلْتُ لَهٗ مِنْ عُمُرِیْ سِتِّيْنَ سَنَةً قَالَ اَنْتَ وَ ذَاكَ قَالَ ثُمَّ سَكَنَ الْجَنَّةَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ اُهْبِطَ مِنْهَا وَ كَانَ اٰدَمُ يَعُدُّ لِنَفْسِهٖ فَاَتَاهُ مَلَكُ الْمَوْتِ قَالَ لَهٗ اٰدَمُ قَدْ عَجِلْتَ قَدْ كُتِبَ لِیْ اَلْفُ سَنَةٍ قَالَ بَلٰی وَلٰكِنَّكَ جَعَلْتَ لِاِبْنِكَ دَاوٗدَ سِتِّيْنَ سَنَةً فَجَحَدَ فَجَحَدَتْ ذُرِّيَّتُهٗ وَ نَسِیَ وَ نَسِيَتْ ذُرِّيَّتُهٗ قَالَ فَمِنْ يَوْمَئِذٍ اُمِرَ بِالْكِتَابِ وَ الشُّهُوْدِ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

عرض کیا اے میرے رب یہ کون ہیں؟ فرمایا: تمہاری اولاد ہے اس وقت ہر انسان کی آنکھوں کے درمیان عمر لکھی ہوئی تھی ان میں سے ایک نہایت ہی روشن چہرے والے تھے یا چمکداروں میں سے ایک تھے عرض کیا یارب یہ کون ہیں؟ فرمایا: یہ تمہارا بیٹا داؤد ہے میں نے اس کی عمر چالیس سال لکھی ہے عرض کیا یارب اس کی عمر میں اضافہ فرما، فرمایا: میں نے ان کے لیے یہ ہی لکھی ہے عرض کیا یارب میں نے اپنی عمر کے ساٹھ سال انہیں دیئے فرمایا تمہاری مرضی راوی کہتے ہیں حضرت آدم جنت میں رہے جتنا عرصہ اللہ تعالیٰ نے چاہا پھر وہاں سے اتارے گئے۔ حضرت آدم اپنی عمر گنتے تھے، جب ملک الموت ان کے پاس آئے تو اس سے فرمایا: تو نے جلدی کی ہے میری عمر تو ہزار سال لکھی گئی تھی عرض کیا ہاں لیکن آپ نے اپنے بیٹے داؤد کو ساٹھ سال دے دیئے تھے۔ حضرت آدم نے انکار فرمایا تو ان کی اولاد بھی انکار کرتی ہے وہ بھول گئے تھے تو ان کی اولاد بھی بھول جاتی ہے راوی کہتے ہیں اسی روز سے لکھنے اور گواہ بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔

(ترمذی)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱؎ یہ جو حضرت آدم نے اللہ تعالیٰ کی حمد و تعریف کی یہ اللہ تعالیٰ کی توفیق سے کی کیونکہ اللہ تعالیٰ کی تعریف ایک عظیم عمل ہے جو اس کی طرف سے دی جانے والی آسانی کے بغیر آسان نہیں۔

۲؎ اللہ تعالیٰ نے یہاں آدم علیہ السلام کو چھینک کا ادب سکھایا ہے اور اس کے ساتھ ہی سلام کی بھی تعلیم دی۔

۳؎ یہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے جس میں ملائکہ کی تعیین ہے یہ بھی احتمال ہے کہ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہو اور آپ نے اس کے ذریعے "اولئک الملائکۃ" کے مصداق کا تعین فرمایا ہو۔

"ملأ" قوم کے ان اشراف اور صاحب فضل لوگوں کو کہا جاتا ہے جن کی طرف تمام معاملات میں قوم رجوع کرتی ہو۔

۴؎ وہ جگہ مراد ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام سے گفتگو فرمائی تھی۔

۵؎ جس طرح ہاتھ بند کر کے اس میں کوئی چیز پوشیدہ کی جاتی ہے۔

۶؎ یعنی وہ چیز جو دونوں ہاتھوں میں سے کسی ایک میں ہے۔

۷؎ یہ حضرت آدم علیہ السلام کا کلام ہے یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا واضح رہے کہ اللہ کے لیے ہاتھ کا اطلاق از قبیل متشابہات ہے، اسی طرح اس کے دونوں ہاتھوں کا داہنا ہونا بھی متشابہ ہے اس کی تشریح میں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ کے لیے بمعنی ہاتھ ثابت نہیں بلکہ بمعنی صفت ثابت ہے اور یہ جملہ اس بات سے کنایہ ہے کہ اس کے لیے ہاتھ ثابت نہیں اگر ہاتھ ہوتا تو اس میں دایاں اور بایاں بھی ہوتا۔ کلام کے آخر میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ اس سے مراد خیر و برکت ہے کیونکہ یہ بدیمنی کو لازم ہے اور یمنیٰ کا مادہ یمن ہے جس کا معنی برکت ہے۔

۲۔ بایاں ہاتھ طاقت اور گرفت میں کمزور ہوتا ہے دونوں ہاتھوں کو دایاں قرار دینے میں یہ حکمت ہے کہ اللہ تعالیٰ کی تمام صفات کاملہ ہیں اور وہ ناقص صفات سے پاک ہے۔

۳۔ حضرت آدم علیہ السلام کا مقصد اللہ تعالیٰ کی تمام نعمتوں کا شکر اور اس بات کو بیان کرنا ہے کہ جو بھی اس کی طرف سے ہو وہ فضل و نعمت ہی ہے خواہ وہ لطف ہو یا قہر کیونکہ جب انہوں نے یہ کہا کہ میں نے داہنا پسند کیا، تو وہم ہو سکتا تھا کہ صفات لطیفہ کو صفات قہریہ پر ترجیح دے رہے ہیں اس لیے کہا کہ میرے رب کے دونوں ہاتھ مبارک ہیں، اس طرح اس وہم کا ازالہ ہو گیا اور اپنے اختیار سے دست بردار ہو گئے۔

۴۔ اس سے مقصود اللہ تعالیٰ کے احسان و فضل اور جود و کرم کی کثرت و عنایت بیان کرنا ہے کیونکہ عربوں کے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تین محاورات ہیں۔ اگر کوئی شخص نفع ہی پہنچائے تو اسے کہتے ہیں کہ دونوں ہاتھ مبارک ہیں اگر کوئی ضرر و نقصان دے تو اسے کہتے ہیں کہ اس کا نصیب بائیں ہاتھ میں ہے اور جو نہ نفع دے اور نہ نقصان اس کے بارے میں کہتے ہیں فلاں نہ دایاں ہاتھ رکھتا ہے اور نہ بایاں۔

۵۔ یہاں یدٌ سے مراد قدرت و نعمت ہے کیونکہ ان دونوں پر عرب 'یدٌ' کا اطلاق کرتے ہیں۔ اگر یدٌ سے مراد قدرت ہو تو معنی ہوگا کہ ہدایت و ایمان، گمراہی و کفر کی تخلیق اس کے قبضہ میں ہے اور اگر مراد نعمت ہو تو معنی ہوگا اہل ہدایت پر اس کا لطف و کرم اور اہل کفر پر قہر و غضب یہ تمام عدل و حکمت ہے کیونکہ وہ غالب و مالک اور علیم و حکیم ہے اور وہ اس سے مطلع ہے جس سے غیر آگاہ نہیں اس آیت مبارکہ میں یہی ارشاد ہے یُضِلُّ بِهٖ مَنْ یَّشَاۗءُ وَیَهْدِیْ مَنْ یَّشَاۗءُ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ (جسے چاہتا ہے گمراہی میں چھوڑ دیتا ہے اور جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے اور وہ غالب حکمت والا ہے۔

ش۸ راوی کو شک ہے کہ یا تو فرمایا کہ ان کے درمیان ایک نہایت ہی خوبصورت مرد تھا یا فرمایا کہ ان میں خوبصورت ترین لوگوں کی ایک جماعت تھی اور یہ ایک مرد اس جماعت میں سے تھا۔

ش۹ اگر دوسرا جملہ ہو تو پھر اشکال وارد نہیں ہوتا مگر پہلی صورت میں یہ اشکال ہے کہ اس سے لازم آتا ہے کہ حضرت داؤد بقیہ تمام انبیاء سے افضل ہوں اس کا جواب یہ ہے کہ زیادہ روشن ہونے سے مراد تمام صفات کمال میں افضل ہونا نہیں ہے بلکہ حضرت داؤد علیہ السلام کو ظہور و نور میں دیگر انبیاء سے جو امتیاز تھا اس کو حضرت آدم پر ظاہر کیا گیا تاکہ ان کی عمر کے بارے میں سوال ہو سکے اور اس پر اور انکار کا واقعہ بھی مترتب ہو جائے جس طرح ہر نبی کو ایک مخصوص امتیاز حاصل ہوتا ہے اس طرح ممکن ہے کہ اس جہان میں یا اس جہان میں بھی حضرت داؤد علیہ السلام روشن اور چمکدار ہونے میں دیگر انبیاء سے ممتاز ہوں اور اس سے بقیہ تمام انبیاء پر فضیلت لازم نہیں آتی۔ یہ بات بھی ذہن نشین رہنی چاہیے کہ ضروری نہیں کہ حضرت آدم نے تمام انبیاء کو دیکھا اور پھر ان میں سے حضرت داؤد کو ممتاز جان کر سوال کیا ہو بلکہ ممکن ہے اتفاقاً ان پر نظر پڑی ہو اور ان کی عمر کے بارے میں سوال کر دیا ہو۔

جن الفاظ سے یہ حدیث باب ایمان بالقدر میں گزری ہے وہ اسی بات کی تائید کرتے ہیں اور وہ الفاظ یہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے اس جماعت میں سے ہر آدمی کی دونوں آنکھوں کے درمیان نور کی چمک پیدا فرما دی پس حضرت آدم نے ان میں سے ایک مرد کو دیکھا تو آپ کو اس کا نور بہت بھا گیا۔

ش۱۰ جو لکھی ہے وہی رہے گی دوسری عمر نہیں مل سکتی۔

ش۱۱ آپ کو اختیار ہے اگر آپ اپنی عمر میں سے ساٹھ سال دینا چاہتے ہیں تو دیں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔

ش۱۲ یہاں تک کہ آپ کی عمر نو سو چالیس سال تک پہنچ گی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۱۳ اس سے مراد وہ الفاظ ہیں جو آپ نے ملک الموت کو کہے کہ میری عمر تو ہزار سال لکھی گئی ہے تو نے جلدی کی اور آپ کا یہ قول درست ہے اس میں آپ نے اس بات کی ہرگز تصریح نہیں کی کہ میں نے ساٹھ سال نہیں دیئے تھے کیونکہ انبیاء علیہم السلام سے قصداً اور صراحۃً جھوٹ کا صدور نہیں ہو سکتا۔ ہاں یہاں بطور تعریض انکار ہے اور اسی طرح کی باتیں بعض انبیاء سے صادر ہوئی ہیں یا میرے نزدیک یہ انکار بطور نسیان ہے جو انبیاء سے ممکن ہے۔

۱۴ انکار کی کیفیت آدمی کی طبیعت میں اس وقت سے ہے جب سے حضرت آدم سے صادر ہوئی ہاں ان سے بطور تعریض و نسیان ہوا اور دیگر لوگوں سے قصداً اور صراحۃً

۱۵ انہیں درخت کے قریب جانے سے منع کیا تھا تو آپ بھول گئے اللہ تعالیٰ نے اس بارے میں بیان فرمایا فَنَسِیَ وَلَمْ نَجِدْ لَهُ عَزْمًا (پس آدم بھول گئے اور ہم نے ان کے لیے عزم نہ پایا)

۱۶ ان کی طبیعتوں میں نسیان کی کیفیت اسی وقت سے پیدا ہوئی اور یہ بھی احتمال ہے کہ اس سے مراد حدیث میں مذکورہ واقعہ ہی ہو جیسا کہ ہم نے بیان کر دیا تھا کہ آپ کا انکار قصداً نہ تھا بلکہ نسیاناً تھا۔

۱۷ معاملات کو تحریر میں لانا اور اس پر گواہ مقرر کرنا مراد ہے۔

۴۴۵۶ وَعَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيْدَ قَالَتْ مَرَّ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ نِسْوَةٍ فَسَلَّمَ عَلَيْنَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَابْنُ مَاجَةَ وَالدَّارِمِيُّ)

حضرت اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم عورتوں کے پاس سے گزرے تو آپ نے ہمیں سلام دیا۔ (ابوداؤد، ابن ماجہ، دارمی)

۱ یہ انصار میں سے صحابیہ ہیں۔

۲ حالانکہ میں ان عورتوں میں بیٹھی ہوئی تھی۔

۳ یہ آپ کے ساتھ مخصوص ہے جیسا کہ فصل ثانی میں روایت احمد از جریر کے تحت گزر چکا ہے

۴۴۵۷ وَعَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ اُبَيِّ ابْنِ كَعْبٍ اَنَّهُ كَانَ يَاْتِيْ ابْنَ عُمَرَ فَيَغْدُوْا مَعَهُ اِلَى السُّوْقِ قَالَ فَاِذَا غَدَوْنَا اِلَى السُّوْقِ لَمْ يَمُرَّ

حضرت طفیل بن ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ وہ ابن عمر کے پاس آتے اور صبح کے وقت ابن عمر کے ساتھ بازار جاتے فرماتے ہیں جب ہم بازار میں پہنچتے تو ابن عمر ہر ایک کو سلام کہتے خواہ وہ معمولی دکاندار

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ عَلٰی سَقَّاطٍ وَلَا عَلٰی صَاحِبِ بَیْعَۃٍ وَلَا مِسْکِیْنٍ وَّلَا عَلٰی اَحَدٍ اِلَّا سَلَّمَ عَلَیْہِ قَالَ الطُّفَیْلُ فَجِئْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عُمَرَ یَوْمًا فَاسْتَتْبَعَنِیْ اِلَی السُّوْقِ فَقُلْتُ لَہٗ وَمَا تَصْنَعُ فِی السُّوْقِ وَاَنْتَ تَقِفُ عَلَی الْبَیْعِ وَتَسْاَلُ عَنِ السِّلَعِ وَلَا تَسُوْمُھَا وَلَا تَجْلِسُ فِیْ مَجَالِسِ السُّوْقِ فَاجْلِسْ بِنَا ھٰھُنَا نَتَحَدَّثُ قَالَ فَقَالَ لِیْ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ یَا اَبَا بَطْنٍ قَالَ وَکَانَ الطُّفَیْلُ ذَا بَطْنٍ اِنَّمَا نَغْدُوْا مِنْ اَجْلِ السَّلَامِ نُسَلِّمُ عَلٰی مَنْ لَقِیْنَاہُ۔ (رَوَاہُ مَالِکٌ وَ الْبَیْھَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

ہو یا بڑا ۲ تاجر یا مسکین۳ طفیل کہتے ہیں ایک دن میں ابن عمر کے پاس گیا تو انہوں نے مجھے بازار جانے کے لیے کہا میں نے عرض کیا کہ آپ بازار جا کر کیا کرتے ہیں؟ نہ خرید و فروخت کرتے ہیں نہ سامان کے بارے دریافت کرتے ہیں نہ اس کا بھاؤ پوچھتے ہیں اور نہ کسی بازار کی مجلس میں بیٹھتے ہیں اس لیے آپ یہاں ہی بیٹھ کر ہمارے ساتھ باتیں کریں مجھے عبد اللہ بن عمر فرمانے لگے اسے پیٹ والے حضرت طفیل کا پیٹ بڑا تھا ہم بازار اس لیے جاتے ہیں کہ جو بھی ہمیں ملے ہم اس کو سلام کہیں۔

(امام مالک بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا)۔

سلہ ان کی کنیت ابو بطن ہے تابعی عزیز الحدیث ہیں ان کی احادیث اہل حجاز میں مقبول ہیں ابن سعد نے ان کی توثیق کی ہے۔

سلہ سقط قاف پر حرکت سے معمولی سامان کو کہتے ہیں اور اس کے بیچنے والے کو سقاط یا سقطی کہا جاتا ہے۔

سلہ بیعۃ با پر زبر اور زیر دونوں سے بھی جا سکتی ہیں۔

سلہ فقیر نے یہی عمل سید احمد مدنی کا دیکھا جو مدینہ طیبہ کے اکابر اور صاحب تاریخ مدینہ امام سمہودی کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اولاد میں سے تھے، مکہ معظمہ کے شرفاء بھی بموسم حج یوں ہی کرتے ہیں کہ بازار میں دائیں اور بائیں ہر ایک کو سلام کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ حکمران جب جمعہ کے دن نکلتا تھا تو اس کا بھی یہی معمول تھا۔

۴۴۵۸ / ۳۸ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتٰی رَجُلٌ اِلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِفُلَانٍ فِیْ حَائِطِیْ عَذْقٌ وَّ اِنَّهٗ قَدْ اٰذَانِیْ مَكَانُ عَذْقِهٖ فَاَرْسَلَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْ بِعْنِیْ عَذْقَكَ قَالَ لَا قَالَ فَهَبْ لِیْ قَالَ لَا قَالَ فَبِعْنِیْهِ بِعَذْقٍ فِی الْجَنَّةِ فَقَالَ لَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا رَاَیْتُ الَّذِیْ هُوَ اَبْخَلُ مِنْكَ اِلَّا الَّذِیْ یَبْخَلُ بِالسَّلَامِ۔ (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ الْبَیْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا کہ فلاں شخص کی کھجور کا درخت[۱] میرے باغ میں ہے اور اس نے بہت دکھ دیا[۲] ہے حضور صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس شخص کی طرف پیغام بھیجا کہ مجھے یہ درخت فروخت کر دے اس شخص نے انکار کر دیا فرمایا مجھے ہبہ[۳] کر دے اس نے انکار کر دیا۔ فرمایا میرے ہاتھ جنت کے[۴] درخت کے عوض فروخت کر دے اس نے انکار کر دیا آپ نے فرمایا میں نے تجھ سے بڑھ کر بخیل شخص نہیں دیکھا سوائے اس شخص کے جو سلام[۵] میں بخل کرے۔ (مسند احمد، بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا ہے)۔

[۱] عذق اگر عین پر زبر پڑھیں تو اس سے مراد کھجور کا درخت اور اگر زیر پڑھیں تو اس سے کھجور کی شاخ مراد ہوتی ہے۔

[۲] یہ شخص وقت اور بے وقت باغ میں آتا ہے جس سے میرے گھر والوں کو تکلیف ہوتی ہے۔

[۳] اگر تو میرے ہاتھ بیچنے سے عار محسوس کرتا ہے تو مجھے ہبہ کر دے۔

[۴] یہ آپ نے اسے ثواب آخرت کے حوالے سے ترغیب دی۔

[۵] جو تھوڑے سے عمل سے عظیم ثواب حاصل نہیں کرتا۔

علماء نے بیان کیا ہے کہ یہ آپ کی طرف سے سفارش تھی، حکم نہ تھا ورنہ وہ شخص حکم کی مخالفت کس طرح کرتا اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یہ شخص تھا کیونکہ آپ نے ثواب آخرت کے حوالے سے بھی ترغیب دی اگر وہ کافر ہو جاتا تو ایسا ممکن نہ تھا)۔ ہاں اس شخص کا دل سختی اور درشتی سے خالی نہ تھا۔

۴۴۵۹ / ۳۹ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبَادِئُ بِالسَّلَامِ بَرِيْءٌ مِّنَ الْكِبْرِ۔ (رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِي شُعَبِ الْإِيْمَانِ)

حضرت عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سلام میں ابتدا کرنے والا تکبر سے دور ہو جاتا ہے۔ (اسے بیہقی نے شعب الایمان میں روایت کیا)۔

فائدہ

(۱) سلام کہنا سنت اور اس کا جواب فرض ہے۔

(۲) اگر کوئی شخص کسی جماعت کے پاس سے گزرا اور اس نے سلام کہا تو ان پر اس کا جواب لازم ہے

(۳) اگر وہ اسی مجلس میں دوبارہ آیا اور سلام کیا اب جواب واجب نہیں ہاں مستحب ہے۔

(۴) سلام اور اس کے جواب کے لیے جمع کا لفظ استعمال کرنا چاہیے تاکہ اس آدمی کے ساتھ جو فرشتے ہیں ان پر بھی سلام ہو جائے۔

(۵) فقیہ ابو جعفر نے امام ابو یوسف کے ایک شاگرد کے بارے میں بیان کیا ہے کہ جب وہ بازار جاتے تو السلام علیکم کے بجائے سلام اللہ علیکم کہتے ان سے اس کی وجہ پوچھی گئی تو انہوں نے فرمایا سلام ایک تحفہ ہے جس کو قبول کرنا فرض اور نص قرآن سے ثابت ہے جب وہ میرے سلام کا جواب نہیں دیں گے تو مجھ پر امر بالمعروف لازم ہو جائے گا اور سلام اللہ علیکم دعا ہے اگر وہ جواب نہیں دیں گے تو کوئی بات نہیں کیونکہ جواب ان پر لازم نہیں اسی طرح مجھ پر امر بالمعروف بھی لازم نہ آئے گا اس لیے میں سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ کہتا ہوں۔

(۶) اگر ایسے شخص کو سلام کیا جس کو جانتا نہ تھا پھر اس کا کافر ہونا واضح ہو گیا تو اس سے اپنا سلام واپس لے اور یہ کہے کہ میں تیرے کفر کی تحقیر کی وجہ سے سلام واپس لے رہا ہوں۔

(۷) قرآن کریم کی تلاوت کرنے والے کو سلام نہ کہا جائے اگر کسی نے کہہ دیا تو بعض علماء کی رائے کے مطابق اس کا جواب واجب ہے۔ بعض کہتے ہیں کہ زبان سے جواب واجب نہیں بلکہ ہاتھ یا دل سے جواب دے دیا جائے اور بعض کا قول یہ ہے کہ زبان و دل کو تلاوت ہی مشغول رکھے اور سلام کی طرف متوجہ نہ ہو۔

(۸) وقت خطبہ سلام کا جواب بالاتفاق نہیں دیا جائے گا۔ وقت اذان واقامت اور مذاکرہ علم بھی اس حکم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

میں ہے۔

۹۔ اگر تلاوت کرنے والے نے جواب دے دیا تو وہ اب تلاوت نئے سرے سے شروع کرے گا یعنی تعوذ دوبارہ پڑھے گا۔

۱۰۔ حدیث میں ہے کہ ایک شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں سرخ لباس پہنے حاضر ہوا اس نے سلام عرض کیا۔ آپ نے اس کا جواب نہ دیا اس سے واضح ہو رہا ہے کہ جو شخص کسی غیر مشروع کام میں مشغول و مصروف ہو وہ جواب سلام کا مستحق نہیں ہوتا، شطرنج کھیلنے والے کا بھی یہی حکم ہے بعض روایات میں ہے کہ اسے سلام کہا جائے تاکہ وہ کچھ دیر کے لیے اس غلط کام سے باز رہے اور ذکر میں مشغول ہو جائے اور اگر اسے بطور زجر بلند آواز سے کہا تو اس میں بھی کوئی حرج نہیں۔

۱۱۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ السلام علیکم کا معنی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ تیرے حال سے آگاہ ہے کہ عبادت گزار ہے یا معصیت میں مبتلا ہے لہذا نصیحت سے اور فاسق نصیحت کا زیادہ حق دار ہے واللہ تعالیٰ اعلم۔

۱۲۔ اگر حمام میں جائے تو برہنہ آدمی کو سلام نہ کہے۔

بَابُ الْاِسْتِئْذَانِ

۳۰۸۔ اجازت طلب کرنے کے بیان

استیذان، اجازت طلب کرنے کو کہتے ہیں۔ اذن علم کے معنی میں آتا ہے مثلاً جب کسی چیز کو جان لیا جائے تو کہا جاتا ہے اَذِنَ بِالشَّیْءِ اور اباحت کے معنی میں بھی مستعمل ہے مثلاً اَذِنَ لَہٗ فِی الشَّیْءِ اس وقت کہا جاتا ہے جب وہ شے کسی دوسرے کے لیے مباح کر دی گئی ہو (القاموس) یہاں دونوں معانی درست ہیں کیونکہ جو شخص کسی دروازے پر اذن طلب کرتا ہے اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ جان لے کہ گھر میں کوئی ہے یا نہیں؟ اگر ہے تو کیا وہ اندر آنے کی اجازت دیتا ہے یا نہیں؟ اجازت طلب کرنا مستحب ہے، اسے قرآن مجید نے بیان کیا ہے سنت یہ ہے کہ سلام اور اجازت دونوں کو اکٹھا کیا جائے صحیح یہ ہے کہ سلام کو اجازت پر مقدم کیا جائے احادیث

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

میں اس کی تصریح ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۴۶۰ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ اَتَانَا اَبُوْ مُوْسٰی قَالَ اِنَّ عُمَرَ اَرْسَلَ اِلَیَّ اَنْ اٰتِیَهٗ فَاَتَیْتُ بَابَهٗ فَسَلَّمْتُ ثَلٰثًا فَلَمْ یَرُدَّ عَلَیَّ فَرَجَعْتُ فَقَالَ مَا مَنَعَكَ اَنْ تَاْتِیَنَا فَقُلْتُ اِنِّیْ اَتَیْتُ فَسَلَّمْتُ عَلٰی بَابِكَ ثَلٰثًا فَلَمْ تَرُدُّوْا عَلَیَّ فَرَجَعْتُ وَقَدْ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اسْتَاْذَنَ اَحَدُكُمْ ثَلَاثًا فَلَمْ یُؤْذَنْ لَهٗ فَلْیَرْجِعْ فَقَالَ عُمَرُ اَقِمْ عَلَیْهِ الْبَیِّنَةَ قَالَ اَبُوْ سَعِیْدٍ فَقُمْتُ مَعَهٗ فَذَهَبْتُ اِلٰی عُمَرَ فَشَهِدْتُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْهِ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ[1] ہمارے پاس تشریف لائے اور فرمایا کہ حضرت عمر نے ایک آدمی کو مجھے بلانے کے لیے بھیجا میں ان کے دروازے پر آیا تین دفعہ سلام[2] کیا مجھے جواب[3] نہ دیا گیا تو میں واپس آ گیا حضرت عمر نے مجھ سے پوچھا ہمارے[4] پاس آنے سے تجھے کس نے روکا؟ میں نے عرض کیا میں حاضر ہوا تھا تین دفعہ میں نے آپ کے دروازے پر سلام کیا آپ نے جواب نہ دیا تو میں واپس[5] ہو گیا اور مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تھا جب تم میں سے کوئی تین دفعہ اجازت مانگے اور اجازت نہ ملے تو واپس لوٹ جائے، حضرت عمر نے فرمایا اس پر گواہ پیش کرو حضرت ابوسعید کہتے ہیں کہ میں نے ان کے ساتھ حضرت عمر کے پاس جاکر گواہی دی۔ (بخاری و مسلم)

[1] یہ ابوموسیٰ اشعری ہیں رضی اللہ تعالیٰ عنہ

[2] اجازت کے ارادے سے تین دفعہ سلام کیا۔

[3] سلام کا جواب اور اجازت نہ ملی

[4] آپ نے بعد میں بطور زجر فرمایا۔

[5] دروازے پر کھڑے ہو کر اجازت طلب کرنے کی حدیث ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ــــه۶ اس بات پر کہ یہ بات تم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہے اور وہ گواہی دے کہ میں نے بھی یہ حدیث آپ سے سنی تھی۔

ــــه۷ حضرت ابوسعید فرماتے ہیں کہ حضرت ابوموسیٰ میرے پاس آئے اور تمام واقعہ بیان کیا اور کہا کہ تو نے بھی یہ حدیث اپنے آقا علیہ السلام سے سن رکھی ہے لہذا میرے ساتھ چل کر حضرت عمر کے پاس گواہی دو۔

ــــه۸ میں نے یہ گواہی دی کہ یہ سچ کہتے ہیں واقعۃً نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح فرمایا تھا۔

ــــه۹ یہ گواہی اس احتیاط کے پیش نظر طلب کی گئی تاکہ بیان حدیث میں لوگ احتیاط سے کام لیں اور خلفاء امراء کی طاعت میں سستی نہ کریں ورنہ متفقہ طور پر خبر واحد مقبول ہے، خصوصاً ابوموسیٰ اشعری جیسے لوگوں کو جو کبار صحابہ میں سے ہیں۔

۴۴۶۱ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ قَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْنُكَ عَلَيَّ اَنْ تُرْفَعَ الْحِجَابُ وَاَنْ تَسْتَمِعَ سَوَادِيْ حَتّٰى اَنْهٰكَ۔
(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا تمہارے لیے میرے پاس آنے کے لیے اتنی اجازت کافی ہے کہ پردہ[1] اٹھاؤ اور میری آہستہ گفتگو بھی سن لیا کرو یہاں تک کہ میں تمہیں منع کر دوں[3]
(مسلم)

ــــه۱ میرے حجرہ انور کا پردہ اٹھاؤ، آپ کے گھر پر چٹائی کا پردہ ہوتا تھا۔

ــــه۲ سواد سین کے نیچے زیر، خفیہ بات کو کہتے ہیں، اگر پردہ اٹھانے کے بعد دیکھو کہ میں کسی شخص کے ساتھ آہستہ گفتگو کر رہا ہوں تو بھی آ جائیں۔ اس سے نماز کوئی اذن طلب کرنے کی آپ کو ضرورت نہیں خفیہ گفتگو کہتے میں مبالغہ ہے یعنی اگر میں کسی کے ساتھ کوئی خصوصی اور اہم بات کر رہا ہوں تو آپ آ سکتے ہیں تو جب بات ہی خفیہ نہ ہو تو بطریق اولیٰ اجازت ہوگی خلاصہ یہ ہے کہ جب تم محسوس کرو کہ میں گھر میں موجود ہوں تو تمہیں آنے کی ضرورت ہے اس کے علاوہ کوئی اور اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔

ــــه۳ یہ آقا صلی اللہ علیہ وسلم کی اپنے پیارے صحابی پر کمال درجہ کی شفقت ہے گویا قریب اور محترم ہونے میں وہ آپ کے اہل کی طرح ہیں جب آنا چاہیں آ سکتے ہیں لیکن یہ اجازت اس وقت ہے جب امہات المومنین حاضر نہ ہوں خصوصاً پردے کا حکم نازل ہونے کے بعد۔

۴۴۶۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں اپنے والد گرامی[1] کے قرض کے سلسلہ میں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فِيْ دَيْنٍ كَانَ عَلٰى اَبِيْ فَدَقَقْتُ الْبَابَ فَقَالَ مَنْ ذَا فَقُلْتُ اَنَا فَقَالَ اَنَا اَنَا كَاَنَّهٗ كَرِهَهَا۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس حاضر ہوا میں نے دروازے پر دستک دی فرمایا کون! میں نے عرض کیا "میں" آپ نے فرمایا: میں میں گویا اسے آپ نے ناپسند فرمایا (صحیحین)

سلہ آپ کے والد گرامی کا نام حضرت عبد اللہ انصاری ہے آپ غزوہ احد میں شہید ہوئے تھے۔ رضی اللہ تعالیٰ عنہما۔

سلہ ان کے قرض کا معاملہ یہ تھا کہ قبل از شہادت اپنے ذمہ جو قرض تھا اسے وہ ادا نہ کر پائے تھے اب قرض خواہ حضرت جابر سے قرض طلب کر کے ان کو تنگ کرتے تھے۔ آپ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں اس لیے حاضر ہوئے تاکہ آپ سے اس سلسلہ میں اعانت و امداد طلب کریں، آپ ان قرض خواہوں سے سفارش فرمائیں تاکہ وہ مجھے مہلت دیں پھر اس کے بعد آقا کریم نے بصورت معجزہ ان کی تھوڑی سی کھجوروں کو وہ برکت عطا کی کہ تمام قرض ادا ہو گئے اور ادائیگی کے بعد بھی کھجوریں اسی طرح باقی رہیں بلکہ یوں محسوس ہوتا تھا جیسے ان سے کچھ لیا ہی نہیں گیا، اسی حاشیہ کی طرف یہ اشارہ ہے۔

سلہ ناپسند جاننے کی وجہ یہ ہے کہ اس میں آدمی کا تعین نہیں ہوتا بلکہ ابہام رہتا ہے اس لیے آنے والے کو اپنا نام، کنیت یا لقب ذکر کرنا چاہیے تاکہ گھر والے اس کا تعین کر سکیں۔ بعض اوقات اگرچہ آواز سے بھی تعین ہو جاتا ہے مگر آپ نے ناپسند فرماتے ہوئے حضرت جابر کو اس سے بہتر کی تعلیم دی، اور آپ نے انا کا لفظ دوبارہ استعمال فرمایا اس میں تاکید ہے اور اسی تکرار ہی سے ناپسندیدگی کا اظہار ہو رہا ہے۔ یہ بھی ممکن ہے کہ ناپسندیدگی کی وجہ یہ ہو کہ انہوں نے اجازت طلب کرنے کے لیے سلام نہیں دیا حالانکہ وہ سنت ہے۔ بعض صوفیا کا قول ہے کہ لفظ انا کا زبان پر لانا ہی مکروہ ہے کیونکہ اس میں انانیت پائی جاتی ہے لیکن ان کا قول علی العموم صحیح نہیں ہاں اس صورت میں درست ہے جب کوئی بطور تکبر، نفسانیت اور انانیت یہ کہے کہ احادیث میں کثرت کے ساتھ یہ لفظ مستعمل ہے مثلاً پیچھے گزرا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا آج کس نے مریض کی عیادت کی؟ ابو بکر صدیق نے عرض کیا "انا"۔ پھر آپ نے پوچھا آج روزہ کس نے رکھا؟ انہوں نے عرض کیا "انا"، بلکہ بعض اوقات صحابہ دین کی عزت کی خاطر قیام تفاخر میں ایسا کہہ دیا کرتے تھے، ان کے پیش صحیح دینی غرض ہوتی تھی۔

۴۴۶۳ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے ساتھ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَجَدَ لَبَنًا فِي قَدَحٍ فَقَالَ اَبَا هِرٍّ اِلْحَقْ بِاَهْلِ الصُّفَّةِ فَادْعُهُمْ اِلَيَّ فَاَتَيْتُهُمْ فَدَعَوْتُهُمْ فَاَقْبَلُوْا فَاسْتَاْذَنُوْا فَاَذِنَ لَهُمْ فَدَخَلُوْا (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

داخل ہوا[۱] آپ نے دودھ کا پیالہ پایا فرمایا ابوہریرہ اصحاب صفہ کے پاس جاؤ اور ان کو میرے پاس بلا کر لاؤ میں ان کے پاس گیا اور ان کو بلا کر لایا وہ حاضر ہوئے اجازت طلب کی آپ نے اجازت مرحمت فرمائی تو وہ اندر داخل ہوئے[۲] (بخاری)

سلہ گھر میں۔

سلہ حدیث میں ہے کہ اس وقت موجود تمام صحابہ نے جی بھر کر دودھ پیا مگر وہ پیالہ ختم نہ ہوا[۳]۔
علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ اس حدیث سے واضح ہو رہا ہے کہ کسی کو طلب کرنے سے اجازت لینا ساقط نہیں ہو جاتا اس صورت میں جب کہ آنے والا منفصلاً آجائے لیکن یہ اس وقت ہے جب قاصد ساتھ نہ ہو اگر ساتھ ہو تو پھر اجازت کی ضرورت نہیں رہتی جیسا کہ دوسری فصل میں آرہا ہے۔ مذکورہ واقعہ میں ممکن ہے کہ حضرت ابوہریرہ ان کے ساتھ نہ آئے ہوں۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۴۴۶۴ عَنْ كَلَدَةَ بْنِ حَنْبَلٍ[۵] اَنَّ صَفْوَانَ بْنَ اُمَيَّةَ بَعَثَ بِلَبَنٍ اَوْ جِدَايَةٍ وَّضَغَابِيْسَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَعْلَى الْوَادِيْ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ وَلَمْ اُسَلِّمْ وَلَمْ اَسْتَاْذِنْ فَقَالَ

حضرت کلدہ بن حنبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ صفوان بن امیہ نے حضور علیہ السلام کی خدمت اقدس میں دودھ یا ہرن کا بچہ اور ککڑیاں بھیجیں جب کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت وادی کے بالائی حصہ میں تھے راوی کہتے ہیں کہ میں اندر داخل ہوا نہ سلام کیا اور نہ اجازت طلب کی آپ نے فرمایا

سلہ امام اہل سنت مولانا شاہ احمد رضا قادری نے کیا خوب کہا ہے۔

کیوں جناب بوہریرہ کیسا تھا وہ جام شیر! جس سے ستر صاحبوں کا دودھ سے منہ بھر گیا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ارْجِعْ فَقُلِ السَّلَامُ عَلَیْکُمْ أَاَدْخُلُ۔

واپس لوٹ جاؤ سلام کہو اور پھر داخل ہو۔

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاوٗدَ) (ترمذی، ابوداؤد)

سلہ کلدۃ، کاف، لام، دال سب پر زبر ہے یہ صفوان بن امیہ کے ماں کی طرف سے بھائی تھے۔

سلہ۲ صفوان بن امیہ قریشی ہیں، فتح مکہ کے بعد مسلمان ہوئے، مولفۃ القلوب میں سے تھے حضور علیہ السلام نے انہیں مال غنیمت میں سے اتنا دیا کہ وہ پکار اٹھے کہ اللہ تعالیٰ کے رسول نے عطا میں کوئی کمی نہیں چھوڑی اس کے بعد مسلمان ہو گئے، ان کا والد امیہ بن خلف بدر کے دن مشرکین قریش میں سے تھا اور وہیں قتل ہوا۔

سلہ۳ جدایۃ، جیم پر زبر ہے اور زیر دونوں پڑھے جا سکتے ہیں، ہرن کے چھ یا سات ماہ کے بچے کو کہتے ہیں چنانچہ بھیڑوں میں سے چھ ماہ کے بچے کو جدی کہا جاتا ہے، صراح میں ہے کہ "جدایہ" جیم پر زیر اور زبر دونوں جائز ہیں

سلہ۴ ضغابیس ضغبوس کی جمع ہے صراح میں ہے کہ ضاد اور غین دونوں پر پیش ہے اس کا معنی چھوٹی اور نرم ککڑی کے ہیں، یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نہایت ہی پسند تھیں۔

سلہ۵ اس وقت آپ مکہ کی بالائی جانب یعنی معلٰی میں تھے۔

سلہ۶ سلام اور اجازت طلب کرنے کی تعلیم دینے کے لیے فرمایا۔

۴۴۶۵ وَعَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا دُعِیَ اَحَدُکُمْ فَجَآءَ مَعَ الرَّسُوْلِ فَاِنَّ ذٰلِکَ لَہٗ اِذْنٌ۔

(رَوَاہُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کسی[1] کو بلایا جائے اور وہ قاصد کے ساتھ ہی آ جائے تو یہ ہی اس کے لیے اجازت[2] ہے۔

(ابوداؤد)

وَفِیْ رِوَایَۃٍ لَّہٗ قَالَ رَسُوْلُ الرَّجُلِ اِلَی الرَّجُلِ اِذْنُہٗ۔

ان کی ایک دوسری روایت میں ہے آدمی کا دوسرے آدمی کی طرف قاصد بھیجنا اس کی اجازت ہوتی ہے۔

سلہ جب کسی کو قاصد کے ذریعے بلایا جائے۔

سلہ۲ ایسا اجازت لینے کی ضرورت نہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۳ امام ابوداؤد کی دوسری روایت مراد ہے۔

۴۶۶۶ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُسْرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَتٰى بَابَ قَوْمٍ لَمْ يَسْتَقْبِلِ الْبَابَ مِنْ تِلْقَآءِ وَجْهِهٖ وَلٰكِنْ مِنْ رُكْنِهِ الْأَيْمَنِ أَوِ الْأَيْسَرِ فَيَقُوْلُ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَذٰلِكَ أَنَّ الدُّوْرَ لَمْ تَكُنْ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا سُتُوْرٌ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت عبد اللہ بن بسر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی قوم کے دروازے پر تشریف لے جاتے تو دروازے کے سامنے کھڑے نہ ہوتے بلکہ اس کے دائیں یا بائیں کھڑے ہو کر السلام علیکم: السلام علیکم کہتے ہیں اس لیے تھا کہ ان دنوں گھروں پر پردے نہیں ہوتے تھے۔

(ابو داؤد)

وَذُكِرَ حَدِيْثُ أَنَسٍ قَالَ عَلَيْهِ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ فِيْ بَابِ الضِّيَافَةِ۔

اور حضرت انس کی وہ حدیث جس میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے السلام علیکم ورحمۃ اللہ فرمایا اسے باب الضیافت میں ذکر کر دیا گیا ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۶۶۷ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَسْتَأْذِنُ عَلٰى أُمِّيْ فَقَالَ نَعَمْ فَقَالَ الرَّجُلُ إِنِّيْ مَعَهَا فِي الْبَيْتِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت عطاء بن[۱] یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کیا میں اپنی والدہ سے اجازت لیا کروں؟ فرمایا ہاں اس نے عرض کیا میں گھر میں ان کے ساتھ رہتا ہوں[۲] فرمایا اس سے داخلہ کی اجازت لو[۳] عرض کیا میں ان

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَسَلَّمَ اسْتَأْذِنْ عَلَيْهَا فَقَالَ الرَّجُلُ اِنِّیْ خَادِمُهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَاْذِنْ عَلَيْهَا اَتُحِبُّ اَنْ تَرَاهَا عُرْيَانَةً قَالَ لَا قَالَ فَاسْتَأْذِنْ عَلَيْهَا۔

کا خدمت گار[۳] ہوں فرمایا اس سے اجازت مانگو کیا تم اسے ننگی حالت[۵] میں دیکھنا پسند کرو گے؟ عرض کیا نہیں، آپ نے فرمایا اس سے داخل کی اجازت لو۔

(رَوَاهُ مَالِكٌ[۶] مُرْسَلًا)　　(امام مالک نے اسے مرسلًا روایت کیا ہے)

۱؎ عطاء بن یسار مشہور تابعی اور ام المومنین حضرت میمونہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام ہیں۔

۲؎ ان کا خیال تھا کہ شاید گاہے گاہے آنے والے شخص اور بیگانے کے لیے اجازت لینا ضروری ہوتی ہے۔

۳؎ آپ نے واضح فرما دیا کہ اجازت لینا صرف بیگانے کے ساتھ مخصوص نہیں۔

۴؎ میں شب و روز ان کے پاس رہتا ہوں اگر ہر وقت اجازت لینا ضروری ہے تو میں خدمت کیسے کر سکوں گا۔

۵؎ اگر تو بغیر اجازت اچانک آجائے تو ممکن ہے کہ وہ برہنہ ہو اس لیے اجازت لیا کرو۔

۶؎ کیونکہ عطاء بن یسار سے مروی ہے اور وہ تابعی ہیں۔

۴۴۶۸ وَعَنْ عَلِيٍّ قَالَ كَانَ لِیْ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُدْخَلٌ[۱] بِاللَّيْلِ وَمُدْخَلٌ بِالنَّهَارِ فَكُنْتُ اِذَا دَخَلْتُ بِاللَّيْلِ تَنَحْنَحَ لِیْ۔

سیدنا علی رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ میری ایک حاضری رات کو اور ایک دن کو ہوا کرتی تھی، جب میں رات کو آپ کے گھر میں داخل ہوتا تو آپ کھنکار دیتے۔

(رَوَاهُ النَّسَائِیُّ[۲])　　(نسائی شریف)

۱؎ مجھے داخل کی اجازت عنایت فرمانے کے لیے ایسا کرتے اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ کھنکارنا رات کو اجازت داخل کی علامت ہے ایک روایت میں یہ ہے کہ میں جب رات کو حاضری کے لیے جاتا اور آپ کھنکارتے تو میں واپس ہو جاتا تھا اس سے واضح ہوتا ہے کہ کھنکارنا عدم اجازت ہے تطبیق یوں ہے کہ قرینہ حال اس بات کا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کا تعین کرے گا کہ کس وقت اجازت اور کس وقت عدم اجازت کی علامت ہے۔ بعض لوگوں نے حدیث مذکور میں کھنکارنے کو عدم اجازت پر محمول کیا ہے لیکن واضح یہی ہے کہ یہاں اذن و اجازت کے لیے ہے۔

۴۴۶۹ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَاْذَنُوْا لِمَنْ لَّمْ یَبْدَأْ بِالسَّلَامِ۔
(رَوَاہُ الْبَیْہَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِیْمَانِ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس شخص کو داخل کی اجازت نہ دو جو سلام سے ابتداء نہ کرے۔

(بیہقی شعب الایمان)

بَابُ الْمُصَافَحَةِ وَالْمُعَانَقَةِ

مصافحہ اور معانقہ کا بیان

مُصَافَحَۃ اور تصافح ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑنے کو کہتے ہیں، لغت میں صفح کا معنی چوڑائی ہے، چہرے اور تلوار کی چوڑائی کو صفح کہا جاتا ہے۔ مصافحہ میں ایک شخص کی ہتھیلی کا عرض دوسرے کی ہتھیلی سے مس کرتا ہے، صفائح دروازے کے تختوں کو کہتے ہیں (صراح) ملاقات کے وقت مصافحہ سنت ہے یہ دونوں ہاتھوں سے ہونا چاہیے نماز کے بعد یا نماز جمعہ جو مصافحہ کیا جاتا ہے کوئی حقیقت نہیں رکھتا اس وقت کو مصافحہ کے لیے مخصوص کرنا بدعت ہے لیکن مطلقاً مصافحہ سنت ہے تو بعض اوقات سنت ہوا اور بعض اوقات بدعت جوان خاتون کے ساتھ مصافحہ حرام اور ایسی بوڑھی عورت کے ساتھ جو جائے شہوت نہ ہو مصافحے میں کوئی حرج نہیں۔

روایات میں ہے کہ سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ اپنے دور خلافت میں جن بوڑھی خواتین کے لیے ان کے جانوروں کا دودھ دوہتے تھے ان سے مصافحہ کرتے تھے، ابن زبیر رضی اللہ عنہما کے بارے میں ہے کہ انہوں نے مکہ شریف میں ایک بوڑھی خاتون کو اپنی بیماری میں خدمت کے لیے متعین کیا، اسی طرح اگر مرد بوڑھا اور فتنہ، شہوت سے امن میں ہو تو اس کے لیے جوان خاتون سے مصافحہ جائز ہے ایسا لڑکا جو خوب رو ہو اس کے ساتھ مصافحہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

درست نہیں، جس کی طرف نظر کرنا حرام ہوا ہے چھونا بھی حرام ہوتا ہے بلکہ چھونے کی حرکت دیکھنے سے زیادہ سخت ہے (اسی طرح مطالب المومنین میں ہے) صلوٰۃ مسعودی میں ہے کہ سلام دیتے وقت ہاتھ سے ہاتھ اسی طرح ملانا کہ دونوں کی ہتھیلیاں ملیں یہ سنت ہے، انگلیاں پکڑنا بدعت ہے، اگر فتنہ کا خوف نہ ہو تو معانقہ جائز ہے، خصوصاً سفر کی واپسی پر جس طرح حدیث میں حضرت جعفر بن ابی طالب کے بارے میں ہے، امام ابو حنیفہ اور امام محمد رحمہا اللہ تعالیٰ سے منقول ہے کہ ہاتھ منہ اور آنکھیں چومنا اور معانقہ مکروہ ہے اور وہ فرماتے ہیں کہ معانقہ سے منع کیا گیا ہے۔

فصل اول میں حدیث انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ آرہی ہے انہوں نے جو روایت کیا ہے وہ اس سے پہلے کا معاملہ ہے، شیخ ابو منصور ماتریدی نے احادیث میں یوں تطبیق دی ہے جو معانقہ شہوت کی وجہ سے ہو وہ مکروہ ہے اور جو بوجہ شرافت و نیکی ہو وہ جائز ہے۔ علماء نے بیان کیا ہے کہ یہ اختلاف اس وقت ہے جب جسم ننگا ہو اگر قمیص یا جبہ وغیرہ پہنا ہوا ہے تو پھر معانقہ میں بالاتفاق کوئی حرج نہیں اور یہی صحیح ہے اسی طرح کافی میں ہے، متقی عالم کے ہاتھ کا بوسہ لینا جائز بلکہ بعض کے نزدیک مستحب ہے۔ مصافحہ کے بعد اپنا ہاتھ چومنا یہ کوئی معنی نہیں رکھتا یہ جہالت اور ناپسندیدہ ہے۔ امراء اور مشائخ کے سامنے زمین کا بوسہ لینا حرام ہے، ایسا کرنے والا اور اس سے راضی ہونے والا دونوں گناہ گار ہوں گے (کذا فی الکافی)

فقیہ ابو جعفر فرماتے ہیں کہ جس شخص نے کسی بادشاہ، امیر کے سامنے زمین کو بوسہ دیا یا سجدہ کیا اگر بطور سلام و تحیہ ہے تو اس سے کافر نہیں ہوگا لیکن گناہ گار اور کبیرہ کا ارتکاب کرنے والا ہو جائے گا اور اگر بطور عبادت سجدہ کیا تو کافر ہو جائے گا اگر کوئی نیت بھی نہ تھی تو ایسی صورت میں اکثر علماء کے نزدیک وہ کافر ہوگا اور زمین کو بوسہ دینا اس پر رخسار اور پیشانی رکھنے سے کم درجہ سخت ہے، اسی طرح فتاویٰ ظہیریہ میں ہے اگر کسی عالم، سلطان یا زاہد کے ہاتھ کو علم، انصاف اور عزت دین کی وجہ سے بوسہ دیا تو اس میں کوئی حرج نہیں اگر اس سے کوئی دنیوی غرض تھی تو یہ مکروہ تحریمہ ہے، بعض احادیث میں ہے کہ بعض صحابہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک قدموں کو بوسہ دیا تھا فصل ثانی میں وفد عبد القیس کے واقعہ میں یہ بات آرہی ہے، بچے کے بوسہ اگرچہ غیر کا بیٹا ہو جائز ہے اور بچے کے بوسہ دینا سنت ہے۔ علماء نے فرمایا ہے کہ بوسہ کی پانچ اقسام ہیں ایک بوسہ محبت یہ والدین کا اولاد کے رخسار پر بوسہ دینا ہے دوسرا بوسہ رحمت، یہ اولاد کا والدین کے سر کا بوسہ لینا ہے تیسرا بوسہ شہوت یہ بوسہ مرد کا ہے اپنی بیوی کے منہ پر چوتھا بوسہ تحیہ یہ وہ بوسہ ہے جو ایک مسلمان دوسرے کے ہاتھ پر لیتا ہے پانچواں بوسہ وہ ہے جو بہن اپنے بھائی کی پیشانی کا لے۔

بعض علماء کے نزدیک مردوں کو ایک دوسرے کے ہاتھ اور چہرے کا بوسہ لینا مکروہ ہے، بعض کے نزدیک

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

چھوٹے بچے کا بوسہ لینا واجب ہے، حدیث میں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی پیاری بیٹی سیدہ فاطمہ زہرا کے سر پر بوسہ دیتے اور فرماتے مجھے ان سے جنت کی خوشبو آتی ہے، جب آپ سفر سے واپس تشریف لاتے تو پہلے سیدہ فاطمہ کے گھر آتے انہیں سینے سے لگاتے اور ان کے سر پر بوسہ دیتے۔ واللہ اعلم

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۴۷۰/۱ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسٍ اَكَانَتِ الْمُصَافَحَةُ فِيْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت قتادہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا کیا اصحاب رسول صلی اللہ علیہ وسلم مصافحہ کیا کرتے تھے؟ انہوں نے فرمایا ہاں۔

(بخاری)

۴۴۷۱/۲ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَبَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَسَنَ بْنَ عَلِيٍّ وَعِنْدَهُ الْاَقْرَعُ ابْنُ حَابِسٍ قَالَ الْاَقْرَعُ اِنَّ لِيْ عَشَرَةً مِّنَ الْوَلَدِ مَا قَبَّلْتُ مِنْهُمْ اَحَدًا فَنَظَرَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ مَنْ لَّا يَرْحَمُ لَا يُرْحَمُ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امام حسن بن علی کو چوما اس وقت آپ کے پاس اقرع بن حابس بیٹھے تھے انہوں نے عرض کیا میرے دس بیٹے ہیں لیکن میں نے انہیں کبھی نہیں چوما آپ نے ان کی طرف دیکھ کر فرمایا جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

(بخاری و مسلم)

وَسَنَذْكُرُ حَدِيْثَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَثَمَّ لُكَعُ فِيْ بَابِ مَنَاقِبِ اَهْلِ بَيْتِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

اثم لکع والی حدیث ابوہریرہ ہم باب مناقب اہل بیت النبی صلی اللہ علیہ وسلم میں بیان کریں گے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَ ذُكِرَ حَدِيْثُ اُمِّ هَانِئٍ فِيْ بَابِ الْاَمَانِ۔

ان شاء اللہ اور حدیث ام ہانی پیچھے باب الامان میں بھی آ چکی ہے۔

سلہ یہ صحابی ہیں۔ فتح مکہ کے موقع پر وفد بنو تمیم کے ساتھ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے، قبل از اسلام بھی نہایت شریف شخص تھے۔

سلہ جو مخلوق خدا پر رحمت نہیں کرتا اللہ تعالیٰ اس پر رحمت نہیں کرتا۔

سلہ اس حدیث کا ذکر یہاں اس لیے کر دیا گیا ہے کہ بوسے کو معانقہ کے ساتھ اہم مناسبت ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ
دوسری فصل

۴۴۷۲ وَعَنِ الْبَرَآءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَلْتَقِيَانِ فَيَتَصَافَحَانِ اِلَّا غُفِرَ لَهُمَا قَبْلَ اَنْ يَّتَفَرَّقَا. (رَوَاهُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ) وَ فِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوٗدَ وَ قَالَ اِذَا الْتَقَى الْمُسْلِمَانِ فَتَصَافَحَا وَ حَمِدَا اللّٰهَ وَ اسْتَغْفَرَاهُ غُفِرَ لَهُمَا.

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی دو مسلمان نہیں جو آپس میں ملیں مصافحہ کریں مگر ان کے جدا ہونے سے پہلے دونوں کی بخشش ہو جاتی ہے۔
(احمد، ترمذی، ابن ماجہ) ابو داؤد کی روایت میں ہے کہ جب دو مسلمان آپس میں ملیں۔ مصافحہ کریں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کریں اور اس سے معافی مانگیں تو دونوں کو بخش دیا جاتا ہے۔

۴۴۷۳ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ مِنَّا يَلْقٰى اَخَاهُ اَوْ صَدِيْقَهٗ اَيَنْحَنِيْ لَهٗ قَالَ لَا قَالَ اَفَيَلْتَزِمُهٗ وَ يُقَبِّلُهٗ قَالَ لَا قَالَ اَفَيَاْخُذُ بِيَدِهٖ وَ يُصَافِحُهٗ قَالَ نَعَمْ۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کیا یا رسول اللہ! ہم میں سے ایک شخص اپنے بھائی یا دوست سے ملے تو کیا اس کے آگے جھکے؟ فرمایا نہیں عرض کیا کیا اس سے لپٹ جائے اور اسے چومے؟ فرمایا نہیں عرض کیا اس کا ہاتھ پکڑ کر اس سے مصافحہ کرے؟ فرمایا ہاں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ) (ترمذی)

سلہ انحنا سر اور پشت کے جھکانے کو کہا جاتا ہے، اسی طرح بعض حواشی میں ہے علامہ طیبی نے امام محی السنۃ سے نقل کیا ہے کہ پشت کا جھکانا مکروہ ہے کیونکہ حدیث میں اس کی ممانعت ہے اگرچہ بہت سے لوگ جو اہل علم و فضل ہیں ایسا کرتے ہیں لیکن ان کے عمل کا اعتبار نہیں کیا جا سکتا مطالب المومنین میں شیخ ابو منصور سے منقول ہے اگر کسی کے سامنے زمین پر بوسہ دیا یا پشت جھکادی یا سر نگوں کر دیا تو کافر نہیں بلکہ گناہ گار ہوگا کیونکہ یہاں مقصود تعظیم تھی عبادت نہ تھی، بعض مشائخ اس معاملہ میں بہت سخت ہیں ان کی رائے میں سر جھکانا انسان کو کفر کے قریب کر دیتا ہے۔ واللہ اعلم۔

سلہ جو لوگ بوسہ اور معانقہ کو مکروہ جانتے ہیں وہ اسی حدیث میں استدلال کرتے ہیں جس طرح کہ ہم نے امام ابو حنیفہ اور امام محمد رحمہما اللہ سے پیچھے نقل کیا تھا، بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ یہ مکروہ تب ہے جب اس سے خوشامد اور چاپلوسی مقصد ہو۔ ہاں کسی کو الوداع کہتے وقت اور سفر سے واپس آنے پر یا کافی دیر کے بعد ملاقات ہونے پر یا اللہ تعالیٰ کی خاطر محبت کے غلبے کے موقع پر بوسہ دینا جائز ہے، بوسہ دے تو منہ پر بوسہ نہ دے بلکہ ہاتھ یا پیشانی پر دے اور کسی عالم دین، زاہد یا بڑی عمر والے کے ہاتھوں کو بوسہ دینا بھی جائز ہے۔

۴۶۷۴ وَعَنْ اَبِیْ اُمَامَۃَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ تَمَامُ عِیَادَۃِ الْمَرِیْضِ اَنْ یَّضَعَ اَحَدُکُمْ یَدَہٗ عَلٰی جَبْھَتِہٖ اَوْ عَلٰی یَدِہٖ فَیَسْاَلُہٗ کَیْفَ ھُوَ وَ تَمَامُ تَحِیَّاتِکُمْ بَیْنَکُمُ الْمُصَافَحَۃُ ۵

(رَوَاہُ اَحْمَدُ وَ التِّرْمِذِیُّ وَ ضَعَّفَہٗ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مریض کی کامل عیادت یہ ہے کہ تم میں سے ایک شخص اپنا ہاتھ اس کی پیشانی یا اس کے ہاتھ پر رکھے پھر پوچھے کہ وہ کیسا ہے! اور تمہارے درمیان کامل تحیۃ مصافحہ ۵ ہے۔

(احمد، ترمذی نے ضعیف کہا ہے)۔

سلہ یعنی جب سلام کرو تو مصافحہ بھی کرو تاکہ سلام مکمل ہو جائے۔

۴۶۷۵ وَعَنْ عَائِشَۃَ قَالَتْ قَدِمَ زَیْدُ بْنُ حَارِثَۃَ الْمَدِیْنَۃَ

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ حضرت زید بن حارثہ ۱ جب

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَيْتِيْ فَاَتَاهُ فَقَرَعَ الْبَابَ فَقَامَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرْيَانًا يَجُرُّ ثَوْبَهٗ وَاللّٰهِ مَا رَاَيْتُهٗ عُرْيَانًا قَبْلَهٗ وَلَا بَعْدَهٗ فَاعْتَنَقَهٗ وَقَبَّلَهٗ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

مدینہ طیبہ آئے تو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم میرے ہاں تشریف فرما تھے وہ آپ کے پاس آئے انہوں نے دروازے پر دستک دی۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم برہنہ (اوپر والی چادر اوڑھے بغیر) اور کپڑا کھینچتے ہوئے ان کی طرف بڑھے بخدا میں نے کبھی آپ کو برہنہ نہیں دیکھا نہ اس سے پہلے اور نہ اس کے بعد آپ نے انہیں گلے لگایا[۵] اور انہیں چوما۔ (ترمذی)

[۱] یہ حضور علیہ السلام کے نہایت ہی مقبول و مقرب تھے ایسے ہیں آپ کو حضور کا منہ بولا بیٹا بھی کہا جاتا تھا۔

[۲] یہ شدت رحمت و خوشی کی وجہ سے تھا۔

[۳] میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کبھی ایسے حال میں برہنہ (اوپر والی چادر لیے بغیر) اور اس قدر شوق کے ساتھ کسی کا استقبال کرتے ہوئے نہیں دیکھا سیدہ عائشہ کا یہ قول کہ میرے گھر میں تھے اس سے مقصود یا تو بیان واقع ہے یا مقصود مبالغہ ہے کہ آپ اتنے خوش ہوئے کہ میرے خلوت خانہ سے اس جلدی کے ساتھ آپ باہر تشریف لائے۔

[۴] یہ حدیث اور حدیث جعفر بن ابی طالب دونوں اس بات پر شاہد ہیں کہ معانقہ اور بوسہ جائز ہیں اور مختار بھی یہی ہے اور سفر سے واپسی کے موقع پر معانقہ اور بوسہ بغیر کسی کراہت کے جائز ہے۔

۴۴۷۶ وَعَنْ اَيُّوْبَ بْنِ بُشَيْرٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ عَنَزَةَ اَنَّهٗ قَالَ قُلْتُ لِاَبِيْ ذَرٍّ هَلْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَافِحُكُمْ اِذَا لَقِيْتُمُوْهُ قَالَ مَا لَقِيْتُهٗ قَطُّ اِلَّا صَافَحَنِيْ وَبَعَثَ اِلَيَّ ذَاتَ يَوْمٍ وَلَمْ اَكُنْ فِيْ

حضرت ایوب بن بشیر[۱]، قبیلہ عنزہ کے ایک شخص کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ سے عرض کیا کہ کیا آپ جب حضور علیہ الصلوۃ والسلام سے ملتے تو حضور آپ سے مصافحہ کیا کرتے تھے فرمایا ہاں جب بھی میں آپ سے ملا آپ نے مجھ سے معانقہ فرمایا، ایک دن آپ نے پیغام بھیجا لیکن میں گھر پر نہ تھا جب گھر آیا تو مجھے اطلاع[۲] دی گئی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

أَهْلِي فَلَمَّا جِئْتُ أُخْبِرْتُ فَأَتَيْتُهُ وَ هُوَ عَلَى سَرِيرٍ فَالْتَزَمَنِي فَكَانَتْ تِلْكَ أَجْوَدَ وَ أَجْوَدَ۔

میں آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا تو آپ ایک تخت پر تشریف فرما تھے آپ نے مجھے اپنے ساتھ چمٹا لیا یہ معانقہ بہت[۳] اچھا اور بہت[۴] اچھا تھا۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ) (ابوداؤد[۵] شریف)

[۱] بُشیر باء پیش شین پیش زبر اور پارسا کن ہے یہ بصرہ کے رہنے والے اور قبیلہ عدو سے تعلق رکھتے ہیں۔ بعض کے نزدیک یہ مجہول ہیں۔

[۲] مجھے اطلاع دی گئی کہ نبی کریم آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یاد فرمایا ہے۔

[۳] یہ معانقہ دوسروں کے معانقہ سے بہتر تھا یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مصافحہ سے بڑھ کر تھا کیونکہ اس میں فیضان، ایصال ذوق، راحت وسکون اس سے بڑھ کر میسر آیا

[۴] تکرار تاکید اور پختگی کے لیے ہے۔

[۵] اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ معانقہ اظہار محبت وشفقت کے لیے سفر سے واپسی کے علاوہ بھی جائز ہے۔

۴۶۷۷ وَعَنْ عَنْ عِكْرِمَةَ بْنِ أَبِي جَهْلٍ قَالَ قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ جِئْتُهُ مَرْحَبًا بِالرَّاكِبِ الْمُهَاجِرِ۔

حضرت عکرمہ بن ابی جہل رضی اللہ عنہ سے روی ہے کہ جس دن میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر[۱] ہوا تو آپ نے فرمایا، مہاجر سوار خوش آمدید[۲]۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ) (ترمذی شریف)

[۱] بیعت اسلام کے لیے۔

[۲] رَحُبَ کشادہ جگہ کو کہتے ہیں، یہ ایسے کلمات ہیں جو خوشی و فرحت کے موقع پر کہے جاتے ہیں امام جلال الدین سیوطی نے جمع الجوامع میں حضرت مصعب بن عبد اللہ کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عکرمہ کو دیکھا تو ان کی طرف استقبال کے لیے بڑھے، گلے لگایا اور فرمایا اے ہجرت کرنے والے خوش آمدید، عکرمہ بن ابی جہل حضور علیہ السلام کے ساتھ اپنے باپ کی وجہ سے شدید عداوت رکھتا تھا، مشہور شہسوار تھا فتح مکہ کے دن بھاگ کر یمن چلا گیا بعد میں ان کی بیوی ام حکیم بنت الحارث حضور کی خدمت اقدس میں آئیں اسلام لائیں اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مخلص ترین مسلمان بن گئیں اور اپنے خاوند کے لیے حضور سے تمام غلطیوں پر معافی مانگ لی آپ نے ان کو پناہ دے دی ان کے بہت سے مناقب و فضائل ہیں اس حدیث کو یہاں اس لیے ذکر کیا ہے کہ خوش آمدید کہنے کو مصافحے کے ساتھ مناسبت ہے۔

۴۴۷۹ وَعَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ رَجُلٍ مِنَ الْأَنْصَارِ قَالَ بَيْنَمَا هُوَ يُحَدِّثُ الْقَوْمَ وَ كَانَ فِيهِ مِزَاحٌ بَيْنَا يُضْحِكُهُمْ وَ طَعَنَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي خَاصِرَتِهٖ بِعُوْدٍ فَقَالَ اَصْبِرْ لِيْ قَالَ اصْطَبِرْ قَالَ اِنَّ عَلَيْكَ قَمِيْصًا وَ لَيْسَ عَلَيَّ قَمِيْصٌ فَرَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَمِيْصِهٖ فَاحْتَضَنَهٗ وَ جَعَلَ يُقَبِّلُ كَشْحَهٗ قَالَ اِنَّمَا اَرَدْتُ هٰذَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

انصار کے ایک شخص حضرت اسید بن حضیر انصاری[۱] رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، راوی کہتے ہیں کہ وہ قوم سے بات چیت کر رہے تھے اور ان کی طبیعت میں مزاح[۲] تھا اس لیے وہ لوگوں کو ہنسا رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ان کی کوکھ پر چھڑی لگائی، انہوں نے عرض کیا مجھے آپ قصاص دیجئے[۳] فرمایا، قصاص لے لو عرض کیا آپ نے قمیص پہنی ہوئی ہے میرے جسم پر قمیص[۴] نہ تھی آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی مبارک قمیص اٹھا دی تو وہ آپ کے جسم کے ساتھ چمٹ گئے اور آپ کی کوکھ مبارک کے بوسے لینے شروع کر دیئے اور عرض کیا یا رسول اللہ[۵] میرا یہی مقصد تھا۔

(ابوداؤد)

---

۱ اسید بن حضیر دونوں تصغیر کے صیغے ہیں، انصار میں سے بہت بڑے فاضل اور نقباء میں سے ہیں۔ بیعت عقبہ، مقام بدر اور دیگر غزوات میں شریک ہوئے، حضور علیہ السلام نے ان کے اور زید بن حارثہ کے درمیان مواخات قائم فرمائی۔

۲ مزاح، میم کے نیچے زیر ہے اس کا معنی مذاق کرنا ہے میم پر پیش بھی پڑھا گیا ہے۔

۳ آپ نے بھی اس کے ساتھ خوش خلقی کا اظہار فرمایا، آپ کے اس عمل سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ حدود شرعیہ کے اندر رہتے ہوئے مزاح کرنا اور اس کا سننا جائز ہے، اپنے سے ادنیٰ کے ساتھ خوش ہو کر ملاقات کرنا اشراف کا طریقہ ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۴ یعنی مجھے بھی اجازت دیں تاکہ میں بھی آپ کی کمر کو چھڑی لگا کر قصاص لے سکوں، اصبار، اصطبار قصاص لینے کے معنی میں آتا ہے۔

۵۵ اگر میں قمیص کے باوجود قصاص لیتا ہوں تو اس میں برابری نہ ہوگی۔

۵۶ میں قصاص نہیں بلکہ آپ کے جسم اطہر کا بوسہ لینا چاہتا تھا اللہ تعالیٰ نے یہ آرزو پوری فرمادی۔
دل عشاق حیلہ گر باشد، عاشقوں کا دل حیلے تلاش کرتا ہے۔

۵۷ یاد رہے کہ مصابیح کی اس روایت سے محسوس ہوتا ہے کہ مزاح کرنے والے اور قصاص کا مطالبہ کرنے والے خود اسید بن حضیر تھے لیکن جامع الاصول کی روایت سے پتا چلتا ہے کہ وہ کوئی اور آدمی تھے اسید بن حضیر نے ان کا واقعہ بیان کیا ہے، علامہ طیبی نے مذکورہ حدیث کی توجیہ کر کے اسے دوسری روایت کے موافق بنانے کی کوشش کی ہے مگر انہوں نے ایسے تکلفات کا ارتکاب کیا ہے جس کی وجہ سے کلام اپنے ظاہری معنی سے خارج ہو جاتا ہے۔ اور یہ تکلف انہیں اس لیے کرنا پڑا کہ حضرت اسید بن حضیر عظیم اور نقباء صحابہ میں سے ہیں ان سے ایسی بات بعید ہے۔ واللہ اعلم

۴۴۷۹ وَعَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَلَقّٰى جَعْفَرَ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ فَالْتَزَمَهٗ وَقَبَّلَ مَا بَيْنَ عَيْنَيْهِ -
(رَوَاهُ اَبُوْ دَاؤُدَ وَالْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ مُرْسَلًا وَفِيْ بَعْضِ نُسَخِ الْمَصَابِيْحِ وَفِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ عَنِ الْبَيَاضِيِّ مُتَّصِلًا)

حضرت شعبی[۱] بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جعفر بن ابی طالب سے ملے تو آپ نے ان کو اپنے ساتھ چمٹا لیا اور ان کی دونوں آنکھوں کے درمیان بوسہ[۲] دیا۔

(ابو داؤد اور بیہقی نے اس حدیث کو شعب الایمان میں مرسلاً روایت کیا مصابیح کے بعض نسخوں اور شرح السنۃ میں بیاضی[۳] سے متصلاً مروی ہے۔

۱ یہ تابعین میں سے ہیں۔

۲ یہ وہی واقعہ ہے جو حبشہ سے واپسی کے موقع پر پیش آیا تھا جس طرح کہ گزشتہ حدیث میں آ رہا ہے یا ممکن ہے کوئی دوسرا موقع ہو۔

۳ بیاضی باء پر زبر، یاء مخفف اور نقطے والا ضاد یہ بیاضہ بن عامر کی طرف منسوب ہیں اور یہ حدیث اس لیے متصل ہے کہ یہ صحابی ہیں، جامع الاصول میں ہے کہ جب بیاضی کا ذکر بغیر نام لیے ہو تو اس سے مراد عبداللہ بن جابر بیاضی انصاری ہیں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ہوتے ہیں ابن مندہ سے مروی ہے کہ بیاضی سے مراد وہ آدمی ہیں جن سے ابوحازم التمار نے روایت کی اور امام مالک نے ان کی روایت باب الصلوٰۃ میں مسئلہ قرات بالجہر کے سلسلے میں مؤطا میں نقل کی اور ان کا نام عبداللہ بن جابر بیان کیا گیا ہے۔

۴۴۸۰ وَعَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ فِیْ قِصَّۃِ رُجُوْعِہٖ مِنْ اَرْضِ الْحَبْشَۃِ قَالَ فَخَرَجْنَا حَتّٰی اَتَیْنَا الْمَدِیْنَۃَ فَتَلَقَّانِیْ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاعْتَنَقَنِیْ ثُمَّ قَالَ مَا اَدْرِیْ اَنَا بِفَتْحِ خَیْبَرَ اَفْرَحُ اَمْ بِقُدُوْمِ جَعْفَرٍ وَوَافَقَ ذٰلِكَ فَتْحَ خَیْبَرَ۔ (رَوَاہُ فِیْ شَرْحِ السُّنَّۃِ)

حضرت جعفر بن ابی طالب رضی اللہ عنہ حبشہ[۱] سے واپسی کا واقعہ بیان کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ ہم حبشہ سے چلے یہاں تک کہ مدینہ طیبہ پہنچے رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم سے جب ملاقات ہوئی تو آپ نے مجھے گلے لگا لیا اور فرمایا میں نہیں جانتا کہ خیبر کی فتح سے زیادہ خوش ہوا ہوں یا جعفر کے آنے سے اور اتفاقاً یہ آمد[۲] فتح خیبر کے دن ہوئی تھی۔ شرح السنۃ[۳]۔

۱ے ہجرت حبشہ سے واپسی کا موقع مراد ہے۔
۲ے یہ راوی کا کلام ہے جو حدیث کے سمجھنے میں معاون ہے۔
۳ے امام سمہودی نے تاریخ مدینہ وفاء الوفا باخبار دار المصطفیٰ میں نقل کیا ہے کہ امام شافعی کے شیخ حضرت سفیان بن عیینہ، امام مالک کے پاس آئے امام مالک نے مصافحہ کیا اور فرمایا میں معانقہ بھی کرتا اگر بدعت نہ ہوتا سفیان کہنے لگے کہ مجھ سے اور آپ سے بہتر ذات نے معانقہ کیا ہے، حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے جعفر بن ابی طالب سے معانقہ فرمایا اور بوسہ دیا جب وہ حبشہ سے واپس آئے تھے، امام مالک نے فرمایا یہ جعفر کے ساتھ مخصوص ہے۔ سفیان کہنے لگے نہیں یہ حکم عام ہے ہمارا اور حضرت جعفر کا ایک ہی حکم ہے اگر آپ مناسب سمجھتے ہیں تو مجھے اجازت دیں میں آپکی مجلس میں حدیث بیان کروں امام مالک نے فرمایا ہاں میں اجازت دیتا ہوں پھر سفیان نے اپنی سند کے ساتھ حدیث بیان کی اور امام مالک خاموش رہے۔

۴۴۸۱ وَعَنْ زَارِعٍ وَكَانَ فِیْ وَفْدِ عَبْدِ الْقَیْسِ قَالَ لَمَّا قَدِمْنَا الْمَدِیْنَۃَ فَجَعَلْنَا

حضرت زارع رضی اللہ عنہ جو وفد عبد القیس میں شامل تھے بیان کرتے ہیں کہ جب ہم شہر مدینہ پہنچے تو ہم جلدی جلدی سواریوں

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نَتَبَادَرُ مِنْ رَوَاحِلِنَا فَنُقَبِّلُ يَدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرِجْلَهٗ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

سے اترنے لگے اور ہم نے اپنے کریم آقا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے مبارک ہاتھوں اور پاؤں کو چومنے لگے۔ (ابوداؤد شریف)

سلہ نازع. فاعل کے وزن پر زراعت سے مشتق ہے۔

سلہ اس حدیث نے واضح کر دیا کہ پاؤں چومنا جائز ہے سابقاً ہم نے اس کی طرف اشارہ کیا تھا دوسری روایت میں ہے کہ وفد کے اکثر ارکان نے ایسی جلدی کا مظاہرہ کیا اگرچہ یہ شوق و محبت کی بنا پر تھا، ان میں سے ایک آدمی جس کا نام اشج تھا اس نے ایسا نہ کیا بلکہ پہلے وہ اپنی منزل اور رہائش گاہ پر گئے تازہ غسل کیا سفید کپڑے پہنے مسجد نبوی میں آکر دو نفل ادا کیے اور اس کے بعد بڑے ہی خضوع و خشوع اور اطمینان سے آپ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور آپ کی زیارت و محبت سے باریاب ہوئے، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی تعریف فرمائی اور اس ادب کو پسند فرمایا اور فرمایا تم میں دو چیزیں ایسی ہیں جو اللہ تعالیٰ کو پسند ہیں، علم اور وقار

۴۴۸۲/۱۳ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَأَيْتُ اَحَدًا كَانَ اَشْبَهَ سَمْتًا وَّهَدْيًا وَّدَلًّا وَفِيْ رِوَايَةٍ حَدِيْثًا وَّكَلَامًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فَاطِمَةَ كَانَتْ اِذَا دَخَلَتْ عَلَيْهِ قَامَ اِلَيْهَا فَاَخَذَ بِيَدِهَا فَقَبَّلَهَا وَاَجْلَسَهَا فِيْ مَجْلِسِهٖ وَكَانَ اِذَا دَخَلَ عَلَيْهَا قَامَتْ اِلَيْهِ فَاَخَذَتْ بِيَدِهٖ فَقَبَّلَتْهُ وَاَجْلَسَتْهُ فِيْ مَجْلِسِهَا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میں نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا سے بڑھ کر ہیئت[۱]، عادت، صورت اور ایک روایت میں ہے بات[۲] اور گفتگو میں حضور علیہ السلام سے مشابہ کسی کو نہیں دیکھا جب آپ حضور علیہ السلام کی خدمت[۳] میں آتیں آپ کھڑے ہو جاتے ان کا ہاتھ پکڑ کر چومتے اور اپنی جگہ[۴] پر بٹھاتے اور جب آپ ان کے ہاں تشریف لے جاتے تو وہ حضور علیہ السلام کا مبارک ہاتھ پکڑ کر چومتیں اور وہ آپ کو اپنی جگہ پر بٹھاتیں۔ (ابوداؤد)

سلہ سمت سین پر زبر میم ساکن، بہتر روش. ھدیٰ سمت کے وزن پر بھی اچھی سیرت، جس طرح کہ خطبہ مسنونہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ہیں ہے بہترین سیرت، بسیرت محمد ہے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی۔ دال پر زبر، لام مشدد معنی میں ھدیٰ کے قریب ہے ان دونوں سے سکون ووقار، صورت وسیرت اور شمائل مراد ہے (کذا فی الصراح) اس بیان سے واضح ہوگیا کہ یہ تینوں قریب المعنی ہیں۔ علامہ توربشتی کہتے ہیں کہ سمت سے خشوع، خضوع اور تواضع، ھدی سے سکون ووقار اور دَل سے حسن خلق اور حسن کلام مراد ہے۔

سے ۲ دونوں اگرچہ متحد المعنی ہیں لیکن علماء نے یہ فرق کیا ہے کہ حدیث سے مراد بات اور گفتگو ہے اور کلام سے اس کا طریقہ اور روش مراد ہے الغرض ان امور میں سیدہ فاطمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بڑھ کر حضور علیہ السلام کے کوئی مشابہ نہ تھا۔

سے ۳ اس کے بعد سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کا حضور علیہ السلام کے ہاں مقام، محبت اور سیدہ فاطمہ کی آپ سے محبت اور ادب واحترام کا بیان ہے۔

سے ۴ اپنی نشست گاہ خالی فرمادیتے اور سیدہ فاطمہ کو وہاں بٹھاتے رضی اللہ تعالیٰ عنہا

۴۴۸۳ / ۱۴ وَعَنِ الْبَرَاءِ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ اَبِیْ بَکْرٍ اَوَّلَ مَا قَدِمَ الْمَدِیْنَةَ فَاِذَا عَائِشَةُ بِنْتُهٗ مُضْطَجِعَةٌ قَدْ اَصَابَهَا حُمّٰی فَاَتَاهَا اَبُوْ بَکْرٍ فَقَالَ کَیْفَ اَنْتِ یَا بُنَیَّةُ وَقَبَّلَ خَدَّهَا۔

(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں حضرت ابوبکر کے ساتھ مدینہ منورہ میں آمد کے ابتدائی دنوں میں گیا ۲، تو ان کی بیٹی سیدہ عائشہ لیٹی ہوئی تھیں، انہیں بخار تھا حضرت ابوبکر ان کے پاس آئے اور کہا بیٹی طبیعت کیسی ہے؟ اور ان کے رخسار پر بوسہ دیا۔

(ابوداؤد شریف)

سے ۱ یہ مشہور صحابی ہیں۔

سے ۲ ان کے گھر میں ان کے ساتھ داخل ہوا۔

۴۴۸۴ / ۱۵ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِصَبِیٍّ فَقَبَّلَهٗ فَقَالَ اَمَا اِنَّهُمْ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ وَاِنَّهُمْ لَمِنْ رَیْحَانِ اللّٰهِ۔

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت اقدس میں ایک بچہ لایا گیا، آپ نے اسے بوسہ دیا اور فرمایا: یہ بخیل ۱ اور بزدل ۲ بنانے والے ہیں اور یہ ۳ اللہ کے اعلیٰ ۴ وافضل رزق میں سے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ) (شرح السنة)

سلہ جب بچے ہوں تو آدمی ان کے علاوہ مال خرچ نہیں کرتا بلکہ ان پر بھی کم خرچ کرتا ہے کہیں یہ کسی کے محتاج نہ ہو جائیں۔

سلہ یعنی وہ آدمی جہاد میں شرکت نہیں کرتا، کہیں وہ قتل اور اولاد بے کس نہ ہو جائے ان دونوں لفظوں (مَبْخَلَة، مَجْبَنَة) میں میم پر زبر اور بعد والا حرف ساکن ہے۔

سلہ ایک اعتبار سے بچوں کی مذمت فرمائی تھی لیکن اس جملہ میں تعریف کی ہے۔

سلہ یہ اللہ کی ان نعمتوں میں سے ہیں جو اپنے خصوصی فضل سے عطا کرتا ہے، ریحان۔ روح سے مشتق ہے جس کا معنی عیش و عشرت ہے اور رزق اس کا سبب ہے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ اس سے مراد رزق اور رحمت ہے یا ریحان سے مراد وہ پھول وغیرہ ہیں جن کو سونگھنے سے خوشبو آتی ہو۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۴۸۵/۱۶ عَنْ يَعْلٰى قَالَ إِنَّ حَسَنًا وَّ حُسَيْنًا اِسْتَبَقَا إِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَمَّهُمَا إِلَيْهِ وَ قَالَ إِنَّ الْوَلَدَ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ۔

(رَوَاهُ أَحْمَدُ)

حضرت یعلیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حسن و حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما دونوں دوڑتے ہوئے حضور علیہ السلام کی طرف آئے تو آپ نے دونوں کو اپنے ساتھ چمٹا لیا اور فرمایا اولاد بخیل اور بزدل بنانے والی ہے۔

(مسند احمد)

سلہ اس نام کے دو راوی ہیں یعلیٰ بن امیہ اور یعلیٰ بن مرۃ دونوں صحابی ہیں، اس جگہ دونوں میں سے کوئی ایک مراد ہے لیکن مختار یہی ہے کہ پہلے مراد ہیں۔

سلہ اس جگہ مقصد مذمت نہیں بلکہ بیان محبت و شفقت ہے ہاں ماسبق میں کرامت و مذمت تھی۔

۴۴۸۶/۱۷ وَعَنْ عَطَاءِ الْخُرَاسَانِيِّ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَصَافَحُوْا يَذْهَبِ الْغِلُّ وَ تَهَادَوْا

حضرت عطا خراسانی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آپس میں معافحہ کیا کرو کینہ جاتا رہے گا ایک دوسرے کو ہدیئے اور تحفے دیتے رہا کرو تم میں محبت پیدا ہو جائیگی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

تَحَابُّوْا وَ تَذْهَبُ الشَّحْنَاءُ. اور دشمنی جاتی رہے گی۔
(رَوَاهُ مَالِكٌ مُرْسَلًا) (امام مالک نے اسے مرسلاً روایت کیا ہے)

سلہ یہ مشاہیر تابعین میں سے ہیں اور ثقہ ہیں، یہ خراسان کے رہنے والے تھے والد کا نام ابو مسلم بلخی ہے ملک شام میں قیام پذیر ہوئے ان کی ولادت پچاس ہجری اور وصال ایک سو پینتیس ہجری کو ہوا ان سے امام مالک، امام اوزاعی نے روایت لی اور یہ صحابہ سے مرسلاً روایت کرتے ہیں۔

۴۲۸۷/۱۸ وَعَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى اَرْبَعًا قَبْلَ الْهَاجِرَةِ فَكَاَنَّمَا صَلَّاهُنَّ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ وَ الْمُسْلِمَانِ اِذَا تَصَافَحَا لَمْ يَبْقَ بَيْنَهُمَا ذَنْبٌ اِلَّا سَقَطَ.
(رَوَاهُ الْبَيْهَقِيُّ فِيْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جس نے دوپہر سے پہلے چار رکعات ادا کیں گویا اس نے لیلۃ القدر میں ادا کیں اور دو مسلمان جب آپس میں مصافحہ کرتے ہیں تو ان کے درمیان جو گناہ سلہ ہوتے ہیں وہ تمام جھڑ جاتے ہیں۔
(امام بیہقی، شعب الایمان)

سلہ ظاہر حدیث سے یہی معلوم ہو رہا ہے کہ مصافحہ تمام گناہوں کے جھڑ جانے کا سبب بنتا ہے علامہ طیبی کی رائے یہ ہے کہ یہاں "ذنب" سے مراد کینہ و دشمنی ہے جیسا کہ گزشتہ حدیث میں تھا کہ مصافحہ کینہ ختم کرنے کا ذریعہ ہے لیکن ان کا یہ قول محل نظر ہے کیونکہ مصافحہ اکثر طور پر دوست اور احباب کے درمیان ہوتا ہے خصوصاً صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم جن کی شان میں نص قطعی وارد ہے۔ رُحَمَاءُ بَيْنَهُمْ (وہ آپس میں رحیم ہیں) ہے اگر باقی ذنوب کے ضمن میں کینہ اور دشمنی بعض مقامات پر ساقط ہو جاتی ہیں تو اس میں کیا حرج ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْقِيَامِ

۳۱۰۔ تعظیم کیلئے کھڑے ہونے کا بیان

قیام سے مراد وہ متعارف قیام ہے جو مجلس میں کسی آنے والے شخص کے لیے کیا جاتا ہے۔ کیا یہ عمل زمانہ نبوت میں تھا یا نہیں؟

بعض علماء نے کہا ہے کہ یہ بات تحقیق کے ساتھ ثابت ہے کہ مجلس میں آنے والے شخص کے لیے قیام سنت ہے اور انہوں نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے قُوْمُوْا اِلٰی سَیِّدِکُمْ (اپنے سردار کے لیے اٹھو) اور اس کا جواب بھی دیا گیا ہے۔

بعض کے نزدیک یہ مکروہ، بدعت اور ممنوع ہے جس طرح کہ حدیث انس سے ثابت ہے کہ حضور علیہ السلام قیام صحابہ کو مکروہ و ناپسند فرماتے، حدیث ابو امامہ میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا قیام نہ کیا کرو کیونکہ یہ عجمیوں کی عادت اور طریقہ ہے، اس مسئلہ پر شرح میں تفصیلی گفتگو آئے گی۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۴۸۸ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ بَنُوْ قُرَیْظَۃَ عَلٰی حُکْمِ سَعْدٍ بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِلَیْہِ وَکَانَ قَرِیْبًا مِّنْہُ فَجَآءَ عَلٰی حِمَارٍ فَلَمَّا دَنَا مِنَ الْمَسْجِدِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب بنو قریظہ حضرت سعد کے حکم پر اترے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے انہیں بلا بھیجا اور وہ آپ کے قریب تھے چنانچہ وہ گدھے پر سوار ہو کر آئے اور جب مسجد کے قریب پہنچے تو آپ نے انصار کو فرمایا، اٹھو اپنے سردار

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لِلْاَنْصَارِ قُوْمُوْا اِلٰی سَیِّدِکُمْ۔ کی طرف۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) وَمَعْنَی الْحَدِیْثِ (بخاری و مسلم) (یہ طویل حدیث باب حکم

بِطُوْلِہٖ فِیْ بَابِ حُکْمِ الْاُسَرَآءِ۔ الاسرا میں گزر چکی ہے)۔

۱ یہ یہود کا ایک قبیلہ تھا، نبی اکرم نے غزوہ خندق کے بعد پچیس دن تک ان کا محاصرہ فرمایا، یہودی قلعہ سے حضرت سعد کے حکم پر نیچے اترے، کیونکہ حضرت سعد قبیلہ اوس کے سربراہ تھے اور یہ لوگ ان کے حلیف تھے انہوں نے سوچا کہ شاید سعد ہمارے لیے بہتر فیصلہ کریں گے وہ نیچے آئے اور انہوں نے کہا ہمیں پناہ دے دو جو فیصلہ حضرت سعد بن معاذ کریں گے ہمیں منظور ہوگا۔

۲ تاکہ وہ بنو قریظہ کے بارے میں اپنا فیصلہ بتائیں۔

۳ وہ غزوۂ خندق میں زخمی ہو گئے تھے، ابھی زخم سے خون جاری تھا آپ کا پیغام پہنچا زخم باندھ کر چل پڑے۔

۴ ظاہراً مسجد سے مراد مسجد نبوی ہوتی ہے جو مدینہ طیبہ میں ہے لیکن یہ درست نہیں کیونکہ آپ نے بنو قریظہ کا محاصرہ کیا ہوا تھا اور وہ جگہ مدینہ طیبہ سے چند میل کے فاصلے پر ہے، شاید یہاں مسجد سے مراد وہ جگہ ہو جہاں آپ نے مدت قیام کے دوران نماز ادا فرمائی ہو لہٰذا مسجد سے معروف معنی مراد نہیں ہے بلکہ جائے نماز مراد ہے۔

یہ بھی ممکن ہے کہ وہاں ان دنوں مسجد تعمیر کر دی گئی ہو، اب جو وہاں مسجد ہے وہ بھی اسی جگہ پر ہے جہاں آپ نے نماز ادا فرمائی تھی۔

۵ اس سے مراد قبیلہ اوس کے لوگ ہیں کیونکہ حضرت سعد انہیں کے سربراہ تھے۔

۶ اس سے متعلقہ مسائل پر وہاں پر تفصیلی گفتگو کر دی گئی ہے۔

۷ علماء نے اس حدیث سے استدلال کیا ہے کہ اہل علم و فضل کے لیے قیام جائز ہے، بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ اس قیام سے وہ قیام مراد نہیں جو مجلس میں آنے والے کے لیے بطور تعظیم و تکریم کیا جاتا ہے، کیونکہ اس سے یہ کہتے ہوئے منع کیا گیا ہے کہ یہ عجمیوں کا طریقہ ہے اور حضور علیہ السلام نے تمام ظاہری حیات میں اسے ناپسند فرمایا، علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ اگر یہ قیام مراد ہوتا تو قوموا الی سید کم کی جگہ قوموا لِسَیِّدِکُمْ کے الفاظ ہوتے یہاں قیام سے مراد سواری سے اترنا میں مدد کرنا ہے تاکہ ان کے زخم سے خون بہنا شروع نہ ہو جائے، میں اللہ کی توفیق سے کہتا ہوں کہ ممکن ہے کہ اس جگہ قیام ان کی توقیر و تعظیم کے لیے ہو اور آپ نے تعظیم و تکریم کا حکم اس لیے دیا ہو کہ یہاں ان کے حکم کے مطابق فیصلہ ہوتا ہے پس ان کی عظمت کا اظہار کیا جائے تاکہ ان کی اطاعت کی جائے

Scanned By Marfat.com

Downloaded From Paksociety.com

اس لیے یہاں قیام کو بطور تعظیم ماننا مقام کے زیادہ لائق اور مناسب ہے واللہ تعالیٰ اعلم روایات میں جو آیا ہے کہ حضرت عکرمہ بن ابی جہل کی آمد کے موقع پر آپ کھڑے ہوئے یا عدی بن حاتم بیان کرتے ہیں کہ میں جب بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ میرے لیے کھڑے ہوئے یہ تمام صحیح نہیں ان روایات کے ضعف کی وجہ سے ان سے استدلال درست نہیں۔ اور اگر یہ روایات ثابت بھی ہوں تو اس مقام پر رخصت ہو گی یہاں قیام وقت کا تقاضا ہو مثلاً عکرمہ سرداران قریش اور عدی، بنی طی کے سربراہ تھے آپ نے ان کے تالیف قلب کے لیے قیام مناسب سمجھا ہو سکتا ہے کہ ان لوگوں کی رئیس ہونے کی وجہ سے خواہش ہو اور آپ نے ان کے حال سے آگاہی کے بعد ایسا کیا ہو (کذا قال الطیبی) یہ بات مخفی نہ رہے کہ پیچھے گزرا ہے کہ حضور علیہ السلام سیدہ فاطمہ کی آمد اور سیدہ فاطمہ حضور علیہ السلام کی آمد کے موقع پر قیام کیا کرتے تھے اس کی یہ تاویل کرنا کہ یہ قیام بطور محبت تھا نہ کہ بطور تعظیم و توقیر نہایت ہی بعید ہے اور طیبی نے محی السنۃ سے نقل کیا ہے کہ اس حدیث کی بنا پر تمام علماء کا اتفاق ہے کہ اہل علم و فضل کے لیے قیام جائز ہے۔

امام محی السنۃ محی الدین نووی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اہل فضل کی آمد پر ان کیلئے قیام مستحب ہے اور اس بارے میں احادیث موجود ہیں اور اس بارے میں صراحۃً منع پر کوئی حدیث نہیں، مطالب المومنین میں قنیہ سے منقول ہے کہ کسی آنے والے کے احترام میں قیام لذاتہ مکروہ نہیں ہے بلکہ محبت قیام مکروہ ہے یعنی اس شخص کے لیے جو اسے چاہتا ہو مکروہ ہے اگر وہ چاہتا نہیں تو اس کے لیے قیام مکروہ نہیں۔

قاضی عیاض مالکی فرماتے ہیں کہ اس شخص کے لیے قیام ممنوع ہو گا کہ وہ بیٹھا ہو اور لوگ اس کے بیٹھنے تک کھڑے رہیں۔

جس طرح کہ حدیث میں آیا ہے اور دنیا دار کے لیے کسی دنیاوی غرض کے لیے قیام پر سخت وعید ہے اور یہ عمل انتہائی مکروہ ہے۔

۴۲۸۹ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُقِيْمُ الرَّجُلُ الرَّجُلَ مِنْ مَّجْلِسِهٖ ثُمَّ يَجْلِسُ فِيْهِ وَلٰكِنْ تَفَسَّحُوْا وَ تَوَسَّعُوْا۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)	حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کوئی شخص کسی کو اس کی جگہ سے نہ اٹھائے کہ وہاں خود بیٹھ جائے ہاں جگہ وسیع کرو اور جگہ دو[۱]۔ (بخاری و مسلم)

[۱] خود جگہ بنا دو تا کہ کسی کو اٹھانا نہ پڑے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ؔ۲ بعض نسخوں میں ہے کہ وہ یہ کہے کہ جگہ دو اور جگہ وسیع کرو مگر اکثر صحیح نسخوں میں یہ الفاظ نہیں ہیں۔

۴۴۹۰ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَامَ مِنْ مَّجْلِسِهٖ ثُمَّ رَجَعَ اِلَیْهِ فَهُوَ اَحَقُّ بِهٖ۔ (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص اگر اپنی جگہ سے اٹھ کر جائے پھر واپس آجائے تو اس جگہ کا وہی زیادہ حقدار ہے۔ (مسلم)

ؔ۱ اسے وہاں ہی بیٹھنا مناسب ہے اگر دوسرا وہاں بیٹھ گیا تو اسے اٹھا بھی سکتا ہے، علماء نے بیان کیا ہے کہ یہ تب ہے جب واپس کے ارادے سے اٹھا ہو مثلاً وضو کرنے یا کوئی اور ضروری کام تھا لیکن اگر وہ مجلس سے اٹھ کر کہیں دور کام کے لیے چلا جاتا ہے تو پھر وہ اس جگہ کا حق دار نہ ہوگا۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۴۴۹۱ عَنْ اَنَسٍ قَالَ لَمْ یَکُنْ شَخْصٌ اَحَبَّ اِلَیْهِمْ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَکَانُوْا اِذَا رَاَوْهُ لَمْ یَقُوْمُوْا لِمَا یَعْلَمُوْنَ مِنْ کَرَاهِیَتِهٖ لِذٰلِكَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِیْثٌ صَحِیْحٌ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ صحابہ کرام کو حضور سے بڑھ کر کوئی شخص محبوب نہ تھا وہ جب حضور علیہ السلام کو دیکھتے تو کھڑے نہ ہوتے، کیونکہ وہ جانتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قیام کو ناپسند رکھتے ہیں[۱]۔

(ترمذی نے اسے روایت کر کے کہا یہ حدیث صحیح ہے۔)

ؔ۱ علامہ طیبی کہتے ہیں کہ یہ ناپسندیدگی کامل محبت، راسخ الفت، باطن کی صفائی اور تالیف قلوب کی بناء پر تھی یہ امور تکلف اور وحشت کے دور کرنے کا ذریعہ اتحاد اور یگانگت کے پائے جانے کے اسباب ہیں، پس خلاصہ یہ ہے کہ قیام اور ترک قیام میں زمانہ احوال اور اشخاص کا اعتبار کیا جائے گا اسی لیے کسی جگہ قیام کیا ہے اور کسی جگہ نہیں کیا، اسی بیان سے مختلف احادیث میں تطبیق بھی ہوگی اور حدیث کا یہ جملہ کہ آپ سے بڑھ کر صحابہ کسی کو محبوب نہ سمجھتے تھے واضح کر رہا ہے کہ محبوب کی تعظیم و توقیر اور ہیبت و جلال تقاضائے محبت ہے اس کے باوجود حضور کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ناپسندیدگی کی وجہ سے وہ کھڑے نہ ہوتے تاکہ آپ کی اطاعت ورضا حاصل ہو جائے، اس سے یہ معلوم ہو گیا کہ اَلْاِطَاعَۃُ فَوْقَ الْاَدَبِ اطاعت کا درجہ ادب سے بلند ہے۔

اور بقول علامہ طیبی ان کا بیٹھنا ہی کمال محبت کا تقاضا تھا گویا یہ اب بعد کا جملہ کہ صحابہ آپ کو دیکھ کر کھڑے نہ ہوتے پہلے کلام کا ثمرہ اور نتیجہ ہے۔

۴۴۹۲ وَعَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَرَّهٗ اَنْ يَّتَمَثَّلَ لَهُ الرِّجَالُ قِيَامًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهٗ مِنَ النَّارِ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاوُدَ)

حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص اس بات سے خوش ہوتا ہے کہ میرے لیے لوگ اپنی جگہ سے اٹھ کر کھڑے[1] ہو جائیں تو وہ اپنا ٹھکانہ[2] دوزخ میں بنائے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

[1] قیام مصدر برائے تاکید ہے یا یہ قائم کی جمع ہے۔

[2] اس سے واضح ہو رہا ہے کہ وہ قیام مکروہ و ممنوع ہے جو خود انسان کی خواہش ہو کہ لوگ میری تعظیم کے لیے کھڑے ہوں اور یہ بطور تکبر ہو اور جہاں یہ چیزیں نہ ہوں وہاں قیام مکروہ نہ ہوگا۔

۴۴۹۳ وَعَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ قَالَ خَرَجَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئًا عَلٰى عَصًا فَقُمْنَا لَهٗ فَقَالَ لَا تَقُوْمُوْا كَمَا يَقُوْمُ الْاَعَاجِمُ يُعَظِّمُ بَعْضُهَا بَعْضًا۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم عصا پر ٹیک لگائے ہوئے تشریف لائے، ہم تمام آپ کے لیے کھڑے ہو گئے آپ نے فرمایا، تم اس طرح کھڑے نہ ہوا کرو جس طرح[1] عجمی لوگ ایک دوسرے کی تعظیم کے لیے کھڑے ہوتے ہیں۔ (ابوداؤد)

[1] اصل قیام میں تشبیہ ہے یا اس کی اس کیفیت کا بیان ہے کہ ان میں سے کوئی بڑا آدمی آجاتا تو اسے دیکھتے ہی کھڑے ہو جاتے اور اضطراب و پریشانی کی کیفیت طاری ہو جاتی اور اس کی تعظیم کے لیے پاؤں پر کھڑے رہتے اس کی طرف آپ نے بعد کے الفاظ سے اشارہ کیا ہے اس توجیہ سے واضح ہوا کہ اصل قیام منع نہیں بلکہ وہ قیام منع ہے جو بطور تعظیم و تکریم ہو یعنی بڑا آدمی بیٹھا رہے اور عوام دست بستہ ہی کھڑے رہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۴۹۴ وَعَنْ سَعِيْدِ بْنِ أَبِي الْحَسَنِ قَالَ جَاءَنَا أَبُوْبَكْرَةَ فِيْ شَهَادَةٍ فَقَامَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ مَجْلِسِهِ فَأَبَى أَنْ يَجْلِسَ فِيْهِ وَقَالَ إِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ ذَا وَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ يَمْسَحَ الرَّجُلُ يَدَهُ بِثَوْبِ مَنْ لَمْ يَكْسُهُ۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت سعید بن ابی الحسن[1] رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک گواہی میں حضرت ابوبکرہ[2] ہمارے پاس آئے تو ایک شخص نے اٹھ کر ان کے لیے جگہ خالی کر دی انہوں نے وہاں بیٹھنے سے انکار کر دیا اور کہنے لگے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کیا ہے[3] اور آپ نے اس سے بھی منع کیا ہے کہ کوئی اپنے ہاتھ ایسے کپڑے سے پونچھے جو اس نے دوسرے شخص کو نہیں پہنایا[4]۔

(ابوداؤد شریف)

[1] یہ تابعی ثقہ اور امام حسن بصری کے بھائی ہیں، آپ کے والد گرامی کا نام ابوالحسن ہے ان کا وصال اپنے بھائی سے ایک سال پہلے ایک سو نو ہجری میں ہوا، انہوں نے حضرت ابن عباس اور ابوہریرہ سے روایت کی ہے اور ان سے ان کے بھائی اور قتادہ نے روایت کی ہے۔

[2] ابوبکرہ نفیع بن حارث ثقفی، نون پر پیش، مشاہیر صحابہ میں سے ہیں۔

[3] ظاہر حدیث اس بات پر دال ہے کہ دونوں کا مجموعہ (قیام اور اس جگہ دوسرے شخص کا بیٹھنا) منع ہے یہ بھی ممکن ہے کہ مقصد محض قیام کا بیان ہو اور دوسرا اس پر خود بخود متفرع ہو جائے گا کیونکہ جب قیام منع ہے تو اس جگہ بیٹھنا بھی مکروہ ہوگا۔

[4] کھانے کے بعد ہاتھ بیگانے کے کپڑے کے ساتھ صاف نہ کیے جائیں، لیکن اگر بیٹے، خادم یا غلام کا کپڑا ہو جسے اس نے کپڑے دیئے ہیں تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

۴۴۹۵ وَعَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا جَلَسَ وَجَلَسْنَا حَوْلَهُ فَقَامَ فَأَرَادَ الرُّجُوْعَ نَزَعَ نَعْلَهُ أَوْ بَعْضَ

حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم جب بیٹھتے اور اور ہم آپ کے اردگرد بیٹھے پھر کھڑے ہوتے اور واپس آنے کا ارادہ فرماتے تو نعلین مبارک[1] اور وہ چیز[2] جو آپ پر ہوتی اسے چھوڑ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مَا يَكُوْنُ عَلَيْهِ فَيَعْرِفُ ذٰلِكَ أَصْحَابُهٗ فَيَثْبُتُوْنَ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

جاتے جس سے آپ کے صحابہ پہچان جاتے اور بیٹھے رہتے۔

(ابو داؤد شریف)

سے آپ ننگے پاؤں گھر تشریف لے جاتے۔

سے مثلاً چادر مبارک یا کوئی اور کپڑا۔

سے کہ آپ دوبارہ مجلس میں تشریف لائیں گے۔

سے متفرق نہ ہوتے بلکہ انتظار کرتے۔

۴۶۹۶/۹ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِرَجُلٍ أَنْ يُّفَرِّقَ بَيْنَ اثْنَيْنِ إِلَّا بِإِذْنِهِمَا۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَأَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، کسی شخص کے لیے یہ جائز نہیں کہ دو اشخاص[1] کے درمیان بغیر ان کی اجازت[2] علیحدگی کرے

(ترمذی، ابو داؤد)

سے تاکہ ان دونوں کے درمیان فاصلہ نہ ہو جائے جو آپس میں علاقہ محبت و اخوت رکھتے ہوں۔

سے اگر ان دونوں میں علاقہ محبت کا علم ہو تو ان کے درمیان نہ بیٹھو اور اگر علاقہ محبت معلوم نہ ہو تو پھر بھی بیٹھنے میں احتیاط کی جائے۔

۴۶۹۷/۱۰ وَعَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَجْلِسْ بَيْنَ رَجُلَيْنِ إِلَّا بِإِذْنِهِمَا۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: دو آدمیوں کے درمیان ان کی اجازت کے بغیر نہ بیٹھو۔

(ابو داؤد شریف)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

۴۴۹۸ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَجْلِسُ مَعَنَا فِی الْمَسْجِدِ یُحَدِّثُنَا فَاِذَا قَامَ قُمْنَا قِیَامًا حَتّٰی نَرَاهُ قَدْ دَخَلَ بَعْضَ بُیُوْتِ اَزْوَاجِهٖ۔

(رَوَاهُ الْبَیْهَقِیُّ)

۴۴۹۹ وَعَنْ وَاثِلَةَ بْنِ خَطَّابٍ قَالَ دَخَلَ رَجُلٌ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ فِی الْمَسْجِدِ قَاعِدٌ فَتَزَحْزَحَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ الرَّجُلُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ فِی الْمَكَانِ سَعَةً فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلْمُسْلِمِ لَحَقًّا اِذَا رَاٰهُ اَخُوْهُ اَنْ یَّتَزَحْزَحَ لَهٗ۔

(رَوَاهُمَا الْبَیْهَقِیُّ)

تیسری فصل

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم ہمارے ساتھ مسجد میں تشریف فرما ہو کر گفتگو فرماتے جب آپ کھڑے ہوتے ہم بھی کھڑے ہو جاتے یہاں تک کہ ہم ملاحظہ کرتے کہ آپ بعض ازواج مطہرات کے گھروں میں تشریف لے گئے ہیں۔

(بیہقی)

حضرت واثلہ بن خطاب[1] رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص حضور علیہ السلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا حالانکہ آپ مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے تو آپ اس کی خاطر سمٹ کر بیٹھ گئے اس شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ جگہ کافی ہے آپ نے فرمایا مسلمان کا حق ہے کہ جب اسے اس کا بھائی دیکھے تو اس کے لیے کچھ سمٹ[2] کر بیٹھے۔

(بیہقی شریف)

---

[1] ان کا حضرت عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے خاندان سے تعلق ہے قرشی و عدوی ہیں یہ صحابی ہیں اور دمشق میں قیام پذیر رہے۔ انہوں نے ایک ہی حدیث روایت کی ہے اور وہ یہی ہے۔

[2] خواہ جگہ تنگ ہو یا نہ ہو مسلمان کے احترام و اکرام کی خاطر ایسا اہتمام کرنا چاہیے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْجُلُوْسِ وَالنَّوْمِ وَالْمَشْيِ

۱۳۱۔ بیٹھنے، سونے اور چلنے کا بیان

ان تینوں چیزوں کا ذکر عادت کے مطابق ہے کیونکہ آدمی کھانے وغیرہ کے لیے بیٹھتا ہے اس کے بعد سوتا ہے۔ اور پھر اٹھ کر مسجد وغیرہ کی طرف جاتا ہے، جلوس اور قعود کا ایک ہی معنی ہے، بعض ان کے درمیان فرق کرتے ہیں قعود اس بیٹھنے کو کہتے ہیں جو قیام کے بعد ہو اور جلوس اس بیٹھنے کو کہا جاتا ہے جو پہلو کے بل لیٹنے کے بعد یا سجدہ کے بعد ہو (کذا فی القاموس) اس مقام پر بڑی تفصیلی گفتگو ہے جو دوسرے مقام پر مذکور ہے، نوم (نیند) پیٹ سے بخارات سر کی طرف جانے کی وجہ سے اعصاب میں جو سستی واقع ہوتی ہے اس سے قوائے مدرکہ میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے اسے نوم کہا جاتا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۷۵۰۔ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَأَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِفِنَاءِ الْكَعْبَةِ مُحْتَبِيًا بِيَدَيْهِ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو صحن کعبہ میں اپنے ہاتھوں سے حلقہ باندھے ہوئے (بیٹھے) دیکھا۔ (بخاری شریف)

۱ے احتباء اس سے مراد وہ بیٹھنا ہے جس میں دونوں گھٹنے کھڑے، پاؤں زمین پر اور دونوں بازوؤں سے ان کا حلقہ بنایا جائے خواہ سرین زمین پر ہو یا نہ، کبھی احتباء کپڑے چادر وغیرہ کے ساتھ ہوتا ہے اکثر گھٹنوں اور کمر کے گرد لپیٹ لیا جاتا ہے اور کبھی دونوں ہاتھوں کے ساتھ، عرب اکثر طور پر اس طریقے پر بیٹھتے ہیں صحابہ کرام نے حضور علیہ السلام کو دونوں ہاتھوں سے حلقہ بنائے ہوئے دیکھا ہے، کپڑے کے ساتھ بھی آپ کا یہ عمل منقول ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۵۰۱ وَعَنْ عَبَّادِ بْنِ تَمِيْمٍ عَنْ عَمِّهٖ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْمَسْجِدِ مُسْتَلْقِيًا وَاضِعًا اِحْدٰى قَدَمَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى. (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عباد بن تمیم[۱] اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مسجد میں گدی کے بل لیٹے ہوئے دیکھا کہ آپ نے اپنا ایک پاؤں دوسرے پاؤں پر رکھا[۲] ہوا تھا۔ (صحیحین)

[۱] عباد میم پر زبر، با پر شد، یہ عباد بن تمیم بن زید بن عاصم تابعی، انصاری، مازنی مدنی، مشاہیر تابعین اور ان کے ثقہ میں سے ہیں ان کے چچا کا نام عبداللہ بن زید انصاری ہے۔

[۲] اس سے معلوم ہوا کہ مسجد میں گدی کے بل لیٹنا جائز ہے بیان کیا گیا ہے کہ ایسا بعض اوقات تھکاوٹ دور کرنے اور طلب راحت کی وجہ سے ہوتا تھا۔ اور آپ نے یہ عمل برائے تعلیم جواز فرمایا ورنہ آپ کی عمومی عادت کریمہ اس سے مختلف تھی۔

۴۵۰۲ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّرْفَعَ الرَّجُلُ اِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى وَهُوَ مُسْتَلْقٍ عَلٰى ظَهْرِهٖ. (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا کہ آدمی اپنے ایک پاؤں کو اٹھا کر دوسرے پر رکھے جب کہ وہ چت لیٹا ہوا ہو۔ (مسلم)

۴۵۰۳ وَعَنْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَسْتَلْقِيَنَّ اَحَدُكُمْ ثُمَّ يَضَعُ اِحْدٰى رِجْلَيْهِ عَلَى الْاُخْرٰى. (رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی چت نہ لیٹے پھر اپنے ایک پاؤں کو دوسرے پر رکھے[۱]۔ (مسلم)

[۱] یہ دونوں حدیثیں حدیث عباد بن تمیم کے منافی ہیں اور ان کے درمیان علماء نے تطبیق یوں بیان کی ہے کہ ایک پاؤں کا دوسرے پاؤں پر رکھنا دو طرح پر ہوتا ہے ایک یہ کہ دونوں ٹانگیں بچھائی ہوئی ہوں اور ایک پاؤں کو دوسرے پر رکھ دے اس میں کوئی حرج نہیں کیونکہ اس حالت میں شرمگاہ کا ننگا ہونا لازم نہیں آتا اور دوسرا طریقہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

یہ ہے ایک پنڈلی کھڑی کر لی جائے اور دوسرے زانوں کو اس پر رکھ لیا جائے یہ صورت ممنوع ہے لیکن یہ بھی تب منع ہے جب شرمگاہ کے ننگے ہونے کا خطرہ ہو اگر خطرہ نہیں مثلاً شلوار پہنی ہوئی ہے یا تہ بند دراز یا قمیض کا پلو لمبا ہے تو پھر بھی حرج نہیں، الغرض جواز اور عدم جواز کا مدار انکشاف شرمگاہ اور عدم انکشاف پر ہے۔

۴۵۰۴ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَتَبَخْتَرُ فِیْ بُرْدَيْنِ وَقَدْ اَعْجَبَتْهُ نَفْسُهٗ خُسِفَ بِهِ الْاَرْضَ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيْهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک آدمی دو چادروں میں تکبر سے چل رہا تھا اور اس کے نفس نے اسے گھمنڈ میں مبتلا کر دیا تو اسے زمین میں دھنسا دیا گیا اور وہ قیامت تک زمین دھنستا ہی رہے گا۔ (صحیحین)

سلہ دھاری دار کپڑوں میں گردن اکڑا کر چل رہا تھا۔

سلہ وہ آدمی اس امت میں سے تھا یا سابقہ امتوں میں سے، بعض علماء کی رائے میں اس سے مراد قارون ہے یا ممکن ہے کہ یہ بطور فرض و تمثیل ہے تاکہ خوف اور ڈر پیدا ہو۔

سلہ جلجل، آواز کے ساتھ حرکت کرنا، کہا جاتا ہے تجلجل ذق (دف کی آواز یں) اسی سے ہے۔

سلہ اس حدیث نے واضح کر دیا کہ رفتار میں تکبر، فخر و غرور اور اکڑ کر چلنا ناپسند ہے اور اس کا نتیجہ اور انجام نہایت ہی برا ہے اللہ تعالیٰ اس سے اپنی پناہ میں رکھے رفتار کی دس اقسام ہیں عربی زبان میں ہر ایک کے لیے الگ نام ہے۔

شرح میں ہم نے انہیں ذکر کیا ہے، افضل و اکمل ان میں ہُوْن ہے ہا پر زبر اور واؤ ساکن ہے یعنی جس میں آہستگی کے ساتھ تمام جسم حرکت کرے، تھوڑی سی تیزی ہو یعنی اس میں مردانہ وقار ہو اور عاجزی کا اظہار ہو۔ نہ تو خشک لکڑی کی طرح چلے اور نہ ہی نہایت تیز جس میں اضطراب ہو کیونکہ یہ دونوں اقسام مذموم ہیں اور یہ دل کے مردہ ہونے سر میں غرور اور بے عقلی کی دلیل ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید میں اپنے بندوں کی صفت "ہون" کا ذکر کیا ہے اور اس کی تعریف کی ہے ارشاد ہے۔

وہ بڑے ہی آرام کے ساتھ بغیر تکبر اور بے افسردگی کے زمین پہ چلتے ہیں۔ اس کی تفصیل حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک چال کے بیان میں شمائل میں کرے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۴۵۰۵ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَأَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُتَّکِئًا عَلٰی وِسَادَةٍ عَلٰی یَسَارِہٖ۔

حضرت جابر بن سمرہ۱؎ رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو اپنی بائیں طرف تکیہ پر ٹیک لگائے ہوئے دیکھا۲؎۔

(ترمذی شریف)

۱؎ یہ اور ان کے والد دونوں صحابی ہیں، ان کی کنیت ابوعبداللہ ہے، حضرت سعد بن ابی وقاص کی بہن کے بیٹے ہیں، ان کی والدہ کا نام خالدہ بنت ابی وقاص ہے۔

۲؎ تکیہ پر ٹیک لگا کر بیٹھنا سنت ہے، کیونکہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے پسند فرمایا اور فرمایا کہ اگر کوئی تمہیں تکیہ پیش کرے تو رد نہ کرو جس طرح کہ آپ نے خوشبو کے بارے میں فرمایا۔

۴۵۰۶ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا جَلَسَ فِی الْمَسْجِدِ اِحْتَبٰی بِیَدَیْہِ۔ (رَوَاہُ رَزِیْنٌ)

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب مسجد میں بیٹھتے تو اپنے دونوں ہاتھوں سے احتبا۱؎ کرتے۔

(رزین)

۱؎ اس کا معنی پیچھے بیان کیا جا چکا ہے، گھٹنوں کو پیٹ کے ساتھ لگا کر ان کے گرد دونوں ہاتھوں سے حلقہ بنالیا جائے ۱۲ (ق ن)۔

۴۵۰۷ وَعَنْ قَیْلَةَ بِنْتِ مَخْرَمَةَ اَنَّھَا رَأَتْ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِی الْمَسْجِدِ وَھُوَ قَاعِدٌ الْقُرْفُصَاءَ قَالَتْ فَلَمَّا رَأَیْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ الْمُتَخَشِّعَ اُرْعِدْتُ مِنَ الْفَرَقِ۔ (رَوَاہُ اَبُوْدَاؤدَ)

حضرت قیلہ بنت مخرمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول خدا صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو مسجد میں قرفصاء۱؎ کی حالت میں بیٹھے ہوئے دیکھا، کہتی ہیں کہ جب میں نے آپ کو عجز و نیاز کی حالت میں بیٹھے ہوئے دیکھا تو میں خوف۲؎ سے کانپ اٹھی۔

(ابوداؤد شریف)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ قیلہ قاف پر زبر یا اور با، ساکن ہے یہ عنبر یہ تمیمہ ہیں، بنت مخرمہ میم پر زبر خا ساکن۔
سلہ قُرفصا۔ قاف پر پیش، را ساکن، فا پر پیش یا زیر، الف ممدودہ اور مقصورہ دونوں ہو سکتے ہیں۔
بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ قصر کی صورت میں قاف اور فا کے نیچے زیر ہوگی اور قاموس میں ہے کہ قاف اور فا پر تینوں حرکات آسکتی ہیں، یہ بیٹھنے کی ایک قسم ہے اس کی صورت یہ ہے کہ سرین پر بیٹھ کر رانوں کو پیٹ کے ساتھ لگایا جائے اور دونوں ہاتھوں کے ساتھ حلقہ بنالیا جائے ایا یہ کہ آدمی دونوں پنڈلیوں پر بوجھ ڈال کر بیٹھ جائے رانوں کو پیٹ سے ملائے اور دونوں ہاتھوں کو بغل میں اس طرح رکھے کہ دایاں ہاتھ بائیں بغل میں اور بایاں ہاتھ دائیں بغل میں ہو، یہ عرب کے چرواہوں، بادیہ نشینوں اور غریب لوگوں کے بیٹھنے کا طریقہ ہے اور وہ لوگ جو دل میں اپنی ذمہ داریوں کی فکر، اندیشہ اور خیال رکھتے ہوں ان کا بھی یہی طریقہ ہے، یا رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم کس مقام میں تھے کہ اس حالت میں بیٹھے تھے پس حضرت قیلہ فرماتی ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس حال میں بیٹھے ہوئے دیکھا۔
سلہ انتہائی عاجزی، تواضع اور فروتنی و حضور میں آپ تشریف فرما تھے۔
سلہ فرق، فا اور را اور پر زبر ہے۔ میرے جسم پر کپکپی طاری ہوگئی۔
سلہ امام ترمذی نے شمائل میں بھی یہ حدیث روایت کی ہے۔

۴۵۰۸/۹ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا صَلَّى الْفَجْرَ تَرَبَّعَ فِيْ مَجْلِسِهٖ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ حَسْنَاءَ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم جب فجر کی نماز ادا کر لیتے تو اپنی جگہ پر چار زانو بیٹھے رہتے یہاں تک کہ سورج[1] خوب روشن[2] ہو جاتا۔ (ابو داؤد)

سلہ اس زردی سے جو سورج کو وقت طلوع غبار اور بخارات کی وجہ سے لاحق ہوتی ہے۔
سلہ حسنا اس میں چند صورتیں ہیں درست یہ ہے کہ حا اور سین پر زبر طُلُوْعًا حَسَنًا (خوب چمکدار طلوع) یا حا پر زبر سین ساکن اور ہمزہ ممدودہ یعنی فعلاء کے وزن پر ہے اور بعض روایات میں "حِيْنًا"، ہے حا کے نیچے زیر یا ساکن اس کا معنی زمانہ ہے یہاں تک کہ سورج کے طلوع کو کچھ وقت گزر جاتا۔

۴۵۰۹/۱۰ وَعَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

كَانَ إِذَا عَرَّسَ بِلَيْلٍ اِضْطَجَعَ عَلٰى شِقِّهِ الْاَيْمَنِ وَ اِذَا عَرَّسَ قُبَيْلَ الصُّبْحِ نَصَبَ ذِرَاعَهُ وَ وَضَعَ رَأْسَهُ عَلٰى كَفِّهٖ۔

رات کو دوران سفر کسی جگہ پڑاؤ[1] فرماتے تو دائیں کروٹ لیٹتے اور جب صبح سے کچھ پہلے کسی جگہ اترتے تو اپنی کلائی کھڑی فرماتے اور اپنی مبارک ہتھیلی پر سر رکھتے۔

(رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ) (شرح السنۃ)

[1] تعریس، مسافر کا رات کے آخری حصہ میں آرام و نیند کے لیے پڑاؤ کرنا آپ کی عادت کریمہ تھی اگر پڑاؤ کے وقت رات کافی ہوتی تو دائیں پہلو پر آرام فرماتے تعریس کے علاوہ بھی آپ کا معمول یہی تھا اگر صبح قریب ہوتی تو ایک ہاتھ کھڑا کر کے سر اقدس ہتھیلی پر رکھتے یہ اس لیے تاکہ نیند غلبہ نہ کرے اور نماز فجر فوت نہ ہو جائے آخری صورت میں تو یہ بات واضح ہے۔ رہا معاملہ پہلی صورت کا تو وہاں دائیں پہلو پر لیٹنے سے نیند کم آتی ہے کیونکہ دل بائیں طرف ہے اور وہ معلق ہو جاتا ہے۔ لہٰذا سکون و قرار کم ہو جاتا ہے اور اگر بائیں پہلو پر سویا جائے تو دل اپنے مقام پر رہتا جس کی وجہ سے نیند خوب آتی ہے یہی وجہ ہے کہ اطبا دائیں پہلو پر سونے کو پسند کرتے ہیں کیونکہ ان کی غرض نیند سے آرام اور ہضم طعام ہوتا ہے اور وہ اس صورت میں خوب حاصل ہوتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ آرام و سکون کی وجہ سے حرارت باطن میں رک جاتی ہے جس کی وجہ سے کھانا جلدی ہضم ہو جاتا ہے۔ بعض روایات میں یہ بھی آیا ہے اگر رات کافی باقی ہوتی تو سر کے نیچے اینٹ رکھ لیتے اور اگر صبح قریب ہوتی تو ایک بازو کھڑا کر کے سر ہتھیلی پر رکھ لیتے تاکہ نیند کا غلبہ نہ ہو جائے۔

۴۷۵۱ وَعَنْ بَعْضِ اٰلِ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَ كَانَ فِرَاشُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوًا مِمَّا يُوْضَعُ فِيْ قَبْرِهٖ وَكَانَ الْمَسْجِدُ عِنْدَ رَأْسِهٖ۔

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی بعض اولاد[1] سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بستر مبارک اسی طرح کا تھا جیسا کہ آپ کی قبر[2] میں بچھایا گیا اور مسجد آپ کے سر کی جانب ہوتی تھی۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوُدَ) (ابو داؤد شریف)

[1] ام المومنین حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی سابقہ شوہر سے اولاد تھی ان میں بعض مثلاً حضرت عمر اور زینب نے حضور علیہ السلام کے پاس پرورش پائی ان میں سے کسی نے روایت کی ہے۔

[2] حدیث میں ہے کہ وہ سرخ رنگ کا پرانا کمبل جو آپ نیند کے موقع پر نیچے بچھاتے تھے قبر انور میں بھی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دی بچھایا گیا اور آپ کا جسد اطہر اس پر رکھا گیا، بعض علماء نے بیان کیا ہے کہ آپ کا جسد اطہر اس کپڑے پر رکھا گیا جس کو نکالنا اضطراب کی وجہ سے صحابہ کرام کو یاد نہ رہا اور تدفین کے بعد قبر انور کو کھولنا مناسب نہ تھا بر بھی روایات میں ہے کہ اس کمبل کا آپ کے نیچے بچھانا آپ کے غلام شقران کا (شین پر پیش اور قاف ساکن) صحابہ کی رائے سے بغیر علم تھا اور انہوں نے کہا کہ میں چاہتا تھا کہ آپ کے بعد کوئی اسے استعمال نہ کرے، جمہور علماء کی رائے یہ ہے کہ میت کے نیچے کپڑا بچھانا مکروہ ہے۔

روضۃ الاحباب میں ہے کہ آپ کے نیچے آپ کی وصیت پر عمل کرتے ہوئے کپڑا بچھایا گیا تھا اور یہ آپ کی خصوصیت ہے، صحیح یہ ہے کہ صحابہ کرام نے قبر انور میں کچی اینٹیں لگاتے ہوئے کمبل مبارک باہر نکال لیا تھا۔ واللہ تعالیٰ اعلم حاصل یہ ہے کہ راوی اس بات سے آگاہ کر رہے ہیں کہ آپ کا بستر اسی قسم کا تھا جو قبر میں بچھایا گیا، ظاہر یہ ہے کہ "یوضع" کی جگہ ماضی "وضع" ہونا چاہیے تھا مگر یہ روایت اس وقت کر رہے ہیں جب آپ کی تدفین ہوئی اس لیے مضارع کا لفظ استعمال کیا۔

۲ے سر اقدس مسجد کی طرف کرتے، کیونکہ آپ رخ انور قبلہ کی طرف فرماتے تو سر اقدس مسجد کی جانب ہوتا آپ کی مسجد حجرہ انور کے دائیں جانب ہے اور حجرہ مسجد کے بائیں جانب، بعض حواشی میں ہے کہ آپ اپنی نماز ادا کرنے والی جگہ کے قریب آرام کرتے اس جگہ سے محبت اور رات کو قیام میں سہولت کے لیے ایسا کرتے تھے۔

۴۵۱۱ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ ۱۲ قَالَ رَاٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا مُّضْطَجِعًا عَلٰی بَطْنِهٖ فَقَالَ اِنَّ هٰذِهٖ ضِجْعَةٌ لَا یُحِبُّهَا اللّٰهُ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو پیٹ کے بل لیٹے ہوئے دیکھا تو فرمایا اس لیٹنے کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں فرماتا لے۔ (ترمذی)

لے سونے کی چار قسمیں ہیں پہلی قسم پشت کے بل سونا، یہ اہل عرب کا سونا ہے کیونکہ وہ آسمان اور ستاروں میں نظر عبرت ڈالتے ہیں اور اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ اور حکمت بالغہ پر استدلال کرتے ہیں دوسری قسم دائیں پہلو پر سونا ہے۔ یہ اہل عبادت کا سونا ہے کیونکہ اس کے ذریعے بندہ رات کو قیام اور بارگاہ خداوندی میں نماز و طاعت کے لیے تیار رہتا ہے تیسری قسم بائیں پہلو پر سونا ہے اور یہ اہل راحت کا سونا ہے کیونکہ اس کے ذریعے کھانا جلدی ہضم ہوتا ہے اور راحت و سکون خوب ملتا ہے چوتھی قسم منہ کے بل سونا ہے یہ اہل غفلت کا سونا ہے کہ سینہ اور چہرہ جو انسان کے افضل اعضاء میں سے ہیں ان کا نیچے ہونا اور طاعت باری کے علاوہ ان کا زمین پر رکھنا مناسب نہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۷۱۲ وَعَنْ يَعِيشَ بْنِ طِخْفَةَ بْنِ قَيْسٍ الْغِفَارِيِّ عَنْ أَبِيهِ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ الصُّفَّةِ قَالَ بَيْنَمَا أَنَا مُضْطَجِعٌ مِنَ السَّحَرِ عَلَى بَطْنِي إِذَا رَجُلٌ يُحَرِّكُنِي بِرِجْلِهِ . فَقَالَ إِنَّ هٰذِهِ ضِجْعَةٌ يُبْغِضُهَا اللّٰهُ فَنَظَرْتُ فَإِذَا هُوَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت یعیش بن طخفہ بن قیس غفاری اپنے والد گرامی سے جو اصحاب صفہ میں سے تھے روایت کرتے ہیں کہ میں سینے کی درد کی وجہ سے پیٹ کے بل لیٹا ہوا تھا کہ اچانک مجھے کسی شخص نے اپنے پاؤں کے ساتھ ہلایا اور کہا کہ اس لیٹنے سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے میں نے نظر اٹھا کر دیکھا تو وہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ (ابو داؤد، ابن ماجہ)

۱ یعیش یا پر زبر، عین کے نیچے زیر دوسری یا ساکن ہے اور نقطوں والا شین۔
۲ طخفہ طا کے نیچے زیر خا ساکن، بعض کے نزدیک خا کی جگہ ھا ہے۔ (طہفہ) بعض کے نزدیک خا کی جگہ غین ہے (طغفہ)۔
۳ سحر سین پر پیش، حا ساکن، یا سین پر زبر اور حا ساکن، یا سین اور حا دونوں پر زبر ہے، پھیپھڑا درد کے علاوہ اس چیز کو بھی کہتے ہیں جو حلقوم اور مری میں اوپر کی جانب میں پھنس جائے اس جگہ سینے کا درد مراد ہے۔
۴ اس حدیث میں سابق حدیث کی نسبت زیادہ مبالغہ ہے کہ یہ عمل نہایت ناپسندیدہ ہے سابق حدیث میں گزرا کہ اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا یعنی ناراض ہوتا ہے، یا اس حدیث میں بھی محبوب نہ ہونے سے مراد ناپسندیدہ ہونا ہے۔
۵ یہ مسلم ہے کہ ضرورت کی وجہ سے یہ عمل مباح ہو جاتا ہے، اگر آپ نے درد کے جاننے کے باوجود فرمایا ہے تو احتیاط میں مبالغہ کی تلقین ہے۔

۴۷۱۳ وَعَنْ عَلِيِّ بْنِ شَيْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ بَاتَ عَلَى ظَهْرِ بَيْتٍ لَيْسَ عَلَيْهِ

حضرت علی بن شیبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص ایسے گھر کی چھت پر رات گزارے جس پر

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رِجَابٌ وَفِيْ رِوَايَةٍ حِجَارٌ فَقَدْ بَرِئَتْ مِنْهُ الذِّمَّةُ. (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَفِيْ مَعَالِمِ السُّنَنِ لِلْخَطَابِيِّ حِجِيٌّ)

آڑ نہ ہو، ایک روایت کے مطابق کہ جس پر پتھر نہ ہو تو اس سے ذمہ داری ختم ہو گئی۔ (ابوداؤد اور معالم السنن للخطابی میں لفظ حجی ہے)۔

۱۵ جس کی منڈیر نہ ہو لوگ چھت پر دیوار بنا دیتے ہیں تاکہ پردہ رہے اور گرنے سے روک دے۔

۲۵ حجار، حجر کی جمع ہے حا کے نیچے زیر اس کا معنی رکاوٹ ہے مثلاً دیوار یا اس کی مثل کوئی اور شے۔

۳۵ یعنی وہ ذمہ اور عہد جو اللہ تعالیٰ نے بندے کی حفاظت کا لے رکھا ہے۔ کیونکہ اس نے بندے کی حفاظت کے لیے ملائکہ اور دیگر اسباب پیدا کیے ہیں اگر بندہ ان اسباب کو بروئے کار نہیں لاتا تو اس نے اپنے آپ کو خود ہلاکت میں ڈال دیا اور اسی جگہ سویا جہاں سے انسان عادۃً گر کر ہلاک ہو جاتا ہے گویا بندے نے خود محافظت کا عہد ساقط کر دیا اور اپنے نفس کی حفاظت زائل کر کے اس شخص کے حکم میں ہو گیا جس کا خون ضائع ہے یعنی وہ ذمہ اور عصمت سے محروم ہو گیا جس کی وجہ سے اس کے خون کی ضمانت لازم آتی تھی۔

۴۵ امام خطابی کی کتاب "معالم السنن میں حجاب" کی جگہ حجی ہے حا کے نیچے زیر اور زبر دونوں درست ہیں دونوں الفاظ کا معنی پردہ ہی ہے اگر حجی کی حا کے نیچے زیر پڑھی جائے تو اس کا معنی عقل ہے پردے کو عقل اس لیے کہا ہے کہ چھت پر پردہ بنانا عقلمندی اور سمجھداری پر دلالت کرتا ہے یہاں مشبہ بہ ذکر کر کے مشبہ مراد لیا گیا ہے کیونکہ جس طرح عقل ناشائستہ کاموں میں رکاوٹ ہوتی ہے اس طرح چھت کا پردہ بھی زمین پر گرنے سے مانع ہوتا ہے اگر حا پر زبر ہو تو اس کا معنی کنارہ ہے۔ الحجا شئے کی جانب کو کہا جاتا ہے اور پردہ بھی چھت کی ایک جانب ہی ہوتا ہے۔ مذکورہ لفظ اس حدیث میں ان تینوں طریقوں سے مروی ہے لیکن آنے والی حدیث نشاندہی کرتی ہے کہ یہ لفظ حجار ہے۔

۴۵۱۳/۱۵ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنَامَ الرَّجُلُ عَلٰى سَطْحٍ لَيْسَ بِمَحْجُوْرٍ عَلَيْهِ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی شخص اس چھت پر نہ سوئے جس پر آڑ نہ ہو۔ (ترمذی)

۱۵ یعنی جس پر دیوار یا کوئی اور رکاوٹ نہ ہو۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۵۱۵ وَعَنْ حُذَیْفَۃَ قَالَ مَلْعُوْنٌ عَلٰی لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ قَعَدَ وَسْطَ الْحَلْقَۃِ۔
(رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں وہ شخص حضور علیہ السلام کے ارشاد کے مطابق لعنتی ہے جو حلقے کے درمیان بیٹھے۔
(ترمذی، ابوداؤد)

لہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ ایک شخص مجلس میں آیا طریقہ یہ تھا کہ جہاں جگہ خالی تھی وہاں بیٹھ جاتا تاکہ کسی کو تکلیف نہ ہوتی لیکن اس نے ایسا نہ کیا بلکہ لوگوں کی گردنیں پھلانگتا ہوا مجلس کے درمیان جاکر بیٹھ گیا یا یہ مطلب ہے کہ حلقے کے درمیان بیٹھ جاتا ہے تو لازماً بعض لوگوں کی طرف اس کی پشت ہوگی، بعض لوگ ان سے پوشیدہ ہو جائیں گے اور بعض کو اس سے اذیت و تکلیف لاحق ہوگی اور لوگوں کو بغیر کسی ضرورت کے پریشان کرنا لعنت و مذمت کا باعث ہے۔ بعض شارحین نے کہا کہ جب حلقے میں بیٹھنے والوں کو تکلیف ہوگی تو وہ اسے لعن طعن کریں گے لیکن حدیث کے الفاظ "مَلْعُوْنٌ عَلٰی لِسَانِ مُحَمَّدٍ" اس شرح کی اجازت نہیں دیتے اس لیے کہ یہ لعنت و مذمت نفس الامر ہے خواہ لوگ لعنت کریں یا نہ کریں۔ بعض علماء کی رائے یہ ہے یہاں حلقہ کے درمیان بیٹھنے والے سے مراد مسخرہ ہے کیونکہ وہ اس کی پرواہ نہیں کرتا کہ وہ کیا کہہ رہا ہے اور وہ لوگوں کے درمیان بیٹھا ہوا مذاق کرتا ہے اور لوگ اس کے اردگرد بطور تمسخر کھڑے ہیں اور ہنستے ہیں ایسے شخص کو ملعون کہا گیا ہے۔

۴۵۱۶ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ خَیْرُ الْمَجَالِسِ اَوْسَعُھَا۔
(رَوَاہُ اَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا سب سے بہتر وہ مجلس ہے جس میں زیادہ لہ وسعت ہو۔
(ابوداؤد)

لہ وہ مجلس ایسی جگہ منعقد ہو جو فراخ و وسیع ہو اور اس میں تنگی نہ ہو اور لوگوں کے لیے تکلیف کا باعث نہ ہو۔

۴۵۱۷ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُہٗ جُلُوْسٌ فَقَالَ مَالِیْ اَرَاکُمْ

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے حالانکہ آپ کے صحابہ بیٹھے ہوئے تھے فرمایا لہ کیا وجہ ہے کہ میں تمہیں متفرق لہ دیکھ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

رہا ہوں۔ ۔۔۔ یعنی تین۔

(رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ) (ابوداؤد)

۱۔ الگ الگ ملقے بنا کر۔

۲۔ بطور تعجب فرمایا۔

۳۔ تم ایک جگہ اکٹھے کیوں نہیں ہو؟ عزین، عزۃ کی جمع، زا پر شد نہیں، اس کا معنی جماعت ہے۔

۴۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے تفرق کو ناپسند فرمایا کیونکہ یہ وحشت، افتراق اور دوری کا سبب ہے اور اکٹھے ہونے کی ترغیب دی کیونکہ یہی اجتماع و اتحاد کی علامت ہے۔

۴۵۱۸/۱۹ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ فِي الْفَيْءِ فَقَلَصَ عَنْهُ الظِّلُّ فَصَارَ بَعْضُهُ فِي الشَّمْسِ وَبَعْضُهُ فِي الظِّلِّ فَلْيَقُمْ. (رَوَاهُ أَبُوْدَاوُدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی سائے میں ہو پھر اس سے سایہ ہٹنے لگے[۱] جس سے اس کا کچھ حصہ دھوپ میں اور کچھ سائے میں تو وہ وہاں سے اٹھ جائے۔ (ابوداؤد)[۲]

وَفِي شَرْحِ السُّنَّةِ عَنْهُ قَالَ إِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ فِي الْفَيْءِ فَقَلَصَ عَنْهُ فَلْيَقُمْ فَإِنَّهُ مَجْلِسُ الشَّيْطَانِ هٰكَذَا. (رَوَاهُ مَعْمَرٌ مَوْقُوْفًا)

شرح السنۃ میں[۳] انہی سے روایت ہے کہ فرمایا تم میں سے کوئی سایہ میں ہو اور سایہ اس سے ہٹ جائے تو وہاں سے اٹھ جائے کیونکہ وہ شیطان کے بیٹھنے کی جگہ ہے، اسے معمر[۴] نے موقوفاً روایت کیا ہے۔

۱۔ سایہ چھوٹا ہو جائے۔

۲۔ اس حدیث میں صرف اٹھ جانے کا حکم ہے حکمت کا بیان نہیں ہے۔

۳۔ اس میں اٹھ جانے کی حکمت بھی بیان کی گئی ہے۔

۴۔ حضرت معمر نے اسے حضرت ابوہریرہ کا قول قرار دیا ہے اسے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا فرمان قرار نہیں دیا جس طرح کہ ابوداؤد نے کیا تھا لیکن یہ حدیث موقوف، حکم مرفوع میں ہے۔ کیونکہ یہ معاملہ غیر قیاسی ہے۔ صحابی نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے سنے بغیر یہ بات نہیں کہہ سکتے، جیسا کہ اپنے مقام پر یہ بات ثابت ہے خصوصاً

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جیسا کہ بہ روایت دوسری سند سے مرفوعاً مروی ہے، اور آپ کا فرمان "بعض حصہ دھوپ میں اور بعض حصہ سائے میں" دلالت کر رہا ہے کہ شیطان کے ساتھ ہی مخصوص ہے، اور اگر تمام جسم دھوپ میں ہو تو اس کا معاملہ یہ نہیں۔ یہ ممنوع اور مکروہ ہے تو اس کی وجہ مجلس شیطان ہونا نہیں بلکہ انسان کا تکلیف اور مشقت میں پڑنا ہے تاہم موسم سرما میں آدمی دھوپ میں بیٹھ سکتا ہے، لیکن نصف دھوپ اور نصف سایہ میں بیٹھنا مذکورہ حدیث کے پیش نظر ناپسند ہے، بعض علماء کی رائے یہ ہے کہ اس صورت کو مجلس شیطان کہنے کی وجہ یہ ہے کہ وہ راضی اور خوش ہوتا ہے کہ مسلمان کسی نہ کسی تکلیف و مشقت میں گرفتار ہو جائے، یہ قابل توجہ نہیں کیونکہ یہ چیز ان رازوں میں سے ہے جن کا کشف صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ہی مخصوص ہے، ایسے مقام پر سوائے تسلیم کے اور کچھ نہیں کہا جا سکتا صحابہ اور غیر صحابہ اس کی حقیقت تک نہیں پہنچے۔

۴۵۱۹ وَعَنْ اَبِیْ اُسَیْدٍ الْاَنْصَارِیِّ[۱] اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَهُوَ خَارِجٌ مِّنَ الْمَسْجِدِ فَاخْتَلَطَ الرِّجَالُ مَعَ النِّسَاءِ فِی الطَّرِيْقِ فَقَالَ لِلنِّسَاءِ اسْتَاْخِرْنَ[۲] فَاِنَّهٗ لَيْسَ لَكُنَّ اَنْ تَحْقُقْنَ[۳] الطَّرِيْقَ عَلَيْكُنَّ بِحَافَاتِ الطَّرِيْقِ فَكَانَتِ الْمَرْاَةُ تَلْصَقُ بِالْجِدَارِ حَتّٰی اَنَّ ثَوْبَهَا لَيَتَعَلَّقُ بِالْجِدَارِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَالْبَيْهَقِیُّ فِیْ شُعَبِ الْاِيْمَانِ۔

حضرت ابو اسید انصاری[۱] رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا جب کہ آپ مسجد سے نکل رہے تھے، راستے میں مردوں اور عورتوں کا اختلاط ہو گیا، عورتوں سے فرمایا، تم پیچھے[۲] رہو، کہ تمہارے لیے راستے کے درمیان[۳] چلنا مناسب نہیں، راستے کے کنارے اختیار کرو، پھر عورتیں دیوار کے ساتھ چلتی تھیں یہاں تک کہ ان کا کپڑا دیوار کے ساتھ[۴] الجھ جاتا ہے۔

(ابو داؤد، بیہقی، شعب الایمان)

[۱] ابو اسید ہمزے پر پیش، سین پر زبر ہے، تقریب میں ہے کہ ہمزے پر زبر سین کے نیچے زیر صحیح ہے اسی طرح امام دار قطنی نے بیان کیا، ان کا نام مالک بن ربیعہ ہے یہ بدر، احد اور تمام مقامات پر حاضر ہوئے اصحاب بدر میں سے آخری وصال پانے والے ہیں۔

[۲] ایک طرف ہو جاؤ۔

[۳] تحققن، تا پر زبر، دوسرا قاف ساکن، حاق بمعنی درمیان سے مشتق، جمع مونث حاضر ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

کے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ عورتوں نے آپ کے حکم پر اتنی سختی سے پابندی کی۔

۴۵۲۰ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَّمْشِيَ يَعْنِي الرَّجُلَ بَيْنَ الْمَرْاَتَيْنِ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ)

۲۱

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع فرمایا کہ کوئی مرد دو عورتوں کے درمیان چلے[1]۔ (ابوداؤد)

[1] مابین المرأتین کے الفاظ سے ظاہر یہ ہے کہ مرد کو چاہیے کہ دو عورتوں کے درمیان سے نہ گزرے، ساتھ میں اکٹھے ہو کر گزرنا دوسرا معاملہ ہے، اگر مراد یہ ہوتا تو عبادت "اَنْ يَّمْشِيَ مَعَ النِّسَاءِ" ہوتی اور وہ بھی خوف فتنہ کی وجہ سے ممنوع ہے اور یہ اس لیے ممنوع ہے کہ اس صورت میں اختلاط واجتماع زیادہ ہے اور یہ عمل حیا اور مروت سے بہت دور ہے شاید یہاں کوئی اور حکمت بھی ہو جس کا علم صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ہی ہے۔

۴۵۲۱ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ كُنَّا اِذَا اَتَيْنَا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَلَسَ اَحَدُنَا حَيْثُ يَنْتَهِيْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ) وَ ذُكِرَ حَدِيْثَا عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فِيْ بَابِ الْقِيَامِ وَ سَنَذْكُرُ حَدِيْثَيْ عَلِيٍّ وَّ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فِيْ بَابِ اَسْمَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ صِفَاتِهٖ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالٰى

۲۲

حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آتے تو ہر کوئی وہاں بیٹھتا جہاں مجلس ختم ہوتی۔

(ابوداؤد) حضرت عبداللہ بن عمرو کی دو[1] احادیث باب القیام میں گزر گئی ہیں اور حضرت علی اور حضرت ابوہریرہ سے مروی احادیث ہم باب اسماء النبی وصفاتہ میں ذکر کریں گے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔

[1] وہ دو حدیثیں یہ ہیں ایک یہ کہ کسی آدمی کے لیے جائز نہیں کہ دو کے درمیان تفریق کرے اور دوسری یہ کہ کوئی شخص دو آدمیوں کے درمیان نہ بیٹھے مصابیح میں یہ احادیث باب القیام میں مکرر آئی ہیں، اگر کوئی اعتراض کرے کہ دوسری حدیث تو عمرو بن شعیب اپنے والد سے اور وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

لہٰذا یہ حدیث حضرت عبداللہ بن عمرو سے کس طرح مروی ہوئی جواب یہ ہے کہ اس حدیث کی انتہا حضرت عبداللہ بن عمرو پر ہی ہوتی ہے سندیوں سے عبداللہ بن عمرو بن شعیب بن محمد بن عبداللہ بن عمرو بن عاص۔

۵؎ کیونکہ وہ دونوں حدیثیں حضور علیہ السلام کے ساتھ مخصوص ہے لہٰذا ان کا ذکر آپ کے شمائل مبارکہ میں ہی ہونا چاہیے جب کہ صاحب مصابیح نے وہ حدیثیں اس باب میں ذکر کی ہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ — تیسری فصل

۴۵۲۲/۲۳ عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ مَرَّ بِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ اَنَا جَالِسٌ هٰكَذَا وَ قَدْ وَضَعْتُ يَدِي الْيُسْرٰى خَلْفَ ظَهْرِيْ وَ اتَّكَأْتُ عَلٰى اَلْيَةِ يَدِيْ فَقَالَ اَتَقْعُدُ قِعْدَةَ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت عمرو بن شرید اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گذرے حالانکہ میں اس طرح بیٹھا ہوا تھا میرا بایاں ہاتھ پشت کے پیچھے تھا اور میں نے ہاتھ کی ٹیک لگائی ہوئی تھی آپ نے فرمایا تم ان لوگوں کی طرح بیٹھتے ہو جن پر غضب کیا گیا ہے۔

(ابوداؤد شریف)

۱؎ شرید، شین پر زبر، راء کے نیچے زیر، طائف کے رہنے والے ، اور قبیلہ ثقیف سے تعلق رکھتے ہیں۔ بعض کے نزدیک حجازی ہیں۔ ثقہ تابعی ہیں، ابن عباس اور اپنے والد گرامی سے حدیث سنی۔

۲؎ اس کے بعد خود اپنے بیٹھنے کی حالت بیان کی۔

۳؎ میں نے ٹیک لگا رکھی تھی گوشت کے اس ٹکڑے پر جو انگوٹھے کی جڑ کے پاس ہے، صراح میں ہے کہ الیہ دنبے کی سرین کو کہتے ہیں اور بڑی انگلی کی جڑ میں جو گوشت ہے اسے بھی کہا جاتا ہے۔

۴؎ علامہ طیبی فرماتے ہیں کہ ان سے مراد یہود ہیں ان کا نام نہ لینے میں دو فائدے ہیں۔

۱۔ اس میں یہ تنبیہ ہے کہ ایسا بیٹھنا اللہ تعالیٰ کو پسند نہیں خواہ کوئی بیٹھے۔

۲۔ چونکہ مسلمان پر اللہ تعالیٰ کا انعام ہے لہٰذا اسے اس شخص کے ساتھ مشابہت اختیار نہیں کرنی چاہیے جس پر اللہ کا غضب اور لعنت ہے۔

غضب اور لعنت کا اطلاق قرآن میں یہود پر ہوا ہے اور وغضب اللہ علیہ ولعنہ کے الفاظ بھی انہی کے بارے میں آئے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اور سورۃ الفاتحہ میں بھی مغضوب علیہم سے مراد یہی ہیں۔

۴۵۲۳ وَعَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ مَرَّ بِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مُضْطَجِعٌ عَلٰی بَطْنِیْ فَرَکَضَنِیْ بِرِجْلِہٖ وَقَالَ یَا جُنْدُبُ اِنَّمَا ھِیَ ضِجْعَۃُ اَھْلِ النَّارِ۔

(رَوَاہُ ابْنُ مَاجَۃَ)

حضرت ابوذر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے حالانکہ میں پیٹ کے بل لیٹا ہوا تھا آپ نے پاؤں مبارک سے مجھے ٹھوکر مار کر فرمایا: اے جندب! یہ آگ والوں کے لیٹنے کا طریقہ ہے۔

(ابن ماجہ)

ف۱ یہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ ہیں۔

ف۲ جیسے کہ اس سے پہلے حدیث یعیش بن طخفہ میں گذر چکا ہے۔

ف۳ جندب حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا نام ہے۔

بَابُ الْعُطَاسِ وَالتَّثَاؤُبِ

(۲۱۴) چھینک اور جمائی کا بیان

عُطَاس، عَطَسَ عَطْسًا وَعُطَاسًا کا مصدر بمعنی چھینکنا ہے، تثاؤب، تَثَاءَبَ کا مصدر ہے اور بطور اسم ثوباتا پر پیش، واؤ پر زبر اور آخر میں الف ممدودہ ہے، وہ سستی اور کاہلی جن کے عارضی ہونے کی وجہ سے بے اختیار منہ کھل جاتا ہے فارسی میں اسے خمیازہ اور فاژہ کہتے ہیں، تثاؤب میں ہمزہ ہے، واؤ نہیں امام کرمانی نے اس کی تصریح کی ہے کہ صحیح یہی ہے، بعض کے نزدیک واؤ ہے اور مغرب سے منقول ہے کہ الف اور واؤ کے بعد ہمزہ غلط ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۵۲۴ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الْعُطَاسَ وَیَکْرَهُ التَّثَاؤُبَ فَاِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ وَحَمِدَ اللّٰهَ کَانَ حَقًّا عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ سَمِعَهٗ اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ یَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَاَمَّا التَّثَاؤُبُ فَاِنَّمَا هُوَ مِنَ الشَّیْطَانِ فَاِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُکُمْ فَلْیَرُدَّهٗ مَا اسْتَطَاعَ فَاِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا تَثَاءَبَ ضَحِكَ مِنْهُ الشَّیْطٰنُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند[1] اور جمائی کو ناپسند فرماتا ہے تو جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے اور وہ اللہ تعالیٰ کی حمد[2] کرے تو ہر سننے والے مسلمان پر حق ہے کہ اس پر کہے یرحمک اللہ لیکن جمائی تو وہ شیطان کی طرف سے ہوتی ہے تو جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو جہاں تک ممکن ہو اسے روکے کیوں کہ جب تم جمائی لیتے ہو تو اس سے شیطان ہنستا ہے۔ (بخاری)

وَفِیْ رِوَایَةٍ لِّمُسْلِمٍ فَاِنَّ اَحَدَکُمْ اِذَا قَالَ هَا ضَحِكَ الشَّیْطَانُ مِنْهُ

اور مسلم میں ہے کہ جب تم میں سے کوئی ہا (آواز نکالتا ہے) کہتا ہے تو شیطان ہنستا ہے۔

[1] کیونکہ چھینک کا سبب دماغ کا تروتازہ ہونا اور قوائے ادراکیہ کی صفائی ہے جو انسان اللہ تعالیٰ کی اطاعت اور اس کی حضوری میں ممد و معاون ہوتی ہے اور جمائی نفس کے بوجھل، حواس کے مکدر ہونے اور غفلت و سستی اور سوء فہم کی وجہ سے ہے جو آدمی کے عبادت و طاعت الٰہی میں ذوق کے منافی ہے پس شیطان اس سے خوش اور راضی ہوتا ہے۔ اسی وجہ سے آپ نے اسے شیطانی فعل قرار دیا ہے، یہ بھی واضح ہو گیا کہ چھینک اور جمائی سے اللہ تعالیٰ کی محبت اور کراہت کا سبب ان کا ثمرہ یعنی طاعت میں ذوق اور بے ذوقی ہے۔

[2] جب وہ الحمد للہ کہے، اگر رب العالمین کا اضافہ کرے تو بہتر اور اگر اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ کہے تو زیادہ بہتر ہے (کذا قال الطیبی)۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

چھینک پر حمد بجالانے کی حکمت یہ ہے کہ پیٹ کی جانب سے جب کوئی موذی گیس دماغ کی طرف بڑھتا ہے تو دماغ اسے روکتا اور منع کرتا ہے اور اسے قبول نہیں کرتا اس پر چھینک آتی ہے جو دماغ کے قوی اور صحت مند ہونے کی علامت ہے اور جب دماغ کمزور ہوتا ہے تو چھینک نہیں آتی گویا وہ موذی کو دور نہیں کرسکتا لہذا چھینک آنے پر حمد کی تلقین فرمائی۔

۵۳ یہ علامت دال ہے کہ چھینک کا جواب دیتے ہوئے یَرْحَمُکَ اللّٰہ کہنا ہر مسلمان پر واجب ہے کیونکہ ارشاد ہے۔ کَانَ حَقًّا عَلٰی کُلِّ مُسْلِمٍ لیکن علماء نے اس بارے میں اختلاف کیا ہے حنفی مذہب میں صحیح یہی ہے کہ یہ واجب بطور کنایہ ہے اگر کسی ایک نے جواب دے دیا تو باقی سے از خود ساقط ہو جائے گا۔ ایک روایت میں اس کے استحباب کا ذکر ہے صاحب سفر السعادۃ کہتے ہیں کہ احادیث صحیحہ کا ظاہر دلالت کرتا ہے کہ یہ جواب ہر سننے والے پر فرض ہے ایک کا جواب کافی نہیں اور یہ اکابر علماء میں سے ایک جماعت کا قول ہے۔ امام شافعی کے نزدیک اس کا جواب سنت کفایہ ہے ہاں افضل یہی ہے کہ ہر کوئی جواب دے۔ امام مالک سے مختلف اقوال مروی ہیں بعض میں واجب اور بعض میں سنت ہے لیکن اس پر اتفاق ہے کہ یہ واجب سنت اس وقت ہے جب چھینکنے والا حمد کہے اور حاضر اس کو سنے اگر اس نے حمد نہ کی تو وہ جواب کا مستحق نہ ہوگا یا حمد کی مگر آہستہ کی کہ حاضرین نہ سن سکے تو اب بھی جواب لازم نہیں۔

۵۴ اگر روکنا ممکن نہ ہو تو منہ پر پشت ہاتھ رکھ دے اور دانت کے ساتھ نیچے والے ہونٹ کو چبائے۔

۵۵ جمائی کے وقت جو آواز آتی ہے بعض نے اس کا ترجمہ آہ آہ کیا ہے۔

۴۵۲۵ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ فَلْيَقُلْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلْيَقُلْ لَهٗ اَخُوْهُ اَوْ صَاحِبُهٗ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَاِذَا قَالَ لَهٗ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ فَلْيَقُلْ يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی چھینکے تو الحمد للہ کہے اس کا بھائی یا اس کا ساتھی یَرْحَمُکَ اللّٰہ کہے جب وہ یَرْحَمُکَ اللّٰہ کہے تو یہ کہے۔ یَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ۔ (بخاری)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ راوی کو شک ہے کہ اس کا بھائی فرمایا یا ساتھی، مراد دوسرا مسلمان ہے۔

سلہ اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت کی توفیق دے اور تمہارے دلوں کو نیک فرمائے۔ الفاظ جمع لانے کی تین حکمتیں ہو سکتی ہیں۔

۱۔ اکثر طور پر جماعت حاضر ہوتی ہے۔

۲۔ مخاطب کا احترام و تعظیم۔

۳۔ یا اس سے حضور علیہ السلام کی تمام امت مراد ہے۔

۴۵۲۶ وَعَنْ اَنَسٍ قَالَ عَطَسَ رَجُلَانِ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَمَّتَ اَحَدَهُمَا وَلَمْ يُشَمِّتِ الْاٰخَرَ فَقَالَ الرَّجُلُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ شَمَّتَّ هٰذَا وَلَمْ تُشَمِّتْنِيْ قَالَ اِنَّ هٰذَا حَمِدَ اللّٰهَ وَلَمْ تَحْمَدِ اللّٰهَ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی خدمت میں دو آدمیوں کو چھینک آئی تو آپ نے ایک کا جواب دیا دوسرے کا نہیں دیا تو اس شخص نے عرض کیا یا رسول اللہ آپ نے اس کو جواب دیا مجھے نہ دیا آپ نے فرمایا اس نے اللہ تعالیٰ کی حمد کی اور تو نے نہیں کی۔ (بخاری و مسلم)

سلہ حمد کرنے والا جواب کا مستحق ہے اس میں ترک حمد پر وعید ہے۔

سلہ تشمیت کا معنی چھینک کا جواب یرحمک اللہ کے ساتھ دینا ہے۔ یہ شین اور سین دونوں کے ساتھ مستعمل ہے لیکن شین اعلیٰ اور زیادہ فصیح ہے۔ یہ شماتت سے مشتق ہے جس کا معنی دشمنوں اور حاسدوں کا کسی کو مصیبت میں مبتلا دیکھ کر خوش ہوتا ہے۔ اور تشمیت کا معنی اس بات کی دعا کرنا ہے کہ اللہ تعالیٰ دشمنوں کی اس دشمنی سے محفوظ فرمائے جو وجہ شماتت بن سکتی ہو، گویا چھینک صحت اور شماتت اعدا سے خلاصی پاتا ہے لہٰذا یہاں تفعیل کا صیغہ رفع اور ازالے کے لیے ہے (کذا قیل) بعض کے نزدیک یہ لفظ شوامت بمعنی چارپائے کے پاؤں سے مشتق ہے گویا اب یہ دعا ہوئی کہ اللہ تعالیٰ کی طاعت اور عافیت پر ثابت قدمی نصیب رہے۔ اگر تسمیت ہو تو یہ سمت سے مشتق ہے جس کا معنی حالت اہل خیر اور ان کا طریقہ ہے۔ پس دعا یہ ہوئی کہ اللہ تعالیٰ تجھے اچھی حالت عطا فرمائے کیونکہ چھینک کا منظر نہایت عجیب ہوتا ہے، نہایہ میں ہے کہ تسمیت دعا کے معنی میں ہے کھانا کھانے والے سے متعلق حدیث میں ہے۔ سَمُّوا اللّٰهَ وَسَمِّتُوْا کھانا شروع کرتے وقت اللہ تعالیٰ کا نام لو اور اختتام پر صاحب طعام کے لیے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

دعا کرد یہاں تسمیت دعا کے لیے استعمال ہے (کذا فی مجمع البحار)

۴۵۲۷ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَحَمِدَ اللّٰہَ فَشَمِّتُوْہُ وَاِنْ لَّمْ یَحْمَدِ اللّٰہَ فَلَا تُشَمِّتُوْہُ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے اور وہ اللہ تعالیٰ کی حمد کرے تو جواب[۱] دو اور اگر حمد نہ کرے تو جواب نہ دو[۲]۔ (مسلم)

[۱] یعنی یرحمک اللہ کہو۔

[۲] اگر چھینکنے والا مجلس میں نہ ہو مثلاً دیوار کے پیچھے سے آواز سنائی دے تو اس کا بھی یہی حکم ہے بشرطیکہ اس نے حمد کی ہو۔ منقول ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد کے گوشے سے چھینک کی آواز سنی مگر حمد نہ سنی تو آپ نے جواب دیتے ہوئے فرمایا یَرْحَمُکَ اللّٰہُ اِنْ کُنْتَ حَمِدْتَ اللّٰہَ اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم فرمائے اگر تو نے اللہ تعالیٰ کی حمد کی ہے۔ اگر وہ حمد نہ کہے تو چاہیے کہ حاضرین تمام حمد کریں تاکہ اسے یاد آئے اور تنبیہ ہو تاکہ وہ بھی حمد کرے۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ کوئی بھی حمد نہ کرے تاکہ اس پر زجر و توبیخ ہو۔ اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ منقول نہیں ہے اگر یاد دلانا سنت ہوتا تو اس پر سب سے پہلے حضور علیہ السلام عمل فرماتے (کذا فی سفر السعادۃ)

۴۵۲۸ وَعَنْ سَلَمَۃَ بْنِ الْاَکْوَعِ اَنَّہٗ سَمِعَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَہٗ فَقَالَ لَہٗ یَرْحَمُکَ اللّٰہُ ثُمَّ عَطَسَ اُخْرٰی فَقَالَ الرَّجُلُ مَزْکُوْمٌ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ وَفِیْ رِوَایَۃٍ لِلتِّرْمِذِیِّ اَنَّہٗ قَالَ لَہٗ فِی الثَّالِثَۃِ اِنَّہٗ مَزْکُوْمٌ۔

حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے منقول ہے کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جواب میں یرحمک اللہ کہتے ہوئے سنا جب آپ کے پاس ایک آدمی کو چھینک آئی پھر دوبارہ اسے چھینک آئی آپ نے فرمایا: اس کو زکام[۱] ہے۔ (مسلم) اور ترمذی کی ایک روایت میں ہے کہ آپ نے تیسری بار فرمایا یہ زکام والا ہے۔

[۱] یہ مستحق جواب نہیں کیونکہ یہ مریض ہے۔ مریض اگرچہ دعا کا مستحق ہوتا ہے لیکن دوسری دعا کا جو دعا چھینک کے ساتھ مخصوص ہے اس کا نہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ یہاں سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ چھینک کا جواب ایک ہی دفعہ ہو گا اگر دوبارہ متصلاً آجائے تو جواب کا مستحق نہیں کیونکہ یہ زکام کی علامت ہے۔

سلہ روایت ترمذی کے مطابق آپ نے دو دفعہ جواب عنایت فرمایا تیسری دفعہ جواب نہیں دیا۔ ابوداؤد اور ترمذی میں یہ بھی ہے کہ تین دفعہ جواب دینا چاہیے اس کے بعد اختیار ہے جواب دے یا نہ دے۔

۴۵۲۹ وَعَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ اِلْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُکُمْ فَلْیُمْسِكْ بِیَدِہٖ عَلٰی فِیْہِ فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَدْخُلُ ۔ (رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رحمت عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کوئی جمائی لے تو منہ پر اپنا ہاتھ رکھ لے کیونکہ شیطان داخل ہو جاتا ہے۔ (مسلم)

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ — دوسری فصل

۴۵۳۰ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا عَطَسَ غَطّٰی وَجْھَہٗ بِیَدِہٖ اَوْ ثَوْبِہٖ وَغَضَّ بِھَا صَوْتَہٗ ۔ (رَوَاہُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْ دَاؤٗدَ وَقَالَ التِّرْمِذِیُّ ھٰذَا حَدِیْثٌ حَسَنٌ صَحِیْحٌ ۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم جب چھینک فرماتے تو اپنا چہرہ اقدس ہاتھ یا کپڑے سے ڈھانپ[1] لیتے اور چھینک کی آواز کو پست[2] فرماتے۔ (ترمذی، ابوداؤد) امام ترمذی نے روایت کر کے کہا یہ حدیث حسن اور صحیح ہے۔

سلہ چونکہ چھینک کے وقت چہرہ کی حالت میں تبدیلی آتی ہے اس لیے اس پر ہاتھ یا کپڑا رکھ لینے اور اس میں یہ حکمت بھی ہے کہ بعض اوقات ایسے موقع پر منہ یا ناک سے رطوبت خارج ہوتی ہے تو جسم دوسرے حصوں اور حاضرین کے کپڑوں کو محفوظ رکھنے کے لیے آپ نے یہ تعلیم دی۔

سلہ یہ بھی حسن ادب ہے کیونکہ بعض اوقات اچانک پیدا ہونے والی سخت آواز حاضرین کی وحشت کا سبب

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بن جاتی ہے، علماء نے بیان کیا ہے کہ چھینک کی آواز کو پست کرے مگر حمد باری تعالیٰ بلند آواز سے ادا کرے تاکہ حاضرین سن کر جواب دینے کا حق ادا کریں۔ (کذا فی مطالب المومنین)

۴۵۳۱ وَعَنْ اَبِیْ اَیُّوْبَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا عَطَسَ اَحَدُکُمْ فَلْیَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ وَلْیَقُلِ الَّذِیْ یَرُدُّ عَلَیْهِ یَرْحَمُکَ اللّٰهُ وَلْیَقُلْ هُوَ یَهْدِیْکُمُ اللّٰهُ وَ یُصْلِحُ بَالَکُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَالدَّارِمِیُّ)

حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے تو کہے ہر حال میں تعریف اللہ کے لیے ہے جواب دینے والا یرحمک اللہ کہے اور یہ کہے اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت دے اور تمہارے دل کی حالت بہتر فرمائے۔ (ترمذی، دارمی)

سے۱ چھینک کے جواب کو رد فرمایا جیسے سلام کے جواب کو رد سلام کہا جاتا ہے گویا چھینک کے وقت اللہ تعالیٰ کی حمد کرنا حاضرین کے لیے تحفہ ہے

سے۲ یرحمک اللہ کے بعد چھینکنے والا کہے۔

۴۵۳۲ وَعَنْ اَبِیْ مُوْسٰی قَالَ کَانَ الْیَهُوْدُ یَتَعَاطَسُوْنَ عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَرْجُوْنَ اَنْ یَّقُوْلَ لَهُمْ یَرْحَمُکُمُ اللّٰهُ فَیَقُوْلُ یَهْدِیْکُمُ اللّٰهُ وَ یُصْلِحُ بَالَکُمْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِیُّ وَاَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابو موسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ یہود جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مجلس میں چھینکا کرتے تو وہ یہ امید کرتے کہ آپ جواباً یرحمکم اللہ کہیں گے لیکن آپ کہتے ہیں اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت دے اور تمہارے دل کی اصلاح فرمائے۔ (ترمذی، ابوداؤد)

سے۱ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

سے۲ بعض اوقات یہ عمل قصداً کرتے۔

سے۳ سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو پہچاننے کے باوجود عناد و حسد اور تکبر کی وجہ سے آپ کا انکار کرتے پھر امید رکھتے تھے کہ آپ ہمارے لیے خیر و برکت کی دعا کریں گے اگرچہ دعا ان کے لیے فائدہ مند نہ تھی حضور علیہ السلام

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

انہیں ان کی اس حالت کی وجہ سے یرحمکم اللہ کے اہل تصور نہ فرماتے۔
سے کافر کے لیے ہدایت اور اصلاح احوال کی دعا کی جا سکتی ہے جس طرح کہ روایات میں سلام کے جواب میں ھداکم اللہ اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت دے کیا ہے۔

۴۵۲۳ وَعَنْ هِلَالِ بْنِ يَسَافٍ قَالَ كُنَّا مَعَ سَالِمِ بْنِ عُبَيْدٍ فَعَطَسَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالَ لَهُ سَالِمٌ وَعَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ فَكَأَنَّ الرَّجُلَ وَجَدَ فِي نَفْسِهِ فَقَالَ أَمَا إِنِّي لَمْ أَقُلْ إِلَّا مَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ عَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيْكَ وَعَلَى أُمِّكَ إِذَا عَطَسَ أَحَدُكُمْ فَلْيَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَلْيَقُلْ لَهُ مَنْ يَرُدُّ عَلَيْهِ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ وَلْيَقُلْ يَغْفِرُ اللّٰهُ لِيْ وَلَكُمْ۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَاَبُوْدَاؤُدَ)

حضرت ہلال بن یساف رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ہم سالم بن عبید کے پاس تھے کہ ایک شخص کو چھینک آئی تو اس نے السلام علیکم کہا سالم نے کہا تجھ پر اور تیری ماں پر، اس آدمی نے گویا اس بات کو محسوس کیا، فرمایا: میں نے تجھے وہی بات کہی ہے جو حضور علیہ السلام نے فرمائی، کیونکہ آپ کے پاس ایک شخص کو چھینک آئی تو اس نے السلام علیکم کہا تو آپ نے فرمایا: تجھ پر اور تیری والدہ پر، جب تم میں سے کوئی چھینکے تو الحمد للہ رب العالمین کہے اور جواب دینے والا یرحمک اللہ کہے اور یہ کہے۔ یغفر اللہ لی ولکم
(ترمذی، ابوداؤد)

سے یساف، یاء پر زبر اور زیر دونوں پڑھ سکتے ہیں، بعض نے یاء کی جگہ ہمزہ پڑھتے ہوئے اساف کہا ہے۔ ابوالحسن کوفی اشجعی تابعی ہیں، سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی زیارت سے مشرف ہوئے۔ شیخ عجلی ان کو ثقہ قرار دیتے ہیں ابن حبان

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

نے ثقات میں ان کا ذکر کیا ہے۔ ایک سو ستر ہجری میں ان کا وصال ہوا۔

سے۵۲ یہ اصحاب صُفّہ میں سے ہیں۔

سے۵۳ وہ غمگین اور ناراض ہوا، وَجَدَ دونوں معنوں میں استعمال ہوتا ہے، فی نفسہٖ کا مطلب یہ ہے کہ اس نے اپنے دکھ کو دل میں چھپائے رکھا اور غصے کو پی لیا، اس کے اثر کو ظاہر نہیں کیا۔

سے۵۴ دیگر روایات میں یَھْدِیْکُمُ اللّٰہُ وَیُصْلِحُ بَالَکُمْ کے الفاظ آئے ہیں۔

سے۵۵ یعنی چھینک کے موقع پر مقررہ وظائف اور دعائیں ہیں لہٰذا اس مقام پر سلام مناسب نہیں، اس جگہ سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ اگر وہ حمد کے علاوہ کلمات کہے تو جواب کا مستحق نہ ہوگا، جب اس شخص نے سلام کہا تو آپ نے اس کا جواب دیا اور وَعَلٰی اُمِّکَ کا بھی اضافہ فرمایا۔ اس جملے میں دو باتوں کی طرف اشارہ ہے ایک یہ کہ یہ سلام کا موقع نہ تھا، یہ ایسے ہی ہے جیسے کوئی تجھ پر سلام کہنے کے بجائے تیری والدہ پر کہہ دے دوسرا یہ کہ اسے نصیحت ہو اس طرح کہ یہ طریقہ ان لوگوں کا ہے جو ان پڑھ ہوں اور انہوں نے ماں کی گود میں عورتوں والے معاملات سیکھے مگر مردوں کے پاس بیٹھ کر تربیت حاصل نہ کی۔ یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ اس کی حماقت پر تنبیہ ہے یا اس میں صفات مادر سرایت کر چکے تھے اس حوالے سے یہ جملہ کہا پس ضروری تھا کہ اس کے لیے ایسی دعا کی جائے جو ان آفات سے اسے محفوظ کرے، بعض علماء نے عَلَیْکَ وَعَلٰی اُمِّکَ کے بارے میں یہ کہا کہ یہ عبارت دراصل یوں ہے عَلَیْکَ الْوَیْلُ وَعَلٰی اُمِّکَ تجھ پر افسوس کہ تو نے ادب و طریقہ نہیں سیکھا اور افسوس تیری والدہ پر کہ اس نے تجھے آداب نہیں سکھائے اور نہ اچھی تربیت کی۔

۴۵۳۴ وَعَنْ عُبَيْدِ بْنِ رِفَاعَةَ[۱] عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ شَمِّتِ الْعَاطِسَ ثَلٰثًا فَمَا زَادَ فَإِنْ شِئْتَ فَشَمِّتْهُ وَإِنْ شِئْتَ فَلَا۔ (رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ وَالتِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)

حضرت عبید بن رفاعہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا چھینک والے کو تین دفعہ جواب دو اگر اس سے زائد ہو تو اگر چاہو تو جواب دو اور اگر چاہو تو نہ دو[۲]۔

(ابوداؤد اور امام ترمذی نے روایت کر کے کہا یہ حدیث غریب ہے)

سے۱ مہاجر صحابی ہیں۔ کاشف میں ہے کہ ان کو حضور علیہ السلام کی مبارک صحبت میسر آئی تھی۔

سے۲ جواب دینا جو واجب، سنت یا مستحب تھا وہ ادا ہو گیا وہ تین سے زائد پر نہیں ہاں مسلمان کے لیے دعا کرنے میں کوئی رکاوٹ نہیں ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۴۵۳۵ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ ۱۲ شَمِّتْ اَخَاكَ ثَلٰثًا فَاِنْ زَادَ فَهُوَ زُكَامٌ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ سے فرمایا: اپنے بھائی کو تین دفعہ جواب دو اگر اس سے زائد ہو تو یہ زکام ہے۔ (ابوداؤد)

وَقَالَ لَا اَعْلَمُهٗ اِلَّا اَنَّهٗ رَفَعَ الْحَدِیْثَ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ۔

ابوداؤد نے روایت کرکے کہا کہ میں نہیں جانتا مگر یہ کہ یہ حدیث انہوں نے[۲] نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی طرف[۳] مرفوع کی ہے۔ راوی کہتے ہیں جہاں تک مجھے معلوم ہے۔

۱ بعض نسخوں میں کما زاد ہے۔

۲ سنن ابوداؤد سے پتا چلتا ہے کہ سیدنا ابوہریرہ سے راوی سعید مصری ہیں اور وہی قول مذکور کے قائل ہیں۔

۳ یہ حدیث مرفوع ہے نہ کہ موقوف اور ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اسے حدیث رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے طور پر روایت کیا ہے اگر وہ ایسا نہ بھی کرتے تب بھی یہ حکم مرفوع میں تھی کیونکہ تعینِ عدد شارع علیہ السلام سے سماع کے بغیر ممکن نہیں۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۵۳۶ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ رَجُلًا ۱۳ عَطَسَ اِلٰى جَنْبِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَاَنَا اَقُوْلُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ وَلَيْسَ هٰكَذَا، عَلَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَّقُوْلَ

حضرت نافع بیان کرتے ہیں کہ ایک شخص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس چھینک لی اور کہا اللہ کے لیے حمد اور حضور علیہ السلام پر سلام۔ ابن عمر نے فرمایا[۱]: میں بھی کہتا ہوں حمد اللہ کے لیے اور سلام نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر مگر ہمیں آپ نے اس طرح تعلیم نہیں[۲] دی ہمیں آپ نے فرمایا ہے کہ ہم یہ کہیں کہ ہر حال میں اللہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ۔	کا شکر ہے۔
(رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ)	(ترمذی نے روایت کر کے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے)۔

سلہ اس کو احسن طریقے کی تعلیم دی۔

سلہ آپ کی خدمت اقدس میں سلام عرض کرنا یقیناً محمود اور مقبول ہے لیکن اس موقع پر الحمد للہ کہنا سنت ہے۔

سلہ اتباع لازم ہے، بہت سے اعمال فی حد ذاتہ محمود ہوتے ہیں مگر خصوصی مقام پر وہ سنت کے شمار میں نہیں آتے مثلاً نماز کے بعد مصافحہ وغیرہ اگرچہ تمام خصوصیات کی رعایت کرنا لازم نہیں ہوتا لیکن جو وظیفہ و عمل کسی موقع پر وارد ہو اس پر عمل کرنا چاہیے۔

سلہ بعض علماء نے چھینک کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر صلوٰۃ وسلام پڑھنا بھی مستحب لکھا ہے۔

بَابُ الضِّحْكِ

۲۱۳- ہنسنے کا بیان

لفظ ضحک چار طرح پڑھا جا سکتا ہے ضاد کے نیچے زیر یا اس پر زبر، حا ساکن یا دونوں کے نیچے زیر یا پہلے حرف پر زبر اور دوسرے کے نیچے زیر۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ	**پہلی فصل**
۴۵۳۷ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ	حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا بیان کرتی ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُسْتَجْمِعًا ضَاحِکًا حَتّٰی اَرٰی مِنْہُ لَھَوَاتِہٖ کَانَ یَتَبَسَّمُ۔

منہ کھول کر ہنستے ہوئے نہیں دیکھا کہ آپ کے تالوے کو دیکھتی بلکہ آپ مسکراتے تھے۔

(رَوَاہُ الْبُخَارِیُّ) (بخاری شریف)

۵۱ مستجمع، اس شخص کو کہا جاتا ہے کہ جو کسی کام میں اپنی توانائی خرچ کردے۔ صراح میں ہے کہ استجماع کا معنی ہے ہر جگہ سے سیلاب کا آنا اور چلتے ہوئے اپنے گھوڑوں کو جمع کرنا۔ یہاں کھلکھلا کر ہنسنا مراد ہے۔

۵۲ لہوات، لام پر زبر، لہاۃ، کی جمع ہے گوشت کے اس ٹکڑے کو کہتے ہیں جو حلق کے آخری حصہ کے اوپر ہوتا ہے۔

۵۳ یہ حدیث شمائل مبارکہ میں بھی آئے گی انشاء اللہ تعالیٰ۔

۴۵۳۸ وَعَنْ جَرِیْرٍ قَالَ مَا حَجَبَنِی النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُنْذُ اَسْلَمْتُ وَلَا رَاٰنِیْ اِلَّا تَبَسَّمَ۔

حضرت جریر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں جب سے مسلمان ہوا ہوں نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے مجھے کبھی منع نہیں فرمایا[۱] اور مجھے دیکھ کر آپ ہمیشہ مسکرا دیتے۔

(مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ) (صحیحین)

۵۱ اس کے تین معانی ہو سکتے ہیں ایک یہ کہ میرا جب جی چاہتا خدمت میں حاضر ہو جاتا آپ نے کبھی مجھے منع نہ فرمایا بشرطیکہ وہ مردوں کی مجلس ہو دوسرا مطلب یہ ہے کہ میں نے جو بھی آپ سے طلب کیا آپ نے عطا کیا تیسرا یہ کہ مجھ سے کبھی ایسا عمل سرزد نہ ہوا کہ آپ اس سے منع فرماتے۔ پہلا معنی بہت واضح ہے۔

۴۵۳۹ وَعَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَۃَ قَالَ کَانَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا یَقُوْمُ مِنْ مُّصَلَّاہُ الَّذِیْ یُصَلِّیْ فِیْہِ الصُّبْحَ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَاِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ قَامَ وَکَانُوْا یَتَحَدَّثُوْنَ فَیَاْخُذُوْنَ

حضرت جابر بن سمرۃ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا بیان ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اس جگہ تشریف فرما رہتے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جاتا۔ طلوع آفتاب کے بعد آپ اٹھتے۔ لوگ باتیں کرتے کرتے دور جاہلیت کی باتوں کا ذکر کر کے ہنسنے لگتے لیکن آپ صلی اللہ علیہ وسلم

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فِي أَمْرِ الْجَاهِلِيَّةِ فَيَضْحَكُونَ وَيَتَبَسَّمُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ مسکراتے تھے۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ وَفِي رِوَايَةٍ لِلتِّرْمِذِيِّ يَتَنَاشَدُونَ الشِّعْرَ) (مسلم اور ترمذی میں ہے کہ لوگ شعر پڑھتے)۔

لہ معلوم ہوا کہ دور جاہلیت کے معاملات پر گفتگو کرنا، اشعار پڑھنا اور ان پر ہنسنا جائز ہے آپ کا مسکرانا آپ کے کامل اخلاق کی بنا پر اور صحابہ کی تالیف قلب کے لیے تھا۔

اَلْفَصْلُ الثَّانِيْ

دوسری فصل

۴۷۵۳ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ جَزْءٍ قَالَ مَا رَأَيْتُ أَحَدًا أَكْثَرَ تَبَسُّمًا مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عبد اللہ بن حارث بن جزء لہ کہتے ہیں میں نے کسی کو حضور علیہ السلام سے بڑھ کر تبسم فرمانے والا نہیں دیکھا۔ (ترمذی)

لہ جزء جیم پر زبر، زا ساکن اور آخر میں ہمزہ، صحابی ہیں زبیدی کہلاتے ہیں زبید ان کے خاندان کے ایک بزرگ کا نام تھا۔ مصر میں یہ آخری صحابی تھے جو چھیاسی ہجری کو فوت ہوئے۔

لہ ازروئے تبسم یا تبسم میں۔

۴۷۵۴ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ هَلْ كَانَ أَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْحَكُونَ قَالَ نَعَمْ وَالْإِيمَانُ فِي قُلُوبِهِمْ أَعْظَمُ مِنَ الْجَبَلِ وَقَالَ بِلَالُ بْنُ سَعْدٍ أَدْرَكْتُهُمْ يَشْتَدُّونَ بَيْنَ الْأَغْرَاضِ وَ

حضرت قتادہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت ابن عمر سے سوال کیا گیا کہ کیا اصحاب لہ رسول ہنستے تھے؟ تو انہوں نے فرمایا ہاں حالانکہ ان کے دلوں میں پہاڑ سے بڑھ کر ایمان تھا۔ بلال بن سعد لہ کہتے ہیں کہ میں نے صحابہ کو دو نشانوں لہ کے درمیان دوڑتے ہوئے دیکھا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

يَضْحَكُ بَعْضُهُمْ إِلَى بَعْضٍ فَإِذَا كَانَ اللَّيْلُ كَانُوا رُهْبَانًا۔ (رَوَاهُ فِي شَرْحِ السُّنَّةِ)

اور ایک دوسرے سے ہنسی کرتے تھے جب رات ہوتی تو عبادت گزار بن جاتے تھے۔ (شرح السنۃ)

سے۱ جس طرح دوست آپس میں ہنستے ہیں۔

سے۲ اس طرح نہیں ہنستے تھے جس طرح غافل لوگ ہنس کر دل کو مردہ بنا لیتے ہیں اور نور ایمان میں خلل واقع ہو جاتا ہے۔

سے۳ یہ تابعی ہیں، واسطہ، قاری قرآن قبیلہ اشعر سے تعلق تھا اور دمشق کے رہنے والے تھے۔ وہاں کے قاضی اور نہایت ثقہ ہیں۔ دن رات میں ایک ہزار نوافل پڑھتے۔ ملک شام میں ان کا مرتبہ اسی طرح ہے جس طرح بصرہ میں امام حسن بصری کا تھا۔ اپنے والد گرامی سعید بن تمیم، حضرت جابر اور حضرت معاویہ کے شاگرد ہیں امام اوزاعی، سعید بن زید، عثمان بن مسلم اور ان جیسے لوگ ان کے شاگرد ہیں ایک سو بیس ہجری میں ان کا وصال ہوا۔

سے۴ تیر پھینکنے کی جگہ۔

سے۵ ادائے حقوق کے ساتھ ساتھ دنیا اور اہل عیال سے جدا ہو کر اللہ کی عبادت میں مشغول ہو جاتے رھبان، راہب کی جمع ہے جس طرح راکب کی جمع رکبان ہے۔ رہب سار پر زبر یا پیش، ہا ساکن یا دونوں پر زبر باب سمع سے ہے، راہب، پارسا اور ڈرنے والے کو کہا جاتا ہے۔

حدیث میں جو لا رہبانیۃ فی الاسلام آیا ہے اس سے مراد گوشت نہ کھانا، ٹاٹ کا لباس پہننا، خصی ہو جانا گردن میں زنجیر ڈالنا اور ایسی عبادات بجا لانا جن کا حکم نہیں اور اس حدیث میں رہبانیت سے مراد عبادت میں ریاضت و مشقت ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بَابُ الْاَسَامِیْ

۲۱۴- ناموں کا بیان

اسامی۔ اسم کی جمع ہے۔ اس باب میں ناموں کے احکام کا بیان ہے کہ کون سا نام رکھنا چاہیے اور کون سا نہیں ! کس نام کے ساتھ بلانا چاہیے اور کس کے ساتھ بلانا منع ہے۔ بہتر نام کونسا ہے اور برا نام کونسا ہے۔

اَلْفَصْلُ الْاَوَّلُ

پہلی فصل

۴۵۴۲ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السُّوْقِ فَقَالَ رَجُلٌ يَا اَبَا الْقَاسِمِ فَالْتَفَتَ اِلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّمَا دَعَوْتُ هٰذَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمُّوْا بِاسْمِيْ وَلَا تَكْتَنُوْا بِكُنْيَتِيْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت انس بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم بازار[1] میں تھے کسی شخص نے کہا اے ابوالقاسم تو آپ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اس کی طرف متوجہ ہوئے، اس نے کہا کہ میں نے اس[2] کو بلایا ہے تو آپ نے فرمایا تم میرا نام رکھو مگر میری کنیت[3] نہ رکھو۔ (بخاری و مسلم)

ل۱ دوسری روایت کے مطابق آپ مدینہ طیبہ کے قبرستان جنت البقیع میں تھے۔

ل۲ اس نے کسی ایسے شخص کو بلایا جس کی کنیت ابوالقاسم تھی۔

ل۳ اس شخص نے بطور برکت آپ کی کنیت رکھی ہوئی تھی۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

۵۳ وہ شخص وہاں موجود تھا اس کی طرف اشارہ کر کے کہا۔
۵۴ آپ نے اسے ناپسند فرمایا۔
۵۵ میری کنیت ابو القاسم نہ رکھو۔

۲۵۴۳ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمُّوْا بِاِسْمِیْ وَلَا تَکْتَنُوْا بِکُنْیَتِیْ فَاِنِّیْ اِنَّمَا جُعِلْتُ قَاسِمًا اَقْسِمُ بَیْنَکُمْ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَیْہِ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا میرے نام پر نام رکھو اور میری کنیت نہ رکھو کیونکہ مجھے قاسم[۱] بنایا گیا ہے میں[۲] تمہارے درمیان تقسیم کرتا ہوں۔ (بخاری[۳] و مسلم)

۱ میری کنیت ابو القاسم رکھی گئی ہے۔

۲ اس کی وجہ یہ ہے کہ جو کچھ بھی اللہ کی طرف سے مجھے عطا ہوتا ہے میں تمہارے درمیان تقسیم کر دیتا ہوں جو کچھ وحی کی صورت میں علم و عمل مجھ پر نازل کیا جاتا ہے تم میں سے ہر ایک کے نصیب اور استحقاق کے مطابق تم تک پہنچا دیتا ہوں تم میں سے کوئی جہاں بھی ہے میں اسے اس کے درجہ کے مطابق فضل و شرف سے نوازتا ہوں فرمانبرداروں کو ثواب اور آخرت میں بلندی درجات کی خوشخبری دیتا ہوں اور نافرمانوں کو عذاب و گرفت سے ڈراتا ہوں۔ اور میرے سوا یہ تمام باتیں کسی میں نہیں جب تم اس صفت میں میرے ساتھ شریک نہیں تو ایسی کنیت بھی تمہارے لیے جائز نہیں۔

۳ ان دو احادیث سے ثابت ہوتا ہے کہ محمد نام رکھنا جائز ہے۔ لیکن کنیت ابو القاسم درست نہیں خواہ اس شخص کا نام محمد ہو کہ آپ کی کنیت اور نام جمع ہو جائے یا نام محمد نہیں صرف کنیت ابو القاسم ہے۔
یہ قول امام شافعی سے منقول ہے اور ان کی دلیل یہی حدیث ہے۔ علماء کے اس بارے میں مختلف اقوال ہیں۔

۱۔ جو ابھی اس سے پہلے بیان ہوا۔

۲۔ آپ کا نام اور کنیت دونوں کو جمع کرنا جائز نہیں چنانچہ کسی کو ابو القاسم محمد نہیں کہا جا سکتا ہاں صرف ابو القاسم کہنے میں کوئی حرج نہیں۔ حدیث مذکور کا معنی ان کے نزدیک یہی ہے کہ دونوں کا جمع کرنا منع ہے، محیط کے حلیے سے منقول ہے کہ یہ امام محمد کا قول ہے۔

۳ جمع کرنا بھی درست ہے، اس قول کی امام مالک کی طرف نسبت ہے ان کی دلیل یہ ہے کہ احادیث منع

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

منسوخ ہیں۔

ایک جماعت کی رائے یہ ہے کہ حضور علیہ السلام کی ظاہری حیات میں منع تھا بعد میں جائز ہے ان کی دلیل یہ ہے کہ امیر المومنین سیدنا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضور علیہ السلام کی خدمت اقدس میں عرض کیا یارسول اللہ! آپ کے وصال کے بعد اگر رب مجھے بیٹا عطا ہو تو اس کا نام کیا رکھوں؟ کیا آپ کی کنیت اور نام رکھ سکتا ہوں! آپ نے اس کی اجازت دے دی

چنانچہ بعد میں محمد بن حنفیہ پیدا ہوئے امیر المومنین نے ان کا نام ابوالقاسم محمد رکھا۔

ایک اور جماعت نے کہا ہے کہ جس طرح کنیت رکھنا جائز نہیں اسی طرح نام بھی رکھنا جائز نہیں لیکن یہ قول قابل اعتماد نہیں ہے۔

ان اقوال میں سے درست رائے یہ ہے کہ آپ کے نام پر نام رکھنا جائز بلکہ مستحب ہے اور آپ کی کنیت ظاہری حیات کے بعد بھی منع ہے اور ظاہری حیات میں یہ ممانعت سخت تھی تو اب آپ کا نام اور کنیت دونوں کا جمع کرنا بطریق اولیٰ منع ہوگا۔ رہا حضرت علی رضی اللہ عنہ کا معاملہ تو یہ ان کے ساتھ مخصوص ہے غیر کے لیے یہ جائز نہیں سیاق حدیث سے یہ از خود ظاہر ہو رہا ہے۔ امام سیوطی نے جمع الجوامع میں ابن عساکر سے نقل کیا ہے کہ حضرت طلحہ اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے درمیان اس موضوع پر مکالمہ ہوا، حضرت طلحہ نے کہا اے علی آپ نے اپنے بیٹے کا نام اور کنیت حضور علیہ السلام کے نام اور کنیت پر رکھی ہے حالانکہ آقا علیہ السلام نے اس سے منع فرمایا تھا۔ حضرت علی نے فرمایا۔ وہ شخص گستاخ ہے جو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر جسارت کرے اس کے بعد آپ نے قریش صحابہ کی ایک جماعت کو بلایا اور انہوں نے گواہی دی کہ حضور علیہ السلام نے حضرت علی کو اجازت دی تھی کہ یہ دونوں جمع کر سکتے ہیں لیکن دوسروں کے لیے یہ حرام ہے، ان اقوال پر دلائل اور احادیث کے درمیان تطبیق ان کی شرح میں بیان کر دی گئی ہے یہاں اتنی ہی بحث کافی ہے۔

۴۵۴۴ وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَحَبَّ اَسْمَائِكُمْ اِلَى اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ وَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ہاں سب سے محبوب نام عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں[1]۔

[1] یہ بندگی کی طرف اشارہ کرتے ہیں کیونکہ آدمی کی صفت حقیقی یہ ہے کہ وہ ذات باری تعالیٰ اور اس کی

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

صفات کا مظہر ہے، خصوصاً صفت رحمانیت جو ذات باری تعالیٰ کے ساتھ مخصوص ہے، ان دو اسمار کی تخصیص بطور تمثیل ہے کیونکہ اس سے مراد ہر وہ نام ہے جس میں عبد کی اضافت باری تعالیٰ کے کسی نام کی طرف کی گئی ہو یہاں صفت لطف اور قہر میں فرق کیا جا سکتا ہے۔

بعض حواشی میں ہے کہ یہاں مراد انبیاء علیہم السلام کے اسمار کے علاوہ ہیں کیونکہ سامعین (امت) کی طرف اضافت ہے، کیونکہ ارشاد فرمایا کہ تمہارے ناموں میں سے پسندیدہ ترین نام یہ ہیں۔

۴۵۴۵ وَعَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمِّيَنَّ غُلَامَكَ يَسَارًا وَّلَا رَبَاحًا وَلَا نَجِيْحًا وَلَا اَفْلَحَ فَاِنَّكَ تَقُوْلُ اَثَمَّ هُوَ فَلَا يَكُوْنُ فَيَقُوْلُ لَا۔

حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے[1] غلام کا نام یسار[2] نہ رکھو اور نہ رباح[3]، نہ نجیح[4] اور نہ افلح[5] کیونکہ تم پوچھو[6] گے کہ فلاں یہاں ہے؟ وہ نہ ہوا تو دوسرا آدمی کہے گا نہیں۔

رَوَاهُ مُسْلِمٌ

(مسلم)

وَفِيْ رِوَايَةٍ لَهُ قَالَ لَا تُسَمِّ غُلَامَكَ رَبَاحًا وَّلَا يَسَارًا وَّلَا اَفْلَحَ وَلَا نَافِعًا۔

دوسری[7] روایت مسلم میں ہے کہ اپنے لڑکے کا نام رباح، یسار، افلح، اور نافع نہ رکھو۔

[1] یہ حکم آپ نے عام دیا یا معین شخص کو حکم دیا، یہ حکم عام ہے اور مقصود یہ ہے کہ بچوں کے یہ نام ہی نہ رکھو۔

[2] یسار، یسر سے مشتق ہے جس کا معنی آسانی، توفیق، مال داری اور فراخی ہے۔

[3] رباح۔ ربح سے ہے اور اس کا معنی نفع ہے۔

[4] نجیح نجح سے ہے اس کا معنی حاجت کا پورا ہونا اور کامیابی ہے۔

[5] افلح فلاح سے ہے جس کا معنی چھٹکارا اور کامیابی ہے۔

ان معانی کے اعتبار سے یہ نام رکھنے اگرچہ مستحق ہیں مگر دیگر وجوہ کی بنا پر مناسب نہیں۔

[6] یعنی اپنے اہل خانہ میں سے کسی سے کہ وہ یسار گھر میں ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ے جب یہ کہا کہ یسار نہیں تو معنی ہوا گھر میں آسانی نہیں تو اگرچہ یہاں ذات مراد ہے مگر ان کے معانی سے نیک فال محسوس نہیں ہوتی اس لیے ناپسند فرمایا۔

ے اس روایت میں نجیح کی جگہ نافع ہے، اس سے یہ بھی واضح ہو گیا کہ ان ناموں میں حصر نہیں بلکہ ہر وہ نام جس میں اس طرح کا معنی ہو اس کا یہی حکم ہے حدیث جابر میں اس کی تصریح آئی ہے۔

۴۵۳۶ وَعَنْ جَابِرٍ قَالَ اَرَادَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّنْهٰى اَنْ يُّسَمّٰى بِيَعْلٰى وَ بَرَكَةَ وَ بِاَفْلَحَ وَ بِيَسَارٍ وَ بِنَافِعٍ وَّ بِنَحْوِ ذٰلِكَ ثُمَّ رَاَيْتُهٗ سَكَتَ بَعْدُ عَنْهَا ثُمَّ قُبِضَ وَلَمْ يَنْهَ عَنْ ذٰلِكَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے ارادہ فرمایا کہ یعلیٰ، برکت افلح، یسار، نافع اور اس کی مثل نام رکھنے سے منع کر دیا جائے پھر میں نے دیکھا کہ آپ اس کے بعد خاموش ہو گئے آپ کا وصال ہو گیا اور اس سے منع نہ فرمایا۔

(مسلم)

ے یہ نام رکھنے سے منع کرنے سے سکوت فرمایا۔

ے اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ ان کے بارے میں نہی وارد نہیں ہوئی، علامہ طیبی کہتے ہیں کہ حضرت جابر نے ممانعت کی علامات کا مشاہدہ کیا، صراحۃً حکم سے آگاہ نہ ہو سکے حالانکہ نہی احادیث میں واقع ہے اور حسب ضابطہ مثبت نافی پر مقدم ہوتا ہے۔

۴۵۳۷ وَعَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْبَحُ الْاَسْمَاءِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ اللّٰهِ رَجُلٌ يُسَمّٰى مَلِكَ الْاَمْلَاكِ۔

(رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ہاں قیامت کے دن بدترین نام کا وہ شخص ہو گا جس کا نام شہنشاہ رکھا گیا ہو گا۔

(بخاری)

وَفِيْ رِوَايَةٍ مُسْلِمٍ قَالَ اَغْيَظُ رَجُلٍ عَلَى اللّٰهِ يَوْمَ

امام مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ روز قیامت اللہ تعالیٰ کا سخت غضب اور بدترین شخص وہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْقِيٰمَةِ وَ اَخْبَثُهٗ رَجُلٌ كَانَ يُسَمّٰى مَلِكَ الْاَمْلَاكِ لَا مَلِكَ اِلَّا اللّٰهُ۔

ہو گا جس کا نام شہنشاہ رکھا گیا ہوگا کیونکہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بادشاہ نہیں

سلے بعض روایات میں اخنع الاسماء کے الفاظ ہیں جس کا معنی ذلیل ترین اور بدترین نام کے ہیں۔

سلے بعض نسخوں میں سمی ہے یعنی اس نے خود اس نے اپنا نام رکھا۔

سلے اس نے دنیا میں اپنا یہ نام رکھا۔

سلے وہ بادشاہوں کا بادشاہ ہے اور اس میں کسی کو شریک کا وہم بھی ہو سکتا۔

۴۵۴۸ وَعَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اَبِيْ سَلَمَةَ قَالَتْ سُمِّيْتُ بَرَّةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُزَكُّوْا اَنْفُسَكُمْ اَللّٰهُ اَعْلَمُ بِاَهْلِ الْبِرِّ مِنْكُمْ سَمُّوْهَا زَيْنَبَ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

حضرت زینب بنت ابی سلمہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ میرا نام برہ رکھا گیا تھا رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اپنے منہ سے پاکیزہ نہ بنو اللہ تعالیٰ تم میں نیکی والے کو جانتا ہے فرمایا اس کا نام زینب رکھو۔

(مسلم)

سلے یہ اپنی والدہ حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ آئی تھیں اور حضور علیہ السلام کے ہاں تربیت پائی تو یہ آپ کی سوتیلی بیٹی ہیں۔

سلے اس کا معنی نیک کام کرنے والی ہے۔

سلے برہ نام رکھنے میں اپنی ذات کی طہارت کا بیان تھا۔

سلے ایسا نام نہیں رکھنا چاہیے جو اپنی ستائش پر مشتمل ہو۔

۴۵۴۹ وَعَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَتْ جُوَيْرِيَةُ اِسْمُهَا بَرَّةَ فَحَوَّلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْمَهَا جُوَيْرِيَةَ فَكَانَ يَكْرَهُ اَنْ يُقَالَ خَرَجَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مروی ہے کہ حضرت جویریہ کا نام برہ تھا رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا جویریہ نام بدل دیا اور یہ کہنا ناپسند کرتے تھے کہ آپ برہ کے پاس سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مِنْ عِنْدِ بَرَّةَ۔ تشریف لائے ہیں۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ) (مسلم)

سلہ یہ حضور علیہ السلام کے ازواج مطہرات میں سے ہیں دراصل ان کا نام برّہ تھا۔

سلہ یہ جاریۃ کی تصغیر ہے۔

سلہ کیونکہ برۃ کا معنی نیکوکار کے ہیں اور نیکوکار سے واپس لوٹنا نیک نہیں ہوتا۔

سلہ اس حدیث میں یہ سبب بیان فرمایا اور زینب میں تزکیہ نفس بیان ہوا تھا چونکہ اسباب میں مزاحمت نہیں ہوتی دونوں ہی سبب بننے کی صلاحیت رکھتے ہیں، ممکن ہے جس قوم سے زینب میں تزکیہ نفس بیان ہوا تھا چونکہ اسباب تھیں انہوں نے ان کا نام تزکیہ نفس کے پیش نظر رکھا ہو اور وہ معاملہ یہاں نہ ہو اور یہ بھی وجہ ہے کہ یہ محاورہ کہ آپ فلاں خاتون کے پاس سے ہیں یا فلاں کے پاس سے تشریف لائے ازواج مطہرات کے بارے میں مستعمل اور متعارف تھا اس لیے اس کا تذکرہ فرمایا واللہ اعلم یہ مخفی نہ رہے کہ نجیح، افلح وغیرہ ناموں میں جو بدفالی تھی یہاں بھی اسی کا احتمال ہے اور وہ تزکیہ اور کراہت جس کا یہاں اعتبار ہے وہاں بھی ممکن ہے۔

۴۵۵۰ (۹) وَعَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ بِنْتًا كَانَتْ لِعُمَرَ يُقَالُ لَهَا عَاصِيَةُ فَسَمَّاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيْلَةَ۔

(رَوَاہُ مُسْلِمٌ)

حضرت ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہما بیان کرتے ہیں کہ حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی ایک بیٹی تھی جسے عاصیہ کہا جاتا تھا رسالت مآب صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کا نام جمیلہ رکھا (مسلم)

سلہ عرب اپنی اولاد کا نام عاصی، عاصیہ رکھتے تھے اس کا معنی سرکشی، تکبر، عیب اور نقص سے مبرا ہونا نابرداری اور برائی ہے، اسلام آنے کے بعد یہ نام ناپسند قرار دیے گئے۔

سلہ بظاہر عاصی کا مقابل مطیع ہے جمیل نہیں مگر غرض برے نام کی تبدیلی تھا اور ضد و مقابل کے ساتھ تبدیلی شرط نہیں، یا جمیل چونکہ ان تمام معانی پر مشتمل ہے کیونکہ جمیل کے کام بھی جمیل ہی ہوں گے۔

۴۵۵۱ (۱۰) وَعَنْ سَهْلِ ابْنِ سَعْدٍ قَالَ اُتِيَ بِالْمُنْذِرِ ابْنِ اَبِي اُسَيْدٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ وُلِدَ فَوَضَعَهُ عَلَى فَخِذِهٖ فَقَالَ

حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ جب منذر بن ابی اسید پیدا ہوئے تو انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا آپ نے انہیں اپنی ران مبارک پر بٹھا کر پوچھا اس کا نام کیا ہے؟ عرض کیا

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مَا اسْمُهٗ قَالَ فُلَانٌ قَالَ لَا لٰكِنِ اسْمُهُ الْمُنْذِرُ۔ (مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

اس کا نام فلاں[۵۵] ہے آپ نے فرمایا نہیں[۵۶] اس کا نام منذر[۵۷] ہے (بخاری و مسلم)

۵۱ سہل بن سعد مشہور صحابی ہیں اور ان کا مدینہ طیبہ کے صحابہ میں سے آخر میں وصال ہوا۔

۵۲ منذر، میم پر پیش، نون ساکن، ذال کے نیچے زیر یہ ثقہ تابعی ہیں۔ ابن حبان نے ان کا ثقات میں ذکر کیا ہے، صاحب جامع الاصول نے اپنی عادت کے مطابق انہیں صحابہ میں ذکر کیا ہے۔

۵۳ ابو اسید۔ ہمزہ پر پیش بازبر، ان کا نام مالک بن السعد ہے، جیسے کہ اس سے پہلے بیان ہوا۔

۵۴ حاضرین میں سے کسی نے عرض کیا، یا لانے والے نے، ظاہر یہی ہے کہ ان کے والد لانے والے تھے۔

۵۵ جو نام رکھا ہوا تھا، چونکہ راوی کو اطلاع نہ تھی اس لیے نام ذکر نہ کیا، شیخ ابن حجر عسقلانی فرماتے ہیں کہ ہمیں ان کے پہلے نام پر اطلاع نہ ہو سکی۔

۵۶ یعنی ہم اس نام سے راضی نہیں ہیں یا مطلب یہ ہے کہ یہ نام مناسب نہیں ہے۔

۵۷ منذر، انذار سے مشتق ہے جس کا معنی تبلیغ احکام یا ڈرانا ہے۔ بیان کیا گیا ہے کہ ان کا نام (منذر) بمعنی فقیہ رکھا گیا چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے وہ دین میں تفقہ حاصل کریں اور اپنی قوم کو ڈرائیں۔

۴۵۵۲ وَعَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ عَبْدِيْ وَاَمَتِيْ كُلُّكُمْ عَبِيْدُ اللّٰهِ وَكُلُّ نِسَآئِكُمْ اِمَاءُ اللّٰهِ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ غُلَامِيْ وَجَارِيَتِيْ وَفَتَايَ وَفَتَاتِيْ وَلَا يَقُلِ الْعَبْدُ رَبِّيْ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ سَيِّدِيْ وَفِيْ رِوَايَةٍ لِيَقُلْ سَيِّدِيْ وَمَوْلَايَ وَفِيْ رِوَايَةٍ لَا يَقُلِ الْعَبْدُ لِسَيِّدِهٖ مَوْلَايَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی یہ نہ کہے میرا عبد[۵۸]، میری کنیز تم تمام اللہ تعالیٰ کے عبد ہو اور تمہاری تمام عورتیں اللہ تعالیٰ کی لونڈیاں ہیں یہ کہو میرا غلام[۵۹]، میری لونڈی میرا جوان، میری جوان خادمہ اور غلام یہ نہ کہے میرا رب[۶۰] یہ کہے میرا سید اور ایک روایت میں ہے کہ میرا سید، میرا مولیٰ کہے اور ایک روایت میں ہے کہ غلام اپنے مالک کو مولیٰ نہ کہے کیونکہ تم سب کا مولیٰ[۶۱]

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

فَاِنَّ مَوْلَاكُمُ اللّٰهُ۔ اللہ ہے۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ) (مسلم)

۵۱ عبودیت میں غایت درجہ کی پستی اور تذلل وخشوع پایا جاتا ہے تو اس کی مستحق وہی ذات ہے جو کبریائی وعزت کے آخری درجہ پر فائز ہو اور وہ اللہ کی ذات ہے (یعنی عبودیت اور بندگی اسی کی بارگاہ میں پیش کرنی چاہیے ۱۲ ق ات)۔

۵۲ غلام لڑکا، جاریہ، لڑکی۔ فتا۔ نوجوان مرد فتاۃ نوجوان عورت، غلام اور جاریہ کے اطلاق میں شفقت اور مہربانی کا پہلو ہے، فتا اور فتات کے الفاظ اس لیے لائے کہ غلام وغیرہ بوڑھے بھی ہو جائیں تو انہیں جوان ہی گردانا جاتا ہے ان کی بزرگی کو نگاہ میں نہیں رکھا جاتا اور یہ بھی ممکن ہے کہ قوت وطاقت سے خدمت کی بجا آوری کی وجہ سے ایسا ہو الغرض اپنے مملوکہ غلاموں کے لیے یہ کلمات عبدی اور امتی سے بہتر ہیں۔ علماء نے بیان کیا ہے کہ "عبد وامۃ" کا اطلاق اس وقت منع ہے جب حقارت وذلت کے لیے ہو ورنہ قرآن وحدیث میں عبد اور امۃ کا اطلاق آیا ہے جس طرح مالکوں کو زبان سے ناشائستہ کلمات نکالنے سے منع کیا اسی طرح مملوکوں کو بھی یہی ہدایت عطا فرمائی۔

۵۳ اگرچہ رب کا معنی مربی اور تربیت کرنے والا کے ہیں لیکن مطلقاً (بغیر کسی اضافت کے) یہ اللہ کی صفت ہے اگر اس کا اطلاق کسی آدمی پر کیا جائے تو اس سے اشتراک کا وہم پیدا ہو جاتا ہے یہ بھی بطریق تعظیم ہو تب منع ہے ورنہ اس کا اطلاق بھی موجود ہے۔

۵۴ کیونکہ مالک کو ملوک کی نسبت فضیلت وسیادت حاصل ہے۔

۵۵ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ (وہ کتنا اچھا مولیٰ ہے اور کتنا اچھا مددگار)

۴۵۵۳/۱۲ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْلُوا الْكَرْمَ فَاِنَّ الْكَرْمَ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انہی سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا نہ کہو کرم[۵۶] کیونکہ کرم مومن کا دل ہے۔

(مسلم)

وَفِيْ رِوَايَةٍ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ لَا تَقُوْلُوا لَا تَقُوْلُوا الْكَرْمَ وَلٰكِنْ قُوْلُوا

اور ایک دوسری روایت میں وائل بن حجر سے ہے فرمایا کرم نہ کہو، عنب[۵۷] اور

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْعِنَبَ وَ الْحَبْلَةَ . حَبَلَہ کہو۔

سلہ کرم را ساکن ہے۔ انگور یا انگور کا درخت۔

۵۲ عنب سے مراد انگور کا درخت ہے، حَبَلَہ، حا پر زبر اور سکون دونوں طرح ہے انگور کے درخت کو کہا جاتا ہے بعض اوقات مجازاً انگور ہی کو کہہ دیا جاتا ہے یعنی انگور کو اور اس کے درخت کو کرم نہ کہو اس کے دوسرے ناموں کو استعمال میں لاؤ۔ اہل عرب انگور اور اس کے درخت کو کرم کہتے تھے کیونکہ وہ اس سے شراب حاصل کرتے جو ان کے خیال کے مطابق انہیں سخاوت و کرم پر ابھارتا تھا بس اس سے منع کر دیا گیا کہ وہ ام الخبائث ہے اس کے ساتھ کرم اور خیر کا کیا تعلق ؟ تاکہ محرمات کی مدح و تعریف اور نفوس میں ان کی رغبت پیدا نہ ہو اس لیے فرمایا کہ مومن کا دل کرم ہے کیونکہ وہ علم و تقویٰ کے انوار اور اسرار و معارف کا مرکز ہے اور لفظ کرم تمام خیرات و اخلاق کو شامل ہے کہا گیا ہے کہ جب آپ کسی کا وصف کرم کے ساتھ بیان کر دیتے ہیں تو اس کا معنی یہ ہوگا کہ اس کے لیے خیرات کے تمام پہلو ثابت ہیں۔ بعض کی رائے یہ ہے کہ اس حدیث کا مقصد محض انگور کے درخت پر لفظ کرم کے اطلاق سے منع کرنا نہیں بلکہ اس اسم کے اسی کے ساتھ خاص کرنے سے منع کیا گیا ہے تو مقصد مومنوں کو اس بات کے لیے بیدار کرنا ہے کہ وہ دلوں کو مکارم اخلاق اور اچھی صفات کے ساتھ متصف کریں یہ نہ ہو کہ درخت اس نام سے متصف ہو جائیں اور انسان جو اس کرم کا زیادہ سزاوار تھا خالی رہ جائے گویا فرمایا تم کرم کو انگور کے ساتھ کیوں مخصوص کرتے ہو تمہیں خود صاحب کرم ہونا چاہیے یہ خلاصہ ہے اس گفتگو کا جو زمخشری نے کی کہ اس حدیث کا مقصود اللہ تعالیٰ کے اس ارشاد گرامی اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰہِ اَتْقٰکُمْ کی بطریق احسن تاکید ہے کیونکہ مومن متقی اس بات کا اہل اور مستحق ہے کہ کرم سے مشتق صفت کریم سے متصف ہو کرم را پر زبر اور کرم را ساکن دونوں باب کرم یکرم سے ہیں اسے بطور وصف مبالغہ لایا جاتا ہے رجل عدل کی طرح رجل کرم، امراۃ کرم، رجلان کرم نسوۃ کرم یہاں یہ کریم کے معنی میں ہے۔ علامہ طیبی نے امام محی السنہ سے اسی طرح نقل کیا ہے۔

۴۵۵۴/۱۳ وَعَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَمُّوا الْعِنَبَ الْكَرْمَ وَلَا تَقُوْلُوْا یَاخَیْبَةَ الدَّهْرِ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ (رَوَاهُ الْبُخَارِیُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: انگور کے درخت کا نام کرم نہ رکھو۔ اور یوں نہ کہو ہائے زمانے کی محرومی کیونکہ اللہ ہی دہر ہے۔ (بخاری)

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

سلہ یہاں سے معلوم ہوا کہ انگور کو بھی کرم کہا جاتا ہے جس طرح اس کے درخت کو۔ اور سابقہ حدیث کی شرح میں اس کی طرف ہم نے اشارہ کر دیا تھا۔

سلہ زمانے کو برا نہ کہو اور اس کے بارے میں شکایت نہ کرو اور اس کو موثر اور احوال میں تبدیلی کرنے والا نہ کہو۔

سلہ اصلاً موثر اور تبدیلی احوال کرنے والا اللہ تعالیٰ ہے تم اس کی نسبت آسمان وغیرہ کی طرف کرتے ہو حالانکہ درحقیقت یہ سب کچھ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے۔

۴۵۵۵/۱۴ وَعَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَسُبُّ اَحَدُكُمُ الدَّهْرَ فَاِنَّ اللّٰهَ هُوَ الدَّهْرُ۔

(رَوَاهُ مُسْلِمٌ)

انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی زمانے کو گالی نہ دے کیونکہ اللہ ہی دہر ہے سلہ۔

(مسلم)

سلہ اس حدیث کی تشریح کتاب کی ابتداء میں باب الایمان کی شرح میں گزر چکی ہے۔

۴۵۵۶/۱۵ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ خَبُثَتْ نَفْسِيْ وَلٰكِنْ لِيَقُلْ لَقِسَتْ نَفْسِيْ۔

(مُتَّفَقٌ عَلَيْهِ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا تم میں سے کوئی یہ نہ کہے کہ میرا نفس خبیث ہو گیا ہے ہاں یہ کہے کہ میرا نفس سلہ پریشان ہو گیا۔

(بخاری ومسلم)

وَذُكِرَ حَدِيْثُ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يُؤْذِيْنِي ابْنُ اٰدَمَ فِيْ بَابِ الْاِيْمَانِ۔

اور حضرت ابو ہریرہ کی حدیث کہ مجھے ابن آدم تکلیف دیتا ہے باب الایمان میں گزر چکا ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

اَلْفَصْلُ الثَّانِیْ

دوسری فصل

۳۵۵۷/۱۶ عَنْ شُرَیْحِ بْنِ هَانِیءٍ عَنْ اَبِیْهِ اَنَّهٗ لَمَّا وَفَدَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَعَ قَوْمِهٖ سَمِعَهُمْ یُکَنُّوْنَهٗ بِاَبِی الْحَکَمِ فَدَعَاهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَکَمُ وَ اِلَیْهِ الْحُکْمُ فَلِمَ تُکَنّٰی اَبَا الْحَکَمِ قَالَ اِنَّ قَوْمِیْ اِذَا اخْتَلَفُوْا فِیْ شَیْءٍ اَتَوْنِیْ فَحَکَمْتُ بَیْنَهُمْ فَرَضِیَ کِلَا الْفَرِیْقَیْنِ بِحُکْمِیْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا اَحْسَنَ هٰذَا فَمَا لَکَ مِنَ الْوَلَدِ قَالَ لِیْ شُرَیْحٌ وَمُسْلِمٌ وَعَبْدُ اللّٰهِ فَمَنْ اَکْبَرُهُمْ قَالَ قُلْتُ شُرَیْحٌ قَالَ فَاَنْتَ اَبُوْ شُرَیْحٍ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَالنَّسَائِیُّ)

حضرت شریح بن ہانی رضی اللہ تعالیٰ عنہما اپنے والد گرامی سے روایت کرتے ہیں کہ جب وہ اپنی قوم کے ساتھ وفد کی صورت میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو حضور علیہ السلام نے سنا کہ لوگ انہیں ابوالحکم[1] کہہ رہے ہیں، آپ نے انہیں بلایا اور فرمایا: حاکم اللہ تعالیٰ ہے اور فیصلے بھی اسی کے[2] ہیں تمہاری کنیت ابوالحکم کیوں[2] ہے؟ عرض کیا کہ جب میری قوم میں اختلاف ہو جاتا ہے تو وہ میرے پاس آ جاتے ہیں اور میں ان کا فیصلہ کر دیتا ہوں تو دونوں فریق میرے فیصلے پر راضی ہو جاتے ہیں[2] تب رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ تو بہت اچھی بات ہے، تمہارے کتنے لڑکے ہیں؟ عرض کیا میرے تین بیٹے، شریح، مسلم اور عبد اللہ ہیں فرمایا ان میں بڑا کون ہے؟ عرض کیا شریح فرمایا تم[2] ابوشریح ہو۔ (ابو داؤد، نسائی)

[1] ان کی ولادت حضور علیہ السلام کی ظاہری حیات میں ہوئی چونکہ اپنے بھائیوں میں بڑے تھے اس لیے حضور نے ان کے نام پر ان کے والد کی کنیت رکھی عمر رسیدہ، ثقہ، عبادت گزار اور حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ساتھیوں میں سے تھے، اپنے والد حضرت ہانی سے روایت کرتے ہیں۔

[2] حکم حاء اور کاف دونوں پر زبر ہے۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ــــہ حکم اسی کی طرف لوٹتا ہے نہ کہ غیر کی طرف۔
ــــہ تو یہ کنیت کیوں رکھی؟ کیونکہ حکم تو ایسے حاکم کا ہوتا ہے جسے ردنہ کیا جا سکے اور یہ صفت صرف اللہ رب العزت کی ہے، کوئی دوسرا اس لائق کہاں۔ (کذا قال الطیبی)
ــــہ یہ ہانی کی طرف سے کنیت رکھنے کا عذر ہے۔
ــــہ ہانی کا جواب آپ کے سوال کے مطابق بظاہر محسوس نہیں ہوتا کیونکہ آپ نے حصر فرمادیا تھا کہ حکم رانی باری تعالیٰ کی صفات خاصہ میں سے ہے اس کے جواب میں یہ کہنا کہ قوم نے مجھے یہ مرتبہ دے رکھا ہے کوئی معنی نہیں رکھتا، غالباً ان کا مقصود یہ ہے آپ نے جو فرمایا وہ ہی حق ہے میں اس لائق نہیں ہوں مگر میں کیا کروں میری قوم میرے لیے یہ لفظ استعمال کرتی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت ہی نرم اور احسن انداز میں سمجھایا کہ آپ کا یہ حال بہت خوب مگر کنیت اچھی نہیں انہوں نے عرض کیا کہ میں کیا کنیت رکھوں تو آپ نے تجویز فرمادی ہے۔

(ابو شریح)

ــــہ تمہاری کنیت ابو شریح ہے۔
ــــہ بعض لوگوں کی رائے یہ ہے کہ مَا اَحْسَنَ هٰذَا۔ میں ما نافیہ ہے اب معنی یہ ہوگا کہ اس اچھے عمل کے باوجود کنیت درست نہیں لیکن پہلی توجیہ زیادہ واضح ہے۔

۴۵۵۸ / ۱۷ وَعَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ لَقِيْتُ عُمَرَ فَقَالَ مَنْ اَنْتَ قُلْتُ مَسْرُوْقُ بْنُ الْاَجْدَعِ قَالَ عُمَرُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْاَجْدَعُ شَيْطَانٌ۔
(رَوَاهُ اَبُوْدَاوٗدَ وَابْنُ مَاجَةَ)

حضرت مسروقؒ بیان کرتے ہیں کہ میری ملاقات حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہوئی فرمایا: آپ کون ہیں! عرض کیا میں مسروق بن اجدعؒ ہوں حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اجدعؒ شیطان ہے
(ابو داؤد، ابن ماجہ)

ــــہ یہ مشاہیر تابعین میں سے ہیں۔
ــــہ جدع۔ دونوں کانوں، ہاتھوں اور ہونٹ کا کاٹ دینا ہے اور قاموس میں اجدع کا معنی شیطان تحریر کیا ہے۔ مسروقؒ کے والد بڑے تابعین میں سے تھے سیدنا عمر رضی اللہ عنہ نے ان کا نام بدل کر عبدالرحمٰن رکھ دیا۔

۴۵۵۹ / ۱۸ وَعَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ
حضرت ابو درداء رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُدْعَوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِاَسْمَآئِكُمْ وَاَسْمَآءِ اٰبَآئِكُمْ فَاَحْسِنُوْا اَسْمَآئَكُمْ۔

(رَوَاهُ اَحْمَدُ وَاَبُوْدَاوُدَ)

روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: روز قیامت تمہیں تمہارے اور تمہارے باپوں کے ناموں سے بلایا جائے گا تو اپنے اچھے نام رکھو۔

(مسند احمد، ابوداؤد)

سلہ یہ تمام امت مسلمہ کے لیے ہے اس میں باب از خود شامل ہوں گے، بعض روایات میں کہ روز قیامت ماں کے نام سے بلایا جائے گا اور اس کی متعدد حکمتیں بیان کی گئی ہیں ایک یہ کہ زنا سے پیدا ہونے والے بچوں کے لیے شرمندگی اور رسوائی نہ ہو دوسرا یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے والد ہی نہیں اور تیسرا یہ کہ امام حسن اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے شرف نسب کے اظہار کی خاطر ایسا ہوگا۔ اگر یہ روایت ثابت ہے تو لفظ آبا کو تغلیب پر محمول کیا جائے گا۔ جس طرح لفظ ابوین ہے یہ بھی ممکن ہے کہ دونوں صورتیں ہوں کبھی باپ اور کبھی ماں کے نام سے یا بعض کو باپ کے نام اور بعض کو ماں کے نام سے یا بعض مقامات پر ماں کے نام سے اور دیگر مقامات پر باپ کے نام سے بلایا جائے۔

۴۵۶۰/۱۹ وَعَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يَّجْمَعَ اَحَدٌ بَيْنَ اِسْمِهٖ وَكُنْيَتِهٖ وَيُسَمّٰى مُحَمَّدًا اَبَا الْقَاسِمِ۔

(رَوَاهُ التِّرْمِذِىُّ)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مروی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا کہ کوئی شخص آپ کے نام اور کنیت دونوں کو جمع کرے اور اسے محمد ابوالقاسم کہا جائے۔

(ترمذی)

سلہ یہاں اعراب میں دو احتمال ہیں، رفع اور نصب اگر لفظ یُسَمّٰى مجہول کا صیغہ ہو جس طرح کہ ترمذی، شرح السنۃ اور مصابیح کے اکثر نسخوں میں ہے تو "محمد" پر پیش پڑھیں گے تو معنی ہوگا نام اور کنیت دونوں کو جمع کر کے نام نہ رکھا جائے اور اگر لفظ یُسَمِّىْ معروف ہو تو "محمد" پر زبر آئے گی اب معنی ہوگا کہ وہ شخص جس کا نام محمد ہے وہ اپنی کنیت ابوالقاسم نہ رکھے۔

۴۵۶۱/۲۰ وَعَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا سَمَّيْتُمْ بِاِسْمِىْ فَلَا تَكْتَنُوْا

حضرت جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا اگر تم میرا نام رکھو تو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

بِكُنْيَتِيْ۔ (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَابْنُ مَاجَةَ وَقَالَ التِّرْمِذِيُّ هٰذَا حَدِيْثٌ غَرِيْبٌ وَفِيْ رِوَايَةِ اَبِيْ دَاوُدَ قَالَ مَنْ تَسَمّٰى بِاِسْمِيْ فَلَا يَكْتَنِ بِكُنْيَتِيْ وَمَنْ تَكَنّٰى بِكُنْيَتِيْ فَلَا يَتَسَمَّ بِاِسْمِيْ۔

میری کنیت نہ رکھو۔ (ترمذی، ابن ماجہ) اور ترمذی نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے ابو داؤد میں ہے فرمایا جو شخص میرے نام پر نام رکھے وہ میری کنیت نہ رکھے جو میری کنیت رکھے وہ میرا نام نہ رکھے۔[1]

[1] ان احادیث میں اس بات کی تصریح ہے کہ دونوں کا جمع کرنا منع ہے تنہا نام رکھنا یا کنیت اس میں کوئی حرج نہیں۔

۴۵۶۲ / ۲۱ وَعَنْ عَائِشَةَ اَنَّ امْرَاَةً قَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ وَلَدْتُ غُلَامًا فَسَمَّيْتُهُ مُحَمَّدًا وَكَنَّيْتُهُ اَبَا الْقَاسِمِ فَذُكِرَ لِيْ اَنَّكَ تَكْرَهُ ذٰلِكَ فَقَالَ مَا الَّذِيْ اَحَلَّ اِسْمِيْ وَحَرَّمَ كُنْيَتِيْ اَوْ مَا الَّذِيْ حَرَّمَ كُنْيَتِيْ وَاَحَلَّ اِسْمِيْ۔ (رَوَاهُ اَبُوْدَاوُدَ وَقَالَ مُحْيِ السُّنَّةِ غَرِيْبٌ)

حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے مروی ہے کہ ایک عورت نے عرض کیا یارسول اللہ میرے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوا ہے میں نے اس کا نام محمد اور کنیت ابوالقاسم رکھی ہے[1] مجھے بتایا گیا ہے کہ آپ اسے[2] ناپسند فرماتے ہیں، آپ نے فرمایا وہ کونسی چیز ہے جس نے میرا نام جائز اور میری کنیت ناجائز یا[3] (فرمایا) وہ کونسی چیز ہے جس نے میری کنیت ناجائز اور میرا نام جائز کردیا ہے۔ (ابوداؤد) امام محی السنۃ نے کہا کہ یہ حدیث غریب ہے۔

[1] آپ کا نام اور کنیت جمع کردی ہے۔

[2] نام اور کنیت کے جمع کرنے کو۔

[3] راوی کو شک ہے کہ آپ نے پہلے نام کا ذکر کیا یا کنیت کا، مقصود میں کوئی فرق نہیں لیکن محدثین الفاظ روایت میں بھی احتیاط سے کام لیتے ہیں۔

اگر یہ حدیث صحیح ہو تو یہ دلالت کرتی ہے کہ نام اور کنیت کا جمع کرنا منع نہیں، اس سے یہ واضح ہو

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

جاتا ہے جمع کرنے سے نہی تنزیہی ہے تحریمی نہیں۔ بعض محدثین کی رائے یہ ہے کہ جمع کی ممانعت کے بارے میں وارد احادیث منسوخ ہیں۔

۴۵۶۳ / ۲۲ وَعَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ وُلِدَ لِيْ بَعْدَكَ وَلَدًا أُسَمِّيهِ بِاسْمِكَ وَأُكَنِّيهِ بِكُنْيَتِكَ قَالَ نَعَمْ۔

(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوُدَ)

حضرت محمد بن حنفیہ اپنے والد گرامی[1] سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ اگر آپ کے بعد میرے ہاں بیٹا پیدا ہو تو کیا اس کا نام اور کنیت آپ کے نام اور کنیت پر رکھ دوں فرمایا ہاں[2]۔

(ابوداؤد)

[1] امیر المومنین حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔

[2] یہ حدیث نام اور کنیت دونوں کو جمع کرنے کے جواز پر دال ہے جو لوگ وصال کے بعد بھی اس سے منع کرتے ہیں ان کے نزدیک یہ حضرت علی کے لیے مخصوص ہے جیسا کہ ترمذی میں حضرت علی سے مروی ہے کہ یہ فقط میرے لیے رخصت ہے۔ دوسروں کے لیے یہ جائز نہیں سابقہ گفتگو میں آچکا ہے کہ اس بارے میں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔ احادیث بھی مختلف ہیں۔ ہر ایک نے الگ الگ توجیہ کی ہے صحیح رائے یہ ہے کہ آپ کا نام رکھنا جائز ہے اور کنیت منع ہے، اسی طرح نام اور کنیت کا جمع کرنا آپ کی ظاہری حیات میں اور بعد از وصال منع ہے۔

۴۵۶۴ / ۲۳ وَعَنْ أَنَسٍ قَالَ كَنَّانِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَقْلَةٍ كُنْتُ أَجْتَنِيْهَا۔ رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ وَقَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ لَا نَعْرِفُهُ إِلَّا مِنْ هٰذَا الْوَجْهِ وَفِي الْمَصَابِيْحِ صَحَّحَهُ۔

حضرت انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے میری کنیت اس سبزی[1] کے ساتھ رکھی جسے میں چنا کرتا تھا ترمذی نے روایت کر کے کہا کہ اس حدیث[2] کو ہم اسی سند سے جانتے ہیں اور مصابیح میں اسے صحیح کہا ہے۔

[1] اس سبزی کا نام حمزہ ہے بے نقطے حا اور نقطے والی زا کے ساتھ، یہ سبزی ہے جس کے ذائقے میں تیزی اور ترشی ہے، فارسی میں اس سبزی کو تیزک کہتے ہیں، صراح میں ہے حمزہ زبان کا تیزی محسوس کرنا منسوب گھاس حمزہ اس سبزی کو کہتے ہیں جس کا نام تیزک ہے، نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اس کی نسبت سے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

حضرت انس کی کنیت ابوحمزہ رکھ دی۔

سے۲ وہی سند جو امام ترمذی نے اپنی جامع میں ذکر کی ہے یعنی حدیث غریب ہے اور اس کی ایک ہی سند ہے۔

سے۳ وحدت سند اور صحت حدیث میں کوئی منافات نہیں کیونکہ ممکن ہے سند حدیث واحد ہو اور وہی سند صحیح ہو جیسا کہ مقدمہ میں گزر چکا ہے۔

۴۵۶۵/۲۴ وَعَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُغَيِّرُ الْاِسْمَ الْقَبِيْحَ. (رَوَاهُ التِّرْمِذِيُّ)

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا بیان فرماتی ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم برے نام کو تبدیل فرما دیتے تھے۔ (ترمذی ۲)

سے۱ اور اس کی جگہ اچھا نام رکھ دیتے خواہ آدمی کا نام ہوتا یا کسی جگہ کا۔

سے۲ احادیث میں اس کی بہت سی مثالیں مروی ہیں ان میں سے بعض کا تذکرہ مولف نے کیا ہے۔

۴۵۶۶/۲۵ وَعَنْ بَشِيْرِ بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَمِّهٖ اُسَامَةَ بْنِ اَخْدَرِيٍّ اَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهٗ اَصْرَمُ كَانَ فِي النَّفَرِ الَّذِيْ اَتَوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اسْمُكَ قَالَ اَصْرَمُ قَالَ بَلْ اَنْتَ زُرْعَةُ. (رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت بشیر بن میمون اپنے چچا حضرت اسامہ بن اخدری سے روایت کرتے ہیں کہ ایک شخص کو اصرم کہا جاتا تھا اور وہ اس جماعت میں تھا جو رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئی تھی، آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پوچھا تیرا نام کیا ہے؟ عرض کیا اصرم فرمایا بلکہ تیرا نام زرعہ ہے۔

وَقَالَ غَيَّرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِسْمَ الْعَاصِ وَعَزِيْزٍ وَعَتَلَةَ وَشَيْطٰنٍ وَالْحَكَمِ وَغُرَابٍ وَحُبَابٍ

ابو داؤد نے روایت کرکے کہا کہ حضور علیہ السلام نے عاص، عزیز، عتلہ، شیطان، حکم، غراب، حباب، شہاب جیسے نام تبدیل فرما دیئے اور کہا کہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

وَ شِهَابٌ وَ قَالَ تَرَكْتُ أَسَانِيْدَهَا لِلْاِخْتِصَارِ۔ ہیں نے ان کی سندیں اختصار کے پیش نظر ترک کر دی ہیں۔

ہ۱ بشیر باء پر زبر، شین کے نیچے زیر، تابعی ثقہ اور صدوق ہیں، ابن معین کہتے ہیں کہ اس میں کوئی حرج نہیں۔

ہ۲ اخدری، ہمزہ پر زبر، خا ساکن دال پر زبر ہے، یہ تمیمی۔ بصری ہیں اس حدیث کی سند اور صحت محل نظر ہے۔ ان ہی سے ایک حدیث مروی ہے (کذا فی جامع الاصول) کاشف میں ہے کہ یہ صحابی ہیں۔

ہ۳ اصرم ہمزہ پر زبر، صاد ساکن اور اس کے بعد را ہے۔

ہ۴ نفر ایسی جماعت کو کہتے ہیں جس کی تعداد تین اور دس کے درمیان ہو۔

ہ۵ زرعہ زا پر پیش، را ساکن۔

ہ۶ اصرم صرم سے مشتق تھا اس کا معنی ہے درخت کاٹنا حضور علیہ السلام نے اسے ناپسند فرمایا اور اسے زرعہ کے ساتھ بدل دیا زرعہ زراعت سے ہے جو خیر و برکت پر دال ہے۔

ہ۷ عاص، عاصی کا مخفف ہے اس کی دلالت نافرمانی اور عدم اطاعت پر ہے حالانکہ مومن کا شعار اطاعت ہے۔

ہ۸ عزیز یعزت اور غلبہ پر دال ہے جب کہ بندوں کا طریقہ خشوع وخضوع ہے۔

ہ۹ عتلہ۔ لوہے کا وہ آلہ جس کا سر کلہاڑے کی طرح ہوتا ہے اس کے ساتھ دیوار کو گرایا جاتا ہے دراصل اس کا معنی کسی چیز کو سختی سے کھینچنے کے ہیں اس میں درشتی اور سختی کا پہلو ہے اور مومن کا وصف نرمی و آسانی ہے

ہ۱۰ شیطان اس کی تبدیلی کی حکمت واضح ہے۔

ہ۱۱ حکم یہ حکومت پر دال ہے حالانکہ حقیقۃً حکم اللہ تعالیٰ کا ہی ہے۔

ہ۱۲ غراب وہ پرندہ (کوا) جو مردار اور گندگی پر گرتا ہے اور یہ دوری اور بعد پر بھی دال ہوتا ہے

ہ۱۳ حباب، یہ شیطان کا نام ہے، اس کا معنی سانپ بھی ہے، صراح میں ہے کہ حباب حا پر پیش سانپ اور جن کو کہتے ہیں۔

ہ۱۴ شہاب، اس شعلہ آگ کو کہا جاتا ہے جس سے شیاطین کو بھگایا جاتا ہے۔

ہ۱۵ یا عدم اہتمام کی وجہ سے کہ وہ ایسی نہیں تھیں کہ ان پر احکام شرعیہ موقوف ہوں لیکن ان اسماء کا ذکر ضروری نہ تھا جن کو آپ نے تبدیل فرما دیا۔

۴۵۶۷/۲۶ وَعَنْ اَبِيْ مَسْعُوْدِ الْاَنْصَارِيِّ حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

قَالَ لِاَبِیْ عَبْدِ اللّٰهِ اَوْ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ لِاَبِیْ مَسْعُوْدٍ مَا سَمِعْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِیْ زَعَمُوْا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ بِئْسَ مَطِیَّةُ الرَّجُلِ۔ رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ وَ قَالَ اِنَّ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ حُذَیْفَةُ۔

سے روایت ہے کہ انہوں نے ابو عبد اللہ سے کہا یا ابو عبد اللہ نے ابو مسعود کو کہا کہ آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو زعموا کے بارے میں کیا فرماتے ہوئے سنا۔ انہوں نے کہا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا کہ یہ آدمی کی بری سواری ہے۔ (ابو داؤد نے روایت کر کے کہا کہ ابو عبد اللہ سے مراد حذیفہ ہیں۔

۱ؔ راوی کو شک ہے کہ سوال کس نے کیا ابو مسعود انصاری مشہور ہیں ان کا تذکرہ متعدد مقامات پہ ہوا ہے ابو عبد اللہ سے مراد حضرت حذیفہ بن الیمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں جیسا کہ آخر حدیث میں ہے۔

۲ؔ لفظ زعموا مراد ہے، کہا جاتا ہے زعم فلاں کذا یعنی لوگوں کی طرف زعم کی نسبت کرنا کیسا ہے، نہایہ میں ہے کہ لفظ زعم، زار پہ پیش اور زبر کے ساتھ اس کا معنی ظن ہے۔ صراح میں اسے باب نصر ینصر سے قرار دیا ہے اور کہا کہ لفظ زعم، قول کے عدم صحت کی دلیل ہے قاموس میں ہے زار پہ پیش، زبر اور زیر تینوں پڑھ سکتے ہیں اس کا اطلاق حق و باطل اور صدق و کذب دونوں پہ ہوتا ہے اکثر طور پر اس چیز پر اس کا اطلاق ہوتا ہے جس میں شک ہو ایک صحابی نے دوسرے سے پوچھا کہ حضور علیہ السلام نے اس کے بارے میں کیا فرمایا۔

۳ؔ لفظ زعموا کو ابتدا کلام میں ذکر کر کے اپنی غرض کو حاصل نہیں کیا جا سکتا یہ اسی طرح ہے جس طرح بری سواری پر سوار کسی منزل کی طرف جائے چونکہ لفظ زعم محض گمان و ظن کے لیے آتا ہے تو جس کلام کی ابتدا میں اس کا ذکر آئے گا اس کا مدار ظن پہ ہو گا نہ کہ جزم و یقین پر، گویا یہ اس بات کی دلیل ہو گا کہ یہ کلام ظنی طور پہ ہے اس کی سند یا ثبوت کوئی نہیں اس لیے ضروری ہے کہ روایت و حکایت بیان کرتے وقت احتیاط و جزم سے کام لیا جائے بے اعتماد روایت کو ترک کر دیا جائے، اسی لیے زعموا کو کذب کی سواری کہا گیا ہے دوسرا معنی یہ ہے کہ کسی کے لیے جائز نہیں کہ زعم کی نسبت کرتے ہوئے یہ کہہ دے کہ فلاں نے زعم کیا ہے ہاں اگر جھوٹ کا یقین ہو اور مقصد یہ ہو کہ لوگ اس کے جھوٹ اور دروغ گوئی سے دھوکہ نہ کھائیں تو پھر کہتے ہیں کوئی حرج نہیں ہو گا۔ جیسا کہ محدثین نے کیا ہے۔

۴ؔ یہ اکابر صحابہ میں سے ہیں اور حضور علیہ السلام کے رازوں کے امین ہیں۔

۴۵۶۸/۲۷ وَعَنْ حُذَیْفَةَ عَنِ

حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْلُوْا مَا شَآءَ اللّٰهُ وَشَآءَ فُلَانٌ وَّلٰكِنْ قُوْلُوْا مَا شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ شَآءَ فُلَانٌ۔
(رَوَاهُ أَحْمَدُ وَأَبُوْ دَاوٗدَ)

کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یوں نہ کہو اللہ تعالیٰ چاہے اور فلاں چاہے[1] بلکہ یوں کہا کرو اللہ تعالیٰ نے چاہا پھر فلاں نے چاہا۔[2]
(احمد، ابوداؤد)

وَفِيْ رِوَايَةٍ مُنْقَطِعًا قَالَ لَا تَقُوْلُوْا مَا شَآءَ اللّٰهُ وَشَآءَ مُحَمَّدٌ وَقُوْلُوْا مَا شَآءَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ۔
(رَوَاهُ فِيْ شَرْحِ السُّنَّةِ)

ایک منقطع روایت میں ہے فرمایا یوں نہ کہو کہ اللہ[3] چاہے اور محمد چاہے بلکہ صرف یوں کہو کہ جو اللہ چاہے۔
(شرح السنۃ)۔

[1] کیونکہ غیر کو اللہ کے مساوی بنانا ہے۔
[2] اگر کہنا ہے تو یہ طریقہ اختیار کرو۔ تاکہ دوسرے کا ارادہ اور مشیت اللہ تعالیٰ کے تابع ہو۔
[3] اس میں سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی انتہائی تواضع اور غایت درجہ کی انکساری ہے کیونکہ کسی اور کے ذکر کرنے کی بالتبع اجازت مرحمت فرمائی اور اپنے بارے میں فرمایا کہ میری مشیت کی بات نہ کرو بلکہ صرف اور صرف پروردگار کی مشیت کی طرف نسبت کرو۔

۴۵۶۹ وَعَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْلُوْا لِلْمُنَافِقِ سَيِّدًا فَإِنَّهٗ إِنْ يَّكُ سَيِّدًا فَقَدْ أَسْخَطْتُمْ رَبَّكُمْ۔
۲۸
(رَوَاهُ أَبُوْ دَاوٗدَ)

انہی سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا منافق[1] کو سردار نہ کہو اگر وہ تمہاری نظر میں سیّد ہے تو تم نے اپنے رب کو ناراض کر لیا[2]
(ابوداؤد)

[1] کافر، فاسق، فاجر بھی اس میں داخل ہیں، منافق کی تخصیص اس لیے فرمادی کہ اس کا کفر مخفی ہوتا ہے۔ تو اس کے حق میں مدح اور خوشامد کا احتمال ہو سکتا تھا لہٰذا اس سے منع کر دیا کہ منافق کو سردار نہیں کہنا چاہیے
[2] اس حدیث کو مختلف معانی پر محمول کیا گیا ایک یہ کہ منافق کے لیے سیادت اس کی اطاعت کا اعتراف ہے۔ اور یہ اللہ کے غضب کا موجب ہے دوسرا یہ کہ منافق کو سیّد نہ کہو کیونکہ اسے سیّد کہنے سے اللہ تعالیٰ ناراض

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

ہوتا ہے گویا اس کے سید ہونے سے مراد اسے سید کہنا ہے (کذا قال الطیبی)
لیکن اس معنی میں تکلف و خفا ہے بعض حواشی میں ہے کہ اگر وہ منافق دنیا میں صاحب مال و جاہ تھا تو پھر بھی تعظیم کا مستحق نہ تھا لہٰذا اس کی تعظیم سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوگا اور اگر وہ دنیا میں صاحب جاہ و منصب نہ تھا تو اسے سید کہنا ہی غلط بیانی ہے۔

اَلْفَصْلُ الثَّالِثُ

تیسری فصل

۴۵۷۰/۲۹ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ قَالَ جَلَسْتُ اِلٰى سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ فَحَدَّثَنِيْ اَنَّ جَدَّهٗ حَزْنًا قَدِمَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا اسْمُكَ قَالَ اِسْمِيْ حَزْنٌ قَالَ بَلْ اَنْتَ سَهْلٌ قَالَ مَا اَنَا بِمُغَيِّرٍ اِسْمًا سَمَّانِيْهِ اَبِيْ قَالَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ فَمَا زَالَتْ فِيْنَا الْحُزُوْنَةُ بَعْدُ۔ (رَوَاهُ الْبُخَارِيُّ)

حضرت عبدالحمید بن جبیر[1] بن شیبہ[2] بیان کرتے ہیں کہ میں سعید بن مسیب کے پاس بیٹھا تھا تو انہوں نے مجھے یہ روایت بیان کی کہ ان کے جد امجد حزن[3] رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور علیہ السلام کی خدمت اقدس میں حاضر ہوئے تو آپ نے پوچھا تمہارا نام کیا ہے؟ عرض کیا میرا نام حزن ہے فرمایا[4] بلکہ تم سہل[5] ہو، عرض کیا میرے باپ نے جو نام رکھا ہے اسے میں نہیں بدل سکتا۔ ابن مسیب کہتے ہیں کہ اس کے بعد ہمیشہ[6] ہمارے ہاں رنج و غم رہا[7]۔ (بخاری)

۵۱ جبیر۔ جیم پر پیش۔ باء پر زبر اور یا ساکن ہے۔
۵۲ شیبہ (شین پر زبر، یا ساکن) بن عثمان حجبی یہ اپنی پھوپھی حضرت صفیہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا اور حضرت سعید بن مسیب سے روایت کرتے ہیں اور ان سے ابن جریج اور ابن عیینہ نے روایت کی ہے۔
۵۳ حزن۔ حا پر زبر اور زا ساکن ہے اس کا معنی سخت زمین ہے۔
۵۴ آپ نے نام تبدیل کرنے کے ارادہ سے فرمایا۔
۵۵ تیرا نام سہل رکھتا ہوں۔ یہ حزن کی ضد ہے اور اس کا معنی آسانی و نرمی کے ہیں۔
۵۶ کیونکہ انہوں نے حضور علیہ السلام کا منتخب نام نہیں رکھا تھا۔
۵۷ یہ حزن بن وہب بن عائذ مخزومی و قریشی ہیں اور جاہلیت میں قریش کے سرداروں میں سے تھے

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

مہاجر ہیں ان کے صاحبزادے کا نام مسیب اور ان کے بیٹے کا نام سعید ہے، یہ بیعت رضوان میں شامل تھے، غالباً یہ اس وقت کا معاملہ ہے جب انہوں نے حفاظت اسلام کی خاطر ہجرت کی چونکہ ابھی صدق ایمان اور تہذیب اخلاق سے مشرف نہ تھے اس لیے نبی اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا مقرر کردہ نام نہ رکھا۔

۴۵۷/۳ وَعَنْ اَبِیْ وَهْبٍ الْجُشَمِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَسَمَّوْا بِاَسْمَآءِ الْاَنْبِیَآءِ وَ اَحَبُّ الْاَسْمَآءِ اِلَی اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ وَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَ اَصْدَقُهَا حَارِثٌ وَ هَمَّامٌ وَ اَقْبَحُهَا حَرْبٌ وَ مُرَّةُ۔

(رَوَاهُ اَبُوْ دَاوٗدَ)

حضرت ابو وہب جشمی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے فرمایا کہ انبیاء کے ناموں پر نام رکھا کرو اور اللہ تعالیٰ کے محبوب نام عبداللہ اور عبدالرحمن ہیں اور بہت سچے[1] نام حارث و ہمام اور بدتر نام[2] حرب و مرہ ہیں۔

(ابوداؤد)

[1] واقع کے مطابق ہیں کیونکہ حارث کا معنی کاسب ہے۔ قاموس میں ہے حرث، کسب، جمع مال اور کھیتی کو کہتے ہیں۔ اور ہمام، ہم بمعنی قصد و ارادہ سے ہے اور اگر کوئی شخص ایسی صفت سے خالی نہیں ہوتا اگر معنی زراعت کو پیش نظر رکھا جائے تو حضور علیہ السلام کے اس ارشاد عالی کے پیش نظر بہ نیک حالی کی علامت ہے۔ الدُّنْیَا مَزْرَعَۃُ الْاٰخِرَۃِ دنیا آخرت کی کھیتی ہے اس حوالے سے ہر شخص میں زراعت کا عمل موجود ہے۔ ابتداً آپ نے انبیا کے نام رکھنے کا حکم دیا چونکہ اس میں تزکیۂ نفس اور رفعت شان کا شائبہ تھا اس لیے آپ نے عبداللہ اور عبدالرحمن جیسے نام (جو تواضع اور خضوع پر دال ہیں) رکھنے کی تلقین کی جب آپ نے محسوس فرمایا کہ حقوق عبودیت میں کوتاہی ممکن ہونے کی وجہ سے اس میں بھی کذب نہ ہو تو اس لیے حارث و ہمام کے بارے میں فرمایا کیونکہ بلا شبہ نفس الامر کے مطابق ہیں علامہ طیبی نے بھی اسی طرح فرمایا ہے۔

[2] کیونکہ یہ لڑائی۔ قتل، جدال کڑوی طبیعت اور کراہت پر دال ہیں۔

Scanned By Marfat.com
Downloaded From Paksociety.com

Scanned By Marfat.com

Downloaded From
Paksociety.com